المُنجد

عربی ---- اُردو

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

عربی اور اردو کی جامع ترین لغت

المنجد

مرتب :

لوئیس معلوف

ترجمہ

مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

تکمیل و نظر ثانی :

قاری عبدالستار

فاضل مدینہ یونیورسٹی

تقدیم :

محمد اسحاق بھٹی

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

حرفِ چند

آج سے تقریباً ۳۵ سال قبل جب والد محترم حضرت مولانا عبدالخالق قدوسی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتبہ قدوسیہ کا آغاز کیا تو اس کی بنیاد عربی کتب کے کاروبار سے رکھی۔ انہوں نے محدود پیمانے پر عربی کتب کی خرید و فروخت شروع کی اور ان کی شہادت (۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء) تک الحمدللہ مکتبہ قدوسیہ پورے پاکستان میں عربی کتب کی فراہمی اور طباعت کا ایک اہم ادارہ بن چکا تھا۔ عربی کی نادر و نایاب کتب کے حصول کے لیے شائقین دور دراز سے تشریف لاتے۔ اسی طرح طباعت کے میدان میں بھی مکتبہ قدوسیہ نے عربی کی کئی ایک بلند پایہ کتب شائع کیں۔ عربی زبان و ادب کی خدمت کا یہ سلسلہ جاری و ساری ہے۔ کچھ عرصہ قبل مصباح اللغات بہت عمدہ معیار پر اور خوبصورت کمپوزنگ کے ساتھ شائع کی گئی جب کہ چار جلدوں پر مشتمل ایک بہت اہم کتاب ''تاریخ ادب عربی'' بھی جلد شائع ہو رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ہماری ایک اور کاوش المنجد (عربی۔ اردو) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

مولانا ابوالفضل بلیاوی نے جب مصباح اللغات مرتب کی تو اس کی بنیاد دراصل المنجد ہی تھی، مولانا ابوالفضل نے المنجد کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں بعض اضافے کر دیئے تھے۔ جب کہ کثیر تعداد میں المنجد کے الفاظ حذف کر دیئے تھے اور اس کو مصباح اللغات کا نام دیا تھا۔ ہماری خواہش تھی کہ المنجد کو اس کی اصل حالت میں ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جائے۔ چنانچہ ہم نے مصباح اللغات میں ان حذف شدہ الفاظ کو نئے سرے سے ترجمہ کروا کر شامل کر دیا ہے جب کہ ان کے اضافہ جات کو خارج کر دیا ہے۔ یوں المنجد اپنی اصل شکل میں مکمل ہو گئی ہے۔ مولانا عبدالستار صاحب فاضل ریاض یونیورسٹی نے اس مشکل کام کو بہت محنت اور خلوص سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

المنجد کی طباعت اور معیار کے متعلق بہتر فیصلہ تو قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ البتہ ہم نے بساط بھر کوشش ہے کہ ظاہری اور معنوی اعتبار سے اس کو مفید سے مفید تر بنایا جائے۔ عربی الفاظ کو نمایاں کرنے کے لئے سرخ رنگ کی روشنائی استعمال کی گئی جب کہ اردو کے لیے سیاہ۔ علاوہ ازیں المنجد کے آخری ایڈیشن میں جدید عربی کے جو الفاظ ہیں، ان کا ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے، جو اس نسخے کی اہمیت کو دو چند کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ اہل عرب کے ہاں روزمرہ کے محاورے اور ضرب الامثال کا مختصر اور جامع ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اپنی حد تک ہم نے کوشش کی ہے کہ تصحیح کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جائے۔ اس مقصد کے لئے مختلف ماہرین فن کی خدمات حاصل کی گئیں جنہوں نے بار بار کتاب کی خواندگی کی۔ اس کے باوجود جو

کمی کوتاہی رہ گئی ہو، قارئین اس کی نشاندہی فرما کر ہمیں شکریہ کا موقع دیں۔ تاکہ آئندہ طباعت مزید بہتر ہو سکے۔

ہم محترم و مکرم جناب مولانا محمد اسحاق بھٹی کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست پر اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر اس بظاہر خشک موضوع پر علمی، تحقیقی اور جامع مقدمہ لکھا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن حکیم کی زبان کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

ابوبکر قدوسی

اپریل ۲۰۰۱ء

تقدیم

"لغت" عربی کا لفظ ہے اور مذکر استعمال ہوتا ہے۔ اس کے معنے ہیں زبان، بولی، آواز، فرہنگ، وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنے درج ہوں اور مشکل الفاظ کے استعمال کا طریقہ بتایا گیا ہو۔ وہ صدا جس کی وساطت سے ایک شخص دوسرے شخص کے سامنے اپنا مقصد بیان کرتا اور اپنی ضرورت کا اظہار کرتا ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں اور ان کتابوں میں مشکل الفاظ کے معنے بتائے گئے ہیں۔ اردو زبان کے بھی بہت سے لغت موجود ہیں، جن میں اس زبان کے ماہرین نے دقیق اور مشکل الفاظ کے معانی درج کیے ہیں اور ان کے محل استعمال اور طریق بیان کی وضاحت کی ہے۔ انگریزی کتب لغت بھی معرض تصنیف میں آئی ہیں۔ اس موضوع کی بعض کتابیں وہ ہیں جن میں انگریزی الفاظ کے معنے انگریزی میں بتائے گئے ہیں، بعض میں اردو میں اور بعض میں عربی میں بیان کیے گئے ہیں۔ اسی طرح عربی کتب لغت کثیر تعداد میں ضبط تحریر میں لائی گئی ہیں۔ عربی سے عربی میں بھی، عربی سے اردو میں بھی، عربی سے فارسی اور انگریزی وغیرہ زبانوں میں بھی۔! پھر عربی لغت کی کتابیں صرف اہل عرب ہی نے نہیں لکھیں، غیر عربوں نے بھی اس زبان میں مہارت پیدا کی اور بہت سی کتب لغت تصنیف کی ہیں بلکہ عربی لغت نویسوں میں غیر مسلم بھی شامل ہیں جن کی بعض کتابیں ہمارے ہاں مشہور و متداول ہیں اور ہم ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ غیر مسلموں کی کتابوں میں ایک کتاب "المنجد" ہے جو عربی سے عربی کے لغت کی کتاب ہے، پہلی دفعہ ۱۹۰۸ میں چھپی تھی۔ اب تک پینتیس چھتیس دفعہ چھپ چکی ہے۔ اس کے مصنف کا نام لوئیس معلوف ہے۔ یہ مشہور مستشرق پادری تھا یعنی فادر لوئیس معلوف۔ ۱۸۶۷ء میں پیدا ہوا تھا۔ ۱۹۴۶ میں فوت ہوا۔

کلام و تکلم کا آغاز کب ہوا؟

سوال یہ ہے کہ اظہار مقصد و مدعا کا سلسلہ کب سے جاری ہے اور کلام و تکلم کا آغاز کس طرح ہوا؟ اس کی ابتدا کب ہوئی اور کس زبان میں ہوئی؟

بعض کتابوں میں مرقوم ہے کہ بات چیت اور گفتگو کا سلسلہ تخلیق آدم سے بھی قبل سے جاری تھا اور جن اور ملائکہ ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے۔ ان کی کوئی زبان تو ہوگی جس میں وہ محو تکلم ہوتے تھے، لیکن انسانی بیان و کلام کی ابتدا اس وقت سے ہوئی، جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ حضرت آدم کا اولین مقام جنت تھا۔ وہیں اللہ کی طرف سے انھیں قوت گویائی سے نوازا گیا اور انھیں اس وقت کی موجود اشیا کے ناموں سے آگاہ کیا گیا۔ قرآن اس کا ذکر ان الفاظ میں کرتا ہے۔

وعلم ادم الاسماء کلھا- (البقرہ:۳۱)

یعنی اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھا دیے-

یہی لغت ونطق کی تاریخ ہے اور یہیں سے اس کا آغاز ہوتا ہے-سوال یہ ہے کہ حضرت آدم کو اللہ نے کن چیزوں کے نام سکھائے؟

جواب دیا جاتا ہے کہ آسمان' زمین' دریا' درخت' پہاڑ' پتھر' پانی' نباتات' حیوانات وغیرہ ان سب چیزوں کے نام بتا دیے' جو اس وقت موجود تھیں اور استعمال میں آسکتی تھیں-فرشتوں کو اللہ نے ان چیزوں کے ناموں سے مطلع نہیں کیا تھا' حالاں کہ یہ چیزیں موجود تھیں' اس لیے کہ فرشتوں کو ان کی ضرورت نہ تھی- آدم کو چوں کہ دنیا میں رہنا تھا اور اس کی اولاد کا سلسلہ آگے بڑھنا اور پھلنا تھا' اس لیے ان کے لیے اکل وشرب کی بھی ضرورت تھی' لباس کی بھی ضرورت تھی اور حالات کے مطابق دیگر بہت سی اشیا کی حاجت تھی-یعنی انھیں ان تمام چیزوں کے ناموں سے مطلع کر دیا گیا اور پھر وہ اطلاع آگے چلتی رہی- یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سواری کے جانوروں' مویشیوں اور برتنوں کے نام بھی انھیں بتا دیے گئے تھے-

سب سے پہلی زبان

روایات سے واضح ہوتا ہے کہ سب سے پہلے جو زبان سطح وجود پر ابھری اور جس سے دنیا کے اولین انسان حضرت آدم آشنا ہوئے' وہ عربی زبان تھی-لیکن عربی کے ساتھ حضرت آدم کو کسی اور زبان سے شناسا کیا گیا یا نہیں؟ یہ مختلف فیہ بات ہے-

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت بیان کی جاتی ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی' لیکن جب انھوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا جس کے کھانے سے اللہ نے منع فرمایا تھا تو عربی زبان ان سے چھین لی گئی اور وہ سریانی زبان بولنے لگے-اس کے بعد اللہ نے ان کی توبہ قبول فرما لی اور غلطی معاف کر دی تو عربی زبان انھیں دوبارہ عطا فرما دی گئی اور وہ جنت سے دنیا میں آئے تو ان کی زبان عربی تھی اور وہ عربی میں گفتگو کرتے تھے-

عربی زبان کی اہمیت

عربی زبان کے بارے میں متعدد صحابہ کرام سے متعدد روایات مروی ہیں- ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

احبوا العرب لثلاث

۱- فانی عربی -

۲- والقرآن عربی -

۳۔ ولسان اھل الجنۃ عربی ۔

تم عربی سے تین امور کی بنا پر محبت کرو۔

ایک اس لیے کہ میں عربی ہوں۔

دوسرے اس لیے کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔

تیسرے اس لیے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں میت سے فرشتوں کے سوال وجواب کا سلسلہ عربی زبان میں ہوگا۔

ایک روایت سے پتا چلتا ہے کہ اللہ کی طرف سے انبیا علیہم السلام پر جن کتب وصحائف کا نزول ہوا' وہ عربی زبان میں تھیں' لیکن ان انبیا علیہم السلام کی زبان انہی قوموں کی تھی' جن قوموں کی طرف انھیں مبعوث فرمایا گیا تھا۔ پھر ان انبیا نے ان عربی کتب وصحف کا ترجمہ اپنی اپنی امتوں کی زبان میں کیا۔

معانی ومطالب میں عربی زبان کی وسعت

عربی زبان الفاظ ومعانی کے لحاظ سے نہایت وسیع زبان ہے اور فصاحت وبلاغت کے اعتبار سے دنیا کی کوئی زبان اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم عرب کے شاعر اور ادیب جس فخر اور غرور کے ساتھ اس زبان میں اپنی مہارت کا تذکرہ کرتے ہیں دوسرے زبانوں کے پرانے ماہر وادیب اس انداز سے شاید نہیں کرتے ہوں گے۔

عربی زبان کی وسعت کا یہ عالم ہے کہ ایک ایک لفظ میں کئی کئی معنے پنہاں ہیں اور اس باب میں اس کا دامن نہایت کشادہ ہے۔ مثلاً تلوار کر لیجیے' عربی میں اس کے لیے بہت سے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اسی طرح شیر' نیزہ' اونٹ' بکری وغیرہ کے لیے بے شمار الفاظ مستعمل ہیں اور عرب ادبا وشعرا الفاظ کی اس بے پناہ کثرت پر انتہائی مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہیں۔

صلات اور حروف روابط

عربی زبان میں ایک بہت بڑا مسئلہ صلات اور حروف روابط کا ہے۔ کس فعل کا کیا صلہ ہونا چاہیے اور وہ صلہ کن حروف کے ساتھ آنا چاہیے' یہ مسئلہ بے حد اہمیت کا حامل ہے اور انتہائی دشوار بھی ہے۔ اگر رفع کا صلہ ''ب'' ہے تو کیا معنے ہوں گے' علیٰ' الیٰ' من' اور فی ہے تو کیا ہوں گے۔! اس میں بسا اوقات عربی کے بڑے بڑے ادیب ٹھوکر کھا جاتے ہیں' بلکہ بعض دفعہ بعض اہل زبان بھی لغزش کا شکار ہو جاتے ہیں۔۔۔ عربی کے لغت نویسوں نے اس مشکل کو پوری طرح پیش نگاہ رکھا ہے اور بتایا ہے کہ کس فعل کا کس موقعے پر کیا صلہ آئے گا اور کیا معنے دے گا۔ لیکن اس باب میں سب سے بہتر اور قابل اعتماد بلکہ کہنا چاہیے کہ حرف آخر قرآن مجید ہے۔ اگر عربی کے کسی ادیب کو اس کتاب ہدیٰ سے پورا شغف ہے اور اس میں وہ درک رکھتا ہے تو اسے صلات کی پوری مشق ہو جاتی ہے اور حروف روابط کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

عربی شعر کا معاملہ

پھر شعر میں الفاظ کا استعمال ایک بہت بڑا فن ہے---شعر ہر اعتبار سے صحیح ہے' ردیف' قافیہ' الفاظ سب معاملہ ٹھیک ہے' لیکن ماہرین فن اس میں بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہتے ہیں- اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو-

خنسا عرب کی بہت بڑی شاعرہ تھی اور مرثیہ گوئی میں اس دور کا کوئی شاعر اس کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا' وہ علاقہ نجد کی رہنے والی تھی اور اس کا اصل نام تماضر تھا- چوں کہ بے حد چست' تیز طرار' ذہین اور خوب رو تھی' اس لیے خنسا کے لقب سے مشہور ہوئی' جس کے معنے ہرنی کے ہیں- اس نے زمانہ جاہلیت بھی پایا اور زمانہ اسلام بھی-! اس کا سلسلۂ نسب ساتویں پشت سے عرب کے نامور شاعر امراء القیس سے ملتا ہے- شاعری کے فن میں اس کی مہارت سے متعلق بعض دلچسپ باتیں تاریخ کی کتابوں میں مرقوم ہیں-

دورِ جاہلیت میں اہل عرب میں یہ دستور تھا کہ مختلف مقامات پر شعر و شاعری کی مجلسیں آراستہ ہوتی تھیں- ان مجلسوں میں مرد اور عورتیں برابر کی سطح پر حصہ لیتے تھے- خنسا بھی ان میں شامل ہوتی تھی اور اس کے خیمے پر ایک جھنڈا نصب کیا جاتا تھا' جس پر جلی حروف سے لکھا ہوتا تھا-

الخنساء-- ارثی العرب-
(خنساء- عرب کی سب سے بڑی مرثیہ گو)

تمام عرب شعرا نہایت شوق اور دلجمعی سے اس کا کلام سنتے تھے- نابغہ ذبیانی جس کا اصل نام زیاد بن معاویہ تھا' بڑی توجہ سے اس کے اشعار سنتا تھا- ایک مجلس میں خنساء بھی موجود تھی اور حضرت حسان بن ثابت بھی تشریف فرما تھے- نابغہ ذبیانی نے خنساء کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اگر میں نے ابو بصیر (اعشیٰ) کے اشعار نہ سنے ہوتے تو تمھیں موجودہ دور کے تمام شعرا سے بہتر قرار دیتا-

حضرت حسان کو دورِ جاہلیت میں بھی عرب کا بہت بڑا شاعر گردانا جاتا تھا اور زمانہ اسلام میں بھی انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی مدح میں جو اشعار کہے' تاریخ اسلامی میں وہ اپنی مثال آپ ہیں-

انھوں نے نابغہ ذبیانی کی زبان سے خنساء کے اشعار کی تعریف سنی تو طیش میں آ گئے اور بولے:

''میں خنساء سے بہتر شعر کہتا ہوں-''

نابغہ ذبیانی نے یہ الفاظ سن کر حسان سے تو کچھ نہیں کہا البتہ خنساء کی طرف دیکھا-

خنساء نے حسان سے کہا: ''آپ اپنے قصیدے کے جس شعر کو سب سے اچھا سمجھتے ہیں' وہ سنایے-''

حسان نے فوراً شعر پڑھا-

ان الجفنات یلمعن فی الضحی

واسیافنا یقطرن من نجدة دما

یعنی ہمارے پاس بڑے بڑے شفاف برتن ہیں جو چاشت کے وقت چمکتے ہیں اور ہماری تلواریں بلندی سے خون ٹپکاتی ہیں۔

اس شعر میں انھوں نے اپنے قبیلے کی سخاوت کا اظہار بھی کیا ہے اور بہادری و جنگ ہوئی کا بھی۔!

شعر سن کر خنساء نے کہا: ''یہ شعر سات مقامات پر بلندی سے گر گیا---'' اب وہ ان مقامات کی نشان دہی کرتی ہے۔

۱۔ ''جفنات'' کا لفظ دس سے کم پر بولا جاتا ہے۔ اس کے بجائے مناسب لفظ ''جفان'' تھا۔

۲۔ ''غر'' کے معنے پیشانی کی سفیدی کے ہیں۔ اس کی جگہ لفظ ''بیض'' ہوتا تو زیادہ بہتر تھا۔

۳۔ ''یلمعن'' عارضی چمک کو کہا جاتا ہے۔ یہاں ''یشرقن'' لایا جاتا تو بہت مناسب رہتا۔

۴۔ ''الضحی'' کی نسبت ''الدجی'' زیادہ موزوں تھا' کیوں کہ روشنی' سیاہی میں زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

۵۔ ''اسیاف'' کا اطلاق جمع قلت پر ہوتا ہے' اس کے بجائے ''سیوف'' استعمال کرنا چاہیے تھا۔

۶۔ ''یقطرن'' میں وہ خوبی نہیں پائی جاتی جو ''یسلن'' میں پائی جاتی ہے' لہٰذا ''یقطرن'' کی جگہ ''یسلن'' زیادہ مناسب تھا۔

۷۔ ''دم کی جگہ ''دماء'' ہونا چاہیے تھا' اس لیے کہ اس میں کثرت کے معنے پائے جاتے ہیں۔

حضرت حسان نے خنساء کے یہ اعتراضات سنے اور خاموش رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حسان نے خنساء کے اعتراضات کو اہمیت دی اور خنساء کے نزدیک شعر اس طرح ہونا چاہیے تھا۔

لنا الجفان البيض يشرقن في الدجى

وسيوفنا يسلين من نجدة دماء

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ عہد قدیم میں عرب عورتیں بھی عربی زبان کے مختلف گوشوں پر گہری نظر رکھتی تھیں اور اس سے خوب آگاہ تھیں کہ کون سا لفظ کس موقعے اور مقام پر زیادہ مناسب اور موزوں رہتا ہے۔ یہ زبان پر ان کے عبور کا ثبوت اور اس کی نزاکتوں سے کامل آگاہی کی دلیل ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں' جو زبان بولی جاتی ہے' اس کے نشیب و فراز کو سمجھنے اور مشکل الفاظ کو فہم کی گرفت میں لانے کے لیے لغات کی بہر حال ضرورت رہتی ہے۔ بعض دفعہ کسی لفظ کے معنی کا علم ہوتا ہے' لیکن اس کو مناسب اور صحیح انداز سے استعمال میں لانے میں مشکل پیش آجاتی ہے' اس مشکل سے نکلنے کے لیے کتاب لغت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

عربی کتب لغت کی کثرت

عربی لغت کی سب سے زیادہ کتابیں لکھی گئی ہیں اور ایک ایک کتاب کئی کئی جلدوں میں لکھی گئی ہے۔ اس طرح ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی ہے۔ اس کا اندازہ صاحب بن عباد کے اس واقعہ سے کیجیے کہ ان کو کسی حکمران

نے اپنے یہاں آنے کے لیے درخواست کی تو انھوں نے جواب دیا کہ میں اپنے مقام سکونت سے آپ کے ہاں کس طرح آ سکتا ہوں۔ مجھے ساٹھ اونٹ تو فقط لغت کی کتابیں لادنے کے لیے درکار ہوں گے۔
یہ صرف ایک شخص کی بات ہے کہ اس کے پاس کتب لغت کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ انھیں کسی جگہ منتقل کرنے کے لیے ساٹھ اونٹوں کی ضرورت ہے۔ یقیناً ایسے اہل علم بھی ہوں گے جن کے پاس اس سے بھی زیادہ کتابیں ہوں گی۔

عربوں کا فطری ذوق

یہاں یہ بھی عرض کر دیں کہ قدیم دور کے جن عرب شاعروں اور اصحاب فصاحت و بلاغت کا کلام ہم پڑھتے اور سنتے ہیں، وہ کسی کے شاگرد نہیں تھے اور ان میں سے کسی نے کسی استاذ کے سامنے اس طرح زانوئے شاگردی تہ نہیں کیا تھا، جس طرح ہم کرتے ہیں۔ امراء القیس کس کا شاگرد تھا؟ نابغہ ذبیانی کس کے حلقہ تلمذ میں رہا تھا؟ خنسا نے کس سے استفادہ کیا تھا؟ حسان بن ثابت نے کس سے اصلاح لی تھی؟
کلثوم بن عمرو عتابی، سری بن احمد کندی اور اس طرح کے بہت سے شعرا و ادبا تھے، مگر کچھ پتا نہیں ان لوگوں نے یہ علم کس سے سیکھا تھا۔ خود نبی ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ انا افصح العرب (میں تمام باشندگان عرب سے زیادہ فصیح ہوں) پھر قبیلہ قریش کی زبان نہایت نکھری ہوئی اور صاف تھی۔ قبائل عرب میں سے بنو قیس، بنو تمیم، بنو اسد اور بنو ہذیل وغیرہ قبائل کی زبان نہایت فصیح تھی اور یہ نعمت انھیں ان کے فطری ذوق کی بدولت حاصل ہوئی تھی۔

عرب میں تحریر و کتابت کا آغاز

اب سوال یہ ہے کہ اہل عرب نے تحریر و کتابت کا سلسلہ کب شروع کیا اور کس طرح کیا اور اول اول عربی رسم الخط کی طرح کس نے ڈالی؟
اس سوال کا جواب محمد بن اسحاق ندیم وراق (وفات تقریباً ۳۹۰ھ) نے اپنی مشہور تصنیف ''الفہرست'' میں دیا ہے اور ہم یہاں اسی سے استفادہ کر رہے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:
اس میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلے عربی رسم الخط کی بنیاد کس نے رکھی۔ ہشام کلبی کا بیان ہے کہ اس کا اولیں موجد عرب عاربہ کا ایک گروہ ہے[1]، جنھوں نے عدنان بن اد کے ہاں سکونت اختیار کی۔ ان کے نام یہ تھے:

---

[1] یہاں یہ وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قبائل عرب کی تین قسمیں ہیں اور وہ ہیں (۱) عرب عاربہ (۲) عرب متعربہ اور (۳) عرب مستعربہ۔ عرب عاربہ خالص عربوں کو کہا جاتا ہے اور وہ نو قبیلے ہیں جو ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ وہ نو قبیلے یہ ہیں: عاد، ثمود، امیم، عبیل، طسم، جدیس، عملیق، جرہم، وبار۔
عرب متعربہ اور عرب مستعربہ کا اطلاق ان لوگوں پر ہوتا ہے جو خالص عرب نہیں ہیں، ان میں دوسری قوموں کا اختلاط پایا جاتا ہے۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد ہیں، جن کی اصل زبان سریانی تھی۔ پھر انھوں نے یمن کو اپنا وطن بنا لیا تھا۔ یمن میں انھوں نے بنو اسماعیل سے عربی زبان سیکھی اور وہی ان کی زبان قرار پائی۔

ابو جاد‘ ہواز‘ حطی ‘ کلمون‘ صعفص ‘ قریسات-[1]

کتابت وتحریر کا آغاز انھوں نے اپنے ناموں کے مطابق کیا- یعنی وہ حروف لکھنا شروع کیے جوان کے ناموں میں پائے جاتے ہیں- بعدازاں وہ ان حروف سے آشنا ہوئے جوان کے ناموں میں موجود نہ تھے‘ مثلاً ثا‘ خا‘ ذال‘ ظا‘ شین‘ غین- ان حروف کو انھوں نے ’’روادف‘‘ کے نام سے موسوم کیا-

ابن ہشام کی روایت کے مطابق‘ یہ لوگ (ابو جاد‘ ہواز‘ حطی وغیرہ) شاہان مدین سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت شعیب علیہ السلام کے زمانے میں ’’یوم الظلہ‘‘ میں ہلاک ہوئے-[2]

اس کی صورت یہ ہوئی کہ پہلے تو سات دن حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اتنی سخت گرمی میں مبتلا رہی کہ ان کے لیے اس کا برداشت کرنا ممکن نہ رہا- جہاں جاتے ہیں‘ گرمی کی شدت میں مبتلا ہیں- سات دن یہ کیفیت طاری رہی- اس کے بعد یکایک آسمان سے سیاہ بادل نمودار ہوا اور سردی کا ریلا آیا‘ جس سے لوگ بے حد خوش ہوئے اور اس سیاہ بادل کے نیچے جمع ہوگئے- پھر اس بادل میں سے آگ کے شعلے برسنے لگے اور ان شعلوں نے نہایت تیزی کے ساتھ وہاں کے باشندوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا- حضرت شعیب علیہ السلام کی تکذیب کرنے والے تمام لوگ ان شعلوں میں بھسم ہوگئے- قرآن نے اس دن کو ’’یوم الظلہ‘‘ (سائبان کے دن) سے تعبیر کیا ہے‘ اس لیے کہ منکرین حق پر سیاہ بادل‘ سائبان کی طرح تن گیا تھا- صرف وہی لوگ اس عذاب سے محفوظ رہے تھے‘ جنھوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کے احکام پر عمل کیا تھا- یوم الظلہ کو ابو جاد‘ ہواز‘ حطی ‘ کلمون‘ صعفص اور قریسات بھی ہلاک ہوگئے تھے-

کلمون کی بہن نے ان کی ہلاکت پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے یہ مرثیہ کہا تھا-

كلمون ہدّ ركني هلكه وسط المحله
سيد القوم اتاه الحتف ثارا وسط ظله
جعلت نارا عليهم دارهم كالمضمحله

یعنی ’’اے کلمون! میرا اسہارا ختم ہوا‘ اس لیے کہ تو آبادی کے عین وسط میں ہلاک ہوگیا-
قوم کے سردار کو موت نے آدبوچا‘ جب کہ وہ سائبان کے نیچے اقامت گزیں تھا-
اس سائبان نے ان کے گھروں پر آگ برسادی اور گھر تباہ ہوگئے-‘‘

گزشتہ سے پیوستہ

عرب مستعربہ‘ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں‘ انھیں بنی سعد بن عدنان بن اد کہا جاتا ہے- حضرت اسماعیل علیہ اصل عرب نہ تھے‘ نہ ان کی آبائی زبان عربی تھی‘ ان کی شادی بنو جرہم میں ہوئی تو انھوں نے عربی زبان سیکھی‘ اس لیے ان کی اولاد جو ارض حجاز سے تعلق رکھتی ہے‘ عرب مستعربہ ہوئی-

[1] ہمارے ہاں ان ناموں کا تلفظ ئی ہے: ابجد‘ ہوز‘ حطی ‘ کلمن‘ صعفص ‘ قریسات-

[2] حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو جب ان برائیوں سے روکا‘ جن کا وہ ارتکاب کرتی تھی تو ان لوگوں نے ان کی بات ماننے سے انکار کردیا اور کہا کہ اگر تم سچے ہو اور واقعی تمھیں اللہ نے اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تو ہم پر آسمان سے عذاب کی شکل میں کوئی ٹکڑا برسادو- چنانچہ فاخذهم عذاب يوم الظلة (شعراء:۱۸۹) ’’سائے کے دن کے عذاب نے ان کو آ پکڑا‘‘

الفہرست کے مصنف محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے یہ نام ابن ابی سعد کی تحریر میں اس شکل وصورت اور اس اعراب کے ساتھ پڑھے ہیں۔

ابجا‘ ہاوز‘ حاطی‘ کلمان‘ صاع فض‘ قرست۔

کہتے ہیں‘ یہ آخری قافلہ تھا جو عدنان بن اڈ وغیرہ کے ہاں آ کر ٹھہرا۔ جب ان لوگوں نے اپنے آپ کو عربوں کے قابل میں ڈھال لیا تو عربی انداز کتابت وضع کیا۔ واللہ اعلم

کعب احبار کا کہنا ہے کہ پہلے شخص جنھوں نے عربی‘ فارسی اور ہر قسم کے اسالیب کتابت کو وضع کیا‘ آدم علیہ السلام ہیں۔ انھوں نے اپنی موت سے تین سو سال قبل ان اسالیب کتابت کو مٹی پر لکھا اور آگ پر پکایا۔ جب دنیا طوفان کی زد میں آئی تو انداز تحریر کے یہ نمونے محفوظ رہے‘ چنانچہ ہر قوم نے اپنے اپنے رسم الخط کو پہچانا اور اختیار کیا اور اسی انداز سے لکھنا شروع کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس کا فرمان ہے کہ سب سے پہلے جن لوگوں نے عربی رسم الخط وضع کیا‘ وہ قبیلہ بولان کے تین شخص ہیں۔ انھوں نے انبار کو اپنا مسکن بنایا اور اکٹھے ہو کر حروف مقطعہ اور موصولہ وضع کیے۔ ان کے نام مرامر بن مرہ‘ اسلم بن سدرہ اور عامر بن جدرہ ہیں۔ ایک قول کے مطابق مروہ اور جدلہ ہیں۔ مرامر نے شکل وصورت کو‘ اسلم نے فصل ووصل کو اور عامر نے نقطوں کو وضع کیا۔

اہل حیرہ سے پوچھا گیا: ”تم نے عربی کس سے سیکھی۔؟ انھوں نے جواب دیا۔ ”اہل انبار سے!“ نیز کہا جاتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام چوبیس برس کے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عربی مبین بولنا سکھائی۔

محمد بن اسحاق کا کہنا ہے کہ جو چیز واقعیت وحقیقت سے قریب تر اور قابل قبول ہے اور جسے ثقہ لوگوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ عربی جن قبائل کی زبان تھی‘ وہ تھے حمیر‘ طسم‘ جدلیس‘ ارم اور حویل۔ یہ عرب عاربہ تھے۔ حضرت اسماعیل نے جب قبیلہ جرہم میں سکونت اختیار کی اور بڑے ہوئے تو اسی قبیلے میں‘ جو خاندان معاویہ بن مضاض جرہمی کی ایک شاخ تھا‘ شادی کی۔ چنانچہ یہ لوگ ان کی اولاد کے ننھیال ٹھہرے۔ اس رشتہ وتعلق کی بنا پر حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اس قبیلے کی زبان سیکھی۔ اس کے بعد مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے ضروریات پیش آتی اور ظاہر ہوتی رہیں‘ حالات کے مطابق ان کی اولاد نے بات سے بات نکالی اور بہت سی چیزوں کے نام وضع کر لیے۔ پھر اس طرح جب دائرہ کلام زیادہ وسیع ہو گیا تو قبیلۂ عدنان میں عمدہ اور فصیح شعر کہنے کا رواج ہوا‘ جو آہستہ آہستہ مزید ترقی کر گیا۔

عرب کا ہر قبیلہ اپنی الگ بولی رکھتا تھا‘ جسے لوگ سیکھتے اور رواج دیتے تھے‘ لیکن زبان بنیادی طور پر سب کی ایک ہی رہی۔

اس بات کی تصدیق مکحول کی روایت سے ہوتی ہے جو وہ مختلف راویوں سے بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں‘ پہلا گروہ‘ جس نے عربی خط وضع کیا نفیس‘ نضر‘ تیما اور دومہ پر مشتمل ہے جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھے۔ انھوں نے اسے تفصیلی شکل میں وضع کیا اور قادور اور نبت بن ہمیسع بن قادور نے اسے پھیلایا اور عام کیا۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ انبار کے چند افراد نے جو قبیلہ ایاد قدیم سے تعلق رکھتے تھے‘ حروف الف‘ ب‘ ت‘ ث وضع کیے اور عربوں

نے اسی سے سب کچھ سیکھا۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن شیبہ کی کتاب مکہ میں خود اس کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے کہ مجھے علمائے مصر کے ایک گروہ نے بتایا کہ جس نے عربی کے خط جزم کو اختیار کیا وہ بنومخلد بن نضر بن کنانہ کا ایک شخص ہے۔ اسی کی پیروی میں عربوں نے لکھنا شروع کیا۔

ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ جو شخص علم کتابت کو قریش مکہ میں لایا وہ ابوقیس بن عبدمناف بن زہرہ ہے۔ ایک قول کے مطابق حرب بن امیہ ہے۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب قریش نے (جدید تعمیر کے لیے) کعبہ کو گرایا تو اس کے ایک رکن کے نیچے سے ان کو ایک پتھر دستیاب ہوا جس پر یہ تحریر ثبت تھی۔

السلف بن عبقر یقرأ علی ربه السلام من رأس ثلاثة الاف سنة

یعنی تیسرے ہزار سال کے آغاز میں سلف بن عبقر اپنے رب کو سلام بھیجتا ہے۔

خزانہ مامون میں چمڑے پر لکھا ہوا عبدالمطلب بن ہاشم کا ایک نوشتہ موجود تھا' جس پر یہ الفاظ مرقوم تھے:

حق عبدالمطلب بن هاشم من اهل مكة على فلان بن فلان الحميرى من اهل وزل صنعا عليه، الف درهم فضة كيلا با لحديدة و متى دعاه ادبها اجابه شهدالله والملكان۔

کہ اہل مکہ میں سے فلاں بن فلاں حمیری پر جو وزل صنعا سے تعلق رکھتا ہے' عبدالمطلب بن ہاشم کا چاندی کا ہزار درہم بوزن حدیدہ واجب الادا ہے' جب بھی اس سے اس کا مطالبہ کیا جائے گا' وہ اسے ماننے پر مجبور ہوگا۔ اللہ اور اس کے فرشتے اس پر گواہ ہیں۔

یہ خط عورتوں کے خط کی مانند ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں بھی لکھنا جانتی تھیں۔

قصبہ سور میں' مربین کے قبرستان میں ایک عرب کاتب اسید بن ابوالعیص مدفون تھا' قبرستان کے کنارے ایک مسجد تھی۔ سیلاب کی وجہ سے اس میں شگاف پڑ گیا تو وہاں سے ایک پتھر برآمد ہوا جس پر یہ الفاظ کندہ تھے۔

انا اسيد بن ابي العيص ترحم الله على بنى عبد مناف

میں اسید بن ابوالعیص ہوں' اللہ بنی عبدمناف پر رحم کرے۔

اب سوال یہ ہے کہ عرب اس نام (یعنی عرب) سے کیوں موسوم ہوئے؟

الفہرست میں مرقوم ہے کہ ابن ابوسعد لکھتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں کو ان کے ننھیال کے ساتھ جو قبیلہ جرہم سے تعلق رکھتے تھے' دیکھا تو پوچھا۔

''اسماعیل! یہ کون لوگ ہیں؟''

انھوں نے جواب دیا: ''میرے بیٹے اور ان کے ننھال جرہم''

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو قدیم سریانی زبان میں باتیں کر رہے تھے کہا: "اعرب لہ" یعنی ان کو ایک دوسرے میں جذب کر دو اور ملا دو۔

یہ تمام باتیں کہاں تک صحیح ہیں؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

اس سے آگے الفہرست میں خط حمیری اور مختلف علاقوں کے رسم الخط اور اندازِ کتابت کا ذکر کیا گیا ہے جو نہایت دلچسپ ہے۔ متعدد علاقوں کے اسالیب کتابت کے نمونے بھی درجِ کتاب کیے گئے ہیں۔

کتاب کی خصوصیت

زیر مطالعہ کتاب عربی زبان کے ہزاروں الفاظ پر مشتمل ہے اور اپنے انداز کی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کی بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کرنے کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ مثلاً آپ فعل مضارع کے جمع کے لفظ یَسْتَخْرِجُوْنَ کے معنے دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کا مادہ تلاش کیجیے جو تین حروف خ ر ج (خَرَجَ) ہے۔

اسی طرح آپ کو لفظ یَسْتَبْدِلُوْنَ کی تلاش ہے تو پہلے ب دل (بدل) پر نظر ڈالیے، پھر آگے بڑھتے بڑھتے "یَسْتَبْدِلُوْنَ" آ جائے۔

اس طرح ثلاثی، رباعی، خماسی وغیرہ کے تمام ابواب آپ کے سامنے آ جائیں گے اور مسئلہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔

عربی لغت کی کتابوں کے مختلف طریقوں میں آسان ترین طریقہ یہی ہے جو اس کتاب میں اختیار کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی کی ترتیب سے کتاب مرتب کی گئی ہے۔ جیسے آ، ابّ، اَبَّبَ، اَبَتَ، اَبَثَ، اَبجَدُ، اَبَدَ، اَبَرَ--- ایاد، ایلہ تک، اس کے آگے ب، پھر ت اور آخر میں ی۔

یہ نہایت آسان ترتیب ہے اور اس طرح ہر شخص بخوبی کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

میرے محترم عزیز ابوبکر قدوسی نے اپنے اشاعتی ادارے مکتبہ قدوسیہ کی طرف سے اس کتاب کی اردو زبان میں اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ ان کی یہ کوشش حد درجہ لائق تحسین ہے۔ یقیناً اہل علم اس کو سراہیں گے اور یہ کتاب ان کے تحقیقی کاموں میں مدد و معاون ہوگی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ان کے کاروبار میں برکت فرمائے اور یہ قرآن و حدیث کی جو نشر و اشاعت کر رہے ہیں، اسے قبولیت سے نوازے۔

محمد اسحٰق بھٹی

المنجد کے رموز واشارات

فا	سے مراد اسم فاعل	مص	سے مراد مصدر	(س)	سے مراد باب سَمِعَ يَسْمَعُ
مفع	سے مراد اسم مفعول	(ض)	سے مراد باب ضَرَبَ يَضْرِبُ	(ک)	سے مراد باب کَرُمَ يَکْرُمُ
ج	سے مراد جمع	(ن)	سے مراد باب نصر ينصر	(ح)	سے مراد باب حَسِبَ يَحْسِبُ
جج	سے مراد جَمْعُ الْجَمْعِ	(ف)	سے مراد باب فَتَح يَفْتَحُ		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کریں

بعض قیاسی احکام

عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں:

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں اس طرح شریک ہونا کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہوں۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ. تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ. حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقیناً پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) صیونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔
(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔
(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔
(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتدا: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)
(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ. عراق میں پہنچا۔ (۱۰)
(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَعْلَ. اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)
(۴) تعدیہ: جیسے اخرج = نکالا۔ (۱)
(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)
(۶) صیئونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)
(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الْفَرعِ. سردار قابل ملامت ہوا۔ (۲۸)
(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ. گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)
(۱۰) مبالغہ: جیسے اَتْمَرَ النخلُ. کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)
(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ. میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)
(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ. میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)
(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتدا: جیسے کَلَّمَ. اس نے کلام کی (مجرد کلم زخمی کرنا) (۵)
(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس. اس نے گھوڑنے کو جھول پہنائی۔ (۹)
(۳) بلوغ: جیسے خیم. وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)
(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ. اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)
(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ. اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)
(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ الْقَوسَ. اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)
(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِی. اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)
(۸) سلب: جیسے فَرَّدَ الْاِبِلَ. اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ. درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)
(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ. اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)
(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ. وہ بہت گھوما (۲۹)
(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِی. اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمرواً. زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)
(۲) موافقت مجرد: جیسے سافر بمعنی سفر۔
موافقت اَفعل: جیسے باعَدْتُہ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ. اس نے کلام کیا۔ (۵)
(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ. اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)
(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ. اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)
(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ. وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)
(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)
(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ. اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)
(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ. وہ بہادر بنا۔ (۲۰)
(۸) صیرورت: جیسے تموَّل. وہ مالدار ہو گیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فعل: جیسے علمته فتعلّم. میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ. اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک. اونٹ کا بیٹھنا) (۵)
(۲) تشارک: جیسے تشاتما. دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)
(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ: اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)
(۴) مطاوعت فاعل: جیسے بَاعَدتُهٗ فَتَبَاعَدَ. میں نے اسے دور کیا سو وہ دور ہو گیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتدا: جیسے اِنْطَلَقَ. وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)
(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ. وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُهٗ فانکسر. میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فانغلق. اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)

فائدہ. باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں آتا اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِحْتَجَرَ الفَارُ. چوہے نے بل بنایا۔ (۶)
(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ. اس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل. اپنے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممنه فاغتمّ. میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فُلَانًا. اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب
(۷) موافقت تفاعل: جیسے اختصم بمعنی تخاصم (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمته. میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب. کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمته. میں نے اسکو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُهٗ. میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۳۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین. مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنا لیا (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ. اس نے جرأت دکھلائی۔ (۳۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ. اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ. میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔ (۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِسْتَقَرَّ (۳۱)
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ (۳۱)
(۱۱) ابتدا: جیسے اِسْتَعَانَ. زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ. رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)

فائدہ. اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ. بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلی التَّمْرُ بمعنی حلا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ. وہ بہت تیز دوڑا۔ (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ. بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتَهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ' تجارۃ' حیاکۃ

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعلان ہے جیسے غَلَیَان' جَوَلَان' حفقان

(۴) جس کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار

(۵) اس کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمْرَۃ' رُزْقۃ' خُضْرۃ

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فعل کا مصدر فُعُولَۃ اور فَعَالَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُولَۃ نَبَاهَۃ' فَصَاحَۃ

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَل کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ

(۳) فعل لازمی کا مصدر فُعُول کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوْضٌ

(۴) فَعِل اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصر

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تفعلۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ' قَدَّمَ تقدمۃ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلۃ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنبِئَۃ و طَأ تو طِئَۃ' هنَّأ تهنئۃ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلی تحلیہ' زکی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتالاً و مُقَاتَلَۃً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرَۃً' یَامَنَ مُیَامَنَۃ اور بَاوَمَ مُیَاوَمَۃً و یَوامًا شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَال ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَام اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' وہ الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتۃ' اغاث اغاثۃ' اشار اشارۃ

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّل اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُل ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَاَنّٰی' تَاَنِّیًا' تغاضی تَغَاضِیًا.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَلَ کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنْطِلاقًا' اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا.

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً.

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَۃ اور وَسْوَاسًا.

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُل. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَل اِفْعَلَّلَ کا اِفْعِلَّال ہے جیسے

تدحرج تدحرجًا. اجرنجم احرنجامًا. اِقشَعَرَّ اِقْشِعْرارًا. فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَربًا.

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مستثنیٰ ہیں۔ مَجِئی، مرجِعٌ، مَسِيرٌ، مَصِيرٌ، مَشِيبٌ، مَرفِق مَقِيلٌ
مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا "عین" کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مورِدٌ، مَوعِدٌ، مَوجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر، مصطبَر، مزدحم

اسم مرة واسم نوع

اس مرة وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرة کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلسَةً
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرة بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتَفَتُّ التِفَاتَةً، انطلقتُ انطلاقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرة لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة، قاتلته مقاتلة، لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجبَةً اجابة فقط.
اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فعلة کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد، مشی مِشيَةَ المُختَال۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرة کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة، قبيح المعاشرة.

ظرف مکان وظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔
ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنصَر مَفْتَح، مَسمَع اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مفعِل کے وزن پر جیسے مَجلِس مَنزِل
اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسجِدٌ، مَشرِقٌ، مَغرِبٌ، مَطلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرفِقٌ، مَفرِقٌ، مَسكِنٌ، مَنسِكٌ، مَنبِتٌ، مَسقِطٌ.
مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مفعل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مفعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطوی، مرمی
اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدخَلَ سے مُدخَل، اَخرَجَ سے مُخرَج، اَخدَعَ سے مُخدَع
کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے، جیسے مقبرة جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مأبلة جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفعَالٌ جیسے مفتاحٌ. مِفعَلَةٌ جیسے مِكنَسَةٌ مِفعَلٌ جیسے ... اور یہ اوزان بھی قیاسی ہیں۔ مُنخُلٌ، مُدهُنٌ، مكحلة، مدق، مُسعُط، ... وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کی مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم سِكّين، فَأسٌ وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ، نَاصِرٌ
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب مضارع کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ما قبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجتَنِبٌ، مُستَخرِجٌ، مُتَصَرِّفٌ
اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَضرُوبٌ، مَفتُوحٌ
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مُنعَزَلٌ

مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کردینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَحْرَجٌ

تنبیہ: (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے ابواب سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفع سے یَافِعٌ. أعْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوبٌ. أَجَنَّهُ سے مَجْنُونٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُومٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُومٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُولٌ.

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ، كَرِيْمٌ، لَيِّنٌ، سَهلٌ، صَعْبٌ، لقيان، غضبان، كسول، عطشى، رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اعرج، ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فُعْلَى کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سوادًا. اشد استِخرَاجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد، حمد سے اور "حاتم اعطى من عمرو" میں اعطى سے اور "هذا السفر اَخْصَرُ من ذَاكَ" میں اَخْصَرُ، اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادية انوا منه" میں انواء، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْيَر اور اَشَر تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہوگئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں:

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ و فهامة. فِعِّيل جیسے صِدِّيق و سِكِّير. مفعيل جیسے مِسْكِيْنَ و مِعْطِيْرٌ. مِفْعَالٌ جیسے مكسال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجْعَةٌ. فَعَلٌ جیسے شَرَةٌ، وَحِرِزٌ. فَعِيْلٌ جیسے رَحِيْمٌ وَ عَظِيْمٌ. فَعُوْلٌ جیسے كَذُوْبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ. فُعُلٌ جیسے غُفُلٌ. فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ. مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ، اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطى سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تاء تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامة، فهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصير، امراة نصيرة". "جاء نصير و نصيرة".

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت میں ہوگی جیسے "زيد قتيل". و اتت المرأة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے يحيىٰ البتول، مريم البتول اور

موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول و تلک رسولة. وجاء رسل و رسولة

مذکرومؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرۃ الف مقصورہ جیسے عذری' فضلٰی' کُبریٰ' عُظمٰی الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم' زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اخت' ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لیے کہ صدغ' مزلق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں:

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم' قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' هیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں **الریح مؤنثة لا علامة فیها و کذلک سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذکر**

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں: ابط' ابهام' ازار' بلد' جراد' حال' هانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحی' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فهر' قدر' قفا' قمیص' کبد' السان' مسک' ملح' منجنیق' موسی' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب' ذواتا بعلبک

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا. رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قهقرآن' خوزلیان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقهریان' خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہو تا کہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواء ان اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاء ان۔ قُرّاء سے قُرّاء ان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماء ان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب"، کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم یعنی سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعا، کل اور عریب، دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحدہ کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحة باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب، ذوو بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء، فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون، عالمون، علیون، اهلون، بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، منون

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات، مسلمة سے مسلمات

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات، شجرة سے شجرات، امراة، شاة، قلة، أمَةٌ، مِلَّةٌ شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات، امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے، جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات، سرادقات، شمالات، امهات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ عجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات

اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، قناصل بطارکۃ، کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلۃٌ فَعلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رَحْمَۃٌ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعلۃٌ فُعلۃٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا، ساکن رکھنا اور فاکلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرۃٌ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات، حُجرۃٌ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَۃٌ سے جَوزَات، بیعۃ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رمیات اور رقوۃ سے رقوات، رقوات لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جروا شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمَّۃ سے ضمَّات. عزَّۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رجل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رسل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسْد. بَعْثٌ سے بُعثٌ.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: جمع قلت، جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:

اَفعَالٌ جیسے طِفلٌ سے اَطْفَال. اَفْعُلٌ جیسے نھر سے انھر.

اَفعِلَۃٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃٌ. فِعْلَۃٌ سے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ.

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم، قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوخُ لَا تَکُوْنُوا کَالفِتیَۃِ. احفَظُوا اَنْفُسَکُمْ

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النھایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان
الإبن. بیٹا۔ ج بنون و أبناء. تصغیر بنی اور نسبت کیلئے ابني اور بنوي (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کر کے) مؤنث ابنة. ابن السبيل: مسافر۔ ابن جلا: مشہور آدمی۔ ابن ليلها: بڑے کام والا۔ ابن ذكاء: صبح ابن الطود: آواز بازگشت۔ "هو ابن يومه" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "هو ابن بطنه" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔
الابنم. بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔
البنت: ج بنات: بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بنتي و بنوي. بنت الشفة: کلمہ
الأرض: کنکری اليمن: قهوه العين: آنسو العنقود أو الكرم: شراب۔ بنات الدهر: وبنات طبق: سختیاں۔ بنات الليل و بنات الصدر: افکار۔ بنات الأرض: چھوٹی چھوٹی ندیاں۔

بنات نعش الکبریٰ سات ستارے جو قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔ اور اسی کے مانند بنات نعش الصغریٰ ہیں۔
بنات الفنصال لمبے پتوں والے ایک پودے کا نام۔ بنت وردان گبریلا۔
البنیۃ عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (البنیۃ الخضراء) آسمان۔
بنیات الطریق چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں۔ اور اسی سے ہے "دع بنیات الطریق" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور مکر و فریب کو چھوڑ دو۔
المبانی شرافتیں۔ حروف المبانی: حروف ہجی۔
البنوۃ فرزندی۔
بہا (ف) وبہی (س) و بہو (ک) بہا وبہاء و بہوًا بہ: مانوس ہونا۔ لہ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مابہات لہ وما باہت لہ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔
بہا (ف) بہا وانبہا البیت: سامان سے خالی کرنا۔
انتہا بہ مانوس ہونا۔
بہت (س) وبہت (ک) وبہت بہتا وبہتا ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہو کر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔)
بہتہ (ف) بہتا اچانک پکڑنا (ہ بہتا و بہتانا) تہمت لگانا۔ صفت (بہات) و (بہوت) ج بہت۔
بہتہ وباہتہ جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔
باہت الرجل: بہتان لگانا۔
البہیتۃ: حیرانی (والبہت والبہتان) جھوٹ ا تہمت۔
البہوت: جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بہت
البہت والبہتان: جھوٹ۔
بہجہ (ف) بہجا وابہجہ خوش کرنا۔
بہج (س) بہجا بہ: خوش ہونا۔ صفت

(بہج و بہیج)
بہج (ک) بہاجۃ و بہجانا: خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بہیج) وصفت مؤنث (مبہاج)
بہجہ: خوبصورت بنانا۔
باہجہ: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا۔
ابہج و تباہج المکان: سرسبز ہونا۔
ابتہج وتبہج و تباہج واستبہج بہ: خوش ہونا۔ تبہج: خوبصورت ہونا۔
البہجۃ: خوبصورتی۔ تروتازگی۔ خوشی یا ظہور خوشی۔
البہج خوش۔
بہرہ (ف) بہرًا: غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا فلانا: بہتان لگانا الحمل فلانا: بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔
الرجل: ہمسروں سے فائق ہونا (القمر): ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (بہرا و بہورا) الشمس: روشن ہونا۔
بہر و انبہر: سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بہیر و مبہور) وانبہر: پوری کوشش کرنا۔
باہرہ مباہرۃ و بہارًا: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
ابہر: عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔
ابتہر: پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا ہ: واقعی عیب لگانا السیف: تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔
ابہار اللیل او النہار: آدھا ہونا علینا اللیل: رات کا دراز ہونا (وابہار اللیل) رات کا بہت تاریک ہونا۔
تبہر الاناء: برتن کا بھر جانا السحابۃ: بادل کا چمکنا۔
البہر: تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بہرا لہ:" اس کیلئے ہلاکت ہو۔ لیلۃ البہر: مہینے

کی ساتویں' آٹھویں' نویں رات۔
البہر: من المکان والزمان: وسط۔ درمیان۔
البہار: خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عین البقر" (گاؤ چشم) بھی کہتے ہیں۔
البہار: بت۔ ابابیل۔ دھنی ہوئی روئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔
البہیرۃ موٹے سرینوں والی شریف عورت۔ ج بہائر۔
الابہر: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "فلان شدید الابہر" فلاں مضبوط پیٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ۔ و (الابہران) دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریان جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "ما زال یراجعہ الالم حتی قطع ابہرہ" اس کو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہاں تک کہ اسے ہلاک کر دیا۔
الباہرۃ: بڑے پتوں والے نرگس کی قسم کا پودہ جو کہ گلدستہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ایک ہی دفعہ پھول نکالتا ہے۔
بہرج الدماء: رائیگاں کرنا المکان: جگہ کو رفاہ عام کیلئے کر دینا بہم الدلیل: رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔
تبہرج تکبر کرنا المراۃ: آراستہ ہونا۔ المکان: رفاہ عام کیلئے ہونا۔
البہرج: باطل۔ ردی۔ کہا جاتا ہے "لؤلؤ بہرج" ردی موتی۔ کھوٹا درہم۔ مکان۔
بہرج: رفاہ عام جگہ۔
تبہرس: تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔
بہرم بہرمۃ۔ شعرہ: مہندی کا خضاب لگانا۔
تبہرم: مہندی لگانے سے سرخ ہونا۔
البہرمۃ: س۔ برہمنوں کی عبادت۔
البہرم: مہندی۔
البہرمان: زرد رنگ کی ایک قسم
البہیتۃ: ایک درخت کا نام جو کہ اوزار بنانے

کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
بَهْزَه (ف) بَهْزًا وَابْهَزَهُ. سختی سے دھکیلنا۔ غلبہ کرنا۔
المِبْهَز: سختی سے بہت دھکیلنے والا۔
بَهَشَ اِلَیْهِ (ف) بَهْشًا. خوشی سے متوجہ ہونا۔ مشتاق ہونا بِیَدِه اِلَیْهِ: لینے کیلئے ہاتھ بڑھانا لِلْبُکَاءِ: رونے کیلئے آمادہ و تیار ہونا عَنْهُ: کھود کرید کرنا۔
بَهَّشَ و تَبَهَّشَ. اَلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
البَهْش: تر گوگل (گوگل ایک دوا کا نام ہے)
رَجُلٌ بَهْشٌ: ہشاش بشاش مرد۔
اَلْبَوَاءُ ایک بڑے سانپ کی قسم۔
بَهْصَلَ و تَبَهْصَلَ: کپڑے اتار کر جوئے کی بازی پر لگانا۔ بَهْصَلَ الْقَوْمُ مِنْ مَالِهِم: علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔
بَهَظَه (ف) بَهْظًا وَابْهَظَهُ. اَلْحَمْلُ اَو الْاَمْرُ: بوجھل کرنا۔ باعث مشقت ہونا۔
اَبْهَظَ حَوْضَه: بھر دینا۔
البَاهِظَة: مؤنث۔ باعث مشقت و تکلیف۔ مصیبت۔
المَبْهُوْظ: طاقت سے زیادہ تکلیف دیا ہوا۔
القِرْنُ المَبْهُوظ: مغلوب۔

البَهَق: برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ۔
بَهَقُ الحَجَرِ: پتھر پر اُگی ہوئی ایک قسم کی گھاس جو کائی کی مانند ہوتی ہے۔
بَهَلَه (ف) بَهْلًا. اللّٰهُ: لعنت کرنا۔
وَابْهَلَهُ: چھوڑنا۔ (وَاسْتَبْهَلَ) اَلْوَالِیْ رَعِیَّتَهُ: بلا روک ٹوک چھوڑ دینا۔
بَهَلَتِ. النَّاقَةُ: اُونٹنی کے تھن سے بندش کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔
اِبْتَهَلَ. اِلَی اللّٰهِ: گڑگڑا کر دعا کرنا۔
بَاهَلَ. بَعْضُهُم بَعْضًا: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
تَبَهَّلُوْا و تَبَاهَلُوْا: باہم لعنت کرنا۔
اِبْتَهَلَا. ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔

البُهْلَة و البَهْلَة. لعنت۔
البَاهِل. بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے ہتھیار۔ نَاقَةٌ بَاهِلَة: وہ اُونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُهْل و بُهَّل. مؤنث بَاهِلَة.
البَاهِلَة: بیوہ عورت۔
البُهْلُوْل: بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَهَالِیْل.
البَهْلَوَان: مداری۔ رسی پر چلنے والا۔
بَهَمَ. بِالْمَکَانِ: مستقل اقامت کرنا۔
البَهْم: مال سے علیحدہ کر کے چرانا۔
اَبْهَمَ. البَابَ: بند کرنا المَکَانُ: بَهْمِی گھاس والی ہونا۔ (وتَبَهَّمَ واسْتَبْهَمَ) اَلْاَمْرُ عَلَیْهِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔
اُسْتُبْهِمَ عَلَیْهِ: شور مچا دینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔
البَهْم والبِهَم وَالبِهَام: گائے، بھیڑ، بکری کے بچے۔ واحد (البَهْمَة والبَهَمَة)
البُهْمَة: دلیر جس پر کوئی قابو نہ پاسکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُهَم. البُهَم: مشکل اُمور۔
البُهْمَی: جو کی مانند ایک قسم کی نباتات۔
البَهِیْم: کالا۔ فَرَسٌ بَهِیْمٌ: ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لَیْلٌ بَهِیْمٌ: پوری تاریک رات۔ ج بُهْم وَ بُهُم.
البَهِیْمَة. چارپایہ۔ ج بهائم. البَهِیْمَة: ہر وہ جس میں قوت گویائی نہ ہو۔
الْاَبْهَم: گونگا۔ ج بُهْم: خاموش۔
الْاِبْهَام: س۔ انگوٹھا (مؤنث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج اَبَاهِم واَبَاهِیْم.
المُبْهَم. مع اَمْرٌ مُبْهَمٌ: غیر معروف معاملہ کَلَامٌ مُبْهَمٌ: غیر معروف کلام۔ طَرِیْقٌ مُبْهَمٌ: غیر واضح راستہ۔ حَائِطٌ مُبْهَمٌ: دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔
بَهِنَ (س) بَهْنًا: بہت خوش ہونا۔
بَهَا (ن) وبَهِیَ (س) وبَهُوَ (ک) بَهَاء حسین و خوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا۔ صفت

(بَهِیّ) مؤنث بَهِیَّة. بَهَاهُ: خوبصورتی میں غالب ہونا۔
بَهِیَ (س) بَهًی. البَیْتُ: ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَهَّی. البَیْتَ: کشادہ کرنا۔
بَاهَاهُ. فِی الحُسْنِ: حسن و خوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔
اَبْهَی. خوبصورت چہرہ والا ہونا الاِنَاءَ: خالی کرنا۔ الخَیْلَ: جنگ کے لیے کام نہ لینا۔
اِبْتَهَی. بِهِ: فخر کرنا۔
تَبَاهَوْا: باہم فخر کرنا۔
البَهْو. مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔ ملاقات کا کمرہ ج اَبْهَاء وبُهُوّ وبُهِیّ.
بَاءَ یَبُوْءُ بَوْئًا. اِلَیْهِ: لوٹنا۔ بِائِهِ و بِأَبِهِ: لوٹانا بِالحَقِّ او بِالذَّنْبِ: اقرار کرنا فُلَانٌ بِفُلَانٍ بَوَاءً: بدلے میں قتل کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "دَمٌ بَوَاءُ دَمٍ" خون خون کے برابر۔
بوء بِهِ: یعنی ان لوگوں میں سے ہو جا جن کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہلہل کا قول بجیر کیلئے ہے۔ "بُؤْ بِشِسْعِ نَعلِ کُلَیْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے تسے کے برابر ہو جا۔
بَوَّاءَ. المَکَانَ: اُترنا۔ نازل ہونا الرُّمْحَ نَحْوَهُ: کسی کی طرف سیدھا کرنا۔ بَوَّاَهُ وبَوَّاَ لَهُ مَنْزِلًا: کسی کیلئے تیار کرنا۔
اَبَاءَ. مِنْهُ: بھاگنا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔
الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ اِلَیْهِ و عَلَیْهِ: لوٹانا و مَنْزِلًا وَ فِی المَنْزِلِ: اتارنا القَاتِلَ بِالْقَتِیْلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
تَبَوَّاَ. المَکَانَ و بِهِ: اقامت کرنا۔
تَبَاوَاَ. الشَّیْئَانِ: مساوی ہونا۔
البَائَة والبِیْئَة والمَبْوَاُ والمَبَائَة. منزل۔ والبِیْئَة: حالت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ حَسَنُ البِیْئَةِ" وہ اچھی حالت والا ہے۔
حَاجَةٌ (مُبِیْئَةٌ) شدید حاجت۔

البَوَاءُ: ایک بڑے سانپ کی قسم۔
بَابَ(ن) بَوْبًا. لَهُ: دربان ہونا۔
بَوَّبَ. الْكِتَابَ: ابواب میں تقسیم کرنا۔
تَبَوَّبَ. الرَّجُلَ: دربان بنانا۔
البَابُ: دروازہ مِنَ الْكِتَابِ: کتاب کا باب۔ ج. اَبْوَاب و بِيْبَان.
البَابَة: فِي الْحِسَابِ وَالْحُدُوْدِ: غایت، انتہا۔ شرط۔ قسم۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ مِنْ بَابَتِكَ" یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لیے مناسب ہے، ج بَابَات.
بَابَاتُ الْكِتَابِ: سطریں۔
البَوَّابُ: دربان۔ ج بَوَّابُوْن.
البَوَابَة: دربانی۔ دربانی کی اُجرت۔
البُوْت: ایک پہاڑی گھاس کا نام۔
البُوْتَقَة والبُوْدَقَة: کٹھالی۔
اَلْبُوْنَاس: پوٹاشیم۔ اس کی علامت: K
اَلْبُوْنَاسِيُوم: پوٹاشیم کاربونیٹ۔ ایک سفید چمکتا مادہ زندہ مادوں کے جوڑنے اور کھاد میں کام آتا ہے۔
اَلْبُوْتَان: زیادہ استعمال والا گیس جو کہ گھروں میں جلایا جاتا ہے اس کا رمز C.H اس میں بروتان C-8 تیز دھواں کی خاطر داخل ہوتا ہے۔
بَاثَ(ن) بَوْثًا وابَاث وابْتَاث. الشَّيْءَ وَ عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔ بَاثَ الْمَكَانَ: کھود کر مٹی ملانا۔ بَاثَ التُّرَابَ: متفرق کرنا۔ بَاثَ الرَّمَادَ: بکھیرنا۔
اِسْتَبَاثَ. التُّرَابَ: مٹی نکالنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَ دَارَهُمْ حُوْث" (بُوْث) یعنی ان کے گھروں میں ہل چلادیا اور ویران کردیا۔
بَاجَ(ن) بَوْجًا. الشَّرُّ فُلَانًا وَ عَلَيْهِ: نازل ہونا۔ پہنچنا۔ آپڑنا اَلْبَرْقُ: چمکنا۔ الْبَعِيْرُ: تھکنا۔
اِنْبَاجَ و تَبَوَّجَ: اَلْبَرْقُ: زور سے چمکنا۔
بَاحَ(ن) بَوْحًا و بُؤُوحًا و بُؤُوحَةً. الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا اِلَيْهِ بِالسِّرِ: ظاہر کرنا۔

اَبَاحَ. السِّرَّ: ظاہر کرنا شَيْئًا: جائز کرنا، مباح کرنا۔
اِسْتَبَاحَ. الشَّيْءَ: جائز و مباح ٹھہرانا یا سمجھنا۔ کسی چیز پر اقدام کرنا۔ اَلْقَوْمَ: تباہ و برباد کردینا۔
اَلْاِبَاحِيُّ: ممنوعات کو کرنے اور مامورات کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا۔
البَاحَة: پانی یا اس کا بڑا حصہ۔ بہت سے کھجور کے درخت۔ صحن۔ بَاحَةُ الطَّرِيْقِ: وسط راستہ۔
البَوَاح. کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ بَوَاحًا" اس نے اس کو کھلم کھلا کیا۔
البُوْوح: دل کی بات ظاہر کرنے والا۔
البَوْحَى. پچھاڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ بُوْحَى".
بَاخَ(ن) بَوْخًا. تھکنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَا حَتّٰى بَاخَ" وہ دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا الْحَرُّ وَالْغَضَبُ وَالنَّارُ: ٹھنڈا پڑنا۔ دھیما ہونا۔ بجھنا (بُؤُوخًا) اللَّحْمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔
اَبَاخَ. النَّارَ: بجھانا۔ اور اسی سے ہے "اَبِخْ عَنْكَ الظَّهِيْرَةَ" ٹھہر و یہاں تک کہ دوپہر کی گرمی کم ہو جائے۔
بَاذَيْبُوْذ بَوْذًا. محتاج ہونا۔ فروتنی کرنا۔ لوگوں پر ظلم کرنا۔
بَارَ (ن) بَوْرًا و بَوَارًا. ہلاک ہونا السُّوْقُ اَوِ السِّلْعَةُ: کساد بازاری ہونا الْعَمَلُ: باطل ہونا الْاَرْضُ: غیر مزروعہ ہونا (وابْتَارَ) الرَّجُلَ: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔
بَوَّرَ. الْاَرْضَ: زمین کو بغیر کھیتی کے چھوڑ دینا۔
اَبَارَهُ. ہلاک کرنا۔
تَبَوَّرَ. نَفْسَهُ: اپنے آپ پر ہلاکت کی وجہ سے نوحہ کرنا۔
البَائِر: غیر مزروعہ زمین۔ ج بُوْر. کہا جاتا ہے "حَائِر بَائِر" یعنی کسی رہنما کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ کسی چیز کی طرف توجہ کرتا ہے۔

البُوْر: تباہ و ہلاک ہونے والا۔ بے خبر۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ بُوْرٌ وَ قَوْمٌ بُوْرٌ" ہلاک ہونے والی عورت یا قوم (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے یکساں) الْبُوْرُ مِنَ الْاَرْضِ: غیر مزروعہ زمین۔
البَوْر: غیر مزروعہ خراب زمین۔ آزمائش ہلاکی۔ کساد بازاری۔
البَوَار: ہلاکت۔ کساد بازاری۔ دَارُ الْبَوَارِ: دوزخ۔
البُوْرَق: بورک۔ سہاگا۔ سوڈا۔
البُوْرِيُّ: ایک قسم کی دریائی مچھلی۔ ج بَوَارِيُّ.
البُوْرِيَّة و البُوْرِيَاء: چٹائی۔
البَوَّارِيُّ: چٹائی بیچنے والا۔
البَاز: باز۔ ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ ج بِيْزَان و اَبْوَاز.
البُوْز و البُوْزَة: دودھ شکر کی جمائی ہوئی برف۔
اَلْبُوْجوَاز: ملازمین اور چھوٹے عہدہ داروں کا طبقہ اور بڑے مالدار جو کہ آرام و عیش کی زندگی گزارتے ہیں۔
بَاسَ(ن) بَوْسًا: بوسہ لینا۔
البُوْسِيْر. بواسیر۔
البُوْسَطَة: ڈاک خانہ (جدید)
بَاشَ(ن) بَوْشًا و بَوَّشَ و تَبَوَّشَ. الْقَوْمُ: مل جل کر شور مچانا۔
البُوْش والبَوْش. لوگوں کی ملی جلی جماعت۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ هَوْشًا بَوْشًا" اس نے ان لوگوں کو ملا جلا چھوڑا۔ اَوْبَاش اسی کی جمع مقلوب ہے۔
البُوْشِيُّ والبَوْشِيُّ. محتاج جس کے بہت بال بچے ہوں۔
بَاصَهُ(ن) بَوْصًا: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا مِنْهُ: بھاگ کر چھپنا فِي الْاَمْرِ: اصرار کرنا۔
بَوَّصَ: میدان میں آگے بڑھنا الشَّيْءُ: صاف رنگ والا ہونا۔

اِنْبَاصَ: منقبض ہونا۔

البَوْص: دُوری (البُوْص) رنگ۔ صورت، شکل۔ چوتڑ۔ ریشم یا کتاں۔ ج اَبْوَاص اَلْبُوصِیُّ: ایک قسم کی کشتی۔

طَرِیْقٌ (بَائِصٌ) دور کا راستہ۔

بَاصَ (ن) بَوْصًا. جھائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

بَاطَ (ن) بَوْطًا: دولت مندی کے بعد محتاجی یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔

البَوْطَه: کٹھالی۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقشہ۔ ج بُوَط.

بَاعَ (ن) بَوْعًا: عطیہ دینے کے لیے ہاتھ بڑھانا الفَرَسُ: دور دور قدم ڈالنا۔

(وتَبَوَّعَ) الْحَبْلَ: باع سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باع باعَ و تَبَوَّعَ لِلْمَسَاعِي: باع پھیلانا۔

اِنْبَاعَ. الْعِرْقُ: بہنا الحَيَّةُ: اُچھلنے کے لیے لمبا ہونا۔ الشُّجَاعُ مِنَ الصَّفِّ: بہادر کا صف سے نکلنا الرَّجُلُ اِلَيْهِ: کشادہ روئی سے بڑھنا۔ اِنْبَاعَ لَهُ فِيْ بِضَاعَةٍ: بیچنے میں سہولت برتنا۔

البَاع: دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار، کہا جاتا ہے "طَوِیْلُ الْبَاعِ وَرَحْبُ الْبَاعِ" یعنی فیاض۔ "وَقَصِیْرُ الْبَاعِ وَضِیْقُ الْبَاعِ" یعنی بخیل عاجز۔ ج اَبْوَاع و بَاعَات و بِیْعَان.

البَوْع: س دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار۔ اور اسی سے مثل ہے "لَایَعْرِفُ کُوْعَه مِنْ بُوْعِه" وہ کوع اور بوع کو نہیں پہچانتا۔ پوری جہالت کیلئے ضرب المثل ہے۔

بَاعَةُ. الدَّارِ: گھر کا صحن۔

البَیِّع: دُور دُور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَیِّعٌ" دُور دُور قدم رکھنے والا گھوڑا۔

بَوْغَاءُ. الطِّیْبِ: خوشبو کی مہک۔

بَاغَه (ن) بَوْغًا: غلبہ کرنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ لَعَالِمٌ لَاتُبَاغُ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تَبَوَّغَ. الدَّمُ بِه: جوش مارنا فُلَانٌ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔

البَوْغَاء: خاک۔ غبار۔ بُوْغَاءُ الطِّیْبِ. خوشبو کی مہک۔

اَلْبُوْغَنْفِیْلِیَّة: چھتنے والے انگوری جو بنفشی اور سرخ رنگ کے پتوں والی امریکی انگوری بطور زینت استعمال ہوتی ہے۔

بَاقَ (ن) بَوْقًا و بُؤُوْقًا: لڑائی جھگڑا برپا کرنا القَوْمَ: بیوفائی کرنا۔ چوری کرنا۔ بَاقَتِ البَائِقَةُ القَوْمَ: مصیبت پہنچنا۔ بَاقَ القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھے ہو کر ظلما قتل کرنا۔ بَاقَتِ السَّفِیْنَةُ: ڈوبنا۔ بَاقَ الشَّيْءُ: غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔

بَوَّقَ. فِي البُوْقِ: بگل بجانا۔ تَبَوَّقَ. جھوٹ بولنا الوباءُ فِي الْمَاشِیَةِ: جانوروں میں وبا پھیلنا۔

اِنْبَاقَ. عَلَیْهِمُ الشَّرُّ: برائی و مصیبت پہنچنا بِه: ظلم کرنا۔

البُوْق. بگل۔ ترہی۔ نرسنگھا۔ ج اَبْوَاق و بِیْقَان و بُوْقَات. اور کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْبُوْقِ وَ نَفَخَ فِي الْبُوْقِ" اس نے ڈنکے کی چوٹ اعلان کیا۔ نیز اس معنی میں آتا ہے کہ بیہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔

البُوْقَة بارش کی سخت بوچھار۔ ج بُوَق.

البَاقَة گلدستہ۔ ساگ پات کا مٹھا ج بَاقَاتٌ.

البَائِق. مِنَ الْمَتَاعِ: بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "مَتَاعٌ بَائِقٌ" بے قیمت سامان۔

البَائِقَة. مصیبت۔ شر و فساد۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ بَائِقَةَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اُٹھا دیا ج بَوَائِق.

البَوَّاق. بگل بجانے والا۔

المُبَوَّق. کلام باطل۔

البُوْقِیْصَاء: ایک قسم کے درخت کا نام۔

بَاكَ (ن) بَوْكًا. المَتَاعَ: بیچنا یا خریدنا الْاَمْرُ: مخلوط ہونا القَوْمُ رَاْیَهُمْ: رائے میں گڑبڑی ہو جانے کی وجہ سے کوئی راستہ نہ پانا۔ الرَّجُلَ: مزاحم ہونا۔

اِنْبَاكَ. عَلَيْهِ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہو جانا۔

بَالَ (ن) بَوْلًا و مَبَالًا. پیشاب کرنا۔

بَوَّلَه و اَبَالَه. پیشاب کرانا۔

البَال: دل۔ کہا جاتا ہے "ماخطر الْاَمْرُ بِبَالِي" یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔ حال و شان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَخِيُّ الْبَالِ" فلاں آسودہ حال ہے۔ خیال۔ کہا جاتا ہے "کَاسِفُ الْبَالِ" جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ هٰذَا مِنْ بَالِي" یعنی یہ ان چیزوں میں سے نہیں جن کی میں پروا کرتا ہوں۔ "وَاَمْرٌ ذُوْبَالٍ" یعنی ایسا کام جو قابل اہتمام ہو۔ "وَمَا بَالُكَ" یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔

البَال: سمندر کی مچھلیوں میں سے ایک مچھلی۔ ویل مچھلی۔

البَالَة. شیشی۔ عطر خوشبو کی ڈبیہ۔

البَوْل: پیشاب۔ البول: لڑکا۔ عدد کثیر

بَوْلُ الْعَجُوْزِ: شراب۔

البَوْلَة: لڑکی۔

البُوَال: ایک بیماری جس میں پیشاب کثرت سے آتا ہے۔

البُوْلَة: بہت پیشاب کرنے والا۔

المَبْوَلَة: وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو۔

المِبْوَلَة: پیشاب کرنے کا برتن۔

البُوْلِیْصَة اَوِ البُوْلِصَة: رسید۔ ہنڈی۔ ج بُوَالِص.

بولغار: موٹر وے وسیع اور کھلا روڈ جس کے دونوں اطراف فٹ پاتھ اور خوبصورت درخت اور پودے ہوں (فرانسیسی کلمہ)

البُوْلِیْس: پولیس۔ اس کی عربی شُرْطِي اور جِلْوَاز ہے۔

البُوْم و البُوْمَة: اُلّو۔ ج اَبْوَام (دونوں لفظ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہیں)

بَانَهُ (ن) بَوْنًا. فضل و زیادتی میں غالب ہونا۔

البَوْن والبُوْن دوری۔ فصل۔ دو چیزوں کے درمیان فرق۔

البُوْنة چھوٹی بچی۔

البَان ایک قسم کا درخت جس کے پتے بید کے پتے کی طرح ہوتے ہیں اور اس کے پھل سے خوشبودار تیل نکلتا ہے اور بوجہ طویل ہونے کے اس سے قد کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

البَوَان والبُوَان خیمہ کھڑا کرنے کا ستون ج اَبْوِنَه و بُوْن و بُوْن۔

بُونسَیانا اٹھارہ میٹر لمبا درخت جس کے لیے پتے اور انگوری طرز کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

بَاہَ (ف ن) بَوْهًا. لِلشَّیْءِ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مابِهْتُ وما بُهْتُ الْاَمْرَ" میں نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔

بَاهَة: الدَّار گھر کا صحن۔

البُوْه: اُلو اُلو کی مانند ایک پرندہ۔

البُوْهَة: البُوْه کا مؤنث۔ بیوقوف مرد۔ دوات میں ڈالنے کے لیے دھنکی ہوئی خشک اون۔ اور اگر دوات میں ڈال دیں تو اس کو "لِیقَة" کہتے ہیں۔

البَوُّ اونٹنی کا بچہ۔ اونٹنی وغیرہ کے مردہ بچہ کی کھال جس میں گھاس وغیرہ بھر کر اس کی ماں کے سامنے کر دیتے ہیں تاکہ دودھ دوہنے میں آسانی ہو۔

بَوَّی بَتْوِیَۃ بَیًّا دوسرے کے فعل کی نقل کرنا۔

البَوِیٰ تقلید۔ نقالی۔ آرزو۔ طبیعت۔ الم۔

البَیْب نابدان۔ حوض کی نالی۔

بَاتَ (ض س) بَیْتًا و بَیَاتًا و بَیْتُوتَة و مَبِیْتًا و مَبَاتًا. فِی الْمَکَان شب باشی کرنا فُلَانًا و بِهٖ و عِنْدَهٗ کسی کے پاس رات میں آنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یَفْعَلُ کَذَا" جبکہ کسی کام کو رات میں کرے جیسا کہ جب دن میں کرے تو کہا جاتا ہے "ظَلَّ یَفْعَلُه کَذَا"۔

بَاتَ یَبِیْتُ بَیْتًا. الرَّجُلُ: نکاح کرنا الرَّجُلَ نکاح کرانا۔

بَیَّتَ. الشَّیْءَ رات میں کرنا العَدُوَّ شب خون ڈالنا البَیْتَ گھر بنانا رَایَهٗ رات میں سوچ بچار کرنا۔

بُیِّتَ: الشَّیْءُ اندازہ کیا جانا۔

اَبَاتَه شب باشی کرانا۔ کہتے ہیں۔ اَبَاتَهُ اللّٰه اَحْسَن اَبِیْتَة بمعنی اَبَاتَه.

اِسْتَبَاتَ رات کی خوراک مہیا کرنا۔

البَیْت ج بُیُوت و اَبْیَات ج بُیُوتَات و اَبَابِیْت اور بقول بعض بُیُوتَات اور اَبَابِیْت اشراف کیلئے مختص ہیں۔ تصغیر بُیَیْت گھر، مکان، شرافت۔ بَیْتُ الرَّجُلِ اہل و عیال بَیْتُ الشِّعْرِ وہ منظوم کلام جو دو مصرعوں پر شامل ہو۔ بَیْتُ القَصِیْدَةِ قصیدہ کے بہترین اشعار یا وہ شعر جو شاعر کی غرض کو متضمن ہو۔

بَیْتُ الْمَقْدِس اَو الْبَیْتُ الْمُقَدَّس: ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ بَیْتُ الْمَال: حکومت اسلامی کا خزانہ۔ بَیْتُ الْعَنْکَبُوْت: مکڑی کا جالا۔ اَلْبَیْتُ الْعَتِیْق اِوِ الْبَیْتُ الْحَرَام کعبہ معظمہ۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ جَارِی بَیْتَ بَیْتَ" وہ میرا پڑوسی ہے جس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔

البَیَات شب خون ڈالنا۔

البِیْت و البِیْتَة رات کی خوراک۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ بِیْتُ لَیْلَةٍ" اس کے پاس ایک رات کی خوراک ہے۔

البَائِت و البَیُّوْت باسی۔ ہر وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو اور وہ ٹھنڈی ہو چکی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَسْقِنِی مِنْ بَیُوت السقاء" یعنی مجھ کو اس دودھ میں سے پلاؤ جو رات کو دوہا گیا ہو اور مشکیزہ میں رکھا گیا ہو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا ہو۔

البَیُّوْت ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحب معاملہ رات سوچ بچار میں گزارے۔ سِنٌّ بَیُّوْتَة مضبوط دانت۔

المَبِیْت رہنے کی جگہ۔ شب باشی کی جگہ۔

المُبِیْتَة. مِنَ النِّسَاءِ گھر اور شوہر والی عورت۔

المُسْتَبِیْت فقیر۔

بَیَّحَ تَبْیِیْحًا. بہ چپکے سے بھید بتلانا۔ اللحمَ کاٹنا اور تقسیم کرنا۔

بَاد یَبِیْد بَیْدًا و بَیَادًا و بُیُوْدًا و بَیْدُوْدَةً. ہلاک ہونا۔ بَادَتِ الشَّمْسُ بیودًا غروب ہونا۔

اَبَادَه ہلاک کرنا۔

بَیْدَ بمعنی غیر۔ اس کی ہمیشہ اضافت اس جملہ کی طرف ہوتی ہے جس پر اَنَّ داخل ہوتا ہے جیسے "فُلَانٌ کَثِیْرُ الْمَالِ بَیْدَ اَنَّهٗ بَخِیْلٌ" بمعنی غَیْرَ اَنَّهٗ بَخِیْلٌ.

البَیْدَاء بیابان۔ ج بِیْد و بَیْدَاوَات.

البَیَّادَة فوج کے پیادے۔ واحد (بَیَّادِی)

بَیْدَرَ: الْحِنْطَةَ ڈھیر لگانا۔

البَیْدَر کھلیان۔ خرمن۔

البَیْدَق ایک شکاری پرندہ۔

بیداغوجیا بچوں کی تعلیم و تربیت کا فن۔

البَیْذَق نفر کار ہنما۔ پیدل چلنے والا۔ اور اسی سے بیذق الشطرنج ہے۔ یعنی شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں ج بَیَاذِق.

البَیْرَق جھنڈا۔ ج بَیَارِق. و (البَیْرَقْدار) جھنڈا بردار۔

اَلْبِیْرَمُوْن والْبَارَامُون عیسائیوں کی عبادت کے لئے ایک خاص عید (یونانی لفظ)

البَیْزَار باز رکھنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَیَازِرَة.

البِیْزَرَة کاشتکاری۔ باز کی رکھوالی۔

بَیَّشَ. اللّٰهُ وَجْهَهٗ خوبصورت بنانا۔

اَبَاشَ: الشَّجَرَةُ جڑ بیٹھنے دینا۔

البِیْش ایک قسم کی زہریلی گھاس۔

البِیْش بتھالہ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔ ج اَبْیَاش.

البَیْص و البِیْص تنگی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِیْ حَیْصِ بَیْصٍ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔

بَاضَ (ض) بَیْضًا. الطَّائِرُ انڈے دینا۔ صفت مذکر (بَائِض) مؤنث بَائِض.

بوائض اور اسم مبالغہ (بیوض) ج بیّض و بیّض
باض الحرّ: گرمی سخت ہونا فلانًا: سفیدی میں غالب ہونا السحاب: بارش ہونا بالمکان: اقامت کرنا۔

بیّضه: سفید کرنا۔ اور اسی سے "تبییض الکتابۃ" ہے۔ بمعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا اور "تبییض الآنیة" بمعنی قلعی کرنا۔ اور کہتے ہیں "بیّض اللّٰہ وجهه" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔

اباضت: المرأة: سفید بچے جننا۔

بائضه: سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔

ابتاض. خود پہننا القوم: فنا کر دینا۔ قوم کے میدان میں داخل ہونا۔

ابیضّ وابیاضّ. سفید ہونا۔

البیاض: سفیدی۔ دودھ۔ بیاض العین: آنکھ کی سفیدی۔ بیاض البیضة: انڈے کی سفیدی۔ بیاض الجلد: بے بال چڑا۔ بیاض الوجه: شہرت و نیک نامی۔ بیاض النهار: دن کی روشنی الیوم: تمام دن الارض: عمارت سے خالی زمین البطن: گردہ کی چربی۔ اور کہتے ہیں فلانٌ یلبس السواد والبیاض: وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے۔ اور کبھی سواد کو فساد کے لیے اور بیاض کو صلاح کے لیے مثال قرار دیتے ہیں۔

البیضة: البیض کا واحد۔ انڈا۔ ج بیضات اور بیض کی جمع بیوض ہے۔ خصیہ۔ خود۔ بیضة القوم: چوپال۔ بیضة البلد: شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ گمنام نسب والا۔ بیضة الدیك. مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن الحصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے اس کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے، جیسے اُردو میں بھینس کا انڈا)
الحرّ: گرمی کی شدت الخدر: لڑکی۔
العقر: آخری اولاد۔

الابیض: مؤنث بیضاء. ج بیض: سفید۔ تلوار۔ الموت الابیض: ناگہانی موت۔ والخیط الابیض: کنایہ ہے سفیدۂ صبح سے۔ الید البیضاء: نعمت و احسان۔ کہا جاتا ہے "اتیته فی بیضاء القیظ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا۔ و "کلمته فما ردّ علیّ بیضاء ولا سوداء" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔

اللآلی البیض: چاندنی راتیں۔ قمری مہینے کی تیرہویں، چودہویں، پندرہویں راتیں۔ وایام البیض: انہی راتوں کے دن۔

الابیضان: دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی۔ اور کہا جاتا ہے "ما رأیته منذ ابیضان" میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور هذا ابیض منذاك شاذ ہے۔ قیاس اشدّ بیاضًا ہے۔ البیضاء: چاندی۔ گیہوں۔

البیّاضة: بہت انڈوں والی۔

البیضان. من الناس: سفید فام لوگ۔

باظ (ض) بیظًا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔

البیظ: چیونٹی کے انڈے۔

باع (ض) بیعًا و مبیعًا. فلانًا کتابًا اومن فلانٍ کتابًا: بیچنا۔ خریدنا۔ صفت (بائع) جمع باعة صفت مفعولی (مبیع)

بایعه مبایعةً: باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بایعوه بالخلافة و بویع له بالخلافة" لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔

اباع: الشیءَ: بیچنے کے لیے پیش کرنا۔

تبایعا: باہم خرید و فروخت کرنا۔

ابتاع: الشیءَ: خریدنا۔

انباع: الشیءُ: رائج ہونا۔

البیع: فروختگی۔ خرید۔

البیعة: عہد و پیمان۔

البیعة: کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ ج بیع و بیعات و بیعات۔

البیاعة: سامان فروختنی۔ ج بیاعات

البیّع والبیّاع. بیچنے والا۔ خریدار۔

باع یبیع بیعًا و تبیّغ. الدم: جوش میں آنا۔

البیقة: ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔

بیقر. تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا فی ماله: جلدی سے تباہ و برباد کر دینا الدار: اترنا۔

الابیقر: بے خیر و بے فیض آدمی۔

البیکار. پرکار۔

البیلسان والبلسان: ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

البیمارستان والمارستان: شفاخانہ۔ اس کیلئے عربی لفظ "مستشفی" ہے۔

بان (ض) بینًا و بیونًا و بینونةً عنه: جدا ہونا۔

بان (ض) بیانًا و تبیانًا و تبیانًا: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (بیّن و بائن) ج ابیناء و بیناء و ابیان.

ابان. الشیءَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا الشیءُ: ظاہر ہونا، واضح ہونا۔ صفت (مبین) کہا جاتا ہے "ضربه فابان راسه من جسده" اس نے اس کو مارا اور اس کے سر کو دھڑ سے جدا کر دیا۔

بیّن. الشیءُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ الشجر: پتے نکلنا الشیءَ: واضح کرنا۔ البنت: نکاح کر دینا۔

باینه. چھوڑ کر جدا ہونا۔

تبیّن. الشیءُ: واضح ہونا الشیءَ: واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔

تباینا: ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔ تباین الشیئان: باہم متفاوت ہونا۔

استبان. الشیءُ: واضح ہونا الشیءَ: کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔

بین. درمیان (ظرف ہے)

بین بین (دونوں کلمے مبنی بر فتحہ ہیں) بمعنی درمیانہ۔ متوسط۔ اور کہا جاتا ہے "بینا اوبینما نحن نضرب".

البین: جدائی۔ وصل۔ کہا جاتا ہے "تقطع بینهما" یعنی ان کے میل ملاپ میں فصل

واقع ہو گیا۔
ذَاتُ البَین: نسب۔ رشتہ داری۔ دوستی۔ عداوت۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "سَعیٰ فِیْ اِصْلَاحِ ذَاتِ بَیْنِہِم" یعنی ان کے اصلاحِ حال میں کوشش کی۔
البِین: گوشہ۔ دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ۔ حد نظر تک کی زمین کا ٹکڑا۔ ج بیُون
لفظ بین کے معنی ترکی زبان میں ہزار کے ہیں۔ بین باشی کے معنی ہزار کا سردار۔
اَلبَیَانو: ہاتھی دانت سے بنایا آلہ موسیقی جو ایک صندوق کی طرز کا ہوتا ہے اور اس میں تاریں لگی ہوتی ہیں گانے والا تاروں پر انگلیاں لگاتا ہے تو اس سے مقصود آواز نکلتی ہے۔
البَیَان: مں۔ فصیح گفتگو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔
البَائِنَة. البَائِن کا مؤنث۔ دلہن کا جہیز (مولدۃ)
البَائِنَة. گہرا کنواں۔
البَیِّنَة: البَیِّن کا مؤنث۔ دلیل و حجت ج بَیِّنَات.
بَاهَ یَبَاه بَیْهًا. لَهٗ: مطیع ہونا، واقف ہونا، جاننا۔
بَیَّاكَ اللهُ. بمعنی بَوَّاكَ اللّٰهُ. خدا تم کو مالک بنائے، تمہارے رتبہ کو بلند کرے۔ اور کہا جاتا ہے "هَیَّ بن بَیٍّ" یا "هَیَّان' بَیَّان" یعنی وہ مجہول النسب ہے، نہ وہ معلوم ہے نہ اس کا باپ "وَلَسْتُ اَدْرِیْ اَیُّ هَیَّ بن بَیَّ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔
اَلْیُوْرُوْرْدِی: بادشاہ' وزیر یا ان دونوں کا منشور۔ (ترکی).

ت

التاء: حروفِ مبانی کا تیسرا حرف (مؤنث) ج تاءات: نسبت کے لیے تائی وتاوِیّ وتَیَوِیّ: کہاجاتا ہے "قَصِیْدَةٌ تائِیَةٌ وتاوِیَّةٌ وتَیَوِیَّةٌ" اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے۔ فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے قُمْتُ وقُمْتَ وقُمْتِ وقُمتما وقمتم وقُمْتُنَّ: اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قَائِمَةٌ وذَهَبَتْ اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لیے جیسے شَجَرَةٌ.

اور کبھی مبالغہ کے لیے جیسے فَهَّامَةٌ. علّامَة.

اور کبھی یہ حرف جر ہوتا ہے اور قسم کے لیے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے۔ جیسے تاللهِ.

اور کبھی کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے ترَبّی.

اور کبھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لیے جیسے مهالبة.

اور کبھی حرفِ محذوف کے بدلہ میں جیسے زَنَادِقَه زندیق کی جمع۔

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تقَاتَلَ وَاقْتَتَل

اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء۔

اور کبھی اول کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے عِظَةٌ

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شَفَةٌ

تا. مؤنث مفرد کے لیے اسم اشارہ ہے۔ اس کا مثنی تانِ. ج أُوْلاءِ اور اس پر "هاء تنبیہ" بھی داخل ہوتا ہے جیسے هاتا، هاتانِ و هؤلاء.

خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں۔ جیسے تاكَ وتلكَ و تيكَ وتِلكَ (تلك میں تاء کا فتحہ لغت ردیہ ہے) مثنیٰ کے لیے تانك وتانّك اور جمع کے لیے اولئك و أولاكَ و اولالكَ: اور تلک کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں هاء تنبیہ بھی داخل ہے۔

التَابُوْت: لکڑی کا صندوق۔ اور اسی سے تابوت میت ہے۔ کشتی۔ ج تَوَابِیْت.

تأتأ تَأتَأةً و تأتاءً: بولتے ہوئی تتلانا۔ صفت تَاتاء الطِفْلُ: چلنا المحارِبُ: لڑائی میں اظہارِ شجاعت کے لیے اکڑتے ہوئے چلنا۔

تَأرَهُ (ف) تَأرًا: جھڑکنا۔

أتأرَ إتْآرًا: دیکھنا۔ ٹکٹکی لگانا بالعَصاء: لاٹھی سے مارنا۔

التَّارَة: ایک مرتبہ۔ ہمزہ کا ترک کثرت استعمال کی وجہ سے ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعلْتُ تَارَةً هذا وتَارَةً ذاكَ" و "تَارَةً بعد تَارَةٍ" ج تَارَات وتِيَر و تِيَر

تَأزَ (ف) تَأزًا. الجُرْحُ: زخم کا بھر جانا۔ مندمل ہونا القَومُ فِي الحَرْبِ: لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

تَئِقَ (س) تَأقًا. الانَاءُ: برتن کا بھر جانا۔ الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا۔ صفت (تَئِق ومِتآق)

أتأقَ. الانَاءَ: برتن بھرنا۔

التَأقَة: غصہ کی تیزی۔ اور برائی کی طرف تیز قدمی۔

اتأمت. المَرْأَةُ: جوڑواں جننا۔ صفت (مُتْئِم) اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (مِتئَام) کہتے ہیں۔ ج مَتَائِیْم.

تَاءَمَ. اخاهُ: جڑواں پیدا ہونا۔ صفت (تَئِم وتُؤْم وتَئِیْم) الثوبَ: تانا بانا دونوں میں دو سوتی بننا۔ صفت مفعولی (مُتَأم)

التَوْأم: جڑواں۔ ج تَوَائِم وتُؤَام. مؤنث تَوْأمَة: کہاجاتا ہے "هذَا تَوْأمُ هذَا وهٰذِهِ تَوْأمَةُ هٰذِه" اور جب دونوں جمع ہوں تو ان کو تَوْأمَانِ و تَوْأم کہتے ہیں جیسے زَوجان وزَوج. التوأم: جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔ تَوَائِمُ النُجومِ اَوِ اللُؤلُؤ: ستارے یا موتی جو آپس میں گھتے ہوئے ہوں۔

تبَّ (ن) تَبًّا. الشَّئُ: کاٹنا فُلانًا: ہلاک کرنا۔

تبًّا و تَبَبًا و تَبَابًا وتَبِيبًا: ہلاک کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لَهُ" یعنی اللہ اس کے لیے خسران وہلاکت لازم کرے۔ "وتَبَّتْ يَدَاه" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تَبَّبَ. فُلانًا: کسی سے تبالک کہنا۔ ہلاک کرنا۔

أتَبَّهُ: کمزور وضعیف کرنا۔

اِسْتَتَبَّ. الأمْرُ: درست ہونا۔ درست طریقے سے جاری رہنا۔ الرَّجُلُ: کمزور وعاجز ہونا الطَرِیْقُ: چلتا ہوا ہونا۔

التَباب: کمی۔ نقصان۔ ہلاکت۔

التَبّة: سخت حالت۔ التَّاب: بوڑھا اور کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "كُنْتُ شَابًا فَصِرْتُ تَابًّا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہو گیا۔ ج اَتْباب۔

تَبْتَب. الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

تَبِر(س) تَبَرًا: ہلاک ہونا۔

تَبَرَهُ(ض) تَبْرًا: ہلاک کرنا۔ توڑنا۔

اِتَّبَر. عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا باز رہنا۔

تَبَّرَهُ: ہلاک کرنا۔

التَابُوْر: فوجی جماعت۔ ج تَوَابِيْر۔

التَبَار: ہلاکت۔

التِبْر: سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ڈھیلا۔ واحد تِبْرة۔

التِبْرِية: سر کی بھوسی (هبرية میں ایک لغت ہے)

المَتْبُوْر: ہلاکت شدہ۔ ناقص۔

تَبِعَهُ(س) تَبَعًا وتَبَاعًا وتَبَاعَةً و اِتَّبَعَهُ: پیچھے چلنا۔ ساتھ چلنا۔ فرمانبردار ہونا۔ صفت (تَبِع) واحد اور جمع دونوں کے لیے آتا ہے۔ ج اَتْبَاع و (تابع) ج تَبَع وتَبَعَة وتَوابِع وتُبَّاع۔ التَّابِعُ نوکر۔ خادم۔ جن۔ تَبِع وَاتَّبَعَ الشَّيْءَ: پیروی کرنا۔ نشانِ قدم پر چلنا۔

تَبَّعَهُ: پیروی کرنا۔ تَبَّعَ بِه كَذَا: لاحق کرنا

تابَع. بَيْنَ الْاَعْمالِ: لگاتار کرنا۔ الْحَدِيْثَ: اچھی طرح بیان کرنا العَمَلَ: محکم کرنا۔ مضبوط کرنا فُلَانًا عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَابَعَنِي بِمَالِه عِنْدِي" یعنی اس کا جو کچھ میرے پاس تھا اس کا اس نے مجھ سے مطالبہ کیا۔

اَتْبَعَهُ: پیروی کرنا۔ لاحق ہونا۔ اَتْبَعَهُ كَذَا: لاحق کرنا۔

التابع (ع ج) تناسب رات ایک مقدار کے زائد ہونے سے دوسری مقدار زائد ہو جائے اور اس کے کم ہونے سے دوسری کم ہو جائے۔

تَتَبَّعَ. الْاَمْرَ: دیر تک تلاش و جستجو کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَبَّعْتُ احوالَهُ" میں اس کے احوال کو ٹٹولتا رہا۔

تَتَابَعَتِ. الْاَخْبارُ: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِسْتَتْبَعَهُ: پیچھے چلنے کو کہنا۔

التَّابِع جن مذکر التابعة جن مؤنث۔

التِّبْع: تابع۔ عاشق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ تِبْعُ الكرم" وہ فیاضی کا عاشق ہے۔

التَبِع: بہت تابعداری کرنے والا۔

التَبِعة ج تبعات و (التَباعَة) ج تَباعات: تاوان۔ ڈانڈ۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الْفِعْلِ تَبِعَة" یعنی اس فعل سے ضرر لاحق ہونے والا ہے۔

تُبَّع: یمن کے بادشاہوں کا لقب۔ ج التبابِعَة والتُبَّع: سایہ۔ شہد کی بڑی مکھی ج تَبابِيْع۔

التَبِيْع: مددگار۔ پیروی کرنے والا۔ ج تِباع و تبائع۔

التابِعة: تابع کا مؤنث۔ نوکرانی۔ خادمہ۔ جنیہ۔

التابِعي: تابع اور تابعہ کی جانب نسبت۔ وہ شخص جس نے بحالت ایمان صحابہ کرامؓ کی زیارت کی ہو اور حالتِ ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

التِباع: تابع کا مصدر۔ اور کبھی صفت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے "شهد ناهن ايامًا تباعًا"

الاتباع: س کسی ایسے کلمہ کا لانا جو ما قبل کے کلمہ کے ہم وزن ہو۔ جیسے کثیر بثیر۔ خبیث نبیث۔

التَبْغ: تمباکو۔

تبيضة بیگن کی قسم سے مختلف رنگوں کے پھولوں والا پودا جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

تَبَلَهُ (ن) تَبْلًا واَتْبَلَهُ. الحُبُّ او الدَّهْرُ: بیمار کر دینا۔ عقل کو ضائع کر دینا۔ صفت مفعولی (مَتْبُول و تَبِيْل) ہے۔

تَبَّل و تابَل و تَوْبَل. الطعامَ: مسالہ ڈالنا۔

التَّبْل: س۔ کینہ۔ دشمنی۔ کہا جاتا ہے "بينهما تَبْل" ان دونوں کے درمیان عداوت ہے ج اَتْبال و تُبُول۔

التابَل والتابِل والتَوْبَل: مسالہ۔

التَبَّال: مسالہ والا۔ مسالہ بیچنے والا۔

التَوْبَل. مِنَ النُّحاسِ والحَدِيْدِ: ذرات جو کوٹنے میں گریں۔

تَبَنَ (ض) تَبْنًا. الدَّابةَ: بھوسہ کا چارہ دینا۔

تَبِنَ (س) تَبَنًا وتَبَانَةً: سمجھ دار و ذکی ہونا۔ صفت (تَبِن)

تَبَّنَ: بھوسے کے ذخیرہ میں بھوسہ رکھنا۔ الرَّجُلُ: باریک بین ہونا۔

اِتَّبَنَ جانگھیا پہننا۔ لنگوٹ باندھنا۔

التِبْن: بھوسہ واحد (تِبْنة) ج اَتْبان و تُبُون: بڑا پیالہ۔

التِبْنِي: بھوسہ کے رنگ کا۔

التَبَّان: بھوسہ بیچنے والا۔

التُبَّان: لنگوٹ۔ جانگھیا۔ نیکر۔

تَبَا (ض) تَبْوًا: غزوہ کرنا اور مال غنیمت حاصل کرنا۔

التَتَر: قوم تاتار۔ واحد (تَتْرى) کہا جاتا ہے "جاء القومُ (تَتْرى و تَتَرى)" لوگ پے در پے آئے اس کی اصل وتری ہے۔

التُتُن: تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے اس کے معنی دھوئیں کے ہیں)۔

تَجَرَ (ن) تَجْرًا وتِجارَةً و تاجَرَ واتَّجَرَ: سوداگری کرنا۔

التِجارة: سوداگری۔ سرمایہ۔

التاجِر: سوداگر۔ عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے۔ ج تِجار وتُجّار وتَجْر اور کہا جاتا ہے "صناعة تاجرة" رائج سامان۔ ج تَوَاجِر۔

المَتْجَر: سوداگری۔ سرمایہ۔ اور اسی سے ہے "[illegible] الحمد رائجة" [illegible] کہا جاتا ہے "اَرْض

متجرۃ" تجارتی مُلک۔
تَحْت: نیچے۔ اس لفظ کے لیے اضافت لازم ہے اور جب اضافت سے علیحدہ کرتے ہیں تو مبنی بر ضمہ کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں "جاءَ مِن تحتُ" ج تُحُوت۔
التُّحُوت: کمینے۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
التَّحْتَانی: تحت کی جانب منسوب۔ نیچے کی چیز۔
تَحْتَحَہٗ. مِن مَکانِہ: حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَایُتَحْتِحُ مِن مَکانِہٖ" فلاں جگہ سے حرکت نہیں کرتا۔
التَّحْتَحَۃ: حرکت۔ تسمہ کی حرکت کی آواز۔
اَتْحَفَہٗ. الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ و (اِتَّحَفَہٗ) بہٖ: ہدیہ کرنا۔ تحفہ دینا۔
التُّحْفَۃ و التُّحَفَۃ: ہدیہ۔ نفیس قیمتی چیز۔ ہر وہ چیز جو کسی کے سامنے لطف و مہربانی کے طور پر پیش کی جائے۔ ج تُحَف۔
تَحَم (ن) تَحْمًا. الثَّوبَ: نقش و نگار کرنا۔
اِتْحَمَّ اِتْحِمامًا: سخت سیاہ ہونا۔
اَلتَّاحِم: جولاہہ۔
الْاَتْحَم: سخت سیاہ۔
التَّاحِی: باغبان۔
تَخَّ (ن) تُخُوخَۃً. العَجِینُ: گندھے ہوئے آٹے کا ترش ہونا (تَخًّا) العَجِینُ او الطِّینُ: گندھے آٹے یا مٹی کو نرم ہونے کے لیے پانی بڑھانا۔
اَتَخَّ. العَجِینَ: کھٹا کرنا۔ نرم ہونے کے لیے زیادہ پانی ڈالنا۔
التَّخُّ: کھٹا خمیر۔ تل کا عصارہ۔
التَّخت: تخت۔ تَخْتُ المَلِكِ: تخت شاہی۔ تَخْتُ المَمْلَكَةِ: دار السلطنت۔ جامہ دان۔ ج تُخُوت۔
التَّخْتَخَۃ: لکنت۔ ہکلا پن۔
التَّخْتاخ و التَّخْتانی: ہکلا۔
تَخِذَہٗ (س) تَخْذًا: لینا۔

تَخَمَہٗ (ض) تَخْمًا. حد مقرر کرنا۔
تَخِمَ (س) تَخَمًا و اتَّخَمَ: بد ہضمی ہونا۔
اَتْخَمَہٗ. الطعامُ: مبتلائے بد ہضمی کرنا۔
تاخَمَ: مُلکِی مُلْکَكَ: سرحدیں متصل ہونا۔
التَّخْم و التُّخْم: سرحد۔ ج تُخُوم۔
التَّدْرُج و التَّذْرُج: ایک خوبصورت پرندہ جس کی دُم لمبی ہوتی ہے۔ ج تَدارِج۔
تَرَّ (ن ض) تَرًّا و تُرُورًا. العَظْمُ: کٹ کر گرنا عَنْ قومِہٖ: الگ ہونا۔ دُور ہونا۔
(تَرَارَۃً) الرَّجُلُ: موٹا اور ڈھیلا ہونا۔ صفت (تارٌّ)۔
اَتَرَّہٗ: دور کرنا۔ اَتَرَّ یَدَہٗ: ہاتھ کاٹ دینا۔
التُّرُّ: اصل۔ جڑ۔ معمار کی ڈوری۔
التُّرَّی. مِنَ الاَیْدِی: کٹا ہوا ہاتھ۔
تَرِبَ (س) تَرَبًا. المکانُ: بہت مٹی والا ہونا الشَّیْءُ: مٹی لگ جانا۔
تَرِبَ (س) تَرَبًا و مَتْرَبًا. الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت (تَرِیب و تَرُوب) ج تِراب۔ اور اسی سے ہے "تَرِبَ بعد اَنْ اَتْرَبَ" وہ مالدار ہونے کے بعد محتاج ہو گیا۔
تَرَّبَ و اَتْرَبَ: مالدار ہونا۔ کم مال والا ہونا۔
تَرَّبَ و اَتْرَبَ الشَّیْءَ: خاک ڈالنا۔
تَارَبَہٗ: ہمعصر ہونا۔ دوست ہونا۔
تَتَرَّبَ: مٹی ہونا۔ خاک آلود ہونا۔
التُّرَاب: مٹی۔ ج تِربَۃ و تُرْبان۔
التِّرَاب: بکری کا دست۔
التِّرْب: ہم عمر۔ اکثر اس کا استعمال عورتوں کے لیے ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هذہ تِرْب فلانۃ" یہ عورت فلانی کی ہم عمر ہے۔
التَّرْباء: مٹی۔ زمین۔ کہتے ہیں "بَیْنَهُمَا ما بَیْنَ الجَرْباء و التَّرْباء" ان دونوں کے درمیان آسمان زمین جیسا فرق ہے۔
التُّرْبَۃ: مٹی۔ قبرستان۔ ج تُرَب۔ تُرْبَۃ. الاِنْسان: انسان کی قبر۔
التَّرِب: فقیر۔ "رِیْحٌ تَرِبَۃ" خاک اُڑانے والی ہوا۔ "لَحْمٌ تَرِبٌ": خاک آلود گوشت۔

"مکانٌ تَرِبٌ" بہت مٹی والی جگہ۔
التَّرِبَۃ. ج تَرِب: ایک قسم کی گھاس ج تَرِبات: انگلیوں کے کنارے۔ سرانگشت۔
التَّرِیْبَۃ: سینہ کی ہڈی۔ سینہ کا بالائی حصہ۔
تَرِیْبَۃُ البَعِیر: اونٹ کے نحر کرنے کی جگہ۔ ج تَرائِب۔
المَتْرَبَۃ: فقر و فاقہ۔ کہا جاتا ہے "مِسْکِیْنٌ ذُوْ مَتْرَبَۃٍ" یعنی خاک آلود مسکین۔
تَرْتَرَ تَرْتَرَۃً: جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا۔ گفتگو میں نرم ہونا۔ بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا الشَّیْءَ: خوب ہلانا۔
تَتَرْتَرَ: ہل جانا۔
التَّرَاتِر: سختیاں۔
تَرِجَ (س) تَرَجًا: الرَّجُلُ دشوار پانا، مشکل و مشتبہ پانا۔
تَرَجَ (ن) تَرْجًا: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
التَّرِیْج: مضبوط پٹھوں والا۔ مؤنث تَرِیْجَۃ: اور کہا جاتا ہے "رِیْحٌ تَرِیْجَۃ" تیز ہوا۔
تَرْجَمَ. الکلامَ: ترجمہ کرنا۔ صفت (تَرْجُمان و تُرْجُمان) ج تَراجِمَۃ و تَراجِم. الرَّجُلَ: عادات و اخلاق و بیان کرنا۔ عَنْہُ: کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرْجَمَہٗ بالتُّرْکِیَّۃ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
تُرْجِمَ. الکلامُ: مشتبہ ہونا۔
التَّرْجَمَۃ: ترجمہ۔ سوانح عمری۔ ج تَراجِم و تَرْجَمَۃُ الکِتاب: کتاب کا دیباچہ۔
تَرِحَ (ف) تَرْحًا و تَتَرَّحَ: غمگین کرنا۔
تَرَّحَہٗ و اَتْرَحَہٗ: غمگین کرنا۔
التَّرَح: غم۔ محتاجی۔ فقیری۔ ج اَتْراح۔
التَّرِح: کم خیر والا۔ بہت غم والا۔
المِتْراح. مِنَ النُّوق: اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔ ج مَتارِیح۔
تَرَزَ (ض) و تَرِزَ (س) تَرْزًا و تَرَزًا و تُرُوزًا. الشَّیْءُ: خشک ہونا۔ مضبوط ہونا۔ سخت ہونا الماءُ: پانی کا جم جانا۔
تَرَزَہٗ (ض) تَرْزًا: پچھاڑنا۔

اَترَزَ. الشَّيَّ: سخت کرنا۔ خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے "الْجَرْيُ يُترِزُ لَحمَ الدَّابَةِ" دوڑ جانور کے گوشت کو سخت کر دیتی ہے۔

التَارِز: سخت وقوی۔ اور اسی سے ہے "اِنَّ عَجِينَكُم لَتَارِزٌ" تمہارا خمیر سخت ہے۔ خشک چیز جس میں روح نہ ہو۔ مردہ۔

التُراز: اچانک موت۔

تَرَّسَهُ: ڈھال پہنانا یا دینا۔ (تَتَرَّس:) ڈھال لگانا یا ڈھال سے اپنے آپ کو چھپانا صفت (تَارِس) کہا جاتا ہے "لَا يَسْتَوِي الرَّاجِلُ وَالْفَارِسُ وَالْاَكْشَفُ وَالتَارِسُ" پیدل اور سوار اور بے ڈھال والا اور ڈھال والا برابر نہیں۔

اَترَسَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔

اِتَّرَسَ. بِالتُرسِ اَوْ غَيرِهِ: ڈھال وغیرہ سے اپنی حفاظت کرنا۔

التُرس: ڈھال۔ ج اَتراس وتِرَاس وتُرُوس وتِرَسَة. تُرسُ الشَّمْسِ: آفتاب کی ٹکیا۔ کہا جاتا ہے "غَابَ تُرسُ الشمس"

المتراس والمِترَسَة. ج مَتَارِس و (المِتْراس) ج مَتَارِيس: دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔ دیوار وغیرہ جس کے پیچھے چھپ کر دشمن سے بچیں۔

التَرَّاس: ڈھال بنانے والا۔ ڈھال والا۔

التِراسة: ڈھال سازی۔

التَرْسَانَة والتَرسْخَانَة: اسلحہ خانہ۔ جہاز سازی کا کارخانہ۔

تَرِشَ (س) تَرَشًا.: بد خلق ہونا۔ صفت (تَرِش)

تَرُصَ (ک) تَرَاصَةً. الشَّيُّ: سیدھا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ صفت (تَرِيص)

تَرَّصَ واَترَصَ. المِيزَانَ: سیدھا کرنا۔ صفت مفعولی (تَرِيص و مُترَص:) کہا جاتا ہے "اَترِصْ مِيزَانَك فَاِنَّهُ شَائِلٌ" اپنی ترازو درست کر و اس لیے کہ وہ اُٹھی ہوئی ہے۔

المُتَرَصَاتِ: سیدھے کئے ہوئے نیزے۔

تَرِعَ (ع) تَرَعًا: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ صفت (تَرِع وتَرِيع) الكُوزُ و الحَوضُ: بھر جانا۔ صفت (تَرِعٌ)

تَرَعَهُ (ف) تَرعًا. عَنِ الْاَمرِ: کسی کام سے پھیرنا۔ باز رکھنا۔

تَرَّعَ. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

اَترَعَ: الْاِنَاءَ: برتن بھرنا۔

تَتَرَّعَ. اِلَيهِ بِالشَّرِّ: کسی کو جلدی سے برائی پہنچانا۔

اِتَّرَعَ. الْاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔

التُرعَة: دروازہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ تُرْعَةَ الدَّارِ" اس نے گھر کا دروازہ کھولا۔ باغ کی طرف جانے والی نالی۔ سیڑھی کا پایہ۔ منبر کے درجے۔ حوض کا دہانہ۔ دو دریاؤں یا دو سمندروں کے درمیان گہری نہر۔ ج تُرَع

التَرَّاع: دربان (والاَترَع) مِنَ السَّيْلِ: وہ سیلاب جو وادی کو بھر دے۔

تَرِفَ (س) تَرَفًا و تَتَرَّفَ: خوشحال ہونا۔ آسائش سے زندگی بسر کرنا۔ صفت (تَرِف وتَرِيف)

تَرَّفَهُ واَترَفَهُ. المَالُ: سرکش بنا دینا۔ خراب کر دینا۔ اَترَفَ الرَّجُلُ: سرکشی وبغاوت پر اصرار کرنا۔

اِستَترَفَ: سرکشی کرنا۔ تکبر کرنا۔

التُرفَة: نعمت وآسائش۔ خوش ذائقہ کھانا۔ پیدائشی طور پر اُوپر کے ہونٹ کے درمیان میں اُبھار۔

الْاَترَفة: وہ شخص جس کے اُوپر کے ہونٹ میں پیدائشی کچھ اُبھرا ہوا ہو۔

المُترَف والمُتَرَّف: ظالم۔ خوش حال نعمت میں پلا ہوا۔ وہ شخص جو بطور خود جو چاہے کرے اور کوئی روکنے والا نہ ہو۔

التُرفَاس: زمین کے اندر پیدا ہونے والے انگوری جو کہ سانپ شکل کی ہوتی ہے اور لذیذ کھانا سمجھا جاتا ہے عام طور پر جنگل میں پیدا ہوتی ہے۔

التَرْقُوَة: ہنسلی کی ہڈی۔ ج "التَراقِي و التَرائِق" کہا جاتا ہے "تَرْقَاه تَرْقَاةً" یعنی اس نے اس کی ہنسلی کی ہڈی پر مارا۔ "وبَلَغَت رُوْحُه التَراقِي" وہ قریب الموت ہوا۔

تَرَكَهُ (ن) تَرْكًا وتِرْكَانًا واِتَّرَكَهُ: چھوڑنا۔

تَارَكَه مُتَارَكَةً وتِرَاكًا: چھوڑنا الرَّجُلَ: مصالحت کرنا۔

تَتَارَكُوا. الْاَمْرَ بَيْنَهُمْ: چھوڑنا۔

التَرْكَة والتَرِيْكَة: شتر مرغ کا چھوڑا ہوا انڈا۔ انڈے کا خول جس میں سے بچہ نکل چکا ہو۔ خود۔ وہ عورت جس سے کوئی شادی نہ کرے۔

التِرْكَة والتَرِكَة: چھوڑی ہوئی چیز اور اسی سے "تَرِكَةُ المَيِّت"

التَرِيْك: چھوڑا ہوا مِنَ الْكَرْمِ اَوِ النَّخْلِ: خوشہ یا گچھا۔ جس میں سے کھا کر تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو۔

التَرَّاك: بہت چھوڑنے والا۔

ترَام: بجلی ایندھن سے چلنے والی ریل گاڑی۔

تَرْمَسَ: جنگ سے غائب رہنا۔

تَرْمَسَتِ الدَّابَةُ: جانور کے جبڑے کے اندرونی حصہ میں ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا۔

التُرْمُس: ایک قسم کا غلہ جو کڑوا ہوتا ہے اور چند دن پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے۔

التَرْمُوس: تھرموس (فارسی لفظ)

التَرْمُومِتر: تھرمامیٹر (بخار چیک کرنے کا آلہ)

التُرُنْج: لیمو۔ لیمو کا درخت۔

التِرُنْجَان: خوشبو دار پھل جس کا خوشبو دار شربت استعمال ہوتا ہے۔

التَرَانزِيت: کسی شہر یا ملک سے سامان تجارت گزارنے پر جو اجازت نامہ فری دیا جاتا ہے۔

تَرِهَ (س) تَرَهًا: باطل چیزوں میں پھنسنا۔

التَرَّهَة: باطل۔ مصیبت۔ ج تُرَّهَات

التُرَّهَات: چھوٹے راستے۔

التُرَّهُ: باطل۔ ج تَرَارِيه.

تَرِيَ (ض) تَرْيًا. فِي الْاَمْرِ: دیر کرنا۔

التِرْیَاق: جو دافع زہر ہو (والتریاقۃ:) شراب۔
تَسَعَ(ف ض) تَسْعًا. القومَ: نواں ہونا۔ اپنے کو ملا کر نواں بنا دینا۔ قوم کے مال کا نواں حصہ لینا المالَ: نواں حصہ لینا۔
اَتْسَعَ. اَلْقَوْمُ ہونا۔ التِسْعَۃَ: نو(۹)۔ مؤنث۔ تِسْع ۹ کہا جاتا ہے تِسْعَۃُ رِجَال وتِسْعُ نِسَاءٍ وتِسْعَۃَ عَشَرَ رَجُلًا وتِسْعَ عَشرۃ اِمْرَأَۃً. ج تِسْعَات.
التُسْع والتَسِیْعُ: نواں حصہ۔ تِسْع: کی جمع اتْسَاع.
التَاسِع: نواں۔
تِسْعُوْن: نوے (۹۰)
التُسَع: مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں راتیں۔
تُسَاع: نونو: کہا جاتا ہے "جاء القومُ تُسَاع" قوم کے لوگ۔ نونو آئے (یہ غیر منصرف ہے)
التُسَاعِیّ: نووالا۔
اَلتَّسَاعِیَۃ: عیسائیوں کی نماز جو نو دن ادا کی جاتی ہے مقررہ عیدوں سے پہلے۔
التَاسُوْعَاء: مہینہ کا نواں دن حبل (مَتْسُوْع) نولڑی کی بٹی ہوئی رسّی۔
تِشْرِیْن الاوّل: ماہ اکتوبر (ترکی مہینے کا نام)
تِشْرِیْنُ الثانی: ماہ نومبر۔ ج تَشَارِیْن: تشارین کو فصل خریف پر دلالت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
اَلتَّشَارِیْن: موسم خزاں پر آگاہی کے لئے جو کلمہ استعمال کیا جاتا ہے۔
عام لوگوں کے نزدیک اس کا معنی توت کے پتے جو کہ جانوروں کو ان دو ماہ (ستمبر اکتوبر) میں کھلائے جاتے ہیں۔
تَعَّ (ن) تَعَّۃً وتَعًّا: ڈھیلا ہونا۔ قے کرنا۔
تَعِبَ (س) تَعَبًا: مشقت میں پڑنا۔ تھکنا۔ صفت (تَعِب)
اَتْعَبَہٗ: تھکانا اَتْعَبَ الاناءَ: بھرنا القومُ تھکے ہوئے جانوروں والے ہونا۔

التَعَب: مشقت۔ تھکن۔ ج اَتْعَاب.
المَتْعَب والمَتْعَبۃ: تھکن۔ تھکانا۔ تھکن کی جگہ۔ باعث تھکن۔ کہا جاتا ہے "استخراج المعمیٰ مَتْعَبۃ لِلخواطِر" معمہ کا حل کرنا طبیعت کی تھکن کا باعث ہوتا ہے۔ ج مَتَاعِب
تَعْتَعَہٗ: جھنجوڑنا۔ حرکت دینا۔ تَعْتَع فی الکلام: ہکلانا۔
التَعَاتِع: خوفناک جھوٹی خبریں۔
تَعَسَ (ف) وتَعِسَ (س) تَعْسًا وتَعَسًا: ہلاک ہونا۔ پھسلنا اور منہ کے بل گرنا۔ صفت (تَعِس وتاعِس وتَعِیْس)
تَعَسَہٗ واَتْعَسَہٗ. اللہ: بدنصیب بنانا۔ ہلاک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعْسًالَہٗ" یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے۔
التَعْس: سِ ہلاکت۔ بدی۔ تنزل۔
التَعْسَۃ: سختی سے گرنا۔
المَتْعَسَۃ: سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْاَمْرُ مَنْحَسَۃٌ مَتْعَسَۃٌ" یہ معاملہ باعث نحوست وہلاکت ہے۔
تَعِصَ (س) تَعَصًا: زیادہ چلنے سے پٹھوں میں درد ہونا۔
تَغِبَ (س) تَغَبًا: ہلاک ہونا۔
اَتْغَبَہٗ: ہلاک کرنا۔
التَغَب: ہلاکت۔ میل کچیل۔ بھوک۔ عیب وفساد۔
التَغْب والتَغْبَۃ: گناہ۔ قبیح۔ کہا جاتا ہے "مَافِیْہِ تَغْبَۃ" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس کی وجہ سے اس کی شہادت رد کی جائے۔
تَغَرَت (ف) تَغْرًا وتُغُوْرًا. السَّحَابَۃُ: پانی بہہ پڑنا۔ تَغَرَ العِرْقُ: کثرت سے خون جاری ہونا۔
تَغْرَانًا. القِدْرُ: جوش مارنا۔ ابلنا۔ جُرْحٌ (تَغَّار) کثرت سے خون بہانے والا زخم۔
تَفَّفَہٗ: کسی سے تھو تھو کہنا۔
التُفّ: ناخن کا میل۔ ج تِفَفَۃ.

التِفَّان: وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُکَ بِتِفَّانِہٖ وَعَلٰی تِفَّانِہٖ" میں مناسب وقت میں تمہارے پاس آیا۔
اَلتُّفَّاف دودھ والی نبات جس کا تنا خول دار اور اس کے پتے دوہرے ہوتے ہیں پتے توڑنے پر دودھ نکلتا ہے۔
التُفَّۃ: حقیر وذلیل عورت۔
التُفَفَۃ: ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
تَفِیَ (س) تَفًا: سخت غضبناک ہونا۔
تَفِیْئَۃ وتَفِیَّۃ. الشَّیْءِ: وقت۔
تَفِثَ (س) تَفَثًا: میل کچیل غالب ہونا: صفت (تَفِث). کہا جاتا ہے "قَضٰی تَفَثَہٗ" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَتِ. الدِّمَاءُ مَکَانَہٗ: آلودہ کرنا۔
التُفَاح: سیب۔ سیب کا درخت۔ واحد تُفَّاحَۃ ج تَفَافِیْح.
التُفَّاحَتَان: دونوں ران کے سرے۔
المَتْفَحَۃ: سیب کی پیداوار کی جگہ۔
اَتْفَرَ. الشَّجَرُ: کونپلیں نکلنا الرَّجُلُ: ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔
الرَجُل (التَافِر والتَفِر والتَفران:) میلا۔ گندا۔
التِفْرَۃ والتَفْرَۃ والتُفَرَۃ: اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَفِرَۃُ. الشَّجَرِ: کونپل۔ والتَفِرَۃ: درخت کے نیچے اُگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانور چر نہ سکے۔
التُفْرُوْق: غلاف خرما۔
تَفَلَ (ن ض) تَفْلًا: تھوکنا۔
تَفِلَ (س) تَفَلًا. الرَّجُلُ: تیل وخوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِل) مؤنث (تَفِلۃ ومِتْفَال).
اَتْفَلَہٗ: بدبودار کر دینا۔
التَتْفُل والتِتْفَل والتُتْفُل: لومڑی۔ مؤنث تَتْفُلَۃ.

تَفِهَ (س) تَفَهًا وتُفُوهًا. الشَّئُ: کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "تفه عطاءُ فُلانٍ" فلاں کی داد و دہش کم ہے۔ (تَفَاهَةً) الطعامُ: بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِه وتَافِه) (تُفُوهًا) الرَّجُلُ: کم عقل ہونا۔ صفت (تَافِه)

اَتْفَهَ. الشَّئَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَعْطَيْتَ فاَتْفَهْتَ" تم نے دیا اور کم دیا۔

اَتْقَنَ. الاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا۔

تَقَّنَ. الارضَ: پیداوار زیادہ ہونے کے لیے سینچنا۔

التِقْن: طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الفصاحةُ مِنْ تِقْنِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ گارا جو خشک ہو کر پھٹ جائے۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ رجلٌ (تِقْن وتَقِن) کام کا اچھی طرح کرنے والا۔ کام میں ماہر۔ ج اَتْقان

التِقْنَة: حوض کا بقیہ گدلا پانی۔

تَفْتَغ: چھپانا۔ الکلام بولنا اور واضح نہ کرنا۔

التَّفْتَضة- زبان ہکلانا۔

التَّقْنِيَّة: تکنیک

تقی: (دیکھیے مادہ وق ی)

تَكَّهُ (ن) تَكًّا: روند کر کچل دینا۔ تكّه النَّبِيذُ: مدہوش کر دینا۔

تَكَّ (ن) تُكُوكًا. الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (تاک) ج تُكُوك و تَكَكَةٌ و تُكَّاك و تُكَّك.

اِسْتَتَكَّ. التِكَّة: پائجامہ میں ازاربند ڈالنا۔

التِكَّة: ازاربند۔ ج تِكَك.

المِتَكّ: پائجامہ میں ازاربند ڈالنے کی سلائی۔

تَكَا. (دیکھیے مادہ۔ وک أ)

تَكْتَكَهُ تَكْتَكَةً: روند کر کچل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ السَّاعَةُ: ٹک ٹک کرنا۔

تَكِل: (دیکھیے مادہ۔ وک ل)

التَّكْنِيكُ والتَّكْنِيَةُ: کسی کام میں کامیابی کے لئے ذرائع استعمال کرنا۔

تَلَّهُ (ن) تَلًّا: پچھاڑنا الشئَ اِلَيْهِ: دفع کرنا۔ الحبلَ في البئرِ: کنوئیں میں رسی لٹکانا۔ الشئَ في يدِهٖ: رکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَّه (بتَلَّة) سُوءٍ" اس نے اسے بُرے فعل کی تہمت لگائی۔ اليه: عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔

اَتَلَّ. الدَّابّةَ: باندھنا۔ کھینچنا۔ الدمعَ: ٹپکانا۔

التَلال والتَلالة: گمراہی۔

التَلّ. من الارضِ: چھوٹا ٹیلہ۔ ج تِلال و تُلُول. واحد تَلَّة.

التِلَّة: حالت۔ (والتَلَّة) لیٹنے کی حالت۔ گرنے کی حالت۔ اور کہا جاتا ہے۔ "في خُلْقَةِ تَلَّة" اس کی عادت میں کاہلی ہے۔

التَلِيل ج اَتِلَّة وتُلُل تَلائِل گردن ج

تَلِيّ: پچھاڑا ہوا۔

المِتَلّ: وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ مِتَلٌّ" سیدھا اور سخت نیزہ قوی و مضبوط آدمی یا اونٹ۔

اِتْلَأَبَّ اِتْلِئْبابًا. الاَمْرُ: درست ہونا الحمارُ: سر و سینہ اُٹھانا۔ کہا جاتا ہے "قِياسٌ مُتْلَئِبٌّ" یعنی قیاس مطرود "طريقٌ مُتْلَئِبٌّ" سیدھا لمبا راستہ۔

التَلَب: نقصان۔ کہا جاتا ہے "تَبًّا لَهُ و تَلَبًا" یعنی اللہ اس کے لیے نقصان وہلاکت کو لازم کرے۔

المَتالِب: ہلاکت کی جگہیں۔

تَلَدَ (ض ن) تُلُودًا. المالُ کالابلِ و الغنمِ: خاندان میں پرانے زمانے سے مال کا ہونا۔ صفت (تالِدٌ و تَلَدٌ و تُلْدٌ و تَلِدٌ وتِلادٌ وتَلِيدٌ) اور اس کے خلاف طارِف وطَرِيف ہے۔ (ن و تَلِدَ) (س) في القومِ و بالمكانِ: اقامت کرنا۔ کہتے ہیں "تَلَدَ فُلانٌ عِندَنا" یعنی فلاں کے ماں باپ ہمارے ہی یہاں پیدا ہوئے۔

اَتْلَدَ. الرَّجُلُ: موروثی مال والا ہوا۔ مال حاصل کرنا۔

تَلَّدَ: مال جمع کرنا۔

التِلِسْكُوب: دُوربین (جدید) اس کے لیے عربی مرقب ہے۔

تَلَعَ (ف) تَلْعًا و تُلُوعًا. النَّهارُ: دن چڑھنا۔ الضُّحىٰ: چاشت کا وقت ہونا۔ الرَّجُلُ و الظَّبْيُ: سر باہر نکالنا۔

تَلِعَ (س) تَلَعًا. الاِناءُ: بھر جانا۔ (تَلَعًا وتَلاعَة) [illegible]: گردن لمبی ہونا الرَّجُلُ: لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (اَتْلَع وتَلِيع)

اَتْلَعَ وتَتالَعَ وتَتَلَّعَ. في مِشْيَتِهٖ: چلنے میں گردن لمبی کرنا۔

التَلِع: اردگرد بہت دیکھنے والا۔ اناءٌ تَلِعٌ: بھرا ہوا برتن۔

التَلْعَة: بلند زمین۔ پست زمین۔ ج تَلَعات وتِلاع و تَلَع

التَلْعَة: کشتی کا بادبان۔ ج تَلَعات

التلغراف: ٹیلیگراف، تار

تَلِفَ (س) تَلَفًا: ہلاک ہونا۔ برباد ہونا۔

اَتْلَفَهُ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔

التَلِيفَة: ہلاک ہونے والی چیز۔

المِتْلاف والتَلاف: بہت تلف کرنے والا۔

المَتْلَف والمَتْلَفَة: ہلاکت کی جگہ۔ ہلاکت کا سبب۔ چٹیل میدان۔

تلفزيون: ٹیلی ویژن (جس کے ذریعے تصاویر اور آواز دور تک پہنچائی جاتی ہے) اس کی عربی تلفاز ہے (یونانی لفظ)

التَلْفَزَة: دور سے دیکھنا۔

تِلْكَ: مؤنث بعید کے لیے اسم اشارہ۔

التَلَم: زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لیک ج اَتْلام

التِلْم: سبز خط لڑکا۔ کاشتکار۔ سنار۔ سنار کی لمبی دھونکنی۔ ج تِلام.

التَلْمُود: یہودیوں کے احکام کی کتاب

"تَلْمَذَ و تَتَلْمَذَ لِفُلانٍ" شاگرد ہونا۔

تَلْمَذَ و تَلْمَذَ الوَلَدَ: شاگرد بنانا۔

التِلْمِيذ: شاگرد۔ ج تَلامِيذ و تَلامِذَہ.

التَلُنَّة والتَلُونَة: حاجت۔

تَلان: ابھی۔

تلِه (س تَلَهًا): حیران ہونا۔الشَّيُّ: تلف ہونا۔تَلِهَه وَتَلِه عَنْهُ: بھولنا۔ اور کہا جاتا ہے"رَجُلٌ تَالِهُ العَقْلِ ومَتْلُوه العَقْل" مرد عقل۔زائل شدہ۔

اَتْلَهَ. الشَّيُّ: برباد کرنا۔تباہ کرنا۔

تَلا (ن تُلُوًّا. هُ: پیچھے چلنا۔عنه: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے"تَلا بَعْد قَوْمِهٖ" اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔

(تِلاوَةً) الكِتَابَ: پڑھنا۔

تَلِي (س تَلًى. مِنَ الشَّهْرِ يَوْمٌ: ایک دن باقی رہنا۔

اَتْلاه: آگے بڑھنا۔ پیچھے کرنا۔ اَتْلاه فلانًا: پیچھے چلانا۔اَتْلاه عَلٰى فُلان: حوالہ کرنا۔تم کہتے ہو"اَتْلَيْتُ فُلانًا ذِمَّةً" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کر دیا۔"اَتْلَيْتُ حَقِّيَ عِنْدَه" یعنی میں نے اس کے پاس اپنے حق میں سے کچھ باقی نہ رکھا۔

تَلاه تَتْلِيَةً: پیچھے چلنا۔تَلَّى الرَّجُلُ: نذر پوری کرنا۔ آخری سانس میں ہونا۔

تَتَلّٰي. هُ: پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَلَّيْتُ حَقِّي" میں اپنے حق کے پیچھے ہوا۔ یہاں تک کہ پورا وصول کر لیا۔الرَّجُلُ: بہت مال جمع کرنا۔حَقَّه عِنْدَهٗ: کچھ چھوڑ دینا۔

تَتَالَتِ: الْاُمُوْرُ اوِ الخَيْلُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ کہا جاتا ہے"جَائَتِ الخَيْلُ تَتَالِيًا" یعنی پے درپے آئے۔

تَالَاهُ: موافقت کرنا۔ تابعداری کرنا۔

اِسْتَتْلاه. الشَّيَّ: پیچھے کرنے کو کہنا۔ ہ: انتظار کرنا۔

التالي: پیچھے چلنے والا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا چوتھا گھوڑا۔ج تَالِيَات.

التَالِيَه: التَّالي کامؤنث۔ج تَوَالي

التوالي: سرین۔توالي الخيل: گھوڑے کے پچھلے حصے۔یعنی دم اور ٹانگ۔

التَّلاءُ: ذمہ۔

التِلْوُ: وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔اُونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے چلے۔ج اَتْلاء : مؤنث تِلْوة.

التَلُوُّ: ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔

التَلِيُّ: بہت مال والا۔ بہت قسمیں۔ کھانے والا۔

التُلاوَة والتَلِيَة: بقیہ جیسے"تَلاوَة الدَّيْن" یعنی قرض کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے"ذَهَبَتْ تَلِيَّةُ الشَّبَاب" جوانی کا بقیہ جاتا رہا۔ اور کہا جاتا ہے"فُلانٌ بَقِيَةُ الكِرامِ وَ تَلِيَّةُ الاحرار" فلاں بزرگوں کا اور شرفاء کا بقیہ ہے۔

المُتالي: تابع۔گویے کے سُر میں سُر ملانے والا۔

تَمَّ (ض تَمًّا و تِمًّا وتِمَامًا و تَمَامًا وَتُمامًا و تَمامَةً وتِمامَةً: پورا ہونا۔الشَّيُّ وَ عَلَيْهِ: پورا کرنا۔عَلٰى اَمْرِه: جاری و نافذ کرنا۔الٰى موضع كذا: پہنچانا۔عَنْهُ العَيْنَ: تعویذ لگا کر نظر بد دور کرنا۔

تَمَّمَهٗ وَاَتَمَّهٗ: پورا کرنا۔ مدت تک پہنچا دینا۔ کہا جاتا ہے"تَمَّمَ عَلَى الجَرِيْح" یعنی اس نے زخمی کو مار ڈالا۔تَمَّمَ المَوْلُوْدَ: تعویذ لٹکانا۔اَتَمَّ عَلَى المَحَلِّ: ارادہ کرنا اور جانا۔اَتَمَّتِ الحُبْلٰى: ولادت کا زمانہ قریب ہونا۔القَمَرُ: بدر کامل ہونا۔

تَتَامَّ. القَوْمُ: سب کا آنا۔

اِسْتَتَمَّ. الشَّيَّ: پورا کرنا۔ہ: پورا کرنے کو کہنا۔

التَمُّ: بط کی ایک قسم جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔

التِمُّ: کلہاڑا۔البدر التم: ماہِ کامل۔

التَمام بتثلیث التاء والاغلب الفتح: کمال۔ وہ چیز جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔ اور اسی معنی میں (تَمٌّ وتِمٌّ وتُمٌّ وتمامة وتِمامَة) ہے۔ چاند کے پورا ہونے کی رات۔ اور کہا جاتا ہے"بدرُ تَمام و بدرُ تِمامٌ" "لَيْلَةُ التَمام" جاڑے کی لمبی رات۔

التَمامَة: بقیہ۔

التَتِمَّة: جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔

التَمِيْم: مضبوط۔پورے قد و قامت والا۔

التَمِيْمَة: تعویذ۔ج تَمائم و تَمِيْمات: اور"اِماطَةُ التَمائِم" کنایہ ہے بڑے ہونے سے۔

تَمْتَمَ تَمْتَمَةً. في الكلام: جلدی جلدی بولنا اور واضح نہ کرنا۔صفت(تمتام) مؤنث تَمْتامَة.

تَمرهٗ (ن تَمْرًا وتَمَّرَه: کھجور کھلانا۔ اللَحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا اور خشک کرنا۔

اَتْمَرَ و تَمَّرَ. الرُطَبُ: خشک کھجور ہونا۔ النَخْلَةُ: پھل دار ہونا۔اَتْمَرَ القومُ: بہت کھجوروں والا ہوا۔

تَتَمَّرَ. اللَحْمُ: خشک ہونا۔

التَمْرُ: خرما۔واحد تَمْرَة. ج تَمَرات و تُمُور و تُمران. التمرة: چابک کے سرے کی گرہ۔

التَمرُ الهِنْدِي: املی۔

التَمّار: خرما فروش۔

التَامِرُ: بہت کھجور والا۔ کھجور والا۔

المُتَمُوْرُ: کھجور کا توشہ دیا ہوا۔

التَمرِيُّ: کھجوروں کا شائق۔

التَّامُري والتَامُوْري: انسان۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ تَامُوْرٌ اَوْ تُؤْمُور" گھر میں کوئی نہیں یا کچھ نہیں۔

تَمُوْز وتَمُّوْز: ترکی مہینہ۔ مطابق ماہ جولائی۔

التِمْسَاح: گھڑیال۔ج تَماسِيح.

تِمْساح ج تَماسِيْح: گوہ کی شکل کا ایک جانور بڑے جسم والا لمبی دم والا چھوٹے پاؤں والا سر، دم اور پیٹھ پر کچھوے کی طرح مضبوط جلد۔ جس کو مگرمچھ بولتے ہیں۔

تَمِه (س تَمَهًا وتَمَاهَة. الطَعَامُ: بُو یا مزہ خراب ہونا۔صفت(تَمِه) تَانَّ. بَيْنَهُمَا: مقابلہ کرنا۔اندازہ کرنا۔

اَتَنَّ. المَرَضُ الصَبِيَّ: بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعول(مَتِيْن). الرَّجُلُ: دور ہونا۔

التِنُّ: شخص۔ مثل۔ ہمسر۔ج اَتْنان.

التِّنِّيْن: مچھلی۔ اژدھا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ ج تَنَّانِيْن.

تَنَأَ (ف) تُنُوْءًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت (تانئ) ج تُنَّاء.

اَلتَّنُّوْب: واحد اَلتَّنُّوْبَةُ۔ صنوبر کی قسم کے مشہور درخت جس کا تنا سیدھا لمبا ہوتا ہے عام باغوں میں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

التِّنْبَك والتُّنْبَاك: تمباکو۔

التِّنْبَل والعِنْبَال والتِّنْبُول والتِّنْبَالَة: پست قد۔ کند ذہن۔ سُست ج تَنَابِيْل وتَنَابِلَة.

التِّنْبُلُ والتَّانبُوْل: پان۔

التَّنْجرة: ہانڈی۔ دیگ (جدید)

اَلتَّنْجِيْن: تنگسٹن ایک دھات جو بجلی کی تاروں میں استعمال ہوتی ہے۔ اور فولاد جوڑا جاتا ہے۔ علامت دھا "W"

تَنَخَ (ن) تُنُوْخًا وتَنَخَ وتَتَنَّخَ. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

تَنِخَ (س) تَنْخًا: بدہضمی ہونا۔

اَتْنَخَهُ: مبتلاء بدہضمی کرنا۔

التَّنُّوْب: صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تَنُّوْبَة.

التَّنُّور: تنور۔ ج تَنَانِيْر.

اَلتَّنَّار: تنور بنانے والا۔

التَّنْضُب (دیکھئے مادہ نضب)

التَّنُوْفَةُ والتَّنُوْفِيَة: بے پانی کا جنگل۔ ج تَنَائِف.

التَّنَك: ٹین (جدید)

التَّنَكْجِي: ٹین بنانے والا۔ (جدید)

تَهْتَهَ: لغویات میں مشغول ہونا۔

التَّهَاتِه: لغویات، باطل باتیں۔

تَهِمَ (س) تَهَمًا. اللَّحْمُ: خراب ہونا۔ صفت (تَهِم)

اَتْهَمَ وتَاهَمَ وتَتَهَّمَ: سرزمین۔ تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔

التَّهَمَة: بدبو۔

تِهَامَة: مکہ معظمہ۔ ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کے لیے تهامی و تهام۔ ج تَهَامِيُّوْن وتهامُوْن.

اِتَّهَمَ وتُهْمَة (دیکھئے مادہ وہم)

تَهِنَ (س) تَهَنًا: صفت (تَهِن)

تَهَا (ن) تَهْوًا: غافل ہونا۔

التِّهْوَاء: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَى تِهْوَاء مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔

التُّوُّ: اکیلا۔ ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَتْوَاء: کہا جاتا ہے "جَاءَ تَوًّا" وہ قصد کرکے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکتی۔

تَابَ (ن) تَوْبًا وتَوْبَةً وتَابَةً ومَتَابًا وتَتْوِبَةً. اِلَى اللهِ: گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم وپشیمان ہونا۔ صفت (تائب) اللّٰهُ عَلَيْهِ: بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت (تَوَّاب)

اِسْتَتَابَهُ: توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔

التُّوْت: توت کا درخت۔ توت کا پھل۔

اَلتُّوْتِيَا: یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔

تَاجَ (ن) تَوْجًا: تاج پہننا۔

تَوَّجَهُ: تاج پہنانا۔

تَتَوَّجَ: تاج پہننا۔

التَّائِج: تاج والا۔

التَّاج: شاہی ٹوپی۔ ج تِيْجَان. تَاجُ الْجَبَّارِ: ستارے۔ تَاجُ الْعُمُوْدِ: ستون کے بالائی حصہ کے نقش ونگار۔

اَلتَّوِيْجِيَّة: پانچ قسم کے پھولوں کا گلدستہ۔

تَاخَ يَتُوْخُ تَوْخًا: لَهُ الشَّيءُ: تیار ہونا۔

تَاخَتْ (ن) تَوْخًا وتَوَخًا. الْاِصْبَعُ فِي الْجِسْمِ الْوَارِمِ اَوِ الرَّخْوِ: انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔

التُّوْذَرِي والتُّوذَرِي: ایک دوا کا نام

تَارَ (ن) تَوْرًا. الْمَاءُ: جاری ہونا۔

اَتَارَه اِتَارَة: بار بار لوٹانا۔

التَّوْر: چھوٹا برتن۔ قاصد۔

التَّارَة (دیکھئے تار)

التَّوْرَاة والتَّوْرِيَة: آسمانی کتاب جو سیّدنا موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔ ج تَوْرَات وَتَوْرِيَات.

تَازَ (ن) تَوْزًا. الشَّيءُ: سخت ہونا۔

تَافَ (ن) تَوْفًا. الْبَصَرُ: نگاہ کا چندھیا جانا۔

التَّافَةُ والتَّوْفَةُ والتُّوفَةُ: عیب۔ کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ تَوْفَة" اس میں کوئی عیب نہیں۔ گناہ۔

تَاقَ (ن) تَوْقًا وتُؤُوْقًا وتَوَقَانًا وتَوقانًا وتِيَاقَةً. ہٗ واِلَيْهِ: شائق ہونا۔ اِلَى الْغَايَةِ: جلدی کرنا۔ صفت (تَائِق وتَوَّاق). عَيْنُهُ بِالدُّمُوْعِ: بہنا۔ تَاقَ مِنْهُ: ڈرنا بِنَفْسِهِ: جان دینا۔

تَتَوَّقَ. اِلَى الشَّيءِ: آرزومند ہونا۔ شائق ہونا۔

تَالَ يَتُوْلُ تَوْلًا: جادو کرنا۔ جادو کا علاج کرنا۔

التُّوَلَة والتِّوَلَة: مصیبت ج تَوَالات۔

التُّوَلَة والتِّوَلَة: جادو وغیرہ۔

التُّوْمَة: موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ۔ بالی۔ شتر مرغ کا انڈا۔ ج تُوَم وتُوْم: توم کو عوام ثوم (لہسن) کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔

المُتَوَّم: مالا پہنا ہوا۔ کان میں بالی پہننے والا۔

تَتَاوَنَ وتَنَاءَنَ. الصَّيْدَ: کبھی دائیں کبھی بائیں سے حملہ کرنا۔

اَتُّوْنُ. الْحَمَّامِ: حمام کی بھٹی۔

تَاهَ (ن) تَوْهًا: ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فاسد العقل ہونا۔

التَّوْه والتُّوْه: ہلاکت۔ فلاة تَوْهٌ: گمراہ کردینے والا بیابان۔ ج اَتْوَاه و ج ج تَاوِيْه.

تَوَّهَهُ واَتَاهَهُ: ہلاک کرنا۔

تَوِيَ (س) تَوًى. المالُ: برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (تَوٍ وتَاوٍ) کہا جاتا ہے

"لاتوی علَیْهِ" اسے کوئی نقصان نہیں۔
اَتوَاہ اِتوَاءً. اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
المَتوَاۃ: باعث ہلاکت۔ باعث نقصان کہتے ہیں "الشُّحُ مَتوَاۃ" بخل باعث نقصان ہے۔ ج مَتَاوٍ ومَتْویَات.
التِّیَاتْرُو: تھیٹر۔ اس کی عربی مُمَثَّل ہے اور مولدین کے نزدیک مَسْرَح.
اَلتِّیَاتْرُو: فن کار
تَاحَ (ض) تَیحًا. لَه: مقدر ہونا۔ تیار ہونا فِي مَشْیِهٖ: جھکنا۔
اَتَاحَہ اِتَاحَۃً: تیار کرنا۔ مقدر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَاحَ اللّٰهُ لَهُ الشَّرَّ" اللہ نے اس کے لیے شر کو مقدر کر دیا۔
المُتَاح والمِتْیَاح: امر مقدر۔ فیصل شدہ۔
التَّیَّاح والتِّیحَان والتَّیِّحَان والتَّیحَان والمِتیَح: لایعنی اُمور میں مشغول ہونے والا۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ تَیِّحٌ" ہمیشہ بلا میں مبتلا رہنے والا مرد۔
تَاخَہُ (ض) تَیخًا: کھجور کی چھڑی سے مارنا۔
المِتیَخۃ: کھجور کی چھڑی۔
التَّیْد: نرمی، کہا جاتا ہے "تَیْدَكَ زیدًا" زید سے نرمی کر۔
تَار (س) تَیَرَانًا. البَحْرُ: جوش میں آنا۔
التَّیَّار: جوش مارنے والے سمندر کی لہر۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ عِرقًا تَیَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا۔ "فَرَسٌ تَیَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔
التِّیَر: تکبر و غرور۔
تَارَۃً (دیکھئے تَار)
تَازَہُ (ض) تَیزًا و تَایَزَہٗ: غلبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَازَ السَّهْمُ فِي الرَّمِیَّةِ" شکار میں تیر نے حرکت کی۔
التَّیَّاز: پست قد سخت جوڑوں والا۔
تَاسَ یَتِیسُ. الجَدْیُ: بکرا بن جانا۔
تَیَّسَ. فَرَسَہ: سدھانا ــہٗ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔
تَایَسَ: مدافعت کرنا۔
تَتَایَسَ. المَاءُ: موجوں کا ٹکرانا۔ (او اِسْتَتْیَسَ) الغز: بکری کی طرح ہو جانا۔
التَّیْس: بکرا۔ جنگلی بکرا۔ نر ہرن۔ ج تُیُوس واتیاس وتِیَسَۃ. لِحْیَۃُ التیس: ایک قسم کی نباتات۔
التَّیْسِیَّۃ والتَّیُوسِیَۃ: بکرے جیسی طبیعت۔ کہتے ہیں۔ فِي فُلَانٍ تَیْسِیَّۃ وتُیُوسِیَّۃ
التَّیَّاس: بکری والا۔
الاَتیَس: بکری جیسا۔
تَاعَ (ض) تَیْعًا و تَیَعًا وتَیَعَانًا. القَيءُ: نکلنا۔ المَاءُ: بہنا اور زمین پر پھیلنا۔
الیه: جلدی کرنا اور مشتاق ہونا۔ (تَیْعًا) الطَّرِیقَ: طے کرنا۔ السَّمنَ: روٹی کے ٹکڑے سے گھی اُٹھانا۔
اَتَاعَ. مَا اَکَلَہٗ: اُلٹی کر دینا۔ الشَّيءَ: لوٹانا۔
تَتَیَّعَ. اِلَی الشَّرِ وَ (تَتَایَعَ) فِي الشَّرِّ: بُرائی کی طرف سبقت کرنا۔ صفت (تَیِّع وتَیِّعَان)
الرِّیحُ بِالوَرَقِ: اُڑا لے جانا۔ تَتَیَّعَ فِي الامر: اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ یَتَتَایَعُ فِي الْاُمُورِ" وہ اپنے آپ کو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔
تَاكَ (ض) تُیُوکًا: بیوقوف ہونا۔ صفت (تائك) اَحْمَقُ تَائِكٌ: بہت بیوقوف۔
اتاكَ. الشَّعْرَ: اُکھیڑنا۔
تِیكَ: مؤنث کے لیے اسم اشارہ۔ اس کی تصغیر (تَیَّاكَ) ہے اور اس پر ھاء تنبیہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھاتیك)
تَامَہُ (ض) تَیْمًا و تَیَّمَہُ. الحبُّ: غلام بنا دینا۔ ذلیل کر دینا۔
التَّیم. س۔ عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی۔ غلام کہا جاتا ہے "هُوَ تَیْمُ اللّٰهِ" وہ اللہ کا بندہ ہے۔
التِّیمَۃ والتِّنمۃ: بکری جو گھر میں چارہ دے کر دوہی جائے۔ بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے۔
التَّیمَاء: بیابان۔ نام ایک مقام کا۔
التِّین: انجیر۔ انجیر کا درخت۔ واحد (تِینَۃ)
المَتَانَۃ: وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت بوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَتَانَۃٌ" بہت انجیر والی سر زمین۔
التَّیَّان: انجیر بیچنے والا۔ انجیر خشک کرنے والا۔
تَاہَ (ض) تَیْهًا. تکبر کرنا (تَیْهًا وتَیهَانًا) سر گشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت (تَیَّاہ وتَیْهَان)
التَّبُّوعُ: ہر ترکاری جس کا دودھ نکلے جب اس کو کاٹا جائے۔
اَلتِّیُوقَرَاطِیَّۃُ: وہ حکومت جس کے قائم ہونے کے متعلق نظریہ ہو کہ اللہ کی قائم کردہ اور اس کو چلانے والے خداتعالیٰ کے نمائندے ہیں۔
تَیَّہَ واَتَاہَ. ــہ گمراہ کرنا۔ ضائع کرنا۔
التَّائِہ والتَّیْهَان والتَّیَّاہ والتَّیِّهَان: متکبر۔ مغرور۔
التِّیه: ڈینگ۔ غرور۔ گمراہی۔ چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے۔ ج اَتیَاہ واَتَاوِیه واتاوهَۃ.
اَرْض تَیهَاء ومَتْیَهَۃ ومَتِیهَۃ ومَتْیَه وتَیْه: راستہ بھٹکانے والی سر زمین۔

ث

ث: الثاء بنیادی حروف میں سے چوتھا حرف ہے۔ حروف لثوبہ سے ہے۔ حساب جمل میں اس کی گنتی (۵۰۰) ہے۔

ثَئِبَ (س) ثَأَبًا وثُئِبَ وتَثَاءَبَ: جمائی لینا. صفت (مَثْئُوب) **وتَثَائب الْاَخْبَارَ**: جستجو کرنا۔

الثأب والثُوَبَاء والتَثَائُب: جمائی.

ثأثأ: پیاسا رکھنا۔ سیراب کرنا **النَّارَ** آگ بجھانا **الغضبَ**: غُصہ ٹھنڈا کرنا ٥ **عَنِ الْاَمْرِ**: کسی کام سے روکنا۔

ثأَجت (ف) ثاجًا. الْغَنَمُ: ممیانا۔

الثُوَاج: بھیڑ بکری کی آواز۔

ثَئِدَ (س) ثَأدا. النَّبْتُ: شاداب ہونا۔ **الرَّجُلُ اَوِ الْمَكَانُ**: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (ثئِد و ثَئِيْد)

الثأد والثأد: نمناک مٹی۔ تری. سردی۔ بُرا کام۔ نرم وسر سبز نباتات۔

الثأَدَ: موٹی عورت۔

الثأَدَاء: لونڈی۔ "مَا اَنَا ابْنُ ثَادَاء" میں عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔

الثأَدَ: موٹاپا۔

ثأَرَ (ف) ثأرًا. القَتِيْلَ وَبِالْقَتِيْل: خون کا مطالبہ کرنا۔ قاتل کو قتل کرنا۔ صفت (ثَائِر) کہا جاتا ہے "ثَارَه بِكَذَا" یعنی اس نے فلاں کے ذریعہ خون کا بدلہ لیا "وَثِئَرَ زَيْدٌ". زید سے خون کا بدلہ لیا گیا۔

اَثأرَ واِثَأرَ. مِنه: خون کا بدلہ لینا۔

اِسْتَثْأَرَ: خون کا بدلہ لینے کے لیے فریاد کرنا۔

الثأر والثُؤْرَة: خون کا بدلہ۔ جرم کا بدلہ۔ ج **اَثآرَ وآثار وثآئِر**: کہا جاتا ہے "هُوَ ثَأرُكَ" وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے۔ "ویا ثأراتِ فُلَانٍ" اے فلاں کے قاتلو! "والثارُ الْمُنِيم" خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام سے سو رہے۔

ثَئَطَ (ف) ثَأْطاً. اللحْمُ: خراب ہونا۔ بگڑنا۔

ثُئِطَ. الرَّجُلُ: زُکام ہونا صفت (مثؤط)

الثُؤَاط: زکام۔

الثَأطَة: بدبودار کیچڑ۔ اور اسی سے مثل ہے "ثَاطَةٌ مدّت بِمَاء" اس وقت بولتے ہیں جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری خرابی ہو جائے۔ جیسے "اُردو میں مفلسی میں آٹا گیلا" ج ثَأط.

الثَاطَاء: بیوقوف عورت۔

تُؤْلِلَ وتَثَالل جَسَدُه: مسے والا ہونا۔

الثُؤلُول: مسہ۔ پستان کا سرا۔ بھٹنی ج ثآلِيْل.

ثَأى (ف) ثأيًا واَثْاَى. الشَّئَ چیرنا۔ پھاڑنا۔ کمزور کرنا۔ فاسد کرنا۔ **واثأى فِي الْقَومِ** کشت وخون کرنا۔

ثَئِيَ (س) ثَأىً. الشئُ: چھد جانا۔

الثَأىُ: زخم کے نشان۔

الثَأى. مع کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْاَبُ الثَأىَ" فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے۔

ثَبَّ (ن) ثبابًا: جم کر بیٹھنا۔ وقار سے بیٹھنا **الْاَمْرُ**: پورا کرنا۔

ثَبُتَ (ک) ثَبَاتَةً وَ ثُبُوتَةً: بہادر ہونا۔ صاحب عزم ہونا۔

ثَبَتَ (ن) ثَبَاتًا وثُبُوْتًا. فِي الْمَكاد ٹھہرنا۔ قیام کرنا **على الأمر**: مداومت کرنا۔ صفت (ثابتٌ وثَبِيْتٌ وثَبْتٌ) **الامرُ عنده**: ثابت ہونا۔ موکد ہونا۔

ثَبَّتَهُ واَثْبَتَهُ: ثابت کرنا **الحق**: دلائل سے موکد کرنا۔ نام درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَه فأثْبَتَ فِيْهِ الرُمْحَ" اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسا دیا۔

اَثْبَتَ وثابتَ. الامرَ: پوری طرح سے پہچاننا۔

اِسْتَثْبَتَ وتَثَبَّتَ. فِي الْاَمْر والرَّاى: جلدی نہ کرنا۔ مہلت سے کام لینا۔ مشورہ کرنا۔ اور حقیقت کی جستجو کرنا۔

الثَبَت: ثابت ہونا۔ حجت۔ دلیل۔ کہا جاتا ہے "لا احْكُمُ اِلَّا بَثَبَتٍ" میں بغیر حجت و برہان کے فیصلہ نہیں کرتا۔

الثِبَات: برقع کے بند۔ کجاوہ باندھنے کے تسمے۔

الثُبَات: ایسی بیماری جو حرکت سے عاجز کر دینے والی ہو۔ بہادر شہسوار جس کا حملہ بھرپور ہو۔

الْاِثبَات: ایجاب۔ نفی کی ضد۔

الْاَثْبَات: قوم کے معتبر لوگ۔ مفرد ثَبْتٌ کہا

جاتا ہے "فلانٌ ثَبتٌ مِنَ الأثباتِ" یہ مجاز ہے جیسے کہ "فلانٌ حُجةٌ" جبکہ روایت میں ثقہ ہو۔

التَّوابت مِنَ النُّجوْمِ: سیاروں کے علاوہ ستارے۔ واحد ثابِتةٌ.

المُثْبَت: مع۔ تسموں سے بندھا ہوا۔

مَرِيْضٌ مُثْبَت: زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے سے جدانہ ہونے والا۔

التَّثْبِيت: عیسائیوں کے نزدیک سات رازوں میں سے ایک راز

ثَبَجَ(ن) ثَبْجًا وَ ثَبَّجَ. الكَلامَ: ٹھیک طریقے سے گفتگو نہ کرنا الخطَّ: تحریر میں غیر معروف طریقہ استعمال کرنا۔

ثَبِجَ(ض) ثَبْجًا وَثُبُوْجًا: پاؤں کی انگلیوں پر بیٹھنا۔

ثَبَّجَ وتَثَبَّجَ الرَّاعی بالعَصَا: لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا۔

اِثْبَاجَّ. السِّقاءُ: بھر جانا الرجلُ موٹا اور ڈھیلا ہونا۔

الثَّبج: کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ "الثَّبجُ مِنْ کُلِّ شَیءٍ" درمیانی حصہ۔ بڑا حصہ۔ بلند حصہ۔ ج "أثْباج وثُبُوج" کہا جاتا ہے۔ "یرْکَبُوْنَ ثَبَجَ هذَا البَحْرِ" وہ لوگ اس سمندر کے بڑے حصے پر سوار رہ گئے۔ "وتسنَّمتِ الحُمُرُ أثْبَاجَ الآکامِ" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں پر چڑھ گئے۔

الأثبَج: چوڑی پیٹھ والا۔ کبڑا۔

رجلٌ مُثَبَّجٌ: لمبا بے ڈول مرد۔

ثَبَرَهٗ (ن) ثَبْرًا: لعنت کرنا۔ دھتکارنا۔ محروم کرنا۔ ہلاک کرنا عَنْ کَذا: روکنا، ہٹانا۔ (ثُبُوْرًا) ہلاک ہونا۔

ثَبِرَت (س) ثَبَرًا. القرْحَةُ: پھٹنا اور بہنا۔

ثَابَرَ ثِبَارًا ومُثَابَرَةً. عَلَی الأمْرِ: مداومت کرنا۔ ہیشگی کرنا۔

ثَبَّرَ. فُلانًا بالشَّیءِ: کسی کو کسی چیز پر روک دینا اللهُ فُلانًا: ہلاک کرنا۔

تَثَابَرُوْا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الثَّبرة: نرم زمین۔ زمین یا پہاڑ کا گڑھا۔

المَثْبِر: نوچڑ خانہ۔ عورت یا اونٹنی کے جننے کی جگہ۔

المُثَبَّر: روکا ہوا۔ محروم۔

ثَبَطَهٗ(ن) ثَبْطًا و ثَبَّطَهٗ. عَنِ الأمْرِ: روکنا باز رکھنا عَلَی الأمْرِ: کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا۔

اَثْبَطَهٗ. المرضُ: بیماری کا جدا نہ ہونا۔

تَثَبَّطَ. عَنِ الأمْرِ: دیر لگانا۔ رکنا۔

الثَّبِط: کمزور۔ بیوقوف۔ ج اَثْباط وثِباط مؤنث ثَبِطةٌ

ثَبَقَ(ض) ثَبْقًا وثَبَاقًا. النَّهرُ: پانی کی زیادتی سے تیز بہنا العینُ جلدی آنسو بہانا۔

الثُّبل والثُّبل: برتن کی تلی کا باقی ماندہ

ثَبَنَ(ض) ثَبْنًا وثِبانًا. الثوبَ: کنارہ موڑ کر سینا۔ (وتَثَبَّنَ) الشیءَ: پھانٹر میں لینا۔ پائجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا۔

الثُّبْنَة. ج ثُبَن و (الثِّبَان) ج ثُبُن: پھانٹر۔

الثِّبَان: چادر کا کنارہ جبکہ اس کو موڑ لیں۔

المَثْبَنَة: تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے۔ ج مَثابن.

ثَبَی(ض) ثَبْیًا. الشیءَ: جمع کرنا۔

ثَبَّی. الشیءَ: جمع کرنا۔ تعظیم کرنا۔ درست کرنا۔ پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثَبَّی اللهُ لَهُ النِّعَمَ" اللہ تعالیٰ نے اسے نعمتوں کے انبار دیئے عَلَی الأمْرِ: ہمیشہ رہنا عَلَی فُلانٍ: کسی کے خلاف مدد طلب کرنا۔

الثُّبَة: حوض کا درمیان۔ جماعت۔ شہسواروں کی جماعت۔ ج ثُبَاتٌ وثُبُونَ.

الأُثْبِیَّة: بڑی جماعت۔ ج أَثَابیُّ.

الثَّبِیُّ: لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا۔

ثَتِنَ (س) ثَتَنًا. اللحمُ: بدبودار ہونا۔

اللثةُ: ڈھیلا ہونا۔ صفت ثَتِنةٌ.

ثَجَّ (ن) ثُجُوجًا. الماءُ: بہنا (ثَجًّا) الماءَ: بہانا۔

اِنْثَجَّ. الماءُ: بہنا۔

الثَّجَّة: باغ جس میں حوض ہو۔ ج ثَجَّات

مَطَرٌ (ثَجَّاجٌ): بہت برسنے والی بارش۔

عَيْنٌ (ثَجُوجٌ): بہت پانی والا چشمہ۔

الثَّجِیج: زبردست سیلاب۔ الثَّجِیْجَة: دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے۔

المِثَجّ: زبان آور خطیب۔

ثَجْثَجَ. الماءَ: بہانا۔ تَثَجْثَجَ: بہانا۔

ثَجَرَ(ن) ثَجْرًا. التمرَ: کھجور کو بسر کی کھل کے ساتھ ہلانا۔

ثَجَّرَهٗ: کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا۔

الثُّجْرَة: درمیان۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "أقَامُوا فِی ثُجْرَةِ الوَادِی" انہوں نے وادی کے درمیان اقامت کی۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا اردگرد۔ ج ثُجَر: کہا جاتا ہے "طَعَنُوْهُمْ فِی الثُّغَرِ والثُّجَرِ"

الثَّجْر والثَّجِر والأَثْجَر. مِنَ الوَرَقِ وَنَحْوِهٖ: موٹا اور چوڑا۔

ثَجِلَ(س) ثَجَلاً: بڑے پیٹ والا ہونا صفت (اثْجَل) مؤنث ثَجْلاء ج ثُجْل. کہا جاتا ہے "مَزَادَةٌ ثَجْلاءُ" کشادہ توشہ دان۔

ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا واَثْجَمَتْ. السَّمَاءُ: جلدی سے برسنا۔ ثَجَمَه عَنْهُ: جلدی سے باز رکھنا۔

ثَجَا(ن) ثَجْوًا: خاموش رہنا۔

اَثْجَاه: خاموش کرنا۔

ثَخُنَ(ک) ثِخَنًا وثَخَانَةً وثُخُوْنَةً: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (ثَخِیْنٌ) ج ثُخَناءُ.

اَثْخَنَ. فِی الأمْرِ: مبالغہ کرنا فِی العَدُوِّ: خونریزی میں مبالغہ کرنا فِی الأرضِ: سخت خونریزی کرنا۔ اَثْخَنَتْهُ الجراحُ: سست وکمزور کرنا۔

اِثَّخَنَ: سست وکمزور ہونا۔

اِسْتَثْخَنَ. منه المرضُ او النومُ: غالب آنا۔

ثَدَغَ(ف) ثَدْغًا. راسَهٗ: کچلنا۔ پھوڑنا۔

اِنْثَدَغَ: کچلا جانا۔

ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا. المطرُ: بارش ہونا

السحاب: برسانا۔ صفت ثاوق.
إنثدق. الناسُ عليه: حملہ کرنا۔
ثَدَّمَ. الابريقَ: چھننا لگانا۔
الثدم: گفتگو اور حجت میں عاجز۔ بیوقوف سست۔ مؤنث ثَدمة.
الثِدام: چھننا۔
ثَدِنَ (س) ثَدَنًا. اللحم: بدبودار ہونا۔
(وثدّن) الرجلُ: پُرگوشت اور بھاری ہونا صفت (ثدِن ومُثَدَّن)
اَثْدَنَ. الشَّيُّ: چھوٹا کرنا۔
ثَدَاه (ف) ثَدْوًا: ترکرنا۔
ثَدِی (س) ثَدًی: ترہونا۔
الثَدْی والثَدَی: پستان (مذکر ومؤنث) ج ثُدِیّ وثِدِی واَثْدٍ.
الثَدْیاء: بڑی پستان والی عورت۔
ثَرَّ (ن ض) ثَرًّا وثُرُوْرًا وثَرُوْرَةً وثَرارَةً. الشَّیُّ: کشادہ ہونا السَّحابَةُ او العَیْنُ: بہت پانی والا ہونا۔ صفت مؤنث (ثَرَّة وثُرُوْر) صفت مذکر (ثَرٌّ) ج ثِرار: کہا جاتا ہے۔ "مَطَر ثَرٌّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "و فرس ثَرٌّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "شَاةٌ ثَرَّةٌ" کشادہ سوراخ۔ پستان۔ اور زیادہ دودھ والی بکری۔
ثَرَّهُ (ن) ثَرًّا: متفرق کرنا السَّحابَةُ مائَها: برسانا۔
ثَرَّ المکانَ: ترکرنا۔
الثَرُّ: بہت بولنے والا۔
الثارَّة: بہت بولنے والی۔
الثَرَّارة. من العُیُون: بہت پانی والا چشمہ۔
ثَرَبَه (ض) ثَرْبًا وثَرَّبَهُ وثَرَّبَ عَلَیْهِ واَثْرَبَهُ: ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔
"اَثْرَبَ الکَبْشُ" زیادہ پردے کی چربی والا ہونا۔ صفت (اَثْرَب) مؤنث ثَرْباء.
الثَرْب: پردے کی چربی۔ ج ثُرُوْب و اَثْرُب جج اَثارِب.
ثَرْثَرَ ثَرْثَرَةً. الشَّیءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا الکلامَ: واہی تباہی بک بک کرنا۔ صفت (ثَرْثار)

ثَرَدَ (ن) ثَرْدًا واثَّرَدَ واثْتَرَدَ. الخُبْزَ: روٹی توڑ کر شوربے میں ترکرنا۔ صفت مفعولی (ثَرِیْد ومَثْرُوْد) ثرید تیار کرنا ثَرَّدَ الثوبَ: کپڑا رنگ میں بھگونا۔
ثُرِدَ وثُرِّدَ. مِنَ المَعْرَکَةِ: میدانِ جنگ سے زخمی اُٹھایا جانا۔
الثَرْد: ہلکی بارش۔
الثَرَد: ہونٹوں کی پھٹن۔
الاَثْرَد: پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔
الثَرِید والثَرِیْدَة: شوربے میں ترکی ہوئی روٹی۔ ج ثرائد وثُرُود.
اَرْضٌ (مَثْرُوْدَةٌ ومُثَرَّدَةٌ) زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ثَرِعَ (س) ثَرَعًا. الرَّجُلُ: طفیلی ہونا۔
الثُرْعُلَة: مرغ کی گردن کے پر۔
الثُرْعُل: مادہ لومڑی۔
الثُرْعُوْل: ایک قسم کی گھاس۔
ثَرَمَهُ (ض) ثَرْمًا واَثْرَمَه: جڑ سے دانت توڑنا۔
ثَرِمَ (س) ثَرَمًا وانْثَرَمَ: ٹوٹے ہوئے دانت والا ہونا۔ صفت اَثْرَم. مؤنث ثَرْماء ج ثُرْم.
الثَرْمَان: ایک درخت ہے اُشنان کی مانند جس کی اُونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔
الاَثْرَمان: شب وروز۔ زمانہ وموت۔
ثَرَا (ن) ثَراءً وثَرِی (س) ثَرًی. الرَّجُلُ: بہت مال والا ہونا۔ ثَراهُ: مالداری میں بڑھ جانا۔ ثَرَ اللّٰهُ القومَ: زیادہ کرنا۔
اَثْرٰی اِثْراءً: بہت مال والا ہونا۔ صفت (ثَرِیٌّ و مُثْرٍ واَثْرٰی) مؤنث ثَرْواء.
الثَراء والثَرْوَة: مال یا قوم کی کثرت۔
الثُرَیَّا: مالدار عورت (ثَرْواء کی تصغیر، ستاروں کے مجموعے کا نام۔ جھاڑ۔
الثَرْوان: بہت مال والا۔
ثَرِیَ (س) ثَرًی واَثْرٰی. التُرابُ: خشک ہونے کے بعد تر و نرم ہونا۔ صفت (ثَرٍ واَثْرٰی) مؤنث ثَرِیَة وثَرْیاء. اَثْرَتِ الارْضُ: زمین کا نمناک ہونا۔
ثَرّٰی. هٗ: ترکرنا المکانَ: چھڑکنا۔
الثَرٰی: تری۔ (والثراء) نمناک مٹی۔ خیر ج اَثْراء. کہا جاتا ہے "یَبِسَ الثَرٰی بَیْنَهُم" یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد دشمن ہوگئے۔ و "فُلانٌ قَرِیْبُ الثَرٰی" یعنی فلاں خیر سے قریب ہے۔
الثَرِیُّ والثَرٰی. مِنَ المالِ: بہت مال.
رِماحٌ ثَرِیَّة: بہت نیزے۔
ثَعَّ (ض) ثَعًّا: کھایا ہوا قے کردینا۔
اِنْثَعَّ. الاٰکِلُ مِنْ فَمِهٖ والدَّمُ مِنْ اَنْفِهٖ اَوْجُرْحِهٖ: قے ہونا۔ نکلنا۔ بہنا۔
ثَعَبَ (ف) ثَعْبًا. الماءَ: جاری کرنا۔ عَلَیْهِمُ الغارَةَ: لوٹ ڈالنا۔
اِنْثَعَبَ. الماءُ: نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا۔
الثَعَب: وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج ثُعْبان. ماءٌ اَوْدَمٌ ثَعْبٌ و ثَعَبٌ و اُثْعُوْبٌ: بہتا ہوا پانی یا خون۔
الثُعْوُب: پت۔
الثُعْبَة والثعبة: خبیث قسم کا گرگٹ۔
المَثْعَب: نالی یا پرنالہ۔
الثُعْبان: نر سانپ۔ اژدہا۔ ج ثَعابِین.
ثَعِطَ (س) ثَعَطًا. اللَّحْمُ اَوِ الماءُ: بدبودار ہونا الشَّفَةُ: سوجنا اور پھٹنا۔
الثَعْطَةُ: گندہ انڈا۔
ثَعِلَتْ (س) ثَعَلًا. اَسْنَانُهٗ: ایک دوسرے کے اُوپر دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَثْعَل) مؤنث ثعلاء ج ثُعْل.
اَثْعَلَ. الاَمْرُ: دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے الضُیُوفُ: بہت ہونا۔
الثَعَل. اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن میں بانکھ کی زیادتی۔ ج ثُعُول.
الثُعْل: ایک قسم کا کیڑا جو مشک میں بدبو ہونے پر پیدا ہو جاتا ہے۔
الثُعْلُول: غضبناک۔

ثُعالة: مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)
اَرضٌ (مُثعَلةٌ:) بہت لومڑیوں والی زمین
ثَعلَب وتَثعلَب: لومڑی کی طرح مکر وفریب کرنا۔
الثَعلَبُ: لومڑی۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے بال ہر سال گر جاتے ہیں اور اسی سے ہے "دَاءُالثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثَعلَبَة اور نر کو ثُعلُبان کہتے ہیں۔ اور ثَعلَبٌ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے۔ ج ثَعالِب وثَعالِ.
الثَعلَبُ: بھالے کا سرا جو پھل کے اندر داخل ہو۔
الثَعلَبَة: دم کی ہڈی۔ سرین۔
عِنَبُ الثَعلَب: مکوے۔ کہا جاتا ہے "مَكانٌ (مُثعلِبٌ) و اَرضٌ (مُثعلِبَة) بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔
ثَغثَغ کَلامَهُ: خلط ملط ہونا۔ فَهُوَ ثَغثَع و ثُغثاغ کہا جاتا ہے۔ فلاں اپنی کلام میں خلط ملط کرتا ہے۔
ثَغَبَ (ض) ثَغبًا. الجمدُ: پگھلنا۔ الدَّمُ: بہنا۔
تَثغَّبَتْ. لثتهُ بالدَّمِ: مسوڑھے سے خون بہنا۔
الثغب ج ثِغاب واَثغاب و (الثَغَبُ) ج ثِغبان وثُغبان: پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں دھوپ نہ پہونچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو۔
ثَغَرَ (ف) ثَغرًا. الاناءَ: سوراخ کرنا یا توڑنا سِنَّه: اکھیڑنا الثُلمَةَ: بند کرنا الجدارَ: گرا دینا الرَّجُلَ: دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے "ثَغرَهُمْ وَثَغرَ عَلَيهِم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کردیا۔
ثُغِرَ واَثغَرَ. مُنه کچلا جانا الصبيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔
اِثَّغرَ واِتَّغرَ. الصَبيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔
الثَغرُ: اگلے دانت۔ منہ۔ سرحد۔ پہاڑ یا وادی کی کشادگی۔ ج ثغور: کہا جاتا ہے۔ "اَمسَوا ثُغورًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے۔
الثُغرَة: رخنہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ آسان راستہ۔ اور اسی سے ہے "هُوَ يَختَرِق ثُغر المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔
الثُغرُور: ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ۔
المَثغَر: منفذ۔
الثِغرَب: زرد دانت۔
اَثغَمَ. الوادی: درخت ثغامہ والی ہونا الراسُ: سفید ہونا الرَّجلَ: غضب ناک بنانا۔ مبتلاء بدہضمی کرنا۔
ثاغَمه: بوسہ دینا۔
الثَغِم: کاٹنے والا کتا۔
الثَغمُ: شکاری کتا۔
الثَغام: ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت واحد ثغامة.
الثاغِم: سفید۔
الثَقَلانُ: جن وانس
ثَغَتْ (ن) ثُغاءً. الشَّاةُ: ممیانا۔ کہا جاتا ہے "ماله ثَاغِية ولاراغِية" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ "وما بالدّار ثاغٍ ولاراغ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اَثغیٰ اِثغاءً. الشَّاةُ: ممیانے پر اکسانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيتُه فما اثغیٰ ولا اَرغیٰ" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔
الثَغيَة: بھوک۔ اور قبیلہ کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصابَ الحَيَّ ثَغيَةٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلاء ہے۔
ثَفَأ (ف) ثَفأً. القدرَ: جوش ٹھنڈا کرنا۔
الثُفّاء: رائی۔ واحد (ثُفّاءَة)
ثَفَد. الدرعَ: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا۔
الثَفافِيد: اوپر تلے سفید بادل (و المَثافِيد) کپڑوں کے استر. واحد مِثفَد.
اَثفَرَ وثَفَرَ. الحمارَ: پیچھے سے ہانکنا۔
اِستَثفَرَ. الکلبُ بذنبه: دم دبانا۔
المُصارِعُ بثوبِهِ: لنگوٹ کسنا۔
الثَفَر والثَفَر: زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ ج اَثفار.
ثَفَلَ (ن) ثَفلًا و ثَفَلَ. الرَّحيٰ: چکی کے نیچے چمڑہ بچھانا الشَيْءَ: یکبارگی بکھیر دینا۔
اَثفَلَ. الخمرُ: تھرنا الشَّرابُ: تلچھٹ والا ہونا۔
ثافَلَهُ: ہم نشینی کرنا۔
تَثفَّلَ: مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَثفَّلَهُ عِرقُ سُوءٍ" اس کو بد اصلی نے مجد وبزرگی سے کوتاہ بنادیا استهُ: بیٹھنا۔
الثَفال: سست رفتار اونٹ وغیرہ۔
الثِفال: چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ (والثُفال) چکی کا نچلا پاٹ۔
الثُفل والثافِل: تلچھٹ۔
ثَفَنَتْ (ض) ثَفنًا. النَّاقَةَ گھٹنے سے مارنا۔
ثَفَنَه: دفع کرنا۔ مارنا۔ ثَفَنَ الشَّيءَ: لازم ہونا۔
ثَفِنَتْ (س) ثَفَنًا. يَدُه: کام کرنے سے سخت ہونا۔ اَثفَنَ العَمَلُ يَدَهُ: سخت کردینا۔
ثافَنَهُ: ہم زانو ہوکر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ لگے رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کرلینا عَلیٰ کَذا: مدد کرنا۔
الثَفِنَة. مِنَ البَعِير: اونٹ کا وہ حصہ جو بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہوگیا ہو کہا جاتا ہے "خَویٰ البَعِيرُ عليٰ ثَفِناته" یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔ مِنَ الانسان: زانو مِنَ الخَيلِ: گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ. ج ثَفِنات
السَّفِنَة: لوگوں کی جماعت۔
ثَفا (ن) ثَفوًا. ہ: تابع ہونا پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔
اَثفیٰ. الرَّجُلُ: تین عورتوں سے نکاح کرنا (وَثَفّیٰ) القِدرَ: ہانڈی کو چولھے کے پایہ پر رکھنا۔
المُثَفّیٰ: وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو دفن کرچکا ہو۔
المُثَفّاة: وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر مرچکے ہوں۔

ثقَب (ن) **ثقبا. الشي**: سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ (**ثقُوبًا**) **النارُ**: روشن ہونا **النَّجم**: چمکنا **الطَّائِرُ**: اُونچا اُڑنا **النَّاقَةُ**: بہت دودھ والی ہونا **رَایُهُ**: نافذ ہونا **الرَّائحةُ**: پھیلنا۔

ثقُب (ک) **ثقَابَةً**: سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا۔ صفت (**ثقِیب**) مؤنث **ثقِیبَةٌ**.

ثقَّب وتَثقَّب. الشيَ: سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ **ثقَّبه الشَّیبُ وثقَّب فيه الشَّیبُ**: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ (**ثقَّب واَثقب**) **النَّارَ**: روشن کرنا (**تثقَّب وانثقب**) سوراخ ہونا۔

الثقبُ: سوراخ۔ ج **اَثقُب و ثقُوب**.

الثقبة: چھوٹا سوراخ۔ ج **ثقَب وثقُب**

الثقاب والثقُوب. چھپٹی۔ چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور جس کو عوام **شخط** یا **نفط** کہتے ہیں۔

الثاقِب. رَایٌ ثاقِبٌ: عمدہ رائے۔ "**عقلٌ ثاقبٌ**" عقل کامل۔ **حَسَبٌ ثاقِبٌ**: مشہور حسب کہا جاتا ہے **نحن اَثقَبُ النَّاسِ اَحسَابًا**" ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے مشہور ہیں۔

الاَثقُوب: امور میں بہت زیادہ دخل دینے والا۔

المِثقَب: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ مِثقَبٌ**" یعنی سمجھ دار تجربہ کار عمدہ رائے والا۔

المِثقَب والمَثقَب: بڑا راستہ۔ سخت و دشوار راستہ۔ کہا جاتا ہے "**هُوَ طَلَّاعُ المَثاقِب**" یعنی وہ بہادر ہے۔

المُثقَّب: سوراخ کیا ہوا۔

ثقِف (س) **وثقُف** (ک) **ثقفًا وثقَفًا وثقَافَةً**: زیرک وسبک وچالاک ہونا۔ صفت (**ثقْفٌ وثقِفٌ وثقُفٌ وثقِیفٌ**)

ثقفه (س) **ثقفًا**: کامیاب ہونا۔ فتح مند ہونا۔ پالینا۔ (**ثقفًا وثقَافَةً وثقُوفَةً**) **الكلام**: جلدی سے سمجھ لینا۔

ثقفه (ن) **ثقفًا**: دانائی میں غالب ہونا۔ **بالرمح**: نیزہ مارنا۔

ثقَّف. الرُمحَ: سیدھا کرنا **الولد**: مہذب بنانا۔ تعلیم دینا۔

ثاقفَهُ: ہتھیاروں سے باہم کھیلنا۔ دانائی میں غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "**ثاقفته فثقفته**" یعنی میں نے اس پر غالب آنے کی کوشش کی اور غالب ہو گیا۔

تثاقفا: باہم جھگڑا کرنا۔ دانائی میں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا۔

الثِقاف: جھگڑا۔ نیزوں کے سیدھا کرنے کا اوزار۔

اِمرَاَة (ثقاف) کوئی ذہین عورت۔

الثقِیف: بہت زیرک وچالاک۔ **خلٌّ ثقِیفٌ**: بہت کھٹا سرکہ۔

المُثقَّف: شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ۔

ثقُل (ک) **ثِقَلًا وثقَالةً**: بھاری ہونا۔ صفت (**ثقِیل وثقَال وثقال**) ج **ثقَلاء وثقَال وثقل السمعُ**: کچھ بہرا ہونا **القولُ**: سننا ناگوار ہونا **المَرْاَة**: حمل ظاہر ہونا۔

ثقَلَهُ (ن) **ثقلًا**: وزن معلوم کرنے کے لیے ہاتھ میں اٹھانا۔

ثقِل (س) **ثقَلا. المریضُ**: سخت بیمار ہونا۔

ثقَّلَهٗ: بوجھل کرنا **الحرفَ**: تشدید دینا **عَلَیه**: بھاری بوجھ لادنا **هُ المرضُ**: سخت ہونا۔ "**اثقلَتِ المَراَةُ**" حمل کا بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا۔

تثاقَل: بتکلف ثقل ظاہر کرنا **عنهُ**: دیر لگانا **القومُ**: باوجود مدد طلب کیے جانے کے مدد کے لیے نہ اٹھنا۔

اثّاقل. الی الدُّنیا: مائل ہونا۔

اِستثقل. الشَّيَ: بوجھل ہونا **الشيَ** بوجھل پانا **بفلان**: بوجھ کو محسوس کرنا۔

الثاقل: بوجھل۔ **مرض ثاقل**: سخت مرض۔ **دِینارٌ ثاقِلٌ**: پورا دینار۔ ج **ثواقِل**: کہا جاتا ہے "**اَصبحَ ثاقِلًا**" یعنی اس کو مرض نے بوجھل کر دیا۔

الثقَل: مسافر کا سامان اور اس کے نوکر چاکر۔ کہا جاتا ہے "**اَعطِه ثِقلَه**" اس کو اس کے برابر دیدو ج **اثقال. والاثقال**: زمین کے خزانے اور دفینے۔ مُردے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَاَخرَجَتِ الاَرضُ اَثقَالَهَا﴾ اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی۔

الثِقل: گرانباری۔

الثالُوث الاَقدَس: معبود ذات کے تین اقانیم میں سے تیسرا اقنوم مقدس روح۔

الثَقلة واثقلة والثقلة والثِقلة والثقلة: کل سازو سامان۔ کہا جاتا ہے "**وارتحلوا بثقلتهم**" وہ لوگ مع اپنے پورے ساز و سامان کے چلے گئے۔ **الثقلة**: پیٹ میں خوراک کی گرانی۔ اونگھ۔ کہا جاتا ہے "**وَجدتُ ثقلَةً فِي جسدِي**" میں نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی۔

المِثقال: تولنے کے اوزان۔ **مِثقالُ الشَّيَ**: چیز کا وزن یا چیز کی ترازو۔ ج **مثاقِیل** اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے اور کبھی کم اور کبھی زیادہ۔

ثکِل (س) **ثکلًا وثکَلًا. ابنهُ**: گم کرنا۔ صفت (**ثکِل وثکلان**) مؤنث **ثاکل وثاکلة وثکلی** ج **ثواکِل وثکالی**.

اَثکل. الاُمَّ وَلَدها واثکل الوَلدُ اُمَّه: بچے سے ماں کو گم کرا دینا۔ اور ماں کے سامنے بچے کا مر جانا۔

الثکول والمثکال: بچے کو بہت گم کرنے والی عورت۔ جمع **مثاکیل**: کہا جاتا ہے "**نساء العزاة مثاکیل**" غازیوں کی عورتیں بچے کو گم کرنے والی ہیں۔

المَثکلة: سبب گمشدگی فرزند۔ کہا جاتا ہے **رُمحه للِذاتِ مُثکلةٌ**" اس کا نیزہ ماؤں کے لیے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے۔

ثکَم (ن) **ثکمًا الامرَ والطریق**: کسی امر یا کسی راستے کیلئے لازم ہونا۔ **الاثار**: پیروی کرنا **له الامر**: واضح طریقہ سے بیان کرنا۔

وثکِم (س) **ثکمًا. بالمکان**: اقامت

کرنا۔
ثُکم. الطَّرِیقِ وَ ثُکمَتَهٗ: راستہ کا درمیان
ثَلَّ (ن) ثَلًّا. البِئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا
الوِعَاءَ: برتن سے سب کچھ نکال لینا(ثَلًّا
ثَلَلًا) القومَ: ہلاک کرنا البَیْتَ: گرادینا۔
ڈھادینا۔ کہا جاتا ہے "ثَلَّ اللّٰهُ عرشَهُم" یعنی
اللہ نے ان کے مُلک کو برباد کر دیا۔ وثُلَّ
عرشهم اُن کی عزت ضائع ہو گئی التراب:
گرانا۔ ڈالناثَل ذِی حَافِرٍ: لید کرنا۔
اثَلَّهٗ اِثلالًا: مرمت کرنے کا حکم دینا۔
الرَّجُلُ: بہت بھیڑوں والا ہونا۔ فمهٗ: بے
دانت والا ہونا۔
تَثَلَّلَ. البیتُ: آہستہ آہستہ گرنا۔
اِنثَلَّ: ڈھے جانا۔ گر جانا۔
الثَّلَلَ: ہلاکت۔ دانتوں کا گرنا۔
الثِّلَّه: ہلاکت۔ ج ثِلَلٌ.
الثَّلَّة: بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے
"کِسَاء جَیِّد الثَّلَّة" عمدہ اُون کا کمبل۔
کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ ج ثِلَلٌ وثِلال.
اُون، بال اور اُونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُّلَّة: لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے۔
"فُلَانٌ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الثَّلَّةِ والثُّلَّة" فلاں
بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں فرق نہیں
کرتا۔
الثِّلَّة: نیستی وہلاکی۔ جمع ثِلَلٌ.
المَثَلَّة: بیابان میں سائبان۔
ثَلَبه (ض) ثَلْبًا: عیب لگانا۔ ملامت کرنا۔
غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا الشَّیْءَ: رخنہ
ڈالنا۔
ثَلَّبَ. الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا
گر جانا۔
ثَلِبَ (س) ثَلَبًا. الشیُ: رخنہ دار ہونا۔
الجلدُ: سکڑنا۔
الثِّلْب: بوڑھا اُونٹ جس کے دانت گر گئے
ہوں۔ ج ثِلَبة و اَثلاب.
والثَّلِب: عیب دار۔ ذلیل۔ رُمحٌ ثَلِب:
رخنہ دار نیزہ۔

الإثْلَب والأَثْلَب مٹی یا پتھر کا چورہ۔ ج
اَثَالِب.
المِثْلَب: وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے
کی ہو۔
المَثْلَبَة: عیب۔ گالی۔ کہا جاتا ہے "مَا
عَرَفْتُ فِیهِ مَثْلَبَةً" میں اس کے اندر کوئی
عیب نہیں جانتا۔ ج مَثَالِب. مَثَالِبُ الأَمْرِ:
کسی امر کے عیوب۔
ثَلَثَ (ن) ثَلْثًا. الشیءَ: تہائی لینا۔
القومَ: تہائی مال لے لینا۔ تیسرا ہونا۔
ثَلَّثَ. الاثنین: اپنے کو ملا کر تین کر دینا
الشیءَ: مثلث بنانا الشَّراب: تہائی باقی رہنے
تک پکانا الشَّیْءَ: تین مرتبہ کرنا۔
اَثْلَثَ. القومُ: تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً
"کَانُوا تِسْعَةً وَّعِشْرِیْنَ فَاَثْلَثُوْا" وہ لوگ
اُنتیس تھے تیس ہو گئے۔
الثَّلَاثَة: تین۔ مؤنث ثَلاث.
ذُو الثَّلاث: تین لٹ والی رسّی۔ اور تم کہتے
ہو "فعله ثَلاثًا" اس نے اس کو تین مرتبہ
کیا۔
الثِّلْث: اونٹنی کا تیسرا بچہ۔ کہا جاتا ہے
"سَقَی زَرْعَه الثِّلْث" اس نے اپنے کھیت کو
تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُّلْث والثُّلُث: تہائی۔ ج اَثلاث. اور
اسی معنی میں (الثلیث) ہے۔
الثَّلاثاء والثُّلاثاء و یَوْمُ الثَّلثاء: منگل۔
اس کا تثنیہ ثُلَاثَاءَان: اور جمع ثلاثات
وثلاثاء ات واثالث.
الخطُّ الثُّلُثیُّ: موٹے حرفوں والا خط۔
اتوا ثُلاثَ اَوْ مَثْلَثَ وہ تین تین آئے۔ یہ
غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کے
لیے یکساں ہے۔
الثِّلثان والثُّلثان: مکوئے کا پودہ۔
الثَّلاثُون: تیس (مذکر و مؤنث)
الثَّالُوث: تین سے مرکب۔
المِثْلَث: جو تانت کہ تین لٹ کا ہو۔ بربط۔
باجہ کا تیسرا تانت۔ ج مثالث.

المُثَلَّث والمُثْلِث: بادشاہ کے پاس چغل
خوری کرنے والا۔
المُثَلَّث: مِنَ الاَحْرُفِ: تین نقطوں والا یا
تین حرکتوں والا۔ والمُثَلَّث فِی الهَنْدَسَةِ:
تین ضلعوں والی شکل۔
المَثْلُوث: تین سے مرکب۔ وہ چیز جس کی
تہائی لے لی گئی ہومِنَ الحِبَالِ: تین لٹوں کی
بٹی ہوئی رسّی۔ کِسَاء مَثْلُوث: اُون بال اور
اُونٹوں کے بال کا بنا ہوا کمبل۔
اَلْمَثْلُوثَة: تین چمڑے کا بنا ہوا توشہ دان۔
ثَلَجَتْ (ن) ثَلْجًا وَاَثْلَجَتِ السَّمَاءُ:
برف گرانا۔ تم کہتے ہو "ثَلَجَتْنَا السَّمَاءُ" یعنی
ہمارے اُوپر برف پڑی۔
ثَلَجَت (ن) ثُلُوجًا. نَفْسِی بِهٖ وَاِلَیْهِ:
خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔
ثَلِجَت (س) ثَلَجًا واثْلَجَت. نَفْسِی
بِه: مطمئن ہونا۔ خوش ہونا۔
ثُلِجَ. فُؤَادُه: بلید الطبع ہونا۔ صفت
(مَثْلُوج) الفُؤَاد. ثُلِجَتِ الاَرْض
وَاُثْلِجَت: برف پڑنا۔
اَثْلَجَهٗ: خوش کرنا۔ اَثْلَجَ القَوْمُ: برف میں
داخل ہونا۔ اَثْلَجَتْ عَنْهُ الحُمّٰی: زائل
ہونا۔ اَثْلَجَ مَاءُ البِئْرِ: ختم ہونا۔
الثَّلْج: برف۔ ج ثُلُوج. واحد ثَلْجَة. مَاءٌ
ثَلْجٌ: ٹھنڈا پانی۔
الثَّلَّاج: برف بیچنے والا۔
الثُّلَاجِیُّ: بہت سفید۔ کہا جاتا ہے "فَضلٌ
ثُلاجِیٌّ"
المَثْلَجَة: برف کی حفاظت کی جگہ۔
المَثْلُوج: برف پڑی ہوئی چیز۔ رجلٌ
مَثْلُوجُ الفُؤَادِ: بلید الطبع مرد۔ مَاءٌ
مَثْلُوج: برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
ثَلَطَ (ض) ثَلْطًا. الثَّوْرُ اَوِ البَعِیْرُ: پتلا
پاخانہ کرنا۔
ثَلَعَ (ف) ثَلْعًا. رَاسَهٗ: کچلنا۔ توڑنا۔
ثَلَغَ (ف) ثَلْغًا. رَاسَهٗ: کچلنا۔ توڑنا۔
المُثْلَغ. مِنَ التَّمْرِ: پھٹ کر زمین پر گری

ہوئی کھجور۔ تم کہتے ہو۔ "تَنَاثَرَتِ الثِّمَارُ فَثُلِغَتْ" پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔

ثَلَمَ (ض) ثَلْمًا وثَلَّمَ. الحَائِطَ: رخنہ ڈال دینا الإناءَ: کنارے سے توڑنا۔

ثَلِمَ (س) ثَلَمًا وَتَثَلَّمَ وانْثَلَمَ: رخنہ پڑنا۔

ثُلِمَ ثَلْمَةً فِي ماله: کچھ ضائع ہونا۔

الثَّلْم ج اثلام و (الثُّلْمَة) فِي الْحَائِطِ وَ نَحْوِهِ: شگاف۔ رخنہ۔ ٹوٹی ہوئی جگہ۔

الأَثْلَم: ہر وہ چیز جس کا رخنہ ظاہر ہو۔ مٹی پتھر۔

ثَمَّ (ن) ثَمًّا. الشَيءَ: درست کرنا۔ تم کہتے ہو "ثَمَمْتُ أُمُوْرِي" میں نے اپنے اُمور کو درست کر لیا۔ ثَمَّتِ الشَّاةُ النبتَ بِفَمِهَا: بکری نے گھاس کو اپنے منہ سے صاف کر لیا۔

اِنْثَمَّ: الْجِسْمُ: گھلنا۔ کمزور ہونا الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔ صفت (ثَمَّة)

ثَمَّ وثَمَّةَ: وہاں۔ اسم ہے جس سے بعد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔

الثَّم: ثم کا مصدر بمعنی درست کرنا۔ اور اسی سے ہے "کُنا اَهْلَ ثَمِّهٖ ورَمِّهٖ" ہم اصلاح ومرمت کے اہل تھے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "هو ثُمُّهٗ وَ رُمُّه اوثُمَّهٗ وَرُمَّهٗ او ثِمَّة ورِمَّهٗ:" وہ اس کا جید وردی قلیل وکثیر ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ماله ثَمٌّ ولَارَمٌّ" یعنی وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔

ثُمَّ: حرف عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لیے مستعمل ہے۔ اور اس پر تا بھی آتا ہے کہا جاتا ہے ثُمَّتَ.

الثُّمَّة: سوکھی گھاس کا مٹھا۔

الثُّمَام: ایک قسم کی گھاس جو لانبی نہیں ہوتی واحد ثُمَامَة.

المِثَم. مِنَ النَّاسِ: اچھا بُرا ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔

ثَمَأَهٗ (ف) ثَمْأً: چربی کھلانا الرَّاسَ: کچلنا توڑنا الانفَ: کنارہ توڑ دینے سے خون بہنا۔

ثَمَجَهٗ (ض) ثَمْجًا: باہم ملانا۔

المُثْمِج: مختلف رنگوں سے رنگنے والا۔ مؤنث مِثْمَجَة.

ثَمَدَ (ن ض) ثَمْدًا واثْمَدَا واسْتَثْمَدَ. الْمَاءَ: پانی جمع ہونے کے لیے حوض کی مانند بنانا۔ ثَمَدَ الشيُّ فلانًا: کسی کے پاس کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کا سارا مال ضائع ہو جائے۔

النَاقَةُ بالحَلبِ: دوہنے میں اُونٹنی کا دودھ کو سُک لینا۔

اِثَّمَدَ واتَّمَدَ واثْتَمَدَ: تھوڑے پانی کی طرف جانا۔

اِسْتَثْمَدَه: بخشش طلب کرنا۔

الثَمْد والثَمَد: تھوڑا پانی جو جاڑوں میں جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ج ثماد

الإِثْمِد والأُثْمُد: ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ تیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیمون کہتے ہیں۔

رَجُلٌ (مَثْمُوْد:) وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔

ثَمَر (ن) ثُمُوْرًا واَثْمَرَ. الشَّجَرُ: پھلدار ہونا۔ صفت (ثامِر ومُثْمِر). اَثْمَر الشَّجَرُ الثَّمر: پھل لانا۔ اثمرَ القومَ: پھل کھلانا۔

ثَمَّرَ: مَالَه: بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔

اِسْتَثْمَرَ: الشَيْءَ: نتیجہ خیز بنانا الرَّجُلُ: پھل پانا۔

الثَمَر: پھل۔ واحد ثَمَرة. ج ثِمَارٌ جج اَثمار وثُمُر. الثمرة: نسل۔ اولاد۔ ثمرة اللسَان: زبان کا کنارہ السَوْط: چابک کے سرے کی گرہ۔ اور اسی سے ہے "اَمَرَ الْجَلَّادَان يَدُق ثمرةَ سَوْطِهٗ" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل لے۔ ثمرة القلب: دوستی۔ محبت۔ اور اسی سے ہے "خَصَّنِيْ بِثَمْرةِ قَلْبهٖ" اس نے مجھ کو اپنی دوستی کے لیے خاص کیا۔

الثَامِر: لوبیا۔

شَجَرَةٌ (ثَمْرَاء:) پھلدار درخت۔ اَرْضٌ ثَمْراء: بہت پھلوں والی زمین۔

ثَمِلَ (س) ثَمَلًا: مست ہونا۔ صفت (ثَمِلٌ)

ثَمَلَهٗ (ن ض) ثَمْلًا: فریاد رسی کرنا۔ کھلانا پلانا۔ غمخواری کرنا۔

اَثْمَلَهٗ: مدہوش کرنا۔ اَثْمَلَ اللَّبَنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔

(ثَمَّل) اللَّبَن: جھاگ اٹھنے کے لیے اُچھالنا۔

تَثَمَّل. مافی الاناء: پینا۔

الثَمَلَة ج ثُمُول و (الثملة) ج ثُمَلٌ (الثَمِيْلَة) ج ثَمِيْل وثَمَائِل و (الثُمالَةُ) ج ثُمَال: حوض یا برتن میں باقی ماندہ پانی وغیرہ۔ الثُمالَةُ: جھاگ۔

الثمال والمُثَمَّل: زہر قاتل۔

ثِمَالُ. القَوْمِ: قوم کا فریاد رس۔

الثَمِيْل: کھٹا دودھ۔

المَثْمَلَة: حوض۔ تالاب۔

المِثْمَلَة: حوض کی تلی کی کیچڑ۔ چرواہے کا تھیلا۔ جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔

ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا. الرَّجُلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا الشَيْءَ: آٹھواں حصہ لینا القومَ: آٹھواں ہونا۔

ثَمُنَ (ک) ثَمَانَةً. الشَّيءُ: قیمتی ہونا۔

ثَمَّنَ. الشَيْءَ: قیمت کا اندازہ کرنا۔ آٹھ ضلعوں والی بنانا۔

اَثْمَنَ. القومُ: آٹھ ہونا۔ اَثْمَنْتُ المالَ زَيْدًا ولزَيْدٍ قیمت دینا۔

الثَمَن: بیع شدہ چیز کا بدلہ۔ قیمت ج اَثْمَان واَثْمِنَه واَثْمُن.

الثُمْن والثُمُن: آٹھواں حصہ۔ ج اثمان اسی معنی میں ثَمِيْنٌ ہے اور الثَمِيْن: قیمتی۔

اَتَوْا (ثُمَانَ و مَثْمَنَ) وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)

الثَمَانِيَةُ: آٹھ۔ مؤنث ثمان۔ اور تم کہو گے "ثَمَانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا وثَمَانِيَ عَشَرَةَ امْرَاةً".

الثَّامِن: آٹھواں۔
الثَّمَانُون: اَسّی۔(۸۰)
المُثَمَّن: وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ کیا گیا ہو۔ ہشت پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز۔
الثُّنَّة: گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصّہ کے بال ج ثُنَن۔
الثُّنْدُؤَة والثَّنْدوة: مرد کا وہ حصّہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثناد۔
ثَنیٰ (ض) ثَنْیًا۔ الشَّیَٔ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہہ کردینا روکنا زَیدًا حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "هٰذَا وَاحِدٌ فَاثْنِه" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ کہا جاتا ہے "ثَنیٰ عَلَیْهِ بِضَرْبَةٍ ثَانِیَةٍ" اس نے اس کو دوبارہ مارا۔ "وَفُلَانٌ لَایَثْنِی وَلَا یَثْلُثُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ "وَثَنیٰ صَدْرَهُ" یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔
ثَنَّی الشَّیَٔ تَثْنِیَةً: دوہرا کرنا بِالْاَمْرِ: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام ملا دینا۔ الکلمةَ: تثنیہ کی علامت لگانا۔ ایک حرف پر دو نقطے لگانا۔
اَثْنیٰ۔ الرَّجُلَ: دوسرا ہونا عَلَیْهِ تعریف کرنا عَلَیْهِ بِالضَّرْبِ: دوبارہ مارنا۔
تَثَانَوْا۔ عَلَیْهِ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔
اِسْتَثْنیٰ۔ الشَّیَٔ: حکم عام سابق سے نکالنا فُلَانًا وَعَلیٰ فُلَانٍ: کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا۔
اِثْنَوْنیٰ۔ صدرُہ عَلَی الْبَغْضَاءِ: بغض و عداوت پر مشتمل رہنا۔
الثِّنْیُ۔ مِنَ الثَّوْبِ: پیچ۔ لپیٹ۔ تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُه ثِنْیَ کِتَابِی" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کر کے بھیجا مِنَ الوَادِی: موڑ مِنَ اللَّیْلِ: وقت مِنَ الحَیَّةِ: کنڈلی ج اَثْنَاء۔ اَثْنَاءُ الْکَلَامِ: دورانِ گفتگو۔ تم کہتے ہو "جَاؤُا فِی اَثْنَاءِ الْاَمْرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے۔
الثِّنْیُ: دہرائی ہوئی بات۔ ج ثِنْیَة

(والثُّنْیَان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی۔
الثَّنَاء: تعریف۔ ج اَثْنِیَة۔
الثِّنَاء: اُونٹ کے زانو باندھنے کی دہری رسّی۔
اَتَوْا (ثُنَاَ ومثنیٰ:) وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث کے لیے یکساں ہے)۔
الثَّنِی۔ ج ثِنَاء وثُنْیَان: وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں۔
الثَّنِیَّة: سامنے کے اُوپر کے نیچے کے دو دو دانت۔ ج ثَنَایَا استثناء: کہا جاتا ہے "حَلَفَ یَمِیْنًا لَیْسَ فِیْهَا ثَنِیَّة" اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی۔ گھاٹی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ طَلَّاعُ الثَّنَایَا" یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے۔
تَثْنِیَةُ الْاِشْتِرَاعِ: موسیٰ کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب۔
الثُّنَائِی۔ مِنَ الْاَلْفَاظِ: دو حرفوں والا۔
اِثْنَان مؤنث ثِنْتَان واثْنَتَان: دو۔
الْاِثْنَان ویَوْمُ الْاِثْنَیْنِ: پیر کا دن۔ سوموار۔
الثَّانِی مؤنث الثانیة: دوسرا۔
الثَّانِیَة: سیکنڈ۔ ج الثَّوانی۔
الثُّنْوَیٰ والثُّنْیَا۔ مِنَ الجَزُوْرِ: ذبح کیے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنیٰ کیا ہوا۔
المَثْنَیٰ: بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد والا تار "مَثْنَی الْوَادِی: وادی کا موڑ۔ ج المَثَانِی۔ المثانی: قرآن کی آیتیں۔
مَثَانِیُ الشَّیِٔ: کسی چیز کی لڑی وغیرہ۔
وَالْمَثَانِی مِنَ الدابة: زانو اور کہنیاں۔
الْمِثْنَاة: اُون اور بال وغیرہ کی رسّی۔ کجی لپیٹ ج مثانیة۔
ثَابَ (ن) ثَوْبًا وثُؤُوْبًا: لوٹنا النَّاسُ: اکٹھا ہونا المَاءُ: حوض میں جمع ہونا (ثوبَانًا واَثْوَبَ اِثْوَابًا) المَرِیْضُ: چنگا ہونا۔
ثَوَّبَهُ۔ مِنْ کَذَا: بدلہ دینا الرَّجُلَ: جانے کے بعد واپس ہونا۔ (وَتَثَوَّبَ) المُصَلِّی: فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا۔

اَثَابَ اِثَابَةً۔ الرَّجُلَ: چنگا ہونا الرَّجُلَ: بدلہ دینا ٥ جزاء ٥: دینا۔
الحوضَ: بھرنا۔
تَثَوَّبَ: ثواب حاصل کرنا۔
اِسْتَثَابَ۔ المالَ: لوٹانا الرَّجُلَ: بدلہ مانگنا۔
الثَّائِب: فا. بارش سے پہلے کی تیز ہوا مِنَ الْبَحْرِ: سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بھاٹا کے بعد۔
الثَّوْب: کپڑا ج ثِیَاب واَثْوَاب واَثْوُب. کہا جاتا ہے "طَاهِرُ او دَنَسُ الثِّیَابِ" پاک نفس یا خبیث النفس۔
الثَّوَاب والمَثْوبَة والمَثُوْبَة: اعمال کا بدلہ۔ خیر ہو یا شر عموماً خیر کے لیے مستعمل ہے۔
الثَّوَاب: شہد۔ شہد کی مکھی۔
الثَّوَّاب: بزاز۔ کپڑے کا سوداگر۔ کپڑے والا۔
الثِّیَابِی: کپڑوں کا محافظ۔
المَثَاب والمَثَابَة: جمع ہونے کی جگہ۔ "مَثَابُ الْبِئْرِ ومَثَابَتُهَا: کنوئیں کے اردگرد کے اونچے پتھر۔
الثَّوْج: مٹی چونہ اُٹھانے کی ٹوکری۔
ثَاخَت (ن ض) ثَوْخًا وثَیْخًا۔ الْاِصْبَعُ فِی الْوَرَمِ او الرَّجُلُ فِی الْوَحَلِ: اُنگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا۔
ثَارَ (ن) ثَوْرًا وثَوَرَانًا وثُؤُوْرًا: جوش میں آنا۔ بھڑکنا۔ اور اسی سے ہے "ثَارَتِ الفِتْنَةُ بَیْنَهُمْ" ان کے درمیان فتنہ و فساد بھڑک اُٹھا۔
الغُبَارُ او الدُّخَانُ: بلند ہونا الجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونا نَفْسُه: جی کا متلانا الیه وَبِه: حملہ کرنا۔ کود پڑنا۔
ثَاوَرَهُ مُثَاوَرَةً وثِوَارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
ثَوَّرَهُ واَثَارَهُ واِسْتَثَارَهُ: جوش دلانا۔ ثَوَّرَ الْاَمْرَ: کھود کرید کرنا۔ ثَوَّرَ الکِتَابَ: معانی میں بحث کرنا۔

تَثَوَّرَ: جوش میں آنا۔
ثَوَرَانُ الشفق و ثَوْرُهُ: شفق کی سرخی۔
الثور: بیل۔ آسمان کے ایک برج کا نام ج ثیران. واَثْوَارِ وثِیَار وثِیَرۃ وثِوَرۃ.
الثور: پنیر کا بڑا ٹکڑا۔ ج اَثْوَار وثِوَرۃ.
الثور: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
الثورۃ: گائے۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "ثورۃ رجال او رمالٍ: " لوگوں کی یا ریت کی کثرت۔ جوش وہیجان۔ بغاوت۔
الثائر: فا. کہا جاتا ہے "ثَار ثَائِرَہُ فَارَ فَائِرَہُ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ "وَرَاَیْتُه ثَائِرَ الرَّاسِ" میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا۔
الثَائِرَۃ: شور۔ چیخ۔ ج ثوائر.
المَثْوَرَۃ: بہت بیلوں والی زمین۔
ثَاعَ (ن ثَوْعًا. الماءُ: بہنا۔
ثَوِلَتْ (س ثَوَلًا وثَالَتْ (ن ثَوْلًا. الشَّاۃُ خاصۃً: دیوانی ہونا۔ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت اَثْوَل) مؤنث ثَوْلَا. ج ثُوْل ج اَثَاوِلَۃ.
تَثَوَّلَ. النحلُ: اکٹھا ہونا۔ علیه القوم: برا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا۔
اِنْثَالَ اِنْثِیَالًا. عَلَیْهِ التُرَابُ: گرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْثَالَ عَلَیْهِ النَّاسُ مِنْ کُلِّ وَجْهٍ" لوگ اس پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے۔ عَلَیْهِ القَوْلُ: زبان پر خود بخود آجانا۔
الثَوْل: شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔
الثُوَیْلَۃ: قبیلہ کے جمع ہونے کی جگہ۔ متفرق گھروں کے لوگوں کا جتھا۔ کہا جاتا ہے "اتی ثُوَیْلَۃٌ مِنَ الناس" لوگوں کی جماعت آئی۔
الثُوْم: لہسن۔
الثُوْمَۃ: ایک لہسن۔ تلوار کے دستہ کے کنارے کی آرائش۔ تم کہتے ہو "سَیْفِی ثُوْمَتُه مِنْ فِضَّۃٍ" میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی کا ہے۔
تَثَاوَنَ: مکروفریب کرنا۔
الثُوَیْنَی: آٹے میں لگانے کی خشکی۔ پلیتھن۔
ثَوَیٰ (ض ثَوَاءً وثُوِیًّا. المَکَانَ وفیه و به: اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔
ثُوِیَ: دفن کیا جانا۔
ثَوَّاه تَثْوِیَۃً. فِی المَکَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
اَثْوَیٰ: اقامت کرنا۔ ثَوَاه: مہمانی کرنا۔
اثواه فِی المَکَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
تَثَوَّاه: مہمان بننا۔
الثُوَّۃ: گھر کا سامان، راستہ کے نشان کے پتھر۔ ج ثُوًی.
الثَاوَۃ والثَایَۃ: اونٹوں کا باڑہ۔
الثَوِیّ: مہمان۔ مہمان خانہ، قیدی۔ ج اَثْوِیَا مؤنث ثَوِیَّۃ. الثوِیَّۃ: بھیڑ بکری گائے اونٹ کا باڑہ۔ عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ثَوِیَّۃُ فُلَانٍ" یہ فلاں کی بیوی ہے۔
الثُوِیَّۃ: پتھر جو راستہ میں نصب کر دیا جائے تاکہ چرواہے کے لیے علامت رہے جبکہ وہ رات میں واپس ہو۔
المَثْوَیٰ: منزل۔ ج مَثَاوٍ. ابو المَثْوَیٰ: مہمان۔ اَبُو مَثْوَاه: میزبان۔ اُم مَثْوَاه: میزبان کی بیوی۔
تَثَیَّبَتْ وثَیَّبَتْ. المَرْاۃ زوجها: موت یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جدا ہونا۔ صفت (ثَیِّب) والثَیِّبُ: باکرہ کی ضد۔ شادی شدہ مرد یا عورت۔ (مذکر ومؤنث) دونوں کے لیے یکساں ہے۔ تم کہتے ہو "رجل ثَیِّبٌ" شادی شدہ مرد "اِمْرَاۃٌ ثَیِّبٌ" شوہر سے جدا شدہ عورت ج ثُیَّب: جو عورتوں کے لیے ہے اس کی جمع ثیبات ہے اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ثَیِّبٌ" کنواں جس میں پانی جمع ہو۔
المُثَیِّب: خاوند سے جدا شدہ عورت۔
الثَیْتَل: پہاڑی بکری۔ نامرد۔ عورتوں کے پاس بیٹھنے والا۔
ثَیْتَل وتَثَیْتَلَ. الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف بننا۔
الثِیْل والثَیِّل: ایک قسم کی گرہ دار نباتات جو زمین پر پھیلتی ہے۔
الثَیْن: موتی نکالنے کی جگہ، موتی میں سوراخ کرنے والا۔ موتی میں سوراخ کرنے کا آلہ (الثِیَّۃ) بکریوں کا باڑہ۔

ج

جَأَبَ(ف) جَأْبًا مال کمانا۔ گیرو مٹی بیچنا۔
الجیم ہجائی حروف میں پانچواں حرف ہے۔ یہ مجہورہ حروف میں سے ہے۔ جمل کے حساب میں اس کا نمبر ۳ ہے۔
الجَأب گیرو مٹی۔ سخت اور اجڈ آدمی۔ شیر۔ ج جُؤُوب کہا جاتا ہے "فُلانٌ جَأبُ الصَّبر" فلاں اُمور میں بڑا صابر ہے۔
الجأب موٹا گورخر۔
جَأبَةُ البَطنِ ناف۔
جَئِثَ(س) جَأَثًا. الرجلُ اُٹھنے یا بوجھ اُٹھانے میں سُست ہونا۔
جُئِثَ جَأثًا وجُؤُوثًا: گھبرانا۔ صفت (مَجْؤُوث)
اَجْأثَهُ. الحِملُ گراں بار کرنا۔
الجَأَّاث بدخو۔ سُست رفتار۔
جَأجَ(ف) جَأجًا بزدلی سے کھڑا ہونا۔
جَأجَأ جَأجَأة. بالابل جی جی کہہ کر پانی پلانے کے لیے بلانا۔
تجاجأ عن کذا: رکنا۔ باز رہنا۔
الجُؤجُؤ. من الطائر پرندکا سینہ من السفینة جہاز کا اگلا حصہ۔ ج جَآجِی.
جأر(ف) جَأرًا وَجُؤورًا الی اللہ دعا کرنے میں آواز بلند کرنا۔ گڑگڑانا الثورُ: ڈکارنا النباتُ: بلند ہونا۔ الارضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔
الجَأرُ بس من النبت: لمبی اور تروتازہ نباتات (والجَئِر والجَار) موٹا مرد۔ من الغیث بہت بارش۔

جَأشَ(ف) جَأشًا. قلبُه: غم یا گھبراہٹ سے مضطرب ہونا الیه متوجہ ہونا۔
الجَأش: قلب۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "رابط الجأش یعنی بہادر۔ ج جُؤُوش.
الجَائِشَة نفس۔
جَأفَهُ(ف) جَأفًا وَ جَأفَهُ تَجْئِيفًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ جَأَف الشجرةَ جڑ سے اُکھیڑنا۔
اِنْجَأفَتِ. الشجرةُ جڑ سے اُکھڑنا۔
جَئِلَ(س) جَألاً لنگڑا ہونا۔
جَألَ(ف) جَألًا. الصوفَ اکٹھا کرنا۔ الصوف اکٹھا ہونا۔
جَيْأَل وجَيْأَلَة بجو (یہ دونوں علم اور غیر منصرف ہیں)۔
الجَاوَرس باجرہ۔
جَأَیَ(ف) جُؤَةُ وجُؤُوَةً. الفرسُ: سرخ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَجْوَأ) مؤنث جَاوَاء
جَأَی(ف) جَأیًا. الشَّیُٔ روکنا۔ چھپانا الثوب سینا علیه: دانتوں سے کاٹنا۔
جَبَّ(ن) جَبًّا کاٹنا۔ غالب ہونا (جِبَابًا) النخلةَ گابھا دینا۔
جَبِّبَ. الفرسُ زانو اور ایڑی تک سفیدی کا پہنچنا۔ صفت (مُجَبَّب تیز چلنا)۔
جَابَّه مُجَابَّةً وجِبَابًا غالب آنا۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔
تَجَابَّ. الرجلانِ ایک دوسرے کی بہن سے شادی کرنا۔

اِجْتَبَّ جبہ پہننا الشَّیَٔ کاٹنا۔
الجُبّ گہرا کنواں۔ کچا کنواں۔ گڑھا۔ ج اَجْباب وجِبَاب. وجِبَبَة.
الجُبَّة جبہ۔ زرہ من السِنان چھڑ کا بالائی حصہ جس میں نیزہ پیوست ہو۔ آنکھ کے گرد کی ہڈی۔ پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو۔ ج جُبَب وجِبَاب.
الجَباب والجُباب قحط۔
بعیرٌ (اَجَبّ: کوہان کٹا ہوا اونٹ۔
جَبَأ(ف) جَبْأً وجَبَاءً وجُبُوءًا وجُبُوءَةً. البصرُ نگاہ کا کمزور ہونا السَّیفُ اُچٹ جانا الرجلُ خوف کی وجہ سے باز رہنا اور واپس آنا۔ صفت (جَبَّأ وجُبَّأ) بمعنی بزدل جبأت علیه الحیةُ زوراخ سے نکل کر گھبرا دینا۔
جَبَأ علی القوم اچانک نمودار ہونا۔
جَبِیَٔ(س) جَبَأ چھپنا عنه باز رہنا اور ڈرنا۔
اَجْبَأ. الشَّیَٔ چھپانا۔ اَجْبَأتِ الارض: سرخ سانپ کی چھتری والی ہونا۔ اَجْبَأ علی القوم بلند جگہ سے اچانک نمودار ہونا۔
الجَبْءُ سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری ج اَجْبُؤ وجِبَأة. گیرو: پہاڑ کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ٹیلہ۔
ارض (مَجْبَأة) بکثرت سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری والی زمین۔
جَنْجَبَ. الرجلُ سفر کرنا۔ موٹا ہونا۔
الجُنْجُبَة: چمڑے کا تھیلا۔ ڈھول۔ موٹی اونٹنی۔ ج جناجب.

ماء (جَنْجاب وجُباجب:) بہت پانی۔
الجِبْت: بُت۔ جادو۔ جادو گر بے برکت۔
جَبَخَ (ف) جَبْخًا: تکبر کرنا۔ جبخ القِدَاح والكِعَاب في القمار: پانسہ پھینکنا۔
الجَبْخانَة: میگزین (جدید) اس کے لیے عربی لفظ مَسْلَحہ ہے۔ بارود کار توس۔
جَبَذَهٗ (ض) جَبْذًا و اِجْتَبَذَهٗ: کھینچنا۔
جَبَذ العِنَبُ: چھوٹا اور خشک ہونا۔
جَبَاذِ. مبنی علی الکسر: موت۔
جَبَرَ (ن) جَبْرًا وجُبُورًا وجِبارةً وجَبَّر. العظمَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا۔
جَبَرتُ جَبَر اَو جُبورًا وَ جَبارَةً: نقصان شدہ واپس کرنا یا اس کا عوض دینا۔
جَبَر (ن) جُبورًا وجَبرا وانْجَبر وتَجَبَّر واِجْتَبَرَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔ الفَقِيْرَ: غنی بنانا۔ جَبره علی الامر: مجبور کرنا۔
اَجْبَرَهٗ. علی الامر: مجبور کرنا۔ مذہب جبریہ کی طرف منسوب کرنا۔
اِجْتَبَر واِسْتَجْبَرَ: فقر کے بعد مستغنی ہونا۔
تَجَبَّرَ: تکبر کرنا۔ سرکش ہونا۔ صفت (جبیّر) حالت گذشتہ کا واپس آنا۔ النبتُ: چرے جانے کے بعد پھر اُگنا۔ تَجَبَّر المریضُ: درست حالت والا ہونا۔
الجَبْر. مص: ٹوٹے ہوئے کی درستی۔ غرور۔ مجبوری۔ قضاء الٰہی کے وقوع کا کلی طور پر مجبورانہ اعتقاد کرنا۔ الجبراء: بہادر مرد۔
اَلْجبارَةُ: صنوبر کی اقسام میں سے بہت بڑا درخت جس کی لمبائی میٹر تک پہنچ جاتی ہے وہ بڑی تیزی سے پھیلتا ہے اور خوبصورت منظر والا ہے۔
الجِبَارَة: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنے کا پیشہ (والجبیرۃ) ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کی لکڑی یا پٹی۔ ج جَبَائر. الجبائر: کنگن و بازوبند۔
الجَبَرُوْت والجَبُرُوْت والجَبَرُوْت: قدرت۔ طاقت۔ عظمت۔

اَلْجَبْرُ: علوم ریاضیہ میں سے ایک علم جو کہ علامات اور حروف کی مدد سے حساب کا علوم شناخت کرتا ہے۔
جَابِر. فا. ابو جابر: روٹی۔ اُمّ جابر: ہریسہ۔
الجُبار: بیکار بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "ذهب دَمُه جُبارًا:" اس کا خون رائیگاں گیا۔ یعنی اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا۔ "وانا منه خَلاوَة وجُبَارٌ" میں اس سے پاک و بری ہوں۔
جُبَار: منگل کا دن۔
الجَبَّار: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ قابض: تسلط والا۔ قاہر۔ مغرور سرکش۔
برج جوزا۔ کہا جاتا ہے۔ "طَلَعَ الجَبَّار" برج جوزا طلوع ہوا۔ نَخلَة جَبَّارَةٌ: لمبا کھجور کا درخت جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔
الجَبْرِيَّة والمُجَبِّرَة: فرق اسلامیہ میں سے ایک فرقہ جس کے ماننے والے انسان کے مجبور محض ہونے کے قائل تھے۔
جَبَزَهٗ (ن) جَبْزًا. کاٹنا۔
جَبُزَ (ن) جَبَازَةً. الخبزُ. خشک ہونا۔ صفت (جبیز)
الجِبْز: بخیل۔
الجَبْزَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "جبزله مِنْ مالِهِ جَبْزَةً" یعنی اس نے اس کو اپنے مال کا ایک حصہ دیا۔
الجَبِيْز: خشک روٹی۔
تَجَبَّسَ. فی مشیته: نازو تکبر سے چلنا۔
الجِبْس: بزدلی۔ کمینہ۔ کند خاطر۔ فاسق۔ بچہ۔ ریچھ کا بچہ۔ ج اَجْباس.
الجَبِيْس: ریچھ کا بچہ۔ (والجبوس والأَجْبَس:) کمینہ۔ ناکارہ۔
الاَجْبَس: کمزور۔ بزدل۔
جَبَلَه (ض۔ن) جَبْلًا. اللّٰهُ: پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَبَلَهُ اللّٰهُ عَلَى الكَرَم" اللہ نے شرافت و کرم اس کی فطرت میں رکھ دی۔

جَبَلَ الترابَ: پانی ڈال کر گارہ بنانا۔
جَبَّلَهٗ: مختلف ٹکڑے کرنا۔
اَجْبَلَهٗ: بخیل پانا۔
اَجْبَلَ وتَجَبَّلَ وجَابَلَ. المسافرُ: پہاڑ کی طرف جانا۔ پہاڑ میں داخل ہونا۔ پہاڑ میں رہنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً فَاَجْبَلَ" اس نے اپنے مقصد میں کوشش کی اور محروم رہا۔
وتَجَبَّلَ مَاعِنْدَهٗ: اس نے اس کا سب کچھ لے لیا۔
الجَبْلَة والجِبْلَة والجَبَلَة والجِبِلَّة: چہرہ۔ جسم کا سامنے کا حصہ۔ فطرت۔ طبیعت۔ اصل۔ قوت۔ زمین کی سختی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُوجِبلة" فلاں سخت طبیعت ہے۔ "وجبلته علی الخیر" اس کی طبیعت میں نیکی ہے۔
الجُبْل والجُبْلَة: لوگوں کی جماعت۔
الجُبْلَة: کوہان۔
الجِبْل: مکان کا صحن۔ بہت بڑا۔ کہا جاتا ہے۔ "حيٌّ جِبْل" بڑا قبیلہ۔
الجَبَل: پہاڑ۔ ج جِبَال واَجْبال واَجْبُل. اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جَبَلٌ" یعنی بخیل مرد۔ "وهُوَ جَبَلُ الوَجْه" وہ بھدے چہرہ والا ہے۔ "وفُلانٌ جَبَلُ قومِهِ" فلاں اپنی قوم کا سردار وعالم ہے۔ اِبْنَةُ الجَبَل: سانپ۔ مصیبت۔ آواز بازگشت۔
الجَبَلّی: طبعی۔
الجِبال: بدن۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ خَطِيْرُ الجِبال" فلاں تنومند ہے۔
الجَبِيْل والمِجْبَال: بدصورت۔ کہا جاتا ہے "رجل جَبِيْل الوجه" بدصورت مرد۔ "وامرأة مِجْبَالٌ" بدصورت عورت۔ سَيْفٌ مِجْبَالٌ: موٹی دھار کی تلوار۔
الجُبْلَة: خشک سال۔ ہر چیز کی کثرت۔ اصل۔ المَجْبُوْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔
جَبُنَ (ن) جُبْنًا وجُبُنا وجَبَانَةً: بزدل

ہونا۔ صفت (جَبَان) ج جُبَناء مؤنث جَبَانَة وجَبَان. ج جَبَانات.

جَبَّنَ. اللبنَ: پنیر بنانا الرجلَ: بزدلی پر اکسانا۔ (واَجْبَنَ واِجْتَبَنَ) الرجلَ: بزدلی کی طرف منسوب کرنا۔ بزدل پانا۔ اور اسی سے ہے "قَاتَلْنَاکم فَمَا اَجْبَنَّاکم" ہم نے تم سے جنگ کی تو تم کو بزدل نہیں پایا۔

تجَبَّنَ. اللبنُ: پنیر بننا یا پنیر کی طرح جم جانا الرجلُ: موٹا ہونا۔

الجُبْن والجُبُن والجُبُنّ: پنیر۔

الجُبْنَة: پنیر کا ٹکڑا۔

الجَبِیْن: پیشانی۔ پیشانی کا کنارہ۔ ج اَجْبُن وجُبُن واَجْبِنَة. الجَبِیْن: بزدل (مذکر و مؤنث)

الجَبَّان: پنیر بیچنے والا۔ یا پنیر والا۔ بہت بزدل۔ مؤنث جَبَّانة (والجَبَّانَةُ:) ہموار زمین۔ قبرستان۔ صحراج جَبَابِین

المَجْبَنَة: باعث بزدلی۔ پنیر بنانے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں پنیر بہت ہو۔ عوام کی زبان میں بکری کے بچے کی اوجھ کو کہتے ہیں جو دودھ کو پنیر بنادیا کرتا ہے۔

جَبَهَ (ف) جَبْهًا. الرجلَ: پیشانی پر مارنا۔ اچانک آنا۔ حاجت سے باز رکھنا۔ جبهه بالمکروہ: برائی سے پیش آنا الشِتاءُ القومَ: اسباب سرما تیار کرنے سے پہلے سرما کا آنا۔ الرجلُ: بغیر رسی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا۔

جَبَّهَه: سرنگوں کر دینا۔

اِجْتَبَهَ. الماءَ: وغیرہ: پانی وغیرہ کو ناگوار سمجھنا۔

الجَبَه: پیشانی کی چوڑائی اور خوبصورتی۔

جَهَنَ (ن) جُهُوْنًا: قریب ہونا۔

الجَهْن: ترش روئی۔
جارية (جُهَانَة) نوجوان لڑکی۔
جَهَنَّم: دوزخ (غیر منصرف)
جَهِيَ (س) جَهًا. البيتُ: اُجاڑ ہونا۔ ویران ہونا۔ صفت (جَاهٍ)
جَهِّيَ. الجُرْح: کشادہ کرنا۔
جَاهَى مُجَاهَاةً. فلانًا: فخر میں مقابلہ کرنا۔
اَجْهَى اِجْهَاءً. الطريقُ: واضح ہونا السماءُ: بادل کھل جانا عليه: بخل کرنا الطريقَ: واضح کرنا۔ البَيْتَ: بے پردہ بنانا۔ المرأة على زوجها: حاملہ نہ ہونا۔
الاَجْهَى: گنجا (والمُجْهى) من البيوت: بغیر چھت والا مکان۔ مؤنث جَهْوَاء. خباء مُجْهٍ: بغیر پردے کا خیمہ۔ سَمَاءٌ جَهْوَاء: کھلا ہوا آسمان۔
جَابَ (ن) جَوْبًا وتَجْوَابًا. البلادَ: طے کرنا۔ جَابَ الثوبَ جوبًا: کاٹنا۔ الصخرةَ: چٹان کو تراشنا۔
جَابَ (ن) جَوْبًا وجَوَّبَ. الثوبَ: گریبان بنانا۔ جَوَّبَ الشَّيْءَ: بیچ سے کاٹنا۔
جَاوَبَهٗ مُجَاوَبَةً: گفتگو کرنا، جواب دینا۔
اَجَابَهٗ اِجَابَةً واِجَابًا واَجَابَ سؤاله وعن سؤاله والى سؤاله: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "اَجَابَهٗ الى حاجته" اس کی حاجت پوری کرنے کے لیے خوشی سے آگے بڑھا۔
واَجَابَتِ الارضُ: اُگانا۔
تَجَاوَبُوْا: ایک دوسرے کو جواب دینا۔ باہم گفتگو کرنا۔
اِنْجَابَ. الثوبُ: پھٹنا السحابةُ: کھل جانا۔
اِجْتَابَ. البلادَ: طے کرنا الصَّخْرَةَ: چٹان کو تراشنا البِئْرَ: کھودنا القميصَ: پہننا۔
اِسْتَجَابَهٗ واِسْتَجَابَ لَهٗ اِسْتِجَابَةً واِسْتَجْوَبَهٗ واِسْتَجْوَبَ لَهٗ اِسْتِجْوَابًا جواب دینا اللّٰہ فلانا ولفلان ومن فلان: دعا قبول کرنا۔

الجَوْب. س: عورت کی قمیص۔ بڑا ڈول۔ انگیٹھی۔ ج اَجْوَاب (والمِجْوَب) ڈھال۔
الجَوْبَة: گڑھا۔ گھروں کے درمیان خالی جگہ۔ ج جُوَب.
الجَوَاب: جواب۔ ج اَجْوِبَة وجَوَابَات.
الجَابَة: قبولیت۔ کہا جاتا ہے "اَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ جَابَةً" اس نے برے طریقے سے سنا اور برے طریقے سے قبول کیا۔
الجَوَّاب: بہت طے کرنے والا۔ حریری کا قول ہے "جَوَّابُ آفَاقٍ تَرَامَتْ سَفْرَتُه" آفاق کو طے کرنے والا ہے اس کا سفر اس کو پھینکتا رہتا ہے۔
الجِيْبَة. جواب کی کیفیت۔
الجَائِب فا. جَائِبُ العين: شیر۔
الجَائِبَة: پھیلنے والی خبر۔ کہا جاتا ہے "هل عندك من جائبة خبر" کیا تمہارے نزدیک کوئی ایسی خبر ہے جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتے ہوئے تمہارے پاس پہنچی ہو۔
المَجُوْبَة: جواب۔
جُوت اَو قُتب كَلْكُوتَا او قُتب هِنْدِى: ہندوستان کی پٹ سن جس سے بوریاں اور رسیاں بنائی جاتی ہیں۔
المِجْوَب: ڈھال۔
المِجْوَاب: پھاڑنے والا آلہ۔
جَوِثَ (س) جَوَثًا: اوپر سے بڑے اور نیچے سے لٹکے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (اَجْوَث) مؤنث جَوْثَاء ج جُوْث.
الجَوْث والجَوْثَاء: بکری کا اوجھ۔
جَاحَ (ن) جَوْحًا: راہ راست سے ہٹ جانا جاحه جَوْحًا وجِيَاحَةً واَجَاحه واِجْتَاحه) جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا۔
الجَائِحَة: بلا۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ سنة جائحة: خشک سال۔ ج جَائِحَات و جَوَائِح
الاَجْوَح: کشادہ۔ مؤنث جَوْحَاء. ج جُوْح
الجَوْح: تربوز۔

الجَوْخة: سختی ومصیبت۔

جَاخَ (ن) جَوْخًا و جَوَّخَ. السیل الوادیَ: کناروں کو بہالے جانا۔ جَوَّخه: پچھاڑنا۔ اُکھیڑنا۔

تَجَوَّخَ: پچھاڑا جانا۔ اُکھیڑنا۔ تَجَوَّخَتِ البئرُ: گر جانا القرحةُ: زخم کا پھٹنا اور بہہ پڑنا۔

الجُوْخ: اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج اَجْواخ.

الجُوْخة: اُونی کپڑے کا ٹکڑا۔ گڑھا۔

جادَ (ن) جَوْدَةً وجُوْدَةً: عمدہ ہونا۔ اچھا بنانا۔ (وجَوَّدَ واَجْوَدَ) الفرسُ: تیز رفتار ہونا۔

جادَهُ (ن) جَوْدًا: بخشش میں غالب ہوناہ الهوىٰ: غالب ہونا۔ (جُوْدًا) علیه: بخشش کرنا۔ صفت جَواد بالمال: خرچ کرنا بنفسه: جان دینا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاُجادُ الی لقائك" میں تمہاری ملاقات کا مشتاق ہوں (جُوْدًا وجُؤُوْدًا) العینُ: بہت آنسوؤں والی ہونا المطرُ: بہت بارش ہونا۔

ت (جائدٌ) ج جَوْد.

جِیْدَت. الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

جِیْدَ الرَّجُلُ: ہلاکت کے قریب ہونا۔ پیاسا ہونا۔

جَوَّدَ. الشيءَ: خوبصورت بنانا۔ عمدہ بنانا فی عدوه: تیز دوڑنا القاریُٔ: فن تجوید کے لحاظ سے پڑھنا۔

جَاوَدَهُ مُجَاوَدَةً: بخشش کرنے پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

اَجَادَ: اچھا بنانا بالولد: فیاض بچہ کا باپ ہونا۔ اَجَادَهُ النقدَ: کھرے سکے دینا۔ (واَجْوَدَ) الشيءَ: عمدہ بنانا۔ اَجادَ الرجلَ: قتل کرنا۔ اُجِیْدَتِ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

تَجَوَّدَ: عمدہ چیز کا انتخاب کرنا فی صنعته: صنعت میں عمدگی سے کام کرنا۔

تَجاوَدَ. القومُ: یہ دیکھنا کہ حجت کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔ کہا جاتا ہے "هم یَتَجاوَدُوْن الحدیثَ" وہ دیکھتے ہیں کہ حدیث کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔

اِسْتَجادَه: عمدہ سمجھنا۔ اِسْتَجادَ الامیرَ: بخشش طلب کرنا۔

الجاد: باطل۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی ابی جاد" وہ لوگ باطل میں مبتلا ہوگئے۔

الجَوْد: بھوک۔

الجَوْد. س۔ الجَوْد والمطر الجَوْد: بہت بارش۔

الجُوْدَة الجُوَادَة: پیاس۔

الجُوَاد: پیاس کا انتہائی مرتبہ جو باعث ہلاکت ہو۔

الجَیِّد: عمدہ۔ ج جِیَاد۔ و جج جِیَادات و جَیَائِد. (جَیائد اصل میں جیاوِد ہے۔ واؤ کو ہمزہ سے بدل لیا گیا ہے اور یہ شاذ ہے)

الجَوَاد: سخی (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے رجلٌ جَوادٌ وامْرأةٌ جوادٌ. ج اَجْواد واَجاوِدُ واَجاوِیْد وجُوْد وجُوْدَة وجُوْداء. فرس جَوَاد: تیز رفتار گھوڑا۔ ج جِیَاد واَجْیاد واَجاوِیْد کہا جاتا ہے "سِرْتُ اِلَیْه جَوادًا" میں اس کی طرف دوڑتا ہوا چلا۔ "و سِرْنا عقبةً جوادًا و عقبتَیْن جوادَیْن وعِقابًا جِیادًا" ہم دور کی گھاٹی یادو گھاٹی یا گھاٹیوں پر چلے۔

الجَوَّاد: بڑا فیاض۔

الاَجْوَد: اسم تفضیل ۔مؤنث جَوْداء (خلاف قیاس) ج جُوْدٌ واَجاوِید.

الجَادِیّ: زعفران۔

التَجْوِیْد. فی القرآءة: قواعد فن قرأت کے مطابق پڑھنا۔

التَجاوِیْد: مفید بارشیں (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

رجلٌ او شاعر (مُجِیْد وَ مِجْوَاد) عمدہ کام کرنے والا مرد۔ جید اشعار کہنے والا شاعر۔

المَجُوْد: پیاسا۔ قریب بہلاکت۔

جَارَ (ن) جَوْرًا. عن الشيءِ: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "جَارَ عن الطریق" وہ راستہ سے ہٹ گیا علیه: ظلم کرنا۔ صفت (جَائِر) ج جَوَرَة و جُوْرَة وجارَة (جوْرًا) فریاد رسی چاہنا۔

جَوَّرَهُ: ظلم کی طرف منسوب کرنا۔ پچھاڑنا۔

جَوَّرَ البناءَ: گرادینا۔

جَاوَرَ مُجاوَرَةً وجِوارًا وجُوارًا: پڑوس میں رہنا المَسْجِدَ: اعتکاف کرنا۔

اَجَارَهُ اِجارَةً. من العذاب: بچانا۔ چھڑانا۔ پناہ دینا فلانًا: فریاد رسی کرنا۔ ہ عن کذا: ہٹا دینا المتاعَ: حفاظت کے لیے برتن میں رکھنا۔

تَجَوَّرَ. الرَّجُلُ: پچھاڑا جانا علی الفراش: پہلو پر لیٹنا البناءُ: گر جانا۔ کہا جاتا ہے "تجوَّر خباءُ اللیلِ" یعنی تاریکی چھٹ گئی۔

تَجاوَرَ واجْتَوَرَ. القومُ: ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنا۔

اِسْتَجارَ. فلانا وبه: فریاد رسی چاہنا۔ پناہ لینا۔ اِسْتَجارَه مِنْ فُلانٍ" پناہ چاہنا۔

اِسْتَجْوَرَهُ: ظالم پانا۔

الجَوَار: بہت گہرا پانی۔

الجَوَّار: کسان۔

الجِوَار: پڑوس۔ کہا جاتا ہے "اَقامَ فی جواره" اس نے اس کے پڑوس میں اقامت کی۔ امان و ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "هو فی جواری" وہ میرے امن اور ذمہ داری میں ہے۔

الجَار: پڑوسی۔ پناہ دینے والا۔ پناہ لینے والا۔ جِیران. وجِیْرَة وجوار و اَجْوار و (جَارُ النهر) نیلوفر کے مشابہ ایک قسم کی نباتات۔

الجَارَة: پڑوسن۔ بیوی۔ سوکن۔ ج جَارَات

الجَائِر: ظالم۔ بڑا ڈول۔

الجَوْر. س۔ ظلم۔

الجَوْرُ. من الغیث: بہت کڑک والی بارش۔ مال جَوْرٌ: بہت مال۔ بازِلٌ جَوِرٌ: زور سے بلبلانے والا اونٹ۔

المُجوَّر: گہرا۔
جارُ النَّهر: پانی میں پیدا ہوئی بوٹی۔
جَوْرَبَهُ: پاتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَبَ: پاتابہ پہننا۔
الجَوْرَب: پاتابہ۔ ج جَوارِب وجَوارِبَة. عوام الكَلْسة اور القلشينة کہتے ہیں۔
الجاوَرْس: باجرہ۔
جازَ (ن) جَوْزًا وجُؤُوْزًا وجَوازًا و مَجازًا. المكانَ وبالمكان: چلنا المكانَ: گزر جانا البيعُ: بیع کا پورا ہونا۔ (جَوازًا) الامرُ: جائز ہونا۔ کہا جاتا ہے "جازله ان يفعل كذا" اس کے لیے ایسا کرنا ممکن ہے الدرهمُ: رائج ہونا السهمُ الى الصَيْد: شکار سے ہٹ کر نکل جانا عن الصَيْد: شکار کو چھید کر نکل جانا۔
جَوَّزَ. الامرَ: جائز ٹھہرانا۔ الحكمَ: جائز سمجھنا۔ رأيَهُ: جاری کرنا الابلَ: آگے سے ہانکنا یہاں تک کہ سب گزر جائیں۔ الدراهمَ: رائج کرنا۔
جاوَزَ. المكانَ: آگے بڑھ جانا عن الذنب: درگزر کرنا الرجلَ: اجازت دینا۔
أجازَ إجازَةً. الشيءَ: جائز کرنا الرايَ: نافذ کرنا الرجلَ: اجازت دینا۔ أجازَهُ بالف درهم: انعام دینا علي اسمه: نام کا ٹھپا بنانا۔ الموضعَ: آگے بڑھ جانا۔ القاضي البيعَ: نافذ کر دینا۔ أجازَهُ العقبة گھاٹی سے گزار دینا۔
تَجَوَّزَ. في الامر: برداشت کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ في الصلاة: اختصار کرنا۔ في كذا: تھوڑی چیز پر اکتفاء کرنا۔ عنه: چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا۔ في الكلام: مجاز بولنا الدراهمَ: کھوٹے قبول کر لینا۔
تَجاوَزَ. عنه: چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا۔ في الشيء: افراط کرنا۔
اِجْتازَ: چلنا۔ بالمكان: گزرنا۔ من مكان الى آخر: عبور کرنا۔

اِسْتَجازَ اِسْتِجازَةً: اجازت طلب کرنا الامرَ: جائز سمجھنا۔
الجائز. فا نافذ. روا۔ مباح۔ دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی۔ ج جَوائز وجُوْزان وجِيْزان وأجْوُز وأجْوِزة.
الجائزة: الجائز کا مؤنث۔ عطیہ۔ انعام۔ پانی کا ایک گھونٹ۔ ج جَوائز. جوائز الاشعار والامثال: وہ اشعار یا کہاوت جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک پھیل جائیں۔
الجَوْز. مں: اخروٹ کا درخت۔ اخروٹ۔ واحد جوزة. الجَوزة: پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
جَوْزهِنْدي: ناریل۔
جَوْز. الشيء: چیز کا وسط اور اکثر حصہ۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوا جَوْزَ الفَلاةِ" انہوں نے جنگل کا بڑا حصہ طے کر لیا۔ "مَضَى جَوْزُ اللَيْلِ" رات کا بڑا حصہ گزر گیا۔ ج أجْواز.
الجَوْزاء: آسمان کے ایک برج کا نام کالی بکری جس کے وسط میں سفیدی ہو۔
الجَواز. مں: پروانہ راہداری۔ عوام اس کو تذكرة السفر یا اليسا بورط کہتے ہیں۔ ج أجْوِزة. پانی کی اتنی مقدار جس کو مسافر اپنے ساتھ لے اور دو چشموں کے درمیان کافی ہو۔
الجُواز: پیاس۔
الجِيْزة: کنارہ۔ گوشہ۔ وادی کا کنارہ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔ ج جِيْز وجِيَز.
الإجازة: اذن۔ اجازت عند المحدثين: روایت کی اجازت لفظاً یا کتابتاً۔
الإجازة: اللَيْسانس. سند بی اے کی ڈگری محدثین کے نزدیک حدیث کو زبانی یا تحریری روایت کرنے کی اجازت۔
اَلْمُجاز: یعنی جس کو کسی کام کرنے کی اجازت دی گئی ہو۔
جیسے مُجازٌ في الحُقُوق وَ مُجاز في الأدب یعنی حقوق و آداب کا اجازت نامہ حاصل کرنے والا۔ اسی کو فرانسیسی میں "الليساس" بولتے ہیں۔

المَجاز: لفظ جو اپنے موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں کسی مناسبت سے استعمال کیا جائے۔ (والمَجازة) راستہ۔ مَجازة النهر: پل۔ المَجازة: بہت اخروٹ والی زمین۔ کہا جاتا ہے "ارضٌ مجازة"
جَوْزُ القَوْغَل: مندی کھجور کی ایک قسم۔
جَوْزَةُ العُنُق: گردن کے شروع ایک زخم ابھرا ہوا۔
المُجيز. فا ولي. اُمور یتیم کا منتظم۔ غلام جس کو تجارت کی اجازت دی گئی ہو۔
مِجْوَز: دو کانوں والا آلہ موسیقی
جاسَ (ن) جَوْسًا واجْتاسَ اجْتِياسًا. الشيءَ: بہت انہماک سے تلاش کرنا۔ (جَوْسًا وجَوَسانًا) القومُ بين البيوت والدور: گھروں کے درمیان فساد مچا دینا اور ان کے اندر مال متاع کو ڈھونڈھنا۔
جاساه: دشمنی کرنا۔
الجَوَّاس: قوم کے درمیان فساد مچانے والا شیر۔
جَوْسَةُ النَاظِر: ٹکٹکی۔
الجَوْسَق: محل۔ ج جَواسِق و جَواسِيق.
جاشَ (ن) جَوْشًا: پوری رات چلنا۔
تَجَوَّشَ. الليلُ: کچھ حصہ گزر جانا في الارض: داخل ہونا۔
الجَوْش: مں۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "مضى جوش من الليل" رات کا اگلا حصہ یا کچھ حصہ گزر گیا۔
الجَوْشَن: سینہ۔ زرہ من الليل: رات کا وسط یا ابتدائی حصہ۔ ج جَواشِن.
جاظَ (ن) جَوْظًا و جَوَظانًا: تکبر سے چلنا۔
جَوَّظَ: زچ ہونا بے صبر ہونا۔ (وتَجَوَّظ:) کوشش کرنا۔
الجُواظ: تنگ دلی۔ بے صبری۔
الجَوَّاظ: تکبر سے چلنے والا۔ اجڈ۔ بہت

کھانے والا۔

الجَوَّاظَة: بمعنی جَوَّاظ. تا مبالغہ کے لیے ہے۔

جَاعَ (ن) جَوْعًا و مَجَاعَةً: بھوکا ہونا۔ صفت (جَائِع وجَوْعَانُ) مؤنث جَائِعة وجَوْعیٰ ج جِيَاع وجُوَّع اليه: مشتاق ہونا۔

جَوَّعَهُ تَجْوِيْعًا وأَجَاعَهُ إِجَاعَةً: بھوکا رکھنا۔ خوراک روکنا۔ کہا جاتا ہے "أَجَاعَ قِدرَه" اس نے اس کی ہانڈی کو نہیں بھرا۔

تَجَوَّعَ: بتکلف بھوکا بننا۔

إِسْتَجَاعَ إِسْتِجَاعَةً: ہر وقت کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا۔ کسی چیز کو کھانا اور سیر نہ ہونا۔

الجُوْع والمَجَاعَة: بھوک۔ الجُوْعُ الكَلْبي او الجُوْعُ البَقَري: معدہ کی ایک بیماری کا نام جس میں آدمی شکم سیر نہیں ہوتا اور اگر ہو جاتا ہے تو جلدی بھوک لگ جاتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَامٌ مَجَاعَةٍ او مَجْوَعَةٍ" بھوک کا سال۔ ج مَجَاوِع.

الجَوْعَة: اسم مرة. قبیلہ کا خالی ہونا۔

جَوِفَ جَوَفًا: کھوکھلا ہونا۔

جَافَهُ (ن) جَوْفًا: گہرا کرنا ہ بالطعنة: جوف میں نیزہ مارنا۔

أَجَافَهُ. الطَّعْنَة وبِالطَّعْنَة: جوف میں نیزہ مارنا البَابَ: بھیڑ دینا۔

جَوَّفَه: کھوکھلا کرنا۔ گہرا کرنا۔ جوف میں سے سب کچھ نکال لینا۔

تَجَوَّفَ: کھوکھلا ہونا۔ (تَجَوَّفَه و إِجْتَافَه) جوف میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "إِجْتَافَ الوحشی كناسَه وتَجَوَّفَه" وحشی جانور اپنے بھٹ میں داخل ہو گیا۔

إِسْتَجَافَ وإِسْتَجْوَفَ إِسْتِجَافَةً. الشَّيْئُ: کشادہ ہونا۔ الشَّيْئَ: کھوکھلا پانا۔

الجَوْف. س۔ پیٹ من البيت: اندرونی حصہ۔ ج أَجْوَاف.

الجَوَف. س۔ کشادگی۔

الجَائِف. فا. جوف تک پہنچنے والی چیز۔ مؤنث جَائِفه. الجَائِفَة: نیزہ کی مار جو جوف تک پہنچے۔ ج جَوَائِف.

الأَجْوَف: کھوکھلا۔ کشادہ جوف والا۔ مؤنث جَوْفَاءُ ج جُوْف. "الجَوْفَاء مِن الدِلَاء" کشادہ ڈول من القَضَاء او المشجر: اندر سے کھوکھلا۔ الفعل الأَجْوَف: وہ فعل جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ جیسے قال، باعَ،

خاف أَجْوَف: بڑا شیر۔

المَجُوْف: بڑے جوف والا۔

المُجَوَّف: کھوکھلا۔ رجل (مُجَوَّف وأَجْوَف و مَجُوْف:) بزدل۔

المُسْتَجَاف: کشادہ جوف والا۔

الجُوَاف: ایک قسم کی مچھلی۔

جَوْفَل: اشخاص یا اشیاء کو بذریعہ طیارہ منتقل کرنا۔

جَوِقَ (س) جَوَقًا. الوجهُ: ٹیڑھے منہ والا ہونا۔ صفت (أَجْوَق و جَوِق) مؤنث جَوْقَاء ج جُوْق.

جَوَّقَ. القومَ: جمع کرنا عليه: شور مچانا۔

تَجَوَّقُوْا: اکٹھا ہونا۔

الجَوْق. ج أَجْوَاق و (الجَوْقَة) لوگوں کی جماعت۔

الأَجْوَق: موٹی گردن والا۔ أَجْوَق الفَكُّ: جھکے ہوئے جبڑے والا۔

المُجَوَّق: ٹیڑھے جبڑوں والا۔

جَالَ (ن) جَوْلًا و جُوْلًا و جُؤُوْلًا و جَوَلَانًا و جَيَلَانًا وجَوَّلَ تَجْوَالًا. في المكان: چکر لگانا۔ گھومنا۔ جَالَ الشَّيْئَ: پسند کرنا۔ جَالَ القَوْمُ جَوْلَةً: شکست کھانے کے بعد حملہ کرنا۔ جَوَّلَ الأَرْضَ: زمین میں بہت چکر لگانا۔

جَاوَلَهُ مُجَاوَلَةً: ایک دوسرے کو دھتکارنا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔

أَجَالَ. الشيء وبالشَّيْئِ: گھمانا۔ السيفَ: تلوار سے کھیلنا اور ادھر اُدھر گھمانا۔

تَجَاوَلَ. القومُ في الحربِ: ایک دوسرے کے مقابلہ میں چکر لگانا۔

إِجْتَالَ إِجْتِيَالًا: گھومنا القومَ: ارادہ سے پھیر دینا مِنْهُمْ جَوْلًا: پسند کرنا أَمْوَالَهُمْ: لے جانا۔

إِنْجَال. الغبارُ: بلند ہونا اور پھیلنا۔

إِسْتَجَال إِسْتِجَالَةً. اموالَهم: لے جانا۔

الْجَوْل: س۔ گھوڑوں یا چوپایوں کا گلہ۔ رسّی۔ ج أَجْوَال (والجُوْل) مٹی جس کو ہوا سطح زمین پر ادھر اُدھر کرے۔

الجَال والجُوْل: قبر یا کنوئیں کی دیوار پہاڑ کا پہلو۔ جُوْلُ القبر: قبر کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "ماله جَالٌ او جُوْل" اس کا پختہ ارادہ نہیں ج جِوَال وجُوَال وجِوَالَة وجُوَالَة وأَجْوَال.

الجُوَالَة. من الشيء: چیز کا بہتر حصہ۔

الجَوْلَان والجُوْلَان: مٹی جس کو ہوا ادھر اُدھر کرے۔

الجَوْلَان. س۔ مال کا چھوٹا اور ردی حصہ

جَوْلَانُ الهُمُوم: غم کی ابتدا۔

الجَوَّال والجَوَّالَة: بہت چکر لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هو جَوَّالَة جوَّابة" وہ بہت زیادہ چکر لگانے والا ہے۔ اور مقامات کو طے کرنے والا ہے۔

الأَجْوَل: اسم تفضیل۔ یوم أَجْوَل: بہت غبار کا دن۔

الأَجْوَلِيّ: بہت چکر لگانے والا گھوڑا۔

المَجَال: چکر لگانے کی جگہ۔

المِجْوَل: ڈھال۔ پازیب۔ تعویذ۔ ہار میں چاندی کا ہلال۔ کرتی۔ گورخر۔ چاندی۔ لکڑی کا بڑا پیالہ۔ تالاب۔

المُسْتَجِيْل: بیوقوف۔

جَامَ (ن) جَوْمًا: اچھی یا بُری چیز کا طلب کرنا۔

الجَام: پیالہ۔ ج جَامَات وأَجْوَام وأَجْؤُم وجُوْم.

الجُوَيْمَة: جام کی تصغیر۔

جَانَ (ن) جَوْنًا: کالا ہونا۔

تَجَوَّنَ. باب العروس: دلہن کے دروازہ پر سفیدی پھیرنا۔ بابُ الميت: سیاہ کرنا۔

الجَوْن مص۔ سفید۔ سیاہ۔ سرخ خالص سبزی جس کی سبزی سیاہی مائل ہو۔ دن من الخیل والابل: بہت کالا۔ ج جُوَن.

الجَوْنة: غروب کے وقت کا آفتاب۔ تار کول ملا ہوا مٹکا۔ کوئلہ۔

الجُونة: چمڑے سے منڈھی ہوئی ٹوکری۔ ج جُوَن

الجَوْنَاء: آفتاب۔ ہانڈی۔ سیاہ اونٹنی۔

الجَوْنِیّ: قطا پرندہ کی ایک قسم جس کا سینہ اور بازو کالا ہوتا ہے۔

جَاهَ(ن) جَوْهًا. الرجل بالمکروه: ناپسند طریقہ سے پیش آنا۔

جَوَّهَهُ تَجْوِیهًا واَجَاهَهُ اِجَاهَةً: صاحب مرتبہ بنانا۔

تَجَوَّهَ: بڑا ہونا۔ بتکلف بڑا بننا۔

الجَاه والجَاهَة: قدر۔ شرف۔ بلندی۔ مرتبہ۔

الجَوْهَر: وہ چیز جو قائم بالذات ہو اور محل کا محتاج نہ ہو۔ اس معنی میں یہ عرض کا مقابل ہے۔ ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی جائے۔ واحد (جَوْهَرَة) ج جَوَاهر. جوهر الشیء: چیز کی اصلیت —جوهر السیف: تلوار کا جوہر۔ الجوهر الفرد: وہ چیز جو قابل انقسام نہ ہو۔ الجواهر العلویة: افلاک۔ ستارے۔ ارواح۔

الجَوْهَرِیّ: جوہر کی جانب منسوب۔ لازم و ضروری۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کا مقابل عرضی ہے۔ جوہر کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

جَوَّیٰ تَجْوِیَةً —السِقَاءَ: مشک میں پیوند لگانا۔

الجَوّ: آسمان وزمین کا درمیانی حصہ۔ کشادہ وادی۔ کشادہ میدان۔ جَوُّ البَیْتِ: گھر کا اندرونی حصہ جَوُّ الماء: زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لیے کھودا جائے۔ جَوُّ کلِ شیْءٍ: اندرونی حصہ۔ ج جِوَاء واَجْوَاء.

الجَوَّانِیّ. جَوّ کی جانب منسوب۔ اس کا نقیض بَرَّانِیّ ہے۔ دیکھئے لفظ بَرَّانِیّ۔

الجُوَّة: مشک کا پیوند۔ زمین کا سخت ٹکڑا۔ پہاڑ وغیرہ کا گڑھا۔ لوہے کا زنگ۔ گندم گوں رنگ۔

جَوِیَ(س) جَوًی: عشق یا غم کی وجہ سے جلن لاحق ہونا الماءُ: بدبودار ہونا۔ الشَّیَْ: ناپسند کرنا۔ جَوِیَتْ نفسه من البلد وعن البلد: ناموافق ہونا۔

جَاوَیٰ مُجَاوَاة. بالابل: پانی پر بلانا۔

اِجْتَوَیٰ. البَلَدَ: اقامت ناپسند کرنا۔ (واِسْتَجْوَیٰ) الطعامَ: ناپسند کرنا۔

الجَوَی. مص: غم یا عشق کی وجہ سے سوزشِ سینہ کا ایک مرض۔ مرض کی طوالت۔ بتلائے سوزشِ عشق۔

الجِوَاء. کشادہ وادی۔ زمین کا اندرونی حصہ۔ چرواہے کا تھیلا۔ وہ چیز جس پر ہانڈی رکھی جائے۔

الجَوِی: بدبودار۔ عاشق۔ بتلائے سوزش عشق۔

الجَوِیّ: تنگ دل مؤنث جَوِیَّة.

الجِیَّة: پانی وغیرہ جبکہ بدبودار ہو جائے۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج جِیّ.

جَاءَ یَجِیءُ ویَجُوءُ مَجِیئًا ومَجِیئَةً وجَیْأً وجَیْئَةً: آنا۔ به: لانا۔ جَاءَهُ وجَاءَ الیه: آنا۔ الشَّیَْ: کرنا۔ صفت (جَاءٍ) مؤنث جَائِیَة

جَاآنِی وجَایَأنِی فَجِئْتُهُ: کثرتِ آمد میں مقابلہ کرنا۔

اَجَاءَ هُ: لانا۔ آنے کو لازم وضروری ٹھہرانا۔

اَلجَیْئَة. مص۔ ایک مرتبہ کی آمد۔ پیپ وخون۔ ٹکڑا جس سے جوتہ پیوند لگایا جائے۔

الجِیْئَة: آنا۔ ج جَیْآت.

جَابَ (ض) جَیْبًا. البِلَادَ: طے کرنا۔ القمیصَ: گریبان بنانا۔

جَیَّبَ: اَلْقَمِیْصَ: گریبان بنانا۔

الجَیْب. من القمیص: گریبان۔ دل وسینہ۔ کہا جاتا ہے "نَاصِحُ الجَیْبِ" امین وصادق جَیْبُ الارض: زمین میں داخل ہونے کی جگہ۔ ج جُیُوْب.

الجَیْبُ والجَیْبَة. عند العوام: تھیلی۔ پاکٹ۔ ج جِیَاب.

جَاحَ یَجِیْحُ جَیْحًا. السیلُ الوادی: کناروں کو بہالے جانا۔

جَادَ وجَیِدَ یَجَادُ جَیَدًا: خوبصورت اور لمبی گردن والا ہونا۔ صفت (اَجْیَد) مؤنث جَیْداء وجَیْدَانة. ج جُوْد. اور کبھی جَیَد گردن کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عنق اَجْیَد"

الجِیْد: گردن۔ ج اَجْیَاد وجُیُود.

جَیَّر. الحوضَ: گچ کرنا۔

جَیْرِ: حرفِ ایجاب بمعنی نعم۔ یعنی ہاں۔

الجِیئر: گچ۔

الجَیَّار: بے بجھا چونہ۔ (والجائِر) غُصّہ یا بھوک کی وجہ سے سینہ کی سوزش۔ حوض (مُجَیَّر) گچ کیا ہوا حوض۔ گہرا حوض۔

جَاشَتْ (ض) جَیْشًا و جَیَشَانًا و جُیُوْشًا. القِدْرُ: اُبلنا البحرُ: جوش مارنا الصدرُ: غُصّہ سے جوش میں آنا۔ الحَربُ بَیْنَهُمْ: گھمسان کی جنگ شروع ہونا۔ العینُ: آنسو بہانا۔ الوادی: موج مارنا۔ المیزابُ: پرنالہ کا خوب اچھی طرح بہہ پڑنا۔ النفسُ: جی متلانا۔ نفسُ الجبان: بھاگنے کا ارادہ کرنا۔

جَیَّشَ. الجُیُوش: فوجوں کو جمع کرنا۔

تَجَیَّشَ. القومَ: اکٹھا ہونا۔ تَجَیَّشَتْ نفسهُ: جی متلانا۔

اِسْتَجَاشَ. الجَیْشَ: جمع کرنا۔ الامیرَ: امیر سے مدد اور لشکر طلب کرنا۔ القومَ: مدد دینے پر برانگیختہ کرنا۔

الجَائِشَة: نفس۔

الجَیْشَة. جاش کا اسم مرۃ۔ ج جَیْشَات.

الجَیْش. مص: لشکر۔ ج جُیُوش.

الجَیْش: ایک قسم کی لمبی نباتات کا نام ہے۔

الجَیَّاش: متحرک ومضطرب۔

جَاضَ (ض) جَيْضًا وجَيَّض تَجْيِيْضًا. عنه: منحرف ہونا۔ ہٹ جانا۔
جَائِضَةُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الجَيْضَةُ: دائیں بائیں جھکاؤ۔
الجَيَضُّ والجيَضَّى: تکبر وغرور کی چال۔
جَاظَ (ض) جَيْظَانًا: چلنے میں تکبر کرنا۔
صفت (جَيَّاظ) بحمله: بوجھل چلنا۔
الجَيْعَر: بجو۔
الجَيْعَم: بھوکا۔
جَافَت (ض) جَيْفًا وجَيَّفَت وتَجَيَّفَت واجْتَافَت وانْجَافَت. الجثّه: بدبودار ہونا۔
الجِيْفَة: میت کا بدبودار جثہ۔ ج جِيَف واَجْيَاف.
الجَيْفَر: قوی شیر۔
جَيْفَل: نام ماہ ذی القعدہ۔
الجِيْل: لوگوں کا ایک گروہ۔ صدی۔ ایک زمانہ کے لوگ۔ ج اَجْيَال وجِيْلان.
الجَيْلَم: چاند۔
الجَيْهَر: ایک قسم کی مکھی۔
الجَيْهَل والجَيْهَلَة: انگارہ ہلانے کی لکڑی۔ کریلنی۔ صَفَاة جَيْهَل: بڑا پتھر۔
اَلْجَوْدِيْزِيَّة: (یونانی لفظ) زمین کی پیائش کا علم
اَلْجِيُولُوجِيَا: زمین کے طبقات اس کی طبعی مائیت کے اسباب کا علم۔
الجِيْم: حروف ہجاء کا پانچواں حرف۔ (مذکر ومؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ح

ح: الحا بنیادی حروف میں سے چھٹا حرف ہے-یہ حروف حلق سے ہے-حساب جمل میں اس کا نمبر (۸) ہے-

حَبَّهُ (ض) حُبًّا وحِبًّا. اَلشَّيَ: رغبت کرنا-

حَبَّ (س) حَبُبَ (ک) الیه: محبوب ہونا-

حَبَّبَهُ. الیَّ: محبوب بنانا- اور کہا جاتا ہے "حَبَّبَنِي اِيَّاه" اس نے مجھ کو اس کا محبوب بنایا- حَبَّبَ الْقِربَةَ: بھرنا (حَبَّبَ واَحَبَّ) الزرعُ: دانے دار ہونا-

حَابَّه مُحَابَّةً وحِبَابًا: باہم مُحبّت کرنا-مُحبّت ظاہر کرنا-

اَحَبَّه: مُحبّت کرنا- یہ حب سے زیادہ مستعمل ہے- صفت فاعلی (مُحِبٌّ) اور صفت مفعولی (مَحْبُوبٌ و مُحَبٌّ)

تَحَبَّبَ. الیه: مُحبّت و دوستی ظاہر کرنا- تَحَبَّبَ من الشَّرَابِ: بھرنے سے مٹکے کی مانند پھول جانا-

تَحَابَّ. القومُ: ایک دوسرے سے مُحبّت کرنا-

اِسْتَحَبَّه: مُحبّت کرنا- اچھا سمجھنا- کہا جاتا ہے "اِسْتَحَبَّ الکفرَ علی الایمان" اس نے کفر کو ایمان پر فضیلت دی-

الحَبُّ ج حُبُوب و حُبَّان: دانہ- واحد (حَبَّة) ج حَبَّات. حَبُّ الغَمَامِ: اوله.
حبة القلب: دل کا دانہ یا روح- الحَبَّة: دو (۲) جَو کے برابر ایک وزن کا نام- دینار کا سولہواں حصہ- الحَبَّة الخَضْرَاء: بُن (ایک دوا کا نام) الحَبَّةُ السَّوْدَاء: کلونجی-

المَحَبَّة: مرغوب چیز کی طرف طبیعت کا میلان-

الحِبُّ. س: دوست- عاشق- محبوب- ج اَحْبَاب و حِبَّان و حِبَبَةٌ و حُبٌّ و حُبُوبٌ.

الحُبُّ. س: بڑا گھڑا یا مٹکا- ج حِباب و حِبَبَة و اَحْبَاب.

الحُبَّة: انگور کا بیج- معشوق- معشوقہ- ج حُبَب. کہا جاتا ہے "هذا حُبَّتك" یہ وہ چیز ہے جس کا مل جانا تمہیں محبوب ہے- "و نعم و حُبَّةٍ و کَرَامَةٍ" جیسا کہ کہا جاتا ہے "حُبًّا و کَرَامَةً"

الحَبَب: دانتوں کی ہمواری- (و الحَبَاب) بلبلہ- حَبَبُ الماءَ او الرمل و حِبَبُهُ: پانی یا ریت کا بڑا حصہ-

الحَبَاب: انتہا- کہا جاتا ہے- "حَبَابك ان تفعل کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو-

الحُبَاب: دوستی- محبت- محبوب- سانپ-

اُمُّ حباب: دنیا-

الحُبَابَة: ایک قسم کا سیاہ آبی کیڑا- ج حُبَاب

الحَبِيب: عاشق- معشوق- ج اَحِبَّة و اَحِبَّاء و اَحْبَاب.

الحَبَّاب. حبّ: کا اسم مبالغہ: گھڑوں اور مٹکوں کا بنانے والا- یا بیچنے والا-

المُحِبّ: . فا. کہا جاتا ہے "اِمرأة محبّة لزوجها و مُحِبّ لهُ"

حَبَجه (ض) حَبْجًا. بالعصاء: لاٹھی سے مارنا- (واَحْبَجَ) الامرُ: اچانک ظاہر ہونا- قریب ہونا- ظاہر ہونا-

حَبِجَ (س) حَبَجًا و حَبَجَ (ف) حُبَاجًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا- صفت (حَبِجٌ)

الحَبَج. س: مینگنیاں جو سدہ کی شکل میں ہو جائیں- اونٹ کی کمر کا داغ-

حَبْحَبَ حَبْحَبَةً. الماءُ: پانی کا آہستہ بہنا- النارُ: آگ جھڑکنا-

اَلْحَبْحَاب: پست قد- بدنما- بدشکل- حباحب.

الحُبَاحِب واُمُّ حُبَاحِبُ: جگنو- وہ چیز جو جگنو کی دُم میں آگ کی مانند دکھلائی دے- اور اسی سے نَارُ الحُبَاحِب ہے جس کو ضعف و کمزوری میں بطور مثل کے استعمال کرتے ہیں-

نَارُ الحُبَاحِب: چنگاری جو گھوڑے کے سم سے پتھر وغیرہ پر ٹھوکر لگنے سے نکلے-

المُحَبْحَب: بدغذا-

الحَبْحَبَة: تربوز- ج حَبْحَب.

حَبَّذَا. حَبَّ اور ذَا، اسم اشارہ سے مرکب کلمہ ہے جو مدح کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ہر صورت میں یہی صیغہ بولا جاتا ہے- (حَبَّذَه) کسی سے "حبذا" کہنا-

حَبَّ: بیج، بطور دوائی چنے کے برابر گولی بنانا، اس

سے چھوٹی یا بڑی بھی ہو سکتی ہے۔ حب الضمام: اولا الحبة السودا' شونیز یعنی کلونجی۔الحبة الخضراء: بن کا پھل

حَبَرَ (ن) حَبْرًا. الشَّيَّ: مزین کرنا۔ منقش کرنا۔

حَبَرَهُ (ن) حَبْرًا وحَبْرَةً واَحْبَرَهُ: خوش کرنا۔ اَجْرَت الاَرْضُ: پیداوار کا زیادہ ہونا۔

حَبِرَ (س) حُبُوْرًا و حَبَرًا: خوش ہونا۔ (حَبَرًا) الجرحُ: زخم کا اچھا ہونا اور کچھ اثر باقی رہنا الاسنانُ: زرد ہونا الارضُ: پیداوار کا زیادہ ہونا۔

حَبَّرَ. الدواةَ: روشنائی ڈالنا الکلامَ او الخطّ او الشعرَ: عمدہ بنانا۔

حُبِّرَ: پسوؤں کے کاٹے کا نشان والا ہونا۔

تَحَبَّرَ: مزین ہونا۔ عمدہ ہونا۔ السحابُ: ظاہر ہونا اور پھیلنا۔

الحَبْر والحِبْرُ: نیک عالم۔ خوشی و نعمت الحَبْر الاعظم: پوپ۔ یہودیوں کے نزدیک کاہنوں کا سردار۔ ج حَبَار و حُبُور.

الحِبْر: روشنائی، خوبصورتی۔ نقش و نگار۔ دانتوں کی زردی ج حُبُور. کہا جاتا ہے "فلان حسن الحِبْرِ والسِّبْرِ" یعنی فلاں خوبصورت اچھی ہیئت والا ہے۔ "و فلان لیس له حِبْر" یعنی فلاں کا کوئی مثیل و نظیر نہیں "و ذهب حِبْرُهُ و سِبْرُهُ" یعنی اس کی رونق وہیئت جاتی رہی۔

الحَبَر. س اثر۔

الَحِبْرَة. مثلثة الحاء: دانتوں کی زردی۔

الحَبْرة والحِبَرَة: ایک قسم کی یمنی چادر۔ ج حَبَرات و حِبَرات وحِبَر.

الحَبْرَة: خوشی۔ نعمت۔ ہر عمدہ راگ۔

الحِبَر والحَبِير. من الثیاب: نیا و نرم منقش چادر۔ حَبِیْر کی جمع حُبُر ہے۔

الحَبَار. ج حَبَارَات و (الحِبْر) ج حُبُوْر: داغ۔ نشان۔ اثر۔ کہا جاتا ہے "بجِلده حَبَارُ الضَّرْبِ" اس کی کھال میں مار کا اثر ہے" و فِي يَدِهٖ حَبَارُ العَمَلِ" اس کے ہاتھ میں کام کرنے کا اثر ہے۔

المِحْبَرَة والمَحْبَرَة والمَحْبُرَة: دوات۔ ج مَحَابِر.

الحَبُوْرَة: امامت۔

الحَابُوْر: بدکاروں کی مجلس۔

الحُبَارَى: سرخاب۔ ج حُبَارَات.

الحَبُوْر والحُبْرُوْر والحِبْرِيْر: سرخاب کا بچہ۔ ج حَبَارِيْر. کذب (حِبرِيت) خالص جھوٹ۔

حَبَسه (ض) حَبْسًا و مَحْبسا: قید کرنا عن الشَّيَّ: روکنا۔ الشَّيَّ: پورے طریقے سے حفاظت کرنا الشَّيَّ بالشَيء: ڈھانپنا یا احاطہ کرنا۔المالَ علی كَذَا: وقف کرنا۔

اَحْبَس و حَبَّسَ. المالَ: اللہ کے راستہ میں وقف کرنا۔

حَابَسَهُ مُحَابَسَةً: روک رکھنا۔

تَحَبَّسَ واِحْتَبَسَ. فی الکلامِ: رک جانا علیٰ کَذَا: محدود رکھنا۔واِحْتَبَسَهُ: روک رکھنا (لازم و متعدی) اِحْتَبَسَ الرجلَ: قیدی بنانا۔

الحَبْس. ج حُبُوس و (المَحْبِس) ج مَحَابِس: قید خانہ۔

الحِبْس: پلنگ پوش۔ وہ لکڑی یا پتھر جو پانی کے بہاؤ کے روکنے کے لیے رکھا جائے ج اَحْبَاس.

الحُبُس: واحد حَابِس و (الحُبْس) واحد حُبُوْس: یا حَبِيْس: پیادے۔ وقف شدہ چیز۔

الحُبْسَة: گفتگو کرنے میں دشواری۔

الحَابِسَة. الحَابس کا مؤنث۔ اُونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں۔

الحَبَائِس: اُونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں۔ اُمورِ خیر میں وقف شدہ چیز (حَبِيسة) کی جمع ہے۔

الحَبِيْس: قیدی من الخیلِ: جہاد کے لیے وقف شدہ گھوڑا۔ ج حُبُس دنیا سے بے تعلق آدمی۔ ج حُبَسَاء

المَحْبَسَة: قید خانہ۔ عابدوں زاہدوں کے رہنے کی جگہ ج مَحَابِس.

حَبَشَ حَبْشًا و حُبَاشَة حَبَّشَ واِحْتَبَشَ. الشَّيَّ: جمع کرنا۔

اَحْبَشَتِ. المراۃُ: حبشی بچہ جننا۔

تَحَبَّشَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔

الحُبَاشَة ج حُبَاشَات و (الاُحْبُوْش) والاُحْبُوْشة ج اَحَابِيْش: مختلف قبیلوں کے لوگ۔

الحَبَش والحَبَشه: ملک حبش کا باشندہ واحد (حَبَشِي) ج حُبْشَان. الحَبَشَة: ملک حبش جس کو آج کل ابی سینیا کہتے ہیں۔

الحُبْشِيَّة: سخت کالا اونٹ۔ سیاہ رنگ کی بڑی چیونٹی۔

الحُبَاشِيَة: عقاب۔

الاَحْبَش: حبشی۔ ج اَحَابِش.

الحُبْشَان: ٹڈی کی ایک قسم۔

حَبِضَ (ض) حَبْضًا و حَبِضَ (س) حَبَضًا. القلبُ: دل کا سخت دھڑکنے کے بعد ساکن ہونا الرَّجلُ: مرنا السَّهْمُ: تیر۔ تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا۔ "فلانٌ بالوتر" آواز نکلنے کے لیے حرکت دینا۔

حَبَضَ (ن ض) حُبُوْضًا. ماء البئر: کم ہونا حقهُ: باطل ہونا السهمُ: تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا الغلامُ: لوگوں کے نیک گمان کے خلاف ہونا۔

اَحْبَضَ: حَقَّهُ: باطل کرنا البئر: پانی ختم کرنا۔

الحَبَض. س رگ کی تیز حرکت۔ کہا جاتا ہے "ما به حبض ولا نبض" یعنی اس کے اندر حرکت نہیں۔

المِحْبَض: دھنیا کی کمان۔ شہد نکالنے کی لکڑی ج مَحَابِض و مَحَابِيْض.

رَجلٌ (حَابِض و حَبَّاص) کنجوس۔ بخیل۔
حَبِطَ (س) حَبطًا و حُبُوْطًا. عمله: بیکار ہونا۔ خراب ہونا۔ برباد ہونا (واَحْبَط ماءُ البئر: ہمیشہ کے لیے کم ہو جانا۔
حَبِط. دمُ القتیل: بیکار جانا۔ حَبِطَ البَعِیْرُ حَبَطًا: خندقوق نامی ایک قسم کی نباتات کے کھانے سے پیٹ پھولنا۔ صفت (حَبِط) ج حَباطی اور اس بیماری کا نام حُباط ہے۔
اَحْبَطَ. عمله: بے کار و باطل کرنا۔ اَحْبَطَ الضَّرْبُ زیدًا: نشان چھوڑنا۔ اَحْبَطَ عنه: روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تعلق بِهِ ثم اَحْبَطَ عنه" اس کا تعلق اس سے ہوا پھر اس نے روگردانی کی۔
الحَبَطُ. س۔ زخم کا نشان۔ مار کی وجہ سے بدھی۔ مار کی وجہ سے آماس۔
الحَبَنْطِی: موٹا و پست قد۔ غصّے میں بھرا ہوا۔
حَبَقَهُ (ض) حبقا: مارنا۔
حَبَقَ (ض) حَبْقا و حَبِقًا و حُبَاقًا. العَنْزُ: گوز کرنا۔ (اس کا اکثر استعمال بکری اور اُونٹ کے لیے ہے۔)
حَبَّقَ. المتاعَ: جمع کرنا۔
اَحْبَقَ: تابعدار ہونا۔
حَبِقُوْا و تَحَابَقُوْا. عَلَيْهِ: جہالت سے کام لینا۔
الحَبَقُ: پودینہ۔ واحد حَبَقَة. حَبَقُ المَاءِ: نُھری نعنع۔ حبق البقر: بابونہ۔
حَبَقُ الفتی او الفیلِ: دونا مروا۔
الحُبَقُ والحَبقة: کم عقل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حَبَقَةٌ" جاہل مرد۔
الحَبِق: بے کار و بے فائدہ مرد۔
الحَبَقُرُّ: اولہ۔
حَبَكَهُ (ن ض) حَبكًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا الحائكُ الثوبَ: عمدہ بُننا۔
حَبَّكَهُ: مضبوط کرنا۔
اَحْبَكَهُ: مضبوط کرنا۔ عمدہ طریقہ سے کرنا۔
تَحَبَّكَ: کمر باندھنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔
اِحْتَبَكَ. الثوبَ: عمدہ بُننا بالازار: ازار باندھنا۔
الحُبْكَة والحِبَاكُ: ازار باندھنے کی جگہ یا کمربند۔ الحِبَاكُ: ریت کے ٹیلہ کا راستہ۔ ج حُبك.
الحَبَك والحَبَكَة: انگور کی جڑ۔
الحِبكُ: کمینہ۔
الحُبُكُ: سخت۔
الحَبِيْكُ: مضبوط کیا ہوا۔
الحَبِيْكَة. الحَبِيْكُ کا مؤنث۔ ریت کے ٹیلے کا راستہ۔ ستاروں کے درمیان کا راستہ۔ بالوں کے گچھے کی ایک لٹ۔ لوہے کی زرہ ج حَبائك وحَبِيْك وحُبُك. قرآنِ مجید میں ہے ﴿والسماءِ ذاتِ الحُبُكِ﴾ قسم ہے آسمان راستوں والے کی۔
اَلْمَحْبَكُ: ازار باندھنے کی جگہ۔
حَبْكَرَ. الشَّیُّ: جمع کرنا۔
تَحَبْكَرَ. فی طریقه: متحیر ہونا۔
حَبَلَهُ (ن) حَبْلًا: رسّی سے باندھنا الصیدَ: پھندے سے پکڑنا۔ صفت (حَابِل)
حَبِلَتْ (س) حَبَلًا. المرأةُ: حاملہ ہونا۔ صفت (حَابِلة) ج حَبَلَة و (حُبلیٰ) ج حُبالیٰ و حُبْلَيَات و (حَبْلانة) من الماءِ: بھر جانا۔ صفت (حَبْلان)
حَبَّلَهَا واَحْبَلَهَا: حاملہ کرنا۔ اَحْبَلَ النخلُ: گابھا دینا۔
اِحْتَبَلَ. الصیدَ: پھندے سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَبَلَهُ الموتُ بِحَبَائِلِه" موت نے اسے اپنے پھندے میں پھانس لیا۔
(وتحبَّل) الصیدُ: پھندے میں پھنسنا الدابةُ: جانور کی ٹانگوں کا رسّی میں پھنس جانا۔
الحَبْلُ: رسّی۔ باندھنے کی چیز۔ ج حِبَال واَحْبُل وحُبُول واحبال. ملاپ۔ عہد وذمہ۔ ریت کا لمبا ٹکڑا۔ بدن کی رگ جیسے حَبْلُ الذِّراعِ وحَبْلُ الوَرِيْدِ" کہا جاتا ہے "هو عَلیٰ حَبْلِ ذِراعِكَ" وہ تم سے قریب ہے۔ "وَصَلَ زَيْدٌ حَبْلَ عمرو" زید نے اپنی لڑکی کی شادی عمرو سے کر دی "و هو يَحْطُبُ فی حَبْلِ فلان" یعنی وہ اس کی اعانت اور مدد کرتا ہے۔ "وحَرَمَ حِبَالَه" یعنی اس نے تعلقات منقطع کر لئے۔
الحَبَلُ. س۔ انگور کی بیل یا اس کی شاخیں واحد حَبَلَة ج اَحْبال. بھر جانا۔ غم وغصہ۔ حمل۔
الحِبْلُ: دانشمند وزیرک۔ چالاک۔ ج حُبُول
الحَابِلُ: پھندے سے شکار کرنے والا جادوگر۔ کپڑے کا تانا۔ "اختلطَ الحابلُ بالنَّابِلِ" بطور ضرب المثل کے اس وقت بولتے ہیں جب یہ کہنا ہوتا ہے کہ فلاں معاملہ آپس میں گتھ گیا۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس مثال میں حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔ اور بعضوں کے نزدیک حابل سے مراد پھندے سے شکار کرنے والا اور نابل سے مراد تیر سے شکار کرنے والا ہے۔ نیز کہتے ہیں "دار حَابِلُهُ علی نابله" یعنی اس کا اول آخر پر گھوم گیا۔ "و ثار حابلهُم علی نابلهم" یعنی انہوں نے آپس میں شر و فساد برپا کر لیا۔ "و حول حابلَه علی نابله" یعنی اس نے اوپر کا نیچے کر دیا۔
الحَابُوْلُ: درخت خرما وغیرہ پر چڑھنے کے لئے چھال کی رسّی۔ پاسی۔
الحُبَالُ: بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "به حُبَال من الشَّرابِ"
الحِبَالَةُ: پھندا۔ ج حَبَائِلُ.
الُاحبُول والُاحْبُوْلَة: پھندا۔
الحَبَالَةُ: کسی چیز کا مناسب وقت۔ بوجھ۔
الحَبَّالُ: رسّی بنانے والا یا بیچنے والا۔
الحَبْلَانُ: غصّہ اور کینہ سے بھرا ہوا۔ مؤنث حُبْلانة.
المَحْبَلُ: حمل کی مدت۔
المُحَبَّلُ: رسّی۔ شعر محبَّل: بٹے ہوئے بال۔

مُحْتَبَلُ. الفرس: گھوڑے کی ٹانگ اور کھر کا جوڑ۔

حَبِنَ (س) حَبَنًا وحُبِنَ حَبْنًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَابِن ومَحبُون واَحْبَن) عَلَيْهِ: غصہ سے بھرنا۔

اَحْبَنَهُ. الداءُ: سوجے ہوئے پیٹ والا کر دینا۔

الحَبْن والحَبِيْن: کنیر کا درخت۔

اُمّ حُبَيْن والحُبَيْنَة: گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

الحِبْن: بندر۔ پیپ سے بھرا ہوا پھوڑا۔ ج حُبُون.

حَبَا (ن) حَبْوًا: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَبَوْت الی الخمسين" میں پچاس سال کے قریب ہو گیا الولدُ: چوتڑوں کے بل گھسٹنا السفينةُ: جاری ہونا۔ حَبَا ما حَوْله: حفاظت کرنا اور منع کرنا الشيُّ له: پیش آنا۔ السهمُ: نشانہ خطا کرنا ہ كَذَا و بكَذَا: بغیر کسی بدلہ کے دینا ہ عن كَذَا: منع کرنا۔

حَبَّاه: حفاظت کرنا اور منع کرنا۔

حَابَى مُحَابَاةً وحِبَاءً. الرجلَ: مدد کرنا۔ دوسروں کے علاوہ مخصوص کرناہ في البيع: سہولت برتنا القاضي زيدًا في الحكم: انصاف سے ہٹ کر مائل ہونا۔

اَحْبَى. الرامي: نشانہ سے خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَمَى فَاحْبَى" اس نے تیر پھینکا اور نشانہ سے خطا کی۔

اِحْتَبَى اِحْتِبَاءً. بالثوب: کسی کپڑے میں لپٹ جانا۔ پیٹھ اور پنڈلیوں کو کسی کپڑے سے باندھ لینا۔

الحِبَاء والحِبْوَة والحَبْوَة والحُبْوَة: عطیه. الحِبَاءُ: عورت کا مہر۔

الحَبْوَة والحُبْوَة: وہ کپڑا جس سے پیٹھ اور پنڈلیوں کو ملا کر باندھ لیا جائے۔ ج حُبًى و حِبًى.

الحَبِيّ والحَبَا: گہرا بادل جو زمین سے قریب ہو۔

الحَابِي. فا: گردن تک بلند کندھوں والا۔

حَتَّ (ن) حَتًّا. الشجرَ: پتے جھاڑنا۔ چھال اُتارنا الشيءَ عن الثوب: اکھڑ کر دور کرنا عن الشَّيِّ: ہٹا دینا الورقَ او القشرَ عن الشجر: پتے جھڑنا یا چھال گرنا۔

تَحَاتَّ تَحَاتًّا وانْحَتَّ وانْحِتَاتًا. الورقُ من الشجر: جھڑ جانا شَعْرُهُ عن راسِهِ: گرنا الاَسْنَانُ: کھوکھلا ہو کر گرنا۔

الحَتُّ. مس: مردہ ٹڈی۔ الفرس الحتّ: تیز رفتار گھوڑا۔ ج اَحْتَات. کہا جاتا ہے "ترکُوْهُمْ حَتًّا بَتًّا اَوْ حَتًّافَتًّا" یعنی انہوں نے ان کو ہلاک کر دیا۔ "و مَا فِيْ يَدَيَّ منه حَتٌّ او حُتَاتة" یعنی اس میں سے میرے ہاتھ میں کچھ نہیں۔

الحَتَت: درختوں کی خرابی جس سے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

الحُتَات: بکھری ہوئی چیز۔ چورہ۔ ریزہ۔

الحَتَات: شور وغوغا۔

الحَتُوْت والمِحْتَات. من النخل: کھجور کا درخت جس سے کچی ہی کھجوریں گر جائیں۔

حتّى: حرف جار ہے۔ انتہا پر دلالت کرتا ہے جیسے "اكلتُ السمكة حتى راسها" یعنی میں نے مچھلی کو اس کے سر تک کھالیا۔ اور "ان" مصدریہ کی تقدیر سے فعل مضارع پر داخل ہوتا اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے "سِرْتُ حَتّٰى اَدْخلَ المَدِيْنَةَ" یعنی میں چلا یہاں تک کہ شہر میں داخل ہو گیا۔ اور یا بیان علت کا فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسے "تَرَهَّبْتُ حتى اتوب" یعنی میں نے توبہ کرنے کے لیے دُنیا سے بے رغبتی اختیار کی۔ اور کبھی حرف عطف بمعنی واو ہوتا ہے جیسے "اكلتُ السَمكةَ حتي راسِها" میں نے مچھلی کو اور اس کے سر کو کھالیا۔ اور کبھی حرف ابتدا ہوتا ہے۔ جیسے "فواعجبًا حتى كُلَيْبٌ تَسُبُّنِيْ" بڑا تعجب ہے کہ کلیب مجھے گالی دینے لگیں۔

حَتَّامَ: کب تک، اس کی اصل حتی ما ہے۔ "مَا" استفہامیہ کا الف حذف کر دیا گیا ہے۔

حَتَأَ (ف) حَتْأً واَحْتَأَ. العقدةَ: گرہ باندھنا الثوبَ: کپڑا سینا الجدارَ: دیوار مضبوط کرنا الشَّيَّ: لگاتار دیکھنا الحِمْلَ عن الدابة: بوجھ اُتارنا المرأةَ: جماع کرنا الرجلَ: مارنا۔

حَتْحَتَ: جلدی کرنا۔

تَحَتْحَتَ. الورقُ: جھڑنا۔

حَتِدَ (س) حَتَدًا: خالص الاصل ہونا۔ صفت (حَتِد)

حَتَدَ (ض) حُتُوْدًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

حَتَّدَ. الشَّيَّ: خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چننا۔

الحُتُد والحَتَد. من الشَّيِّ: اصل وجوہر کہا جاتا ہے "عين حُتُد" پانی ختم نہ ہونے والا چشمہ۔

المَحْتِد: اصل۔ کہا جاتا ہے "فلان كريم المَحْتِد" فلاں کریم الاصل ہے۔

حَتَرَه (ن ض) حَتْرًا وحُتُورًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ تھوڑا دینا۔ تھوڑی خوراک دینا۔ حتر له شيئاً: تھوڑا دینا اهلَه: نان ونفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَتَرْتُ اليَوْمَ شيئًا" میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔ یا مجھے آج کچھ حاصل نہیں ہوا۔

اَحْتَرَ. الشَّيَّ: مضبوط کرنا الرَّجُلُ: تھوڑی بھلائی یا تھوڑی بخشش والا ہونا عَلَيْنَا الرزقَ: کم کرنا یا روک لینا۔

حَتَّرَ: نان نفقہ میں کمی کرنا البَيْتَ: گھر کے گرد گھیرا بنانا۔

الحَتْر والحِتْر والحُتْرَة: تھوڑی چیز یا تھوڑی بخشش۔

حِتَارُ. الشَّيِّ: کنارہ۔ گھیرا۔ جیسے "حِتَارُ الْاُذُن" کان کا کنارہ "حِتَارُ الظفر" ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ "حِتَارُ المُنْخِل

والغِربال" چھلنی کا گھیرا۔ ج حُتُر.
الحَترَة: ایک بار بچہ کا دودھ چوسنا۔
الحَتِيرة. عند البعض الحَثِيرَة: کھانا جو عمارت کی تیاری پر کھلایا جائے۔
المُحْتِر: اہل وعیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنے والا۔
حَتْرَش حَتْرَشَةً. الجرادُ: کھانے میں آواز نکالنا۔
تَحَتْرَش. القومُ: اکٹھا ہونا۔
الحُتْرُوش: ہلکا پھلکا چست لڑکا۔
الحَتَارِش: بچے کی حرکتیں۔ کہا جاتا ہے "ماأحسن حتارش هَذَا الصبى" اس بچے کی حرکتیں کس قدر اچھی ہیں۔
تَحَتْرَف. الشَّیُ: بکھر جانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَتْرَفَ الشیُ من یدی" چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔
الحَتْرَفَة: آنکھ کی سرخی۔ سختی۔
حَتَشَ (ن) حَتْشًا: آمادگی کے ساتھ جمع ہونا۔
الحَتْف: موت۔ کہا جاتا ہے "ماتَ حَتْفَ أنفِهِ أوحَتْف فيه" وہ اپنی موت سے مرا۔ ج حتوف.
حَتَكَ (ض) حَتْكًا وحَتَكَانًا وتَحَتَّكَ: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
الحَتَك والحَوَاتِك: شتر مرغ کے بچے۔
حَتَلَهُ (ن) حَتْلًا: دینا۔
الحِتْل والحَاتِل: مثل ومشابہ۔ الحِتْل: عطیہ۔ گھٹیا چیز۔
حَتَم (ض) حَتْمًا. الشَّیُ: مضبوط کرنا۔ الشَّیُ عَلَیْهِ: واجب کرنا بالشَّیُ: کسی چیز کا حکم لگانا۔
تَحَتَّمَ: خوش ہونا۔ اظہار شادمانی کرنا۔ دستر خوان کے بقیہ کو کھانا الزُجاجُ بَعْضُه علیٰ بَعْض: شیشہ کا بعض بعض پر گر کر ٹوٹنا۔ (وانْحَتَم) الأمرُ: واجب ہونا۔ تَحَتَّم الشَّیُ علی نفسه: لازم کرلینا۔ واجب کر لینا۔

الحَاتِم: . فا . حاکم. کہا جاتا ہے حَتَم الحَاتِم بکذا" حاکم نے فلاں چیز کا فیصلہ کیا۔ کالا کوا۔
الحتم. س: خالص۔ کہا جاتا ہے "هو الاخ الحتم" وہ حقیقی بھائی ہے۔ "وهذا ولد حتم" یہ حقیقی لڑکا ہے جس کے نسب میں کوئی شبہ نہیں۔ فیصلہ۔ ج حُتُوم.
الحَتُومَة: ترشی۔
الحُتمة: سیاہی۔
الأحْتَم: سیاہ۔
الحُتَامَة: دستر خوان کا چورہ۔
حَتِنَ (س) حَتَنًا. الحَرُّ: تیز ہونا۔
أحْتَنَ. الرَجُلُ: سارے تیر ایک ہی جگہ پڑنا۔
تَحَاتَنَ. القومُ في الامر: برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاتَنَ الدَمْعُ" دو دو قطرے آنسو کے گرے۔ "و تَحَاتَنَتِ الرِيَاحُ" ہوائیں پے در پے چلیں۔
إحْتَتَن: بالکل برابر ہونا۔
الحَتْن والحِتن: برابر۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هُما حِتْنَان" وہ دونوں برابر ہیں۔
الحِتَن: باطل۔ یومُ (حَاتِن) گرمی میں اول آخر برابر دن۔
الحَتَن: پہاڑ کے کنارے۔
حَتا يَحْتُو حَتْوًا: تیز دوڑنا۔
حَتَاهُ (ض) حَتْيًا واَحْتَاهُ: سینا۔ مضبوط کرنا الحبلَ: بٹنا۔
فرس (مُحْتَاة) الخلق: مضبوط بدن کا گھوڑا۔
حَثَّ (ن) حَثًّا و حَثَّثَ تَحْثِيثًا واَحَثَّ إِحْثَاثًا واحْتَثَّ إحْتِثَاثًا واسْتَحَثَّ إسْتِحْثَاثًا. الرجلَ على الامرِ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
حاثّه: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
تَحَاثَّ. القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
إحْتَثَّ: برانگیختہ ہونا (لازم ومتعدی)

حَثَّثَ تَحْثِيثًا: سونا۔
الحُثّ: بھوسے کے ریزے۔ خشک روٹی۔ چمچماتا ہوا ریت۔
الحَثِيْث والحَثُوْث: تیز۔ کہا جاتا ہے "وَلّی حَثِيثًا" وہ تیز بھاگا۔
الحَثَاث والحِثَاث: جلدی۔ تھوڑی نیند۔ کہا جاتا ہے ماا کتحل فلان حَثَاثًا" یعنی وہ ذرا بھی نہیں سویا۔
حَثْحَثَ. البرقُ: بادل میں کوندنا۔ فلانًا: کسی چیز پر برانگیختہ کرنا المیلَ في العین: سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں حرکت دینا۔
تَحَثْحَثَ. القومُ: آمادہ ہونا۔
الحَثْحَاث والحُثْحُوث: تیز جس میں کسی قسم کی سستی نہ ہو۔
حَثِرَ (س) حَثَرًا. الجلدُ: پھنسی والا ہونا العَيْنُ: آشوب چشم کی وجہ سے موٹے پپوٹے والی ہونا العَسَلُ: خراب ہونے کی وجہ سے دانہ دار ہونا۔ صفت (حَاثِر وحَثِر) الشَّیُ: کشادہ ہونا۔ صفت (حَثِرٌ و حَثْرٌ)
حَثَّرَ. الدواءَ: گولی بنانا۔
أحْثَر وتَحَثَّر. النخلُ: دانہ ظاہر ہونا۔
الحَثَر: س تلچھٹ۔
الحَثِر: پھنسی والا۔ طعام حَثِر: بکھرا ہوا کھانا۔ جس میں کوئی برکت نہ ہو۔ فُؤادٌ حَثِرٌ: دل جو کچھ محفوظ نہ رکھ سکے۔ لِسَانٌ حَثِرٌ: زبان جس کو کچھ مزہ معلوم نہ ہو۔
حَثْرَبَ. الماءُ: گدلا ہونا البئرُ: گدلے پانی والا ہونا۔
الحُثْرُب: گدلا پانی۔ نرم زمین میں اُگنے والی ایک قسم کی گھاس۔ ہانڈی کی تلی کی چکنائی۔
حَثِلَ (س) حَثَلًا: بڑے پیٹ والا ہونا۔
أحْثَلت. الامُ ولدها: خراب غذا دینا۔ صفت مفعولی (حَثِيل) الدهر فلانا: بُرا حال کردینا۔ تباہ حال کردینا۔
الحَثْل: بُرے طریقہ سے دودھ پلانا۔ تباہ حالی۔

الحَثْل: لاغر۔ کمزور۔

الحُثْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔

الحُثَال و الحُثَالَة: چاول جو وغیرہ کا چھلکا۔

حُثَالَة الدهن: تیل کا تلچھٹ الناسِ: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

حَثَمَ (ن) حَثما . له: دینا الشیٔ: ملنا۔ رگڑنا۔

الحَثْمَة والحَثَمة: چھوٹا ٹیلہ۔

والحَثْمة: ناک کا بانسہ۔ ج حِثام.

الحُثْمَة: بند کے نزدیک پانی کے گرنے کی جگہ۔

حَثَا (ن) حَثْوًا وحَثيٰ (ض) حَثْيًا وتَحْثَاءً. التراب: گرانا۔ ڈالنا۔ التراب: گرنا له: تھوڑا سا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَثَا فِي وَجْهِهِ الرماد" یعنی اس نے اسے شرمندہ کر دیا۔ "وحثا في وجه التراب" یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔

اِسْتَحْثَوا: ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی ڈالنا۔

الحَثَا والحَثيٰ: بھوسہ کے ریزے۔ ڈالی ہوئی مٹی۔

الحَثْواء: بہت مٹی والی زمین۔

الحَثْي: مس۔ لپ۔ ج حَثَيات

الحُثْوة: مٹی کا ایک حصہ۔ ج حُثیً

حَجَّهُ (ن) حَجًّا: دلیل میں غالب ہونا۔ الجُرْحَ: سلائی لگا کر دیکھنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَجَّ بنو فلان فُلَانًا" یعنی فلاں کے پاس بنو فلاں نے بہت آمدورفت کی "و حَجَجْتُ فلانًا" یعنی میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔ حَجَّ الاماكنَ المقدسة: زیارت کرنا۔ صفت (حَاجّ) ج حُجَّاج و حَجِيج و حُجّ. مؤنث حَاجَّة ج حَوَاجّ.

حجَّ عَلَيْه: أنْعن الامر: باز رہنا۔

حَاجَّهُ حِجَاجًا ومُحَاجَّة: جھگڑا کرنا۔

حَجَّجَهُ تَحْجِيجًا واَحَجَّهُ اِحْجَاجًا: حج کرنے کے لئے بھیجنا۔

تحاجًّا تَحَاجًّا: باہم جھگڑا کرنا۔

اِحْتَجَّ: دعویٰ کرنا اور دلیل پیش کرنا بالشَّيْءِ: دلیل یا عذر بنانا البيتَ: زیارت کرنا۔

اِسْتَحَجَّ: حجت طلب کرنا۔

الحَاجّ. فا. مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع بمعنی حُجَّاج. کہتے ہیں "قَدِمَ الحَاجُّ حتيّ المُشَاة" حاجی صاحبان آ گئے یہاں تک کہ پیدل چل کر آنے والے بھی۔

الحِجَّة: حج کا اسم۔ سال۔

ذُوالحِجَّة: قمری سال کا بارھواں مہینہ ج ذَوات الحِجَّة. الحجَّة: کان کی لو۔

الحَجَّة: بالی۔ کان کی لو۔

الحُجَّة: دلیل۔ برہان۔ ج حُجَج و حِجَاج.

الحُجَاج: ابرو کی ہڈی۔ ج حُجُج واحِجَّة وحِجَاج. حَجَاجُ الشمسِ: آفتاب کا کنارہ۔

الحَجِيج: دلیل میں غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کے زخم کو سلائی ڈال کر معلوم کیا جائے۔

المَحَجّ: حج کرنے کی جگہ۔

المَحَجَّة: راستہ کا درمیان۔ ج مَحَاجّ

المِحْجاج: بڑا جھگڑالو۔ زخم معلوم کرنے کی سلائی۔

المَحْجُوج: دلیل میں مغلوب۔ مطلوب و مقصود۔ حج کرنے کی جگہ۔

حَجَأ (ف) حَجْأً . بالشَّيْءِ: خوش ہونا۔ عنه الشيءَ: روکنا۔

حَجِيَ (س) حَجْأً وحَجَأً وتَحَجّأً. بالشَّيْءِ: بخل کرنا۔ فریفتہ ہونا۔

الحَجِيء: سزاوار۔ لائق۔ تم کہتے ہو "حَجِيء بكذا" وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔ پناہ لینے والا۔ تم کہتے ہو۔ "هو حَجِيء اليهم" وہ ان لوگوں کے پاس پناہ لینے والا ہے۔

المَحْجأ: پناہ لینے کی جگہ۔

حَجَبَهُ (ن) حَجْبًا وحِجَابًا وحَجَّبَهُ: چھپانا۔ اندر آنے سے روکنا۔ حَجَب بَيْنَهُما: حائل ہونا۔ حَجَب صدرُه: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ فلان يَحْجُب للامير" فلاں امیر کا دربان ہے۔

تَحَجَّبَ واحْتَجَبَ: چھپنا۔

اِسْتَحْجَبَهُ: حاجب بنانا۔ دربان بنانا۔

الحِجَاب. مس ج حُجُب: پردہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ تعویذ.

حجاب الشمس: آفتاب کی روشنی۔

حِجَابُ القلب: پردہ جو دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہے۔

الحَاجِب ج حَوَاجِب و حَوَاجِيب: ابرو حَوَاجِبُ الشمسِ: آفتاب کی شعاعیں الشَّيْءِ: چیز کا کنارہ۔ حاجبُ الشمسِ: آفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو۔ الحاجب ج حُجَّاب وحَجَبَة: دربان۔

الحِجَابَة: دربانی۔

حَبَّذَا: اس کا اعراب یعنی ترکیب حبّ فعل ماضی ذا اسم اشارہ اس کا فاعل فعل فاعل مل کر خبر مقدم ضمیر یا بعد والا اسم اس کا مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

الحَاجِبِية: معتدل علاقوں کی ایک پھول دار انگوری۔

المَحْجُوب: اندھا۔

حَجْحَجَ: گفتگو سے رکنا بالمكان: اقامت کرنا الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں واپس ہونا۔

حَجَرَهُ (ن) حَجْرًا و حِجْرَانًا. بتثليث الحاءِ في المصدرين: منع کرنا۔ حَجَر عَلَيْهِ القَاضِي: مالی معاملات کے کرنے سے روکنا۔ (حَجرا ومَحْجَراً) عَلَيْه الامرَ: محروم کرنا۔

حَجَّرَ القمرُ: ہالہ والا ہونا الطِينُ: پتھر کی مانند سخت ہونا۔

اَحْجَرَهُ: ڈھانپنا۔ چھپانا۔

تَحَجَّرَ واسْتَحْجَرَ: پتھر کی مانند ہونا۔ الرَّجُلُ: حجرہ بنانا۔ تَحَجَّرَ عليٰ فلان:

تنگی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَجَّرَ مَا وَسَّعَه اللّٰه" اللہ نے جس چیز میں اس کے لیے وسعت کی تھی اس کو اس نے اپنے لیے تنگ بنالیا۔ محروم کرنا۔ اِسْتَحْجَر علیه: جرءت ودلیری کرنا۔

اِحْتَجَرَ: حجرہ بنانا۔ اِحْتَجر الشیء: اپنی گود میں لینا به: پناہ لینا۔

الحَجْر۔مں۔ منع۔روک من العین: آنکھ کا خانہ (والحُجْر والحِجْر) گود۔ کہا جاتا ہے "نشأ فُلانٌ فی حِجْرِ فُلان" فلاں کی پرورش فلاں کی گود میں ہوئی۔ حرام۔ کہا جاتا ہے "هذا حَجر عَلَیْك" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ و حُجْراً له: یعنی دفع ہو۔ عرب اس کو اس وقت بولا کرتے ہیں جبکہ کسی چیز کو مکروہ سمجھیں۔

الحِجْرُ: عقل ۔ گھوڑی۔ ج "حُجُور وحُجُورة واَحْجار.

الحَجَرُ: پتھر۔ ج اَحْجَار وحِجَار وحِجَارة ۔واَحْجرُ کہا جاتا ہے "القَمَه الحَجر" یعنی اس نے اسے لاجواب کر دیا۔ اور کہا جاتا ہے "اهلُ الحَجَر والمَدَر" یعنی دیہات کے رہنے والے لوگ۔ الحَجَران: سونا چاندی۔ اَحْجَار الخَیلْ: وہ عمدہ گھوڑے جو نسل بڑھانے کے لیے پالے جائیں۔ (مفرد استعمال نہیں کرتے)

الحُجُر: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔

الحَجْرَة: کنارہ۔ ج حَجْر وحَجْرات وحَوَاجر. کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُه" اس کا مال زیادہ ہو گیا۔

الحُجْرَة: چھوٹا کمرہ۔ قبر۔ باڑہ۔ کنارہ۔ ج حُجَر و حُجْرات و حُجَرات و حُجُرات. حُجْرتا العسکر: لشکر کے دونوں بازو میمنہ و میسرہ۔

الحَجِر ، الحَجِیْرَة: بہت پتھروں والی جگہ۔

الحَاجِر. فا ج حُجْران: بلند زمین جس کے درمیان میں پست جگہ ہو ۔ صحرا میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔ (والحَاجُور) نہر کے کنارے کا وہ حصہ جو پانی کو روک لے۔

المَحْجِر والمِحْجَر. من العین: آنکھ کا خانہ۔ باغ۔ ج مَحَاجِر.

المَحْجَر: گاؤں کا گرداگرد۔ حفاظت کی جگہ۔ اور اسی سے ہے "المَحْجَر الصحِیّ" وہ مقام جہاں پر وبازدہ لوگ رکھے جائیں تاکہ وبا دوسری جگہ نہ پھیلنے پائے۔

حَجَزہ (ن ض) حَجْزًا وحِجَازَةً: منع کرنا۔ روکنا۔ دفع کرنا بَیْنَهُمَا: فاصلہ کرنا عَلَیْه المَالَ او العِقَارَ: مال یا جائداد کو دعوی کی بنا پر روک لینا۔

اَحْجَزَ واِنْحَجَزَ: مُلک حجاز میں آنا۔

الحَجَز: رُک جانا۔

حَاجَزَہ: ایک دوسرے کو منع کرنا۔

تَحَاجَزوا: بعض کا بعض کو منع کرنا اور دفع کرنا۔

اِحْتَجَز. الشیَّ: اکٹھا ہونا به: باز رہنا بالازار: کمر پر باندھنا الشیَّ: گود میں اُٹھانا الرَجُلُ: حجاز میں آنا۔

الحِجْز والحُجْز: جڑ۔ قبیلہ۔ کنارہ۔

الحِجْز: پاک دامن۔پاک۔

الحجَاز: مُلک عرب کا ایک حصہ۔ کمر بند۔ اونٹ کے باندھنے کی رسّی۔ گانے کا ایک سُر۔

.الحُجْزَة. ج حُجَز و حُجُزَات و حُجَزات و حُجْزات: ازار باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ کہا جاتا ہے "فلان طیِّبُ الحجزة" فلاں پاکدامن ہے۔ "وشدید الحجزة" یعنی بڑا صابر۔ "وهذا کلامٌ آخِذٌ بَعْضُه بِحُجْزَة بَعْضٍ" یعنی یہ کلام ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہے۔

الحَاجِز. ج حَجَزة: روک ۔ فاصل۔ ظالم۔ الحَاجزج حَوَاجِز: تلوار کی دھار۔ برزخ: فاصل وروک۔

اَلْحَاجِزُ: "اَلنَّارِی" توپخانہ سے مسلسل گولہ باری کہ دشمن کے سامنے آگ کی دیوار بن جائے۔

اَلْحَاجِزُ (الحراری) ایک علمی اصطلاحی اس سے مراد وہ حرارت جو کہ طیاروں کے فضاء میں ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

المُحْتَجَز: ازار باندھنے کی جگہ۔

حَاجَفَه مُحَاجَفَةً: مقابلہ کرنا۔ مدافعت کرنا۔

اِنْحَجَفَ: زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔

اِحْتَجَفَ. الشیَّ: اپنے لیے خاص کر لینا۔ نفسَه عن کَذَا: باز رکھنا۔

الحَجَفَة: بغیر لکڑی کے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔ سینہ۔ ج حَجَف.

اَلحَجِیْفُ: جوف سے نکلنے والی آواز۔

الحَجُوْف: وہ شخص جس کے نیچے کے جبڑے میں درد ہو۔

حَجَلَ (ن ض) حَجَلًا وحَجَلَانًا: ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر اُٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔ المقیَّدُ: دونوں پاؤں سے کودنا البَعیرَ: باندھنا۔

حُجِلَ حَجْلًا . بَیْنَهُمَا: حائل کیا جانا۔

حَجَلت (ن) حَجُوْلًا و حَوْجَلتِ. العینُ: اندر کو دھنس جانا۔

حَجَّلَ . العروسَ: دُلہن کے لیے کمرہ آراستہ کرنا۔ دُلہن کو آراستہ کمرہ میں داخل کرنا۔ حَجَّلتِ المرأة بِنَانَها: مہندی لگانا۔ العینُ: اندر کو دھنس جانا۔ الرَجُلُ اَمْرَہ: مشہور کرنا۔ المقیَّدُ: دونوں پاؤں سے کودنا۔

حَجَّلَ وتَحَجَّلَ. الفرسُ: ٹانگوں میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (محجَّل ومَحْجُول) اور اگر تین ٹانگوں میں سفیدی ہو تو اس کو حجِیْل کہتے ہیں۔ حُجِّلتِ المرأة: پازیب پہنایا جانا۔

الحَجَل واحد حَجْلة. ج حَجْلان و حَجْلی: چکور۔

الحَجْل والحِجْل والحِجِل: پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی ۔ ج اَحْجَال و حُجُول.

الحَجَلة: پردہ جو دلہن کے لیے مکان کے اندر لگایا جائے۔ کمرہ جو دلہن کے لیے آراستہ

کیا جائے۔ ج حِجال و حُجَل: عربوں کے قول "الحُجول لِربَّات الحِجَال" کے معنی یہ ہیں کہ پازیب عورتوں کے لیے ہے۔

الحُجیلا: پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الحَوْجَلَة والحَوْجَلَّة: شیشی۔ ج حَواجِل و حَواجِیل.

المُحجَّل من الخیل: ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا۔ یومٌ مُحَجَّل: خوشی کا دن۔ اور کہا جاتا ہے "اَمرٌ اغرٌ مُحجّل" بہت مشہور معاملہ۔

حَجَمَ (ن ض) حَجْمًا . البعیرَ: منہ پر جالی لگانا الحَجَّامُ المریضَ: پچھنا لگانا الحَیَّةُ: ڈسنا الصبیُّ ثدی امه: چوسنا۔ حجمه عن الشَّیُٔ: منع کرنا۔ حجم طرفه عنه: نگاہ پھیرنا۔

حَجَمَ (ن) حَجْمًا واَحْجَمَ. الثدیُ: اُبھرنا۔ بلند ہونا۔ اَحْجَمَتِ المرأة للمولود: پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ احجم عن الشَّیُٔ: ڈر کر باز رہنا یا پیچھے ہٹنا۔

اِحْتَجَمَ: پچھنا لگوانا۔

الحِجامَة: پچھنا لگانے کا پیشہ۔

الحَجْم: س۔ جسم کی مقدار۔ اُبھار جو ہاتھ کے گزارنے سے محسوس ہو۔ ج حُجُوم.

الحِجام: اُونٹ کے منہ میں لگانے کی جالی۔

الحَاجم ج حُجَّام وحَجَمة و (الحَجَّام) پچھنے لگانے والا۔

المَحْجَم: پچھنا لگانے کی جگہ۔ ج مَحَاجم

المِحْجَم والمِحْجَمَة: پچھنے لگانے کا اوزار۔ سینگی۔ ج مَحَاجم.

المِحْجام: خوف کی وجہ سے بہت پیچھے ہٹنے والا۔

حَجَنَ (ن) حَجْنًا و حَجَّنَ. العودَ: موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ (واحْتَجَنَ) الشَّیُٔ: ٹیڑھے سر کے ڈنڈے سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے اِحتَجَنَ المالَ: اس نے مال کو جمع کیا۔ نیز اس نے منتشر مال کو اکٹھا کیا اور اس کی اصلاح کی۔ اِحْتَجَنَ عَلَیْه: روک دینا۔

حَجِنَ (س) حَجَنًا. بالدار: اقامت کرنا عَلَیْه وبه: بخل کرنا۔

تَحَجَّنَ: مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔

الحَجَن والحُجْنَة: کجی۔ ٹیڑھا پن۔

الحُجْنَة: اپنے لیے مخصوص طریقہ سے جمع کی ہوئی چیز۔ الحجنُ: چھچڑی۔

الاَحْجَن: ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "صقر اَحْجَنُ المخالب" شکرا ٹیڑھے چنگل والا۔ مؤنث حَجْناء ج حُجْن.

الحَجُوْن: کاہل۔ کہتے ہیں "سِرْنا عقبةً حَجُونا" ہم لمبی اور دور دراز گھاٹی پر چلے۔

المِحْجَن والمِحْجَنَة: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا۔ ٹیڑھے سر والا۔ کہا جاتا ہے "هو محجنُ مال" وہ مال کا یعنی اُونٹوں کا بہترین منتظم ہے۔ مَحْجَنُ الطائر: چونچ۔

حَجَا (ن) حَجْوًا: ٹھہرنا بِالْمَكَان: اقامت کرنا بِالشَّیِٔ: بخل کرنا بِهِ خیرًا: گمان کرنا السِّرَّ: حفاظت کرنا حَجَاه: قصد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ منع کرنا القومَ: بدلہ دینا الامرَ: گمان کر کے دعوی کرنا۔

حَجِیَ (س) حَجیً . بِهٖ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا۔

اَحْجَاه اِحْجاءً . بكذا: لائق بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما اَحْجاه بكذا" وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔

حَاجَاهُ مُحاجَاةً: پہیلی پیش کرنا۔ یا عقل وزیرکی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حاجَیْتُه فَحَجَوْتُه" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

تَحَجَّی . بالشَّیِٔ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا بِالْمَكَان: اقامت کرنا ۔ کہا جاتا ہے "تحجَّیتكم لی هٰذا المكان" میں تم سے پہلے اس جگہ میں پہنچ گیا اور وہاں پر جم گیا الشَّیَٔ: قصد کرنا۔

اِحْتَجَی. الشَّیَٔ: چھپانا۔

تَحَاجَوْا: آپس میں پہیلی پیش کرنا۔

الحِجیٰ: عقل وزیرکی ج اَحْجاء.

الحِجَا: کنارہ۔ گوشہ۔ ج اَحْجاء. پردہ۔

الحَجَا: وادی کا موڑ۔ زمین کا بلند حصہ۔ ج اَحْجاء و حَجا. الشَّیِٔ: کنارہ۔

الحَجَاة: بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ۔ ج حَجا.

الحَجِی والحَجِیُّ: لائق۔

الاُحْجِیَّة: چیستاں۔ پہیلی۔ ج اَحَاجِی و اَحاجٍ. کلمة (مُحْجِیَة و مُحْجِیَّة) پہیلی دار کلمہ کہ جس کے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں۔ کہا جاتا ہے "انه (المَحْجاة) ان یفعل كذا" یعنی وہ یقیناً اس لائق ہے کہ ایسا کرے۔

حَدَّ (ن) حَدًّا و حَدَدًا . الدارَ: حد مقرر کرنا المذنبَ: حد جاری کرنا الشَّیَٔ عن الشَّیِٔ: جدا کرنا اللّٰهُ عَنَّا الشر: روکنا۔ باز رکھنا۔ پھیرنا۔

حَدَّتْ (ن ض) حَدًّا و حِدَادًا. المرأة: سوگ منانا۔ صفت (حَادّ) ج حوادّ.

حَدَّ حَدًّا وحَدَّدَ واَحَدَّ . السِّكِّینَ: تیز کرنا۔

حَدَّتْ (ض) حِدَّةً واحْتَدَّتْ. السكینُ: تیز ہونا باریک دھار ہونا۔

حَدَّ (ض) حَدًّا و حَدَدًا وحِدَّةً. علیه: غضبناک ہونا۔

حَدَّدَ . الارضَ: حدود قائم کرنا اِلَیْه ولهٗ: قصد کرنا الامرَ: معلوم کرانا عَلَیْه: غضبناک ہونا الزرعُ: بارش متؤخر ہونے کی وجہ سے پیچھے اُگنا۔

حَادَّهٗ: دشمنی کرنا۔ باہم غضبناک ہونا۔

حَادَّتْ ارضه ارضی: پڑوس میں ہونا۔

اَحَدَّ. اِلَیْهِ النظرَ: گھورنا۔ تیز نظر کرنا۔

اَحَدَّتِ المرأةُ: شوہر کے مرنے پر سوگ کرنا۔ صفت (مُحِدٌّ ومُحِدَّةٌ)

تَحَدَّدَ. بهم: درپے ہونا۔

تَحَادَّا: باہم غضبناک ہونا۔

اِحْتَدَّ: قوی ہونا عَلَیْه: غضبناک ہونا۔

اِسْتَحَدَّ: دھار تیز کرنا۔ شرمگاہ کے بال

موںڈنا۔

الحَدُّ. س: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ تم کہتے ہو "دَارُہٗ حَدُّ دَارِی" اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے۔ والحدُّ: کسی چیز کی انتہا۔ الحَدُّ مِنَ السَّیفِ: تلوار کی دھار مِنَ الشَّراب: شراب کی تیزی مِنَ الانسان: دبدبہ اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو۔ من کل شیء: تیزی. حَدُّ الشَّیْءِ: جامع مانع تعریف۔ سزا۔ ج حُدُوْد. و حُدُوْدُ اللہ: طاعت الٰہی واحکام شرعیہ۔

الحَدَد. س: ممنوع۔ کہا جاتا ہے "ھذا امر حَدَدٌ" یعنی یہ امر ممنوع ہے اس کا کرنا جائز نہیں "و ھذا خبرٌ حَدَدٌ" یہ خبر باطل و جھوٹ ہے "و دُوْنَ ھذا حددٌ" اس کے ورے ممانعت ہے "و حَدَدًا ان یکون ھٰذا" اللہ کی پناہ کہ ایسا ہو۔

الحِدَاد. حدّت المرأۃ کا مصدر۔ سیاہ ماتمی لباس۔

الحُدَاد: تیزی والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُدَادٌ" تیزی والا مرد۔ سکین حُدَادٌ تیز چھری۔ ج اَحِدَّۃ اور کہا جاتا ہے "حُدَادُك اَنْ تفعل کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَدَادَۃ: بیوی۔

الحِدَادَۃ: لوہاری۔

الحَدِیْد: لوہا۔ مضبوط اور سخت لوہے کو "ذکر" اور نرم کو "اُنثی" اور "اَنِیث" سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھو حدیدی" وہ میرا پڑوسی ہے۔ "و داری حَدِیْدَۃُ دارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے پڑوس میں ہے۔

الحَدِیْد. ج اَحِدَّاء و حِدَاد: کاٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "سَیفٌ حَدِیْدٌ" کاٹنے والی تلوار۔ رجلٌ حَدِیْدٌ: تیز فہم یا سریع الغضب۔

الحَدِیْدَۃ: لوہے کا ٹکڑا۔ ج حَدَائِد و حَدِیْدَات و جج حَدَائِدات. حَدِیْدَۃُ الحَرْث: ہل کی پھار۔ الحَدِیْدۃ: چمچہ۔

الحَدَّاد: لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ دربان۔ جیلر۔ زرہ سالہ۔ شراب فروش۔ سمندر۔

المَحْدُوْد: حد بندی کیا ہوا۔

حَدَأ (ف) حَدْأً. الشَّیْءَ عنه: پھیرنا۔ ہٹانا۔

حَدِئَ (س) حَدَأً. بالمَکان: کسی جگہ میں جم کے رہ جانا الیه: پناہ لینا اِلَیْهِ وعلیه: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ ظلم سے بچانا عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔

الحَدَأۃ: دو سر والی کدال۔ ج حَدَا وحِداء.

الحِدَأۃ: چیل۔ عوام حُدَیَّۃ کہتے ہیں۔ ج حِدَأ وحِداءٌ وحِدآنٌ.

حَدِبَ (س) حَدَبًا واَحْدَبَ. الرجلُ: کبڑا ہونا صفت (حَدِب واَحْدَاب) مؤنث حَدِبَة وحَدْبَاء. ج حُدْب واَحْدَاب. و حَدِبَات. حَدِبَ علَیْه: مہربان ہونا۔

حَدَّبَ واَحْدَبَ: کبڑا بنانا۔ حَدَّبَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو اُبھرا ہوا بنانا۔

تَحَدَّبَ: کبڑا ہونا عَلَیْه: مہربان بِه: تعلق رکھنا۔ المرأۃ: بچوں پر مہربانی کی وجہ سے دوسرا نکاح نہ کرنا۔

اِحْدَوْدَبَ وتَحَادَبَ: کبڑا ہونا۔

اِحْدَوْدَبَ الرملُ: لمبا اور ٹیڑھا ہونا۔

الحَدَب. س: کبڑا پن۔ موج۔ لہر۔ کھال کے اندر نشان۔ زمین کی اُونچی جگہ۔ ایک قسم کی گھاس۔

الحَدْبَاء: قحط کا سال۔ دشوار اُمور۔ لاش۔

الخَارِجِیَّۃ الخارجی کا مؤنث۔ وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں۔
المُخَرَّج والخِرِّیج والمُتَخَرِّج تربیت یافتہ۔
الخُرُوج مص یوم الخروج عید کا دن۔ قیامت کا دن۔
المَخْرَج مص۔ نکلنے کی جگہ۔ پاخانہ کا مقام۔ ج مَخَارِج. والمخرج عند القراء والصرفیین جمہ سے حروف نکلنے کی جگہ۔
المُخْرَج مص نکلنے کی جگہ۔
خَرْخَرَ. النَّائِمُ: خرانٹے لینا النمرُ او السِنَّوْرُ: آواز کرنا۔
تَخَرْخَرَ. بطنُہ بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا۔
الخَرْخَر پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔
الخَرْخَار کثرت سے بہتا ہوا پانی۔
خَرِدَت (س) خَرَدًا و تَخَرَّدَت الجَارِیَۃُ: باکرہ ہونا۔ دوشیزہ ہونا۔
خَرِدَ و اَخْرَدَ. الرَّجُلُ: زیادہ خاموش رہنے والا ہونا۔ کم گفتگو ہونا۔ ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔ اَخْرَدَ الی اللهو: مائل ہونا۔
الخَرِید والخَرِیدَۃ والخَرُود. باکرہ دوشیزہ۔ شرمیلی۔ زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد. صوتٌ خَرِیدٌ: نرم آواز جس میں شرم و حیا کی آمیزش ہو۔ لؤلؤۃٌ خریدۃٌ: ناسفتہ موتی۔
الخَرِیدَۃ ناسفتہ موتی۔ ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد.
الخُرْدَہ معمولی اسباب تجارت۔
الخُرْدَجِی خردہ بیچنے والا۔ معمولی تاجر۔ بساطی۔
خَرْدَق. العمل: بگاڑنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح خَرْبَق ہے۔
الخُرْدُق چربہ ج خَرَادِق (دخیل)
خَرْدَل. الطعامَ: اچھا حصہ کھانا اللحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔
الخَرَادِل گوشت کے ٹکڑے۔
لحمٌ (خَرَادِیل) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔
الخَرْدَل رائی۔ واحد (خردلۃ)
خَرَزَ (ن ض) خَرْزًا. الجلدَ: ستالی سے سینا۔
خَرِزَ (س) خَرَزًا: کمزوری کے بعد مضبوط کرنا۔
الخَرَز پوتھ جس کو لڑی میں پرو لیا جائے۔ شیشہ کے چھدے ہوئے دانے ز پتھر کے نگ واحد (خَرَزَۃ) خَرَزَۃ الظهر ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔ خَرَزَات الملک: شاہی تاج کے جواہر۔
الخُرْزَۃ سوراخ اور اس کا دھاگا۔ ج خُرَز.
الخِرَازَۃ موچی کا پیشہ۔
الخَرَّاز موچی۔
طائر (مُخَرَّز) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں۔
المِخْرَز ستالی۔ ج مَخَارِز.
خَرِسَ (س) خَرَسًا گونگا ہونا۔ خَرْسًا: مٹکے سے پینا۔
اَخْرَسَہ اللّٰہُ: گونگا کرنا۔ اَخْرَسَتِ الارضُ واسْتَخْرَسَت ناقابل زراعت ہونا۔
خَرَّسَ. علی النفساءِ: زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔
تَخَارَسَ گونگا بننا۔
تَخَرَّسَت. النفساءُ: زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِی یا نفس لا مُخَرِّسَۃ لکِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔
الخُرْس والخِرَاس: بچہ کی پیدائش کا

کھانا۔
الخُرْسَة والتَخرِسَة. زچہ کا کھانا۔ اچھوانی۔
الخُرس والخِرس. مٹکا۔ ج **خُرُوس**
الخِرس: ناقابل زراعت زمین۔
الخَرَّاس. مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا۔
الخَرُوس. زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔
الاَخرَس. گونگا۔ ج **خُرس و خُرسَان و اَخارِس** مؤنث **خرساء**. **لَبَن اَخرس**: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے۔ "**ولَّانی عُرْضًا اَخرَسَ اَمرَس**" یعنی اُس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔
الخَرْسَاء. مصیبت۔ بغیر گرج و چمک کے بادل۔ **رَجُلٌ (خَرِس)** رات کو نہ سونے والا مرد۔
خَرشَهُ (ض) خَرْشًا و خَرَّشَهُ و خَارَشَهُ مُخَارَشَةً و خِرَاشًا واِختَرَشَهُ. خراش لگانا **ہ الذبابُ**: کاٹنا۔ **خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ**: ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔ **خارَشَ الکلبُ**: برانگیختہ کرنا۔ **خَرَشَ واِختَرَشَ لِعِیَالِهِ**: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔
اِختَرَشَتِ الجِراءُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ **خارَشَه الشَّیْءَ واِختَرَشَ منه الشَّیْءَ**: زبردستی لے لینا۔
تَخارَشَتْ. الکلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔
الخَرْش. مکھی۔ واحد **(خَرْشَة)** گھر کا روی سامان۔ ج **خُرُوش**.
الخُراشَة. برادہ۔
الخِرْشَاء. سانپ کی کینچلی۔ انڈے کا چھلکا۔ غبار۔ **خِرْشَاء العَسَلِ**: موم۔ شہد کہ جس میں مُردہ مکھیاں پڑی ہوں۔ ج **خَرَاشِیّ**.
المِخرَش والمِخرَاش. مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا۔ عوام اس کو **بَعکُوزَة** کہتے ہیں۔
خَرْشَبَ. العملَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔
الخَرْشَعَة. پہاڑ کی چھوٹی چوٹی۔ ج **خَرْشَع و خَرَاشِع**.
الخَرْشَفَة. گفتگو کی گڑبڑی۔ حرکت۔ **(والخِرشاف)** سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔
الخُرْشُوف. ایک قسم کی نباتات۔
الخُرْشُوم. وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک۔ بڑا پہاڑ۔ ج **خَرَاشِیم**.
خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا. جھوٹ بولنا۔ **فی الامر**: انکل سے کہنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "**خَرَصَ النخلَة**" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا انکل سے اندازہ کیا۔
خَرُصَ (ن) خِرَاصَةً. الشَّیْءُ: درست کرنا۔
خَرِصَ (س) خَرَصًا. بھوک و سردی والا ہونا۔ صفت **(خَرِصٌ و خَارِص)**
تَخَرَّصَ واِختَرَصَ. تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ توشہ دان میں رکھنا۔
الخَرْص. اندازہ۔ تم کہتے ہو "**کم خرص ارضك**" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان۔ چھوٹا نیزہ۔ بھالا۔ مٹکا۔ ٹوکری۔
الخِرْص والخُرْص. ج **خِرْصَان و خُرْصَان**. سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ج **خِرَاص و اَخرَاص**: درخت خرما کی شاخ۔
الخُرْص والخُرُص والخُرَص. شہد نکالنے کی لکڑی۔ جا **خراص**۔
الخُرْصَة. حصہ۔ زچہ کا کھانا۔
الخَرِیص. ٹھنڈا پانی۔ درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی۔ نہر کی ایک جانب۔
الخَرَّاص. جھوٹا۔
المِخرَص. نیزہ۔ ج **مَخارِص**.
خَرَطَ (ن ض) خَرْطًا. الوَرَقَ: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا **العنقودَ**: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا **الشجرةَ**: کھینچ کر پتے جھاڑنا **العُودَ**: خراد سے ہموار کرنا **الحدیدَ**: عمود کی مانند لمبا کرنا۔ **الجَوَاهِرَ**: تھیلے میں جمع کرنا **البَازِیَ**: شکار پر چھوڑنا **الرجلَ: فی الامرِ**: کسی کام میں لگانا **الرَّجُلُ**: جھوٹ بولنا **الدَّلْوَ فی البئرِ**: لٹکانا **الابلَ فی الرعی**: چرنے کے لئے چھوڑنا **جاریتَهُ**: جماع کرنا **باسْتِهِ**: گوز کرنا **عبده علَی النَّاس**: ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا۔
خَرَّطَهُ (ن) و خَرَّطَهُ. الدواءُ: اسہال لانا۔
خَرِطَت (س) خَرَطًا و اَخرَطَت. الشَّاةُ و النَّاقَةُ: بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا **خَرِطَ بالطَّعَامِ**: پھندا لگنا۔
تَخَرَّطَ. فی الامور: دلیری و خودسری کرنا۔
اِنْخَرَطَ. الجسمُ: لاغر ہونا۔ **اِنْخَرَطَت الخَرَزَة فی السِّلْكِ**: پرویا جانا۔ **اِنْخَرَطَ فی المَكَانِ**: جلدی سے داخل ہونا **مِن: الصقر**: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ **بطنُ الانسان**: پیٹ چلنا۔ کہا جاتا ہے۔ "**اِنْخَرَطَ عَلَیْنَا بالقبیح**" وہ ہمارے اُوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔
اِختَرَطَ. السیفَ: سونتنا **العنقودَ**: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔
اِستَخرَطَ. فی البکاءِ: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔
الخَرَّاط. خراد کا کام کرنے والا۔ بڑا جھوٹا۔
الخَرَط. سارے جسم کی کمزوری۔ جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔
الخَرُوط. منہ زور جانور۔ ج **خُرُط**. بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔
الخِرَاطَة. خراد کے کام کا پیشہ۔
الخُرَاطَة. برادہ۔
الخَرِیطَة. تھیلا۔ مُلک کا نقشہ۔ اٹلس۔ **خَرِیطَه** کو **خارِطَه** بھی کہتے ہیں اور عربی **مُصَوَّر** یا **مُخَطَّط** ہے۔
اَلخَرطَالُ انگوری جس کو جانور کھاتے ہیں اور امریکی لوگ اس کا مشروب پیتے ہیں۔

المخروط. وہ بکری یا اُونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو۔ ج مخاریط.
المخرطة. خراد کرنے کا اوزار۔ ج مخارط.
المخروط. کم داڑھی والا۔ لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو
بئر مخروطة: تنگ مُنہ کا کنواں۔
الخرطیط. منقش پروں والا پروانہ۔ ج خراطیط.
الخرطوم والخرطم. سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے۔ خراطیم القوم: سردارانِ قوم۔
خرطمه. سونڈ پر مارنا۔
اِخرنطم. ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
الخرطون: زمین کے اندر بسنے والا کیڑا جو کہ زمین کو زراعت والی بنانے میں فائدہ مند ہے۔
خرعه (ف) خرعًا. پھاڑنا۔
خرع (س) خرعًا. الشیٔ: ٹوٹنا۔
وانخرع و تخرّع. الرّجلُ: ست ہونا۔ ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔
انخرعت القناة: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
خرُع (ک) خراعةً و خرعًا و خرُوعًا. ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خرِع و خریع.
خرّع. الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔
اِختَرع. الشیٔ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے۔
فلانًا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
الدابةَ: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔
الخراعة. بے باکی۔
الخِروع. ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے۔ واحد خروعة.
الخُراع. اُونٹنی کی دیوانگی۔ اُونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔
الخرُوع والخَریع والخِروع. مِنَ النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت۔ ج خرائع و خُرُوع. عَیْش خَرُوع. آسودہ زندگی رَجُلٌ خریع: کمزور مرد۔ ناقة حریع و مخروعة: اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔
خرِف (س) وخرُف (ک) خرفًا. بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خرِف) مؤنث (خرِفة).
خرَف (ن) خرفًا و خِرافًا و خرافًا و مخرفًا. الثمرَ: چننا۔
خُرِفتِ. الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مخروفة) البهائمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اگانا۔
خرّفه. حرف (فسادِ عقل) کی جانب نسبت کرنا۔
خارفه مخارفةً و خِرافًا. موسم خریف میں معاملہ کرنا۔
اخرفه. بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اخرفتِ الشاةُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ اخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا۔ الثمرَ: پھل توڑنے کا وقت آ پہنچا۔
اِخترف. الثمرُ: چننا۔ فی مکان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔
الخراف والخِراف. پھلوں کے چننے کا زمانہ۔
الخرافة: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔
الخروف. بکری کا بچہ۔ ج خِراف و اخرِفة و خِرفان.
الخروفة. بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔
الخُرفة. چنا ہوا میوہ۔
الخریف. موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے خریفی و خرفی و خرَفی. چنی ہوئی کھجور۔
الخریفة. درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔
الخرافة. باطل بات۔ ج خرافات. چنا ہوا پھل۔
المخرف. چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔
المخرفة. درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مخارف. بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
المُخارف. مِن الرجال: محروم۔
خرفش. الشیٔ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔
خرَق (ن ض) خرقًا. الثوبَ: پھاڑنا فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا المفازة: طے کر کے انتہا تک پہنچنا العادة: عادت کے خلاف کرنا البناء و فی البناء: روشندان کھولنا الریحُ: تیز چلنا الرّجلُ: جھوٹ بولنا۔
خرَق (ن) خرُوقًا. فی البیت: لگاتار قیام کرنا۔
خرِق (س) خرقًا. خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خرِق) فی البیت: لگاتار قیام کرنا الغزالُ او الطائر: اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا۔
خرِق (س) خرَق (ک) خراقةً. بیوقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (اخرق) مؤنث خرقاء.
خرّقه. پھاڑنا خرّق الرّجلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
اخرقه. دہشت زدہ کرنا۔
تخرّق وانخرق واخرورق. پھٹنا وتخرّق الکذب: جھوٹ گھڑنا تخرّق فی الکرم: بے حد فیاضی کرنا تخرّقت وانخرقتِ الریحُ: تیز چلنا۔
اِخترق. الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا القومَ: قوم کے درمیان سے چلنا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔

الخرْق. س۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق.

الخِرْق. ج اَخْراق و خُرّاق و خُرُوْق و (الخِرِّيق) فیاض۔ سخی۔

الخُرق والخَرق والخُرْقَة. رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ سختی۔ نومَةُ الخُرق: چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومة الخُرق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے۔

الخِرْقَة. کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق. چیتھڑا۔ دھجی۔

الخارِق. فا. وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خوارِق.

الخرِيق والخرُوْق. ٹھنڈی تیز ہوا۔

الخرِيق: نرم ہوا۔ ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الخَرْقاء. اَخرق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔

المَخرَق. بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخارِق. مَخارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے مُنہ، ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔

المَخْرَقَة. جھوٹ۔

المِخْراق. خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخاريق. المخارِيق: وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔

المُنْخرِق: تیز رفتار۔

المُخْترَق. گزرگاہ۔ مُخْترَقُ الرياح: ہوا کے چلنے کی جگہ۔ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاوِيُ المُخْترَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

خرمَهُ (ن) خَرْمًا. شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخَرزَةَ: توڑنا ہ: ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا الاِبْرة: ناکہ توڑ دینا عن الطريق: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خرمَتْه الخوارِمُ" یعنی وہ مر گیا۔ و "ماخرمتُ مِنْهُ شيئًا": میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔

خرِمَ (س) خرَمًا. نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخرم)

خرُم (ک) خرامَةً. شوخ و بیباک ہونا۔ صفت (خارِم و خرِيم)

خرَّم. الخَرْزَة: سوراخ کرنا۔

تخرَّم. ٹوٹنا۔

تخرَّمَهُ واخترمَهُ. ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اِخترمه المرض: لاغر کرنا۔ تخرَّمَته و اِخترمَته المنيَّة: اس کو موت نے لے لیا۔

اُخترِم. عنّا: مرنا۔

اِنخرَم. انفه: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنخرم ذلك القرْن" یہ زمانہ ختم ہو گیا۔

الخَرْم. س۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم.

الخُرْمان. جھوٹ۔

الخرَمَة. ناک میں چھدنے کی جگہ۔

الخرْماء. چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء: بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔

الخَوْرَمَة. انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔

الاَخرم. مونڈھے کا کنارہ۔ شاہ روم کا لقب۔

الاَخرمان: اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔

المَخرِم. پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخارِم. مخارمُ الليل: رات کے ابتدائی حصے۔

خرمَش. الكتاب: مٹانا۔ بگاڑنا۔

خرنَفَهُ. بالسيف: تلوار سے مارنا۔

الخِرْنِق. جوان خرگوش۔ ج خرانِق.

الخَوَرْنَق. بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ ایک نباتات۔

خزَّ (ن) خزًّا. الحائط: دیوار پر کانٹے رکھنا خزَّ التمرُ يخزز: کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خازٌ واختزّه) بالرمح: نیزہ مارنا کہا جاتا ہے "خزّه واختزّه ببصرِه: اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔

الخزّ. ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوز.

الخُزز. نر خرگوش۔ ج خِزّان واَخِزّة.

الخُزيز. بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)

الخزّاز. ریشم فروش۔

المخزّة. خرگوشوں کی جگہ۔

خزِب (س) خزَبًا و تخزّب. الجلدُ: بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خزِب)

الشاةُ: سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (اَخزبة و خزباء)

الخيْزَب والخيْزَبان. نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خيْزبة و خيْزبانة) کہتے ہیں۔

الخيْزبان: شتر مرغ کا نر بچہ۔

الخُزْبِيَة. سونے کی کان۔

الخِزْباز والخازِباز. مبني على الكسْرة: ایک قسم کی کھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی کھیوں کی بھنبھناہٹ۔

خزَرَ (ن) خزرًا. کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خازر)

خزِرَتْ (س) خزَرًا. عينه: تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخزر) مؤنث خزْراء ج خُزْرٌ. خزر الرجلُ: بھاگنا۔

خزّر. الشَّيَّ: تنگ کرنا۔

تخازَر. نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔

الخزَر. آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْرِ الخزر"، یعنی بحر کیسپین۔

الخزَرة والخُزرة. پیٹھ کا درد۔

الخُزْرَة. بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔

الخيْزُران. بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔

واحد (خَيْزُرَانَة) ج خَيَازِر.
الخَيْزُوْر. نرکل۔
الخَوْزَرَى والخَيْزَرَى. ایک قسم کی چال نازوانداز کے ساتھ۔
خَزْرَفَ. في مشيته: ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ. الشَّئَ: کاٹنا عن القوم: پیچھے رہ جانا۔ خَزَعَ منه شَيْئًا: لینا۔ تَخَزَّعُوا الشَّئَ: باہم تقسیم کرنا۔
خَزَّعَ. الشَّيء: کاٹنا ــ الشَّئَ بينهم: تقسیم کرنا۔
اِنْخَزَعَ. الحبلُ: نصف سے کٹ جانا۔ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
اِخْتَزَعَهُ. لینا ــ ہ عن القوم: جدا کر لینا۔
الخُزَاع. موت۔
الخَزْعَة. ایک پاؤں سے لنگڑا پن۔
الخِزْعَة. گوشت کا ٹکڑا۔
الخُزَاعَة. ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔
الخَوْزَع. بڑھیا۔
الخَوْزَعَة. ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔
الخَزُوْع. وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اڑا لے۔
الخَزْعَبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِيْل. خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔
الخُزَعْبَلَة. خوش طبعی و مذاق۔
خَزْعَلَ. في مشيه: لنگڑانا الماشي: پاؤں کو جھاڑنا۔
الخَزْعَل. بجو۔
الخُزَعَالَة. خوش طبعی و کھیل کود۔
خَزَفَ (ض) خَزْفًا. في مشيه: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا الثوبَ: پھاڑنا الشَّيء: چیرنا۔
الخَزَف. واحد (خزفة) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔
الخَزَّاف والخَزَفِيّ. مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔
خَزَقَهُ (ض) خَزْقًا. آہستہ نیزہ مارنا۔
خَزَقَهُ بالسهم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا الشَّئَ في الارض: گاڑنا۔
تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ. چھدنا۔
اِخْتَزَقَ. السيفَ: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔
الخَازِق. فا. نیزے کا پھل۔
الخَازُوْق. تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِيق. مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَق" بنایا ہے۔
المِخْزَقَة. چھوٹا نیزہ۔
خَزِكَ (س) خَزَكًا. اصرار کرنا۔
خَزِلَ (س) خَزَلًا. شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل و مَخْزُوْل)
خَزَلَ (ض) خَزْلًا. الشَّئَ: کاٹنا ہ عن حاجته: روکنا۔
تَخَزَّلَ. کٹنا۔ بوجھل چلنا السَّحَابُ:
اَلاِخْتِزَالُ: علم حساب میں حذف کرنا اور کثیر کو قلیل کی طرف لانا۔ کسر اور اختصار:
$(\frac{۲۰}{۵}، \frac{۱}{۲} - \frac{۱۵}{۲۵}، \frac{۲۰}{۲})$
اختصار (شارٹ) جلدی کی خاطر لکھنا۔
اِنْخَزَلَ. گرانباری سے چلنا في كَلَامِهِ: رک جانا عن الجواب: لاپروائی کرنا مِنَ الْمكَان: علیحدہ ہونا۔
اِخْتَزَلَ. الشَّئَ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔
ہ: عیب لگانا برايه: علیحدہ رائے رکھنا ہ عَنْ قَوْمِهِ: علیحدہ کرنا الوَدِيعَةَ: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔
الخُزْلَة. شکستگی پشت۔
الخُزَلَة. مراد سے روکنے والا۔
الخَوْزَلَى والخَيْزَلَى. ایک قسم کی چال جس میں ناز و انداز ہو۔
خَزَمَ (ض) خَزْمًا. اللآلي: پرونا۔
(وخَزَّمَ) البعيرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔
کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَلَ في انْفِهِ الخِزَامَةَ" فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع و مسخر کر لیا۔
خَازَمَهُ مُخَازَمَةً. الطريقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔
تَخَزَّمَ. الشوكُ في رجله: چبھنا۔
تَخَازَمَ. الجيشان: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الخَزَم. ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔
الخُزَامَى والخُزَام. ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔
الخِزَامَة. باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائِم.
الخَزُوْمَة. گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔
الاَخْزَم. نر سانپ۔
شراك (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔
خَزِنَ (س) خَزَنًا واخْتَزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا السِّرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطَّرِيقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔
خَزَنَ (ن) خَزْنًا و خُزُوْنًا و خَزِنَ (س) خَزَنًا و خَزُنَ (ک) خَزَانَةً. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِيْن)
اَخْزَنَ. محتاجی کے بعد مالدار ہوا۔
اِسْتَخْزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔
اِسْتَخْزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔
الخِزَانَة والخَزِيْنَة. ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔
خَزَائِن. الخِزَانَة: خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن. فا. ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الاَمِيْر: خزانچی۔ ج خَزَنَة و خُزَّان.
الخَازِن: زبان۔
الخَزْنَة والخَزِيْنَة. خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخَزَّان. زبان۔
المَخْزَن. ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن. مَخَازِنُ الطريق. مقصود کی

طرف قریب ترین راستہ۔

خزاہ (ن) خزوًا۔ غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔

خز الدابۃ: سدھانا۔

خزی (س) خزیًا و خزًی۔ ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خزیۃ و خزی منہ خزایۃ و خزًی: شرم کرنا۔ صفت (خزٍ) مؤنث خزیۃ و (خزیان) مؤنث خزیاء ج خزایا۔

خزیٰ (ض) خزیًا۔ ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔

خازاہ مخازاۃً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔

اخزاہ اخزاءً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اخزاہ اللّٰہ ما اشعرہ" جیسے کہ کہتے ہیں "قاتلہ اللّٰہ ما اشجعہ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔

استخزیٰ۔ شرم محسوس کرنا۔

الخزی۔ ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔

الخزیۃ والخزیۃ۔ بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔

المخزاۃ۔ باعث رسوائی وشرمندگی۔

خسّ (س) خساسۃً و خسوسۃً و خسّۃً۔ رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خسیس) ج خساس واخسّۃ۔

خسّ (ن) خسًّا و خسّسَ۔ نصیبہ: حصہ کم کرنا۔

اخسّ۔ گھٹیا کام کرنا ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ اخسّ حظّہٗ: حصہ کم کرنا۔

تخاسّوا۔ الشیءَ: کسی چیز کو آپس میں لینا، دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔

استخسّہٗ۔ رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔

الخسّ۔ خس۔ خسّ الحمار و خسّ البقر: دو جنگلی گھاس کے نام۔

الخساس۔ ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔

الخساسۃ۔ تھوڑا مال۔

الخسیسۃ۔ الخسیس کا مؤنث۔ ج خسائس و خسائس الامور: حقیر باتیں۔ شیٌ (خساسٌ و مخسوس) معمولی گھٹیا چیز۔

الخسّان۔ ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔

خسأ (ف) خسأً۔ الکلب: دھتکارنا۔ (خسأً و خسوءًا) البصر: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (وخسِیَ (س) خسأً و انخسأ) الکلب: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔

خاسأ مخاسأۃً و تخاسأ و تخاسؤا۔ القوم: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔

الخسِیٌ۔ گھٹیا اون وغیرہ۔

الخاسِیٌ۔ فا من الخنازیر والکلاب: دھتکارے ہوئے کتے وسور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔

الخسیج۔ خیمہ۔ اون کا بنا ہوا کمبل۔

خسر (س) خسرًا و خسْرًا و خُسرًا و خسارًا و خسارۃً و خسرانًا۔ نقصان اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خاسرٌ و خسیرٌ و خیسریٰ)

خسر (ض) خسرًا و خسرانًا۔ المیزانَ: کم کرنا۔ گھٹانا المالَ: ضائع کرنا۔

خسّرہٗ و اخسرہٗ۔ نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اخسر الرجل: نقصان میں پڑنا۔ اخسر المیزان: گھٹانا۔ کم کرنا۔

الخاسر۔ فا۔ کرۃ خاسرۃ: غیر مفید حملہ۔

الخنسر والخنسریٌ۔ وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خناسرۃ۔

خسع خسعًا۔ عنہ کذا: کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔

خاسع القوم و خسیعتھم۔ قوم کا خسیس ترین فرد۔

خسف (ض) خسوفًا۔ المکانُ: دھنس جانا القمرُ: گہن لگنا العینُ: آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا السقفُ: گرنا۔ الشیءُ: کم ہونا الرجلُ: دبلا ہونا۔ خسف فی الارض و خُسف بہ: زمین میں دھنسنا۔ (خسفًا) الشیءَ: کاٹنا العینَ: پھوڑنا اللّٰہ الارضَ: مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔ اللّٰہ الارضَ بفلانٍ: زمین میں دھنسا دینا۔ البئرَ: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے فلانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خسف الشیءَ فخسف ھو: پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی ومتعدی)

اخسفت وانخسفت۔ عینہٗ: اندھی ہونا الارضُ: مع ساری چیزوں کے دھنس جانا البئرُ: گر جانا۔

الخسف۔ مص۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سامہ خسفًا و خُسفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔

الخُسْف: کنوئیں کا سوت۔

الخاسف۔ فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ دبلا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج خُسُف۔

الخَسْف والخُسْف اخروٹ واحد (خسفۃ) کہا جاتا ہے "باتوا علی الخسف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شربنا علی الخسف" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔

الخسیف۔ ج اخسفۃ و خُسُف و (الخسوف) ج خُسُف۔ من الآبار: کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخسیف من العیون: دھنسی ہوئی آنکھ من النوق: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ من السحاب: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔

خسق (ض) خسقًا و خسوقًا۔ السھمُ: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔

الخسّاق۔ بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ھو ذو خسقات فی البیع" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا

ہے۔ کبھی فتح کرتا ہے۔

خَسَلَهُ (ن) خَسْلًا. رذیل کرنا۔ دُور کرنا۔

الخِسالة والخُسالة. ہر چیز کا ردی حصّہ۔

الخَسِيل. فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسال و خَسائِل

الخُسَّل والخُسَّال. کمینے و کمزور لوگ۔

المُخسَّل والمَخسُول. رذیل۔ حقیر۔

خَاسَى مُخاساةً واَخْسَى اِخساءً

خَسَّى تَخْسِيَةً ہ: اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الخَسا. طاق۔ ج الاَخَاسِي (خلاف قیاس) کہا جاتا ہے "خَسًا اَوْ زَكًا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِيّ. اُون کا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا. فيه: داخل ہونا السحابُ: تھوڑی بارش برسنا زيدًا: نیزہ مارنا البعيرَ: اُونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنخشَّ. فيه: داخل ہونا بَيْنَ القومِ: گھل مل جانا۔

الخَشّ. مِنَ: تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ. ٹیلہ۔

الخَاش. فا. الخشّ کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخِشاش. کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خشاشة) غضب۔ کہا جاتا ہے "حرَّكَ خِشاشَهُ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔

خَشَاشا الشَّيْ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّة.

الخُشَاش. ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشّاء. گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشّاوات و خَشاشِيّ.

الخُشَّاء. کان کے پیچھے اُبھری ہوئی ہڈی۔

المِخَشّ. دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخَشِيش والخُشَيْش. ہرن کا بچہ جو چلنے

لگے۔

خَشَب (ض) خَشْبًا. الشيءَ بالشيءِ: ملانا الشيءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا السيفَ: صیقل کرنا (واختشب) الشعرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِختشبَ السيفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ. الشيءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تخشَّب. چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السيفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخشَوشَبَ. لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ في عَيشِه: مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب. موٹی لکڑی۔ ج خَشَب و خُشُب و خُشْبان.

الخَشِب والاَخشب. موٹا کھردرا۔

عَيْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشَّاب. لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَة

الخَشْباء. سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِيب. مِنَ السُّيوف: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز مِنَ القِسِيِّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خُشُب و خَشائِب.

المَخشُوب. مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المِخشاب. موٹا۔ پست قد۔

الخَشْبَل. سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق. کتاں۔ ریشم۔ چوبغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ. السلاحُ او الحُلِيُّ: جھنکار ہونا فلانٌ بَيْنَ الشجر و بَيْنَ القوم: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔

الخَشْخاش. پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا. دستر خوان پر ردی چیز چھوڑنا الشيءَ: کسی چیز سے اس کے ردی

حصّہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا. بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الخُشار والخُشارة. ہر چیز کا ردی حصّہ۔ دستر خوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خاشِرة. الناس: رذیل لوگ۔ واحد (الخاشر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً. ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَتِ. الضَّبُعُ: کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔

الخَشْرَم. شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشارِمة.

الخُشارِم. موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوعًا. له: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خاشِعٌ) ج خُشَّع و خَشَعَة و خاشِعُونَ ببصره: پست کرنا بصرُهُ: نگاہ کا پست ہونا الصوتُ: آواز کا پست ہونا۔ الشمسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا الورقُ: پتے مرجھانا الارضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

اَخشعَهُ. کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تخشَّعَ. فروتنی کرنا۔ (وتخاشع) فروتنی دکھانا۔

اِختشعَ. کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخاشِع. فا. مكانٌ خاشِعٌ: وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خاشِعَةٌ: وہ شہر جس میں اُترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدارٌ خاشِعٌ: دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔

الخُشعة. بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَة. پست ٹیلہ۔ ج خُشَع.

خَشَفَ (ن ض) خُشُوفًا و خَشَفانًا.

مُلک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الماءُ: جمنا البردُ: تیز ہونا (وانخشف) فِي الشّي: داخل ہونا۔

خشَف (ض) خشافةً. بالقوم: ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (خشْفًا و خشفةً) الجليدُ: برف پر چلنے سے آواز نکلنا في السّيرِ: تیز چلنا۔

خشِف (س) خشفًا. البعيرُ: پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (اخشف) مؤنث خشفاء. ج خُشْف.

خشَّف. راستہ بتلانا۔

خاشف. الى الشرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاشف في ذِمَّتِهٖ" اس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔

خاشفَ السَّهمُ: سنسناہٹ سنائی دینا۔

اَخشفتِ. الظَّبيةُ: بچہ والی ہونا۔

الخاشِف. فا. سيفٌ خاشفٌ: تیز تلوار۔ ماءٌ (خاشفٌ و خشْفٌ) جما ہوا پانی۔

الخشف. بتثليث الخاء: ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشفةٌ (والخُشَف) سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخشْف والخشْفَة والخشَفَة. آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الخشْف: ذلت۔

الخشف والخُشف گھٹیا قسم کا اُون۔

الخشُوف. معاملات میں دخل دینے والا مِنَ الرِّجال: رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز مِنَ السُّيُوف: تیز تلوار۔

الخُشّاف چمگادڑ۔

المَخْشف وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَف. راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خشَلهُ (ن) ٥ خشْلًا و خشْلةً. حقیر بنانا۔ خشَلَ الشّرابَ صاف کرنا۔

خشِلَ (س) خشَلًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

تخشّلَ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخشْل والخشَل. ردی۔ الخشْل: ہر جوفدار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خشْلة) کہا جاتا ہے۔ رجلٌ (خشْلٌ فشْلٌ وخشِلٌ فشِلٌ) کمزور مرد۔

خشمهٗ (ض) خشمًا. ناک کی جڑ توڑنا۔

خشِم (س) خشمًا و خشُومًا. چوڑی ناک والا ہونا الانفُ: بدبودار ہونا۔

خشِم (س) خشمًا و خشَم واَخشم و تخشّم. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ خشّمه الشرابُ: ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الاَخشم. چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنفٌ اخشم: بدبودار ناک۔ مؤنث خشماءج خُشْم.

الخيشُوم. ناک کی جڑ۔ ج خياشِيم.

الخياشِيم: ناک کے اندر کی رگیں۔

خياشِيم الجبال: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشرفتْ خياشيم الجبال"

الخُشام. شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُومٌ) مست مرد۔

خشُن (ک) خُشْنةً و خشَانةً و خُشُونَةً و مخْشَنةً. سخت و کھردرا ہونا صفت (خشِن) ج خِشان.

خشّنهٗ. سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خشّن صدرهٗ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خاشنهٗ. سختی کا برتاؤ کرنا۔

تخشّن. سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تخاشن. بتکلف سختی برتنا۔

استخشن. الشّيَ کھردرا پانا۔

اِخشوشن. سخت کھردرا ہونا۔ علَيْهِ صدرُهٗ غضبناک ہونا۔

الخشِين سخت طبیعت والا۔

الاَخشن. سخت و کھردرا۔ مؤنث خشناء ج خُشن۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ اخشن بُرے حل والا۔ و "هوَ اَخشنُ الجانب" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "كتيبةٌ خشناء" بہت ہتھیار والی فوج۔

خشِيَ (س) خشيًا و خِشيًا و خشيةً و خشاةً و خشيانًا و مخشيةً و مخشاةً. ڈرنا۔

خشّاهُ تخشيةً و خشّاء. ڈرانا۔ خشّاهُ فلانًا: کسی سے خوف دلانا۔

الخشي والخاشي والخشيان و الخشيُّ. ڈرنے والا۔ مؤنث خاشيةٌ وخشية وخشيانةٌ وخشيًّا. ج خشايا.

الخشي والخشيُّ منَ النّباتِ: خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هذا المكانُ اخشى من ذاك" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

خصّ (ن) خصًّا وخصُوصًا وخُصُوصةً و خُصُوصيةً وتخصّةً وخِصّيةً وخِصّيصى وخِصّيصاء. فلانًا بالشّيَ خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خصّهٗ بالوُدّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (خصُوصًا) الشيُّ: خاص ہونا الشّيَ لنفسِه اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خصّ (س) خصاصةً و خصاصًا و خصاصاءً محتاج ہونا۔

خصّص. الشّيَ: خاص کرنا ٥ بالشّيّ: کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا الغلامُ: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بنیٹھی گھمانا۔

اختصّ. محتاج ہونا بالشّيّ: خاص ہونا ٥ بالشّيَ خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اللّٰهُ يختصُّ برحمتِهٖ من يّشاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تخصّص. بالشّيّ: خاص ہونا۔ تخصّص الرّجلُ خاص لوگوں میں سے ہونا۔

استخصّ. الشّيَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخص. بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج أخصاص و خصوص وخصاص. شھر (خصّ) ناقص مہینہ۔
الخاصّ. فا عام کی ضد۔ یکتا۔
الخاصّة. عامّة کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو۔ خاصّة الملك: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خاصّة النّبات: نباتات کی قوت و اثر۔ ج خواصّ (والخواصّ والخصّان والخصّان) من القوم: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "انّما یفعل هذا خصّان النّاس" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔
الخاصّيّة. خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خاصيّات و خصائص.
الاخصّ. افضل۔ کہا جاتا ہے "لم یکن في أطبائه أخصّ من هذين"
الخصاصة. انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خصاص.
الخصوص والخصوص. علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "علی الخصوص و خصوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لن یصقل الخاطر وینشّط الفاتر کمقاتلة الهواجر وخصوصًا فی شهری ناجر.
الخصاص. .س. دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے۔ "بدا القمر من خصاص الغیم" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہو گیا۔ ولمحته من خصاص الباب" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خصاصة) اور کہا جاتا ہے "سددت خصاصة فلان" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔
خويصّة. الانسان: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔

خصب (ض) وخصب (س) خصبا المكان: سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خصب وخصیب ومخصب ومخصاب)
اخصب. المكان: سرسبز ہونا اللّٰهُ المكانَ: سرسبز کرنا الشاةُ: سرسبزی میں پہنچنا القومُ: سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اخصب جناب القوم" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔
الخصب. شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خصبة)
الخصب. سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج اخصاب کہا جاتا ہے "بلد خصب و اخصاب" جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "ارض خصیب وارضون خصب وارض خصبة وخصبة"
الخصاب. بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خصابة)
(رجل خصیب) بہت فیض والا مرد۔
خصر (س) خصرا. الیوم: ٹھنڈ ہونا۔ الرّجلُ: ٹھنڈک کی وجہ سے اطرافِ اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔
اخصر. القرّ انامله: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔
خاصرہ مخاصرة. ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔
اختصر. اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الكلام: مختصر کرنا الطّريق: قریب کا راستہ چلنا۔ فی الشّیٔ: زائد چیزیں حذف کرنا الرّجلُ: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بالعصا: ٹیک لگانا۔
تخاصر. اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا القومُ: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔
تخصّر. اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔
بالمخصرة. لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔
الخصر. کمر۔ خصر القدم: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خصور.
الخصر. سردی۔
الخصر. ٹھنڈا۔
الخصار. ازار۔
الخاصرة. من الانسان: پہلو۔ ج خواصر. پہلو کا درد۔
المخصرة. ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی ز چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مخاصر. مخاصر الطّريق: اقرب ترین راستہ۔
المخصّر. باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هو مخصّر القدمین" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔
رجل (مخصور) کمر یا پہلو میں درد والا۔
أخصر. مختصر. اختصر کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خصف (ض) خصفًا واخصف و اختصف. النعلَ: جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشّیٔ علی الشّیٔ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هم یخصفون اقدام القوم باقدامهم" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔
خصف. پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔
خصّف. بد خلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خصّفه الشّیب" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیے۔
الخصف. .س. جوتا۔
الخصف. سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔
الخصفة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خصف و خصاف.
الخصف والخصفة. چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔
الخصفة. جوتے وغیرہ کا سوراخ۔
الخصّاف. بڑا جھوٹا۔ موچی۔
الخصیف. راکھ۔ سلا ہوا جوتہ۔ تازہ دودھ

جو دہی پر ڈالا جائے۔ (والاخصف سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔
الاخصف شتر مرغ۔ مؤنث خصفاء۔
شاۃ (مخصوفۃ) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔
خصل(ن) خصلا۔ الشیئ کاٹنا۔ جدا کرنا۔ (خصل(ن) خصلا و خصالا)
القوم فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خصّل ٹکڑے کرنا۔ الشجر چھانٹنا۔
خاصلہ خصالا و مخاصلۃ تیر اندازی میں شرط لگانا۔
اخصل۔ الرامی نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تخاصل۔ القوم تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخصل مص۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "أحرز خصله واصاب خصله" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خصول۔
الخصلۃ عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خصال (والخصلۃ) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خصل
الخصل لٹکتے ہوئے درخت کا کنارہ۔
الخصلۃ بالوں کا گچھا۔ گوشت کا عضو۔
الخصیلۃ بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خصیل و خصائل کہا جاتا ہے "ارتعدت فرائصه واضطربت خصائله" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھر تھرانے لگا۔
المخصل شمشیر براں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)
المخصال درانتی۔
خصم(ض) خصما جھگڑے میں غالب آنا۔
خاصمہ خصاما و مخاصمۃ جھگڑا کرنا۔ اسم (الخصومۃ) ہے۔
اخصم جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا۔
تخاصم واختصم۔ القوم ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخصم مص۔ مدمقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هما وهم وهي خصمي" ج خصوم و خصام واخصام"
الخصم جانب۔ گوشہ۔ ج اخصام خصوم۔
الخصیم جھگڑالو۔ ج اخصام وخصماء و خصمان۔
الخصم ج اخصام و خصمون
(الخصوم) جھگڑالو۔ مخالف۔ مدمقابل۔
خصی(ض) خصاء۔ خصی کرنا۔
الخصی فوطوں میں درد والا۔
الخصیّ وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خصیۃ و خصیان۔
الخصیۃ۔ فوطہ ج خصی۔ خصیۃ البحر و خصی الثعلب و خصیۃ الدیك و خصیۃ الكلب مختلف نباتات کے نام۔
خضّض۔ الجاریۃ سفید مہرے پہنا کر سنوارنا۔
خاضہ مخاضۃ بیع بالعوض کرنا۔
الخضض سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بیہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خضض"
الخضاض کم حیثیت زیور۔ روشنائی۔ قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔ رجل خضاض و خضاضۃ بیوقوف مرد۔ مکان (خضیض) پانی سے تر جگہ۔
خضب(ض) خضبا و خضّب۔ الشیئ رنگین کرنا۔
خضب(ض) وخضب(س) خضوبا و خضب واخضب الشجر او المكان سرسبز ہونا۔
تخضّب واختضب۔ بالحناء رنگین ہونا۔ صفت (خضیب ج خضب و (مخضوب و مخضب)
اخضوضب اخضیضابا۔ الشجر: سرسبز ہونا۔
الخاضب شتر مرغ جس کے پنجے پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں۔
الخضب نگوریوں میں سبز مادہ جو کہ کلورین کے نام سے مشہور ہے وہ پتوں اور دانوں میں ہوا کے اندر کاربون آنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کی مدد سورج کی شعاعیں بھی کرتی ہیں۔
الخضب مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔ ج خضوب۔
الخضاب رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز۔
الخضبۃ خضاب لگانے والی عورت۔
الخضوب بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔
الخضیب رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "کف خضیب وامرأۃ خضیب" رنگی ہوئی ہتھیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خضب۔ الکف الخضیب ایک ستارے کا نام۔
المخضب کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔
خضخض خضخضۃ۔ الماء و نحوہ: ہلانا۔
تخضخض ہلنا۔
الخضاخض۔ من الاماکن جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (والخضخض) پھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا۔
خضد(ض) خضدا۔ العود بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا۔ موڑنا۔ الشجر کانٹے کاٹنا۔ الرجل لکڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا۔
خضّد کاٹنا۔
تخضد وانخضد۔ العود ٹوٹنا۔

اِنْخضدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔
الخَضد. کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔
خَضَد البَدن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خضد السَّفر: تکانِ سفر (والخضاد) اعضاء کا درد۔
الخضِد والمَخْضُوْد. اُٹھنے سے عاجز، کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخْضُوْدٌ" ذلیل سے عاجز مرد۔
الاَخضَد والمُتخضِّد. دوہرا ہونے والا۔
المِخْضَد. بہت کھانے والا۔
خَضِرَ (س) خَضَرًا. سبز ہونا الزَّرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَرَ (ن) خَضْرًا. النخلَ: کاٹنا۔
اَخْضَر. الريُّ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔
خَضَّر. الشيئَ: سبز کرنا۔
خَاضَرهُ مُخاضَرةً. درخت کے اُوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔
اِخْضَرَّ واِخْضَوْضَر. سبز ہونا۔ واخْضَرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔
اِخْتَضَر. الفاكهةَ: وقت سے پہلے کچا کھانا العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا الجاريةَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔ اُخْتُضِرَ: جوان مرنا۔
الخِضْر والخضِر. اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیّدنا موسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی۔ اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے۔
الخَضِر. سبز۔ ٹہنی۔ کھیتی۔ سبز ترکاری۔ سبزہ زار۔
الخَضَار. نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔
الخَضِير. سبز۔ سبز ترکاری۔
الخُضْرَة. سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و نازکی۔ کہا جاتا ہے۔ "غُصْنٌ فِيهِ خُضْرَةٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضَر وخُضَر و "خَضْرَةُ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرَةُ فِي اَلْوَانِ الابلِ والخَيلِ: ٹمیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو فِي اَلْوَانِ النَّاسِ: گندم گونی۔
الخَضَّار. سبزی فروش۔
الخُضَارة. سبز ترکاریاں۔ خَضَارة: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الخُضَارِيُّ والخُضَيرِيُّ. ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خَضَارِيّ.
الخَضْرَاء. اخضر کا مؤنث۔ القُبَّة الخَضْرَاء: آسمان۔ و خَضْرَاءُ القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضْرَاوَات.
الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔
الاَخْضَرَان. گھاس و درخت۔
الاَخَاضِر. سونا۔ گوشت و شراب۔
الاُخَيْضِر. مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المَخْضَرَة. سبزہ زار۔
خَضْرَم. الاُذنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم. بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (والخضارم) ج خِضْرِمُوْن وخَضَارِم وخضارمة:
الخُضْرُم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی زگوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم. غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضْرَمٌ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا و خَضْعًا و خُضْعَانًا. عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرفگندہ ہونا۔ صفت (خاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضُع. لَهُ: تابع و فرمانبردار ہونا النجمُ: مائل بغروب ہونا الرجلَ: ساکن کر دینا۔
خَضِعَ (س) خَضَعًا. الرَجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء.
خَضْعَهُ. عاجز کرنا اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَخْضَع. عاجز ہوناہ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِي اِلَيْكَ الحاجةُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔ الكِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَهُ. نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ واخْضَوْضَعَ. بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَعَ. عاجز ہونا الصقرُ: ٹوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا فی سَيْرِهِ: تیز چلنا۔
الخَضَع. مص۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الاَخْضَع. ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَة. ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع.
الخَضْعَة والخَضَعَة. تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِيْعَة. آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَيْضَعَة. لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَيْضَع. مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ (ض) خُضَافًا وخَضْفًا. گوز کرنا۔ صفت (خَضِيْف وخَضُوْف وخَضَّاف)
الخَضَف. چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔

الاخضف.
خَضِلَ(س) خَضلًا واَخضَلَ واِخضَلَّ و اِخضوضَلَ. تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِلٌ و خاضِلٌ) کہا جاتا ہے "عَيشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شِوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔
خَضَّلَ واَخضَلَ. الشیء: تر کرنا۔
اِخضَالَّ واِخضَلَّ. تر ہونا۔
الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا۔
الخَضَل والخَضِل. صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضَلَة)
الخُضلَة. تروتازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔
الخَضِيلَة. سرسبز و شاداب باغ۔
المُخضَل والمُخضَلُّ. آسودہ زندگی والا۔
خَضَم (ض) وخَضِمَ (س) خَضمًا. الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔
اَخضَمَ لَهُ في العَطاءِ: زیادہ دینا۔
الخِضَمُّ. بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَيفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔
الخُضام والخُضامَة. وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔
الخَضِيمَة. سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔
الخُضمَّة. درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔
المُخضَم والمُخضَّم. آسودہ زندگی والا۔
خَطَّ(ن) خطًّا. بالقلم: لکھنا۔
الخِطَّةَ لِنَفسِه: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔
الشَّيءَ: قلم وغیرہ سے لکھنا عَلَى الشيءِ: نشان لگانا۔ علامت لگانا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا عذارهُ: رخسار پر بال نکلنا۔ القبرَ: کھودنا
الرِّياحُ الرملَ: دھاری ڈالنا في الارضِ: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جاراهُ فما خطَّ غبارَهُ" اِس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فلانٌ يُخطُّ في الأرضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خطَّ الطعامَ و في الطعامِ: تھوڑا کھانا في نومِه: خراٹے لینا۔
خطَّط. لکیریں کھینچنا الخطوطَ نقش کرنا البلادَ: حدود مقرر کرنا۔
اِختطَّ. الوجهُ اوغیرہٗ: دھاری دار ہونا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا خُطَّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔
الخاطُّ. فا. جادوگر۔
الخطُّ. تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خطُّ الاِستِوَاءِ: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطوط. وخُطوطُ الكفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔
الخُطُّ والخَطُّ. راستہ۔ سڑک۔ محلّہ۔
الخِطُّ والخِطَّة. وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصّہ جو کوئی اپنے لئے خاص کر لے۔ ج خِطَط.
الخُطَّة. کام۔ کہا جاتا ہے "تلكَ خُطَّةٌ لَيسَتْ مِن بالي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفي رأسِه خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط. کہا جاتا ہے "فلانٌ يَبني خُطَطَ المكارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔
الخَطِّيُّ. نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطِّيَّة
الخَطُوط. زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔
الخَطَّاط. بہت لکھنے والا۔
المِخطُّ. کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔
المُخطَّط. دھاری دار۔ خوبصورت۔
خطِیَ (س) خطأً. غلطی کرنا في دينِه: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (حطأ وخِطاءً) گناہ کرنا۔ صفت (خاطی) ج خَطاة مؤنث خاطِئة ج خواطي.
خطأت (ف) خطأً. القدرُ بزبدِها: جھاگ پھینکنا۔
خطّأه تخطِيئًا وتَخطئةً. غلطی کی طرف نسبت کرنا۔
اَخطأَ اِخطاءً وخاطِئَةً. غلطی کرنا الطريقَ: چوک جانا الرجلَ: غلطی میں ڈالنا الرامی الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا في عمله: راہ راست سے ہٹ جانا۔
تخطأَ وتَخطّاطأ. غلطی کرنا۔ تخطأ وتخاطاه: غلطی میں ڈالنا السهمُ الرمِيَّةَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تخطأ لَهُ في المسئلة وبها: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔
الخِطءُ. گناہ۔
الخِطءُ والخطأُ والخطاءُ. گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔
الخطّاء. بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔
الخطِيئة. گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خطايا وخطيئات
خطبَ (ن) خُطبَةً وخطبًا وخطابةً. وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خطبَ القومَ وفي القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔
خطُبَ (ک) خطابةً. واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔
خطبَ (ن) خطبًا وخِطبةً وخِطِّيبي الفتاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خاطب) کہا جاتا

ہے "خطب الفَتاۃَ علیٰ فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِب(س) خَطَبًا. الشَّیُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَهٗ خِطابًا و مُخاطَبةً و تَخاطُبًا. باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاطَبَهٗ فِي فُلان" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَب. الصیدُ فُلانًا: قریب ہونا الحنظلۃُ: رنگین ہونا الحنظلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِختطَب. الفَتاۃ: منگنی کرنا القومُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا علَی المنبرِ: خطبہ دینا۔

الخَطب. س. حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب۔

الخِطاب. گفتگو۔ فَصْل الخطاب: فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اَمّا بَعْد کہنا۔

الخُطْبة. تقریر۔ گفتگو۔ خُطبةُ الکِتاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطبة: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطب. منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هو خِطْبُها و هی خِطْبُهٗ" ج۔ اَخْطاب.

الخِطْبة. س. منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطّاب. منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطّابة. بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخطّاب کا مؤنث۔

اَلْخَطّابِيَّة: شیعة رافضة میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابوالخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔

الخَطِیب. منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِیبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَباء.

الخِطِّیب. عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّیبُون

الخِطِّیبی. عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخْطَبُ. شکرا. من الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندرائن۔ الاَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکْتَبُ اور شعرٌ سے اَشْعَر. کہا جاتا ہے "کانَ اَخْطَبَ اَهلِ زَمانِہٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرانًا و خَطِیرًا. فِي مِشْیَتِہٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا بِسَیفِہٖ اور رُمحِہٖ: فخر و غرور سے ہلانا بیدِہٖ: چلنے میں آگے پیچھے کرنا (خَطْرًا و خطرانًا و خَطِیرًا) الجملُ بذنبہٖ: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَر (ن ض) خُطُورًا. الامرُ لهٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحوادثُ: پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ بِبالِہٖ و علیٰ و فِي بالِہٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُورةً. عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیرٌ) ج خُطَرٌ.

خاطَرَ مُخاطَرةً. بِنَفْسِہٖ: خطرہ میں ڈالنا ہ علیٰ کذا: شرط لگانا۔

اَخْطَرَ. الشَّیَ فی او علیٰ او ببالہ: یاد دلانا ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا المالَ: مال کو شرط پر رکھنا المریضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)

تَخَطَّرَی. پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرانِی شَرُّ فُلان" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخاطَرَ. القومُ علی الشَّیءِ: شرط لگانا۔

الخَطْر. غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (والخَطْر) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخَطْر. بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطار.

الخَطَر. قریب بہلاکت ج اَخْطار. کہا جاتا ہے "رَکِبُوا الاَخْطار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِي ظِلِّ عیشٍ خَطِیرٍ مالَهٗ خَطَر شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطار. جج خُطْر.

الخَطْرة. ایک بار۔ تم کہتے ہو "ما لَقِیْتُہ اِلّا خَطْرةً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخاطِر. فا. امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وقعَ فِي خاطِرِیْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلانٌ سَرِیعُ الخاطرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جاشَ الشِّعرُ فی خاطِرِیْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَواطِر.

الخَطّار. الخاطِر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر.

الخَطّارة. اونٹوں کا باڑہ۔

الخِطْر. عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیسَ لَهٗ خَطِیرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخاطِر. خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب والخُطارِب. افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطْرَف و تَخَطْرَف. چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِیف و خُطْرُف)

خَطْرَفَهٗ بالسَّیفِ: تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطْفًا. الشَّیَ: اُچک لینا

البرق البصر: چندھا کر دینا السمع: چوری سے سننا۔
خطف (س) وخطف (ض) خطفانا۔ تیز چلنا۔ صفت (خطیف وخیطف)
خطّف۔ اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)
اخطفہ۔ خطا کرنا۔ المرض: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا۔ الرجل: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تخطف واختطف۔ الشیٔ: چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخطف والخطف۔ لاغری اور پہلوؤں کا دُبلا پن۔
الخطفۃ۔ جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اُتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخاطف۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خواطف۔
اخطف۔ الحشیٰ: دُبلا۔
الخاطوف۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخطاف۔ الخاطف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔
الخطاف: آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خطاطیف و خطاطیف السباع: درندوں کے چنگل۔
الخطفی والخیطفی۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ھو یمشی الخطفی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخطیفۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خطل (س) خطلا واخطل۔ فی کلامہ: بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فی منطقہ اورأیہ: غلطی کرنا۔ جیسے "اصالۃ الرای صانتنی من الخطل" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تخطل۔ فی المشی: نازانداز سے چلنا۔

الخاطل۔ باطل۔
الخطل۔ مص۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "اری فی مشیتہ خطلا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔
الخطل۔ بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف۔ سھم خطل: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثوب خطل: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اخطال اور کہا جاتا ہے "رجل خطل الیدین" سخت ہاتھوں والا مرد و "رمح خطل" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخطل: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "احوس فی الھیجاء بالرمح خطل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خطل بالمعروف: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاخطل۔ لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خطلاء ج خطل۔
الخیطل۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خطمہ (ض) خطما وخطمہ۔ بالخطام: نکیل لگانا۔ خطمہ بالکلام: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خطم الرجل: ناک پر مارنا۔ (خطما وخطاما) القوس بالوتر: کمان پر تانت چڑھانا۔
اختطم۔ الخطام: نکیل لگانا۔
المخطم والمخطم۔ ناک۔
الخطم۔ مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ من الدابۃ: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ امر عظیم: پہاڑ کی چوٹی۔
الخطام۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خطم۔
الخاطم۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلان خاطم امر بنی فلان" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔
الخطام۔ اسم مبالغہ۔ مسک خطام: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔
الاخطم۔ لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خطماء ج خطم
الخطمی۔ ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خطمیۃ)
خطا (ن) خطوا۔ قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔
خطا و خطی۔ الرجل: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خطی عنہ الشیٔ: زائل کیا جانا۔
تخطی تخطیا و اختطی اختطاء ہ الی کذا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
الخطوۃ۔ چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشحہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ قرب اللہ علیك الخطوۃ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں۔ ج خطی و خطوات و خطوات و خطوات۔
الخطوۃ۔ بمعنی خطوۃ۔ خطا کا اسم مرۃ فی المساحۃ: چھ قدم۔
الخطیۃ۔ گناہ۔
خظا خظوا خظوا۔ لحمہ: گٹھا ہونا۔
اخظی۔ الرجل: موٹا ہونا۔ اخظاہ: موٹا کرنا۔
الخظی۔ گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے۔
خف (ض) خفا وخفۃ وخفۃ۔ ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ المطر: کم ہونا (خفا وخفۃ وخفوفا) الی العدو: جلدی کرنا۔ القوم: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔
خفف۔ الشیٔ: ہلکا کرنا۔ الحرف: مشددنہ کرنا۔ الثوب: باریک بنانا۔
اخف۔ کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا الرجل: جہالت پر اُکسانا۔ عیب لگانا۔
تخفف۔ چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔
تخاف۔ ہلکا پھلکا ہونا۔
استخفہ۔ ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و

صواب سے ہٹانا ہ الغناءُطرب و نشاط میں ڈالنا ہ الطَّربُ:
اِسْتَخفَّ بہٖحقیر جاننا۔
اَلْخِفُّ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خرج فِي خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِہٖ" وُہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔
الخُفُّ للبعِيْرِ والنَّعَامِ اُونٹ اور شتر مرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج اخفاف وخِفاف کہا جاتا ہے "خفٌّ ضاحِكٌ" پھٹا ہوا موزہ۔ الخُفُّ قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔
الخِفَّة ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)
الخَفِيْف ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الرُّوْحِ" وُہ لطیف اچھی صحبت والا ہے و "خَفِيْفُ القَلْبِ" ذکی و "خَفِيْفُ العَقْلِ" بیوقوف و "خَفِيْفُ الظَّهْرِ" کم اولاد والا و "خَفِيْفُ اليَدِ" پھرتیلا و "خَفِيْفُ العَارِضَيْنِ" داڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِفَّاء وخِفاف واَخْفاف۔ الخَفِيْفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔
الخُفافُ ذکی، تیز فہم۔
الخَفَّاف چرمی موزوں کا بیچنے والا۔
الخُفُّوف بجو۔
خَفَّ (ف) خَفًّا. الشَّيْءَ اُکھیڑ کر زمین پر پٹکنا البيتَ ڈھا کر گرا دینا القِرْبَةَ مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔
خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا. الصوتُ پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِيْتٌ)۔ (خُفَاتًا) اچانک مرنا۔ (و خَفْتًا وخافَتَ وتَخَافَتَ بِكَلامِهٖ و بصوتِهٖ) پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔ آہستہ کرنا بالقِرَاءَةِ آہستہ پڑھنا۔ خافَتَهٗ پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ بتکلف ضعف و سکون ظاہر کرنا۔
الخُفْتَا ایک قسم کی نباتات۔
الخَفْتَان چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)

الخَافِتُ بے پانی کا بادل۔ زرع خافت: کمزور پودہ جو ابھی لسبانہ ہوا ہو۔
خَفِجَ (س) خَفَجًا. البعيرُ نَجّ کی بیماری لاحق ہونا۔
الخَفِيْجُ کمزور۔ سُست۔
الاَخْفَجُ نجّ کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمود اَخفجُ ٹیڑھا ستون۔
الخَفَج ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔
خَفْخَفَ خَفْخَفَةً. الخِنْزِيْرُ او الضَّبُعُ آواز کرنا الرَّجُلُ قَمِيصَهُ الجَدِيْدَ او القِرْطاسَ حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
الخَفْخَاف وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
خَفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدَانًا وخَفَدَ (س) خَفَدًا تیز چلنا۔
الخُفْدُ دو الخُفْدُوْدُ چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔
الخَفَيْدَد تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔ ج خَفَادِد و خَفَادِيْد و خَفَيْدَدَات۔
خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَرًا. ہ و بہٖ و عَلَيْهِ پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ہ پناہ دینے کی اُجرت لینا۔ خَفَرَ بالعَهْدِ وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (خَفْرًا و خُفُوْرًا) فلانًا عہد توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔
الذَهَب. مں۔ سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهَابْ وَ ذُهُوْب و ذهْبَان. ایک ٹکڑے کو (ذَهْبَة) کہتے ہیں۔ الذَهَب: انڈے کی زردی۔ ج ذِهَاب و اَذهَاب و جج اَذَاهِيب.

الذِهْبَة. ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِهَاب واَذْهَاب و جج اَذَاهِيب.

الذَهُوْب. جانے والا۔

المَذْهَبْ. مں۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذَاهِب "تَمَذْهَبَ بالمَذْهَبْ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔

المُذَهَّبَات. زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد۔

ذَهِرَ (س) ذَهَرًا. فوہ: کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْهَر) مؤنث ذَهْراء. ج ذُهْر.

ذَهَلَ (ف) ذَهْلًا و ذُهُوْلًا. الشَیْءَ و عَنْهُ: بھول جانا۔ غافل ہو جانا۔

ذَهِلَ (س) ذُهُوْلًا. ہکا بکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔

اَذْهَلَ. غافل کر دینا۔

الذُهْل والذَهْل. مِنَ اللّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

المَذْهَل. ہکا بکا ہونے کی جگہ۔

الذُهْلُوْل. مِنَ الخَيْل او الرِجَال: عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَهَالِيْل.

ذَهَنَ (ف) ذَهْنًا. الاَمْرَ: سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (واَذْهَنَ واِسْتَذْهَنَ) الرَجُلَ عَنِ الْاَمْرِ: فراموش کردینا۔

ذَهِنَ (س) ذَهَنًا. الشَیْءَ: سمجھنا۔

ذَهُنَ (ک) ذَهَانَةً. اچھے حافظہ والا ہونا۔

ذُهِنَ. ذہن کا زائل ہونا۔

ذَاهَنَهٗ. زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُذَاهِنُ النَاسَ يُفَاطِنُهُمْ" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ المَوَارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔

الذِهْن. سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "ما بِرِجْلِی ذِهْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذهَان.

الذِهن. سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْھان. کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اھل الاذھان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔
رجل "ذَھِن و ذِھْنٌ" ذکی اور سمجھ دار مرد۔
ذَھَا (ن) ذَھْوًا. تکبر کرنا۔
ذُوْ. صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَان. ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُه ذاصباحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جاءَ مِنْ ذِیْ نَفْسِه" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُوالیَد اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وکَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِیْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔
ذُوُوالْاَرْحَام: رشتہ دار۔ اقرباء۔ الذَّوُوْن والْاَذْوَاء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْیَزَن. ذُوْنَوَاس. ذُوْرِیَاش. وغیرہ۔
ذَاتُ. ذُوْ کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان. ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ ذَاتَ یَوْمٍ او ذَاتَ لَیْلَةٍ اَوْ ذَاتَ مَرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وکَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعُوَیْمِ" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الْیَمِیْنِ" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِیْتُه اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَّدْرِ: فکر یا بھید۔ ذَاتُ الْیَمِیْنِ: داہنی جانب۔ ذَاتُ الْبَیْنِ: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِكُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کرسکتے ہو۔
ذَاتُ شَفَةٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ عَلَیَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔
ذَاتُ الْیَدِ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ یَدِہٖ" اس کی ملکیت کم ہوگئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَاتَ بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الجَنْبِ عِنْدَ الاَطِبَّاء: نمونیا۔ ذَاتُ الرِّئةِ وذَاتُ الصَّدْرِ و ذَاتُ الکَبِد: بیماریوں کے نام۔
الذات. وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذاتُ الشئِ: نفس شئ. عین شئ. جوھر شئ. اِسْمُ الشئ. عِنْدَ النُّحاۃ: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔ الذَوات عِنْدَ المُوَلِّدِیْن: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔
الذاتِی. ذات کی جانب منسوب۔
ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا. الثَّلجُ او السَّمَنُ: برف یا گھی پگھلنا دَمْعُهٗ: آنسو بہنا الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِی عَلَیْهِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَا ذَابَ فِی یَدِی مِنْهُ خَیْرٌ" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرجل" لاغر ہوگیا۔
ذَوَّبَ. السَّمَنَ: گھی پگھلانا الغُلامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔
اَذَابَ اِذَابَةً. السَّمَنَ: گھی پگھلانا حَاجَتَه: حاجت پوری کرنا القَوْمُ اَمْرَهُمْ: درست کرنا عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔
اِسْتَذَابَه. پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا الشئَ: باقی رکھنا حَاجَتَهٗ: پوری کرنا۔
الذاب. عیب۔
الذَوْب. س. خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّهَبِ: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الکَلامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔
الذَوبَة. ذَابَ کا اسم مرۃ کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے نَاقَة (ذَؤُوْب) موٹی اونٹنی۔
الاِذْوَاب والاِذْوَابَة. مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَحْلٰی مِنَ الذَّوْبِ بالاِذْوَابَةِ" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔
المِذْوَب. سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔
المِذْوَبَة. چمچہ۔
ذَاجَ (ن) ذَوْجًا. جلدی کرنا الماءَ: پانی پینا۔
ذَاحَ (ن) ذَوْحًا. سخت چال چلنا۔
(وذَوَّحَ) الاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔
ذَادَہٗ (ن) ذَوْدًا اوذِیَادًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الاِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِهٖ: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذائد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد و ذَادَة.
اَذَادَ اِذَادَة وَاَذْوَدَہٗ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔
الذَوَّاد. بہت دفع کرنے والا۔
المَذَاد. چراگاہ۔
المِذْوَد. مویشیوں کا تھان۔ جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔
رجال (مَذَاوِدُ ومَذَاوِیْدُ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔
اَلذَّوْدُ: اونٹ جن کی تعداد تین سے لے کر تیس (۳۰) تک۔ مؤنث کے لئے اس کا واحد کوئی نہیں یا یہ خود واحد ہے اس کی جمع اَذْوَاد ہے۔
ذَاطَهٗ (ن) ذَوْطًا. سخت گلا گھونٹنا۔ الاِنَاءَ: بھرنا۔
ذَوِطَ (س) ذَوَطًا. چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)
الذَوْطَة. زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج ذِوَاط.
الذَوط. ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
ذَاعَ (ن) ذَوْعًا. مَالَهٗ: سب کچھ پراگندہ

کر دینا۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. القَوْمُ بِمَا فِي الحَوْضِ: قوم کا سارا پانی پینا الرَّجُلُ بِمَالِهٖ: لے جانا۔

ذَافَ (ن) ذَوْفًا. کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّيْءَ: چکھنا العَذَابَ. عذاب برداشت کرنا الرَّجُلَ وما عِنْدَ الرجلِ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما ذاق ذواقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ. الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَذَاوَقَ. القَوْمُ الشَّيْءَ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوا الرِّمَاحَ" انھوں نے نیزوں کو سنبھالا۔

اِسْتَذَاقَهٗ. آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لَهُ الاَمْرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا يَسْتَذِيقُ لِيَ الشِّعْرُ اِلَّا فِي فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

الذَّوْقُ والذَّائِقَةُ. چکھنے کی قوت۔

الذَّوْقُ والذَّوَاقُ. طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے

الذَّوَاقُ: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

المَذَاقُ. مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وهُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

ذَوَى (ض) وذَوِيَ (س) ذُوِيًّا. النَّبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔

اَذْوَى اِذْوَاءً. پژمردہ کرنا۔

الذَّوِيُّ. بکری کے چھوٹے بچے۔

الذَّوَاةُ. خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

ذِي. اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے۔

ذَيْتَ ذَيْتَ اَوْ ذَيْتِ و ذَيْتُ. بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَهُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و "فَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَيًّا ذَيًّا و ذَيَّةَ ذَيَّةَ) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَيْجًا. الماءَ: پانی پینا۔

ذَايَجَهُ مُذَايَجَةً. کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَيَّخَتْ. النَّخْلَةُ: گابھا نہ لگنا۔

اَذَاخَ اِذَاخَةً. بِالمَكَانِ: گرد اگرد گھومنا بني فلان: ذلیل کرنا۔

الذِّيخُ. دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِيخَةٌ. عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذْيَاخٌ و ذُيُوخٌ. و ذِيخَةٌ.

ذَارَهُ يَذَارُهُ ذَيْرًا. ناپسند کرنا۔

الذِّيرَةُ. مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَيْعًا و ذُيُوعًا و ذَيْعُوعَةً و ذَيَعَانًا. الخَبَرُ: پھیلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِي جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. الخَبَرَ وبِالخَبَرِ: پھیلانا السِّرَّ بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا القَوْمُ مَا فِي الحَوْضِ او بِمَا فِيهِ: سارا پی لینا بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

اِنْذَاعَ. الخَبَرُ: پھیلنا۔

المِذْيَاعُ. راز کی حفاظت نہ کرنے والا۔ ج مَذَايِيعُ. تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْيَاعٌ و لِلْاَسْبَابِ مضياعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

الذَّيْفَانُ والذِّيفَانُ. مہلک زہر۔

ذَالَ (ض) ذَيْلًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا رانوں پر اِدھر اُدھر مارنا الجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الشَّيْءُ: ادنیٰ ہونا۔ حَالُهٗ: پست و فروتر ہونا فُلَانٌ اِلَى فُلَانٍ: گستاخی کرنا۔

ذَيَّلَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا کرنا۔ الكِتَابَ: کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔

اَذَالَ اِذَالَةً واَذْيَلَ اِذْيَالًا. الثَّوْبُ: دامن والا ہونا الرَّجُلُ ثَوْبَهٗ: کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا۔ مَالَهٗ: خرچ کرنا ہ: اہانت کرنا فَرَسَهٗ و غُلَامَهٗ: لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا۔

المرأةُ قِنَاعَهَا: عورت کا برقع کو لٹکانا۔

الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

تَذَيَّلَ. فِي الكَلَامِ: گستاخی کرنا۔

الجَارِيَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الفَرَسُ فِي اسْتِنَانِهٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا۔

تَذَايَلَ. حَالُهٗ: پست و فروتر ہونا۔

الذَّيْلُ. چیز کا آخری حصہ۔ ذَيْلُ الثَّوْبِ: دامن۔ ذَيْلُ الرِّيحِ: ریت پر ہوا کے نشانات۔ ذَيْلُ الفَرَسِ: دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ذَيْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْيَالٌ و ذُيُولٌ و اَذْيُلٌ.

اَذْيَالُ النَّاسِ و ذُيُولُهُمْ: آخر کے لوگ۔

الذَّائِلُ. فا. دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ: لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَيْلُه" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا اور مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ (مُذَالٌ او مُذَيَّلٌ) لمبے دامن کا کپڑا۔

المُذَالَةُ. باندی۔ لونڈی۔ اور مثل ہے "اَخْيَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔ دِرْعٌ مُذَالَةٌ: لمبی زرہ۔

اَرْضٌ (مُتَذَيِّلَةٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔

المِذْيَالُ لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)

ذَامَهٗ (ض) ذَيْمًا و ذَامًا. عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِيمٌ و مَذْيُومٌ)

الذَّامُ والذَّيْمُ. عیب۔ مذمت۔

الذِّينُ. عیب۔

ر

ر: الراء: بنیادی حروف میں سے دسواں ہے- یہ حروف الذولقیہ میں سے ہے- حساب جمل میں اس کا نمبر ۲۰۰ ہے-

رَأَبَ (ف) رَأبًا. الصَدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا الشَیْ: جمع کر کے نرم باندھنا بَیْنَهُم: صلح کرانا۔

رَأَبَتِ الاَرْضُ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

اَرْأَبَ اِرْآبًا. الصَدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔

الرَأب. مں۔ پھٹن۔ شگاف۔ سردار۔ ج رِئَابٌ. کہا جاتا ہے "کفَی بِفُلَانٍ رَأبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اِس جملہ مین مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُؤْبَة. لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب ورُؤْبَات. کہا جاتا ہے "هُوَ رِئَاب بَنِی فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے۔

اَلْمَرْأَبُ: کاروں موٹر سائیکلوں وغیرہ کو درست کرنے کی جگہ (ورکشاپ)

الرَآّب والمِرْآب. درست کرنے والا۔

رَأبَل رَأبلَةً. ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔

تَرَأْبَلَ. القَوْمُ: چور بنا علَیْهِ: لوٹ ڈالنا۔

الرِئبَال والرِیبْیَال. شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل ورَآبِیْل ورَآبِلَة ورَیَابِیْل.

الرِئبَال. اکلوتا لڑکا۔

الرَاتِیْنَج. صنوبر کا گوند۔

رَؤُدَ (ک) رُؤُدْوَةً. الغُصْنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَؤُد)

تَرَّاَدَت. الرِیْحُ: ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔

تَرَأَّدَ الرَجُلُ: اُٹھنے میں کانپنا (واِرْتَأَد) الغُلَامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا الغُصْنُ: جھکنا العُنُقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأَّدو تَرَاءَد) الضُحَی: روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔

رَأدورَائِد. الضُحَی: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرأد: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

اَلرَّادِیُولاَ: کتان کی قسم سے ایک پودا-

الرِئْد. ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هٰذا رِئْدِی" یہ میرا ہم عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج اَرْآد.

الرَأْد والرَأْدَة والرُؤْد والرُؤْدَة. خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُؤد: نرمی سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

رَأرَأ. پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأرَأ بِعَیْنَیْهِ: آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأ) صفت مؤنث رَأْرَأ ورَأْرَأة ورَأْراء ورَأْراءَة

الظِبَاءُ: ہرنیوں کا دُم ہلانا السَحابُ او اَلسرابُ: بادل یا سراب کا چمکنا الرجُلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف را زیادہ بولنا۔

رَؤُسَ یرْؤُسُ رِئَاسَةً. رئیس ہونا۔

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً. القَوْمَ: سردار قوم ہونا (رَأَسَهُ (ف) رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا السَیْلُ الغُثاء: سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

رُئِسَ. دردِ سر والا ہونا۔

رَأَّسَهُ. سردار بنانا۔

تَرَأَّسَ و اِرْتَأسَ. سردار ہونا۔

اِرْتَأسه: گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔

اِرْتَأسَ الشَیْءَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔

الرَأس سر۔ ج اَرْؤُس ورُؤُوْس و رُؤْس و آرَاس. اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُوْنَ رَأْسًا مِنَ الغَنَم. الرَأس: چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رأسُ الشَهْرِ او العام: مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رَأسا" اس نے اس کام کو ابتداء کیا۔ و "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً رَاسًا عَلَی راس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔ و "رُمِیْتُ مِنْكَ فِی الراس" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و "هٰذَا قِسْمٌ بِرأسِهِ" یہ مستقل ایک

قسم ہے۔ و"انت علیٰ رَأسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

رِیَاسُ السَّیفِ: تلوار کا قبضہ۔ کہا جاتا ہے "اَنتَ علیٰ رِیَاسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔

الرَّائِس. فا. حاکم۔ ج رُؤاس.

الرَّئِیس والرَّیِّس. سردار قوم۔ چودھری۔ ج رُؤساء.

الرِّئِّیس. مستحکم سرداری والا۔

الرَّوائِس. وادیوں کی بلندیاں۔ اگلے بادل۔ واحد رَئِیسَة.

الرَّأّاس. سری بیچنے والا۔

الاَرْأس. بڑے سر والا۔ مؤنث رَأساء.

الرُّؤاسِیُّ. بڑے سر والا۔

المِرْآس. مِنَ الخَیلِ: وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔ گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔

المُراءِس. جنگ سے جی چرانے والا۔

المَرْؤُوس. رعیت، محکوم۔ بڑے سر والا (والرئیس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو۔

رَأفَ (ف) رَأفَةً ورُؤُوفَ (ک) رَآفَةً ورَئِفَ (س) رَأفًا و تَرأفَ بہ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوف ورَؤُف و رأف ورَئِف ورائِف)

تَراءَفُوا. آپس میں مہربانی کرنا۔

رَأّفَهُ واستَرأفَهُ. مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّأف. شراب۔

اِستَرأَلَ الرَّألُ: شتر مرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا النَّباتُ: لمبی ہونا۔

الرَّأل. شتر مرغ کا بچہ۔ مؤنث رَألَة. ج رِئال وأرْؤُل ورِئلان ورِئالَة. کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَألُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرُّؤال. گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔

الرَّائِل والرَّاؤُول. دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نعامة (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شتر مرغ۔

المُراءِل. جلدی کرنے والا۔

رَأَمَ (ف) رَأمًا. الحَبلَ: مضبوط بٹنا۔ القَدَحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔

رَئِمَ (س) رَأمًا و رِئمانًا. الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا الشَّیءَ: محبت کرنا۔ اُلفت کرنا الناقةُ و لَدَها: مہربان ہونا۔ صفت (رائِم ورائِمة رُؤُوم) ج رَوائِم. کہتے ہیں "هو رُؤُومٌ للضَّیمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔

اَرأمَ اِرآمًا. الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا الحَبلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔ ہ علَی الاَمرِ: مجبور کرنا الناقةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔

تَرأَمَهُ. و تَرَأَّمَ علَیهِ: مہربان ہونا۔

الرِّئم. سفید ہرن۔ ج اَرْآم و آرام. مؤنث رِئْمَة.

الرُّؤام. لعاب۔

الرَّوائِم. دیگ دان کے پائے۔

رَأى یَرىٰ رَأیًا ورُؤیَةً وراءَةً. ورِئیانًا. بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرىٰ کی اصل یَرأَی ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور اَمر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "یا تُرىٰ ویاهل تُری" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔

رَآءَ. الشَّیءَ: دیکھنا۔

رَأى (ف) رَأیًا. الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا الزَّند: چقماق سے آگ نکالنا۔

الزَّندُ: آگ نکلنا الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔

رَأَّیتُه تَرئِیَةً. خلاف حقیقت دکھانا۔

رَائَیتُه مُراءاةً ورِئاءً. خلاف حقیقت دکھانا و رائَیتُه مُراءاةً: باہم مشورہ کرنا۔

اَرأیٰ اِرئاءً. عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا الحامِلُ مِن غیرِ ذَواتِ الحافِرِ والسَّبُعِ: حمل سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرءٍ و مُرئِیَة)

اَراہ یُریهِ اِراءَةً واِراءً. الشَّیءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِیَة. کہا جاتا ہے "اَرِنی بِرأیِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "اَرَى اللهُ بِفُلانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔

تَرَأَّى وتَراءىٰ. فِی المِرآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّی و تَراءیٰ لَهُ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وتَراءَی النَّاسُ. ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَراءَینا فِی الاَمرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرأَّی بِرای فُلان" وہ فلاں کا ہم خیال ہوگیا۔ و "تَراءَیٰ لِی اَنَّ الاَمرَ کَیتَ کَیتَ". میرے لئے یہ ظاہر ہوگیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و "تَراءَینا الهِلالَ". ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔

اِرتَأىٰ. الاَمرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔

اِستَرأىٰ. ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسترأیتُه واستَرَیتُه"

اِستَرأیٰ بالمِرآةِ: آئینہ سے دیکھنا۔

الرَّای. رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رائِی کَذا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آراء و اَرآء.

الرِّیءُ والرُّیُ والرُّوَاءُ والرِّیُ. منظر اور حسن منظر۔

الرُّؤیَا. خواب ج رُؤىً. کہا جاتا ہے "جاءَ حِینَ جَنَّ رُؤیًا اَورأیًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہوگئی۔

الرُّؤیَة. آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًی.

الرِّیَة. دیکھنا۔

الرِّئاء. مص. حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا

جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اُس نے اس کو
نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا
ہے "هُمْ رِئَاءُ أَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں
تقریباً ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک
دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ"
ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔
التَرْئِيَةُ بمنظر یا حسن منظر۔
الرَءَّاءُ بہت دیکھنے والا۔
الرِئَةُ پھیپھڑا۔ ج رِئَات ورِئُون اور
نسبت کے لیے (رِئَوِيٌّ)
رَئِيُّ. القوم: قوم کا سردار جس کی رائے
سے سب اتفاق کریں۔ الرَئِيُّ بڑا سانپ۔
کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔
هُوَ (اَرْاَئِيٌ) بكذا وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْآةُ آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا۔ اس
سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے يَتَمَرَّأُ
یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس
کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْأَى والمَرْآةُ منظر۔ کہا جاتا ہے
"هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔
و تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُوْلِهِ مَرْآتُه اس کا ظاہر
باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّيْ
مَرْأًى و مَسْمَعٌ او بِمَرْأًى و بِمَسْمَعٍ"
وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور
اس کی بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ(ن) رَبًّا. القومَ: بالادست ہونا۔
انتظام کرنا النِعْمَةَ: زیادہ کرنا الشَيْئَ: جمع
کرنا۔ مالک ہونا الاَمْرَ: کسی کام کو درست
کرنا۔
الدُهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبو دار بنانا۔
بالمَكَان: اقامت کرنا (رَبًّا ورُبًّا)
الزِقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو
اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(رَبًّا ورَبَّبَ تَرْبِيبًا وتَرِبَّةً وارْتَبَّ
اِرْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک
پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔
ورَبَّبَ الدُهْنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبو دار
بنانا۔
اَرَبَّ. بالمَكَانِ: اقامت کرنا مِنْهُ:
قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ
السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ. القومَ: اکٹھا ہونا۔
الصَبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش
کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهُ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُمْ"
میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی
ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
اُرْتُبَّ. العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب
تیار ہونا۔
الرَبُّ مص۔ مالک۔ سردار۔ درست
کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ
کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ اور اس کی
طرف نسبت کے لیے (رَبِّي و رَبَّانِي و
رُبُوْبِيٌّ)
الرَبَّانِي عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّانِي ملاحوں کا چیئرمین
الرَبَّةُ رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا
گھر۔
الرِبَّةُ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔
ج اَرِبَّة ورِبَاب.
الرُبُّ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا
ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب.
رُبَّ ورُبَّةَ و رُبَّمَا ورُبَّتَمَا حرف جر ہے
حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا
ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے
حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط
ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر
میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا
اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی
داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيْلُ مُقْبِلٌ
ورُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِيْلُ" اور کبھی اس
صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا
ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"
الرَابُّ سوتیلا باپ۔
الرَابَّةُ سوتیلی ماں۔
الرَبَب بہت پانی۔ میٹھا پانی۔
الرَبَاب سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید
بادل۔ واحد (رَبَابَةٌ)
الرِبَاب عہد۔ دوست۔ دس۔ دس
آدمیوں کی جماعتیں۔
الرِبَابَة الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و
پیمان جیسے "كُنْتَ اِمْرَأً اَفَضْتُ اِلَيْكَ
رِبَابَتِي"
الرُبَّى بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا
بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا
ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔
الرُبُوبَة والرُبُوْبِيَّة الرب کا اسم۔
الرُبَّاب جماعت۔
الرُبَّان ملاحوں کا سردار۔
الرَبِيْب والرَبُوْب سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا
باپ۔ ج اَرِبَّة. الربيب مشک کو بنانے
والا اور درست کرنے والا۔
الربيبة دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔
ج رَبَائِب.
المَرْبُوْب پرورش کیا ہوا۔ غلام، بندہ۔
المَرَبّ جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم
کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے
جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے
والا آدمی۔
(المِرْبَاب: بہت پیداوار والی زمین۔
المُرَبَّب جس کے اوپر انعام کیا جائے۔
المَرَبَّة مملکت۔
(رَبَأَف) رَبْأً: چڑھنا۔ بلند ہونا۔
عَلَى جَبَلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا فِي الاَمْرِ:
غور و فکر کرنا القَوْمَ و لِلْقَوْمِ: دیدبان بنا
الشَيَّ: بلند کرنا المَالَ: حفاظت کرنا۔
انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّي
اَرْبَأُ لَكَ عَنْ ذَالِكَ" یعنی میں اس کو
تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "ومارَبَأْتُ
رَبْأَهُ" نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس
کی پرواہ کی۔ واَرْبَأْ بِه یعنی اس کی حفاظت
کرو۔

رَبَأَہٗ تَرْبِئَةً. لے جانا۔
رَابَأَہٗ مُرَابَأَةً. چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً. بِهِم: دیدبان بننا۔
المِرْبَأَة: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا عَلَى الجَبَل: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأَ الشَّمْسَ مَتَى تَغْرُبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَّبِيُّ والرَّبِيْئَةُ. فوج کا دیدبان۔ ج رَبَايَا. کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَايَاهُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
المَرْبَأُ والمِرْبَأُ والمَرْبَأَة والمُرْتَبَأُ. دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَأ: سیڑھی۔
رَبَتَ (ن) رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِيْتًا. پرورش کرنا۔ رَبَّتَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔
رَبِتَ (س) رَبَتًا. الشَّيْءُ: بند ہونا۔
رَبَثَهُ (ن) رَبْثًا ورَبَّثَهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ. ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ واِرْبَثَّ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا۔ اَمْرُهُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرِّبِّيْثَى. مانع۔ روک۔
الرَّبِيْثَة. مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث.
الرَّبِيْث والمَرْبُوْث. رکا ہوا۔
رَبُجَ (ک) ورَبِجَ. (س) رَبَاجَةً. کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ. متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاِرْبِجَان. ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا. فِي تِجَارَتِه: نفع اٹھانا۔
رَبَّحَہٗ. نفع کرانا۔
رَابَحَہٗ مُرَابَحَةً وأَرْبَحَہٗ. عَلَى سِلْعَتِه: نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَّاقَة: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واِسْتَرْبَحَ. نفع طلب کرنا۔
الرَّابِح. فا. مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال۔
الرِّبْح. ج اَرْبَاح (الرَّبَح والرَّبَاح) نفع۔ الرُّبَح: اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَّبَاح. شراب۔
الرَّبَاحِي. کافور کی ایک قسم۔
الرُّبَاح والرُّبَّاح. نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِيْح.
مَتْجَر (رَبِيْح) فائدہ مند تجارت۔
الرِّبَحْل. بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَة.
رَبِخَ (س) رَبَخًا. البَعِيْرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (رَبْخًا رُبُوْخًا رَبَاخًا) المَرْأَةُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخَ. الرَّمْلُ: تہ بتہ ہونا الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ. الرَّجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔
الرَّبِيْخ. بڑا پالان۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بالمَكَان: اقامت کرنا۔
رَبَدَہٗ (ن) رَبْدًا. روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَّدَ الاِبِلَ: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَّدَتِ. الشَّاةُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَّرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ. السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِيْدَادًا. خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَّبْد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُّبْد. تلوار کا جوہر۔
الرَّابِد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَد. خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء. الرَّبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ رَبْدَاءُ" بلائے بد۔ ج رُبْد. الاَرْبَد. ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَد. اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَّبِيْد. کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَّبِيْدَة. دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔
المُتَرَبِّد. شیر۔
رَبِذَ (س) رَبَذًا. چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "هُوَ رَبِذُ العِنَان" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَة. لِثَةٌ رَبِذَةٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ. الثَّوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔
الرِّبْذَة والرَّبَذَة. چیتھڑ جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورَبَذ.
الرِّبْذَة. بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرِّبْذِيُّ. کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَةً. زیرک و دانا ہونا۔ الكَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّزَ. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ. الشَّيْءُ: پورا و کامل ہونا۔
الرَّبِيْز. زیرک و دانا۔
رَبَسَہٗ (ن) رَبْسًا. بِيَدَيْهِ: ذہتر مارنا۔ (ورَبَّسَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَہٗ اِرْبَاسًا. غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ. العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھسنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا. الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔ فِي اَمْرِه: تصرف کرنا۔ اَمْرُهُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔

الرِّبْس. مس. امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رِبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرِّبْسَاۃُ. سخت مصیبت۔ ج رُبْس. "جَاءَ بِأُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَّبِيس. بہادر۔ مصیبت۔ دہشتر مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُّبَيْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرِّبْسَة. میلی کچیلی بد ہیئت عورت۔
الرِّيْبَاس. چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَش. الشَّجْرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَش. مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء. اَرْضٌ رَبْشَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَة. رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَش. نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِه: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ. انتظار کرنا عَنِ الاَمْرِ: رک جانا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَص بِسِلْعَتِه: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَة. انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا و رِبْضَةً. الدَابَةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلٰى فَرِيْسَتِهٖ اوالقِرْنُ عَلٰى قِرْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلَانًا او المكانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهٗ. بالمكان: ٹھہرانا الدَوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ. ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض. فا. (الرَّبَّاض) شیر۔

الرَّابِضَة. رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نک چیٹے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَتُهٗ رَابِضَةٌ عَلٰى وَجْهِهٖ"
الرُّبْضُ والرِّبْض والرُّبُض والرَّبَض. بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبْضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض. عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض. مِنَ البَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض. بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.
الرُّبْضَة والرُّبُضَة. ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِّبْضَة. لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض. مِنَ القُرٰى: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُرُوْعِ. کشادہ زرہ مِنَ الشَجَرَة: بڑا درخت۔ ج رُبُض. قِرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اُٹھائی نہ جا سکے۔
الرَّبِيْض. باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض. جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرابِض (والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَهٗ (ن ض) رَبْطًا. باندھنا۔ مضبوط کرنا اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِه: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَةً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رباطًا ومُرَابَطَةً. الاَمْرَ: مداومت کرنا الجَيْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ. المَاءُ فِي المَكَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا فِي الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط. مس. جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج۔ رُبُط. الرِّبَاط: فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات. کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهٗ" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔
الرَّابِط. فا. راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَة. رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِيْط. بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔
رَبِيْطُ الجَاشِ: بہادر۔
الرَّبِيْطَة. باندھے ہوئے جانور۔
خلافِ قیاس دَابَّةٌ رَبِيْطَةٌ اور دَوَابُّ رَبِيْطَة کہا جاتا ہے اور دابة ربيط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط. تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط. بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِيْط)
المَرْبَط والمَرْبِط. جانوروں کی باندھنے کی جگہ ج مَرَابِط.
المُرَابِطَة. آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرابطات.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا. توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَيْكَ اَوْ عَلٰى نَفْسِكَ او عَلٰى ظَلْعِكَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو بالمَكَانِ: اقامت کرنا عَنْهُ: رکنا۔ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا بِعَيْشِه: راضی رہنا الابلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رُبِعَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: چوتھے

دن بخار آنا (رُبُوْعًا) الربیعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَعَ (ف ن ض) رَبْعًا. الحَبْلَ: چار بل کی رسی بٹنا القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِعَ. القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعة) الرَّجلُ: چوتھے دن بخار آنا۔

رَبَّعَ. البَیْتَ او الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔ رَابَعُوا. الحملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اُٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعتُه" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ. چوتھے سال میں داخل ہونا۔ القَوْمُ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا الِابلَ: پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ. الرَّجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَرَبَّعَ. فی جُلُوسه: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔ (وارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا بالمَکَانِ: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اُٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ. الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔ الشَّیْءَ: طاقت رکھنا۔

الرَّبْعُ. س۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اُترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوْع واَرْبُع واَرْبَاع (والرِبَع) میانہ قد۔

الرُّبْع والرُّبُع. چوتھائی ج اَرْبَاع و رُبُوع۔

الرُّبَع. اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو هُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُمْ رُبَع ولا هُبَع"۔ ج: رِبَاع واَرْبَاع مؤنث رُبَعَة۔ ج رُبَعَات و رِبَاع.

الرِبْع. تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِبْع: چوتھیا بخار۔

الرَابِع. فا. چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِعٌ: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِع: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُبَاعَ. چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَة. میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعات و رَبَعَات. عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ العَطَّارُ رَبْعَتَه" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَّبَاع. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَیٰ رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعَة والرِبَاعَة. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْهِم مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَتَهٗ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَا یُقِیْمُ رَبَاعَةَ القَوْمِ اِلَّا فُلَان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَومِه" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِیه. سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات.

الرَّبَاعِی. وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبع و اَرْبَاع. مؤنث رَبَاعِیَة ج رَبَاعِیَات.

الرُّبَاعِیُّ. چار سے مرکب۔

الرَّبِیْع. ج اَرْبِعَة و رِبَاع واَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ج اَرْبِعَاء و رُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ج رُبْع: چوتھائی۔

الرِّبْعِیُّ. مِنَ المَسَاکِنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِیْعَة. پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَع. کمزور۔ کمینہ۔

الرَّوْبَعَة. پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَة. چار۔ مؤنث اَرْبَع. الرِیَاحُ الاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الاَرْبَع: چارپائے۔

اُمُّ اَرْبَع واَرْبَعِیْن. ایک قسم کا کیڑا۔

الاَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبِعَاوَان. ج اَرْبِعَاءَات واَرْبِعَاوَات.

قَعَدَ (الاَرْبِعَاء والاُرْبُعَاوَیٰ) وہ چار زانو بیٹھا۔

الاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن. چالیس۔

المَرْبَع. موسم بہار کی بارش (والمُرتَبَع) موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

المِرْبَع والمِرْبَعَة. لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع. موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

المُرْبَع. چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع. چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے $٤^{٢} = ٤ \times ٤ = ١٦$

المِرْبَاع. وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(والمُرْتَبَع والمَرْبُوْع) درمیانہ قد۔

المَرَابِيْع. ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔
اليَرْبُوْع. ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرَابِيْع.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا. القَوْمُ فِيْ النَعِيْم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَبِعَ (س) رَبَعًا. عَيْشُه: فراخ و آسودہ ہوناالرَجُلُ. بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِعٌ)
رَبُعَ (ک)رَبَاعَةً. بہت ہونا۔
الأرْبَع. کثیر و کشادہ۔
رَبَقَه (ن ض) رَبْقًا و رَبَّقَهٗ. پھندے سے باندھناه فِيْ الأمْرِ: کام میں ڈالنا۔
ورَبَّقَ الْكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَجُلُ اَثْنَاءَ حَبْلِه وَأرْبَاقَه" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسّی کا پھندا بنایا۔
تَرَبَّقَهٗ. لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَيْئَ فِيْ عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔
اِرْتَبَقَ. فِي الحِبَالَة: لٹکانافِي الأمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِيْ حَبَالَتِهٗ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔
الرِبْق. پھندوں والی رسّی۔
الرَبْقَة والرِبْقَة. رسّی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق وأرْبَاق. کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ واكَلُوا الرِبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔
الرَبِيْق. پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔
المُرَبَّقَة. چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔
التِرْبِيْق. بکری باندھنے کی رسّی۔
رَبَكَ (ن) رَبْكًا. الشَيْئَ: ملانا۔
الرَبِيْكَة: گارا بناناه: کیچڑ میں گرانا۔
رَبِكَ (س)رَبَكًا. پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ و رَبِيْكٌ)
اِرْتَبَكَ. فِي الوَحلِ: کیچڑ میں گرنا فِيْ الأمْرِ: پھنس کے رہ جانا فِيْ كَلَامِه: رُک رُک کے گفتگو کرنا الصَيْدُ فِي الحِبَالَة: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑ پھڑانا الأمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اِرْبَاكَ اِرْبِيْكَاكًا. رَايُه: رائے کا گڑبڑ ہو جاناالرَجُلُ عَنِ الأمْرِ: کام سے رک جانا۔
الرَبِيْكَة. گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاه بِرَبِيْكَة" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (والربيك والرَبُوك) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔
الأرْبَك. مِنَ الابل: کالا اونٹ۔
رَبَلَ (ن ض)رَبْلًا. القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِيْ: بہت گھاس والی ہونا۔
رَبَّلَ وأرْبَلَ. المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ. بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔
تَرَابَلَ. لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ. موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہوناجِسْمُه: پھولنا الأرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ. مَالُه: بہت ہونا۔
الرَبْل. موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل.
الرَبَل. بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔
الرَبْلَة والرَبَلَة. ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلات.
الرِبِّيْل. تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَبَالَة والرَبِيْلَة. گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَال" ة وہ موٹائی کے بعد دبلا ہوگیا۔ الرَبِيْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِيْبَال. لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيْل.
المِرْبَال. بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرِبْيَل. ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اونٹنی۔
اَرْبَنَه. بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ. جہاز کا کپتان ہونا السَفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔
الرَبُوْن او الأرْبُوْن والأرْبَان. بیعانہ۔
الرُبَّان والرُبَّاني. جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة و ربابين. رُبَّانُ كُلِّ شيْئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرُبَّابَة" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُوْا رِبَاءً ورُبُوًّا. المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا الرَابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (رَبْوًا ورُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ و رَبِيْتُ رَبَاءً ورَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّى تَرْبِيَةً و تَرَبّى. الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبّى التُفَّاحَ بالسُكَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَى مُرَابَاةً. سود پر مال دینا۔ الرَجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
اَرْبَى اِرْبَاءً. سود لیناالشَيْئَ: بڑھانا ہ: اُمید دلانا(عَلَيْه فِي كَذَا وارْتَبَا اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِبَا. زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے۔رِبَوِيٌّ.
الرَبَا. زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَيَّ رَبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر

احسان ہے۔

الرَّابِيَةُ ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَة والرَّبْوَة والرِّبْوَة) ج رُبًى و رُبِيٌّ ٹیلہ۔

الرَّبْوَة. عِنْدَ الحُسَّاب دس لاکھ۔

الرِّبْوَة. بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى.

الرُّبَيْبَة حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاة والرَّبَاوَة بتثلیث: ٹیلہ۔

الرَّبْو ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء. الرَّبْو والرَّبْوَةُ عِنْدَ الاطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الاُرْبِيَّة. اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ اُرْبِيَّة قَوْمِه" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتًّا. ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ) و صفت مؤنث (رَتَّاء ورُتّى) ج رُتٌّ.

اَرَتَّهُ اِرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔

الرَّتُّ. سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة. الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتَّة. ہکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔

رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا. گلا گھونٹنا. العُقْدَة: گرہ مضبوط کرنا فِيْ المَكَان: اقامت کرنا الرَّجُلُ: چلا جانا۔

اَرْتَأَ. رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوبًا. الشَّيُّ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَهُ. ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

اَرْتَبَ. سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ. ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الرَّتَب. سختی و تنگی۔ بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔ (والرَّتْب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَة. مرتبہ۔ ج رُتَب.

التُّرْتُب والتُّرْتَب. قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔

التُّرْتُبَّة. راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔

الرَّاتِب. فا. عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔ والرَّاتِبُ عِنْدَ المحَدِثِيْن: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب. الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة. درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب.

رَتَجَ (ن) رَتْجًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔

رَتِجَ (س) رَتَجًا. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

اَرْتَجَ. البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔

الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔

الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔

البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔

اُرْتِجَ واُرْتُتِجَ واُسْتُرْتِجَ. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الرَّتَجُ والرِّتَاج. [illegible] بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

سِكَّة (رَتَج) تنگ گلی۔ مَالٌ رَتِجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَة چٹان۔ ج رَتَائِج.

(والمَرْتَج) تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج.

المِرْتَاج. تنگ راستہ۔ کنجی۔ مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ۔

رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا بالمَكَان: اقامت کرنا مِنَ الخَيْر: پیچھے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا. آسودہ زندگی بسر کرنا۔ فِي المَكَان: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِع) ج رُتُع و رُتَّع ورِتَاع ورُتُوْع و رَاتِعُوْن. رَتَعَ فِيْ مَال فُلَان: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ فِيْ لَحْم فُلَان: غیبت کرنا۔

اَرْتَعَ. القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا. الاَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا

الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا۔

الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔

الرَّتْعَة. سبزے کی کثرت۔ اور اسی سے ہے "اَسْمَنَنِي القَيْد والرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔

الرَّتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ كَلَأٌ رَتِعٌ: چرنے والے کے لیے کافی گھاس۔

الاَرْتَاع. مِنَ النَّاس: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْت اَرْتَاعًا مِنَ النَّاس" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الرَّتَّاع. سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا۔

المُرْتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَع. چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔ الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے۔ و "رَتَقَ فَتْقَهُمْ" اس نے ان کے درمیان

صلح کرا دی الشیءَ: بند کرنا۔
اِرْتَتَق. الشیءُ: جڑ جانا۔
الرِّتَاق. دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔
الرَّتَقَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُّتُوْق. عزت و شرف۔
رَتَكَ (ض ن)رَتْكًا و رَتَكًا و رَتَكَانًا البَعِیْرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔
اَرْتَكَ: البَعِیر: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔اَرْتَكَ الضِحكَ: آہستہ ہنسنا۔
المَرْتَك. مرداسنگ۔
رَتِلَ (س) رَتَلًا. الشیءُ: عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت(رَتِل)
رَتَّلَ. الکَلامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔ القُرْآن: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔
تَرَتَّلَ. فِی القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔
الرَّتَل. س۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے ”کَلَامٌ رَتَلٌ“۔ خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثَغررَتِلٌ: خوبصورت ہموار دانت۔
التَرْتِیْل. پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں۔
الاَرْتَل. اچھی ترتیب والا۔ تتلانے والا۔
الرُتَیْلاء. کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی، مکھی وغیرہ۔ ج رُتَیْلاوات. ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَهٗ (ض)رَتمًا. توڑنا یا کوٹنا فِی بَنِی فُلَان: پرورش پانا۔ اور کہا جاتا ہے ”مَارَتَم بِکَلِمَةٍ“ وہ ایک لفظ نہیں بولا۔(رَتِیمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست ہونا۔
اَرْتَم وتَرَتَّمَ واِرْتَتَم. یاد رکھنے کے لیے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَیْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا۔
الرَّتَم. ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَة)
الرَّتَم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرُّتَام. بوسیدہ۔
الرَّتَمَة. ج رَتَم ورِتَامٌ و (الرَّتِیْمَة) ج رَتَائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الرَّتِیْم. آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامی.
شَرٌّ (تُرْتُم و تُرْتَمٌ) دائمی فساد۔
رَتَنَ (ن) رَتْنًا. الشَحْم بالعَجِیْن: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔رَتَاه یَرْتُوْه رَتْوًا. ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔القَلْبَ: دل کو قوی کرناہ اِلَیْه: ملانا۔الدَلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا۔ (رَتْوًا ورَتُوًّا) بِرَاسِہٖ: سر سے اشارہ کرنا۔الرَّجُلُ: قدم رکھنا۔
رُتِیَ. فِی ذَرْعِہٖ: سست بازو ہونا۔
الرَّتْوَة. قدم ز بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے ”بَیْنَنَا و بَیْنَهُمْ رَتْوَة“ ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَّاتِی. دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ (ض)رَثَاثَةً ورُثُوْثَة. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت(رَثٌّ) ج رِثَاث.
اَرَثَّ اِرْثَاثًا. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرْتُثَّ. زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت(مُرْتَثٌّ)
الرَّثُّ. س۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث. کہا جاتا ہے ”کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ“ یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ. بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَّثِیْث. بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ۔
الرِّثَه. گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَث و رِثَاث. کمزور لوگ۔
الرَّثَاثَة. س۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ (ف) رَثْأً. اللَبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا۔الشیءَ بِالشیءِ: ملانا۔ غَضَبُه: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْثَأَ واِرْتَثَأَ. اللَبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔
اِرْتَثَأ فی رَایِه: رائے میں گڑبڑی کرنا۔
اِرْتَثَأ عَلَیْهِمُ الاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔اِرْتَثَأ.
الرَّثِیْئَة: دہی پینا۔
الرَّثْأ والرَّثَأة. بیوقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔
الرَّثِیْئَة. رَثَأَ اللَبَنَ کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ (ن)رَثْدًا وارْتَثَدَ. المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی(رَثِیْدٌ و مَرْثُوْدٌ)
رَثِدَ (س)رَثَدًا واَرْثَدَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے ”اِحْتَفَر حَتّٰی اَرْثَدَ“ اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔
الرَّثَد والرِّثْدَة. لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الرَّثَد. ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَیْتِ: گھر کا ردی سامان۔
المَرْثَد والمِرْثَد. فیاض و سخی مرد۔
المُرْثَد: شیر۔
رَثَطَ (ن)رُثُوْطًا واَرْثَطَ وتَرَثَّطَ. فِی قُعُوْدِه: نشست میں جمنے رہنا۔
رَثِعَ (س)رَثَعًا. بہت حریص و لالچی

ہونا۔ صفت (رَثِعٌ)ج رَثِعُوْن.
اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا. المطرُ: لگاتار برسنا فُلانٌ: کمزور اور سست ہونا الشَعْرُ: بال کا لٹکنا۔
رَثَمَ (ض) رَثْمًا. الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیم و مَرْثُوْم)
رَثِمَ (س) رَثَمًا وارْثَمَّ. الفرسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ وأَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَةٌ ورَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ.
الرَثَم والرُثْمَة. گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔
الرِثْمَة. ہلکی بارش۔ ج رِثَام.
المَرْثِم والمِرْثَم. ناک۔ ج مَراثِم.
رَثَّنَ ترثِینًا. اچھی طرح سے بارش ہونا۔
الرَثَان. لگاتار بارش۔
اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ و مُرَثَّنَةٌ) بارش شدہ زمین۔
رَثَایَرْثُوْ رَثْوًا ورَثَیٰ یَرْثِی رثْیًا ورِثَاءً ورِثَایَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِیَةً. المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔
رَثَی لَهٗ: رحم کرنا۔
رَثَیٰ یرثِی رِثَایَةً. عَنْه حدِیْثًا: یاد کرنا۔
رَثِیَ یَرْثَیٰ رَثًی ورَثْیًا. جوڑوں کے درد والا ہونا۔
رَثَّیٰ و تَرَثّیٰ. المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔
الرَثَّائَة والرَثَّایَة. نوحہ کرنے والی عورت۔
الرَثْیَة. جوڑوں کا درد (والرِثْیَّة) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔
المَرْثَاة والمَرْثِیَة. وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَراثٍ و "اَلْمَراثِی السَبْع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثئے۔
رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔

الرَثُوْ. وہی۔
رَجَّ(ن) رَجًّا. ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَّهٗ(ن) ورَجَّ رَجًّا. ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ. البحرُ: موج مارنا الکلامُ: ملتبس ہونا۔
الرَّجَّة. حرکت۔ رجَّةُ القومِ: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجاجُ. الغنمِ او الناسِ: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجاجَةٌ" لاغر بھیڑ۔
نَاقَةٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأ. الاَمرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔
الصَائِدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ (ن) رَجْبًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔
رَجَبَه بکلامٍ سیِّئٍ: تہمت لگانا (رَجْبًا و رُجُوْبًا وارْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ (س) رَجَبًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَه: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَه. ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النخلةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُها المُحَکَّكُ وعُذَیْقُهَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذق کی تصغیر ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ. خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا الرَجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَب. قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجاب ورُجُوْب ورِجَاب. کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلیٰ سَبْعَةِ اَرْجابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُجْبَة. سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب.
الرَاجِبَة. انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَواجِب.
الاَرْجاب. آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّب. خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحانًا ورُجُوْحًا. المیزانُ: جھکنا الرایُ: غالب ہونا۔ ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَهٗ وارْجَحَهٗ. جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔ رَجَّحَ وارْجَحَ لَهٗ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَه. جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّحَ. الرایُ عِنْدَه: غالب و برتر ہونا فِی القَوْلِ: مائل ہونا الشیئُ: ہلنا الاُرْجُوحَة بِه: جھکنا۔
اِرْتَجَحَ. فِی الاُرْجُوْحَةِ: جھولے میں جھکنا الابلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُجُح. مِنَ الجفانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے مِنَ الکَتَائِبِ. لشکر گراں۔
الاُرْجُوْحَة. ج اَرَاجِیْح (لرُجَاحَة و الرُجَّاحَة والمَرْجُوْحَة) جھولا۔
الاَرَاجِیْح. بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَة (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجَادًا. خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)
اِعْتَرَاجِحَة اَوالتِبَایِنَةُ العَدَدِیَّةُ: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ: ۴ + ۹۲۶ - ۱
رُجِدَ رَجْدًا ورُجِّدَ واُرْجِدَ. کانپنا۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا. رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِه: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَہٗ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ. صَاحِبَہٗ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ: رجز پڑھنا الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَجَزَ: رجز پڑھنا الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا الرَّجَزَ فِي الْقِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ. الْقَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُّجْزُ والرِّجْزُ: گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجزُ: گناہ۔

الرَّجَزُ: اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الرِّجَازَةُ: عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الْأُرْجُوْزَةُ: بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِيز۔

الْأَرْجَزُ: رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا. الْبَعِيْرُ: اونٹ کا آواز کرنا السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔ فلانًا عَنِ الْأَمْرِ: روکنا (وَارْجَسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) ورَجُسَ (ک) رَجَاسَةً. برا کام کرنا۔ صفت (رَجِسٌ)

اِرْتَجَسَتِ. السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ الْبِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجْسُ والرَّجَسُ والرِّجِسُ. گندی، پلیدی۔ الرِّجْسُ: برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاسُ. سمندر۔ کہا جاتا ہے ”بَعِيْرٌ اوسَحَابٌ رَجَّاسٌ“ ”بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔

بَعِيْرٌ رَجُوْسٌ مِرْجَسٌ: تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

الْمِرْجَاسُ: پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

الْمَرْجُوْسَةُ: فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعَةً. ورُجْعَى ورُجْعَانًا: واپس آنا۔ لوٹنا۔ (رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا) الْكَلَامُ فِيْهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے ”مَا هُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيْهِ رَجْعٌ“ یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ الْعَلَفُ فِي الدَّابَّةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے ”رَجَعَ عَوْدُهٗ عَلٰى بَدْئِهٖ“ وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا الشَّيْءَ عَنْهُ او اِلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (رُجُوْعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ. فِي صَوْتِهٖ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (وتَرَجَّعَ) فِي الْمُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ کہنا رَجَّعَتِ الدَّابَّةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَهٗ. فِي الْأَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا و الْكَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرانا الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَهٗ. رد کرنا۔ پھیرنا الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا الرَّجُلُ فِي الْمُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ کہنا اللّٰهُ بَيْعَتَهٗ: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ. النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَى الشَّيْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهٗ: واپس کرنا۔ الْمَرْاَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔

اِرْتَجَعَ عَلَى الْغَرِيْمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے ”بَاعَ خَيْلَهٗ فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً“ اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ. الْقَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا الْقَوْمُ الْكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ. مِنْهُ الشَّيْءَ: واپس لینا فِي الْمُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ کہنا۔ الْحَمَامُ فِي غِنَائِهٖ: کبوتری کا گٹ کری کرنا۔

الرَّجْعُ. خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاعٌ ورُجْعَان ورِجْعَان. الرَّجْعُ: لید مِنَ الْاَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے ”كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهٖ“ اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدٰى: آواز باز گشت۔

الرَّجِيْعُ. مِنَ الْكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيْرٌ رَجِيْعٌ. سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِعُ. دَابَّةٌ رَجِيْعُ اَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِعُ. فا. عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِعُ.

الرَّجْعَةُ. رجع کا اسم نوع۔ جحت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَةُ. واپسی۔

والرُّجْعَةُ والرُّجْعٰى والرُّجْعَانُ و الرُّجُوْعَةُ. خط کا جواب۔ الْمَرْجِعُ. لوٹنے کی جگہ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

الْمَرْجُوْعُ والْمَرْجُوْعَةُ. خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے ”لَيْسَ هٰذَا الْبَيْعُ مَرْجُوْعٌ“ اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُراجع. مِن النِساء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔

الرِجاع. مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجعة ورُجُع.

رَجَفَهٗ (ن) رَجْفًا و رَجَفانًا ورَجِيْفًا. تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی و متعدی) الرَجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا الرَعْدُ: گڑگڑانا الاَسنانُ: دانتوں کا کرنا۔

اَرْجَفَ. لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بُری خبروں کو پھیلانا القَوْمُ: بالشئِ وفیه: گھسنا الرِيْحُ الشَجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔

اَرْجَفتِ الْاَرْضُ. زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ. بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ. راسَه: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا يَسْتَرْجِفُوْنَ الاَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَجْفَة. اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَاجِف. فا. جوڑی والا بخار۔

الرَاجِفَة. قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ.

الرَجَّاف. بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الاَرَاجِيْف. گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ المَخَاوِيْفُ كَثُرتِ الْاَرَاجِيْفُ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اُڑتی ہیں۔

التَرْجَاف. اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلًا. الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَه: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلًا. پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا الدابةُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَعرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا۔

الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَهٗ. قوی کرنا الشَعرَ: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَهٗ. مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ. سواری سے اُتر کر پیدل چلنا المَرْأةُ: مرد جیسی ہونا الشَمسُ: آفتاب کا بلند ہونا البِئرَ وفي البِئرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا الزَنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ. دیگچی میں پکانا۔ الشَاةَ: ٹانگیں باندھنا ہ: پاؤں سے پکڑنا الزَنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا الكَلامَ: فی البدیہ کہنا۔ برَايِه: منفرد ہونا الرَجُلُ: پیدل چلنا۔ النَهارُ: دن کا چڑھنا الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِل رِجلَكَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَجِل. مـ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجِلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِجل. ج اَرْجُل: پاؤں۔ ج اَرْجَال. کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَائَت رِجلُ دِفاعٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذَالِكَ فِيْ رِجلِ فُلانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرِجل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو "اَنا مِنْ اَمْرِىْ عَلىٰ رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجلُ البَحْرِ. کھاڑی خلیج۔ رِجْلا السَهمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجلُ الغُرَابِ ورِجلُ الجرَادِ: دو نباتات کے نام رِجلُ الجَبَّارِ ورِجلُ الجَوْزاءِ ورِجلُ قَنطُوْرَسَ: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَدِّمُ رِجلًا ويُؤَخِّرُ اُخْرىٰ" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اُٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَجُل. مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجالٌ و رَجِلَة ورَجْلَة واَرَاجِل ورِجَالات. کہا جاتا ہے "فُلانٌ رَجُلٌ فِي الرِجالِ" فلاں کامل مرد ہے۔

الرَجْل. ــ مِنَ الشَعْرِ: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجَال ورَجَالىٰ.

الرَاجِل. پیدل چلنے والا۔ الرَجِلُ مِنَ الشَعْرِ: کم گھنگریالے بال۔

الرَاجِل. فا. پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل و رَجَّالَةٌ ورُجَّالٌ ورِجَالٌ ورَجَالىٰ ورُجَالىٰ و رُجْلان. کہا جاتا ہے "جَائَتِ الخَيَّالَةُ والرَجَّالَةُ" سوار و پیادے سب آ گئے۔ و "اَغَارَ عَلَيْهِم بِخَيْلِهٖ و رَجْلِهٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد۔

الرِجْلَة. خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل.

الرُجْلَة. چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُجْلَةُ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَجُلَة. عورت۔

الرَجِيْل. ج۔ اَرْجِلَة واَرَاجِل واَرَاجِيْل: پیدل چلنے والا ج رَجْلىٰ ورُجالىٰ ورَجالىٰ. بہت چلنے پر قادر۔

كَلامٌ رَجِيْلٌ: فی البدیهه كلام. رَجُلٌ رَجِيلٌ: قوی مضبوط مرد۔

مكان رَجِيْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فرسٌ رَجِيْل: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الاَرَاجِيْل. شکاری لوگ۔

الرُجُوْلَة والرُجُوْلِيَّة والرَجُوْلِيَّة و الرُجْلِيَّةُ. مردمی۔ مردانگی۔

الرَجْلان. پیدل چلنے والا۔ ج رُجالىٰ و رَجالىٰ و رَجْلىٰ. مؤنث رَجْلىٰ. ج رِجالٌ و رَجالىٰ.

الاَرْجَل. مِنَ الدَّوَابِ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُل اَرْجَل. بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاءِ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلُهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَرْجِیْل. س جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَرَاجِیْل. کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل. دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل.

المُرَجَّل. مِنَ النَّسِیْجِ و نَحْوِهٖ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل. مِنَ الثِیَابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأَةٌ (مُرْجِل) لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهٗ (ن) رَجْمًا. سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَجُلَ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَّمَ. اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بِالغَیْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً. ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهٖ: مدافعت کرنا ہ فِی الحَرْبِ اَوِ الکَلَامِ اَوِ العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْ. ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالکَلَامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ. الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَّجْم. س دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم. الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالغَیْبِ" اٹکل پچو۔ و صَارَ فُلَانٌ رَجْمًا. فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَّجَم. کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام.

الرُّجْمَة الرِّجْمَة. قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجَام.

الرَّجِیْم. سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الرِّجَام. کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسّی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَةٌ)

المِرْجَم. مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط قوی مرد۔

فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِیْثٌ (مُرَجَّم) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجَام. پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الاِبِلِ: مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم. قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالمَرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ (ن) وَرَجِنَ (س) وَرَجُنَ (ک) رُجُوْنًا. بالمَکَانِ: اقامت کرنا الحَیْوَانُ: مانوس ہونا۔

رَجَنَ (ن) رَجْنًا وَرَجَّنَ وَاَرْجَنَ الدَّابَّةَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فُلَانًا: شرم کرنا۔ وَاَرْجَنَتِ النَّاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَنَ. بالمَکَانِ: اقامت کرنا الزُّبْدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا عَلَی القَوْمِ اَمْرُهُمْ. گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَّجِیْن. مہلک زہر۔

الرَّجِیْنَة. جماعت۔

المَرْجُوْنَة. خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهٗ (ض) رَجْهًا. ہلنا بالشَّیْءِ: دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ. الاَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔

رَجَا (ن) رَجَاءً وَرَجْوًا وَرَجَاةً. وَمَرْجَاةً وَرَجَاوَةً وَرَجَاءَةً. پُر امید ہونا الشَّیْءَ: امید کرنا۔ خوف کرنا الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِیَ (س) رَجًا. کلام سے رک جانا۔

رُجِیَ. عَلَیْهِ: کلام منقطع ہونا۔

رَجَّی وتَرَجَّی وارْتَجَی. الشَّیْءَ: امید کرنا۔ رَجَّی وارْتَجَی فُلَانًا: امید لگانا۔ وارْتَجَی الشَّیْءَ: خوف کرنا۔

اَرْجَی. الاَمْرَ: مؤخر کرنا الصَّیْدَ: نہ پانا۔

اَرْجَی البِئْرَ: کنوئیں کا من بنانا اَرْجَتِ النَّاقَةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا و الرَّجَاء. کنارا۔ رَجَوَا البِئْرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاء: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَّجِیَّة. امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلَیْسَ لِیْ فِیْ فُلَانٍ رَجِیَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الاُرْجِیَّة. جو چیز موخر و ملتوی کی جائے۔

الرَّحَة. سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَّحَح. کھر کی چوڑائی۔

الرُّحُح. چوڑے پیالے۔

الاَرَحّ. بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَحَّاء ج رُحّ.

رَحُبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا ورَحَابَةً. المَکَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِیْبٌ ورُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَکُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ. المَکَانَ: کشادہ کرنا بہ مَرْحَبَةً) بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ. المَکَانُ: کشادہ ہونا المَکَانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ. کشادہ ہونا۔

الرَّحْب. کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ رَحْبٌ وَاَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "وَرَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا و "رَحْب

البَاع او الذِرَاع" فیاض۔ سخی۔
الرُحْبیٰ. سب سے چوڑی پسلی۔
الرُحْبَیان: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَحْبَة والرُحبَة. کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ مِنَ الدار: مکان کا صحن مِنَ الوادِی. وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحاب و رَحْب ورَحَبات ورَحَب ورَحْبات.
الرَحِیْب. بہت کھانے والا۔
التَرْحَاب. خوش آمدید۔
رَحَائِبُ. النُجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِیْبَةٌ.
المَرْحَب. کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و" مَرْحَبَكَ اللّٰه و مَسْهلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اُتارے۔ "اَهْلًا و مَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو۔ اور بددُعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لا مَرْحَبًا بِكَ"
رَحْرَحَ. مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا الشئَ عَنْ فُلان: چھپانا بالکَلامِ: واضح کلام نہ کرنا۔
تَرَحْرَحَ. الفَرسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔
الرَحْرَح والمُرَحْرَاح والرَحْرَحَان. پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَحْرَحٌ ورَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔
رَحَضَ (ف) رَحْضًا وارْحَضَ. الثَوْبَ: کپڑا دھونا۔
رُحِضَ. المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔
اِرْتَحَضَ. الرَجُلُ: رسوا ہونا۔
ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَحْض: مشک۔ پرانہ توشہ دان۔

الرُحَاض. پسینہ کی آمد۔
الرُحَاضَة. وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔
الرُحَضَاء. بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔
الرَحِیْض. دھویا ہوا۔
المِرْحَاض. غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْبَاط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِیض.
المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة. کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔
الرُحَاق والرَحِیْق. شراب۔ الرحیق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِیْقٌ: بے داغ حسب۔ مِسْكٌ رَحِیْقٌ: خالص مشک۔
رَحَلَ (ف) رَحْلًا و رَحِیْلًا و تَرْحَالًا. عَنِ المَكان: ترک وطن کرنا اِلَی المَکان: منتقل ہونا البَعِیْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِی" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا بالسَیْفِ: کسی پر تلوار اُٹھانا البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔
رَحَّلَهُ. کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرنا الثَوْبَ: نقش و نگار کرنا۔
رَاحَلَهُ. کوچ کرنے میں مدد دینا۔
اَرْحَلَ. سواری کے بہت جانور والا ہونا الدَابةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا: سواری دینا۔
الابلَ او النَاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔
تَرَحَّلَ. القَوْمُ عَنِ المَكانِ: منتقل ہونا۔ فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔
اِرْتَحَلَ. عَنِ المَكانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا البَعِیْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔
الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔
اِسْتَرْحَلَهُ. سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا النَاسَ نَفْسَه: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَحْل. س کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلیٰ رَحْلِه" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر۔ کہا جاتا ہے "حطَّ رَحْلَه واَلْقیٰ رَحْلَه" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ وارْحُلٌ. الرِحان: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔
الرِحْلَة. کوچ۔ تم کہتے ہو "غدًا رِحْلتُنا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفر نامہ۔
الرُحْلَة. جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِیْرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ ورِحلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔
الرَحِیْل. س کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِیْلٌ و نَاقَةٌ رَحِیْلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔
الرَاحِل. فا. ج رَاحِلُوْن. ورُحَّل و رُحَّال.
الرَاحِلَة. مِنَ الابِل: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و باربرداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل.
الرِحَالَة. بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائل.
الاَرْحَل. مِنَ الخَیْلِ وَالشاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔
الرَحَّال. کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة.
الرَحَّالَة. بہت سفر کرنے والا۔
الرَحُوْل. بہت منتقل ہونے والا۔
الرَاحُوْل. کجاوہ۔
المَرْحَلَة. مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل.
المُرْحِل. بہت سواری کے جانور والا۔
(والمِرْحَل) مِنَ الجَمَال: مضبوط و قوی۔
المُرَحَّل. مِنَ الابِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ مِنَ الثِیاب: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا

کپڑا۔
مُرْتَحل. البَعِيرِ اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔
رَحِمَهُ(س) رَحْمَةً و مَرْحَمَةً ورُحْمًا ورُحُمًا نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔
رَحِمَتْ(س) ورَحُمَتْ(ک) رَحْمًا و رَحَمًا و رَحَامَةً و رُحِمَتِ. المَرْأَةُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوم ورَحِمَة و رَحْمَاء)
رَحَّم و تَرَحَّم. عَلَيْهِ: کسی کے متعلق "رَحِمَهُ اللّٰه" کہنا۔
تَراحَم. القَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
اِسْتَرْحَمَهُ مہربانی طلب کرنا۔
الرَحِم والرِحم (مؤنث) بچّہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوْ الرَحِم" یعنی رشتہ دار۔ ج أرْحام.
الرُحَام بچّہ دانی کے ایک مرض کا نام۔
الرُحْمَة والرُحْمیٰ والرُحْم. نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت واحسان ہے۔
الرَّحَمُوْت بڑی مہربانی۔
الراحِم والرَحُوم مہربانی کرنے والا۔
الرَحِيْم. مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء. الرَحِيْم. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الرَحْمٰن. مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔
المَرْحَمَة. مہربانی۔ ج مَراحِم.
المُرَحَّم. جس پر مہربانی کی جائے (و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔
رَحَا يَرْحُوْ رَحْوًا ورَحيٰ يَرْحِيْ رَحْيًا و تَرَحّيٰ. الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَحيٰ: چکی چلانا۔
الرَحيٰ (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان ورَحَيَان ج أرْحاء وأرْحِيَة وأرْحٍ ورُحِيٌّ ورِحِيٌّ واُرْحِيٌّ. الرَحيٰ: بھینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَحيٰ قومِه" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَهُ بأرْحائِه" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج أرْحاء.
المُرَحِّي چکی ساز۔
المُرَحّي. گھمسان کارن۔
رَخَّهُ(ن) رَخًّا پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا الشَرابَ پانی ملانا۔
رَخَّ(ض) رَخًّا. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔
أرَخَّ. في الأمْرِ: مبالغہ کرنا العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
اِرْتَخَّ. الرَجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔
الرَخ نرمی۔ سہولت۔
الرُخّ ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)
رُخَّة. شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخاخ و رِخَخَة.
الرَخاخ. نرم گھاس۔ عَيْشٌ رَخاخٌ: آسودہ زندگی۔ رَخاخُ العَيْش: زندگی کی فراخی وآسودگی۔ أرْضٌ رَخاخٌ: نرم زمین۔
أرْضٌ (رَخَّاء) نرم زمین۔ ج رَخاخِيّ.
الرَخْت زین۔ ج رُخُوْت. (جدید)
الرَخْرَخ والرَخْراخ. پتلا گارا۔
تَرَخَّش وارْتَخَش. ہلنا۔ مضطرب ہونا۔
الرَخْشه اضطراب۔ حرکت۔
رَخُص. (ک) رُخْصًا. الشيءُ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِيْص) رَخاصَةً و رُخُوْصَةً نرم ونازک ہونا۔ صفت (رَخْصٌ و رَخِيْصٌ) مؤنث رَخْصَة. ج رَخائِص.
رَخَّص. السِعْرَ: بھاؤ سستا کرنا لَهُ كَذا و فِي كَذا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔
أرْخَصَهُ. سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔
تَرَخَّص. في الأمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا فِي كَذا: اجازت دیا جانا۔
فِي حَقِّهِ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔
اِرْتَخَصَه سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔
اِسْتَرْخَص. الشيءَ: سستا سمجھنا۔
الرُخْصَة والرُخُصَة. تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي هذا الأمْرِ رُخْصَةٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔
مَوْتٌ (رَخِيْص) جلدی آنے والی موت۔
رَخِفَ(ن) رَخْفًا و رَخِفَ(س) رَخَفًا ورَخُفَ (ک) رَخافَةً ورُخُوفَةً. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ ورَاخِفٌ)
أرْخَفَ. العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔
الرَخْف والرَخْفَة. پتلا مکھن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخاف.
الرَخْفَة والرَخِفُ. نرم و پتلا پتھر۔
الرَخْل والرَخِل والرِخْلَة. بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج أرْخُلٌ ورُخالٌ ورِخالٌ ورِخْلان ورِخْلَة ورِخَلَة.
المُرْخِلُ. بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا
رَخُمَ(ن) رَخْمًا ورَخُمَ(ک) رَخامَةً الصَوْتُ او الكَلامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔
صفت (رَخِيْم) الجارِيَةُ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِيْمَة ورَخِيْم)
رَخَمَتْ(ن) رَخْمًا ورَخَمًا ورَخْمَةً. الدَجاجَةُ البَيْضَ و عَلَى البَيْض و (أرْخَمَتْ) عَلَى البَيْضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (راخِمٌ و مُرْخِمٌ و مُرْخِمَة)
رَخَمَت (ف ن) رَخْمًا ورَخْمَةً ورَخَمَةً المَرْأةُ وَلَدَها: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا ورَخِمَهُ: مہربانی کرنا۔
رَخِمَ. رَحِمَ میں ایک لغت ہے۔
رَخَّمَ تَرْخِيْمًا. الشيءَ: دم کاٹ دینا۔ اور

اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادیٰ ہے۔
نرم آواز کر دینا۔الدَجَاجة: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
الرَخَم. مں گدھ۔ واحد (رَخَمة) ج رُخْم. نرمی ومحبت۔گاڑھادودھ۔
الرُخَام. سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخَامَة) کہتے ہیں۔
الرُخَامیٰ. نرم ہوا۔ایک قسم کی نباتات۔
الَارْخَم. مِنَ الخَیْل: گھوڑاجس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْمَاء ج رُخم.
التَرْخُوم والیَرْخُم والیَرْخُوْم. نرگدھ۔
رَخِیَ (س)رَخًا ورِخْوَةً ورَخُوَ (ک) رَخَاوَةً. نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا صفت(رَخُو ورُخوْ ورِخُوْ)
رَخَا (ن)ورَخیٰ (ف)ورَخِیَ (س) ورَخُوَ (ک)رَخَاء العَیْشُ: زندگی کا آسودہ ہونا۔صفت(رَاخٍ ورَخِیٌّ)
رَاخَاهُ مُرَاخَاةً. دور کرنا۔ جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرارَ یُراخِیْ الَاجَلَ" میراخیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی الشیَّ: نرم کرنا العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "رَاخیٰ خنَاقَهٗ اورِبَاقَه" یعنی اس نے اسے مہلت دی۔رَاخَتِ المَرْأةُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔
اَرْخیٰ اِرْخَاءً. الشَیَّ: نرم کرنا الفَرَسَ ولِلْفَرَس: گھوڑے کی رسّی ڈھیلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَهُ الحَبْلَ" اس کی رسّی ڈھیلی کردو۔ یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخیٰ عِمَامَتَه" یعنی وہ مطمئن و مامون ہو گیا دابتَه: جانور کو آزادانہ چلنے دینا زِمَامَ النَاقَةِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔
رَخَّیٰ. الشَّیَ بِالشَّیٔ: ملانا۔
تَرَاخیٰ تَرَاخِیًا. عَنْه: دور ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی تَرَاخیٰ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِیْ الَامْر تَراخیا" معاملہ میں وسعت وگنجائش ہے۔
اِرْتَخیٰ واِسْتَرْخیٰ. نرم ہونا۔
استرخت به حالهٗ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہو گئی۔
الرَّخَاء. مں فراخی زندگی۔
الرُخَاء. نرم ہونا۔
الُارْخِیَّة. ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ ج اَرَاخِیَّ.
المِرْخَاء. تیز دوڑنے والا جانور۔ ج مَرَاخٍ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخَاءٌ واَتَانٌ مِرْخَاءٍ"
رَدَّهٗ (ن)رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُوْدًا و رِدِّیْدَیٰ. عَنْ کَذَا: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ لوٹانا رَدَّ فُلانًا: خطاکار ٹھہرانا البَابَ: بھیڑ دینا عَلَیْهِ الشَیَّ: پھیر دینا۔ قبول نہ کرنا۔ اِلَیْهِ جَوَابًا: جواب بھیجنا اِلیٰ بَیْتِه: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یَرُدُّ هٰذا عَلَیْكَ شیئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا الشیَّ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُوْرَهُنَّ السُوْدَ بِیضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا۔رَدَّ القَولَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا۔
رَدَّدَ. القَوْلَ: بمعنی رَدَّ القَوْل (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّهٗ. الشیَّ: واپس کر دینا فی الکَلامِ: بحث کرنا۔
اَرَدَّ. البَحْرُ: جوش میں آنا الرَجُلُ: غصہ سے پھول جانا الشَاةُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدّ)
تَرَدَّدَ. رد ہونا فِی الَامْرِ: شک وشبہ میں پڑ جانا اِلَیْهِ: بار بار آنا وتَرَادَّ) فِی الجَوَاب: زبان کا لڑکھڑانا۔
تَرَادًّا البَیْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔
تَرَادَّ المَاءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔
اِرْتَدَّ. الشیَّ: واپس کرنا۔ واپس کرنے کو کہنا عَلیٰ اَثَرِه او عَنْ طَرِیْقه: لوٹنا عَنْ دِیْنِه: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عَنْ هِبَةٍ: ہبہ کو لوٹا لینا اِلیٰ الصَوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا۔
اِسْتَرَدَّ. الشیَّ: واپس کرنے کو کہنا الشیَّ: واپسی چاہنا الْهِبَةَ: ہبہ کو لوٹا لینا۔
الرَدُّ. مں زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "ضَیْعَةٌ کَثِیْرَةُ الرَدِّ" بہت نباتات والی جائیداد۔شیٌ رَدٌّ ردی چیز۔ أَمْرٌ رَدّ: مخالف سنّت کام۔ دِرْهَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنی مِنْ رُدُوْدِ الدَرَاهِم" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔
الرِدُّ. چیز کا سہارا۔
الرُدّیٰ. طلاق دی ہوئی عورت۔
الرَدَّة. رد کا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی۔ کہا جاتا ہے "فِی وَجْهِه رَدَّةٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے۔
الرِدَّة. اِرتداد کا اسم۔ ٹھوڑی کا پچلنا۔ پہاڑ کی گونج۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ رِدَّةً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا۔
الرَدَاد والرِدَاد. واپسی۔
الرَدِیْد. بادل جو برس چکا ہو۔
التَرْدَاد. رد۔ تکرار۔
الَارَدُّ. نافع تر۔
الرَادَّة والمَرَدَّة. فائدہ۔ کہا جاتا ہے "لَارَادَّةَ او لَامَرَدَّةَ فِیْهِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں۔
المُرِدُّ. فا. مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غضبناک۔ سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی۔ اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ ج مَرَادّ.
المِرَدُّ. مِنَ الرِجَالِ: بہت رد کرنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔
المَرْدُوْد. مف مں زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔

المَرْدُوْدَة. مردود کامؤنث۔ استرا۔
المُرْدَد. حیران وسرگشتہ۔
رَدَأَ (ف) رَدْأً. الحائط: دیوار کو ٹیک لگانا۔ الرَّجلَ: مدد کرنا۔ رَدَأَهُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ (ک) رَدَاءَةً. ردی ہونا۔ صفت (رَدِیئٌ) ج أَرْدِیَاء وأَرْدِئَا.
أَرْدَأَ. بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا ہ: خراب کرنا۔ بگاڑنا السِّتْرَ: لٹکانا الحائطَ: دیوار کو تھم لگانا فُلَانًا: تسکین دینا۔ برقرار رکھنا ہ علیٰ مائةٍ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
تَرَادَأَ. القومُ: باہم مدد کرنا۔
الرِّدْءُ. مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ ج أَرْدَاء.
تَرَدَّبَهُ. نرمی سے پیش آنا۔
الرَّدْب. راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الإرْدَبُّ. چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ۔ سطح زمین پر بہنے والی۔ ج أَرَادِبّ.
الإرْدَبَّة. چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا. ثابت قدم رہنا۔ الشئَ: زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔ (وأَرْدَحَ) البیتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ. الشئَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْح. سر ہلکا درد۔
الرَّدَح. لمبی مدت کہا جاتا ہے "اَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهرِ" اُس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاح. بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ مِنَ الکِبَاشِ: بڑی چکی والا دنبہ۔ ج۔ رُدُح.
الرُّدْحَة. خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی رُدْحَةُ الصائد: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے ارد گرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَة والرِّدَاحَة. بجو کے شکار کے لئے مکان۔
رَدَخَ (ف) رَدْخًا. رأسَهُ: سر توڑنا۔

رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا. القومَ: پتھر مارنا الحائطَ: گرانا، ڈھانا الرَّجلَ: ذلیل کرنا الأرضَ: ہموار کرنا بالشئِ: لے جانا الحجرَ بالحجرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهُ. ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ. مِنْ مکانهِ: گرنا۔ المِرْدَس والمِرْدَاس. پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوْس ورِدِّیْس) بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَهُ (ف) رَدْعًا. عن کذا: روکنا، ہٹانا ہ بالشئِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الأرضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔ السَّهمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا المرأةَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ. رَدْعَةً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِهِ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَهُ. بالزعفران: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ. لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ. القومُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ. باز رہنا بالطِّیبِ: خوشبو سے لت پت ہونا السَّهمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْع. سر گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ رَدْعَه" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَه" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِیْصٌ (رَادِع) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرَّدَاع. کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاع. جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔
الرَّدِیْع. پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِیْعٌ بزعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِیْع و مِرْدَع) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَع. محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
رَدَغَتْ (ف) رَدْغًا. السماءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الأرضَ: پٹک دینا۔
أَرْدَغَ. المکانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدْغ)
اِرْتَدَغَ. کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغ والرَّدَاغ. کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدْغَة والرَّدَغَة. سخت کیچڑ۔ ج رَدْغ ورِدَاغ. ورَدَغَات. ماءٌ رَدِغَةٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِیْغ. پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَة. گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پر رونق باغ۔ ج مَرَادِغ.
رَدَفَهُ (ف) وَرَدِفَ لَهُ (س) رَدْفًا. پیچھے ہونا۔ رَدَفَهُ و رَدِفَ له: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔ رَدِفَ الأمرُ القومَ: پیش آنا۔
رَادَفَهُ. ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
أَرْدَفَ. پے در پے ہونا ہ: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ أَرْدَفَ الشئَ و بالشئِ و علیهِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "أَرْدَفْتُ خَیْلًا عَلیٰ خَیْلٍ لِی" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ أَرْدَفَ لَهُ: پیچھے آنا الأمرُ القومَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کا پیچھے سوار ہونا۔ ترادفتِ الکلماتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔
اِرْتَدَفَهُ. پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهُ. پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَهُ. پیچھے سوار کرنے کی درخواست

کرنا۔

الرِدف. پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فِي الجَاهلِيَّة: زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْداف.

الرِدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِدْفان: رات دن۔

الرِدْف والرِداف. مِنَ الدَابَة: جانور کا چوتڑ۔

الرَدِيف. سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِداف ورُدَفاء نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَدِيف فِي اصْطِلاح الجُنْدِيَة: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرَادِفَة والرَادُوف. رَوادِف کا واحد ہے اور رَوادِف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پچھلے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَواکِب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذاتُ رَواكِبَ ورَوادِفَ"

الرَوادِف. سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم۔

الرِوادِفَة. بادشاہ کی قائم مقامی۔

الرُدَافى. مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جاءُوْا رُدَافى" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔

رَوْدَكَة. آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَوْدَك. خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَكَة.

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الثلمة او الباب: رخنہ یا دروازہ بند کرنا القَوْسَ: کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا البَعِيْرُ: چھونا۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الشيءُ: بہنا السَحابُ: ہمیشہ گھرا رہنا الحمّیٰ: ہمیشہ بخار رہنا الشَجَرَةُ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔

رُدِمَ الشيءُ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔

اَرْدَمَ. السَحابُ: ہمیشہ گھرا رہنا الحُمّیٰ عَلَيْهِ: ہمیشہ بخار رہنا۔

رَدَّمَ. الثَوْبَ: پیوند لگانا النَاقَةُ عَلیٰ وَلَدِها: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔

تَرَدَّمَ. ثَوْبَه: کپڑے میں پیوند لگانا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔ الخُصُوْمَةُ: جھگڑے کا طویل ہونا ہ: در پے ہو کر حقیقت معلوم کرنا النَاقَةُ عَلیٰ وَلَدِها: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا القَوْمُ الاَرْضَ: زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔

الرَدْمُ. س دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (والرُدَام والمِرْدام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو۔

الرَدَم. رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم.

الرَدِيْم. مِنَ الثِيَاب: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم.

الاَرْدَم. ماہر ملاح۔ ج الاَرْدَمُوْن.

ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ و مُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔

المُتَرَدَّم. پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُعَراءُ مِنْ مُتَرَدَّمٍ" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔

رَدَنَ (ض) رَدْنًا. الاشياءَ: تہ بتہ رکھنا۔ المرأةُ: تکلے پر کاتنا النارَ: آگ سلگانا۔

رَدِنَ (س) رَدَنًا. الجلدُ: سکڑنا۔

رَدَّنَ واَرْدَنَ. القميصَ: آستین لگانا۔

اَرْدَنَتِ الحمّیٰ: بخار کا مدت تک رہنا۔

اِرْتَدَنَت. المرأةُ: تکلا بنانا۔

الرُدْن. آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثقل ردنه" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ ج اَرْدان.

الرَدْن. س ہتھیار کی جھنکار۔

الرَدَن. سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدان.

الرَادِن. فا. زعفران۔

احمر (رَادِني) سرخ جس میں زردی ملی ہو۔

الاردن. ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم۔

الرُدَيْني. نیزہ۔ ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔

المِرْدَن. تکلا۔

المُرْدِن. تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن: بدبودار پسینہ۔

خَيْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا۔

رَدَهَ. (ف) رَدْهًا. فلانا بحجر: سنگسار کرنا البَيْتَ: بڑا مکان بنانا۔

رَدَّهَ. الرجلُ: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔

الرَدْهَة. پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْه ورِداه ورُدَه.

رَدَیٰ (ض) رَدْيًا ورَدَيانًا. الشيءَ: توڑنا۔ ہ: دھکا دینا ہ بحجر: پتھر مارنا الفرسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا۔ الجارِيَةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا فُلانٌ: جانا۔ تم کہتے ہو "ما اَدْرِي اَيْنَ رَدِيَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا فِي البِئْرِ: کنوئیں میں گرنا فُلان: بلند پہاڑ سے گرنا عَلَى الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمْرِه: زائد ہونا۔

رَدِيَ (س) رَدًى. ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَّیٰ. الرجلَ: ہلاک کرنا: چادر اڑھانا۔ ہ فی البئر: کنوئیں میں گرانا مالَهُ: زیادہ ہونا عَلَى الخَمْسِيْنَ: زائد ہونا الفرسَ: کدانا۔

رَادیٰ مُرَادَاةً. الرجلَ: پھسلانا۔ نرمی برتنا عَنِ القَوْمِ: کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔

تَرَدّیٰ. چادر اوڑھانا۔ تَرَدّیٰ فی البئر:

کنوئیں میں گرنا۔
اِرْتَدَی. چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا۔
اِرْتَدَتِ الجَارِیَةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا۔
الرِدَاء. چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش۔ جمیل۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی۔ باعث زینت۔ باعث عیب۔ رِدَاءُ الشَّبَاب: جوانی کی رونق۔ رِدَاءُ الشَّمْس: آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "هُو غَمْرُ الرِدَاء" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے و "خَفِیْفُ الرِدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَرْدِیَة.
الرِدَاءَة. بڑی چادر۔
الرَدَاة. چٹان۔ ج رَدًی.
الرَدِی. ہلاک ہونے والا۔
المِرْدَاة. لڑائی کا چکر۔ اور اسی سے ہے "طَحَنَتْهُ مِرْدَاةٌ طَحُوْنٌ" لڑائی کے چکر نے اُسے پیس کر رکھ دیا (والمِرْدَی) بڑی چادر۔ ازار۔ پتھر توڑنے کا پتھر۔ ج مَرَادِی.
المَرادِی: گھوڑے یا اُونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المَرادِی: ہاتھی۔
رَذَّت (ن) رَذَاذًا وارَذَّت. السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ وارَذَّت القِرْبَةُ: بہہ پڑنا۔
الرَّذَاذ. پھوار۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَةً. قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذَال و رُذُول ورُذْلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلَاء و رِذَال.
رَذَلَهٗ (ن) رَذْلًا و اَرْذَلَهٗ. حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ. بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ہ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
الدَّرَاهِمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَهٗ. حقیر سمجھنا۔
الرُذَال. حقیر و کمینہ (والرُذَالَة) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَةُ کُلِّ شَيءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَذِیْلَة. نالائقی۔ بُری عادت۔ ج رَذَائِل.

الاَرْذَل. اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل واَرْذَلُوْن.
المُرْذِل. رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔
رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذَمَانًا و رَذِمَ (س) رَذَمًا واَرْذَمَ. الاِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) واَرْذَمَ عَلَی الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمرِهٖ: زائد ہونا۔
الرَذم والرَذَمَان. مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ رَذَمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الرُذَام والرَذِم. کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الرَذُوْم. بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم و رَذَم.
الرِّزْمَة: اَلتَّوَافُقِیَّةُ (علم هندسة) چار سیدھے نقاط جو ایک موافق تقسیم نقطہ پر پہنچے۔ اَللاَّ تَوَافُقِیَّة: پہلی قسم کی ضد۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَة واَرْذِی. بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیٌّ) رُذَاة. مؤنث رَذِیَّة.
اَرْذَاه. نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذَی)
الرَذِیُّ. بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَّتِ (ن ض) رَزًّا. الجَرادَةُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چھبونا۔ السَّمَاءُ: گرجنا۔ ہ: نیزہ مارنا الباب: دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَّهْمَ فی الحائط: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتْ. الجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چھبونا۔
رَزَّزَ. الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا الاَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ. السَّهْمُ فِی الحَائِطِ: تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَةِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُزّ. چاول (اَرُزّ میں ایک لغت ہے)
الرِزّ والرِزِّیْزَی. دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الرَزَّة. زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز و رزّات و رُزَز.
الرِزَّة. پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَزَاز. سیسہ۔
الرَزَّاز. چاول کا سوداگر۔
الاِرْزِیز. کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الرَزِیْز. ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیز الرَّعْدِ: گرج کی آواز۔
المُرَزَّز. مِنَ الطَّعَامِ: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
المَرَزَّة. چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأَ (ف) رزأً ورُزْءًا و مَرْزِئَةً. الرَجُلَ مَالَهٗ: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ورَزِیَ (س) رَزْأً و اِرْتَزَءَا. الرجل: بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَأَ الشَّیءَ: کم کرنا۔ و اِرْتَزَأَ الشَّیءُ: کم ہونا۔
الرُزْء. ج اَرْزَاء و (الرَزِیْئَة والبَرْزِیَة) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔
المُرَزَّأ. فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْن.
والمُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَة. بڑی مصیبت۔
رَزَبَهٗ (ن) رَزْبًا. چمٹے رہنا۔
الاَرْزَبّ. چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَّة والمِرْزَبَة. لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب.
المِرْزَاب. پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج

مَرَازِیب.
المَرْزُبَان. فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَة و (المَرْزُبَة)فارسیوں کی سرداری۔
رَزَح(ف) رَزْحًا ورُزُوْحًا ورَزَاحًا. الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح الرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا الرَّجُلَ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا (وارْزَح) لعنب: گرے ہوئے انگور اُٹھانا رَزَحَت وترازحت) حالہ: بُرا حال ہونا۔
رَزَّح. النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔
ابلٌ (رَزَاحیٰ ورزحیٰ ورُزَّح و رَوَازِح) لاغر و کمزور اونٹ۔
المَرْزَح. ہموار زمین۔
المِرْزَح والمِرْزَحَة. انگور کی بیل کو زمین سے اُٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِح.
المِرزَح: آواز.
المِرْزَاح. مِنَ الابلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح.
رَزَخَهُ (ف) رَزْخًا. بالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا۔
الرَّزْدَق. لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الرُّزْدَاق. دیہات اور اس کے ارد گرد کی مینیں۔ ج رُزْدَاقات ورَزَادِیق.
اَرْزَغَ. المَاءُ: پانی کم ہونا المَکانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا المُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا سناک مٹی تک پہنچنا المَطَرُ الأرضَ: بارش ازمین کو تر کر دینا الرَّجُلَ: عیب سے آلودہ رنا فِي فُلانٍ: بہت تکلیف پہنچانا، حقارت رنا، عیب لگانا، طعن و تشنیع کرنا۔
رَازَغَه. کشتی کرنا اور فریب دینا۔
اِسْتَرْزَغَة. کمزور سمجھنا۔
الرَّزَغَة. پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ رِزَاغ.
الرَّزَغ: تری۔
الرَّزِغ والرَّازِغ. کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَف (ض) رَزِیْفًا و رَزَّف وارْزَف اِلَیْه: آگے بڑھنا الجَمَلُ: اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَف الاَمْرُ: قریب ہونا۔ اَرْزَف النَّاقَةَ: ڈولکی چلانا۔ اَرْزَف القَوْمُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
نَاقَةٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم، تیز رفتار اونٹنی۔
رَزَّافَاتُ. البَلَد: شہر کے قریب کی جگہیں۔
رَزَقَه(ن) رِزْقًا. روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَه الله الغنی" اللہ اسے تونگری دے۔
رُزِق. روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔
اِرْتَزَقَهُ. روزی مانگنا الجُنْدُ: روزی لینا۔
اِسْتَرْزَقَهُ. روزی مانگنا۔
الرِزْق. روزی۔ ج اَرْزَاق. بارش۔
الرِزْقُ الحَسَن: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (والرَّزْقَة) ج رَزَقَات. سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ رَزْقَةَ. هذا الشَّهْرِ او هذا العَام" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرَّازِقِيُّ. کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الرَّازِقِيَّة. کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔
الرَّزَّاق. روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)
المُرْتَزَق. ج. جس سے فائدہ اُٹھایا جائے۔
المُرْتَزِقَة. وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کرلی ہو۔
المَرْزُوْق. ج خوش نصیب۔
رَزَمَ (ن) رَزْمًا. الشَّیْءَ: جمع کر کے باندھنا بالشَّیْءِ: پکڑنا علیٰ عَدُوِّه: دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا الرَّجُلُ: مرنا الاُمُّ بِه: جننا۔
رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا ورُزَامًا. البَعِیْرُ. اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اُٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام (رَزْمَة) الشِّتَاءُ: سرد ہونا۔
رَزَّمَ. الثِّیَابَ: کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔ القَوْمُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ. بَیْنَهُمَا: جمع کرنا فِي المَطَاعِم: بدل بدل کر کھانا کھانا الدَّارَ: دیر تک رہنا۔
اَرْزَمَ. الرَّعْدُ: سخت گرجنا۔ اَرْزَمَت النَّاقَةُ: بچہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لا اَفْعَلُهُ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔
اِرْزَأَمَّ اِرْزِئْمَامًا. غضبناک ہونا۔
الرَّزْمَة. دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِزْمَة. مِنَ الثِّیَابِ وغیرها: گٹھری۔ ج رِزَم.
الرَّزَمَة. بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر مُنہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا خَیْرَ فِيْ رَزَمَةٍ لا دِرَّةَ فِیْهَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔
غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔
الرِزَام. سخت مرد۔ ج رُزَّم.
اَسَدٌ (رَزَامَةٌ ورُزَام) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔
الرَزِیْم. شیر کی گونج۔
الرَّزَّام والمُرْزِم. اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بالمُرْتَزِمِ"
المِرْزَم. گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسی۔
اُمُّ المِرْزَمِ: بادِ شمالی یا مطلقاً ہوا۔
المِرْزَمَان. دو ستارے جو دونوں شعریٰ کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لا خَیْرَ فی الزَّمانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" یعنی اس زمانہ

میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ(ن) رَزَنًا. الشَّیَٔ ناتھ سے اُٹھاکر وزن کااندازہ کرنا بالمَکَانِ ؛ اقامت کرنا۔
رَزُنَ(ک) رَزَانَۃً. سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن) صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ. الرجُلَ دوست ہونا۔ ساتھ اُترنا۔
تَرَازَنَا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَرَزَّنَ. فی الاَمْر اوفِیْ مَجْلِسِہٖ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الرَّزْن والرِّزْن. بلند جگہ جس میں پانی رُک جائے۔ ج رُزُن ورِزَان وَاَرْزَان. الرِّزْن: کنارہ۔
الرِزْنَۃ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان.
الاَرْزَن. سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الرَّزِیْن. ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَزِیْنُ الرَایِ"
الرَّوْزَنَۃ. روشن دان۔ ج رَوَازِن.
رَزَیٰ.(ض) رَزْیًا. فُلَانًا: احسان قبول کرنا۔
اَرْزَیٰ اِرْزَاءً. اِلَیْہِ واَرْزَیٰ اِلَیْہ ظَھْرَہ: سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ (ن) رَسًّا. البِئْر: کنواں کھودنا الشَّیَٔ: دھنسانا لَہُ الخَبَرَ: بیان کرنا المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا خبرَھم: معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا (ضد) رَسًّا ورَسِیْسًا واَرَسَّ) السَقَمُ فِیْ جَسَدِہٖ: بیماری کا لازم ہوکر ٹھہر جانا۔
رَاسَّہ مُرَاسَّۃً. بالاَمْرِ: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔
تَرَاسَّ. القَوْمُ الخَبرَ: رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ. الخَبْرُ فِي النَاسِ: پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔
الرَسَّ. مص۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن ہر چیز کی ابتداء۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ رَسُّ حُمّی" اسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسُّ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔ کہا جاتا ہے "بَلغَنِی رَسٌّ منَ الخبرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرَسَّۃ. مضبوط ستون۔
الرُسَّۃ والاُرْسُوسَۃ. ٹولی۔
الرَسِیْسُ. مص۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔
رِیحٌ رَسِیْسٌ: نرم ہوا۔ رَسِیْس الحُمّیٰ: بخار کی ابتداء۔ رَسِیْس الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔
الرُسَیٰ. ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔
رَسَبَ ورَسُبَ (ن و ک) رُسُوْبًا و رَسَبًا. الشَّیُٔ فِی المَاءِ: تہ نشین ہونا العَیْنُ: آنکھ اندر کو دھنس جانا۔
اَرْسَبَہ. نیچے اُتارنا۔
الرَاسِب والرَسُوْب. مِنَ الرِجَال: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الرُسَب والرَسب والرَسُوْب و المِرْسَب. مِنَ السُیُوْفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار۔
اَلرَّوَاسِبُ. سیلاب کی وجہ سے زرخیز مٹی کا بہہ کر دریاؤں اور سمندروں میں گرنا۔
الرَوْسَب. بلا۔ مصیبت۔
رَسِحَ(س) رَسَحًا. دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاء) ج رُسْحٌ. اِمْرأَۃٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔
اَرْسَحہ. لاغر کرنا۔
رَسَخَ(ن) رُسُوْخًا. گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ اَلحِبْرُ فِیْ الصَحِیْفَۃ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "ورَسَخَ العِلْمُ فی القَلْبِ" علم دِل میں جاگزیں ہوگیا۔ و فُلَانٌ رَاسِخ فِی العِلْمِ فلاں مضبوط علم والا ہے الغَدِیْر: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔
اَرْسَخَہٗ. گاڑ دینا، ثابت کرنا، مضبوط کرنا۔
تَرَسَّخَ. فی التَقِی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
الرَسْدَق والرُسْدَاق بمعنی الرزدق والرُزْدَاق.
رَسَعَ(ف) رَسْعًا. العَضْوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا عَیْنُہ: چمٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا الصَبِیَّ: بچّہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِعَ(س) رَسَعًا. خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرسَع) عَیْنُہ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاء) بِہِ الشَّیُٔ: چمٹنا۔
رَسَّعَ. خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا الشَّیُٔ: چپکانا السَیْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا الصَبِیَّ: بچّہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرِسَاعۃ. ج رَسَائِع: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصّہ میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرُسُوْع. کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَسِیْع. چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔
رَسَغَ(ن) رَسْغًا. البَعِیر: اگلی ٹانگوں کے گٹے میں رسّی باندھنا۔
رَسَّغَ. المَطْرُ: ٹخنے تک برسنا العَیْشَ: وسیع کرنا الکَلَامَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔
رَاسَعَہٗ. گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔
اِرْتَسغَ. عَلیٰ عِیَالِہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا۔
الرُسغ والرُسُغ. گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغ واَرْسُغ.
الرَسِیْغ. مِنَ العَیْشِ: کشادہ زندگی۔ مِنَ الطَعَام: بہت خوراک۔
الرِسَاغ. وہ رسّی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔
المُرَسَّغ. مِنَ الآراءِ: کمزور و نادرست

رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِيْفًا و رَسَفَانًا. پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

اَرْسَفَ. الدَّابَّةَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ. الشَّيْئُ: بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلًا و رَسَالَةً. الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا البَعِيْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ. فِي القِرأَةِ: خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا الفُصْلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَهٗ. فِيْ وعَلىٰ وبِالْاَمْرِ: خط وکتابت کرنا۔ رَاسَلَهٗ الغِنَاءَ: گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَهٗ. بھیجنا۔ چھوڑنا۔ اَرْسَلَ القَوْلَ: بلا قید بولنا فلَانًا عَلَيْهِ: مسلط کرنا۔ اَرْسَلَ بِهٖ اِلَيْهِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا قوله مثلاً: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ. نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعویٰ کرنا فِي الرُّكُوْبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا فِي القُعُوْدِ: اردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چارزانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ. القَوْمُ: باہم خط وکتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ. الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔ لٹکنا الشَّيْئُ: نرم ہونا اِلَيْهِ: بے تکلفی برتنا فِي الكَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرِّسْلُ. مِنَ السَّيْرِ: نرم چال مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال مِنَ الاِبِلِ: نرم چال والا اونٹ۔

الرِّسْلُ. نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج رِسَال. الرِّسَالُ: اونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْلُ والرِّسْلَةُ) آہستگی، نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَلىٰ رِسْلِكَ يَا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ۔

لرِسْلَةُ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا رِسْلَةً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَلُ. س. جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج اَرْسَال.

اَلرَّسُوْلِي عیسائی کیتھولک کے نزدیک کرسی رسول یعنی پوپ کی طرف سے صادر کردہ فرمودات۔

الرَّسْلَة. کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِيْهِ رَسْلَة نَاقَةٌ رَسْلَةٌ" نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ رَسْلَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَةُ: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِّسَالَة والرَّسَالَة. پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل ورَسَالَات.

الرَّسُوْل. بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسْل ورُسُل واَرْسُل ورُسَلَاء. الرُّسُل: چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَّسِيْل. بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ سانڈ۔ میٹھا پانی۔ ج اَرْسُل ورُسُل ورُسَلَاء.

الرُّسَيْلَة. الرِّسْلَة کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "القَى الكَلَامَ عَلىٰ رُسَيْلَاتِه" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔

المُرْسَلَة. لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات. المُرْسَلَات: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

المِرْسَال. چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ مِرْسَالٌ: نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِيْل.

رَسَمَ(ن) رَسْمًا. المَطَرُ الدِّيَارَ: مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا۔ لَهٗ كَذَا: حکم دینا عَلىٰ كَذَا: لکھنا الكِتَابَ: لکھنا نَحْوَهٗ: دوڑتے ہوئے جانا ہ الاَسْقُفَ: گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔ اسم "الرِّسَامَة" ہے۔

رَسَمَ(ض) رَسِيْمًا. البَعِيْرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْم)

رَسَّمَ. الثَّوْبَ: دھاری دار بنانا (وارْسَمَ) النَّاقَةَ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔

تَرَسَّمَ. الدَّارَ: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا الشَّيْئَ: یاد کرنا البَانِيْ و الحَافِرُ: عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ. الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَهٗ كَذَا فارْتَسَمَه" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجا لایا لِلّٰهِ تعالى: تکبیر کہنا اور دعا کرنا الرَّجُلُ: گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔

الرَّسْمُ. س. گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَىٰ وُدَّكُمْ رَسْمًا ووُدِّيْ حَقِيْقَةً" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوم واَرْسُم. معامله عِنْدَ اَهْلِ الجِبَايَةِ: ٹیکس۔

اَلرَّسْمُ منظر کشی۔ حقیقت کے خلاف ڈرامہ وغیرہ۔

الرَّاسِم فا. بہتا ہوا پانی۔

الرَّسِم رفتار کی خوبی۔

الرَّاسُوْم. ج رَوَاسِيْم و (الرَّوْسَم) ج رَوَاسِم: مہر۔ مٹکے وغیرہ پر (قومہ) مہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلّہ کے ڈھیر پر قومہ مہر کی جائے۔ الرَّوْسَمُ: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَّوَاسِمُ: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم ورَاسِمَة)

المَرْسُوْم. ہیئ. لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِم و مَرَاسِيْم.

الرَّسَّام. نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔

الرَّسَمَان والمِرْسَم: زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ(ن ض) رَسْنًا واَرْسَنَ. الدَّابَّةَ: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَنَ واَرْسَنَ الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کیلئے آزاد

چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمٰی بَرسَنِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسّی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔

اَرْسَنَ الْمهرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسّی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔

الرَّسَن. جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی۔ ج اَرْسَان واَرْسُن۔

المَرْسِن والمِرْسَن. مِنَ الدَابَةِ: رسّی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن. ناک۔

رَسَا يَرْسُوْ رَسْوًا ورُسُوًّا. ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (راسٍ) صفت مؤنث (راسِيَة) ج رَوَاسٍ ورَاسِيَات. رَسَتِ السَّفِيْنَةُ: لنگر انداز ہونا۔ رَسَابَيْنَ القَوْمِ: صلح کرانا عَنْهُ حَدِيْثًا: کسی سے روایت کرنا۔ لَهُ الحَدِيْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا الصَّوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔

رَاسٰی. ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسٰی اِرْسَاءً. الشَّيْئُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا السَّفِيْنَةَ: کشتی کو لنگر انداز کرنا الوَتَدَ فِي الاَرْضِ: کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔

الرَّسْوُ. خبر کا ایک حصہ۔

الرَّاسِي. فا. قِدْرٌ رَاسِيَةٌ: ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔

الرَّوَاسِيْ. مضبوط پہاڑ۔

الرَّسِيُّ. ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا تھم۔

المَرْسٰى. بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ.

المُرْسٰى. مص. باری تعالیٰ کے قول "يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"

المِرْسَاة. کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ. کہا جاتا ہے "اَلْقٰى مَرَاسِيَهٗ" یعنی اس نے اقامت کی "واَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِيَهَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا. المَاءَ: پانی چھڑکنا السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا الشَّيْئَ: دھونا۔

اَرَشَّت. السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا الطَّعْنَةُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا الشِّوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ. عَلَيْهِ المَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔

الرَّشّ. مص. پھوار۔ ج رِشَاش. تکلیف دہ مار۔

الرَّشَاش. پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

المِرَشَّة. پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأ (ف) رَشْأً. الظَبْيُ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا الظَّبْيَةُ: ہرن کا جننا۔

الرَّشَأ. ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج ارشاء.

الرُّشْبَة. مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔

المَرَاشِب. مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کر دیں۔

رَشَحَ (ف) رَشْحًا ورَشَحَانًا واَرْشَحَ وارْتَشَحَ. الاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا الجَسَدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا ورَشَحَ الظَبْيُ: ہرن کا اچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهُ بِشَيْئٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔

رَشَحَتِ النَّاقَةُ ولدها رَشْحًا واَرْشَحَتْهُ ورَشَّحَتْهُ. اونٹنی کا اپنے بچہ کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تا کہ بچہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرْشِح و مُرَشِّح)

رَشِحَ پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ. المَالَ: بہتر انتظام کرنا الوَلَدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّحُ لِوِلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے تیار کیا جا رہا ہے الظَّبْيَةُ ولَدَهَا: جننے کے وقت آلائش چاٹنا النَّاقَةُ وَلَدَهَا: بمعنی رَشَحَتْه الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔

تَرَشَّحَ. وَلَدُ النَّاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا الظَّبْيَةُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔ الرَّجُلُ لِلاَمْرِ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ. النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا النَّبَاتُ: چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔

الرَّشْح. مص. پسینہ۔

الرَّاشِح. فا. پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ مِنَ المِصْلَان: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح.

الرَّشِيْح. پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْشَح والمِرْشَحَة. زین کے نیچے کا خوگیر۔

الاَرْشَح. بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْشَحُ فُوَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س) رَشَدًا ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا اَمْرَهُ: ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهُ واَرْشَدَهُ. اِلٰى كَذَا وعَلَيْهِ وَلَهُ: ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي: سیدھے راستہ پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ. لِاَمْرِهِ: راہ راست پانا۔ ہ: ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْد. مص. ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔

الرَّشْدَة والرِّشْدَة: حلال زادہ۔

الرَّشْدٰى. ہدایت۔

الرَّشِيْد. سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَاد والرَّشَد. ایک قسم کی نباتات۔

الرَّشَادَة. چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد.

المَرَاشِد. سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

اُمّ (راشِد) چوہیا۔

رَشْرَش رَشْرَشَةً الشئُ: ڈھیلا ہونا۔ البعِیْرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَش الماءُ: بہنا۔ خُبْزٌ اوعظمٌ (رَشْرش و رِشْراشٌ) نرم روٹی یا ہڈی۔

رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا و رَشِيْفًا و تَرْشافًا ورشِف (س) رَشَفًا ورَشَفانًا الماءَ و نحوهٗ: چوسنا الاِناءَ: پی کر خالی کرنا۔

رَشَّف وارْشَف وتَرَشَّف وارْتَشف الماءَ: خوب چوسنا۔

الرَشْف والرَشَفِ. حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ"، بے پانی کا حوض۔

الرَشاف. بہت چوسنے والا۔

المِرْشَف. پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَراشف

المَراشِف: ہونٹ۔

رَشَقَه (ن) رَشْقًا. بالسهْمِ: تیر مارنا۔ بِبَصَرِه: گھور کے دیکھنا ٥ بِلِسَانِه: طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "اِيّاك ورَشَقات اللّسَان"، زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُق (ک) رَشَاقَةً. الغُلامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيْق) ج رَشَق.

رَاشَقَهٗ مُرَاشَقَةً. ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَرَاشَق. القومُ: باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوْا بَاَلْسِنَتِهِمْ وتَرَاشَقُوْا بِاَعْيُنِهِمْ"، انھوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّق. فِي الاَمْرِ: تیز ہونا۔

اَرْشَق. النظرَ اِلَيْه: تیز نظر سے دیکھنا۔ القَوْمَ بِبَصَرِه: نگاہ ڈالنا الظَبْيَةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا الرامی: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِي مَقْصَدِي"، اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "ما اَرْشَقَ هذه القَوْس"، یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

اَلرَّشق. تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيْق کی جمع۔

الرَشْق والرِشْق. قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهٖ"، میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِشْق: تیر اندازی ج اَرْشَاق.

الاَرْشَق. سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيْدٌ اَرْشَق"، کھڑی گردن۔

الرَشِيْق: نازک اندام خوبصورت۔ مِنَ اللفظِ او الخطِّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔

رَشَم (ن) رَشْمًا. بيْدر الحِنْطَة: گیہوں کے کھلیان پر قومہ مہر کرنا۔ (ورَشَّم) لکھنا۔

رَشِم (س) رَشَمًا. کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)

اَرْشَم. الشَجَرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔ الاَرْضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا البَرْقُ: بجلی چمکنا۔ الماشِيَة: ابتدائی سبزی چرنا۔

(وارْتَشم) الاِناءَ: برتن پر قومہ مہر کرنا۔

الرَشْم. ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (والرَشَم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔

الاَرْشَم. داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) مِنَ الغَيْثِ: تھوڑی بارش۔ عامٌ اَرْشَم: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔

الرَوْشَم والرَاشُوْم. غلّہ کے انبار پر قومہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔

الرُشْمَة. بجو کے منہ کی سیاہی۔

رَشَن (ن) رَشْنًا و رُشُوْنًا. بن بلائے مہمان بننا الكَلْبُ فِي الاِناءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔

الرَشَن والرَوْشَن. پانی نکلنے کا دہانہ۔

الرَاشِن. فا. بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوان" بھی کہا جاتا ہے۔

الرَوشَن. روشن دان۔ ج رَواشِن.

رَشاه (ن) رَشْوًا. رشوت دینا۔

رَاشَى مُرَاشَاةً. فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔

اَرْشَى. الدلْوَ: ڈول میں رسّی لگانا الشَجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا القَوْمُ فِي دَمِه: کسی کے خون میں شریک ہونا اَرْشَوْا بِسَلاحِهِمْ فِيْه: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔

تَرَشَّى. الرجُلُ: باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَشى. رشوت لینا مِنْهُ رِشْوَةً: رشوت لینا۔

اِسْتَرْشى. فِيْ حُكْمِه: رشوت مانگنا الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا مَا فِي الضَرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔

الرُشْوَة والرَشْوَة والرِشْوَة. رشوت۔ ج رُشى ورِشى.

الرِشَاء. رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِيَة کہا جاتا ہے "اَتبع الدَلْوَ رِشَائَها"، ڈول کے پیچھے رسّی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارشية النَبات: نباتات کی بیلیں۔

الرَشَاة. ایک قسم کی نباتات۔ ج. رَشا.

الرَشِيّ. اونٹ کا بچّہ۔

التَرْشَاء. ڈول کی رسّی۔

رَصَّ (ن) رَصًّا. الشَئَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا الدجاجةُ: بَيْضَتَها: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔

رَصَّصَهٗ. ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا الرجُلَ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ وارْتَصَّ. باہم چمٹنا۔ جڑنا۔

الرَّصَاص. سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَۃ)

الرَّصَاصِیّ. سیسہ کے رنگ کا۔

الرَّصَص. دانتوں کی پیوستگی۔

الرَّصِیْص. ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَۃ. ج رَصَائِص. کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی الْقَبرِ الرَّصَائِصُ" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِیْص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔

الاَرَصّ. قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء. ج رُصّ. فَخِذٌ رَصَّاء: ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔

الاُرْصُوْصَۃ. خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَّصَّاصَۃ. بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْص) مضبوط عمارت۔

الرَّصَب. انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔

رَصِحَ (س) رَصَحًا. قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء.

رَصِخَ. فِی الْاَمْرِ: بمعنی رَسَخ.

رَصَدَہٗ (ن) رَصْدًا ورَصَدًا. انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔

رُصِدَ. المَکَانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)

رَاصَدَہٗ. نہکبانی کرنا۔

اَرْصَدَ. الرَّقِیْبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا لَہٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا لَہٗ خَیْرًا اَوشَرًّا: بدلہ دینا الحِسَابَ: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔

اِرْتَصَدَہٗ وتَرَصَّدَہٗ. امید لگانا۔ تَرَصَّدَلَہٗ: گھات میں بیٹھنا۔

تَرَاصَدَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔

الرَّاصِد. فا. نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد.

الرَّصَد. راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد. گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے اَرْصَاد بولتے ہیں)

الرَّصْدَۃ. بوچھار ج رِصَاد.

الرُّصْدَۃ. تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔

الرَّصُوْد. پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔

الرَّصِیْد. گھات میں رہنے والا۔

المِرْصَاد. راستہ (والمَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِیْد ومَرَاصِد. مَرَاصِدُ الحَیَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَۃ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔

رَصْرَصَ. البِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا فِی المَکَان: ٹھہرنا۔ رہنا۔

الرَّصْرَاصَۃ. سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔

رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًا. بیدہ: تھپڑ مارنا بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فِی المَطْعُوْنِ: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (رُصُوْعًا) اقامت کرنا۔

رَصِعَ (س) رَصَعًا. بالشیء: چپکنا بالطیب: مہک اٹھنا المرأۃ رِصَاعًا: جماع کرنا۔

رَصَّعَ. الشَّیْءَ: اندازہ کرنا اور بنا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّۃً بِالْقُضْبَانِ" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذَّھَبَ بالجَوَاھِر: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بِالجَوَاھِر" جواہر کا جڑا ہوا تاج العِقْدَۃَ بالجواھر: ہار میں جواہر پرونا۔

اَرْصَعَہٗ. بالرُّمْح: سخت نیزہ مارنا۔

اِرْتَصَعَ. الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا بہٖ: چپکنا اَسْنَانُہٗ: دانتوں کا پیوستہ وقریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ. جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔

تَرَاصَعَتِ. العَصَافِیْرُ: جفتی کرنا۔

الرَّصِیْعَۃ. کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع.

الاَرْصَع. لاغر سرین والا طَعْنٌ اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔

الرَّصَّاع. بہت جماع کرنے والا۔

المِرْصَاع. لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔

الرُّصْغ. بندوبست۔ گٹا۔

الرَّصَاغ. بمعنی الرُّسَاغ.

رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الحِجَارَۃَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا المُصَلِّی قَدَمَیْہِ او بَیْنَ قَدَمَیْہِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "ھٰذا الاَمْرُ لا یَرْصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ (ک) رَصَافَۃً. العَمَلُ: مضبوط ہونا۔

رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصْفًا اَسْنَانُہٗ: دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔

اَرْصَفَ. شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الحِجَارَۃُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔ القَدَمُ فِی الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا اَسْنَانُہٗ: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔

الرَّصَف. پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَۃ)

الرَّصَفَتَان: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے الرَّصَف: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِّصَاف. پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔

گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف و رُصُف۔
الرَّصِیْف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِیْفٌ: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِیْف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔
الرُّصَافَة۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔
الرُّصُوْفَة۔ ثابت قدمی۔
المِرْصَافَة۔ ہتھوڑا۔
المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الْاَسْنَان: قریب قریب دانتوں والا امرد۔
رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا الدَّابَّة: داغ لگانا ہ بِلِسَانِهٖ: گالی دینا۔
رَصُنَ (ک) رَصَانَةً۔ العَقْلُ وغیرُہ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِیْنٌ)
رَصَّنَ۔ الشَّیْءَ مَعْرِفَةً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِیْ هٰذَا الخَبَرَ" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔
اَرْصَنَه۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔
الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرَّصِیْن۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔
المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔
رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
اَرْصیٰ۔ بالمَکَانِ: جم کے رہنا۔
رَضَّهٗ (ن) رَضًّا: کوٹنا۔ دلنا۔
رَضَّضَ۔ الشَّیْءَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔
تَرَضَّضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔
اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا فی الاَرْضِ: جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔
اِرْتَضَّ۔ الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔

الاَرَضّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔
الرَّضِیْض والمَرْضُوْض۔ کوٹا ہوا۔
الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔
المُرِضَّة والمِرَضَّة والرَّضّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔
المِرَضَّة: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔
رَضَبَ (ن) رَضْبًا وارْضَبَ۔ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا
(رَضَبَ و تَرَضَّبَ) الرِّیْقَ: تھوک چوسنا۔
الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔
الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔
المَرَاضِب والمَرَاضِیْب۔ خوش مزہ تھوک۔
رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوىٰ او الحَصىٰ: گٹھلی یا کنکری توڑنا رَاسَه بالحَجَرِ: کچلنا۔
تَرَضَّحَ۔ الحَصىٰ: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: روٹی کا چورا کرنا۔
تَرَاضَحُوْا۔ بالنُّشَّابِ: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔
اِرْتَضَحَ۔ مِنَ الاَمْرِ: عذر کرنا۔
الرَّضْح۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَاءُ رَضْحٌ مِنَ الخَبَرِ" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔
الرُّضْح۔ شکستگی۔
الرَّضِیْح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضْحَة۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَةٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رَضَحٌ
المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔
رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوىٰ او الحَصىٰ: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے

"رَضَخَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا التُّیُوْسُ: باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهٗ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔
رَاضَخَهٗ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا الشَّیْءَ: بادل ناخواستہ دینا مِنْه شَیْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔
اَرْضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔
تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بالحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔
تَرَضَّخَ۔ الحَصىٰ: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: توڑ کر کھانا الخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔
الرَّضْخ۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔
الرَّضِیْخ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضِیْخَة والرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔
المِرْضَاخ۔ ج مَرَاضِیْخ (المِرْضَخَة) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔
رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔
اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا۔
رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورَضِعًا ورَضَاعًا ورِضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَةً وارْتَضَعَ۔ الوَلَدُ اُمَّهٗ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔
رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضْع۔
رَاضَعَهٗ رِضَاعًا ومُرَاضَعَةً رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا اِبْنَهٗ: دائی پلائی کو دینا الطِّفْلُ: بچہ کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔
اَرْضَعَه۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْاَةُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) اس کلمہ میں تاء علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس

وقت صفت (مُرْضِعَة) ہو گی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِعُ)

اِسْتَرْضَعَ. دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ الْمَرْأَةَ وَلَدِي"، عورت سے میں نے اپنے بچّہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع. کمینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)

الرَّاضِع. فا. دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَة. راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَان بچّہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع.

الرَّضِيع. ج رُضَعَاء والرَّضع ج رُضع. دودھ پیتا بچّہ۔ کمینہ۔ رَضِيعك: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہو گا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَة. س. پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (والرِّضَاعَة) اِرضاع کا اسم۔

الرَّضُوعَة. اپنے بچّہ کو دودھ پلانے والی عورت۔

الرَّضَّاع. بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔

المَرَاضِيع. کمینے۔

رَضَفَه (ض) رَضْفًا. داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَهُ. سخت غضبناک کر دینا۔

الرَّضْف. گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضَف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضَفَة. گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف ورَضَفَات.

الرَّضِيف. گرم پتھر (والرَّضِيفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيفَة" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔ الرَّضِيف والمَرْضُوف. گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيفَة والمَرْضُوفَة. اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹ کر اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَة. داغ کرنے کا آلہ۔

مُطْفِئَةُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

اَرْضَكَ. عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔

رَضَمَ (ض) رَضْمًا. الاَرْضَ: زمین کو جوتنا البَيْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيم و مَرْضُوم) المَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ: ڈالنا (رَضْمًا ورَضَمَانًا) فِي المَشْيِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ. المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام. بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضَم کا واحد (رَضَمَةٌ)

الرُّضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوهُ رَضْوًا. پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضَوْتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

رَضِيَ(س) رُضًى ورِضًى ورُضْوَانًا و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً. عَنْه و عَلَيْه: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْن و رُضَاةٌ و رُضًّى ج رُضُّوْن و (رَضِيّ) ج اَرْضِيَاء ورُضَاةٌ.

رَضِيَ. الشَّيْءَ ورَضِيَ بِه و فِيْهِ: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِيّ و مَرْضُوّ) کہا جاتا ہے "رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ فُلَان ورَضِيَ عَنْه" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رَضِيَتْ مَعِيْشَةً" اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔

رَاضَى رِضَاءً ومُرَاضَاةً. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضَى ورَضَّى. الرَّجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضَّى. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَى. القَوْمُ الشَّيْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاهُ. لِخِدْمَتِهِ او لِصُحْبَتِهِ: پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاهُ. رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَيْتُه کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ و امْرَأَةٌ (رِضًى) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)

عِيْشَةٌ (رَاضِيَةٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوَى. مدینہ طیبہ او رینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضَوِيّ.

الرِّضَاء. خوشنودی۔

الرِّضْوَة. خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِه" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرَّضِيّ. عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔

اَرَطَّ اِرْطَاطًا. بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِي مَقْعَدِه: جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرطَهٗ. بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطِیْط. شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج رِطَاط.
الرَّطَائِط. بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)
رَطَأَ (ف) رَطأً. القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا المَرْأة: جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأَ. الرَّجُل: بیوقوف ہونا الرَّجُل: بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطَأ. بیوقوفی۔
الرَّطِئ. بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِئَة و رَطْآء.
رَطَبَ (ن) رَطَابَةً البُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا. الدَّابَّةَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) و رَطُبَ (ک) رُطُوْبَةً و رَطَابَةً تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔
رَطُبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ. الثَّوْبَ و نَحْوَهٗ. تر کرنا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ و اَرْطَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔
اَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔
اَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ. تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِیْ بِذِکْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔
الرَّطْب و الرَّطِیْب. تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال زندگی۔
الرُّطْب و الرُّطُب. سبز چارہ۔
الرُّطَب. پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَة) ج رِطَاب و اَرْطَاب.

الرَّطْبَة: گھاس نما پودہ تین پتوں والا۔ بنفشی رنگ پھولوں والا جنگل میں اور زراعت کیا جاتا ہے۔
المَرْطَبَة. کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔
اَلْمِرْطَاب: درجہ حرارت اور ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ دوسرا نام میزان رطوبت ہے۔
الرَّطَاب. بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔
اَلْمِرْطَبَان: اچار مربہ جمع کرنے کے لئے برتن۔ (عامی لفظ ہے)
الرَّطْز. کمزور بال وغیرہ۔
الرُّطَازَات. خرافات۔
رَطَسَ. (ن ض) رَطْسًا. تھپڑ مارنا۔
اِرْطَسَّت. عَلَیْهِ الحِجَارَةُ: پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا. الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
الرَّطْع. زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا الشَّیْءَ ہاتھ میں اُٹھا کر وزن معلوم کرنا الرَّجُل. دوڑنا۔
رَطَّلَ. الشَّعر تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا. الشَّیْءَ رطل پیمانہ سے وزن کرنا
(وَارْطَلَ) الرَّجُلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ. رطل سے بیچنا۔
الرَّطْل و الرِّطْل. بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ اُتولہ۔ ج اَرْطَال. الرَّطْل مِنَ الرِّجَال: بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔
الرِّطْلَة. سبک رفتار گھوڑی۔
الرُّطَیْلَاء. رتیلا کی تصحیف ہے۔
المُرَطَّل. مِنَ الرِّجَالِ: نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهٗ (ن) رَطْمًا. کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔
رَطَمَ و ارْطَمَ فِی قُعْوَدِه: جم کے بیٹھنا۔
وارْطَمَ الرَّجُلُ: خاموش رہنا۔
رُطِمَ. البَعِیْرُ اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

تَرَطَّمَ. السَّلِحُ: پاخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ. کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا فِی الاَمْر: کسی معاملہ میں پھنس جانا عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا الشَّیْءُ: ڈھیر لگنا۔
الرُّطْمَة. پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔
الرُّطَام. قبض۔
الرُّطُوْم. بیوقوف مرد۔
الرَّاطِم. کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
امْرَأَةٌ (مَرْطُوْمَة) بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهٗ (ن) رِطَانَةً و رَطَانَةً و رَاطَنَهٗ مُرَاطَنَة. عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ. القَوْمُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُّطَیْنٰی. کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاءُ رُطَیْنَاكَ هٰذِهٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَعَثَ (ن) رَعْثًا. الرِّیْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرَّعَاع. کمینے و رذیل لوگ۔
الرَّعَاعَة. شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا و رُعْبًا. خوف کرنا الرَّجُلَ: خوف دلانا (رَعْبًا) الاِنَاءَ او الحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا السَّنَامَ و نَحْوَهٗ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَمَامَةُ: کبوتر وغیرہ کا غٹر غوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِیْبًا و تَرْعَابًا. الرَّجُلَ: خوف دلانا الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔
السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا
فُلَانًا. کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ. ڈرنا۔
الرَّعْب. جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ بُرا وعدہ۔
الرُّعْب و الرُّعُب. گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة.
الرَّعِیْب. خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

رَعِیبُ العَیْنِ و مَرْعُوبُ العَیْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب. جادو کرنے والا۔ مقفّٰی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَة. لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوب. بزدل۔ ج رَعَابِیب
(الرُّعْبُوبَة والرعبیب) مِنَ الجَوارِی: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعَبِب. موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَرْعِیبَة. کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِیب.
المِرْعَبَة. ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَلَ: اللَّحمُ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔
الثَّوبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الرَّجُلُ: بیوقوف سُست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ اللَّحمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا۔ الثَّوبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَلُ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جملٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرَّعْبَلَة والرُّعْبُوْلَة. پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل و رَعَابِیل اور کہا جاتا ہے "ثَوبٌ رَعَابِیل" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِیل. مِنَ الرِّیَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُوْلَة. پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَ (ف) رَعْثًا و رَعِثَ (س) رَعَثًا. العَنزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَ وارْتَعَثَ. المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْثُ والرَّعَثُ. رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَة والرَّعَثَة. بالی۔ مرغ کی کلغی؛ مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و رُعُث.
الرَّعْثَاء. بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں؛ لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوثَة. پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعِجَهُ (ف) رَعْجًا و رَعَجًا وارْعَجَهُ. غمی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ اَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ (س) رَعَجًا المَالُ او العَدَدُ: بہت ہونا۔ الوادی: وادی کا بھر جانا۔ ارْتَعَجَ الرَّجُلُ. کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوا ولَهُم ارْتِعَاجٌ. لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی. بھر جانا۔ المَالُ: بہت ہونا۔
الرَّعَج. بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا و رُعُوْدًا. السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "رَعَدَ لِی فُلَانٌ و بَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ المَرْأَةُ و بَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
اَرْعَدَ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا؛ گڑگڑاہٹ سننا۔ زَیدًا: دھمکی دینا ہ الخَوفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا؛ لرزا دینا۔
اُرْعِدَ. کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ. حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ. اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد س۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِیلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرِّعْدَة والرَّعْدَة. کپکپی۔
الرَّعَّاد. بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَکَةُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَة. بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَة. گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحتَ الرَّاعِدَة: اس شخص کے لئے بطورِ مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِدِ: مصیبت۔
رَعْدَدَ. سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ. کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِیْد والرِّعْدِیْدَة. بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رِعْدِیْدٌ: نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِیْد.
رَعْرَعَ. المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا الفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا۔ اللّٰهُ: اگانا۔
تَرَعْرَعَ. الصَّبِیُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ المَاءُ او السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا۔ السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع. اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع و رَعَارِیع.
الرُّعْرَاع: بزدل۔ لمبا نرکل۔
رَعَسَ (ف) رَعْسًا. کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا۔ (رَعْسًا و رَعَسَانًا) رَاسَهُ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
اَرْعَسَه. کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ. کانپنا۔
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوْس. خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِیْس. چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاس. نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
المِرْعَس. خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ. کانپنا۔ صفت (رَعِش و رَعِیْش)

اَرْعَشَهٗ وَرَعَّشَهٗ. کپکپادینا۔ لرزادینا۔ عاجز کرنا۔
الرِّعش والرِّعْشِیْش. بزدل۔ جلد باز۔
الرِّعْشَة. جلد بازی۔
الرُّعَاش. مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ (رَعُوش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَّعْشَاء. مِنَ النَّعَامِ: تیز رفتار شتر مرغ۔ مِنَ النُّوْق: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمَرْعَش. ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الرَّعْشَن. کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف)رَعْصًا وارْعَص. الشَّيْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا الجَدْیُ: بکری کے بچّہ کا خوشی میں آکر اُچھلنا۔
رَعَظَ (ف)رَعْظًا. السهمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَهٗ. عَنْ كَذَا: سُست کر دینا۔ جلدی کرانا الوتدَ: اُکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ. السَّهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ فُلَانًا: سُست کر دینا۔
الرُّعْظ. تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ. کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَیْهِ اَرْعَاظ النَّبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ (ف ن)رَعْفًا. الفَرَسُ الخَیْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعَفًا. الدَّمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (ورَعَفَ (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الرَّجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔

اَرْعَفَهٗ. جلدی کرانا القِرْبَةَ: مشک کو لبالب بھرنا القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ. آگے بڑھنا۔ واسْتَرْعَفَتِ الحَصىٰ رِجْلَهٗ: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرُّعْف. س۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُّعَاف. نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَّعَّاف. بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُّعَافِي. بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الرَّاعِف. فا. نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.
الرَّوَاعِف. نیزے۔
الرَّعُوْف والرَّاعُوْف والرَّاعُوْفَة و الأرْعُوْفَة. مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُّعُوْف. ہلکی بارش۔
المَرَاعِف. ناک اور اس کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَیْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا ورَعِیْقًا. بَطْنُ الدَّابَةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف)رَعْلًا الشَّيْءَ: کشادہ۔ پھاڑنا۔ فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا. بیوقوف ہونا۔ النَّبَاتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ. الكَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَهٗ. سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَت. الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔

الاَرْعَل. بیوقوف۔ مؤنث رَعْلَاء ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔
الرَّعْل. پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلٌ
الرَّعْل: کپڑے۔
الرَّعْل. شہد کی نر مکھی۔
الرُّعَال. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَّعَالَة. بیوقوفی۔
الرَّعْلَة. شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصّے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال واَرَاعِیْل. کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَیْلُ رِعَالًا واَرَاعِیْل" اَرَاعِیْل الرِّیَاحِ اَوِ السَّحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعْلَة. انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل. ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
الرَّعِیْل. آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال.
المِرْعَل. شمشیر براں۔
المِرْعَل. عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل. گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن)رَعْمًا. الشَّيْءَ: نگہبانی کرنا۔ الشَّمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف)ورَعُمَتْ (ک)رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ. الشَّاةُ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ. الشَّاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرِّعَام. نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة.
الرُّعَامَة والرُّعَامِي. ایک قسم کا درخت۔
الرُّعَامِيّ. جگر کی زیادتی۔
الرِّعْم. چربی۔ اُمِّ رِعْم: بجو۔

الرَّعُوم. نفس۔

الرُّعُوم. نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا و رَعُنَ (ک) رُعُونَة. بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)

رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا. الشَّمْسُ: دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔

الرَّعْن. س۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن.

الاَرْعَن. چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔

الرَّعُوْن تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔

رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا ورَعْوَةً ورُعْوَةً و رُعْوَةً. غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰی والرُّعْيَا)

اِرْعَوٰی اِرْعِوَاءً. مِنَ الجَهْلِ: رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔

رَعٰی يَرْعٰی رَعْيًا ورِعَايَةً ومَرْعًى. المَاشِيَةُ الكَلَاءَ: جانور کا گھاس چرنا المَاشِيَةَ: جانور کو گھاس چرانا النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمِيْرُ رَعِيَّةً رِعَايَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا عَلَيْه حُرْمَتَه: پاس عزت کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔

رَاعٰی مُرَاعَاةً. النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا الرَّجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔

رَاعِيَتُهٗ سَمْعِيْ: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يُرَاعِيْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔

اَرْعٰی. المَاشِيَةَ: جانور کو چرانا المَكَانَ: چراگاہ بنانا عَلَيْهِ: شفقت۔ مہربانی کرنا۔

اَرْعَيْتُه سَمْعِيْ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا اللّٰهَ

المَاشِيَةَ: چری اگانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِيَةً. کسی سے "رَعَاكَ اللّٰهُ" کہنا۔

اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتِ. المَاشِيَةُ: جانور کا چرنا۔

اِسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً. المَاشِيَةَ: چرانے کے لیے کہنا ہٗ مَاشِيَتَهٗ: رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کی لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ہٗ السَّمْعَ توجہ کرنے کو کہنا ہٗ الشَّيْءَ کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔

الرِّعْيَة. چرائی۔

الرُّعْيَا والرُّعْوٰی والرَّعْيَا والرَّعْوٰی. حفاظت۔

الرَّعْي. س۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لَكَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔

الرِّعْي. گھاس۔ ج اَرْعَاء. رِعْيُ الحَمَامِ والاِبِلِ: دو گھاسوں کے نام۔

الرَّعِيَّة. چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا. رَعِيَّةُ المَلِكِ و رَعَايَاه: تابع فرمان لوگ۔

الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی. لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔

الرَّعَاوِيَّة. عوام کے مویشی۔

الاَرْعَاوِيَه. شاہی مویشی۔

الرَّاعِي. فا. بہت الفت کرنے والا حاکم قوم۔

رَاعِي المَاشِيَةِ: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْيَان ورُعَاء ورِعَاء. مؤنث رَاعِيَة ج رَوَاعٍ. رَاعِيَةُ الشَّيْبِ ورَوَاعِيْه: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِي الجَوْزَاءِ ورَاعِي النَّعَائِمِ: دو ستاروں کے نام۔ رَاعِي البُسْتَانِ وراعِيَةُ الاَتُنِ: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاسِ: جوں۔

المَرْعٰی. س۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (والمَرْعَاةُ) چراگاہ۔

المَرْعِيّ. جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً. فِيْهِ: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے اتفاقی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

بِهٖ عَنْ غَيْرِهٖ: دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغَبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رَغْبَةً ورَغَبَةً ورُغْبُوتًا ورَغَبَاتًا ورُغْبَاءَ اِلَيْهِ: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً. بہت کھاؤ ہونا الوَادِيْ: فراخ و کشادہ ہونا۔

رَغَّبَهٗ وارْغَبَهٗ. فِي الشَّيْءِ: رغبت دلانا۔ رَغَّبَهٗ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰهُ قَدْرَكَ" اللہ تعالی تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ. فِيْهِ: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ. الوَادِي: کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فِي الخَيْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب. مرغوب۔

الرُّغْب والرُّغَاب. مِنَ الاَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِيْق (رَغْبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.

الرَّغِيْب. بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِيْبٌ و سِقَاءٌ رَغِيْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِيْبٌ: بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِيْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب.

المَرْغُوْب. خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِيْبَة. رَغِيْب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِب.

رَغَثَ (ف) رَغْثًا. الوَلَدُ اُمَّهٗ: ماں کا دودھ پینا ہٗ. لگاتار نیزے مارنا القَوْمُ فُلَانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ. کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں

درد ہونا۔

اَرْغَثَتْ. المَرْأَةُ :دائی پلائی ہونا۔ وَلَدَها: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوث ورَغُوثَة و مُرْغِث:) اَرْغَثَه: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔بار بار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغث. الوَلَدُ اُمَّه :بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُغثاء. پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرغَث. انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ(س) رَغَدًا ورَغُدَ(ک) رَغادَةً عَیْشُه. آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِیْدٌ)

اَرْغَدَ. القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا مَواشِیَهُمْ: جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا اللّٰهُ عَیْشَه :آسودہ بنانا۔

اِرْغادَّ. رائے میں متردد ہونا اللَّبَنُ :دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ. العَیْشَ :آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغْدٌ) ونِساءٌ رَغْدٌ: آسودہ زندگی والی قوم۔اور یہ راغد کی جمع ہے جیسے خادِم کی جمع خَدَم.

الرَغِیْدَة. ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَة. باغ۔

رَغَسَهُ(ف) رَغْسًا واَرْغَسَهُ. اللّٰهُ مالًا وولَدًا: بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَهُ. نرم سمجھنا۔

الرَغْس. نعمت وبرکت۔نمو۔ج اَرْغاس.

المُرْغِس. مِنَ العَیْشِ :فراخ زندگی۔

المَرْغُوس. مبارک۔

المَرْغُوسَة. اطَرْغوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ(ف) رَغْشًا. عَلَیْهِ :شور مچانا۔

رَغَفَ(ف) رَغْفًا. العَجِیْنَ :گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا البَعِیْرَ :اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

اَرْغَفَ. چلنے میں جلدی کرنا اِلَیْهِ :تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَغِیْف. گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی؛روٹی۔ج اَرْغِفَة ورُغْف ورُغُف و رُغْفان و تَراغِیف.

وَجْهٌ (مُرَغَّف) سخت چہرہ۔

رَغَلَ(ف) رَغْلًا. الوَلَدُ اُمَّهُ :بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اَرْغَلَ. الرَجلُ. غلطی کرنا۔گمراہ ہونا اِلَیْهِ: مائل ہونا الزرعُ :کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا الشیَ:بے موقع رکھنا۔

الجدیُ اُمَّه: بکری کے بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا المکانُ: رغل نامی گھاس اگانا الماءَ :بہت گرانا۔

الرُغْل. ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغال.

الرَغُوْل. اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔کہا جاتا ہے ”هُوَ رَمٌ رَغُوْلٌ“وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الاَرْغَل. مِنَ العَیْشِ :فراخ زندگی۔

الرَغْلَة. بکری۔بھیڑ کا بچّہ۔

رَغَمَهُ(ف) رَغْمًا. مغلوب و مجبور کرنا۔

رَغَمَ الشَیَ :ناپسند کرنا۔

رَغِمَ(س) ورَغَمَ(ن) رَغْمًا ورَغَمًا. اَنْفُه لِلّٰهِ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الانفِ. ج رُغْمَ الاُنُوْف. ورَغِمَه :ناپسند کرنا۔

رَغَّمَهُ. ذلیل کرنااور رغمًا رغمًا کہنا۔

اَنْفَه: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے ”رَغَّمَ اللّٰهُ اَنْفَه“،یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے فُلانٌ اَنْفَه :فروتنی کرنا۔

اَرْغَمَهُ. ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر آکسانا د الذُلَّ :خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ اَهْلَه: اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا اللقمَةَ من فیه :لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا اللّٰهُ اَنْفَه :ذلیل کرنا۔ اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِباءُ: بکری؛بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَهُ. باہم غضبناک ہونا۔ایک دوسرے کو چھوڑنا۔دشمنی کرنا۔غصّہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ. عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتُ الرَجُلَ. کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَغْم والرُغْم والرِغْم. ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ذلت۔مٹی۔کہا جاتا ہے ”اَتی عَلی رَغْمِه“وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَاغِم. فا. رَاغِمُ الاَنْفِ: ذلیل: ج رُغْمُ الاُنُوْف.

الرَغام. مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُغام. رینٹ۔ج اَرْغِمَةٌ.

الرُغامَة. حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے ”لِیْ عِنْدَ فُلانٍ رُغامَةٌ“،مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَغْماء. مِنَ الشاءِ. ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

المَرْغِم والمَرْغَم. ج مَراغِم و (الرُغامی)ناک الرُغامی: جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔

المُراغَم. ظ. بھاگنے کی جگہ۔جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے ”اِذْلِي عَنْ دارِ الهَوانِ مُراغَم“،میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

المَرْغَمَة. ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے ”فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلی مَرْغَمَتِه“میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المِرْغام. غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِرْغامَة.

رَغِنَ(ف) رَغْنًا. فِیْهِ :لالچ کرنا۔ اِلَیْهِ: کان لگانا۔

اَرْغَنَه. طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ: آسان کرنا اِلَیْهِ :کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلانٍ :اطاعت وفرماں برداری کرنا۔

الاَرْغُن والاَرْغُنُوْن. (آرگن ایک باجہ کا نام)

رَغَا(ن) رُغَاءً. البَعِيرُ او النَّعَامُ او الضَّبُعُ بلبلانا۔ چیخنا الصَّبِیُّ بہت رونا۔
الرَّغْدُ زور سے گرجنا۔
رَغَا(ن) رَغْوًا ورَغّٰی تَرْغِيَةً وارْغٰى اِرْغَاءً. اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَى الرَّجُلُ وَاَزْبَدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ "وَاَتَيْتُهُ فَمَا اَثْغٰى وَلَا اَرْغٰى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ‌ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ورَغّٰی فُلَانًا غضبناک کرنا۔
اِرْتَغٰى. اللَّبَنَ دودھ سے جھاگ اُتار لینا
الرُّغْوَة جھاگ پینا۔
الرَّغْوَة والرُّغْوَة والرِّغْوَة ج رُغًى ورِغًى و (الرُّغَايَة والرِّغَايَة والرِّغَاوَة والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) مِنَ اللَّبَنِ: دودھ کا جھاگ۔
الرَّاغِيَة اونٹنی۔ کہتے ہیں "مَالَهٗ ثَاغِيَةٌ ولَا رَاغِيَةٌ" تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔
المِرْغَاة کفگیر۔
المُرْغِيّ. مِنَ الكَلَامِ مبہم گفتگو۔
رَفَّ(ن ض) رَفًّا ہت کھانا ‌خدمت کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا النَّاسُ بہٖ گھیر لینا بہٖ اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهٗ ويَرُفُّهٗ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔
البَيْتَ گھر میں الگنی بنانا الی کذا خوش ہونا۔ رَفَّتْ عَيْنُهٗ پھڑکنا) البرقُ بجلی کا چمکنا شَفَتَيْهِ ہونٹ کا چوسنا۔
اللَّبَنَ ہر روز دودھ پینا ثَوْبَهٗ دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا۔
الدَّابَّةَ بھوسہ کھلانا۔
رَفَّ(ض) رَفًّا ورَفِيفًا وارْ... النَّبَاتُ لہلہانا۔ رَفَّتِ العَيْنُ پھڑکنا۔
رَفَّ البَرْقُ بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُهٗ چمک اُٹھنا۔
اَرَفَّ اِرْفَافًا. الطَّائِرُ پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا۔
الرَّفُّ س۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفُوف ورِفَاف.
الرِّفُّ اونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ الحُمّٰى رِفًّا" اُس کو روزانہ بخار آیا۔
الرُّفّ والرُّفَّة بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔
الرُّفَاف بھوسہ کا چورہ۔
الرَّفِيف. س۔ چھت۔ فراخ سالی فتی رفيف الاخلاق اچھے اخلاق والا جوان۔
الرَّفَّاف اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثَغْرٌ رَفَّافٌ" سفید و شفاف دانت۔
رَفَأَ(ف) رَفْأً. الثَّوْبَ کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمت کرنا ‌خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا بَيْنَهُمْ صلح کرانا السَّفِينَةَ کشتی کو کنارہ پر لانا۔
رَفَّأَهٗ تَرْفِئَةً و تَرْفِيئًا مبارک باد دینا اور "بالرِّفَاءِ والبَنِيْنَ" کہنا۔ (بالرِّفَاءِ والبَنِيْنَ شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔
اَرْفَأَ. اِلَيْهِ قریب ہونا اور پناہ لینا۔ الشَّيْءَ اِلَيْهِ قریب کرنا الرَّجُلُ کنگھی کرنا۔
السَّفِينَةُ کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔
اِرْفَاءُهٗ و رَافَأَهٗ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔
الرِّفَاء اتفاق۔
الرَّفَّاء رفوگر۔
المَرْفَأ والمُرْفَأ. مِنَ البَحْرِ بندرگاہ۔ ج مَرَافِئ.
رَفَتَ(ن ض) رَفْتًا. الشَّيْءَ توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا (وارْفَتَّ و تَرَفَّتَ ٹوٹنا، چورہ ہونا العَظْمُ ریزہ ریزہ ہونا۔
الحَبْلُ رسی کا کٹ جانا۔
الرُّفَت بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُّفَات چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ(ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ(س) رَفَثًا وارْفَثَ. فِي كَلَامِهٖ فحش گوئی کرنا۔
الرَّفَث س۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رَفَحَهٗ نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رَفْخ. عَيْشٌ رَافِخٌ ناز و نعمت کی آسودہ زندگی۔
الرُّفُوح مصیبتیں۔
رَفَدَهٗ(ض) رَفْدًا او اَرْفَدَهٗ دینا۔ مدد دینا۔ رَفَدَ الحَائِطَ سہارا دینا۔ رَفَدَ الدَّابَّةَ و عَلَيْهَا وارْفَدَ لَهَا چوپایہ کیلئے پالان بنانا۔
رَافَدَهٗ مدد دینا۔
رَفَّدَهٗ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
تَرَافَدَ. القَوْمُ باہم مدد کرنا۔
اِرْتَفَدَ. المَالَ کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
اِسْتَرْفَدَهٗ عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرَّفْد س۔ حصہ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "اُرِيْقَ رَفْدُهٗ" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرِّفْد ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج اَرْفَاد ورُفُوْد.
الرِّفْدَة لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد.
الرَّافِد. فلاں بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفَّد.
الرَّافِدَانِ دریائے دجلہ و فرات۔
الرَّافِدَة پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وَصْلَة" کہتے ہیں۔ ج رَوَافِد.
الرِّفَادَة زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔
نَاقَةٌ رَفُوْدٌ ایک دفعہ کے دوھنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد.
المِرْفَد والمِرْفَدَة۔ ج مَرَافِد.

المِرْفَد بڑا پیالہ۔ ج مَرَافِد.
المَرَافِيْد بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُرْفِد یازی گر۔
رَفْرَف. الطَّائِرُ: پرندے کا پھڑ پھڑانا الشَّيْءَ: آواز کرنا۔
الرَّفْرَف. لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِيحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو اِدھر اُدھر کر دیا۔ رَفْرَفُ الدِّرْعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفَارِف.
الرَّفْرَاف. ایک پرندہ جس کو "خَاطِفُ ظِلِّهِ" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔
رَفَزَه (ض) رَفْزًا مارنا۔
الرَّافِز حرکت کرنے والی رگ۔
رَفَسَه (ن ض) رَفْسًا ورِفَاسًا سینہ پر مارنا البَعِيْرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا اللَّحْمَ ونَحْوَه: گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرِّفَاس. اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔
الرَّفْسَة. سینہ پر لات مارنا۔
نَاقَةٌ (رَفُوْسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رَفَشَ (ن) رَفْشًا کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ خوب کھانا پینا القَمحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا الشَّيْءَ: کوٹنا (رُفُوْشًا) فِي الاَمْرِ: کشادہ ہونا۔
رَفِشَ (س) رَفْشًا چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء. ج رُفْش.
رَفَّشَ لِحْيَتَهُ: داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرَّفَّاش گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرَّفْش ہس۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔
المِرْفَشَة بیلچہ۔
رَفَضَ. تَرَافَضُوا المَاءَ باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِيْض) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِيْضُكَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
اِرْتَفَضَ. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا۔
الرُّفْضَة پانی پینے کی باری۔
رَفَضَ (ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا. الشَّيْءَ: پھینکنا، چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُوْنَ ورَفَضَه ورُفَّاض (وارْفَضَ) الابِلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَضَ و ارْفَضَ الوَادِي: کشادہ ہونا۔
رَفَضَتِ (ن) رُفُوْضًا. الابِلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔
تَرَفَّضَ. بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔
اِرْفَضَّ. الدَّمْعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا الشَّيْءُ: متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے الوَجْعُ: درد کا زائل ہونا۔
اِسْتَرْفَضَ. الوَادِي: کشادہ ہونا۔
الرِّفْض. ہس رِفَاض و (الرَّفَض) ج اَرْفَاض. اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِي القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔
الرَّافِضَة. جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض. اور اسی سے ہے "لَا خَيْرَ فِي الرَّوَافِضِ"
الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "رَافِضِيٌّ"
الرِّفَاض پریشان راستے۔
الرُّفَاض. مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑے۔ ریزے۔
رَجُلٌ (قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔
الرُّفُوْض. متفرق گھاس۔ رُفُوْض النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوْض الْاَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حِمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔
الرَّفِيْض. چھوڑا ہوا۔ پسینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔
الرَّفِيْض والمَرْفُوْض. چھوڑا ہوا۔
المَرْفَض. مِنَ الوَادِي: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض.
رَفَعَ (ف) رَفْعًا. الشَّيْءَ: اُٹھانا فُلَانًا عَلَىٰ صَاحِبِهِ فِي المَجْلِسِ: آگے بڑھانا الكَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا الشَّيْءَ: لینا الشَّيْءَ فِي خَزَانَتِهِ: چھپانا الجَمَلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا الجَمَلَ: تیز چلانا الحَدِيْثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔
(رَفْعًا ورِفَاعًا ورَفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (رَفْعًا ورُفْعَانًا) زَيْدًا اِلَى الحَاكِمِ: فیصلہ کرانے کے لیے جانا ہ اِلَى السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ يَرْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَا يَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِهِ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔
رَفُعَ (ک) رِفْعَةً ورَفَاعَةً عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِيْع) ورَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِيْع)
رُفِعَ. لَهُ الشَّيْءُ: دور سے دیکھنا۔
رَفَّعَهُ. بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔
رَافَعَهُ. اِلَى الحَاكِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ہ قطع تعلق کرنا بِهِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ. برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِیْ هِمَّتِیْ عَنْ کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنادیا ہے الشَّیْءَ او الرَّجُلَ بلند کرنا۔

ترافَعَا. ایک دوسرے کو بلند کرنا الخَصْمان اِلَی الحَاکِم فیصلہ کے لیے جانا۔

اِرْتَفَع بلند ہونا السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا النَّهارُ دن کا چڑھنا دراز ہونا۔ مِنْ بَیْنِهِمُ الخِصَامُ دشمنی زائل ہونا۔ الشَّیْءُ بلند ہونا۔

اِسْتَرْفَعَ. الشَّیْءَ اُٹھانے کو کہنا الخِوَانُ: دستر خوان خالی ہونا اور اُٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافِع. فا. بَرْقٌ رَافِعٌ چمکنے والی بجلی۔

الرِّفْعَة مص. بلندی و مرتبہ۔

الرَّفَاع و الرِّفَاع کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

اَلرَّافِعَةُ وَالمِخْل (فارسی کلمہ): بوجھ اٹھانے کا اوزار - کرین - پتھر توڑنے کا آلہ بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام القبان بھی ہیں قینچی جس کو المِقَصّ بھی بولتے ہیں - دسپناہ جس کو المِلْقَط بولتے ہیں - چپٹی جس کو الْکَسَّارَة بولتے ہیں -

الرَّفَاعَة والرُّفَاعَة والرِّفَاعَة. مِنَ الصَّوْتِ آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَة والرُّفَاعَة گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیْعَة حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔

المَرْفُوع مف. ایک قسم کی تیز دوڑ مِنَ الکَلام بلند گفتگو۔ والحَدِیْثُ المَرْفُوْعُ عِنْدَ المُحَدِّثِیْن وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔

الاِرْتِفَاع ارباب مساحت کے نزدیک بلندی مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں - دو قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم ہندسہ والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا (فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے سیدھے خط کے درمیان ہو۔

المِرْفَع بلند کرنے کا آلہ۔

المَرْفَع والمَرافِع. عِنْدَ المَسِیْحِیِّیْن: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغَ (ک) رَفَاغَة. العَیْشُ کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغ و رَفِیْغ و اَرْفَغ)

اَرْفَغَ. لَهُ المَعَاشَ آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لیے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرُّفْغ ج. اَرْفُغ و رِفَاغ وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ کَرُفْغِ التُّرَاب" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ج اَرْفَاغ و رُفُوْغ۔ جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔

اَرْفَاغُ النَّاسِ نااہل و کمینے لوگ۔

(الرُّفْغ والرَّفَاغَة والرَّفَاغِیَة) آسودہ زندگی کِلْسٌ رَفْغٌ نرم چونے کا گارہ۔

الرُّفْغ ناخن کا میل۔

الرُّفْغ بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے "اِذَا الْتَقَی الرُّفْغَان وَجَبَ الغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

الرُّفْغ ناخن کا میل۔

المَرَافِغ کج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)

المَرْفُوْغَة تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفَقَ (ن) رَفْقًا. نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا النَّاقَةَ. اونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ العَمَلَ مضبوطی سے کرنا۔

رَفَقَ و رَفُقَ (ن و ک) و رَفِقَ (س) رِفْقًا و مَرْفِقًا و مَرْفَقًا و مِرْفَقًا. بِهِ و لَهُ و عَلَیْهِ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

رَفِقَ (س) رَفَقًا. البَعِیْرُ پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَق)

رَفُقَ (ک) رَفَاقَةً. الرَّجُلُ ساتھی ہونا۔

رَافَقَهُ رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَافَقَهُ فِی السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔

اَرْفَقَهُ. مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔

تَرَفَّقَ. بِهِ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ عَلَیْهِ سہارا لینا۔

تَرَافَقَ. الرَّجُلَان ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِرْتَفَقَ. کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔ الاِنَاءُ: بھر جانا القَوْمُ سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بِهِ نفع اُٹھانا۔

اِسْتَرْفَقَهُ. مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔

تَمَرْفَقَ. تکیہ لینا۔

الرِّفْق مص۔ نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔

الرَّفِق ص۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ رَفِقُ الْبُغْیَة" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔

الرَّفَق تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔

نَاقَةٌ (رَفِقَة و رَفْقَاء) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔

الرِّفْقَة والرَّفْقَة والرُّفْقَة والرُّفَاقَة. ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفَاق و رِفَق و رُفَق و اَرْفَاق۔

الرَّافِقَة لطف و مہربانی۔ بہتر سلوک۔

الرِّفَاق اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج رُفُق۔

الرَّفِیْق ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقَاء۔

المِرْفَق والمَرْفِق کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرَافِق۔

المَرْفِق ہر وہ چیز جس سے نفع اُٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّار" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں؛ باورچی خانہ؛ پاخانہ وغیرہ۔ و "مَرَافِقُ البِلَاد" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔

المِرْفَقَة. چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَق المُرْتَفَق. تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِق. بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورُفُوْلًا ورَفَلَانًا. دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل) صفت مؤنث رَفِلَة۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورَفِلَ (س) رَفَلًا. بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل ورَفِل) وصفت مؤنث رَفْلَاء۔
اَرْفَلَ. دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔ ثِيَابَه: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَه" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَه. تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الإِزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. عَلَيْهِ: رئیس و سردار بننا۔
الرِّفْل. دامن۔
الرَّفَل. س۔ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرِّفَل. لمبے دامن والا۔ لمبی دم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔ عَيْشٌ رِفَلٌّ: کشادہ زندگی۔
الرُّفَال. مِنَ الشَّعْرِ: لمبے بال۔
المِرْفَال. مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَاءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
الرِّفَان. آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
رَفَهَ (ف) رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوْهًا. خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفْهَان)
رَفَهَتِ الإِبِلُ: حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِهَة) ج رَوَافِه۔
رَفُهَ (ک) رَفَاهًا ورَفَاهِيَةً ورَفَاهَةً العَيْشُ: زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفِيه)
رَفَّهَ وأَرْفَهَ. الرَّجُلَ: آسودہ و خوشحال بنانا۔
رَفَّهَ عَنْه: مہلت دینا۔ بار غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ اَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَّاعِي. الإِبِلَ: حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَهَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَهَ القَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّهَ. عَنْه: تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَهَ وتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ. آرام لینا۔
الرِّفْهُ. س۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَّفْهَة. رحمت و مہربانی۔
هُوَ (رَافِه) بِه: وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَهْنِيَة. فراخی، عیش ارزانی۔
الرُّفَه. خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنَى مِنَ التُّفَه عَنِ الرُّفَه"
رَفَا (ن) رَفْوًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاة اور صفت مفعولی (مَرْفُوٌّ) ہ: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّى تَرْفِيَةً. العَرِيْسَ: شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِّفَاءِ والبَنِيْن" کہنا۔
رَافَى رِفَاءً ومُرَافَاةً. الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔
اَرْفَى. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔
تَرَافَى. القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔
الرِّفَاء. اتفاق و موافقت۔
الاَرْفَى. ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث رَفْوَاء ج رُفْو۔
الاُرْفِيّ. ہرن کا دودھ یا مطلقا دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّةً. پتلا ہونا لَهُ: رحم کرنا وَجْهُه: شرم کرنا الرَّجُلُ: برے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهُ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا. العَبْدُ: غلام بننا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَهُ. پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ: نرمی سے پڑھنا الکَلَامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔ مَشْيَهُ: آہستہ چلنا مَابَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ. الشَّيْئَ: پتلا کرنا الوَاعِظُ قَلْبَه: دل کو نرم کرنا الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ العِنَبُ: انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ. الشَّيْئُ: پتلا ہونا لَه: رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ. الشَّيْئُ: پتلا ہونا العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا المَاءُ: پایاب ہو جانا۔
الرِّقّ. س۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لیے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقّ. لکھنے کے لیے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوْق۔
الرِّقّ والرُّقّ والرَّقَق. نرم و کشادہ زمین۔
الرُّقّ. سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الرَّقَق. کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الرَّقَّة. زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق۔ الرَّقَّة: ایک شہر کا نام۔ الرَّقَّتَان: دو شہر ہیں جن کے نام رقة ورافقه ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّة. رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّة العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔ رِقَّةُ الجَانِبِ: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاق. بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرُّقَاق. پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَة) نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَّقِيْق. پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِيْقَة۔ ج رِقَاق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِيْقُ المَعَانِي" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَيْشٌ رَقِيْقُ الحَوَاشِي" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی

زندگی۔ و "رَجُل رَقِيقُ الحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفظٌ رَقِيقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔ الرَّقِيقُ: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِيقٌ و عَبِيدٌ رَقِيقٌ اور کبھی اَرِقَّاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لیے رَقِيقٌ اور رَقِيقَةٌ دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِيقُ الْاَنفِ: ناک کا نرم حصہ۔ الرَّقِيقَانِ: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔ مَرَاقُ۔ البَطْنِ: پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔ المُرَقَّقُ۔ چوڑی پتلی روٹی۔ المِرْقَاقُ۔ بیلن۔ المُسْتَرَقُ۔ چیز کا نرم حصہ۔

رَقَأَ (ف) رَقْأً و رُقُوْءًا۔ الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَأَ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا فِي الدَّرَجَةِ: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلَى ضَلْعِكَ" اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔

اِرْقَأَ الدَّمَ اَوِ الدَّمْعَ: خشک کرنا۔

الرَّقُوْءُ۔ خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔

المَرْقَأَةُ و المِرْقَاةُ۔ سیڑھی۔ زینہ۔

الرَّقَاءُ۔ فساد۔

رَقَبَهُ (ن) رُقُوْبًا و رُقُوْبًا و رَقَابَةً و رِقْبَانًا و رِقْبَةً و رَقْبَةً۔ نگہبانی کرنا، انتظار کرنا، ڈرانا النَّجْمَ: ستاروں کی دیکھ بھال کرنا ۵: گلے میں رسی ڈالنا۔

رَاقَبَهُ۔ نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللهَ فِي اَمْرِهِ: خوف کرنا۔

اَرْقَبَهُ۔ الدَّارَ: بشرط رُقبیٰ زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبٰی) اَرْقَبَهُ الرُّقْبٰی: کسی کے لیے رُقبیٰ کرنا (دیکھو لفظ رُقبیٰ)

تَرَقَّبَهُ و اِرْتَقَبَهُ۔ انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَكَانَ: چڑھنا۔

تَرَاقَبَا: ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔

الرَّقَبُ۔ گردن کی موٹائی۔

الرُّقْبٰی۔ کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مر جاؤں تو یہ مکان تمہارے لیے ہے اور تم مر گئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔

الرِّقْبَةُ۔ احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباء و اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہا جاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔

الرَّقَبَةُ۔ گردن یا پس گردن۔ ج رِقَابٌ و رَقَبَاتٌ و رَقَبٌ و اَرْقُبٌ۔ الرَّقَبَةُ: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُمْ غِلَاظُ الرِّقَابِ" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔

الرُّقْبَةُ۔ چیتے کے شکار کے لیے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔

الْاَرْقَبُ۔ مؤنث رَقْبَاءُ۔ و (الرَّقَبَانُ و الرَّقَبَانِيُّ) موٹی گردن والا۔ الْاَرْقَبُ: شیر۔

الرَّقُوْبُ۔ میراث کے لیے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الرَّقُوْبُ مِنَ الشُّيُوْخِ وَالْاَرَامِلِ: وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ اُمُّ الرَّقُوْبِ: مصیبت۔

الرَّقِيْبُ۔ ج رُقَبَاءُ: نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس ماندگان۔ چچازاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِيْبُ الجَيْشِ: دیدبان۔ ج رُقُبٌ و رَقِيْبَاتٌ: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِيْبُ نَفْسِهِ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَّقِيْبُ" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّقَّابَةُ۔ مالک کی غیبوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔

المَرْقَبُ و المَرْقَبَةُ۔ نگرانی کرنے کی اونچی جگہ ج مَرَاقِبُ۔

المِرْقَبُ۔ دوربین۔

رَقَحَ۔ مَالَهُ: بہتر انتظام کرنا۔

تَرَقَّحَ۔ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔

اِرْتَقَحَ۔ زیادہ ہونا۔

الرَّقَاحَةُ۔ کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَةُ) اَهْلِهِ" وہ اپنے اہل و عیال کیلئے کمائی کرنے والا ہے۔

الرَّقَاحِيُّ۔ سوداگر۔

رَقَدَ (ن) رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا۔ سونا۔ صفت (رَاقِدٌ) ج رُقُوْدٌ و رُقَّدٌ۔ السُّوْقُ: بازار کا مندا پڑنا الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَنِ الْاَمْرِ: کام سے غافل ہونا عَنْ ضَيْفِهِ: مہمان کی خبر گیری نہ کرنا الثَّوْبُ: پرانا ہونا۔

اَرْقَدَ۔ سلانا اَرْقَدَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

تَرَاقَدَ۔ سوتا ہوا ظاہر کرنا القَوْمُ عَلٰى فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔

اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا۔ جلدی کرنا۔

اِسْتَرْقَدَ۔ نیند کا غالب ہونا۔

الرَّقْدَةُ۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔

الرُّقَدَةُ و اليَرْقُوْدُ۔ بہت سونے والا۔

الرَّقُوْدُ۔ ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ رَقُوْدُ الضُّحٰى" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔

الرَّقَدَانُ۔ بکری کے بچے وغیرہ کی اچھل کود۔

الرَّاقُوْدُ۔ بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِيْدُ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔

التَّرْقِيْدُ۔ ایک قسم کی چال۔ تَرْقِيْدُ البَيْضِ: بچے نکالنے کے لیے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔

المَرْقَدُ۔ خواب گاہ۔ ج مَرَاقِدُ۔

المُرْقِدُ۔ خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔

رَقْرَقَ۔ المَاءَ: چھڑکنا العَيْنُ: آنسو بہانا الخَمْرَ: پانی ملانا الطِّيْبَ فِي الثَّوْبِ: خوشبو لگانا۔

تَرَقرَقَ. الماءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا العَینُ: آنسو بہانا الدَّمعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَّمسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔
الرَّقراق: وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَّمعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ مِنَ السَّحابِ: آنے جانے والا بادل۔
الرُّقارِق: سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔
رَقَزَ(ن) رَقْزًا: ناچنا العِرْقُ: اُچھلنا۔
الرَّقّاز: ناچنے والا۔
رَقَشَه(ن) رَقْشًا: نقش کرنا الکَلامَ: لکھنا، سجانا۔
رَقَّشَ. الکَلامَ: لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا الصَّحِیفَةَ: سطریں کرنا الرَّجُلَ: عتاب کرنا الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔
تَرَقَّشَ: مزین ہونا۔
اِرْتَقَشَ: حسن زینت ظاہر کرنا الجَیْشُ: لڑائی میں گتھ جانا۔
الاَرْقَشُ: سفید و سیاہ چیتوں والا۔ مؤنث رَقْشاء.
الرَّقْش والرَّقْشَة: ایک قسم کا رنگ جس میں میلا پن اور سیاہی ہو۔
الرَّقْشاء. مِنَ الحَیّاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔
رَقَصَ(ن) رَقْصًا: ناچنا۔ اضطراب کرنا النَّبِیذُ: جوش مارنا فِی الکَلامِ: جلدی جلدی بولنا (رَقْصًا ورَقَصًا و رَقَصانًا) الجَمَلُ: اونٹ کا دوڑنا۔
رَقَّصَه واَرْقَصَه: نچانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِرْقَصَ القَوْمُ فِی سَیْرِھِمْ" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔
اِرْتَقَصَ. السِّعرُ: بھاؤ گراں ہونا۔
تَرَقَّصَ. الشَّیْءُ: جلدی جلدی پست و بلند ہونا۔
الرَّقّاصُ: وہ تپلی جو کہ لٹکائی جائے اور دھاگہ کے ذریعے ناچے۔ ہر جسم جو کہ اپنے محور کے اردگرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔
الرَّقّاصُ: بہت ناچنے والا۔ اور اسی سے ہے رَقّاصُ السّاعَةِ (گھڑی کا پنڈولم)
الرَّقّاصَةُ: رقاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک کھیل کا نام۔ باوجود بارش کے پیداوار نہ اگانے والی زمین۔
شِعْرٌ (مُرَقِّصٌ): وجد میں لانے والا شعر۔
فَلاةٌ (مُرَقِّصَة): بیابان جو چلنے والے کو دوڑنے پر اُبھارے۔
رَقِطَ(س) رَقَطًا: سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔
رَقَّطَ. عَلَی الثَّوْبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔
تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا وارْقَطَّ اِرْقِطاطًا و اِرْقاطَّ اِرْقِیطاطًا: سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔ صفت (اَرْقَط) مؤنث رَقْطاء ج رُقْط الاَرْقَطُ: چیتا۔
الرُّقْطَة: سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔
الرَّقْطاء: فتنہ و فساد۔
اَلرُّقَّیْطاءُ: زیبائشی پودا۔
رَقَعَ(ف) رَقْعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا الغَرَضَ بِسَھْمِه: نشانہ پر مارنا ذَنَبَهُ بالسَّوْطِ: دم پر کوڑے سے مارنا فِی السَّیْرِ: تیز چلنا الرَّجُلَ: ہجو کرنا الشَّیْخُ: اُٹھنے کے لیے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔
رَقُعَ(ک) رَقاعَةً: بیوقوف و بے حیاء ہونا۔ صفت (رَقِیع واَرْقَع و مَرْقَعان)
رَقَّعَ تَرْقِیعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْیاہُ بآخِرَتِه" اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ و "ھُوَ صاحِبُ تَرْقِیعٍ و تَوْصِیلٍ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔
راقَعَ. الخَمْرَ: ہمیشہ شراب پینا۔
اَرْقَعَ. الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا الرَّجُلُ: حماقت کا کام کرنا۔
تَرَقَّعَ. البِلادَ: شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (اِرْتَقَعَ) بِه وَلَه" یعنی اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
اِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ: قابل مرمت ہونا۔
الرَّقِیع: س۔ متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔
الرَّقْعَة: نشانہ میں تیر کی آواز۔
الرُّقْعَة: تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقْعَةُ الشَّطْرَنْجِ: شطرنج کا تختہ۔ رُقْعَةُ الغَرَضِ: جس پر نشانہ لگایا جائے۔ رُقْعَةُ الاَرْضِ: زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقْعَةُ الشَّیْءِ: چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَعٌ ورِقاعٌ۔ کہا جاتا ہے "فِی ھٰذا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔
الرَّقْعاء. اَرْقَع کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقْعاءُ: مختلف رنگوں والی گائے۔
الرَّقِیع: آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج اَرْقِعَة.
جُوعٌ (یَرْقُوع): سخت بھوک۔
المُرْتَقَع: کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لا اَرَی فِیه مُرْتَقَعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔
اَرْقَلَ: دوڑنا، پے بہ پے چلنا المَفازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔ اَرْقَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔
الرَّقْلَة: کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقال و رَقْل۔
الرّاقُول: کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ پاہی۔
المِرْقال والمُرْقِل والمُرْقِلَة. مِنَ الاِبِلِ: تیز رفتار اونٹ۔ ج مَراقِیل ومَراقِل و مُرْقِلات۔
رَقَمَ(ن) رَقْمًا ورَقَّمَ: لکھنا الکِتابَ: اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا البَعِیرَ: اونٹ پر داغ لگانا الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلانٌ یَرْقُمُ

عَلَی الْمَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو۔

الرَّقْم. س۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ معرب اَرْقَام و رُقُوْمُ الْاَرْقَام الْهِنْدِيَّة: ہندسے۔

الرَّقْم الرَّقِم و بِنْتُ الرَّقِم. مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْمِ او بِالرَّقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَّقِمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الرَّقْمَة. باغ۔ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی۔ کہا جاتا ہے "ما وَجَدْتُ فِيْ الْاَرْضِ اِلَّا رَقْمَةً مِنْ كَلَاءٍ" میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرَّقَمَة. ایک قسم کی نباتات۔

الرَّقِيْم. کتاب۔ لکھا ہوا۔

الْاَرْقَم. ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج اَرَاقِم. اس کی مادہ کو رَقْمَاء نہیں رَقْشَاء کہتے ہیں۔ الْاَرْقَم: قلم۔

الرَّقَم والرُّقْمَة. چتی دار سانپ کا رنگ۔

الْمِرْقَم. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم.

الْمَرْقُوْم. مف۔ كِتَابٌ مَرْقُوْمٌ: واضح لکھی ہوئی کتاب۔ ثَوْرٌ مَرْقُوْمُ الْقَوَائِم: ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل۔ اَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ: تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَتْ (ن) رَقْنًا. الْجَارِيَة: لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَهٗ. نقش و نگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الْكِتَابَ: مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔ الْخَطَّ: نقطے لگانا و اَرْقَنَ) لِحْيَتَهٗ: داڑھی پر خضاب لگانا۔

اَرْقَنَ و تَرَقَّنَ اِرْتَقَنَ واسْتَرْقَنَ. خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَّقِيْن والمَرْقُوْن. لکھا ہوا۔

الرِّقَان والرُّقُوْن والْاِرْقَان. مہندی یا زعفران۔

الرَّقْن. مردار خوار پرند کا انڈا۔

الرَّقْوُ والرَّقْوَة. گول و بلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِيَ (س) رَقْيًا و رُقِيًّا. الْجَبَلَ و فِيْهِ وإِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقَى (ض) رَقْيًا ورُقِيًّا ورُقْيَةً. ہ و عَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لیے منتر کرنا۔

رَقَّاهُ تَرْقِيَةً. بلند کرنا۔ چڑھانا۔

اِرْتَقَى اِرْتِقَاءً وتَرَقَّى تَرَقِّيًا. الْجَبَلَ وفِيْهِ وإِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا فِي السُّلَّم: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا بہ الْاَمْر: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يَتَرَقَّى بِهِ الْاَمْرُ حَتّٰى بَلَغَ غَايَتَهٗ" فلاں کے لیے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔ و تَرَقَّى الرَّجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقَى. اَمْرُهُمْ اِلَى الْفَسَادِ. معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

اِسْتَرْقَاهُ. منتر کرنے کو کہنا لَهٗ: کسی کے لیے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُّقْيَة. منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقًى ورُقْيَات ورُقَيَات.

الرَّاقِي. فا. منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة وراقُوْنَ مؤنث رَاقِيَة ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِيَةٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِيَةٌ کے۔ تا مبالغہ کیلئے ہے، تانیث کی نہیں۔

الرَّقَّاء. ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

الْمُرْتَقَى. چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَيْتُ مُرْتَقًى صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَّرْقُوَة. ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِي

الْمَرْقَى والْمِرْقَاة والْمَرْقَاة. سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاقٍ

رَكَّ (ض) رَكًّا ورِكَّةً ورَكَاكَةً. ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْهُ مِنْ حَيْثُ رَكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو الرَّجُلُ: کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَكَّ (ن) رَكًّا. الشَّيْءَ: بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَّ الْاَمْرَ فِي عُنُقِهٖ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا الشَّيْءَ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔

رَكَّكَ واَرَكَّ. السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔ اَرَكَّ الْحَقُّ فُلَانًا: غالب ہونا۔

اُرِكَّتْ و رُكِّكَتْ الْاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔

اِرْتَكَّ. مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ فِي الْاَمْرِ: شک کرنا۔

اِسْتَرَكَّهٗ. کمزور سمجھنا یا کمزور پانا

الرَّكُّ والرِّكُّ. ج رِكَاك واَرْكَاك و (الرَّكَّة والرَّكِيْكَة) ہلکی بارش۔ اَرْضٌ رِكٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔ الرِّكُّ: لاغر۔

الرَّكَاك والْاَرَكُّ. کمزور عقل۔ کمزور رائے۔

الرَّكِيْك. ج رِكَاك و رَكَكَة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔ الرَّكِيْك مِنَ الْكَلَام: پھس پھسی گفتگو۔ رَجُلٌ رَكِيْكُ الْعِلْمِ: کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَكِيْكُ النَّسْجِ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

الرُّكَاكَة. کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ و امْرَأَةٌ رُكَاكَةٌ" ج رِكَاك

الرُّكُوْكَة. کمزوری۔

رَكِبَ (س) رُكُوْبًا و مَرْكَبًا. الدَّابَّةَ و عَلَى الدَّابَّةِ: چڑھنا۔ سوار ہونا الْبَحْرَ دریائی سفر کرنا الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔ اَثَرَهٗ: پیچھا کرنا هَوَاهُ: مطیع خواہشات ہونا رَاْسَهٗ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا الذَّنْبَ: ارتکاب کرنا الْخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔ رَكِبَهُ الدَّيْنُ: مقروض ہونا۔

رَكِبَ (س) رَكَبًا. بڑے زانو والا ہونا۔

رَكَبَهٗ (ن) رَكْبًا. زانو پر مارنا۔

رُكِبَ زانو میں درد والا ہونا۔

رَكَّبَ. الشَّيءَ ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا ہ الفَرَسَ سوار کرانا۔

أَرْكَبَهُ سواری دینا المُهْرُ: سواری کے قابل ہونا۔

تَرَكَّبَ ترکیب پانا۔

اِرْتَكَبَهُ سوار ہونا الذَّنْبَ: گناہ کر بیٹھنا الاَمْرَ دلیری سے گھس پڑنا۔ الدَّيْنَ: قرض زیادہ لینا۔

تَرَاكَبَ. الاَمْرُ تہ بتہ ہونا۔

الرَّكْبُ. اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج أَرْكُبٌ و رُكُوْبٌ.

الرِّكْبَةُ "رَكِبَ الدَّابَّةَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الرِّكْبَةِ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُّكْبَةُ زانو۔ گھٹنا۔ ج رُكَبٌ و رُكْبَاتٌ و رُكَبَاتٌ. کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ اِصْطَكَّتْ فِيهِ الرُّكَبُ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُكْبَةُ الدَّجَاجَةِ و رُكْبَةُ الرَّامِي: دو ستاروں کے نام۔

الرِّكَابُ زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُكُبٌ. الرِّكَابُ: سواری کے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَةٌ ہے۔ ج رُكُبٌ و رَكَائِبُ و رِكَابَاتٌ. رِكَابُ السَّحَابِ: ہوائیں۔

الرَّكُوْبُ بہت سوار ہونے والا۔

(والرَّكُوْبَةُ) سواری کا اونٹ۔ سواری۔ ج رَكَائِبُ. طَرِيْقٌ رَكُوْبٌ: چلتا ہوا راستہ۔

الرَّكَّابُ. بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَكَّابَةٌ.

اَلْمَرْكَبَاتُ واحد مَرْكَبَةٌ: مختلف شکلوں کی سامان والی (راہٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔

الرُّكَّابُ کابوس۔

الرَّاكِبُ. فا سوار۔ ج رُكَّابٌ و رُكْبَانٌ و رُكُوبٌ و رِكَبَةٌ و رَكْبٌ و رَكَبَةٌ. مؤنث رَاكِبَةٌ ج رَوَاكِبُ پہاڑ کی چوٹی۔

الرَّاكِبُ الرَّاكِبَةُ والرَّاكُوبُ والرَّاكُوبَةُ درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔

الرَّكِيْبُ جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نَخْلٌ رَكِيْبٌ: ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔

الأَرْكَبُ. بڑے زانو والا۔ بَعِيْرٌ أَرْكَبُ: اونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔

المَرْكَبُ. سواری خواہ بری ہو یا بحری۔

المَرْكَبُ. اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ المَرْكَبِ" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے۔ الجَهْلُ المُرَكَّبُ: باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔

المَرْكُوبُ. سواری۔ ج مَرَاكِيْبُ.

رَكَحَ (ف) رَكْحًا وارْتَكَحَ. عَلَى الشَّيءِ وإلَيْهِ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (رُكُوْحًا) إلَيْهِ مائل ہونا۔

أَرْكَحَ. عَلَيْهِ: سہارا لینا ہ إلَيْهِ: ٹیک لگانا۔ کہا جاتا ہے "أَرْكَحْتُ إلَيْهِ ظَهْرِي" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔

تَرَكَّحَ فِي المَعِيشَةِ: حصول معیشت کے لیے تصرف کرنا فِي الدَّارِ: فراخی و کشادگی کرنا بالمَكَانِ: اقامت کرنا؛ ٹھہرنا۔

الرُّكْحُ. پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُكُوحٌ. أَرْكَاحٌ. الإِرْكَاحُ: راہبوں کے مکانات۔

الرُّكْحَةُ گھر کا صحن۔ ج رُكَحٌ.

الرَّكْحَاءُ. سخت بلند زمین۔

جَفْنَةٌ (مُرْتَكِحَةٌ) ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔

رَكَدَ (ن) رُكُودًا. المَاءُ اوِ الرِّيحُ: ٹھہرنا۔ المِيزَانُ: ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِيرُ العِنَبِ: جوش ٹھنڈا پڑنا العَكَرُ والثُّفْلُ: تلچھٹ بیٹھنا الشَّمْسُ بالکل سر پر آکر ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَدَتْ رِيحُهُمْ" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔

الرَّاكِدُ. فا ٹھہرا ہوا۔

الرَّكُوْدُ بھرا ہوا پیالہ: ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَرَاكِدُ. ٹھہرنے کی جگہیں۔

رَكْرَكَ. الشَّيءُ: کمزور ہونا الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِهِ رَكْرَكَةٌ" وہ ہر چیز میں کمزور ہے۔

رَكَزَ (ن ض) رَكْزًا. الرُّمْحَ وَنَحْوَهُ: زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔

رَكَّزَ. الرُّمْحَ: گاڑنا۔

أَرْكَزَ. المَعْدِنُ: دھات والا ہونا۔ الرَّجُلُ: کان پانا۔

اِرْتَكَزَ. العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ الشَّيءُ: اپنی جگہ میں برقرار رہنا عَلَى العَصَاءِ: لاٹھی پر سہارا لینا۔

الرِّكْزُ دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض آدمی۔

اَلرَّاكِزُ صاحب وقار و سنجیدہ آدمی

الرِّكْزَةُ حزم۔ حکمت۔ ثبات عقل۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُهُ فَمَا رَأَيْتُ لَهُ رِكْزَةً" میں نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِّكْزَةُ: چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے اُکھیڑ لیا جائے۔

الرَّكِيْزَةُ. زمین کے اندر دفن کئے ہوئے جواہر۔ ج رَكَائِزُ.

الرِّكَازُ زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِكْزَةٌ) ج أَرْكِزَةٌ ورِكْزَانٌ.

المَرْكَزُ دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِزُ. مراكِزُ الأَسْنَانِ دانت نکلنے کی جگہیں۔

رَکَسَ (ن) رَکْسًا. الشَّیَٔ: اُلٹ دینا۔ البَعِیْر: اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ رِکَاس)

اَرْکَسَهٗ. اوندھا کرنا الشَّیَٔ: پہلی حالت پر لوٹا دینا الثَّوْبَ فِی الصِّبْغِ: کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا الجَارِیَةُ: پستان اُبھرنا شروع ہونا۔

تَرَاکَسَ. الشَّعْرُ: بالوں کا تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَکَسَ. اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِیْ مَکَانِهٖ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

الرِّکْس. پلیدی۔ گندگی مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔

الرَّاکِس. وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔

الرِّکَاس. رسّی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں۔

الرَّکَاسَة والرِّکَاسَة. جو چیز زمین میں گاڑی جائے۔ جیسے میخ؛ کیل وغیرہ۔

الرَّکِیْس. اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔

رَکَضَ رَکْضًا: دوڑنا۔ پاؤں ہلانا ٥: دفع کرنا الفَرَسَ بِرِجْلَیْهِ: گھوڑے کو ایڑ لگانا الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا مِنْهُ: جلدی سے بھاگنا۔ النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا القَوْسَ: تیر اندازی کرنا الاَرْضَ والثَّوْبَ: پیر سے ملنا۔

رُکِضَ. الفَرَسُ: دوڑایا جانا۔ صفت (مَرْکُوْض)

رَاکَضَهٗ مُرَاکَضَةً. گھوڑا دوڑانے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَاکَضَ. القَوْمُ: باہم دوڑانا۔

اِرْتَکَضَ. ہلنا۔ مضطرب ہونا الجَنِیْنُ: پیٹ میں حرکت کرنا الرَّجُلُ فِیْ اَمْرِهٖ: اپنے معاملہ میں تصرف کرنا خَیْلَهُمْ اِلَیْهِ: دوڑانا القَوْمُ فِی المَیْدَانِ: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

الرَّکْضَة. حرکت۔ دھکا۔

الرَّکُوْض. تیز دوڑنے والا۔ قَوْسٌ رَکُوْضٌ: جلدی تیز پھینکنے والی کمان۔

المِرْکَاض. بہت دوڑنے والا۔

المِرْکَض. آگ سلگانے کی چیز مِنَ القَوْس: کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاکِض۔

مَرَاکِض الحَوْض. حوض کے کنارے۔

المِرْکَضَة. کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مُرْکَضَة) جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

رَکَعَ (ف) رَکْعًا ورُکُوْعًا. سر جھکانا۔ پشت۔ خم کرنا اِلَی اللهِ: اللہ کے سامنے پست ہونا الرَّجُلُ: تونگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔

رَکَّعَهٗ واَرْکَعَهٗ. جھکوانا۔

الرَّاکِع. فا. سر جھکانے والا۔ ج. رَاکِعُوْن و رُکَّع ورُکُوْع.

الرُّکْعَة والرَّکْعَة. زمین کا گڑھا۔

الرَّکْعَة: رَکَع کا اسم مرۃ۔

رَکَلَه (ن) رَکْلًا ورَکَّلَه. لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَلَ الفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لیے ایڑ لگائی۔

رَکَلَتِ الْخَیْلُ الاَرْضَ: زمین پر سم مارنا۔

رَاکَلَ. صَاحِبَه: ایک دوسرے کو لات مارنا۔

تَرَاکَلَ. القَوْمُ: باہم لات مارنا۔

تَرَکَّلَ. الحَافِرُ بِالمِسْحَاةِ و عَلَیْهَا: پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔ تَرَکَّلَتِ الاَرْضُ: کھروں سے کھدنا۔

الرَّکْل. گندنا۔ (الرَّکَّال) گندنا فروش۔

الرَّکْلَة. رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔

المَرْکَل. راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج

مَرَاکِل. تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَهْدُ المَرَاکِل" بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔

المِرْکَل. سوار کا پیر۔ ج مَرَاکِل۔

رَکَمَ (ن) رَکْمًا. الشَّیَٔ: تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔

تَرَاکَمَ وارْتَکَمَ. الشَّیُٔ: ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاکَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔

الرَّکَم. تہ بتہ بادل۔

الرُّکْمَة. کیچڑ کا ڈھیر۔ الرُّکَام. تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔ قَطِیْعٌ. رُکَام: بڑا ریوڑ۔

اَلرَّکِیْمَةُ (اَلذَّرِّیَّة) ایٹمی مواد پیدا کرنے کا آلہ۔

اَلْمِرْکَمُ: بجلی بھرنے کا آلہ۔

مُرْتَکَمُ. الطَّرِیْق: شاہراہ۔

المَرْکُوْم. مثٗ سَحَابٌ مَرْکُوْمٌ: تہ بتہ بادل۔ نَاقَةٌ مَرْکُوْمَةٌ: موٹی اونٹنی۔

رَکَنَ (ن) ورَکِنَ (س) رُکُوْنًا. اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔

رَکُنَ (ک) رَکَانَةً ورُکُوْنَةً. صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔

اَرْکَنَ. اِلَیْهِ: بھروسہ کرنا۔

تَرَکَّنَ. مضبوط و صاحب وقار ہونا۔

الرُّکْن. باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ مِنَ الشَّیِٔ: جز۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُکْنٌ مِنْ اَرْکَانِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُکْنُ الرَّجُل: آدمی کی قوم۔ ج اَرْکَان و اَرْکُن. الاَرْکَان: اجسام بسیطہ جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ؛ پانی؛ ہوا اور مٹی۔

الرَّکْن. چوہا۔ جنگلی چوہا۔

اَرْکَانُ الْحَرْب: فوجی قیادت کے قائدین۔ وہ جگہ جہاں فوجی قائدین رہائش پذیر ہوں۔

الرَّکِیْن. ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ باوقار۔

الرَّکِیْنُ مِنَ الجِبَال: بلند اطراف والا پہاڑ۔

الرُّکَیْن. چوہا۔ جنگلی چوہا۔

الاَرْکُوْن. رئیس۔ بڑا کسان۔ ج اَرَاکِنَة (کلمہ یونانیہ ہے)

المِرْکَن لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔

ج مَرَاكِن۔
المُرکَنّ: بڑا تھن۔ نَاقَةٌ مُرکَنَةٌ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
رَکَا(ن) رَکْوًا. الاَرْضَ: کھودنا۔ الحَوْضَ: حوض کو بنا کر تیار کرنا۔ الاَمْرَ: درست کرنا۔ الشَّیَّ: باندھنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ الحَمْلَ عَلَی البَعِیْرِ: بوجھ دو چند لادنا۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ: برائی بیان کرنا۔
اَرْکیٰ اِرْکَاءً. الاَرْضَ: کھودنا۔ الحَوْضَ: حوض کو تیار کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ عَلَیْهِ: برائی بیان کرنا۔ اِلَیْهِ: پناہ لینا۔ لَهُمْ جُنْدًا: کسی کے لیے فوج تیار کرنا۔
رَاکیٰ. عَلَی الاَمْرِ: کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔
تَرَکّیٰ وارْتَکیٰ. عَلَیْهِ: کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
الرَّکْوَة. بتثلیث الراء: چھوٹی ڈونگی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کیلئے نیچے رکھیں۔ الرِّکْوَة: چھاگل ج رِکَاء ورَکَوَات.
الرَّکیَّة. پانی والا کنواں۔ ج رَکَایَا ورَکِیّ.
المُرْتَکِی والمُرَاکِی. ہمیشہ رہنے والا۔
المَرْکُوُّ. کنوئیں کا چوبچہ۔ بڑا حوض۔
الرَّکِیّ. ضعیف وسُست۔
رَمَّ(ن ض) رَمًّا ومَرَمَّةً. البِنَاءَ اَوِ الاَمْرَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا السَّهْمَ بعَیْنِهِ: تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا البَهِیْمَةُ: چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا الشَّیَّ: کھانا۔
رَمَّ(ض ن) رِمَّةً ورَمًّا ورَمِیْمًا. العَظْمُ. ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِیْم) ج اَرِمَّاء. رَمَّ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اَرَمَّ. العَظْمُ: بوسیدہ ہونا۔ پُر مغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَی اللَّهْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔ القَوْمُ: خاموش ہونا۔

رَمَّمَ. البِنَاءَ: عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔
تَرَمَّمَ. الشَّیَّ: کسی چیز کی اصلاح ودرستی کے درپے ہونا العَظْمَ: ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔
اِرْتَمَّت. البَهِیْمَةُ: چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ اِرْتَمَّ مَا عَلَی الخِوَانِ کھا کر دستر خوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔
اِسْتَرَمَّ. البِنَاءُ: عمارت کا قابل مرمت ہونا الرَّجُلَ: کسی چیز کی درستی کیلئے بلانا۔
الرَّمّ: مس اور کہا جاتا ہے "مَا لِیَ مِنْهُ حَمٌّ ولَارَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔ و "مَالَهُ حَمٌّ ولَارَمٌّ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الرِّمّ. نمناک مٹی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بالطِّمِّ والرِّمِّ" وہ بری وبحری چیزیں یا خشک و ترچیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا۔
الرِّمّ. غم۔ جماعت۔
الرَّمَّاء. مِنَ النِّعَاجِ: سفید بھیڑ۔
الرُّمَّة. پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ ج رُمَم اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ الشَّیَّ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا۔
الرِّمَّة. پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ پر دار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج رِمَم ورِمَام.
الرَّامَّة. مِنَ الجَوَارِی: بہتر کار پرداز وماہر لڑکی۔ ج رُمَّم.
حَبْلٌ (رِمَامٌ واَرْمَامٌ ورِمَمٌ) پرانی وبوسیدہ رسّی۔ الرَّمِیْم والرُّمَام. بوسیدہ۔
الرُّمَامَة. بقدر ضرورت گزارہ۔ کہا جاتا ہے "اِکْتَفیٰ بالرُّمَامَةِ" اس نے بقدرِ ضرورت گزارہ پر کفایت کی۔
المِرَمَّة والمَرَمَّة. کھر دار جانور کا ہونٹ۔
المُرِمَّات. مصیبتیں۔
رَمَأَ (ف) رَمْأً ورُمُوْءًا. بالمَکَانِ: اقامت کرنا الخَبَرَ: گمان کرنا اور اندازہ کرنا (واَرْمَأَ) عَلَی المِائَةِ: زائد ہونا۔ اَرْمَأَ اِلَیْهِ: قریب ہونا۔

مُرَمَّآت. الاَخْبَارِ: جھوٹی خبریں۔
رَمَثَهُ(ن) رَمْثًا. درست کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا۔ چرانا۔ الشَّیَّ بالشَّیِّ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔
رَمِثَ(س) رَمَثًا. البَعِیْرُ: رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا۔ اَمْرُهُمْ: گڈمڈ ہونا۔ مخلوط ہونا۔
رَمَّثَ. عَلَی المِائَةِ: زائد ہونا۔ (و اَرْمَثَ) الحَالِبُ فِی الضَّرْعِ: تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا۔
اَرْمَثَ واسْتَرْمَثَ. فِی مَالِهِ: باقی رکھنا۔
اَرْمَثَ الشَّیَّ: نرم کرنا۔
الرِّمْث. غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی شور و تلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں۔ پرانے کپڑوں والا مرد۔ کمزور پیٹھ والا۔
الرَّمَث. تھن کا بقیہ دودھ۔ دریا کے عبور کرنے کے لیے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔ پرانی رسّی۔ ج اَرْمَاث و رِمَاث. اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ اَرْمَاثٌ" پرانی رسّی۔
الرُّمْثَة. دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ۔
الرَّمْثَاء والمَرْمَثَة. رمث گھاس اگانے والی زمین۔
الرَّمَّاثَة. مادہ نیل گائے۔
رَمَجَ(ن) رَمْجًا. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
رَمَّجَ. الکَاتِبُ: لکھنے کے بعد خراب کرنا۔
رَامِجٌ. فا. پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا اُلو کہ اُس کے پر باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔
الرِّمَاج. نیزے کی گرہیں اور پورے۔
رَمَحَ (ف) رَمْحًا. نیزہ مارنا۔ رَمَحَتْهُ الدَّابَّةُ: جانور کا لات مارنا۔ رَمَحَ البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔
رَامَحُوْا. باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرامَح. القَومُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الرُمح. نیزہ۔ ج رِمَاح واَرْمَاح. کہا جاتا ہے "کَسَرُ وَابَینَهُم رُمحًا" یعنی ان کے درمیان شر وفساد واقع ہو گیا۔ و "رُمِینا بیوم کظِلَّ الرُمح" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔ و "هُمْ عَلٰی بَنِی فُلَانٍ کَرُمحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔ "واَخَذَتِ الإبلُ رِمَاحَها" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچا لیا۔ الرُمح: فقر وفاقہ۔
الرَامِح. نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذی کَذَا ہے اور اس کے لیے فعل نہیں)
ثورٌ رَامِحٌ: سینگوں والا بیل۔ السَمَاكُ الرَامِح: ایک ستارہ کا نام۔
الرَمَّاح. نیزہ ساز۔ نیزہ لینے والا۔ ج رَمَّاحَة. والرَمَّاحَة مِنَ القِسِيِّ: زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔
الرِمَاحة. نیزہ سازی۔
دَابَّةٌ (رَمَّاحَةٌ ورَمُوحٌ) بہت کاٹنے والا جانور۔
اَرْمَخَ. الرَجُلُ: نرم وتابع ہونا۔
اَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کے دانت نکلنا۔ موٹا ہونا۔
الرِمخ. بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔
رَمَدَ (ض) رَمْدًا و رِمَادَةً. سردی سے ہلاک ہونا۔ (ن ض) (رَمْدًا) القَومَ: قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا۔
رَمِدَتْ (س) رَمَدًا. العَینُ: آنکھ دکھنا الرَجُلُ: آشوبِ چشم والا ہونا۔ رَمِدَ عَیشُ القَومِ: ہلاک ہونا۔
رَمَّدَ. الشَّیئَ: راکھ میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَاقَةُ: تھن والی ہونا۔
اَرْمَدَ. محتاج ہونا القَومُ: قحط وخشک سالی میں پڑنا۔ قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا۔
العَینَ: مبتلائے آشوبِ چشم کرنا۔ اَرْمَدَهُ: راکھ جیسا کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔
اِرْمَدَّ. الشَّیئُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔ العَینُ: آنکھ دکھنا فُلَانٌ: شترمرغ کی طرح دوڑنا۔
الرَمَد. آشوبِ چشم۔ آنکھ کا دکھنا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کے لیے تکلیف دہ ہو۔
الرَمِد. آشوبِ چشم والا مِنَ المِیَاهِ: متغیر پانی مِنَ الثِیَابِ: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ.
الاَرْمَد. آشوبِ چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوبٌ اَرْمَد: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء. الرَمْدَاء: شترمرغ۔ ج رُمْدٌ.
الرَمَاد. راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ یَنْفُخُ فِي رَمَادٍ" مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔
الرَمَادَة. ہلاکت۔
الرِمْدَة. تھوڑی سی چیز۔
الرُمْدَة. خاکستری رنگ۔
الرَمَادِیّ. خاکستری رنگ کا۔
الرِمْدِدَاء والاِرْمِدَاء. خاکستر۔ راکھ۔
المُرْمِدُ والمُرْمَدُّ. آشوبِ چشم والا۔
المُرَمَّد. گرم راکھ میں بھونا ہوا۔
رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا. اِلَیهِ: اشارہ کرنا۔ ہ بِکَذَا: برانگیختہ کرنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
رَمَزَ (ن) رَمَزَانًا. الظَّبْیُ: ہرن کا چھلانگ مارنا غَنَمَهُ: ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔
رَمُزَ (ک) رَمَازَةً. بہت حرکت کرنا۔ عقلمند ہونا۔ بزرگ وشریف ہونا۔
تَرَمَّزَ واِرْتَمَزَ. تیار ہونا مِنَ الضَرْبَةِ: مار سے تلملا اٹھنا القَومُ: اٹھنے کے لیے یا خصومت کے لیے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔
اِرْمَازَّ اِرْمِئْزَازًا. الرَجُلُ: جگہ سے ہٹنا جگہ سے چپٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔
تَرَامَزَ. القَومُ: ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلتُ عَلَیهِم فَتَغَامَزُوْ اوتَرَامَزُوا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔
الرَمْز والرُمْز والرَمَز. اشارہ۔ ج رُمُوز.
الرَمِیز. مکرم ومعظم۔ اصیل۔ عقلمند۔ بہت حرکت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِیزُ الفُؤَادِ" تنگ دل مرد۔
الرَمَّازَة. دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا لشکر۔
الرَامِز. مِنَ الاِبِلِ: پوری قوت والا اونٹ اِبِلٌ (مَرَامِیز) بہت حرکت کرنے والا اونٹ۔
الرَمْزِیَّةُ: شعری مسلک جو کہ اشاروں کے ساتھ چیزوں اور ان کے ہم جنس کے درمیان تشبیہ دیتے ہیں۔
الرَامُوز. سمندر۔ اصل۔ نمونہ۔ ج رَوَامِیز.
الرُمَیز. چھری۔
رَمَسَهُ (ض ن) رَمْسًا. ڈھانپنا۔ دفن کرنا الخَبَرَ: چھپانا۔ القَبْرَ: قبر پر مٹی ہموار کرنا۔ ہ بالحَجَرِ: کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی (رَمِیس و مَرْمُوس)
اَرْمَسَ. المَیِّتَ: دفن کرنا۔
اِرْتَمَسَ. فِي المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الرَمْس. وہ قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو۔ قبر کی مٹی۔ پست آواز۔ ج رُمُوس واَرْمَاس.
الرَوَامِس. رات میں اڑنے والے پرندے۔ ہر جانور جو رات کو نکلے۔ واحد (رَامِس)
(والرَامِسَات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔
الرَامُوس. قبر۔ ج رَوَامِیس
المَرْمَس. قبر کی جگہ۔
رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا. الشَّیئَ: انگلیوں سے پکڑنا۔ رَمَشَتِ الغَنَمُ: بکریوں کا تھوڑا چرنا ہ بالحَجَرِ: کسی کو پتھر مارنا ہ بِیَدِہ:

ہاتھ سے چھونا۔
اَرْمَش. الشَّجَرُ: درخت پر پتے آنا۔ پھلدار ہونا الرجلُ: کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنافی الدمْع: تھوڑے آنسو بہانا۔
الرَمَش. پلکوں کی سرخی سیلان آب کے ساتھ۔ پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا۔
الرُمْش. نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔
الرُمْش. س۔ پھولوں کا دستہ۔ رُمْشُ العَيْن: پلک۔
الاَرْمَش. خوبصورت بناوٹ والا۔ مؤنث رَمْشاء. ج رُمْش (والمُرَمَّش) چندھی آنکھوں والا۔ الاَرْمَش: مختلف رنگوں والا۔
اَرْض (رَمْشاء) بہت گھاس والی زمین۔ خشک بے گھاس کی زمین(ضد)
المِرْمَاش. دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا۔ ج مَرَامِيش.
رَمَص (ن) رَمْصًا. اللّٰهُ مُصِيبَتَهُ: مصیبت کو دفع کرنا۔ دور کرنابَيْنَهُمْ: صلح کرانا الشَّيَّ: ٹٹولنااِلَيْهِ: کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا الدَّجاجَةُ: بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوص) السِبَاعُ: بچہ جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُماً رَمَصَتْ بِه" برا کرے اللہ اس ماں کے لیے جس نے اس کو جنا ہے۔
رَمِصَت (س) رَمَصًا. عَيْنُهُ: کیچڑ بہنا۔ صفت مذکر (اَرْمَص) صفت مؤنث (رَمْصاء) ج رُمْص. رَمِص الرَجُلُ: کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔
الرَمَص. س۔ آنکھ کا کیچڑ۔
رَمِضَ (س) رَمَضًا. النَهار: دن کا سخت گرم ہونا الشَمْسُ: ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا الرَجُلُ: گرم زمین سے پاؤں جلنا۔
الطَّائِرُ: پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا عَيْنُهُ: گرم ہو کر جل اٹھنا لِلاَمْرِ: غصہ سے جل اٹھنا۔
رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا. النَصْلَ: باریک ہونے کیلئے دو ہموار پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا (ورَمَّضَ وارمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا۔ ورَمَّضَ الصَوْمَ: روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَجُلَ: کچھ انتظار کر کے چلا جانا۔ وارمَضَ الشَيَّ: جلانا۔ اَرْمَضَ الرَجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ دکھ دینا۔ اَرْمَضَ الحَرُّ القَوْمَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا الاَمْرُ فُلانًا: غصہ سے جلانا۔
تَرَمَّضَ. الصَيْدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
اِرْتَمَضَ. مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اٹھنا لِفُلانٍ: کسی کے لیے غمگین ہونا كَبِدُهُ: خراب ہوناالفَرَسُ بِه: کودنا۔
الرَمَض. س۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔
الرَمَضِيُّ. مِنَ السَحابِ والمَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔
رَمَضان. قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔ ج رَمَضَانَات و رَمَاضِين وارْمِضَاء وارْمِضَة.
الرَمْضاء. گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔
الرَمَاضَة. ہر چیز کی تیزی۔
الرَمِيض والرَمِيضَة. مِنَ النِصَال: تیز بھالا۔
رَمَطَهُ (ض) رَمْطًا. عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
رَمَعَ (ف) رَمَعَانًا. اَنْفُه: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمِع) عَيْنُهُ بالدُمُوعِ: آنسو بہانا بِيَدِهِ: ہاتھ سے اشارہ کرنا رَاْسَهُ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المَرْاَةُ بِالصَّبِيِّ: عورت کا بچہ جننا (رَمْعًا ورَمَعَانًا) الرَجُلُ: تیز چلنا۔
رُمِعَ وارْمَعَ. السَاقِيُّ: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔
رُمِعَت. المَرْاَةُ بالصَّبِيِّ. عورت کا بچہ جننا۔
تَرَمَّعَ. غصہ سے کانپنا۔
الرَامِع. فا. سر کو جھکا کر اٹھانے والا۔
الرُمْعَة. ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبتٍ" گھاس کا ایک قطعہ۔
الرَمَّاعَة. د بر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
اليَرْمَع. پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج يَرَامِع. کہا جاتا ہے "تَرَكْتُه يَفُتُّ اليَرْمَع" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم و شکستہ دل تھا۔
المُرَمِّعَة. بیابان۔ کہا جاتا ہے "اَتیٰ بِمُرَمِّعَاتِ الاَخْبَار" وہ جھوٹی خبریں لایا۔
الرُمَاع. ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ پلا نہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔
رَمَغَ (ف) رَمْغًا. الشَيَّ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔
رَمَّغَ. رَاْسَهُ: سر پر تیل لگانا الكَلامَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا الطَعَامَ: سالن سے تر کرنا۔
رَمَقَهُ (ن) رَمْقًا. چھچلتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔
رَمَّقَ. دیر تک دیکھناالكَلامَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا ہ بالشَّيِّ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچالینا۔
رَامَقَ مُرَامَقَةً. العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا الرَجُلَ: شر سے بچنے کے لیے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذهِ النَخْلَةُ تُرَامِقُ بِعِرْقٍ" یعنی یہ درخت خرما نہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔
تَرَمَّقَ. الماءَ واللَبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِرْمَقَّ وارْمَاقَ. الشَيُّ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔ اِرْمَاقَ الرَجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔ اِرْمَقَّ الطَرِيقُ: راستہ کا دراز ہونا۔
عَيْشٌ (رَمِقٌ ورِمَاقٌ) تنگ زندگی۔

الرِّماق: نفاق و دشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرَّمق: بقیہ زندگی۔ مِنَ العَیْش: تھوڑا گزارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج اَرْماق۔ الرَّمَق: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)
الرُّمقة والرُّماق والرِّماق۔ مِن العَیْش: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لا یموت۔
الرَّامِق والرَّمُوق۔ فقیر۔ حاسد۔ ج رُمُق۔ رَجُلٌ (رُمَّق) کمزور مرد۔
المُرْمَقُ والمُرمَّق۔ العَیْشِ: تنگ گزارہ والا۔
المُرامِق۔ بد خلق۔ تھوڑی محبت والا۔
الیَرْمُوق۔ کمزور نظر والا۔
حبلٌ (اَرْماق) کمزور رسی۔
رَمَكَ (ن) رُمُوكًا۔ بالمَكانِ: اقامت کرنا الاِبِلُ علی الماءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔
اَرْمَكَه۔ بالمَكانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔
اِرْمَكَّ اِرْمِكاكًا۔ دبلا پتلا ہونا۔ البَعِیْرُ اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَك) وصفت مؤنث رَمْكاءُ ج رُمْك۔
اِسْتَرْمَكَ۔ القَوْمُ: حسب میں عیب دار ہونا۔
الرَّامِكُ والرَّامَكُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔
الرَّمَكَة۔ گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لیے رکھی جائے۔ ج رَمَك ورِماك ورَمَكات واَرْماك رَجُلٌ رَمَكَة: کمزور مرد۔
الرُّمْكَة۔ اونٹوں میں خاکستری رنگ۔
رَمَلَ (ن) رَمْلًا۔ الطَّعامَ: کھانے میں ریت ملانا النَّسِیْجَ: باریک بننا السَّرِیْرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثَّوبَ بالدَّمِ: کپڑے کو خون سے تھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ (رَمَلًا ورَمَلانًا ومَرْمَلًا) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رَمِلَتْ۔ المَرْأَةُ مِنْ زَوْجِها: عورت کا بیوہ ہونا النَّسِیْجَ: باریک بننا الکَلامَ: کلام کو گھٹیا قرار دینا الخَطَّ: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا الثَّوبُ بالدَّمِ: کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔
اَرْمَلَ۔ القَوْمُ: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زَادَهُمْ: توشہ ختم کرنا المَرْأَةُ: بیوہ ہونا۔ الحَبْلَ: رسی دراز کرنا السَّهْمُ بالدَّمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا النَّسِیْجَ: باریک بننا۔
تَرَمَّلَتْ۔ المَرْأَةُ: عورت کا بیوہ ہونا۔
تَرَمَّلَ واِرْتَمَلَ۔ بالدَّمِ: خون سے آلودہ ہونا۔
الرَّمْل۔ ریت۔ رَمْلَةٌ اس سے خاص ہے ج رِمال واَرْمُل عِلْمُ الرَّمْلِ: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ اُمّ رِمال: بجو۔
الرَّمَل۔ تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔
الرَّمْلَة۔ زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔
الرُّمْلَة۔ کالی دھاری ج رُمَل واَرْمال۔
الاَرْمَل۔ مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ج اَرامِل واَرامِلَة مؤنث اَرْمَلَة۔ عامٌ اَرْمَلُ کم بارش والا سال۔
الاَرْمَلَة۔ ضعیف و محتاج لوگ۔
سَنَةٌ (رَمْلاءُ) کم بارش والا سال۔ نَعْجَةٌ رَمْلاءُ بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔
الرَّمّال۔ ریت بیچنے والا۔
المِرْمَل۔ چھوٹی بیڑی۔
المُرْمِل والمُرمِّل۔ شیر۔
الرُّمّان۔ انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رُمّانَة)
الرُّمّانَة۔ ناف اور اس کا ارد گرد۔
المَرْمَنَة۔ انار اُگنے کی جگہ۔
رَمِهَ (س) رَمَهًا۔ الیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

رَمیٰ (ض) رَمْیًا ورِمایَةً۔ الشَّیْءَ و بالشَّیْءِ: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رَمیٰ السَّهْمَ عَنْ اَوْ عَلَی القَوْسِ" تیر کو کمان سے پھینکنا المَکانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا اللّٰهُ لَهُ: مدد کرنا۔ رَماهُ بِکَذا: عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمیٰ بِحَبْلِهِ عَلیٰ غارِبِه" اس نے اس کی رسی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔ "رَمیٰ عَلَی الخَمْسِیْنَ" زائد ہونا المالُ: بہت ہونا۔
رَمیٰ بِهِ عَلَی البَلَدِ: حاکم و والی بنانا۔
اَرْمیٰ اِرْماءً۔ الشَّیْءَ مِنْ یَدِهِ: پھینکنا۔ ہ عَنْ فَرَسِهِ: گھوڑے سے گرا دینا۔ اَرْمیٰ عَلَی الخَمْسِیْنَ: زائد ہونا۔ اَرْمَتْ بِهِ البِلادُ: وطن سے دور کر دینا۔
راماهُ مُراماةً ورِماءً وتَرْماءً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔ رامیٰ عَنْ قَوْمِهِ: تیر اندازی کرنا۔
تَرامیٰ تَرامِیًا۔ القَوْمُ: بعض کا بعض پر تیز اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا الاَمْرُ: تاخیر ہونا۔ السَّحابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔
تَرامَتْ بِهِ البِلادُ: وطن سے دور کر دینا۔
تَرامیٰ الشَّیْءُ لگاتار ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما زالَ الشَّرُّ یَتَرامیٰ بَیْنَهُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔ "وتَرامیٰ اَمْرُهُ اِلَی الظَّفَرِ اَوِ الخِذْلانِ" اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔
اِرْتَمیٰ اِرْتِماءً۔ پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے "رَماهُ فارْتَمیٰ" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا الصَّیْدَ: شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ بِهِ البِلادُ: وطن سے دور کر دینا۔ اِرْتَمَیا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔
تَرَمّیٰ۔ تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔
الرِّمیٰ۔ پتھر پھینکنے کی آواز۔
الرَّماء۔ زیادتی۔ ربوا۔ سود۔
الرَّمْیَة۔ زیادتی "فِی هٰذا رَمْیَةٌ عَمّا قِیْلَ لِی" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں

زیادتی ہے۔و "هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمِیّ کا اسم مرۃ اور عرب کا قول "رَمْيَةٌ مِنْ غَيْرِ رَامٍ" مثال ہے؛ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔
الرَّامِي. فا. ج رُمَاة ورَامُون. ایک ستارہ کا نام۔
اَلرَّامِي اَو قَتَبٌ سِيَام: بھنگ
الرَّمِيُّ. سخت بارش برسانے والا بادل۔ ج اَرْمَاء واَرْمِيَةٌ ورَمَايَا.
الرَّمِيَّة. شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ ج رَمَايَا.
المِرْمىٰ. تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ.
المِرْمَاة. چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔
المَرْمىٰ. مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا الكَلَامُ بَعِيدُ المَرَامِيْ" یہ کلام دور رس ہے۔ "وَمَا اَبعد مَرْمىٰ هِمَّتِهٖ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے "وَلَهٗ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ المَرْمىٰ" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔
رَنَّ (ض) رَنِينًا وارَنَّ. رونے میں آواز بلند کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ وارَنَّ اِلَيْهِ: کان لگانا۔
رَنَّتْ وارَنَّتِ القَوْسُ: آواز کرنا۔ رَنَّ وارَنَّ واِسْتَرَنَّ لِكَذَا: کھیل کود کرنا۔
رَنَّنَ. القَوْسَ: آواز نکالنا۔ تَرْنِينًا و تَرْنِينَةً) چیخنا۔
الرَّنَّة. آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔
الرَّنِين. آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔
الرَّنَن. تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔
قَوْسٌ (مِرَنَّةٌ ومِرْنَان) بہت آواز کرنے والی کمان۔
الرُّنىٰ. تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔
رَنَأَ (ف) رَنْأً. آواز کرنا اِلَيْهِ: دیکھنا۔ مِشْيَتِهٖ: گرانبار چلنا۔

الاَرْنَب. خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لیے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِب (والیَرْنَب) چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔
الاَرْنَبَة. ارنب کا واحد۔ ناک کا بانسہ "جَدَعَ فُلانٌ اَرْنَبَةَ فُلانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب.
نَسِيجٌ (مُؤَرْنَبٌ و مُرْنَبٌ) خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔
اَرْض (مُرْنِبَةٌ ومُؤَرْنِبَةٌ و مُؤَرْنَبَةٌ) بہت خرگوش والی زمین۔
رَنَّحَهٗ تَرْنِيحًا. کمزور کرنا۔ الرِّيحُ الغُصْنَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُهٗ حَتّٰى رُنِّحْتُهٗ" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بیہوشی طاری ہو گئی۔
رُنِّحَ. عَلَيْهِ: غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت مُرَنَّح)
تَرَنَّحَ وارْتَنَحَ. نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا عَلَيْهِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالكَلَامِ عَلَيَّ جهلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔
الرُّنَّح. چکر۔ دوران سفر۔
المُرَنَّحَة. جہاز کا اگلا حصہ۔
رَنَخَ (ن) رَنْخًا. سست ہونا۔
رَنَّخَهٗ. خوار و ذلیل ہونا۔
تَرَنَّخَ. خوار و ذلیل ہونا۔ بِهٖ: کسی چیز سے لٹک جانا۔
الرَّنْد. ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔
الرُّنْز. چاول۔
رَنَعَ (ف) رُنُوعًا. دبلا و لاغر ہونا۔ لَوْنُهٗ: رنگ کا متغیر ہونا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا۔
رَنَّعَ. رَاسَهٗ: حرکت دینا۔
المَرْنَعَة. کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي المَرْنَعَةِ لِكُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَة" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لیے آسودگی ہے۔
اَرْنَفَ. الرَّجُلُ. تیز چلنا۔ البَعِيرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا۔ النَّاقَةُ بِاُذُنَيْهَا: اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔
الرَّانِف. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ۔
الرَّانِفَة. ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے مِنَ الكُمِّ: آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا رَوَانِفَ الآكَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔
رَنَقَ (ن) رَنْقًا ورُنُوقًا ورَنِقَ (س) رَنَقًا. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت رَنْق رَنِق ورَنَق)
رَنَّقَ. المَاءَ: پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا۔ القَوْمُ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑ پھڑانا۔ النَّوْمُ فِي عَيْنَيْهِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا۔ جَنَاحُ الطَّائِرِ: بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا عَيْنَاهُ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا جِسْمُهٗ اور رَايُهٗ: کمزور ہونا۔ السَّفِينَةُ: کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا۔ الرَّجُلُ: حیران ہونا۔ المَنِيَّةُ مِنْهُ: موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ وَلَا تَعجلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو۔ النَّظَرَ اِلَيْهِ: دیر تک دیکھنا۔
اَرْنَقَ. المَاءَ: پانی گدلا کرنا۔ اللِّوَاءُ: حملہ کرنے کے لیے جھنڈا ہلانا۔ اللِّوَاءُ: جھنڈے کا ہلنا۔
تَرَنَّقَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔
الرُّنُق. س۔ جھوٹ۔
الرَّنْقَاء. مِنَ الطَّيْرِ: انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ لِلْاَرْضِ رَنْقَاءُ: بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات۔
الرَّنْقَة. کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَنَائِق (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّوْنَق چمک دمک۔ خوبصورتی۔

التَرْنُوْق والتُرْنُوْق والتُرْنُوْقَاء نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔

الرَّنْكَة ایک مچھلی کا نام

رَنِمَ(س) رَنِمًا ورَنَّمَ و تَرَنَّمَ. خوش آوازی سے گانا۔

الرَنَم والرَنَمة ایک قسم کی نباتات۔

الرُنَّم. گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُوْد رُنُم" بجنے والا بربط۔

رَنَا(ن) رُنُوًّا ورَنًا. اِلَيْهِ ولَهٗ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا الرَّجُلُ: مشغولیِ قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (وترانی) عَنْهُ: غفلت برتنا۔

رَنّی تَرْنِيَةً. گانا اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔

(وأرْنی) الحَسَنُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاهُ اِلَى الطَّاعَةِ: کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

رَانَاه. سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَهٗ شَرَفٌ يَرَانِي الكَوَاكِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ رتی ہے۔

تَرَنّیٰ. محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔

الرَنَا س۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔

الرَنَاء. خوبصورتی۔

الرَنَاء. اچھی آواز۔ طرب۔

الرَنَّاء والرَنُوّ دِل پسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَنُوّ الاَمَانِي" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔

رَهِبَ(س) رَهْبَةً ورُهْبًا ورَهْبًا و رَهَبًا ورُهْبَانًا ورَهَبَانًا. خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْهَبْ بِكَ"

رَهَبَ. الجَمَلُ اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهَبَتِ النَاقَةُ. سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَهْبٌ) ج رِهَاب.

اَرْهَبَ. تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهَبَ عَنْهُ النَاسَ بَاسُه ونَجْدَتُه" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔

تَرَهَّبَ راہب بننا ۔ دھمکی دینا۔

اِسْتَرْهَبَه. خوف دلانا۔

الرَهْب. نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الابِل: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِهَاب.

الرُهْب. آستین۔

الرَهْبَة والرَهْبیٰ والرُهْبیٰ والرَهْبَاء. ڈر۔ خوف۔

الرَهْبَانِيَّة والرُهْبَانِيَّة. دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔

الرَاهِب. فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُهْبَان. مؤنث رَاهِبَة ج رَاهِبَات و رَوَاهِب. الرَاهِبَة. ڈراؤنی حالت۔

الرَهَّبَان. بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج. رَهَابِيْن ورَابِنَة و رَهْبَانُوْن. مؤنث رَهْبَانَة ج رَهْبَانَات.

الرُهْبَان. راہب۔ ج رَهَابِيْن مؤنث رُهْبَانَة ج. رَهْبَانَات.

الرَهَبُوْت والرَهَبُوْتی. بہت ڈر۔ شدید خوف۔

الاِرْهَابی عوام کو خوفزدہ کرنے والا حاکم۔

اَلْحُكْمُ الاِرْهَابی خوفزدہ کرنے کا حکم

الرَهْبَنَة. راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔

المَرَاهِب. خوفناکیاں۔

الرَهِيْب والمَرْهُوْب. خوفناک۔ شیر۔

رَهْبَلَ. غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَرَهْبَلَ. تیز چال چلنا۔

الرَهْبَل. مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔

الرَهْبَلَة. تیز چال۔

اَرْهَجَ غبار۔ اُڑانا بَيْنَ القَوْمِ: بعض کو بعض پر بھڑکانا السَمَاءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔

الرَهْج والرَهَج اُڑایا ہوا غبار۔ والرَهَج: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهْجَة)

الرَهْوَجَة ایک قسم کی چال۔

رَهَدَ(ف) رَهْدًا باریک پیسنا۔

رَهِدَ سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَهَادَةُ. العَيْشِ زندگی کی آسودگی۔

الرَهْوَدِيَّة مہربانی و نرمی۔

الرَهِيْد نرم و نازک۔ ارزاں۔

الرَهِيْدَة نرم و نازک عورت۔ الرَهِيْدَة: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

اَمْرٌ (مَرْهُوْد) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُم مَرْهُوْدِيْن" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَهْدَل. بیوقوف۔ کمزور۔

الرَعْدَن والرُهْدَن والرَهْدَن. بزدل۔ بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن ورَهَادِنَة.

الرُهْدُوْن. جھوٹا۔

رَهْرَهَ رَهْرَهَةً. مَائِدَتَه: جود و سخاوت سے دستر خوان پھیلانا۔

تَرَهْرَهَ. السُرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا جِسْمُه: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و نرم و نازک ہونا۔

الرَهْرَهَة س۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔

جِسْمٌ (رَهْرَةٌ ورَهْرَاهٌ ورُهْرُوْهٌ) سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْتٌ رَهْرَهٌ ورَهْرَاهٌ: تھوڑی گہرائی کا طست۔ وماءٌ رَهْرَاهٌ ورُهْرُوْهٌ: صاف پانی۔

رَهَزَ (ف) رَهْزًا ورَهَزَانًا. المُبَاضِعُ: جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔

اِرْتَهَزَ. لِلاَمْرِ: خوشی سے جھومنا۔

رَهَس (ف) رَهْسًا. الشَّيْءَ: سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔

تَرَهَّس. الشَّيْءُ: ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔

اِرْتَهَس. الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَست رِجْلا الدَّابَة: رگڑ کھانا الوَادِي: بھر جانا الجَرادُ: تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَهَش. الرَّجُلُ: کانپنا القَوْمُ: قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا القَوْسُ: نرم و سست ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا ٹکرانا۔

تَرَهَّش. الرَّجُلُ: کریم و سخی ہونا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

الرَّهَش. جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔

الرَّهِيْش. مِنَ التُّرَاب: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَة رَهِيْشَة. بہت دودھ والی اونٹنی۔

الرَّاهِشَان. بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔

الرُّهْشَة. کرم۔ حیا۔

الرَّوَاهِش. ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاهِش ورَاهِشَة)

رَهَص (ف) رَهْصًا. الشَّيْءَ: سخت نچوڑنا الصَّيْدَ: شکار کو سست کر دینا ٥ ملامت کرنا۔ جلدی کرانا الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا الفَرَسَ: کھر کو زخمی کرنا۔

رَهِصَ (س) رُهِصَ رَهَصًا الفَرَس: گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔

اَرْهَص. الحَائِطَ: دیوار کا پہلا ردہ رکھنا الشَّيْءَ: بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ٥ بھلائی کا منبع بنانا الفَرَس: گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔

رَاهَص. غَرِيْمَه: قرض دار کی نگرانی کرنا۔

تَرَاهَصت. الصُّخُوْرُ: چٹانوں کا آپس میں جمنا۔

الرَّهْص. مِن الحَائِط: دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔

الرَّهَّاص. مٹی ا گارہ بنانے والا۔

الرَّهْصَة. گھوڑے کے سم کا زخم۔

الرَّهِيْص. مِن الخَيْل: سم کے زخم والا۔ خُفٌّ رَهِيْص: اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔ اَسَدٌ رَهِيْص: شیر جو اپنی جگہ سے ٹلتا نہ ہو۔

الرَّوَاهِص. مِن الحجارة: سم کو زخمی کرنے والا پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد (رَاهِصَة)

المَرْهَصَة. مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاهِص.

رَهَط. (ف) رَهْطًا. اللُّقْمَة: بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "هُو يُرهط" وہ بہت کھاتا ہے۔

رَهَّط. بہت کھانا اللُّقْمَة: بڑا لقمہ لینا الرَّجُلُ: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔

اِرْتَهَط. القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

الرَّهْطُ والرَّهَط. آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج اَرْهُط واَرْهَاط و ج اَرَاهِيْط واَرَاهِط اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مُراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عَشْرُوْن رَهْطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْ رَهْطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّهْط دشمن۔

الرِّهَاط. گھر کا سامان۔

الرُّهَطَة والرُّهَطَاء والرَّاهِطَاء. مِن جُحْرَة اليَرْبُوْع جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رَوَاهِطُ

التُّرْهُوْط. بہت کھانے والا۔

رَهَفَ (ف) رَهْفًا السَّيْفَ: تلوار کو باریک کرنا۔

رَهُفَ (ک) رَهَافَةً ورَهْفًا. باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَهِيْف)

اَرْهَفَ. السَّيْفَ: تلوار کی دھار پتلی کرنا۔ اَرْهَفَ بالكَلام: فی البدیہہ کہنا۔

الرَّهِيْف. پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز۔

المُرْهَف. ج سَيْفٌ مُرْهَفٌ: تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْهَفٌ: دبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْرٌ مُرْهَفٌ: پتلی کمر مُرْهَفُ الجِسْم: دُبلا پتلا۔ رَجُلٌ (مَرْهُوْف) البَدَن: پتلے جسم والا مرد۔

رَهِقَ (س) رَهَقًا. بیوقوف ہونا۔ صفت (رَهِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ برائیوں کا مرتکب ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا السَّفَرُ: قریب ہونا۔ وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَهِقت الكِلَابُ الصَّيْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔

رَهَّقَهُ. برائی کی تہمت لگانا۔

رَاهَقَ. الغُلَامُ: جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت (مُرَاهِق) کہا جاتا ہے "صَلَّى الصَّلوة مُرَاهِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔

اَرْهَقَهُ. ظُلْمًا: بتلائے ظلم کرنا اِثْمًا: گناہ پر برانگیختہ کرنا عُسْرًا: تکلیف دینا۔ ٥ پالینا۔ فوق الطاقة کام پر اکسانا۔ الصَّلوة: آخر وقت تک مؤخر کرنا۔ زَيْدًا اَنْ يُصَلِّي: نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لا تُرْهِقْنِي لا اَرْهَقَكَ اللّٰه" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالے گا۔

الرَّهَق. س گناہ و تہمت۔ کبی عقل۔ جہالت۔ فوق الطاقة کام پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّهَقَى. ایک قسم کی ڈور۔ کہا جاتا ہے "هُو يَعْدُوا الرَّهَقَى"

الرِّهَاق والرُّهَاق. مقدار۔ تقریبا۔ کہا جاتا ہے "كَانُوا رِهَاق مائة" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔

الرَّهِيْق. شراب۔

الرَّيْهُقَان. زعفران۔

المُرْهَق. قتل کرنے کے لیے گرفتار۔ تنگی میں ڈالا ہوا۔

المُرَهَّق. ج خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔ فیاض۔

رهك (ف) رهكا. الشئ باریک پیسنا۔ صفت مفعولی (رهيك و مرهوك) بالمكان اقامت کرنا۔

ارتهك چلنے میں سست ہونا۔

الرهك مذ۔ نیک کام۔

الرهكة کمزوری۔

الرهكة والرُهكة. من الرجال او الابل کمزور وناتواں۔

رهل (س) رهلا ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رهل) کہا جاتا ہے "فلان فيه رهل" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلاپن ہے۔

رهّله وارهله. النوم نیند کا سست وڈھیلا کرنا۔

ترهّل ڈھیلا ہونا۔

الرهل شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔

المترهّل. عند الاطباء ڈھیلے بدن والا۔

ارهمت. السماء نرم بارش برسانا۔

الرهمة. نرم لگاتار بارش۔ ج رهم ورهام.

الرهام والرهوم دبلی بکری۔

الرُهام غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔

الارهم زیادہ فراخی وارزانی والا۔

المرهم مرہم۔ ج مراهم

مكان (مرهوم) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔

رهمس رهمسة باہم راز کی باتیں کرنا۔ لڑائی کی تعریض کرنا۔

رهن (ف) رهنا. الشئ فلانا و عند فلان گرو رکھنا۔ الشئ ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نعمة الله راهنة" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے۔ الشئ ہمیشہ رکھنا۔ بالمكان اقامت کرنا (رهونا) دبلا ہونا۔ صفت (راهن)

راهنه رهانا و مراهنة. على الخيل: دوڑانے کیلئے شرط لگانا على كذا: شرط ٹھہرانا۔ ارهنه. الشئ کسی کے پاس گرو رکھنا۔ ارهن فلانا کمزور کرنا۔ پیشگی دینا۔ في السلعة گراں کرنا لضيفه الطعام والشراب مہمان کے لیے ہمیشہ کھانا پانی تیار رکھنا۔ ارهن الميت القبر میت کو قبر میں رکھنا۔

تراهن. القوم آپس میں شرط لگانا۔

ارتهن. الشئ منه گروی لینا بالامر: کسی معاملہ میں مقید ہونا۔

استرهنه. الشئ گروی طلب کرنا۔

الراهن فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "هذه حجة راهنة" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔ لاغر، دُبلا۔

الراهنة گھوڑے کی ناف اور اس کا ارد گرد۔

الرهن مذ۔ گروی۔ کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رهان ورهون ورهين و رهن کہا جاتا ہے "انى لك رهن بكذا" میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔ هذا (رهن) مال یہ مال کے برابر ہے۔ شئ مرهونة کے لیے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اس کے برابر ہے۔

الرهان مذ۔ خيل الرهان شرط لگانے کے گھوڑے اور "هما كفرسى رهان" دو ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔

الرهين گروی رکھا ہوا۔ کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "انا رهين باعمالي" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔

الرهينة گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "انا رهينة بكذا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔ و "كل نفس بما كسبت رهينة" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ و "الخلق رهائن الموت" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔

المرتهن مذ۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ المرتهن بالامر کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كل امرء بالموت مرتهن" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔ الامور (مرهونة) باوقاتها کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔

الرهنامج والرهنامج ملاحوں کے لیے بحری راستہ کا نقشہ (راہنامہ کا معرب)

رهى (ن) رهوا نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جاءت الخيل رهوا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ و "ارْهُ على نفسك" اپنے اوپر نرمی کرو البحر دریا کا ساکن ہونا بين رجليه کھولنا الطائر پرندہ کا بازو پھیلانا۔

راهى مراهاة. الرجل قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔

ارهى ارهاء کشادہ جگہ پانا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا لهم الطعام ہمیشہ تیار رکھنا على نفسه نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ارْهِ على نفسك" اپنے اوپر نرمی کرو و "ارهى لك الشئ" تمہارے لیے یہ چیز ممکن ہے و "ارهيته لك" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔

تراهى. القوم باہم نرمی برتنا۔

ارتهى. القوم باہم مختلط ہونا۔ رهيه تیار کرنا۔ (دیکھئے لفظ رهيئة)

الرهو سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رهاء (والرهوة) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بئر رهو چوڑے منہ کا کنواں۔

ثوب رهو باریک کپڑا۔ غارة رهو: لگاتار لوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "الناس رهو مابين المدينة والجبل" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آ رہے ہیں۔

الرهاء. من الاماكن کشادہ جگہ۔

من كل شئ ہر چیز کا ہموار حصہ۔

الراهى. من العيش آسودہ زندگی۔

الراهية. الراهى کا مؤنث۔ شہد کی مکھی۔

الرَّهِيَّة. ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

الرَّهْوَان. پست زمین۔ ترکی گھوڑے کو بھی رَهْوَان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو (معرب)

الأرْهَاء. اطراف وجوانب۔

المُرْهِي. مِنَ الخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو اور مقابلہ کے وقت ہاتھ نہ لگے۔ ج المَرَاهِي.

رَهْوَكَ. الرَّجُلُ: چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا۔

الرَّهْوَكَ. موٹا (بکری کا بچہ یا ہرن) شَابٌّ.

رَهْوَكٌ. نازک بدن جوان۔

رَهْيًا. کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا السَّحَابُ: برسنے کے لیے تیار ہونا۔

تَرَهْيًا. مضطرب ہو کر حرکت کرنا فِي أمْرِهِ: کام میں کاہلی کرنا؛ کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا السَّحَابُ: برسنے کے لیے تیار ہونا۔

رَوَّأ تَرْوِيئًا و تَرْوِئَةً. فِي الأمْرِ: کام کے انجام میں غور وفکر کرنا۔

الرَّوِيئَة والرَّوِيَّة. غور وفکر۔

الإرْتِيَاءُ. سوچ بچار غور وفکر کرنا۔

الرَّاء. حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَائَة)

رَابَ (ن) رَوْبًا ورُؤُوبًا. اللَّبَنُ: جمنا۔ صفت (رَائِب) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهُ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آگیا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا۔ سست ہونا۔ نیند؛ بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔

رَوَّبَت. الدَّابَّةُ: جانور کا تھکنا۔

رَوَّبَ وأرَابَ. اللَّبَنَ: دہی جمانا۔

الرَّائِب. فا۔ جما ہوا دودھ؛ دہی۔

الرَّائِب مِنَ الأُمُوْرِ: صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)

الرَّاب. اندازہ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَابُ كَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔

الرَّوْب. جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ؛ دہی۔ کہا جاتا ہے "ما عِنْدَه شَوْبٌ ولَا رَوْبٌ" اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شَوْبَ ولَا رَوْبَ فِي البَيْعِ و الشِّرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا؛ فریب اور اور گڑبڑ نہیں ہونی چاہیے۔

الرَّوْبَة والرُّوْبَة. جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لیے دودھ میں ڈالا جائے؛ دودھ کا بقیہ۔)

الرُّوْبَة. حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا يَقُوْمُ بِرُوْبَةِ أهْلِهِ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسل مندی۔

الرُّوْبَة مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کا ٹکڑا مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الرَّجُلُ: مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "هُوَ يحدثني وَانَا اِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَيْسَتْ لَهُ رُوْبَة" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو۔

الأرْوَب. حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند۔

الرَّوْبَى. وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہوگئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبَى: سست طبیعت کے لوگ؛ وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہوگئے ہوں۔ واحد (رَائِب ورَوْبَان)

المِرْوَب. دودھ جمانے کا برتن۔

سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔

الرُّوْبِيْنِيَّةُ. ایک درخت کا نام۔

رَاثَ (ن) رَوْثًا. الفَرَسُ: لید کرنا۔

الرَّوْث. لید۔ ج أرْوَاث.

الرَّوْثَة. روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِهِ رَوْثَةَ أنْفِهِ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے۔ کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے۔ چونچ۔

المَرَاث والمَرْوَث. لید کا مخرج۔

رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا. الأمْرُ: جلدی ہونا السِّلْعَةُ: رائج ہونا الدَّرَاهِمُ: رواج پکڑنا الطَّعَامُ: کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أحْضِرْ لَنَا مَارَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ. الشَّيْئَ و بِهِ: جلدی کرنا السِّلْعَةَ والدَّرَاهِمَ: رائج کرنا فُلَانٌ كَلَامَه: مزین ومبہم کرنا۔

تَرَوَّجَ. حوض کے گرد اگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاج)

الرَّوْجَة. جلدی۔

رَاحَ (ن) رَوَاحًا. شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔

(رَوَاحًا ورَوْحًا) القَوْمَ وإلَيْهِمْ وعِنْدَهُمْ: شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا۔

(رَوْحًا) اليَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا۔

رَاحَ يَرِيحُ رَيْحًا. الشَّيْئَ: بو محسوس کرنا۔

رَاحَ يَرَاحُ رَيْحًا. اليَوْمُ: تیز ہوا والا ہونا البَيْتُ: ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "إفْتَحِ البَابَ حَتَّى يَرَاحَ البَيْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے الرِّيْحُ الشَّيْئَ: ہوا لگنا۔ القَوْمُ الرِّيحَ: ہوا میں داخل ہونا۔

رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً. لِلْمَعْرُوْفِ: بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا۔ يَدَهُ لِلأمْرِ: سبک ہونا الشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا الشَّيْئَ: بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنكَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔

رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا ورِاحًا وراحَةً و

رِيَاحَةً ورُوُوْحًا وارْيَحِيَّةً. لِلْامْرِ: کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔

رَاحَتْ تَرَاحُ رائحۃً. الِابِلُ: اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِیْحَ: ہوا لگنا۔ صفت مَرُوْحٌ مَرِیْحٌ.

رَوِحَ یَرْوَحُ رَوَاحًا: کشادہ ہونا۔

رَوَّحَ. القَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا الرَّجُلَ: آرام دینا۔

الِابِلَ: شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا بِالْجَمَاعَةِ: تراویح کی نماز پڑھانا قَلْبَہ: کسی کے دِل کو بیدار کر دینا۔

الدُّھْنَ: تیل کو خوشبودار بنانا۔

عَلَیْهِ بِالْمَرْوَحَةِ: پنکھا جھلنا۔

اَرَاحَ اِرَاحَةً. القَوْمُ: ہوا میں داخل ہونا ہ آرام پہنچانا عَلٰی فُلَانٍ حَقَّه: واپس کرنا الِابِلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا الْمَعْرُوْفَ: بھلائی حاصل کرنا۔ پانا الشَّيْءَ: بو محسوس کرنا الْمَاءُ او اللَّحْمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔

الرَّجُلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاحَ فَاَرَاحَ" اس نے مر کر آرام پہنچایا۔

اَرْوَحَ. الْمَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا الشَّيْءَ: بو محسوس کرنا عَلَيْهِ حَقَّه: واپس کرنا۔

رَاوَحَ. بَیْنَ العَمَلَیْنِ: باری باری مشغول ہونا بَیْنَ رِجْلَیْهِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔

تَرَوَّحَ: شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔

القَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا الشَّجَرُ: نئے پتے نکالنا النَّبتُ: نباتات کا طویل ہونا الْمَاءُ: پانی کا بودار ہونا بِالْمِرْوَحَةِ: پنکھا ہلانا۔

الشَّيْءُ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔

تَرَاوَحَ. الرَّجُلَانِ الْاَمْرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے "اِنَّ یَدَیْهِ تَتَرَاوَحَانِ بِالْمَعْرُوْفِ" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔

اِرْتَاحَ: خوش ہونا اللّٰہُ لَه بِرَحْمَتِه: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَرَاوَحَانِ عَمَلًا" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔

اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَةً: آرام پانا۔ اِلَیْهِ: سکون پانا۔

اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا: آرام پانا۔ الشَّيْءَ: سونگھنا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا الصَّیْدُ: شکار کا انسان کی بو محسوس کرنا الشَّجَرُ: سرسبز کرنا۔

الرَّاحُ. س. شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ یَوْمٌ رَاحٌ: سخت ہوا کا دن۔

الرَّاحَةُ. س. آرام۔ الراح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ عَلٰی انقَی مِنَ الرَّاحَةِ" میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثَّوْبَ عَلٰی رَاحَتِه" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج رَاحَاتٌ. لَیْلَةٌ رَاحَةٌ: تیز ہوا والی رات۔

الرَّوْحُ. آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت و مہربانی۔ یَوْمٌ رَوْحٌ: عمدہ و خوشگوار دن۔ سہانا دن۔

الرَّوْحَةُ. و راح کا اسم مرۃ۔ ج رَاحَاتٌ. لَیْلَةٌ رَوْحَةٌ: سہانی رات۔

الرُّوْحُ. جان (مذکر و مؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغام خداوندی۔ جبرئیل۔ الرُّوْحُ الْاَعْظَمُ: اللہ تعالیٰ۔ رُوْحُ الْقُدُسِ: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ: حضرت جبرئیل نسبت کیلئے (رُوْحَانِی) ج اَرْوَاحٌ اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست و جواہر پر بولا جاتا ہے۔ الْاَرْوَاحُ الْخَبِیْثَةُ: شیاطین۔

الرَّوَحُ. دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔

الرَّوَاحُ. س. شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا بِرَوَاحٍ مِنَ الْعَشِیِّ" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ و "اَفْعَلُ ذٰلِكَ فِیْ سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" میں صبح شام اس کو کرتا ہوں (والرُّوَیْحَة والرَّوَاحَة والرَّاحَة) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔

الرِّیْحُ. ہوا (مؤنث) ج اَرْیَاحٌ و اَرْوَاحٌ ورِیَاحٌ ورِیَحٌ وجج اَرَاوِیْحُ واَرَایِیْحُ. بو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ وقوت اور ہوائیں چار ہیں۔ اَلْجَنُوْبُ: دکھنی۔ الشَّمَالُ: اُتری۔ الصَّبَاءُ: پروائی۔ الدَّبُوْرُ: پچھوائی۔

الرِّیْحَةُ. ہوا۔ بو۔

الرَّیْحَانُ. ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج رَیَاحِیْنُ.

الرَّیْحَانَةُ. گلدستہ۔

الرِّیْحُ مِنَ الْاَیَّامِ: تیز یا اچھی ہوا والا دن۔

الرَّائِحَةُ. رائح کا مؤنث۔ بو۔ ج رَائِحَاتٌ ورَوَائِحُ. الرَّوَائِحُ: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔

الْاَرْوَحُ. ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوْحَاءُ ج رُوْحٌ (والْاَرْیَحُ) کشادہ۔

الْاَرْیَحِیُّ. کشادہ اخلاق والا۔

الْاَرْیَحِیَّةُ. وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔

التَّرَاوِیْحُ. ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی

ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔
المُراح۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔
المُراح: اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔
المَرْوح والمَرِيح: ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔
يوم مَرُوح: اچھی ہوا والا دن۔
المِرْوح والمِرْوحة: پنکھا۔ ج مَراوِح۔
المَرْوحة: بیابان۔ ج مَراوِح۔
المُروَّح: شی۔ دُهن مُروَّح: خوشبو دار تیل۔
المُستَراح: پاخانہ۔
راد يرُود رَوْدًا ورِيادًا۔ الشيَ: طلب کرنا الأرضَ: قیام کے لیے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا قومه مَرعًى او منزلًا: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
راد يرود رَوَدانا ورِيادًا: کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رادتِ الإبلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔
رادت رَوْدًا ورَوَدانًا۔ المرأة: پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا الرِيحُ: ہوا کا نرم چلنا۔ الماشية: مویشیوں کا چرنا۔
راوَدَه مُراوَدة ورِوادًا: چاہنا۔ راوده عن و على نفسه: فریب دینا۔ برائی کی ترغیب دینا۔ پھسلانا على كذا: ارادہ کرنا۔
روّده: طلب و جستجو پر اکسانا۔
أراد إرادة: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا ٥: على الأمر: برانگیختہ کرنا۔
أرود إرْوادًا و مُرْوادًا و مُرْوَدًا و رُوَيْدًا و رُوَيْداء ورُوَيْدِيَة۔ في السير: آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔
ارْتاد إرتيادًا۔ الشيَ: طلب کرنا۔
استراد: لأمر الله: فرمانبردار ہونا۔ حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔ الدابة: جانور کا چرنا الرجل: چل پھر کر روزی طلب کرنا۔
الرائد: ف رادة ورُوّاد ورائدون۔ جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ۔ ورائد العين: آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "هو رائد الوساد" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔
الرّاد: بمعنی الرائد۔
الرِيد: طلب۔ تلاش۔
الرادة والرائدة والرُوادة: پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔
الرُود: مٹ۔ ریح (رود ورائدة) نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "امش على الرُوَد" یعنی آہستہ چلو۔
الرّاذار: راڈار جنگی جہازوں کی آمد، رفتار اور ان کو روکنے کی معلومات دینے والا آلہ۔
الرّادیکسالی: ایسے مذہب کی طرف نسبت والا جو کہ مکمل سیاسی اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہیں۔
رُوَيْد۔ أرْوَد کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَيْدًا" یعنی آہستہ۔ و "رُوَيْدَك زيدًا" و "رُوَيْدَ زيدٍ" یعنی زید کو مہلت دی۔ و "ساروا سيرًا رُوَيْدًا" و "ساروا رُوَيْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔
الأرْوَد: کام میں آہستگی کرنے والا۔ اور کہتے ہیں "الدهر أرود ذو غِير" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ و "الدهر أرود مستبدّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔
المِرْوَد: سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَراوِد۔
المَراد والمُستَراد: چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ۔ مستراد الرجل: آمد و رفت کی جگہ۔
المراوِيد: جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔
الرَوَنْد والرِوَنْد والراوَنْد: ریوند چینی۔ ایک دوا کا نام۔
راز (ن) رَوْزًا۔ الحجر: پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا الرجلَ: آزمانا الدينار: دینار کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا۔ الأراضي: زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ما عنده: طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رائز) ج رازة۔
رَوَّز۔ الكلام او الرأيَ: آہستہ آہستہ غور کرنا۔
راوزه: آزمائش کرنا۔
الرازي: منسوب بہ شہر رے۔
الرُوَيزِيّ: بڑی چادر۔
الراز: معماروں کا سردار۔ ج رازة اور اس کی اصل رائز ہے۔ مثل شاكٍ و شائك کے۔
الرِيازة: معماری۔
المراز والمِهرازة: وزن۔ مقدار۔
المرازان: دونوں پستان۔
الرُوزنامة: روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)
راس يروس روسًا: متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا السيل الغثاء: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا۔
استراس: کھانا طلب کرنا۔
الرَوْس: مٹ۔ مرد۔ کہا جاتا ہے "انه رَوْس سوء" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔
رَوائس۔ الأودية: وادیوں کے بلند حصے۔
رَوائس السحاب: اگلے بادل۔
راش يروش رَوْشًا: بہت کھانا۔
٥ المرض: کمزور کرنا۔
الراش۔ من الجمال او الرماح: کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رائش کا مخفف ہے۔ مؤنث راشة۔
الرَوْش: کم عقل۔
الأرْوَش: کم عقل والا۔ مؤنث رَوْشاء۔
راص (ن) رَوْصًا: بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔
راض يروض رَوْضًا ورِياضة و

رِیاضا. المهر: بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رائِض) ج رَاضة ورُوَّاض و رُوَّض و رَائِضُوْن اور صفت مفعولی (مَرُوْضٌ) مؤنث مَرُوْضَةٌ.

رَوَّضَ. المهر: بچھیرے کو خوب سدھانا الرَّجُلُ: باغوں میں رہنا المَطَرُ الاَرْضَ: باغ کی مانند بنا دینا۔

رَاوَضَهٗ. عَلَى الاَمْرِ: کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔

اَرَاضَ اِرَاضَةً. سیراب ہونا۔ القَوْمَ: سیراب کرنا المَكَانُ: بکثرت باغات ہونا اللّٰهُ الاَرْضَ: مرغزار بنانا۔ باغات بنانا الحَوْضُ: حوض کی تہ کا پانی سے ڈھلکنا۔

اَرْوَضَ. المَكَانُ: بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا الاَرْضُ مِنَ المَطَرِ: زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَرَاوَضَ. القَوْمُ فِي الاَمْرِ: کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا فِي البَيْعِ والشِّرَاءِ: آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتَاضَ. المُهْرُ: بچھیرے کا سدھ جانا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القَوَافِي الصَّعْبَةُ لِلشَّاعِرِ" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَةً: المَكَانُ: جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھلکنا۔ کشادہ ہونا۔ النَّفْسُ: خوش ہونا المَكَانُ: بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْضُ. س۔ باغ۔ وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضَةُ. باغ۔ ج رَوْض و رِيَاض و رَوْضَات و رِيْضَان. باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ رَوْضَاتُ الجَنَّاتِ

الرَّوْضَةُ. حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فِي الحَوْضِ رَوْضَةٌ مِنَ المَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپا لیا ہے۔

الرِّيْضَةُ. الرَّوْضَة میں ایک لغت۔

الرِّيَاضَةُ. س۔ جسمانی ورزش۔ بری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العِلْمُ الرِّيَاضِي و عِلْمُ الرِّيَاضِيَّات: عِلْمِ حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّيِّضُ. وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ "اَمْرٌ رَيِّضٌ" غیر محکم کام۔

الرَّيِّضَةُ. باغ۔

المَرَاضُ. نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَايِض و مَرَاضَات.

اَرْضٌ (مُسْتَرْوِضَةٌ) عمدہ نباتات اگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ: نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ يَرُوْطُ و يَرِيْطُ رَوْطًا و رَيْطًا. بالمَكَانِ: پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ يَرُوْعُ رَوْعًا و رُؤُوْعًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ صفت (رائع ورَوِع) فِي يَدِي كَذَا: فائدہ دینا۔ رَاعَهٗ الاَمْرُ: گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ يَرُوْعُ و يَرِيْعُ رُوَاعًا. لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِيْعَ. فُلَانٌ: گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَهٗ ورَوَّعَهٗ. گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا. اَرْوَع ہونا۔ (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا. الرَّاعِي الغَنَمَ: چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ و تَرَوَّعَ. مِنْهُ و لَهٗ: ڈرنا۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ: خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْعُ. س۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَةُ. ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْعُ. دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِغْ رُوْعَكَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَعُ. اَرْوَع کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

الاَرْوَعُ. حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوْع واَرَاوِع. مؤنث رَوْعَاء. قَلْبٌ اَرْوَعُ: جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ (رُوَاعُ) القَلْبِ ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِعُ. فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُوْن و رُوَّع مؤنث رَائِعَة. ج رَوَائِع و رُوَّع. كَلَامٌ رَائِعٌ: خوشگوار کلام۔

رَائِعَةُ. الشَّيْبِ: بڑھاپے کی ابتداء میں رَائِعَةُ النَّهَارِ او الضُّحَى: دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّعُ. خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا. الصَّيْدُ: شکار کا ادھر ادھر جانا الرَّجُلُ عَنِ الطَّرِيْقِ: مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا۔

الى كَذَا: چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔

عَلَيْهِ بالضَّرْبِ: مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ. اللُّقْمَةَ فِي الدَّسَمِ: لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَه مُرَاوَغَةً. کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔

رَاوَغَه عَلَى الاَمْرِ: پھسلانا اور غلانا۔

رَاوَغَ القَوْمُ: مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَهٗ اِرَاغَةً وارْتَاغَهٗ ارْتِيَاغًا. مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مازِلْتُ اُرِيْغُ حاجَةً لِي" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العُقَابُ الصَّيْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرتے کیں ادھر ادھر جاتا رہا۔ اَرَاغَه عَلَى اَمْرٍ وعَنْ اَمْرٍ: پھسلا بہلا کر طلب کرنا اَرَاغَ الرَّجُلَ: دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ. الحِمَارُ: گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا. ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

الرَّائِغُ. فا. طَرِيْقٌ رَائِغٌ: کج راستہ۔

الرَّوَاغُ والرُّوَيْغَةُ. مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و "هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔
الرِّيَاغ سرسبزی۔
رَافَ يَرَافُ. رَأَفَ يَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔
الرَّوْف سکون؛ اطمینان۔
الرَّوْفَة رحمت۔
رَاقَ يَرُوْقُ رَوْقًا. الشَّرَابُ صاف ہونا عَلَيْهِ فضیلت و خوبی میں بڑھ جانا۔
رَاقَهُ رَوْقًا وَرَوَقَانًا. الشَّيْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔
رَوِقَ يَرْوَقُ رَوْقًا اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (أَرْوَق) مؤنث رَوْقَاءُ ج رُوْقٌ.
رَوَّقَ. الشَّرَابُ: صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهُ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ وَأَرْوَقَ إِرْوَاقًا) اللَّيْلُ: تاریکی پھیلانا۔
رُوِّقَ. الْبَيْتُ: سائبان بنایا جانا۔
رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِي" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔
أَرَاقَ إِرَاقَةً. الْمَاءَ: بہانا دَمَهُ: خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔
الرَّائِق. فائق۔ رَوْق و رُوْقَة.
الرَّوْق: س۔ سینگ مِنَ الْبَيْتِ: سائبان؛ برآمدہ مِنَ الشَّبَابِ جوانی کی رونق و ابتداء مِنَ الْخَيْلِ: خوبصورت گھوڑا مِنَ اللَّيْلِ رات کا ایک حصہ۔ مِنَ الْمَاءِ وَ نَحْوِهِ: صاف۔ رَوْقُ الْفَرَسِ نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "أَرْوَق" کہتے ہیں۔
الرَّوْق خالص محبّت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقَيْنِ" یعنی بڑی مصیبت و "رَمَى بِأَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ" یعنی وہ سوار ہوا و "أَلْقَى بِأَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ" یعنی وہ دابہ سے اُتر پڑا۔ و "أَلْقَى أَرْوَاقَهُ" یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهُ بِمَنْزِلِ كَذَا" وہ فلاں منزل پر اُترا اور اُس نے خیمہ لگایا۔ و "أَلْقَى عَلَيْكَ أَرْوَاقَهُ وَ شَرَا شِرَهُ" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبّت کرتے ہو۔ و "أَلْقَتِ السَّحَابَةُ أَرْوَاقَهَا" بادل نے اپنا دہانہ کھول دیا۔
الرُّوَاق والرِّوَاق. برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج أَرْوِقَة و رِوَاقَات ورُوْق. رِوَاقُ الْعَيْنِ: ابرو۔ رِوَاقُ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الرَّاوُوْق. چھنا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔
رَيِّقُ. الشَّبَاب جوانی کی رونق و ابتداء اور کہا جاتا ہے "كُنْتُ فِي رَيِّقِ زَمَانِي" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ وريِّقُ كُلِّ شَيْءٍ ہر چیز کا افضل حصہ۔
الرَّوَق اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)
الرَّوْقَة بہترین حسن و جمال۔
الرُّوْقَة رَائِق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَةٌ" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر؛ مؤنث؛ واحد اور جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِيَةٌ رُوْقَةٌ و جَوَارٍ رُوْقَةٌ"
الأَرْوَق. سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔
المُرَوَّق. صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَيْتٌ مُرَوَّق سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔
الرَّوْكَة والرَّوْك کاء بزالو کی آواز۔
رَوَّلَ. الْفَرَسُ گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الْخُبْزَ گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔
الرُّوَال گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِيل.
المِرْوَل بہت رال والا۔
رَامَ(ن) رَوْمًا ومَرَامًا. الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّم و رُوَّام.
رَوَّمَ. ٹھہرنا فُلَانًا وَبِهِ: خواہش دلانا رايَهُ ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔
تَرَوَّمَ. بِهِ بھٹکا کرنا۔
الرَّام ایک درخت کا نام۔
الرَّامَة. جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔
الرَّوْم والرُّوْم کان کی لو۔
الرُّوْم والأَرْوَام بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِيٌّ) نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بَحْرُ الرُّوْمِ: بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔
رُوْمَة و رُوْمِيَة قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانِيّ.
الرُّوْمِي خالی کشتی کا بادبان۔
الرُّوْمَة. سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔
الرُّوْمَنْطِيْقِيَّةُ اَوِالرُّوْمَانسِيَّةُ. ادبی نظریہ جس میں شعور اور خیال عقل پر غالب ہوتا ہے اور انفرادی تسلط ہوتا ہے۔
المَرَام مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات.
رَانَ يَرُوْنُ رَوْنًا. الأَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّيْلَةُ: سخت خوفناک ہونا۔
الرَّوْن. سختی۔ ج رُؤُوْن.
رُوْنَةُ. الشَّيْءِ چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُوْنَةَ هٰذَا الأَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔
الأَرْوَنَان. سخت۔ دشوار (الأَرْوَنَان و الأَرْوَنَانِيّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی؛ گرمی؛ خوشی؛ غمی؛ شور وغیرہ کی) مؤنث أَرْوَنَانَة وأَرْوَنَانِيَّة.
مَرُوْنٌ. بِهِ مغلوب۔

الرَّوند والرِّوند والرِّوانِد: ایک پودا جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں طبی فائدہ میں معدہ کو طاقت اور اخراج مادہ ہے۔

رَاهٗ (ن) رَوْهًا ورَوَاهًا. الماءُ: پانی کا سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوٰى (ض) رِوَايَةً. الحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ. ج رُوَاةٍ و رَاوُوْنَ الحَبْلَ: رسّی بٹنا الرَّحْلَ: اونٹ پر رسّی سے کجاوہ باندھنا القَوْمَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِىَ (س) رِيًّا ورَيًّا ورِوًى. مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّان) مؤنث رَيَّا. ج رِوَاء الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوّٰى تَرْوِيَةً. سفر میں پانی ساتھ لے جانا ۰ الشِعرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا النَباتَ: نباتات کو پانی دینا۔ رَوّٰى فى الاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوّٰى تَرَوِّيًا. سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا الحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا القَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُهٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوٰى. اِرْتِوَاءً مِنَ المَاءِ. سیراب ہونا۔ الحَبَلُ. رسّی کا بٹ جانا۔ مفاصِلُهٗ. جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّىُّ. سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرِّوٰى. سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوُّ. سرسبزی (اس کی اصل رَوْىٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّيَّا. عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ رَيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّيَّةُ. رَوِى کا اسم نوع۔ پھیپھڑا۔ رِئَةُ البَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرِّوِىُّ. مِنَ الشُرْبِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِيًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رِوًى: اور اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "كَاسٌ رَوِيَةٌ" الرَّوِىُّ سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّةُ. الرَّوِىّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّان. سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا. ج رِوَاء. وَجْهٌ رَيَّانُ: پر گوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانٌ مِنَ الْعِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاء. ج اَرْوِيَةٌ (الْمِرْوٰى) ج مَرَاوٍ و مَرَاوٰى: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسّی۔

الرَّوَاء. خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاء. خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهٗ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الرَّاوِيَةُ. حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔ ج رَوَايَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الاُرْوِيَّةَ والاِرْوِيَّةُ. پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج اَرَاوِى واَرَاوٍ اَرْوٰى.

يَوْمُ (التَرْوِيَةِ) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَهٗ يَرِيبُهٗ رَيْبًا. شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيبُهٗ اَحَدٌ بِشَیٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

اَرَابَهٗ اِرَابَةً. شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا الرَّجُلَ اَوِالاَمْرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَابَه منه اَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَيَّبَ تَرَيُّبًا. مِنْهُ: خوف کرنا۔ ڈرنا۔ بِهٖ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ ارْتِيَابًا. مِنَ الشَّیْءِ: شک کرنا بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً. شک میں پڑنا بِهٖ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّيْبُ. تہمت۔ شک۔ حاجت۔

رَيْبُ المَنُوْنِ گردش زمانہ۔

الرِّيْبَةُ. شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِيَبٌ.

اَمْرٌ (رَيَّاب) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ يَرِيْثُ رَيْثًا و تَرَيَّثَ. تاخیر کرنا۔ دیر کرنا۔

رَيَّثَ. تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَيَّثَ عمَّا كان عَلَيْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی لِشَیٍ: نرم کرنا۔

اَرَاثَهٗ اِرَاثَةً. دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَهٗ اِسْتِرَاثَةً. دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّيْثُ. مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وقف (رَيْثَما) صَلَّيْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَهٗ اِلَا رَيْثَ اَعْقِدُ شِسْعِىْ" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ يُرِيْدُ يَفْعَلُ بجائے يُرِيْدُ ان يفعلَ کے ہے۔

الرَّيِّثُ سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَيَّثُ) العَيْنَيْنِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ يَرِيْخُ رَيْخًا و رَيْخَانًا ورُيُوْخًا. ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَيَّخَهٗ. کمزور کرنا۔

المَرِيْخُ. سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج اَمْرِخَة.

الرَّيْدُ. پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُيُوْد.

ریح (رَیْدَۃ ورادۃ وریْدانۃ) نرم ہوا۔
رَیَرَ. القوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
رَیَّرَ. القوْمُ: موٹاپا غالب ہونا۔ رَیَّرَت البلادُ: ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رَیْرَ القوْمُ ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
الرَّیْر: رال جو بچّے کے مُنہ سے نکلے۔ (الرِیْر والرِیْر والرَار) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔
الرائِرۃ: زانو کی ہڈی کا مغز۔
راس یریْسُ ریْسًا و ریَسانًا: متکبرانہ چال چلنا الشَّیْءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا القوْمَ: برتر ہونا؛ غالب ہونا۔
الرَّیِّس: سردار قوم۔
راش یریْشُ رَیْشًا: مال ومتاع جمع کرنا ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ہ مالًا: دینا مِنْ حالہ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایرِیْشُ ولا یَبْرِی" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ و "لا تَرِش علَیَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ (و اَرَاشَ ورَیَّشَ) السَّھْمَ: پر لگانا۔ رَیَّشَ السَّقَمُ فُلانًا: کمزور کرنا۔
اِرْتَاشَ. السَّھْمَ: تیر میں پر لگانا (و تَرَیَّشَ) خوش حال ہونا۔
اَلرِّیْشُ: پرندوں کے پر۔ پرندوں کے لئے زینت اور حفاظت کا ذریعہ ہیں۔
ان کی (پروں کی) پانچ اقسام ہیں۔
(۱) اَلْقَوادِمُ (۲) اَلْمَناکِبُ (۳) لَخوافِی (۴) اَلاَباھِرُ (۵) اَلْکُلَی۔
الرِیْش: پرندے کے پر۔ واحد (رِیشۃ) ج رِیَاش وأرْیَاش۔ الرِیش: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سر سبزی۔ معاش۔
الرَّاش: پرندے کے پر۔ ج اَرْیَاش۔ جَمَلٌ راش: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد۔ رُمْحٌ راشٌ: کمزور نیزہ۔ طَیْرٌ راش: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَۃٌ کلا (رَیِّش و رَیْشٌ) بہت پتیوں والی گھاس۔

الرَّیِش: کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔
الرَّیَاش. من النُّوق: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔
الرِّیَاش: ج و لباس و سامان۔ سرسبزی۔ معاش۔ مال۔
الرَّیَّاش: تیروں پر پر لگانے والا۔
الرَّایِش: فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔
الاَرْیَش: کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیْشاء۔ رَیِّش ورجلٌ ارْیَش: مال ولباس والا مرد۔
المَرِیش والمُرَیَّش. مِن السِّھام: پر لگایا ہوا تیر۔ والْبُرْدُ المُرَیَّش: پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَیَّش: بہت بالوں والا؛ کم گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔
المُرَیَّش من الرجال: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔
الرَّیْطَۃ: ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیْط و رِیاط۔
الرَّائِطَۃ: ایک پاٹ کی چادر۔
رَاعَ یَرِیْعُ رَیْعًا و رُیُوْعًا ورِیاعًا و رَیَعانًا. الشَّیْءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا (رَیْعًا) السَّرابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا مِنْہُ: ڈرنا عَنْہُ و اِلَیْہِ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "ھَرَبَت الاِبِلُ فَصاحَ بھا الرّاعِیُ فَرَاعتْ اِلَیْہ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ و "فُلانٌ لا یَرِیْعُ لِکَلامِكَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔
رَیَّعَ. القَوْمُ: جمع ہونا الطَّعامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا الطعامَ: بڑھانا اور زیادہ کرنا۔
اَرَاعَ اِرَاعَۃً. الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اللہُ الزَّرْعَ: کھیتی کو بڑھانا القَوْمُ: بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا الاِبِلُ: اونٹوں کا بہت بچّوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ. ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا الماءُ: بہنا السَّرابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا القَوْمُ اکٹھا ہونا۔ یَدَاہُ بالجُوْدِ: فیاضی کرنا۔
اِسْتَرَاعَ اِسْتِراعۃً: حیران ہونا یداہ بالجُوْدِ: فیاضی کرنا۔
اَلرَّیْعُ. مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل۔ مِنَ الضُحی: چاشت کے وقت کی روشنی و چمک مِن الدِرْعِ: دامن وآستین کی زیادتی۔
الرَیْعُ: ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے (لَیس لَہُ رَیْعٌ) اس کے لیے پیداوار نہیں۔
الرِیْعُ: بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیاع ورُیُوع واَرْیاع۔
الرِیْعۃ: بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَیْعان. مِن کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول و افضل ارْضٌ (مَرِیْعۃٌ) سر سبزی والی زمین۔
مطرٌ (مُرِیْعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔
ناقۃٌ (رَیْعانۃٌ و مِریَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔
راغ یریْغُ ریْغًا: بھاگنا۔
رَیَّغَ تَرْیِیْغًا. الثَرِیْدَۃَ: گھی میں تر ہونا۔
تَرَیَّغَت. الثَرِیْدَۃُ: گھی میں تر کرنا۔
الرِیْغ: گرد و غبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغ: خاک آلود۔
راف یریْفُ ریْفًا وارْیَفَ ارْیافًا و تَرَیَّفَ: سبزہ زار زمین آنا۔ رافت الماشیۃ: سبزہ چرنا۔
رایف مُرایفۃً للظِّنَّۃ: تہمت کے قریب ہونا۔
اراف ارافۃً وارْیَف اِرْیافًا. المکانُ: سبزہ زار ہونا۔
الراف: شراب۔
الرِیْف: سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین۔ ج اَرْیاف ورُیُوف۔ الرِیْف: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّف) سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَۃ

رَاقَ يَرِيْقُ رَيْقًا. اَلْمَاءُ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ: سطح زمین پر پانی کا بہنا۔ الشَّیُٔ: چمکنا۔

السُّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

(رَيْقًا وَرُيُوْقًا) بِنَفْسِہٖ: جان دینا۔

رَيَّقَهُ. الشَّرَابَ: نہار مُنہ پلانا۔

اَرَاقَ اِرَاقَةً. الْمَاءَ: گرانا۔

تَرَيَّقَ. السُّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

الرَّيْقُ. س۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَيْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (والرَّيِّقُ والرَّيُّوْقُ) مِنْ كُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل۔

الرِّيْقُ. ج اَرْيَاقٌ ورِيَاقٌ و (الرِّيْقَةُ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی عَلَی الرِّيْقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَی الرِّيْقِ و عَلٰى رِيْقِ النَّفْسِ اَوْ رِيْقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار مُنہ پیا۔ الرِّيْقُ: قوت۔ بقیہ جان۔

الرَّائِقُ. فا. خالص۔ نہار مُنہ والا مفلس۔

خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔

الْمَاءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار مُنہ پیا جائے۔

الرَّيِّقُ. نہار مُنہ والا۔

رَالَ يَرِيْلُ رَيْلًا. الصَّبِیُّ: بچے کے مُنہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔

الرِّيَالُ. رال۔ مُنہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)

رَامَ يَرِيْمُ رَيْمًا. حَمْلُ الْبَعِيْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا الْمَكَانَ و مِنْهُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا عَنْهُ: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَامَ بِفِعْلِ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَايَرِيْمُ مُتَيَّمًا" بمعنی لَا يَزَالُ مُتَيَّمًا. (رَيْمًا وَرَيَمَانًا) الْجُرْحُ: زخم کا انگور باندھنا۔

رِيْمَ. بِهٖ: چھوڑ دیا جانا۔

رَيَّمَ تَرْيِيْمًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ عَلٰى كَذَا: بڑھنا السَّحَابَةُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّيْمُ. س۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِی هٰذَا الْعِدْلِ رَيْمٌ عَلَی الْآخَرِ" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (والرِّيْمُ) خالص سفید اونٹنی۔

رَانَ يَرِيْنُ رَيْنًا وَرُيُوْنًا. الشَّیْءُ فُلَانًا و عَلَيْهِ وَبِهٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰى قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَيْهِ وَبِهٖ: موت کا آجانا۔

رِيْنَ. بِهٖ: لا ینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

اَرَانَ اِرَانَةً. الْقَوْمُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِيْنُوْنَ)

الرَّانُ. موزہ کی طرح جوتا۔

الرَّيْنُ. میل کچیل۔

الرَّيْنَةُ. شراب۔ ج رَيْنَاتٌ

رَجُلٌ (مَرِيْنٌ) عَلَيْهِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہوگئے ہوں۔

رَاهَ يَرِيْهُ رَيْهًا. الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔

رَيَّهَ تَرْيِيْهًا. آمدورفت کرانا۔

تَرَيَّهَ. السَّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔

اَرْيٰی اِرْيَاءً. الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔

رَيّٰی. الرَّايَةَ: جھنڈا بنانا۔

الرَّايَةُ. علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَايَاتٌ ورَایٌ۔

الرَّیُّ. مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)

الرِّیُّ. خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

ز

ز الزای: بنیادی حروف میں سے گیارواں حرف ہے اور حروف اسلیہ (زبان کی نوک سے نکلنے والے) میں سے ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر (۷) ہے۔

زَأَبَ (ف) زَأْبًا. ڈگڈگا کے پینا الدَّهْرُ بِه: زمانہ کا لٹنا الْمَاشِيَةَ: مویشی ہانکنا۔ بِحَمْلِهٖ: بوجھ کھینچنا (وازْدَأَبَ اِزْدِئابًا) القِرْبَةَ) مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا۔

زَأْبَرَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا رواں والا ہونا۔

الثَّوْبَ: کپڑے سے رواں نکالنا۔

الزِّئْبِر والزُّوْبُر والزِّوْبَر. کپڑے کا رواں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الاَیَّامُ بِنَضَارَتِهٖ و نَفَضَتْ زِئْبَرَهٗ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا۔

زَأْبَقَ. الشَّیْءَ: پارہ کی قلعی کرنا۔

الزِئبَق والزِئبَق. پارہ۔

زَأَجَ (ف) زَأْجًا. بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ اکسانا۔ ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔

زَأَدَهٗ (ف) زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤْدًا و زُؤُدًا گھبرا دینا۔

الزُّؤْد والزُّؤُد. گھبراہٹ۔

لَيْلَةٌ (مَزْؤُوْدَةٌ) خوف و گھبراہٹ کی رات۔

زَأَرَ (ف ض) وزَئِرَ (س) زَئِيْرًا وزَأْرًا وتَزْآرًا وازْأَرَ ازْآرارًا وَتَزَأَّرَ. الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِر وزَائِر و مُزْئِر) الفَحْلُ: آواز کو گڑگڑانا۔

الزَّأْرَةُ. زَأَرَ کا اسم مرۃ۔ جنگل؛ جھاڑی۔ باغ۔ مِنَ الاِبِلِ وَالغَنَمِ: اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ۔

زَأْزَأَ. سر اور دم اُٹھا کر تیز چلنا o: خوف دلانا الشَّیْءَ: ہلانا؛ حرکت دینا۔

تَزَأْزَأَ. ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا مِنْهُ: ڈر کر خاکساری کرنا الشَّیْءُ: ہلنا۔

زَأَطَ (ف) زَأْطًا. بہت شور مچانا۔

زَأَفَهٗ (ف) زَأْفًا. جلدی کرانا۔

اَزْأَفَ اِزْآفًا. عَلَيْهِ: ادھ مری کو مار ڈالنا۔

اَزْأَفَهٗ بَطْنُهٗ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔

الزُّؤَاف. جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَافٌ: جلدی کی موت۔

زَأَكَ (ف) زَأْكانًا. ناز سے چلنا۔

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔

زَأَمَ (ف) زَأْمًا وزُؤَامًا. جلدی مرنا۔ خوب ڈٹ کے کھانا o: گھبرا دینا۔

o البَرْدُ: کپکپا دینا لِیْ كَلِمَةً: ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَازَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔

زُئِمَ زَأْمًا. وزَئِمَ (س) زَأْمًا و اِزْوَأَمَ. بہت گھبرانا۔ زَئِمَ بِفُلَانٍ: چلانا۔ آواز دینا۔

زَأَّمَهٗ تَزْئِيْمًا. گھبراہٹ میں ڈالنا۔

اَزْأَمَهٗ. عَلَى الاَمْرِ: کسی کام پر مجبور کرنا۔ الجُرْحَ: زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا۔

المَوْتَ (الزُّؤَام) مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔

الزِّئْم. آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِي زِئْمِه" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔

الزَئِم. بہت خوفزدہ۔

الزَّأْمَة. حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعْصِیْه زَأْمَةً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔

الزَّأْمَةُ مِنَ الطَّعَامِ کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔

الزُّؤَان. ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُؤَانَة)

زَأَی (ف) زَأْيًا. تکبر کرنا۔

اَزْأَی. فُلَانًا بَطْنُه: پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔

زَبَّ (ض) زَبًّا. چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زَبَّ (ن) زَبًّا. القِرْبَةَ: مشک بھرنا الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔

زَبَّبَتِ. الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا العِنَبَ: انگور خشک کرنا۔

الرَّجُلُ: زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰى زَبَّبَ فَمُه" فلاں

نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے مُنہ سے جھاگ آنے لگا۔

اَزَبَّ. اِزْبابًا. العِنبُ: انگور خشک کرنا الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔

تَزَبَّبَ. العِنبُ: انگور خشک ہونا۔ الرَّجُلُ: غصّہ سے بھر جانا فِی الکلامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔

اِزْدَبَّتْ. اِزْدِبابًا القِرْبَةُ: مشک کا بھر جانا۔

الزَّبَب. مص. بالوں کی زیادتی و لمبائی۔

الزَّبابَة. ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبابَةٍ"

الزَّبِیب. خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبَّاب" کہتے ہیں۔ سانپ کے مُنہ کا زہر۔

الزَّبِیبَة. زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ مُنہ کے جھاگ۔

الزبیبتان سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔ اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِیبَتَیْنِ" کہتے ہیں۔

الاَزَبُّ. چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء. عامٌ اَزَبُّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "کُلُّ اَزَبَّ نَفُوْرٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

دَاهِیَةٌ زَبَّاءُ: بڑی مصیبت۔

الزَّبِیبِیّ. کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المُزِبُّ والمُزَبِّب. فا. بہت مال والا۔

الزَّبَنْتَل. پستہ قد۔

زَبَدَ(ن) زَبْدًا. مکھن کھلانا السِّقاءَ: مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلوانا۔

زَبَدَ(ض) زَبْدًا. السَّوِیقَ: ستو میں مکھن ملانا لَهُ: مکھن دینا۔

زَبَّدَ. اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا شِدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا القُطْنُ: روئی دھننا۔

اَزْبَدَ. اَلبَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا مُنہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغٰی الرَّجُلُ وَاَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی۔ الشَّیءُ: بہت سفید ہونا السِّدْرُ ونحوُهُ: شگوفہ نکلنا۔

تَزَبَّدَ. الشِّدقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔

الزُّبْدَةَ: مکھن لینا الشَّیءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نگلنا الیَمِینَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُّبْدَة والزُّبْد. مکھن۔ ج زُبَد و زُبْدَة الشَّیءِ: چیز کا عمدہ و افضل حصّہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزَّبْد. داد و دہش۔

الزَّبَد. ج اَزْبَاد و (الزَّبَدَة) ج زَبَد: جھاگ۔ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزَّبَاد. ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَاد وسِنَّوْرُ الزَّبَادِ اور قِطُّ الزَّبَاد کہا جاتا ہے۔

الزُّبَّاد. ایک قسم کی نباتات۔ زُبَّادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِّبْدِیَة. مٹی کا پیالہ۔ ج زبادیُّ.

المِزْبَد. مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزابِد.

المُزْبِد. فا. جھاگ پھینکنے والا۔ بحر مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزْدَبِد. مکھن والا۔

زَبَرَهُ(ن ض) زَبْرًا. عَنِ الاَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا السَّائِلَ: جھڑکنا الرَّجُلَ: پتھر مارنا البِنَاءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا) عَلَیْهِ: صبر کرنا (وزبَر و اِزْدَبَر) الکِتَابَ: لکھنا۔

زَبُرَ(ک) زَبَارَةً. بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِیر)

اَزْبَرَ. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔ الکَبْشَ: موٹا کرنا۔

اِزْبَأَرَّ اِزْبِئْرَارًا. الکَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا النَّبَاتُ و الوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اُگنا۔

الزَّبْر. مص. عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔

الزِّبْر. کتاب۔ ج زُبُور عقل۔ کہا جاتا ہے "ما لَهُ زِبْرٌ" اس کو عقل نہیں۔

اخذه (بزبره او بزابره) یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔

الزَّبِر. بہت قوی۔

الزُّبْرَة. لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) ناف۔ ج زُبَر و زُبْر۔

الزَّبُور. فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُرٌ. حضرت داؤد کی کتاب۔

الزَّبِیر. لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔

الاَزْبَر. بڑے کندھوں والا۔ ایذا رساں۔ مؤنث زَبْرَاء. ج زُبْر.

التَّزْبِرَة. زَبَرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔

المِزْبَر. قلم۔

المُزْبَر. بڑے کندھے والا۔

اَرْض (مَزْبَرَة) بہت پتھروں والی زمین۔

اَسَد (مُزْبَرانی) بہت ایال والا شیر۔

بئر (مَزْبُوْرَة) پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں۔

زَبْرَجَ. الشَّیءَ: خوبصورت بنانا۔ مزیّن کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِّبْرِج. نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِج.

الزبرْجد. زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زبارِج.

زبط (ض) زبطا و زبيطا. البطُّ: کڑکڑانا۔

الزباطة والزبّاطة. بط

تزبّع. بد خلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزبيْع. غصہ ور جھگڑالو۔

الزوْبع. حقیر۔ پستہ قد۔

الزوْبعة. بگولہ۔ اس کو اُمّ زوْبعة اور ابُو زوْبعة بھی کہا جاتا ہے۔ ج زوابع.

الزوابع: مصیبتیں۔

الزنْباعة. چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔

زبْعر. الزبْعرى: بد خلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اُٹھا لیتا ہے۔

الزبْعرى. لمبے پروالا تیر۔

زبق (ض) زبْقًا. شعْرهٗ: بال اُکھیڑنا ٥ في السِجن: قید کرنا۔ تنگی ڈالنا ٥ فِي الشيْ: داخل کرنا۔ الشيْ بالشيْ: مخلوط کرنا۔ ملانا القفْلَ: تالا کھولنا المرْأةُ بولَدِها: پھینک دینا۔

انْزبق. فِي البيْتِ: گھر میں داخل ہونا۔ فِي الحِبالة: جال میں پھنسنا۔ چھپنا۔

الزابُوقة. مِنَ البيْتِ: مکان کا گوشہ۔

الأزْبق. بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔

المزْبُوقة والزبيْقة. مِنَ اللّحى: نوچی ہوئی داڑھی۔

زبلَ (ض) زبْلا و زبّلَ. الأرْض: زمین میں کھاد ڈالنا (وازْدبل) الشيْ: اُٹھانا۔

الزابل والزابَل. پستہ قد۔

الزبَال والزُبال. وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اُٹھا کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "ما اَصاب مِنْهُ زُبالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

الزبْل والزبْلة والزبيْل. گوبر۔ کھاد۔

الزبيْل والزبّيْل. خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔

الزُبْلة. لقمہ۔

الزبالة. تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "ما فی البِئر زُبالة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے۔

الزبيْل. ج زُبُل و زُبلان و (الزِبّيْل) ج زبابيل و (الزنْبيْل) والزِنْبِيْل ج زنابيْل. ٹوکرا۔ برتن۔ توشہ دان۔

المزْبَلة والمزْبُلة. کوڑا خانہ۔ ج مزابل.

زبَنهٗ (ض) زبْنًا. دفع کرنا۔ ٹکر لگانا۔ علیحدہ کرنا۔ زبنتِ الناقةُ: اونٹنی کا دوھنے کے وقت زانو سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "زبَن عنّا معْرُوْفهٗ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔ زبن الثمر: درخت پر پھل بیچنا۔

ازْبن. بيْته عنِ الطرِيْقِ: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔

زابنهٗ مُزابنة. ایک دوسرے کو ہٹانا۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ درخت پر پھل بیچنا۔

تزابن. القوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

انْزبن. القوْمُ: علیحدہ ہونا۔ کنارہ پر ہونا۔

تزبّنهٗ. زبردستی غلبہ کرنا۔

اِسْتزبنهٗ. غالب ہونا۔

الزبْن. س۔ بيْتٌ زبْن: گھروں سے علیحدہ گھر۔ مقامٌ زبْن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں۔

الزبْن. گوشہ۔

الزبِن والزبُنّ. بہت دفع کرنے والا۔

زُبنتا. الناقة: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔

الزِبّيْن. پیشاب، پائخانہ کو روکنے والا۔

الزِبْنِية. سخت۔ جن و انسان میں سے سرکش۔ سپاہی ج زبانِية.

الزبانِية. عِنْد العرب: سپاہی۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔

الزبُوْن. مِن النُوْق: دوھنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔ حرْبٌ زبُوْنٌ: سخت لڑائی۔ الزبُوْن: بیوقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الزبُوْنة والزبُّوْنة. گردن اور کہا جاتا ہے "فِيْه زبُوْنة" اس میں تکبر ہے۔

زُبانى. العقْرب: بچھو کا ڈنک۔

زُبانيا. العقْرب: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔

المزابنة. س۔ اندازہ سے بیع کرنا۔

زبى (ض) زبْيا وازْدبى ٥: اُٹھانا۔ ہانکنا۔

زباه بشرٍّ: تہمت لگانا۔

ازْباه ازْباء. اُٹھانا۔

زبّى. فُلانا: ہانکنا اللحْم: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔

زبّى و تزبّى. الزُبْية: شکار کا گڑھا کھودنا۔

تزبّى في الزُبْية: شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا۔

تزابى تزابِيا. تکبر کرنا۔

الزُبْية. درندوں کے شکار کا گڑھا۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ ج زُبى. کہا جاتا ہے "السيْلُ الزُبى" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا۔

الأزْبِى. جلدی۔ نشاط۔ ایک قسم کی چال۔ برائی۔ بڑا معاملہ۔ ج ازابیّ.

زجّ (ن) زجّا. دوڑنا ٥: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔ زجّهٗ بالرُمْح: کسی کو نیزہ مارنا بالشيْ: کوئی چیز پھینکنا۔

زجّ (ض) زججًا وازْوجّ. حاجبهٗ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت (ازجّ) مؤنث زجّاء ج زُجّ (ایسی بھوں کو بھی ازجّ کہتے ہیں۔)

زجّج. الحاجب: ابرو کو لمبی اور باریک بنانا الموْضِع: درست و ہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نقر خشْبةً ثُمّ زجّج موْضِع النقْر" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔

ازجّ. الرُمْح: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔

الزُجّ. نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں

اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل ہے "جعل الزُجَّ قُدّامَ السِنَان" یعنی اس نے ادنی کو اعلی پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج وازِجَّة و زِجَجَة اور کبھی الزجاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَجَاج والزُجَاج والزِجَاج. شیشہ (زَجَاجة زِجَاجة زُجَاجة) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِيْشَةُ الزُجَاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُجَاجِيّ. شیشہ بیچنے والا۔

الزَجَّاج. شیشہ بنانے والا۔

الزِجَاجة. شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُجُج. پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔

الازَجّ. لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شتر مرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ.

المِزَجّ. چھوٹا نیزہ۔ رُمْحٌ (مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّة. وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُجْبَة. کلمہ ت۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ مِنْهُ زُجْبَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَهُ (ن) زَجْرًا. عَنْ كذا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا الرِيْحُ السَحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اُٹھا کر لانا الكلبَ وبالكلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا الطَيْرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اُڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت اَنْ يَكُوْنَ كَذَا وكَذَا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزْدَجَرَه. منع کرنا۔ روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (وانْزَجَرَ) رک جانا۔

تَزَاجَرَ. القَوْمُ عَنِ الشَرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَجْر. س۔ (والزَجَر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجُور.

الزَاجِر. فا زَاجِرُ الانسان: ضمیر۔ اَبُو زَاجِر: کوا۔

الزَجَّار. بہت ڈانٹنے والا۔

نَاقَةٌ (زَجُوْر) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر. ڈانٹنے کی جگہ (والمَزْجَرَة) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِكْرُ اللهِ مَزْجَرَةٌ للشَيْطَان" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ (ن) زَجْلًا. ہ وبہ: تیر مارنا۔ دفع کرنا ہ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا الحَمَامَ: کبوتر کو دور جانے کے لیے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمَامُ الزَاجِل یا حُمَامُ الزَجَال کہتے ہیں۔

زَجِلَ (س) زَجَلًا. خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزَاجِل) القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔

الزَجَل. شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُوْزَجَلٍ. گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَجْلَة. لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات.

الزُجْلَة. لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل.

مَسَافَةٌ (زَجُوْن) دور کی مسافت۔

الزَاجِل والزَاجَل. حلقہ کی مانند لکڑی جو رسّی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے نچلے حصّہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل.

الزَجَّالَة. چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجَال. چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل. کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَةٌ (زَجْلَاء) تیز رفتار اونٹنی۔

زَجَمَ (ن) زَجْمًا. آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُجَم: ایک قسم کا پرندہ۔

الزَجْمَة والزُجْمَة. آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَسْمَعْ لَهُ زَجْمَةً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وَهُوَ لَايُخَالِفُهُ بِزَجْمَةٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَجْمَة: رطوبتیں جو بچّہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوْسٌ (زَجُوْم) کمزور آواز والی کمان۔

الزَجْنَة. نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ زَجْنَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجَّى تَزْجِيَةً وازْجَى اِزْجَاءً وازْدَجَى. ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "كَيْفَ تُزَجِّي اَيَّامَكَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ و "زَجَّى فُلانٌ حَاجَتِي" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ اَزْجَى الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ اَزْجَى الدِرْهَمَ: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجَاءً. الاَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا الخَرَاجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا فُلانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔

تَزَجَّى تَزَجِّيًا. بالشَيءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجَى. تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاة.

الاَزْجَى. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَزْجَى مِنْ فُلانٍ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

المُزْجِي. کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔

زَحَّهُ (ن) زَحًّا. دفع کرنا؛ ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا عَنْ مَكَانِهِ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف)زَحْبًا و زُحُوْبًا. اِلَیْهِ
نزدیک ہونا۔
زَحَرَ (ف ض) زَحِیْرًا وزُحَارًا
وزَحَارَةً. پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی
وجہ سے آہ بھرنا۔زَحَرَتْ بِه اُمُّهٗ: جننا۔
زَحَرَه بالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
زُحِرَ. مبتلائے پیچش ہونا۔
زَحَّرَ. پیچش میں مبتلا ہونا۔
زَاحَرَهٗ. دشمنی کرنا۔
تَزَحَّرَ. پیچش میں مبتلا ہو۔عَنْهُ اُمُّه: جننا۔
الزُّحَار والزَّحِیْر. پیچش۔
الزُّحَر والزَّحَّار والزَّحْرَان. بخیل اس
وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔
زَحْزَحَهٗ. عَنْ مَكَانِهٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ. دور ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّحْزَحُ. دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ
بِزَحْزَحٍ مِنْهُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔
الزَّحْزَاحُ. دور۔
زَحَفَ (ف)زَحْفًا و زَحَفَانًا و زُحُوْفًا.
آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا۔اِلَیْهِ: چلنا کہا
جاتا ہے "زَحَفَ الْعَسْكَرُ اِلَی الْعَدُوِّ"
لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے
گھسٹ کر چلا۔الشَّیْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔
الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔
زَاحِفٌ وزَاحِفَةٌ تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت
مؤنث زَاحِفَةٌ ج زَوَاحِف و (زُحُوْف)
ج زُحُفٌ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا
پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج
زَوَاحِف.
اَزْحَفَ. اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچ طُوْلُ
السَّفَرِ: تھکا دینا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا
الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا
ہونا۔اَزْحَفَ بَنُوْ فُلَانٍ: بڑا لشکر بنا۔
زَاحَفْنَاهُمْ. ایک دوسری کی طرف گھسٹنا۔
تَزَحَّفَ واِزْدَحَفَ. اِلَیْهِ: چلنا۔
تَزَاحَفَ. الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: بعض کا
بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔

الزَّحْفُ. ص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف
جائے۔ ج زُحُوف
الزُّحَفَةُ. قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو
دور نہ جائے۔
الزِّحَاف. فِی الْعَرُوْضِ: علم عروض کی
اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے
دوسرے حرف میں واقع ہو۔
الزَّحَّاف. گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَة
الزَّحَّافَات مِنَ الْحَیْوَان: رینگنے والے
جانور۔
الْمَزْحَف. گھسٹنے کی جگہ ج مَزَاحِف.
مَزَاحِفُ الْحَیَّات: سانپوں کے رینگنے کی
جگہ مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی
جگہ۔
بَعِیْرٌ (مِزْحَاف) اونٹ جس کو تھک جانے
کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف و مَزَاحِیف.
زَحَكَ (ف)زَحْكًا. بالْمَكَانِ: اقامت
کرنا۔ مِنْهُ: قریب ہو۔عَنْهُ: بعید ہونا۔الْبَعِیْرُ:
اونٹ کا تھکنا۔
اَزْحَكَ. تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔
زَاحَكَهٗ. عَنْ نَفْسِهٖ: دور کرنا۔
تَزَاحَكَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید
ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)
زَحَلَ (ف)زُحُوْلًا. عَنْ مَكَانِهٖ: زائل
ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل
وزَحِل)
زَحَلَ (ف)زَحْلًا. تھکنا۔
اَزْحَلَهٗ. اِلَیْهِ: پناہ لینا۔
اَزْحَلَهٗ وزَحَّلَهٗ. دور کرنا۔
تَزَحَّلَ. عَنْ مَكَانِهٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔
زُحَلُ. ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد
کے لیے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں
ورَجُلٌ زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ
اچھا کام ہو یا برا۔
الزُّحَلَة. کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔
قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ
میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔

مسافة (زَحُوْل) دور کی مسافت۔
الزَّحْلِیْل. تیز۔ علیحدہ رہنے والا
(والزُّحْلُوْل) تنگ پھسلنے کی جگہ۔
الزُّحْلُوْل: ہلکے پھلکے جسم والا۔
الْمَزْحَل. وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر
جائیں۔ زحل کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے
"اذا لم یكن عن شفرة السیف
مَزْحَل" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے
کی جگہ نہ ہو۔
زَحْلَفَ. الشَّیْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا
الإناءَ: برتن کو بھرنا۔ زحلف فی
الكلام: جلدی جلدی بولنا۔
تَزَحْلَفَ. لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔
تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل
بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔
الزُّحْلُوفَة. چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا
جائے۔ ج زَحَالِف و زَحَالِیف
الزُّحَالِف. چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی
کے مشابہ ہوتے ہیں۔
زَحْلَقَ و زَحْلَكَ و تَزَحْلَقَ و تَزَحْلَكَ
والزُّحْلُوْقَة والزُّحْلُوْكَة بمعنی
زَحْلَفَ و تَزَحْلَفَ والزُّحْلُوْفَة.
الزُّحْلُوْقَة. لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں
جانب بیٹھ کر جھولیں۔
زَحَمَهٗ (ف)زَحْمًا و زِحَامًا. تنگی کرنا۔
بھیڑ کرنا۔
زَاحَمَهٗ. تنگی کرنا۔ زاحم الخمسین:
قریب ہونا۔
اِزْدَحَمَ وتَزَاحَمَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر
تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔
الأَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔
الزَّحْم. ص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔
الزَّحْمَة. بھیڑ۔ تنگی۔
الزِّحَام. ص۔ یَوْمُ الزِّحَام: قیامت کا
دن۔
الْمِزْحَم. بہت بھیڑ کرنے والا (ا۔
مَزَاحِم) ہاتھی۔

زَخمَر. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

زَحَنَ (ف) زَحْنًا. دیر کرنا ہ عَنِ المَكَان: دور کرنا۔

تزحّن. دیر کرنا۔ سُتُنا عَنْ مكانِهٖ: ہلنا عَلَى الشيْءِ و عَنْهُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رجلٌ زُحَنٌ. پستہ قد مرد۔ مؤنث زُحَنَةٌ.

الزَحْنَة. سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُحَنَةٌ" ان لوگوں کے لیے دیر کا کام ہے۔ "ولَهُ زُحَنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔

الزُحْنَة. وادی کا موڑ۔

زَخَّ (ن) زَخًّا غضبناک ہونا بالإبلِ: اُونٹوں کو تیز چلانا ہ: گڑھے میں دھکیلنا المرْأةَ: جماع کرنا۔

زَخَّ (ن) زَخًّا وزَخِيْخًا. الجمرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَخّ. س۔ کینہ۔ غُصّہ۔ غضب۔

الزَخّة. کینہ۔ غُصّہ۔ غضب (والمَزَخَّة والمِزَخَّة) بیوی۔

زَخْزَخ. المَرْأةَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ (ف) زَخْرًا و زُخُوْرًا و تَزْخارًا. البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا الوَادِي: لبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا النَباتُ: نباتات کا لمبا ہونا القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کیلئے پرجوش ہونا الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا بِما عِنْدَهُ: فخر کرنا۔

زَاخَرَهُ. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَهُ فَزَخَرَهُ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ. البَحْرُ او الوَادِي: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تزخور. بِما عنده: فخر کرنا۔

الزَاخِر. فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا مِنَ الشَرَفِ بلند عزت۔

زَوَاخِرُ. الوَادِي: وادی کی گھاس۔

الزُخّار. زَخِر کا اسم مبالغہ۔

نَباتٌ (زَخُورٌ وزُخارِيٌّ و زَخُورِيٌّ) لمبا و گنجان پودہ۔ زُخارِيُّ النباتِ: پودہ کی تروتازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخارِيَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔

كَلامٌ زَخُورِيٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔

الزَخْرِيّ. لمبا۔

زَخْرَفَهُ. خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا الكَلامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

تَزَخْرَفَ. الرَجُلُ: مزین ہونا۔

الزُخْرُف. سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔

زُخْرُفُ الكَلامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زخارِف. الزَخارِف: کشتیاں۔ پانی پر اُڑنے والے کیڑے۔

زخارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔

زَخَفَ (ف) زَخْفًا و زَخِيْفًا. تکبر کرنا۔

زَخَّفَ. فِي القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَزَخَّفَ. مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔

المِزْخَف. فخر کرنے والا متکبر۔

زَخمه (ف) زَخْمًا. سختی سے ہٹانا۔

زَخِمَ (س) زَخَمًا وازْخم. اللَحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِم)

اِزْدَخَم. الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔

الزَخَمَة. بدبودار گوشت۔

الزَخْمَاء. بدبودار عورت۔

الزِدْب. حصّہ۔ ج اَزْداب.

زَدَرَ. لوٹنا۔ (صدر میں ایک لغت ہے)

اَزْدَرَ. لوٹانا۔ (اصدر میں ایک لغت ہے)

الاَزْدَرَان. دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جاءَ يَضْرِبُ اَذْدرَيْه" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔

اِزْدَرَم. نگلنا۔

اَزْدَف. اللَيْلُ: تاریک ہونا (اسدف میں ایک لغت ہے)

الزَدْق. سچائی (الصدق میں ایک لغت ہے)

زَدَا (ن) زَدْوًا. الصبيُّ الجَوْزَ و بالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔

المِزْداة والمِزْداء. اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔

اَزْدىٰ اِزْدَاءً. سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔

زَرَّ (ن) زَرًّا. القَمِيْصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا الشيْءَ: جمع کر کے باندھنا المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا الرَجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ زَرَّهُ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا الشَعْرَ: بال اُکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَيْنَه: آنکھ تنگ کرنا۔

زَرَّ (س) زَرًّا. الرجلُ: گھنڈی لگانا۔ اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔

زَرَّ (ض) زَرِيْرًا. سنانُ الرُمْحِ: نیزے کے پھل کا چمکنا العَيْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔

اَزَرَّ. القَمِيْصَ: بٹن لگانا۔

زَرَّرَ. ثَوْبَه: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔

تَزَرَّرَ. القَمِيْصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔

الزِرّ. گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزْرار وزُرُوْر. دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَيْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشيْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِرُّ مالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "اَعْطاهُ الشيْءَ بزِرِّهٖ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جاءَ فُلانٌ بزِرِّهٖ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔

الزَرّة دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزِرّة دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل۔

الزُرَارة. ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے اور وہ اسے چمٹ جائے۔

الزَرَّار والزِرِّيْر. سریع الفہم۔ تیز خاطر۔

الزَرِيْرُ. ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام

میں آتی ہے۔ واحد (زریبۃ)
الزَّارَۃُ. جانوروں کو لگنے والی مکھی۔
حِمَاءٌ (مِزَز) دانت سے کاٹنے والا گدھا۔
زَرَأَم ازْرَأَمَّ اِزْرِئْمَامًا وَازْرَامَّ.
اِزْرِئْمَامًا. كَلَامُهٗ اَوْدَمُهٗ اَوبَوْلُهٗ: گفتگو یا خون یا پیشاب کا منقطع ہونا۔
زَرَبَ (ن) زَرْبًا الْمَوَاشِيَ: جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لیے باڑہ بنانا۔
زَرِبَ (س) زَرَبًا الْمَاءُ: پانی کا بہنا۔
اِنْزَرَبَ. باڑہ میں داخل ہونا۔
اِزْرَبَّ. النَّبَاتُ نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔
الزَّرْبُ. ۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (والزِّرْبُ) باڑہ۔ ج زُرُوْبٌ.
الزَّرْبُ. پانی بہنے کی جگہ۔
الزَّارُوْبُ عِنْدَ الْعَامَّۃِ: لمبی پتلی گلی۔ فصیح لفظ الزُّقَبُ ہے۔
الزُّرْبِيُّ وَالزُّرْبِيَّۃُ. مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے مِنَ النَّبْتِ گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِيُّ.
الزُّرْبِيَّۃُ. جی حضوری۔
الزَّرِيْبَۃُ: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زَرَائِبُ و زِرَابٌ.
اَلْمِزْرَابُ. پرنالہ۔ ج مَزَارِيْبُ.
زَرْجَنَہٗ. فریب دینا الْقَوْمَ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔
الزَّرَجُوْنُ. انگور کی ٹہنیاں۔ واحد (زَرَجُوْنَۃ) ایک قسم کا سرخ رنگ۔ شراب (معرب)
زَرَحَ (س) زَرْحًا ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔
الزَّارِحُ. فا۔ چست۔ ج زُرَّاحٌ.
الزَّرُوحُ وَالزُّرْوَحَۃُ. چھوٹا ٹیلہ۔ ج زَرَاوِحُ.

المِزْرَحُ.
تَزَرْنَقَ: بَيْعُ عِيْنَۃٍ کرنا۔ بیع عینہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے کو فروخت زائد قیمت کے ساتھ انتظار قیمت کے عوض۔ زائد چیز لینا۔
زَرَدَہٗ (ن) زَرْدًا: گلا گھونٹنا۔
الدِّرْعَ: زرہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَيْنَہٗ عَلٰی صَاحِبِہٖ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔
زَرِدَ (س) زَرَدًا وَازْدَرَدَ وَتَزَرَّدَ. اللُّقْمَۃَ: لقمہ کو جلدی نگلنا اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ الْيَمِيْنَ" اس نے لاپرواہی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔
الزَّرَدُ. بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُوْدٌ. حِمَارُ الزَّرَدِ. ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔
الزُّرُدُ. جلدی نگلنے والا۔
الزَّرْدَۃُ. ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔
الزِّرَادُ وَالْمِزْرَدُ. اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔
الزَّرَّادُ. گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانے والا۔
الزِّرَادَۃُ. زرہ بنانے کا پیشہ۔
الْمِزْرَدُ. گلا۔
الْمُزْدَرَدُ. ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِمُزْدَرَدِہٖ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔
زَرْدَبَہٗ وَزَرْدَمَہٗ. گلا گھونٹنا۔ الطَّعَامَ: کھانے کو نگلنا۔
الزَّرْدَمَۃُ. سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔
زَرْزَرَ. الزُّرْزُوْرُ: زرزور پرندہ کا آواز کرنا
الرَّجُلُ: ہمیشہ زُرْزُوْر پرندہ کو کھانا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
الزُّرْزُوْرُ. ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعض میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زَرَازِيْرُ و زَرَازِرُ.

الزَّرْزَارُ وَالزُّرَازِرُ. سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زَرَازِرَۃ.
الزُّرْزُوْرِيُّ. وہ جو زُرْزُوْر پرندہ کے رنگ کا ہو۔
زَرَطَ (ض) زَرْطًا. اللُّقْمَۃَ: لقمہ کو نگلنا۔
زَرَعَ (ف) زَرْعًا وَازْدَرَعَ. الْاَرْضَ: بونا۔ بیج ڈالنا زَرَعَ اللهُ النَّبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَہٗ بَعْدَ شَقَاوَۃٍ" یعنی اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔
زَارَعَ مُزَارَعَۃً. فُلَانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔
اَزْرَعَ. الزَّرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کاٹنا الْقَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔
تَزَرَّعَ. اِلَى الشَّرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا۔
الزَّارِعُ. فا۔ ج زَارِعُوْنَ وَزُرَّاعٌ. "اولاد" ایک کتے کا نام اور اسی وجہ سے کتوں کو اولاد زَارِعٍ کہتے ہیں۔
الزَّرْعُ. ۔ کھیت۔ اولاد۔ ج زُرُوْعٌ
الزُّرْعَۃُ. بیج (وَالزَّرْعَۃُ وَالزِّرْعَۃُ) (الزُّرَعَۃ) کھیتی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي هٰذِہِ الْاَرْضِ زُرْعَۃٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے
الزُّرَعَۃ چکور کا بچہ۔
الزِّرَاعَۃُ کاشتکاری۔ کھیت۔
الزَّرِيْعَۃُ. بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔
الزَّرَّاعُ بہت کھیتی کرنے والا۔ چغل خور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زَرَّاعُوْنَ وَزَرَّاعَۃ.
الزَّرَّاعَۃُ. زَرَّاعٌ کا مؤنث۔ کشت زار ج زَرَّاعَاتٌ.
الزَّرِيْعُ. صرف بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی۔
الزَّرِيْعُ وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اگ آئے۔
الْمَزْرَعَۃُ وَالْمُزْرَعَۃُ. کھیتی۔ ج مَزَارِعُ
الْمُزْدَرَعُ کھیتی کرنے کی جگہ۔ کشت زار۔

زرف(ن) زرفاکودنا فی الکلام زیادتی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ (زُرُوْفًا وزریفا) الیٰقریب ہونا۔ دیرلگانا۔ جلدی کرنا(ضد)

زرِف(س) زَرَفًا. الجَرْحُ زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

زَرَّفَهٗ علیحدہ کرنا۔ دور کرنا الشیٔ زیادتی کرنا فیْ الکلامِ کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا القومَ جدا جدا کرنا الرمْحَ فِیْه نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زَرَّفَ علی السِتِّیْن" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔

اَزْرَفَ آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔ الجَرْحُ زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔ النَاقَةَ اونٹنی کو اکسانا۔ تیز کرنا الرَجُلُ زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

اِنْزَرَف. القومُ گھاس پانی کی تلاش میں جانا الرِیْحُ گزر جانا الشیُٔ آر پار ہونا۔

الزرافة والزُرافة والزَرافَّة والزُرافَّة ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ ج زَرافِیّ زَرافِی زَرَافَات. زَرائِف.

الزُرافَة بہت چھوٹا۔

الزرافة والزَرافَّة دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ ج زَرَافات اور اسی سے ہے۔ "طَائُوا اِلَیْهِ زَرافات و وُحْدَانا"

الزرَّافة والزَرافة وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے۔ ج زرافات زَرَّافات.

المِزْرَاف والزَرُوْف والزَرْوَف. مِنَ النُوْقِ تیز رفتار اونٹنی۔

زَرْفَنَ. شَعْرَهٗ بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔

الزَرْفِیْن چھوٹی زنجیر۔ ج زَرَافِیْن.

زَرَق(ض ن) زَرْقًا. الطَائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا۔ زَرَقَتْ عَیْنُه نَحْوِی کنکھیوں سے دیکھنا۔

زَرَقَ الطَائِرَ پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا الرجُل بِبَصَرِهٖ گھورنا النَاقَةُ الرَحْل اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

زرِق(س) زَرَقًا. الرجُلُ اندھا ہونا۔ عَیْنُه نیلگوں ہونا الشیُٔ نیلگوں ہونا۔ آسمانی رنگ کا ہونا۔

اَزْرَقَتْ. عَیْنُه نَحْوِیْ آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا النَاقَةُ حَمْلَهَا اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

اِزْرَقّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقّ اِزْرِیْقَاقًا نیلگوں ہونا عَیْنُه نَحْوِیْ بمعنی اَزْرَقَت عَیْنُه.

اِنْزَرَقَ پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا۔ السَهْمُ آر پار ہونا۔

الزَرَق والزُرْقَة آسمانی رنگ۔ نیلگونی۔

الزُرَق کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔

الزَرْقَة تعویذ کا مہرہ۔

الزُرَّق ایک شکاری پرندہ۔ ج زَرارِق گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔

الاَزْرَق نیلگوں۔ مؤنث زَرْقاء ج زُرْق. الاَزْرَق باز۔ نَصْلٌ اَزرَق چمکیلا تیر کا پھل۔ مَاءٌ اَزْرَق صاف پانی۔ عَدُوٌّ اَزْرَقُ سخت دشمن (اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اس لیے ان پر بھی زُرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزَرْقَاء. اَزْرَق کا مؤنث۔ ج زُرْق شراب۔ آسمان۔

الزُرَیْق وابُوْ زُرَیْق چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

الزُرَیْقَاء دودھ اور زیتون کے تیل میں تر کیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔

الزَرَّاقَة. والعامَّةُ تُسَمِّیْهَا الزَارُوْقَة: پچکاری (عوام اسے زَارُوْقَہ کہتے ہیں۔)

الاَزَارِقَة خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔ واحد (الاَزْرَقِیُّ)

المِزْرَاق چھوٹا نیزہ مِنَ الابا عرِ پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مزارِیْق.

زَرْقَفَ وازْرَنْقَفَ جلدی کرنا۔

زَرْقَلَ زَرْقَلَةً. لِیْ بِحَقِّیْ حق دینا۔ الشَعْرَ بالوں کو جھاڑنا۔

الزُرْقُم بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زَرَاقِم.

الزَرَاقِم بہت سے سانپ۔

زرِک(س) زَرَکًا بد خلق ہونا۔

زَرَمَه(ض) زَرْمًا وزُرَّمَهٗ وازْرَمَهٗ کاٹنا۔ کہتے ہیں "زَرَمَتْ بِهٖ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔ وزَرَّمَهُ الدَهْرُ زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔

زرِم(س) زَرَمًا. الشیُٔ منقطع ہونا۔

اِزدرمه نگلنا۔

اِزْرَامَّ غضبناک ہونا۔ سکڑنا۔

الزَرِم بخیل تھوڑے جتھے والا۔ بخیل۔ تنگ حال۔

الاَزْرَم منقطع۔ بلی۔

الزرِیْم تھوڑے جتھے والا۔ ذلیل۔

الزُرْمُوْج جوتا۔

زَرْنَقَ زَرْنَقَةً. الاَرْضَ چھوٹی نہر سے پانی دینا۔ کنوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھئے "زرنوق" فُلانًا اللِبَاسَ کسی کو لباس پہنانا۔

تَزَرْنَقَ. بالثِیَاب کپڑے پہننا الرَجُلُ: چھوٹی نہر سے اجرت پر آب کشی کرنا۔

الزُرْنُوْق چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔

الزُرْنُوقَان کنوئیں کے منہ پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔

الزَرْنَقَة بے زیادتی۔ حسن کامل۔

الزرنِیق ہڑتال۔

زَرَی(ض) زَرْیًا وزُرْیًا وزَرَایَةً و مَزْرِیَةً ومَزْرَاةً واَزْرِیْ وتَزَرَّی. عَلَیْهِ عَمَلهٗ کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔

أَزْرَى بِالْأَمْرِ: سستی کرنا۔ أَزْرَى بِهِ وَأَزْرَاهُ: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔
زَارَاهُ مُزَارَاةً. ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔
اِزْدَرَى وَاسْتَزْرَى: ہ: حقیر سمجھنا۔
الزَّرِيّ. ناکارہ۔ ذلیل۔
المِزْرَاء. لوگوں کو عیب لگانے والا۔
زَطَّ (ن) زَطًّا. الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
الزُّطّ. جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِّيّ۔
زَعَبَ (ف) زَعْبًا. الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا القِرْبَةَ: مشک بھری ہوئی اُٹھانا۔
القِرْبَةَ: پانی گرانا السَّيْلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا الوادی: وادی کا بھر جانا الشَّيْءَ: کاٹنا لَهُ مِنَ المَالِ:
زَعْبًا وَزُعْبَةً وَزُعْبَةً. مال کا کچھ حصہ دینا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَعَبَ (ف) زَعِيبًا. الغُرَابُ: کائیں کائیں کرنا۔
تَزَعَّبَ. غضبناک ہونا۔ شاداں ہونا۔
فِي أَكْلِهِ وَشُرْبِهِ: بہت کھانا پینا۔ القَوْمُ المَالَ. قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔
اِزْوَعَبَ. الشَّيْءَ: کاٹ لینا۔
الزُّعْبَة وَالزُّعْبَة وَالزِّعْب: مال کا ایک حصہ۔
الأَزْعَب. پستہ قد کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زَعْبَاءُ ج زُعْب۔
سَيْلٌ (زَاعِبٌ وَزَعُوبٌ) وادی کو بھرنے والا سیلاب۔
الزَّاعِب. اچھار ہبر۔
زَعِيبُ النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الزُّعْبُوب. پستہ قد کمینہ۔
زَعْبَقَ. القَوْمَ: پریشان و متفرق کرنا۔
الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔
تَزَعْبَقَ. الشَّيْءُ مِنْ يَدِي: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔
زَعْبَل. بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل۔
زَعَجَهُ (ف) زَعْجًا وَأَزْعَجَ. بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زَرعَجَ الرَّجُلُ: چلانا۔
أَزْعَجَهُ إِلَى المَعْصِيَةِ: گناہ پر اُبھارنا۔
اِنْزَعَجَ. بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّعَج. بے قراری۔
المِزْعَاج. ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔
زَعِرَ (س) زَعَرًا وَ اِزْعَرَّ وَازْعَارَّ. شَعْرُهُ أَوْ رِيشُهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پروالا ہونا۔ زَعِرَ الرَّجُلُ: بے خیر ہونا۔
الزَّعَارَة وَالزُّعَارَّة. بدخوئی و تند مزاجی۔
الزَّعِر وَالأَزْعَر. کم اور متفرق بالوں والا۔
مَوْضِعٌ زَعِرٌ وَأَزْعَرُ: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زَعِرَة وَزَعْرَاء.
الزُّعْرَة. ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔
الأَزْعَرُ: چور، سرکش، چھیننے والا۔ مؤنث زَعْرَة وَزَعْرَاء ج زُعْرٌ وَزُعْرَانٌ۔
الزُّعْرَان. نوجوان لوگ۔
الزُّعْرُوْر. ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُوْرَة) رَجُلٌ زُعْرُوْرٌ: بدخلق بے خیر مرد۔ ج زَعَارِيْر۔
الزَّعَارِيْر. گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔
بَحْرٌ (زُعْرُفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَهُ زَعْزَعَةً. سخت حرکت دینا۔
الإِبِلَ فِي السَّيْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَعَ. ہلنا۔
الزَّعْزَعَة. ـ ج زَعَازِع. الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِيحٌ (زَعْزَعٌ وَ زُعْزُعٌ وَزَعْزَاعٌ وَزَعَازِعٌ وَ زَعْزَعَان) آندھی۔ ہوا کا طوفان جَرْيٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زُعْرُفَة) بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ (ف) زَعْطًا. گلا گھونٹنا الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا۔
الزَّاعِط. فا. مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت۔
زَعَفَهُ (ف) زَعْفًا وَأَزْعَفَهُ وَازْدَعَفَهُ. فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الجَرِيحَ وَأَزْعَفَ عَلَيْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِيثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سُمٌّ (زُعَاف) زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ) فوراً ہلاک کرنے والی موت۔
سَيْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُّعُوف. ہلاکت کی جگہیں۔
الزَّعُوْفَة. پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
زَعْفَرَهُ. زعفران سے رنگنا الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَرَ. زعفران سے خوشبو دار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔
الزَّعْفَرَان. زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَافِر۔
زَعْفَرَانُ الحَدِيدِ. لوہے کا زنگ۔
زَعْفَق. الزُّعَافِق: بخیل۔ بدخلق۔ ج زَعَافِق۔
زَعَقَ (ف) زَعْقًا. چلانا، چیخنا ہ و زَعَقَ بِهِ. ڈرنا بِالدَّابَّةِ: تیز چلا کر ہانکنا۔
الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اُڑانا ہ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ (ک) زَعَاقَةً. المَاءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا. شاداں ہونا (و زَعِقَ وَانْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔
اِنْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا، تیز چلنا۔
أَزْعَقَهُ. ڈرنا۔ خوف دلانا السَّيْرَ: چلنے میں جلدی کرنا القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک

ڈالنا۔
الزَعِق رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَعْقَة چیخ۔
الزُعاق بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔
الزعوقة. زُعاق کا اسم۔
الزعاق. مِنَ الخَیْلِ: بہت اور تیز چلنے والا۔ گھوڑا؛ پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَعِیق خوفزدہ۔
المزعق زمین کھودنے کا اوزار۔
زَعِل (س) زَعلاً. شاداں ہونا **مِنَ المَرَض وغیرہ:** تنگ دل ومضطرب ہونا۔
اَزْعله شاداں کرنا۔ **مِن مکانه:** ہٹانا۔
تزعّل شاداں ہونا۔
الزعل والزعلان والازعیل شاداں۔
الزعل بھوک سے بلبلانے والا۔
زعم (ف ن) زعماً و زِعماً و زُعماً و مزعماً سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے **(زعامة) علی القوم:** سردار بننا۔
زُعم (ف ن) زعماً. بالمال: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا **اللبن:** دودھ مزیدار ہونے لگنا۔
زعِم (س) زعماً. فیه: لالچ کرنا۔
ازعم. الامر: ممکن ہونا **اللبن:** دودھ مزیدار ہونے لگنا **الیه:** فرمانبردار ہونا؛ تابع ہونا **علی القوم:** سردار بننا **الارض:** سبزی کا پھوٹنا ہ: کھلانا۔ **ازعمه المالَ:** مال کا ضامن بنانا۔
زاعمه بھیڑ کرنا۔
تزعّمه جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تزاعم. القوم علی الامر: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَعِم. مِن الشواء: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔

الزَعْمة. زعم کا اسم مرة۔ ج **زعمات** کہا جاتا ہے **"هذا ولا زعمتك"** او **زعماتك"** یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزَعْمی جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔
الزعامة. س۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار۔ زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔
الزَعُوم گفتگو میں عاجز۔ چربی دار عورت۔ کم چربی والی عورت (ضد)
الزُعْموم گفتگو میں عاجز۔
الزَعِیم ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ ج **زُعماء.**
المَزْعَم س۔ لالچ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے **"هذا امر مُزْعَم"** یعنی یہ امر غیر موثوق ہے **هذا امر فیه مزاعم"** کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ و یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔
المِزْعامة. سانپ۔
زَعْنَفتِ. الماشِطةُ العَرُوس: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔
الزِعْنِفة والزِعْنَفة. پستہ قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ ج **زعانف**
الزعانف مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔
زعا یزعو زعواً منصف ہونا۔ عادل ہونا۔
زغب (س) زَغَباً وزغب وازغابّ الصبیُّ او الفرخُ: بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔ صفت **(زغب)**
ازْغَب. الکرمُ: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔
الزَغَب پروں یا بالوں کے روئیں۔ واحد **(زغبة)**
الزُغابی والزُغابة. چھوٹے روئیں۔ کہا جاتا ہے **"ما اصبتُ منه زُغابةً"** میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں

کیا۔
الازغب روئیں دار۔ مؤنث **زغباء.** ج **زُغْب.**
زُغَب قطا کا چوزہ۔
الزُغْبة گلہری۔
الزُغْبب پستہ قد بخیل۔
زغبر. الثوبُ روئیں دار ہونا۔
الزِغْبِر والزئبر والزُغْبُر رواں۔ کہا جاتا ہے **"اخذ الشیٔ بزغبره"** اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُغبرة. عِند العامة: رواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ **الزغب** ہے۔
الزُغْبد مکھن۔
زغد (ف) زَغْداً. السقاءَ: مشک نچوڑنا **فلاناً:** گلا دبانا **البعیرُ:** اونٹ کا سخت بلبلانا **النهرُ:** دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا ہ **بالکلام:** اکسانا۔ بھڑکانا۔
ازغدت. المرأة ولدها. عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
الزغید والزغیدة. مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔
نهر (زغاد) بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔
المزغند. غضبناک۔
زغر (ف) زَغْراً. الشیٔ: چھین لینا۔ زبردستی لینا **الشیٔ:** بکثرت ہونا **البحرُ:** چڑھنا۔ موج مارنا۔
الزَغَر. من کل شیٔ: زیادتی۔ افراط۔
الزغار کنجوس۔
زغرب. ہنسنا۔
الزُغْرب. بہت پانی۔ **بئر زغرب و زغربة:** بہت پانی والا کنواں۔
زغرد زغردة. البعیر: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔
زغزغ. الکلام: رکیک گفتگو کرنا۔ **الشیٔ:** چھپانا **بالرجل:** تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
الزَغْزع سبک وچست آدمی۔ حسب ونسب میں مطعون۔

الزُغزُغ. پستہ قد حقیر۔ایک پرندہ۔
الزُغزُغِیَّۃ. عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الزَغزَغِیَّۃ. ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ (ف) زَغْفًا. الماءُ: پانی بہت ہونا۔ فِیْ حَدِیْثِہٖ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ کَلَامًا کَثِیْرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالًا کَثِیْرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا ٥ بِالرُمحِ: نیزہ مارنا۔
اِزْدَغَفَ. الشیءَ: سارا لے لینا۔
الزَغْف. س۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرْعٌ (زَغِیْفٌ) کشادہ، مضبوط اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوْعٌ زُغْفٌ وزَغَفٌ وازْغَافٌ وزُغُوْفٌ"
الزَغَف. چھپٹیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَغّاف. بہت بولنے والا۔
الزَغْفَۃ والزَغَفَۃ. کشادہ یا مضبوط زرہ۔
المِزْغَف. حریص۔ بہت خواہش مند۔
زَغْفَل زَغْفَلَۃً. جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زَغْلًا. الماءَ: پانی بار بار گرانا الشرابَ: کلی کرنا الصبیُّ اُمَّہٗ: بچہ کا دودھ پینا۔
اَزْغَلَ. الماءَ: گرانا الاُمُّ وَلَدَھَا: بچہ کو دودھ پلانا الطائرُ فرخہٗ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا الشرابَ: کلی کرنا۔
الزَغَل. دھوکا۔
الزُغْلِیّ. دھوکا دینے والا۔
الزُغْلَۃ. کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُغْلُوْل. بچہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ ج زَغَالِیْل۔
تَزَغَّمَ. الجَمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الزُغْوُم والزُغْمُوْم: گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔
زَفَّ (ض) زَفًّا و زُفُوْفًا تیز دوڑنا الرِیْحُ: ہوا کا چلنا (زَفًّا و زَفِیْفًا) الطائرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اترنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّا و زِفَافًا. العَرُوْسَ اِلٰی زَوْجِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا البَرْقُ: چمکنا۔
اَزَفَّ. العَرُوْسَ اِلٰی زَوْجِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا الرَجُلُ: تیز دوڑنا ٥: تیز دوڑانا۔
اِزْدَفَّ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا العَرُوْسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
اِسْتَزَفَّہٗ. السَیْلُ: سیلاب کا بہا لے جانا۔
٥ السَیْرُ: سبک بنانا۔
الزِفّ. چھوٹے چھوٹے پر۔
الزِفَف. پرندہ کے روئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَفَّۃ. زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُہٗ زَفَّۃً اَوْ زَفَّتَیْنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔
الزُفَّۃ. گروہ۔
الاَزَفّ. تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔
الزَفِیْف والزَفَّان والزَفَّاف. سبک تیز رفتار۔
الزَفُوْف. شتر مرغ مِنَ النُوْقِ: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَوْسٌ زَفُوْفٌ. آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّۃ. پالکی۔
زَفَتَ (ن) زَفْتًا. الاناءَ: بھرنا الرَجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِیْثَ فِیْ اُذُنِ الاَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔
زَفَّتَ. السَفِیْنَۃَ: کشتی پر زفت ملنا۔
الزِفْت. تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَدَ (ن) زَفْدًا. الاِناءَ: برتن بھرنا۔ فَرَسَہٗ شَعِیْرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
اِزْدَفَتَ. المَالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا و زَفِیْرًا. النارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا الاَرْضُ: نباتات اگانا۔ زَفَرَ الرَجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا شروع کرنا۔ وزَفَرَ الشَیْءَ زَفْرًا: اٹھانا الماءَ: پانی کھینچنا۔
اِزْدَفَرَ. الشَیْءَ: اٹھانا۔
اَلزِفْر. بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت یا دستہ فوج۔ ج اَزْفَار۔
الزَفْر. درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔
الزُفَر. شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اٹھانے کیلئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج۔
الزَفِیْر. س۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو الشَّھِیْق کہتے ہیں۔
الزَفْرَۃ والزُفْرَۃ. لمبی سانس۔ گرم سانس۔
زَفْرَۃُ الدابۃِ زَفْرَتُھَا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔
الزَفْرَۃ زَفَرَ الرَجُلُ اَوِ الحِمَارُ کا اسم ج زَفَرَات۔ کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْرَات کہتے ہیں۔ فَرَسٌ (اَزْفَرُ) بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر۔
الزَافِرَۃ. جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زَافِرَۃُ الرَجُلِ: مرد کے اقارب و انصار۔ زَافِرَۃُ البِنَاءِ: عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر الزَوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِیْدُ الزَوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔
المُزْفَر والمُزْدَفَر. لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

المزفور. من الدواب: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زفزف. الرجل: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا الطائر: پر پھیلا کر اترنا الريح الحشيش: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا المركب: سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

زفن (ض) زفنا. ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دنوت منه فزفنني" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزفن. چھت کے اوپر کا سامان۔ الناقة (الزافنة والزفون) لنگڑی اونٹنی۔

الزفان. ناچنے والا۔

الازفنة. حرکت۔ رجل ازفنة: متحرک مرد۔

الزيزفون. ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔

ناقة زيزفون: تیز رفتار اونٹنی۔

زفى يزفي زفيا و زفيانا. زفت القوس: آواز دینا الريح السحاب والتراب: ہوا کا بادل یا مٹی کو اڑانا الرجل: بنفسه: جان دینا۔

ازفى. الشيء: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "ازفيت العروس" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزافي. سبک تیز رفتار۔

الزفيان. سبک۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ ناقة زفيان: تیز رفتار اونٹنی۔

المزفي والمنزفي والمتزفي. ڈرایا ہوا۔

زق (ن) زقا. الطائر: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ فرخه: چوزہ کو چوگا دینا الكبش: مینڈھے کی کھال اتارنا۔ الجلد: بال کاٹنا۔

الزق. مشک۔ زق الحداد: لوہار کی بھٹی۔ ج ازقاق وزقاق وزقان وازق.

الزق. شراب۔ ج زققة.

الزققة. چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں۔ چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔

الزقاق. گلی۔ تنگ راستہ (مذکر ومؤنث) ج ازقه وزقان. الزقان و بحر الزقاق: جبرالٹر کی آبنائے۔

الزقة والزقق. پن ڈبی نامی ایک پرندہ۔

الزقاق. مشک بنانے والا۔

زقب (ن) زقبا. الجرذ في الجحر: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزقبه في الجحر: داخل کرنا (لازم ومتعدی)

زقب. المكاء: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)

انزقب. الجرذ في الجحر: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

الزقب. تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رمية من زقب" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔

زقح (ف) زقحا وزقاحا. القرد: بندر کا آواز کرنا۔

الزقر. شکرا (الصقر) میں ایک لغت ہے۔

الزقر. دوزخ (السقر میں ایک لغت ہے۔)

زقزق زقزقة وزقزاقا. الطائر: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ چہچہانا فرخه: چوزہ کو چوگا دینا الصبي: بچہ کو کدانا الرجل: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔

الزقزاق. آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چیونٹیاں۔

زقع (ف) زقعا وزقاعا. الديك: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا الحمار: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔

زقف (ن) زقفا و تزقف وازدقف الشيء: چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا۔ اور اسی سے ہے "تزقف الكرة بالصولجان" وہ گیند کو بلے سے جلدی سے لے گیا۔ تزقف وازدقف اللقمة: لقمہ نگلنا۔

الزقفة. ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔

زوقل. العمامة: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔

زواقيل. العمامة: عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔

الزقل والزواقيل. چور۔ لٹیرے۔

الزقيلة. تنگ گلی۔

زقمه (ن) زقما وازدقمه. نگلنا۔

ازقمه. الشيء: نگلوانا۔

زقمه. تھوہر کھلانا۔

تزقم. لقمہ کرنا۔ نگلنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللبن: دودھ بہت پینا۔

الزقوم. جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے۔

الزقمة. زقم کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زقن (ن ض) زقنا. الحمل: بوجھ اٹھانا۔

ازقنه. اٹھانے میں مدد دینا۔

زقا يزقو زقوا وزقاء وزقيا وزقوا وزقي (ض) زقيا. الطائر: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زاق) ج زواق. صفت مؤنث (زاقية) ج زواق الصبي: بچہ کا بہت رونا۔

ازقاه. رلانا۔

الزقية. روپے پیسوں کا ڈھیر۔

الزقية. چیخ۔

زك (ن) زكا وزككا وزكيكا الشيخ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (زكا) الغلام: دوڑنا القربة: مشک بھرنا بسلحه: بیٹ کرنا۔ زكه الماء: آسودہ کرنا على فلان: غضب ناک ہونا۔

زك. الرجل: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔

ازك. على الامر: اصرار کرنا برايه: خود رائے ہونا۔

تزكك. ساز و سامان لینا یا ہتھیار اٹھانا۔

ازدك. الزرع: سیراب ہونا۔

الزك. فاختہ کا چوزہ۔

الزِکْبَة. ہتھیار۔

الزُکْبَة. غم وغصہ۔

زَکَأَہٗ(ف) زَکْأً. مارنا زَکَأَہُ الدَرَاهِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا زَکَأَہٗ حقه: پورا کرنا اِلَیْهِ: پناہ لینا۔

اِزْدَکَأَ. حقَّهٗ مِنْهُ: حق وصول کرنا۔

رَجُلٌ (زُکَأٌ وزُکَأَۃٌ وزُکَاءٌ) النَقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔

المَزْکَأُ. جائے پناہ۔

زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوبًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا المَرْأَةَ: عورت کا ایک ہی مروڑ میں بچہ کو جننا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

اِنْزَکَبَ. البَحْرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔

الزُکْبَة. لڑکا۔ نطفہ۔

زَکَتَ (ن) زَکْتًا وازْکَتَ وزَکَّتَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

اَزْکَتَتِ. المَرْأَةُ بِغُلَامٍ: لڑکے کو جننا۔

المَزْکُوْتَ. انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔ بھرا ہوا غمگین۔

زَکَرَ(ن) زَکْرًا وزَکَّرَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

زَکَّرَ وتَزَکَّرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔

الزُکْرَة. شراب وغیرہ کیلئے چمڑے کا برتن۔ ج زُکَر.

زَکَمَهٗ(ن) زَکْمًا وازْکَمَه. مبتلائے زکام کرنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَتْ بِهٖ اُمُّهٗ: جننا۔

زُکِمَ. زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزْکُوْم)

الزُکْمَة. زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُکْمَةُ سُوْءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔

الزُکْمَة. اُجْذ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُکْمَةُ وَلَدِ اَبِیْهِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے۔

زَکِنَ (س) زَکَنًا. الاَمْرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اَنَّهٗ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ برا آدمی ہے مِنْهُ عَدَاوَۃً کسی کی دشمنی کا علم ہونا (زُکُوْنًا) اِلَیْهِ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔

زَکَّنَ. گمان کرنا عَلَیْهِ: مشتبہ کرنا۔

زَاکَنَهٗ. ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الجَیْشُ یُزَاکِنُ الاَلْفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے ہ: قریب و ہم نشین ہونا۔

اَزْکَنَهٗ. الاَمْرَ: جتانا۔ سمجھانا الشَیْءَ: صحیح گمان کرنا۔

الزَکَانَة والزَکَانِیَة. صحیح گمان۔

رَجُلٌ (زَکِنٌ) سمجھدار مرد۔

رَجُلٌ (زُکَنٌ) اچھی یادداشت والا مرد۔

زَکَا یَزْکُوْ زَکَاءً وزُکُوًّا وزَکِیَ (س)

زَکِیَ. الزَرْعُ: بڑھنا الرَجُلُ: نیک و صالح ہونا۔ خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا الاَرْضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا یَزْکُوْبِكَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔

زَکِیَ. بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔

ہٗ اللهُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوۃ لینا۔ زَکِیَ لَهٗ: زکوۃ ادا کرنا نَفْسَهٗ: خودستائی کرنا۔

اَزْکَی. الزَرْعُ: بڑھنا ہ اللهُ: نشوونما کرنا۔

تَزَکَّی. صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا الشَیْءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

الزَکَا. جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا هٰذَا اَمْ زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔

الزَکَاۃ. چیز کا عمدہ حصہ۔ زَکوۃ. صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زَکًا وزَکَوَات.

التَزْکِیَة. زَکّی کا مصدر۔

الزَاکِی. فا عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃ.

الزَکِیُّ. اچھی نشوونما پانے والا۔ ج اَزْکِیَاء مؤنث زَکِیَّة. کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّةٌ" عمدہ زرخیز زمین۔

زَلَّ(ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُوْلًا وزَلِیْلًا وَمَزِلَّةً وزِلِّیْلَی و زِلِیْلَاءُ. پھسل کر گرنا عَنِ الحَقِّ اَوِ الصَوَابِ: پھر جانا عُمْرُهٗ: گزر جانا (زَلَّ زَلِیْلًا و زُلُوْلًا) جلدی گزرنا۔

زَلَّ زُلُوْلًا. الدِرْهَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زَوَالٌّ. کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ زَوَالٌّ" کم وزن والے درہم۔

زَلَّ(س) زَلَلًا. ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ) مؤنث زَلَّاءُ. ج زُلٌّ.

اَزَلَّهٗ. پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیْهِ نِعْمَةً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَیْهِ مِنْ حَقِّهٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّهٗ اِلَی القَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔

اِسْتَزَلَّهٗ. پھسلانا۔ لغزش کرانا۔

الزَلُّ. پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زَلٌّ واَرْضٌ زَلٌّ".

الزَلَلُ. مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ مِیْزَانِهٖ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔

الزَلَّة. زَلَّ کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ۔ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یار شتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلَّات.

الزِلَّة. چکیلے پتھر واحد زِلٌّ.

الزُلَّة. احسان۔ دمہ۔

مَاءٌ (زُلَالٌ وزَلُوْلٌ وزَلِیْلٌ وزُلَازِلٌ) صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُلَال: بہت پھسلنے والا۔

الاَزَلُّ. تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلَّاءُ قَوْسٌ زَلَّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔

المَزَلَّة والمِزَلَّة. پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزَالُّ.

المُزَلِّلُ. فا بہت بھلائی کرنے والا۔

زَلِبَ(س) زَلَبًا. بِهٖ بلازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔

الزُلبة. لقمہ۔ تیر۔
الزَلَابِيَّة. جلیبی۔
زَلَجَ (ض) زَلْجًا وزَلِيْجًا وزَلَجَانًا. تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ (ن) زَلْجًا وأَزْلَجَ. البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزْلَاج)
زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا. فُلَانًا: آگے ہونا۔
زَلِجَ (س) زُلُوْجًا وتَزَلَّجَ. پھسلنا۔ اور اسی سے مِزْلَجٌ ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں ج مَزَالِج. زَلَجَ الْكَلَامُ مِنْ فِيهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا الماءُ عَنِ الحَنجرة: پانی کا حلق سے پیٹ میں اُتر جانا۔
زَلَّجَ. اَلْكَلَامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ عَيْشَه: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَزَلَّجَ. الشَّيْءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَلَّجَ السَّهْمُ عَنِ الْقَوْسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔ النَّبِيْذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَكَانٌ (زَلْجٌ وزَلَجٌ وزَلِيْجٌ) پھسلنے کی جگہ۔ الزَالِج. فا. مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا. سَهْمٌ زَالِجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔
الزَلُوْج. تیز رفتار۔ سَهْمٌ زَلُوْجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَدَحٌ زَلُوْجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَقَبَةٌ زَلُوْجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزَلَج. چکنی چٹانیں۔
نَاقَةٌ (زَلْجَى وزَلِيجة) تیز رفتار اونٹنی۔
الزَلَاج والمِزْلَاج والمِزْلَاخ. ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
المُزَلَّج. کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَحَ (ف) زَلْحًا وتَزَلَّحَ. چکھنا۔
الزَلَح. باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ زَلَحٌ" امر باطل۔
الزُلَّح. بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلْحَبَ. عَنْهُ: پھسلنا۔

زَلْحَفَه. علیحدہ کرنا۔
تَزَلْحَفَ وازْلَحَفَ. علیحدہ ہونا۔
الزِلْحَفَة. کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)
الزَلَخْلَخ. ہلکا پھلکا مرد۔
الزَلَخْلَخَة. پھلکا چپاتی۔ لگن۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا. موٹا ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلْخانًا وزَلَخانًا. الرَّجُلُ: چلنے میں آگے ہونا رِجْلُه: پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلْخًا. فُلَانًا بِالرُّمْحِ: بھونکنا رَاسَهُ: زخمی کرنا۔
زَلَّخَهُ. چکنا و ہموار کرنا۔
أَزْلَخَ. البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ. پھسلنا۔
مَكَانٌ (زَلْخٌ وزَلِخٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَلُوْخ. تیز رفتار۔ بِئْرٌ زَلُوْخٌ: کنواں جس کے من پر پھسلن ہو۔
الزُلُخَة. بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلْدَبَ زَلْدَبَةً. اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا. بے قرار ہونا۔
الزَلَز والزِلَز. سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔
زَلْزَلَ زَلْزَلَةً وزِلْزَالًا وزَلْزَالًا وزُلْزَالًا اللّٰهُ الاَرْضَ: بھونچال لانا و ڈرانا، خوف دلانا الابِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلْزَلَتِ. الاَرْضُ: بھونچال ہونا۔ نَفْسُه: موت کے وقت جان کا گھونگرو میں بولنا۔
الزَلْزَلَة. س۔ بھونچال۔ ج زَلَازِل.
الزَلَازِل. سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔
الزَلْزَل. ماہر طبلچی۔ نقارچی۔ غُلَامٌ زُلْزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزَلْزَل. سامان خانہ۔
الزُلْزُوْل. سبک ظریف۔ نیکی۔ جنگ و بدی۔
زَلَعَ (ف) زَلْعًا. الشَّيْءَ: فریب سے چھیننا۔ رِجْلَه: جلانا الماءَ مِنَ البِئْرِ: پانی نکالنا۔

رَاسَهُ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعْتُ لَهُ مِنْ مَالِي زَلْعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔
زَلِعَتْ (س) زَلَعًا وزُلُوْعًا وتَزَلَّعَتْ. قَدَمُهُ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا كَفُّهُ: اُوپر سے پھٹنا الجُرْحُ: خراب ہونا۔ تَزَلَّعَ رِيْشُه: پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ (ن) زُلُوْعًا. الشَّمْسُ: آفتاب طلوع ہونا النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
اَزْلَعَهُ. فِي الشَّيْءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔
اِزْدَلَعَ. الشَّيْءَ: فریب سے چھینا۔ حَقَّهُ: کسی کا حق کاٹ لینا الشَّجَرَةَ: درخت کاٹنا۔
الزَلَعَة. خراب شدہ زخم۔
الزَوْلَع. پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزَبْلَع. چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
الدَزْلَع. پھٹے ہوئے پیروں والا۔
اِزْلَعَتَّ. السَّحَابُ: گہرا گھرنا۔
سَيْلٌ (مُزْلَعِبٌّ) بڑا سیلاب۔
زَلَغَ (ن) زُلُوْغًا. النَّجْمُ: ستارہ طلوع ہونا النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَتْ. رِجْلُه: پھٹنا۔ (جید لغت تَزَلَّعَتْ ہے)
ازْلَغَبَّ. الفَرْخُ: چوزہ کے پر نکلنا۔ الشَّعْرُ: مونڈنے کے بعد اُگنا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَفًا وزَلِيْفًا و تَزَلَّفَ وازْدَلَفَ. آگے ہونا۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَّفَ. الشَّيْءَ: آگے کرنا۔ زَلَّفَ فِي الكَلَامِ: زیادہ کرنا۔
اَزْلَفَهُ. نزدیک کرنا الاَشْيَاءَ: جمع کرنا الدَلِيْلُ القَوْمَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزَلَف والزُلَف والزُلْفَى. نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔
الزَلَف. باغ۔
الزُلْفَة. نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَف وزُلُفَات و

زُلفات اور بقول بعض الزُلف بمعنی رات دن ملنے کے اوقات۔

الزَلَفَة. بھرا ہوا حوض۔ سیپی۔ کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زَلَف.

العَقَبَة (الزَلُوْف) دور دراز گھاٹی۔

المَزْلَفَة. آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف. المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزْلَفَة.

زَلِقَت (س) وزَلَقَتْ (ن) زَلَقًا. القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بِمَكَانِهٖ: ملول ہو کر علیحدہ ہونا۔

زَلَقَهٗ(ض) زَلْقًا وزَلَّقَه وازْلَقَهٗ. پھسلانا عَنْ مَكَانِهٖ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا رَاسَهٗ سر مونڈنا۔ زَلَّقَ المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا زَلَّقَ بَدَنَهٗ: بدن پر تیل لگانا۔ اَزْلَقَهٗ و زَلَّقَه بِبَصرِهٖ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔

اَزْلَقَت الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَزَلَّقَ. اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔

الزَلْق والزَلَق والزَلِق والزَلّاقَة. پھسلن کی جگہ۔ اَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔

الزَلِق. وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔

الزَلَقَة. چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَةٌ (زَلُوْقٌ) تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَةٌ زَلُوْقٌ: دور دراز گھاٹی۔

الزَلِيْق. ناتمام گرا ہوا بچہ۔

الزُلَيْق. ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَيْقَة.

المِزْلَاق. ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔

المَزْلَق وَالمَزْلَقَة. پھسلن کی جگہ۔

الزُلْقُوم. کلا۔

زَلَمَ(ن) زَلْمًا. خطا کرنا الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ الاَنْفَ: ناک کاٹنا العَطَاءَ: کم دینا۔

زَلَّمَهٗ. نرم کرنا۔ ہموار کرنا الرَحىٰ: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا العَطَاءَ: کم دینا الغِذَاءَ: بری خوراک دینا۔

اِزْدَلَمَ. الشَيْءَ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔

اِزْلَاَمَّ اِزْلِئْمَامًا. الشَيْءُ: سیدھا کھڑا ہونا القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزْلَاَمَّتِ الضُحىٰ: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔

الزَلَم. کھر یا اس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔

الزَلَمَة والزُلْمَة والزِلْمَة. ہیئت وقد۔ کہا جاتا ہے "هُوَا لَعَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔

الزَلَمَة. بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا رہے۔

زَلُّوْمَة. الاِبْرِيْق عِنْدَ العَامَةِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بلبل ہے۔

المُزَلَّم. پستہ قد۔ سبک و چست۔ ظریف

المُزَلَّم والزَلِيْم. مِنَ السِهَام: عمدہ بنا ہوا تیر۔

المُزَلَّم وَالاَزْلَم. کٹے ہوئے کان والا۔

الزَلْمَاء. الاَزْلَم کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔

زَمَّهٗ (ن) زَمًّا. باندھنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ البَعِيْر بِاَنْفِهٖ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا الرَجُلُ بِرَأسِهٖ: سربلند کرنا بِاَنْفِهٖ: تکبر و گردن کشی کرنا القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (وزَمَّمَ) الجِمَالَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا الذِئْبُ السَخْلَةَ: بھیڑیے کا بکری کے بچے کو سر اونچا کر کے لے جانا۔

زَمَّتِ(ن) زُمُوْمًا. القِربَةُ: مشک کا بھرنا نَابُ البَعِيْرِ: اونٹ کے دانت نکلنا۔

(زِمِيْمًا) الزُنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔

اَزَمَّ. النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

زَامَّ مُزَامَّةً. تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اِنْزَمَّ. بندھنا۔

اِزْدَمَّ. تکبر سے سربلند کرنا الذِئْبُ السَخْلَةَ: بھیڑیے کا بکری کے بچے کو سربلند کر کے لے جانا۔

الزِمَام. جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّة. زِمَامُ النَعْلِ: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِمَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار چودھری ہے۔ و "هُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دارومدار ہے و "اَلْقَوْا فِيْ يَدِهٖ زِمَامَ الاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و "هُوَ عَلىٰ زِمَامِ اَمْرِهٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و "هُوَ يَصْرِفُ اَزِمَّةَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔

الزَامّ. فا. رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرانے والا مرد ج زُمَّمٌ کہا جاتا ہے۔ "دَارِيْ مِنْ دَارِهٖ (زَمَمٌ)" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ و "اَمْرُ القَوْمِ زَمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ ووَجْهِيْ زَمَمُ بَيْتِهٖ میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے۔

الزُمَّام. اونچی گھاس۔

الِازْمِيْم. مہینے کے آخر کا چاند۔

زَمُتَ (ک) زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ. سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زَمِيْتٌ) ج زُمَتَاء و (زِمِّيْت)

زَمَتَهٗ(س) زَمْتًا. گلا گھونٹنا۔

زَمَجَ(ن) زَمْجًا. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ عَلَيْهِمْ: بغیر بلائے ہوئے آ کر کھانا۔

زَمِجَ (س) زَمَجًا. غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِج) کہا جاتا ہے۔ اَخَذَهٗ (بِزَاَمْجِهٖ) یعنی اس نے سارا لے لیا۔

الزُمَّج. عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَامِيْج. زُمَّجُ المَاءِ:

ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِمِجّی. پرندہ کی دم کی جڑ۔
زِمِجَّةُ. الظَّلِيمِ: شتر مرغ کی چونچ۔
المُزْمَنِج. غضبناک۔
زَمْجَر زَمْجَرَةً. شور مچانا (وتَزَمْجَر الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَّ. آواز کرنا۔
الزَمْجَرَة. س۔ بانسری۔ زَمْجَرَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِر وزَمَاجِير.
الزُمَّح الزَوْمَح. کمینہ۔ پست قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت و شریر۔
الزَامِح. پھوڑا۔
زَمَخَ (ف) زَمْخًا. تکبر کرنا۔ صفت (زَامِخ) ج زُمَّخ.
عَقَبَةٌ (زَمْخٌ و زَمُوْخٌ) دور دراز و سخت گھاٹی۔
زَمْخَر. النَمِرُ: چیتے کا غصہ سے دھاڑنا۔ (العَشَبُ:) شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔ (وازْمَخَرَّ) الصَوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ. النَمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دھاڑنا۔
الزَمْخَر. بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔
رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (والزَمْخَرِيُّ) کھوکھلی۔ ہڈی۔
الزَمْخَرَة. زانیہ عورت۔ زَمْخَرَة الشَبَابِ: بھرپور جوانی الشَجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔
الزِمْخِير. تھوڑا۔
زَمَرَ (ض ن) زَمْرًا و زَمِيْرًا. بانسری بجانا بِالحَدِيْثِ: بات پھیلانا (زَمْرًا) القِرْبَةَ: مشک بھرنا فُلَانًا بِفُلَانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا (زَمَرَ (ض) زَمَرَانًا) الظَبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔ بدکنا (زِمَارًا) النَعَامُ: شتر مرغ کا آواز کرنا۔
زَمِرَ (س) زَمَرًا. کم بالوں والا ہونا۔ بے مروت ہونا الشَاةُ: کم اون والی ہونا۔
زَمَّرَ. بانسری بجانا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِزْمَارَّ. غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔

اِسْتَزْمَرَ. الرَجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔
الزَمْر. س (والزَمَر) آواز۔ ج زُمُوْرٌ.
الزَمِر. بانسری بجانے والا۔ غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔ کم بالوں یا کم اون والا۔ کم مروت والا۔ مؤنث زَمِرَةٌ عَطِيَّةٌ زَمِرَةٌ: تھوڑی داد و دھش۔
الزِمَار. س۔ شتر مرغ کی آواز۔
الزِمِرُّ. سخت و درشت۔
الزَمِيْر. س۔ پستہ قد۔ ج زِمَار (والزُمُوْر) خوبصورت لڑکا۔ غِنَاءٌ زَمِيْرٌ: عمدہ گانا۔
الزِمِّيْر والزُمَّيْر. ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔
الزَمَّار. بانسری بجانے والا۔
الزَمَّارَة. بانسری۔ زَمَّارَةُ الرَاعِي: ایک قسم کی نباتات۔
الزُمْرَة. گروہ۔ جماعت۔ فوج۔ ج زُمَر.
الزَوْمَر. گروہ۔ خوبصورت لڑکا۔
الزَمَارَة والزُمُوْرَة. کم مروتی۔
الزِمَارَة. بانسری بجانے کا پیشہ۔
المِزْمَار. بانسری (المَزْمُوْر والمُزْمُوْر) گیت۔ ج مَزَامِيْر. مَزَامِيْرُ دَاوُدَ: حضرت داؤدؑ کی دعا اور اُس کے مجموعہ کا نام زَبُوْرٌ ہے۔
الزُمُرُّد والزُمُرُّذ. ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَة)
زَمْزَرَ. الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔
زَمْزَمَ زَمْزَمَةً. الشَيْءُ: دور سے گنگناہٹ سنائی دینا النَارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا المُغَنِّيُّ: سُر سے گانا۔
العُلُوْجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔ زَمْزَمَه: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا الشَيْءَ: حفاظت کرنا۔
تَزَمْزَمَ. الجَمَلُ: بربڑانا۔ تَزَمْزَمَتْ بِهٖ شَفَتَاهُ: حرکت کرنا۔
مَاءٌ (زَمْزَمٌ و زَمْزَامٌ و زُمَزِمٌ و زُمَازِمٌ)

بہت پانی۔ کچھ کھاری پانی۔ زَمْزَم: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔
الزَمْزَمَة. س۔ بادل کی گرج۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی گونج۔ ج زَمَازِم.
الزِمْزِمَة. اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ: ج زَمَازِم و زِمْزِم.
الزُمْزُوْم والزَمْزَم والزِمْزِيْم. مِنَ الاِبِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج زَمَازِيْم.
زَمِعَ (س) زَمَعًا. مِنْهُ: سرگشتہ و حیران ہونا۔ گھبرانا۔
زَمَعَ (ف) زَمْعًا و زَمَعَانًا. الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
اَزْمَعَ وزَمَّعَ. الاَمْرَ و عَلَيْهِ و بِهٖ: ثابت قدم رہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ واَزْمَعَ الكَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گروہ دار ہونا۔ زَمَّعَ الزُنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔ اَزْمَعَتِ الاَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا اور تیز دوڑنا۔
الزَمَعُ. س۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الرَعَاعِ والزَمَعِ" وہ پست اور ادنی لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بے قراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج اَزْمَاع (والزَمَاع) پختہ ارادہ۔
الزَمْعَة. ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ فِيْهَا زُمْعَةٌ مِنَ النَبتِ" زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔
الزَمَعَة. ج زَمَع و زِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔ ج اَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔
الزَمْعِيّ. خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔
الزُمَّع. بے ڈنک کی بھڑ۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔
الزَمَاعَة. دبر۔
الزَمِيْع. پختہ ارادہ والا بہادر۔ عمدہ رائے

والا۔ج زُمعاء (والزموع) جلد باز۔
الازمع۔ چالاک مرد۔ مکروہ بات۔ ج ازامع۔ رَجُلٌ اَزْمَع: زائد انگلی والا مرد۔
المُزْمِع۔ فا۔ ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔
زَمَقَ (ن ض) زَمْقًا۔ القُفْلَ: تالا کھولنا۔ اللحْيَة: داڑھی نوچنا۔ صفت مفعولی۔ (زميقة و مزموقة) کہا جاتا ہے "ما اغنى عنه (زمقة) یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔
زمَكَ (ن) زَمْكًا۔ چپ رہنا (وزمك) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَكَهُ عَلَيَّ: بھڑکا بھڑکا کر غصہ دلانا۔
اِزْمَاكَّ۔ سخت غضبناک ہونا۔
الزمك۔ سخت غصہ۔ کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔
الزمكة۔ مِنَ الرجال: جلدی غضبناک ہونے والا۔ بیوقوف۔ پستہ قد۔ ج الزمكون:
الزمكىّ والزمك۔ پرندہ کی دم یا اس کی جڑ۔
زَمَلَ (ن ض) زِمَالًا۔ الاعْرَج: لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔
زَمَلَتْ (ن) زَمْلًا و زَمَلًا و زِمَالًا و زَمَلانًا۔ الدابةُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (زمولا) القوسُ: کمان سے آواز نکلنا (زملا) الرفيقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا الرجلَ: پیروی کرنا الشيَّ: لادنا۔
زَمَّلَ الشيَّ: چھپانا الشيَّ بثوبه اوفى ثوبه: لپٹنا۔
زَامَلَ الرفيقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔
تَزَمَّلَ وازَّمَّلَ وازْدَمَلَ۔ بثوبه: لپٹنا۔
ازْدَمَلَ الحِمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔
الزِّمْلُ۔ جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی بوجھ۔
الزِّمل والزملة والازملة۔ عیال۔ بال بچے۔
الزمل والزُّمل والزُّمَّيل والزُّمَّيلة والزُّمَّل والزُّمال والزمالة والزُّمَّيل والزُّمَّيلة۔ کمزور۔ بزدل۔
الزُّمْلَة۔ ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ۔
الزَّامِلَة۔ الزامل کا مؤنث۔ بار برداری کا جانور۔ ج زوامل
الزَّمِيل۔ جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔
الازمل۔ مخلوط آواز۔ ج ازامل ازاميل تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "اخذ الشيَّ بازمله و بازمله" اس نے چیز کو بتمامہ لے لیا۔
الازمَلُّ۔ بزدل۔ کمزور۔
الازملة۔ کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "اخذه بازملته" اس نے ساری چیز لے لی اور کہا جاتا ہے "له عيال ازملة" اس کے بہت بال بچے ہیں۔
الاُزْمُولة والازمولة۔ آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔
الازميل۔ رانپی۔ چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط مرد۔ کمزور مرد۔ (ضد)
المُزَمَّل والمُتَزَمِّل۔ کپڑوں میں لپٹنے والا۔
المُزَمِّلَة۔ المزمل کا مؤنث۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔
زَمِنَ (س) زَمَنًا و زُمْنَةً۔ لنجا ہونا۔
اَزْمَنَ۔ الشيُّ: دیر تک باقی رہنا ہ اللہ: لنجے پن میں مبتلا کرنا بالمكان: مدت تک اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْ مِنْ عَنِّيْ عطاءك"
الزَّمَن۔ ج ازمان وازمن و (الزمان) ج ازمنة و (الزمنة) وقت۔ ازمنة السنة: سال کی چاروں فصلیں۔ بہار۔ گرمی۔ برسات۔ جاڑا۔ زمن (زامن) سخت زمانہ۔
الزمانة۔ آفت۔ لنجا پن۔ قوتوں کی بے حسی۔ محبت۔
الزَّمِن۔ ج زمنون و (الزمين) ج زمنى و زمنة: لنجا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ زمِنُ الرغبة" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔
عامله (مزامنة) اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔
المُزْمِن۔ فا۔ مَرَضٌ مُزْمِنٌ: پرانا مرض۔
زَمِهَ (س) زَمَهًا۔ الحرُّ: گرمی تیز ہونا۔ الرجلُ بالحرِّ: گرمی تیز لگنا۔
زَمِهَتْ (س) زَمَهًا۔ الشمسُ الرجلَ: تیز دھوپ لگنا۔
زَمْهَرَتِ۔ العينُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔
اِزْمَهَرَّ۔ اليومُ: سخت سردی والا ہونا۔ الوجهُ: چہرہ کا بگڑنا الكواكبُ: ستاروں کا چمکنا العينُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔
الزَّمْهَرِير۔ سخت سردی۔
المُزْمَهِرّ۔ سخت غضبناک۔ ہنسنے والا۔
اِزْمَهَلَّ۔ المطر: برسنا الثلج: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔
زَنَّ (ن) زَنًّا۔ عَصَبُهُ: پٹھے کا خشک ہونا۔ الرجلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زنّه وازنّه) بخيرٍ او شرٍّ: نیک یا بدگمان کرنا بكذا: تہمت لگانا۔
زَنَّنَ۔ الرجلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔
الزِّنّ۔ ماش۔
الزَّنَن۔ تنگ۔ ماءٌ زَنَن: تھوڑا پانی۔ ظِلٌّ (زنان) تھوڑا سایہ۔
السَابِق. فا. گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو مجلی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ المُصَلِّيْ. المُسَلِّي. التَالِيْ. المُرْتَاح. العَاطِف. الحَظِيّ. المُؤَمَّل. اللَطِيْم. السُكَيْت.
ج. سَابِقُوْن و سُبَّاق اور کبھی اس کو اسم قرار دے کر سَوَابِق جمع لاتے ہیں۔ جیسے خَاتَم و خَوَاتِم.

السَابِقَة. السَابِق کا مؤنث۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ سَابِقَةٌ فِيْ هَذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اولیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق و سَابِقَات. السَوَابِق: گھوڑے۔

السَبَّاق. بہت آگے بڑھنے والا۔

السِبَاق. س۔ پائے بند۔ بندش۔ سِبَاق الخَيْلِ. گھڑ دوڑ۔

السَبُوْق والمُسَبَّق. مِنَ الخَيْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔

سَبَكَ (ن ض) سَبْكًا و سَبَّكَ. الفِضَّةَ: پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا الكَلَامَ: کلام کو حشو وزوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَّكَتْهُ التَجَارِبُ: مہذب بنانا۔

اِنْسَبَكَ. الذَهَبُ و نَحْوُهُ: پگھلنا۔ ڈھلنا۔

السَبِيْك. پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْر سَبِيْك"

السَبِيْكَة. چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِك.

المَسْبَك. پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِك. اِسْبَكَرَّ. دراز ہو کر لیٹنا الاَسَدُ: حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَكَرَتِ الجَارِيَةُ: پورے قد والی ہونا۔

سَبَلَ (ن) سَبْلًا: گالی دینا۔

سَبَّلَ. المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا الشَيءَ: مباح کرنا السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔

اَسْبَلَ. السِتْرَ: پردہ لٹکانا الدَمْعَ: آنسو بہانا الماءَ: پانی گرانا الطَرِيقُ: بہت

آمد ورفت والا ہونا السَّمَاءُ: برسنا الدَّمْعُ او المَطَر: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا الزَّرْعُ خوشہ نکلنا۔
عَلٰی فُلَان: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔

السَّبَلُ. بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔
اَسْبَلَ الدَّمْعُ او المَطَر کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِيَابٌ سَبَل:" لٹکائے ہوئے کپڑے۔

السَّبَلَة. مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج۔ سِبَال (والسُّبُوْلَة والسَّبُوْلَة) خوشہ۔ کہا جاتا ہے "مَلَا الاِنَاءَ اِلٰی سَبَلَتِه" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَه" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے و "بَعِيْرٌ حَسَنُ السَّبَلَة" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَته" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔

السَّبِيْل. راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبْل و سُبُل و اَسْبُل و اَسْبِلَة و سُبُوْل
اِبْنُ السَّبِيْل: مسافر۔ سَبِيْلُ اللّٰه: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَكَ عَلَيَّ سَبِيْل" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَيْسَ عَلَيَّ فِي كَذَا سَبِيْل" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَي الْمُحْسِنِ سَبِيْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و "سَبِيْلُنَا اَنْ نفعَلَ كَذا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔

السَّبِيْلَة. راستہ یا واضح راستہ۔

السَّابِلَة. رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "سَبِيْلٌ سَابِلَةٌ" راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل.

عَيْنٌ (سَبْلَاء) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَأَةٌ سَبْلَاءُ. مونچھوں والی عورت۔

الاَسْبَل والمُسْبِل والمُسْبَل والمُسَبَّل والمُسَبَّل. لمبی مونچھوں والا۔ المُسْبِل: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ ماہ ذی الحجہ۔

اَسْبَنَتِ. المَرْأَةُ ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔

السَّبَنِيَّة. عورتوں کا سیاہ تہ بند۔

السَّبْنَتُ والسَّبَنْتَة. عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَه سَبْنَتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔

السَّبَنْتٰى. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت و سَبَات.

السَّبَنْدٰى. دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَانِد.

سُبِه سَبْهًا و سُبِّهَ تَسْبِيْهًا. بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت (مَسْبُوْه و مُسَبَّه)

السَّبَه. بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔

رَجُلٌ (سَبَهٌ و سَبَاهٌ) مغرور مرد۔

السُّبَاه. سکتہ۔ زوال عقل۔

رَجُلٌ (سَبَاهِيٌّ) بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔

المُسَبَّه. فصیح زبان والا۔

سَبَهْلَل. کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ "هُوَ يَمْشِي سَبَهْلَلًا" وہ بیکار آتا جاتا ہے۔

سَبٰى يَسْبِي سَبْيًا و سِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا الرَّجُلَ. دور کرنا۔ جلاوطن کرنا الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا الحَافِرُ المَاءَ: پانی تک کھودنا فلانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔

اِسْتَبٰى اِسْتِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا قَلْبَ فُلَان: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔

تَسَابٰى. القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔

تَسَبّٰى. فُلَانٌ لِفُلَان: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرانا۔

السَّبْيُ. مص۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِسَبْيٍ كَثِيْرٍ"، عموماً اسیر کا لفظ مردوں کیلئے اور سَبْيٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِيّ. و سَبْيُ الحَيَّة: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔

السَّبِيّ. قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِيٌّ و جَارِيَةٌ سَبِيٌّ"، ج سَبَايَا سَبِيُّ الحَيَّة: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔

السَّبِيَّة. قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔

السَّبِيّ والسَّبَاء. لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔

سَوَابِيْ. السَّابِيَا: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔

السَّتّ. عیب۔ بری گفتگو۔

السِّتَّة. چھ۔ مذکر کے لیے مستعمل ہے اور مؤنث کے لیے سِتٌّ.

السَّات. چھٹا۔

السِّتُّوْن. ساٹھ (مذکر و مؤنث)

السَّتَب. ایک قسم کی تیز چال۔

سَتَر (ن ض) سَتْرًا و سَتَرًا و سَتَّر. الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔

سَاتَرَه مُسَاتَرَةً. العَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا۔

تَسَتَّرَ واسْتَتَر وانْسَتَر. چھپنا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ بِسِتْرٍ" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔

السِّتْر. پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُوْر و اَسْتَار کہا جاتا ہے "مَالَه سِتْرٌ وَلَا حِجْرٌ" یعنی اُسے حیا و عقل نہیں۔ و "هتكَ اللّٰه سِتْرَه" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔

السَّتَر. مص۔ ڈھال۔

السِّتَار. پردہ۔ ج سُتُر کہا جاتا ہے "مَدَّ اللَّيْلُ سِتَارَه" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا

دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّتْرَةُ. ج سُتَر و (السِتَارَة) ج سَتَائِر: پردہ۔ سُتْرَةُ السَّطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار۔

السَّتِير. چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِيْرٌ وامْرَأَةٌ سَتِيْرَه". ج سُتَراءُ. مثل قُتَلاء و شُهَدَا. و شجر سَتِير: بہت ڈالیوں والا درخت۔

المَسْتُوْر. مفع۔ پاک دامن۔ ج مَسْتُوْرُوْن و مَسَاتِيْر.

السَّتَّار. سَاتِرْ کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔

الإسْتَار. مِنَ الْعَدَدِ: چار فِي الوَزْنِ: چار مثقال۔ ج اَسَاتِر و اَسَاتِير.

المِسْتَر والإسْتَارَة. پردہ۔

المُسْتَّر. ث۔ جَارِيَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین لڑکی۔

المِسْتَع والمُنْسَتِع. چست و چالاک اور بہت کارگزار مرد۔

السَّتُوْق والسُّتُوْق. کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔

المُسْتُقَة والمُسْتَقَة. لمبے آستین کی پوستین۔ چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔

سَتَلَ (ن) سَتْلًا وتَسَاتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ. القَوْمُ: پے درپے یکے بعد دیگرے نکلنا اللُؤلُؤ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا الدَمْعُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔ صفت سَائِل)

سَتِلَه (س) سَتَلًا و سَاتَلَهُ: پیروی کرنا۔

السَّتَل. س۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِتْلَان و سِتْلَان.

السُتَالَة. ردی چیز۔

المُسْتَل. تنگ راستہ۔ ج مَسَاتِل.

اَسْتَنَ. الرَجُلُ فِي السَنَةِ: قحط سالی میں پڑنا۔

الاَسْتَن والاَسْتَان. بوسیدہ درخت کی جڑیں۔

الإسْتَانه. شہر ▯۔

سَتَهَ (ف) سَتْهًا. الرَجل: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔

السَّتْه والسِتْه والسَتَه. سرین۔ ج اسْتاه.

الاَسْتَه والسُتَاهِيّ. بڑی سرین والا۔ ج سُتْه و سُتْهَان و سَتَاهِيّ. مونث سَتْهَاء.

سَتَا (ن) سَتْوًا. جلدی کرنا۔

اَسْتَى وسَتَّى. الثَوب: کپڑا بننے کے لیے تانے کو پھیلانا۔

السَّتَا. تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْهُ سَتًا" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔

الاُسْتِيّ. تانا تنا ہوا کپڑا۔

سَتَاةُ. الثوب: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ لُحْمَة ولَا سَتَاة" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔

سَجَّ (ن) سَجًّا. پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔ الحَائِطَه: دیوار لیپنا۔

السَّجَة والسَّجَاج. بہت پانی والا دودھ۔

السُّجُج. لیپی ہوئی چھتیں۔ پاک نفوس۔

المِسَجَّة. لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔

السَّجْب. پرانی مشک۔ ج سُجُب. سِقَاءٌ (سَاجِب) خشک مشک۔ ج سَوَاجِب.

سَجَعَت (ف) سَجْعًا. الحَمَامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا (و سَجَّعَ) لَهُ بِكَلَامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔

سَجِحَ (س) سَجْحًا و سَجَاحَةً. اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا الخَدُّ: رخسارہ کا ملائم ہونا خُلْقُه: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِه رَجَاحَةٌ وفِي خُلْقِه سَجَاحَةٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔

اَسْجَحَ. الوَالِيْ: معاف کرنا الرَجُلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا سَاَلْتَ فَاَسْجِحْ" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔

اِنْسَجَحَ. لَهُ بِكَذَا: سخاوت و جواں مردی کیا جانا۔

السُّجُح. نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بُيُوْتُهُمْ عَلٰى سُجُحٍ وَاحِدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (والسُّجُح) راستہ کا درمیانی حصہ۔

السَّجِيْح. نرم و آسان۔

السَّجِحَة والسَّجِيْحَة. عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السَّبِيْحَة: اندازہ کہا جاتا ہے "رَكِبَ سَجِيْحَةَ رَاسِه" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔

الاَسْجَح. خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مونث سَجْحَاء. ج سُجْح.

سَجَاحِ. بروزن قطام۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔

السِجَاح. سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ سِجَاحَ وَجْهِهِ" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔

السُجَاح. فضائے آسمانی۔

المَسْجُوح والمَسْجُوحَة. عادت۔

سَجَدَ (ن) سُجُوْدًا. فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کیلئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّد و سُجُوْد و صفت مؤنث (سَاجِدَةٌ) ج سَاجِدَات و سَوَاجِد.

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ المَنْخِرِ" وہ پست و ذلیل ہے۔ "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔

سَجِدَت (س) سَجَدًا. رِجْلُه: پیر کا پھولنا۔

اَسْجَدَ. سر جھکانا عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔

الاَسْجَد. پھولے ہوئے پاؤں والا۔

السَّجَّاد. بہت سجدہ کرنے والا۔

السِجْدَة. سجد کا اسم۔

السَّجَّادَة والمِسْجَدَة. جائے نماز۔

المَسْجَد والمَسْجِد. سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ ج مَساجِد. **المَسْجِدُ الحَرام**: بیت اللہ شریف۔ **المَسْجِد الاَقصیٰ**: مسجد بیت المقدس۔ **المَسْجِدَان**: مکہ و مدینہ کی مسجدیں۔

المِسْجَد. آدمی کی پیشانی۔ ج مَساجِد.

سَجَرَ (ن) **سَجْرًا. التَّنُّور**: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا **المَاءُ النَهر**: پانی کا دریا کو بھرنا **البَحْرُ**: سمندر کا جوش میں آنا **المَاءَ فِي حَلقِه**: پانی ٹپکانا **الكَلْبَ**: گلے میں لکڑی باندھنا **الشَّيءَ**: بھیجنا (سَجْرًا و سُجُوْرًا) **النَّاقَةُ**: لمبی آواز نکالنا۔

سَجَّرَ. المَاءَ: پانی جاری کرنا **التَّنُّور**: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا **النَّاقَةُ**: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔

سُجِّرَ. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔

سَاجَرَهُ. مخلص دوست بننا۔

اِنْسَجَرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا **الاِبِلُ فِي سَيْرِهَا**: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔

السَّجْر. س۔ بادل کی گرج۔ **بِئْرٌ سَجْرٌ**: بھرا ہوا کنواں۔

السُّجْرَة. پانی جو دریا کو بھر دے۔ ج سُجَر (والسَّجَر) **فِي العَيْنِ**: سرخی ملی ہوئی سپیدی۔

السَّاجِر. فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔ وہ جگہ جس کو سیلاب آکر بھر دے۔

السَّاجُوْر. لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ ج سَوَاجِيْر: اور اسی سے ہے "سَوْجَرَ الكَلْبَ" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِي اَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔

المِسْجَر والسَّجُوْر. تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔

السَّجِيْرُ. مخلص دوست۔ ج سُجَرَاء

الاَسْجَر. آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث **سَجْرَاء**. خالص کیچڑ والا تالاب۔ شیر۔ **شَعْرٌ (مُسَجَّر و مُنْسَجِر)** لٹکے ہوئے بال۔ **المُسَجَّر**: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔

المَسْجُوْر. س۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ **اللُّؤ المَسْجُوْر**: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ **لُؤلُؤَةٌ مَسْجُوْرَة**: بہت آبدار موتی۔

السَّجُوْرِيّ. بیوقوف۔

سَجِسَ (س) **سَجَسًا. المَاءُ**: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجْسٌ و سَجِسٌ و سَجِيْسٌ)

سَجَّسَ. المَنْهَلُ. چشمہ کا بدبودار و خراب ہونا۔

السَّجَس. س۔ فساد۔ گدلا پن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيكَ سَجِيْسَ اللَّيَالِيْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

السَّجْسَج. زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ و "رِيْحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِج و سَجَاسِيْج.

سَجَعَ. (ف) **سَجْعًا. الخَطِيْبُ**: مقفی کلام بولنا۔ صفت (سَاجِع و سَجَّاع و سَجَّاعَة) **الحَمَامَةُ**: کبوتر کا کو کو کرنا۔ صفت (سَاجِعَة و سَجُوْع. ج سُجَّع وسَوَاجِع **النَّاقَةُ**: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کمان کے لیے بھی مستعمل ہے) کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَعَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجَّعَ. الخَطِيْبُ والحَمَامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)

السَّاجِع. فا۔ گفتگو، رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ **وَجْهٌ سَاجِعٌ**: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ **نَاقَةٌ سَاجِعَة**: طرب و نشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجْعُ. مقفی کلام۔ ج اَسْجَاع.

السَّجْعَة والاُسْجُوْعَة. قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج اَسَاجِيْع.

المَسْجَع. مقصد۔

سَجَفَ (ن) **سَجْفًا و سَجَّفَ. البَيْتَ**: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجِفَ (س) **سَجَفًا**. پتلی کمر والا ہونا۔

اَسْجَفَ. السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔ **البَيْتَ**: مکان کا پردہ لٹکانا **اللَّيْلُ**: تاریکی بڑھنا۔

السَّجْف والسِّجْف. ج سُجُوْف و اَسْجَاف و (السِّجَاف والسَّجِيْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ۔ **السِّجَاف**: گوٹ۔ سنجاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْخَى اللَّيْلُ سُجُوْفَه" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّجْفَة. رات کا ایک حصہ۔

السِّجَافَة. پردۂ حجاب۔

سَجَلَ. (ن) **سَجْلًا. بِه**: اوپر سے پھینکنا۔ **المَاءَ**: پانی گرانا **الكِتَابَ**: لگاتار پڑھنا۔

سَجَّلَ. بِالشَّيءِ: اوپر سے پھینکنا۔ **سَجَّلَ الرَّجُلُ**: عہد نامہ لکھنا **الاَوْرَاق**: کچہری اور محکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا۔ **القَاضِيْ عَلَيْهِ**: فیصلہ کرنا **عَلَيْهِ بِكَذَا**: مشہور کرنا **لَهُ بِمَالِهِ**: ثابت کرنا۔

سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً و سِجَالًا. مقابلہ کرنا۔ دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔

اَسْجَلَ. بہت خیر والا ہونا ہ: بہت دینا۔ **الحَوْضَ**: بھرنا۔ **الكَلَامَ**: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا۔ **النَّاسَ**: چھوڑنا۔ **لَهُمْ الاَمْرَ**: لوگوں کے لیے کسی معاملہ کو مباح کر دینا اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَه اِنْ شَاءَ اَخَذَه وَاِنْ شَاءَ تَرَكَه" یہ اس کے لیے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے۔ "اَسْجَلَ الاَنْعَامَ فِي الزَّرْعِ":

کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔
تَسَاجَلَا. باہم مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ. اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے ''سَجَلَ الْمَاءَ فَانْسَجَلَ'' اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔
السَّجْل. مذ۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَال و سُجُوْل اور کہا جاتا ہے ''الْحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ'' یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجْلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے ''اَعْطَاهُ سَجْلَه مِنْ كَذَا'' اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔
السِّجِلّ. معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّات.
السِّجِّيل. کنکر۔
عَيْنٌ (سَجُوْلٌ) بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
السَّجِيْل. حصہ۔ کہا جاتا ہے ''اَعْطَاهُ سَجِيْلَه مِنْ كَذَا'' اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شَيْءٌ سَجِيْلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرْعٌ سَجِيْلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دَلْوٌ سَجِيْلٌ و سَجِيْلَةٌ: بڑا ڈول۔ (نَاقَةٌ سَجْلَاء) بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
السَّوْجَلَة والسَّوْجَل والسَّاجُوْل. شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِيْل.
المُنْسَجَل. مفع۔ ہر ایک کیلئے جائز۔ کہا جاتا ہے ''فَعَلْنَاهُ وَالدَّهْرُ مُنْسَجِلٌ'' ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔
السِّجِلَّاط. چنبیلی۔
سَجَمَ (ن) سُجُوْمًا و سِجَامًا. الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِم)
سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا و سُجُوْمًا عَنِ الْاَمْرِ دیر کرنا۔ (ض ن) سَجْمًا و سُجُوْمًا و سَجَمَانًا الْعَيْنُ اَوِ السَّحَابَةُ الْمَاءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔
سَجَّمَ تَسْجَامًا و تَسْجِيْمًا واَسْجَمَ. الْمَاءَ: پانی گرانا۔ اَنْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔
اِنْسَجَمَ. الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا۔ الْكَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتِ. الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا۔ گرنا۔
اَلسَّجَم. پانی۔ آنسو۔
عَيْنٌ (سَجُوْم) آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوْم. نَاقَةٌ (سَجُوْمٌ و مِسْجَامٌ) بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوْم و مَسَاجِيْم.
مَكَانٌ (مَسْجُوْمٌ) بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَهُ (ن) سَجْنًا. قید کرنا۔ سجن الْهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَّنَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
السِّجْن. قید خانہ۔ ج سُجُوْن.
السَّجَّان. داروغہ جیل۔
السَّجِيْن. قیدی۔ ج سُجَنَاء و سَجْنَى۔ مؤنث سَجِيْن و سَجِيْنَةٌ ج سَجْنَى و سَجَائِن. ضَرْبٌ سَجِيْنٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھادے۔
اَلْمَسْجُوْن. مفع۔ قیدی۔
السَّاجِنَة. السَّاجِن کا مؤنث۔ پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِن.
السِّجِّيْن. ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا و اعلانیہ۔ کہا جاتا ہے ''جَاءَ سِجِّيْنًا'' وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے ارد گرد کا گڑھا۔
السَّجَنْجَل. آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَنَاجِل.
سَجَا يَسْجُوْ سَجْوًا و سُجُوًّا. اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجّٰى تَسْجِيَةً. الْمَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا۔ اور اسی سے ہے ''سَجِّ مَعَائِبَ اَخِيْكَ'' اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
اَسْجَتْ اِسْجَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ اَسْجَى الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا الرَّجُلُ: کسی چیز کو چھپانا۔
سَاجَاهُ کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے ''اَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ'' وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَّاجِي. فا. ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے ''عَيْنٌ سَاجِيَةٌ'' جھکی ہوئی آنکھ۔ و ''لَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ'' سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
اِمْرَأَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاء: دوھنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيْحٌ سَجْوَاء: نرم ہوا۔
السَّجِيَّة. طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّات و سَجَايَا
سَحَّ (ن) سَحًّا. بہت موٹا ہونا۔ الْمَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اور اسی سے ہے ''اِسْتَنْشَدْتُه قَصِيْدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا'' میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے ''سَحَّهُ مِائَةَ سَوْطٍ'' اس نے اس کو سو کوڑے مارے (سَحًّا و سُحُوْحًا و تَسْحَاحًا) بہت بہنا۔
سَحَّتْ (ض) سُحُوْحًا و سُحُوْحَةً: الشَّاةُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌّ و سَاحَّةٌ) ج سِحَاح و سُحَاح.
اِنْسَحَّ. اِبِطُ الْبَعِيْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔
السَّحّ والسُّحّ. خشک متفرق کھجوریں۔
السَّحَاح. فضاء آسمانی۔
سَحَابَةٌ (سَحُوْح) بہت بارش والا بادل۔
غَارَةٌ (سَحَّاء) اچانک دشمن پر مصیبت لانے والی لوٹ۔

عَيْنٌ (سَحَّاحَةٌ) بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (مِسَحٌ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔

سَحَبَهٗ (ف)سَحْبًا. زمین پر گھسیٹنا۔ الرَّجُلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَسْحَبُ ذَيْلَه" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ. عَلَيْهِ: . ناز کرنامِنَ الاَكل او الشُرْب: بہت کھانا پینافِي حَقِ فُلَان: چھین کر اپنے حق میں ملالینا۔
السَحَب. گھسٹنا۔
السُحْبَة. آنکھ کا پردہ و(السُحَابَة) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَحَاب. بادل۔ ج سُحُب. واحد (سَحَابَة) ج سَحَائِب. کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ سَحَابَةَ يَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔
السَحْبَل. کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔

سَحَتَ (ف)سَحْتًا و سَحَّتَ. حرام مال کماناہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ ذبح کرنا۔ سَحَتَ الشَحْمَ عَنِ اللحْمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا وَجْهَ الاَرْض: مٹانا۔
اَسْحَتَهٗ. خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اَسْحَتَتْ تِجَارَتُه: تجارت میں حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ. مال ضائع ہونا۔
السَحْت. مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب۔ اور کہا جاتا ہے "مَالُهٗ اَوْ دَمُهٗ سَحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کیلئے جو ان کو معدوم کرے مباح ہے۔ السُحْت والسُحُت. حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔ جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات.
مَالٌ (سُحْتٌ و سُحُتٌ و سَحِيْتٌ و مُسْحَتٌ و مَسْحُوْتٌ) تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ و سَحِيْتٌ: بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (اَسْحَتٌ) و اَرْضٌ (سَحْتَاء) بے نباتات والا سال یا زمین۔
السُحْتُوت والسِحْتِيْت. کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُحْتُوْت والسِحْتِيّ. پرانا کپڑا۔
السَحِيْتَة. سب کچھ بہالے جانے والا بادل۔ ج سَحَائِت.
مَسْحُوْتُ. اَلجَوْف والمِعْدَةِ: آسودہ نہ ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)

سَجَحَهٗ (ف)سَحْجًا و سَحَّجَهٗ. چھیلنا الشَئَ بالشَئَ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوْجٌ و سَحِيْجٌ)
سَجَحَتِ الدَابَةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّج وانسَحج. چھلنا۔
السَحَّاج. بہت چھلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاج" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے۔
السَحُوْج والمِسْحَاج. بہت قسم کھانے والی عورت۔
المِسْحَج والمِسْحَاج. مِنَ الدَوَاب: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ المِسْحَاج: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔
زمن مِسْحَاج: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے۔

سَحَرَهٗ (ف)سِحْرًا. دھوکا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرناہ عن كَذَا: پھیرنا۔ دور کرنا۔ سحر عن الاَمْرِ: کسی معاملہ سے دور ہونا وَ سَحَرَ الفضة چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا۔
سَحَرَهٗ (ف)سَحْرًا. پھیپھڑے پر مارنا۔ صفت مفعولی (مسحور و سَحِيْر) المطرُ الطين: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س)سَحَرًا. صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِر و سَحِيْر)
سَحَّرہ. جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ. صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ. سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ. صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح کے وقت نکلنا۔ الديكُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔
السِحْر. مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اسحار و سُحُوْر. السِحْر الكلامي: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحرًا"
السَحَر. صبح سے کچھ پہلے۔ السَحر الاَعْلىٰ: صبح کاذب۔ والسَحْر الآخر: صبح صادق۔ اَلسَّحَرْ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحار.
السَحْر والسَحَر والسُحْر. پھیپھڑا۔ ج سُحُور و سُحُر واَسْحار اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنْه سَحْرِی" میں اس سے نااُمید ہو گیا۔ و "انتفخ سَحْره" وہ بزدل ہو گیا۔ گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ و "مَاتَ فلانٌ بَيْنَ سَحْرِى و نَحرى" فلاں کا انتقال میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔
السَحَرِى والسَحَرِيَّة. صبح سے کچھ پہلے۔
السُحْرَة. صبح کاذب۔
السُحَارَة. پھیپھڑا مِنَ الشاة بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔
السَحُوْر. سحری۔ وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔
السَحِيْر. پیٹ کی بیماری والمِنَ الخيل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔
السَحّار. جادوگر۔
السَاحِر. فا. عالم۔ ج سَحَرة و سَحَّارُ و سُحَّارُ و سَاحِرُوْنَ. مؤنث السَاحِرةُ. ج سَاحِرَات و سَوَاحِر.

السَوحر. بید کا درخت۔
المُسَحَّر. وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔
المَسْحُورَة. مفع۔ خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔
عنز مسحورة: کم دودھ والی بھیڑ۔ اَرْض مَسْحُورَةٌ: بنجر زمین۔
تَسَحْسَحَ. الماءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔
السَحْسَح والسَحْسَحَة. گھر کا صحن (السَحْسَح والسَحْسَاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر، پتھر وغیرہ کو بہالے جائے۔
سَحَطَ (ف) سَحْطًا و مَسْحَطًا. جلدی ذبح کرنا ہ الطعامَ: پھندا لگانا سَحَطَ الشرابَ: پانی ملانا السخلَ: بکری کے بچّہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔
اِنسَحَطَ. من یدہ: ہاتھ سے پھسل کر گرنا عن النخلة ونحوها. لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اُترنا۔
المَسْحَط. حلق۔
شاۃ (سَحِیط و سَحُوطَة) ذبح کی ہوئی بکری۔
سَحَفَ (ف) سَحْفًا. الشَعر عَنِ الجلدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا الرّاسَ: سر مونڈنا (واَسْحَفَت) الریحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو اُڑا دینا۔ واَسْحَفَ
السَحْفَة: پیٹھ کی چربی کو بیچنا۔
السَحْفَة. پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحاف وسُحُف.
السُحاف. سل کی بیماری۔
السَحِیف. چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔ دودھ دوہنے کی آواز۔
السَحِیفَة. سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحائِف.
السَحُوف. سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے "نَاقَةٌ سَحُوفٌ" بے چربی والی اونٹنی۔

اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جمل اَوْ ناقَةٌ سَحُوفٌ: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف. الحَیّة: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔
المِسْحَفَة. گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔
رَجُلٌ (مَسْحُوف) سل کی بیماری والا۔
اَرْض (مُسْحَفَة) باریک گھاس والی زمین۔
سَحَقَهٗ (ف) سَحْقًا. بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا الریحُ الارضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا الرّاسَ: سر مونڈنا الشئَ الشدیدُ: نرم کرنا القملَةَ: جوں کو مار ڈالنا الثوبَ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا العینُ دمعَها: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَه اللّٰہ" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔
سَحِقَ (س) وسَحُقَ (ک) سحقًا: دور ہونا۔
سَحُقَ (ک) سُحُوقَةً. الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا النخلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوق) ج سُحُق.
سَحَّقَ. بہت باریک پیسنا۔
اَسْحَقَهٗ. دور کرنا۔ ہلاک کرنا الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا خُفُ البعیرِ: گھس جانا۔ الضَرعُ دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔
اِنسَحَقَ. باریک ہونا القلبُ: دِل کا شکستہ ہونا الشئُ: کشادہ ہونا `دور ہونا الثوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔
الدلوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔
السَحْق. مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ و سَحْقُ ثوبٍ" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سحق درهم" کھوٹا درہم ج سُحُوق.
السُحْق والسُحُق. دوری۔ کہا جاتا ہے "سُحقًا لَهٗ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔

السَحِیق. دور۔ مِسْكٌ سَحِیقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔
السَوحق. لمبا یا لمبا مرد۔
السَحّاقَة. بہت پیسنے والا۔ امْرأةٌ سحّاقة. عورت جس کی پستانیں لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔
السَحِقَة. سحیق کا مؤنث۔ زور کی بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ ج سَحائِق.
دَمعٌ (منسحق) بہے ہوئے آنسو۔ ج مَسَاحِق (نادر) کہا جاتا ہے "جرت من عینه مَسَاحِقُ الدُمُوعِ" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔
الاَسْحَق. دور۔
المِسْحَق. جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلًا. الشئَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ الغریمَ مأته درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔
ہ ماۃ سوط: مارنا الثوبَ: کچے دھاگے سے بننا۔ الحبلَ: رسّی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ. سَحْلًا و سُحُولًا. العینُ: رونا۔
سَحَلَ (ض) سَحِیلًا و سُحالًا. البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
ساحَلَهٗ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القومُ بأولادهم: ساحل پر لانا۔
اَسْحَلَهٗ. گالی خوردہ پانا۔
اِنسَحَلَ. چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ بالکلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَت الدَراهمُ: چمکدار ہونا۔
السَحْل. مص (السَحَل) ج اَسْحال وسُحُول و سُحُل و (السَحِیل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسّی۔
السَاحِل. فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِل.

السِحَال. لگام۔

السُحلَة. چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔

السُحَالَة. چاندی ؍ سونے کا برادہ۔ گیہوں ؍ جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔

الاِسْحِل. ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔

الاَسَاحِل. پانی کی نالیاں۔

المِسْحَل. سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست۔ ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسّی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَهُ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ **المِسْحَل:** شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت وفیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل.

السُحَال والسَحِيل. ہنہناہٹ۔

شاب (مُسْحُلَانٌ ومُسْحُلَانِيٌ) لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحُلَانَة و مُسْحُلَانِيَّة)

المَسْحُول. مفع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔

اَلسَّحْلَبِيَّاتُ: سحلبی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں چائے کی طرح ان کا مشروب پیا جاتا ہے۔

السَحْلَال. بڑے پیٹ والا۔

سَحُمَ (ک) سُحمًا. و سَحِمَ (س) کالا ہونا۔ صفت (اَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء. ج سُحم.

سَحَّمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔

اَسْحَمَتِ. السَمَاءُ: برسانا۔

السُحَام والسَّحَام والسُحْمَة سیاہی۔

الاَسْحَم. سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھوں کو ڈبوتے تھے۔

السَحَم. لوہا (والسحيم والاَسْحَمَان) ایک درخت کا نام۔

السَحْمَة. لوہے کا ٹکڑا۔

السُحُم. لوہار کے ہتھوڑے۔

سَحَنَ (ف) سَحْنًا. **الحَجَرَ:** پتھر توڑنا **الخَشَبَة:** لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا **الشَئَ:** باریک پیسنا۔

سَاحَنَه. ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَه الشَئَ کسی چیز میں شرکت کرنا (و تَسَحَّنَه) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔

السَحْنَة والسِحْنَة والسَحْنَاء والسَحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔

المِسْحَنَة. پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن.

سَحَاه يَسْحَاه و يَسْحُوه و يَسْحِيه سَحْيًا. چھیلنا **الطِيْنَ:** کھرچنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة و سَاحُوْن مؤنث سَاحِيَة **الشعرِ:** مونڈنا (واَسْحَى اِسْحَاءً و سَحَّى تَسْحِيَةً) **الكِتَابَ:** خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔

اِسْتَحَى اِسْتِحَاءً. الشَئَ: چھیلنا۔ **الشَعْرَ:** مونڈنا **اِسْتَحَى مِنْه:** شرم کرنا۔

السِحَاء. مِنَ الكِتَاب: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سَحَاءَة. **السِحَاءَة:** دماغ کی جھلی۔ ج سَحَايَا.

السَحَاة میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سَحًى.

السِحَايَة. بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔

السَاحِيَة. سیلاب ؍ زور کی بارش۔

السَحَّاء. بیلچہ بنانے والا۔

الاُسْحُوَان. بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔

المِسْحَاة. بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ.

سَحَتْ (ن) سَحْتًا. **الجَرَادَةُ:** ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا **فِيْ السَيْرِ او الحَفْرِ:** دور تک جانا یا کھودنا۔

السَخَاخ. نرم عمدہ زمین۔

سَخَأ (ف) سَخْأً. **النَارُ تَحْتَ القِدْرِ:** ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔

السَخَب. شور۔

السِخَاب. لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُكَ وَارِثَ السِخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچّے کے ناسمجھ پایا۔ ج سُخُب.

اِسْخَاتَّ اِسْخِيْتَاتًا. الجُرْحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔

السُخْت والسِخْيت. سخت۔

السُخْت. کھر دار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

المَسْخُوت. تاباں۔ چمکیلا۔

السِخْتِيت. بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔

السِخْتِيَان والسَخْتِيَان. دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔

سَخِرَهُ (ف) سِخْرِيًّا و سُخْرِيًّا و سَخَّرَهُ و تَسَخَّرَهُ واسْتَسْخَرَهُ. بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔

سَخَرَتِ (ف) سَخْرًا. **السَفِيْنَةُ:** کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَة) ج سَوَاخِر.

سَخِرَ (س) سَخَرًا و سَخْرًا و سُخْرًا و مَسْخَرًا و تَسَخَّرَ واسْتَسْخَرَ. **بِهِ و مِنْهُ:** ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا اَقُوْلُ هٰذا وَلَا اَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔

السُخْرَة. جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار ؍ بیگاری (والسُخْرِيَّة) ٹھٹھا۔

المَسْخَرَة. وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامیہ)

سَخِطَ (س) سَخَطًا. **الرَجُلَ و عَلَيْهِ** غضبناک ہونا۔ **الشَئَ:** ناپسند کرنا۔

اَسْخَطَهُ. غضبناک کرنا۔

تَسَخَّطَهُ. ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا العَطَاءَ : کم سمجھنا۔
السُخْط والسُخُط والسَخَط. ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوْط. سخ۔ناپسندیدہ۔
المَسْخط والمَسْخَطَة. سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِط.
سَخُف (ک) سُخْفًا و سَخَافَةً. کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ : باریک ہونا السِقَاءُ : کمزور ہونا۔
سَخَّفَهُ. کم عقل قرار دینا۔
سَاخَفَهُ. بیوقوفی میں مدد دینا۔
السُخْفَة والسَخْفَة. لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السَخْف. تنگ گزارہ کی زندگی (والسُخْف) کم عقلی۔
السَخِيْف. کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيْفٌ : باریک جھر جھرا کپڑا۔ رَجُلٌ سَخِيْفٌ : کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيْفُ العَقْلِ : ناقص عقل والا۔ رَایٌ سَخِيْفٌ : کمزور رائے۔
سَحَابٌ سُخِيْفٌ : پتلا بادل۔
السَخَافَة. سہ۔ ہر چیز کی کمزوری۔
اَرْضٌ (مُسْخِفَة) کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَه (ف) سَخْلًا. صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَیْ : فریب سے لینا۔
سَخَّلَه. عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔
اَسْخَلَ. الاَمْرَ : پیچھے کرنا۔
السَخِل. کمزور مِنَ القَوْمِ : رذیل۔ ج سُخَّل و سُخَّال.
السَخْلَة. بکری کا بچہ۔ ج سَخْل و سِخَال و سُخْلَان و سِخْلَة.
السُخَالَة. پھوٹن۔ چھلکن۔
المَسْخُوْل. فرد مایہ۔ ضعیف۔ مجہول۔ اور اسی سے ہے "کَوَاکِبُ مَسْخُوْلَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخَّمَ. اللَحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا۔
المَاءَ : پانی گرم کرنا اللّٰهُ وَجْهَهُ : سیاہ رو کرنا ه بِصَدْرِهِ : غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ. عَلَيْهِ : کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السَخَم. ▢ سیاہی۔
السُخْمَة. سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُخَام. کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ : کالی رات (السُخَامیٰ والسُخَامِية) خوشگوار شراب۔
الاَسْخَم. کالا۔ مؤنث سَخْمَاء. ج سُخْم.
السُخَامِيُّ. کالا۔
السَخِيْمَة. کینہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَلْتُ سَخِيْمَتَه باللطفِ والتَرَضِّيْ" میں نے اس کے کینہ کو لطف ورضامندی سے نکال لیا۔ پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيْمَتَهُ عَلٰى طَرِيْقٍ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰه" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِم.
المُسَخَّم. سخ کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) و سَخِنَ (س) و سَخُنَ (ک) سُخُوْنَةً و سَخَانَةً و سَخْنًا و سُخْنًا و سُخْنَةً. گرم ہونا۔
سَخَنَهُ (ن) سَخْنًا. بالضَرْبِ : تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسْخَنَ ضَرْبُهُ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا و سُخُوْنًا و سُخْنَةً. عَيْنُه : آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
اَسْخَنَ و سَخَّنَ. الشَیْ : گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْخَنَ عَيْنَه و بِعَيْنِه" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السُخْن والسَخْنَة والسِخْنَة والسَخَنَة والسِخَنَة والسُخُوْنَة. گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْكَ بالاَمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِهٖ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُخْن والسَخْنَان والسُخْنَان و السُخْنَان. گرم۔
مَاءٌ (سَخِّيْن) گرم پانی۔ ضَرْبٌ سِخِّيْن : تکلیف دہ مار۔ السِخِّيْن : کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَاخِيْن.
السَاخِن. فا. گرم۔ ج سُخَّانٌ : مؤنث سَاخِنَةٌ. کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔
السُخَاخِيْن. گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِيْنٌ" گرم پانی (کلام عرب میں مفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)
السَخِيْن. ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَخِيْنَة. ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔
التَسَاخِيْن. ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَن یا تَسْخَان واحد ہے۔)
المِسْخَنَة. ہانڈی۔ ج مَسَاخِن.
سَخَا يَسْخُو وسَخِيَ يَسْخَىٰ و سَخُوَ يَسْخُوْ سَخًا و سَخَاءً و سَخَاوَةً و سُخُوًّا و سُخْوَةً. فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخِيْتُ نَفْسِيْ و بِنَفْسِيْ عَنِ الشَیْ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔
سَخَا النَارَ يَسْخُوْهَا سَخْوًا و يَسْخَاهَا سَخْوًا و سَخْيًا. راکھ نکال کر آگ جلانا القِدْرَ : ہانڈی کے نیچے آگ جلانا الرَجُلُ : حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَسَاخیٰ و تَسَخّٰی بتکلف فیاض بننا۔
السَخَاوَة. فیاضی۔ بخشش۔
السَخَاءَة. ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخَاءٍ.
السَخِيُّ. فیاض۔ ج اَسْخِيَاء و سُخَوَاء مؤنث سَخِيَّة. ج سَخَايَا و سَخِيَّات.
الاَرْض (السَخْوَاء) کشادہ نرم زمین۔ ج سَخَاوِیٰ و سَخَاوٍ.
اَرْضٌ (سَخَاوِيَةٌ) نرم کشادہ زمین۔ ج

سَخَاوِيُّ.

مَسْخَنٌ. النَارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔

المِسْخَاۃ. چھپٹی۔ آگ کی کریلنی۔

سَدَّ (ن) سَدًّا. الاناءَ: برتن بند کرنا الثُلْمَۃَ: رخنہ درست کرنا البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

سَدَّ (س ض) سَدَدًا و سَدَادًا. درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسِدُّ فِيْ قَوْلِهٖ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "قُلْتُ لَهٗ سَدَادًا مِنَ القَوْلِ و سَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی الشَيْءُ: سیدھا ہونا۔

سَدَّدَ. الرُمْحَ: سیدھا کرنا ہٗ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

اَسَدَّ. الشَيْءُ: سیدھا ہونا الرَجُلُ: راہِ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔

تَسَدَّدَ. سیدھا ہونا الشَيْءُ: درست ہونا۔

اِنْسَدَّ واِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا واِسْتِدَادًا. بند ہونا۔

اِسْتَدَّ. الشَيْءُ: درست ہونا۔

السَدُّ والسُدُّ. ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ بِالاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے۔ والسَدُّ ج اَسِدَّۃ: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُدُّ. ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ والسُدُّ. ج سِدَدَۃ وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مَسَایَۃ.

كَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح ودرست کلام۔

السَدَد. مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السَدَاد. مص۔ درستی وراستی۔ ہدایت۔

السِدَاد. ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔

السِدَادَۃ. ڈھکنا۔

السُدَاد. ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رَجُلٌ (سَدَّاد) راہ راست پر رہنے والا مرد۔

السُدَّۃ. دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد.

عَيْنٌ (سادَّۃ) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدُد.

الاَسَدُّ. ج سُدٌّ (السَدِیْد) ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔

المَسَدّ. بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّهٗ" یعنی قائم مقام۔

سَدَجَ (ن) سَدْجًا. بالشَيْءِ: گمان کرنا۔ (و تَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)

اِنْسَدَجَ. اوندھا گرنا۔

سَدَحَہٗ (ف) سَدْحًا. ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا النَاقَۃَ: اونٹنی کو بٹھانا القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بالمَكَانِ. اقامت کرنا (سَدَحَہٗ و سَدَّحَہٗ) قتل کرنا۔

اِنْسَدَحَ. چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔

السَادِح. فا. مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَۃ. السَادِحَۃ: گھٹا ٹوپ بادل۔

السَدِیْح والمَسْدُوْح. چت لیٹا ہوا۔

اِنْسَدَحَ. پھیلنا۔

سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا و سُدُوْرًا. الشَعْرَ: بال لٹکانا الثَوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔ الرَجُلُ فِي البِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔

سَدِرَ (س) سَدَرًا و سَدَارَۃً. حیران ہونا۔ لاپروا ہونا البَعِیْرُ: شدتِ گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

اِنْسَدَرَ. الشَعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ يَرْكُضُ" وہ آہستہ دوڑا۔ نیچے اترنا اور ہمیشہ چلنا۔

تَسَدَّرَ. بِثَوْبِہٖ: اوڑھ لینا۔

السِدْر. بیر کا درخت۔ ج سُدُوْر.

السِدْرَۃ. بیر کا درخت۔ ج سِدْرَات. و سِدِرَات و سِدَرَات و سِدَر. و سِدْرَۃ المُنْتَهٰى. ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لیے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔

السَدِر. حیران۔ سمندر۔ نَاقَۃٌ سَدِرَۃٌ: بوڑھی اونٹنی۔

السِدَار. پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔

السَدَّار. بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔

السَدِیْر. تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِیْرُ النَخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔

الاَسْدَرَان. آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔

سَدَسَ (ض) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔

سَدَسَ (ن) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔

سَدَّسَ. الشَيْءَ: چھ پہل بنانا۔

اَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا البَعِیْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔

السِدْس. اونٹ کے لیے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔

السُدْس والسُدُس. چھٹا حصہ۔ ج اَسْدَاس اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔

السَدَس. آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔

السَادِاس. فا. چھٹا۔ مؤنث سَادِسَۃ.

السُّدَاسِیُّ چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنج بیل۔ کہا جاتا ہے جاءُوْا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

السُّدُوْس والسَّدُوْس. سبز رنگ کی چادر۔ السُّدُوس چراغ کی سیاہی۔

السَّدِیْس چھٹا حصہ۔ ج سُدُس چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔

المُسَدَّس. شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔ المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔

سَدَعَ(ف) سَدْعًا ذبح کر کے پھیلانا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ ٹکرانا۔

سُدِعَ رنج واذیت پہنچایا جانا۔

السَّدْعَة رنج واذیت۔

المِسْدَع. اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔

سَدَفَ(ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوْف)

اَسْدَفَ. سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (اَسْدَف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْف الفَجْرُ: روشن ہونا السِّتْرَ: پردہ اٹھانا المَرْأَةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ اَسْدَفَ عَنْ کَذَا الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔

سَدَّفَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

السَّدَف. تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج اَسْدَاف.

السَّدْف. وجود جو دُور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف.

السَّدْفَة والسُّدْفَة. تاریکی ۔ روشنی۔ (ضد) السُّدْفَة: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ جو

اس کو بارش سے بچائے۔

السَّدِیْف. کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج۔ سِدَاف و سَدَائِف.

السِّدَافَة پردہ۔

السَّدَق والسَّوْدَق. سذق و سوذق کی تصحیف ہے۔

سَدِكَ(س) سَدْكًا و سَدَكًا. بِالأَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِك) بہ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔

سَدَلَ(ن ض) سَدْلًا و سَدَّلَ. الشَّعْرَ اَوِ الثَّوْبَ بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَّوبَ: کپڑا اپھاڑنا فِي البِلَادِ جانا۔

سَدِلَ(س) سَدَلًا. خِلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔

تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ لٹکنا۔

سَوْدَلَ. الرَّجُلُ لمبی مونچھوں والا ہونا۔

السِّدْل ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔ (والسُّدْل) پردہ۔ ج اَسْدَال واَسْدُل وسُدُوْل. کہا جاتا ہے اَرْخَى اللَّيْلُ سُدُوْلَه. رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھا گئی۔

السَّدَل. جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سَدَلٌ اِلىٰ جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔

السَّدِيْل. ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ۔ ج سُدُل واَسْدَال و سَدَائِل.

شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ) بہت لمبے بال۔

السَّوْدَل. مونچھ۔

سَدَمَ(ن) سَدْمًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔

سَدِمَ(س) سَدَمًا. ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا۔ بِالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔

سَدَّمَ. المَاءَ طُوْلُ عَهْدِه: متغیر کر دینا۔

مَاءٌ (سَدْمٌ و سُدُمٌ و سِدِمٌ و سُدُمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لیے کہا جاتا ہے۔

مِيَاهٌ سُدُمٌ واَسْدَامٌ وسِدَامٌ. رَجُلٌ سُدُمٌ غضبناک مرد۔

السَّدَم. ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔

السَّدْمَان. ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَان نَدْمَان"

السَّدِيْم کرہ آسمانی پر کمزور روشنائی والے ستارے۔ السَّدِيْم تیز تلوار یا اس کی دھار۔

السَّدِيْم. ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج۔ سُدُم: گہرا یا باریک کہرا۔

سَدَنَ(ن ض) سَدْنًا و سِدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وَ آذِنُه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔

سَدَنَ لِسِتْرٍ: پردہ لٹکانا۔

السِّدْن والسَّدَن. ج اَسْدَان. و (السِّدْرَان) پردہ۔

سِدَانَة. الكَعْبَةِ: کعبہ کی خدمت۔

السَّدَن. چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔

السَّدَّان. نہائی (صحیح لفظ سدّان ہے۔)

سَدَا. سَدْوًا و سَدْوًا. بِيَدِه نَحْوَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا الصَّبِيُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِي المَشْيِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَه" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

اَسْدَى. اِسْدَاءً. النَّخْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَى. اِسْتِدَاءً. بِيَدِه: ہاتھ بڑھانا الصَّبِيُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھلینا الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

السَّادِي. فا. چھٹا۔ مؤنث سَادِيَة. ج سَوَادٍ النُّوْقُ السَّوَادِي: کشادہ قدم

رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدَیٰ یَسْدَیٰ سِدًی. البُسْرُ: غلافِ خرما کاڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) الاَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا اللَّیْلَۃُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَۃٌ)

سَدَیٰ یَسْدِی سَدْیًا. الثَوْبَ: تانا تننا۔

سَدَّی. الثوب (تَسْدِیَۃً) تانا تننا۔ اِلَیْہِ: احسان کرنا مَعْرُوْفًا: بھلائی کرنا الاَرْض: نمناک کرنا۔

اَسْدَیٰ اِسْدَاءً. الثَوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "اَلحِم مَا اَسْدَیتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو اِلَیْہِ: احسان کرنا اِلاَرْضَ: نمناک کرنا بینھما: اصلاح کرنا الاَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّیٰ تَسَدِّیًا. الشَیَّ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا الثَوْبَ: تانا تننا۔

السَدَیٰ. تانا۔ ج اَسْدِیَۃ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (والسَدَاء) سبز کچی کھجور۔

السَدَاۃ. مِنَ الثَوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ بِلُحْمَۃٍ ولَاسَدَاۃٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

اِبِلٌ (سُدَیٰ وسَدَیٰ) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَھَبَ کَلَامُہ سُدَیٰ" اس کی گفتگو لغو وبیکار گئی۔

الاَسْدِیُّ والُاسْدِیَّ. وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

المِسْدَاۃ. تانا تننے کا آلہ۔

السَذَاب. ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صقر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُذْبَۃ. ایک قسم کا برتن۔

السَاذَج. سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیزبات۔

السَذَاجَۃ. سادگی۔

السَذَق. سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَوْذَق السَیْذَاق والسَیْذَقَان والسَیْذُقَان. کنگن۔ شکرا۔ السَوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔

السَوْذَقِیَّ. چست۔ چالاک۔ متکبر۔

السُذَانِق والسَوْذَنِیْق والسَوْذَانق. شکرا۔

سَرَّہٗ (ن) سُرُوْرًا و مَسَرَّۃً و سُرًّا و سُرَّیٰ و تَسِرَّۃً. خوش کرنا۔

سَرَّہٗ (ن) سَرًّا. ناف میں نیزہ مارا۔ الصَبِیَّ: بچے کا نال کاٹنا فلانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔

سَرَّ (س) سَرًّا. ناف میں درد ہونا۔

سُرَّ سُرُوْرًا. خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْرٌ) الصَبِیُّ: ولادت کے وقت نال کاٹا جانا۔

اَسَرَّہٗ اِسْرَارًا. خوش کرنا۔ اَسَرَّ السِرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) اِلَیْہِ بِکَذَا: چپکے سے بیان کرنا اِلَیْہِ المَوَدَّۃَ و بِالمَوَدَّۃِ: اپنی دوستی کو پہچاننا۔

سَرَّرَہٗ. خوش کرنا۔ سَرَّرَہٗ سَرِیَّۃً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں ایک لغت سَرّاہ بھی ہے۔

سَارَّہٗ. پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَرَّرَ. لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّیٰ بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تَظَنَّیٰ الثَوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ. القَوْمُ باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارَّ زَیْدٌ اِلیٰ ماتَکْرَہُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا. لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مخصوص کرنا عَنْہُ: چھپنا۔ القمر: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے) الشَیَّ: چھپانے میں مبالغہ کرنا الرَجُلُ: خوش ہونا الرَجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَرَّ. س۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِرَّ. ج اَسْرَار: بھید، راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الْاَحْرَارِ قُبُوْرُ الْاَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لیے قبر ہیں۔ و "رَجُلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ و "فُلَانٌ سِرُّ ھٰذا الاَمْرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِرُّ: طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ وافضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف ومغز۔ ج اَسِرَّۃٌ جیسے قِنٌ کی جمع اَقِنَّۃ.

السِرّ والسِرَّ. ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج اَسْرَار ج اَسَارِیْر. الاَسَارِیْر: چہرہ کی خوبیاں۔

السُرَّ. نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج اَسِرَّۃٌ اور سُرَّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَرَر والسُرُر. ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔ السَرَر: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السَرَّۃ. گلدستہ۔

السُرَّۃ. نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ ناف۔ ج سُرَّات و سُرَر سُرَّۃُ الوَادِی: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّۃُ البَلَد: وسط شہر۔ سُرَّۃُ الحَوْض: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّۃُ الفَرَس: ایک ستارہ۔ اِمْرَاَۃٌ سُرَّۃٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السَرُوْر. خوشی۔

السُرُور. خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَرِیْر. تخت۔ عموماً تخت شاہی کیلئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیْرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّۃَ رُؤُوسِھِمْ" انہوں نے ان کی گردن

میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج اَسِرَّةٌ و سُرُرٌ.
السَّرِيْرَة. بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ السَّرِيْرَةِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِر.
السُّرِّيَّة. لونڈی جو ہم خوابی کے لیے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِيّ. اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔
السِّرِّيْر. بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔
السَّرَّاء. خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَدِيْقٌ لَهُمْ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔ السِّيَرَّاءُ: مجوف نالی۔
السِّرَار. ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج اَسِرَّة. السِّرَار: قمری مہینے کی آخری رات۔
السَّرَار. خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الْوَادِي: وادی کی عمدہ جگہ۔
السَّرَارَة. خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان۔
سَرَارَةُ الشَّيْءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَائِر.
السَّرَارَة خلوص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سِرٌّ بَيِّنُ السَّرَارَةِ" وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ و "هُوَ فِي سَرَارَةٍ مِنْ عَيْشِه" وہ اچھی زندگی میں ہے۔
السَّارُوْرَاء. خوشی و خوش حالی۔
الاَسَرّ. کھوکھلا چقماق مِنَ الرِّجَالِ: اجنبی۔ زیادہ موٹا۔
المَسَرَّة. س۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج مَسَار.
المِسَرَّة. ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔
المَسْرُوْر. خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَة.

سَرَأَتْ(ف) سَرْأً و سَرَّأَتْ تَسْرِئَةً الجَرَادَةُ او السَّمَكَةُ او الضَّبَّةُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔
اَسْرَأَتِ السَّمَكَةُ انڈے دینے والی ہونا۔
السَّرْء والسِّرْء والسَّرْأَة والسِّرْأَة. ٹڈی | مچھلی | گوہ وغیرہ کا انڈا۔
السَّرُوْء. مِنَ السَّمَكِ و نَحْوِهَا: بہت انڈے والی۔ ج سُرُؤٌ و سُرَأ.
اَرْضٌ (مَسْرُوْءَة) ٹڈیوں والی زمین۔
سَرَبَ(ن) سُرُوْبًا. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا الرَّجُلُ: چھپتے چلے جانا۔ الاِبِلُ: چرنے کے لیے جانا (سَرْبًا) القِرْبَةُ: مشک سینا۔
سَرِبَ(س) سَرَبًا. الاِنَاءُ: برتن ٹپکنا المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔
سُرِبَ. ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسْرُوْب.
سَرَّبَ. الاِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔ اِلَيَّ الاَشْيَاءَ: ایک کے بعد ایک دینا الحَافِرُ: دائیں بائیں کھودنا القِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا (واَسْرَبَ) اَلمَاءَ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔
تَسَرَّبَ. مِنَ المَاءِ: پانی سے بھر جانا۔ الوَحْشُ فِيْ حُجْرِهِ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔
اِنْسَرَبَ. سوراخ میں داخل ہونا۔ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔
السَّرْب. س۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلَّى السَّرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "خَلِّ لَهُ سَرْبَه" اس کا راستہ چھوڑ دو۔
السِّرْب. ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج اَسْرَاب.

السَّرَب وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَاب.
السَّرِب. بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ: بہنے والی مشک۔
السَّرْبَة. قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔
السُّرْبَة. ہرن | اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَب.
السَّرَاب. وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکرو فریب کے لیے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَّارِب. فا. کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْيَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (والسَّرُوْب) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَب. ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ و مَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْرَبَة والمَسْرُبَة. چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِب.
المُنْسَرِب. بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔
سَبْرَبَخَ. الرَّجُلُ: خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔
السَّرْبَخ. کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔
قفر (سِرْبَاخٌ و مُسَرْبَخٌ) بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔
سَرْبَلَهُ. کرتا پہنانا۔

تَسَرْبَلَ. بالسِرْبال: کرتا پہننا۔

السِرْبال. کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرابِیل.

سَرَجَ (ن) سَرْجًا. جھوٹ بولنا المَرْأةُ شَعْرَها: چوٹی بنانا۔

سَرِجَ (س) سَرَجًا. جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔

سَرَّجَ. الشئَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰه: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا۔ الحدیثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَیَّ اُسْرُوْجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ و"اِنَّهُ لَیُسَرِّجُ الاَحادیثَ تَسْرِیْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَّوْبَ" اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ شین معجمہ سے ہے۔

اَسْرَجَ. الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔ السِراجَ: چراغ روشن کرنا۔

تَسَرَّجَ. عَلَیْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔

السَرْجُ. زین. ج سُرُوج.

السِراج. چراغ۔ ج سُرُج. سِراجُ اللَّیْلِ: جگنو۔

السِیْرَج. تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔

السَرَّاج. جھوٹا۔ زین ساز و (السِراجَة) زین سازی کا پیشہ۔

السُرَیْجِیّات. سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔

المَسْرَجَة. چراغ دان۔ ج مَسارِج.

المِسْرَجَة. چراغ۔ ج مَسارِج.

السِرْجِن والسِرْجِیْن والسِرْجُوْن. گوبر۔

سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا و سُرُوْحًا. المَواشی: جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔ السَیْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (سَرْحًا) المَواشیَ: جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ سرحهٗ: بھیجنا۔ سَرَحَ ما فی صَدْرِہ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

سَرِحَ (س) سَرَحًا. الرجلُ: کسی کا اپنے اُمور کے لیے نکلنا۔

مَسِیْلُ. المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَائِل و مُسُل واَمْسِلَۃ و مُسْلان.
المُسَال. مِنَ الْوَجْہِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔
سِینَما تُوغرَاف: وہ آلہ جو کہ بنائی گئی تصاویر کو سکرین پر پیش کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ وہ گھر جس میں مناظر سینمائی دکھائے جائیں۔
اَسِیْزَامَا: سینما کا جدید آلہ جو کہ اشخاص کی تصاویر وغیرہ ایسی عمدہ پیش کرتا ہے گویا کہ وہ اصلی اور حقیقی ہیں۔
السِیْمُوْنِیَّۃ. سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔
سِیَۃُ. القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِیَات.

ش

ش: الشین: بنیادی حروف میں سے تیرھواں ہے۔ یہ حروف شجریہ سے ہے۔ حساب جمل میں اس کے نمبر (۳۰۰) ہے۔

الشُؤْبُوْب. بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت دفع۔ آغازِ حسن۔ ج شَآبِیْب. کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیْبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔

شَئِزَ (س) شَأَزًا و شُؤْزَةً و شُؤَازًا. المَكَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شَأْزٌ و شَئِزَةٌ) (و شَئِزَ) بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

اَشْأَزَهُ. رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔ اَشْأَزَ الرَجُلُ: عَنْ كَذَا بلند ہونا۔

اِشْتَأَزَ. بدکنا۔

الشَأْزَةُ. اسم مَرة خَيْلٌ شَأْزَةٌ: موٹا گھوڑا۔

المَشْئُوْزُ والمَشُوْزُ. بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَئِسَ (س) شَأَسًا. الشَئُ: سخت ہونا۔ الرَجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا اَلْمَكَانُ: سخت و سنگریزہ دار ہونا۔ مَكَانٌ (شَئِسٌ و شِأْسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ۔ ج شَئِيْس و شُؤْسٌ.

شَأْشَأَ شَأْشَأَةً و شَأْشَاءً. الرَاعِي. الغَنَمَ اَو الحَمِيْرَ و بِهَا: شَأْ شَأْ یا شُؤْ شُؤْ کہہ کر ہانکنا۔ النَخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا لگنا۔

تَشَأْشَأَ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

الشأشاء. مس۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا. الرِجْلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْؤُفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُه: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (شَأَفَا و شَآفَة، فُلَانًا و لِفُلَان: بغض رکھنا۔

شَئِفَ. خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُف) شُئِفَتِ الرِجْلُ: آبلہ پڑنا۔

اِسْتَشْأَفَتِ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔

شَأَفَ. الجُرْحِ. زخم کی خرابی۔

الشأفة. جڑ تلوے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَاصَلَ شَأْفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھو دیا۔ و "بَيْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ واِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔

شَأْفَةُ الرَجُلِ. اہل و مال۔

رَجُلٌ شَأَفَةٌ. معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأَمَ (ف) شَأْمًا. القَوْمَ و عَلَيْهِمْ: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئِمَ. عَلَيْهِم: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأَّمَهُمْ. ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بہ: بائیں طرف لینا۔ الرَجُلُ: ملک شام میں آنا۔

اَشْأَمَ. ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اُٹھائے ہوئے گزرنا۔

تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ. ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تَشَاءَمَ و اِسْتَشْأَمَ. بہ: بدفالی کرنا۔ بد شگون لینا۔

الشُؤْمُ. نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشَامُ والشَأْمُ. ملک شام۔

الشَأْمِيّ والشَآمِي والشَآمِيّ۔ ملک شام کی جانب منسوب۔

الشَائِم. فا۔ نحوست لانے والا۔

الشَأْمَة والمَشْأَمَة. نحوست۔

الشِيْمَة والشِئْمَة. خلق۔ طبیعت۔ عادت۔ ج شِيَم.

الاَشْأَم. اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأَمُ كُلِّ امْرِئٍ بَيْنَ لِحْيَيْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔ یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤْمَى.

واليَدُ الشُؤْمَى. بایاں ہاتھ۔

الاَشَائِم. اشأم کی جمع۔

المَشُوْم والمَشْؤُوْم. منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِيم.

شَأَنَ (ف) شَأْنًا. صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَكَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأَنَ شَأْنَكَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ

نہیں کی۔ و "اشان شانك" اپنی حالت پر رہو۔
اِشْتَأَن. شَأنَك: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔
الشّأن. ج شُؤُوْن و شِئَان و شِئِيْن: بڑے بڑے اُمور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "من شانه كذا وان يفعل كذا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و "ماشانك" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُوْن و شُؤُوْن: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بلغت الرائحة الى شؤون راسه" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں شُؤُوْن واشؤن: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فاضت شؤونه" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں الشُّؤُوْن: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "كَلِّفْنِي شُؤُوْنَكَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کر دو شؤون الخمر: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔
شَأَى يَشْأَى شَأْوًا واشْتَأَى اِشْتِئَاءً. القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَأَى التُّرَابَ من البئر: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
شَائَى مُشَاءَاة. القَوْمَ: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَشَائَى تَشَائِيًا. القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَى مَابَيْنَهُمَا: فاصلہ پر ہونا۔
الشَّأْو. مص۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيْدُ الشَّأْوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عَدَا شَأْوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔
الشَّأْوُ: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔
المِشْآة. کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِي.

شَبَّ (ض) شَبَابًا و شَبِيْبَةً. الغُلَامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلَى دَبَّ" جوانی سے بڑھاپے تک۔
شَبَّ (ن ض) شَبِيْبًا و تَشْبَابًا و شُبُوْبًا. الفَرَسُ: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجوهر يشب بعضه بعضا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔
شَبَّ (ن) شَبًّا و شُبُوْبًا. النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔
شُبَّ. الشَّيْءُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔
شُبَّتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَهُ الشَّيْءُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔
شَبَّبَ و تَشَبَّبَ. جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا الشاعرُ بالفتاة: عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِيْدَةً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قصيدته بفلانة" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الكِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔ تَشَبَّبَتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔
اَشَبَّ. الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا اللّٰهُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا الفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا۔ الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ و مُشَبٌّ و شَبَبٌ و مِشَبٌّ)
اُشِبَّ. لَهُ كَذَا: مقدر کیا جانا۔
الشَّبُّ. پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شَبُّ اللَّيْلِ: ایک قسم کی نباتات۔
الشَّبَاب والشَّبِيْبَة. مص۔ جوانی بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شَبَابُ النَّهَارِ" دن کی ابتداء۔ الشَّبَاب "قَصِيْدَةٌ حَسَنَةُ الشَّبَاب" بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شَبَائِب.
الشَّبُوْب. عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَبُوْبٌ لِكَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "الخِمَار شَبُوْبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (والشِّبَاب) جس سے آگ جلائی جائے۔
الشَّبَّابَة. ایک قسم کی بانسری (مؤلدة) عوام اس کو مُنْجِيْرَة کہتے ہیں۔
الشَّابّ والشَّبّ. جوان۔ ج شَبَاب و شُبَّانٌ و شَبِيْبَةٌ. مؤنث شَابَّةٌ و شَبَّةٌ. ج شَابَّاتٌ و شَبَّاتٌ و شَوَابُّ و شَبَائِب.
المُشِبّ. شیر۔
المَشْبُوْبُ. مِنَ الرِّجَالِ: تیز خاطر مرد۔ المَشْبُوْبَتَان: زہرہ و مشتری۔ نار مَشْبُوْبَة: بھڑکائی ہوئی آگ (نار شَابَّة نہیں بولتے۔)
الشِّبِتّ. سوئے کا ساگ۔
شَبِثَ (س) شَبَثًا و تَشَبَّثَ. بكذا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔ رجل (شَبِثَة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔
الشَّبَث. مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اَشْبَاث و شِبْثَان. رَجُلٌ (شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔
الشَّبَاث والشُّبُوْث. ٹیڑھے سرے والی سیخ۔ ج شَبَابِيْث.
اَشْبَجَ. البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔
الشَّبَج. بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شَبَجَة)
شَبَحَ (ف) شَبْحًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ چیرنا الجِلْدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا الرَّجُلَ: گھسیٹنا الداعي: دعا کے لئے ہاتھ

فلانا لہ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

شَبُحَ (ک) شَبَاحَةً. لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔

شَبَحَ. بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا۔ الشیَ: چھیلنا۔ چوڑا کرنا۔

تَشَبَّحَ. الحِرْبَاءُ عَلَى العُودِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبَحُ والشَّبْحُ شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوحٌ وأَشْبَاحٌ. اشباح المال: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ، گائے بکری وغیرہ۔

الشَّبْحَةُ. اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَيْتِي شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔

عند المولّدین: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔

المَشْبَحَةُ: وہ تصاویر جو سکرین پر سینما گھر میں دکھائی جاتی ہیں۔

الشَّبْحَانُ. لمبا۔

الشَّبْحَان. مِنْقَلَةٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں۔ (دیکھیے مِنْقَلَةٌ)

الشِّبْدِعُ والشِّبْدَعُ والشِّبْدِعَةُ. بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِعُ.

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهُ مَالًا. کسی کو مال دینا۔

شَبِرَ (س) شَبَرًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔

شَبَّرَ. الشَّيءَ: اندازہ کرنا۔ فلانا: تعظیم کرنا۔

أَشْبَرَ. فُلَانًا: فضیلت دینا ہ مالًا: دینا الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔

تَشَابَرَ. الفَرِيقَانِ فِي الحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔

تَشَبَّرَ. بڑا ہونا۔

الشَّبْرُ. مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُعْطِهَا شَبْرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔

الشِّبْرُ. عمر۔ بالشت۔ ج أَشْبَارٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔

الشَّبْرُ. عطیہ۔ خیر۔

الشِّبْرَةُ. قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)

الشِّبْرَةُ. عطیہ۔

الشَّبُّورُ. بگل۔ ج شَبَابِيرُ وَشَبُّورَاتٌ. (کلمہ عبرانی ہے)

شَابِرُ. المِيزَانِ: چور۔

فُلَانٌ (أَشْبَرُ) مِنْكَ: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔

الأَشْبُورُ. ایک قسم کی مچھلی۔

المَشَابِرُ. نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَرٌ وَمَشْبَرَةٌ)

شَبْرَقَهُ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِي مَشْيِهَا جانور کا دور دور قدم رکھنا البَازِي الصَّيْدَ: نوچنا اور پھاڑنا الثَّوْبَ: برا بننا۔

الشَّبَارِقُ والشُّبَارِقُ. ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ وَشُبَارِقُ وَشَبَارِيقُ وَشُبْرُقٌ وَشِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔

الشُّبْرُقُ. بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِقُ.

الشِّبْرِقَةُ. کپڑے کا ٹکڑا۔

الشِّبْرَاقُ. مِنْ كُلِّ شَيءٍ: سختی۔

ثَوْبٌ (مُشَبْرَقٌ) برا بنا ہوا کپڑا۔

تَشَبَّصَ. الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔

الشَّبَصُ. درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ سختی۔

شُبَاط. ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔

الشَّبُوطُ والشُّبُّوطُ والشَّبُّوطُ. ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِيطُ.

شَبِعَ (س) شِبْعًا وَشَبَعًا. وَمِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الأَمْرِ وَرَوِيتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔

شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا۔

شَبَّعَتْ. غَنَمُهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔

أَشْبَعَهُ. کھلا کر شکم سیر کرنا الشَّيءَ: زیادہ کرنا الثَّوْبَ مِنَ الصِّبْغِ: خوب گہرا رنگنا الكَلَامَ: مکمل کہنا۔

تَشَبَّعَ. بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔

الشِّبْعُ والشِّبَعُ. کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔

الشُّبَاعَةُ. آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔

الشُّبْعَةُ. ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔

الشَّبْعَانُ. شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَى وَشَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ وَشَبَاعَى. کہا جاتا ہے "هِيَ شَبْعَى الذِّرَاعِ" وہ پر گوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعَى الخَلْخَالِ أَوِ السِّوَارِ وَالدِّرْعِ" یعنی موٹی۔

الشَّبِعَةُ. شکم سیر عورت۔

الشَّبِيعُ. بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِيعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِيعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِيعٌ" بہت لٹوں والی رسی۔ ج شُبُعٌ

شَبِقَ (س) شَبَقًا. بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ.

مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔

الشَّوْبَقُ. بیلن۔ ج شَوَابِقُ (کلمہ فارسی

ہے) مشہور (شَوْبَك) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔

شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا. اَلْاُمُوْرُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهُ عَنْهُ: غافل کر دینا (شَبَك و شَبَّكَ) الشَّیْئَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِی بَعْضُهَا فِیْ بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَیْنَ اَصَابِعِی" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

اَشْبَكَ. القَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ المَكَانُ" قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَابَكَ. بَیْنَ الْاَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَكَتِ. الْاُمُوْرُ: باہم مختلط ہونا۔

اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ. مختلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا الْكَلَامُ اوِ الْاُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَكَةُ. شکاری کا جال۔ ج شَبَك و شِبَاك و شَبَكَات. الشَّبَكَةُ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْكَةُ. قرابت۔

طَرِیْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شَوَابِك.

الشَّبَّاك. جال بنانے والا۔

الشُّبَّاك. دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیْك. الشُّبَّاك: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ شَابِك کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔

الشَّبَائِك. جھگڑے۔

الْمُشَبَّك. ایک قسم کا کھانا۔

شَبَلَ (ن) شُبُوْلًا. الغُلَامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ: پرورش پانا۔

اَشْبَلَ. عَلَیْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ المَرأةُ عَلیٰ اَوْلَادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ. شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال واَشْبُل و شُبُوْل. اَبُو الْاَشْبَالِ: شیر۔ لَبُوَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَكَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبِمَ (ن) شَبْمًا و شَیَّمَ الجُدِیَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا. المَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَّبَمُ. سردی۔

الشَّبِمُ. صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔ الشَّبِمُ. ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَامُ والشِّبَمُ. لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔

الشِّبَامُ. برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

الْمُشَبَّمُ. تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شَبْنًا. الغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا۔ (شُبُوْنًا) الشَّیُٔ: قریب ہونا۔

الشَّابِنُ مِنَ الغِلْمَانِ: نازک اندام پرگوشت لڑکا۔

الشَّبِیْنُ والاِشْبِیْنُ. دولھا کا خدمت گار۔ شَبِیْنَة واِشْبِیْنَةٌ. دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانِیُّ والاَشَبَانِیُّ والشَّبَّانِیُّ. سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهُ. اِیَّاهُ و شَبَّهَهُ بِهِ: تشبیہ دینا۔ ممثیل دینا۔ شَبَّهَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ مشکل ہونا۔

شُبِّهَ الشَّیُٔ: مشتبہ کیا جانا۔

شُبِّهَ. عَلَیْهِ الاَمْرُ:

اَشْبَهَهُ و شَابَهَهُ. مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَهَ فُلَانٌ اُمَّهُ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ بِهِ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ. الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الاَمْرُ. مُتَشَابِهٌ یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَهَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِشْتَبَهَ فِی الْاَمْرِ. صحیح ہونے میں شک کرنا

الاَمْرُ عَلَیْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْهُ والشَّبَهُ. مثل مانند۔ ج اَشْبَاه و مَشَابِه جیسے (حسن و محاسن) الشَّبَهُ: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِّبْهُ والشَّبَهُ والشَّبَهَان والشُّبْهَان) پیتل۔

الشُّبْهَةُ. مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَه و شُبُهَات.

الشَّبِیْهُ. مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه.

الْمُشَبَّهُ والْمُشْتَبِهُ. مِنَ الْاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاكَ والمُشَبِّهَات" اپنے آپ کو امورِ مشکلہ سے بچاؤ۔

الْمُشَبِّهَةُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ جو کہ اللہ تعالیٰ کو صفات و اسماء میں مخلوق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شَبَا یَشْبُو شَبْوًا. الشَّیُٔ: بلند ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ الوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا۔ النَّارُ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبیٰ اِشْبَاءً. تعظیم و اکرام کرنا۔ عَلَیْهِ: مہربان ہونا۔ الرَّجُلَ: دینا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِی و مُشْبٍ)

الاَوْلَادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے

مشابہ ہونا۔

الشَّبَاةُ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا مِنَ السَّیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبَا و شَبَوَات بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ شَبَاةٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔

شَبْوَةُ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیت تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشَّبْوُ دکھ۔ تکلیف۔

شَتَّ (ض) شَتًّا وشَتَاتًا وشَتِيتًا متفرق ہونا (وشَتَّتَ واَشَتَّ) الْاَشْيَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِي قَوْمِي" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔

تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ. الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَّتُّ مص۔ پراگندگی۔

اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا وجَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَاتٍ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَتَّانَ مبنی علی الفتح اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَيْنَهُمَا وما بَيْنَهُمَا وما زَيْدٌ واَخُوْهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَّتِيْتُ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰى (جیسے مَرِيْضٌ و مَرْضٰى) ثَغْرٌ شَتِيْتٌ: چھدرے دانت۔

اناس (شَتّٰى وشَتُوتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اشياءُ شَتّٰى مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِي اَمْرٍ شَتّٰى" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الرَّجُلَ: زخمی کرنا العَيْنَ پلک اُلٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ بہ: گالی دینا۔ (وشُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ عَيْنَهُ پلک اُلٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔

اِنْشَتَرَتْ. عَيْنُهُ: اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

الشَّتَرُ مص۔ کٹنا۔ پلک اُلٹنا۔ عیب و نقص۔ الشُّتْرَةُ دو اُنگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشَّتِيْرُ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔

الاَشْتَرُ اُلٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ ج شُتْرٌ.

الشَّوْتَرَةُ بڑے سرین کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَتَغَهُ (ض) شَتْغًا روندنا۔ ذلیل کرنا۔

اَشْتَغَهُ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِغُ ہلاکتیں۔

شَتَلَ يَشْتُلُ شَتْلًا وَ شَتَّلَ اَشْتَلَ (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشتلة "اشتل" کا واحد: وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "پنیری" بولتے ہیں۔

اَلْمَشْتَلُ بیج لگانے کی جگہ تاکہ اگنے کے بعد اس کو دوسری جگہ لگایا جا سکے۔

اَلْمَشْتُوْلُ وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔

شَتَمَهُ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَةً ومَشْتُمَةً وتَشْتَامًا گالی دینا (شَتْمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً بدصورت و کریہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِيْمٌ) الشَّتِيْمُ غضبناک شیر۔

شَتَّمَهُ بہت گالی دینا۔

شَاتَمَهُ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَّتَامَةُ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَّتِيْمَةُ گالی۔ ج شَتَائِمُ.

الشَّتَّامُ والشَّتَامَةُ بُرے چہرہ والا۔ بدخلق۔

الشَّتَّامُ والشَّتَّامَةُ بہت گالی دینے والا۔

الشَّتَامَةُ شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو بننا۔ صفت (شَاتِنٌ)

الشَّتْنُ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الكَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشُّتُوْنُ بننے والا۔

شَتَا يَشْتُو شَتْوًا وشَتِيَ تَشْتِيَةً وتَشَتّٰى تَشَتِّيًا. بالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا وتَشَتّٰى المَكَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَاهُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا يَشْتُوْا شَتْوًا وشُتِيَ واَشْتَى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ يُشْتِيْنِي" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شتا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتِي مُشَاتَاةً وشِتَاءً. الرَّجُلَ جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاءُ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِيَةٌ وشُتِيٌّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِيٌّ وشَتْوِيٌّ) الشَّتْوِيُّ: جاڑے کی بارش فاکھتہ

الشتاء: آگ۔
الشتاء والشتا. قحط۔
الشتاۃ والشتوۃ. جاڑا۔ صاحب
الشتوۃ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے
میں پناہ لیں۔
الشتی جاڑے کی بارش۔
المشتی والمشتاۃ. جاڑے کا زمانہ یا
جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی
جگہ۔ ج المشاتی.
کہا جاتا ہے "ھذہ مشاتینا ومصایفنا
ومرابعنا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و
ربیعی منازل ہیں۔
الشث. چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار
کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت.
جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے
پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال
کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔
پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند
رہ جائے۔ ج شثاث. واحد (الشثۃ)
الشث: ہر چیز کی بہت تعداد۔
شثرت (س) شثرا. عینہ: آنکھ موٹی
ہونا۔
الشثر. پہاڑ کا کنارہ۔ ج شثور. قناۃ
(شثرۃ) تیرہ [illegible] جس کے ٹکڑے ٹوٹنے
کے وقت اڑیں۔
شثلت (س) شثلا وشثلت (ک).
شثولۃ. اصابعہ: موٹی ہونا۔
شثل الاصابع: سخت اور موٹی انگلیوں
والا۔
قدم (شثلۃ) موٹا اور سخت قدم۔
ششن. بمعنی ششل.
شج (ن ض) شجا. الراس: زخمی کرنا۔
توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یشج مرۃ
ویأسو مرۃ" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی
درست کرتا ہے۔ شج المفازۃ: بیابان
طے کرنا۔
المرکب البحر: جہاز کا سمندر کو
پھاڑنا۔
الشراب بالماء: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے
"شج الارض براحلتہ" یعنی بہت تیز
چلایا۔
شج (س) شججا سر میں زخم یا نشان
زخم والا ہونا۔ صفت (اشج و شجیج) ج
شجی و (مشجوج ومشجج)
الشجیج والمشجج: میخ۔ کھونٹی۔
شججہ. سر کو بہت زخمی کرنا۔ شجج
علی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔
شاج مشاجۃ وشجاجا وتشاج.
القوم: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔
الشجاج فضائے آسمانی۔
الشجۃ. سر کا زخم۔ ج شجاج.
الشجج س. پیشانی میں زخم کا نشان۔
الشجاج. سر کو بہت زخمی کرنے والا۔
شجبہ (ن) شجبا. ہلاک کرنا۔ غمگین
کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے
"انک لتشجبنی عن حاجتی" تو مجھ کو
میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے
"شجب الفنینۃ بشجاب" اس نے
شیشی میں ڈاٹ لگائی۔
شجب (ن) شجبا وشجوبا وشجب
(س) شجبا. ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین
ہونا۔ صفت (شجب وشاجب) الشئ:
جانا۔
شجب (ن) شجیبا. الغراب: کوے کا
جدائی کے لئے آواز کرنا۔
اشجبہ. غمگین کرنا۔
تشاجب. الشئ. خلط ملط ہونا۔ بعض کا
بعض میں داخل ہونا۔
تشجب غمگین ہونا۔
الشجب س. حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔
مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنا
لیں۔ ج شجوب واشجاب.
الشجب س. رنج و تکلیف جو مرض یا
قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شجوب.
الشاجب. بہت بک بک کرنے والا۔
من الغربان: بہت کائیں کائیں کرنے والا
کوا۔
الشجاب. شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج
شجب (والشجب والمشجب) لکڑی
کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے
جاتے ہیں۔
الشجباء. مشک۔
الشجذۃ. نرم بارش۔
المشجاذ. گوپھن۔
شجر (ن) شجرا. الشئ: باندھنا۔
فلانا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے
"ما شجرک عن کذا" تم کو فلاں سے
کس چیز نے روکا الرجل بالرمح: نیزہ
مارنا فمہ: لکڑی سے کھولنا الدابۃ: جانور
کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں
تک کہ منہ کھول دے الشجرۃ: درخت
کے بعض حصے کو پکڑنا البیت: ستون لگانا۔
النبات: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔
شجر (ن) شجرا و شجورا. بینہم
امر: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے
"شجر ما بینہم" باہم جھگڑنا۔
شجر (س) شجرا. الرجل: بہت
جمعیت والا ہونا۔
شجر النبات: درخت ہو جانا النخل:
ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر
رکھنا۔
شاجرہ مشاجرۃ جھگڑا کرنا الماشیۃ:
گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے
پتوں پر گزارہ کرنا الماشیۃ: جانوروں کو
درخت چرانا۔
اشجر. المکان: درخت اگانا۔
تشاجر. القوم: باہم مخالفت کرنا۔ باہم
جھگڑا کرنا۔ تشاجروا بالرماح: باہم نیزہ
بازی کرنا الشئ: بعض کا بعض میں داخل
ہونا۔
انشجر جلدی سے چھٹکارا پانا نومہ: نیند

کا دور ہونا۔
اِشتَجَرَ. القَومُ: باہم جھگڑنا الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بَاتَ مُرتَفِقًا مُشتَجِرًا" نَومُه: نیند کا دور ہونا۔

الشَّجَر: درخت۔ ج اَشجَار وشَجْرَاء. واحد (شَجَرَة) شَجَرَاتٌ. شَجَرَةُ النَّسَبِ: جس میں مورث اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرَةُ المَلْعُونَةُ: تھوہر کا درخت۔ شَجَرَةُ الحَيَاتِ اَوْشَجَرَةُ مَعْرِفَةِ الخَيرِ مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدمؑ کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔

نَبَاتٌ خَشَبِيٌّ: دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔ زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔

شَجَرُ المَطَّاط: ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرق ایشیاء میں۔

شَجَرَةُ الخُبز: وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔

شَجَرُ الزَّنبَق: وہ درخت جس کے پھول خزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبو دار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔

الشَّجر درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔

الشَّجْر. س. مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشجَار وشُجُورٌ وشِجَارٌ. الحُرُوف الشَّجْرِيَّةُ: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

اَلشَّجْرُ منہ کھلنے کی جگہ

اَلْحُرُوْفُ الشَّجْرِيَّة جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔

الشَّجْرَة اسم مرۃ۔ چاہ زنخداں۔

مَكَانٌ (شَجِرٌ وشَجِيرٌ واَشْجَر ومُشْجِر) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مؤنث شَجِرَةٌ وشَجِيْرَةٌ وشَجْرَاءُ ومُشْجِرَةٌ.

الشَّجْرَاءُ گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مردار ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں۔ اور اس سے ہے "قَطَعْتُ کُلَّ شَجْرَاءَ ومَرْدَاءَ" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔

الشَّجَار والشِّجَار. ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجَار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُر.

الشَّجِير. تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔

الشَّجَّار. درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُوْن.

الشَّوَاجِر. مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوَانِع. رِمَاحٌ شَوَاجِر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔

المَشْجَر والمِشْجَر. ہودہ کی لکڑی؛ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر: درخت کی جگہ۔ المِشْجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر.

مَكَانٌ (مُشْجِرٌ) بہت درختوں والی جگہ۔

ثَوْبٌ (مُشَجَّر) درخت کی طرح نقش و نگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّر کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔

شَجُعَ(ک) شَجَاعَةً. دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَه(ن) شَجْعًا دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔

شَجِعَ(س) شَجَعًا. لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع) مؤنث شَجْعَاء.

شَجَّعَه. قوی دل بنانا عَلَى الاَمْرِ: جرأت دلانا۔

شَاجَعَه دلیری میں مقابلہ کرنا۔

تَشَجَّعَ. بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔

الشُّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع. دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشِجَاع وشُجَعَا وشُجْعَةٌ وشَجْعَة وشِجْعَة وشَجَعَة.

الشُّجَاع والشِّجَاع ایک قسم کا سانپ۔ ج شَجْعَاع وشِجْعَان واَشْجِعَة.

رَجُلٌ (شَجْعَةٌ وشُجْعَةٌ) عاجز بزدل مرد۔ بے ڈول لمبا۔

الاَشْجَع. اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث شَجْعَاء. ج شُجْع. شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔

الاَشْجَع والاِشْجَع. انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پیچھے سے ملی ہوتی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع.

الشَّجِع. بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ جَمَلٌ شَجِعُ القَوَائِم: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔

الشَّجِيع. دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَانٌ شِجَاعٌ وشُجَعَاءُ واَشجِعَة. مؤنث شَجِيْعَةٌ. ج شَجَائِعُ وشِجَاعٌ وشُجُعٌ.

الشُّجُع. درخت کی جڑیں۔

الشَّجَاعَةُ. دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔

المُشْجَع. انتہائی پاگل۔

الشَّجَم. ہلاکت۔

الشُّجُم. لمبی اور بڑی مصیبتیں۔

شَجَنَ (ن) وشَجُنَ (ک) شَجْنًا وشُجُونًا. غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِنٌ)

شَجَنَهُ (ن) شَجْنًا وشُجُوْنا وشَجَّنَه. غمگین کرنا۔
شَجَنَتْ (ن) شُجُوْنًا. الحمامَةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔
اَشْجَنَهُ. غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الكَرْمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور اُلجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔
تَشَجَّنَ. حرکت کرنا۔ غمگین ہونا الاَمْرَ: یاد کرنا الشَجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔
الشَجْنُ. مں۔ الشَجَنُ. ج شُجُوْنٌ و (الشَاجِنَةُ. ج شَوَاجِنٌ) وادی کا راستہ یا وادی کے بالائی حصہ کا راستہ۔
الشَجَنُ. مں۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش نفس۔ ج شُجُوْنٌ واَشْجَانٌ. (الشَجْن والشِجْنة والشَجْنَة. والشُجْنَةُ) اُلجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحديثُ ذُوْشُجُوْن" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔ الشِجْنَةَ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَةٌ وشُجْنَةٌ کی جمع شِجْنٌ وشَجْنٌ وشِجَنَاتٌ وشُجْنَاتٌ وشُجُنَاتٌ.
شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجَى اِشْجَاءً. الرَجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَى الغَرِيْمَ او السَائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔
شجِي (س) شَجًا. غمگین ہونا بالشَجَا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَيْكَ بِالْكَظْمِ وإنْ شَجِيْتَ بالعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔ شَجِيَ الغَرِيْمُ عَنْهُ: جانا۔
تَشَاجَى. حزن و ملال ظاہر کرنا۔
الشَجَا. مں۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔
الشَجْوُ. مں۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عِنْدِی شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ و زاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بكى فُلانٌ شَجْوَه" و "بَكتِ الحمامَةُ شَجْوَها"
الشَجِي الشَجِّي. غمگین۔ فکر مند۔ مؤنث شَجِيَةُ و شجيَّة اور نسبت کے لئے (الشَجْوِيُّ) مَفَازَةٌ (شَجْوَاء) دشوار گزار بیاباں۔
شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا. بالشَيْءُ وعَلى الشَيْءُ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔
شَاحَّ. بالشَيْءِ عَلى فُلانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا ہ: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لا مُشَاحَّةَ فِي الاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔
شَاحَّ. القَوْمُ عَلى الاَمْرِ وفِيْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُوْا عَلى الشَيُّ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصْمَانِ فِي الجدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔
الشَحّ. مں۔
الشحِيْح. بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاح و اَشِحَّة واَشِحَّاءُ. مؤنث شَحِيْحَةٌ. ج شَحَائِحُ. اِبلٌ شَحَائِحُ. کم دودھ والی اونٹنیاں۔
الشَحَاحُ. بخیل۔ حریص۔ الشَحَاحُ مِنَ الاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے "مَاءٌ شَحَاحٌ:" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔
شَحَبَ (ف ن) و شَحُبَ (ک) وشَحِبَ شَحُوْبَةً وشُحُوْبًا. لَوْنُهُ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
الشَاحِب. فا. لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ"
شَحَثَ (ف) شَحْثًا. المُدْيَةَ: چھری تیز کرنا۔
شَحَجَ (ف ض) شَحِيْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ. البَغْلُ او الغُرَاب: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔
الشَحَّاج والمِشْحَج والشَاحِجُ. گورخر۔ بَنَاتُ شَحَّاجٌ وبِنَاتُ شَاحِجٌ: خچریں۔
شُحَاجُ. البَغْلِ اَوالغُرَابِ و (شَحِيْجُهُمَا) خچر یا کوّوں کی آواز۔
الشَوَاحِج. کوّے۔
شَحَذَ (ف) شَحْذًا. السِكِّيْنَ ونَحْوَهُ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحُو ذوشَحِيْذ)
ہ بِبَصَرِهِ: گھورنا ہ بِعَيْنِه: نظر بد لگانا۔ الجُوْعُ مِعْدَتَهُ. سخت بھوک لگنا۔ فِي التَسَوُّلِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَشْحَذُ النَاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَابَة: جانور کو تیز ہانکنا (وتَشَحَّذَهُ) ہٹانا۔ دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
اَشْحَذَ. السِكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔
شَاحَذَه. تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔
الشَحَّاذُ. گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَة (الشِحَاذَة) گداگری کا پیشہ۔
الشَحْذَان والشَحَذَان. بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔
رَجُلٌ (شُحْذُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔
المِشْحَذُ. چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان؛ تیز ہانکنے والا۔
المِشْحَاذُ. ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِيْذ.
المَشْحَذَةُ. وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ"

یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔
شَحَرَ (ف) شَحْرًا منہ کھولنا۔
الشَّحْر س۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (والشِّحْر) کنارہ۔ ساحل۔
شِحْر عمّان وشِحْر عمّان: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔
الشِّحْرَةُ تنگ ساحل۔
الشُّحْرُوْرُ: کالے رنگ کا چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِیْر اور اس کو (شُحْرُور) بھی کہا جاتا ہے۔
شَحِزَ (س) شَحَزًا گھبرانا۔ ڈرنا۔
شَحَزَ (ف) شَحْزًا: جماع کرنا۔
شَحْشَحَ البَعِیْرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا الطائرُ: پرندہ کا جلدی سے اُڑنا چوکنا رہنا الصُّرْدُ: آواز کرنا۔
الشَّحْشَح والشَّحْشَاحُ بے برکت۔ بخیل۔ بدخلق۔ ہمیشگی کرنے والا۔
الشَّحْشَحُ: وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان لیکچرار۔
الشَّحْشَحَان بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔
المُشَحْشِحُ والمُشَحْشَحُ بے برکت۔
اَشْحَصَہُ: تھکانا مِنَ المَکَانِ و (شَحَّصَہُ) عَنْہُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلا وطن کرنا۔
شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوْطًا ومَشْحَطًا۔ الاِنَاءَ: برتن بھرنا اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا العَقْرَبُ الرَّجُلَ: بچھو کا ڈسنا الطائرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا فُلانًا: سبقت لے جانا (وشحط (س) شَحْطًا) المَکَانُ: دور ہونا۔
شَحَطَ وشَحِطَ الجَمَلَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔
شُحِطَ بالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔
شَحَّطَہُ خون میں لتھیڑنا۔
اَشْحَطَہُ دور کرنا۔
تَشَحَّطَ بالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔

الشَّحْط س۔ خون میں لت پت ہونا۔ پرندہ کی بیٹ (والمِشْحَط) انگور کی ٹہنیوں کو اُٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو (مَسْمُوْك) کہتے ہیں۔
الشَّحَاطَةُ: جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں پہنا جاتا ہے۔
الشَّاحُوْطَةُ: وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔
شَحَطَ یَشْحَطُ علی الاَرْضِ: کھینچنا۔ (سریانی)
شَحَطَ عُوْدُ الثِّقَابِ باریک لکڑی جلانا۔
مَنْزِلٌ (شَاحِطٌ) دور کی منزل۔
الشَّحَّاط دور۔
شَوَاحِطُ الاَوْدِیَةِ دور کی وادیاں۔
الشَّوْحَطَةُ لمبی گھوڑی۔
شَحَكَ (ف) شَحْكًا الجَدْیَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
الشِّحَاكُ تھوتھنی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔
شَحَلَ الکَرْمَ انگور کی بیل تراشنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح قضب ہے۔
شَحَمَہُ (ف) شَحْمًا چربی کھلانا۔
شَحُمَ (ک) شَحَامَةً بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِم)
شَحِمَ (س) شَحَمًا چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِم)
شَحِمَتْ (س ن) شُحُوْمًا۔ النَّاقَةُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔
اَشْحَمَ بہت چربی والا ہونا (وشَحَّمَ) القَوْمَ: چربی کھلانا۔
الشَّحْم چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحْمَة) کہتے ہیں۔ ج شُحُوْم۔
الشَّاحِمُ والشَّحَّامُ چربی بیچنے والا۔
الشَّحَّام بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِمٌ لاحِمٌ" چربی دار پر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَّحْمَة چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَةُ الاَرْضِ کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحِیْمَةُ الاَرْضِ وشَحْمَةُ الرَّمَلِ: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے العَیْنِ: آنکھ کا غلہ۔ شَحْمَةُ الاُذُنِ: کان کی لو شَحْمَةُ الرُّمَّانِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا المرجِ: گھی اور امثال میں سے ہے "ما کُلُّ بَیْضَاءَ شَحْمَةٌ ولاکُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغائرت ہو۔
الشَّحِم تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔
الشَّحِم اکڑ۔
الشَّحِیْم موٹا۔
الشَّحِیْم والشَّحِیْمَة سریانیوں کے فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)
المُشَحَّمْ والمُشْحِم گھر میں بہت چربی رکھنے والا۔
المُشَحَّم والمَشْحُوْم چربی کی بنی ہوئی چیز۔
شَحَنَ (ف) شَحْنًا السَّفِیْنَةَ کشتی پر لادنا المَدِیْنَةَ بالخَیْلِ: بھرنا الرجلَ: دھتکارنا۔ دور کرنا۔
شَحَنَ (ف ن) وشحِن (س) شَحْنًا الکِلَابُ کتوں کا دُور تک جانا اور شکار نہ کرنا۔
شَحِنَ (س) شَحَنًا عَلَیْہِ: کینہ رکھنا۔
اَشْحَنَ المَکَانَ: بھرنا السَّیْفَ: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) لَہُ بِسَهْمٍ: تیر مارنے کے لئے تیار کرنا الصَّبِیُّ: رونے کے لئے آمادہ ہونا۔
شَاحَنَہُ بغض و عداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔
الشَّحْنُ جہاز پر یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال

ڈالنا۔ اَلسَّيَارَةُ الشَّاحِنَةُ:ٹرک
اَلشَّاحِنَةُ ج شَاحِنَات :ریل مال گاڑی کے لوڈ والے ڈبے۔ ریل گاڑی کے سواری والے ڈبے۔ اس کو حافلہ بھی بولتے ہیں۔
تشَاحَنُوْا .ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
الشَّحْنَاء .بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔
الشَّحْنَه .عداوت۔ دشمنی۔ کشتی بھرنے کی چیز۔ شِحْنَةُ البَلَدِ: پولیس۔ کوتوال۔ سواروں کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا ہے "بِالْبَلَدِ شِحْنَةٌ مِنَ الخَيْلِ" شہر میں سواروں کی جماعت کا ایک دستہ ہے۔
الشِّحْنَة: چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ۔ ج شِحَنٌ مَرْكَبٌ (شَاحِنٌ) بھری ہوئی سواری۔
المُشَاحِنُ. فا. عَدُوٌّ مُشَاحِنٌ: بہت سخت دشمنی کرنے والا دشمن۔
شَحَا يَشْحُوْ ويَشْحَا شَحْوًا. الرَّجُلُ: مُنہ کھولنا اللِجَامُ فَمَ الفَرَسِ :کھولنا۔
شَحَا الرَّجُلُ: قدم کو دور دور رکھنا الفَمُ :کھلنا۔
اَشْحَى. فَاهُ :کھولنا۔
شَحَّى تَشْحِيَةً. فُوْهُ :منہ کھلنا۔
تَشَحَّى. عَلَيْه :زباں درازی کرنا۔
الشَّحَاءُ .وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔
الشَّحْوُ. جوف۔
الشَّحْوَةُ. اسم مرۃ۔ قدم۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "رَجُلٌ بَعِيْدٌ لِشَحْوَةِ فِيْ مَقَاصِدِهِ" اپنے مقاصد میں عالی ہمّت مرد۔
الشَّحْوَاء. چوڑا کنواں۔
شَحِيَ يَشْحَى شَحًا. ایک لغت ہے۔ شَحَا وادی میں۔
شَخَّ(ن) شَخًّا. پیشاب کرنا فِيْ النَّوْمِ: خراٹے لینا اللَّبَنُ :دوھنے کے وقت آواز نکلنا۔
شَخَبَ (ف ن) شَخْبًا ومَشْخَبًا. اللَّبَنَ: دوھنا اللَّبَنُ: بہنا اَوْدَاجُ القَتِيْلِ دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا۔
اِنْشَخَبَ. دوھا جانا۔
الشِّخَابُ. تازہ دودھ۔
الشَّخْبُ. س. خون (الشُّخْبُ) دودھ کی دھار۔ واحد (الشُّخْبَةُ)ج شِخَاب.
الاُشْخُوب. تھن سے دودھ نکلنے کی آواز۔ ج اَشَاخِيْب.
دَوَجٌ (شَخِيْبٌ)خون چھینکنے والی رگ۔
الشِّنْخَاب والشُّنْخُوْبُ والشُّنْخُوْبَةُ. پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيْبُ.
شَخُتَ (ک) شُخُوْتَةً. دُبلے جسم والا ہونا۔ صفت (شَخْتٌ و شَخِتٌ) ج شِخَات کہا جاتا ہے "هُوَ شَخْتُ الخُلُقِ" وہ ادنٰی اخلاق والا ہے۔ و "هُوَ شَخْتُ العَطَاءِ" وہ کم داد ودہش والا ہے۔ "هُوَ شَخْتُ الجُزَارَةِ" وہ باریک ٹانگوں والا ہے۔
شَخَتَهُ. اليه. پہچانا۔
الشَّخْتُ والشَّخِّيْتُ والشَّخِيْتُ والشِّخْتِيْت .بلند غبار۔
الشَّخْتُوْر والشَّخْتُوْرَة. ڈونگی۔ جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔
شَخَرَ (ض) شَخِيْرًا. حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔
شخر (ض) شَخِيْرًا وشَخْرًا. الفَرَسُ او الحمارُ گھوڑے کا ہنہنانا۔ یا گدھے کا رینکنا۔
شَخَرَ. الحِلْسَ :کجاوہ باندھنے کیلئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اُٹھانا النَّخْلَةَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو ٹہنی پر رکھنا۔
الشَّخْرُ. س. مِنَ الشَّبَابِ :ابتداء جوانی مِنَ الرَّحْلِ :کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصہ کی درمیانی جگہ۔
الشَّخِيْرُ. س. پہاڑ کا وہ حصہ جو قدموں سے لگ کر گرے۔
الشِّخِّيْر. بہت خراٹے لینے والا۔
شَخَزَ (ف) شَخْزًا. مضطرب ہونا۔ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا ہ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا بَيْنَهُمْ :آکسانا اور فساد ڈالنا۔
تَشَاخَزَ. القَوْمُ: باہم بغض رکھنا۔
الشَّخْزُ. س. رنج و مشقت کی شدت۔
شَخَسَ (ف) شَخْسًا. الرَّجُلُ: مضطرب ہونا الحمارُ: گدھے کا جمائی کے وقت مُنہ کھولنا۔
اَشْخَسَ. الرَّجُلَ وبه: غیبت کرنا۔
اَشْخَسَ لَهُ فِي المَنْطِقِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا۔
شَاخَسَ. اَمْرُ القَوْمِ: مختلف ہونا۔ الحِمَارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اُٹھا کر مُنہ کھولنا۔
تَشَاخَسَ. الحِمَارُ: بمعنى شَخَسَ او شَاخَسَ اَسْنَانُهُ: بڑھاپے کی وجہ سے گر گر یا جھک کر بے ترتیب ہونا اَمْرُهُمْ: تباہ و پریشان ہونا۔
الشَّخِيْسُ. حکم کے خلاف کرنے والا۔ امر متفرق۔
شَخْشَخَ. بِبَوْلِهِ: دور تک پیشاب کی دھار گرانا۔ صفت (شَخْشَاخٌ)
شَخْشَخَتِ النَّاقَةُ: بیٹھے ہوئے سینہ اُٹھانا۔
الشَّخْشَخَةُ. س. ہتھیار کی جھنکار۔ کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔
شَخَصَ (ف) شُخُوْصًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا عَنْ قَوْمِهِ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلَى بَلَدٍ: جانا۔ کوچ کرنا اِلَيْهِم: واپس آنا۔ لوٹنا النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا الجُرْحُ: سوجنا ورم کرنا بَصَرُهُ: ٹکٹکی لگانا۔
المَيِّتُ بَصَرَهُ وبِبَصَرِهِ: میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا۔
شُخِصَ. بِهِ: کسی امر کے لاحق ہونے

سے بے قرار ہونا۔
شَخُصَ (ک) شَخَاصَةً. موٹا ہونا۔
شَخَّصَ. الشَّیْءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشْخَصَهُ. بے آرام کرنا۔ بے قرار بنانا۔
اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا بِهٖ: غیبت کرنا لَهُ فِی الْمَنْطِقِ واَشْخَصَ اِلَیْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا ہ: اِلٰی قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا الرَّامِی: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔ (لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ. معین ہونا۔ ممیز ہونا لَهُ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوْا. باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخْصُ. جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ ج اَشْخُصٌ واَشْخَاصٌ وشُخُوْصٌ.
الشَّخِیْصُ. جسیم۔ مؤنث شَخِیْصَةٌ. سردار مِنَ الْمَنْطِقِ: ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔
شَخَلَ (ف) شَخْلًا. الشَّرَابَ: صاف کرنا النَّاقَةَ: دوھنا۔
شَاخَلَهٗ. خالص دوستی کرنا۔
الشَّخْلُ والشَّخِیْلُ. خالص دوست۔
المِشْخَلُ والمِشْخَلَةُ. چھننا۔
المَشْخَلَبَةُ. موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑکی کو بھی مَشْخَلَبَةٌ کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔
شَخَمَ (ن) وشَخِمَ (س) وشَخُمَ (ک) شُخُوْمًا وشَخْمًا واَشْخَمَ. الطَّعَامُ او اللَّحْمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت (شَخِمٌ) الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشْخَمَ الرَّجُلُ: رونے کے لئے تیار ہونا۔

شَخَّمَ. الطَّعَامَ: خراب کرنا۔
الطَّعَامُ: خراب ہونا الفَمُ. منہ کا بدبودار ہونا۔
اِشْخَامَّ. النَّبْتُ: خشک و تر گھاس کا آپس میں مل جانا۔
شَعْرٌ (اَشْخَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ اَشْخَمُ: بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ اَشْخَمُ: خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔
الشُّخُمُ. وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔
الشَّخَا. شورہ زار۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا. الرَّجُلُ. دوڑنا۔ النَّهَارُ: بلند ہونا عَضُدَهٗ: قوی کرنا۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ کسنا اور اسی سے ہے "شَدُّ الرِّحَالِ" اور یہ کنایہ ہے سفر سے عَلٰی یَدِهٖ: اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ اور کہا جاتا ہے "لَا اَمْلِكُ شَدًّا وَلَا اِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا وشَدَّةً وشُدُوْدًا عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔
شَدَّ (ض) شِدَّةً. قوی ہونا۔
شَدَّدَهٗ. قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضَّرْبَ: بہت مارنا عَلَیْهِ: تنگی کرنا الحَرْفَ: تشدید لگانا الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔
شَادَّهٗ. فِی الْاَمْرِ: غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔ اَشَدَّ. عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔
تَشَدَّدَ. قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا۔
اِشْتَدَّ. قوی ہونا فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا۔ عَلٰی قِرْنِهٖ فِی الحَرْبِ شِدَّةً: حملہ کرنا۔ عَلَیْهِ المَرَضُ: تیز ہونا۔ بڑھنا۔
تَشَادَّ. الشَّیْءُ: مضبوط ہونا۔
الشَّدُّ. س۔ شَدُّ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وفِیْ شَدِّ النَّهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا۔ اور "شَدُّ الرِّحَالِ" کنایہ ہے سفر سے۔
الشَّدَّةُ. شَدَّ کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ۔
الشِّدَّةُ. اشتداد کا اسم ہے۔ سختی۔ تنگی۔ ج شِدَدٌ. والشِّدَّةُ: مصیبت۔ ج شَدَائِدُ
شِدَّةُ الْاَرْضِ: زمین کی سختی۔
الشُّدَّیٰ. سختی۔
الشَّدِیْدُ. بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط۔ بخیل۔ شیر۔ ج اَشِدَّاءُ وشِدَادٌ وشُدُوْدٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِیْدُ العَیْنِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو مِسْكٌ شَدِیْدُ الرَّائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔
الشَّدِیْدَةُ. الشدید کا مؤنث۔ ج شدائد. و "الحُرُوْفُ الشَّدِیْدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقك" ہے۔
الاَشُدَّ والاُشُدَّ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَلَغَ اَشُدَّهٗ" یعنی فلاں طاقت و قوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے۔
المِشَدُّ. ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔
المُشِدُّ. مضبوط چوپایوں والا۔
المُتَشَدِّدُ. فا. بخیل۔ امور میں سختی کرنے والا۔
شَدَحَ (ف) شَدْحًا. موٹا ہونا۔ صفت (شَادِحٌ)
اِنْشَدَحَ. ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔
الشَّادِحُ. فا مِنَ الکَلَاءِ: وسیع سبزہ۔
الاَشْدَحُ. چوڑا۔
الشُّدْحَةُ والمُشْتَدَحُ. فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْهُ شُدْحَةٌ اومُشْتَدَحٌ" تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے۔
شَدَخَ (ف) شَدْخًا. اعتدال سے ہٹ جانا الرَّاسَ: سر توڑنا۔ کچلنا الرَّجُلَ: گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ (شَدَخَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ شَدْخًا وشُدُوْخًا) ماتھے کی

سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اَشْدَخ) کہتے ہیں۔
شَدَّخ. الرّاسَ: سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)
تَشَدَّخ وانْشَدَخ. الرّاسُ: سر ٹوٹنا۔ کچلا جانا۔
الشَدْخُ. ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔
الشَدْخَۃُ. مِنَ النَبَات: نرم و نازک۔ تازہ نباتات۔
الشَادِخ. فا. چھوٹا جبکہ نرم و نازک ہو۔ غُلَامٌ شَادِخٌ: جوان لڑکا۔ اَمْرٌ شَادِخٌ: اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔
الشَادِخَۃ. الشَادِخ کا مؤنث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو۔
الاَشْدَخ. شیر مِنَ الخَیْلِ: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ مؤنث شَدْخَاء ج شُدْخ.
المُشَدَّخ. مع. گردن کٹنے کی جگہ۔
الشَادِر. تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان۔
شَدَفَہٗ (ض) شَدْفًا. ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔
شَدِفَ (ف س) شَدَفًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔
اَشْدَفَ. اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
تَشَادَف. جھکنا۔
الشَدَفُ. س. رخسارے کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد۔ ج شُدُوْف.
الشَدِف. لمبا جلدی کودنے والا۔
الشُدْفَۃ. ٹکڑا (الشَادُوْف) ڈولچی۔ چھاگل (جدید)
الاَشْدَفُ. رخسارہ کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مؤنث شَدْفَاء ج شُدْف.
شَدِق. (س) شَدَقًا. چوڑے جبڑے والا

ہونا۔ صفت (اَشْدَق) مؤنث (شَدْقَاء) ج شُدْق.
تَشَدَّق. بتکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا بالکَلَامِ وفِیْہِ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا۔ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا۔
الشِدْق والشَدْق. جبڑا۔ شِدْق الوَادِی: وادی کا کنارہ۔ ج اَشْدَاق وشُدُوْق.
الاَشْدَق. زبان آور۔ بلیغ۔
الشَدِیْق. مِنَ الوَادِی: کنارہ۔ ج شُدُق.
الشَدْقَم والشُدَاقِم. چوڑے جبڑے والا۔ شیر۔
الشِدْیَاق. عِنْدَ النَصَارٰی: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری۔ ج شَدَائِقَہ (دخیل)
الشَادَکُوْنَۃ. بستر۔ مغنیہ (جدید)
الشَوْدَکَان. ہتھیار، ہتھیار کا سامان۔
شَدَنَ (ن) شُدُوْنًا. الظَبْیُ: قوی ہونا اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھردار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے۔)
اَشْدَنَت. الظَبْیَۃُ: قوی بچے والی ہونا۔ صفت (مُشْدِنٌ) ج مَشَادِنُ ومَشَادِیْنُ.
الشَذْنُ. ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔
الشَادِنُ. فا. جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے۔
شَدَہَ (ف) شَدْھًا. الرّاسَ: سر کچلنا۔ (شَدَہَ واَشْدَہَ) الرَّجُلَ: دہشت میں ڈالنا۔
شُدِہَ. مدہوش ہونا۔
اِنْشَدَہَ واِشْتَدَہَ. متحیر ہونا۔
الشُدَاہ والشُدْہ والشَدْہ والشَدَہ. حیرت۔ دہشت۔
المَشَادِہ. مشاغل۔ حیران و بے خود کر دینے والے معاملات۔

شَدَ اَیَشْدُ وشَدْوًا. الرَّجُلُ: گا کر شعر پڑھنا الاِبِلَ: حدی گا کر ہانکنا الشِعْرَ: گانا اور سر نکالنا مِنَ العِلْمِ شَیْئًا: کچھ حاصل کرنا۔ صفت (شَادٍ) ج شُدَاۃٌ وشَادُوْن.
شَدَاہ فُلَانًا او بِفُلَان: تشبیہ دینا۔ شَدَا شَدْوَہٗ: وہ اس کی چال چلا۔
اَشْدٰی اِشْدَاءً. گانے میں ماہر ہونا۔
الشَدَا. بقیہ قوت۔ گرمی۔ کھجلی۔ مِنَ الشَیْءِ: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْہ شَدًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا۔ و "لَمْ یَبْقَ مِنَ المَرِیْضِ اِلَّاشَدًا" جبکہ قریب الموت ہو جائے۔
الشَدْوُ. س. بہت میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا شَدْوًا مِنْ مَالِہٖ" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا۔
الشَاد. چپڑاسی۔ (جدید)
شَذَّ (ن ض) شَذًّا او شُذُوْذًا عَنِ الجَمْھُوْرِ اَوِ الجَمَاعَۃِ: علیحدہ ہونا۔ اکیلا ہونا القَوْلُ: مخالف قیاس ہونا۔ عَنِ الاُصُوْلِ مخالف قاعدہ ہونا۔ صفت (شَاذٌّ) ج شُذَّاذ وشَوَاذّ. مؤنث شَاذَّۃ ج شَوَاذّ والشُذَّاذُ مِنَ النَّاسِ: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوْا شُذَاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلہ سے نہ ہوں۔ شُذَاذُ الآفَاق: مسافر لوگ۔
شَذَّہٗ (ن) شَذًّا وشَذَّذَہٗ. شاذ کرنا۔
اَشَذَّ. نادر بات کہنا الشَیْءَ: جدا کرنا۔ شاذ کرنا۔
الشُذَّان والشَذَّان. متفرق کنکریاں وغیرہ۔ شُذَّانُ النَّاسِ: متفرق لوگ۔
شَذَبَ (ن ض) شَذْبًا وشَذَّبَ. اللِّھَاءَ: چھال چھیلنا الشَیْءَ: کاٹنا۔ شَذَبَ: وَشَذَّبَ الشَجَرَ: درخت کو چھانٹنا المَالَ: بکھیرنا۔ شَذَّبَ عَنْہُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ شَذَّبہ: دھتکارنا۔

تَشَذَّبَ. بٹنا۔ دور ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا۔

الشَذَب. درخت کے ٹکڑے۔ متفرق لکڑیاں۔ چھلکے۔ سامان خانہ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "فِي الْاَرْضِ شَذَبٌ مِنَ الْكَلَاءِ" وَمَالَهُ اِلَّا شَذَبٌ مِنَ العَسْكَرِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے۔ ج اَشْذَابٌ.

الشَذْبَة. درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی۔

الشَاذِبُ. فا. وطن سے دور۔

الشَوْذَبُ. مِنَ الرِجَالِ: لمبا خوبصورت قد والا۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ۔

المِشْذَبُ. شاخ تراشی کا آلہ۔

المُشَذَّبُ. مف. کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ۔ فَرَسٌ مُشَذَّبٌ. لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو۔

شَذَّرَ. النَظْمَ: مہر لگا کر جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَذَّرَ كَلَامَهُ بِشِعْرٍ" کلام میں شعر داخل کرنا بفلان: بدنام کرنا۔

تَشَذَّرَ. برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا ہ: دھمکانا القَوْمُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا القوم فی الحَرْبِ: حد سے گزرنا۔

الشَذْر. سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَذْرَة) ج شَذَرَات وشُذُوْر. کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا شَذَرَ مَذَرَ وشِذَرَ مِذَرَ" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔

الشَوْذَر. چادر۔ بے آستین کی قمیص۔

رَجُلٌ (شَيْذَارَة) صاحب غیرت مرد۔

شَذَفَ (ن) شَذْفًا. کہا جاتا ہے "مَا شَذَفْتُ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔)

الشَوْذَق. کنگن۔

الشَذَام. بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک۔

الشَيْذُمَان. بھیڑیا۔

الشَيْذُمَانَة. تیز رفتار جوان اونٹنی۔

شَذَا يَشْذُوْ شَذْوًا. مشک لگانا الخبر: معلوم کر کے سمجھانا (وَاَشْذَى) فُلَانًا: تکلیف دینا و اَشْذَاهُ عَنْهُ: دور کرنا؛ ہٹانا۔

شَذَّى تَشْذِيَةً. بالخَبَرِ: معلوم کر کے سمجھانا۔

الشَذْو. س. مشک۔ مشک کی خوشبو۔

الشَذَا. بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔ نمک۔ کھبلی۔ مسواکوں کے درخت کا نام۔ لکڑی کے ٹکڑے۔ مکھی۔ ایک قسم کی کشتی۔ بھوک کی تیزی۔

الشَذَاةُ. شَذَا کا واحد۔ ج شَذَوَاتٌ. قوت کا بقیہ۔ برائی چیز۔

شَرَّ (ض ن س) شَرًّا وشَرَارَةً وشَرَرًا. شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ) وصفت مؤنث (شَرَّةٌ) ج اَشْرَار وشِرَار واَشِرَّاء.

شَرَّ (ن) شَرًّا: اللَحْمَ او الثَوْبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لیے دھوپ میں ڈالنا فلانًا: برائی کی طرف نسبت کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ دھتکارنا اَشَرَّ الشَیْئَ: ظاہر کرنا۔

شَارَّهُ. جھگڑا کرنا۔

تَشَارًّا تَشَارًّا. باہم جھگڑنا۔

الشَرُّ. س. برائی۔ ج شُرُوْر. یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرُّ النَاسِ وَهُمْ شِرَارٌ وَاَشْرَارٌ وَاَشِرَّاءُ وَهِيَ شَرَّةٌ اَوْشُرَّى النِسَاءِ" وہ لوگوں میں بہت بڑا ہے اور اصل اس کی (اَشَرّ) ہے۔ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔

الشِرَّة. برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سبکی۔ لالچ۔ شِرَّةُ الشَبَابِ: جوانی کی چستی۔

الشُرَّة. مکروہ۔ کہا جاتا ہے "مَا قُلْتُ ذٰلِكَ لِشُرَّتِكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔

الشَرَرُ والشَرَارُ. آگ کی چنگاری جو اڑے۔ واحد (شَرَرَة وشَرَارَة)

الشَرِيْر. شرارت کرنے والا۔ ج شِرَار واَشِرَّاء. مؤنث شَرِيْرَة. الشَرِير: سمندر کا کنارہ۔ ج اَشِرَّة.

الشِرِّيْر. بہت شرارت کرنے والا۔ شیطان کا لقب۔ ج شِرِّيْرُوْن.

الاِشْرَارَة. پنیر وغیرہ خشک کرنے کے لیے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَارِيْر.

الشَرِيْرَة. بڑی سوئی۔

الشَرَّان. بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے اور کاٹتا نہیں۔ واحد (شَرَّانَةٌ)

شَرِبَ (س) شُرْبًا وشَرْبًا وشِرْبًا ومَشْرَبًا وتَشْرَابًا. الماءَ: پینا۔ گھونٹ لینا۔ سیراب ہونا۔ شَرِبَ السُنْبُلُ الدَقِيْقَ: کنایہ ہے غلہ کی تیاری سے اور کہا جاتا ہے "اَكَلَ عَلَيْهِ الدَهْرُ وَشَرِبَ" یعنی ہلاک ہوگیا و "اَكَلَ فُلَانٌ مَالِي وَشَرِبَه" یعنی ختم کر دیا۔

شَرِبَ (س) شَرَبًا. پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) شَرِبَ بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا۔

شَرُبَ (ن) شَرْبًا. الکلامَ: سمجھنا۔

شَرَّبَهُ. پانی پلانا شَرَّبَ القِرْبَةَ: نئی مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار رہے قَصَبُ الزَرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا السُنْبُلُ الدَقِيْقَ: خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔

اَشْرَبَهُ. پلانا اَشْرَبَ الرَجُلُ: پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد)

اللَوْنَ: گہرا رنگنا الثَوْبَ حُمْرَةً: کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا بہ: کسی پر

جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "اَشرَبَنِي مَالَمْ اَشْرَبْ" اس نے میرے متعلق ایسی چیز کا دعویٰ کیا جس کو میں نے نہیں کیا الابل: باندھنا واُشرِب حُبُّ فُلاَن اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہوگئی۔
شَارَبَهُ مُشَارَبَةً وشِرَابًا۔ ساتھ پینا۔
تَشَارَبَا۔ ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔
تَشَرَّبَ۔ الثَّوْبُ العِرْقَ: جذب کرنا۔ چوسنا۔
اِسْتَشْرَبَ۔ لَوْنُهُ: تیز اور گہرا ہونا۔
اِشْرَأَبَّ۔ لِلشَّئِ وإِلَيْهِ: گردن اُٹھا کر دیکھنا۔ اسم (الشُّرَأْبِيبَةُ) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِينَةٌ۔
الشَّرْبُ۔ مص شَارِبٌ۔ اسم فاعل کی جمع ہے۔
الشِّرْبُ۔ مص۔ پینے کا پانی۔ پانی کا حصہ۔ گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ ج اَشْرَاب۔
الشَّرْبَةُ۔ شَرِبَ کا اسم مرۃ۔ جو ایک مرتبہ پیا جا سکے۔
الشُّرْبَةُ۔ چہرے کی سرخی۔ کہا جاتا ہے "فِي وَجْهِهِ شُرْبَةٌ مِنْ حُمْرَةٍ" اس کے چہرہ میں سرخی ہے۔ سیراب ہونے کی مقدار پانی۔
الشَّرَبَةُ۔ بہت پینا۔ پیاس۔ گرمی کی شدت۔ ج شَرَب و شَرَبَات۔
مَاءٌ (شَرُوْبٌ وشَرِيْبٌ) پینے کے لائق پانی۔ الشَّرِيْبُ: بہت پینے والا۔ پینے کا ساتھی جو شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہارے ساتھ پلایا جائے۔ اُونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔
الشَّرَبَّةُ۔ بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کا کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلاَنٌ عَلَى شَرَبَّةٍ وَاحِدَةٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔
الشَّرَابُ۔ ہر ایک پینے کی چیز۔ ج اَشْرِبَةٌ۔
الشُّرْبَةُ والشَّرُوْبُ والشَّرَّابُ والشِّرِّيْبُ۔ بہت پینے والا۔
الشَّرَّابَةُ۔ شراب کا مؤنث۔
عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْن ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا۔ ج شَرَارِيْب۔ شَرَّابَةُ الرَّاعِيْ: ایک پودہ کا نام۔
الشَّارِبُ (فا) ج شَرْبٌ (جیسے رَاكِبٌ جمع رَكْبٌ) جانوروں کی کمزوری۔
شَارِبُ الرَّجُلِ: مونچھ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرَّجُلِ" کہتے ہیں اور اطراف و اجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِبُ الرَّجُلِ" بولتے ہیں۔ الشَّوَارِبُ: گردن کی رگیں۔ گردن میں پانی گزرنے کی جگہیں۔
الشَّارِبَةُ۔ الشَّارِبُ کا مؤنث۔ ج شَارِبَاتٌ وشَوَارِبُ: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔
الشُّرُوْبُ۔ پانی پینے والے۔
الشَّرَابِيُّ۔ سقہ۔ بھشتی۔
المَشْرَبُ۔ پانی۔ پانی پینے کی جگہ۔ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے۔ جیسے "وَافَقَ الاَمْرُ مَشْرَبَهُ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگیا۔ ج مَشَارِبُ۔
المَشْرَبَةُ والمَشْرُبَةُ۔ نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے۔ پینے پلانے کا کمرہ۔ پینے کی جگہ۔ ج مَشَارِبُ۔ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ ذُوْمَشْرَبَةٍ" پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیئے۔
المِشْرَبَةُ۔ پانی پینے کا برتن۔ ج مَشَارِبُ۔
المَشْرُوْبُ۔ مع۔ ہر وہ چیز جو پی جائے۔
الشُّرَابِثُ۔ سخت ہتھیلی والا۔ شیر۔
شَرْبَقَ۔ الثَّوْبَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشَّرْبِيْنُ۔ سرو کی مانند ایک درخت کا نام جس سے عمدہ قطران نکلتا ہے۔
شَرِثَتْ (س) شَرَثًا وانْشَرَثَتْ۔ يَدُهُ: ہاتھ کا سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹنا۔ شَرِثَ الرَّجُلُ: سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ صفت (شَرِثٌ) النَّعْلُ: جوتے کا چٹخنا۔
الشَّرْثُ۔ ہر پرانی بوسیدہ چیز۔
الشَّرِثُ۔ مِنَ السُّيُوْفِ والاَسِنَّةِ: تیز تلوار و بھالا۔
الشَّرْثَةُ۔ پرانا جوتا۔
شَرَجَ (ن) شَرْجًا۔ جھوٹ بولنا الشَّئَ: جمع کرنا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: ملونی کرنا (و شَرَّجَ واَشْرَجَ) الحِجَارَةَ: پتھروں کو تہ بتہ لگا کر جمانا الخَرِيْطَةَ: کناروں کو ملا کر باندھنا۔ وشَرَّجَ الثَّوْبَ: کپڑے میں لنگر ڈالنا۔ دور دور سینا۔ عوام سَرَّجَ کہتے ہیں۔
اَشْرَجَ صَدْرَهُ عَلَى كَذَا: کسی بات کو چھپانا۔
شُرِّجَ۔ اللَّحْمُ: چربی سے مخلوط ہونا۔
شَارَجَهُ۔ مشابہ ہونا۔
تَشَرَّجَ۔ الشَّئُ فِي الشَّئِ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
اِنْشَرَجَ۔ الشَّئُ: دو ٹکڑوں میں پھٹنا۔
الشَّرْجُ۔ مص۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرْجُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے "هُمَا شَرْجٌ وَاحِدٌ" وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ فرقہ۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحُوْا فِي الاَمْرِ شَرْجَيْنِ" وہ کام میں دو فرقے ہوگئے۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ ج شِرَاج وشُرُوْج۔
الشَّرْجَةُ۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ گڑھا جس میں کھال بچھا دی جائے اور پانی ڈالا جائے اور اس میں سے اونٹ پانی پئیں۔
الشَّرَجُ۔ وادی کی کشادہ جگہ۔ کاج (اس معنی کے لحاظ سے اسم جنس ہے) کمان کی پھٹن۔ ج اَشْرَاج۔
الشَّرِيْجُ۔ مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو برابر برابر کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ لکڑی جس سے دو کمانیں بنائی جائیں۔ قوس

شَرِيْجٌ پھٹی ہوئی کمان۔ ج شَرَائِج۔
الشَّرِيْجَة. درخت خرما کی پتیوں سے بنی ہوئی ٹوکری۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دکان کے دروازہ پر لگایا جائے۔ پٹھا جس سے تیر کے پر کو جوڑیں۔ ج شَرَائِج.
سَهْمٌ مُشَرَّجٌ. تیر جس میں پر کو جوڑنے والا پٹھا لگا ہو۔
الشِّيْرَج. تل کا تیل۔ (دخیل)
الشَّرْجَب. اصیل گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔
الشَّرْجَبَان والشُّرْجُبَان. ایک قسم کا پودہ جس کا پھل بینگن کے مشابہ ہوتا ہے اور اس سے کھال کی دباغت کرتے ہیں۔
شَرَحَ (ف) شَرْحًا. اللحمَ: لمبے ٹکڑے کاٹنا المَسْئَلَةَ: مسئلہ کی باریکی کو کھول دینا اور بیان کرنا الکَلَامَ: سمجھانا الشَّيْئَ: کھولنا؛ کشادہ کرنا۔ حفاظت کرنا صَدْرَه لِلشَّيْئِ و بالشَّيْئِ: خوش ہونا اِلَى الشَّيْئِ: رغبت ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشْرَحُ اِلَى الدُّنْيَا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔
شَرَّحَ. الشَّيْئَ: کاٹ کر جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے اطباء کے نزدیک "علم التشریح" ہے شَرَّحَ قطعةُ اللَّحْمِ: پتلا پتلا پارچہ کاٹنا الشَّيْئَ: کھولنا ظاہر کرنا۔
اَشْرَحَ. صَدْرَهٗ: خوش ہونا۔
اِنْشَرَحَ. کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَه بقبُوْلِ الْخَيْرِ فَانْشَرَحَ" اللہ نے اس کے سینہ کو قبول خیر کے لیے کشادہ کر دیا اور وہ کشادہ ہو گیا۔
الشَّرْحَة. گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا پارچہ۔
الشَّرِيْحُ والشَّرِيْحَةُ. گوشت کا ٹکڑا۔ موٹے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ ج شَرَائِح.
الشَّارِحُ. فا. بیان کرنے والا۔ کھیت کی پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔
المَشْرُوْحُ. مف. سراب۔

المَشْرَحُ. اندام نہانی۔
شَرَخَ (ن) شُرُوْخًا الصَّبِيُّ: جوان ہونا۔ صفت (شَارِخ) ج شَرْخ (جیسے صَاحِب کی جمع صَحْبٌ) (شَرْخًا وشُرُوْخًا) نَابُ البَعِيْرِ: دانت نکلنا۔
الشَّرْخ. مص۔ اصل۔ ابتداء جوانی۔ اول امر۔ کسی چیز کا اُبھرا ہوا کنارہ۔ مثل ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرْخِيْ" وہ میرا ہم عمر ہے۔ و "هُمَا شَرْخَان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ "شَرْخَا الرحل" کجاوہ کا اگلا و پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَايَزَالُ بَيْنَ شَرْخَيْ رَحْلِه" یعنی فلاں ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے۔ اونٹ کی سالانہ پیدائش۔ ج شُرُوْخ.
الشُّرْخُوْب. ریڑھ کی ہڈی۔ ج شَرَاخِيْب.
شَرَدَ (ن) شَرْدًا وشُرُوْدًا وشِرَادًا وشَرَادًا. بدک کر بھاگنا عَلَى اللّٰهِ: اطاعت سے نکل جانا۔ صفت (شَارِد) ج شُرَّدٌ (شُرُوْدٌ) ج شُرُدٌ مؤنث شَارِدَةٌ ج شَوَارِد وشُرُد. و شَوَارِدُ اللُّغَة: نوادر کلمات۔
شَرَّدَه وَاَشْرَدَهٗ. دھتکارنا۔ بھگانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُطَرَّدٌ مُشَرَّدٌ" فلاں دھتکارا ہوا؛ بھگایا ہوا ہے؛ جیسے کہا جاتا ہے "طَرِيْدٌ شَرِيْدٌ" شَرَّدَ شَمْلَهُمْ: جماعت متفرق کر دینا۔ شَرَّد بِفُلَانٍ: لوگوں کو کسی کے عیوب سنانا۔
تَشَرَّدَ. القَوْمُ: جانا۔
الشَّرِيْد. دھتکارا ہونا۔
الشَّرِيْدَة. الشريد کا مؤنث۔ چیز کا بقیہ۔ ج شَرَائِد.
الشِّرْدَاح. موٹا ڈیلے گوشت والا۔
شَرْذَ. الجَمْعَ: متفرق کرنا۔
الشِّرْذِمَة. لوگوں کی قلیل جماعت۔ ج شَرَاذِم وشَرَاذِيْم. ثِيَابٌ شَرَاذِمُ پھٹے ہوئے کپڑے۔
شَرَزَهٗ (ن) شَرْزًا. کاٹنا۔ صفت (شَارِزٌ) ج شُرَّازٌ.

شَرَّزَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گالی دینا۔ عذاب دینا۔
شَارَزَ. بد خلق ہونا الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔
اَشْرَزَه. سختی و ہلاکت میں ڈالنا۔
الشَّرْزُ. مص۔ قوت۔ سختی و درستی۔ سخت و درشت۔ جیسے "عَذَّبَهُ اللّٰهُ عَذَابًا شَرْزًا" اللہ اس کو سخت عذاب دے۔
الشَّرْزَةُ. اسم مرۃ۔ ہلاکت۔ سختی۔
الشُّرَّاز. شارز اسم فاعل کی جمع۔ لوگوں کو سخت عذاب دینے والے۔
الشِّيْرَاز. دہی جس میں سے پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج۔ شَوَارِيْز وشَرَارِيْز.
المشارز. فا. سخت۔ بد خلق۔
المُشَرَّز. مف. بندھا ہوا۔ ملائے ہوئے کناروں والا۔
الشَّرِس (س) شَرَاسَةً وشَرَسًا وشَرِيْسًا. بد خلق ہونا۔ صفت (شَرِس وشَرِيس واَشْرَس) شَرِسَتِ المَاشِيَةُ: کانٹے اور چھوٹے پودے ہمیشہ کھانا۔
شَرَسَهٗ (ن) شَرْسًا. سخت کلامی سے جلانا۔ النَّاقَةَ: لگام سے کھینچنا۔
شَارَسَهٗ مُشَارَسَةً وشِرَاسًا. سخت معاملگی کرنا۔
تَشَارَسَ. القَوْمُ: باہم دشمنی کرنا۔
شَرِسَت (س) شَرَاسَةً. المَاشِيَةُ: خوب چرنا۔
الشَّرَس والشِّرْس. مص (والشِّرْس) کانٹے دار چھوٹے پودے۔ الشَّرْسَاء. اشرس کا مؤنث۔ سفید پتلا بادل۔
الشَّرِيْس. مص. بد خلق۔ بہت جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ نَفْسٌ شَرِيْسَةٌ" اس کے اندر بد خلقی اور جھگڑا کرنے کی عادت ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْشَرِيْس" وہ بد خلق ہے۔ وقَدْ لَانَ شَرِيْسُهٗ اس کی بد خلقی نرم پر

گی۔ شرِيْسُ الْاَكل: بہت کھانے والا۔
الشَرِيْس: شیر۔ ایک بدمزہ پودہ۔
اَرْضٌ (شَرِيْسَةٌ ومُشْرِسَةٌ) بہت کانٹے دار چھوٹے پودوں والی زمین۔
الشِرَاس. س۔ سریس۔
شَرْسَفَ شَرْسَفَةً. بدخلق ہونا۔
الشُرْسُوْف. پسلیوں کا وہ کنارہ جو پیٹ کی جانب ہوتا ہے۔ بندھا ہوا اونٹ۔ سختی کی ابتداء۔ مصیبت۔ شَرَاسِيْف.
شَرْشَرَ. الشَيْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ کاٹ کر جھاڑنا السِكِّيْنَ: چھری پتھر پر تیز کرنا۔
المَاشِيَةُ النَبَاتَ: جانور کا گھاس چرنا۔
تَشَرْشَرَ. مِنْهُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الشَرْشَر. ایک قسم کی بیل جس میں کانٹے نہیں ہوتے۔ واحد (شَرْشَرَة) شِوَاءٌ شَرْشَر: بھنا ہوا گوشت جس سے چربی ٹپکتی ہو۔
الشِرْشِرَة. ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
الشَرَاشِر. نفس۔ تمام بدن۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰى عَلَيْهِ شَرَاشِرَهٗ" اس نے اس سے محبت کی یہاں تک کہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیا۔ بوجھ۔ شَرَاشِرُ الذَنَب: دُم کے اطراف۔
الشُرْشُوْر. ایک پرندہ جس کو "بُرْتِش" بھی کہتے ہیں۔ ج شَرَاشِيْر.
شَرَصَه (ن) شَرْصًا. کھینچنا۔
شَرَصَهٗ وشَرَّصَهٗ. بِكَلَامِهٖ: گالی دینا۔
الشَرْص. س۔ سختی۔ درشتی۔
الشِرْص. کنپٹی کے پاس بال گرنے کی جگہ۔ ج شِرَاصٌ وشِرَصَةٌ.
شَرَطَ (ن ض) شَرْطًا. عَلَيْهِ فِيْ بَيْعٍ ونَحْوِهٖ: شرط لگانا الجِلْدَ: نشتر مارنا۔
شَرِطَ (س) شَرَطًا. کسی بڑے معاملہ میں پھنسنا۔
شَرَّطَ. الجِلْدَ: نشتر لگانا الشَيْئَ: باندھنا۔

شَارَطَهٗ باہم شرط لگانا۔
اَشْرَطَ. الاِبِلَ: اونٹ کو فروخت کرنے کیلئے نشان لگا کر جدا کرنا اِلَيْهِ رَسُوْلًا: جلدی ایلچی بھیجنا نَفْسَهٗ اَوْمَالَهٗ فِيْ اَمْرٍ: پیش کرنا نَفْسَهٗ لِكَذَا: تیار کرنا۔ آمادہ ہونا بِالشَيْئِ وفِيْهِ: ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ. فِي العَمَلِ: اچھی طرح غور کرنا۔ اپنے اوپر غیر ضروری شرطیں لگانا۔
تَشَارَطَا. القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ شرط لگانا۔ تَشَارَطُوْا عَلَى الشَيْئِ: التزام شرط کرنا۔
اِشْتَرَطَ. لَهٗ كَذَا: شرم لازم کرنا۔
اِسْتَشْرَطَ. المَالُ: درستی کے بعد خراب ہونا۔
الشَرْط. س۔ کسی چیز کا لازم کرنا۔ ج شُرُوط. کمینہ۔ پیچ۔ ج اَشْرَاط.
الشَرَط. س۔ علامت۔ ہر چیز کا اول ہر چھوٹی نالی۔ ردی مال۔ چھوٹے چھوٹے مال۔ ج اَشْرَاط. الاَشْرَاط: رذیل لوگ۔ شریف لوگ (ضد) کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ شَرَطِ النَاسِ واَشْرَاطِهِمْ" وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔
الشُرْطَةُ. شرط جو تم لگاؤ۔ فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں آئے۔ شُرْطَةُ: كُلِّ شَيْئٍ: عمدہ و بہترین (والشُرْطِيُّ) شُرَط کے واحد ہیں۔ شُرَط کے معنی والی کے اعوان و انصار لوگ اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔
الشُرَط. فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں حاضر ہو اور موت کے لیے تیار ہو۔
الشَرِيْط. شرط۔ پوست خرما کی بٹی ہوئی رسّی جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں۔ ڈبہ جس میں عورت خوشبو وغیرہ رکھے۔ ج شُرُط.
الشَرِيْطَةُ. شرط۔ پھٹے ہوئے کان والا۔

اونٹ۔ ج شَرَائِط.
اَشْرَطُ. النَاسِ: رذیل آدمی۔
المِشْرَط والمِشْرَاط والمِشْرَطَة. نشتر۔ ج مَشَارِط ومَشَارِيْط.
شَرَعَ (ف) شَرْعًا. لِلْقَوْمِ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا لَهُمُ الطَرِيْقَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرَعَ اللّٰهُ لَنَا كَذَا بِشَرْعِهٖ" یعنی خدا نے ہمارے لیے ایسا ظاہر کیا الرَجُلَ: حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا البَيْتُ: گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا۔
البَابَ اِلَى الطَرِيْقِ: دروازہ کو کھلے ہوئے راستہ کی جانب کرنا الحَبْلَ: رسّی کی گرہ کو کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا۔
الشَيْئَ: بہت بلند کرنا۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا: شُرُوْعًا. فِي المَاءِ: پانی میں داخل ہونا یا اوک سے پینا۔
الوَارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا المَاشِيَةَ: جانور کو پانی پر لے جانا الاَمْرَ: کام شروع کرنا فِي الاَمْرِ: کام میں مشغول ہونا الرِمَاحَ فَشَرَعَتْ هِيَ: نیزے کو کسی کی جانب سیدھا کرنا اور سیدھا ہونا۔ (لازمی و متعدی)
الطَرِيْقُ: راستہ ظاہر ہونا بِفُلَانٍ: کسی کو پانی پر لے جانا فُلَانٌ عَلَيْنَا: قریب ہونا اور جھانکنا۔ شَرَعَ يَضْرِبُ: مارنے لگنا۔ (افعال مقاربہ سے ہے۔)
شَرَّعَ واَشْرَعَ. الطَرِيْقَ: راستہ ظاہر کرنا۔
ہ فِي المَاءِ: پانی میں داخل کرنا۔ شَرَّعَ الحَبْلَ: رسّی کی گرہ کھولنا۔ شَرَّعَ السَفِيْنَةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔ اَشْرَعَ بَابَهٗ اِلَى اَوْعَلَى الطَرِيْقِ: راستہ کی طرف دروازہ کھولنا۔ اَشْرَعَ عَلَيْهِ الرُمْحَ: کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا۔
اَشْرَعَ الشَيْئَ: بہت بلند کرنا۔

اشْتَرَعَ الشريْعَةَ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا۔

الشَّرْعُ س۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام۔ اور کہا جاتا ہے "شَرْعُكَ مَا بَلَغَكَ المحلَّ" یعنی تمہارے لیے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے۔ اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو تھوڑے پر قناعت کرنے کیلئے برانگیختہ کرنا ہو (الشِرْعُ والشَرْعُ) مثل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "النَاسُ فِي هذا شَرْعٌ واحِدٌ وهُمْ فِي هٰذَا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔

الشِرْعُ: جوتے کا تسمہ۔

الشِّرْعَة والشِرْعَة۔ تانت۔ کہا جاتا ہے "ضَربُوْا علَى الشَرْعِ" انہوں نے تانت کو بجایا۔ الشِرْعَة: قطا پرندہ کے شکار کرنے کا جال۔ شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔ عادت۔ ج شِرْعٌ شِرَعٌ وشِرَاعٌ۔

الشَرْعَة۔ کشتی۔ ج شَرَاع۔

الشَرِيْع۔ بہادر۔ عمدہ کتاں مِنَ اللِيفِ: درخت خرما کی چھال کے کانٹے جو سخت ہو گئے ہوں۔

الشَرِيْعَةُ۔ طریقہ۔ اللہ کے مقرر کیے ہوئے احکام۔ چوکھٹ۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ۔ ج شَرَائع۔

نَهْرُ الشَرِيْعَة: دریائے اُردن۔

الشارِعُ۔ اسم فاعل۔ مؤنث شَارِعَةٌ۔ ج شُرَّع و شُرُوع وشوارِع۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شُرَّعٌ وشَوَارِعُ" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔ بَيْتٌ شَارِعٌ: وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔

والشَارِعُ۔ ج شَوَارِع۔ سڑک، عام راستہ۔ رِمَاحٌ شَارِعَةٌ وشوارِعُ: کسی کی جانب سیدھے کیے ہوئے نیزے۔

الشَوَارِعُ مِنَ النُجُوْمِ: غروب کے قریب ستارے۔

اَنْفٌ (اَشْرَعُ) لمبے بانسہ والی ناک۔

الشِرَاعُ۔ ہر وہ چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے۔ بادبان۔ تانت جب تک کہ کمان پر لگی رہے۔ اونٹ کی گردن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِرَاعُ الاَنفِ" لمبے بانسہ کی ناک والا مرد۔ ج اَشْرِعَةٌ وشُرُعٌ۔

الشَرَاعَة۔ دلیری۔

الشَرَّاعُ۔ عمدہ کتاں بیچنے والا۔

الشَرعِيُّ۔ مطابق شریعت۔

الشَرَاعِيُّ۔ مِنَ الاِبِلِ: لمبی گردن والا اونٹ۔

الشَرَاعِيُّ۔ مِنَ الرِمَاحِ: لمبے نیزے۔ ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔

المَشْرَعُ والمَشْرَعَة والمشْرُعَة۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ۔ ج مَشَارِع۔

المُشَرَّعُ مِنَ البُيُوتِ: بلند مکان۔

المَشْرُوعُ۔ سیدھا کیا ہوا۔ جس کو شریعت جائز رکھے۔ والاَمْرُ المَشْرُوْعُ: وہ کام جس کو تم شروع کرو۔

شَرْعَبَ الاَدِيْمَ: لمبا کاٹنا۔

الشَرْعَبُ۔ لمبا۔

الشَرْعَبِيُّ۔ ایک قسم کی چادر۔ لمبا خوبصورت جسم والا۔

شَرَفَه (ن) شَرْفًا۔ کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا۔ صفت مفعولی (مَشْرُوف) الحَائِطَ: دیوار میں کنگرہ بنانا۔

شَرُفَ (ک) شَرَافَةً وشَرَفًا۔ دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ (شَرُفَتِ النَاقَةُ شُرُوْفًا) بوڑھی ہونا۔

شَرِفَ (س) شَرَفًا۔ بلند ہونا۔

شَارَفَه۔ شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ شَارَفَ المَكَانَ: چڑھنا الشَيْءَ: اوپر سے جھانکنا۔ قریب ہونا۔

شَرَّفَهُ۔ تعظیم کرنا۔ بزرگی دینا۔ عزت کرنا۔ شَرَّفَ البَيْتَ: کنگرہ بنانا۔ المَكَانَ: چڑھنا۔

اَشْرَفَ الشَيْءُ: بلند ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ المَكَانَ: چڑھنا عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ لَكَ الشَيْءُ: ممکن ہونا۔ قدرت و طاقت میں ہونا۔ عَلَى المَوْتِ: قریب الموت ہونا۔ عَلَيْهِ: ڈرنا یا مہربانی کرنا۔

اَشْرَفَتِ الخَيْلُ: تیز دوڑنا۔ نَفْسُهُ عَلَى الشَيْءِ: حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔

تَشَرَّفَ البَيْتُ: کنگرے دار ہونا۔ الرَجُلُ: عزت پانا۔ بِكَذَا: باعث عزت جاننا۔ المَكَانَ: چڑھنا۔ الشَيْءَ: ہاتھوں سے آڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اُٹھا کے دیکھنا۔ لِلشَيْءِ: جھانکنا۔ عَلَى الشَيْءِ: اوپر سے جھانکنا۔

تُشُرِّفَ القَوْمُ: ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا۔

اِشْتَرَفَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

اِسْتَشْرَفَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَيْءَ: ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اُٹھا کے دیکھنا۔

اِسْتَشْرَفَهُ حَقَّهُ: ظلم کرنا۔ حق مار لینا۔ الشَاةَ: عیوب سے سالم لینے کیلئے دیکھ بھال کرنا۔

الشَرَفُ۔ س۔ عزت و بزرگی۔ شرافت۔ بلند مکان۔ ناک۔ ج اَشْرَاف۔ شَرَفُ البَعِيْرِ: کوہان۔ الشَرَفُ: شریف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرَفُ قَوْمِهِ وكَرَمُهُمْ" وہ قوم کا شریف ہے۔

الشَرْفُ۔ خاندانی شرافت۔

الشُرْفَة۔ مِنَ القَصْرِ: کنگرہ۔ ج شُرَف والشُرْفَةُ مِنَ المَالِ: عمدہ مال اور کہا جاتا ہے "اُعِدُّ زِيَارَتَكُمْ شُرْفَةً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں۔

الشَرَفَة۔ شَرَفَاتٌ کا واحد۔ شَرَفَاتٌ ان مثلث یا مربع برجیوں کو کہتے ہیں جو دیوار کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں۔

الشَارِفُ۔ فا۔ عنقریب شرف حاصل

کرنے والاالسهم شارق: پرانا تیر دنۃ
شارف. پرانی شراب کا مثکا من النوق: بوڑھی اونٹنی۔ ج شرّف وشرْف وشروف وشرف.
الشارفة. شارف کا مؤنث۔ بوڑھی اونٹنی۔ جمع شارفات وشوارف.
الشوارف. شراب کے برتن۔ مٹکا وغیرہ۔
الشاروف. جھاڑو۔
الشريف. شرف و عزت والا۔ جمع شرفاء واشراف مؤنث شريفة. ج شرائف وشريفات حارك شريف: بلند مونڈھا۔
اشراف الانسان: انسان کے ناک، کان۔
الاشرف. اسم تفضیل۔ چگادڑ۔ قصر اشرف. مؤنث شرفاء. جمع شرف: کنگرہ دار یا برجی والا محل رجل اشرف: بلند کاندھے والا مرد منكب اشرف: بلند مونڈھا۔
الشرفاء. اشرف کا مؤنث من الآذان: لمبا کان۔
المشرف. من الاماكن: بلند جگہ۔
المشرف. جھانکنے کی جگہ۔ ج مشارف. مشارف الارض: زمین کی بلند جگہیں۔
المشرفي. عرب کے ان دیہات کی طرف منسوب جو مشارف الشام کے نام سے موسوم ہیں اور انہی سے ہے السیوف المشرفية اور بقول بعض السيوف المشرفية یمن کے ایک علاقہ کی طرف منسوب ہیں مشارف الشام کی طرف نہیں۔
المستشرف. بلند۔
شرق (ن) شرقا. الشاة: بکری کے کان کو لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شرقاء) الثمر: پھل توڑنا۔
شرقت (ن) شرقا وشروقا. الشمس: آفتاب طلوع ہونا النخل:

درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
شرق (س) شرقا. بريقه: اچھو لگنا۔
شرقت عينه: آنکھ کا سرخ ہونا لونه: شرم کی وجہ سے سرخ ہونا الجرح بالدم: زخموں کا خون سے بھرنا الدم في عينه: آنکھ میں خون ظاہر ہونا الموضع باهله: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا الشمس: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا الشيء: مخلوط ہونا الارض: پانی جاری ہونے کے ناقابل ہونا الشاة: لمبائی میں چرے ہوئے کان والی ہونا۔
شرّق. مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت چہرے والا ہونا اللحم: گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک کرنا۔
البناء: چونے وغیرہ سے لیپنا الشيء بالزعفران: کسی چیز کو زعفران سے رنگنا۔
اشرقت. الشمس. آفتاب کا طلوع ہونا۔ چمکنا اشرق وجهه: چمکدار ہونا المكان: سورج کی چمک سے روشن ہونا۔ الرجل: طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا اشرقت الشمس المكان: روشن کرنا۔ الثوب في الصبغ: گہرا رنگنا۔ اشرقه بريقه: اچھو لگوانا النخل: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
تشرّق. دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا۔
انشرقت. القوس: کمان کا پھٹنا۔
اشرورقت اشريراقا. العين بالدمع: آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سرخ ہونا۔
الشرق. مص۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "ما دخل شرق في شيء" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج اشراق (والشرق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔
الشرق. مص۔ آفتاب۔

الشرقة. شرق کا اسم مرۃ۔ تم کہتے ہو "اخذته شرقة كاد يموت منها" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہوگیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ (والشرقة) آفتاب جبکہ طلوع ہو۔
الشريق. آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ جمع شرق.
التشريق. ۔ ایام التشريق. عید الاضحی کے بعد تین دن۔ اس لیے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔
التشريق: عید کی نماز اس لیے کہ طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
الشارق. فا. آفتاب بوقت طلوع۔ کہتے ہیں "لا اكلمك ماذر شارق" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کی شرقی جانب۔ جمع شرق.
الشاروق. چونا راکھ ملا ہوا۔
المشرق والمشرق والمشرق. طلوع آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج مشارق.
المشرقة والمشرقة والمشرقة والمشراق والمشريق. جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔
مشريق الباب: دروازے کی دراڑ جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔
المشراق. وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کر دے۔
المشرّق. مفع۔ چونہ راکھ سے پلستر کیا ہوا۔
الشرقرق والشرقراق والشرقراق والشقراق ایک چھوٹا پرندہ جس کو "اخيل" بھی کہتے ہیں اور عوام اس کو "شقرق" کہتے ہیں۔
شركت (س) شركا. النعل: تسمہ

ٹوٹنا۔

شَرِكَهُ (س) شَرْكًا وشَرِكًا وشِرْكَةً وشَرِكَةً. شریک ہونا۔

شَرَّكَ. النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

اَشْرَكَهُ. فِي اَمْرِهٖ: کام میں شریک بنانا۔

اَشْرَكَ بِاللّٰه: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشْرِك ومُشْرِكِيّ) اور اسم (الشِرْك)

النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

شَارَكَهُ و تَشَارَكَا. باہم شریک ہونا۔

اِشْتَرَكَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشْتَرَكَ القَوْمُ فِي كَذَا: باہم شریک ہونا۔

الشِرْكُ. شَرِكَ واَشْرَكَ کا اسم۔ شریک حصہ۔ اور اسی سے ہے "بِيْعَ شِرْكٌ مِنَ دارِهٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاك.

الشِرْكَة. س شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔

الشَرَك. جال۔ پھندا۔ ج شُرُك واَشْرَاك. راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات۔ واحد (شَرَكَة)

الشِرَاك. جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی۔ ج اَشْرُك وشُرُك.

الشُرَكِيّ والشُرَّكِيّ. تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَهُ لَطْمًا شُرَكِيًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔

الشَرِيْك. ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَكَاء واَشْرَاك. مؤنث شَرِيْكَة. ج شَرَائِك.

المُشَارِك. ساجھی۔ حصہ دار۔

المُشْتَرَك. مع جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مُشْتَرَك و رَأْيٌ مُشْتَرَك وامْرٌ مُشْتَرَك" لفظ مشترک: جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ رَجُلٌ مُشْتَرَكٌ: غمگین آدمی کی

طرح خود بخود باتیں کرنے والا۔

اَلْاِشْتِرَاكِيُّ: اشتراکیت کو ماننے والا -

اَلْاِشْتِرَاكِيَّةُ: وہ نظریہ جس میں معاشرہ کے وسائل آمدن مشترکہ ہوں اور اس کو ان پر خرچ کیا جائے ان سے کام لیا جائے اور خرچ دیا جائے۔ یعنی آمدن کا حق ملکیت یا وراثت بالکل نہ ہوگا۔

شَرَمَ (ض) شَرْمًا. الشَيْءَ: پھاڑنا۔ الاَنْفَ: ناک کا بانسہ کاٹنا الثَرِيْدَةَ: ثرید کو کناروں سے کھانا لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: تھوڑا سا دینا۔

شَرِمَ (س) شَرَمًا. کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَم) مؤنث شَرْمَاء ج شُرْم.

شَرَّمَهُ. پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَشَرَّمَ وانْشَرَمَ. پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ شَرَّمَ الصَيْدَ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا۔

الشَارِم. فا. نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے والا تیر۔

الشَرْم. س۔ کھاری۔ سمندر کے پانی کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شُرُوْم.

شَرِنَ (س) شَرَنًا. الصَخْرُ: چٹان کا پھٹنا۔

الشَرَن. شگاف۔

الشَرَنْبَث والشَرَنْبَذ. موٹے اور سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔

الشَرَنْبَى. ایک پرندہ۔

شَرْنَفَ. الزَرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔

الشِرْنَاف. کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لیے مضر ہیں۔

شَرْنَقَ. الشَيْءَ: کاٹنا۔

الشَرَانِق. سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔ والشَرَانِق عِنْدَ المُوَلِّدِيْنَ: ریشم کے کیڑے کا کویا۔ واحد (شَرْنَقَة) اس کو "فَيَالِج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد

"فَيْلَجَة" ہے۔ نیز "صُلَّج" کہتے ہیں جس کا واحد "صُلَّجَة" ہے۔

شَرِهَ (س) شَرَهًا وشَرَاهَةً. اِلَى الطَعَامِ وعَلَيْهِ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِه وشَرْهَان)

الشَرْهَاء. مِنَ السِنِيْن: خشک سال۔

شَرْهَفَ. الصَبِيَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔

الشَرْوُ والشِرْوُ. شہد۔

الشِرْوَال. سروال میں ایک لغت ہے۔ بمعنی پاجامہ۔

شَرَىٰ يَشْرِيْ شِرَاءً وشِرًى. الشَيْءَ: خریدنا، بیچنا اللَحْمَ او الثَوْبَ: دھوپ میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا بِنَفْسِهٖ عَنْ قَوْمِهٖ آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔

ہ۔ ٹھٹھا کرنا۔ غمگین کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَاشَرَاهُ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا اللّٰهُ فُلَانًا: پتی اُچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

شَرِيَ يَشْرَىٰ شَرًى. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا زِمَامُ الدَابَّةِ: بہت زیادہ ہلنا الرَجُلُ: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا الجِلْدُ: جسم پر پتی اُچھلنا۔ صفت (شَرٍ) الشَرُّ بَيْنَهُمْ: بُرائی پھیلنا الفَرَسُ فِيْ سَيْرِهٖ: تیز دوڑنا الفَرَسُ فِي لِجَامِهٖ والبَعِيْرُ فِيْ زِمَامِهٖ: کھینچنا۔

اَشْرَىٰ. الزِمَامَ: حرکت دینا الشَيْءَ: جھکانا۔ الحَوْضَ: حوض کو بھرنا البَرْقُ: بجلی کا تیز چمکنا بَيْنَهُمْ: بھڑکانا القَوْمُ: خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔

شَرَّىٰ. اللَحْمَ اوالثوبَ ونَحْوَهُمَا: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔

شَارَىٰ مُشَارَاةً وشِرَاءً. الرَجُلَ: خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

اِشْتَرَىٰ. خریدنا۔ بیچنا۔

تَشَارَىٰ تَشَارِيًا. الرَجُلَانِ: باہم

غضبناک ہونا۔
تَشَرّٰی تَشَرِّیًا. متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔
اِسْتَشْرٰی اِسْتِشْرَاءً. الفَرَسُ فِیْ سَیْرِہٖ: تیز دوڑنا الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ: اصرار کرنا۔ اِسْتَشْرَتِ الْاُمُوْرُ: بڑا اور دشوار ہونا الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِشْرَوْرٰی اِشْرِیْرَاءً. مضطرب ہونا۔
الشَّرْیُ. اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے۔ "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرْیٌ وشَرْیٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیج سے اگا ہو۔ واحد (شَرْیَۃٌ)
الشِّرَاءُ. ج اَشْرِیَۃٌ و (الشِّرٰی) خرید و فروخت۔
الشَّرَاءُ. طرف۔ جانب۔
الشَّرٰی. پتی اُچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاءٌ. کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشَّرٰی: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (والشَّرَاۃُ) ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَارَۃٌ" یعنی عمدہ اونٹ۔
الشَّرِیُّ. مِنَ الْخَیْلِ: پسندیدہ۔ رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا۔
الشَّرِیَّۃُ. الشَّرِیُّ کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت۔ روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔
الشَّرْوٰی. مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وهِیَ وهُمَا وهُمْ وهُنَّ شَرْوَاكَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَا يَمْلِكُ شَرْوٰی نَقِيْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں۔ فقیری کے لیے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں۔ اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔

الشِّرْیَانُ. ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَایِیْنُ.
الشِّرْیَانَاتُ. جسم کی باریک رگیں۔
الشَّارِیْ. اسم فاعل۔ ج شُرَاۃٌ. زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّرَاۃُ: خوارج۔
الْمُشْتَرِیْ. فا خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَرْیَفَ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کوٹنا۔
الشِّرْیَافُ. کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں۔
شَزَّ (ض) شَزَازَۃً. بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزٌّ و شَزِیْزٌ)
شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا. کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد۔ ج شُزَّب وشَوَازِب.
شَزَّبَ. الفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ چھریرا بنانا۔
تَشَازَبَ. القَوْمُ عَلَی المَاءِ وغَيْرِهٖ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔
الشُّزْبَۃُ. اسم مرۃ۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ الشَّزْبَۃُ مِنَ الْاُتُنِ: دبلی پتلی گدھی۔
الشُّزْبَۃُ. فرصت۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَتُهٗ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔
الشَّزِیْبُ. لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُوْبٌ.
الشَّوْزَبُ. علامت۔
شَزَرَ (ض) شَزْرًا. الرَّجُلَ والَيْهِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بد لگانا۔

شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واسْتَشْزَرَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ اِسْتَشْزَرَ الشَّيْءَ: بلند کرنا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
اَشْزَرَہٗ. اللّٰهُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔
تَشَزَّرَ. غضبناک ہونا لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔
شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً. دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ القَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔
الشَّزْرُ. مص۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت۔
الشَّزَرُ والشُّزْرَۃُ. آنکھ کی سرخی۔
الاَشْزَرُ. سرخ۔ عَيْنٌ شَزْرَاءُ: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔
شَزِنَ (س) شَزَنًا. الرَّجُلُ: چست ہونا۔
تَشَزَّنَ. الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ لَهٗ فِي الْخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔ لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔
(تَشَزُّنًا وتشزِيْنًا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔ الشَّاۃَ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔
الشَّزْنُ. چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزَنُ والشُّزُنُ. سختی۔ جانب دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ العَيْشِ: زندگی کی سختی۔
الشُّزُنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزْنَۃُ. مِنَ النِّسَاءِ: بخیل عورت۔
الشُّزُوْنَۃُ. سختی۔
شَزَا يَشْزُوْ شَزْوًا. بلند ہونا۔
شَسَّ (ض) شُسُوْسًا. الشَّيْءُ: خشک ہونا۔
الشَّاسُّ. لاغر ضعیف و خشک۔
الشَّسُّ. سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ ج شِسَاس وشُسُوْس

وشِبِيس.

شَسِبَ(س) وشَسُبَ(ک) شَسْبًا وشُسُوبًا. خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شاسِبٌ ج شُسُبٌ.

الشَسْبُ والشَسِيبُ. مِنَ القِسِيِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔

الشَسُوبُ. مِنَ النُوقِ اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مر جائے اور پھر دودھ نہ دے۔

شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوعًا. المَنْزِلُ دور ہونا۔ صفت (شُسُوعٌ ج شُسُعٌ و (شاسِعٌ). شَسْعًا وشَسَّعَ واشْسَعَ) النَعْلَ: جوتے کے لیے تسمہ بنانا۔

اشْسَعَ. الشَيْءَ دور کرنا۔

شَسِعَ (س) شَسَعًا. النَعْلُ: جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا الفَرَسُ گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔

بہ دور کرنا۔

الشِسْعُ. جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "اَوْنٰی مِنَ الشِسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین۔ کسی جگہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الوَادِی" وہ وادی کے کنارے پر اترا۔ تھوڑا مال۔ زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "ہُوَ شِسْعُ مالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ ج اشْساعٌ.

شَسَفَ(ن) شَسُفَ(ک) شُسُوفًا شَسافةً وشَسافَةً. خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شاسِفٌ وشَسِيفٌ).

الشَسْفُ. خشک روٹی کی ٹکیہ۔

الشَسِيفُ پکی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔

الشَسِيفُ وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔

شَصَّتْ (س ض) شُصُوصًا وشَصاصًا. الناقةُ اونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا المَعِيشَةُ تنگ گزران ہونا الرَجُلُ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرِی اَیْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

شَصَّ(ن) شَصًّا واشَصَّهُ. عَنْ کَذا: منع کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ اشَصَّ الرَجُلُ دور چلا جانا۔ اشَصَّتِ النَاقَةُ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت شَصُوصٌ. مُشِصٌّ نہیں کہتے۔

الشِصُّ. مشاق چور۔ ج شُصُوصٌ (والشَصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سِنَّارَةٌ" بھی کہتے ہیں۔ ج شُصُوصٌ.

الشَصُوصُ. مِنَ النُوقِ اوالشِیاهِ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج شُصُصٌ وشَصائِصُ وشِصاصٌ. سَنَةٌ شَصُوصٌ خشک سال۔ کہا جاتا ہے "نَفَی اللّٰهُ عَنكَ الشَصائِصَ" اللہ تمہاری سختیوں کو دور کرے۔

شَصَبَ(ن) شُصُوبًا وشَصِبَ(س) شَصَبًا. العَیْشُ تنگ گزران ہونا۔ صفت (شاصِبٌ) الاَمْرُ دشوار ہونا المَکانُ قحط زدہ ہونا۔

شَصَبَ(ن) شَصْبًا. الشاةَ بکری کی کھال اتارنا۔

اَشْصَبَ. اللّٰهُ عَیْشَهُ تنگ گزران کرنا۔

الشِصْبُ. سختی۔ قحط۔ خشک سالی۔ حصہ۔ ج اَشْصابٌ.

الشِصْبُ والشَصَبُ. خشکی۔

الشُصُبُ کھال اتری ہوئی بکری۔ عَیْشٌ (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی۔

الشَصِیبُ حصہ۔ مسافر۔

الشَصِیبَةُ سختی و خشک سالی۔ کنوئیں کی گہرائی۔ ج شَصائِبُ. الشَصائِبُ پالان کی لکڑی۔

الشَصَّابُ قصاب۔

شَصَرَ(ن) شَصْرًا. الثَوْبَ کپڑے کو دور دور سینا۔ لنگر ڈالنا فُلانًا بالرُمحِ کسی کو نیزہ مارنا۔ ہ. الثَوْرُ بیل کا سینگ مارنا۔

الشَصَرُ ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَصَرَةٌ. ایک چھوٹا پرندہ۔ ج اشْصارٌ.

الشاصِرُ. فا. الشاصِرُ مِنَ الظِباءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شاصِرةٌ ج شَواصِرُ.

الشاصِرَةُ درندوں کیلئے ایک جال۔

الشَوْصَرُ. مِنَ الظِباءِ ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔

الشِصِّیرُ کانٹے کی چبھن۔

شَصا یَشْصُو شُصُوًّا وشَصِیَ یَشْصَی شُصِیًّا. البَصَرُ نگاہ کا پتھرا جانا السَحابُ بادل کا بلند ہونا القِرْبَةُ مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا المَیِّتُ میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔ کہا جاتا ہے "شَصا بِرِجْلِهِ" اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی۔

اَشْصَی. بَصَرَهُ ٹکٹکی لگانا۔ نگاہ اٹھانا۔

الشَصْوُ. سختی۔ مسواک۔

شَطَّ(ض ن) شَطًّا وشُطُوطًا. دور ہونا۔ فُلانًا دور کرنا۔ ظلم کرنا۔

شَطَّ(ض) شَطَطًا زیادتی کرنا۔ حق سے دور ہو جانا عَلَیْهِ فِی قَوْلِهِ وحُکْمِهِ: ظلم کرنا فِی سِلْعَتِهِ حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔

اَشَطَّ اِشْطاطًا واشْتَطَّ اشْتِطاطًا. زیادتی کرنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ حق سے دور جا پڑنا عَلَیْهِ ظلم کرنا۔

شَطَّطَ زیادتی میں مبالغہ کرنا۔

شاطَّهُ زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَطُّ س. دریا یا سمندر کا کنارہ۔ ج شُطُوطٌ وشُطّانٌ کوہان کی ایک جانب۔ ج شُطُوطٌ.

الشَطَّةُ اسم مرة۔ جارِیَةٌ شَطَّةٌ سڈول بدن والی لونڈی۔

الشَطَّةُ والشَطاطَةُ والشَطاطُ والشِطاطُ دوری۔ الشَطاطُ والشِطاطُ: قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔

الشاطُّ. فا. رَجُلٌ شاطٌّ سڈول بدن

والامرد۔ مؤنث شاطّۃ۔
شَطَأ(ف) شَطْأً و شُطُوْءًا. کنارہ پر چلنا
الدابۃ بالحمل. جانور پر بوجھ لادنا۔
فُلَانًا: مغلوب کرنا۔ الامُّ بالولد. بچہ گرا
دینا (واشطأ) الزرع. کھیتی میں خوشہ نکلنا۔
اشتطأ الشجر بغصونہ. درخت میں ٹہنی
نکلنا۔ اشطأ الرجلُ. زکام والا ہونا۔ اشطأ
الوادی: دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں
"ملنا لوادی کذا فوجدناہ مُشطئًا" ہم
فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو
دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔
شطّأ تشطیئًا. النھرُ: دونوں کناروں پر
بہنا۔
شاطأہ. ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے
کنار پر چلنا۔
الشطأ. کنارہ۔ ج شُطُوْء (والشطأ) کھیتی
کے پتے یا خوشہ۔ درخت خرما کے پودے۔
من الشجر: شاخیں جو درخت کی جڑ میں
نکل آئیں۔ ج اشطاء۔
الشُّطْأۃ زکام۔
الشاطئ. فا من النھر. جانب۔ تم کہتے ہو
"شاطئ الاودیۃ" اس کی جمع نہیں آتی۔
من البحر: کنارہ۔ ج شواطئ و شُطْآن۔
شَطَبَ(ن) شَطْبًا. الشئ. لمبا کاٹنا یا چیرنا
ہ وشطّب فوقہ: لکیر کھینچنا۔ الرجل: دور
ہونا عنہ: اعراض کرنا۔ ہٹنا الرمح عن
مقتلہ نیزے کا خطا کرنا۔
شطّبہ. جسم میں عمل تشریح کرنا۔
تشطّب. کٹنا (وانشطب) الماء
ونحوہ: بہنا۔
الشطب. س. لمبا خوبصورت قد و قامت
والا۔ درخت خرما کی تر و سبز شاخ۔ ج
شُطُوْب۔
الشطبۃ. من النخل. کھجور کی سبز شاخ۔
تلوار۔ ج شُطَب. لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی
جائے (والشطبۃ) لمبی خوبصورت لڑکی۔
اچھے گوشت والا گھوڑا۔

الشَّطْبۃ و الشُّطبۃ و الشِّطْبۃ. تلوار وغیرہ
کے پھل کی دھاری۔ ج شُطَب۔
الشطیبۃ. اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ
لیا گیا ہو۔ جیسے شطائب۔
الشطائب. تلف فرقے۔ تختیاں۔
سیف (مشطوب و مشطّب) دھاری دار
تلوار۔ رجل مشطّب: وہ شخص جس کے
چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔
شطر(ن) شطرًا. الشئ: دو برابر
حصوں میں کرنا بیت الشعر: شعر کا نصف
حذف کرنا الناقۃ او الشاۃ: ایک جانب کے
تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔ اور کہتے
ہیں شطر شطرہ اس نے اس کی جانب کا
قصد کرنا۔
شطرت(ن) شطورًا. الناقۃ: اونٹنی
کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شطر
بصرہ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی
نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی الدار:
دور ہونا (شطارۃ) شوخ و بیباک ہونا۔
چالاک و خبیث ہونا۔ (شطورا و شطورۃ
وشطارۃ) عنھم: جدا و بعید ہونا علی
اھلہ: خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت
چھوڑ دینا الیھم: متوجہ ہونا۔
شطُر(ک) شطارۃ. شوخ و بیباک ہونا۔
چالاک و خبیث ہونا (شطورۃ الناقۃ) اونٹنی
کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک
پستان خشک ہونا۔
شطّر. الشئ: دو حصوں میں تقسیم کرنا۔
الشعر: شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ
بڑھا دینا (مولدۃ) الناقۃ و بالناقۃ: اونٹنی
کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو
چھوڑ دینا۔
شاطرہ. مالہ آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔
فلانا: کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا
الناقۃ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو
دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔
الشطر. س. جزء۔ نصف۔ اور اسی سے ہے

"شطر بیت الشعر" شعر کا نصف واحد؛
دوری جہت؛ جانب۔ اور اسی سے ہے شطر
شطرہ و "فول وجھک شطر
المسجد" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔
ج اشطر و شطور ناقہ کے تھن کے دو حصے
ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو باکھوں کو
شطر کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "حلب اشطر
الدھر" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر
و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے
"ھذا حلب لك شطرہ" یہ ایسا عمل ہے
جس میں فریقین کا نفع ہے۔
الشطرۃ. اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے "اولاد
فلان شطرۃ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر
نصف مؤنث ہے۔
الشطران. صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث
شطری۔
الشاطر. فا. شوخ و بیباک۔ چالاک و
خبیث۔ ج شُطّار۔
الشطور. (من النعاج او النوق)
بھیڑیا۔ اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا
ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثوب
شطور: کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے
لمبی ہو۔ دار شطور: دوسرے مکانوں سے
علیحدہ مکان۔
الشطیر. دور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج
شطراء و شُطُر: آدھا۔ کہا جاتا ہے "ھذا
شطرہ و شطیرہ" یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے
کہا جاتا ہے "ھذا نصفہ و نصیفہ"
المشطور. مبہ چٹنی لگی ہوئی روٹی۔
من الرجز: فن عروض کی اصطلاح میں بحر
رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا۔
المشاطر. ہمسایہ۔ کہا جاتا ہے "ھم
مشاطرونا" ان کے گھر ہمارے گھر سے
متصل ہیں۔
الشطرنج. ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت
لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے
مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ؛ فرزین؛ فیل؛ اسپ

رخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ج شِطْرَنْجات.
شَطَسَ(ن) شَطْسًا. فِی الْاَرْضِ :سفر کرنا۔
الشَّطْس .س۔ چالاکی۔
الشُّطْس والشُّطْسَة. مخالفت۔ دشمنی۔ عناد۔
الشَّطُوْس .ہر طرف کو جانے والا۔ حکم کے خلاف چلنے والا۔
شَطِعَ (س) شَطْعًا. الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔
شَطَفَ(ن) شَطْفًا. الرَّجُلُ: جانا اور دُور ہونا عَنِ الشَّیْئِ: ہٹنا الثَّوْبَ وغیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا۔
سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ نِیَّةٌ (شَطُوْفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں۔
الشُّطْفَة. مِنَ الشَّیْئِ: ٹکڑا۔ج شُطَف.
شَطَنَهُ(ن) شَطْنًا. مخالفت کرنا۔ دُور کرنا۔ رسّی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِی الْاَرْضِ: داخل ہونا (شُطُوْنًا) الدار: دُور ہونا۔
الرَّجُلُ: حق وغیرہ سے دُور ہونا
اَشْطَنَهُ: دُور کرنا۔
شَیْطَنَ شَیْطَنَةً وتَشَیْطَنَ. شیطانی فعل کرنا۔
الشَّاطِن. فا. خبیث۔ حق سے دُور ہونے والا۔
الشَّطَن. رسّی۔ج اَشْطَان.
بِئْرٌ (شَطُوْنٌ) زیادہ گہرا کنواں۔ حَرْبٌ شَطُوْنٌ: بہت سخت جنگ۔ نِیَّةٌ شَطُوْنٌ: ارادۂ بعید رُمْحٌ شَطُوْنٌ لمبا ٹیڑھا نیزہ۔
الشَّطِیْن. دُور۔
الشَّیْطَان. ج شیاطِین. دیو۔ ہر سرکش و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَیَاطِیْنُ الْعَرَب" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ۔ سانپ۔ شَیْطَانُ الْفَلَاة: پیاس۔ مُخَاطُ الشَّیْطَان: ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "رَکِبَه شَیْطَانُه" یعنی وہ غضبناک ہوا و "شَیَاطِیْنُ الرَّاس" غصّے کا جوش۔
شَطِیَ(س) شُطِیًّا. المیّتَ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔
شَطّٰی تَشْطِیَةً. الشَّاةَ: کھال اُتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا۔
اِنْشَطٰی. الشَّیْئُ: پراگندہ و متفرق ہونا۔
شَظَّ(ن) شَظًّا. الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ سختی میں ڈالنا (وشَظَّظَ واَشَظَّ) القَوْمَ: پراگندہ و متفرق کرنا۔ دھتکارنا۔ شَظَّ واَشَظَّ الجَوَالِقَ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔
الشَّظّ. س۔ دن کا بقیہ۔ج اَشْظَاظ.
الشِّظَاظ. ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو۔ج اَشِظَّة.
الشَّظِیْظ. بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج اَشْظَاظ. کہا جاتا ہے "طَارُوْا اَشْظَاظًا اور شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔
شَظِفَ (س) شَظَفًا. العَیْشُ: تنگ گزران ہونا الرَّجُلُ: تنگ زندگی والا ہونا۔ صفت (شَظِفٌ) العَیْشِ: شَظِفَتْ یَدُہٗ: سخت اور کھردرا ہونا السَّهْمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا۔ (وشَظُفَ (ک) شَظَافَةً) الشَّجَرُ: سخت ہونا۔ صفت (شَظِیْف)
شَظَفَهُ(ن) شَظْفًا. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔
الشَّظَف. س۔ج شِظَاف و (الشَّظَاف) تنگی و سختی۔
الشِّظَاف. دُوری۔
الشَّظَف. س۔ لاٹھی کی پھٹن۔
الشِّظْف. خشک روٹی۔ کھونٹی کی مانند لکڑی۔ چھپٹی۔ج شِظْفَة.
الشَّظِف. بدخلق۔ بڑا جنگجو۔ عُوْدٌ شَظِف: ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ اَرْضٌ شَظِفَةٌ: سخت و خشک زمین۔
المِشْظَف. بے ارادہ تعریض کرنے والا۔
شَظِیَ (س) یَشْظٰی شَظًی. پھٹنا۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔
شَظٰی یَشْظِی شَظْیًا. السِّقَاءُ: خوب اچھی طرح بھر جانا المَیِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔
شَظّٰی تَشْظِیَةً. القَوْمَ: متفرق کر دینا الفَرَسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔
اَشْظٰی ہٗ: گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا۔
تَشَظّٰی. پھٹنا۔ متفرق ہونا العُوْدُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِنْشَظٰی. پھٹنا۔
الشَّظٰی .س۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان میں کے چھوٹے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں۔
الشَّظِیَّةُ. کمان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی۔ ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ج شَظَایَا وشَظِیٌّ.
الشِّظْیَة. پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو۔
شَعَّ(ض) شَعًّا وشَعَاعًا. المَاءُ: بکھرنا۔ پھیلنا (شَعًا وشَعِیْعًا) جلدی کرنا۔
شَعَّ(ن) شَعًّا وشَعَاعًا. المَاءَ: بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "شَعَّ الغَارَةَ عَلَیْهِم" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا۔
اَشَعَّ اِشْعَاعًا. المَاءَ ونَحْوَہٗ: بکھیرنا الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا السُّنْبُلُ: دانوں سے پر ہونا۔
اِنْشَعَّ. الذِّئْبُ فِی الغَنَمِ. بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔
الشُّعّ. مکڑی کا جالا۔ شُعُّ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن۔
الشُّعَاع. آفتاب کی کرن۔ج اَشِعَّة و شُعُع وشِعَاع.
الشُّعَاع (علم ہندسہ)
خط مستقیم کا ٹکڑا جس کو سامنے لے جایا گیا ہو خط مستقیم کا قطعہ جو مرکز اور نقطہ دائرہ کو ملا دے۔ اس کا نام شعاع الدائرہ ہے۔

اَشِعَّۃُ س اور رُنْجن: غیر مرئی شعاعیں غیر شفاف اجسام جیسے لکڑی اور معدنی پلیٹ کو جلاتی ہے۔

اَشِعَّۃُ مَا قَبْلَ الاَحْمَرِ: سفید روشنی میں موجود غیر مرئی شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں سرخ رنگ سے قبل ہوتا ہے بہت گرم ہوتی ہیں۔ اَشِعَّۃُ مَا بَعْدَ البِنَفْسَجِی: غیر مرئی سفید روشنی میں موجود شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں بنفشی کے بعد ہوتا ہے۔ یہ فوٹو گرافی کی پلیٹ پر نشان چھوڑ جاتی ہے۔ اس کے ذریعے اس کے وجود کا علم ہوتا ہے۔

الاشعة المُهْبِطَةُ: ہلکے (خفیف) گیس کی نالی میں بجلی کے آنے کی وجہ سے نیچے سے اوپر کی طرف بجلی کے شرارے جاتے ہیں۔

اَلشُّعَاعُ شعاع کو چھوڑنے کا آلہ۔

الشَّعَاع۔ س۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ ہلکا سایہ مِنَ اللَّبَنِ: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالعَصَاءِ عَلَی الحَائِطِ فَتَطَایَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چیتھڑے اُڑ گئے۔ و "ذَهَبَ القَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی و "طَارَ قَلْبُهُ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا۔ و "طَارَتْ نَفْسُه شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان ہو گیا۔

شَعَاعُ السُّنْبُلِ وشَعَاعُهُ وسَعَاعُهُ وشَعُهُ۔ خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ خوشہ پر رہے۔

اَلشَّعُّ والشَّعِیْعُ۔ جلدی۔ والشَّعُّ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ: بکھری ہوئی۔

شَعَبَ (ف) شَعْبًا۔ الشَّیْئَ: جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد) پھاڑنا۔ الشَّیْئُ: ظاہر ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْهُ المَنِیَّةُ: اچانک ہلاک کرنا فُلَانًا: مشغول کرنا اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِیْ شُعْبَةً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَی القَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کو قوم کی طرف مائل ہونا الاَمِیْرُ رَسُوْلًا اِلٰی مَوْضِعِ کَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَبًا۔ الرَّجُلُ اَوِ الثَّوْرُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

شَعَّبَ واَشْعَبَ۔ عَنْهُ: ہمیشہ کیلئے جدا ہونا۔

اَشْعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ۔ و شَاعَبَتْ نَفْسُهُ: مرنا۔

شَاعَبَ الحَیٰوۃَ: ہلاک کرنا صَاحِبَه: دُور ہونا۔

اَلشَّعْبُ: بڑا قبیلہ۔ وہ طبقات جن پر عرب کی نسل تقسیم ہیں درج ذیل ہیں۔ (۱) الشَّعْبُ (۲) اَلْقَبِیْلَةُ (۳) اَلعِمَارَةُ (۴) اَلْبَطْن (۵) اَلْفَخِذُ (۶) اَلْفَصِیْلَةُ (۷) اَلْعَشِیْرَةُ۔ شعب میں کئی قبائل ہوتے ہیں قبیلہ میں کئی عمارہ، عمارہ میں کئی بطن، بطن میں کئی فخذ، فخذ میں کئی فصیلہ اور فصیلہ میں کئی عشیرہ ہیں۔

خزیمہ شعب ہے کنانہ قبیلہ، قریش عمارہ، قصی بطن، ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے۔ عشیرہ سے مراد ایک باپ کے قریب ترین بیٹے۔

تَشَعَّبُوْا۔ متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا النَّهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا عَنْهُ دُور ہونا۔ تَشَعَّبَتْهُمُ الفِتْنَةُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: متفرق شاخیں پھیلنا الشَّیْئُ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ۔ عَنْهُ: دُور ہونا اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: جڑ سے شاخیں نکلنا الطَّرِیْقُ او النَّهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ واِنْشَعَبَ نَفْسُهُ: مرنا الشَّیْئُ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشِّعْب۔ س۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شِعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دُور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دُور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوْب۔

الشُّعُوْبِیَّةُ۔ وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِیٌّ)

الشِّعْبُ۔ پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درۂ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَاب اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِی جدوای" یعنی اہل و عیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَب۔ س۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَةُ۔ فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبْ وشِعَابْ وشُعَبُ الدَّهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَّفُّوْدِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ الیَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَسْأَلَةٌ كَثِيْرُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَانُ۔ قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِیْن (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوْبُ۔ موت کے لیے علَم ہے اور غیر منصرف ہے۔

الاَشْعَبُ۔ جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب۔

الشَّعَّاب۔ شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے۔

الشَّعِیب۔ کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج

شُعَب.

الشَّاعِبَان. دونوں کندھے۔

المَشْعَب. راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب.

المِشْعَب. سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشَاعِب.

المُشَعَّب. درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ. شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔

شَعِثَ (س) شَعَثًا. الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (شَعَثًا وشُعُوثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔

شَعَّثَ. الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا ہ بِخَيْرٍ: خیر پہنچانا۔ مِنْ فُلَانٍ: چشم پوشی کرنا مِنْهُ شَيْئًا: لے لینا۔ نکال لینا عَنْهُ: مدافعت کرنا مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)

تَشَعَّثَ. پراگندہ ہونا۔ بکھرنا مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا الشَّعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔

الاَشْعَث. چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء. ج شُعْث.

الشَّعْث. پراگندگی معاملہ۔

الشَّعَث. مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔

الشَّعِث وَالشَّعْثَان. چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔

شَعَرَ (ن) شَعْرًا وشَعَرًا. الثَّوْبَ: کپڑے میں بال بھرنا الرَّجُلُ: شعر کہنا بِفُلَانٍ: کسی کے لیے شعر کہنا۔

شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعْرَى وشُعْرَى وشِعْرَى وشَعْرَةً وشُعُرَةً بتثليث الشين وشُعُورًا وشُعُورَةً ومَشْعُورًا ومَشْعُورَةً ومَشْعُورَاء. بِهِ: جاننا۔ محسوس کرنا۔ لَهُ سمجھنا۔

شَعِرَ (س) شَعَرًا. زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔

شَعَّرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے میں بال بھرنا۔

اَشْعَرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الثَّوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ہ الاَمْرَ وبالاَمْرِ جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِّعَارَ: شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشْعَرَ الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔ اَشْعَرَهُ بِكَذَا: چپکانا القَوْمُ: اپنے لیے خاص علامت مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا۔ اَمْرَ فُلَانٍ: مشہور کرنا الرَّجُلَ: برے نام سے مشہور کرنا ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔

شَاعَرَهُ فَشَعَرَهُ. شعروں میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔

اُشْعِرَ. المَلِكُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔

تَشَعَّرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ. بتکلف شاعر بننا۔

اِسْتَشْعَرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا الشِّعَارَ: پہننا القَوْمُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا بالثَّوْبِ: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ اللّٰهِ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لیے شعار بنا لو۔

الشَّعْرُ والشَّعَرُ. بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُور. واحد (شَعْرَةٌ) ج شَعَرَات.

شَعْرُ الغُولِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشِّعْر. مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار. "لَيْتَ شِعْرِي فُلَانًا اوعَنْ فُلَانٍ اَوْ لِفُلَانٍ مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِّعْرَة. بال کا ایک ٹکڑا (والشِّعْرَاء) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَّعِرُ والشَّعْرَانِيُّ. بہت اور لمبے بال والا۔

الشَّعَار. درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شِعَارُ الحَجِّ: احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شِعَارَة)

الشِّعَار مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللَّيْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت بدن کے بالوں سے متصل لباس گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرَة وشُعُر. شِعَارُ الحَجِّ: علامت و رسوم حج۔ و شِعَارُ المَمْلَكَةِ: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)

الشَّعِيْرُ جو۔ واحد (شَعِيْرَةٌ) ج شَعِيْرَات اور شَعِيْرَةٌ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہاجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے۔

الشَّعِيْرَة. علامت۔ ج شَعَائِر. شَعَائِرُ الحَجِّ: حج کے رسوم وعلامات۔

الشَّعِيْرِي. شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔

الاَشْعَر. بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء. ج شُعْر. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشْعَرُ الرَّقَبَةِ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَرُ: ج اَشَاعِر: جانور کے کھر کے گرد اگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَّعْرَاء. الاَشْعَر کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڈر۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔ رِمَال شَعْرَاء: نصی نامی گھاس اگانے والا ریگستان۔ الشَّعْرَاء مِنَ الدَّوَاهِي: سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر.

الشَّاعِر. فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء. مؤنث شَاعِرَة. ج شَوَاعِر و شَاعِرَات.

شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

الشِّعْرٰى. ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُّعْرُوْر. گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو خِنْذِيْذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجہ والے کو شُعْرُوْر کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُّعْرُوْر: چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِيْر واحد (شُعْرُوْرَة)

الْمَشْعَر. علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر. الْمَشَاعِر: حواس۔

شَعْشَع. الشَّرَابَ: پانی ملانا الشَّيْءَ: بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا الضَّوْءُ: روشنی پھیلنا۔ شَعْشَع عَلَيْهِمُ الْخَيْلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَع. الشَّهْرُ: مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَّعْشَع والشُّعْشُع والشَّعْشَاع والشَّعْشَعَان والشَّعْشَعَانِيّ. لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (والشَّعْشَع) مِنَ الظِّلِّ: ہلکا سایہ۔

شَعَفَهٗ (ف) شَعْفًا. الْحُبُّ: محبت کا دل پر غالب ہونا ہ بالْقِطْرَان: قطران ملنا الشَّيْءُ الشَّيْءَ: غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا. بِفُلَانٍ وبِحُبِّ فُلَانٍ: شیفتہ و فریفتہ ہونا النَّاقَةُ: اونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعْفَاءُ)

شُعِفَ. بِفُلَانٍ: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَّعَفُ. س۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَّعْفَةُ. اسم مرۃ۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔

الشَّعَفَة. پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ الشَّعَفَةُ مِنَ الْقَلْبِ: دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے و شَعَفَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعَف و شُعُوف و شِعَاف و شَعَفَات.

الشِّعَاف. محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔

الشَّعَاف. شیفتگی و فریفتگی۔

الْمَشْعُوْف. محبت میں دیوانہ و شیفتہ۔

شَعَلَ (ف) شَعْلًا. النَّارَ: آگ بھڑکانا الْاَمْرَ: غور کرنا۔

شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْعَلَّ. الْفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِلٌ و شَعِيْلٌ و اَشْعَلُ)

شَعَّلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔

اَشْعَلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ ہ: غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا الْجَمْعَ: متفرق کرنا الْخَيْلَ فِي الْغَارَةِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا السَّقْيَ: اچھی طرح سیراب کرنا۔ اَشْعَلَتِ الْقِرْبَةُ: مشک کا متفرق ٹپکنا الطَّعْنَةُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا الْعَيْنُ:

اِشْعَلَّ اِشْعِلَالًا و اشْعَالَّ اِشْعِيْلَالًا رَاسُ الرَّجُلِ: کھڑے بال والا ہونا الْفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ. النَّارُ: آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَعَلَ الرَّاسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ واِشْتَعَلَ فُلَانٌ وہ غصہ سے بھڑک اٹھا۔

الشَّعْل. س۔ غُلَامٌ شَعْلٌ: سبک تیز خاطر لڑکا۔

الشَّعَل. س۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔

الشُّعْلَة. گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ ج شُعَل.

الشَّعِيْل. ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَّعِيْلَة. بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل.

الاَشْعَل. مِنَ النَّاسِ: پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

الْمِشْعَل والْمِشْعَال. چھنا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل و مَشَاعِيْل.

الْمَشْعَلُ والْمَشْعَلَةُ. قندیل۔ ج مَشَاعِل الْمَشْعَلَة: آگ بھڑکانے کی جگہ۔

الشُّعْلُوْل. آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيْل. کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا شَعَالِيْلَ" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْمًا. الرَّجُلَ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَمَ. عَدُوَّهٗ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْعَانَّ واشْعَنَّ. شَعْرُهٗ: چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

الشَّعَن. خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْعُوْنٌ) پراگندہ بال۔

الشَّعَانِيْن. عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِيْن)

رَجُلٌ (مُشْعَانٌّ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔

شَعْنَبَ. الْكَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشَعْنَب و مُشَعْنِب)

شَعَايَشْعُوْ شَعْوًا. الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا

ہونا۔

شَعِيَتْ تَشْعٰی شَعًا. الغَارَةُ: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)

اَشْعٰی. بِہٖ: اہتمام کرنا القَوْمُ الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غَارَةٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَجَرَةٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔

الشَّاعِي. فا. دُور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِيَة ج شَوَاعٍ. کہا جاتا ہے ”جَائَتِ الخَيْلُ شَوَاعِي وشَوَائِع“ گھوڑے متفرق آئے۔

الشُّعٰی. پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَة)

شَعْوَذَ شَعْوَذَةً. شعبدہ بازی کرنا۔ نظر بندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ ومُشَعْوَذٌ)

شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) وشَغْبًا وشَغَبًا وشَغَّبَ. القَوْمَ وبِهِم وعَلَيْهِم: فساد برپا کرنا۔ تباہی ڈالنا۔ صفت (شَغِب وشِغَبٌ وشَغَّاب ومِشْغَب ومُشَاغِب و ذو مَشَاغِب)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا. عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَہ. جھگڑا کرنا۔

تَشَاغَبَ. الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے ”طَلَبْتُ مِنْهُ كَذَا فَتَشَاغَبَ“ میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔

الشَّغْبُ والشَّغَبُ. س۔ شور و غوغا۔

الشَّغُوبُ. فساد انگیز۔ جھگڑالو۔

تَشَغْبَرَت. الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغَرَتْ (ن) شُغُوْرًا. الاَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَةٌ) الرَّجُلُ: دُور ہونا السِّعْرُ: بھاؤ گھٹنا النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔

شَغَرَهٗ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا. عَنْ بَلَدِهٖ: جلاوطن کرنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا. الكَلْبُ: کتے کا ایک ٹانگ اُٹھا کر پیشاب کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کا ٹانگ اُٹھا کر بچہ کو مارنا۔

شَاغَرَهٗ مُشَاغَرَةً وشِغَارًا. کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کر دے الرَّجُلَان عَلَيْهِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔

اَشْغَرَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دُور ہونا۔ الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔ الحِسَابُ عَلَيْهِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

اِشْتَغَرَ. الحِسَابُ عَلَيْهِ: خلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔ الاَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا الحَرْبُ بَيْنَ القَوْمَيْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِي الفَلَاةِ: بیابان میں دُور تک جانا۔

تَشَغَّرَ. البَعِيْرُ: تیز دوڑنا فِي اَمْرٍ قَبِيْحٍ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے تفرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ وشِغَرَ وبِغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شِغَارٌ) خالی برتن۔

الشِّغَار. س۔ دھتکار۔ جلاوطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ و آبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنوئیں۔

الشَّغَّارَة. چقماق۔

الشِّغِّيْرُ. بدخلق۔

المِشْغَر. وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔

الشَّوْغَر. مضبوط خلقت۔

الشَّوْغَرَة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔

الشُّغْرُوْر. ایک قسم کی گھاس۔

الشَّغْرَبِيَّة. ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔

شَغَزَ (ف) شَغْزًا. عليهم: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔

الشَّغْزَبِيَّة. بمعنی الشغربيّة.

تَشَغْزَبَتِ. الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

اصطخبت. الطیرُ او الضفدعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔
الصخب مص۔ شور۔
الصاخب والصخب والصخّاب و الصخوب والصخبان. شور مچانے والا۔ مؤنث صخبة و صخبی و صخّابة و صخوب و صخبی۔
صخد (س) صخدا و صخدانا الیومُ: سخت گرم ہونا۔
صخدته (ف) صخدا الشمسُ: جلانا۔ الصردُ: لٹورے کا آواز کرنا۔
صخد (ف) صخودا لهٗ کان لگانا۔
اصخد. الحرُّ: گرمی تیز ہونا الرجلُ گرمی میں داخل ہونا الحرباءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصاخدة. دوپہری۔
الصخدان والصخدان سخت گرمی کا دن۔
صیخد. الشمس: گروۂ آفتاب۔
هاجرةٌ صیخودٌ. سخت گرم دوپہری۔ ج صیاخید. صیاخیدُ الحر: گرمی کی تیزی۔
المصخدة. دوپہر۔ ج مصاخد.
المصطخد. دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔
صخرهٗ فرمانبردار کرنا۔
اصخر. المکانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصخر
الصخر الصخرة. ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صخرٌ و صُخُورٌ و صُخُورةٌ و صخرات. کہا جاتا ہے "فلانٌ صخرةُ الوادی" فلاں بہت مستقل ہے۔
الصخر من الامکنة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هو صخر الوجه او اصخرُ الوجه" یعنی وہ بے حیا ہے۔
الصخراویة انتہائی خوشبو والا درخت جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔
الصاخر لوہے پر لوہے کی جھنکار۔
الصاخرة. پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔
صحف (ف) صخفا الارضَ: زمین کھودنا۔
المصخفة. زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔
صخمته (ن) صخما. الشمسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
اصطخم. الرجلُ. سیدھا کھڑا ہونا۔
صخی یصخی صخا. الثوبُ. کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صخٍ
الصخاة میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صدهٗ (ن) صدا عن کذا روک دینا۔

منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِيْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہو گئی۔

صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا. عَنْه: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ. جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد۔

صَدَّ (ن ض) صَدِيْدًا. مِنَ الشَّيْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔

صَادَّهٗ. مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهٗ و يُصَادُّهٗ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔

صَدَّدَ. تالی بجانا الجُرْحُ: پیپ دینا۔

اَصَدَّهٗ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔

تَصَدَّدَ لَهٗ: درپے ہونا۔

اِصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔

الصُّدُّ. س الصَّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد۔

الصَّدَد. درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔

الصِّدَاد. پردہ۔ ج اَصِدَّة۔

الصَّدُوْد. روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔

الصَّدِيْد. س۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔ صَدِيْدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔

الصُّدَّاد. سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد۔

صَدِئَ (س) صَدَأً و صَدُؤَ (ک) صَدَاءَةً. الحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَةٌ الشَّيْءُ. زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔

صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّيْءَ: زنگ دور کرنا المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔

اَصْدَأَه. مورچہ والا جیسا بنانا۔

تَصَدَّأَ. لَهٗ: درپے ہونا۔

الصَّدَأُ. زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔

الصَّدِئُ. جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔

الصُّدْأَة. مورچہ کا رنگ۔

صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَحٌ و صَيْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و صَيْدَحِيٌّ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاحٌ۔

الصَّدَح. عَلَم. خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان۔

الصَّدْحَة و الصُّدْحَة و الصَّدَحَة. مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔

صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا اِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا (صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا مِنْهُ: ظاہر ہونا عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔

صَدَرَهٗ صَدْرًا. سینہ پر مارنا۔

صُدِرَ. سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ۔

صَدَّرَهٗ. واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا الفَرَسُ. گھوڑے کا آگے بڑھنا۔

اَصْدَرَه. عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا الرَّجُلَ. لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ و لَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔

صَادَرَه. عَلَى الشَّيْءِ و بِهٖ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔

تَصَدَّرَ. صدرِ مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔

الفَرَسُ. گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔

تَصَادَرُوْا. عَلٰى مَاشَاءُوْا: صدروا۔

الصَّدْر. ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔ الصَّدْرُ الاَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُوْر۔

بَنَاتُ الصَّدْرِ. افکار۔

ذَاتُ الصَّدْرِ. سینہ کی ایک بیماری کا نام۔

صُدُوْرُ الوَادِي: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّيْءَ بِصَدْرِه" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِيْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔

الصَّدَر. پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔

الصَّادِر. فا. لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَهٗ صَادِرٌ و لَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِيْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِيْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔

الصُّدْرَة. مِنَ الاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔

التَّصْدِيْر. تنگ اُونٹ کے سینے کا۔

الصِّدَار. صدری۔ اُونٹ کے سینے پر نشان۔

الصَّدَارَة. تقدم۔ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ (و الصِّدِيْرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر۔

الاَصْدَر. مضبوط بڑے سینے والا۔

الاَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَر. جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں۔

المُصْدِر. فا. رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

المُصدِّر قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صدعَ(ف) صُدُوعًا۔ اِلی کذا مائل ہونا۔
صدعَ(ف) صدعًا۔ الشیَٔ اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو القوم متفرق کر دینا الامر ظاہر کرنا بالحق حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا فی الامر کر گزرنا الامر بالحق حق کا فیصلہ کرنا فلانًا قصد کرنا۔
صدعہ عن کذا روک دینا النھر کاٹ دینا فی المکان گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھذا الطریق یصدع فی ارض کذا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے اللیل رات میں چلنا۔
صُدِعَ و صُدِّعَ درد سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مصدُوع
صدَّعَ الشیَٔ پھاڑنا الفلاۃ او النھر بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تصدَّعَ القوم متفرق ہونا۔ تصدَّعت الارض بہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تصدَّعَ و انصدعَ الشیُٔ پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تصدَّعت وانصدعت الارض بالنبات" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
انصدع الصباح صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصادع قاضی۔ جبلٌ صادِعٌ دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وادٍ صادعٌ دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سبیلٌ صادعٌ دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبحٌ صادعٌ روشن صبح۔
الصَّدْعُ شگاف۔ ج صُدُوع۔
الصدع و الصدع ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صدعُ الحدید لوہے کا مورچہ یا زنگ۔ کہا جاتا ہے "الناسُ علیھم صَدْعٌ واحدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصدع آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصَّدعۃ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صدعات کہا جاتا ہے "رأیتُ بینھم صدعاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اصلحوا ما فیکم من الصدعات" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصِّدعۃ ج صدع و الصدیع ج صُدُع بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّداع درد سر۔
التصداع تفریق۔
المَصْدَع سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مصادع۔
المِصْدَع نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔
خطیبٌ مِصْقَعٌ مِصدعٌ بلیغ خطیب۔
صدغَ(ف) صدغًا عن الامر باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا النملۃ چیونٹی کو مارنا۔
صدغَ(ف) صدغًا مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صدغَ(ن) صدغًا و صدوغًا۔ الی الشیٔ مائل ہونا۔
صدُغَ(ک) صداغۃ کمزور و ناتواں ہونا۔
صُدِغَ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صادغہ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُّدغ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اصداغ
الصدَغ کجی۔ ٹیڑھاپن۔
الصِّداغ کنپٹی پر نشان۔
الصَّدیغ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الاصدغان دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المِصْدغۃ تکیہ۔
بعیرٌ مُصدَّغٌ و مصدوغٌ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صدفَ(ن ض) صدفًا و صدوفًا پھر جانا۔
صدفَ(ض) صدفًا۔ عنہ اعراض کرنا فلانًا پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صدِفَ(س) صدفًا گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اصدفہ عنہ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صادفہ پانا۔
تصادف ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصدف سیپی۔
الصدفۃ ایک سیپی۔ ج اصداف۔ صدفۃ الاذن کان کا اندرونی حصہ۔
الصدف فی الخیل رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصدف الصدفۃ جانب۔ کنارہ۔
الصدف والصُّدُف والصَّدَف والصُّدْف پہاڑ کا کنارہ۔ الصدف زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فرسٌ اصدف وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الاصداف سمندر کی موجیں۔
الصدفۃ ملاقات۔
الصدفیات نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصدوف گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المصدوف مخفی۔ چھپا ہوا۔
صدق(ن) صدقًا و صِدقًا و مَصدُوقۃ و تَصداقًا سچ بولنا فی وعدہ و وعیدہ پورا کرنا فی الجملۃ بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صدق القتال و صدق فلانا القتال" سخت جنگ کی ۵ النصیحۃ او المحبۃ خالص نصیحت یا محبت کرنا ۵ الحدیث سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَّقَہٗ۔ سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَہٗ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً۔ دوست بننا۔
صَادَقَه المَودَّةَ: خالص دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ۔ الابْنَة: بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ۔ صدقہ دینا عَلَى الفَقِيرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا۔ محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِيثَ او المَوَدَّةَ او فِيهِمَا۔ ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدْقُ۔ س۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ وقَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُق و صُدْق و صَدْقُوْن۔ مؤنث صَدْقَة ج صَدْقَات۔
الصِّدْقُ۔ سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَة۔ خیرات۔ ج صَدَقَات
الصَّدُقَة والصُّدْقَة والصَّدْقَة والصُّدُقَة۔ مہر۔
الصَّدَاقُ والصِّدَاقُ۔ مہر۔ ج اَصْدِقَة و صُدُق۔
الصَّدَاقَة۔ سچی دوستی۔
الصَّادِق۔ سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلَاوَةِ۔ بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ: خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ۔ شدید حملہ۔
الصَّدُوْق۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُق و صُدْق۔
الصَّدِيْق۔ پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاء و صُدَقَاء و صُدْقَان۔ ج اَصَادِق۔ مؤنث صَدِيْقَة۔
الصِّدِّيْق۔ بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔
المِصْدَاق۔ کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
المَصْدُوْقَة۔ سچائی۔
التَّصْدِيْقُ: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔
اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔
صَدَمَهٗ (ض) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَه اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَه مُصَادَمَةً۔ مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ۔ الفَارِسَانِ: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصِّدَامُ۔ جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدْمَة۔ اسم مرۃ۔ دفعةً واحدةً کہا جاتا ہے "صَرَعَهٗ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَّدْمَتَانِ والصَّدِمَتَانِ۔ پیشانی کے دونوں جانب۔
الاَصْدَمُ۔ وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ۔ جنگجو بہادر۔
صَدَا يَصْدُوْا صَدْوًا وصَدًّى۔ بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ و صَدْيَان۔ مؤنث صَدْيَا و صَادِيَة ج صَوَادٍ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَانُ اِلَى حَدِيْثِكَ وَلِيَ اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِيَ الشَّيْءُ۔ لمبا ہونا۔
صَادَاهُ مُصَادَاةً۔ مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
الصَّدَى: الهَامَةُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا الهَامَة بولتے ہیں۔
صَدَّى تَصْدِيَةً۔ بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصْدَى اِصْدَاءً۔ مرنا الجَبَلُ: گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدَّى لَهٗ: درپے ہونا لِلْاَمْرِ: کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَّدَى۔ سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاء کہا جاتا ہے "هُمُ اليَوْمَ اَعْدَاءٌ وهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مردہ ہوں گے "و مَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا "و صُمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا "و اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کردے۔
الصَّدَى۔ الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ (ن) صَرًّا۔ الصُّرَّةَ: تھیلی کو باندھنا الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ: تھیلی میں رکھنا الفَرَسُ اُذُنَهٗ و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا النَّاقَةَ و بالنَّاقَةِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔
صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِيْرًا۔ الشَّيْءُ: چرچرانا الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا

ہونا۔ الْاُذُنُ: کان بجنا۔
صُرَّ. النَبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔
صَرَّتِ النَاقَةُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ رَاُذُنَه سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔
صَارَّہٗ مُصَارَّةً. عَلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔
اَصَرَّ. عَلَی الْاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا الفَرَسُ اُذُنَه و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔
الصِرُّ والصِرَّةُ. سردی۔ رِیْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِرَّةُ. چیخ۔
الصَرَّةُ. شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔
الصُرَّةُ. تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.
یَمِیْنٌ صِرّٰی. سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِیَ مِنِّیْ صِرّٰی" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔
الصَرَر. خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة.
الصَارُّ. فا. شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔
الصَارَّة. الصَارُّ: کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ.
الصَرُوْر والصَارُوْر والصَرُوْرِیّ والصَارُوْرِیّ. جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد وجمع دونوں کے لئے)
الصَارِیُّ. ملاح۔ ج صَرَارِیُّوْن.
الصِرَار. دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّة.
الصَرَّار. صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَیْلِ: جھینگر۔
اَلصَّرَارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔
الصَرارَة والصَرُورَة والصَارُوْرَة و
الصَارُوْرَاء. وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)
صَرَارُ اللَّیْلِ: ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔
الصَرِیْرَة: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر.
المَصَارُّ. آنتیں۔
المَصْرُوْر. مف. بندھا ہوا قیدی۔
صَرَبَ (ض) صَرْبًا. کاٹنا؛ کمانا؛ دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا الصَبِیُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔
صَرِبَ (س) صَرَبًا. اللَبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔
اَصْرَبَ. اِلَیْهِ مَالًا: دینا۔
صَرَّبَ. ترش دودھ پینا۔
اِصْطَرَبَ. اللَبَنَ فِي الْوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔
اِصْرَابَّ. الشَیْءُ: صاف اور چکنا ہونا۔
الصَرْب والصَرَب. بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ.
الصِرْب. غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔
الصَرِیْب. کھٹا دودھ۔ ج صُرُب.
المَصْرُوْب. مف. جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔
المِصْرَب. برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب.
صَرَّجَ. الحَوْضَ. حوض کو چونا؛ مٹی ملا کر بنانا۔
الحَوْضَ بِالنُوْرَةِ: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔
الصَارُوْج. چونا مٹی ملا ہوا (معرب)
صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً. صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِیْح جمع صُرَحَاء مؤنث صَرِیْحَةٌ.
صَرَحَ (ف) صَرْحًا. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَرَّحَ. المُتَکَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ: ظاہر کرنا الاَمْرَ: واضح کرنا۔ الاَمْرُ: واضح ہونا لازم و متعدی ہے۔ النَهَارُ. دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَامِی: تیر انداز کا خطا کرنا۔
اَصْرَحَ. الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً. کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَمَّهٗ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔
صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
اِنْصَرَحَ. الحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔
تَصَرَّحَ. الزَبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دور ہونا۔
الصَرْح. قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح.
الصَرْحَة. سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات.
الصَرْح والصَرَاح والصِرَاح والصُرَاح. خالص۔
الصَرَاحَة والصُرُوْحَة. خلوص۔ وضاحت۔
الصُرَاحِیَّة. مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِیَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُرَاحِی. واضح۔ ظاہر۔
یَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرَّحٌ. بے بادل کا دن۔
صَرَخَ (ن) صُرَاخًا وصَرِیْخًا. سخت چیخنا۔ فریاد کرنا القَوْمَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
اَصْرَخَهٗ. فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ. بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ وَاِصْطَرَخَ. القَوْمُ: چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ.

الصَّارِخ. فا. مرغ۔

اَلصَّارُوخ. راکٹ (دفاعی اسلحہ جو بم کو لے کر چلتا ہے)

میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں کے پیچھے دوڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔

الصَّارِخَة. الصَّارِخ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَّرَّاخ. بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَّرِيْخ. س۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاء.

صَرِدَ (س) صَرَدًا. السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا الرَّجُلُ: سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا السِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِیْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ (ن) صَرْدًا وَاَصْرَدَ. الرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ اَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

صَرَّدَ. الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا اَقْطَاءٌ کم دینا الرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔

الصَّرْد. محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ اُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ یَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مر گیا۔ اَرْضٌ صَرْدٌ سرد ملک۔ ج صُرُوْد. اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

الصَّرَد. بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔

الصَّارِد. فا. سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الصَّوَارِد. ٹھنڈی ہوائیں۔

الصُّرَد. لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان.

الصُّرَدَان. زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔

الصَّرِد. مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو مِنَ الرجال: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَی یَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔

الصُّرَّاد وَالصُّرَيْد. بے پانی کا پتلا بادل۔

نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ. سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.

المِصْرَاد. بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

سَهْمٌ مُصَرِّد. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

المُصْطَرِد. سخت غضبناک۔

صَرْصَرَ. الصُّرْدُ او الصَّقْرُ: آواز کرنا الرَّجُلُ: چیخنا الشَّیْءَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَر. مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (الصُّرْصُر) ج صَرَاصِر.

الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِيْر. جھینگر۔ جھیرا۔ الصُّرْصُوْر: کشتی۔

الصِّرَاط. راستہ۔ ج صُرُط۔

الصُّرَاط. لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا وَصِرْعًا وَمَصْرَعًا. پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا البَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ. مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَهُ. سخت پچھاڑنا الشِّعْرَ: مصرعے لگانا البَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَهُ صِرَاعًا وَمُصَارَعَةً. کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ وَاصْطَرَعَ. الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ. پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَاِلَيْهِ حَتّٰى اَجَابَنِیْ" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَّرْع. س۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج اَصْرُع صُرُوْع.

وَالصَّرْعَان: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ صَرْعَيِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِّرْع. س۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج اَصْرُع وَصُرُوْع. کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَان" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة. اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّبْرَعَة. جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة وَالصَّرَّاع وَالصُّرَّاعَة وَالصِّرِّيْع وَالصَّرُوْع. لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة: حلیم و بردبار۔ اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔

الصُّرُع جمع صُرُوْع کی ہے۔

الصِّرَاعَة. کشتی کا فن۔

الصَّرِيْع. زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰی. کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔

درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج صرع۔
المَصْرَع ۔ س۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔
المِصْرَاع مِنَ البَاب: دروازے کا ایک پٹ مِنَ الشِعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیْع۔
صَرَفَهٗ (ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَرَابَ: خالص شراب پینا "اَلدَنَانِیْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا المَالَ: خرچ کرنا الکَلِمَةَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔
صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا: بِنَابِهٖ: دانت پیسنا البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔
صَرَّفَهٗ: مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَيْءَ: بیچنا الدَرَاهِمَ: تبدیل کرنا الخَمْرَ: خالص شراب پینا الکَلَامَ: بات سے بات نکالنا ہ فِی الْاَمْرِ: سپرد کر دینا صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا۔ اللّٰهُ الرِیَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔
صَارَفَهٗ: مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَيْءِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔
اَصْرَفَهٗ عَنْ کَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔
اَصْرَفَ الشَرَابَ: کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔
اِنْصَرَفَ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الکَلِمَةُ: منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ: کمائی کرنے کیلئے پھرنا الدَرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَرَاهِمَ بِدِیْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ اللّٰهَ المَکَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔
الصَرْفُ: ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَهْرِ و صُرُوْفُهٗ: مصائبِ زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَیَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِیْثِ او الکَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔
الصِرْفُ: خالص۔ جیسے "شرابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔
الصَرْفَانِ الصِرْفَانِ: رات دن۔
الصَرَفَانُ: موت۔ پیتل۔ سیسہ۔
الصِرَافَةُ: صرافی کا پیشہ۔
الصَرْفَةُ: اسم مرة۔ گردش۔ مہرہ؛ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازلِ قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوھ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔
الصَرُوْفُ: وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔
الصَرِیْفُ: س۔ چاندی خالص۔ صَرِیْفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِیْفُ القَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (و المَصْرُوْف) ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَرِیْفَةُ: الصَرِیْف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صُرَافٌ و صَرِیْفٌ۔
تَصَارِیْفُ الدَهْرِ: مصائبِ زمانہ۔
الصَرَّافُ و الصَیْرَفُ و الصَیْرَفِیُّ: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَیَارِفَةٌ۔
الصَرَّافُ و الصَرْفِیُّ: علمِ صرف کا جاننے والا۔
المُتَصَرِّفُ: ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّةُ: ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

صَرْقَعَ اَصَابِعَهٗ: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَةٌ: گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَةً السَیْفُ: کاٹنا الرَجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا الحَبْلَ: توڑنا الشَيْءَ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهٗ: صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَهٗ مُصَارَمَةً: مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ الرَجُلُ: محتاج ہونا النَخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ الرَجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وَ اِنْصَرَمَ: کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ وَ اِنْصَرَمَتِ السَنَةُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ القَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔
اِصْطَرَمَ الشَيْءَ: کاٹنا۔
الصَرْمُ: س۔ کھال (معرب چرم) الصَرَّامُ: چرم فروش۔
الصِرْمُ: جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام وَ اَصَارِم و اَصَارِیْم و صُرْمَان۔
الصُرْمُ: س۔ بے تعلقی۔
الصِرْمَةُ: قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَارِمُ: فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَرَامَةُ: س۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ دھن کا پکا۔
الصَرُوْمُ: کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُرَام: جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَرِیْمُ: کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ زمین جس کی کھیتی

کٹ چکی ہو۔ غلّہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔
صَرِیْمَا اللیل: رات کا اوّل و آخر حصّہ۔ اَمْرٌ صَرِیْمٌ: لازمی امر۔
الصَّرِیْمة. عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّیْرَمُ. پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم. جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (والمُصْرَم) بہت بال بچّے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان. رات دن۔ کوّا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ بِوَحْشِ الاَصْرَمَیْن" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوّے ہیں۔
الصَّرْمَاء. الاَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
المَصْرِم. ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔
المِصْرَم. درانتی۔
الصُّرْنَایَة. بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَایَصْرُ واَصْرُوا. اِلَیْهِ: دیکھنا۔
صَرَی یَصْرِیْ صَرْیًا. الشَّیْئَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دُور کرے۔ صَرَی بَوْلَهٗ: پیشاب روک دینا۔ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔
الشَّیْئُ: بلند [illegible]نا۔ نیچے ہونا القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا بَیْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرَی صَرًی. المَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا فُلَانٌ فِیْ یَدِ فُلَان: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا الدَّمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَت واَصْرَت. النَّاقَة: اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّی تَصْرِیَةً. الشَّاةَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَّرَی. باقی ماندہ (الصِرٰی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرِیٌّ" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِی. فا. ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِیّ و صَرَارِیُون. بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ.
الصَّارِیَة. الصاری کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاة والصَّرَّی والمُصَرَّاة. مِنَ الشَّاةِ او النُّوق: وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تا کہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة. چبوترہ۔
المِصْطَب. لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح. خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلّہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ (ن) صَطْرًا. لکھنا۔
صَیْطَرَ. داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع. فصیح وبلیغ۔
الاَصْطُمَّة. چیز کا بڑا حصّہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوبَةً. عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ. مؤنث صَعْبَةٌ. ج صِعَاب.
اَصْعَبَ. الاَمْرُ: مشکل ہونا الشَّیْئَ: شکل پانا الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهٗ مُصَاعَبَةً. سختی کرنا۔
صَعَّبَهٗ. دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ. دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ. باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ. مشکل ہونا۔ الشَّیْئَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب. س۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب. دشوار۔ ج صُعُب.

الصُّعْبُوْب. دشوار۔
المَصَاعِب. سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب. سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِیْب. کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَعْتَرَ. النَّحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّیْئَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَر. پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِیّ. چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِی السُّلَّم: سیڑھی پر چڑھنا بِهٖ: چڑھانا (صُعُوْدًا) المَکَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ. فِیْ وعَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا فِی الوَادِی: وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِیْهِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ. مکّہ کو جانا فِی الاَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا فِی الوَادِی: وادی میں اترنا فِی العَدْوِ: تیز دوڑنا۔ه: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَّفِیْنَة: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اُڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ. چڑھنا۔ تَصَعَّدَهٗ و تَصَاعَدَهُ الاَمْرُ: دُشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصَّعَّدَ. چڑھنا۔
الصَّاعِدُ. فا. کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبارِ حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد. بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد. بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اُترا و "هٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد. مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِيد. مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان. مصر میں چند شعروں کا نام صَعِيد ہے۔

الصُّعُود. چڑھائی۔ خَمِيْسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیّدنا حضرت مسیح آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دُشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُدو اَصْعِدَة و صَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَأُرْهِقَنَّكَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء. غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاء. مشقت۔

الصَّعْدَة. اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات.

الصَّعُوْدَاء. دُشوار گزار گھاٹی۔

الْمُصَعَّد. مِنَ الْاَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

اَلتَّصَعُّدُ: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔ بغیر پگھلنے کے۔

اَلْمَصْعَد: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

اَلْمِصْعَدُ: بلند عمارت پر چڑھنے کے لئے لفٹ۔

جَبَلٌ مُصَعِّد. بلند پہاڑ۔

الْمِصْعَاد. درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر. مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر. رَاْسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ وصَاعَرَ و اِصْعَرَّ. تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتًا ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ. تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ. الشَّيْءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ. گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ واِصْعَرَّرَ. پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ. الْاِبِلُ. تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار. مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُوْر والصُّعْرُوْرُ. درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِيْر.

الصُّعْرُوْرَة. گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ. الْقَوْمَ. متفرق کر دینا۔ الشَّيْءَ. حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَاْسَهُ بِالدُّهْنِ. سر کو تیل سے چکنا کرنا۔

تَصَعْصَعَ. متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہوگئیں۔

الصُّعْصُع. متفرق (والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا. کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف.

اَصْعَفَ. الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَة. کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعْفَقِيّ. وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔ الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِيْق و صَعَافِقَة.

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ. بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا. الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا۔ الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (وصَعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَة وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِق. مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَهُ: قتل کرنا۔

الصَّعْق. س۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق. بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة. س۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق.

الْمَصْعُوْق. غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر. مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالَّ. چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل. مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل.

الصَّعْل. چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً. محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ. فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك. فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك وصَعَالِيْك. صَعَالِيْكُ الْعَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ. الرَّجُلُ. چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ. الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُو صَعْوًا. باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو. چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَة.

صَعْوَات. ممولا۔ ج صِعَاء واَصْعَاء. نَاقَة صَعْوَة. چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّعَب. جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصَغَارَة و صِغَرًا وصُغْرَانًا. چھوٹا ہونا۔

صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔
صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغَرًا۔ القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔
صَغَّرَو اَصْغَرَهٗ. چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهٗ فِي اَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الْاَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ الْقَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔
تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهٗ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہوگیا۔
اِسْتَصْغَرَهٗ. چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔
الصِّغْرَةَ. اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ اَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔
الصَّغَار والصُّغْر. ذلت۔ ظلم۔
الصَّغَارَة. چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔
الصُّغَار والصُّغْرَان. چھوٹا۔
الصَّاغِرُ. ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج /صَغَرَة و صَاغِرُوْن.
الصَّغِيْر. چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار و صُغَرَاء.
الْاَصْغَر. اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَةٌ واَصْغَرُوْن. مؤنث صُغْرٰى. ج صُغَر.
الْاَصْغَرَان. دِل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "المرء باصغريه" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دِل و زُبان سے وابستہ ہے۔
صَغَا يَصْغُوْ يصغى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغَى صَغًى وصُغِيًّا. اِلَيْهِ: جھکنا النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.
اَصْغَى اِصْغَاءً. اِلَى حَدِيْثِهٖ: کان لگانا اِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا الْاِنَاءَ: جھکانا الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغَى حَقَّهٗ" جبکہ حق گھٹا دیا۔
الصِّغْو. کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوَا الكَفِّ او المِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء.
صَاغِيَةُ. الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَكْرِمُوْا الرَّجُلَ فِيْ صَاغِيَتِهٖ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔
صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ. الشَّيْءَ: صف بنانا الْقَوْمَ میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا صَفَّ الْقَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحِهٖ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا الْاِبِلُ قَوَائِمَهَا: اُونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا السَّرْجَ: گدی بنانا۔
صَافَّ مُصَافَّةً. القَوْمُ فِي الْقِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا مُصَافِّي کہلاتا ہے۔
اَصَفَّ. السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ. القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ. القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفّ. سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف.
الصِّفَف. زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصُّفَّة. ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرْجِ او الرَّحْلِ: زین یا پالان کی گدی۔ صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُّفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف.
الصَّافَّ. فا. الصافةُ مِنَ الْاِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ. الصَّافَّات: فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوْفٌ. بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔
الصَّفِيْف. خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
الصَّفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر ٹوکرہ بنانے کے کام آتا ہے۔
المَصَفّ. صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.
تَصَفَّتَ. الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔
الصِّفِتّ والصِّفِتَّان والصِّفِتَان. بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔
صَفَحَ (ف) صَفْحًا. عَنْهُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهٖ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَيْتُهٗ فِيْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ۵ بِالسَّيْفِ: تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا الشَّيْءَ: چوڑا کرنا النَّاسَ: لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا وَرَقَ المُصْحَفِ: ایک ایک ورق کو پیش کرنا فِي الْاَمْرِ: غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَّاقَةُ وغَيْرُها. دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِح.
صَفَّحَ. الشَّيْءَ: لمبا چوڑا کرنا المَكَانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔
صَفَّحَ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔
اَصْفَحَ. السَّائِلَ: محروم واپس کر دینا الشَّيْءَ: اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا. ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ. الشَّيْءَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا القَوْمَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ. القَوْمُ: بایکدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَّفْح. جانب مِنَ الوَجْهِ: رخسارہ مِنَ الاِنْسَانِ: پہلو مِنَ السَّيْفِ. چوڑا پہلو۔ ج صِفَاح. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَّفْحَة. مِنَ الشَّيْءِ: جانب۔ چہرہ مِنَ الكِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات.
الصَّفْحَان والصَّفْحَتَان. رخسارے۔
الصُّفْح. چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِّفَاح والصَّفَح. رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَّفِيْح. آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَّفِيْحَة. چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ ج صَفِيْح و صَفَائِح.
الصَّفَائِح: سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُّفَّاح. پتلے چوڑے پتھر۔ اونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحات صَفَافِيح.
الصَّفَّاح والصَّفُوْح. معاف کرنے والا۔
الصَّفُوْح بمعنی کریم۔
المُصْفَح. چوڑا۔ الٹا جھکا ہوا مِنَ الوُجُوْهِ: ملائم و خوبصورت مِنَ الاُنُوْفِ: ستواں ناک مِنَ الرُّؤُوْسِ: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل مِنَ القُلُوْبِ: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں مِنَ النَّاسِ: جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّح. چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔
المُصَفِّحَة والمُصَفَّحَة. تلوار۔ ج مُصَفِّحَات و مُصَفَّحَات.
صَفَدَهُ (ض) صَفْدًا و صُفُوْدًا و صَفَّدَهُ. قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔
اَصْفَدَهُ. قید کرنا مَالًا: دینا۔
الصَّفَد. بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔ الصِّفَاد. ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهِ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفْرًا. پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا و صُفُوْرًا و صُفُوْرَة الاِنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ او اِنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہوگیا۔
صَفَّرَ. الشَّيْءَ: زرد کرنا الثَّوْبَ: زرد رنگنا البَيْتَ: خالی کرنا لِلدَّابَّةِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا بِالدَّابَّةِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصْفَرَ. محتاج ہونا الاِنَاءُ: خالی ہونا البَيْتَ: خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا. زرد رنگ ہونا۔
الصَّفْر والصِّفْر والصُّفْر. خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُّفْر. سونا۔ پیتل۔
الصِّفْر. زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔
صَفَر. قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار
الصَّفَرَان. عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہور اسلام کے بعد محرم ہوگیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔
الصَّفَر. س۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلَى شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصَفَرِي" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔
الصَّفِر. خالی۔ ج اَصْفَار. کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَارٌ" خالی برتن۔
الصُّفَيْرَاءُ: ایک درخت جس کے پتے سبز زردی مائل ہوتے ہیں۔
اَلْبَابَانِيَّة: زینب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پر نما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔
الصَّفْرَة. ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَة. زردی۔ سیاہی۔
مِصْفَار: ایک قسم کی مچھلی۔
الصِّفْرِيت. کثیر العیال محتاج۔ ج صَفَارِيت.
الصَّفَرِيّ والصَّفَرِيَّة. فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الصُّفَار. آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کیچوا۔ پیٹ کے

کپڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (والصِفار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُفَارۃ. مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَفِیْر. ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَفِیْر: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔
الصَفَّار. ٹھٹھیرا۔
الصَفَّارۃ. سیٹی۔ مقعد۔
الصَفَّارِیَّۃ. زرد پروں کا پرندہ۔
الصَافِر. سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْفَر. زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر.
الصُفْر. دنانیر۔
الاَصْفَرَان. زعفران اور سونا۔
الصَفْرَاء. مؤنث اَصْفَر. سونا۔ پِت۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر. فا. محتاج۔
المَصْفُوْر والمُصَفَّر. بھوکا۔
الصِفْرِد. ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ. الرَجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔
الصُفْصُف. چڑیا۔
الصَفْصَفَۃ. بیابان۔
الصَفْصَاف. بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَۃ.

صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا. تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهُ و تَصَافَعَا. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَفْعَان والمَصْفَعَانِی. جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا. تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) الرَجُلَ عَنْ مُرَادِهٖ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا الطَائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا عَیْنَہٗ: آنکھ بند کر دینا العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا القَدَحَ. پیالہ بھرنا الشَرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا لَهٗ بِالبَیْعِ و صَفَقَ عَلٰی یَدِهٖ و صَفَقَ یَدَهٗ بِالبَیْعَۃِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا الرَجُلَ: جانا ہ بِالسَیْفِ: تلوار مارنا الرِیْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَۃٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ (ک) صَفَاقَۃً. الرَجُلُ: بے حیا ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهُ. باز رکھنا۔ اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَرَابَ بمعنی صَفَقَ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے الثَوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ. الطَائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا الرَجُلُ یَدَیْهِ: تالی بجانا حَوْلَ الشَیْئِ: طواف کرنا الرَجُلُ: جانا الشَرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ. الرَجُلَان عِنْدَ البَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

صَافَقَ الرَجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا. بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ. القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ. الرَجُلُ: تردد کرنا لِلْاَمْرِ: درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ. واپس ہونا۔ پھر جانا القَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ. العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا الاَشْجَارُ: حرکت کرنا النِسَاءُ عَلَی المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الصَفْق. گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔
صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف۔
صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔
صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق.
الصِفْق. دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔
الصَفْقَۃ. خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَۃٌ رَابِحَۃٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَۃٌ خَاسِرَۃٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَفَق. گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔
الصِفَاق. کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق.
الصَافِقَۃ. نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔
الصَفَّاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔
الصَفُوْق. بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.
الصَفَائِق. آنے جانے والے قافلے۔
الصَفَائِق والصَوَافِق. مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَّفِيْق. بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔

المَصْفَق. راستہ۔

المُصَافِق. فا. ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا مِنَ الْإِبِل: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر دے مارنا (صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ. القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ. القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَّفَن. خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دستر خوان مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ ج صُفْن وصُفُن واَصْفَان و صُفْنَان.

الصُّفْن. چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفْنَة. ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دستر خوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن. ج اَصْفَان وصُفْنان الصَّفَنَة. خصیہ کی تھیلی۔

الصَّافِن. پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُوْن.

صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا. صاف ہونا الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔

صَفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صُفُوْتٌ صَفَاوَةً النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً. اَلشَّيْءَ: صاف ستھرا کرنا۔

اَصْفٰى اِصْفَاءً. فُلَانًا الوُدَّ: واَصْفٰى لَهُ الوُدَّ. خالص محبت کرنا اَلَّذِيْ يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ اَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "اَنَا شَاكِرُكَ الَّذِي يَصفي و شاعرك الذى لا يصفي" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رکتا نہیں۔ اَصْفٰى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا الشَّيْءَ: کل لے لینا۔

صَافٰى مُصَافَاةً. فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔

تَصَافٰى. القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

اِسْتَصْفٰى. المَالَ: کل لے لینا الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاه واصْطَفَاه" یعنی چن لینا۔

الصَّفْو. س. خالص محبت (الصَّفْوَة والصِّفْوَة والصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي. صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابر و باد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَّافِيَة. زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافِي.

الصِّفْوَة. خالص دوست۔ طرزِ صفائی۔

الصِّفْوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهٖ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَّفَاء. جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَّفَاة. ج صَفَاء صَفَوَات جج اَصْفَاء و صُفِيٌّ و صِفِيّ.

الصَّفْوَانَة. ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَّفْوَاء. ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَاتَنْدَى صَفَاتُه" مراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهٗ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَّفْوَان. چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔

الصَّفِيّ. مخلص ~~دوست ج اَصْفِيَاء.~~

مؤنث صَفِيَّةٌ. ہر چیز کا خالص حصہ۔

الصَّفِيّ والصَّفِيَّة. مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔

الصَّفِيَّة. زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفایا۔

المِصْفَاة. چھننا۔ ج مَصَافٍ.

المُصْطَفٰى. برگزیدہ۔ چنا ہوا۔

صَقِبَ (س) صَقَبًا. المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔

صَقَبَه (ن) صَقْبًا. تھپڑ مارنا الشَّيْءَ: جمع کرنا البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

صَاقَبَهٗ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً. قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ صِقَابًا یعنی رو در رو ملاقات کی۔

اَصْقَبَهٗ. نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَّيْءُ.

قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اصقبك الصید" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔

الصقب۔ مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صقوب لمبا۔ ج صقاب و صقبان۔

الصقب والصقب۔ قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "داری من دارہ بصقب" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجار احق بصقبہ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔

الصیقبانی۔ عطر فروش۔

الصقح والصقحۃ۔ گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔

الاصقح۔ گنجا۔ مؤنث صقحاء جمع صقح۔

صقرہ (ن) صقرا۔ بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صقرنی بکلامہ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی۔ بہ الارض: زمین پر پٹک دینا۔ الحجارۃ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔

صقر و صقر۔ النار: آگ کو جلانا۔

صقرت (ن) صقرا و صقرۃ و اصقرت۔ الشمس او النار: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صقرتہ الشمس: آفتاب کا جھلس دینا۔

صقر (ن) صقرا و اصقر اللبن: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔

تصقر۔ شکرہ سے شکار کرنا۔ بالمکان۔ مکان میں ٹھہرنا۔ تصقرت و اصطقرت النار: آگ کا جلنا۔

الصقر۔ گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔ ج اصقر و صقور و صقورۃ و صقار و صقارۃ و صقر۔ کہا جاتا ہے "صقر صاقر" یعنی تیز نگاہ والا۔

الصقر۔ بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صقور و صقار۔

الصقر والصقر۔ شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "ھذا التمر اصقر من ذاك" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔

الصقرۃ۔ بہت کھٹا دودھ۔

صقر۔ طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔

الصقر۔ من الرطب او الزبیب: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ امرأۃ صقرۃ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جاء بالصقر والبقر او بالصقاری والبقاری" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصقرۃ۔ پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔

الصقرۃ۔ حوض کا بقیہ پانی۔

الصاقور۔ ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (والصاقرۃ) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔

الصقار۔ چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

صقعہ (ف) صقعا۔ سر پر مارنا۔ صقع بہ الارض: پچھاڑ دینا۔ الرجل: جانا۔ کہا جاتا ہے "ما ادری این صقع" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا۔ الحمار بکیہ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے صقعتہ الصاعقۃ بمعنی صعقتہ الصاعقۃ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔

صقع (ف) صقعا و صقاعا و صقیعا الدیك: مرغ کا بانگ دینا (صقعا و صقاعا) بصوتہ: آواز بلند کرنا۔

صقع (س) صقعا۔ الرجل: بیہوش ہونا۔ الفرس او الطائر: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اصقع۔ صقعت البئر: کنواں گر جانا۔

صقع واصقع۔ المکان: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔

صقع لفلان: کسی کے لئے قسم کھانا۔

اصقع۔ الرجل: یخ پر چلنا۔ الصقیع الارض: یخ پڑنا۔

الصقع۔ جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع۔

الصقع۔ سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔

الصقع۔ گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مکان صقع: پالا زدہ جگہ۔

الصقعۃ۔ گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔

الصقعاء۔ مؤنث اصقع کا۔ آفتاب۔

الصاقع۔ جھوٹا۔ کہتے ہیں "صہ صاقع" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔

الصاقعۃ۔ مؤنث صاقع کا۔ بجلی۔

الصقاع۔ برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صقاع الخباء وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔

الصقیع۔ یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔

المصقع۔ فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مصاقع۔

صوقعۃ۔ سر پر مارنا۔

الصوقعۃ۔ عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔

صَیَّرَہٗ و اَصَارَہٗ اِصَارَۃً. ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَیَّرَہٗ. مشابہ ہونا۔
الصَّیْر. انجام۔
الصِّیْر. کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَلٰی صِیْرِ الْاَمْرِ" یعنی فلاں کام کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔ دروازے کی جھری۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔ یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِّیَار. گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِّیَارَۃ والصِّیْرَۃ. گائے بکریوں کا باڑہ۔ ج صِیْر و صِیَر.
الصَّائِرَۃ. خشک گھاس۔
الصَّیِّر. جماعت۔ قبر۔
الصَّیُّوْر. عقل رائے (الصَّیُّوْرَۃ) انجام کار۔
المَصِیْر. انجام کار۔ پانی کا منتہی۔ ج مَصَائِر.
الصِّیْصَۃ والصِّیْصِیَۃ. کپڑا بننے والے کا کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔ گڑھی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج صَیَاصِی.
صَاعَ یَصِیْعُ صَیْعًا و اَصَاعَ. الغَنَم. متفرق کرنا القَوْمَ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَصَیَّعَ. الماءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ. الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔ الطَّیْرُ: فضاء آسمانی میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا و صَیَّفَ و تَصَیَّفَ و اِصْطَافَ. المَکَانَ: موسم گرما میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّعَامُ یُصَیِّفُنِی" یعنی یہ کھانا میرے لیے گرم موسم گرما بھر کیلئے کافی ہے۔
صَافَ (ض) صَیْفًا و صَیْفُوْفَۃً. السَّھْمُ عَنِ الْھَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا عَنِی وَجْھَہٗ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ و صُیِّفَ. المَکَانُ او الرَّجُلُ: مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔ صفت مفعولی۔ مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ و مُصَیَّفٌ۔
صَایَفَہٗ مُصَایَفَۃً و صِیَافًا. موسم گرما کے لیے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَۃً. بڑھاپے میں شادی کرنا یا بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا القَوْمُ: زمانہ گرمی میں داخل ہونا اللّٰہُ عَنْہُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو دور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَّابَّۃُ: جانور کا گرمی کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْف. موسم گرما۔ ج اَصْیَاف.
الصَّیْفَۃ. موسم گرما۔ یہ صَیْف سے اخص ہے۔ ج صِیَف.
الصَّیِّف والصَّیِّفَۃ. موسم گرما کی بارش۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَیِّفَۃٌ غَزِیْرَۃٌ" ہم پر موسم گرما کی کثیر بارش ہوئی۔
الصَّیْفُ والصَّیْفِی. گھاس جو موسم گرما میں اگتی ہے۔
الصَّائِف والصَّاف. گرم۔
صَیْفٌ صَائِفٌ. تاکید کے موقعہ پر بولا جاتا ہے جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ.
الصَّائِفَۃ. مؤنث الصَّائِف کا۔ موسم گرما کا وقت۔ گرمی کے زمانے میں جنگ۔ "صَائِفَۃُ الْقَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج صَوَائِف.
المَصِیْف والمُتَصَیَّف والمُصْطَاف. موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ المَصِیْف: ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْیَاف. زمین جس میں روئیدگی موخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں بارش زیادہ ہوئی ہو۔ ج مَصَائِیف.
المَصَایِیْف. وہ بچے جو گرمی میں پیدا ہوں۔
الصِّیق. چڑا چڑے۔ ج صِیْقَان. پسینہ۔ بدبو۔ آواز (والصِّیْقَۃ) وہ غبار جو فضاءِ آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَق.
صَاكَ یَصِیْكُ صَیْكًا. بِہٖ الطِّیْبُ او الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ. لَہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصِّیْم. بہت سخت۔
الصِّیْن. ملک چین۔
الصَّوَانِی. چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّۃ.
الصِّیْنِیَّۃ: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو پیش کرنے کے لیے بنایا گیا ہو۔

ض

ض: الضاد: پندرھواں حرف بنیادی حروف سے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۸۰۰) ہے۔

الضِئْب. ایک دریائی جانور۔ موتی۔

الضُوْبان. موٹا قوی مرد یا اُونٹ۔

ضَأَدَ(ف) ضَأْدًا. خصومت میں غالب آنا۔

ضُئِدَ ضُؤَادًا. زکام زدہ ہونا۔

اَضْأَدَهُ اِضْآدًا. زکام میں مبتلا کرنا۔

الضُؤْد والضِؤْدَةُ والضُؤْدَةُ. زکام۔

المَضْؤُود. زکام زدہ۔

ضَأَزَهُ(ف) ضَأْزًا و ضَأَزًا ظلم کرنا۔

ضَأَزَهُ حَقَّهُ: حق گھٹانا۔

قِسْمَةٌ ضُوْزَى و ضَأْزَى و ضِئْزَى. ناقص تقسیم۔

الضَيْأَز. کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الضُوْزَة. حقیر مرد۔

ضَأْضَأَ ضَأْضَاةً وضَوْضَأَ ضَوْضَاةً. القَوْمُ فِي الحَرْبِ: قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔

الضَأْضَأ والضَوْضَأ والضَوْضَى. لڑائی کا شور۔

الضُؤْضُؤ والضِئْضِئ. اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُؤْضُؤ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔

ضَئِطَ (س) ضَأَطًا. الرَجُلُ: چلنے میں مونڈھے اور جسم کو حرکت دینا۔

ضُئِكَ. زکام زدہ ہوا۔ الضُؤَاك: زکام۔

ضَؤُل (ک) ضَآلَةً وضُؤُوْلَةً. لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔

ضَاءَلَ. شَخْصَهُ: اپنے آپ کو حقیر کرنا۔

تَضَاءَلَ. حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ الشَیْءُ: سکڑنا۔

اِضْطَأَلَ. چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضْطَئِل.

الضَئِيْل. چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دُبلا۔ ج ضُؤَلَاءُ و ضِئَال و ضَئِيْلُوْن.

الضُؤَلَة. کمزور۔ دُبلا۔

الضَئِيْلَة. ضَئِيل کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔

ضَأَنَ (ف) ضَأْنًا. الضَأْنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔

اَضْأَنَ اِضْآنًا. بہت بھیڑ والا ہونا۔

الضَأْن. بھیڑ۔ دُنبہ۔

الضَّأنِيُّ: مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت

الضَائِن. کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اُون والا۔ بھیڑ' دُنبہ۔ ج ضُأْنٌ و ضَأْنٌ و ضَئِيْن و ضِئِيْن.

الضَائِنَة. مؤنث ضَائِن ج ضَوَائِن.

الضِئْنِيِّ. وہی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔

ضَأَى يَضْأَى ضَأْيًا. الرَجُلُ: جسم کا لاغر ہونا۔

ضَبَّ (ض) ضَبًّا. چپ ہونا۔ النَاقَةَ. اُونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا عَلَى الشَیْءِ: جمع کرنا الشَیْءُ: زمین سے چمٹنا عَلَيْهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضِبُّ فُوْهُ او تَضِبُّ لِثَاتُه بِكَذَا اَوْ عَلَى كَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (ضَبًّا و ضَبِيْبًا) الرِيْقُ اَوْ الدَم: تھوک یا خون بہنا۔

ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا و ضُبُوْبًا الشَفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔

ضَبُبَ يَضْبُبُ وضَبِبَ يَضْبَبُ ضَبَابَةً: المَكَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ.

ضَبَّبَ. عَلَى الشَیْءِ: سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا۔ ضَبَّبَ عَلَى الضَبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔

ضَبَّبَ البَابَ. دروازے میں بلی لگانا۔

اَضَبَّ. خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا۔ (ضد) المَاءُ او الرِيْقُ: پانی یا تھوک بہنا اليوم: دن کا کہر والا ہونا المَكَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا الشَعْرُ: بال کا زیادہ ہونا۔ القَوْمُ: کسی کام کے لیے اکٹھا اُٹھ کھڑا ہونا۔ القَوْمُ فِي بُغْيَتِهِمْ: حصول مطلب کیلئے متفرق ہونا۔ اَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے

طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا.الماءَ او
الدَمَ: بہانا.عَلَی الاَمْرِ: حاوی ہونا.عَلَی
الشَّیْ: چھپانا.عَلَی المَطْلُوْب: کامیابی
کے قریب ہونا.اَضبّوْا عَلَیْہِ: بھیڑ کرنا۔
اَضَبَّ عَلٰی مَا فِیْ نَفْسِہٖ: جو کچھ دِل میں
ہو اس پر خاموش رہنا.عَلٰی غَلٍّ فِیْ قَلْبِہٖ:
کینہ کو دِل میں پوشیدہ رکھنا۔
تَضَبَّبَ. الصبِیُّ: بچّے کا موٹا ہونے لگنا۔
الضَبُّ. گوہ۔ ج اَضُبٌّ و ضُبّان و
ضِبَّاب و مَضَبَّۃٌ. عرب کہتے تھے "لَا
اَفْعَلُہٗ حَتّٰی یَرِدَ الضَبُّ" یعنی میں یہ کام
نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے
اس لیے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر
نہیں آیا کرتی۔
بَقْلَۃُ الضَبِّ. ایک خوشبودار نباتات۔
الضَبُّ. اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔
اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا
مرض جس سے خون بہے۔
الضَبُّ والضِبُّ. پوشیدہ کینہ۔ ج
ضِبَاب. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ"
یعنی دغا باز حیلہ گر مرد۔
الضَبَّۃ. ضَبّ کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس
کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔
دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج
ضِبَاب.
الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ: وہ اُونٹ جس کو
(ضب) کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء.
ج ضُبٌّ.
الضَبُوْبُ. تھن میں تنگ سوراخ والی
بکری۔
ضَبِیْبُ. السَیْفِ: تلوار کی دھار۔
الضَبَابَۃ. کہرا. ج ضَبَاب.
الضَبِیْبَۃ. ایک قسم کی خوراک جو گھی اور
کھجور کے شیرہ سے بچّوں کے لیے تیار کی
جاتی ہے۔
اَرْضٌ مَضَبَّۃٌ. زیادہ گوہ والی زمین۔ ج
مَضَابٌّ.

المِضْبَاب. بخیل۔
ضَبَأَ (ف) ضَبْأً و ضُبُوْءًا. الرَجُلُ: زمین
یا درخت سے چمٹنا. صفت ضَبِیٌّ الصَائِدُ:
شکاری کا فریب دینے کے لیے چھپنا.ہ
بالاَرْضِ: چمٹنا.اِلَیْہِ: پناہ لینا.مِنْہُ: شرم کرنا
عَلَی القَوْمِ: اچانک آجانا۔
اَضْبَأَ. الشَّیْ: چھپانا.عَلَیْہِ: خاموش رہنا
اور چھپانا.مَا فِیْ یَدِہٖ و عَلَیْہِ: پکڑے رکھنا۔
اِضْطَبأَ اِضْطِبَاءً. مِنْہُ: چھپنا۔
الضَابِیْ. راکھ۔
المَضْبَأ. چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِی.
ضَبَثَ (ض) ضَبْثًا و اضْطَبَثَ بالشَّیْ و
عَلَیْہِ: سختی سے قبضہ کرنا.ضَبَثَ بِہٖ: حملہ
کرنا.ضُبِثَ عَلَیْہِ: مارا جانا۔
الضَبْثَۃ. قبضہ۔ ج ضَبَثَات و اَضْبَاث.
الضُبَّاث. شیر کے پنجے۔
الضَبَّاث و الضَبِث و الضَبُوْث. شیر۔
المَضَابِث. چنگل اور شیر کے پنجے۔
مِضْبَث. واحد۔
ضَبَحَ (ف) ضَبْحًا و ضُبَاحًا.
الخَیْلُ فِیْ ورِدھا: گھوڑے کا دوڑنے کی
حالت میں جوف سے آواز نکالنا.
(ضُبَاحًا) الاَرْنَبُ و الثَعْلَبُ و القَوْسُ:
آواز کرنا.ضَبْحًا النَارُ العُوْدَ: آگ کا
لکڑی کو متغیر کر دینا۔
ضَابَحَہ. رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔
بُرا بھلا کہنا۔
اِنْضَبَحَ. لَوْنُہٗ: راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔
تَضَابَحَا. ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ بُرا
بھلا کہنا۔
الضَبْحَاء. کمان کہ جس میں آگ کا اثر
ہو۔
الضِبْح. راکھ۔
المَضْبُوْح. سنگستان کا پتھر۔
ضَبَدَ (ن) ضَبْدًا. تر اور گدر کھجوروں کو
ملانا۔
ضَبَّدَہٗ. غصّہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَبَد. غُصّہ۔ غضب۔
ضَبَرَ (ن) ضَبْرًا. الحِجَارَۃَ: تہ بتہ
رکھنا.الکُتُبَ: جمع کرنا یا بنڈل بنانا.ضَبْرًا
و ضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَیَّدُ: ٹانگوں کو
جمع کرنا اور کودنا۔
ضَبَّرَ. الشَّیْ: جمع کرنا۔
الضَبْر. لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر
کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر
داخل ہو کر جنگ کے لیے قلعے کے قریب
پہنچتے تھے۔ ج ضُبُوْر. الضَبْر: فقر فرسّ
ضَبْرٌ: گھوڑتام الخلقۃ.
الضَبْر والضَبِر. جنگلی اخروٹ کا
درخت۔
الضِبْر. بغل۔
الضِبَار والضُبَار. کتابیں۔ ان کا واحد
نہیں۔
الضَبَارَۃ. خلقت کی مضبوطی۔
الضِبَارَۃ والضُبَارَۃ. کتابوں کا بنڈل یا
تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر.
الاِضْبَارَۃ. کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا
گٹھا۔ ج اَضَابِیْر.
الضِبَارَۃ. لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے
ہیں "رَأَیْتُھُمْ یَخْرُجُوْنَ مِنَ المَکَانِ
ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ
لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔
الضِبِّر. بہت زیادہ کودنے والا۔
الضَبِیْر والضَبُوْر. سخت۔ شیر۔
الضُبَّار. ملوط کی مانند ایک درخت۔ واحد
ضُبَّارَۃ.
المِضْبَر. کودنے والا۔ شیر.المضبور.
وارنتی۔
ضَبَزَہٗ (ض) ضَبْزًا. کنکھیوں سے تیز
دیکھنا۔
الضَبِز والضَبِیْز. مِنَ الذِئَاب: تیز نظر
بھیڑیا۔
ضَبَسَ (ن) ضَبْسًا عَلَی الغَرِیْمِ:
قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَت(س) ضَبْسًا. نَفْسُه: جی کا بگڑنا اور متلانا۔
الضَبْس. بخیل۔
الضِبْس. شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسُ شَرٍّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔
الضَبِس. سخت مزاج۔ فریبی۔
الضَبِيْس. سخت مزاج۔ گراں تن۔ گراں جان۔ بزدل۔ بیوقوف۔
ضَبَطَهُ(ن ض) ضَبْطًا و ضَبَاطَةً. لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا العَمَلَ: مضبوط کرنا الكِتَابَ: تصحیح کرنا۔ اعراب لگانا عَلَيْهِ: گرفتار کرنا۔
ضَبِطَ(س) ضَبَطًا. دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت اَضْبَط مؤنث ضَبْطَاء. ج ضُبْط.
ضُبِطَتِ. الاَرْضُ. زمین پر بارش ہونا۔
تَضَبَّطَ. زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَ الضَانُ: موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔
اِنْضَبَطَ: قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔
الضَبْط. مص. روک۔ گرفتاری۔
الضَابِط. فا. قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جنرل۔ ج ضُبَّاط (والضَابِطَة) عِنْدَ العُلَمَاء وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
اَلضَّابِطِيَّةُ واحد: الضابطي۔
حاکم کا لشکر جن سے مال کو جمع کرنے، حفاظت کرنے اور مجرمین وغیرہ کو حکومت کے سامنے حاضر کرنے کی خدمت لی جاتی ہے۔
الضَابِطُ والاَضْبَط. شیر۔
ضَبَعَ(ف) ضَبْعًا و ضُبُوْعًا و ضَبَعَانًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا القَوْمُ الصُلْحَ: صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَه ضَبْعًا: مارنے کیلئے ہاتھ بڑھانا الرَجُلُ: ظلم کرنا عَلٰى فلان: بددعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
ضَبَّعَ الرَجُلُ: بزدل ہونا۔ ضَبَّعَتِ الخَيْلُ والاِبِلُ: چال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔
ضَابَعَه مُضَابَعَةً. ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَجُلُ: مصافحہ کرنا۔
اِضْطَبَعَ. بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر ڈالنا الشَيْءَ: بغل میں لینا۔
الضَبْع والضَبُع. بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاع واَضْبُع وضُبُع و ضُبُوْعَة و ضَبُعَات و مَضْبَعَة اور تصغیر ضبع کی اُضَيْبِع۔ خلاف قیاس اور کبھی مادہ کے لیے ضَبُعَة کا استعمال کیا جاتا ہے اور دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة(دھاری دار) ضبع رقطاء(خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔
الضَبْع. بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔
الضَبْع والضِبْع والضُبْع. جانب۔ کنارہ۔ ج اَضْبَاع.
الضَبُع. قحط کا سال۔
الضَبْع والضِبَاع. دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا۔
الضِبْعَان. نر بجو۔ مثنی. ضِبْعَان. ضِبْعَانَان غلط ہے۔ ج ضَبَاعِيْن. مؤنث ضِبْعَانَة ج ضَبَاعِيْن و ضِبْعَانَات.
الضَابِع. فا مِنَ الخَيْلِ والاِبِلِ: تیز دوڑنے والا۔ ج ضُبَّع.
ضَبَنَ(ن) ضَبْنًا. المَكَانُ: تنگ ہونا۔ صفت ضَبِنٌ عَنْهُ الهَدِيَّةَ: ہدیہ کو روک دینا۔ منع کرنا۔ ضَبَنَه: بغل اور پہلو کے درمیان اُٹھانا۔
اَضْبَن واِضْطَبَنَ. بغل اور پہلو کے درمیان اُٹھانا۔
الضِبْن. بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ ضِبْنِ فُلَان او ضِبْنَتِه" یعنی فلاں آدمی فلاں کی پناہ میں ہے۔
الضَبْنَة والضِبْنَة والضُبْنَة. بال بچے۔
الضَبْنَة والضَبِنَةُ. بیوی۔
الضِبْن والمَضْبُوْن. لنجا۔
ضَبَا يَضْبُوْ ضَبْوًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ ضبته النار: آگ کا بھون دینا اور متغیر کر دینا۔
اَضْبٰى. الشَيْءَ: اٹھانا۔ روکنا۔ عَلَيْهِ: فتح مندی کے لیے جا پہنچنا۔
الضَابِي. فا. راکھ۔
الضَبْوَة. عِنْدَ العَامَةِ: تمباکو کیلئے چمڑے کا بٹوہ اور صحیح لفظ الضَبَّةہے اور ممکن ہے کہ یہ ظَبْيَةکی تحریف ہو۔
المُضْبَاة. بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
المَضْبَاة. بھوبھل میں روٹی پکانے کا گڑھا۔
ضَجَّ (ض) ضَجًّا و ضَجِيْجًا و ضَجَاجًا و ضُجَاجًا. چیخنا۔ شور مچانا۔
اَضَجَّ اِضْجَاجًا. القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
ضَجَّجَ. الرَجُلُ: جانا اور مائل ہونا الطَائِرَ و نَحْوَهُ: زہر دینا۔
ضَاجَّه ضِجَاجًا و مُضَاجَّةً. جھگڑا کرنا اور شور مچانا۔
الضَجَّة. چیخ و پکار۔ شور۔
الضَجَاج. ہاتھی دانت۔ ایک قسم کا مہرہ۔
الضِجَاج. گوند جو کھایا جاتا ہے۔ ہر اس درخت کا پھل جو پرندوں یا درندوں کو بطور زہر کے دیا جائے۔
الضَجُوْج مِنَ النُوْقِ: دودھ دوہتے وقت چلانے والی اُونٹنی۔
الضَجَّاج. بہت شور مچانے والا۔
ضَجِرَ (س) ضَجَرًا و تَضَجَّرَ. مِنْهُ: تنگ دِل ہونا۔ بے قرار ہونا۔ زچ ہو جانا۔ صفت ضَجِر.
اَضْجَرَهُ. ستانا۔ زچ کر دینا۔ بے قرار کر دینا۔ تنگ دِل کر دینا۔
الضَجَر. غم کی وجہ سے تنگ دِلی۔ بے قراری۔
الضَجِر. تنگ مکان۔

الضُجْرَةُ. بے قراری۔ تنگ دلی۔

الضَجُوْر والضَجِرَة. بہت بے قرار۔ بہت تنگ دل۔

المُضْجِر. بے قرار کرنے والا۔ تنگ دل کرنے والا۔ ج مَضَاجِر و مَضَاجِیر۔

ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا و ضُجُوْعًا وانْضَجَعَ واضَّجَعَ واضْطَجَعَ. پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

اَضْجَعَهٗ. پہلو کے بل لٹانا۔ الشَئی: پست کرنا۔ الحَرْفَ: حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا۔ جوَالِقَهٗ: بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَعَتِ الشَمْسُ: غروب کیلئے مائل ہونا (و تَضَجَّعَ) فِيْ الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهٗ. ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع. کہا جاتا ہے ''ضَاجَعَهُ الهَمُّ'' یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ عَنِ الْاَمْرِ: غفلت کرنا۔

الضَجْعُ. س۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔

الضَجْعَة. صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔

الضِجْع. جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے ''ضِجْعُهٗ اِلَيَّ'' یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِجْعَة. پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔

الضُجْعَة. رائے کی کمزوری (و الضُجَعة والضُجْعِی والضِجْعِی والضُجْعِيَّة والضِجْعِيَّة) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔

الضَاجِع. فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بیوقوف مِنَ الدَّوابّ. بے برکت جانور مِنَ النُجُوْم: غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع. رَجُلٌ ضَاجِعٌ بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے ''اَرَاكَ ضَاجِعًا اِلَيْهِ'' یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَاجِعَة. مؤنث ضَاجِع. نہر کا دہانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (والضَجْعَاء) زیادہ بکریاں۔

الضَجُوْع والمَضْجُوْع. کمزور رائے والا۔ الضَجُوْع: مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔

الضَجِيْع. ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِيْعَة.

المَضْجَع. خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع.

اَلْمُضْطَجَع. خواب گاہ۔ مَضَاجِعُ الغَيْث: بارش کی جگہ۔

ضَجِم (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ: منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اَضْجَم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے ''فِيْ فَمِهٖ ضَجَمٌ'' یعنی اس کے منہ میں کجی ہے۔

تَضَاجَمَ الفَمُ: منہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الاَمْرُ بَيْنَهُمْ: مختلف فیہ ہونا۔

الضِحُّ. آفتاب کی روشنی۔ جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔

ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ. السرابُ: سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ ضَحْضَحَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔

الضَحْضَح. تھوڑا پانی۔

الضَحْضَاح تھوڑا پانی یا نایاب پانی۔ بہت اُونٹ۔

ضَحِكَ (س) ضَحِكًا و ضِحْكًا و ضِحِكًا و ضَحْكًا. ہنسنا۔ کہا جاتا ہے ''ضَحِكَ مِنْهُ و بِهٖ و عَلَيْهِ'' اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہوگئے۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا السَحَابُ: بادل کا چمکنا۔ الطَرِيْقُ: راستہ کا ظاہر ہونا۔ ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَبَاتِ: اُگانا۔ الشَيْبُ بِرَاسِهٖ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ طَلْعُ النَخْلَةِ: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (ضَحِكًا) الرَجُلُ: تعجب کرنا۔

ضَاحَكَهٗ. ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ہنسی میں غالب آنا۔

اَضْحَكَهٗ. ہنسانا۔ اَضْحَكَ الحَوْضَ: لبریز کر دینا۔

تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ واسْتَضْحَكَ. ہنسنا۔ و تَضَاحَكَ الرَجُلُ: بتکلف ہنسنا۔ تَضَاحَكَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہنسانا۔

الضَحْكُ. س۔ سفید دانت۔ گلی۔ جھاگ۔ برف۔ درمیان راستہ۔ تعجب۔ شہد یا شہد مع موم کے۔ کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔

الضَاحِك. فا۔ ہنسنے والا۔ پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر۔ کہا جاتا ہے ''لَهٗ رَاْيٌ ضَاحِكٌ'' یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔

الضَاحِكَة. مؤنث ضَاحِک۔ دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ ج ضَوَاحِك. کہا جاتا ہے ''اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهٖ'' اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔

الضُحَكَة والضُحُكَة والضَحَّاك والضَحُوْك والمِضْحَاك. بہت زیادہ ہنسنے والا۔ الضَحُوْك والضَحَّاك: درمیان۔ راستہ۔ الضَحُوْك کی جمع ضُحُك.

الضُحْكَة. جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔

الضُحَكَة. جو لوگوں پر ہنسے۔

الاُضْحُوْكَة. وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ ج اَضَاحِيْك.

ضَحِلَ (ف) ضَحْلًا. الغَدِيْرُ: تالاب کا پانی کم ہونا۔ الماءُ: پانی کا پایاب ہو جانا۔ کہا جاتا ہے ''مَا اَضْحَلَ خَيْرَكَ'' یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔

الضَحْل. پایاب پانی۔ ج ضِحَال واَضْحَال و ضُحُوْل.

المَضْحَل. وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔

ضَحَا يَضْحُو ضَحْوًا و ضُحُوًّا وضُحِيًّا الرَجُلُ: دھوپ کھانا۔ الشَئُ: دھوپ کا لگنا۔ الطَرِيْقُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا

ہے "ضَحَا ظِلُّہٗ" یعنی مر گیا اور یہ الہٰی کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِيَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔

ضَحِيَ يَضْحَى ضَحًا و ضَحَاءً. دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ ضَحِيَتِ اللَّيْلَةُ: بے بادل کا ہونا۔

ضَحّٰى تَضْحِيَةً. فُلَانًا: چاشت کے وقت کھانا کھلانا بِالشَّاةِ: بقر عید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔ الْغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا الرَّجُلَ: فدیہ ہو جانا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔ اِلَيْهِ: بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

ضَاحٰی مُضَاحَاةً. الرَّجُلَ: چاشت کے وقت آنا۔

اَضْحٰی. چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحٰی يَفْعَلُ كَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کَانَ جیسا عمل کرتا ہے) الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: دُور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَى اللهُ ظِلَّكَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دُور کر دے۔ مُراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے۔

تَضَحّٰى تَضَحِّيًا. چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔

اِسْتَضْحٰى اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا۔

الضَّحَاءُ. چاشت کا وقت۔

الضَّحْوُ الضَّحْوَةُ. چاشت کا وقت۔

الضُّحٰى. چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِكَلَامِهٖ ضُحًى" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں۔

الضَّحْيَانُ. چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْيَانَةٌ۔

الضَّحِيَّةُ. دن کا □ بلند ہونا۔ قربانی کی بکری۔ ذبیحہ۔ ج ضَحَايَا۔

الْاَضْحَاةُ. قربانی۔ ج اَضْحًى۔

الْاُضْحِيَّةُ الْاِضْحِيَّةُ: قربانی۔ ج اَضَاحِيُّ. يَوْمُ الْاَضْحٰى. قربانی کا دن۔

الْاَضْحٰى مِنَ الْخَيْلِ. سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْيَاءُ۔

الضَّاحِي. فا. دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِي الْجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ۔

الضَّاحِيَةُ. مؤنث ضاحی۔ ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ج ضَوَاحٍ. ضَوَاحِي الْبَلْدَةِ: اطراف شہر۔ ضَوَاحِي الْحَوْضِ: حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ ضَاحِيَةً" یعنی اعلانیہ کیا۔ شَجَرَةٌ ضَاحِيَةُ الظِّلِّ. بے سایہ درخت۔

يَوْمٌ اِضْحِيَانٌ. بے بادل کا دن۔

لَيْلَةٌ اِضْحِيَانَةٌ و اِضْحِيَّةٌ. چاندنی رات۔

اَرْضٌ مَضْحَاةٌ. سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔

ضَحَّ (ن) ضَحًّا. الْمَاءَ: پانی گرانا۔

ضَحَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْضَحَّ الْمَاءُ: گرنا۔

الْمِضَحَّةُ. پچکاری۔

ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَيْنَهٗ. آنکھ نکال لینا۔

ضَخُمَ (ک) ضَخَامَةً و ضِخَمًا. موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ. ج ضِخَامٌ مؤنث ضَخْمَةٌ. ج ضَخْمَاتٌ.

ضَخَّمَہٗ. موٹا بنانا۔

الضُّخَامُ. ہر شے کا بڑا۔

الْاَضْخَمُ. موٹا۔ زیادہ موٹا۔

الْمِضْخَمُ. بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔

ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِي الْخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ـہٗ عَنْ كَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا الْقِرْبَةَ: مشک کو بھر دینا۔

ضَادَّهٗ مُضَادَّةً. مخالفت کرنا۔

اَضَدَّهٗ. غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔

تَضَادَّا تَضَادًّا. ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

الضِّدُّ. مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَادٌ و ضِدٌّ.

الْاَضْدَادُ. ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔

الضَّدِيْدُ. ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضَدِيْدَ لَهٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔

ضَدِيَ يَضْدٰى ضَدًى. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِيَةٌ. ج ضَوَادٍ و ضَادِيَاتٌ.

ضَادَاهُ مُضَادَاةً. مخالفت کرنا۔

اَضْدٰى اِضْدَاءً. الْاِنَاءَ: برتن کو بھر دینا۔

ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا. فُلَانًا و لِفُلَانٍ: نقصان دینا ہٗ اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔

ضَرَّ. بَصَرُهٗ: اندھا ہونا۔

ضَارَّهٗ ضِرَارًا و مُضَارَّةً. نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَهٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔

ضَرَّرَهٗ تَضْرِيْرًا. بہت زیادہ نقصان دینا۔

اَضَرَّهٗ. تکلیف پہنچانا ہٗ عَلَى الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِهٖ: بہت قریب ہونا اِلَيْهِ و عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بَعْدُوِهٖ: کچھ تیز دوڑنا عَلَى السَّيْرِ الشَّدِيْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا الرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔

تَضَرَّرَ. نقصان پہنچنا۔

اِضْطَرَّهٗ. اِلٰى كَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔

اُضْطُرَّ. مجبور کیا جانا۔

اِسْتَضَرَّ. بہٖ: نقصان پہنچنا۔

الضَّرُّ والضُّرُّ والضَّرَرُ. نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج اَضْرَارٌ. اور عوام کے استعمال میں ضرہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ ذَرٌّ ہے۔

الضِّرُّ والضُّرُّ. سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں

میں ایک مصیبت ہے۔
الضَرَّاء. سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔
الضُرَّة. جانی و مالی نقصان۔
الضَرَّة. حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مالِ کثیر۔
ضَرَّةُ المرأة. سوکن۔ ج ضَرائِر. کہا جاتا ہے "بَیْنَهُم دَاءُ الضَّرائِر" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔
الضَارُّ. نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔
الضَرُوْرَة والضَارُوْرَة والضَارُوْر والضَارُوْرَاء. حاجت۔ الضَارُوْرَة بمعنی ضرر۔
الضَرَارَة. اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَرِیْر. اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء واَضْرَار مؤنث ضَرِیْرَة. ج ضَرائِر.
الضَرِیْر. غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ ضَرِیْر و ذُوْ ضَرِیْر عَلَی الشَّیْ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِیْر" یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَرُوْرِیُّ. جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
التَضِرَّة والتَضُرَّة. بدحالی۔
المَضَرَّة. نقصان۔ ج مَضَارّ.
ضَرَأ (ف) ضَرْأً. الشَّیْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضَرَأَتْ اِنْضِرَاءً. الاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا۔ الشَّجَرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا. الشَّیْءُ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا۔ الجُرْحُ او الضِرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا۔ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا۔ اللَّیْلُ: رات طویل ہونا۔ الزَّمانُ: گزرنا۔ الطَّیْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا۔ ہ: مارنا۔ ہ البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَیْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْکَبُوْتُ نَسِیْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ: مدت مقرر کرنا۔ المَثَلَ: مثال بیان کرنا۔ الدِرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا۔ الخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا۔ الصَّلاةَ: نماز قائم کرنا۔ الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا۔ الحَاسِبُ کَذَا فِی کَذَا: ضرب دینا۔ الجِزْیَةَ عَلَیْهِم: جزیہ مقرر کرنا۔ عَلَیْهِمُ الذِلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا۔ لَهُ سَهْمًا مِنْ مَالِهِ: مال سے حصہ مقرر کرنا۔ عَلٰی یَدِهٖ: روک دینا۔ القَاضِیُ عَلٰی یَدِهٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بنفسه الاَرْضَ: اقامت کرنا۔ فِی المَاءِ: سفر کرنا۔ تیرنا۔ بَیْنَهُمْ: فساد کرا دینا۔ فُلانًا عَنْ فُلانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا۔ بِیَدِهٖ: اشارہ کرنا۔ عَنْ فُلانٍ کَذَا: روک لینا۔ الدَّهْرُ بَیْنَنَا: جدا کر دینا۔ بالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا۔ عَلٰی اُذُنِهٖ: سننے سے منع کرنا۔ عَلَی المَکْتُوْبِ: مہر لگانا۔ فِی البُوْقِ: بگل بجانا۔ اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جِرْوَتِیْ" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِی الاَرْضِ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔
ضَرِبَ (س) ضَرَبًا. النَّبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔
ضُرِبَتِ الاَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔
ضَرَّبَہٗ: بہت مارنا۔ الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا۔ المِظَلَّةَ بالخُیُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا۔ النَّجَّادُ المُضَرَّبَةَ: درزی کا رضائی کو سینا۔ ضَرَّبَتْ عَیْنُهٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَیْنَهُمْ: بھڑکا دینا۔ فِی الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔
ضَارَبَہٗ مُضَارَبَةً وضِرَابًا: ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَہٗ و ضَارَبَ لَهُ فِی المَالِ و بالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔
اَضْرَبَ فِی المَکَانِ: اقامت کرنا۔ سر جھکانا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔ القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا۔ الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَأْشًا لِاَمْرِ کَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔
تَضَرَّبَ. الشَّیْءُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔
تَضَارَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔
اِضْطَرَبَ. متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ الاَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔ فِی اُمُوْرِہٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہوگیا۔ مِنْ کَذَا: تنگ دل ہونا۔ فُلانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔
اِسْتَضْرَبَ. العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔
الضَرْبُ. مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب. خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے۔ فِی العُرُوْضِ: فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جزء۔ ج ضُرُوْب واَضْرُب واَضْرَاب. دِرْهَمٌ ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُالضَّرْبِ: ٹکسال۔
الضَرَبُ والضَرْبُ. سفید گاڑھا شہد۔
الضَرْبَةُ. اسم مرة۔ دفعۃً واحدۃً۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِیْ عَلَیْكَ اِلَّا ضَرْبَةً

وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔
الضَرَبَان۔ ـس۔ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ: زمانے کے حوادث۔
الضروب والضرب۔ مارنے والا۔
الضَرّاب۔ زیادہ مارنے والا۔
الضَارِب۔ فا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب۔ الطَيْرُ الضَوَارِب: خوارک تلاش کرنے والے پرندے۔
الضَرِيْب۔ مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء پٹا ہوا۔ ج ضَرْبی قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ؛ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائب۔
الضَرِيْبَة۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ضَرِيْبَتُهُ الَّتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ مِنَ السَّيْفِ: دھار مِنَ الصُوْفِ و نَحْوِهٖ: اُون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب۔
المَضْرِب۔ مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (والمَضْرَبُ) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب۔
المِضْرَب والمِضْرَاب۔ مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ المِضْرَب: بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب۔
المُضْرِب والمُضْرِبَة مِنَ الحَيَّاتِ: غیر متحرک سانپ۔
مَضْرِبَةُ السَّيْفِ ومَضْرَبَتُهُ۔ تلوار کی دھار۔
بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ۔ سلا ہوا بچھونا۔
المُضَرَّبَة۔ دلائی۔ رضائی۔
ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا۔ الشَّيْءَ: پھاڑنا الثَّوْبَ بِالدَّمِ: خون میں لتھیڑنا الشَّيْءَ اِلَى الأَرْضِ: ڈالنا۔
ضَرَّجَهُ۔ لتھیڑنا ضَرَّجَ الثَّوْبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو الاَنْفَ بِالدَّمِ: خون آلود کر دینا الکَلَامَ: آراستہ کرنا الاِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔
ضَرَّجَ واَضْرَجَ۔ الجَيْبَ: لٹکانا۔
تَضَرَّجَ۔ پھٹنا الزَّهْرُ: پھول کا کھلنا الشَّيْءُ: لت پت ہونا الخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا المَرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔
اِنْضَرَجَ۔ پھٹنا لَنَا الطَّرِيْقُ: کشادہ ہونا مَا بَيْنَ الْقَوْمِ: دوری ہونا۔
اِنْضَرَجَتِ العُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
الضَرِيْج۔ ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيْجٌ۔ تیز دوڑ۔
الاِضْرِيْج۔ زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِضْرَج۔ پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج
المَضَارِج: مشقتیں۔
عَيْنٌ مَضْرُوْجَةٌ۔ بڑی خوبصورت آنکھ۔
الضَرْجَع۔ چیتا۔ ج ضَرَاجِع۔
ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا۔ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اُتار دیا۔ القَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ: میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔
ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوْحًا و ضَرْحًا۔ السُّوْقُ: کساد بازاری ہونا ضَرْحًا و ضِرَاحًا۔ الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا۔ دولتی مارنا۔
ضَارَحَهُ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔
اَضْرَحَهُ۔ فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوْقَ: کساد بازاری کرنا۔
اِنْضَرَحَ۔ الشَّيْءُ: پھٹنا مَا بَيْنَ الْقَوْمِ۔ دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔
اِضْطَرَحَ۔ الشَّيْءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
الضُرَاح۔ چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾
الضَرْح۔ ـس۔ کھال۔ دوری۔ وحشت۔
الضَرِح۔ خراب آدمی۔ نِيَّةٌ ضَرَحٌ: دور دراز کا ارادہ۔
الضَرُوْح مِنَ الدَّوَابِّ: دولتی مارنے والا جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوْحٌ: زور سے پھینکنے والی کمان۔
الضَرِيْح۔ دور۔ قبر۔ ج ضَرَائِح
المُضَرَّح والمَضْرَحِيّ۔ شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المَضْرَحِيّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔
ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا۔ الشَّيْءَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا الرَّجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔
ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا۔ الاَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔ ضَرِسَهُ۔ الزَّمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔ ضَرَّسَهُ الحُرُوْبُ او الاَيَّامُ: تجربہ کار کر دینا۔
اَضْرَسَ۔ الحَامِضُ الاَسْنَانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ہٗ: رنجیدہ کرنا ہٗ بِالْكَلَامِ: خاموش کر دینا۔
ضَارَسَهُ۔ لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَارَسَ الاُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔
تَضَارَسَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِنَاءُ: ناہموار ہونا۔
الضِرْس۔ ڈاڑھ کے دانت۔ ج اَضْرَاس۔
الضِرْس۔ ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوْس۔
الضَرِس۔ سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔
الضَرُوْس۔ مِنَ النُّوْقِ: وہ اونٹنی جو

ڈوبنے والے کو کاٹ کھائے۔ حرب ضروس: سخت جنگ۔
الضَّرِيْس. پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرَاسِي۔
الْمُضَرَّس. مصیبت زدہ۔ مِنَ الوَشْيِ: وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِي اليَاقُوْتَةِ تَضْرِيْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِيْس: تَضَارِيْسُ الاَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔
الضِّرْضِم. شیر۔ نر درندے۔
ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِيْطًا. گوز کرنا۔
ضَرِطَ (س) ضَرَطًا. ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط.
ضَرَّطَ واَضْرَطَ. الحِمارُ: بہت گوز کرنا۔ ضَرَّطَ واَضْرَطَ الحِمارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔
مُضَرِّطُ الحِجَارَةِ: حیرۃ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔
الضَّرَّاط والضَّرُوْط والضِّرُّوْط. گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔
الضُّرَّيْط. موٹا۔ کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَّيْطٌ و نَعْجَةٌ ضُرَّيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَّيْطٌ والقَضَاء ضُرَّيْط یا الاَخْذُ سُرَيْطَى والقَضَاء ضُرَّيْطَى یا الاَخْذُ سِرِّيْطَى والقَضَاء ضِرِّيْطَى یا الاَخْذُ سُرَيْطَاء والقَضَاء ضُرَيْطَا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔
اَوْدَى البَعِيْرُ اِلَّا ضَرِطًا. مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہوگیا ہو اور سب کچھ ضائع ہوگیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرِطًا واَنْتَ الاَعْلَى. مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔
الضُّرَاط والضَّرِيْط. گوز۔
ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا. مِنَ الشَّيْئِ: قریب ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
ضَرَعَ (ن) ضَرْعًا. فَرَسَهُ: سدھانا۔
ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً و ضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً. کمزور ہونا۔ اِلَيْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع و ضَرِعٌ. ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْع و ضَرَعَة.
ضَرَّعَ. مِنْ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضَرَّعَتِ الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُّبُ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔
ضَارَعَهُ. مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔
اَضْرَعَتْ الشَّاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء و ضَرُوْع و ضَرِيْع وضَرِيْعَة: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اترنا۔ اَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا لِفُلَانٍ مَالًا کسی کے لیے مال خرچ کرنا الحُمَّى فُلَانًا. کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمَّى اَضْرَعَتْنِي لِلنَّوْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلَى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔
تَضَرَّعَ. ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا اِلَى اللهِ: عاجزی سے دعا کرنا الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔
تَضَارَعَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔
اِسْتَضْرَعَ. لَهُ انکساری کرنا؛ ذلیل ہونا۔

الضَّرْع. تھن۔ ج ضُرُوْع.
الضِّرْع. مثل۔ رسّی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع.
الضَّرَع. مرد کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ و قَوْمٌ ضَرَعٌ".
الضَّارِع. لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔
الضَّرْعَاء والضَّرِيْعَة. مِنَ الشَّاءِ والبَقَرِ: بڑے تھن والی۔
الضَّرُوْع: بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔
الاَضْرَع. لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔
الْمُضَارِع. مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔
ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ. شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔
الضِّرْغَم. شیر۔ ج ضَرَاغِم.
الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة. شیر۔ بہادر۔ قوی۔
الضَّرْف. عِنْدَ العَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔
الضُّرْفَة. کثرت۔
ضَرْفَطَهُ. بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔
ضَرُكَ (ک) ضَرَاكَةً. بیوقوف ہونا۔
الضَّرِيْك. احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك و ضُرَكَاء.
الضِّرَاك. موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔
ضَرِمَ (س) ضَرَمًا. بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَت النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا فِي الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَم و ضَرَّم واِسْتَضْرَمَ النَّارُ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَت وتَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔ تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَيْه: غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔ اِضْطَرَمَ المَشِيْبُ: بڑھاپا آجانا۔

الضُرْم والضِرْم. ایک خوشبو دار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِرْم: عقاب کا بچہ۔

الضَرَم. بھوک کی وجہ سے غصہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِيْ غَيْرِ ضَرَم" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضِرِم. بھوکا۔ عقاب کا بچہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَرَمَة. چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم. کہا جاتا ہے "مَا فِيْ الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِرَام. بھڑک۔ جلن۔ کورا۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔

الضِرَامَة. لکڑی جو مشتعل ہو۔ بطم کا درخت۔

الضَرِيْم. جلا ہوا۔

الضِرْيَم. ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا يَضْرُو ضُرُوًّا. العِرْقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو الرَّجُلُ: چھپنا۔

ضَرِي يَضْرَى ضَرَاوَةً و ضَرًى و ضَرْيًا و ضَرَائَةً بالشَّيْ: حریص ہونا (ضَرًى و ضِرَاءً و ضَرَاءً) الكَلْبُ بالصَّيْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِيٌّ و ضَارٍ. مؤنث ضَارِيَة. ج ضَوَارٍ. ضَرِيَ النَّبِيْذُ: جھاگ والا ہونا۔

ضَرَّى واَضْرَى. الكَلْبَ بالصَّيْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَى الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔

اِسْتَضْرَى. لِلصَّيْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَرَاء. س۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الضَرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔

الضَرَى. س۔ لڑائی کی شدت۔

الضِرْو. شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة. ج ضِرَاء و اَضْرٍ. ایک قسم کا درخت۔

الضَرِيُّ: ایک قسم کی نبیذ۔

الضَوَارِي. جمع ضارِي مِنَ الحَيْوَانَاتِ. درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔

ضَرَى يَضْرِي ضَرْيًا. العِرْقُ بِالدَّمِ رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِيٌّ.

ضَزَّ (س) ضَزَزًا. بد خلق ہونا۔

اَضَزَّ عَلَيْه: بخل کرنا۔ اَضَزَّهُ: پینا۔

الاَضَزّ. بد خلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزّ.

المُضِزّ. بد خلق۔ غضبناک۔

ضَزَنَهُ (ن ض) ضَزْنًا. جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔

تَضَازَنَ. القَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔

الضَيْزَن. قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔

ضَعْضَعَهُ. زمین تک ڈھا دینا۔

تَضَعْضَعَ. فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دُبلا ہونا مالُهُ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔

الضَعْضَع والضَعْضَاع. کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔

الضَعْضَعَة. س۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهُ (ف) ضَعْطًا. ذبح کرنا۔

ضَعُفَ (ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ (ک) ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً. کمزور ہونا۔

ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا. القَوْمَ: زیادہ کرنا الشَّيْ: دوچند کرنا۔

ضَعَّفَهُ. دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔

ضَعَّفَ الحَدِيْثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا (و تَضَعَّفَهُ واسْتَضْعَفَهُ) ضعیف سمجھنا۔

اَضْعَفَهُ. دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف. قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہیے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰهُ" سے مسعود نہ کہ مُسْعَد. اَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔

ضَاعَفَهُ. دوچند کرنا۔

تَضَاعَفَ. دوچند ہونا۔

الضَعْف والضُعْف. کمزوری۔

ضِعْفُ. الشَّيْ: دوچند اور یا دو چند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَكَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف اَضْعَافُ الكِتَابِ: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔

الاَضْعَاف مِنَ الجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔

الضَعْف. کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔

مُضَاعَف عَدَد صَحِيْح: ایک عدد صحیح کو دوسرے صحیح عدد میں ضرب دینے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

مُضَاعَف اَصْغَر: ضرب دینے کے بعد سب سے چھوٹا عدد جو پورا پورا تقسیم ہو جائے۔

مضاعف مشترک جو کئی پر تقسیم ہو جائے۔

الضعفان. کمزور۔ ج ضعافى.

الضعوف. کمزور۔

الضعيف. کمزور۔ ج ضعاف و ضعفاء.

و ضَعَفَة و ضَعْفٰی مؤنث ضَعِيْفَة.
الضَعِيْفُ مِنَ الكَلَامِ درجہء فصاحت سے گرا ہوا کلام۔
المُضَاعَفَةُ مِنَ الدُرُوْعِ: ایسی زرہ جس کے حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَعَّفَة. زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَعِلَ (س) ضَعَلًا. ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔
ضَغَا يَضْغُوْ ضَغْوًا. پوشیدہ ہونا۔
اَضَغَّ. القَوْمُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضَغَّتْ واِضْطَغَّتِ الاَرْضُ. سبزہ زار ہونا۔
الضَغِيْغ. تروتازگی۔
الضَغِيْغَة. سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مختلط جماعت۔
ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا. بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَغِيب والضُغَاب. خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔
الضَغْبُوْس. لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ ہلیون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِيْس.
ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا. الحَدِيْثَ: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا الشَيْءَ: جمع کرنا۔
اَضْغَثَ. الحَالِمُ الرُؤْيَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَّثَ. النَبَاتَ: سبزی کا مٹھا بنانا۔
اِضْطَغَثَ. الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضِغْث. تر و خشک گھاس کا مٹھا۔
مِنَ الخَبَرِ والاَمْرِ: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاث. اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ: گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جاسکے۔
كَلَامٌ ضَغِثٌ و ضَغْثٌ. ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

التَضْغِيْث. بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضَغَطَه (ف) ضَغْطًا واَضْغَطَه. بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهٗ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَةً. ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا. تنگی کرنا۔
اِنْضَغَطَ. مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ. عَلَيْهِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُغْطَة. تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَغْطَة. قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ القَبْرِ. فشار قبر۔
الضَاغِط. فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَاغُوْط. کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَغِيْط. کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطٰی مؤنث ضَغِيْطَة.
اَلْمِضْغَط: ہواء، فضا اور موسم کو معلوم کرنے کا آلہ۔
المَضْغَط. پست زمین۔ ج مَضَاغِط.
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا. الشَيْءَ و بِهٖ: بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهٗ ضَغْمَةَ الاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُغَامَة. دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَيْغَم. شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَيَاغِم.
الضَيْغَمِيُّ. شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغَنًا. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهٗ. بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ ضَغِيْنَتَه" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِغْنُ. کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔

بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان.
الضَاغِن والضَغِن. کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِن: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِن: ٹیڑھی لکڑی۔
الضَغِيْنَة. کینہ۔ ج ضَغَائِن.
ضَغَا يَضْغُوْا ضَغْوًا. المُقَامِرُ: خیانت کرنا اِلَيْهِ: عاجزی کرنا (ضَغْوًا وضُغَاءً) السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاه اِضْغَاءً. میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغٰی. بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُغَاء. س۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ. (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا. القَوْمُ عَلَی المَاءِ او الطَعَامِ: بھیڑ کرنا (ضَفًّا) الشَيْءَ. جمع کرنا۔
تَضَافَّ. القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔
الضَفَّة. جماعت۔
الضَفَّة والضِفَّة. دریا کا کنارہ۔
مِنَ البَحْرِ: سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف.
الضَّفَف. مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَفَافَة. بے عقل۔
عَيْنٌ ضَفُوْف. بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف. جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهٗ (ض) ضَفْدًا. طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا الرَجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِفْدِع. مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِي اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَة.
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ. الحَبْلَ: رسّی بٹنا الشَعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔
الرَجُلُ: دوڑنے میں کودنا الدَابَّةَ: جانور

کے مُنہ میں لگام دینا۔

ضَافَرَہٗ. عَلَی الْاَمْرِ: مدد کرنا۔

تَضَافَرُوْا. عَلَی الْاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِنْضَفَر. گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الْحَبْلَان" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔

الضَفْر. س۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہوگیا ہو۔ ج ضُفُوْر و اَضْفَار۔

الضِفَار. کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر۔

الضَفِرَة. ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہوگیا ہو۔ کِنَانَة ضَفِرَة: بھرا ہوا ترکش۔

الضَفِیْر. گندھے ہوئے بالوں کی رسّی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔

الضَفِیْرَة. گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر. کہا جاتا ہے "کِنَانَةٌ ضَفِیْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔

ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا. کودنا فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا الفَرَسَ: گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا البَعِیْرَ: اُونٹ کے مُنہ میں زبردستی لقمہ دینا۔

اِضْطَفَزَہٗ. زبردستی نگلنا۔

الضَفَّاز. چغل خور۔

الضَفِیْزَة. بڑا لقمہ۔ ج ضَفَائِز.

ضَفْضَفَة. اَلْقَوْمِ: جماعت۔ قوم۔

ضَفَطَهُ (ن) ضَفْطًا. بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا الرَّجُلُ: حاجت پوری کرنا بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا۔

ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَةً. ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔

تَضَافَطَ. اللَّحْمُ: گوشت کا گُتھا ہوا ہونا۔

الضَفْطَة. جہالت۔ کمزوری رائے۔

الضَافِط. فا۔ مسافر جس کا سفر دُور کا نہ ہو۔

الضَافِطَة. مؤنث ضَافِط. بار برداری کا اُونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتربان۔

الضَفَّاط والضِفَط والضَفِیْط. موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بیوقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتربان۔

الضُفَّاط. کمینہ آدمی۔

الضَفَنْط. موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔

ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا. اِلَیْهِ: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا بِحَاجَتِهٖ: حاجت پوری کر دینا۔ بِرِجْلِهٖ: لات مارنا مَعَ الضَعِیْفِ: ساتھ آنا بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا فُلَانًا: چوتڑ پر لات مارنا عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔

تَضَافَنَ. اَلْقَوْمُ عَلَیْهِ: مل کر مدد کرنا۔

الضِفْن والضِفَنّ. بیوقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔

ضَفَا یَضْفُوْ ضَفْوًا. الرَّاسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا الثَوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ.

الضَفَا. جانب۔ مثنی ضَفَوَان.

ضَفْوَةُ. العَیْشِ: خوش عیشی۔

ضَقَّ (ض) ضَقًّا. آواز کرنا۔

ضَکَّهُ (ن) ضَکًّا. بھینچنا الاَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا ہٗ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا۔

ضَکَزَہٗ (ن) ضَکْزًا. زور سے چھونا۔

الضَکْل. تھوڑا پانی۔

الضَیْکَل. بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا۔ فقیر۔ ج ضَیَاکِل و ضَیَاکِلَة.

الاَضْکَل. ننگا۔

ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا وضَلَالَةً. گمراہ ہونا۔ دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضَالٌّ. ج ضُلَّال و ضَالُّوْنَ الطَّرِیْقَ او عَنْهُ. ہدایت نہ پانا الشَیْءُ عَنْهُ: ضائع ہونا بیکار جانا۔ ضَلَّ سَعْیُهٗ: کامیاب نہ ہونا الشَیْءُ: تلف ہونا الرَّجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا الرَّجُلَ: بھول جانا۔

ضَلَّلَهٗ تَضْلِیْلًا و تَضْلَالًا. گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔

اَضَلَّ. الشَیْءَ: ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا ہٗ اللهُ: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا فُلَانٌ فَرَسَهٗ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا الشَیْءَ او الرَّجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "اَتٰی قَوْمَهٗ فَاَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔

تَضَالَّ. گمراہی کا دعوی کرنا۔

اِسْتَضَلَّ. گمراہ ہونے کو کہنا۔

الضَلّ والضُلّ والضَلَال والضَلَالَة. گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ اَضْلَالٍ او ضِلُّ اَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔

الضَلَل. گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔

الضَلَّة. اسم مرۃ۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔

الضِلَّة. گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہوگیا۔ "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "هُوَ تِبْعُ ضِلَّة" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ یَلُوْمُنِی ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔

الضُلَّة. کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلِیْلٌ بِهٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔

الضَالَّة. مؤنث ضَالّ. گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوَالّ.

الضِلِّیْل. بہت زیادہ گمراہ۔

الاُضْلُوْلَة. گمراہی۔ ج اَضَالِیْل.

المَضَلّ. جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔

المُضِلُّ فا۔ سراب۔
المَضَلَّة والمَضِلَّة. گمراہی۔ اَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "اَرْضُوْنَ مَضَلَّات۔"
المُضَلَّل. بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔
ضَلُعَ(ک) ضَلاعَةً. قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلِيْع.
ضَلَعَ(ف) ضَلْعًا. الشَّيَّ: ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت ضَالِعٌ الرَّجلَ: پسلی پر مارنا عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضِلَعًا. پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَا قِيْمنَّ ضَلَعَكَ او ضَلْعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا۔ ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔
ضَلَّعَه. جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔ ضَلَّعَ الثَّوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا۔
اَضْلَعَهُ. جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کر دیا۔
تَضَلَّعَ. شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ العُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔
اِضْطَلَعَ. قوی ہونا بِحَمْلِهِ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔
الضَّلْع. میلان و ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلْعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔
الضِّلْع والضِّلَع. پسلی (مؤنث) اَضْلُع و ضُلُوْع و اَضْلَاع. کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى ضِلْعٍ جَائِرَةٍ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلَع والضِّلع مِنَ البِطِّيْخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ و نَحْوِهٖ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضِّلَع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال اَبرو۔
المِضْلَعَة. جانب۔
الضِّلَعَة. ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔
الاَضْلَع. مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع.
الضُّلُوْع. زمین کا ڈھلوان۔
الضَّلِيْع. مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلْع مؤنث ضَلِيْعَة رَجل ضَلِيْعُ الفَم: بڑے منہ والا۔ قَوْس ضَلِيْعٌ و ضَلِيْعَةٌ و مَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔
المُضْلِع مِنَ الاَحْمَال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔
المُضَلَّع. پہلوؤں والا مِنَ الثِّيَاب. دھاری دار کپڑا۔
اَلْمُضَلَّعُ او ذُو الاَضْلَاع: (ہ) خط منکر اور اس کے قطعات کو اضلاع اور اطراف اضلاع کو رؤس بولتے ہیں۔
اَلْمُضَلَّعُ الْمُنْتَظِمُ: وہ خط جس کے اضلاع برابر ہوں اسی کو محدب اور مجی بولتے ہیں۔
اَلْمُضَلَّعُ الرُّبَاعِيّ: چار اضلاع والا۔
اَلْمُضَلَّعُ الْخُمَاسِيّ: پانچ اضلاع والا
اَلْمُضَلَّعُ السُّدَاسِيّ: چھ اضلاع والا
ضَمَّ (ن) ضَمًّا. الشَّيَّ: جمع کرنا الشَّيَّ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا عَلَى الشَّيِّ: قبضہ کرنا فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّه اِلَى صَدْرِهٖ. معانقہ کرنا الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَه عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔
ضَامَّه. اِلَيْهِ: ملانا۔
اَضَمَّهُ. الشَّيَّ اِلَى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔
اِنْضَمَّ. ملنا عَلَى كَذَا: مشتمل ہونا۔
تَضَمَّمَ. الشَّيَّ: پوری طرح سے شامل ہونا۔
اِضْطَمَّهُ. اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔
الضَّمُّ والضَّمَّةُ. پیش کی حرکت۔ الضَّمَّةُ. گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔
الضِّمَام. ملانے کا ذریعہ۔
الضُّمُوْم. دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔
الضَّمِيْم. ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَة.
الاِضْمَامَة. جماعت۔ ج اَضَامِيْم مِنَ الكُتُب. کتابوں کا بنڈل۔
المُنْضَمّ. عَلَى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔
ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ. جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔
ضَمَجَ واَضْمَجَ. بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔
الضَّمْجَة. ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔
الضَّمَج. آفت جو انسان کو لاحق ہو۔
اِضْمَحَلَّ. نیست و نابود ہونا السَّحَابُ. بادل کا کھل جانا۔
ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ. جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔
تَضَمَّخَ وانْضَمَخَ واضْطَمَخَ. بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔
الضِّمْخَة. موٹی عورت یا اونٹنی۔
ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ. الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَه بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاسَهٗ بِالسَّيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا. خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا عَلَیْهِ. کینہ کرنا۔
اَضْمَدَ. الْقَوْمَ: جمع کرنا۔
تَضَمَّدَ. الْجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔
الضَّمْدُ. س. تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضِّمْدُ. دوست۔ ساتھی۔
الضَّمَدُ. ظلم۔ پرانا حق۔
الضَّامِدُ. فا۔ لازم۔
الضِّمَادُ والضِّمَادَةُ. پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰی ضِمَادَةٍ مِنَ الْاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔
ضَمَرَ(ن) وضَمُرَ(ک) ضُمُوْرًا. دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِرٌ و ضَامِرَةٌ ج ضُمَّرٌ و ضَوَامِرُ.
اَضْمَرَ الْاَمْرَ: پوشیدہ کرنا فِیْ نَفْسِهٖ شَیْئًا. اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا الخبر: ٥ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الْاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُنْ کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلُنْ ہو کر مُسْتَفْعِلُنْ کے وزن پر ہو جاتا ہے۔
اَضْمَرَ وضَمَّرَ الْفَرَسَ: دُبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔
تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔
اِنْضَمَرَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔
اِضْطَمَرَ. ل جانا. الْفَرَسُ: گھوڑے کا دُبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔
الْاِضْمَارُ: علم عروض میں دوسرے حرف کو ساکن کرنا۔ جیسے تامتفاعلن اس کو ستفعلن کی طرف منتقل کر دیا گیا۔

الضُّمْرُ. چھریرا۔ دُبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضُمْرَةٌ. تنگ۔ راز (الْمُضْمَرُ) پوشیدہ۔
الضُّمْرُ والضُّمُرُ. دُبلا پن۔
الضَّمِیْرُ. راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا. اَنْتَ. هُوَ ج ضَمَائِرُ.
الضِّمَارُ. پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو مِنَ الدَّیْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔
الْاِضْمَارُ. س. زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم ؛ تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔
الضَّوْمَرَانُ والضَّیْمَرَانُ. ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔
الْمِضْمَارُ. گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔
ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا. چپ رہنا اللقمة. بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا عَلٰی مَالِهٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ. ج ضُمُوْزٌ.
ضَمَسَهٗ (ض) ضَمْسًا. آہستہ آہستہ چبانا۔
ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً. دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا۔ الْاَسَدُ: شیر کا گونجنا فُلَانٌ عَلَی الْمَالِ: کل لے لینا۔
الضَّمْضَمُ والضُّمَاضِمُ. دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔
ضَمِنَ(س) ضَمْنًا و ضَمَانًا الشَّیْءَ و بِهٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ٥: جمع کرنا۔
ضَمِنَ(س) ضَمْنًا و ضَمَانَةً. الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِنٌ.

ضَمَّنَ الشَّیْءَ الْوِعَاءَ: برتن میں رکھنا ٥ الشَّیْءَ: ذمہ دار بنا دینا الشَّاعِرُ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔
تَضَمَّنَ. الشَّیْءَ: مشتمل ہونا الشَّیْءَ عَنِّیْ: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔
الضَّمَنُ والضُّمْنَةُ والضُّمَانُ والضَّمَانَةُ. ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔
الضِّمْنُ. اندرون شیٔ. ضِمْنَ الْکِتَابِ: کتاب کا بیچ۔ الضَّمِنُ. عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَهْلِهٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔
الضَّامِنُ. فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
الضَّمِیْنُ. کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰی
الضَّمَانُ. س. کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔
الْمَضْمُوْنُ. مف. جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الْجُمْلَةِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْنُ.
الْمُضَمَّنُ. مفع۔ تضمین کیا ہوا مِنَ الْاَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔
ضَنَّ(س ض) ضَنًّا وضِنًّا و ضِنَّةً و ضَنَانَةً و مَضَنَّةً واِضْطَنَّ. بِالشَّیْءِ: بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالْمَکَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا۔
الضِّنُّ والضِّنَّةُ. جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِنِّیْ و ضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔
الضَّنِنُ. بہادر۔
الضَّنِیْنُ. بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِیْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا

جاتا ہے۔
الضَّنائِن وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنائِنُ اللّٰه" اللہ تعالی کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔
الضَّنانَةُ. س. بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلَى الْقَوْمِ وهُمْ بِضَنانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔
المَضَنَّة والمَضِنَّة. جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضانٌّ.
ضَنَأَ(ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا. چھپنا فِي الأرْضِ: جانا المَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ(س) ضَنْأً وأضْنَأَتِ) المَرْأةُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ ج ضَوَانِئُ.
اِضْطَنَأَ لَهُ و مِنْهُ شرمانا اور منقبض ہونا۔
الضَّنْءُ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ.
الضَّنْءُ والضِّنْءُ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)
الضُّنَائَة والضُّنَاءَة ضرورت۔
ضَنَبَ(ن) ضَنْبًا به الأرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بالشَّيْءِ قبضہ کرنا۔
ضَنِطَ(س) ضَنَطًا. الشَّحْمُ: موٹا اور ٹھوس ہونا۔
اِنْضَنَطَ. القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔
الضَّنَط. تنگی۔
الضَّنَط چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔
الضِّنَاط. کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔
ضَنُكَ(ک) ضَنَاكَةً. سست رائے۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن والا۔ صفت ضَنِيْكٌ ج ضُنُكٌ (ضَنَاكَةً و ضَنْكًا و ضُنُوْكَةً) تنگ ہونا۔
ضُنِكَ ضَنْكًا زکام زدہ ہونا۔
أَضْنَكَهُ اللّٰهُ زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْك. تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے مَكانٌ ضَنْكٌ و عِيْشَةٌ ضَنْكٌ.
الضِّنَاك. مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاكٌ و اِمْرَأةٌ ضِنَاكٌ" بڑا درخت۔
الضُّنَاك والضُّنْكَة زکام۔
الضَّنَاكَة س. تنگ زندگی۔
الضَّنِيْك. تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔
ضَنِيَ(س) ضَنًى (وادی) مرض کی وجہ سے کمزور و لاغر ہونا۔ صفت ضَنًى و ضَنٍ. کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ ضَنًى و ضَنِيًا" ضَنًى بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنِي کی جمع أَضْنَاء.
ضَانَى مُضَانَاةً الشَّيْءَ او الأمْرَ بمشقت برداشت کرنا۔
أَضْنَى إِضْنَاءً. المَرَضُ فُلانًا: بیماری کا سُست کر دینا الرَّجُلُ بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔
تَضَنَّى بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔
اِنْضَنَى سُست ہو جانا۔
الضَّنَى بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔
الضِّنو والضَّنْو والضُّنَى اولاد۔ کہا جاتا ہے "لَهُ ضِنْوٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔
الضِّنَى مخفی بیماریاں۔
ضَنَتْ تَضْنِي و ضَنِيَتْ تَضْنَى ضَنًى و ضَنَاءً المَرْأةُ: کثیر اولاد ہونا۔ ضَنِيَ نَصِيْبُ فُلانٍ حصہ کا بڑھنا۔
ضَهَبَ(ف) ضَهْبًا بالنَّارِ: آگ سے متغیر کرنا۔
ضَهَبَ(ف) ضُهُوْبًا کمزور ہونا۔

ضَهَّبَ اللَّحْمَ: گوشت کو بریاں کرنا القَوْسَ: نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً. برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضَهْبٌ. القَوْمِ مخلوط لوگ۔
الضَّيْهَب: پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَهَتَ(ن) ضَهْتًا. سخت روندنا۔
ضَهَدَ(ف) ضَهْدًا.
أَضْهَدَهُ وأَضْهَدَ بِهِ واضْطَهَدَهُ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
الضُّهْدَة. غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهْدَة لِكُلِّ أَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
الضَّهِيْدُ. سخت مضبوط۔
الضَّهْر والضَّاهِر. پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔
الضَّهْرُ کچھوا۔
ضَهَزَهُ و ضَهَسَهُ(ف) ضَهْزًا و ضَهْسًا. سخت روندنا الدَّابَّةُ جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَهَلَ(ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا. اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْل ج ضُهُل ضَهَلَهُ. حَقَّهُ. حق کم کرنا (و تَضَهَّلَ) إِلَى فُلانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
أَضْهَلَ. النَّخْلُ: کھجوریں پکنے لگنا إِلَى فُلانٍ مَالًا: مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔
اِسْتَضْهَلَ. الخَبَرَ: حسب امکان خبر طلب کرنا۔
الضَّهْل مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
الضَّاهِلَة. مِنَ الْعُيُوْنِ تھوڑے پانی کا چشمہ۔ الضَّهْوَاءُ بے پستان عورت۔
الضَّهْوَةُ جوہڑ۔ ج أَضْهَاء.
ضَهِيَتْ تَضْهَى ضَهًى. المَرْأةُ عورت

کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَہْیَاء ج ضُہٰی۔ ضَہِیَت الاَرْضُ: زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔

ضَاہٰی مُضَاہَاۃً. الرَّجُلَ: مشابہ ہونا۔

الضَّہِیُّ. مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "ہو ضَہِیُكَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔

ضَاءَ یَضُوْءُ ضَوْءً او ضُوْءًا و ضِیَاءً القَمَرُ وغیرُہٗ: روشن ہونا۔ چمکنا۔

ضَوَّءَ تَضْوِئَۃً. البَیْتَ: روشن کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ: پھر جانا۔

اَضَاءَ اِضَاءَۃً. البَیْتُ: روشن ہونا۔ البَیْتَ: روشن کرنا۔

تَضَوَّأَ. تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّاہٗ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔

اِسْتَضَاءَ بِہٖ: روشن ہونا مِنْ فُلَانٍ: مشورہ کرنا۔

الضَّوْءُ والضُّوْءُ. روشنی۔ ج اَضْوَاء۔

الضِّیَاءُ والضِّوَاءُ. روشنی۔

الضَّوِیُّ والمُضِیُّ. روشن۔ روشن کرنے والا۔

ضَاجَ یَضُوْجُ ضَوْجًا. عَنْ کَذَا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (وانْضَاجَ) الوَادِیُ: کشادہ ہونا۔

تَضَوَّجَ الوَادِیُ: وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔

اِنْضَوَجَ فِیْ ضَوْجِ الوَادِیْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔

الضَّوْجُ: وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاج۔

الضَّوْجَان. سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَۃٌ۔

ضَوَّجَ. اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

ضَارَ یَضُوْرُ ضَوْرًا. سخت بھوکا ہونا۔

ضَارَہُ الاَمْرُ: نقصان پہنچنا۔

تَضَوَّرَ. درد کی تکلیف یا ☐ بھوک سے پیچ و تاب کھانا الذِئْبُ و نَحْوُہٗ: بھوک سے بلبلانا۔

الضَّوْر. سخت بھوک۔

الضَّوْز. کالی بدلی۔

الضُّوْرَۃ. ذلیل، حقیر۔

ضَازَ یَضُوْزُ ضَوْزًا. التَّمْرَۃَ: پھل کو چبانا ہٗ حَقَّہٗ: کم کر دینا۔

ضَوْضٰی ضَوْضَاۃً و ضِیْضَاءً. شور مچانا۔

الضَّوضٰی والضَّوْضَا والضِّیْضَاء. شور و غوغا۔

ضَوَّطَ. الاَشْیَاءَ: جمع کرنا۔

تَضَوَّطَ. الشَّیْءُ: جمع ہونا۔

الاَضْوَط. ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔

الضَّوِیْطَۃ. بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔

ضَاعَہٗ یَضُوْعُہٗ ضَوْعًا. حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا الدَّابَّۃَ: جانور کو دُبلا کرنا الصَّبِیُّ. رونے میں پیچ و تاب کھانا۔

تَضَوَّعَ. المِسْكُ: مشک کی خوشبو بھڑکنا۔

الصَّبِیُّ. رونے میں پیچ و تاب کھانا (وانْضَاعَ) الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔

الضُّوَعُ والضُّوْعُ. نر اُلو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔

الضُّوَاع. نر اُلو کی آواز۔

رَجُلٌ مَضُوْعٌ. خوفزدہ۔

ضَافَ یَضُوْفُ ضَوْفًا. عَنِ الشَّیْءِ: الگ ہونا۔

ضَانَ یَضُوْنُ ضَوْنَۃً. زیادہ اولاد ہونا۔

الضَّوْنَۃ. مں۔ چھوٹی بچی۔

الضَّیْوَن. بلا۔ ج ضَیَاوِن۔

الضَّوَّۃ. شور۔ لڑائی کا شور۔

ضَوِیَ یَضْوٰی ضَوًی. خلقتًا یا بلاغری سے تپلی ہڈی کا ہونا۔

ضَوٰی یَضْوِیْ ضَیًّا وضُوِیًّا. اِلَیْہِ: ملنا۔ پناہ لینا الرَّجُلَ: رات کو آنا۔ ضَوَاہُ اِلَیْہِ: مائل کرنا۔

اَضْوٰی. دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا الرَّجُلَ: کمزور کرنا ہ حَقَّہٗ: کم کرنا الاَمْرَ: کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ المَرْاَۃُ: کمزور بچہ جننا۔

اَضْوَاہُ اِلَیْہِ: اپنی طرف مائل کرنا۔

اِنْضَوٰی اِنْضِوَاءً. اِلَیْہِ: شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِی. فا. رات کو آنے والا۔

الضَّاوِیُّ. کمزور دُبلا۔ خلقتًا یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِیَۃٌ۔

ضَاجَ یَضِیْجُ ضَیْجًا و ضُیُوْجًا و ضَیْجَانًا عَنْہُ و اِلَیْہِ: جھکنا۔ مائل ہونا۔

ضَاجت عِظَامُہٗ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضَاحَت تَضِیْحُ ضَیْحًا. البِلَادُ: خالی ہونا۔

ضَاحَ و ضَیَّحَ. اللَّبَنَ: پانی ملانا۔ ضَیَّحَ فُلَانًا: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَیَّحَ اللَّبَنُ: پانی میں دودھ ملنا الرَّجُلُ: پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّیْح. شہد۔

الضَّیْحُ والضَّیَاح. پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔

الضَّیْحَۃ. پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَارَہٗ یَضِیْرُہٗ ضَیْرًا. الاَمْرُ: نقصان دینا۔

ضَازَہٗ یَضِیْزُہٗ ضَیْزًا. ظلم کرنا۔ ضَازَہٗ حَقَّہٗ: کم کرنا۔

الضَّیْز. ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی. ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا و ضَیْطَانًا. فِیْ مِشْیَتِہٖ: موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔ صفت

ضَيْطَان و ضَيَّاط.

ضَاعَ يَضِيْعُ ضَيْعًا وضِيْعًا وضَيْعَةً وضَيَاعًا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُيَّع و ضِيَاع۔

اَضَاعَه. ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ: بہت جائیداد والا ہونا۔

تَضَيَّعَ المِسْكُ: مشک کا بھڑکنا۔ مشک کی خوشبو کا پھیلنا۔

الضَيَاع س۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَيَاعا و ضِيْعًا و ضِيْعًا" یعنی مر گیا اور کسی کو اس کی پروا نہ ہوئی۔

الضَيْعَة. جائیداد۔ زمین سیر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُيَيْعَةٌ ہے اور جمع ضِيَع و ضِيَاع و ضَيْعَات۔ الضَيْعَة: پیشہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَتْ ضَيْعَةُ العَرَب سِيَاسَته الإبِلِ" عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

المِضْيَاع. بہت ضائع کرنے والا۔

المَضِيْعَة والمَضْيَعَة. موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بَلَدُكُمْ مَضْيَعَة العِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ يَضِيْفُ ضَيْفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا السَهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا الرَجُلُ: خوف کرنا مِنْه: پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَهُ يَضِيْفُهُ ضَيْفًا و ضِيَافَةً. مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الهَمّ فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَيَّفَهُ. مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَيَّفَه اِلَيْهِ: جھکانا۔ ضَيَّفَ الرَجُلُ: مائل ہونا۔ ہٹ جانا الشَمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا۔

أَضَافَ الرَجُلُ. دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا الشَيْءَ اِلَی الشَيْءِ: جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا الرَجُلَ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا مِنْهُ: چوکنا رہنا عَلَيْهِ: جھانکنا فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: مہمان اُتارنا الكَلِمَةَ اِلَی الكَلِمَةِ: ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَيَّفَهُ. مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔

تضیف الرَجُلُ: مائل ہونا الشَمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَيْهِ: ملنا۔

تَضَايَفَ الوَادِي: تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَهُ. ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِه: فریاد کرنا۔ مِنْ فُلَانٍ اِلَى فُلَانٍ: پناہ لینا۔

الضَيْف. مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَيْف و ضَيْفَة ج اَضْيَاف و ضُيُوْف و ضِيَاف و ضِيْفَان و اَضَائِف.

الضَيْفَن. طفیلی۔

الضِيْف. پہلو کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ضِيْفِ فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِيَافَة. مہمانی کا کھانا۔

المُضَافُ فِي الحَرْبِ: جو جنگ میں گھر گیا ہو جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

المَضِيْف والمَضْيَفَة. مہمانی کی جگہ۔

المِضْيَاف. بہت مہمانوں والا میزبان۔

المَضِيْفَة و المُضِيْفَة. حزن۔ غم۔

مَضَائِفُ الوَادِي: وادی کے پہلو۔

ضَاقَ يَضِيْقُ ضِيْقًا و ضَيْقًا. تنگ ہونا۔ صفت ضَيْق و ضَائِق و ضَيِّق الرَجُلُ: بخل کرنا۔

ضَيَّقَهُ تَضْيِيْقًا. تنگ کرنا۔ ضُيِّقَ عَلَيْهِ: سختی کیا جانا۔

اَضَاقَ اِضَاقَةً. تنگ کرنا۔ اضاق الرَجُلُ: محتاج ہونا۔

تَضَيَّقَ و تَضَايَقَ. تنگ ہونا۔ وتضايق الاَمْرُ بِه او عَلَيْهِ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَايَقَ القَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔

ضَايَقَه مُضَايَقَة. سختی کرنا۔

الضِيْق والضَيق. سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔

الضَيْق والضَيِّق. شک۔

الضِيْقَة والضَيْقَة. بدحالی۔ محتاجی۔ ج ضِيَق و ضِيْق.

الضَائِقُ. فا. تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ صَدْرُهُ بِكَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضَاقَةٌ جیسے سَيِّد کی جمع سَادَة.

الاَضْيَق. بہت تنگ۔ مؤنث ضِيْقَى و ضُوْقَى.

الضَّاكَة. شمالی افریقہ میں ایک درخت کا نام جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

المَضِيْق. تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضَايِق.

ضَامَهُ يَضِيْمُهُ ضَيْمًا. ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔

ضَامَهُ و اِسْتَضَامَهُ حَقَّهُ: کم کر لینا۔

الضَيْم. ظلم۔ ج ضُيُوْم.

ضِيْم الجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔

الضَامَة. حاجت۔ ضرورت۔

ط

ط اَلطَّاءُ:بنیادی حروف میں سے سولھواں حرف ہے- حروف نطعیۃ سے ہے- یعنی تالو سے خارج ہونے والا حرف ہے- بحساب جمل اس کاعدد(٩) ہے-

طَأطَأَ. الرَاسَ وغیرہ: پست کرنا- کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهٗ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا. فَرَسَهٗ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا- طَأطَأتِ الْمَرْاَۃ سِتْرَهَا: عورت کا پردہ ڈالنا- طَأطَأ يَدَهٗ بالعِنَان لگام کو ڈھیلا چھوڑنا الحُفْرَۃَ: گڑھے کو گہرا کرنا- فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کسی کو مرتبے سے گرا دینا- طأطأ فِیْ قتلِ القَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا- سختی برتنا-

تَطَأطَأ. پست ہونا-

الطَأطَأ. پست زمین- چھوٹا اُونٹ-

الطَآۃ. کیچڑ-

طَبَّهٗ (ن ض) طَبًّا. علاج کرنا- طَبَّ الرَجُلُ: جلد بازی نہ کرنا- نرمی کرنا- اور اسی سے مثل ہے "مَنْ اَحَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کرو اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے خَرِزَ القِرْبَةُ مشک میں پیوند لگانا- عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰی وَجْهِهٖ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا كُنْتَ طِبًّا ولَقَدْ طَببْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے-

طُبَّ. الرَجُلُ: جادو کیا جانا-

طَبَّبَه. علاج کرنا- طَبَّبَ الخَيَّاطُ الثَوْبَ. درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لیے جوڑ لگانا-

القِرْبَةَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا-

طَابَّ مُطَابَّةً. الاَمْرَ: مزاولت کرنا- کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هذا لَامْر مُنْذُحِيْنَ كَیْ اَبْلُغَه" یعنی میں ایک مدت سے اس امر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کرلوں-

تَطَبَّبَ. الرَجُلُ: طبیب بنا لِفُلَانٍ: علاج کرانا-

اِسْتَطَبَّه. دوا تجویز کرانا-

الطَبُّ. طبیب- حاذق- کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے- طبیب-

الطِبِّ: ارادہ- خواہش- حال- شان- عادت- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّه المجون" فلاں کی عادت مذاق کی ہے-

الطَبَّ. والطِبِّ والطُبُّ. جسمانی اور روحانی علاج- نرمی- جادو-

الطِبَاب. جس سے علاج کیا جائے- کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے-

الطَبَّۃ. مؤنث- طَبٌّ. گوشہ- کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ تِلْكَ الطَبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے-

الطِبَّۃ ج طَبَب الطِبَابَة ج طِبَابٌ. زمین ا کپڑے ا کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا-

والطِبَابَة مِنَ الخرز: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا-

الطَبِيْب. فن طب کا جاننے والا- فن طب کا ماہر- ج اَطِبَّه. اَطِبَّاء. مؤنث طَبِيْبَة.

المَطْبُوْب. سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو-

طَبِجَ (س) طَبَجًا. الرَجُلُ: بیوقوف ہونا- صفت اَطْبَج عَلٰی رَاسِه و عَلٰی كُلِّ اَجْوَفٍ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا-

تَطَبَّجَ. فِی الْكَلَامِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا-

طَبَخَ (ف ن) طَبْخًا و طَبَّخَ. اللحْمَ: گوشت پکانا- طَبَّخَ الصَبِیُّ: بچّہ کا حرکت کرنا- بڑھنا-

اِنْطَبَخَ. پکنا-

اطَّبَخَ. الرَجُلُ: اپنے لیے پکانا اللّحْمَ: گوشت پکانا-

الطَبْخ و الطِبْخ. جو کچھ پکایا جائے-

الطُبَاخَة. ہانڈی کے جھاگ- پکی ہوئی چیز-

الطِبَاخَة. باورچی گیری-

الطَبَّاخ. پکانے والا- اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق ا □ پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے-

الطَّبِيخ. پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَة.
الطَّابِخ. پکانے والا۔ سخت بخار۔
الطَّابِخَة. مؤنث طَابِخ۔ دوپہر۔
الطَّبَاخ والطُّبَاخ. مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَافِي كَلَامِه طُبَاخ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔
الْاَطْبَخ. بہت زیادہ بیوقوف۔
المَطْبَخ. باورچی خانہ۔ ج مَطَابِخ.
المِطْبَخ. پکانے کا اوزار۔ ج مَطَابِخ.
المُطَبَّخ والمُطْبَخ. باورچی خانہ۔
طَبَرَ (ن) طَبْرًا. اُچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔
الطَّبَر والطَّبَرْزِيْن. کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
الطُّبَّار. انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طُبَّارَة.
الطَّبَرِی. طبرستان کی طرف منسوب۔
طَبَزَه (ن) طَبْزًا. بھر دینا۔
الطِّبْز. پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دو کوہان کا اُونٹ۔
طَبَّسَهٗ. گارے سے لیپنا۔
الطَّبْس. ہر ایک کالی چیز۔
الطِّبْس. بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبِيْس. بہت پانی والا سمندر۔
الطَّبْش. لوگ۔
اَلطَّبْشُوْرَةُ: چاک جو کہ تختہ سیاہ اور سلیٹ پر برائے تحریر استعمال ہوتا ہے۔
الطَّبْشَة. استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَه ہے۔
المَاءَ. پانی کو حرکت دینا۔
طَبَعَ (ف) طَبْعًا. الشَّيْءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا عَلَيْهِ: مہر لگانا الدِّرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔ السَّيْفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا اللّٰهُ الخَلْقَ: پیدا کرنا الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِه" یعنی اللہ تعالی نے اس کے دل پر مہر کر دی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔

طَبِعَ (س) طَبَعًا میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا السَّيْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔
صفت طَبِعٌ و اَطْبَعُ
طُبِعَ عَلَى الجَهْلِ. پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ. الإِنَاءَ: بھر دینا۔ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَّابَّةَ" یعنی سدھا لیا۔ فصیح لفظ اس کے لیے "رَاضَهَا" ہے۔
تَطَبَّعَ. بھر جانا۔ ڈھلنا بِطِبَاعِ اَبِيْهِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا النَّهْرُ بِالمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ. بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطَّبْعُ. پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْهُ عَلٰى طَبْعِ هٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طِبَاع.
الطِّبْعُ. پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ج طُبُوْع و طِبَاع (والطَّبَع) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اَطْبَاع.
الطَّبِعُ. کمینہ۔ سَيْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَّابِعُ والطِّبَاعُ. خلقی عادت۔
الطَّابِعُ والطَّابَعُ. مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طَوَابِع. کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ عَلَيْهِ طَابَعُ الفَصَاحَةِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
طَوَابِعُ البَرِيْدِ خط پر لگانے کے لئے ڈاک ٹکٹ جو کہ اندرون اور بیرون خطوط پر لگائی جاتی ہیں۔
اَلطَّوَابِعُ الاَمِيْرِيَّةُ: رسید ٹکٹ یعنی مالی معاملات میں ٹکٹ دستخط یا توثیق کے لئے لگائی جاتی ہے۔
اَلطَّوَابِعُ القُنْصُلِيَّةُ: حکومت کی طرف سے ٹکٹ جو کہ سفارتخانوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔
الطَّبَّاعُ. طَابِع اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطِّبَاعَةُ. تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔
دَارُ الطِّبَاعَةِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔

الطَّبِيْعَةُ. خلقی و جبلی عادت۔ ج طَبَائِع.
الطَّبَائِعُ الاَرْبَعُ: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطَّبِيْعِيُّ. جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعیات کا ماہر ہو اور علم طبیعیات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطُّبْعَانُ. مہر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طُبْعَانُ الاَمِيْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
المَطْبَعَةُ والمَطْبَعُ. چھاپنے کی جگہ۔ ج مَطَابِع.
المِطْبَعَةُ. چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مَطَابِع.
المَطْبُوْعُ. مفع۔ چھپا ہوا۔ پسندیدہ مِنَ الشُّعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ (س) طَبَقًا وطَبَقًا يَدُهٗ: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طَبِقَ يَفْعَلُ الشَّيْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طَبَّقَ الشَّيْءُ: عام ہونا السَّحَابُ الجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا المَاءُ وَجْهَ الاَرْضِ: ڈھانپ لینا السَّيْفُ المَفْصَلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُطَبِّقُ المَفْصَلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَّقَ الحَاكِمُ فِي حُكْمِهٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا الفَرَسُ فِيْ عَدْوِهٖ: دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طَابَقَهٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَةً. موافقت کرنا۔
طَابَقَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا بَيْنَ قَمِيْصَيْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا۔ عَلَى الاَمْرِ: برابری کرنا الرَّجُلَ عَلَى العَمَلِ: حاوی ہونا بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا المُقَيَّدُ: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا الفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔
اَطْبَقَ الشَّيْءَ: ڈھانپنا اللَّيْلُ: تاریک ہونا النُّجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا الرَّحٰى: ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے

"اطبق شفتیك" یعنی چپ رہ۔ اطبق الراکع: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ اطبقوا علی الامر: اجماع کر لینا۔ اطبقت الحمّی: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "ما اطبق فلانا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔

تطابق القوم: اتفاق کر لینا۔

تطبّق وانطبق الشیء: بند ہونا۔

الطِبق: مطابق۔ کہا جاتا ہے "ھذا طبق ذاك" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِبق من الناس: جماعت۔

الطَبَق: مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج اطباق

الطَبَق: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی من اللیل والنہار: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اقمت عندہ طبقا من النہار" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی من المطر: عام بارش۔ کہا جاتا ہے مطر طبق ودیمۃ طبق حال۔ کہا جاتا ہے "الدھر اطباق" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مضی طبق بعد طبق" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جاءہ طبق من جراد" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "اطباق الرأس" سر کی ہڈیاں۔ بنات طبق: مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ ام طبق: مصیبت۔

الطُبقۃ: جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طُبَق و طِبَق

المطابقۃ (ع ج): دو برابر مقداروں کا مجموعہ ان میں حروف کی مقدار جو بھی ہو۔

ب×ج=ب×۲ب ج×ج

(س+۱)(س+۲) = (س+۳س+۲)

الطَبَقۃ: مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "ان کتبہ الیّ طبقۃ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طبقات۔

الطَبق: بند۔

الطَبیق: رات کا ایک حصہ۔ ج طُبُق (والطِباق) مطابق۔ کہا جاتا ہے "ھذا طبیق ذاك او طباقہ" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طباق الارض: زمین کی سطح۔

الطابق والطابَق: کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طوابق و طوابیق۔

الطابق والطابَق والطاباق: شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)

المُطبِق: زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجنون المطبق: لگاتار جنون۔ سنۃ مطبقۃ: سخت قحط۔ المطبقات: مصیبتیں۔ الحروف المطبقۃ: ص ض ط ظ۔

المُطبِق: صائب الرائے۔ سحابۃ مطبقۃ: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔

طَبَل (ن) طبلا و طبّل: ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں۔ طبل فی المشی: یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بلط) ہے۔

الطَبل: ڈھول۔ ج طبول و اطبال۔

الطبّال: ڈھول بجانے والا۔

الطِبالۃ: ڈھول بجانے کا پیشہ۔

الطُبلۃ: ڈھولک۔

الطَبلیۃ ج طبلیات: گول میز جس پر روٹی لگائی جائے اور کھائی جائے۔

الطبلیۃ: خراج کے روپے۔ ج طبلیات۔

الطوبالۃ: مادہ بھیڑ۔ ج طوبالات۔

طَبَن (ض) طبنا النار: آگ کو دبا دینا۔

طَبَن (ض) طبنا طبِن (س) طبنا و طبانۃ و طبانیۃ و طبونۃ الشیء و للشیء: سمجھدار ہونا۔ صفت طبن و طابن۔ طابنہ: موافق ہونا۔ طابن الحفیرۃ: گہرا کرنا۔

اطبانّ اطبئنانا بالمکان: مطمئن ہونا۔

الطِبن والطَبن: بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "ایّ الطبن ھو" یعنی وہ کون آدمی ہے۔

الطُبن: طنبور یا بربط۔

الطُبن: گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔

الطَبن والطِبن والطُبن والطُبَن: مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔

الطَبنۃ: سمجھ۔ ج طِبن۔

الطُبنۃ: طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔

الطابون: گڑھا جس میں حفاظت کے لیے آگ کو دبا دیا جائے۔

الطَبنجۃ: تمنچہ۔ ج طبنجات

طباہ یطبوہ طبوا واطباہ اطباء: پکارنا۔ بلانا۔

طباہ یطبیہ طبیا: کھینچنا۔ ہ عنہ: باز رکھنا۔ ہ الیہ: بلانا۔

طَبِیت تطبی طبی الناقۃ: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔

اطباہ اطباء: بلانا۔

الطِبی والطُبی: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج اطباء۔

الطَبواء والطَبیۃ من النوق: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔

طَتّ (س) طتّا الشیء: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔

الطَتّ: بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔

المِطَتّۃ: بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔

طَثَر (ن) طثرا وطثورا وطثّر اللبن: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طاثر۔

الطَثرۃ: کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔

اطثر الشیء: زیادہ کرنا۔ □

طَجَن (ن) طجنا وطجّن الشیء: بھونا۔

الطاجن والطیجن: کڑاہی۔ ج طیاجن وطواجن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

المطجّن: بھنا ہوا۔

طَحَرَت (ف) طحرا العین قذاھا:

خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت
طَحُورَةُ الرِّيحِ السَّحابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا وطَحِيرًا وطُحَارًا. آہ کرنا۔
الطَّحَرَ والطَّحَر. متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَةُ والطَّحْرِيَةُ. بادل کا ٹکڑا۔
الطُّحُور. جلدی کرنے والا۔
الطَّحُور والمِطْحَر. مِنَ القِسِيِّ: دو پھینکنے والی کمان۔
الطُّحَار. سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ آہ کرنے لگے۔
الطُّحْرُور. بدلی۔ ج طَحَارِير.
الطَّحَارِير: بادل کے ٹکڑے۔
طَحْرَبَ. تیز دوڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا گوز کرنا۔
الطِّحْرِب. کوڑا کرکٹ۔
الطَّحْرَبَة. مُثَلَّثَة. بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
طَحْطَحَهُ. توڑنا۔ طَحْطَحَ القَوْمُ بِالقَوْمِ: متفرق کر دینا۔ ہلاک کرنا مَالَهُ. بکھیرنا۔ طَحْطَحَ الرَّجُلُ. ہلکی ہنسی ہنسنا۔
تَطَحْطَحَ. ٹوٹنا۔ متفرق ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بکھرنا۔
طَحَلَهُ (ف) طَحْلًا. تلی پر مارنا۔ طحل الإناءَ. برتن بھرنا۔
طَحِلَ (س) طَحْلًا و طَحَلًا. تلی کا بڑھنا الماءُ. پانی کا بدبودار ہونا۔
طُحِلَ طَحْلًا. تلی کی بیماری ہونا۔ صفت مَطْحُول.
الطِّحَال. تلی۔ ج أَطْحِلَة و طُحُل و طِحَالَات.
الطُّحَال. مرض جو تلی کو لاحق ہو۔
الطُّحْلَة. خاکستری رنگ۔
الأَطْحَل. خاکستری رنگ والا۔ مؤنث طَحْلَاء. ج طُحْل.
الطَّحِل. بڑی تلی والا۔ غضبناک۔ بھرا ہوا۔

کیچڑ والا پانی۔
الطُّحْلِ. عِنْدَ العَامَّةِ: باریک تنکے اور فصیح لفظ کُثا ہے۔
طَحْلَبَ. الماءُ: کائی والا ہونا۔ صفت مُطَحْلِب. مُطَحْلِب الأَرْضُ: سرسبز ہونا۔ الرَّجُلُ: قتل کرنا۔
الطُّحْلُبُ: شدید سبز رنگ کی بیل جس کے پتے اور ٹہنی ہوتی ہے لیکن تنا نہیں ہوتا دور دور تک پھیل جاتی ہے درختوں اور مکانوں پر عام چڑھ جاتی ہے۔
الطِّحْلِب والطُّحْلَب والطُّحْلُب. کائی۔ ایک ٹکڑا کائی کا۔
طَحْلَبَة. کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَةٌ" یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً. عَلَيْهِ. کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ کی تحریف ہو۔
الطُّحْمَةُ. مُثَلَّثَةٌ. مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ مِنَ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔ مِنَ اللَّيْلِ: بہت تاریکی (والطُّحَمَاء) ایک قسم کی سبزی۔
الطُّحَمَة. سخت جنگجو۔ بہت اونٹ۔
الطَّحُوم. تیز ہانکنے والا۔
المَطْحُوم. بھرا ہوا۔
طَحَنَ (ف) طَحْنًا و طَحَنًا. البُرَّ: گیہوں پیسنا المَنِيَّةُ القَوْمَ: ہلاک کرنا۔
طَحَنَت الأَفْعَى. سانپ کا کنڈلی مارنا۔ صفت مِطْحَان.
تَطَحَّنَ. پسنا۔
الطِّحْن والطَّحِين. پسا ہوا آٹا۔
الطَّاحِنَة. مؤنث طَاحِن. ڈاڑھ۔ ج طَوَاحِن.
الطَّحَّان. پیسنے والا۔ آٹے کا بیچنے والا۔
الطِّحَانَة. پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُون والطَّاحُونَة. چکی پیسنے کا مکان۔ ج طَوَاحِين.
الطَّحُون والطَّحَانَة. لڑائی۔ بڑا لشکر۔

بہت اونٹ۔
المِطْحَنَة. چکی۔ ج مَطَاحِن.
المَطْحَنَة. پیسنے کا مکان۔ ج مَطَاحِن.
طَحَا يَطْحُو طَحْوًا. بعید ہونا۔ ہلاک ہونا۔ الشَّيْءَ: دفع کرنا بِالكُرَةِ: پھینکنا القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا يَطْحَا طَحْوًا. الشَّيْءَ: پھیلانا۔ دراز کرنا۔ الشَّيْءُ: پھیلنا۔ دراز ہونا القَمَرُ: روشن ہونا الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "طَحَا بِهِ هَمُّهُ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔ پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحْمُهُ: موٹا ہونا۔
الطَّحَا. چوڑی زمین۔
الطَّاحِي. بلند۔ پھیلنے والا۔ بڑی جماعت۔
مَظَلَّةٌ طَاحِيَةٌ و مَطْحُوَّةٌ و مَطْحِيَّةٌ. بڑا سائبان۔
بَقْلَةٌ مُطْحِيَةٌ. زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحَى يَطْحَى طَحْيًا. پہلو پر لیٹنا۔
الطَّحْيَة. بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ (ن) طَخًّا. الشَّيْءَ. پھینکنا اور دور کرنا۔ (طُخُوخًا) بد خلق ہونا۔
المِطَخَّة. ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَتْ (س) طَخَشًا. العَيْنُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخْطَخَ. الشَّيْءَ. برابر کرنا۔ ایک کو دوسرے سے ملانا اللَّيْلَ. تاریک کرنا۔
تَطَخْطَخَ. اللَّيْلُ. تاریک ہو□□نا السَّحَابُ: بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخْطَاخ. گھرا ہوا بادل۔ بد خلق۔
الطُّخَاطِخ. تاریکی۔
طَخِشَ يَطْخَشُ: العَيْنُ: اندھیر ہونا۔
طَخَمَ (ف) طَخْمًا و طَخُمَ (ک) طَخَامَةً. تکبر کرنا۔
اِطْخَمَّ. اللَّحْمُ. خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا۔
الطَّخْمَة. بکریوں کا گلہ۔

الطُخمة ناک کے اگلے حصے کی سیاہی۔
الاَطْخم. جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصہ
(و الطَخیم)خشک گوشت۔
طَخا یَطْخُوا طَخْوًا و طُخُوًّا. اللیْلُ:
تاریک ہونا۔
الطَخَاء. بلند بادل۔ دل کی گھبراہٹ۔
الطَخْیَة و الطِخْیَة و الطُخْیَة. تاریکی۔
بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطَخْیَة: بیوقوف ج
طَخْیُوْن.
الطخواء و الطخیاء. مِنَ اللّیَالِی:
تاریک راتیں۔
الطَاخِیَة. سخت تاریکی۔
طَرَّ(ن) طَرًّا. المَاشِیَةَ. جانوروں کو زور
سے ہانکنا الابِلَ اُونٹوں کو اطراف سے گھیرنا
الشیئَ کاٹنا التَوْبَ. کپڑے کو پھاڑنا۔ الابِلُ
الجِبَالَ: اُونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔ طَرَّ
القَوْمَ: کسی قوم پر گزرنا السِکّیْنَ: چھری
تیز کرنا۔ البُنْیَانَ: کسی عمارت کی مرمت
کرنا۔ الحَوْضَ: حوض کو لیپنا المالَ: مال
چھیننا اور اسی سے ہے "طَرَّ عَقْلُهٗ" فُلانًا:
طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔
طَرَّ(ن ض) طَرًّا و طُرُوْرًا. الشَارِبُ
او النَبَاتُ. مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔ طَرَّتِ
النُجُوْمُ. ستاروں کا روشن ہونا یَدُهٗ زخم کی
وجہ سے گرجانا۔ الرجُلُ مِنَ السَطْحِ گرنا۔
اَطَرَّہٗ گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ اَطَرَّہٗ علٰی
الاَمْرِ برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجاریَۃُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو
سنوارنا۔
الطُرَّ. کنارہ ج اَطْرَار. کہا جاتا ہے "هُوَ
یَحْمِیْ اَطْرَارَ البِلَادِ" یعنی وہ اطراف بلاد
کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جاؤُ طُرًّا" یعنی
سب آئے۔
الطُرَّة کمر۔
الطُرَّة. پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا
نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا
کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج
طُرَّات و طُرَر و طِرَار و اَطْرَار اور اس
لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے
ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس
میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور
صواب لفظ طُغْراء ہے۔
غُلامٌ طارٌّ و طَرِیْرٌ. جوان جس کی مسیں
بھیگ گئی ہوں۔ سِنانٌ طَرِیرٌ. تیز نیزہ۔
المُطَرّ. فا. غضبٌ مطِرٌّ. بے موقع
غضب۔
الطِرِّیَان. تشتری۔ طباق۔
المُطَرَّة. عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُطَرَّةٌ
حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأ(ف) طَرْأً و طُرُوْأً. علیهم. دُور
سے اور اچانک آجانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَیَّ
هَمٌّ لَا اُطِیْقُهٗ" میرے اوپر ایسا غم آپڑا ہے
جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤ(ک) طَرَاءَۃً و طَرَاءً: النَبَاتُ.
تروتازہ ہونا۔ صفت طَرِیٌّ.
اَطْرَاہٗ حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَارِی. فا. اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج
طُرَّاءٌ طُرَاءٌ.
الطَارِئَة. مؤنث طَارِی. مصیبت۔ ج
طَوَارِی و طَارِئَات. اور طَارِئَة کو ان
لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور
کسی جگہ آباد ہوجائیں۔
الطُرْآن. راستہ۔ اَمرِ منکر۔ غیر پسندیدہ بات
کہا جاتا ہے "حَمَامٌ طُرْآنِیٌّ" یعنی وہ کبوتر جو نہ
معلوم کہاں سے آیا "کَلَامٌ طُرْآنِیٌّ" جو کلام
غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طُرْأَة. السَیْلِ. سیلاب کا زور۔
طَرِبَ(س) طَرَبًا. خوشی یا غم سے جھومنا۔
صفت طَرِبٌ.
طَرَّبَ. گانا فی صَوْتِہٖ: سُر نکالنا عَنِ
الطَرِیْقِ: ہٹ جانا۔ طَرَّبَہٗ و اَطْرَبَہٗ و
تَطَرَّبَہٗ. خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
اِسْتَطْرَبَ. بہت خوش ہونا فُلانًا خوش
ہونے کو کہنا الابلُ بحُدی سے حرکت میں
لانا۔
الطَرُوْب و المِطْرَاب و المِطْرَابَة.
بہت زیادہ خوش۔
المَطْرَب و المَطْرَبَة. تنگ راستہ۔ ج
مَطَارِب. المَطَارِب. متفرق راستے۔
الطِرْبَال. ہر بلند عمارت۔ دُور سے نظر آنے
والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج
طَرَابِیل. طَرَابِیْلُ الشام: ملک شام کے
گرجے۔
الطِرْبِیْل. گانے کی مشین۔ ج طَرَابِیْل.
طَرَحَ(ف) طَرْحًا. الشَیئَ و بالشَیئِ:
پھینک دینا عَنْہُ ڈال دینا اور دُور کردینا۔ کہا
جاتا ہے "طَرَحَتِ النَوٰی بِفُلَانٍ کُلَّ
مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دُور ڈال دیا۔
طَرَحَ الثَوْبَ عَلَیْهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔
طَرَحَتِ الاُنْثٰی: حمل گرانا۔ طَرَحَ
الحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے
عدد کو چھوڑ دینا عَلَیْهِ المَسْأَلَةَ: مسالہ پیش
کرنا۔
طَرِحَ(س) طَرَحًا. بدخلق ہونا۔ خوش
عیش ہونا۔
طَرَّحَ. طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَفَرُ
اِلٰی نَاحِیَةِ کَذَا. سفر نے اس کو فلاں گوشہ
میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الاُنْثٰی: حمل گروانا
البناءَ. عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَہٗ مُطَارَحَةً. الکَلَامَ او الشِعْرَ او
الغِنَاءَ. گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
اِطَّرَحَہٗ پھینک دینا۔ دُور کردینا۔
تَطَارَحَ. القَوْمُ الکَلَامَ او الغِنَاءَ ایک کا
دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
الطِرْح ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔
الطَرَح و الطَرُوْح و الطَرَاح. مکان
بعید۔ الطَرُوْح لمبی شاخوں والا درخت خرما
ج طُرُوْح.
الطُرْحَة. چادر سبز رنگ کی اور عوام کے
نزدیک بمعنی اوڑھنی۔
الطَرِیْح ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا ج طَرْحَی.

الطُّرَح. ڈالا ہوا؛ پھینکا ہوا۔
الاُطْرُوحة. سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔
المَطْرَح. ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطارِح. کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَكَ هٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔
طَرْفٌ مِطْرَحٌ. دور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔
المُطَّرَح ـ قَوْلٌ مُطَّرَحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔
الطَّرْخان والطُّرْخان. رئیس۔ ج طَرَاخِنة.
الطَّرْخُون. ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔
الطِّرْيخ. ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
اِطْرَخَمَّ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا الرَّجُلُ: نگاہ کمزور ہونا۔
طَرَدَهُ (ن) طَرْدًا و طَرَدًا. دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا ہ مِنْ بِلَادِهِ: جلاوطن کرنا۔ طَرَدَ الْإِبِلَ: اِدھر اُدھر سے جمع کر کے ہانکنا۔
طَرِدَ (س) طَرَدًا. شکار کا پیچھا کرنا۔
طَرَّدَ السَّوْطَ: اُٹھانا۔ طَرَّدَهُ عَنِ البَلَدِ. جلاوطن کرنا۔
طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَةً. الاَقْرَانَ: ایک کا دوسرے کے اُوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔
اَطْرَدَهُ. جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔
تَطَارَدَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔
اِنْطَرَدَ. جلاوطن ہونا۔
اِطَّرَدَ. دور ہونا الاَمْرُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا الاَنْهَارُ: جاری ہونا القَوْمُ اِلَى المَسِيْرِ: پے در پے چلنا۔
اِسْتَطْرَدَ لَهُ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آ جائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَيْهِ الاَمْرُ: پہنچنا۔
الطَّرْد. کھجور کے پودے۔ ج طُرُوْد.
الطَّرَد. پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔
الطَّرَّاد. طَارِد کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز کشادہ مکان۔ لمبا دن۔
الطَّرِيْد. دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے من الايّام. لمبا دن۔
الطَّرِيْدَان. رات دن۔
الطَّرِيْدَة. بھگایا ہوا شکار؛ ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اُونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لیے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِد.
الطِّرَاد. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَمْشِيْ مَشْيًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔
المِطْرَد. چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِدُ.
يَوْمٌ مُطْرَد. لمبا دن۔
حُكْمٌ مُطَّرِدٌ. عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ"
المَطْرَدة و المُطَّرَدة. وسط راستہ۔ شاہراہ
المَطْرَدة: دھتکارنے کا سبب۔
طَرِزَ (س) طَرَزًا. بدخلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا فِي المَلْبَسِ: لباسِ فاخرہ استعمال کرنا۔
طَرَزَهُ (ن) طَرْزًا. گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طَرَّزَ. الثَّوْبَ: بیل بوٹے بنانا۔
تَطَرَّزَ. الثَّوْبُ: بیل بوٹے والا ہونا۔ فِيْ لُبْسِهِ: لباسِ فاخرہ پہننا۔
الطَّرْز. ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔
الطِّرَاز. کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلَى طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں۔ ج طُرُز.
الطِّرَازَة. بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔
الطَّرَّازَة والمُطَرِّز. بیل بوٹے بنانے والا۔
طَرَسَ (ض) طَرْسًا. الشَّيْءَ: مٹانا الكِتَابَ: لکھنا۔
طَرَّسَ. الكِتَابَ: اچھی طرح مٹانا الباب: دروازہ کالا کرنا الكَاتِبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔
طَرْسَهُ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
تَطَرَّسَ فِي المَآكِلِ: عمدہ کھانے کھانا عَنِ الشَّيْءِ: پرہیز کرنا۔
الطِّرْس. صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج اَطْرَاس و طُرُوس.
طَرِشَ (س) طَرَشًا. بہرا ہونا۔ صفت اَطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش.
تَطَارَشَ. بتکلف بہرا بننا۔
الطَّرْش و الطُّرْشَة. بہرا پن۔
الاُطْرُش و الاُطْرُوْش. بہرا۔
طَرْشَمَ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
طَرِطَ (س) طَرَطًا. بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِطٌ. ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت طَارِط. الحَاجِبَيْنِ و طَرِطُهُمَا وَاَطْرَطُهُمَا واَطْرَط. مؤنث طَرْطَاء.
اِمْرَاَةٌ طَرْطَاءُ العَيْنَيْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔
طَرْطَرَ. شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔
طُرْطُوْر. لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرْطُوْر اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُوْرَة بھی کہتے ہیں۔
طَرَفَهُ (ض) طَرْفًا. طمانچہ مارنا۔ طَرَفَهُ عَنْهُ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهُ اَوْ بِعَيْنِهِ: جھپکانا۔ عَيْنَهُ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور پیوند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَة. طَرَفَتْ عَيْنُهُ: نظر پھرانا فُلَانًا: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَتْ مِنْهُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا

سب مر گئے یا قتل کیے گئے۔
طَرُفَ (ک) طَرافَةً نیامال ہونا۔
طَرَفَهٗ ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الخَیلَ گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنانَه: پورے کو مہندی سے رنگنا الشَّیَ: پسند کرنا۔
اَطْرَفَ نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ کَذا بکَذا: لاق کرنا ہ الشَّیَ: تحفہ دینا۔
تَطَرَّفَ ایک کنارہ میں ہونا الشَّیُ کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا الشَّمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا الشَّیَ: اطراف سے لینا۔ پسند کرنا عَلَیهِم غارت ڈالنا۔
اِطَّرَفَ. الشَّیَ نئی چیز خریدنا۔
اِسْتَطْرَفَهٗ. نیا سمجھنا الشَّیَ نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔
الطَّرْف. آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہی۔ ج۔ اَطْرَاف۔ الطَّرْف: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِیٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔
الطِّرْف. نجیب الطرفین۔ ج اَطْرَاف. اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْف و لَطْرَاف مؤنث طِرْفَةٌ نیامال۔ مِنَ النَّبَاتِ: جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو مِن النَّاسِ: جو بوجہ ملالِ طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِی نَسَبِهٖ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَاَةٌ طِرْفُ الْحَدِیْثِ: خوش کلام عورت۔
الطَّرَف. ہر شے کا منتہی۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اطراف جج اَطَارِیْف۔ اطرافُ البَدَنِ: دونوں ہاتھ، دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَّاسِ: ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانِ شرفاء۔ اَطْرَافُ الرِّجالِ: اقرباء۔
الطَّرِف. غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔
الطُّرْفَة. خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔
الطُّرْفَة. ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَف.
الطَّرْفَاء. جھاؤ کا درخت۔
الطَّارِف. فا۔ نیامال اور اس کے مقابلہ میں التَّالِدُ: پرانا مال۔ ہے۔
الطَّارِفَة. مؤنث طَارِف. کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَیْنٍ" یعنی اتنا مالِ کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکاچوند لگ جائے ج طَوَارِف
الطَّوَارِف: آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرَاهُ الطَّوَارِفُ طَوَارِفُ الْخِبَاءِ:" خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لیے اُٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ القَرَائِحِ: طبیعت کے لطائف و ظرائف۔
الطَّرِیْف. نادر میوہ مِنَ المالِ: نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّلِیْدُ: پرانا مال۔ الطَّرِیْف: نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرْف و طِرَاف.
الطَّرِیْفَة. طَرِیْف کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَرَائِفُ. کہا جاتا ہے "طَرَائِفُ الْحَدِیْثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِیْفَةُ خَبَرٍ تَطْرِفُنَا بِهٖ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔
الاُطْرُوْفَة. نئی عمدہ نادر بات۔
الطِّرَاف. چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُرُف. شرافت و بزرگی۔
المُطْرِف. مِن المَالِ: نیا مال حاصل کرنے والا۔
المِطْرَف و المُطْرَف. نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مطارِف.
طَرْفَسَ. نظر تیز کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا المَوْرِدُ: گھاٹ کا گدلا ہونا المَاءَ: پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔
الطِّرْفِسَان. تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔
الطِّرْفِسَاء. تاریک۔
طَرَقَه (ن) طَرْقًا. ہتھوڑا مارنا النَّجَّارُ الصُّوفَ: اُون دُھننا الشَّیَ: بجانا البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا الاِبِلُ المَاءَ: اُونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الرَّجُلَ: جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (طَرْقًا و طُرُوْقًا) القَوْمَ: رات کے وقت آنا۔
طَرِقَ (س) طَرْقًا. گدلا پانی پینا (طَرَقًا) البَعِیْرُ: اُونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی پنڈلی میں کجی ہونا۔ صفت اَطْرَق. مؤنث طَرْقَاءُ ج طُرْق.
طَرَّقَ لَهٗ: راستہ بنانا المَوْضَعَ: راستہ اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا المَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔ "طَرَّقَ طَرِیْقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا الحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔ طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: بچّے کو مشکل سے جننا۔ القَطَاةُ: انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّی" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔
طَارَقَ. بَیْنَ الثَّوْبَیْنِ: اُوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ او الغَمَامُ: تاریکی یا بادل کا پیا پے آنا۔
اَطْرَقَ. خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْرَقَ رَاسَهٗ" یعنی سر جھکایا اِلَی اللَّهْوِ: مائل ہونا الصَّیْدَ: جال لگانا اَطْرَقَتِ الاِبِلُ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔ نکاح کرنا۔
تَطَرَّقَ. اِلَیهِ: چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔ اِلَی الاَمْرِ: راستہ تلاش کرنا۔
اِطَّرَقَتِ. الاِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔ متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ اِطَّرَقَ جَنَاحُ الطَّیْرِ: پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا التُّرَابُ: مٹی کا تہ بتہ ہونا۔
تَطَارَقَ الشَّیُ: پے در پے ہونا۔ تَطَارَقَتِ الاِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔
اِسْتَطْرَقَ. الشَّیَ: راستہ بنانا بَیْنَ

الصُفوف صفوں کے درمیان چلنا کنکری پھینکنے کو کہنا۔

الطَرق والطرق والطرقة مرتبہ۔ دفعہ کہاجاتاہے "اتیتہ طرقین" یعنی میں اس کے پاس دومرتبہ آیا۔

الطرق والطرق پھندا۔ جال ج اطراق

الطرقة پھندا۔ جال۔ ج طرق

الطرق مشک کی سلوٹ۔ ج اطراق پانی جمع ہونے کے مواضع۔ اُونٹوں کے پیر کے نشانات۔ اطراق البطن پیٹ کی سلوٹ۔

الطَرقة طرق کا اسم نوع۔ طریقہ۔ ج طرق.

الطُرقة راستہ۔ طریقہ۔ عادت۔ لالچ۔ تہ بتہ پتھر ج طُرق.

الطِراق جوتے کاچمڑا۔ لوہاکہ جس کوچوڑاکر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔ جوتے کے چمڑے کاٹکڑاجس سے جوتاگانٹھیں۔ ج طُرق.

الطریق راستہ (مذکر و مؤنث) ج طُرق اطْرق و اطرقة واطرقاء و جج طُرقات.

الطریْقة عادت۔ حالت۔ مذہب دھاری۔ کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔ لمبا کھجور کا درخت۔ خیمے کا ستون۔ سائبان کاستون۔ قوم کاشریف اور افضل۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ کہاجاتا ہے "هو طریْقة قومه وهم طریْقة قوْمهم. یا وهْم طرائق قومهم ج طرائق. ثوْب طرائق پرانا کپڑا طرائق الدهْر: حوادثِ دہر۔

الطارق فا۔ رات کو آنے والا۔ ج طُراق و اطْراق. صبح کاستارہ۔

الطَارِقة. طارق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قبیلہ مرد۔ چھوٹاتخت۔ ج طوارق و طارقات.

الطَرِیْق. مؤنث طَرِیقة. المطْراق. ج مطاریْق. بہت سر جھکانے والا۔

المطْرق والمطْرقة. روئی، اُون دُھننے کا ڈنڈا۔ ہتھوڑا۔ ج مطارق.

المطْرُوْق. مف۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی ہو۔ ماء مطْرُوْق وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی وپیشاب کریں۔

المطراق نظیر۔ ج مطاریق

المطاریق۔ پیدل چلنے والے لوگ۔ اُونٹوں کی قطار۔

طرم (س) طرما بیت النحل شہد سے بھرنا طرما العسل چھتے سے شہد بہنا۔

اطرمت اسنانه دانتوں پر میل جمنا۔

طرد فوه مُنہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔

تطرّم في الكلام کلام کرنے میں رُک جانا۔

الطِرْم والطرم والطریم شہد۔ الطریم تہ بتہ بادل۔ رجُلٌ طریم: مرد دراز قد۔

الطِرمة جگر۔

الطِرْمة والطرمة والطرمة اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الطُرامة دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے درمیان کابقیہ کھانا۔ مُنہ کے اوپر خشک تھوک۔

الطریم غُصہ۔

الطُرموث بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

طرمح البناء لمبی بنانا۔

الطِرماح والطِرماح والطِرموح لمبا۔

الطِرْماح مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بین۔

طرْمذُ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت طرما ذو طرمذان.

طرمس گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ جاننا۔ بھاگنا الوجه ترش رو ہونا الكاتبُ الكتابة مٹانا (واطرمس) اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔

الطِرْماس والطرمس والطِرْمساءُ سخت تاریکی۔

الطُرْموس والطرموسة بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

الطُرْموق چمگادڑ۔

طرُو یطرُو وطری یطری طراوة وطرانة وطراوة وطراء الغُصْنُ او اللحْم: ٹہنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طریٌّ.

طرا یطْرُو طُرُوًا. علیهم: دُور سے آنا۔

طرّى. الشئَ: ترو تازہ کرنا الطیْب: خوشبوؤں کو مخلوط کرنا الطعام: کھانے میں مسالہ ملانا۔

اطرى اطراء فُلانا: تعریف میں مبالغہ کرنا۔ اطرورى. تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔

الطرا. جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔ لاتعداد مخلوق۔

الطریّ. نرم تازہ۔

الاطْرِیة. سویاں۔

الاطْروان من الشباب: ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔

طری (س) طری. الیْه: متوجہ ہونا۔

طرْزه (ن) طرْزا. گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طسه (ن) طسًا. غالب آنا اور خاموش کرناه في الماء: غوطہ دینا۔ طسّ القوْم: سیر میں دُور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "ما ادْری این طسّ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔

طسّس. جانا في البلاد: سفر کرنا۔

الطسّ. ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طِساس وطسُوس وطسیس.

الطسّة والطسّة. ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طسّات وطسّات وطسس وطساس.

الطسّاس. برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

الطِساسة. برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔

طسأ (ف) طسْأ وطسی (س) طسْأ تخمہ ہونا۔ صفت طاسیٌ طیسی. طسامنْهُ: شرم کرنا۔

اطْساه. بدہضمی کرنا۔

الطسْأة. تخمہ۔ ہیضہ۔

الطسْت. ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طُسُوت.

طسع (ف) طسْعا فِي البلاد: جانا۔

طَسِعَ (س) طَسَعًا. بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ و طَسِيْعٌ.
طَسَمَ (ن) طَسْمًا. الشَّئَ: مٹانا۔
طَسَمَ (ض) طُسُوْمًا. مٹنا۔
طَسِمَ (س) طَسَمًا. ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔
الطَّسَم. تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔
طَسْمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَاب: تھوڑے سے بادل۔
الطَّسَام والطُّسَام والطَّسَّام. مِنَ الغُبَار: بہت زیادہ غبار۔
طشت (ن ض) طَشًّا واَطْشَّتِ السَّمَاءُ: پھوہار برسانا۔
طُشَّ. الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔
الطُّشَاشُ والطُّشَّة. زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔
الطَّشَاش. کمزوری نگاہ۔
الطِّشَّة. چھوٹا بچہ۔
طَعِمَ (ش) طَعْمًا و طُعْمًا. الشَّئَ: چکھنا عَلَيْهِ: قادر ہونا۔
طَعِمَ (س) طَعْمًا وطَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (طَعْمًا) الغُصْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔
طَعَمَ (ف) طَعْمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَطْعَمُ آكِلُ هٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔
طَعَّمَ الغُصْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَّمَ العَظْمُ" گودے دار ہونا۔
اَطْعَمَ. الغُصْنَ: پیوند لگانا ہٗ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا الشَّجَرُ: پھل دینا' پھل پکنا الشَّئُ: مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔
طَاعَمَ و تَطَاعَمَ. الحَمَامَ: مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَهٗ: ساتھ کھانا۔
تَطَعَّمَ. الشَّئَ: چکھنا۔
اِطَّعَمَ. مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَةُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "هُوَ لَا يَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کر دے۔
اِسْتَطْعَمَ. مزہ پانا۔ کھانا مانگنا الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنے کے لیے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمه الحَدِيْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لیے کہا۔
الطَّعْم. مزہ ج طُعُوم. کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ طَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔
الطُّعْم. کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لیے ڈالے جائیں۔
الطِّعْمَة. کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔
اَلتَّطْعِيْمُ: ایک گوشہ یا ٹہنی دوسری ٹہنی میں لگانا۔ (پیوندکاری کرنا)
الطُّعْمَةُ. خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَيْعَتِي طُعْمَةً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لیے عاریت پر دے دی ج طُعَم۔
الطَّعَام. خوراک ج اَطْعِمَة جج اَطْعِمَات گیہوں۔
الطَّعِم والطاعِم. خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِكُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ و طَعِيْم. ذبح کرنے کے اونٹ نہ دبلے نہ موٹے۔ الطعومة: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔
الطَّعَامِي. کھانا بیچنے والا۔
المَطْعَم. کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم۔
المِطْعَم. زیادہ کھانے والا۔
المِطْعَام. مہمان نواز۔
المُطْعَم. مذ رزق دیا ہوا۔
المَطْعُوْم. مذ۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ ٹیکہ۔
طَعَنَهٗ (ف ن) طَعْنًا. نیزہ مارنا اور چبھونا فِي المَفَازَةِ: جانا فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا الفَرَسُ فِي العِنَانِ: لگام کھینچ کر تیز چلنا (طَعْنًا وطَعَنَانًا: فِي الرَّجُلِ و عَلَيْهِ) عیب لگانا۔
طَعَنَهٗ. مارنا اللَّيْلَ: ساری رات چلنا۔
طُعِنَ. الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔
تَطَاعَنَ القَوْمُ تَطَاعُنًا و طِعَانًا واطَّعَنُوْا. ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الطَّعْنَة. نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان۔ ج طَعْن و طَعَنَات
الطَّاعُوْن. پلیگ۔ وبا کی موت۔ ج طَوَاعِيْن.
الطَّعَّان والمِطْعَن والمِطْعَان. بہت نیزہ مارنے والا ج مَطَاعِن و مَطَاعِيْن اور اسی سے ہے "هُوَ طَعَّانٌ فِيْ اَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔
الطَّعِيْن. نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعْن۔
الطِّعِّيْن. جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔
المَطْعَنَة. نیزہ بازی۔
طَغَرَه (ف) طَغْرًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الطُّغْرَاء والطُّغْرَى. شاہی فرامین اور سکوں کی علامت۔ ج طُغْرَاءَات و طُغْرَيَات.
الطُّغْرَائِيّ. طغرا بنانے والا۔
تَطَغَّمَ. عَلَيْهِ: جاہل بننا۔
طُغْمَة. جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُغْمَات و طُغَم.
الطُّغْم. سمندر۔ بہت پانی۔
الطَّغَام. کمینے لوگ (واحد و جمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَة. الطَّغَامَة: بیوقوف۔
الطُّغْوْمَة والطُّغْوْمِيَّة. بیوقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا۔ اِلَيْه: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِشٌ.

الطَّغْمَشَة. ضعف بصر۔
طَغَا يَطْغُوْ طُغُوًا طُغْوًا و طُغْوَانًا. حد سے بڑھ جانا البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔ السَّيْلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَى. المَوْجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
اَطْغَاه و طَغَاهُ. سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْغَاه المَالُ ونحوُهُ: سرکش بنا دینا۔
الطَّغْوَة. بلند جگہ۔ ج طَغَوَات
الطَّغْوَى. سرکشی۔
الطَّاغُوْت. ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل۔ ج طَوَاغ و طَوَاغِيْت. الطَّوَاغِي والطَّوَاغِيْت: بُت خانے۔
طَغَى وطَغِي يَطْغَى طَغْيًا و طُغْيَانًا وطِغْيَانًا بمعنی طغا واوی الكَافِرُ: کفر میں غلو کرنا الرَّجُلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا الماءُ: بلند ہونا۔
طَغَى واَطْغَى. فُلَانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔ سرکش بنانا۔
الطَّغْيَة. اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَّاغِي. فا۔ ظالم۔ طُغَاة. طَاغُوْن.
الطَّاغِيَة. مؤنث طَاغِي. جبار۔ متکبر۔ سرکش۔ بیوقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب اور بسا اوقات عرب رُومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ (ن ض) طَفًّا الشَّيْءُ مِنْهُ: قریب ہونا الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ طَفَّهُ بِرِجْلِهِ او يَدِهِ: پیر سے یا ہاتھ سے اُٹھانا۔
طَفَّفَ. المِكْيَالَ: کم ناپنا الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا عَلَى عِيَالِهِ: بال بچوں پر بخل کرنا۔
طَفَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا بِهِ مَوْضِعَ كَذَا: قریب کرنا۔
اَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا الكَيْلَ: بھرنا لَهُ: قریب دینے کا ارادہ کرنا عَلَيْهِ: مشتمل ہونا عَلَيْهِ بِحَجَرٍ: پھینکنے کے لیے اُٹھانا لَهُ السَّيْفَ: تلوار کو جھکانا۔

اِسْتَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا۔ اِسْتَطَفَّتِ الحَاجَةُ: حاجت کا پورا ہونا۔
الطَّفُّ. بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن۔ مکان۔ پہاڑ کا پہلو ج طُفُوْف. (والطفف والطَّفَاف والطِّفَاف والطُّفَافَة) مِنَ الإِنَاءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔
الطَّفَاف والصَّفَاف: رات کی تاریکی۔
طَفَافُ الشَّمْسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اتانا عِنْدَ طُفَافِ الشَّمْسِ" غروبِ آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔
الطَّفِيْف. کم۔ نامکمل۔ حقیر خسیس۔
الطَّافَّة. باغ کا گرد اگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔
الطَّفُّ والطِّفَاف. مِنَ الخَيْلِ: ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔
اَلإِطْفَائِيَّة: آگ کو بجھانے والا خاص گروپ۔
إِنَاءٌ طَفَّان. لبالب برتن۔
طَفِئَت (س) طُفُوْءًا. النَّارُ: آگ کا بجھنا عَيْنُهُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
اَطْفَأَ. النَّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "اَطْفَأَ الفِتْنَةَ او الحَرْبَ: یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔
اِنْطَفَأَتْ اِنْطِفَاءً. النَّارُ: آگ کا بجھنا۔
المُطْفِئُ. فا. مُطْفِئُ الجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَّضْفِ: مصیبت۔ مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔
المِطْفَأَة. آگ بجھانے کا آلہ۔ ج مَطَافِئ.
طَفَحَ (ف) طَفْحًا و طُفُوْحًا الإِنَاءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا الإِنَاءَ: بھر دینا (لازم و متعدی) السَّكْرَانُ: شراب سے پُر ہونا المَرْأَةُ بِالوَلَدِ: پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "اطفح عَنِّي" یعنی جاؤ۔
طَفَّحَ واَطْفَحَ الإِنَاءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔

اِطَّفَحَ. القِدْرُ: جھاگ نکالنا۔
الطِّفَاح. پُری۔
الطُّفَاحَة. ہانڈی کے جھاگ۔
الطَّفْحَان. لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفْحَى.
الطَّافِحَة. مؤنث طَافِح. خشک۔
فَرَسٌ طَفَّاحُ. القَوَائِمِ: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِطْفَحَة. کفگیر۔
طَفَدَ (ض) طَفْدًا. المَيِّتَ: دفن کرنا۔
الطَّفْد والطَّفَد. قبر۔ ج اَطْفَاد.
طَفَرَ (ض) طَفْرًا و طُفُوْرًا. کودنا۔ اُونچائی میں کودنا۔
طَفَّرَ. اللَّبَنُ: بالائی والا ہونا (واَطْفَرَ) الفَرَسَ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔
الطَّفْرَة. اُونچائی کی کودائی مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔
طَفِسَ (س) طَفَسًا و طَفَاسَة. گندا ہونا۔ صفت طَفِس.
طَفَسَ (ن) طُفُوْسًا. الرَّجُلُ: مرنا۔
طَفْطَفَ طَفْطَفَةً. دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔
الطَّفْطَفَة والطِّفْطِفَة. کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف.
الطِّفْطَاف. جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تروتازہ نرم شاخیں۔
طَفِقَ (س) و طَفَقَ (ض) طَفَقًا و طُفُوْقًا. يَفْعَلُ كَذَا. شروع کرنا۔ طَفِقَ المَوْضِعَ: لازم ہونا۔ طَفِقَ بِمُرَادِهِ: کامیاب ہونا۔
اَطْفَقَهُ. بمرادہ. کامیاب کرانا۔
طَفُلَ (ک) طُفُوْلَة و طَفَالَة. نرم و ناز پروردہ ہونا۔
طَفَلَ (ن) طُفُوْلًا. رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔

طَفَلَ (س) طفلا و طَفَلَ النبات: نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔ طَفَلَ اللَّیلُ: قریب ہونا۔ طفلت الشمسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا الرجلُ: طفیلی ہونا الکلام: غور کرنا۔ طفّلهٗ: نرمی برتنا اور یہ طفّل الراعی الابل سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اُونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اُونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔

اطفل. رات کے وقت داخل ہونا۔

اطفلتِ الشمسُ: آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا الانثی: بچہ والی ہونا۔ اطفل الکلام: سوچنا۔

تطفّل. بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔

الطَفْل. نرم و نازک۔ ج طفال و طُفول مؤنث طَفْلة

الطِفْل. ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هو یسعی لی فی اطفال الحاجات" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے ہر وحشی جانور کا بچہ مؤنث طِفلة کہا جاتا ہے جاریة طِفل و طِفلة اور طِفل واحد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے اسلئے کہ اسم جنس ہے۔ الطَفَل: حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تطایرت اطفال النار" یعنی چنگاری اُڑی۔ ریح طَفْل: نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج اطفال.

الطفل. بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طفل الغداة: طلوع آفتاب کے کچھ بعد۔ طفل العشی: غروبِ آفتاب سے کچھ قبل۔

الطُفیلی من النبات والحیوان: دوسروں کے سہارے زندگی گزارنے والے۔ جانور اور درخت و پودے۔

الطُفال و الطفال. خشک گارا۔

الطُفولیّة و الطفالة و الطفولة. بچپنا۔

الطفیل. گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الطُفیلیّ. بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔

المُطفل. بچے والی (انسان ہو یا جانور) ج مطافل و مطافیل. کہا جاتا ہے "لَیْلَة مُطفلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔

طفن (ن) طفنا مرناہ: قید کرنا۔

اطفان المکانُ: قابل اطمینان ہونا الرجلُ: اچھی عادت والا ہونا۔

الطفانین. جھوٹ۔ لغو بیہودہ گفتگو۔ قید۔

عَدِیَ یَعْدَیٰ عَدًا لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔
عُدِیَ عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کیا جانا۔ مال کا چوری جانا۔
عَدَّیٰ عَنِ الْاَمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرٰی" اپنی نگاہ پھیر لو فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا الشَّیْءَ: نافذ کرنا الْفِعْلَ: لازم فعل کو متعدی بنانا۔
عَادَیٰ عِدَاءً و مُعَادَاۃً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔ دشمن ہونا بَیْنَ الصَّیْدَیْنِ: ایک دوڑ میں دو شکار مارنا الشَّیْءَ: دور کرنا۔
اَعْدَیٰ الرَّجُلَ: دوڑنے کیلئے اکسانا فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: مدد کرنا۔ تقویت پہنچانا الْاَمْرَ: معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔
اَعْدَاہ شَرًّا: شر پہنچانا مِنْ عِلَّۃٍ اَوْ خُلُقٍ: بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قَرِیْنُ السُّوْءِ یُعْدِیْ قَرِیْنَہٗ" برا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی برا بنا دیتا ہے اِعْتَدَیٰ عَلَیْہِ: ظلم کرنا فِیْ کَلَامِہٖ: زیادتی کرنا۔
تَعَدَّی الشَّیْءَ: تجاوز کرنا عَلَیْہِ: ظلم کرنا الْفِعْلُ: متعدی ہونا الشَّیْءَ اِلٰی آخَرَ: تجاوز کرانا۔
تَعَادَی الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ دوڑ میں مقابلہ کرنا الرَّجُلُ: دور ہونا بَیْنَہُمْ: اختلاف ہونا۔ فساد ہونا الْمَکَانُ: ناہموار ہونا تعادت النَّوَائِبُ: مصائب کا پے در پے ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَادَی الْقَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔
اِعْتَدَی الْحَقَّ و عَنِ الْحَقِّ و فَوْقَ الْحَقِّ: تجاوز کرنا عَلٰی فُلَانٍ: ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدَی الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا الْفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔
العَدَاۃ. مشغولیت۔ دوری (یا العِدَاء) ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا الْفَرَسُ عِدَاءً وعَدَاءً وَاحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی عُدَاءُ الوَادِیْ: وادی کا درمیان۔
العِدْو والعِدَاء والعِدَیٰ. چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔
العِدَیٰ والعَدَیٰ. جانب اَعْدَاء.
العِدَیٰ. اَعْدَاء. جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَیٰ. عدو کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔
العَدْوَیٰ. فساد۔ امراض متعدیہ۔
العَدَاوَۃ. دشمنی۔ دوری۔
العُدْوَۃ. دور جگہ (العَدْوَۃ والعِدْوَۃ) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء و عِدَوَات.
العَدْوَۃ. ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَوَاء. سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت عُدَوَاءُ الشَّوْقِ: شدائد و تکالیف۔ شوق عُدَوَاءُ الشُّغْلِ: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُہُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہو گئی۔
العُدْوَان. خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَیَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔
العَدَوَان. تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوْعَدَوَانٍ: لاگو بھیڑیا۔
العَدَّاء. تیز دوڑنے والا۔
عَدِیٌّ. نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل و قتال کے لیے تیار ہو۔
العَدُوّ. دشمن۔ ج اَعْدَاء اَعَادٍ.
العَادِی. فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَادِی الْعَوَادِیْ: بہت ضروری امور جو دوسرے امور سے باز رکھیں ج عُدَاۃ: عَادِیَا اللَّوْحِ: تختی کے دونوں طرف۔
العَادِیَۃ. مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل و قتال کیلئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑ سوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزی غضب عَادِیَۃُ السُّمِّ. زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ عَادِیَۃَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان

دور کر دیا ج عوادٍ. عوادِی الدّھر: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صرَفتُہٗ عَن کَذا عوادٍ" اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔

المَعدٰی گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مالی عَن فُلانٍ مَعدٰی" میرے لیے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔

عَذَبَ(ض) عَذبًا سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوب و عاذِب عَنہُ باز رہنا ہ منع کرنا۔ عَذَبَ السَّوطَ کوڑے میں پھندنا لگانا۔

عَذِبَ(س) عَذَبًا الماءُ کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب.

عَذُبَ(ک) عُذُوبَۃ واعذَوذَبَ الشَّرابُ میٹھا و خوشگوار ہونا۔

اَعذَبَ میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا القَومُ میٹھے پانی والا ہونا۔ اللہ الماءَ میٹھا پانی کر دینا عَنہُ باز رہنا ہُ عَنِ الاَمرِ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَعذِبْ نَفسَکَ عَن کَذا" اپنے نفس کو اس سے روکو۔

عَذَّبَہٗ عذاب دینا۔ عَذَّبَہٗ عَنِ الشَّیءِ منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوطَ کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّیءَ روکنا۔

اِعتَذَبَ عمامے کے دو شملے لٹکانا۔

اِستَعذَبَ الشَّیءَ میٹھا و خوشگوار پانا۔ میٹھا و خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ یَستَعذِبُ الماءَ" میٹھا پانی لانے کیلئے گیا عَن کَذا باز رہنا۔

العَذبُ مص۔ خوشگوار کھانا پانی۔ ماءٌ عَذبٌ میٹھا پانی۔ العَذبُ ایک قسم کا درخت۔

العَذَبُ مص۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَۃ.

العَذَبَۃ تنکا (والعُذبَۃ والعَذِبَۃ) کائی ج عَذَبات.

العاذِبُ فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ مِنَ الدَّوابِّ وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوب.

العَذُوبُ بمعنی عاذِب مِنَ الدَّوابِّ. شدتِ پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔

العَذابُ ہر وہ جو انسان کیلئے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج اَعذِبَۃ.

عَذَجَ(ض) عَذجًا الماءَ پانی پینا فُلانًا گالی دینا۔

المِعذَجُ غیرت مند۔ بد خلق۔ بہت ملامت کرنے والا۔

عَذَرَہٗ(ض) عَذرًا وعُذُرًا وعُذرٰی ومَعذُرَۃ ومَعذِرَۃ عَلٰی او فِی ما صَنَعَ الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔

عَذِرَ(ض) عَذرًا وعُذرًا گناہ زیادہ ہونا (عَذرًا) الغُلامَ لڑکے کا ختنہ کرنا۔

عَذَرَ(ض ن) عَذرًا وعُذرًا. الفَرَسَ بالعِذارِ پوزی لگانا؛ باگ ڈور سے باندھنا الصَّبِیَّ العاذُورُ حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔

عُذِرَ الصَّبِیُّ حلق کا درد لاحق ہونا۔

عَذَّرَ عذر ثابت نہ ہونا ہ عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عذّر الغلامُ لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اگنا۔ مسیں بھیگنا الدّارُ نشانات مٹانا فِی الاَمرِ کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔

اَعذَرَہٗ فِی او عَلٰی ما صَنَعَ الزام سے بری کرنا الرَّجُلُ عذر ظاہر کرنا مِن نَفسِہٖ بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا فِی الاَمرِ کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش کرنے والا سمجھنا الفَرَسَ پوزی باندھنا؛ باگ ڈور باندھنا الغُلامَ لڑکے کا ختنہ کرنا۔ ہ فِی ظَھرِہٖ مار کر بدھی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ حَتّٰی اَعذَرَ مَتنَہٗ" مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیئے بِفُلانٍ زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ فُلانٌ فَاَعذَرَ" یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعذَرَتِ الدّارُ بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عاذَرَ مُعاذَرَۃً عذر نہ ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ عَلَیہِ الاَمرُ دشوار ہونا۔ باز رہنا۔ عَنِ الاَمرِ پیچھے ہٹنا الرَّسمُ مٹنا الرَّجُلُ اپنے لیے حجت کرنا۔ بھاگنا الشَّیءُ پلیدی سے لتھڑنا فُلانٌ مِنَ الذَّنبِ گناہ سے بری ہونا۔

اِعتَذَرَ عَن و مِن فِعلِہٖ عذر بیان کرنا عَن فُلانٍ کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرَّجُلُ صاحب عذر ہونا اِلَیہِ عذر پیش کرنا الرَّسمُ نشان مٹنا۔

اِستَعذَرَ اِلَیہِ عذر پیش کرنا۔

اَلعُذرُ حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج اَعذار غلبہ۔ کامیابی۔ اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ العُذرُ" یعنی کسی کے لیے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَبُو عُذرِ ھٰذَا الکَلامِ" وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے "الھَوَی العُذرِیُّ" پاکیزہ محبت۔

العِذارُ پوزی۔ باگ ڈور۔ ج عُذُر رخسارہ۔ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہا جاتا ہے "خَلَعَ عِذارَہٗ" و "ھُوَ خَلِیعُ العِذارِ" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پروا نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ "لَوٰی عِذارَہٗ عَنہُ" یعنی نافرمانی کی العِذارُ مِنَ النَّصلِ تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔ العِذارُ ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔

العِذرَۃُ عذر ج عِذَر.

العُذرَۃُ بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لیے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ العُذرَۃُ پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر.

العَذِرَۃُ پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے

نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرات۔
العَاذِر. فا۔ نشان زخم (والعَاذِرَة) پاخانہ۔
العَاذِر: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے۔
العَذِیر. بمعنی عَاذِر. مددگار ج عُذُرٌ مؤنث عذیرة. العَذِیر والعَذِیرَة. کسی نئی خوشی کا کھانا۔ العَذِیرَة: نشانِ زخم۔
العَاذُور. گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِیر.
الإِعْذَار. کسی نئی خوشی کا کھانا۔
العَذْرَاء. باکرہ۔ درناسفتہ ج عَذَارِیٰ وعَذَارٍ وعَذْرَاوَات. لقب سیّدہ مریم رضی اللہ عنہا کا۔
العُذْری والمَعْذَرَة والمَعْذُرَة والمَعْذِرَة. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر.
المِعْذَار. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِیْر.
عَذَفَ(ض) عَذْفًا مِنَ الطَعَامِ: چکھنا۔
تَعَذَّفَ. الطَعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ عَذْفًا ولا عَذُوْفًا ولا عُذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
العُذَافِر. شیر۔ مضبوط اُونٹ۔ ج عُذَافِرَة.
عَذَوْفِر. مضبوط اُونٹ۔
عَذَقَ(ض) عَذْقًا وعَذَّقَ النَخْلَةَ: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عذقه إلى كَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ واَعْذَقَ الشَاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اُون سے نشان لگانا۔
اِعْتَذَقَ. دو شملے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَهُ بِكَذَا کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
العَاذِق. فا۔ وہ شخص جو درخت خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن وعُذَّاق.
العَذْق. پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُق وعُذَّاق.
العِذْق. انگور کا گچھا مِنَ النَخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْق واَعْذَاق. العِذْق: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ عِذْقٌ كُمَّلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔
العَذِق. ہوشیار۔ چرب زبان۔ طَيِّبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔
العَذْقَة والعِذْقَة. بکری کے رنگ کے خلاف اُون کا نشان۔
عَذَلَهُ (ن ض) عَذْلًا وعَذَلَهُ. ملامت کرنا۔ صفت عَاذِل ج عُذَّل وعُذَّال وعَذَلَة وعَاذِلُوْن مؤنث عاذِلَةٌ ج عَوَاذِل وعَاذِلَات.
تَعَاذَل. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
تَعَذَّل واعْتَذَل. اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَجُلُ عَلَى الشَّيْ: پختہ ارادہ کرنا۔ العَذْل والعَذَل والتَعْذَال. ملامت کرنا۔ اَيَّامٌ عُذَّلٌ ومُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔
العُذَلَة والعَذُوْل والعَذَّال والعَذَّالَة. بہت ملامت کرنے والا۔
العَذَّالَة. مؤنث عَذَّالٌ. سرین۔
العَاذِل. فا۔ رگ خونِ استحاضہ۔
المُعَذَّل. مف۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔
عَذْلَجَ. السِقَاءَ: مشکیزہ بھرنا الوَلَدَ وغَيْرَهُ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔
عَيْشٌ عِذْلَاجٌ. خوشگوار زندگی۔
العُذْلُوْج. اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔
المُعَذْلَج. پرگوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَة.
عَذَمَ(ض) عَذْمًا الفَرَس: گھوڑے کا کاٹ کھانا الرَجُلَ: اپنے آپ سے دفع کرنا۔ ملامت کرنا۔
عَذِمَ(س) عَذْمًا. گالی دینا۔
اَعْذَمَهُ. عَنْ نَفْسِهِ: روکنا۔ منع کرنا۔
العَذُوْم. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم.
العَذَّام. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذِیْمَة. ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت۔ ج عَذَائِم.
عَذَا يَعْذُوْ عَذْوًا وعَذِيَ يَعْذَى عَذًى وعَذُوَ يَعْذُ وعَذَاوَةً المَكَانُ. اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراض وبائیہ سے دُور ہونا۔
اِسْتَعْذَى المَكَانُ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔
ارض عَاذِيَة وعَذِيَة وعَذِيَّة وعَذَاة. عمدہ آب و ہوا والی زمین۔
العِذْیٰ. کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ ج اعذاء.
عَرَّ(ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی ہونا۔ صفت عَرٌّ واَعَرُّ وعَارٌّ ومَعْرُوْرٌ.
عَرَّهُ(ن) عَرًّا. غمگین کرنا۔ سائل بن کر آنا۔ عَرَّهُ بِشَرٍّ: برائی سے ملوث کرنا (و عَرَّرَ) الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
عَرَّ(ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّة وعِرَارًا الظَلِيْمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔
اَعَرَّتِ. الدَارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔
تَعَارَّ. نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
اِعْتَرَّهُ واعْتَرَّبِهِ اِعْتِرَارًا. بغیر سوال کے بخشش کے لیے آنا۔
اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرَبُ: خارش پھیلنا۔
العَارُوْر والعَارُوْرَة. منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
العُرَر والعُرُوْر. خارش۔
العَرّ. خارشی۔ خارش۔ عیب۔ برائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
العَرَّة. اسم مرة۔ مؤنث العَرّ. جنگ کی سختی۔ بری عادت۔ عیب۔
العُرّ. خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔
العُرَّة. خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچانا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عُرَّةٌ" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔
الاَعَرّ. خارشی مرد یا اُونٹ۔ مؤنث عَرَّاءُ ج

عَرَّ. العَرَّاءُ: لڑکی۔
العَرار. ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے۔ جنگلی نرگس۔ واحد عَرارَةٌ۔
العَرارَة. قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرار. گناہ۔ قصور۔
العَرارَة. ٹڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بدخلقی۔
العَرِير. اجنبی۔
المَعَرَّة. گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ امرِ قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَيْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرّ. فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُب (ک) عُرُوْبَةً وعُرُوْبِيَّةً وعَرَابَةً وعَرْبًا وعُرُوْبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ (س) عَرَبًا. بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا المِعْدَةُ: معدہ کا فاسد ہونا الجُرْحُ. سوجنا اور پیپ والا ہونا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی بہت ہونا الرَّجُلُ: لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ (ض) عَرْبًا. الطَّعَامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اعرابی غلطی سے پاک کرنا الكِتَابَ ونَحْوَهُ: عربی میں ترجمہ کرنا عَلَيْهِ فِعْلَهُ: قباحت بتانا قَوْلَهُ: رد کر دینا عَنْهُ لِسَانُهُ: فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا عَنْ صَاحِبِهِ: اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا الرَّجُلُ: عربی گھوڑا لینا: المُشْتَرِي بیعانہ دینا الرَّجُلُ: فتیح بات بولنا بِحُجَّتِهِ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا الاِسْمَ الأَعْجَمِيَّ: عربی کر دینا۔
أَعْرَبَ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا عَنْ حَاجَتِهِ: صاف بیان کرنا كَلَامَهُ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا بِالْكَلَامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِهِ عمدہ دلیل لانا الاِسْمَ الأَعْجَمِيَّ: عربی بنا دینا الكَلِمَةَ: اعراب لگانا الفَرَسَ: دوڑانا الفَرَسَ العَرَبِيَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے

کو غیر عربی سے ممتاز کرنا أَعْرَبَ الرَّجُلُ: اُونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا المُشْتَرِي: بیعانہ دینا الرَّجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ. اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا۔ اور اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ. عربوں میں داخل ہو جانا۔ فتیح بات بولنا۔
العُرْب والعَرَب. باشندگانِ ملک عرب۔ ج أَعْرُب وعُرُوْب۔
العُرْبُ والعُرْبَاءُ والعَارِبَة والعَرِبَة والعَرَبِيَّة. خالص عربی لوگ۔ اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُتَعَرِّبَة والمُسْتَعْرِبَة. غیر ملکی لوگ جو عرب میں آکر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرَابَة والعِرَابَة. فحش و بدگوئی۔
العَرَب والعِرَب. مِنَ المَاءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عَرِبٌ: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَةٌ عَرِبَةٌ: فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرْبَانٌ. فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرْبَانِيُّ اللِّسَانِ: فصیح مرد۔
العَرَبِي. خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام کسی دوسرے ملک میں ہو۔
العَرَبِيَّة. مؤنث العَرَبِي. اللُّغَةُ العَرَبِيَّةُ. عربی زبان۔
الأَعْرَابِي. عرب کا دیہاتی۔
الأَعْرَاب. عرب دیہات کے باشندے۔ واحد أَعْرَابِي.
العَرِبَة. تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرَب و عَرَبَات. العَرَبَات. وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق بگی پر ہوتا ہے۔
الأَعْرَابِيَّة. عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَعْرَبُهُمْ أَحْسَابًا" حسب کے لحاظ سے

خالص و أَعْرَبُهُمْ أَلْسِنَةً: اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَيْلٌ او إِبِلٌ عِرَابٌ وأَعْرُب: خالص عربی گھوڑے یا اُونٹ۔
العُرْبَان. عرب۔
العَرُوْب والعَرُوْبَة مِنَ النِّسَاءِ: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ عَرُوْبَة اور يَوْمُ العَرُوْبَة: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مُعْرِبٌ او عَرِيْبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّبُ. عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے اَبْرِیسم۔
عَرْبَدَ عَرْبَدَةً. بدخلق ہونا۔ صفت عِرْبِيْد و مُعَرْبِد.
العِرْبَدّ والعِرْبِدّ. ایک سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبَدًّا" یعنی سخت غضبناک ہوا۔ نر سانپ۔
عَرْبَنَهُ. بیعانہ دینا۔
العُرْبُوْن والعَرَبُوْن والعُرْبَان. بیعانہ۔ سائی بحوابین۔ عوام عُرْبُوْن کہتے ہیں۔
عَرَتَ (ض ن ف) الرُّمْحُ: نیزے کا سخت ہونا البَرْقُ ونَحْوُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا بَرْقٌ او رُمْحٌ عَرَّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔
العَرْتَبَة. ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
العَرْتَمَة. ناک کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَلَى عَرْتَمَتِهِ" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ (ض ن) عُرُوْجًا ومَعْرَجًا فِي السُّلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا عَلَى الشَّيْءِ و فِيْهِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِهِ: چڑھایا جانا۔
عَرَجَ و عَرِجَ (ف س) عَرَجًا. لنگڑا ہونا۔ صفت أَعْرَج ج عُرْج و عُرْجَان مؤنث عَرْجَاء.
عَرِجَتْ (س) وعَرَجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ. ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسرے

جانب جھکنا عَنِ الشَیْ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا الثَوب: پیچیدہ دھاری دار بنانا البِناء او النَہر: جھکاؤ کے ساتھ بنانا الرَجل: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَعرَج عَلٰی قَوْلِہٖ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا (وتعَرَّج) عَلَی المَکانِ: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔
اَعْرَج. آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ اَعْرَجَہُ اللّٰہُ: لنگڑا کر دینا۔
تعَارَج. بتکلف لنگڑا بننا۔
اِنْعَرَجَ. الشَیٔ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا الطَرِیْقُ: جھکنا عَنِ الشَیٔ: تجاوز کرنا؛ چھوڑ دینا القَوْمَ عَنِ الطَرِیْقِ: بھٹک جانا۔
العَرَجَ والعَرجَان. لنگڑاہٹ، لنگڑے کی چال۔
العَرجَاء. مؤنث الاَعْرَج. لنگڑی عورت۔ بجو۔
العَرْجَة والعُرْجَة جس پر توقف کیا جائے۔
اَمْرٌ عَرِیْجٌ غیر مستحکم کام۔
العُرَیْجَاء. دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
المِعْرَجُ والمَعْرَج والمِعْرَاج. سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ ج مَعَارِجْ ومعَارِیج.
المُنْعَرجُ مِنَ الوَادِی: وادی کا موڑ۔
عَرْجَنَ الثَوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُوْن. کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَراجِین.
عَرَدَ (ن) عَرْدًا الحَجَر: پتھر کو دور پھینکنا۔ (عُرُوْدًا واَعْرَد) النَبَاتُ او النَابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا الشَجرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَرِدَ (س) عَرَدًا وعَرَّدَ. بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَّدَ السَہْمُ فِی الرَّمْیَۃِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَّدَ النَجْمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔ عَرَّدَ الرَجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔
العَرْد والعَرِد والعُرُدَّ. بہت سخت۔
العَرَادَة: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "هُوَ فِیْ عَرادَةِ خَیْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔
العُرَّادَة. پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادَات.
العَرِیْد. طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَرِیْدُہٗ" یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْدَسه. پچھاڑنا۔
العَرَنْدَس. بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِزٌّ عَرَنْدَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَز (ض) عَرْزًا. الشَیٔ: سختی سے کھینچنا۔ الرَجُلَ: کسی کو ملامت کرنا وعَرِزَ (س) عَرَزًا) الشَیٔ: سخت ہونا؛ سکڑنا۔
عَرَّزَ. سکڑنا الشَیٔ: پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَہٗ. دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
عَارَزَ وتَعَارَزَ الشَیٔ: سکڑنا۔
اَعْرَزَ. الشَیٔ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تعَرَّزَ. عَلَیْہِ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْرَزَ. الشَیٔ: سکڑنا الرَجُلُ: سخت ہونا۔
العِرْزَال. شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لیے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قَوْمٌ عَرَازِیْل: چوروں کا گروہ۔
العِرْزِم. پرانا سانپ۔
العِرْزَم والعَرازِم والعِرْزَام: شیر۔
عَرَسَ (ن) عَرْسًا. خوشی میں رہنا عَنْہُ: پھر جانا عَرْسًا وعُرُسًا) جماع کرنا۔
عَرَسَ (ن ض) عَرْسًا. البَعِیْرَ: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عَرِسَ (س) عَرَسًا. الرَجُلُ: اکڑنا بِہٖ: لازم ہونا۔ محبت کرنا مِنْہُ: بے خود ہونا۔ صفت عَرِسٌ الشَیٔ: سخت ہونا۔ الشَرُّ بَیْنَهُمْ: ہمیشہ رہنا عَنْہُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا عَلٰی مَا عِنْدَہٗ: باز رہنا اور بخل کرنا۔
اَعْرَسَ. دلہن لانا الشَیٔ: لازم ہونا اور محبت کرنا الرَجُلُ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کیلئے رکھنا بِاَهْلِہٖ: جماع کرنا (وعَرَّسَ) القَوْمُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لیے اترنا۔
تَعَرَّسَ لِاِمْرَاَتِہٖ: فریفتہ ہونا۔
اِعْتَرَسَ القَوْمُ عَنْہُ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
العَرْسُ. س۔ رسی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (والعُرْس) چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج عُرَاس.
العِرْس. دلہن۔ عِرْسُ المَرْاَةِ: دولہا۔ ج اَعْرَاس. اِبْن عِرْسٍ نیولا۔ ج بَنَاتُ عِرْسٍ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)
العُرْس والعُرُسُ. زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج اَعْرَاس وعُرُسَات.
العِرَاسِ. رسی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔
العَرُوْس. دولہا دلہن۔ جمع کے لیے کہا جاتا ہے "هُمْ عُرُسٌ و هُنَّ عَرائِس" اور التباس کے دفع کرنے کے لیے عورت پر عَرُوْسَة کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس.
العَرِیْس. عِنْدَ المُوَلَّدِیْن: دلہن۔
العِرِّیْسُ والعِرِّیْسَة: شیر کی جھاڑی۔
العَرَّاس وَالمِعْرَس والمُعَرِّس اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المُعْرَس والمُعَرَّس. آخر رات میں آرام لینے کے لیے اترنے کی جگہ۔
عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا. لکڑی کا مکان بنانا البَیْتَ: گھر بنانا العَرْشَ: چھت بنانا۔ تخت بنانا البِئْرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا عَرْشًا وعُرُوْشًا) الکَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔

عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

عَرِشَ (س) عَرْشًا وعَرَشًا. متحیر ہونا۔ بِغَرِيْمِهٖ: سخت پکڑنا۔ عَنْهُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔

عَرَّشَ الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا الْكَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ الْبَيْتَ: چھت بلند کرنا الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (واَعْرَشَ) ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔

تَعَرَّشَ وتَعَرْوَشَ بِالْاَمْرِ: چمٹا رہنا بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَةَ: سوار ہونا۔

اِعْتَرَشَ. ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ الدَّوَ اِلٰى عَلَى الْخَشَبِ. انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا (واِعْرَوَّشَ) الدَّابَةَ: سوار ہونا۔

الْعَرْشُ. تخت شاہی۔ الْعَرْشُ: کسی چیز کا رُکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُهٗ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہو گیا۔ الْعَرْشُ مِنَ الْبَيْتِ: چھت۔ مِنَ الْقَوْمِ: رئیس۔ سردار۔

الْعَرْشُ: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلہ۔ عَرْشُ الْكَرْمِ: انگور کی ٹٹی ج اَعْرَاش وعُرُوْش وعُرُش وعِرَشَة.

الْعَرِيْشُ. جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (والعَرِيْشَة) پالکی۔

عَرَصَ (ض) عَرْصًا وعَرِصَ (س) عَرَصًا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ عَرِصَ الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔

عَرَّصَ الْبَعِيْرَ: اُونٹ سدھا لینا اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا۔

اَعْرَصَ الشَّئُ مضطرب ہونا۔

تَعَرَّصَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِعْتَرَصَ. الْغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا الْجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا الرَّجُلُ: اُچھلنا۔ کودنا۔

الْعَرْصَةُ. گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِرَاص واَعْرَاص وعَرَصات.

الْعَرَّاص. بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔

الْمِعْرَاص. نیا چاند۔

عَرْصَفَهٗ. عَرْصَفَةً. کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔

الْعُرْصُوْف والْعِرْصَاف. پالان کی میخ۔ ج عَرَاصِيْف. الْعِرْصَاف: پٹھے کا کوڑا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔

الْعَرْصَمُ. بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔

الْعِرْصَمٌ. لاغر۔ مضبوط قوی۔ شیر (الْعِرْصَام والْعُرَاصِم) شیر۔

الْعُرْصُوْم. بخیل۔

عَرَضَ (ض) عَرْضًا لَشَّئُ بِفُلَانٍ: پیش کرنا الشَّئَ عَلَيْهِ: دکھلانا الْمَتَاعَ لِلْبَيْعِ سامان کو فروخت کے لیے خریداروں کے سامنے کرنا الْجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا لَهٗ مِنْ حَقِّهٖ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عَرَضَ لَهٗ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰى: بخار لاحق ہونا الْقَوْمَ عَلَى السَّيْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا الْحَصِيْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرْضَ او عُرْضَ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لَا تَعْرِضْ عَرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔

عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔

عَرَضَ لِيْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔

عَرَضَ (ض) و عَرِضَ (س) عَرَضًا. ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا الْعُوْدَ عَلَى الْاِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عُرِضَ. مجنوں ہونا۔

عَرَضَ (ن) عَرْضًا. مکہ مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا الْكِتَابَ: زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ک) عِرَضًا وعَرَاضَةً. چوڑا ہونا۔ صفت عَرِيْض وعُرَاض.

عَرَّضَ وَلَهٗ و بِهٖ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا الشَّئَ: چوڑا کرنا الْمَتَاعَ: سامان کو دراہم ودنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا الْكَاتِبُ: مبہم لکھنا الشَّئَ لِلشَّئِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالِكَ لِلْهَلَاكِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لیے پیش کر دیا ٥ مِنْ مَالِهٖ بِكَذَا: بدلہ دینا فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔

اَعْرَضَ عَنْهُ: روگردانی کرنا الشَّئَ: چوڑا کرنا الْمَسْئَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔ فِي الْمَكَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُهٗ فَاَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔ الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَكَ الْخَيْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَكَ الظَّبْيُ فَارمه" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔

عَارَضَهٗ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا. پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الْكِتَابَ بِالْكِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا ٥ فِي الْمَسِيْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَه فَعَرَضَهٗ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ الْاَمْرَ ولِلْاَمْرِ واِلَى الْاَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا الشَّئُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ. چوڑائی میں ہونا لَهٗ: منع کرنا

البَعِیرَ: سرکش اُونٹ پر سوار ہونا لَهٗ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا عِرْضَهٗ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا دُوْنَ الشَّيْءِ: حائل ہونا۔ روک بننا القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا عَلَیْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا الشَّيْءَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَهٗ فَاعْتَرَضَ" اِس نے اُس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ. چوڑی چیز طلب کرنا الشَّيْءَ: پیش کرنے کو کہنا ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرِضْ یُعْطِی مَنْ اَقْبَلَ اَوْ اَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِسْتَعْرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔

العَرْض. اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوْض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوْض وعِرَاض واَعْرَاض. جزا سزا کا دن۔

العَرْض. التجا۔ گزارش۔ کہا جاتا ہے الشَّيْءُ عَرْضُ عَیْنِی: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَیْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ و عَرْضُ الحالِ عِنْدَ الکُتَّابِ: حاکم کے پاس شکایت کے لیے یا کسی فائدہ کے لیے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لیے عُرُوْضُ الاَحْوَال بولا جاتا ہے اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

العِرْض. اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج اَعْرَاض. کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِیُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذُوُو العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "هُوَ عَرِبُ العِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ العِرْض. نفس۔ کہا جاتا ہے "اَکْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِی" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَان. بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ العِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرْض. جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔ مِنَ البَحْرِ او النَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔ مِنَ الحَدِیْثِ: بہتر و بڑی بات۔ مِنَ السیفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک جانب۔ کہا جاتا ہے نَظَرَ اِلَیْهِ عَنْ عُرْضٍ وکَلَّمَهٗ عَنْ عُرْضٍ: گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ و خَرَجُوْا یَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ: یعنی نکل کر مارنا شروع کر دیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضْرِبْ بِهٖ عُرْضَ الحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وهو مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض. متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت مِنْ کُلِّ شَيْءٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اَعْرَاض. کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة. پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَةُ. ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِکَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلکَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے و "جَعَلْتُهٗ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنانا۔

العُرْضِی جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الاِبِلِ: سرکش اُونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض. جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اُونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِیْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرْض.

العُرَاض والعُرُض. چوڑا۔

العُرَاضَة. عُرَاض کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّیْض. وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوْض. اشعار کا وزن۔ مصرعہ اولی کا جزء اخیر۔ سرکش اُونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج اَعَارِیض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ مِنَ الکَلَامِ مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ المَسْئَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهٖ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوْضِی. علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض. ف۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَةُ. مؤنث العَارِض. دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض. العَوَارِض. مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔ العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِیْض. چوڑا۔ ج عِرَاض. دعاء عریض بہت زیادہ دُعا "هُوَ عَرِیْضُ البِطَانِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔ العَرِیْض: خصی بکرا۔

العَرِیْضَة. مؤنث العَرِیْض. کیفیت کا پیش کرنا۔

التَعْرِيْض فِي الكَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔
المِعْرَاض. توریہ کرنا مِنَ الكَلَامِ: مضمون۔ بغیر پَر کا تیر جس کا درمیانی حصّہ موٹا ہو۔ ج مَعَارِيض.
المَعْرِض. پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرْتُهُ فِيْ مَعْرِضِ كَذَا."
المِعْرَض. دُلہن کی شب عروسی کا کپڑا الكَلَام المُعَرَّض. مبہم کلام ج مَعَارِضُ و مَعَارِيْض. کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي المَعَارِيْض لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الكِذْبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔
المَعْرُوْض حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔
عَرَطَ (ن) عَرْطًا واِعْتَرَط عِرْضَ فُلَانٍ غیبت کرنا۔ اِعْتَرَط الرَجُلُ دُور چلا جانا۔
عِرْيَط و اُمُّ عِرْيَط واُمُّ العِرْيَط بچھو۔
العَرْطِنِيْثَا ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔
عَرْعَرَ. القَارُوْرَةَ: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا العَيْنَ: آنکھ پھوڑ دینا۔
العَرْعَر. سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَة.
العُرْعُر. بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ عُرْعُرَه:" یعنی بد خلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصّہ۔ پیڑو۔
العُرْعُرَة والعَرْعَرَة. شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔ عُرْعُرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر.
العُرَاعِر شریف۔ سردار مِنَ الاِبِلِ: موٹا اُونٹ ج عَرَاعِر. العَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔
العَارُوْرَة منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
اَلعَرْعَر صنوبر کی قسم کا ایک درخت جس کے پھل کچل والے مشروبات میں استعمال ہوتے ہیں۔ العرعر الكادی اس کی لکڑی سے سیاہ تیل جلدی امراض کے لئے نکالا جاتا ہے۔
عَرَفَ (ض) عِرْفَةً و عِرْفَانًا و عِرِفَانًا ومَعْرِفَةً الشَئَ: پہچاننا۔ جاننا بِذَنْبِهٖ: اقرار کرنا ہ: بدلہ دینا لِلاَمْرِ: صبر کرنا۔
عَرَفَ (ن) عَرَافَةً. عَلَى القَوْمِ: چودہری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (عَرْفًا) الفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔
عَرُفَ (ک) عَرَافَةً. چودھری ہونا (عَرْفًا وعَرَافَةً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا۔
عَرِفَ (س) عَرْفًا خوشبو ترک کر دینا۔
عُرِفَ الرَجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔
عَرَّفَ. الشَئَ: خوشبو دار کرنا۔ عَرَّفَه الاَمْرَ: واقف کرا دینا۔ عَرَّفَه بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔ عَرَّفَ الضَالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا الطَعَامَ: سالن زیادہ کرنا الِاسْمَ: اِسم نکرہ کو معرفہ بنانا الحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (واَعْرَفَ) فُلَانًا: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا واَعْرَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ الِاسْمُ: اِسم نکرہ کا معرفہ ہونا الشَئَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا الضَالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا بِفُلَانٍ: آشنا ہونا اِلَيْهِ: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعْتَرَفَ. بِالشَئِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا الشَئَ: پہچاننا بِهٖ: رہنمائی کرنا الرَجُلُ: دریافت کرنا اِلَيْهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا لِلاَمْرِ: صبر کرنا الضَالَّةَ: گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لیے اوصاف بتانا۔
اِسْتَعْرَفَ. الشَئَ: پہچاننا اِلٰى فُلَانٍ: واقفیت کے لیے نسبت بیان کرنا۔
اِعْرَوْرَفَ. لِلشَرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
الفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا البَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا النَخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا الدَمُ: خون کا جھاگ والا ہونا الرَاكِبُ الفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا الرَجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔
العَرْف. بُو۔ اکثر خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْيَبَ عَرْفَه" اِس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔ العُرْف. جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے لَهٗ عَلَيَّ اَلْفٌ عُرْفًا. اُس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔
العُرْف. موج۔ اُونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عُرْفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُف و اَعْرَاف. العُرْف: اصطلاح۔ تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِسَانِ: اصطلاحِ لغوی۔ عُرْفُ الشَرْعِ: اصطلاحِ شرعی۔
العُرْف والعِرْف. صبر۔
العُرُف ایال۔ ریت کی اُونچی جگہ۔
العَرْفَة. ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (والعِرَفَة) دریافت۔ سوال۔
العُرْفَة. دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اُونچی جگہ۔ ج عُرَف.
عَرَفَة مکّہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَات مکّہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لیے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لیے عَرَفِی.
العِرَافَة. نجومی کا پیشہ۔
العَرَّاف نجومی۔ طبیب۔
العِرْفَان مں۔ معروف۔
العِرِفَّان والعُرُفَّان. اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔
الِاعْتِرَاف. مں۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔
العَارِف. فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے

"هٰذا امرٌ عارِفٌ" یعنی معروف ہے۔
العارِفَۃ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج عَوارِف.
العَرُوْف بمعنی عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف.
العَرُوْفَۃ جاننے والا۔ عالم۔
العَرِیْف جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِیْفُ المَکَاتِب" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء. اَمْرٌ عَرِیْفٌ امر معروف۔
الاَعْرَف اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔ حَزْنٌ اَعْرَف بلند جگہ۔
العَرْفَاء مؤنث الاَعْرَف بجو۔ قُلَّة عَرْفَاء بلند چوٹی ج عُرْف.
الاَعْرَاف دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔
اَعْرَافُ الرِّیَاحِ والسَّحَاب: ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل۔ اَعْرَافُ الحِجَاب او الرَّمل: حجاب اور ریت کی بلندیاں۔
(الاَعْرَاف) قرآنِ پاک کی ایک سورت کا نام۔
المَعْرِفَۃ حقیقت کو پالینا۔
المَعْرَف والمَعْرِف چہرہ۔ چہرے کے محاسن ج مَعَارِف کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ المَعَارِف شُمُّ المَرَاعِف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المَعَارِف علوم۔ مَعَارِفُ الرَّجُلِ شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ المَعَارِف" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔
المَعْرَفَۃ ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ج مَعَارِف.
المَعْرُوْف نیکی۔ مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَۃٌ اچھی بو والی زمین۔
العَرْفَج ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے۔ ج عَرَافِج. العَرَافِج ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عَرَقَ(ن) عَرْقًا ومَعْرَقًا. العَظْمَ ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا۔ الطَّرِیْقَ قطع مسافت کرنا (عَرْقًا وعُرُوْقًا) فِی الاَرْضِ سفر کرنا۔
عُرِقَ عَرْقًا دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔
عَرِقَ(س) عَرَقًا پسینہ آنا۔ صفت عَرِقَانٌ. الحائطُ دیوار کا تر ہونا۔ الرَّجُلُ: کاہل ہونا۔
عَرَّقَ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الخَمْرَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الاِنَاءَ برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرَّجُلُ عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔
اِعْتَرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔ العَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا۔ القَوْمُ عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔
اِسْتَعْرَقَ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا۔ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔
العَرْق ہڈی جس پر سے گوشت اُتار لیا گیا ہو۔ ج عِرَاق و عُرَاق.
العِرْق ہر چیز کا اصل۔ مِنَ البَدَنِ رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوْق و اَعْرَاق و عِرَاق. دَاءُ عِرْقِ النَّسَاءِ وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔
العَرَق پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدْمَاك" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَى الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَیْنِ گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا۔ مِنَ التَّمْرِ: کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَال دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَةِ" و "تَجَشَّمْتُ اِلَیْكَ عَرَقَ القِرْبَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اُٹھائی جیسے کہ مشک کا اُٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔
العَرَقِیَّۃ عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔
العَرِق والعُرَقَۃ بہت پسینہ والا۔
العَرْقَۃ اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔
العِرْقَۃ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق و عِرْقَات.
العُرْقَاۃ والعِرْقَاۃ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔
العَرْقَاۃ والعَرْقُوَۃ ڈول کے مُنہ کی لکڑی ج العَرَاقِی.
العَرَقَۃ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے ارد گرد کا پھندنا ج عَرَق و عَرَقَات.
العَرِیْق والمُعْرِق خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلَامٌ عَرِیْقٌ دبلا لڑکا (والاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِی كَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔
العِرَاق طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف مِنَ الدَّارِ گھر کا صحن مِنَ الظُّفُرِ ناخن کے گرد اگرد گوشت مِنَ الاُذُنِ کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهْرِ ندی کا کنارہ ج اَعْرِقَۃ وعُرُق وعُرُق. والعِرَاق ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔
العِرَاقَان کوفہ و بصرہ۔
العُرَاق ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُرَاقُ الغَیْثِ بارش کے بعد روئیدگی۔

العُرَافَة. کثیر بارش۔

العَوَارِق. داڑھیں۔

المِعْرَق. چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اُتارا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مُعَرَّقٌ ومَعْرُوْقُ العِظَام: دُبلا۔

عَرْقَبَ. الرَّجُلُ: حیلہ کرنا الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اُٹھانا۔

تَعَرْقَبَ. حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوْب) عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا لِخَصْمِهٖ: دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوْب. کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ ج عَرَاقِيْب عَرَاقِيْبُ الْاُمُوْرِ: مشکل کام۔ عُرْقُوْب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔

عَرْقَصَ الغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ. توسط سے ہٹ جانا الْاَمْرَ: دشوار کر دینا عَلَيْهِ الكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرْقَلَ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا الكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔

العِرْقَال. گمراہ۔ کج رو۔

العِرْقِيْل. انڈے کی زردی۔

العَرَاقِيْل. مصیبتیں۔ عَرَاقِيْلُ الْاُمُوْرِ: دشوار اُمور۔

العَرْقَلی. ناز و تبختر کی چال۔

عَرَكَ(ن) عَرْكًا. الْاَدِيْمَ: چمڑے کو ملنا هُ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا الشَّيْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا الْمَاشِيَةُ النَّبَاتَ جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا الْمَاشِيَةُ الْاَرْضَ: چارے سے خالی کر دینا (عَرْكًا وعَرَاكًا وعُرُوْكًا) الْمَرْأَةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الْاَذٰى بِجَنْبِهٖ" یعنی اس نے مشقت اُٹھائی۔

عَرِكَ(س) عَرَكًا. سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِكٌ.

عَارَكَهٗ مُعَارَكَةً وعِرَاكًا. مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهٗ عِرَاكًا" یعنی وہ سارے اُونٹوں کو پانی پر لایا۔

تَعَرَّكَ الشَّيْءُ: ملا جانا۔

تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔

اِعْتَرَكُوْا. آپس میں جنگ کرنا۔ "اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِي الْمَعْرَكَةِ او الْخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا الْاِبِلُ فِي الْوِرْدِ: اُونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں بھیڑ کرنا الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔

العَرْك والعَرَك. آواز۔

العَرَكِيُّ. مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَكٌ. جج عُرُوْكٌ.

العَرْكَة. بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ عَرْكَةً و عَرَكَاتٍ.

العُرُكَة. مشقت برداشت کرنے والا۔

العَرِيْكَة. کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی نرم خو ہے۔ "هُوَ شَدِيْدُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِكُ.

المَعْرَك والمَعْرَكَة والمَعْرُكَة. میدانِ جنگ ج مَعَارِكُ.

المُعْتَرَك. میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔

المِعَارَك. فا. جنگجو۔ سخت حملہ آور۔

المَعْرُوْك. ت. مَاءٌ مَعْرُوْكٌ: جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض مَعْرُوْكَةٌ جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو "رَمْلٌ مَعْرُوْكٌ وعَرِيْكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔

عَرْكَسَ. الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا۔

اِعْرَنْكَسَ. جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔

عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا الصَّبِيُّ اُمَّهٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا الْاِبِلُ الشَّجَرَ: اُونٹ کا درخت سے پتے کھانا فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔

عَرُمَ (ن ض) عُرَامًا و عَرِمَ (س) و عَرُمَ (ک) عرامةً. شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بد خلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِمٌ وعَرِمٌ.

عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔

اَعْرَمَ. ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ. العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا۔ عَلَيْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔

اِعْتَرَمَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا دُور دُور قدم رکھنا۔ مُنہ زور ہونا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

العَارِمُ. فا. بد خلق۔ موذی ج عَرَمَة مؤنث عَارِمَةٌ ج عَوَارِمُ و عَارِمَاتٌ. يَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔

العَرْمُ. چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔

العَرَمُ والعُرْمَة. سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں (والعَرَمَة) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا جائے۔ العُرْمَة: کھانے کی بُو۔ العَرْمُ: ہانڈی کا میل۔

العَرِمَة. پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِمٌ اور یا عَرِمٌ کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے العَرِمُ نر چوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔

المُعْرِمُ. قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔

العُرَام. مِنَ الْجَيْشِ: فوج کی تیزی و کثرت مِنَ الرَّجُلِ: بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ شِدَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی و بد خلقی ہے۔ ہانڈی کا میل۔

العَرِيْم. مصیبت ج عُرْمَان.

الاَعْرَم. رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑیا

بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرمان ج عَرامِین۔

العَرمَاء۔ مؤنث اَعرَم: چتی دار سانپ۔

العَرمَرَم۔ سخت۔ بے شمار لشکر۔

عرن (ن ض) عَرَنا السَّھمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا عَلَی الشَّئِ: کسی چیز کا عادی ہونا البَعِیرَ: اُونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔

عَرِنَت (س) عَرَنا۔ الدَّابَّۃُ: عُرنَہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرنَۃ) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُون وعَرِنَۃ

(عِرَانًا) الدَّارُ۔ گھر کا دور ہونا۔

عَرَّنَ الرُّمحَ: نیزے میں میخ لگانا۔

اَعرَنَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔

العَرَن۔ س۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔

العَرَن والعِرَان والعُرنَۃ ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان۔ لکڑی جو اُونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العَرِین۔ گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن (والعَرِینَۃ) شیر، بجو، بھیڑیے کی جھاڑی۔ سانپ کی بھی۔

العِرنِین۔ ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار۔ مِن کُلِّ شَئٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِین۔

العِرنَاس۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی رُوئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (عَرنُوس) کہتے ہیں ج عَرَانِیس

عَرَا یَعرُو عَروًا۔ فُلَانًا اَمرٌ: پیش آنا۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عار اور صفت مفعولی مَعرُوٌّ القَمِیصَ کرتے میں کاج بنانا (وعُرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاۃ اور مَعرُوٌّ۔

وعُرِیَ الرَّجُلُ: خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعرَی وعَرَّی القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعرَی صَاحِبَہُ: چھوڑ دینا۔

اِعتَرَی اِعتِرَاءً۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعتَرَاہُ اَمرٌ: لاحق ہونا۔

العِروُ۔ گوشہ۔ وہ جو امور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج اَعرَاء۔ کہا جاتا ہے "انا عِروٌ مِن کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِھا اَعرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَوَاء۔ بخار کی سردی۔

العُروَۃ مِنَ الاِبرِیقِ و نَحوِہٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُروَۃ والعُروی والعِروی: کاج۔

العُروَۃ۔ گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "انا عُروَۃ مِنہُ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلقَی اِلَیہِ العُرَی" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعرَی عُریَۃً وعُریًا مِن ثِیَابِہٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُریَان ج عُرَاۃ۔ صفت مؤنث عَارِیَۃٌ وعُریَانَۃٌ ج عَوَارٍ وعَارِیَات۔ عَرِیَ مِنَ العَیبِ وغَیرِہٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (عَرِیٌّ) اَللَّیلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاہُ یَعرِیہِ عَریًا۔ الاَمرُ: پیش آنا۔

عَرَّی تَعرِیَۃً الرَّجُلَ الثَّوبَ ومِنَ الثَّوبِ: ننگا کرنا ہُ مِنَ الاَمرِ: علیحدہ کرنا۔ الرَّجُلَ: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا چھڑا لینا۔ الشَّئَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاہُ بِعُرَی وَثِیقَۃٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعرَی اِعرَاءً الرَّجُلَ الثَّوبَ ومِنَ الثَّوبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اُتار لینا فُلَانًا النَّخلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا۔ فُلَانًا صَدِیقَہُ: دور ہونا اور مدد نہ کرنا الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرَّی تَعَرِّیًا مِن ثِیَابِہٖ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔

اِعرَورَی اِعرِیرَاءً۔ تنہا سفر کرنا الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا اَمرًا قَبِیحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَی۔ گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاء۔ کھلا میدان۔ ج اَعرَاء۔

العَرَاۃ۔ میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْیٌ۔ ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعرَاء۔

الاَعرَاء۔ آزاد ولا پرواہ لوگ۔ واحد عُرْیٌ۔

العُریَۃ والعِریَۃ۔ ننگا پن۔

العَارِیَۃ۔ اُدھار لی ہوئی چیز۔

العُریَان۔ ننگا۔ عُریَانُ النُّجَیِّ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

عُریَانَاتُ البُزُورِ (ن) بیج سے خالی پودے جیسے صنوبر کے درخت۔

العَرِیُّ۔ ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّۃ۔ ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دے دیا ہو۔ ج عَرَایَا۔ کہا جاتا ہے نَخلُھُم عَرَایَا یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دے دیتے ہیں۔

المَعرَی والمَعرَاۃ۔ ننگا پن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ اور چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ۔ المَعَارِی: بنجر مقامات۔ بچھونے۔

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزَازَۃً۔ عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا الشَّئُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا الماءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیہِ عِزًّا: کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے عَزَّ عَلَیَّ اَن تَفعَلَ کَذَا: میرے اوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّہُ (ن) عَزًّا: قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّزَهُ بہ دکرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔
عَازَّهُ مُعَازَّةً حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔
اَعَزَّهُ اِعْزَازًا عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔
اَعَزَّتِ الْبَقَرَةُ گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَكَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔
اِعْتَزَّ قوی ہونا بہ اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا عَلٰی فُلَانٍ بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔
تَعَزَّزَ قوی ہونا بہ فخر کرنا لَحْمُهُ سخت اور ٹھوس ہونا۔
اِسْتَعَزَّ. عَلَيْهِ سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ اللّٰهُ بِفُلَانٍ وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِستعزّ بِحَقِّي" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "وَاُسْتُعِزَّ بِعَلِيلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آگئی۔
العَزُّ عزت۔ سخت بارش۔
رَجُلٌ عَزٌّ قوی۔ کہا جاتا ہے "جِئْ بِهٖ عَزًّا بَزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
العَزَّةُ ہرن کا مادہ بچہ۔
العِزَّةُ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔
العَزِيزُ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے ج عِزَاز و اَعِزَّاء و اَعِزَّة حاکم مصر کا لقب۔
الاَعَزُّ اسم تفضیل۔ عزیز۔
العُزّٰی عزیزہ۔ شریفہ۔ (اَعَزّ کا مؤنث)۔ قریش کے ایک بت کا نام۔
العَزَّاءُ شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوند کی بارش۔
المِعْزَازُ سخت مرض والا۔
المَعْزُوزَةُ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔

عَزَبَ (ن) عُزْبَةً و عُزُوْبَةً بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ (ن ض) عُزُوْبًا دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِب عَزَبَت الاَرْضُ زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ دور ہونا ہ دور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
العَازِبُ فا۔ دور کی چراگاہ۔
العَازِبَةُ مؤنث عَازِب مرد کی بیوی ج عَوَازِب۔
العَزَبُ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کیلئے اور عَزَبَةٌ مؤنث کیلئے۔ ج عُزَّاب و اَعْزَابٌ۔
الاَعْزَبُ وہ شخص جس کے اہل و عیال نہ ہوں۔ وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْبَاء ج عُزْبٌ۔
المِعْزَبَةُ باندی۔ (والمُعَزِّبَة) لونڈی بیوی۔
المِعْزَابُ و المِعْزَابَةُ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لیے لے جائے المِعْزَابَة جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔
عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلُ دفع کرنا الاَرْضَ بِالمِسْحَاةِ بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔
عَزَرَ (ض) عَزْرًا ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ہ عَنْ كَذَا منع کرنا۔ واپس کر دینا ہ عَلَى الاَمْرِ خبر دینا۔ ہ عَلَى الفَرَائِضِ و الاَحْكَامِ فرض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَ ہ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
العَزْوَرُ و العَزَوَّرُ بد خلق۔
العَزْوَرَةُ مؤنث۔ عَزْوَر ٹیلہ۔

العَزَائِرُ لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
العَزِيرُ و العَزَائِرُ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔
عَزْعَزَهُ عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ (ن) عَزْطًا جماع کرنا۔
عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا و عُزُوْفًا. نَفْسُهُ و عَنِ الشَّيْءِ بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (عَزْفًا) نَفْسَهُ عَنْ كَذَا منع کرنا (عَزْفًا و عَزِيْفًا) آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ آواز دینا۔
اَعْزَفَ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعَازَفُوْا ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ. لِلشَّرِّ برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
العَازِفُ آلات لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
العَزْفُ دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
العُزَفُ جنگلی کبوتر۔
العَزُوْفُ و العَزُوْفَةُ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّهْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عُزَّاف عَزُوْفَةٌ میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التِّعْزَافُ بمعنی عَزْف مصدر۔
العَزَّافُ بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ بہت گرجنے والا بادل۔
المِعْزَفُ و المِعْزَفَةُ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِف۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ شرارت کے لئے تیار ہونا۔
عَزَقَ (ن) عَزْقًا تیز دوڑنا الخَيْرَ عَنِّيْ روک لینا ہ ضرب لگانے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ (ض) عَزْقًا الاَرْضَ زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ (س) عَزَقًا بہ چپکنا۔
العَزِقُ بد خلق۔ ج عُزُق۔
العَزُوْقُ و العَزُوْقُ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ

عزوق: سخت مزاج بخیل وبدخو مرد۔
العزیق. من الارض: پست زمین۔
المعزق والمعزقة. ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج معازق.
المتعزّق. بد خلق۔
عزله (ض) عزلا. عن كذا: جدا کر دینا فلانا عن منصبه: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ہ عن عمله: باز رکھنا۔
عزّله. ایک جانب کر دینا۔
تعزّل و اعتزل. الشيء و عنه: جدا ہو جانا۔
تعازل القوم: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العزل. بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عزل الحمار: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العزلة: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے ٹکے۔
العزل والعزال. کمزوری۔
العزلة. جدائی۔ گوشہ نشینی۔
العازل وہ مادہ جو بجلی اور گرمی کے داخل ہونے کا روکے۔ خشک لکڑی دونوں کو روکتی ہے۔ اور شیشہ بجلی کو روکتا ہے۔
العزل. بے ہتھیار مرد ج اعزال.
الاعزل. علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عزل واعزال وعزل وعزلان. مؤنث عزلاء. الاعزل من الدواب دم کو جھکا ہوا رکھنے والا من الطير: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو۔ الاعزل نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رامح" ہے۔
العزلاء. الاعزل کا مؤنث۔ دبر۔ مشک کا منہ ج العزالي والعزالى. کہا جاتا ہے "انزلت السماء عزاليها" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیے۔ اشارہ ہے شدت بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هو عن الحق بمعزل" یعنی وہ حق سے بعید وجداگانہ ہے۔
المعتزلة والعزّال. قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المعزال. علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج معازيل.
عزم (ض) عزما وعزما ومعزما ومعزما وعزيما وعزمة وعزيمة وعزمانا الامر و عليه پختہ ارادہ کرنا الرجل: کوشش کرنا الامر: واجب ہونا فلان على فلان: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عزمت عليك لتفعلن الا فعلت اولما فعلت" یعنی قسم دیتا ہوں (وعزم) الراقي: منتر پڑھنا۔
اعتزمه الامر و عليه: ارادہ کرنا الطريق بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا الفرس في عنانه: سرکشی کرنا۔
تعزّم. الامر وعلى الامر: ارادہ کرنا۔
العزم. پختہ ارادہ۔
العزمة. خاندان۔ قبیلہ۔ ج عزم.
العزمة. حق۔ واجب ج عزمات.
عزمات الله و عزائم الله: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "ما له عزمة" اس کیلئے ثابت وصبر نہیں۔
العزمي. کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔
ام العزم والعزمة وام عزمة. دبر۔
العزيم. تیز دوڑ۔
العزيمة. مؤکد ارادہ۔ منتر ج عزائم.
العازم. فا۔ ج عزمة وعازمون. امر عازم کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العزوم. ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دبر۔ ج عزم.
العزام. صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المعزم. فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عزا يعزو وعزوا. الشيء او فلانا الى فلان: نسبت کرنا (عزاء) الرجل: صبر کرنا۔
عزا يعز وعزوا وتعزى تعزيا اعتزى اعتزاء لفلان والى فلان: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عزاء) ہے۔ اور اسی سے ہے "اعزى بعزاء الجاهلية."
العزة. لوگوں کی جماعت ج عزى وعزون.
العزوة. انتساب۔ صبر۔
عزى يعزي عزيا الشيء او فلانا الى فلان نسبت کرنا۔
عزي يعزى عزاء. مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عز صفت مؤنث عزية.
عزّى تعزية. الرجل: تسلی دینا۔
تعزّى تعزيا. اليه: منسوب ہونا عنه: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تعازى تعازيا. القوم: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العزي. صابر۔
العزية. انتساب۔
الاعتزاء. دعوی کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عس (ن) عسا وعسسا رات میں پاسبانی میں پھرنا الخبر: دیر سے پہنچنا۔
عسّ. القوم: تھوڑا سا کھلانا۔
اعتسّ. رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشيء: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا البلد: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العسس. رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عاسّ کی۔
العسّ. بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عساس و عسسة واعساس وعسس.
العاسّ. رات کا چوکیدار ج عسس وعسيس.
العسّاس. رات کا چوکیدار۔
العسوس. دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔

المَعسّ. مطلب۔

اَعْسَبَ. الذِئْبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔

اَعْسَبَهُ جَمَلَهُ اُونٹ عاریت پر دینا۔

اِسْتَعْسَبَ مِنْهُ: ناپسند کرنا فُلانًا جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر لینا۔

العَسْب. نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَع اللهُ عَسْبَهُ اللہ اس کی نسل کو منقطع کر دے۔

العَسْبَة اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔

العَسْوب رئیس اعظم۔

العَسِیب. دُم کی ہڈی یا اس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دُور کر دیے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف ج عُسُب وعُسُب وعُسْبان۔

الیَعْسُوب. شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ الیَعْسُوب: رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے "هُو یَعْسُوب قَومِهٖ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج یَعَاسِیب۔

العُسْبُرُ چیتاج عَسَابِر۔

العُسْبُرَة مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اُونٹنی۔

العِسْبَار. بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیے کا بچہ۔

العُسْبُور والعُسْبُورَة کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے۔

عَسَجَ(ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا و عَسِیْجًا چلنے میں گردن اُٹھانا۔

اِعْسَجَّ الشیخُ بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا۔

العَوْسَج. ایک کانٹے دار درخت۔ واحد عَوْسَجة۔

العَسْجَد. سونا۔ جوہر مانند موتی یاقوت وغیرہ۔ مضبوط موٹا اُونٹ۔

العَسْجَدِیَّة. شاہی سواریاں۔ اور یہ اصل میں ان اُونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے۔

عَسْجَرَ الطَعامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔ الرَجُلُ بہت تیز نظر سے دیکھنا۔

العَسْجَر نمک۔

عَسَدَ(ض) عَسْدًا. الحَبلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔

العِسْوَدّ. بہت مضبوط۔ سانپ۔

عَسَرَ(ن ض) عَسْرًا وعُسْرًا. الغَرِیْمَ: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا الزَمانُ سخت ہونا عَلٰی فُلان: مخالف ہونا عَلَیْهِ مَا فِي بَطْنِهٖ: پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا۔

عَسَرَهُ(ض) عَسْرًا. بائیں جانب سے آنا۔ عَسَرت وعَسَرَانًا النَاقَةُ: اُونٹنی کا دوڑنے میں دُم اُٹھانا المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔

عَسِرَ(س) عَسَرًا. بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْراءُ ج عُسْر۔

عَسِرَ(س) عُسْرًا وعُسُرًا وعَسَرًا ومَعْسُوْرًا وعَسُرَ(ک) عُسْرًا وعُسَارَة دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَیْهِ الاَمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہو گیا الرَجُلُ: بد خلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِیْر۔

عَسَّرَ الاَمْرَ دشوار کرنا عَلَیْهِ: تنگ کرنا۔ مخالفت کرنا ہ بائیں جانب سے آنا۔

اَعْسَرَ. تنگ دست ہونا الغَرِیْمَ: قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔ اَعْسَرَتِ المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔

عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً تنگی کا معاملہ کرنا۔

تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا عَلَیْهِ القَوْلُ: ملتبس ہونا۔ تَعَاسَرَ البَیِّعَان: بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔

اِعْتَسَرَهُ مجبور کرنا الکَلَامَ: قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا۔

اِسْتَعْسَرَ. الاَمْرَ دشوار پانا الاَمْرُ عَلَیْهِ: سخت اور پیچیدہ ہونا۔

العُسْر والعُسُر تنگ دستی۔ سختی۔ تنگی۔

العُسْرَة والعُسْرَیٰ والمَعْسَرَة والمَعْسُرَة تنگی اور سختی۔

الاَعْسَر بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَعْسَرُ یَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔ "یَوْمٌ اَعْسَر" یعنی سخت اور منحوس دن۔

العُسْرَیٰ مؤنث الاعسر: تنگی۔ دشواری۔

المُعْسِر. اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔

المَعْسُوْر. تنگ حال۔

عَسْعَسَ. اللَیْلُ: رات کا گزرنا۔ رات کا تاریک ہونا السَحَابُ: بادل کا زمین سے قریب ہونا الاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ معمہ بنا دینا الشَيْءَ: حرکت دینا (وتَعَسْعَسَ الذِئْبُ:) بھیڑیے کا رات میں پھرنا۔ تَعَسْعَسَ الشَيْءَ: سونگھنا۔

العَسْعَس. رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔

العَسْعَاس. رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔

سراب ہر چیز میں سے ہلکا۔

عَسَفَ(ض) عَسْفًا السُلْطَانُ: ظلم کرنا۔ جور کرنا ہ: ظلم کرنا۔ خدمت لینا الدَمْعُ الجُفُوْنَ: آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا الشَيْءَ: زبردستی لے لینا۔ فِي الاَمْرِ: بغیر سوچے سمجھے کرنا لِفُلَانٍ: کسی کے لیے کام کرنا۔ الطَرِیْقَ و عَنِ الطَرِیْقِ: راستے سے ہٹ جانا۔

المَفَازَةَ: بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یَعْسِفُ اللَیْلَ و بِاللَیْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔

اَعْسَفَ. رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے سخت کام لینا۔

عَسَّفَ بغیر علامت نشان کے چلنا البَعِیْرَ: چلنے سے تھکا دینا۔

تَعَسَّفَ. فِي القَوْلِ: بے راہ روی کرنا۔ ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو عَنِ الطَرِیْقِ: ہٹ جانا الاَمْرَ: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

اِعْتَسَفَ عَنِ الطَرِیْقِ: راستے سے ہٹ جانا

الطریق: راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا الامر: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا۔ فلانًا: ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔
انعسف الشیء: مڑنا۔
العسف: ظلم۔ موت۔
العاسف: فا۔ من الابل: عساف کی بیماری والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "ناقۃ عاسف" ج عواسف۔
العُساف: اونٹوں میں ایک بیماری۔ جس میں سانس زیادہ لیتا ہے۔
العسوف والعسّاف والمعسف: بہت ظالم۔
العسیف: مزدور ج عُسفاء و عِسفۃ۔
العسّیف: بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "اخذوا فی معاسیف البید و معامیھا" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔
عسق (س) عسقًا و تعسّق بہ: چمٹنا۔ علیہ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔
العسق: تنگ خوئی۔ اول رات کی تاریکی۔
العسیقۃ: ردی شراب۔
عسقل السراب: سراب کا چمکنا۔ الراس: سر کا اوپر کا حصہ۔
العساقل والعساقیل: سراب۔ متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔
عسك (س) عسكًا بہ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تعسّك الرجل فی مشیہ: مٹک کر چلنا۔
عسكر القوم: جمع ہونا۔ اللیل: تاریکی زیادہ ہونا۔ الشیء: جمع کرنا۔ جمع کردہ کو معسکر کہتے ہیں۔
العسكر: جمع۔ لشکر ج عساکر ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "انجلت عنہ عساکر الھم" غم کی کثرت اس سے دور ہو گئی۔
العسکرۃ: سختی و خشک سالی۔
عسل (ن ض) عسلًا وعسّل الطعام: کھانے میں شہد ملانا۔ عسل وعسّل القوم: شہد کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔ عسّلت النحل: مکھیوں کا شہد بنانا۔ عسّل الشیء: شہد جیسا ہونا۔ عسّل النائم: اونگھنا۔
عسل (ض) عسلًا وعسولًا وعسلانًا الرمح: زیادہ حرکت کرنا۔ المرأۃ: جماع کرنا۔
عسل (ن) عسلًا وعسلانًا الماء: ہوا کی وجہ سے لہرانا۔
استعسل: شہد طلب کرنا۔ استعسلت النحل: مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے عسلًا لہ بمعنی تعسًا لہ یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو۔
العسل: شہد (مذکر و مؤنث) ج اعسال وعُسُل وعُسْل وعسول وعُسلان۔ تھوڑے سے کو عسلۃ کہتے ہیں۔ العسل: کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "ما لفلان مضرب عسلۃ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں۔ "ما ترك لہ مضرب عسلۃ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔
العسلی: شہد کے رنگ کا۔
العاسل: فا (والعسول) نیکوکار جس کی ثنا وصفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسّل
العاسل: شہد نکالنے والا ج عُسّل وعواسل۔ بھیڑیا۔ رمح عاسل وعسّال وعسول: نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔
العسّال بمعنی العاسل
خلیۃ عاسلۃ: چھتہ مع شہد کے۔
العسّالۃ: چھتہ۔
العسّالۃ: شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔
العسیل: عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ ہاتھی اور اونٹ کا عضو تناسل ج عُسل۔
المعسلۃ والمعسُلۃ: شہد کا چھتہ۔
المعسول: رجل معسول: شیریں زبان۔ خوش آواز۔ معسول المواعید: سچے وعدے۔
عسلج الشجر: نرم ٹہنیاں نکالنا۔
العُسلج: نرم ٹہنیاں۔ ج عسالج۔
العُسلوج: نرم ٹہنیاں۔ ج عسالیج۔
عسلط: غیر مربوط کلام بولنا۔
کلام معسلط: غیر مربوط گفتگو۔
عسم (ض) عسمًا وعسومًا فی الامر: لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عسمت عینہ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔ آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔
عسم (س) عسما القدم او الکف: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔ صفت مذکر اعسم۔ صفت مؤنث عسماء۔
اعسم یدہ: خشک کر دینا۔ اعسمت عینہ: آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔
اعتسم: کمائی کرنا فلانًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔
العسوم: بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ ج عُسُم۔
العاسم: بمعنی العسوم۔
العسمۃ والعسوم: خشک روٹی کے ٹکڑے
العُسوم: قلت۔
المعسم: جائے طمع۔ کہا جاتا ہے "مالك فی بنی فلان معسم"۔
عسن (س) عسنًا الکلا فی الدابۃ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔ عسنت الدابۃ: چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔
تعسّن الشیء: پتہ نشان تلاش کرنا۔ اباہ: مشابہ ہونا (واعسن) المکان: کچھ سبزی اگانا۔
العسن: چربی۔ بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔
العِسن: مثل و نظیر (والعُسن) چربی۔
العسون والاعسن: موٹا۔ ج عُسن
اعسان الشیء: نشان۔ کہا جاتا ہے "ھو علی اعسان من ابیہ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

اَلعَسنَج. نر شتر مرغ۔
عَسَا يَعْسُو عَسَاءً وعُسُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَسَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ عَسَا يَعْسُو عَسْوًا وعُسُوًّا وعُسِيًّا وعَسَاءً وعَسْوَةً الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔
العَسْو. س۔ موم۔
العَاسِي. فا۔ سخت مزاج۔
العِسْوَة. بڑھاپا۔
عَسِيَ يَعْسَى عَسًى. النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
عَسَى. افعالِ مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔ محبوب میں اُمید کے لیے اور مکروہ میں خوف کے لیے مستعمل ہے۔
العَسِي والعَسِيّ والمُعْسَاة بِالأَمْرِ: لائق۔ مناسب۔
أَعْسِ بِهِ: فعلِ تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهِ: یعنی کسی قدر لائق ہے۔
العَاسِي. فا۔ درخت خرما۔ بقول ابو عبید درخت خرما کا گچھا۔
المِعْسَاء. قریب البلوغ لڑکی۔
عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔ جمع کرنا القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا المَعْرُوفَ: تھوڑا سا دینا۔ عَشَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّ الطَّائِرُ. پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔
عَشَّ (ن) عُشُوشَةً وعَشَاشَةً وعَشَشًا البَدَنُ. لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ
عَشَّشَ الطَّائِرُ پرندے کا گھونسلہ بنانا۔
عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ. درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّشَ الكَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔ عَشَّشَ الخُبْزُ. روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔
أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا۔ باز رکھنا الظَّبْيَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا الرَّجُلَ: کم درخت والی سر زمین میں پہنچنا۔
إِعْتَشَّ. گھونسلہ بنانا البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔
إِنْعَشَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند والا ہونا۔
العَشّ. س۔ عطاء قليل۔ رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔
العَشُّ والعُشُّ. گھونسلہ ج عِشَاش و عِشَشَة وأَعْشَاش وعُشُوش۔
العَشَّة. کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔ خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔ کم درخت والی سر زمین۔
المَعَشّ. مطلب۔
المُعَشَّش. مع۔ وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا. خشک ہونا۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا وعَشُبَ (ک) عَشَابَةً المَكَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔ صفت عَاشِب۔
عَشُبَ (ک) عَشَابَةً و عُشُوبَةً الرَّجُلُ: پست قد بد صورت ہونا۔ صفت مذکر عَشَب. صفت مؤنث عَشَبَة۔
أَعْشَبَ القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اُتر پڑو۔
أَعْشَبَ وعَشَّبَ المَكَانُ: سبز گھاس اُگانا۔
اِعْتَشَبَ وتَعَشَّبَ. سبز گھاس چرنا۔ موٹا ہونا۔
اِعْشَوْشَبَ. سبز گھاس پر پہنچنا المَكَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔
العُشْب. سبز گھاس ج أَعْشَاب و واحد عُشْبَة۔
العَشَبَة. بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔
العَشَابَة. سبز گھاس کی کثرت۔
العَشِب والعَشِيب والمُعْشِب والمِعْشَاب: سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيبَةٌ ومُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ. بہت سبز گھاس والی زمین۔
التَّعَاشِيب. سبز گھاس کے متفرق قطعے۔
العَشَّاب. سبز گھاس والا۔ سبزی والا۔
عَشَرَ (ض) عَشْرًا. دس میں سے ایک لینا۔ نو پر ایک زائد کرنا القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
عَشَرَ (ن) عَشْرًا وعُشُورًا وعَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔
عَشَّرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
أَعْشَرَ العَدَدُ: دس کر دینا القَوْمُ: دس ہونا۔ أَعْشَرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔
عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً. باہم مل جل کے رہنا۔
اِعْتَشَرَ وتَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔
العِشْر دسواں حصہ۔ اُونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج أَعْشَار
العُشْر. دسواں حصہ ج عُشُور وأَعْشَار
الأَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پر۔
العُشَر. ہر مہینے کی دسویں، گیارہویں، بارہویں رات۔
العَشَرَة. دس اور یہ مذکر کے لیے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لیے دونوں جزء مذکر جیسے "أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا" اور مؤنث کے لیے دونوں جزء مؤنث۔ جیسے إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جزء مؤنث

جیسے خَمسَ عَشرَةَ اِمرَأةً ج عَشرَات.
العِشرُونَ. بیس (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے۔)
العِشرَة. صحبت۔ مخالطت۔
العَاشِر. فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اُونٹ ج عُشَّر مؤنث عَاشِرَة. ج عَوَاشِر. العَوَاشِر: پرندے کے اگلے بڑے پَر۔
العَشُورَی والعَاشُور والعَاشُورَاء والعَاشُورَی. محرم کی دسویں تاریخ۔
العَشَّار. دسواں حصہ وصول کرنے والا۔
العُشَرَاء مِنَ النُوقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اُونٹنی ج عِشَار وعُشَرَاوَات یا وہ اُونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔
العُشَرَاءُ والعُوَیْشِرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا عُشَارًا ومَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)
ثَوبٌ عُشَارِیٌّ. دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِیٌّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِیَّة.
عُشَارَة. دسواں حصہ۔
الاَعْشَارِی. اَعْشَار جمع عشر کی طرف منسوب۔
العَشِیر. قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء.
العَشِیر. دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء.
العَشِیرَة. قبیلہ۔ عَشِیرَةُ الرَّجُلِ: برادرانِ باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر. وعَشِیرَات.
الاَعْشَر. بیوقوف۔
المَعْشَر. جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر.
المِعْشَار. دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار: بہت دودھ والی اُونٹنی۔
اَلعُشرِی (ع ح) وہ عدد جو جزء صحیح یا صفر سے بنایا گیا ہو۔ جز عشری: ۱۴۵، ۲، ۳۱،۔

اَلکَسْرُ العَشرِی: اس کی صورت صحیح عدد جس کا مخرج ۱۰ یا ۱۰ کے قوی میں سے کوئی ہو مثلاً: (۱۰/۴، ۱۰۰۰/۱) اس کو عشاری نظام سے لکھنا بھی ممکن ہے۔
اَلعُشَرِیَّة: ایک درخت جس کے پھول کے دس اجزاء ہوتے ہیں شمالی امریکہ میں ہوتا ہے۔
اَلعُشَرُ واحد عُشَرَة: ایک درخت کی قسم جس سے گوند کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔
العَشَارِب والعَشَرَّب. شیر رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔
عَشَزَ (ض) عَشَزَانًا. کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا عَلٰی عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔
العَشُوز. دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (والعَشَوَّز) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔
عَشِقَهُ (س) عِشقًا وعَشَقًا ومَعْشَقًا بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُون. صفت مؤنث عَاشِقَةٌ وعَاشِقٌ ج عَوَاشِق عَشِقَ بالشَّیْءِ: چمٹنا۔
تَعَشَّقَ. بتکلف عاشق بننا۔ بہت محبت کرنا۔
العِشق. محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔
العَشَقَة. عشق۔ پیچاں۔ پیلو۔ ج عَشَق.
العَشِیق. عاشق۔ معشوق۔ العَشِیق والعَشُوق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق.
العَشَّاق والعِشِّیق. بہت زیادہ عشق والا۔
عَشِمَ (س) عَشَمًا وعُشُومًا وتَعَشَّمَ الشَّیءُ: خشک ہونا۔
العَشَم. لالچ۔ خُبزٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔
العَشِمَة. لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "شَیخٌ عَشِمَةٌ و عَجُوزٌ عَشِمَةٌ"
خُبزٌ عَیشَم خشک یا خراب شدہ روٹی۔
الاَعْشَم دو مخلوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء.

عَشَنَ (ن) عَشْنًا واَعْشَنَ وعَشَّنَ واعْتَشَنَ: رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔
العُشَان والعُشَانَة: گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔
عَشَا یَعْشُو عَشْوًا. رتوندوالے کی طرح کام کرنا الابِلَ: اُونٹوں کو رات میں چرانا۔ الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا و اِلَیْهِ. قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا عَنْهُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (عَشْوًا وعَشْیًا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (عَشْوًا وعُشُوًّا) النَّارَ واِلَی النَّارِ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی اُمید میں جانا (عَشْوًا وعَشِیَ یَعْشَی عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ واَعْشَی.
عَشِیَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْیَان. عَشِیَ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔ عَشِیَتِ الاِبِلُ: اُونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِیَة ج عَوَاشٍ.
عَشَّی تَعْشِیَةً. الرَّجُلَ: شام کا کھانا کھلانا الطَّیرَ: آگ روشن کرکے اندھا بنا کر شکار کرنا عَنِ الشَّیءِ: نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا الاِبِلَ: اُونٹ کو رات میں چرانا۔
اَعْشَی اِعْشَاءً الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھلانا اللّٰہُ الرَّجُلَ: رتوند میں مبتلا کر دینا۔
تَعَشَّی. رات کا کھانا کھانا۔
تَعَاشَی. رتوندی والا ظاہر کرنا۔
عَنْهُ: جاہل بننا۔
اِعْتَشَی اِعْتِشَاءً. عشا کے وقت چلنا النَّار: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔
اِسْتَعْشَی اسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا الرَّجُلَ: متحیر پانا۔
العَشَاء. شام کا کھانا۔ ج اَعْشِیَة.
العَشَا والعَشَاوَة. نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔
العَشِیّ. شام کا کھانا۔

العِشَاء والعَشِيُّ. رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی۔یادن کا آخری حصہ۔
العِشَاءَان. مغرب اور عشا۔ بَعِيرٌ عَشِيٌّ رات کو دیر تک چرنے والا۔
العَشِيَّة. شام ج عَشِيٌّ وعَشَايَا و عَشِيَّات اور نسبت کے لیے عَشِوِيٌّ.
العَشِيَّة. بادل۔
العَشْوَة. تاریکی۔ رات کے اوّل ربع کی تاریکی۔
العُشْوَة والعِشْوَة. آگ کا شعلہ جو رات کو دُور سے دکھائی دے۔
العُشْوَة والعِشْوَة والعَشْوَة. اَمر مشتبہ کو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْ طَأَه عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے اَمر مشتبہ میں پھنسادیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے۔
العَشْوَاء. مؤنث الاَعْشَى. اُونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَخْبط خَبْطَ عَشْوَاءَ" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "هُوَ اَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاء" و "اِنَّهُمْ لَفِيْ عَشْوَاءَ مِنْ اَمْرِهِم" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں۔ و "رَكِبَ العَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء: تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔
عَصَّ (س) عَصًّا و عَصَصًا. سخت ہونا۔
عَصَّصَ عَلٰى غَرِيْمِه: قرض دار سے اصرار کرنا۔
العُصّ. اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ العُصِّ."
العُصَص والعُصُص. دُم کی ہڈی۔
عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّيَ: لپیٹنا۔ موڑنا۔ بٹنا۔ باندھنا القَطَن: روئی کاتنا۔ الرِيْقُ بالْفَم: تھوک کا مُنہ پر خشک ہونا النَّاقَةَ: دوھنے کے لیے اُونٹنی کی رانیں باندھنا الرَّجُلُ بَيْتَه: اقامت کرنا الغُبَارُ رَاسَه: سر پر غبار لگ جانا القَوْم بِه: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا (عَصْبًا وعُصُوْبًا) الاَسْنَانُ: دانتوں کا میلا ہونا الْاُفُق: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا (عَصْبًا وعِصَابًا) الشَّيَ: قبضہ کرنا۔
عَصِبَ (س) عَصَبًا اللحْمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔ صفت۔ عصب القَوْمُ بِه: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔
عَصَّبَهُ. بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔
عَصَّبَ فُلَانًا سردار بنانا۔
اَعْصَبَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا تیز چلنا۔
تَعَصَّبَ. پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا لَهُ و مَعَهُ: مائل ہو□نا اور مدد کی کوشش کرنا عَلَيْهِ: مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا فِيْ دِيْنِه ومَذْهَبه: دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا بالشَّيَ: راضی ہونا۔
اِعْتَصَبَ القَوْمُ: گروہ بننا المَلِكُ: بادشاہ کا تاج پہننا التَاجُ عَلٰى رَاسِه: تاج کا سر پر فٹ ہونا بالشَّيَ: قناعت کرنا اور راضی ہونا۔
اِنْعَصَبَ الشَّيُ: سخت ہونا۔
اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ: سخت ہونا القَوْمُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔
العَصْب. عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر (والعُصْب) عشق پیچاں۔
العَصَب. س۔ پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچاں ج اَعْصَاب.
العَصَبَة. عصب کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات.
العِصْبَة. پٹی باندھنے کی ہیئت۔
العُصْبَة. مِنَ الرِجَال والخَيْل والطَيْر: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب.
العِصَاب: جس سے باندھا جائے۔
العِصَابَة. جماعت مردوں، گھوڑوں، پرندں کی پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب.
العاصِب. فا۔ رَجُلٌ عَاصِبٌ وہ شخص جس کے مُنہ پر تھوک خشک ہو جائے۔
العَصِيْب. پھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب واَعْصِبَة. يَوْمٌ عَصِيْبٌ: سخت گرم۔
التَعَصُّب. مص دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات.
العَصَبِيّ. قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔
العَصَبِيَّة. دھڑابندی۔
المُعَصَّب. مفع۔ سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔
المَعْصُوْب. مفع۔ باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْب الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پُر گوشت۔
العَصَبْصَب. سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔
عَصَدَ (ض) عَصْدًا واَعْصَدَ. الشَّيَ: موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَهُ عَلَى الْاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (عُصُوْدًا) الرجُلُ: مرنا۔
العَصِيْد. گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔
العَصِيْدَة. ایک قسم کا کھانا جو گھی، آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔
عَصَرَ (ض) عَصْرًا. العِنَبَ او الثَوْبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا الدُمَّل: پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا الرَكْضُ الفَرَسَ: پسینہ لانا الشَّيَ عَنْه: منع کرنا فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔
عَصَّرَ الشَّيَ: بار بار نچوڑنا الزَرْعُ: کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ المَرْاَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔
اَعْصَرَ. عصر کے وقت میں داخل ہونا۔
اَعْصَرَتِ المَرْاَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر. ج مَعَاصِر و مَعَاصِيْر.
الرِيْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔
اُعْصِرَ القَوْمُ: بارش کیا جانا۔
عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً: ایک زمانہ میں ہونا۔
تَعَصَّرَ. نچوڑا جانا بِه: پناہ لینا۔

اِعْتَصَرَ العِنَبَ او الثَّوبَ و نَحْوَهُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا العَصِيْرَ: شراب بنانا العَطِيَّةَ: عطیہ واپس لینا مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا مِنَ الشَّيْءِ: لینا بِفُلَانٍ: پناہ لینا عَلَيْهِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَاغَصَّ بِهِ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔

اِنْعَصَرَ. نچڑنا العِنَبُ و نَحْوُهُ: شیرہ نکل جانا۔

العَاصِر فا۔ ج عَصَرَة وعَاصِرُوْن مؤنث عَاصِرَة ج عَوَاصِر و عاصِرَات. رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔

العَصْر. دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ۔ عطیہ ج اَعْصُر و عُصُوْر.

العَصْرَان. صبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَائَنِي عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔

العَصْر والعِصْر والعُصُر. زمانہ ج عُصُوْر واَعْصُر وعُصُر واَعْصَار. اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِر.

العُصْر والعَصَر والعُصْرَة والمُعْتَصَر: جائے پناہ۔

العَصَر. عصر. بسکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک۔

العَصَرَة. خوشبو کی بھڑک عَاصِر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔

العَصِيْر والعَصِيْرَة والعُصَار. رس۔ نچوڑ۔ العَصِيْر: نچوڑا ہوا۔

العِصَار. سخت غبار۔ وقت۔

العُصَارَة. رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرِيْمُ العُصَارَةِ" یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔

الإِعْصَار. بگولہ ج اَعَاصِر و اَعَاصِيْر. کہتے ہیں "وَعْدُهُ اِعْصَارٌ لَيْسَ بَعْدَهُ اِعْصَار" یعنی اس کے وعدہ کے لیے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔ اَعْصَرَ القَوْمُ کا بمعنی بارش ہونا۔

المَعْصَرَة والمَعْصَر. نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ المَعْصَرِ" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔

المِعْصَر والمِعْصَرَة. انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔

اَلْعَصْرِيَّةُ: نماز عصر کے بعد اجتماع برائے ملاقات و تسلی اور وقت گزاری کے لئے۔

المِعْصَار. وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔

المُعْصِرَات. بادل۔

العُصْعُص والعَصْعَص. دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص. العُصْعُص: مرد کم خیر دشوار خو۔ مضبوط توانا۔

العُصْعُوْص. دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِيْص.

عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا وعُصُوْفًا الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَة وعَاصِف النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اُونٹنی کا تیز لے جانا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّيْءُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّهْرُ بِهِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا (واِعْتَصَفَ) عِيَالَهُ: بال بچوں کے لیے کمانا۔

عَصَفَ (ن) عَصْفًا. الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔

اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔ اَعْصَفَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَة ومُعْصِف ج مَعَاصِف و مَعَاصِيْف الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔ اَعْصَفَتِ الحَرْبُ بِهِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔

اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔

العَصْف. س۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْنِ: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الاَثْمِدِ وغیرہ اثمد وغیرہ کا غبار۔

العَصْفَة. عَصْف. کا اسم مرۃ۔ شراب کی بو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔

اَلْعَصْفِيَّةُ: سرو کی مانند ایک درخت تیزی سے بڑھنے والا خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔

العَاصِف. فا۔ سَهْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔ يَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔

العَاصِفَة. مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ وعَوَاصِف.

العَصُوْف. تیز ہوا۔ ج عُصُف.

العَصِيْف. تیز ہوا۔

العَصِيْفَة. پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔

العُصَافَة. تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اُڑا کر لائے۔

عَصْفَرَ. الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔

تَعَصْفَرَ. الثوب: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔ تَعَصْفَرَتِ العُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہونا۔

العُصْفُر. زرد رنگ۔

العُصْفُوْر. چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِير مؤنث عُصْفُوْرَة. العُصْفُوْر: پیشانی۔ پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اُٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "نَقَّتْ او، صَاحَتْ عَصَافِيْر بَطْنِهِ" یعنی بھوکا ہوا۔

العُصَيْفِرَة. گل خیری کا زرد پھول۔

العُصْقُوْل. نر ٹڈی۔ ج عَصَاقِيْل.

العَصَاقِيْل: بگولہ۔

عَصِلَ (س) عَصَلًا. الشَّيْءُ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلَ واَعْصَل مؤنث عَصِلَةٌ و عَصْلَاء ج عِصَال و عُصْل (واَعْصَل) سخت ہونا۔

عَصَلَ (ن) عَصْلًا العُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔

عَصَّلَ السَّهْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔
العِصْل والعَصَل۔ آنت ج اَعْصَال۔
المِعْصَل۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔
المِعْصَال والمِعْصِيْل۔ ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقَيْلَة" یا "باکور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِيْل۔
عَصْلَبَ۔ سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔
العَصْلَب والعُصْلُب والعُصْلُبِيُّ والعُصْلُوْب۔ بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔
عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلُ: کمائی کرنا۔ الشَّيْءَ: روک لینا اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَكْرُوهِ محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَةَ: مشک کو رسّی سے باندھنا الٰی فُلَانٍ: پناہ لینا۔
عَصِمَ (س) عَصَمًا۔ الظَّبْيُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔
اَعْصَمَ بِهٖ: پکڑنا اور لازم ہونا۔ بِالْفَرَسِ: ایال پکڑنا مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا القِرْبَةَ: رسّی سے باندھنا۔
اِعْتَصَمَ بِهٖ: ہاتھ سے پکڑنا بصاحبہ: لازم ہونا باللّٰه: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا مِنَ الشَّرِّ والمَكْرُوْهِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔
اِنْعَصَمَ۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔
اِسْتَعْصَمَ بِهٖ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔
العُصْم والعُصُم۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العِصَام۔ سرمہ۔ دُم کا باریک حصہ۔ مِنَ القِرْبَةِ: مشک باندھنے کی رسّی۔ مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد۔ اور یہ باب مجاز سے ہے ج اَعْصِمَة وعُصُم وعِصَام۔
عِصَامِيٌّ۔ نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "كُنْ عِصَامِيًّا لَا عِظَامِيًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آبا و اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔
العِصْمَة۔ بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔
العِصْمَة۔ گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واَعْصَم و عِصَمَة ج اَعْصَام
العُصْمَة۔ گلوبند۔ پٹہ۔
الاَعْصَم۔ اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم۔
العَصِيْم۔ پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العَصُوْم والعَيْصُوْم۔ بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)
العَاصِمَة۔ مدینہ منورہ کا لقب۔ دار السلطنت۔ ج عَوَاصِم
المِعْصَم۔ کلائی ج مَعَاصِم
المُعْتَصَم۔ پناہ لینے کی جگہ۔
عَصَا يَعْصُوْ عَصْوًا۔ الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا الجُرْحَ: زخم کو باندھنا القَوْمَ نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔
عَصِيَ يَعْصَى عَصًا۔ لاٹھی لینا۔ (واعْتَصَى) بالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔
واعْتَصَى الشَّيْءَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔
اِعْتَصَى عَلَيْهِ: ٹیک لگانا۔
عَصَّى تَعْصِيَةً فُلَانًا العَصَا: لاٹھی دینا۔
اَعْصَى اِعْصَاءً۔ الكَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ۔ لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔
العَصَا۔ لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِيٌّ وعِصِيٌّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور مثنی عَصَوَانِ العَصَاءُ: اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَهُ العَصَا" متنبہ کیا "قَشَّرَ لَهُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا "قَرَعَهٗ بِعَصَا المَلَامَةِ" حد سے زیادہ ملامت کی "اَلْقَى المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَى عَصَا التَّرْحَالِ یعنی اس نے اقامت کی "النَّاسُ عَبِيْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔
العُصَيَّة۔ عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔
عَصَى يَعْصِي عَصْيًا ومَعْصِيَةً سَيِّدَهٗ: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة وعَاصُوْنَ الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنا العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً وتَعَصَّى عَلَيْهِ تَعَصِّيًا۔ نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّى الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً۔ النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔
اِسْتَعْصَى۔ سَيِّدَهٗ: مالک کی نافرمانی کرنا الشَّيْءُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔
العَصِيُّ۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصِيُّوْنَ واَعْصِيَاء۔
العَصَّاء۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْنَ۔
المَعْصِيَة۔ گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِي۔
عَضَّهٗ (س) عَضًّا وعَضِيْضًا دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ با اور علٰی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِهٖ اور عَضَّ عَلَيْهِ بھی بولا جاتا ہے ہ الزَّمَانُ: سخت ہونا الشَّيْءُ: لازم ہونا اور پکڑنا۔
عَضَّضَ۔ بہت کاٹنا۔
عَاضَّتْ مُعَاضَّةً وعِضَاضًا الدَّوَابُّ: جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
اَعَضَّهُ الشَّيْءَ: دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔
تَعَاضَّا۔ ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔
العِضُّ۔ بد خلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ مصیبت۔ ہمسر۔ مال کا منتظم ج اَعْضَاض وعُضُوْض العِضُّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض۔
العُضُّ۔ جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔

چھوٹا کاٹنے دار درخت۔
العَضاض. جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔
العِضاض. دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِضاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِيض. س. سخت کاٹ۔ ہمسر۔
العَضُوض و العَضّاض. بہت کاٹنے والا۔
بِئرٌ عَضُوض: بہت پانی والا کنواں۔
العُضاض و العُضّاض. ناک کا اوپر کا سخت حصہ۔
عَضَبَ (ض) عَضبًا قطع کرنا ہ المَرِضَ: حرکت سے روکنا ہ بالرُمح: نیزہ مارنا ہ بالعصا: لاٹھی مارنا ہ عن الأمر: روک دینا ہ بلسانه: گالی دینا عضب عنه: رجوع کرنا (واعضب)
الناقة و نحوها: اُونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضبًا الکَبْشُ: مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوبًا و عُضُوبَة. چرب زبان ہونا۔
عاضَبَهُ مُعاضَبَةً. القَرْنُ: سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب. تیز تلوار۔ چرب زبان۔
الأعْضَب. پھٹے کان والا۔ ٹوٹے سینگ والا۔ جس کا بھائی نہ ہو۔ بے مددگار۔ مؤنث عَضباء ج عُضب.
العَضّاب. بہت کاٹنے والا۔ بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوب. کمزور۔ لنجا۔ کہا جاتا ہے "انّهُ لمعضُوب اللسان" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضبر عَضبرةَ الکلبُ: شیر کی مانند ہونا۔
العِضبارة. چکی کا پاٹ۔ دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَه (ن) عَضدًا. مدد کرنا۔ بازو پر مارنا۔

عَضَد (ض) عضدًا الشجرة: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔ اُونٹوں کیلئے پتے جھاڑنا۔
عَضِد (س) عضدًا و عَضِد عَضَدًا. بازو میں درد ہونا۔ صفت عَضِد مؤنث عَضِدَة.
عَضَدَ و اعضد السهم. تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عاضَدَهُ مُعاضَدَةً. مدد کرنا۔
تَعاضَدُوا. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَهُ و تعضّدَهُ. بغل میں لینا۔
اِعْتَضَد به: مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
اِسْتَعْضَد. لشجرة: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا الثمرة: پھل چننا۔
العَضُد. س. مددگار۔ گوشہ۔ ج اَعْضاد.
العَضْد و العُضْد و العَضِد. بازو ج اَعْضاد و اَعْضُد.
عَضُدُ کلِ شئٍ و عضدُهُ و اَعضادُهُ وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔ جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔ عضُدُ الطریق: راستہ کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "فتَّ فی عَضُدِہ" یعنی اپنے اعوان وانصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد. کٹا ہوا درخت۔ قوۃ۔ اُونٹ کے بازو میں ایک مرض۔ جھاڑے ہوئے پتے۔
العُضاد. پستہ قد مرد یا عورت۔ موٹے بازو والا۔
العِضاد. بازو بند۔ تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔ درانتی۔ ہنسیا۔ اُونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضادة من الطریق: راستہ کا پہلو۔
عِضادتا الباب: چوکھٹ کے دونوں بازو۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ عِضادة فلانٍ" فلاں فلاں کا معاون ومددگار ہے۔
العضادیّ والعَضادیّ والعُضادیّ: موٹے بازو والا۔
العَضِید. کھجور کے درختوں کی قطار۔ درخت سے کٹا ہوا۔ ج عِضْدان.

الأعْضَد. دُبلے بازو والا۔ جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَواضِد. درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد. درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعاضِد.
المِعْضاد. بازو بند۔ ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ ہنسیا۔ درانتی۔
المِعْضَدَة. تھیلی۔ بٹوہ۔
العَضْرَس و العُضارِس. سردی، اولے، برف، ٹھنڈا میٹھا پانی۔ گورخر۔ ج عَضارِس.
العُضْرُط. کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ ج عَضارِط و عَضارِطة.
العُضْرُط و العِضْرِط. کمینہ۔
قَوْمٌ عَضارِیط. فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا. عَلَیْه: تنگی کرنا۔ منع کرنا۔ به الأمر: سخت ہونا الرجلَ: عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) و عضِل (س) عَضْلًا و عِضْلًا و عِضلانًا المرأة عن الزواج: نکاح کرنے سے روکنا۔ منع کرنا الرجلَ: رانڈ کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا. بہت سخت گوشت والا ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل و عُضَل.
عَضَّلَ. عَلَیْه. تنگی کرنا۔ کسی کے حصولِ مقصد میں حائل ہو جانا۔ عَضَّلَ المرأة عن الزواج. نکاح کرنے سے روکنا المکانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الأرضُ بأهلِها" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہو گئی۔ عَضَّلَتِ المرأة او الدجاجة وغیرهما من الحیوان بولدها بچہ جننا دشوار ہو گیا۔ صفت مُعَضِّل.
اَعْضَلَ الأمرُ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔
اَعْضَلَتِ المرأة ونحوها من الحیوان بولدها: بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِل و مُعْضِلة ج مَعاضِیل. اعضل به الأمرُ: مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا الأمرُ فلانًا:

غالب آنا اور عاجز کر دینا۔ اَعْضَلَنِي فُلَانٌ: فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کر دیا (و تَعَضَّلَ) الدَّاءُ الْاَطِبَّاءَ: بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا۔

العِضْل. بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔

العَضَل. بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان.

العَضَلَة. سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل وعَضَلَاتٌ. العَضَلَة: کنیر کے مشابہ ایک درخت۔

العَضِيْلَة. بمعنی عَضَلَةٌ ج عَضَائِل.

العُضْلَة. مصیبت۔ ج عُضَل وعُضَل.

العُضَال. سخت۔ دَاءٌ عُضَالٌ: عاجز کر دینے والا مرض۔

المُعْضِل. فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لاعلاج مرض۔

المُعْضِلَة. مؤنث مُعْضِل. پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَات. المُعْضِلَات. سختیاں۔

المُعْضِلَة والمُعَضِّلَة. پیچیدہ مشکل معاملہ۔

العَضْم. کمان کا قبضہ ج عِضَام. گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضْم واَعْضِمَةٌ.

عَضَهَ (ف) عَضْهًا وعَضَهًا وعِضْهَةً وعَضِيْهَةً. جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (عَضْهًا) البَعِيْرُ: ببول کا درخت کھانا الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔

عَضِهَ (س) عَضْهًا واَعْضَهَ. بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔

العَاضِه. فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهَةٌ وعَاضِهَةٌ. سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے ج عَوَاضِه.

العِضَة. جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُوْن.

العِضَاه. ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَته وعِضَةٌ: کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهِ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔

العِضَاهِيُّ والعِضَهِيُّ والعَضَوِيُّ مِنَ الاِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا۔ اُونٹ۔ مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔

العَاضِهَة. مؤنث عَاضِه. جھوٹ۔ بہتان ج عَوَاضِه.

عَضَا يَعْضُوْ عَضْوًا وعَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔

عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔

العُضْو والعِضْو. بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج اَعْضَاء.

العِضَة. فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُوْن.

رَجُلٌ عَاضٍ. مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔

عَطَّ (ن) عَطًّا وعَطَّطَ واعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيْط. عَطَّ الرَّجُلَ اِلَى الاَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔

اِنْعَطَّ العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا (و تَعَطَّطَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

العَطَاط. بڑا بہادر۔ شیر۔

الاَعَطّ. لمبا۔

عَطِبَ (س) عَطَبًا واِعْتَطَبَ. ہلاک ہونا الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔ عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔

اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔

عَطَبَ (ن) عَطْبًا وعُطُوْبًا. القُطْنُ: رُوئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔

عَطَّبَ. الشَّرَابَ: خوشبو دار کرنے کی تدبیر کرنا الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔

اَعْطَبَهُ. ہلاک کرنا۔

العُطْب والعُطُب. رُوئی۔

العُطْبَة. رُوئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ رِيْحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی رُوئی یا چیتھڑے کی بُو محسوس کرتا ہوں۔

المُعْطِب. فقیر۔

المَعْطَب. ہلاکت کی جگہ ج مَعَاطِب.

العُطْبُل والعُطْبُوْل والعُطْبُوْلَة.

العَيْطَبُوْل. جوان، خوبصورت، دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل وعَطَابِيْل. العُطْبُ والعُطْبُوْل. دراز گردن ہرنی۔

عَطِرَ (س) عَطَرًا. خوشبو دار ہونا۔ صفت عَطِرٌ.

عَطَّرَهُ. خوشبودار کرنا۔

تَعَطَّرَ واسْتَعْطَرَ. خوشبو دار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔

العِطْر. خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُوْر.

العَاطِر. عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر.

العَطَّار. بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (العِطَارَة) کہتے ہیں۔

المِعْطَار والمِعْطِيْر. بہت خوشبو والا۔ (مذکر و مؤنث)

عُطَارِد. بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ (منصرف و غیر منصرف)

عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا وعُطَاسًا چھینکنا الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے عَطَسَ فُلَانٌ و عَطَسَتْ بِهِ اللُّجُمُ: یعنی مر گیا۔

عَطَّسَ. چھینکوانا۔

العَاطِس. فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صُبح.

العَاطُوْس. ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔

المَعْطَس والمَعْطِس. ناک۔ ج مَعَاطِس. کہا جاتا ہے "اُرْغِمَتِ المَعَاطِس" یعنی دشمن مغلوب ہو گئے۔

عَطِشَ (س) عَطَشًا. پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش وعَطْشَى وعَطَاشَى. مؤنث عَطْشَى و عَطْشَانَة ج عِطَاش

اَعْطَشَهُ و عَطَّشَهُ. پیاسا کرنا۔ اَعْطَشَ الرَّجُلُ: پیاسے جانور والا ہونا۔
عَاطَشْتُهُ فَعَطَشْتُهُ. پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعولی مَعْطُوْش.
تَعَطَّشَ. پیاسا بننا۔
العَطِش والعَطْش. پیاسا۔ مؤنث عَطِشَةٌ عَطْشَةٌ.
العُطَاش. بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔
الْمَعْطَش. پیاس کا وقت ج مَعَاطِش.
الْمَعْطَشَة. زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش.
الْمِعْطَاش. بہت پیاسا (مذکر و مؤنث)
عَطْعَطَ. القَوْمُ عَطْعَطَةً. لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ: کلام میں خلط ملط کرنا۔
عَطَفَ (ض) عَطْفًا و عُطُوْفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا عَلَيْهِ: مہربانی کرنا عَنْهُ: پھر جانا ہ عَنِ الْاَمْرِ: ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ: لگام پھیرنا كَلِمَةً عَلٰى اُخْرٰى: حرفِ عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا الوِسَادَةَ: تکیہ کو دُوہرا کرنا الشَّيْءَ: جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلٰى وَلَدِهَا: اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللّٰهُ قَلْبَهُ وبِقَلْبِهِ: دل کو مہربان کر دینا۔
عَطِفَ (س) عَطَفًا. لمبی پلکوں والا ہونا۔
عَطَّفَ الوِسَادَةَ: تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلٰى وَلَدِهَا: مہربان کرانا۔ الشَّيْءَ: جھکانا۔
تَعَطَّفَ. جھکنا اور مائل ہونا عَلَيْهِ: رحم دل ہونا اور احسان کرنا الثَّوْبَ وبالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھ لینا۔
اِعْتَطَفَ. الثَّوْبَ و بالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھ لینا۔
اِنْعَطَفَ. مڑنا۔
تَعَاطَفَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر مہربانی کرنا فِيْ مَشْيَتِهِ: ناز سے سر ہلاتے ہوئے چلنا۔
اِسْتَعْطَفَهُ. مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔

العَطْف. کجی۔ جھکاؤ۔
العِطْف. بَغَلٌ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ: کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں پہلو ج اَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوْف. کہا جاتا ہے "ثَنٰى عَنِّي عِطْفَهُ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "هُوَ يَنْظُرُ فِيْ عِطْفَيْهِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِيَ عِطْفِهِ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔
العِطْفَة. انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔
العَطَف. پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچاں۔ واحد عَطَفَةٌ.
العِطَاف. چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف واَعْطِفَةٌ.
العَاطِف. فا۔ ازار۔ گھوڑدوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة. والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ: حرف عطف جیسے واو۔ فا۔ ثُمَّ۔ حَتّٰى وغیرہ۔
العَاطِفَة. مؤنث عَاطِف۔ شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف.
العَطِيْف. مِنَ النِّسَاءِ: نازک فرمانبردار عورت۔
العَطِيْفَة. کمان۔ ج عَطَائِف.
العَطُوْف. مہربان محسن۔ اِمْرَاَةٌ عَطُوْفٌ شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف (والعَاطُوْف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِيْف.
قَوْسٌ عَطْفٰى. ٹیڑھی کمان۔
المِعْطَف. چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف.
مُنْعَطَفُ الوَادِي ومُنْعَطَفُهُ. وادی کا موڑ۔
المَعْطِف. گلا ج مَعَاطِف.
عَطِلَ (س) عَطَلًا الرَّجُلُ مِنَ المَالِ او الاَدَبِ وكَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ: خالی ہونا۔ صفت عَاطِلٌ وعُطُلٌ وعُطْلٌ. ج اَعْطَال.
عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلًا وعُطُوْلًا. المَرْاَةُ: عورت کا بے زیور ہونا۔

صفت عَاطِل و عَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات و عَوَاطِل و عُطَّل وَ اَعْطَال.
عَطَلَ (ن) عَطَالَةً. الاَجِيْرُ: مزدور کا بیکار ہونا۔
عَطَّلَ. الشَّيْءَ: بے کار چھوڑ دینا المَرْاَةَ: زیور اُتار لینا القَوْسَ: کمان سے تانت نکال لینا۔ عَطَّلَتِ الاِبِلُ: بغیر چرواہے کے ہونا۔
عَطَّلَ الاِبِلَ: بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا البِئْرَ: کنوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع ذائع کر کے چھوڑ دیا جائے، اس پر تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُوْدُ او الثُّغُوْرُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جوتی بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِيَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہی ایسی قوم کو "مُعَطَّلُوْن" کہیں گے۔
تَعَطَّلَ. بیکار ہونا۔ تَعَطَّلَت. واِسْتَعْطَلَتِ المَرْاَةُ: عورت کا بے زیور ہونا۔
العَطَل. گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ عَطَلَهُ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔
العُطْلَة. بیکاری۔
العَطِيْل والعَيْطَل: نر کھجور کے خوشے کا تنہ۔ العَيْطَل: خوبصورت دراز گردن۔
العَطْلَاءُ مِنَ النِّسَاءِ: بے زیور عورت۔
المِنْطَال مِنَ النِّسَاءِ: بے زیور رہنے کی عادی۔
التَّعْطِيْل. بیکار رہنا۔ مَذْهَبُ التَّعْطِيْل. صفاتِ باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔
المُعَطِّلَة. مذہب تعطیل والے۔
اِعْتَطَمَ. الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ صفت عَاطِمٌ و عَطِيْمٌ ج عُطُم.
العُطْم. دھنکی ہوئی اُون۔
عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا الجِلْدَ: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔ صفت مفعولی عَطِيْنٌ و مَعْطُوْنٌ (عُطُوْنًا) البَعِيْرُ: اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔ صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ و

عُطُوْن و عطنة مؤنث عاطِنة ج عاطِنات و عَواطِن و عُطُوْنٌ.
عَطِنَ (س) عَطَنًا. الجلدُ: کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔ صفت عطِنٌ.
عَطَّنَ الجلدَ: کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (وأعطن) الابلَ: دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔ عَطَّنَ لِلْابِلِ: اُونٹ کے لیے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔ عَطَّنَتِ الِابِلُ: اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔
اِنْعطن الجِلْدُ: کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔
العَطَن والمَعْطِن والمَعْطَن. اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَعاطِن.
العِطان. گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہو جائیں۔
رَجلٌ عَطِيْنٌ و عَطِيْنَةٌ. بدبودار مرد۔
عَطَا يَعْطُوْ عَطْوًا. الشئَ و اِلَيْهِ: لینا۔ اِلَيْهِ يَدَهُ: بلند کرنا۔
عَطَّى تَعْطِيَةَ الرَّجلَ: جلدی کرانا۔ خدمت کرنا۔
اَعْطَى اِعْطاءً. ہ الشئَ: دینا۔ اَعْطَى البَعِيْرُ اَو اَعْطَى البَعِيْرُ بِيَدِهِ: مطیع ہونا۔
عَاطَى مُعاطَاةً و عِطاءً الرَّجلَ الشئَ: دینا ہ: خدمت کرنا۔
تَعاطَى تَعاطِيًا. الشئَ: لینا۔ الامرَ: مشغول ہو جانا الرَّجلُ: کسی چیز کو پکڑنے کے لیے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعاطَيْنا فَعطَوْتُه" دادودہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہو گیا۔
تَعطَّى تَعَطِّيًا. جلدی کرنا الامرَ: مشغول ہو جانا۔
تَعطَّى واِسْتَعْطَى اِسْتِعْطاءً. عطیہ مانگنا۔
العَطا والعَطاء. جو چیز دی جائے۔ ج اَعْطِيَة جج اَعْطِيات.
العَطِيَّة. بمعنی عطاج عَطايا و عَطِيّات.

العَطَانَة والعَطاوة. بمعنی عطا۔
المِعْطاء. بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث) ج مَعاطٍ و مَعاطِی.
عَظَّهُ (ن) عَظًّا بالارضِ: چپکا دینا۔ عَظَّتْهُ الحَرْبُ: تکلیف پہنچانا۔
عَاظَّهُ مُعاظَّةً و عِظاظًا. سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ عَاظَّ القَوْمُ: جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔
العِظَّة. جنگ میں سختی۔
عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطائرُ: پرندے کا دُم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔
عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا و عُظُوْبًا جِلْدُهُ. کھال خشک ہونا يَدُهُ: کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔
عَظِبَ (س) عَظَبًا عَلَى العَمَلِ: صبر سے برداشت کرنا۔ موٹا ہونا۔ صفت عَظُوْب.
عَظَّبَهُ عَنْ بُغْيَتِه: ٹالنا۔ تاخیر کرنا ہ عَلَى الشئِ: عادی اور صابر بنانا۔
العاظِب والعِظَب: جنگل اور خشک مقامات میں اُترنے والا۔
عَظِيْبُ. الخُلق: بدخلق۔
عَظِرَ (س) عَظَرًا. الاناءَ: برتن کو بھرنا۔
اَعْظَرَهُ الشَّرابُ: معدہ میں ثقیل ہونا اور اسم اس سے (العِظارَة) ہے۔
العَظُوْر. شراب سے شکم سیرج عُظُر.
العِظار. شراب کی وجہ سے امتلاء۔
عَظْعَظَ السَّهْمُ: تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا الجَبانُ: بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَظَلَ (ن) و عَظِلَ (س) عَظْلًا و تَعاظَلَ و عَظَّلَ و اِعْتَظَلَ الكِلابُ او الجَرادُ: کتے کا یا ٹڈیں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔
عَاظَلَ الشئَ: سوار ہونا الكلامَ: کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا الشاعِرُ فِي القافِيَة: تضمین کرنا بالكَلامِ: اپنے ہی اُوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔

عَظَّلَ و تَعظَّلَ. القومُ عليهِ: مارنے کے لیے ہجوم کرنا۔ تَعظَّلَ فِي اَثَرِہٖ: تلاش کرنا۔
العاظِل والعاظِلَة والعَظْلَى مِنَ الجَرادِ: ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔
تَعظْلَمَ اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔
العَظْلَمة. تاریکی۔
عَظُمَ (ک) عِظَمًا و عَظامَةً. بڑا ہونا۔ صفت عَظِيْم ج عُظَماءُ عِظامٌ و عُظُمٌ الامرُ عليهِ: دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔
عَظَمَ (ن) عَظْمًا. الكلبَ: کتے کو ہڈی کھلانا (عظمهٗ) الرَّجلَ: ہڈی پر مارنا۔
اَعْظَمَ الامرُ الشئَ: بڑا ہونا الشئَ: بڑا کرنا۔ بڑا سمجھنا۔ اعظمَ الكلبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "ما يُعْظِمُنِي اَنْ اَفْعَلَ كَذا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔
عَظَّمَهُ: تعظیم کرنا۔ توقیر کرنا۔ عَظَّمَ الشاةَ: ہڈی۔ ہڈی کاٹنا۔
تَعَظَّمَ. تکبر کرنا۔
تَعاظَمَ. تکبر کرنا۔ تَعاظَمَهُ الامرُ: بڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "امرٌ لَا يَتَعاظَمُهُ شئٌ" وہ ایسا اَمر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔
اِسْتَعْظَمَ. تکبر کرنا الامرَ: بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا الشئَ: بڑا حصہ لے لینا۔
العَظْم. ہڈی ج اَعْظُم و عِظام و عِظامَة.
عَظْمُ الشئِ و عُظْمُه چیز کا بڑا حصہ۔ ج اَعْظام.
العُظْم والعِظَم والعُظُم. بڑائی۔
عَظْمُ الطريقِ. راستہ کا درمیان۔
العُظام والعُظّام. بڑا۔ مؤنث عُظامَة و عُظّامَة.
العَظْمَة. ہڈی کا ٹکڑا۔
العَظَمَة مِنَ السَّاعِدِ واللِّسانِ: کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمات. عَظَماتُ القَوْمِ سرداران قوم (والعَظَمُوت

والعُظَامة)تکبر۔ نخوت۔ فخر۔
العِظَامَة والعُظَّامَة والعُظْمَة و الاِعْظَامَة.گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
العَظِيْمَة.مؤنث عَظِيْم. سخت مصیبت۔ ج عَظَائم. عَظَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے بڑے بڑے اُمور۔
العَظْمِىُّ.سفیدی مائل کبوتر۔
مُعْظَمُ الشَّیٔ. چیز کا بڑا حصّہ ج مَعَاظِم. کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِم وَاجِبَةَ المُرَاعَاةِ" فلاں کے لیے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔
المُعْظَمَة.سخت مصیبت۔
عَظَا يَعْظُوْ عَظْوًا. فُلَانًا: غمگین کرنا۔ غیبت کرنا۔ بھلائی سے روکنا۔ زہر پلانا۔
عَظِى يَعْظَى عَظْيًا فُلَانًا:غمگین کرنا۔
العَظَايَة والعِظَايَة والعِظَائة والعَظَائة. چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ و عِظَاءٌ و عَظَايات و عَظَايَا.
عَفَّ (ض) عَفًّا و عِفَّةً و عَفافًا و عَفَافَةً و تَعَفَّف. حرام یا غیر مستحسن سے رکنا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت مذکر عَفِيف وعِفٌّ ج اعِفَّة وَاَعِفَّاء وعِفُّوْن. صفت مؤنث عَفِيْفَة وعِفَّة ج عَفِيْفَات و عَفَائِف وعِفَّات عَفَّ عَنْ كَذا : باز رہنا۔ تَعَفَّف:بتکلف پاک دامن بنا۔ تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔
اَعَفَّ اللّٰه فُلَانًا:پاکدامن کرنا۔
تَعَافَّ النَّاقَةَ : اُونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا المَرِيْضَ:علاج کرنا۔
اِعْتَفَّ واِسْتَعَفَّ عَنِ الخَبِيْث: رُکنا البَعِيْرُ اليَبِيْسَ:اُونٹ کا مٹی کے اُوپر اُوپر خشک گھاس چرنا۔
العِفَّة.س. پارسائی۔ پاکدامنی۔ طہارت بدن۔
العُفَّة والعُفَافَة. تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَأَلَه فما اَعْطَاهُ اِلَّا عُفَافَةً یعنی تھوڑا سا دیا۔ العِفَاف: دوا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ علی عِفَّانِ ذٰلِكَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔
عَفَتَ(ض) عَفْتًا الشَّیٔ: موڑنا اور توڑنا كَلَامَه وَفِیْ كَلَامِهٖ: لکنت کی وجہ سے بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات.
العَفت.لکنت۔
الاَعْفَت. بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بیوقوف۔
عَفَجه(ض) عَفْجًا بالعَصَا:لاٹھی مارنا۔
العَفْج والعِفْجُ والعفَج والعَفِج آنت ج اَعْفَاج و عَفَجَةٌ.
المِعْفَج. بیوقوف۔
المِعْفَجَة والمِعْفَاج. لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری۔ اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔
عَفَد (ض) عَفْدًا و عَفَدَانًا. دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔
اِعْتَفَد. بھوک کی وجہ سے مرنے کے لیے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔
عَفَرَه(ض) عَفْرًا فِی التُّرَاب: مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا الشَّیٔ: زمین پر پٹک دینا۔
عَفِر (س) عَفَرًا و اِسْتَعْفَرَ. خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت اَعْفَرْ.
عَفَّرَه. فِی التُّرَاب: مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کیلئے "قَدْ عُفِّرَ واُرْغِمَ" بولا جاتا ہے "عَفَّرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا الشَّیٔ : سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرْاَةُ فِی العِظَامِ : عورت کا دودھ چھڑانے کے لیے پستان پر مٹی لگانا۔
اِعْتَفَر. الشَّیٔ:خاک آلود ہونا
الثَّوْبَ فِی التُّرَاب: کپڑے کو مٹی میں لتھیڑنا فُلَانٌ: قادر ہونا۔ قوی ہونا الرَّجُلَ: زمین پر پٹک دینا۔ کودانا ہ الاَسَدُ: شیر کا پچھاڑنا۔
تعافر. الثَّرِيدُ:ثرید کا سفید ہونا۔
تَعَفَّرَ واِنْعَفَرَ فِی التُّرَاب:مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا الشَّیٔ: خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ الوَحْشُ:وحشی جانور کا موٹا ہونا۔
العَفْر والعَفَر. مٹی۔ خاک۔ ج اَعْفَار.
العِفْر والعُفْر. نر سور یا مطلقا سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفْر: بعد۔ بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں؛ آٹھویں؛ نویں رات۔ مردِ دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج اَعْفَار وَ عِفَار.
رَجُلٌ عِفْرٌ و عِفِّرٌ و عِفِرَّی و عُفَارِيَة. خبیث مرد۔
الاَعْفَر. ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔
العُفْرَة. خاکستری رنگ۔
العُفْرَة والعَفْرَة. مِنَ الدِيْك: مرغ کے گردن کے بال مِنَ الاِنْسَان: وسط سر کے بال مِنَ الاَسَدِ : شیر کے بال۔ عُفْرَةُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
العُفْر. زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔
العُفَرَةُ. مخلوط لوگ۔ عُفْرَة و عُفُرَة الحَرِّ او البَرْدِ: گرمی یا سردی کی شدت۔
العَفَار. بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفَارَةٌ.
العَفَارَة. خباثت۔ بُرائی۔
العِفْرِيَة. بڑا سخت مکار۔ خبیث۔
العِفْرِيَةُ والعِفْرَاة مِنَ الدِيْك والاِنْسَان : بمعنی عُفْرَة. جب کوئی غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جاءَ نا فِشًا عِفْرِيَته."
العَفِير. گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِيْر: بلا سالن کے روٹی (والمَعْفُور) مٹی میں لتھیڑا ہوا۔
العَفِير: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔
العَفِيْرَة. گبریلا کی گولی۔
العَفَّار. مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا

پھول ڈالنے والا۔

العَفْرَاء. اَلاَعْفَر کا مؤنث ج عُفْر. سفید زمین مِنْ لَيَالِي القَمَرِ: تیرھویں رات۔

العِفِرِّين. مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَيْثُ عِفِرِّين: شیر۔ عِفِرِّين: نام شیر کی جھاڑی کا۔

المُعَافِر. ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔

تعَفرَتَ. دیو ہونا۔ شریر ہونا۔

العِفْرِيْت. سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ اور یہ انسان؛ جنات؛ شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِيْت مؤنث عِفْرِيْتَه.

عَفْرَسَه. پچھاڑنا اور غالب ہونا۔

العِفْرِس والعِفْرِيس والعِفْرَاس والعُفْرُوس والعَفَرْنَس: شیر۔

العَفَارِيْس. شتر مرغ۔

عَفَزَ (ض) عَفْزًا. اَهْلَه: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا الجَمَّالُ بَعِيْرَه: ساربان کا اُونٹ کو بٹھانا۔

العَفْز. س و العَفَاز: کھایا ہوا اَخروٹ۔

العَفَازَة. ٹیلہ۔

عَفَسَه (ض) عَفْسًا. پچھاڑنا اور ڈھونڈنا۔ قید کرنا عَنْ حَاجَتِه: حاجت سے باز رکھنا؛ روکنا المَاشِيَة: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا ہُ: زمین پر چمٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا ہُ بِرِجْلِه: چوتڑ پر لات مارنا۔

عَافَسَهُ. کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يُعَافِسُ الاُمُوْرَ."

تَعَافَسَ واِعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔

اِنْعَفَسَ فِي التُّرَابِ: خاک آلود ہونا۔ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔

العِفَاس. فساد۔

المَعْفُوْس. قیدی۔

عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّيْئَ: جمع کرنا۔

العُفَاشَة. بے خیر و برکت آدمی۔

الاَعْفَش. کمزور نگاہ والا۔

عَفَصَهُ (ض) عَفْصًا. اکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّه مِنْهُ: حق لینا۔

عَفَّصَ واَعْفَصَ القَارُوْرَةَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الحِبْرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔

عَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔

عَافَصَهُ مُعَافَصَةً. کشتی لڑنا۔

العَفْص. مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔

العَفَص. ناک کی کجی۔

العَفِص. کسیلا۔

العُفُوْصَة. کسیلا پن۔

العِفَاص. کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سربند۔

عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا و عَفِيْطًا و عَفَطَانًا. العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا الضَّأنُ: بھیڑ کا چھینکنا (عَفْطًا) الرَّاعِي: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔

بِغَنَمِه: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا فُلَانٌ فِي كَلَامِه: لکنت کرنا۔

العَافِط فا (والعَفِط) بہت گوز کرنے والا۔

العَافِطَة. مؤنث عافط. بھیڑ۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَه عَافِطَةٌ ولا نَافِطَه" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔ مُراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔

الاَعْفَط. بیوقوف۔

العَفَّاط العِفَاطِيّ والعِفْطِيّ. ہکلا۔ لکنت والا۔

عَفَقَ (ض) عَفْقًا. الرَّجُلُ: غائب ہونا۔ بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔ تیز جانا۔ تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔ عُفِقَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا ہ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا الشَّيْئَ: جمع کرنا عَلَيْهِ الصَّيْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا الرِّيحُ الشَّيْئَ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

عَفَّقَ الغنم بعضها على بعض: بکریوں کو اکٹھا کرنا۔

عَافَقَه مُعَافَقَةً و عِفَاقًا. فریب دینا۔

عَافَقَ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیئے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔

اَعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔

تَعَفَّقَ بِه: پناہ لینا۔

اِعْتَفَقَ القَوْمُ بالسُّيُوْفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا الاَسَدُ فَرِيْسَةَ: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔

اِنْعَفَقَ. فِي حَاجَتِه: جلدی کرنا۔

العَفَاقَة. دُبر۔

رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّيَارَةِ: بہت ملاقات کرنے والا۔

المُنْعَفِق. پانی پر سے واپس ہونے والا۔

عَفَكَ (ض) عَفْكًا الكَلَامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔ بیہودہ کلام کرنا۔

عَفِكَ (س) عَفَكًا و عَفْكًا. سخت بیوقوف ہونا۔ صفت اَعْفَك و عَفِك و عَفِيْك مؤنث عَفْكَا ج عُفْك. الاَعْفَك. بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

عَفَنَ (ض) عَفْنًا و عَفَّنَ اللَّحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

العَمُّ س۔ جماعت کثیرہ۔ چچا ج عُمُوْمَةٌ و اَعْمَامٌ و اَعُمٌّ اور نسبت کے لئے عَمَوِیٌّ (و العُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت۔

العَمَّةُ پھوپی ج عَمَّاتٌ.

العِمَّةُ عمامہ باندھنے کی ہیئت۔

رَجُلٌ عُمِّیٌّ عام۔

العُمَمُ جسم کا کمال۔ جوانی اور مال وغیرہ کا کمال۔

العَمَمُ کثرت۔ اجتماع۔ عامہ کا اسم جمع۔ ہر معاملہ کا عام و شامل۔ رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل: کامل الخیر۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فُلَانٌ عَلٰی عَمَمِهٖ."

العُمُوْمُ س۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کیلئے عمومیّ۔

العِمَامَةُ پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِمُ و عِمَامٌ کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَهٗ" وہ خوش حال ہوگیا۔ العمامة: قحط۔ کال۔ قیامت۔

العَامُّ سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص۔

العَامَّةُ مونث عام۔ عَامَّةُ النَّاسِ: عام لوگ ج عَوَامُّ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ عَامَّةً" یعنی قوم ساری کی ساری آئی۔

العَمِیْمُ ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا خالص۔ ہر چیز کا کامل ج عُمُمٌ.

العَمِیْمَةُ مِنَ النِّسَاءِ: پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت۔ نَخْلَةٌ عَمِیْمَةٌ: لمبا کھجور کا درخت۔ ج عُمٌّ.

الاَعَمُّ اسم تفضیل۔ جماعت کثیرہ۔ موٹا۔

المِعَمُّ مخیر۔ عام فیض والا۔

المُعَمَّمُ سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو۔

العَمْبَرُ عنبر۔

عَمَتَ (ض) عَمْتًا و عَمَتَ الصُّوْفَ: اون کی پونی بنانا۔ عَمَتَهٗ: مغلوب کرنا۔ مقصد سے ہٹا دینا۔ اندھا دھند لاٹھی سے مارنا۔

رَجُلٌ عَمِیْتٌ ظریف دلاور۔ عالم زیرک۔

العِمِّیْتُ نگہبان۔ سمجھ دار ظریف۔ مدہوش۔ وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے۔ ج عَمَامِیْتُ.

العَمِیْتَةُ اون کی پونی ج عَمَائِتُ و عُمُتٌ و اَعْمِتَةٌ.

عَمَجَ (ض) عَمْجًا پانی میں تیرنا فِیْ سَیْرِهٖ دوڑنا (وتَعَمَّجَ) السَّیْلُ او الحَیَّةُ: پیچ دار ہونا۔

العَمْجُ و العُمَّجُ و العَوْمَجُ سانپ۔

عَمَدَ (ض) عَمْدًا السَّقْفَ: چھت میں ستون لگانا لِلشَّیْءِ و اِلَی الشَّیْءِ قصد کرنا اِلَی الرَّجُلِ کسی کا ارادہ کرنا الشَّیْءَ گرانا ة: ستون سے مارنا ہٗ المَرَضُ او الْاَمْرُ دبلا کرنا۔ تکلیف پہنچانا (و عَمَّدَ) الوَلَدُ: چشمہ دینا۔ عَمَّدَ السَّیْلُ بند لگا دینا۔

عَمِدَ (س) عَمَدًا عَلَیْهِ غضبناک ہونا۔ بلازم ہونا الثَّرٰی تر کرنا مِنْهُ: تعجب کرنا فُلَانٌ درد مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمَدَنِی الْاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی معاملے نے مجھے درد مند کر دیا اور میں درد مند ہوا۔

اَعْمَدَ الشَّیْءَ ستون لگانا۔

تَعَمَّدَ الْاَمْرَ قصد کرنا (و اعْتَمَدَ) چشمہ کرانا۔ اِعْتَمَدَ الحَائِطَ و عَلَی الحَائِطِ: دیوار پر ٹیک لگانا۔ اِعْتَمَدَهٗ و اعْتَمَدَ عَلَیْهِ: بھروسہ کرنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَدَ لَیْلَةً رات میں سوار ہو کر جانا۔

اِنْعَمَدَ الشَّیْءُ ستون کے بل کھڑا ہونا۔

العَمْدُ س کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ جان بوجھ کر کیا۔ "وَفَعَلَهٗ عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔

العَمِدُ وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰی" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔

العُمْدَةُ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔ لشکر کا پیغامبر۔ ج عُمَدٌ.

العِمَادُ جس کا سہارا لیا جائے ج عَمَدٌ و عُمُدٌ بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمَادَةُ اور یہ عَمَدَ الوَلَدَ (یعنی چشمہ دینا) سے اسم ہے۔

لشکر کا پیغام بر۔ اَھْلُ العِمادِ. بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے"فُلَان طَوِیْلُ الْعِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے"هُوَ رَفِیْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے۔

العَمُوْد. ستون۔ سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة و عَمَد و عُمُد. العَمُوْد: سردار۔ لشکر کا پیغامبر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔عَمُوْدُ البَطن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ عَلٰى عَمُوْد بَطْنِهٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔عَمُوْدُ الْمِیْزَان ترازو کی ڈنڈی۔عَمُوْدُ الصُّبْح. صبح کی روشنی۔ عَمُوْدُ النَّسَبِ جو خط مستقیم پر ہو۔ کہا جاتا ہے"اِسْتَقَامُوْا عَلٰى عَمُوْدُ رَائِیْهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں اَھْلُ العَمُوْدِ و اَھْلُ العُمُد: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔العَمُوْدُ او الخطُّ العَمُوْدِی عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویئے برابر برابر نکلیں۔

ت

ب

ب ت عمودی یا خط عمودی۔

العَامِد. فا۔ مونث عَامِدَةٌ. لَیْلَةٌ عَامِدَةٌ. لمبی رات۔

مُتَعَامِدَانِ: زاویہ قائمہ بناتے ہیں۔ ایک ان دو میں سے ایک دوسرے پر عمودی ہوتے ہیں۔

العَمِیْد. سخت غمزدہ۔ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِیْدُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ ج عُمَداء عَمِیْدُ الْاَمْرِ: قوام امر۔عَمِیْد الوَجْع: درد کا مقام۔العَمِیْد وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔

المَعْمُوْدِیَة. بپتسمہ۔

العُمُد والعُمُدَّانِی. کامل ترین نوجوان۔

العَمَیْذَر. نازک بدن لڑکا۔

عَمَرَ (ن)عَمْرًا. المنزلُ باھله: آباد ہونا۔المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ صفت مفعولی مَعْمُوْر الدَّارَ گھر تعمیر کرنا۔ اور اسم العمارہ ہےبالمَکان: اقامت کرنا۔ہٗ اللّٰه: زندہ رکھنا۔عَمَارَةً الله مَنْزِلَةً: آباد کرنا۔

عَمَرَ (ض و ن)عَمُوْرًا و عَمَارَةً و عُمرانًا الرَّجُلُ بَیْتَه: لازم پکڑنا۔عَمَرتُه کَذَا: زندگی بھر کیلئے دینا(عَمْرا و عَمَارَةً) رَبَّهٗ: عبادت کرنا۔ خدمت کرنا۔ روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا(عُمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَة و عَمِر (س)عَمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَةً) لمبی عمر پانا۔ عَمُرَ (ک)و عَمِر (س)عَمَّارَةً) المَالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔

عَمَّر واَعْمَرَ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔عَمَّرَہٗ واَعْمَرَہٗ اَرضًا: زندگی بھر کیلئے دے دینا۔ عَمَّرَ الرَّجُلُ: لمبی زندگی پانا۔عَمَّرَہٗ اللّٰهُ: زندہ رکھنا۔عَمَّرَ الثَّوْبَ. کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ اَعْمَرَكَ اللّٰهُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا. اَعْمَرَہٗ المکانَ: آباد کرنے کیلئے دینا۔اَعْمَرَ الْاَرْضَ: آباد پانا۔اَعْمَرَ عَلَیْهِ: غنی کرنا۔

اِعْتَمَرَ المکانَ: قصد کرنا۔ زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَان مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لیے آیا"اِتَّخَذْنَا نَادِیًا نَعْتَمِرُہٗ" ہم نے ایک مجلس بنا لی جس میں بیٹھتے ہیں۔اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ: پگڑی باندھنا۔

اِسْتَعْمَرَہٗ فِی المَکَانِ: آباد کرنا۔ جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰهُ عِبَادَہٗ فِی الْاَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔

العَمْر. زندگی ج اَعْمَار. دین۔ اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْری" ولَعَمْرُ اللّٰهِ واَعَمَرَ اللّٰه. العَمْر: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ ج عُمُور.

العَمْرَان. حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔

العُمْر والعُمُر. زندگی۔ عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔

العُمْر: مسجد۔ گرجا۔ دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔

عُمَر. علم ہے اور علمیت و عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ خلیفہ ثانی کا نام ہے۔العمران: سیدنا ابو بکر و عمرؓ۔

عَمْرو. علم ہے۔ اور اس میں حالتِ رفعی و جری میں خلیفہ ثانی کے نام سے امتیاز کیلئے واؤ لگایا جاتا ہے۔ ج عُمْرُوْن واَعْمُرٌ و عُمُوْر. اُمُّ عَمْرٍو: بجو کی کنیت۔

العُمْرَان. آبادی۔

العَمر. س۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال۔

العَمْرَة. ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج، پگڑی وغیرہ۔اَبُوعَمْرَة بھوک اور افلاس کی کنیت۔

العُمْرة. آباد مکان کا ارادہ۔ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروۃ کا نام۔ ج عُمَر و عُمُرات.

العَمَار. سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے تھے۔

العَمَارَة. س۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج، پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے۔ پھولوں کا دستہ جو بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔ بڑا قبیلہ۔ قبیلہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔

العِمَارَة. س۔ جس سے مکان کی آبادی ہو۔ چھوٹا قبیلہ۔

العُمَارَة. عمارت کی مزدوری۔

العُمْرٰی. وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لیے دے دیا جائے۔

مَكَانٌ عَمِيْرٌ: آباد۔ ثَوْبٌ عَمِيْرٌ: گف کپڑا۔
العَامِرِ. فا۔ گھر کا رہنے والا ج عُمَّار مؤنث عَامِرَة ج عَوَامِر. مَكَانٌ عَامِرٌ: آباد جگہ۔ تم کہتے ہو تَرَكْتُهُمْ عَامِرِيْنَ بِمَكَانِ كَذَا: یعنی میں نے اُن کو فلاں جگہ میں آباد چھوڑا۔ العَامِر: بجو کا بچہ۔ اُمّ عَامِر: بجو۔ عَوَامِرُ البُيُوْتِ: سانپ وغیرہ۔ واحد عَامِر و عَامِرَة.
العَمِيْرَة. شہد کا چھتہ۔ بڑا قبیلہ۔ ج عَمَائِر.
العَمَّار. صیغہ مبالغہ۔ قوی الایمان۔ بردبار۔ صاحب وقار۔ موت تک امر و نہی پر قائم رہنے والا۔ اچھی تعریف والا۔
العُمَّار. جِنّات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور یہ جمع ہے عامر کی۔
المَعْمَر. آباد۔ خوش حال جگہ۔
اَلاِسْتِعْمَارُ: ایک ملک کا دوسرے ملک کے حصے یا مکمل ملک پر قبضہ کرنا۔
المُسْتَعْمَرَة. نو آبادی (مولدة)
اليَعْمُوْر. بکری کا بچہ۔ چھوٹی بھیڑ۔ ج يَعَامِيْر.
العَمَرَّد. ہر چیز کا لمبا۔ خوش۔ قوی؛ سخت مزاج مرد۔ شیر نر۔ بھیڑیا۔
العَمَّرِس. مرد قوی۔ العُمْرُوْس: بکری کا بچہ ج عَمَارِيْس.
العُمْرُوْط. چور۔ سرکش۔ ج عَمَارِط و عَمَارِيْط و عَمَارِطَة.
العَمَرَّط. جوان۔ سبک۔ دلیر۔ بلا۔ مصیبت۔
عَمَسَ (ن) عَمْسًا الكِتَابَ: مٹنا۔ الاَمْرَ. دیدہ دانستہ جاہل بننا۔ عَمَّسَ وَاَعْمَسَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
عَمِسَ (س) و عَمُسَ (ک) عَمْسًا و عَمَسًا و عُمُوْسًا و عَمَاسَةً. اليَوْمُ: سخت ہونا۔ تاریک ہونا۔
عَامَسَه مُعَامَسَةً. راز بتانا۔ دشمنی چھپانا۔

تَعَامَسَ. تغافل کرنا۔ عَنْهُ: نہ جاننے والا ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَامَسَ عَلَیَّ" یعنی اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو شبہ میں رکھا۔
العَمْس والعَمَاس والعَمُوْس والعَمِيْس مشکل کام۔ يَوْمٌ عَمَاسٌ: سخت دن۔ حَرْبٌ عَمَاسٌ و عَمِيْسٌ سخت لڑائی۔ لَيْلٌ عَمَاسٌ: بہت تاریک رات۔
العَمَاس: قوی شیر۔ مصیبت ج عُمُس و عُمْس.
العَمُوْس والمُعَامِس. وہ شخص جو کاموں کو نادانوں کے مانند بے باکانہ کرے۔
اَمْرٌ مُعَمَّسٌ. سخت کام۔
عَمِشَتْ (س) عَمَشًا عَيْنُه: آنکھ کا کمزور ہونا۔ چندھا ہونا۔ صفت مذکر اَعْمَش صفت مؤنث عَمْشَاء ج عُمْش
فِيْهِ الكَلَامُ: کلام کا اثر کرنا۔
عَمَشَه (ن) عَمْشًا. بلا قصد مارنا الوَلَدَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔
عَمَّشَ و تَعَامَشَ عَنِ الشَّیْءِ: غافل ہونا
عَمَّشَه اللّٰهُ: چندھے پن کو دور کرنا۔
اِسْتَعْمَشَة. بیوقوف جاننا۔
العُمْشُوْش. انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لیے گئے ہوں۔
عَمَطَ (ن) عَمْطًا واِعْتَمَطَ عِرْضَهٗ: عیب لگانا۔ بے آبرو کرنا۔
عَمُقَ (ک) و عَمِقَ (س) عُمْقًا المَكَانُ او الطَّرِيْقُ. دور ہونا۔ کشادہ اور لمبا ہونا۔ صفت عَمِيْق ج عِمِقٌ و عُمُق و عِمَاق.
عَمُقَتْ (ک) عُمْقًا و عَمَاقَةً البِئْرُ و نَحْوُهَا: گہرا ہونا۔ صفت عَمِيْقَة. ج عَمَائِق.
اَعْمَقَ و عَمَّقَ واِعْتَمَقَ. البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَمَّقَ النَّظَرَ فِی الاُمُوْرِ" اس نے امور میں گہری نظر ڈالی۔

تَعَمَّقَ فِی الاَمْرِ: معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا فِی كَلَامِهٖ: خوب چرب زبانی سے گفتگو کرنا۔
العَمْق والعُمْق والعُمُق. گہرائی۔ العَمْق والعُمْق: جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو۔ ج اَعْمَاق.
العَمَق. حق و استحقاق۔ کہا جاتا ہے "لَفِيْهِ عَمَقٌ" یعنی اس کیلئے حق و استحقاق ہے۔
العَمَقَة. برتن کی تہ میں گھی کا میل۔
رَجُلٌ عَمِقِیُّ الكَلَامِ: ایسا شخص جس کی بات بہت گہری ہو۔
عَمِلَ (س) عَمَلًا. کام کرنا۔ محنت کرنا لِلاَمِيْرِ عَلٰی بِلَادِهٖ: عامل بننا۔ حاکم بننا عَلَی الصَّدَقَةِ. صدقہ جمع کرنے کی کوشش کرنا البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ عَمِلَتِ الكَلِمَةُ فِی الكَلِمَةِ: ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ میں اثر کرنا۔ اعراب دینا۔
عَمَّلَه: عمل کی اُجرت دینا ہ عَلَی البَلَدِ: عامل بنانا۔ حاکم بنانا۔ کہا جاتا ہے "عُمِلَ فُلَانٌ عَلَيْهِمْ" یعنی فلاں شخص ان کے اوپر حاکم بنایا گیا۔
اَعْمَلَهٗ. عامل بنانا۔ حاکم بنانا۔ اَعْمَلَ الرُّمْحَ صدر نیزہ سے مارنا الآلَةَ او الرَّایَ: استعمال کرنا الكَلِمَةَ فِی الكَلِمَةِ: کلمے کا دوسرے کلمے پر اثر کرانا الرَّجُلَ: اُجرت دینا۔
عَامَلَهٗ مُعَامَلَةً. عمل کی تکلیف دینا۔ معاملہ کرنا۔
تَعَمَّلَ. لِكَذَا. عمل کو برداشت کرنا۔ مِنْ اَجْلِ فُلَانٍ او فِی حَاجَتِهٖ کوشش کرنا؛ در پے ہونا۔ تَعَامَلَ. القَوْمُ. بعض کا بعض کے ساتھ معاملہ کرنا۔
اِعْتَمَلَ. کام میں مضطرب ہونا۔ اثر قبول کرنا۔ اپنے لیے کام کرنا۔
اِسْتَعْمَلَهٗ. عامل بنانا۔ عمل کرنے کو کہنا۔ استعمل الآلَةَ: آلہ استعمال کرنا الثَّوْبَ: کپڑا استعمال کرنا۔ اُسْتُعْمِلَ فُلَانٌ: شاہی

اعمال میں سے کسی عمل کے لیے مقرر ہونا۔

العَمل. مص. الفعل بقصد۔ ارادۃً فعل کرنا (والعَامِلية) وہ جس پر عامل والی ہو۔ ج اَعْمال و اَعْمال البَلَد : ملک کے مضافات۔

العَمِل. کاریگر۔ پسندیدہ کاریگر۔ بَرْقٌ عَمِلٌ: لگاتار چمکنے والی بجلی۔

العَمِلَة. مؤنث عَمِلٌ. وہ جو کیا جائے۔

العَمْلَة. ایک مرتبہ کا عمل۔ خیانت۔ چوری۔

العِمْلَة. عمل کی ہیئت۔ جو عمل کیا جائے۔ (والعُمْلَة) عمل کی اُجرت۔ اور عوام اس کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

العَامِل. فا۔ کام کرنے والا۔ وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو ج عُمَّال و عَامِلُوْنَ و عَمَلَةٌ. رئیس۔ والی۔ حاکم۔ عَامِلُ الرُّمْح: نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔

اَلْعَامِلُ عِنْدَ النُّحاة: نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ کے آخر پر اعراب واجب کر دے جیسے قَامَ الولد۔

اَلْعَامِلُ بِالْتِماسِ: وہ مادہ جو قلیل مقدار میں کیماوی اجسام میں ملایا جائے اس میں جلدی اثر انداز ہو جائے اس کی مقدار میں کمی نہ آئے شروع سے لے کر آخر تک۔

العَامِلَة. مؤنث عامل ج عَامِلات و عوَامِل عَامِلَةُ الرُّمح: نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ۔ العَوامِل. پاؤں۔ کھیتی اور دائیں کرنے کے بیل۔

العَمَّال. صیغہ مبالغہ۔ مؤنث عَمَّالَة.

العِمَالَة. عامل کا پیشہ۔ العِمالَة والعَمالة والعُمالَة. عامل کی اُجرت۔ عوام کہتے ہیں

العَمُوْلَة: کمیشن ایجنٹ۔

العَمُوْل. مزدور۔

العَمِيْل عِنْدُ التُّجَارِ: ایجنٹ۔ آڑھتی۔

شریک عمل۔ ج عُملاء۔

المَعْمَل. کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ ج مَعامِل

المُعَامَلات. کاروباری معاملات۔ احکام شرعیہ جن کا تعلق امور دنیاوی سے ہو۔ جیسے بیع و شرا کے احکام۔

المُسْتَعْمَل. مف. استعمال کیا ہوا۔

اليَعْمَل واليَعْمَلَة. کام کرنے والا اُونٹ اور اونٹنی ج يَعَامِل و يَعْمَلات.

عَمَنَ (ض) و عَمِنَ (س) عَمْنًا بالمکان: اقامت کرنا۔

عَمَّنَ واَعْمَنَ الرَّجُلُ: ملک عمان میں جانا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنا۔

العَمُوْنُ. اقامت کرنے والا ج عُمُن.

عَمَهَ و عَمِهَ (ف س) عَمَهًا و عُمُوهًا و عُمُوْهِيَّةً و عَمَهَانًا و تَعَامَهَ. متحیر ہونا۔ گمراہی میں بھٹکنا۔ صفت عَمِهٌ ج عَمِهُوْنَ و عَامِهٌ ج عُمَّهٌ.

عَمِهَ (س) عَمَهًا المَكانُ: بے نشان و بے علامت ہونا۔ صفت مذکر اَعْمَهُ صفت مؤنث عَمْهَاءُ ج عُمْه.

عَمَهَ فِيْ ظُلْمِ فُلان: ناحق ظلم کرنا۔

العَمَه. مص. بصیرت کا فقدان۔

عَمِيَ يَعْمَى عَمًى. اندھا ہونا۔ دل کا اندھا ہونا اور جاہل ہونا۔ عَنِ الشَّيْءِ و عِنْدَه: ہدایت نہ پانا۔ عَلَيْهِ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمِيَتِ الاخبارُ عَنْ فُلانٍ" یعنی پوشیدہ ہو گئیں۔

عَمِيَ عَمَايَةً. اصرار کرنا۔ گمراہ ہونا۔

عَمَى يَعْمِي عَمْيًا. السَّحابُ: بہہ پڑنا۔ المَوْجُ: جھاگ پھینکنا فُلانٌ: سخت گرمی میں آنا۔

عَمَّى تَعْمِيَةَ المَعْنى. معنی پوشیدہ رکھنا (واَعْمى) الرَّجُلَ: اندھا کرنا۔ اندھا پانا۔

تَعَامى. بتکلف اندھا بننا۔

تَعَمَّى تَعَمِّيًا. اندھا ہونا۔

اِعْتَمَى اِعْتِمَاءً. الشَّيْءَ: چننا۔ قصد کرنا۔

العَمِيَة والعُمِيَّة والعَمَايَة والعَمَانَة. گمراہی۔ گمراہی پر اصرار۔

العِمِيَّة والعُمِّيَّة. غرور۔ گمراہی۔

العَمِر. اندھا ج عَمُوْن. مؤنث عَمِيَة ج عَمِيَات.

العَمِي: اندھا ج عُمْيٌ و عُمْيَانٌ و اَعْمَاءٌ و عُمَاة مؤنث عَمْيَاء. الاَعْمى: جاہل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَمِي القَلْبُ: یعنی جاہل آدمی۔

العَامِيَة. بہت گریہ و زاری کرنے والی عورت۔

العَمَاء. بلند بادل۔ موسلا دھار برسنے والا بادل۔

الاَعْمَيان. سیلاب و آتش زدگی۔

المَعْمِيَة. بے نشان زمین۔ ج معامی مَكانٌ عَمًى واَعْمى. ایسی جگہ جس میں ہدایت نہ ملے۔

العَامِيٌّ. وہ شخص جو اپنے راستے کو نہ دیکھتا ہو۔

المُعَمَّى. مف مِنَ الكَلام: چیستان۔ پہیلی۔

عَنْ حروف جر میں سے ہے اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) مجاوزۃ جیسے تَرَحَّلْ عَنْ مَكانٍ فِيْهِ ضَيْمٌ: اس جگہ سے چل دے جہاں ظلم ہو۔ (۲) بدل جیسے يَوْمٌ لَا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا: وہ یوم جس میں کوئی نفس کسی نفس کا بدلہ نہیں دے گا۔ (۳) تعلیل جیسے مَا فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ اِضْطِرَارٍ: اس نے اُس کو مجبور ہو کر کیا۔ (۴) بعد جیسے عَنْ قَلِيْلٍ تَرى. تھوڑی دیر کے بعد تجھے معلوم ہو جائے گا۔ (۵) استعلاء جیسے اَحْبَبْتُ الْاِحْسَانَ اِلَى الْفُقَراءِ عَنْ كَثْرَةِ الصَّلٰوةِ: میں نے فقراء کے ساتھ اچھے سلوک کو کثرت نماز پر ترجیح دی اور کبھی اسم ہو کر جانب کے معنی میں آتا ہے اور اس وقت اس پر حرف جر داخل ہوتا ہے جیسے "جَلَسَ مِنْ عَنْ يَسَارِ الْخَلِيْفَةِ"

خلیفہ کی بائیں جانب بیٹھنا۔
عَنَّ (ن ض) عَنًّا و عَنَنًا و عُنُوْنًا واعْتَنَ
لَهُ الشَّيءُ: سامنے ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔
عَنَّ عَنِ الشَّيءِ: اعراض کرنا۔ عَنَّ فُلانًا:
گالی دینا۔ عَنَّ و عَنَّنَ الكِتاب. عنوان
لکھنا۔ و عَنَّيْتُ الكتاب: ایک نون کو یا
سے بدل کر بھی کہتے ہیں۔
عَنَّ و عَنَّنَ واَعَنَّ اللِّجَامَ: لگام میں
ڈوری لگانا۔
عَنَّ واَعَنَّ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے
روکنا۔
عَانَّهُ مُعَانَّةً و عِنَانًا. مقابلہ کرنا۔
العَانُّ. فا۔ لمبی رسی۔ پھیلا ہوا بادل۔
العَانَّةُ. مؤنث۔ العَانُّ. بادل۔
العُنَّة. رسی؛ اُونٹ یا گھوڑے کے لیے
لکڑی کا باڑہ۔ ہانڈی رکھنے کا چولہا۔
العَنَان. بادل۔ والعَنَانَة بادل کا ایک
ٹکڑا۔ عَنَانُ السَّماءِ: آسمان کی بلندی۔
عَنَانُ الدَّارِ. گھر کا کنارہ۔ گھر کا گرداگرد۔
العِنَان. س۔ لگام کی رسی۔ ج اَعِنَّة و
عُنُن. کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيْرُ العِنَانِ"
یعنی وہ بے خیر آدمی ہے۔ "وَرَجلٌ طَوِيْلُ
العِنَانِ" شریف آدمی و "اَبِيُّ العِنَانِ"
خوددار۔ و "اِمْتِلاءَ عِنَانُه" جبکہ اپنی
کوشش کو پہنچ جائے۔ "وَذَلَّ عِنَانُه" یعنی
تابع و فرمانبردار ہوگیا۔ و "هُمَا يَجْرِيَانِ
فِيْ عِنَانٍ" جبکہ دونوں فضیلت وغیرہ میں
برابر ہوں۔ "وَجَرَى الفَرسُ عِنَانًا"
یعنی ایک چکر دوڑا۔ "وَكَبَا فِيْ عِنَانِه" یعنی
اپنے چکر میں ٹھوکر کھا گیا۔ "وَاَرْخِ مِنْ
عِنَانِه" یعنی اس کو ڈھیل دے دو۔
وشركَةُ العِنَان: دو آدمیوں کا مخصوص
مال میں شرکت کرنا۔ العِنَان: سامنے آنے
والی چیز۔
العَنَن. سامنے آنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے
"عَنَانَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا: انتہائی یہ ہے کہ
تم ایسا کرو۔

الاَعْنَان. درخت کے اطراف۔ اَعْنَانُ
السَّماءِ. آسمان کے اطراف۔ افق۔
العَنَّان. بہت سبقت لے جانے والا۔
المِعَنّ. لایعنی امور میں دخل دینے والا۔
خطیب۔ مؤنث مِعَنَّة.
المَعْنُوْن. مجنون۔ پاگل۔
عَنَّبَ الكَرْمُ: انگور کی بیل میں انگور آنا۔
العِنَب. انگور۔ ج اَعْنَاب. ایک دانے کو
عِنَبَة کہتے ہیں۔
العَنَّاب. انگور بیچنے والا۔ عنب الثَّعْلَب
مکوے۔
عِنَبُ الثَّعْلَب: سفید پتوں والی سفید
پھولوں والی دوائی کا نام۔
عِنَبُ الدُّب: چمڑے کو رنگنے کے لئے
ایک پودا جس کو طب میں اسہال کے ضد
سمجھا جاتا ہے۔
اَلْعِنَبِيَّة: انگور جیسا ایک پھل۔
العُنَّاب والاَعْنَب. بڑی ناک والا۔
العُنَّاب. عُناب. ایک دوا کا نام۔ واحد
عُنَّابَة.
عَنْبَرَ الشَّيء: عنبر سے خوشبودار کرنا۔
العَنْبَر. ایک قسم کی خوشبو۔ زعفران۔
ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ڈھال جو عنبر مچھلی
کی کھال سے بنائی جاتی ہے۔ ج عَنَابِر.
عَنْبَرُ الشِّتاءِ و عَنْبَرَتُه. سردی کی شدت
عَنْبَرَةُ القِدْر: پیاز۔
العَنْبَرِيُّ. عنبر سے معطر کی ہوئی شراب۔
عَنِتَ (س) عَنَتًا. دشواری میں پڑنا۔
مصیبت سے ہلاک ہونا۔ گناہ کرنا الشَّيءُ:
خراب و فاسد ہونا العَظْمُ: درستی کے بعد
ٹوٹ جانا۔ صفت عَنِت.
عَنَّتَهُ. سختی کرنا۔ ایسی چیز لازم کرنا جس کا
ادا کرنا دشوار ہو۔ عَنَتَ الشَّيءُ العَظْمَ
المَجْبُوْر: درست شدہ ہڈی کو توڑ دینا۔
عَنَّتَ فِي الجَبَل: پہاڑ پر چڑھنا۔
اَعْنَتَ الجَابِرُ الكَسِيْرَ: جڑے ہوئے کو
پھر توڑنا۔ ٹوٹے ہوئے کی دیکھ بھال نہ
کرنے کی وجہ سے فساد زیادہ ہونا الرَّاكِبُ
الدَّابَّةَ: جانور پر سختی سے زیادہ لادنا
الرَّجُلَ: ہلاکت میں ڈالنا۔
تَعَنَّتَه. تکلیف پہنچانا۔ کسی کی لغزش کو
ڈھونڈنا۔ تَعَنَّتَ الرَّجُلَ وعَلَيْه فِي
السُّوال: بطریق تلبیس سوال کرنا۔
العَنُوْت. دشوار گزار ٹیلہ۔
عَنْتَرَةَ. لڑائی میں بہادری کرنا۔
عَنْتَرَة بالرُّمْح: نیزہ مارنا۔ عَنْتَر العُنْتَر:
مکھی کا بھنبھنانا۔
العَنْتَر والعُنْتُر والعُنْتَر مکھی۔ نیلی مکھی۔
واحد عَنْتَرة.
اَلْعَنْتَرَة: سبعہ معلقات کے شاعروں میں
سے ایک شاعر کا لقب جس کی بہادری کی
وجہ سے لوگوں کے لئے ضرب المثل بن گیا۔
عَنْتَلَ الشَّيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
العُنْتُل. سخت۔ ضِباعٌ عَناتِل: شکار کو
ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والے بجو۔
العَنْثَة والعُنْثَة والعِنْثَة. جلی نام۔ ایک
مخصوص گھاس جبکہ وہ خشک اور سیاہ ہو
جائے۔ ج عِنَاث.
العَنْثُوة والعُنْثُوة. بمعنی عَنْثَة ج عَنَاثِي
العَنْثُوة: ٹھوڑی کے بال۔
عَنَجَ (ن ض) عَنْجًا واَعْنَجَ الشَّيءَ
کھینچنا۔ الدَّلْوَ: ڈول کو رسّی سے باندھنا۔
العِنَاج. پیٹھ کا درد۔ رسّی جس کو بڑے
ڈول کے نیچے باندھتے ہیں۔ ج اَعْنِجَة و
عُنُج.
عَنَجَة. الهَوْدَج: ہودے کے دروازے کا
بازو۔
العَنْجَج. بڑا۔
العُنْجُج. جنگلی ریحان۔
العُنْجُوْج. عمدہ گھوڑا۔ عمدہ اُونٹ۔ اوّل
جوانی ج عَنَاجِيج.
عَنْجَر عَنْجَرَةً. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔
العُنْجُورَة. شیشی کا غلاف۔
العُنْجُه. بڑی موٹی سیپی۔ اکھڑ مرد۔

عِنْدَ. ظرف مکان و ظرف زمان۔ جیسے وقفت عِندَ البابِ و سافرتُ عِندَ مَغیبِ الشَّمسِ اور مِن کے داخل ہونے سے مجرور ہوتا ہے جیسے اَتیتُ مِنْ عِندِہٖ۔

عَنَدَ(ن ض) و عَنِدَ(س) و عَنُدَ(ک) عُنُوْدًا عَنِ الطَّرِیْقِ اوِ القَصْدِ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا۔ مائل ہونا الرَّجُلُ: دیدہ دانستہ حق کی مخالفت کرنا۔ صفت عَنِیْدج عُنُد (واَعْنَدَ) العِرْقُ: رگ سے خون لگاتار بہنا۔ اَعْنَدَ فُلانًا: مقابلہ کرنا۔

عَنَدَ(ن) عُنُوْدًا عَنْ اَصْحابِہٖ: سفر میں علیحدہ ہو جانا۔

عَانَدَہ مُعانَدَۃً و عِنادًا. علیحدہ ہونا۔ مقابلہ کرنا الشَّیئَ: لازم ہونا الرَّجُلَ: کسی کے جیسا کام کرنا۔

تَعانَدَ القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ مخالفت کرنا۔

اِسْتَعْنَدَ الفَرَسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا۔ منھ زور ہونا ہٗ القَیئُ: غالب ہونا فُلانًا: قصد کرنا۔

العَانِد. فا۔ میانہ روی سے ہٹنے والا۔ ج عُنَّد. عَوانِد. کہا جاتا ہے "طَعَنَہٗ طَعْنًا عَانِدًا" اس نے اس کو دائیں بائیں سے نیزہ مارا۔ دَمٌ عَانِدٌ: ایک جانب سے بہنے والا خون۔

اَلْعِنَادِی: عنادی مذہب کو ماننے والا۔

اَلْعِنَادِیَّۃُ: وہ لوگ جو چیزوں کو حقیقت ماننے سے انکاری ہیں۔

العِنْد. دل۔ معقول۔

العَنَد. جانب۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی وَسَطًا لَا عَنَدًا" وہ وسط میں چلتا ہے کنارہ میں نہیں۔

العُنْد والعِنْد والعَنْد. گوشہ۔

العَنُوْد. میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنُد. کہا جاتا ہے "سَحَابَۃٌ عَنُوْدٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔ عَقَبَۃٌ عَنُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔ رَجُلٌ عَنُوْدٌ: کسی کے ساتھ نہیں بلکہ تنہا اترنے والا مَرد۔

عَنْدَرَ المَطَرُ: سخت بارش ہونا۔

عَنْدَلَ عَنْدَلَۃً. الھَزارُ: بلبل کا چہچہانا۔

العَنْدَلِیْب. بلبل۔ ج عَنادِل.

العَنْدَم. (دم الاخوین)۔

عَنَزَہٗ(ن) عَنْزًا. نیزہ مارنا۔ عَنَزَ و اِعْتَنَزَ واِسْتَعْنَزَ عَنْہُ: علیحدہ ہونا اور ایک گوشہ میں اترنا۔

اَعْنَزَ الشَّیئَ: جھکانا۔

تَعَنَّزَ. لوگوں سے علیحدہ ہونا۔

العَنْز. س۔ بکری۔ مادہ چکور۔ مادہ شکرہ۔ ہرنی۔ مادہ گدھ ج عِناز و اَعْنُز و عُنُوْز.

العَنْزَۃ. بکری۔

العَنَزَۃ. ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو۔

عَنَزَۃُ الفَأسِ پھاوڑے کی دھار ج عَنَزَ و عَنَزات.

اَلْقَزُوقَۃُ : جھولا۔ اس سے فعل مشتق عَنزق نکالا گیا ہے۔

العَنُوْز والعَنِیْز. مصیبت میں مبتلا۔

عَنَسَ (ض) عَنْسًا العُوْدَ لکڑی کو جھکانا۔ موڑنا۔

عَنَسَت (ن ض) و عَنِسَت (س) عُنُوْسًا و عِناسًا و عَنَّسَت و عُنِّسَتِ واَعْنَسَتِ الجارِیَۃُ: لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد دیر تک بلاشادی کے رہنا۔ صفت عَانِس ج عَوانِس و عُنْس و عُنَّس و عُنُوْس عَنَسَ الرَّجُلُ: بغیر نکاح کے بڑی عمر تک رہنا۔ صفت عَانِس. اَعْنَسَ الشَّیُٔ : متغیر کرنا. اَعْنَسَ الشَّیْبُ وَجْھَہٗ: بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَمْ تَعْنُسْ اَو لَمْ تَعْنِس السِّنُّ وجھہ : یعنی فلاں کی عمر نے بڑھاپے کی طرف رُخ نہیں کیا۔ و عَنَّسَ الجارِیَۃَ اَھْلُھا: لڑکی کو اس کے گھر والوں نے نکاح کرنے سے روکے رکھا۔ صفت مُعَنَّسَۃج مُعَنَّسات و مُعانِس.

عَنِسَ (س) عَنَسًا. ہر وقت آئینہ میں دیکھنا۔

العَنْس. س۔ عقاب۔ قوی اُونٹنی ج عِناس و عُنُوس.

العَنَاس. آئینہ ج عُنُس.

عَنَشَ (ن ض) عَنْشًا. العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا۔ جھکانا۔ الرَّجُلَ : تکلیف پہنچانا۔ غضبناک کرنا۔

عَانَشَہ مُعانَشَۃً و عِناشًا. لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ مفاخرت کرنا۔

اِعْتَنَشَہ. لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ ظلم کرنا۔

تَعانَشَا. ایک دوسرے سے معانقہ کرنا۔

تَعَنَّشَ المالَ: ہر طریقہ سے مال جمع کرنا۔

اَلْاَعْنَش. چھ انگلیوں والا۔ چھنگا۔

العَنْصُر العُنْصَر. اصل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لکَرِیْمُ العُنْصُر" وہ اصلاً شریف ہے۔ حسب۔ ہمت۔ حاجت۔ مصیبت۔ ہیولی۔ مادہ جسم بسیط۔ ج عَناصِر اور قدماء کے نزدیک عناصر چار تھے۔ آگ پانی ہوا اور مٹی۔

عِیْدُ العُنْصُرَۃ. نصرانیوں کی ایک عید ہے جو عید فصح کے پچاس دن کے بعد ہوتی ہے۔ اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر احکام شریعت کے نزول کی یادگار میں عید ہے۔

العُنْصُل والعُنْصَل والعُنْصُلاءِ والعُنْصَلاء. جنگلی پیاز۔ جس کو بصل الفار بھی کہتے ہیں۔

العُنْصُوَۃ والعِنْصُوَۃ والعُنْصُوَۃ والعِنْصِیَۃ والعِنْصَاۃ. متفرق تھوڑے سے بال یا گھاس وغیرہ ج عَناص.

العُنْظُب والعُنْظُبَان والعُنْظُوب. ایک قسم کی ٹڈی۔ مؤنث عُنْظُوبَۃ.

عَنْظَی بِہٖ: ٹھٹھا کرنا۔ بری بات سنانا۔ گالی دینا۔

العُنْظُوَان والعِنْظِیَان. فحش بکنے والا۔

العُنظُوان: ایک ترش قسم کی نباتات۔
العُنظُوَانَة. واحد ہے عُنظُوَان کی۔ مادہ ٹڈی ج عُنظُوانات۔
عَنعَنَ عَنعَنَةً. ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا الرَاوِی: روایت کو عَنْ فُلانٍ عَنْ فُلانٍ سے بیان کرنا۔
عَنُفَ (ک) عُنفًا و عَنافَةً. بالرَّجُلِ و عَلَیْهِ سختی کرنا۔ صفت عَنِیفٌ ج عُنُف۔
عَنَّفَه واَعنَفَه. سختی سے معاملہ کرنا۔ وعَنَّفَة سختی سے جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔
اَعنف الْاَمرَ: سختی سے لینا۔
اِعْتَنَفَ الْاَمْرَ: سختی سے لینا۔ الشَّیْئَ: شروع کرنا المجلس سے پھر جانا۔
العُنْف والعِنْف والعُنُف. سختی۔ سخت دلی۔
العُنفَة والعُنُفَة. ابتدا۔ شروع۔
الاَعْنَف. سختی سے پیش آنے والا۔
عُنفُوان الشَّبَابِ وعُنفُوَۃ. ابتدائی جوانی۔ عُنفُوَانُ الخَمرِ: شراب کی تیزی۔
المَعْنَفَة. سختی کا سبب۔
تَعَنْفَصَ. ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
العَنْفَقَة. داڑھی بچہ۔ ج عَنافِق۔
عَنِقَ (س) عَنَقًا. لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَق۔
عَنَّقَ. طلع النخل: کھجور کے شگوفہ کا لمبا ہونا۔ عَنَّقَه: گردن پکڑنا۔ عَنَّقَ عَلَیْه: چلنا اور گردن اٹھا کر دیکھنا۔
عَانَقَه مُعَانَقَةً و عِنَاقًا. بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔ عَانَقَتِ الْاِبِلُ: تیز چلنا۔
اَعْنَقَ. الزَّرْعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔
الکَلْبُ: کتے کی گردن میں پٹہ ڈالنا۔
النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اَعْنَقَتِ البِلَادُ: دور دور ہونا الدَّابَّةُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا الرِّیْحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
تَعَنَّقَ الیَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔
تَعَانَقَ. الرَّجُلَان: ایک کا دوسرے سے گلے ملنا۔
اِعْتَنَقَ. الشَّیْئَ. لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔
اِعْتَنَقَ الرَّجُلَان: لڑائی وغیرہ میں ایک کا دوسرے کے گلے کو پکڑنا۔
العُنْقَ والعُنُق گلا (مذکر ہے اور مؤنث بھی مستعمل ہے) ج اَعْنَاق. و عُنُقُ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا اول۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فُلَانٌ فِی عُنُقِ الصَّیْفِ" وہ گرمی کی ابتدا میں مر گیا "قَدْ اَخَذَ بِعُنُقِ السِّتِّیْنَ" وہ ساٹھ سال کی ابتدا میں پہنچ گیا۔ "وَکَانَ ذٰلِكَ عَلٰی عُنُقِ الدَّهْرِ" وہ زمانہ قدیم سے تھا۔ "وَلَهٗ عُنُقٌ فِی الْخَیْرِ" اس کیلئے پہلی ہی نیکی میں سبقت ہے۔ "وَهُمْ عُنُقٌ اِلَیْكَ" وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔
والعُنُق: رئیس لوگ۔ جماعت۔
اَلْعُنَاقِیَّة: سفید پھولوں والی زمین پر ایک ویل۔
العَنَق. مص۔ جانور کی تیز چال۔
العَنَاق. بکری کا بچہ سال پورا ہونے سے پہلے۔ ج اَعْنُق و عُنُوق. عَنَاقُ الْاَرْضِ: بلی کی قسم کا ایک شکاری جانور۔ العَنَاق: مصیبت (والعَنَاقَة) سختی و محرومی۔
الاَعْنَق. لمبی گردن والا۔
العَنْقَاء. اَعْنَق کا مؤنث۔ ج عُنْق. عَنْقَاءُ مُغْرِب والعَنْقَاء المُغْرِبُ والمُغْرِبَة: ایک فرضی پرندہ کا نام۔ مصیبت۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ کسی چیز کی ہلاکت و بربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں حَلَّقَتْ بِهٖ فِی الْجَوِّ عَنْقَاءُ مُغْرِبٍ: یعنی عنقاء مغرب اس کو فضاء آسمانی میں لے کر اڑا۔ هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ. بلند ٹیلہ۔
العَانِقَاء. جنگلی چوہے کا سوراخ۔
العَنِیْق. گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔
المُعْنِق. تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت و بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج مَعَانِق۔
المِعْنَاق. عمدہ گردن والا گھوڑا یا تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج مَعَانِیق
المِعْنَقَة پٹہ۔ ہار۔
عَنقش. بالشَّیْئِ. چمٹ جانا۔
تَعَنْقَش بہ: سخت ہونا۔ پیچ کھانا۔
عَنَك (ن) عَنْکًا و عُنُوْدًا. تَعَنَّك الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا۔ صفت عَنِیك ج عُنُك. عَنَك البَاب دروازہ بند کرنا الرَّجُل سفر کرنا الفَرَس. حملہ کرنا اور پھرنا۔
عَنَّكَة. ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔
اَعْنَك. الرَّجُلُ. تودۂ ریگ میں پڑنا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
العِنْك. تودۂ ریگ۔
العَنْکَبُوْت. مکڑی ج عَنَاکِبُ عَنْکَبُوْتَات۔
العَنْکَب. نر مکڑی ج عَنَاکِب و عَنَاکِیْب۔
العَنْکَبَة والعَنْکَبَاة والعَکْنَبَاة مادہ مکڑی ج عَنَاکِب و عَنَاکِیْب۔
اَلْعَنْکَبُوْنِیَّاتُ: عنکبوت بچھو وغیرہ جیسے جانوروں کی جماعت۔
عَنَّمَ. البَنَانَ. پورے کو عنم سے رنگنا (دیکھئے عَنَم)
اَعْنَمتِ المَاشِیَةُ: جانور کا عنم کو چرنا۔ (دیکھئے عَنَم)
العَنَم. ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس سے رنگے ہوئے پورے کو تشبیہ دیتے ہیں۔ واحد العَنَمَة.
العَنَم: انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹٹی کی لکڑیوں سے لپٹ جاتے ہیں۔
العَنَمَة. انسان کے ہونٹ کا پھٹن۔
العَنَمِیُّ. سرخی آمیز خوبصورت چہرہ۔
العَیْنُوْم. نر مینڈک۔
عَنَا یَعْنُوْ عَنَاءً و عُنُوًّا. لَهٗ: خضوع کرنا۔ جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت

عَان و عَنِيٌّ مؤنث عَانِيَة و عَنِيَّة الشَّيُ: ظاہر کرنا۔ عَنَتِ الْاَرْضُ بالنَبَات اُگانا۔ عَنَاهُ الْاَمْرُ: غم میں ڈال دینا۔ عَنَا اِلْاَمْرُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔ عَنَتِ الاُمُوْرِ بفُلَان: نازل ہونا۔ (عَنْوًا) الكتاب: عنوان لکھنا۔ خط پر پتہ لکھنا۔

عَنَا يَعْنُوْ عَنْوَةً: زبردستی لے لینا۔ صلحا لینا۔

عَنَا يَعْنُوْ و عَنِيَ يَعْنَى عَنًا. فِي القَوْمِ: قیدی ہونا۔ صفت عَانٍ ج عُنَاةٌ مؤنث عَانِيَةٌ ج عَانِيَاتٌ و عَوَانٍ.

عَنَّى تَعْنِيَةً. الرَّجلَ: قید کرنا۔

اَعْنَى اِعْنَاءً. الرَّجُلَ: فرمانبردار کرنا۔ ذلیل کرنا۔ اَعْنَتِ الْاَرْضُ النَّبَاتَ اگانا۔

العَانِي بہتا ہوا خون یا پانی۔

العِنْو والعِنَا گوشہ۔ کنارہ۔ ج اَعْنَاء کہا جاتا ہے "جاءَ نَا اَعْنَاءٌ مِنَ النَّاسِ" ہمارے پاس مختلف قبائل کے لوگ آئے۔

عَنْوَنَ عَنْوَنَةً دیباچہ لکھنا۔

عُنْوَانُ الكِتَابِ و عِنْوَانُه و عُنْيَانُه و عِنْيَانُه: دیباچہ کتاب۔ "وَعُنْوَانُ كُلِّ شَيْءٍ" وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے ؛ کہا جاتا ہے "الظَّاهِرُ عُنْوَانُ الْبَاطِنِ."

عَنِيَ يَعْنِيَ عَنْيًا الْاَمْرُ لِفُلَانٍ واقع ہونا۔ نازل ہونا فِيْهِ الْاَكْلُ: مفید ہونا الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ اگانا (عَنْيًا و عِنَايَةً) بِمَا قَالَهُ كَذَا: مراد لینا۔

عَنَى اللّٰهُ بِهِ عِنَايَةً حفاظت کرنا۔

عَنِيَ يَعْنِيْ عِنَايَةً و عِنَايَةً و عُنْيًا الْاَمْرُ. فُلَانًا. مشغول کرنا۔ فکر مند کرنا۔ عُنِيَ بِالْاَمْرِ و عَنِيَ بِهِ يَعْنِي عَنِيٌّ مشغول ہونا۔ فکر مند ہونا۔ مشقت لاحق ہونا۔ صفت عَانٍ و عَنٍ.

عَنِيَ يَعْنِي عَنَى الْاَكْلُ فِيْهِ: مفید ہونا۔

عَنِيَ يَعْنِي ؛ عَنَاءً تھکنا۔

عَنَّى تَعْنِيَةً و اَعْنَى اِعْنَاءً الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ امر دشوار کی تکلیف دینا۔ الكِتَابَ: دیباچہ لکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى شَيْئًا" یعنی کسی چیز کو فائدہ نہیں دیا۔

عَانَى مُعَانَاةً الشَّيْءَ: مشقت برداشت کرنا الرَّجُلُ مَالَهُ: مال کی حفاظت کرنا ؛ ة مدارات کرنا۔ الهُمُوْمُ فُلَانًا: تفکرات کا آنا۔

تَعَنَّى تَعَنِّيًا برداشت کرنا۔ تھکنا الْاَمْرَ برداشت کرنا۔ تکلیف اٹھانا فِي الْاَمْرِ: قصد کرنا الحُمّٰى فُلَانًا بخار کا بار بار آنا۔

اِعْتَنَى اِعْتِنَاءً. بالْاَمْرِ: اہتمام کرنا۔ پروا کرنا الْاَمْرُ: واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ کہا جاتا ہے هُوَ بِهِ اَعْنَى: یعنی زیادہ اہتمام کرنے والا ہے۔

العَنِيُّ اہتمام کرنے والا۔ مؤنث عَنِيَّة.

العُنْيَان عنوان۔

العَنِيَّة والعَنَاء والعَنَا تھکن۔

المَعْنَى مقصود۔ معنى (الكلمة): کلمہ کا مدلول۔ معنى الكلام: کلام کا مضمون ج مَعَانٍ معانی سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لیے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حسنُ المعانِي" فلاں اچھی صفات والا ہے۔

المَعْنَوِيّ معنی کی طرف منسوب۔

مَعْنِيُّ الكَلامِ و مَعْنَاتُهُ و مَعْنِيَّتُهُ: مدلول کلام۔

عَهِدَ (س) عَهْدًا الْاَمْرَ: پہچاننا الشَّيْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا فُلَانٌ وَعْدَهُ حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔ عَهِدَ اللّٰهَ: توحید بیان کرنا فُلَانًا بِمَكَانِ كَذَا: ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَهْدِيْ بِهِ قَرِيْبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے۔ عَهِدَ اِلٰى فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا اِلَيْهِ فِي كَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔

عَهِدَ المَكَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا۔

عَاهَدَه معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔

اَعْهَدَ. فُلَانًا مِنْ كَذَا: امین بنانا۔ بری کرنا۔ کفالت کرنا۔

تَعَاهَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔

تَعَاهَدَ و تَعَهَّدَ و اِعْتَهَدَ الشَّيْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کی تجدید کرنا۔

تَعَهَّدَ و اِعْتَهَدَ اَمْلَاكَهُ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ (تَعَاهَدَ) کا لفظ بھی اس کے لیے مستعمل ہے۔

اِسْتَعْهَدَ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِهِ: عہد لینا فُلَانًا مِنْ نَفْسِهِ: اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا۔

العَهْدُ س۔ وفا۔ ضمان۔ امان۔ ذمہ۔ دوستی۔ وصیت۔ میثاق۔ قسم۔ شاہی فرمان۔ ج عُهُوْد. وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو۔ وَلِيُّ العَهْدِ: بادشاہ کا جانشین۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ فِيْ أَوْ عَلٰى عَهْدِ فُلَانٍ" یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا "و عَهْدِيْ بِهِ اِنَّهُ لَكَرِيْمٌ" یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے و "هُوَ قَرِيْبُ العَهْدِ بِكَذَا" وہ فلاں کے قریب ازال ہے "وعَلَيَّ عَهْدُ اللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔ کہا جاتا ہے "مَتٰى عَهْدُكَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا۔ العَهْدُ القَدِيْمُ بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح سے پہلے لکھی گئیں۔ العَهْدُ الجَدِيْدُ بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح کے بعد لکھی گئیں۔

العَهْدُ والعَهْدَة والعِهْدَة. موسم ربیع کی پہلی بارش۔ ج عِهَاد.

العِهَادَة موسم ربیع کی پہلی بارش۔

العُهْدَة. ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لیے واپسی۔ کہا جاتا ہے "لِيْ فِي الْاَمْرِ عُهْدَةٌ" یعنی میں اصلاح کیلئے عنقریب لوٹوں گا۔ حظ یا عقل کا نقص۔ کہا جاتا ہے

"فِي خطه عُهْدَةٌ" اس کا خط ردی ہے۔
العَهِد. عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔
العِهْدَان. ضمان و کفالت۔
العَهِيْد. معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا۔ پرانا۔
المَعْهَد. وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔ لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاهِد.
المَعْهُود. مث۔ معروف۔ مشہور۔
عَهَر (ف)عَهْرًا و عَهَرًا و عُهُوْرًا و عَهَارَة و عُهُوْرَةً و عَهِرَ (س)عَهَرًا. اِلَيْهَا: زنا کرنے کے لیے جانا۔ صفت مذکر عَاهِرٌ ج عُهَّارٌ صفت مؤنث عَاهِر و عَاهِرَة ج عَوَاهِر.
عَاهَرَهَا عِهَارًا. زنا کرنے کے لیے جانا۔
العَهِر. زنا کرنے کیلئے جانے والا۔ زنا کار۔
العَاهِل. شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند عورت۔ ج عَوَاهِل.
عَهَنَ (ن)عَهْنًا. بِالمَكَان: اقامت کرنا۔مِنَ المَكَان: نکلنا۔فِي العَمَلِ: کوشش کرنا۔اِلَى فُلَان: عهد الينا لفلان مَرَادَه: جلدی پورا کرنا۔الشَّيْءُ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔
عَهِنَتْ (ن ض)عُهُوْنًا. جَرَائِدُ النَّخْلِ: درخت خرما کی شاخوں کا خشک ہونا۔
عَهَنَ (ض)عَهْنًا. القَضِيْبُ: شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔
عَهِنَ (س)عَهَنًا لَهُ كَذَا: جلدی کرنا۔ الشَّيْءُ: حاضر ہونا۔
العِهْن. اون یا رنگی ہوئی اون ج عُهُوْن. کہا جاتا ہے"هُوَ عِهْنُ مَالٍ" یعنی وہ مال کا بہتر انتظام کرنے والا ہے۔
العُهْنَة. شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو۔
العِهْنَة. اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا۔ ایک درخت ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

العَاهِن. فا فقیر حاضر۔ ثابت۔ جلدی کرنے والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔
العَوَاهِن. درخت خرما کی خشک شدہ شاخیں۔عَاهِنَه کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَمَى الْكَلَامَ عَلَى عَوَاهِنِهِ" جو کچھ منہ میں آیا کہہ دیا۔ بغیر سوچے ہوئے کہ صحیح ہے یا غلط۔
عَاثَ يَعُوْثُ عَوْثًا و عَوَّثَ فُلَانًا عَنْ كَذَا: ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے۔
عَوَّثَهُ: دیر کرا دینا۔
تَعَوَّثَ. متحیر ہونا۔
المَعَاث. مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے"اِنَّ لِي عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ لَمَعَاثًا" یعنی میرے لئے اس معاملے میں گنجائش ہے اس لیے اس کا چھوڑنا میرے لیے ممکن ہے۔
عَاجَ يَعُوْجُ عَوْجًا و مَعَاجًا بِالمَكَان: اقامت کرنا۔فُلَانًا بِالمَكَان: مقیم کرانا۔السَّائِرُ: ٹھہرنا۔اِلَى اَوْ عَلَى المَكَان: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا۔فُلَانٌ عَمَّا عَزَم عَلَيْهِ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا۔ البَعِيْرَ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا۔ کہا جاتا ہے"مَا اَعُوْجُ بِكَلَامِهِ: میں اس کے کلام کی پروا نہیں کرتا۔عِيَاجًا و عِوَجًا) اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
عَوِجَ يَعْوَجُ عَوَجًا. العُوْدُ و نَحْوُهُ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا۔الْاِنْسَانُ: بد خلق ہونا۔ صفت اَعْوَج.
عَوَّجَ تَعْوِيْجًا. العُوْدَ و نَحْوَهُ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا کرنا۔العصا و نَحْوَهُ: لاٹھی وغیرہ پر ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعولی مُعَوَّجَة تسکین عین کے ساتھ ہے۔النَّاقَةَ: اونٹنی کو پھیرنا۔عَوَّجَه عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا۔
تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا واِعْوَجَّ اعْوِجَاجًا العُوْدُ: لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔
اِنْعَاجَ انْعِيَاجًا عَلَيْهِ: مڑنا۔

العَاج. ہاتھی دانت۔العَاجَة: ہاتھی دانت کا ایک ٹکڑا۔
العَوَّاج. ہاتھی دانت کا بیچنے والا۔
العِوَج. کجی۔ پیچیدگی۔
العَوْجَاء. مؤنث اَعْوَج. کمان۔ دُبلی اُونٹنی ج عُوْج.
المُعَاج. مص۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
عَادَهُ يَعُوْدُهُ عَوْدًا. ہٹانا۔عَادَ السَّائِلَ: واپس کرنا۔عَادَ فُلَانًا بِالْمَعْرُوْفِ: احسان و بھلائی کرنا۔
عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا و عَوْدَةً و مَعَادًا لِكَذَا و اِلَى كَذَا: کسی کی طرف ہونا۔ اعراض کے بعد واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے"عَادَ عَلَيَّ مِنْ فُلَانٍ مَكْرُوْهٌ" فلاں کی جانب سے مجھے تکلیف پہنچی۔
عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا و عِيَادًا. الشَّيْءَ: دوبارہ کرنا۔ اسی سے مثل ہے"العَوْدُ احمدُ.
عَادَ الْاَمْرُ كَذَا بمعنی صار اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لیے آتا ہے جیسے"عَادَ فُلَانٌ شَيْخًا" یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا۔
عَادَهُ عَوْدًا. عادت بنا لینا۔
عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا و عِيَادًا و عِيَادَةً و عُوَادَةً المَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا۔ صفت مذکر عَائِد ج عُوَّادٌ و عُوْدٌ و عَوْدٌ. اور صفت مؤنث عَائِدَة جمع عُوَّد اور صفت مفعولی مَعُوْد اور مَعْوُوْدٌ.
عَوَّدَ فُلَانًا كَذَا: عادی بنا دینا۔البَعِيْرُ: اُونٹ کا بوڑھا ہونا۔الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
عَيَّدَ تَعْيِيْدًا. عید میں حاضر ہونا۔
عَاوَدَهُ مُعَاوَدَةً و عِوَادًا. الرَّجُلَ: امر اوّل کی طرف واپس آنا۔الشَّيْءَ: عادت بنا لینا۔ کہا جاتا ہے"عَاوَدَتْهُ الحُمّٰى" بار بار بخار آیا۔"عَاوَدَه بِالْمَسْاَلَةِ" بار بار سوال کیا۔
اَعَادَ اِعَادَةً الْاَمْرَ و الكَلَامَ: لوٹانا۔

دہرانا الشَّیْءَ: عادت بنالینا۔ طاقت رکھنا الشَّیْءَ اِلٰی مَکَانِہٖ: اس کی جگہ پر واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یُعِیْدُ وَمَا یُبْدِیْ" جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو۔ "رَأَیْتُ فُلَانًا مَا یُبْدِیْ وَمَا یُعِیْدُ" یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا نہ ابتداءً نہ عادۃً۔
تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا الْمَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا الشَّیْءَ: عادی ہونا۔
اِعْتَادَ اِعْتِیَادًا۔ الشَّیْءَ: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔
تَعَاوَدَ الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا۔
اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَۃً۔ لوٹنے کو کہنا الشَّیْءَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: لوٹانے کو کہنا السَّیْءَ: عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔
عَادَ۔ عرب اولیٰ کا ایک شخص۔ ایک پرانا قبیلہ جو اسی شخص کے نام سے موسوم تھا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ عَادَ هُوَ" مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے۔
العَادِیُّ۔ وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔ پرانی چیز۔ اقوام قدیمہ کے کھنڈرات۔ ج عَادِیَّات۔
العَوْد۔ س۔ بوڑھا اُونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ج عِوَدۃ۔ پرانا راستہ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدًا عَلٰی بَدْءٍ اَوْ رَجَعَ عَوْدُہٗ عَلٰی بَدْئِہٖ" یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوا اور واپس آ گیا۔
العُوْد۔ لکڑی۔ کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی ج عِیْدَان و اَعْوَاد و اَعْوُد۔
عُوْدُ الصَّلِیْبِ و عُوْدُ القَرْحِ و عُوْدُ الاَنْجَبَارِ۔ دواؤں کے نام۔
العِیْدُ۔ عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار مناتے ہوں۔ کہا گیا ہے کہ اس کو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اس کی (عِوْد) ہے۔ اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق (اَعْوَاد) ہونی چاہئے تھی مگر (عَوْد) بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کیلئے اس کی جمع (اَعْیَادِ) آتی ہے۔ اَلْعِیْدُ: بار بار آنے والی بیماری یا غم وغیرہ۔
العَادَۃ۔ عادت۔ خوج عَادَات و عَاد و عِیَد و عَوَاد۔ (عوائد گویا عائدہ کی جمع ہے۔)
العَوَّاد سارنگی بجانے والا۔
الاَعْوَد۔ نافع تر۔ زیادہ مفید۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْكَ" یعنی یہ تمہارے لیے زیادہ نافع ہے۔
العَائِدَۃ۔ مؤنث عائد۔ ج عُوَّد و عَوَائِد و عَائِدَات: بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ج عَوَائِد۔ العَوَائِد۔ محصول۔
عَوَاد۔ مہربانی۔ بھلائی کا کام۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" یعنی تمہارے لیے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔ عَوَاد تثلیث عین کے ساتھ ہے۔
العُوَادَۃ۔ س۔ کھانا جو ایک مرتبہ کھا لینے کے بعد نئے مہمان کیلئے دوبارہ لایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَكَ العَوَادَۃَ وَلَكَ العَوْدُ وَالعَوْدَۃُ" تیرے لیے واپسی کا حق ہے۔
المَعَاد۔ س۔ لوٹنے کی جگہ۔ آخرت۔ جنت۔ حج (والمَعَادَۃ) رونے کی جگہ نوحہ کرنے کی جگہ ج مَعَاوِد۔
المُعِیْد۔ فا۔ حاذق۔ تجربہ کار۔ عالم بالامور۔ بار بار جہاد کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُبْدِئٌ مُعِیْدٌ" سدھایا ہوا گھوڑا۔
المُعَاوِد۔ فا۔ ہمیشگی کرنے والا۔ اپنے عمل میں ماہر۔ جواں مرد۔
المُتَعَیِّد۔ غضبناک۔ سخت ظالم۔
عَاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا و عِیَاذًا و مَعَاذًا و مَعَاذَۃً تَعَوَّذَ و اِسْتَعَاذَ بِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: پناہ لینا۔ عَاذَ بِالشَّیْءِ: لازم ہونا۔
عَوَّذَ تَعْوِیْذًا و اَعَاذَ اِعَاذَۃً واَعْوَذَ اِعْوَاذًا۔ الرَّجُلَ: حفاظت کی دعا کرنا اور اُعِیْذُكَ بِاللّٰهِ کہنا۔ منتر کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ: کسی پر تعویذ لٹکانا۔
تَعَاوَذَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔
العَوْذ۔ پناہ۔ کہا جاتا ہے "عَوْذٌ بِاللّٰهِ مِنْكَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
العِیَاذ۔ س۔ پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "العِیَاذ باللّٰه منك" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
العَوَذ۔ پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناکس و فرومایہ لوگ۔
العُوْذَۃُ ج عُوَذ و التَّعْوِیْذ ج تَعَاوِیْذ و المَعَاذَۃُ ج مَعَاذَات تعویذ۔ اسماء یا آیاتِ قرآنی جو لکھ کر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کیلئے لٹکایا جائے۔
العَوَاذ۔ کراہت۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْهُ" میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔
العَائِذ فا ج عُوَّذ نئی جننے والی ہرنی یا اُونٹ یا گھوڑا ج عُوْذ و عُوْذَان ج عُوْذَات۔
العَائِذَۃ۔ مؤنث عَائِذ ج عَوَائِذ و عَائِذَات العَوَائِذ: چاند ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام ربع ہے۔
المَعَاذ۔ س۔ جائے پناہ۔ منتر۔ کہا جاتا ہے "مَعَاذَ اللّٰهِ و مَعَاذَ وَجْهِ اللّٰهِ" و "مَعَاذَۃَ اللّٰهِ و مَعَاذَۃَ وَجْهِ اللّٰهِ" یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
المُعَوَّذ۔ ٹیکا ڈالنے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ۔ گھروں کے ارد گرد اُونٹوں کی چراگاہ۔
المُعَوَّذ والمُعَوِّذ والعُوَّذ کانٹوں یا درختوں کی جڑ میں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔
عَارَہٗ یَعُوْرُہٗ عَوْرًا۔ کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ: لے جانا اور تلف کرنا (واَعَار) عَیْنَ المَاءِ او الرَّکِیَّۃِ پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَارَتْ عَیْنُ المَاءِ او الرَّکِیَّۃ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا۔
عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَارًا و اِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَر صفت مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و عُوْرَان۔

عَوَّرَهُ. کانا کرناهُ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ عَوَّرَ عَلَيْهِ اَمْرَهُ: قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّر المَكَائِيل: پیمانوں کا اندازہ کرنا عَيْنَ البِئْرِ: کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا۔ عَنْ فُلَان: دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا۔ فُلَانًا: رد کر دینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔

اَعْوَره اِعْوَارًا. کانا کر دینا۔ اَعْوَرَ الشَّئُ: ظاہر ہونا۔ اعضاء مستورہ کا کھل جانا۔ اعور الفارسُ: سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا الرَّجُلُ: شک کرنا۔

اَعَارَهُ اِعَارَةً. الشَّئَ وَمِنَ الشَّئَ: منگنی دینا۔

عَاوَرَهُ الشَّئَ مُعَاورةً. منگنی دینا۔ عَاوَرَ الشَّمْسَ: انتظار کرنا۔ عَاره الشَّی: جیسا کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔

عَاوَرَ و عَايَرَ. المَكَائيل: پیمانوں کا اندازہ کرنا۔

اِعْوَرَّ. کانا ہونا۔ اِعْوَرَّت و اِعْوَارَّت العَيْنُ: آنکھ کا کانی ہو جانا۔

تَعَوَّرَ العَارِية: منگنی مانگنا (و تَعَاوَرَ واِعْتَوَرَ) القَوْمُ الشَّئَ: باری باری لینا۔ دست بدست لینا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاوَرَتِ الرِّيَاحُ رَسْمَ الدَّارِ" مکان کے نشانات و کھنڈرات پر مختلف ہوائیں۔ کبھی جنوبی کبھی شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔

اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ: منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا۔

اِسْتَعَارَ. الشَّئَ مِنْ فُلَان و اِسْتَعَار فُلَانًا الشَّئَ منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے "اَرَى الدَّهْر يَسْتَعْيِرُ فِيْ ثِيَابِى" میں زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا ہے اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا ہو جاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے۔

العَوْرَة. خَلَلْ جو سرحد میں ہو اور جس سے خوف کیا جائے۔ العَوْرَةُ مِنَ الْجِبَال: شگاف مِنَ الشَّمْسِ: جائے طلوع و غروب۔ العَوْرَةُ: ہر امر جس سے شرم کی جائے۔ انسان کے اعضاء جن کو حیا سے چھپایا جاتا ہے ج عَوْرَات عَوَرات.

العَائِر. فا۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا ہو۔ آشوبِ چشم۔ تنکا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف پہنچائے۔ العَائِر مِنَ السِّهَامِ او الحجارَةِ: وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَه سَهْمٌ او حَجَرٌ عَائِرٌ" اس کو ایسا تیر یا پتھر آ کر لگا جس کے پھینکنے والا معلوم نہیں۔

العَائِرة. مؤنث عائر۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ مِنَ المَالِ عائِرَةُ عَيْنَيْنِ" اس کے پاس اتنا مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے۔ عَيْنٌ عَائِرَةٌ: تنکے والی آنکھ ج عَوَائِر. العَوَائِرُ مِنَ الجَرَادِ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

العَارَة والعَارِيَةُ والعَارِيَّة. منگنی۔ منگنی دینا۔ وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں۔ ج عوار و عَوَارِىَّ.

العَوَار والعوار و العُوَار. عیب۔ کپڑے کا پھٹن۔

الاَعْوَر. کانا۔ مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و عُوْرَان. و عِيْرَان. المَعَانِى العُوْر: معانی مشکلہ۔ فَلَاةٌ عَوْرَاء بے پانی کا جنگل۔ کلمة عَوْرَاء: کلمہء قبیحہ۔ الاَعْوَر: کوا۔ ردی۔ ضعیف ؛ بزدل۔ بری رہنمائی کرنے والا۔ پھٹی ہوئی کتاب ؛ وہ شخص جس کا حقیقی بھائی نہ ہو۔ وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہ ہو۔ ج اَعَاوِر.

العَوِر. ردی۔ سیرت۔ شَئٌ عَوِرٌ: وہ چیز جس کا نگہبان کوئی نہ ہو۔ مؤنث عَوِرَة.

العُوَيْر. کوا۔

العِيْرَان. ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

العُوَّار. تنکا۔ ابابیل۔ راستہ سے ناواقف۔ کمزور۔ بزدل۔ ج عواوير.

المُعَار. دُبلا کیا ہوا گھوڑا۔ اور بقول بعض دم نچا ہوا گھوڑا۔

المُعْوِر مِنَ الاَمْكِنَة: دہشت ناک۔ رَجُلٌ مُعْوِرٌ: بری عادت والا۔ شَئٌ مُعْوِرٌ: جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔

عَازَ يَعُوْز عَوْزًا الشَّئَ فُلَانًا: محتاج ہونا۔ اور کامیاب نہ ہونا۔

عَوِزَ يَعْوَزُ عَوَزًا. الشَّئُ: دُشوار ہونا۔ باوجود حاجت کے کمیاب ہونا الْاَمْرُ: سخت ہونا الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت عَوِزٌ و عَائِزٌ و اَعْوَزُ.

اَعْوَزَ اِعْوَازًا. الرَّجُلُ: محتاج و بدحال ہونا۔ صفت مُعْوِزٌ و مُعْوَزٌ. اَعْوَزَه المَطْلُوْبُ: مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا حصول دشوار ہونا۔ اَعْوَزَنِى الشَّئُ: محتاج ہونا اور قادر نہ ہونا۔ اَعْوَزَ الشَّئُ: دشوار ہونا الدَّهْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو محتاج کر دینا۔

اِعْوَزَّ اِعْوِزَازًا. حیلہ کرنا۔ حالت کا گڑبڑ ہونا۔

العَوْز. س۔ دانہ انگور۔ واحد عَوْزَةٌ. العَوَز حاجت۔ تنگی۔

المِعْوَز والمِعْوَزَة. پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ہر وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو۔ ج مَعَاوِز و مَعَاوِزَة.

عَاسَ يَعُوْسُ عَوْسًا و عَوَسَانًا. رات میں چکر لگانا عَلٰى عَيَالِهِ: آل اولاد کے لیے محنت سے کمانا عَيَالَهُ: خوراک دینا (عَوْسًا و عِيَاسَةً) الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا رات میں خوراک ڈھونڈنا (عَوْسًا) الشَّئَ: تعریف کرنا مَعِيْشَتَهُ: درست کرنا۔

عَوِس يَعْوَس عَوَسًا. ہنسنے میں رخساروں میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَس.

العُوْس. سپید مینڈھے اور نسبت کیلئے عُوْسِىٌّ. کہا جاتا ہے كَبْشٌ عُوْسِىٌّ.

العَوَّاس. صیغہء مبالغہ۔

عَاصَ يَعَاص و عَوِصَ يَعْوَص عِيَاصًا و عَوَصًا. الشَّئُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا الكَلَامُ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اِعْتَاصَ اِعْتِيَاصًا. الْاَمْرُ عَلَيْهِ: سخت ہونا ؛ دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جس کی وجہ سے صواب کو نہ پانا۔

عَوَّص. فعل یا قول میں راہ راست پر نہ ہونا۔

الشاعر او الخطیب: ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اعوص عوصا و عیاصا۔ والقیاس اعواصا: بخصمہ و علی خصمہ: دلائل سے حیران کر دینا فی الکلام: باریک بات کہنا۔

عاوصہ معاوصۃ۔ کشتی لڑنا۔ پچھاڑنا۔

الاعوص۔ باریک بات۔ مؤنث عوصاء۔

العوصاء۔ مؤنث اعوص۔ سختی۔ حاجت کلمۃ عوصاء۔ کلمہ نادرہ۔

لعوص۔ دشواری۔

العائص والعوص والعیصاء۔ سختی۔ حاجت۔ العوص: نفس قوت۔ حرکت۔

العویص۔ من الامور: دشوار من الکلام جس کا سمجھنا دشوار ہو من الدواھی: سخت مصیبتیں۔ مؤنث عویصۃ۔ العویص: سختی۔ نفس۔ قوت۔ حرکت۔

عاض یعوض عوضا و عوضا و عیاضا و عوض و عاوض و اعاض اعاضۃ فلانا من کذا: بدلہ دینا۔

تعوض واعتاض۔ منہ: بدلہ لینا۔

اعتاض و استعاض فلانا: بدلہ مانگنا۔

عوض۔ یہ کلمہ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے۔ استغراق مستقبل کا کام دیتا ہے جیسے "لا افارقک عوض" یعنی میں تجھ سے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے کام میں آتا ہے جیسے "ما رایت مثلہ عوض" یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں دیکھا اور نفی کے ساتھ مختص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے "لا افعلہ عوض العائضین" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔

العوض۔ ج اعواض ... العائض والمعوضۃ: بدلہ۔

تعوط المرأۃ او الناقۃ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا العنق: گردن لمبی ہونا۔

اعتاطت المرأۃ او الناقۃ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔ ج عوط و عوائط و عیط و عیط و عیطات۔

عاف یعوف عوفا الطائر: پرندہ کا منڈلانا۔

تعوف الاسد۔ شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پھاڑنا۔

العاف۔ نرم۔

العوف س۔ حال۔ حصہ۔ مہمان۔ مرغ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ اہل و عیال کیلئے مشقت برداشت کرنے والا۔ پرندہ۔ ایک خوشبودار نباتات۔

ابو عوف نر ٹڈی۔ ام عوف۔ مادہ ٹڈی۔

العواف والعوافۃ شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے۔ غنیمت۔

عاقہ یعوقہ عوقا و عوقہ و اعاقہ اعاقۃ واعتاقہ اعتیاقا عن کذا: روکنا۔ باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اعوق بی الزاد او الدابۃ اعواقا" یعنی مجھ کو سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا۔

تعوق۔ پیچھے ہٹنا۔ تعوق فلانا: باز رکھنا۔ روک دینا۔

العوق والعوق۔ روکنے والا۔ بے فیض آدمی۔ لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ ج اعواق۔ العوق والعوق والعوق والعیق والعوق والعوقۃ۔ بزدل۔ روکنے والا۔

رجل عوقۃ و عوقۃ و عوق و عیق و عیق لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا۔

العوق۔ بھوک۔

العانق: پھولوں کی ایک قسم۔

العائق۔ قا۔ ہر روکنے والی چیز۔ ج عوائق و عوق۔ عوائق الدھر: زمانے کے مشاغل۔

العائقۃ۔ مؤنث عائق۔ عمل سے روکنے والی چیز۔ ج عوائق۔

العیوق۔ نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔

العواق والعویق۔ چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز۔

عاک یعوک عوکا و معاکا علیہ: حملہ کرنا۔ متوجہ ہونا بہ: پناہ لینا معاشہ: کمائی کرنا۔ صفت عائک۔

تعاوک القوم: باہم لڑنا۔

اعتوک القوم: ہجوم کرنا۔

العوک س۔ کہا جاتا ہے "ما بہ عوک" یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں۔

العویکۃ والمعوکۃ۔ لڑائی۔

المعاک۔ جائے پناہ۔ راستہ۔ برداشت۔

عال یعول عولا فی حکمہ: ظلم کرنا۔ راہ حق سے ہٹ جانا (یعول عولا و عال یعیل عیلا) فی المیزان: خیانت کرنا المیزان: گھٹنا امر القوم: مضطرب ہونا الشیء فلانا: بھاری ہونا۔ عالت الناقۃ ذنبہا: اونٹنی کا دُم اٹھانا۔

عال یعول عولا وعیالۃ۔ کثیر العیال ہونا۔

عال یعول عولا و عیالۃ و عوولا الرجل عیالہ: اہل و عیال کے معاش کی کفالت کرنا الیتیم: کفالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عال عولہ و عیل عولہ" یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔

عال و عیل صبرہ: صبر جاتا رہنا۔

الرجل: محتاج ہونا۔ صفت۔ معول۔

اعال لعالۃ واعول اعوالا واعیل اعیالا الرجل: بہت اولاد والا ہونا۔ اعال الرجل: محتاج ہونا۔ اعال و اعیل: حریص ہونا۔ صفت معول و معیل اعال عیالہ: اہل و عیال کے معاش کیلئے کافی ہونا۔

اعول۔ چیخ کر رونا۔ اعولت القوس: کمان کا آواز کرنا۔ اعول الرجل: حرص کرنا علی فلان۔ ناز کرنا۔ بھروسہ کرنا۔

عول چیخ کر رونا علی فلان و بہ: مدد مانگنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔ کہا جاتا ہے

"عَوِّلْ عَلَيَّ بِمَا شِئْتَ" یعنی جو تم چاہو مجھ سے مدد لو۔ اور عَوِّلْ عَلَيْهِ مُعَوَّلًا کہا جاتا ہے اور تَعْوِيْلًا نہیں کہا جاتا اور اسم العول ہے اور کہا جاتا ہے "عَوَّلْنَا اِلٰى فُلَان فِيْ حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاهُ نِعم المعول" یعنی ہم نے فلاں کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا۔

عَيَّلَ تَعْيِيْلًا عَيَالَةً: اہل و عیال کے معاش کے لیے کافی ہونا۔

اِعْتَوَلَ اِعْتِوَالًا. چیخ کر رونا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَالٌ وَلَا مَالٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

العَوْل والعَوْلَة والعَوِيْل. چیخ کے ساتھ گریہ وزاری۔ العَوْل: ہر تکلیف دہ کام۔ اہل و عیال کی خوراک مدد طلب کیا ہوا۔

العِوَل. بھروسہ۔ اعتماد۔ مدد طلب کرنا۔ عمدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِوَلِيْ مِنَ النَّاسِ" یعنی لوگوں میں فلاں آدمی میرے لیے قابل اعتماد ہے۔

العَالَة. شتر مرغ۔ بارش سے بچنے کے لیے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی۔

عَيِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر مؤنث دونوں کو شامل ہے ج عِيَال و عَيَائِل و عَالَة.

المِعْوَل. کدال ج مَعَاوِل.

المُعَوَّل. جس سے فریاد کی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔

عَامَ يَعُوْمُ عَوْمًا فِي المَاءِ: تیرنا۔ صفت عَائِم. عَامَتِ السَّفِيْنَةُ فِي المَاءِ: کشتی کا چلنا۔ عَامَ الزَّمَامُ: لگام کا ہلنا۔ عَامَتِ النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا۔

عَوَّمَ. کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا۔ عَوَّمَ السَّفِيْنَةَ. کشتی چلانا۔ کھینا۔ الكَرْمُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔

عَوَّمَتْ و عَاوَمَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔ عَاوَمَ فُلَانٌ فُلَانًا ایک سال کیلئے کرایہ پر معاملہ کرنا۔

اَعْوَمَ اِعْوَامًا. ایک سال کا ہونا۔ سال کے اول میں ہونا۔

العَام. جمع عَامَة کی۔ دن؛ سال۔ ج اَعْوَام تصغیر عُوَيْم. نسبت کے لیے عامِیٌّ.

العَامَة. عمامہ کا پیچ۔ سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کھنٹی۔ العَامَة: کٹی ہوئی کھیتی کے جمع کیے ہوئے گٹھے ج عَامٌ.

العُوْمَة. پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا۔ ایک قسم کا سانپ ج عُوَم

العَوَّام. عائم کا مبالغہ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

العَوَّامَة. بنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے۔

العُوَّام. سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ ذَاتَ العُوَيْم" یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا۔ المُسْتَعَام. جہاز۔ کشتی۔

عَانَتْ تَعُوْنُ عَوْنًا المَرْأَةُ: عورت ادھیڑ عمر کی ہونا۔

عَوَّنَهُ تَعْوِيْنًا و عاوَنَهُ مُعَاوَنَةً و عِوَانًا و اَعَانَهُ اِعَانَةً عَلَى الشَّيْئِ: مدد کرنا۔ عَوَّنَتِ المَرْأَةُ: ادھیڑ عمر کی ہونا۔ اعَانَهُ مِنْهُ: اس نے اس کو اس سے خلاصی دی۔

تَعَاوَنَ و اِعْتَوَنَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَعَانَ. فُلَانًا و بِفُلَان: مدد طلب کرنا۔

العَوْن. س۔ مدد کرنا۔ مددگار۔ خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے) ج اَعْوَان.

العَانَة. گدھی۔ گور خر کا ریوڑ۔ پیڑو۔ ج عُوْن و عَانَات

العَوَان. بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو۔ الحربُ العوان: سخت جنگ

العَوَان: ادھیڑ عمر کا۔ ج عُوْن.

العَوَانَة. کھجور کا لمبا درخت۔ ریت کا ایک کیڑا۔ ایک جانور جو بیہہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

المَعَانَةُ والمَعُوْنَةُ والمَعُوْن. مدد۔

المِعْوَان. بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج مُعَاوِيْن.

اَلتَّعَاوُنِيَّةُ: کھانے پینے اور لباس وغیرہ اشیاء کا سستا سٹور جس کو یوٹیلٹی سٹور بولا جاتا ہے۔

اَلْمُعَيَّنُ: چار برابر اضلاع والی شکل قائم زاویہ کے علاوہ۔ شکل معین بنانا۔

المُتَعَاوِنَة. بوڑھی عورت۔

عَاهَ يَعُوْهُ عُوُوْهًا و عِيْهَ الزَّرْعُ: کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا الرَّجُلُ: آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت عَائِهٌ و عَاهٍ و عَاهٌ و اَعْوَهُ.

عَوَّهَ الرَّجُلَ: آفت پہنچانا (واَعَاهَ وَاعْوَهُ اِعَاهَةً واِعْوَاهًا و تَعَوَّهَ تَعَوُّهًا) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ عَوَّهَ القَوْمُ: کچھ دیر سونے کیلئے سفر میں ٹھہر جانا۔ عَوَّهَ عَلَيْهِمْ. ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔

العَاهَة. آفت۔ اَهْلُ العَاهَات. آفت رسیدہ لوگ۔

المَعْيُوْه والمَعُوْهُ والمَعِيْه مِنَ المَوَاشِي وَغَيْرِهَا: آفت رسیدہ۔

عَوَى يَعْوِي عُوَاءً و عَيًّا و عَوَّةً و عَوِيَّةً الكَلْبُ او الذِّئْبُ و ابن آوى: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَعْوِي وَمَا يَنْبَحُ" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ القَوْمُ اِلَى الفِتْنَةِ: بلانا (عَوَاهُ يَعْوِيْهِ عَيًّا: عَنِ الشَّيْئِ) باز رکھنا (و عَوَّى) القَوْسَ و نَحْوَهَا: کمان کو جھکانا الحَبْلَ او الشَّعْرَ: رسی یا بال کو موڑنا عَنِ الرَّجُلِ: جواب دینا اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا۔

اِعْتَوَى اِعْتِوَاءً الشَّيْئَ: موڑنا الكَلْبُ کتے کا بھونکنا۔

عَاوَى. الكِلَابَ مُعَاوَاةً. بھونک کرنے کو اکسانا۔

تَعَاوَى تَعَاوِيًا القَوْمُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر ہجوم کرنا۔

اِنْعَوَى اِنْعِوَاءً. مڑنا۔

اِسْتَعْوَى اِسْتِعْوَاءَ القَوْمِ: فریاد کرنا۔ فتنہ

پر اُبھارنا۔ هٗ: بھونکوانا۔

العَوَّاء. بہت بھونکنے والا کتا۔

العَوَّة. س۔ آواز۔ شور (العُوَّة) چوتڑ۔

المُعَاوِيَة. کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔

عَابَ يَعِيْبُ عَيْبًا الشَّيْءَ: عیب دار بنانا۔ صفت فا علی عَائِب اور صفت مفعولی مَعِيْبٌ و مَعْيُوْبٌ.

فُلَانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشَّيْءُ: عیب ناک ہونا۔ صفت عَائِب۔

عَيَّبَ و تَعَيَّبَ الرَّجُلَ: عیب کی نسبت کرنا الشَّيْءَ: عیب دار بنانا۔

تَعَايَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔

العَيْب. س۔ برائی۔ ج عُيُوْب.

العَيْبَة. ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَيْبَ: چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِيَب و عِيَاب و عِيَبَات؛ و العَيْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔

العَاب. عیب۔ برائی۔

العَيَّاب و العَيَّابَةُ و العُيَبَة. بڑا عیب جو۔

المَعَاب و المَعَابَة. عیب۔ برائی۔ ج مَعَائِب.

المَعِيْب و المَعْيُوْبُ. عیب دار۔

المُعَيِّب. زنبیل بنانے والا۔

عَاثَ يَعِيْثُ عَيْثًا و عُيُوْثًا و عَيَثَانًا الشَّيْءَ: فاسد کرنا فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَيْثَان صفت مؤنث عَيْثٰى.

عَيَّثَ. اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا۔ اور کہا جاتا ہے عيث يفعل كذا. یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔

تَعَيَّثَتِ الْإِبِل: سیرابی سے کم پینا۔

العَيُوْث و العَيَّاث. بہت زیادہ فساد کرنے والا (و العَائِث) شیر۔

العَيْثَة. ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔

عَاجَ يَعِيْجُ عَيْجًا بالشَّيْءِ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعِيْجُ بِكَلَامِهٖ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ و ما عِجْتُ بالشَّيْءِ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وَشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِهٖ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے۔)

عَارَ يَعِيْرُ عَيْرًا. حیرانی کے ساتھ آنا جانا الفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العَيَار فُلَانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِيْدَةُ: قصیدہ کا مشہور ہونا۔

عَيَّرَ فُلَانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَيَّرَهٗ كَذَا وَ عَيَّرَهٗ بِكَذَا عَيَّرَ المَاءَ:" کائی والا ہونا۔

عَايَرَ و مُعَايَرَة و عِيَارًا المِكْيَالُ او المِيْزَانُ. اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَايَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

اَعَارَ اِعَارَةً الفَرَسَ: چرنے کے لیے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔

تَعَايَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔

العَار. عیب۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج اَعْيَار.

العَيْر. س۔ گدھا یا گورخر۔ اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج اَعْيَار و عِيَار و عُيُوْر و عُيُوْرَة و عِيَارَات مؤنث عَيْرَة

العَيْرُ: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی پتلی یا پلک' کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَيْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔ عَيْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان حصہ۔ عَيْرُ الوَرَقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔

العِيْر. قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِيَرَات و عِيْرَات.

العَائِر. فا۔ حیران۔ مزدور۔ چکر لگانے والا سَهْمٌ عائر جس تیر کا چلانے والے معلوم نہ ہو۔ شَاةٌ عَائِرَة: بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔

العِيَار. جمع عَيْر. عِيَارُ الشَّيْءِ: ہر چیز کا اندازہ۔ ج عِيَارَات عِيَارُ الدَّرَاهِم او الدَّنَانِيْر: دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ۔

العَيَّار. بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ فَرَسٌ عَيَّار: تیز رفتار گھوڑا۔

المِعْيَار. کسوٹی۔ ج مَعَايِيْر.

المُعَار. مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جو مع سوار کے راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔

المَعَاير. عُیوب۔

المُسْتَعِيْر. جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔

اَعْيَسَ اِعْيَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔

تَعَيَّسَتْ. الإِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔

العَيَس و العِيْسَة. بھورے رنگ کا اُونٹ۔

العِيْس. بھورے رنگ کا اُونٹ۔ واحد۔ مذکر اَعْيَس واحد مؤنث عَيْسَاء. العِيْس: عمدہ قسم کے اُونٹ۔ العَيْسَاء: مادہ ٹڈی۔

عِيْسٰى. عبرانی لفظ ہے نام ایک نبیؑ کا ہے نسبت کے لیے عیسوی اور عیسٰی۔

عَاشَ يَعِيْشُ عَيْشًا و عِيْشَةً و مَعَاشًا و مَعِيْشًا و مَعِيْشَةً و عَيْشُوْشَة. زندہ رہنا۔

عَيَّشَهٗ و اَعَاشَهٗ و اِعَاشَةً. زندہ رکھنا۔

عَايَشَهٗ. ساتھ زندگی بسر کرنا۔

تَعَيَّشَ. اسباب زندگی کے لیے کوشش کرنا۔

تَعَايَشُوا. بِالْاُلْفَةِ و المَوَدَّةِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

العَائِش. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔

العَيْش. س۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی (و العِيْشَة) زندگی کی حالت۔

العَيَّاش. روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔ عائش کا مبالغہ۔

المُعَاش و المَعِيْشَة. کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔

المَعَاش. زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَائِش.

المُتَعَيِّش. فا. جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔
العِيص. گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِيصٍ كَرِيمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ج اَعْيَاص و عِيصَان.
المَعِيص. درخت کے اگنے کی جگہ۔
عَاطَت تَعِيط عَيْطًا. العُنُق: گردن لمبی ہونا۔
عَيِط يَعْيَط عَيَطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر اَعْيَط اور صفت مؤنث عَيْطَاء ج عِيط.
عَيَّط تَعْيِيطًا. چیخنا۔ چلانا۔
تَعَيَّط. غضبناک ہونا القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
تَعَيَّطَتِ العُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ تَعَيَّط العُوْدُ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔
العِيَاط. چیخ۔ شور۔
العَائِط. فا. چیخنے والا ج عُوْط و عِيط و عُيَّط و عُوْطَط و عِيطَات. اور مبالغہ کے لیے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِيطٍ و عُوْطٍ و عُوطَط.
هَضْبَةٌ عَيْطَاء. اونچا ٹیلہ۔
عَاف يَعِيفُ و يَعَافُ عَيْفًا و عِيَافًا و عَيَفَانًا. الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
عَاف يَعِيف عِيَافَة. الطَّيْرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
عَافَت تَعِيف عَيْفًا الطَّيْرُ: منڈلانا اور اسم عَيْفَة.
اَعَاف اِعَافَةً. القَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
اِعْتَاف اِعْتِيَافًا. سفر کیلئے توشہ لینا الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
العَائِف. فا. شگون لینے والا۔
العَيْفَة. ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَيْفَةُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔

العِيفَة. کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
العَيْفَان و العَيُوف. شگون لینے والا۔
نسور عوائف مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔
العَيِّفَان. نفرت کرنے کا عادی۔
المَعِيف. مکروہ۔
المُتَعَيِّف. شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عَاق يَعِيق عَيْقًا. بمعنی عَاق يَعُوقُ عَوْقًا.
عَاك يَعِيك عَيَكَانًا. مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَهُ يَعِيلُه عَيْلًا و مَعِيلًا. الشَّيُّ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِي مَشْيِه: ناز و انداز سے چلنا۔
عَالَ يَعِيل عَيْلًا و عُيُوْلًا و عُيُوْلًا فِي الْأَرْضِ: جانا اور پھرنا۔
عَالَ يَعِيل عَيْلًا و عَيْلَةً و عُيُوْلًا و مَعِيْلًا. محتاج ہونا۔ صفت عَائِل مؤنث عَائِلَة اسم عَيْلَة. عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَيَّل. کثیر العیال ہونا عِيَالَهُ: معاش کی کفالت کرنا القَوْمُ: عیال بنالینا۔ بیکار چھوڑ دینا فَرَسَهُ: مہمل کر دینا۔ بیکار چھوڑ دینا۔
اَعْيَلَ اَعْيَالًا. کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعِيل. صفت مؤنث مُعِيلَة.
تَعَيَّلَ فِي الْمَشْيِ: ناز و انداز سے چلنا۔
العَائِل. فا. محتاج ج عَالَة و عُيَّل و عِيَل و عَيْلَى.
العَيْلَان. نر بجو۔
عَيِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَيَائِل.
عَيْلَةُ الرَّجُلِ و عَائِلَتُهُ. گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَمْسَيْتُ اَخَا عَيْلَةٍ" یعنی فقیر و محتاج ہو گیا۔
العَالَة. فاقہ۔
العَيَّال. ناز سے چلنے والا۔
العِيَالَة و المِعَالَة. لِلْبَرْذَوْن وغيره: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّل صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔
عَام يَعَامُ و يَعِيمُ عَيْمًا و عَيْمَةً. دودھ کا خواہش مند ہونا۔
اَعَامَهُ اِعَامَةً. اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ القَوْمُ: دودھ کم ہونا۔
اِعْتَام اِعْتِيَامًا. عمدہ مال چھانٹ لینا۔
العَيْمَة. دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
العِيمَة. عمدہ مال۔
العَيَام. دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا الْعَيَامَ كُلَّهُ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
العَيْمَان. دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيْمَى ج عَيَامَى.
عَانَ يَعِين عَيْنًا. الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِن. صفت مفعولی مَعِيْن و مَعْيُوْن (عَيْنًا و عَيَانًا و عَيَنَانًا) المَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ حَتّٰی عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(عِيَانَةً) القَوْمَ: خبر لانا عَلَى الْقَوْمِ. جاسوس بننا۔
عَيِن يَعْيَن عَيَنًا و عِيْنَةً. آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَيَّن تَعْيِيْنًا. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا العَيْنَ: عین کو لکھنا اللُّؤْلُؤَةَ: بیندھنا۔
القِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں الحَرْبَ بَيْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا الشَّیَّ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا فُلَانًا: برائیوں کو رو در رو کہہ دینا عَلٰی فُلَانٍ: جاسوسی کرنا عَلَى السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا الشَّيَّ لِفُلَانٍ: کسی کے لیے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَ لِيْ بِشَيْءٍ وَمَا عَيَّنَنِيْ شَيْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
اَعَانَ اِعَانَةً. دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے

"حضرتُ حتّٰی اَغْنَیْتُ"۔ یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ "وَمَا اَعْیَنَه" وہ کتنا بد نظر ہے۔
عَایَنَهٗ عِیَانًا و مُعَایَنَةً۔ خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔
تَعَیَّنَه۔ نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیُٔ: دیکھنا الجلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا الرَّجُلُ: کسی شئے کے حاصل کرنے کے لیے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْهِ الشَّیُٔ: معین چیز لازم ہونا السِّقَاء کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔
اِعْتَانَ۔ الشَّیُٔ: عمدہ لے لینا۔ اُدھار خریدنا القَوْمَ: خبر لانا لِفُلَانٍ مَنْزِلًا: تلاش کرنا۔
العَائِن۔ فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں" و شَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔
العَائِنَة۔ مؤنث عائن۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ اَوَّلَ عَائِنَةٍ وَاَدْنٰی عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَة بنی فُلَانٍ: مال و محافظین مال۔
العَیْن۔ س۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْیُن و عُیُوْن و عِیُوْن واَعْیَان و جج اَعْیُنَات اور تصغیر عُیَیْنَة۔
العَیْن۔ اہل شہر۔ اہل مکان۔ بد نظری۔ کہا جاتا ہے "بِه عَیْنٌ" یعنی وہ بد نظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الْحَقَّ بِعَیْنِه" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔
عَیْنُ الْاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُه عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شئی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَیْنًا او بِعَیْنِه" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔

مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج اَعْیُن و عُیُوْن۔ ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "هُوَ عَبْدُ عَیْنٍ او صَدِیْقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِیْتُهٗ عَیْنَ عُنَّة میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا "لَقِیْتُهٗ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" و "اَنْتَ عَلٰی عَیْنِی" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "هَا هُوَ عَرْضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے فَعَلَه عَلٰی عَیْنٍ و عَلٰی عَیْنَیْنِ و عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدَ عَیْنَیْنِ و عَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ۔" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وفَقَاعَیْنَهٗ یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "و نَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔
العِیْن۔ نیل گائے۔
العَیَن۔ س۔ اہل شہر۔ جماعت۔
العِیَان۔ س۔ شخص۔ کہا جاتا ہے لَقِیَهُ اوراٰهُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔
العِیَان ہل کا پھل ج عُیُن واَعْیِنَة۔
العِیْنَة۔ عمدہ مال۔ عِیْنَةُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِیْنَةُ مِنَ النَّعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد عِیْنَةُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ عِیْنَةٌ: خوش نما کپڑا۔ اَلبَیْعُ العِیْنَة: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر اُدھار بیچنا۔
العِیَانِیُّ مِنَ الشُّهُوْدِ: عینی گواہ۔
العَیْنِیَّة۔ عین کی طرف منسوب۔

العَیُوْن۔ بہت نظر لگانے والا۔ ج عِیْن و عُیُن۔
الاَعْیَن۔ وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَیْنَاء ج عِیْن۔ الاَعْیَن: جنگلی بیل۔ العَیْنَاء: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاء" یعنی سرسبز زمین۔
المُعَایَنَة۔ س۔ برادری۔
المَعَان۔ منزل۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مِنْكَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔
العَیَّان و المِعْیَان۔ بہت نظر لگانے والا۔
المَاءُ المَعِیْن والمَعْیُوْن۔ جاری پانی۔
عَیْنٌ مَعْیُوْنَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔
المُعَیَّن فا "فِی الهَنْدَسَةِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع۔
المُعَیَّن۔ س۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ نِیَّةٌ مُعَیَّنَةٌ و مُعَیِّنَةٌ یعنی نیت ظاہرہ۔
المُعْتَان۔ گھاس پانی تلاش کرنے والا۔
عَاهَ یَعِیْهُ عَیْهًا۔ آفت پہنچنا۔
العَائِهَة۔ شور۔ چیخ۔
العَاهَة۔ آفت۔
ارض مَعْیُوْهَة۔ آفت رسیدہ زمین۔
عَیَّ یَعَیُّ و عَیِیَ یَعْیٰی عَیًّا و عَیَاءً بِاَمْرِهٖ و عَنْ اَمْرِهٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا الْاَمْرَ: جاہل ہونا۔
عَیِیَ یَعْیِی عِیًّا۔ فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیِیٌّ و عَیٌّ۔
عَیًّا تَعْیِیَةً وعَایَا مُعَایَاةً۔ الرَّجُلَ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا صَاحِبَهٗ: پیچیدہ گفتگو کرنا۔
اَعْیَا اِعْیَاءً الْمَاشِی: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاه: تھکانا۔ اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا۔ الْاَمْرُ عَلَیْهِ: عاجز بنا دینا۔
تَعَایَا الْاَمْرُ عَلَیْهِ و تَعَیَّا عَلَیْهِ وتَعَایَاه۔ عاجز کرنا۔

تَعَایَا و تعِیًّا واسْتَعْیَا بِالْاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔
العَیَاء. س۔ عاجزی۔ وَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

العَیُّ. تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج اَعْیَاءٌ.
العَیِّی. تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج. أَعْیِیَاء واَعْیِیَة.
العَیَّان. تھکاہوا۔ عاجز۔

أَلاُعْیِیَّة. پیچیدہ کلام۔
المُعْیِی. تھکاہوا۔ عاجز۔

غ

غ : اَلْغَیْنُ انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ یہ حروف حلقی (حلق سے نکلنے والے حروف) سے ہے بحساب جمل اس کا عدد (۱۰۰۰) ہے۔

غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا۔ عَنْهُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّتْ عَلَیْهِ الحُمّٰی: بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّ عِنْدَهُ: رات بسر کرنا الرَّایَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا و غُبُوْبَةً. الطَّعَامُ کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرِ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا المَاشِیَةُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّةٌ ج غَوَابٌّ و غَابَّاتٌ.

اَغَبَّ. المَاشِیَةَ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا القَوْمَ: ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا۔ اَغَبَّتْهُ الحُمّٰی واَغَبَّتْ عَلَیْهِ: تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا عِنْدهُ: رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ. الشَّیُٔ: فاسد ہونا فِی الْاَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا عَنْهُمْ: دفع کرنا الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الغَابُّ. فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ۔

الغِبُّ. س۔ نتیجہ انجام۔ بمعنی بعد حُمَّی الغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔

مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب.

الغُبّ. لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست زمین۔ ج اَغْبَاب و غُبُوْب و غُبَّان.

الغُبَّة. زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان۔

الغَبَب. مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ ج اَغْبَاب.

الغَبِیْب. باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی۔

الغَبِیْبَة. صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَغِبَّة. جھوٹی شہادت۔

المُغِبُّ. شیر۔

المَغَبَّة. انجام۔

المُتَغَبِّبْ. انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا. الجُبْنَ بِالسَّمَنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَثَّ. مٹیالا رنگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَث"

الغُبْثَة. مٹیالا رنگ۔

غَبِجَ (س) غَبْجًا. المَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الغُبْجَة. گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا. گزرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا۔ اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ"، غبار لگنا۔

غَبَّرَ. غبار اُڑانا الشَّیَٔ: غبار میں لتھیڑنا۔ الرَّجُلُ: لا اِلٰہَ اِلّا اللہ کہنا۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْهِ فُلَان"، اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

اَغْبَرَ. غبار اُڑانا۔ گرد آلود ہونا۔ فِی الْاَمْرِ: متوجہ ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ. گرد آلود ہونا الْیَوْمُ: بہت غبار والا ہونا۔

الغِبْر. چیز کا بقیہ۔ ج اَغْبَار.

الغُبَّر. چیز کا بقیہ۔ ج غُبَّرات. کہا جاتا ہے "غُبَّرُ المَرْض"، یعنی مرض کا بقایا۔

الغُبْرَة. خاکستری رنگ۔

والغُبْرَة والغُبَار. مٹی۔ خاک۔

الغَبَر. بقاء. دَاهِیَةُ الغَبِرِ: منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

الغَبْرَة. گرد۔ غبار۔

الغَبِر. گرد غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم۔

الْاَغْبَر. خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنْیَا فَاِنَه اَغْبَرَ"، دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لیے کہ وہ جانے والی ہے۔ ج غُبْر۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "الجُوْعُ الْاَغْبَرُ والمَوْتُ الْاَحْمَرُ."

الغَبْرَاءُ. مؤنث اَغْبَر. مادہ چکور۔ زمین۔ کہا

جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَان" مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُوْ غَبْرَاءَ و بَنُوْ الغَبْرَاءِ: فقراء۔ سَنَةٌ غَبْرَاءُ: خشک سال۔

الغُبَيْرَاء چینا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔

الغُبْرَان ایک غلاف میں دو کھجور۔

الغَابِر. فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَان" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّر و غَابِرُوْنَ. غُبَّرُ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّيْلِ رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرَ النَّاس رُتبہ کے لحاظ سے آخری۔

المِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا: گرد آلود درخت خرما وغیرہ۔

المُغَبِّرَة وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔

غَبَسَ (ن) غَبْسًا واَغْبَسَ واِغْبَسَّ واِغْبَاسَّ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (اَغْبَس) ج غُبْس. اَغْبَسَ الشَّيْءُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

الغُبْسَة والغَبَس. خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبِشَ (س) غَبَشًا واَغْبَشَ. اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغَبَّشَهُ. دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الغَابِش. دھوکا باز۔ فریبی۔ ظالم۔

الغَبَش. رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش.

الغُبْشَة. رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبِشٌ واَغْبَشُ) تاریک رات۔ و لَيْلَةٌ غَبْشَاء ج غُبْش۔

غَبِصَتْ (س) غَبَصًا. العَيْنُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔

الغَبَص. آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِي عَيْنِهِ غَبَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔

غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشُ: مینڈھے کا موٹاپا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔

غَبَطَهُ (ض) و غَبِطَ (ف) غَبْطًا و غِبْطَةً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لیے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ) ج غُبَّط.

غَبَّطَهُ: رشک دلانا۔

اَغْبَطَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ: زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمّٰى عَلَيْهِ بخار کا لگاتار رہنا۔

اِغْتَبَطَ وَاُغْتُبِطَ. خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

الغَبْط والغِبط. کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوْط.

الغِبْطَة. حسن حال؛ خوش؛ رشک؛ پادری کا لقب۔

الغَبِيْط. کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُطْ.

الغَبُوْط. مِنَ النُّوْقِ: اُونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔

سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔

الغَبْغَب. گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا و غَبَقَهُ. شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوھنا۔

اِغْتَبَقَ. شام کو پینے کی چیز پینا الخَمْرَ: شام کے وقت شراب پینا (و تَغَبَّقَ) النَّاقَةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (الغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوْقُ والغَبُوْقَة) اُونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق. تم کہتے ہو "لَقِيْتُه ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔

الغَبَقَة. وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔

الغَبْقَان. شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبْقَان اِمْرَاَةٌ غَبْقَى" ج غَبَاقَى.

غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا الرَّجُلَ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو الطَّعَامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لیے چھپانا۔

غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا و غَبَنًا. فِي البَيْعِ او الشِّرَاءِ: دھوکا دینا فُلَانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُوْنٌ)

غَبِنَ (س) غَبْنًا و غَبَنًا. الشَّيْءَ و فِيْهِ: بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبَنًا و غَبَانَةً رَايَهُ): کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔

تَغَابَنَ. بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔

اِغْتَبَنَ. الشَّيْءَ: بغل میں چھپانا۔

الغَبْن والغَبَن. مص۔ خرید و فروخت میں دھوکا والغَبَانَة. کند ذہنی۔ بھول چوک۔

الغَبَن: کپڑے کی کترن۔

الغَابِن. فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔

الغَبِيْن والمَغْبُوْنَ. کم سمجھ۔

اَلْغَبْنُ وَالْغَبَنُ وَالْغَبَانَةُ کمزور رائے۔ بھول جانا۔

الغَبِيْنَة. دھوکا۔

المُغَابَنَة. خرید و فروخت میں نقصان۔

المَغْبِن. بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.

غَبِيَ يَغْبَى غَبًا و غَبَاوَةً. الشَّيْءَ و عَنْهُ: نا سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا الشَّيْءُ عَلَيْهِ: مخفی رہنا عَنْهُ الخَبَرُ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْهُ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔

تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا و تَغَابَاهُ. غفلت برتنا۔

تَغَبَّاه واِسْتَغْبَاهُ. غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔

الغَبَاء. زمین کی پوشیدگی مِنَ التُّرَابِ بلند غبار۔

الغَبْوَة والغُبْوَة. غفلت۔

الغَبَاوَة والغَبَى. جہالت۔ نا سمجھی۔ غفلت۔

الغبي. کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیَاء و اَغْبَاء.
غَبّٰی تَغْبِیَۃً. الشَّیْءَ: چھپانا الشَّعْرَ: بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبٰی. السَّحَابُ: کم برسنا؛ بوچھار برسانا۔
الغَبَاء. مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔
الغَبْیَۃ. کم بارش یا بوچھار۔
مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی غَبْیَۃِ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔
الاَغْبٰی مِنَ الْاَغْصَانِ: گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیَاء ج غُبِیٌّ شَجَرَۃٌ غَبْیَاءُ: گنجان درخت۔
المَغْبَاۃ. درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔ ج مَغَاب.
غَتَّ (ن) غَتًّا. الطَّعَامُ او الکَلَامُ: خراب ہونا الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا فُلَانًا. غمگین کرنا؛ گلا گھونٹنا فُلَانًا بِالْاَمْرِ: تھکانا اور غمگین کرنا ہ بِالْکَلَامِ: سرزنش کرنا۔ غَتَّ الضِّحْکَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا المَاءَ: برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَتَّتَ وَاغْتَتَ. الطَّعَامَ: کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غَتِلَ (س) غَتَلًا. المَکَانُ: بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَتِل)
اَغْتَمَ. الزِّیَارَۃَ: زیادہ ملاقات کر کے ملول کرنا۔
الغَتْم. سخت گرمی جس سے دم گھٹے۔
الغُتْمَۃ. گفتگو میں رکاوٹ۔
الاَغْتَم والغُتْمِیُّ. جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْتَم وَ قَوْمٌ غُتْم وَاَغْتَام وامْرَاَۃٌ غَتْمَاء."
غَثَّ (ض۔ س) غَثَاثَۃً و غُثُوثَۃً الشَّاۃُ: بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّۃ) اللَّحْمُ: لاغر ہونا حَدِیْثُ القَوْمِ ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِیْثًا. عَلَیْهِ المَکَانُ: ناموافق ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَغُثُّ عَلَیْهِ شَیْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تاکہ اس کو چھوڑے۔
اَغَثَّ. دُبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِی الْکَلَامِ: بیکار گفتگو کرنا اللحمَ: دُبلا گوشت خریدنا۔
اِغْتَثَّتِ. الخَیْلُ: موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔
تَغَثَّثَ. الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ. الجُرْحَ: علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثُّ. دُبلا۔ مِنَ الکلامِ: ردی کلام۔
الغَثِیْث. دُبلا۔
غَثِیْثُ الجُرْحِ وغَثِیْثَتُہٗ. پیپ؛ خون وغیرہ۔
الغَثِیْثَۃ. بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا. المکانُ بِالنَّبَاتِ: سبزی سے لہلہانا۔
اَغْثَرَ. الشَّجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔
اِغْثَارَّ. الثَّوْبُ: زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَر)
الغَثَر. کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُثْر والغَثَرَۃ والغَثْرَاء والغَیْثَرَۃ. کمینے لوگ۔
الغَثْرَۃ. ارزانی و تروتازگی۔
الغُثْرَۃ. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْثَر. سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر. زیادہ اُون کا کمبل۔ شیر؛ بھیڑیا۔ کیچڑ۔ جاہل۔
المِغْثَر والمِغْثَار والمُغْثُور. بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِیْر.
اَرْضٌ (مُغْثِرَۃٌ) سبز سے لہلہانے والی زمین۔
غَثَمَ (ن) غَثْمًا لَہٗ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَثِمَۃ. اوجھ کا وہ حصہ۔ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَۃ. سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاِغْثَم. سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُوْم. مخلوط۔
الغَثِیْمَۃ. ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔
غَثَا یَغْثُوْ غَثْوًا و غُثُوًّا واَغْثٰی. الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔
السَّیْلُ المرتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاء والغُثَّاء. جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثٰی یَغْثِی غَثْیًا. الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِی غَثْیًا وغَثَیَانًا وتَغَثَّتِ النَّفْسُ: متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ: آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَثِیَ یَغْثٰی غَثْیًا. الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا وغُدَّ. البَعِیْرُ: اُونٹ کا غدود والا ہونا۔
غَدَّ؛ غُدَّ وَغُدِّدَ وَاُغِدَّ. غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدٌّ)
غَدَّدَ نَصِیْبَہٗ: حصہ۔ لینا۔
اَغَدَّ غدود والا ہونا۔ عَلَیْهِ: غصہ سے پھولنا۔
الغَدَد اُونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد.
الغُدَّۃ. مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد.
(والغُدَدَۃ) اُونٹوں کا طاعون؛ گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غَدَاید.
المِغْدَاد. بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا وغَدَرَانًا. خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا المَکَانُ: بہت پتھر والا ہونا عَنْ اَصْحَابِہٖ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا الرَّجُلُ: تالاب کا پانی پینا اللَّیْلُ:
اَغْدَرَہٗ. پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَادَرَهُ غِدَارًا ومُغَادَرَةً. چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ. پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ. المَكَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَر. س۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَر والغَدَرَة والغَدَارَة. جو چھوڑا جائے۔
الغَدِيْر. نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ وغُدْرٌ وغُدْرَان وأَغْدِر.
الغَدِيْرَة. چوٹی ج غَدَائِر. الغَدِيْرَة. سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان.
الغَادِر. فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُوْن و غَدَرَة و غُدَّار مؤنث غَادِرَة ج غَادِرَات وغَوَادِر.
الغَدْرَاء. تاریکی۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ وغَدِرَةٌ ومُغْدِرَة) تاریک رات۔
الغُدَر والغُدَرَة والغِدِّيْر والغَدَّار والغَدُوْر. بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُوْرٌ وامْرَاَةٌ غَدُوْرٌ". ج غُدُر اور مذکر کی گالی میں یاغُدَرُ بمعنی یاغادِرُ اور جمع میں یاآلَ غُدَرِ مستعمل ہے۔
يَاغَدَارِ. مبنی علی الکسرة. عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَّفَ. لَهُ فِي العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا الشَّبْكَةَ عَلَى الصَّيْدِ: شکار پر جال ڈالنا البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا المَرْأَةُ قِنَاعَهَا عَلَى وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ. مِنْهُ: زیادہ لے لینا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔
الغَادِف. ملاح۔
الغُدَاف. لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان.
الغَدَف. نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَف والغَادُوْف. چپو۔
الغِدَفْل. کامل۔ لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل.
غَدِقَ (س) غَدَقًا واَغْدَقَ واِغْدَوْدَقَ. المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا عَيْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَة) اَغْدَقَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَكَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدَوْدَن)
الغَدَن. نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن، سستی
والغُدْنَة. نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَان. شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِي. نازک بدن جوان۔
غَدَا يَغْدُو غُدُوًّا. صبح کے وقت جانا۔ جانا۔ اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا يَغْدُو غَدْوًا وغُدُوَّةً واِغْتَدَى. عَلَيْهِ: سویرے آنا۔
غَدِيَ يَغْدَى غَدًا وتَغَدَّى. صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدَّى بِهِ قَبْلَ اَنْ تَتَغَشَّى بِنَا" یعنی کیا تیرے لیے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّى. الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادَى مُغَادَاةً. الرَّجُلَ صبح کے وقت آنا۔
الغَد. آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لیے (غَدِيٌّ وغَدَوِيٌّ)
الغُدْوَة. صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًى و غُدُوٌّ.
الغَدَاة. صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ، ج غَدَوَات کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ غَدَاتَيْن" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِيَّة. بمعنی غُدْوَة وغَدَاة ج غَدَايَا وغَدِيَّات.
الغُدَيَّة. غداة کی تصغیر۔
الغَدَاء. صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِيَة.
الغَادِي. فا۔ شیر۔
الغَادِيَة مؤنث غَادِي. بادل جو صبح کے وقت اُٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ وغَادِيَات.
الغَدْيَان. صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا.
المَغْدَى والمَغْدَاة. صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّيْرَ و فِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذّ. فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَذِيْذَة. زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهُ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
وغَذِمَ (س) غَذْمًا وتَغَذَّمَ واِغْتَذَمَ الشَّيْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ الفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهِ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَة. مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم
والغَذْمَة. بہت دودھ۔ ج غُذَم.
بِئْرٌ غَذِيْمَةٌ. وسیع کنواں۔

الغُدَم و المُتَغَذِّم. بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَةً. غضبناک ہونا۔ الشَّيءَ. جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ اٹکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ. فِي المَجْلِسِ. غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَة. س۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غذامیر۔
غَذَا يَغْذُ وغَذْوًا. الرَّجُلُ بالطَّعَامِ: خوراک دینا الطَّعَامُ الصَّبِيَّ. بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا العِرْقُ. خون بہانا الرَّجُلُ: جلدی کرنا الفرسُ. تیز گزرنا۔
غَذَّى تَغْذِيَةً. الرَّجُلَ. غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّى العِرْقُ. خون بہانا۔
تَغَذَّى تَغَذِّيًا واغْتَذَى اِغْتِذَاءً. خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذَى اِسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ: سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء. خوراک۔ ج اَغْذِيَة.
الغَاذِي. فا. غَاذِي المَالِ. مال کا منتظم۔ ج غُذَاة و غَاذُوْن مؤنث غَاذِيَة ج غَوَاذٍ.
الاَغْذَى. اسم تفضیل۔
الغَذِيّ. رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء. جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِيُّ. رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان. بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّه (ن) غَرًّا وغِرَّةً وغُرُوْرًا. دھوکا دینا۔ بیہودہ اُمید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَان"، یعنی تُو نے اُس پر دلیری کیونکر کی؟
غَرَّ الْمَاءَ: پانی گرانا۔
غُرًّا وغِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا الرَّجُلُ. غرغر پرندہ کھانا الرَّاعِي: اُونٹ کو چرانا الماءُ. پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا وغِرَارًا وغَرِرَ (س) غَرَارَةً. شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا وغَرَارَةً. تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔

غَرَّ (س) غَرَرًا وغُرَّةً وغَرَارَةً الوَجْهُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّيْءُ. سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِيرًا وتَغِرَّةً. بالشَّيْءِ. ہلاکت کیلئے پیش کرنا الطَّائِرُ. پرندہ کا اُڑنے کیلئے پر پھیلانا القِرْبَةَ. مشک بھرنا۔ غَرَّرَتْ ثَنِيَّةُ الغُلَامِ: بچّہ کے اگلے دانت نکلنا۔
غَارَّتْ غِرَارًا ومُغَارَّةً. السُّوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَارَّ التَّحِيَّةَ: کم کرنا۔ غَارَّتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَغَرَّرَ. الفرسُ. گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا۔
اِغْتَرَّ واسْتَغَرَّ. بِكَذا: دھوکا کھانا۔
اِغْتَرَّهُ واسْتَغَرَّهُ. بے خبری میں آنا۔ واِغْتَرَّهُ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الغَرّ. س۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طويت الثوب على غره"، یعنی میں نے کپڑے کو اُس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُور.
الغَرّ والغِرَار. تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اُونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّة کہا جاتا ہے "اتانا علی غِرَارٍ"، یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔ الغِرَار: تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلَى غِرَارٍ واحِدٍ"، یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثلاثَةَ بَنِيْنَ عَلَى غِرَارٍ"، یعنی اس نے تین بچے پے درپے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
"لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ"، قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَة. غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "کان ذلك علی غرارتی"، یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔
الغُرْغُرَة. ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّة. گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔ مِنَ القَوْمِ: شریف مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے قَدْ بَدَتْ غُرَّتُهُ غلام۔ باندی۔ ج غُرَر.
الغُرَر. مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات۔ عرب۔ مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نفل اور اس کے بعد تسع پھر عُشَر پھر بِيض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر وَادِئ پھر مَحَاق کہتے ہیں۔
الغِرّ. ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ وغِرَّةٌ ج اَغْرَار.
الغُرَّى. اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّة. س۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر.
الغُرَّة. مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر. ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "انا غَرَرٌ مِنْكَ"، میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغُرُوْر. دھوکا دینا اور یہ دُنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدنيا غرور"
غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُوْر. س۔ بیہودہ باتیں۔
الغَارّ. فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّة.
الغَرَّار. بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِيْر. اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِيْرُهُ واَقْبَلَ هَرِيْرُه" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بُری عادت آگئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان. ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج اَغِرَّة واَغِرَّاء مؤنث غَرِيْرَة ج غَرِيْرَات وغَرَائِر.
الغُرَيْر. کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنْ غُرَيْرٍ"، اور اس کا نام یَغْر اور غُرْغُور بھی ہے۔
الاَغَرّ. خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔

سردار شریف مِنَ الایّام: سخت گرم دن۔
مِنَ الخَیلِ: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث
غَرّاء ج غُرٌّ و غُرّان.
الغِرارۃُ. بورا۔ تھیلا۔ ج غرائر.
الغُرّانُ. پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقبَلَ
الماءُ بِغُرّانِہٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔
المُغارُّ. کم دودھ والی اُونٹنی۔ ج مَغارُّ. کہا
جاتا ہے "فُلانٌ مُغارُّ الکَفِّ" یعنی بخیل
ہے۔
المَغرُور. مف۔ فریب خوردہ۔
غَرَبَ (ن) غَرْبًا. جانا فُلانٌ عَنّا: جدا
ہونا۔ علیحدہ ہونا فِی سَفَرِہٖ: طویل سفر کرانا
(غروبا) الرجل: دور ہونا النجم: ستارہ کا
غائب ہونا۔ ڈوبنا۔
غَرَبَ (ن) غُرْبَۃً وغُرْبًا وغرابۃً.
پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔
غَرُبَ (ک) غرابۃً. الکَلامُ: مخفی ہونا۔
پوشیدہ ہونا الشَّیئُ: غیر مانوس ہونا۔
غَرِبَ (س) غَرَبًا. لو سے چہرہ کالا ہونا۔
غَرَّبَ. دُور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم
میں پہنچنا ہٗ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر
برانگیختہ کرنا۔ جلاوطن کرنا فِی الاَرضِ: دُور
تک لے جانا۔
اَغرَبَ. مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور
تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح
ہونا اور نوادرات بیان کرنا فِی الضِحْکِ و
نَحوِہٖ: مبالغہ کرنا الحَوضَ: حوض کو بھرنا
الفَرَسُ فِی جَرْیِہٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا
الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر
جائے ہٗ: علیحدہ کرنا اَغرَبَ واُغرِبَ
المَرِیضُ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغرَبَ عَلَیہِ
وبہٖ: بُرا سلوک کرنا۔
تَغَرَّبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔
اِغتَرَبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب
میں شادی کرنا۔
اِستَغرَبَ. الشَّیئَ: نادر پانا یا سمجھنا۔
الدَّمعُ: آنسو بہانا۔

واُستُغرِبَ. فِی الضِّحکِ: ہنسنے میں
مبالغہ کرنا۔
الغَربُ. مس۔ پچھم۔ ہر چیز کا اوّل۔ دھار۔
نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنّی اَخافُ
عَلَیکَ غَربَ الشبابِ" یعنی جوانی کی تیزی
اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا
ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔
آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصّہ۔ آنکھ
کا پچھلا حصّہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ
چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا
گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَھمٌ غَربٍ" اضافت
سے اور "سَھمٌ غَربٌ" وصف سے یعنی وہ تیر
جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوب.
الغَربَۃ. دُوری۔
الغَرَبُ. مس۔ سونا۔ چاندی۔ پیالہ۔ شراب۔ پانی
جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے
ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَھمُ غَرَبٍ وسَھمٌ
غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و
"بِعَینِہٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔
الغُرابُ. کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب
اسود. ابقع. زاغ ج اَغرُب و غُربٌ و
غِربان واَغرِبۃ جج غَرابِین. کہا جاتا ہے
"طارَ غُرابُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال
سفید ہو گئے۔ "وَاَرضٌ لا یطیرُ غُرابُھا" یعنی
سرسبز ہے۔ الغُراب اولہ و برف۔ سر کا پچھلا
حصّہ۔ مِن کُلِّ شَیٍٔ: ہر چیز کی ابتداء۔ اور
دھار۔ جیسے غُرابُ الفاس. اور کوّے کی
مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اُٹھنے اور
چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے
"بَکَرتُ بُکُورَ الغُرابِ" کوّے کی مانند صبح
سویرے اُٹھا۔ "فُلانٌ اَحذَرُ مِنَ الغُرابِ"
فلاں کوّے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُونَ
ھٰذا شَیبُ الغُرابِ" اس سے کم کوّے کی
سیاہی ہے اَغرِبَۃُ العَرَبِ: عرب کے سیاہ
لوگ۔ الغُراب پرانی قسم کی ایک کشتی۔
الغُرابانِ. دونوں سرین کے نچلے حصّے جو ران
سے ملے ہوئے ہوں۔

الغارِبُ. فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان
اور گردن کے درمیان کے حصّہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ
حصّہ۔ ج غَوارِب اور اسی سے ہے۔ غَوارِبُ
الماءِ بلند موجیں۔
الغَرِیبُ. مسافر۔ وطن سے دُور۔ اجنبی ج
غُرَباءُ عجیب وغیر مانوس مِنَ الکَلامِ: جس
کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیبَۃٌ ج غَرائِب.
الغُرُبُ. بمعنی غریب۔
المُغرَبُ. صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے
کنارے سفید ہوں۔ عُنقاء (مُغرِب و
مُغرِبۃ) دیکھئے لفظ "عُنقاء."
المَغرِبُ. پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی
جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک
یورپ۔
مَغرِبانُ. الشَّمسِ: آفتاب کے طلوع و
غروب کی جگہ۔
المَغرِبِیُّ. ممالک مغرب کی طرف
منسوب۔ ج مَغارِبۃ.
الغِربِیبُ. سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید
مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسوَدُ
غِربِیبٌ"
غَربَلَ غَربَلَۃً الحِنطَۃَ: گیہوں چھاننا۔
البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔
فِی الاَرضِ: جانا الشَّیئَ: ٹکڑے ٹکڑے
کرنا۔ جدا جدا کرنا القَومَ: قوم کو قتل کرنا اور
کچل دینا۔
الغِربالُ. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور ج
غَرابِیل.
المُغَربَلُ: مف۔ گھٹیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال
پزیر مُلک۔
الغِربِیلُ. چھلنی۔ دُف۔ چغل خور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا. بھوکا ہونا۔
صفت (غَرثان) ج غَرثَی وغَراثَی و
غِراث مؤنث (غَرثَی) ج غِراث.
غَرَّثَ. الکَلبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغَرِثُ والغارِثُ. بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ واَغرَدَ و

تغرد الطائر: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور گنگری کرنا أغرده الطائر: گا کر خوش کرنا۔
استغرده: گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الأغرود والأغرودة: پرندہ کی سریلی آواز ج أغاريد۔
الغرد والغرد والغريد: گانے والا۔
غرزه (ض) غرزا بالإبرة ونحوها: سوئی وغیرہ چبھونا۔ غرز الإبرة في الشيء: داخل کرنا۔ الراكب رجله في الغرز: رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ عودا بالأرض: زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غرزت الجرادة انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غارز و غارزة)
غرّز۔ الإبرة في الشيء: داخل کرنا۔ غرّزت الجرادة: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ الغنم: بکری کو موٹی ہونے کے لیے دوھنے سے چھوڑ دینا۔
أغرز۔ الإبرة: بمعنی غرز الوادی: غرز نامی پودہ اگانا في الشيء: داخل ہونا۔
اغترز السير: روانگی قریب ہونا فلان السير: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا الراكب رجله في الغرز: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغرز: مع۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غروز۔ کہا جاتا ہے "الزم غرز فلان" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "أشدد يديك بغرزه" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔
الغرز: ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغريزة: طبیعت ج غرائز۔
الغارز: فا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عيون (غوارز) نہ بہنے والے چشمے۔
التغريز: کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تغاريز۔
المغرز: گاڑنے کی جگہ۔ ج مغارز۔
غرس (ض) غرسا وغراسة الشجر: درخت کا پودہ لگانا۔
انغرس: پودہ لگنا۔
الغرس: مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غراس وأغراس۔
الغرس: پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج أغراس۔
الغريس: پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغريسة: کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غرائس وغراس۔
الغراس: پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هذا زمن الغراس" جس طرح کہا جاتا ہے "هذا زمن الحصاد"۔
المغرس: پودہ لگانے کی جگہ ج مغارس۔
الغرش۔ من المسكوكات: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غروش۔
غرض (س) غرضا۔ إليه: مشتاق ہونا۔ صفت (غرض) منه: تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غرض (ض) غرضا۔ الإناء: برتن بھرنا۔ کم بھرنا الشيء: تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (غريضا) له: تازہ دودھ پلانا۔
غرض (ک) غرضا۔ اللحم: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غريض) ج أغاريض۔
غرّض: مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ الشيء: تازہ چننا في سقائه: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان بحر لا يغرّض" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غرّض فلانا: نشانہ بنانا۔
أغرض۔ فلانا: تنگ دل کرنا الغرض: نشانہ پر ٹھیک مارنا الإناء: برتن بھرنا۔
غارض۔ الإبل: اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تغرض وانغرض۔ الغصن: شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اغترض۔ الشيء: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔
أغترض فلان: جوان مرنا۔
الغارض: فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "أتيته غارضا" یعنی دن کے ابتدا میں۔
الغرض: مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غرضان وغرضان وأغرض کجاوہ کا تنگ ج أغراض وغروض۔
الغرضة: کجاوہ کا تنگ ج غرض وغرض۔
الغرض: مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فهمت غرضك" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج أغراض۔
الغريض: طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الإغريض: شگوفہ۔ ہر سفید تروتازہ۔ ج أغاريض۔
المغرض: اونٹ کا تنگ۔ ج مغارض۔
المغروض: مع بارش کا پانی۔
الغرضوف: نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غراضيف۔ الغرضوفان: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔
غرغر غرغرة: غرغرہ کرنا۔ غرغرت القدر: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غرغره: ذبح کرنا۔ غرغره بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا الرجل: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خر خر کرنا اللحم: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔
تغرغر۔ بالماء او الدواء: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تغرغرت العين بالدمع" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔
الغرغر: ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غرغرة)
الغرغور: بمعنی الغرير (دیکھیے الغرير)
الغرغرة: بوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا

ہے"فُلانٌ غُرغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔
غَرَفَ (ض)غَرْفًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔ ناصِیَتَهُ: پیشانی کے بال کترنا۔
واغْتَرَفَ. الماءَ بِیَدِهِ پانی کا چلو لینا۔
تغَرَّفَهُ. کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔
اِنغَرَفَ. الشَّیْءُ: کٹنا۔مرنا اور ٹوٹنا العظمُ: ہڈی کا ٹوٹنا فُلانٌ: مرنا۔
الغَرْف. س(والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
الغِرْفَةُ. چلو لینے کی ہیئت۔جوتی۔ج غِرَف.
الغُرْفَةُ. چلو۔ج غِرَافٌ کوٹھری کے اندر کوٹھری ؛ بالاخانہ ؛ بالوں کا گچھا۔ج غُرَفٌ و غُرْفَاتٌ و غُرَفَاتٌ و غُرُفَاتٌ.
الغَارِفَةُ. مؤنث غَارِفٌ اسم فاعل مِنَ النُّوقِ: تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔ج غَوارِف.
الغَرَاف. ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔
الغَرَّاف. بہت چلو لینے والا۔نَهْرٌ غَرَّافٌ: بہت پانی کی نہر۔ غَيْثٌ غَرَّافٌ بہت بارش۔
الغَرُوْف. مِنَ الآبارِ: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔
الغَرِیْف. مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت۔بانس ؛ نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔
الغَرِیْفَة. گھنا درخت۔جوتی۔ تلوار کے پرتلے کے نچلے حصہ۔کا چمڑا۔
المِغْرَف. تیز رفتار گھوڑا اور "فارسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ج مَغَارِف.
المِغْرَفَة. چمچہ۔ڈوئی۔ج مَغَارِف.
غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي الْمَاءِ: ڈوبنا۔ صفت(غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِيْقٌ) ج غَرقَى
غَرِقَ فُلانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستغنی ہونا۔
غَرَقَ (ن)غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔
اَغْرَقَ. فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔
اَغْرَقَهُ وغَرَّقَهُ. ڈبو دینا۔اَغْرَقَ و غَرَّقَ فِي الْقَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا۔اَغْرَقَ و غَرَّقَ اللِّجَامَ بِالفِضَّةِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهُ بِالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔
غَارَقَهُ. قریب ہونا۔کہا جاتا ہے"غَارَقَتْنِي لَمِنيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔
اِغْتَرَقَ. النَفَسُ: بہت ہانپنا۔
لَبَعِيرُ التَصْدِيرَ: اُونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔
الفَرَسُ الخَيلَ: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔کہا جاتا ہے فُلانٌ يَغْتَرِقُ العَيْنَ یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔
اِسْتَغْرَقَ. الشَّیْءَ: کل لے لینا الغَايَةَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا فِي النَّوْمِ: گہری نیند سونا فِي الضَّحْكِ: کھلکھلا کر ہنسنا۔
اِغْرَوْرَقَتْ. لعَيْنُ: ڈبڈبا آنا۔
الغُرْقَة. دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق
غَرْقَأَتِ. الدجاجةُ بَيْضَتَهَا: مرغی کا کچا انڈا دینا البَيْضُ: کچا انڈا گرنا۔
الغِرْقِئُ. انڈے کے سفیدی کی جھلی۔انڈے کی سفیدی۔
غَرِلَ (س) غرلًا. الصبيُّ: بچے کا غیر مختون ہونا۔صفت(اَغْرَلُ) مؤنث غَرْلَاءُ ج غُرْلٌ.
الغَرِل. ڈھیلا ڈھالا آدمی۔بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔
الاَغْرَل. ارزانی کا سال۔خوش عیش زندگی۔
الغُرْلَة. چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔
غَرِمَ (س)غرما وغرامة ومَغْرَمًا الدَّيْنَ ونَحْوَهُ: قرض وغیرہ ادا کرنا۔
فِي التِجَارَةِ: تجارت میں نقصان اُٹھانا۔
اَغْرَمَهُ وغَرَّمَهُ الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی۔
اُغْرِمَ. بالشَّیْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔
تغَرَّمَ. تاوان برداشت کرنا۔
اِغْتَرَمَ. تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔
الغَرَامَة والغُرم. تاوان۔مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ضرر۔مشقت۔
الغَرَام. اشتیاق۔محبت جو دِل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ہلاکت۔عذاب۔
الغَرِيْم. قرض خواہ۔قرض دار۔مخالف۔ج غُرَماء و غُرَّام.
اَلغَرَامَاتِيْقُ اَوالْغَرَامَاطِيْقُ: وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف، علم نحو اور علم عروض- اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے-
المَغْرَم. تاوان۔ج مَغَارِم.
غَرِنَ (س)غَرَنًا العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔
الغَرِن. کمزور۔
الغِرْيَن والغِرْيَن. تریا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔بیوقوف۔
الغِرْنِيق والغُرْنِيق والغُرْنُوق والغُرَانِق. ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے"شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِيَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَة" ج غَرَانِق وغَرانيق و غَرانقة.
غَرَا يَغْرُو غَرْوًا. الرَّحْلَ: تعجب کرنا الجِلْدَ: سریش سے جوڑنا الشَّحْمَ قَلْبَهُ: چربی کا دل پر چھا جانا۔
اَلْغَرنُوقِي: ایک افریقی پھول کا نام
غَرِيَ يَغْرَى غَرَاءً و غَرًا وغِرى وغُرِّيَ واُغْرِيَ. بكَذَا: بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔غَرِيَ الغَدِيْرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا فُلانٌ: بہت زیادہ غضبناک ہونا (غَرَاةً) بِهِ: چمٹنا۔لازم ہونا۔

غَرّٰی تغریۃً. الشّیئَ: سریش سے جوڑنا۔
اَغْرٰی. الرَّجُلَ بِکَذَا: برانگیختہ کرنا۔
اَغْرٰی العَدَاوَۃَ بَینَھُم: دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔
غَارٰی غِرَاءً ومُغَارَاۃً. فُلَانًا: سخت جھگڑا کرنا بَیْنَ الشیئینِ: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔
الغَرَاء والغِرَاء. ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔ جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغِرَاءُ: خوبصورتی۔
الغَرَاء والغَرْوٰی. خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لَاغَرْوَ وَلَاغَرْوٰی مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔
الغَرِیُّ. خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔
المِغْرَاۃ. سریش پگھلانے کا آلہ۔
غَزَّ (ن) غَزًّا واِغْتَزَّ. بِفُلَانٍ: خاص کرنا الاِبِلَ او الصَبِیَّ: اُونٹ یا بچّہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اُون لٹکانا۔
غَازَّہٗ مُغَازَّۃً. سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔
اَغَزَّ. الشَّجَرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البَقَرَۃُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔
تَغَازَّ. القَومُ الشَّیئَ آپس میں جھگڑا کرنا۔
الغُزّ. جمع۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)
غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَۃً وغُزُرًا. اَلمَاءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کثیر ہونا۔ غَزُرَتِ النَاقَۃُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
تَغَزَّرَ الرَّجُلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔
غَازَرَ واِسْتَغْزَرَ. زیادہ لینے کے لیے تھوڑا دینا۔
الغَزْرِ. س۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔
والغَزَارَۃ. کثرت۔
اَلغَزَارُ: باریک کانوں کا پودا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔
الغَزِیْرُ. ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار.

الغَزِیْرَۃ. مؤنث غَزِیْر مِنَ النُوق: بہت دودھ والی اُونٹنی مِنَ العُیُوْن: بہت آنسوؤں والی آنکھ مِنَ الآبارِ والینَابِیع: بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار
المِغْزَار. مِنَ الاِبِلِ: بہت دودھ والی اُونٹنی۔ مَکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔
غَزَلَ (ض) غَزْلًا واِغْتَزَلَ. الصُوْفَ: اُون کاتنا۔
غَزِلَ (س) غَزَلًا بالنِسَاءِ. عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔
غَازَلَ. المَرْاَۃَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِنَ العُمُر" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا و "ھُوَ یُغَازِلُ رَغْدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔
اَغْزَلَت. الظَبْیَۃُ: ہرنی کا بچّے والی ہونا المَرْاَۃُ: عورت کا تکلہ گھمانا۔
تَغَزَّلَ. فُلَانٌ: بتکلف عشق بازی کرنا۔
تغازل القَوْمُ: بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔
الغَزْل. س۔ کاتا ہوا۔
الغَزَل. س۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔
الغَزَال. ہرن کا بچّہ۔ ج غِزْلَۃ و غِزْلَانٌ.
دَمُ الغَزَال. نام ایک نباتات کا۔
الغَزَالَۃ. غزال کا مؤنث ۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَۃُ الضحٰی وغَزَالَتُہٗ: چاشت کی ابتداء۔
الغَزِل. عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔
الغَازِلَۃ. کاتنے والی۔ ج غُزَّل و غَوازِل.
الغَزِیْل. عورتوں سے باتیں کرنے والا۔
الغَزَّال. بہت کاتنے والا۔
الاَغْزَل. غزل کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّٰی. باربار آنے والا بخار۔

المِغْزَل والمَغْزَل والمُغْزَل. تکلہ ج مَغَازِل.
غَزَاہُ یَغْزُوْہُ غَزْوًا. طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا یُغْزٰی مِنْ ھٰذَا الکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَزْوًا وغَزَاوَۃً وغَزَوَانًا. القَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا۔ جہاد کیلئے نکلنا۔
غَزَّی واَغْزٰی. فُلَانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا۔ سامان دینا؛ برانگیختہ کرنا ہٗ: مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کردینا۔
اِغْتَزٰی اِغْتِزَاءً. فُلَانًا: قصد کرنا بِہٖ: مخصوص کرنا۔
الغَزْوَۃ. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوات.
الغَازِی. فا۔ ج غُزَاۃ وغُزًّی وغُزِیٌّ وغُزَّاء مؤنث غَازِیَۃٌ ج غَوَازٍ و غَازِیَات.
الغَزَاۃ. اسم ہے غزو کا ج غَزَوَات.
الغِزْوَۃ. جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔
المَغْزٰی. جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔
مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مَغَازٍ.
المَغَازِی. غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔
اِمْرَاَۃٌ (مُغْزِیَۃٌ) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اَتَانٌ اونَاقَۃٌ مُغْزِیَۃٌ: دیر سے جننے والی گدھی یا اُونٹنی۔
غَسَّ (ن) غَسًّا. فِی البِلَادِ: داخل ہونا الکَلَامَ: کلام میں عیب لگانا ہٗ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا الھِرَّۃَ: بلی کو ڈانٹنا۔ اور غس کہنا۔
اِنْغَسَّ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغُسّ. کمزور نالائق۔
غَسَرَ (ن) غَسْرًا. عَلَی الغَرِیْمِ: قرض دار پر سختی کرنا۔
تَغَسَّرَ الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الاَمْرُ: اُلجھا ہوا ہونا ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔

صفت (غَسِرٌ)
الغَسَر. جس چیز کو ہوا اُڑا کا تالاب میں ڈال دے۔
اَغْسَفَ. تاریکی میں داخل ہوا۔
الغَسَف. تاریکی۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا واَغْسَقَ. اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَغْسَقَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا وغسوقا وغَسِقَ (س) غَسَقَانًا. المَاءُ: پانی گرنا الغَیْمُ: بارش ہونا العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔
الغَسَق. اوّل شب کی تاریکی۔
الغَاسِق. فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔ الغَسَاق والغَسَّاق. ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا. الشَّئَ: پانی سے میل کچیل دُور کرنا ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔
غَسَّلَ. الشَّئَ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
اِنْغَسَلَ. دُھلنا الشَّئُ: بہنا۔
اِغْتَسَلَ. نہانا بِالطِّیْبِ: خوشبو لگانا الفَرَسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغُسُل والغُسْل. اسم ہے غسل سے۔
الغِسْل والغُسْل: ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال.
الغِسْلَة والغَسُوْل والغُسُوْل. ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز۔
الغُسَالَةُ. مِنَ الشَّئِ: پانی جس سے دھویا جائے۔ دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغَسِیْل. نہلایا ہوا۔ ج غَسْلَی و غُسَلَاء مؤنث غَسِیْلَة ج غَسَالَی.
الغَاسُوْل. صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغَسَّال. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَةٌ.
المَغْسَل والمَغْسِل. غسل خانہ۔ ج مَغَاسِل.
المُغْتَسَل. غسل خانہ۔ ج مُغْتَسَلَات.
المُغْتَسَل. وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغْسَل. وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المِغْسَلَة. وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
اَلْغِسْلِیْنُ. دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔
غَسْلَبَ. الشَّئَ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غَسَمَ (ن) غَسْمًا واَغْسَمَ. اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)
الغَسَم. سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغُسَم والاَغْسَام. آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غَسَنَ (ن) غَسْنًا. الشَّئَ: چبانا۔
غُسَانُ القَلْبِ وغَسَّانُهٗ. دِل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "عَلِمْتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ غَسَّانِ قَلْبِكَ" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دِل کی گہرائی سے ہے۔
الغَسَّان والغَیْسَان. جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ مِنْ غَسَّانِهٖ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِیُّ. بہت خوبصورت۔
الغُسْنَةُ والغُسْنَاة. بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ: غُسُنَات وغُسْنَات.
الاَغْسَان. لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔
الغَیْسَانَة. نرم ونازک عورت۔
غَسَا یَغْسُو غَسْوًا وغَسِیَ یَغْسَی غَسًی واَغْسَی. اللَّیْلُ. رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَاہ اللَّیْلُ. تاریکی ڈالنا۔
الغَسَاة. کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات وغَسِیَ شَیْخٌ (غَاسٍ) پیر فانی۔
غَشَّهٗ (ن) غَشًّا وغِشًّا. خلافِ ضمیر ظاہر کرنا اور خلافِ مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَغَشَّهٗ. دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اِغْتَشَّ واسْتَغَشَّ. الرَّجُلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغِشّ. دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دِل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
الغُشُّ. دھوکا باز۔ ج غُشُوْن.
الغَاشُّ. دھوکا باز ج غَشَشَةٌ وغُشَّاشٌ.
الغَشَش. گدلا پانی۔
الغِشَاش والغَشَاش. تاریکی کا اوّل و آخر۔
قَوْمٌ (غَشَاشَةٌ) دھوکہ باز لوگ۔
المَغْشُوْش. مع۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔
غَشَمَهٗ (ن ض) غَشْمًا و تَغَشَّمَهٗ. ظلم کرنا۔
غَشَمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ. لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغَاشِم والغَشُوْم والغَشَّام. ظالم۔ غاصب۔
المِغْشَم. خود رائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔
الغَشَمْشَم. بمعنی مغشم. بہت ظلم کرنے والا۔
الغَشَمْشَمَة والغَشَمْشَمِیَّة. دلیری۔ جرات۔
غَشْمَرَ غَشْمَرَةً. السَّیْلُ: سیلاب کا آنا الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور کوئی پروانہ کرنا الاَمْرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔
تَغَشْمَرَ. عَلَیْهِ: غضبناک ہونا فُلَانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ شمر

السَّيل او الجَيْش: سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشْمَرة. س۔ آواز۔ ج غَشَامِر.
الغَشْمَرِيَّة. ظلم۔
الغِشْمِير. سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بالغَشْمِير" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَا يَغْشُو غَشْوًا. فلانًا: کسی کے پاس آنا۔
غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الامْرُ فُلانًا: مبتلا کر دینا۔
غَشَا. الفَرَسُ وغيره: سفید سر والا ہونا۔
غَشِيَ (س) غَشَيَانًا. فلانًا: کسی کے پاس آنا ہ بالسَّوْط. کوڑے سے مارنا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغَشْوَة والغَشَاوَة. دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشْوَة: غشا کا اسم مرۃ۔
الاَغْشَى. مِنَ الخَيْل وغيرِهَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشْوَاء.
غَشِيَ يَغْشَى غَشْيًا وغِشَايَةً. الامْرُ وفُلانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرْأَةَ: جماع کرنا المَكَانَ: آنا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غُشِيَ عَلَيْهِ غَشْيًا وغُشْيًا وغَشَيَانًا: بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغْشِيٌّ عَلَيْهِ.
اَغْشَى. الامْرُ فُلانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا اللهُ عَلَى بَصَرِه: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغْشَانِي فُلانًا فلاں کے پاس آنے کیلئے برانگیختہ کرنا۔
غَشَّى. الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا۔ غَشَّيْتُهُ الامْرَ میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔
تَغَشَّى. بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانکنا۔ تغشى المرأة: جماع کرنا۔ تغشاه الامر: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔
الغِشَاء. پردہ۔ ج اَغْشِيَة.
الغِشَايَة والغُشَاية والغُشْيَة پردہ۔
الغَشْيَة والغَشْي والغُشْي والغَشَيَان. بیہوشی۔ غشی۔
غشائيات الاَجنحة پروں کے چار حصے والے کیڑے جن میں سے بھونڈ اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔
الغَاشِيَة. مؤنث غَاشِي. پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَوَاشٍ. مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِيَةُ فُلان: خدام۔ ملاقاتی دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغَشَيَان. آنا۔
غَصَّ (س۔ ن) غَصَصًا. بالطَّعَام والمَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غَاصٌّ و غَصَّان) المَكَانُ بِهِمْ: بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيْءَ: قطع کرنا۔
اَغَصَّه. اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغص علينا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اِغْتَصَّ. المَكَانُ بِهِمْ: تنگ ہونا۔
الغُصَّة. جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ ج غُصَص.
غَصَبَهُ (ض) غَصْبًا عَلَى الشَّيْءِ: مجبور ہونا الشَّيْءَ: زبردستی لے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا الجِلْدَ: کھال سے بال اور اون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُوْن وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَهُ مَالَهُ اور کبھی مفعول اول میں من کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْهُ مَالَهُ"
اِغْتَصَبَ. الشَّيْءَ: ظلم و زبردستی سے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَه. ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔
الغَصْب. س۔ چھینی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصْنًا. الغُصْنَ: ٹہنی کو کاٹنا۔ ٹہنی کو کھینچنا الشَّيْءَ: لینا ہ عَنْ حَاجَتِه: پھیرنا۔ منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔
اَغْصَنَ وغَصَّنَ. العنقودُ: بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغْصَنَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا شاخ دار ہونا۔
الغُصْن شاخ ج غُصُوْن واَغْصَان و غِصَنَة.
الغُصْنَة شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی۔
ثَوْرٌ (اَغْصَن) سفید دُم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغِضَاضًا و غَضَاضَةً. طَرْفَهُ و مِنْ طَرْفِهِ او صَوْتَهُ: ومِنْ صَوْتِهِ: نگاہ یا آواز پست کرنا۔ روکنا الغُصْنَ: شاخ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّيْءَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَغُضُّكَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا مِنَ فُلانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَه" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَهُ لِفُلانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کر لی "و غُضَّ لِي سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لیے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔
غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوْضَةً النَّبَاتُ وغيره: نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض.
غَضَّض. تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔
انْغَضَّ. الطَّرْفُ: نگاہ کا بند ہونا۔
تغاضَض. عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَاض والغُضَاض. سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔
الغَضَّة. ذلت و نقصان ج غُضَض.
الغَضِيضَة والغَضَاضَة. ج غَضَائِض: ذلت و نقصان۔
المَغَضَّة. ج مَغَاض: ذلت و نقصان۔
الغَضّ. س۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج

غِضَاض۔

الغَضِيْض. تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔

طَرْفٌ غَضِيْضٌ: پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء واَغِضَّة مؤنث غَضِيْضَةٌ ج غَضَائِض.

غَضِب (س) غَضَبًا و مَغْضَبَةً عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانٌ) مؤنث غَضْبٰى وغَضُوْبٌ وغَضْبَانَةٌ. ج غَضْبٰى و غِضَاب و غَضَابٰى وغُضَابٰى. اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَان" یعنی فلاں کے لیے غضبناک ہوگیا۔ "وغَضِب مِنْ لَا شئٌ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔

اَغْضَبَهُ وغَاضَبَهُ مُغَاضَبَةً. غضب پر برانگیختہ کرنا۔ **وغَاضَبْتُهُ:** ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ **غَاضَبَ فُلَانًا:** ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ **اَغْضَبَتِ العَيْنُ:** آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔

تَغَضَّبَ واِسْتَغْضَبَ. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

الغَضْبَةُ. غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔

الغِضَاب والغُضَاب. آنکھ کا تنکا۔

الغُضَابِيّ. مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغُضُبُّ والغُضُبَّة والغَضُبَّة. غضبناک۔

غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰهُ: خوشحال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ **غَضَر الرَّجُلَ:** کسی کو روکنا۔ منع کرنا **الشَّئَ:** کاٹنا۔

غَضِر (س) غَضَرًا وغَضَارَةً. آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ. عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ **غَضَر عَلَيْهِ:** مائل ہونا **لِفُلَان: مِنْ مَالِهِ:** مال میں سے کچھ دینا۔

اُغْتُضِرَ. جوان مرنا۔

الغَضَار. خالص چپکنے والی مٹی۔ چپکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے رکھتے ہیں۔

الغَضَارَة. ... نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر.

الغَضْرَاء. مِنَ الآرضِ: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی **غَضْرَاء** کہتے ہیں۔ ج غَضَارِيّ. کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَضْرَاءَ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغَاضِر. فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لیے تڑکے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَة)

الغَضِير. نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔

ارض غَضِيرَة: خالص مٹی والی زمین۔

المُغْضِر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن.

المَغْضُوْر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن و مَغَاضِيْر.

الغُضْرُوْف. بمعنی غُرْضُوْف.

غَضْغَضَ. المَاءَ: پانی کم کر دینا۔ **و تَغَضْغَضَ. المَاءُ:** پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔

غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ: لکڑی توڑنا **الكَلْبُ اُذُنَهُ:** کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا **الوِسَادَةَ:** تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا۔

غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ **غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَةً:** ڈھیلا ہونا۔ صفت (غضفاء) ج غُضْفٌ.

غَضِفَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

اَغْضَفَ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ **السَّحَابُ:** بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔

غَضَّفَ. الشَّئَ: لٹکانا۔

تَغَضَّفَت. الجَارِيَةُ: لچکنا۔ ناز و انداز سے چلنا **الحَيَّةُ:** کنڈلی مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ **تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ:** رات کا آنا۔ **البِئْرُ:** کنوئیں کا منہدم ہونا۔

اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا **اِنْغَضَفَتْ اُذُنُهُ:** کان کا ٹوٹنا **الضَّبَابُ:** کہر کا تہ بتہ ہونا **القَوْمُ فِيْ الغُبَارِ:** قوم کا غبار میں داخل ہونا۔

الغَاضِف. فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔

الغَضَف. درخت خرما کے مانند ایک درخت۔ واحد (غَضَفَة)

اَلْغَضَنْفَرُ: شیر، سخت جسم والا مرد۔

الغَضَفَة. سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔

الاَغْضَف. لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ **عَيْشٌ اَغْضَف:** خوش حال زندگی۔

غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا **النَّاقَةُ:** اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔

اَغْضَنَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔

اَغْضَنَت عَلَيْهِ الحُمّٰى: تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا **عَلَيْهِ اللَّيْلَ:** رات کا تاریک ہونا۔

غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَيْنَه: آنکھ کا جھپکانا **المَرْأَةَ:** آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔

غَضَّن. الشَّئَ: موڑنا۔ شکن ڈالنا۔

غَضَّنَتِ السَّمَاء: لگاتار برسنا **النَّاقَةُ:** اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَغَضَّن. مڑنا۔ شکن پڑنا۔

الغَضْن والغَضَن. کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ **غَضَنُ العَيْن:** آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن. **غُضُوْنُ الاُذُن:** کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْن" پیشانی پر شکن والا آدمی "وكَانَ الاَمْرُ فِيْ غُضُوْنِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔

الغضنة الغضنة. باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغضین. اُونٹنی کا نا تمام بچہ۔
الاَغضن. خلقتًا تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غضا یغضُو غضوًا. اللیْلُ: تاریک ہونا البعیرُ: اُونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غاضٍ)
غُضوًّا. نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غاضٍ) مؤنث (غاضِیة) ج غواضٍ.
غضِیَ یغضٰی غضًی. البعیرُ: درخت غضا کے کھانے سے اُونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غضٍ) مؤنث غضیَّة ج غضایا غضِیَتِ الاَرضُ: بہت درخت والی ہونا۔
اَغضٰی اِغضاءً. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غاضٍ) خلاف قیاس۔ اَغضٰی عینَه: آنکھ بند کرنا۔ علی الامرِ: خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغضٰی عنه طرفَهٗ" اِس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ و "اَغضٰی علی القذٰی" اس نے صبر کیا اور معاف کردیا۔
تغاضٰی. آنکھیں بند کر لینا عنهُ: غفلت برتنا۔
الغضا. جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔
واحد (غضاة) جھاڑی۔ اَھلُ الغضا: نجد کے رہنے والے۔
الغاضِیَةُ. غاضی کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے لیلة غاضِیَة یعنی تاریک رات "نارٌ غاضِیَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غواضٍ.
الغضیاءُ. غضا کے اُگنے کی جگہ۔ اَرض غضیاء. بہت درخت غضا والی زمین۔
غطّ (ن ض) غطًّا واَغطّ الشیَٔ فی الماءِ: پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔
غطّ (ن) غطًّا. سخت نچوڑنا۔
غطّ (ض) غطیطًا. النائمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ البعیرُ: اُونٹ کا بلبلانا۔
تغاطّ. الرجلانِ فی الماءِ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
الغطّ. فی الماءِ: پانی میں ڈوبنا۔
الغطاط. سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔
والغطاط. صبح کی ابتداء۔
اَلغُطیطَةُ: تیز تلوار۔
غطرَس غطرسةً. علی فُلانٍ: تکبر کرنا الرجُلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا بالشَیْٔ خود پسند ہوناوُ: غضبناک کرنا۔
تغطرَس. ناز کرنا۔ تکبر کرنا غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔
الغطرِس. متکبر۔ خودپسند۔ ج غطارِس.
الغِطرِیس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غطاریس.
غطرَش. اللیْلُ بصرَهٗ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا بصرُهٗ: نگاہ تاریک ہونا۔
الرجُلُ: بڑائی ظاہر کرنا۔
تغطرَف. ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔
الغِطرِفَة. تکبر۔
الغِطراف والغِطرِیف. سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غطارِفة و غطاریف. الغِطرِیف: باز کا بچہ۔ مکھی۔
الغُطرُوف والغُطرُوف. خوبصورت خوش طبع جوان۔
غطس (ض) غطسًا. فی الماءِ: پانی میں غوطہ کھانا ہ فی الماءِ: غوطہ دینا فی الاِناءِ: برتن میں مُنہ لگا کے پینا۔
غطّسَهٗ. فی الماءِ: پانی میں غوطہ دینا۔
تغاطسُوا. فی الماءِ: پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تغاطس الرجُلُ: غفلت برتنا۔
الغاطِسُ. فا لیلٌ غاطسٌ: تاریک رات۔
الغِطاس. عِندَ النصارٰی: نصرانیوں کی ایک عید۔
الغطّاس. قعرِ دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غوّاص بھی کہتے ہیں۔
الغطُوس. لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المغطس. غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغطس. بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مغاطس.
غطش (ض) غطشًا. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غاطِشٌ واَغطش)
اَلتغطِیس: عیسائیوں کے بپتسمہ کا دن۔
غطش (ض) غطشًا و غطشانًا. مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غطِش (س) غطشًا. کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغطش و غطِش) مؤنث (غطشاء و غطِشة) ج غُطش و غطِشات.
اَغطش. اللیْلُ: رات تاریک ہونا۔
اللّٰهُ اللیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تغطّشَت. عینُه: نگاہ کمزور ہونا۔
تغاطش. عنهُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔
اِغطاش. کمزور نظر والا ہونا۔
الغُطاش. رات کی تاریکی۔
الغطش. فی العینِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فلاةٌ (غطشاء و غطِیش و غطشٰی) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فلاةٌ غطشٰی ونحنُ کرمالِها غطشٰی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔ لیلة غطشاء: تاریک رات۔
غطغطت غطغطةً. القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا النومُ علی فُلانٍ: نیند کا غالب آنا و تغطغط البحرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تغطغط الشیُٔ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الغطاغِط. بکری کے مادہ بچے ؛ واحد (غُطغُط)

الغَطْغَطة. مص۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔

غَطِفَ (س) غَطَفًا. پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفاء) ج غُطْف.

الغَطَفُ. مص۔ وسعت عیش۔

الاَغْطَف. مِنَ العَيْش: آسودہ زندگی۔

الغِطَمّ. بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَط. البَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَيلُ: آواز دینا۔

تَغَطْمَط. البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا الصَوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔

بَحْرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔

الغَطْمَطم. بڑا سمندر۔

غَطَا يَغْطُوْ غَطْوًا وغُطُوًّا. الشَئَ: چھپانا الماءُ وغَيْرهُ: بلند ہونا اللَيْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔

غَطّى تَغْطِيَةً واَغْطى اِغْطَاءً. الشيئ: چھپانا۔ اَغْطَى الكَرَمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔

تَغَطّى واِغْتَطى. چھپنا۔

الغِطَاء. پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة.

الغِطَايَة. عورت کی کرتی۔

غَطِي يَغْطِي غَطْيًا وغُطْيًا. اللَيْلُ: رات کا تاریک ہونا الشَبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا الماءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غَاطٍ) الشَئَ وعَلَى الشَئُ: چھپانا۔

واَغْطَى. الشَجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطاه: چھپانا۔

الغَاطِيَة. مؤنث غَاطِي: انگور کی بیل۔

غَفَّ الطَائِر. پرندے کا کرنا۔

اغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ. الدَابَةُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدابَةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلاَنًا: تھوڑا دینا۔

تَغَفَّفَ. الاِناءَ او الضَرْع. برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔

الغَفّ. خشک شدہ پتے۔

الغُفَّة. چارہ جس کو اُونٹ مُنہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّة الاِناء او الضَرْع: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّةُ: چوہا۔

غَفَرَ (ض) غَفْرً. الشَّئَ: ڈھانکنا۔ الشَيْبَ بالخِضَاب: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

غَفْرًا وغَفِيْرًا وغفيرَةً وغُفْرانًا ومَغْفِرَةً وغُفُوْرًا. لَهُ الذَنْبَ: چھپانا اور معاف کر دینا الاَمْرَ: دُرست کرنا۔

غَفَرَ (ض) وَغفِر (س) غَفَرًا و غُفِر المَرِيْضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ و غُفِرَ الجُرْحُ: زخم کا تازہ ہونا۔ غَفَّرَ الثَوْبُ: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔

غَفَرَ. الشَّئَ: چھپانا، ڈھانکنا الرَجُلُ: غفر اللهه لَهُ: کہنا۔

اَغْفَرَهُ. چھپانا۔ اَغفَرَ الرِمْثُ: گوند نکالنا۔

تَغَفَّرَ. گوند چننا۔

تَغَافَرُوْا. ہر ایک کا دوسرے کے لیے مغفرت کی دُعا کرنا۔

اِغْتَفَرَ. اللّهُ ذَنْبَهُ: بخش دینا۔

اِغْفَارَّ. الثَوْبُ: روئیں دار ہونا۔

اِسْتَغْفَرَ. اللهُ الذنب ومِنَ الذَنْبِ: بخشش طلب کرنا۔

الغِفَر والغَفَر. رواں کپڑے کا۔ الغَفْر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغَفْر والغفَر والغُفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔

الغَفْر والغُفُر. پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفَرَة واَغْفَار وَ غُفُوْر.

الغِفْر. گائے کا بچہ۔

الغَفِرُ. گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَفِرُ القَفَا واِمْرَاَةٌ غَفِرَةُ الوَجْه."

الغَفَار. رخسارہ پر نشان۔

الغُفْرَة. ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غَفَر الشَّئَ بِغُفْرَتِهِ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کر دی۔

الغِفَارَة. خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔ اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغَفَّارَة. لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغَافِر. فا۔ ج غَافِرُوْن و غُفَرَةٌ.

الغَفُوْر. بہت بخشنے والا۔ مؤنث و مذکر دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

الغَفَّار. بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفَّارَةٌ.

الغَفِيْر. مص۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا جَمًّا غَفِيْرًا وجَمَّ الغَفِيْرِ والجَمَّ الغَفِيْرَ" یعنی جماعت آگئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المِغْفِرَةُ. پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرات.

المِغْفَرْ والمِغْفَرَة. خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغَافِر.

المِغْفَرْ والمُغْفُر والمُغْفُوْر. ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغَافِر ومَغَافِيْر. اَرْضٌ (مُغْفُوْرٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔

الغَفَش. آنکھ کا کیچڑ۔

غَافَصَهُ غِفَاصًا و مُغَافَصَةً. اچانک آ جانا۔ اچانک پکڑ لینا۔

الغَافِصَة. مصیبت زمانہ ج غَوَافِص.

غَفَقَهُ (ض) غَفْقًا بالسَوْط: کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَيْهِ: کسی پر اچانک آ جانا۔ الرَجُلُ: اچانک واپس آ جانا۔

غَفْقَةً. کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفَّقَ. اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔

تَغَفَّقَ. الشَرَابَ: تمام دن شراب پینا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

اِغْتَفَقَ بِهٖ: احاطہ کرنا۔
الغَفَق. س۔ ہلکی بارش۔
المَغْفِق. مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔
المُنْغَفَق. واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔
غَفَلَ (ن) غُفُوْلًا و غَفْلَةً و غَفَلًا عَنْهُ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا الشَّیٔ: چھپانا۔
غَفَّلَهٗ. غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّیٔ: چھپانا۔
اَغْفَلَ. الشَّیٔ: چھوڑ دینا۔ غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا الکِتَابَ: نقطے نہ رکھنا ؤ: کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔
غَافَلَهٗ و تَغَفَّلَهٗ و اِغْتَفَلَهٗ و اِسْتَغْفَلَهٗ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهٗ: غافل سمجھنا۔
تَغَافَلَ. بتکلف غافل بنا۔ تَغَافَلَ: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الاَمْرِ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔
الغُفُل. س۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غُفُلٍ مِن عَيْشِهٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔
الغُفْل. بے علامت۔ بے حسب آدمی مِنَ الشِّعْرِ: جس کا قائل معلوم نہ ہو مِنَ الاَرْضِ: غیر آباد زمین مِنَ الرِّجَالِ: ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الکُتُبِ: جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَرَاءِ: مجہول شاعر ج اَغْفَال. نَعَمٌ (اَغْفَال) بے علامت چوپائے۔
الغَافِل. فا۔ ج غَافِلُوْن و غُفُوْل و غُفَّل.
الغَفْلَان. غافل۔
الغُفْلَان. غافل۔ غفلت ورزی و بے خبری۔
المَغْفَلَة. ڈاڑھی بچہ۔
المُغَفَّل. س۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔
غَفَا يَغْفُو غَفْوًا و غُفُوًّا و غَفِيَ يَغْفَى غَفْيَةً و اَغْفَى. اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے غَفَيْتُ اور غَفِيْتُ کم بولا جاتا ہے غَفَا الشَّیٔ. پانی پر تیرنا۔
الغَفْوَة. غفا کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔

غَفَى يَغْفِي غَفْيًا و اَغْفَى. الطَّعَامَ: غلہ کو صاف کرنا۔ و اَغْفَى الطَّعَامُ: بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اغفى الرَّجُلُ: کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔
اِنْغَفَى. الشَّیٔ. ٹوٹنا۔
اَلْغَفَى. گیہوں کا چھلکن۔
الغُفَاء. گیہوں کا چھلکن۔ درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔
الغَفْيَة. بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔
الغُفَائَة۔ آنکھ کی سفیدی۔
غَقَّ (ض) غَقًّا و غَقِيْقًا. القَارُ: قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) الصَّقْرُ: شکرہ کا آواز کرنا۔
غَقُّ المَاءِ و غَقِيْقُه. تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔
الغَقَّاق. اسم مبالغہ۔
غَلَّه (ن) غَلًّا. فِي الشَّیٔ: داخل کرنا۔
غَلَّ المَفَازَةَ: بیابان میں داخل ہونا الشَّیٔ: چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا المَاءُ بَيْنَ الاَشْجَارِ: پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔
غُلُوْلًا. خیانت کرنا فِي الشَّیٔ: داخل ہونا فِي البِلَادِ: گھستے ہوئے چلے جانا۔
غَلَّ (ن) غَلًّا و غَلَّلَ. الغِلَالَةَ: غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّه و غَلَّلَه: ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔
غَلَّ (ض) غِلًّا و غَلِيْلًا. صَدْرُهٗ: کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔
غُلَّ غُلًّا و غُلَّةً. سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِيْل و مَغْلُوْل و مُغْتَلٌّ)
اَغَلَّ. الرَّجُلُ: خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الاَرْضُ غَلَّه والی ہونا۔ غَلَّه پیدا کرنا اَغَلَّ البَصَرَ. تیز نظر کرنا اَغَلَّهٗ: خیانت کی طرف نسبت کرنا عَلٰى عِيَالِه: بال بچوں کیلئے غلہ لانا الخَطِيْبُ: خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا الجَازِرُ فِي الجِلْدِ: قصائی کا کچھ

گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔
اِنْغَلَّ و تَغَلَّلَ. فِي الشَّیٔ: داخل ہونا۔
اِغْتَلَّ الضَّيْعَةَ: جائیداد سے غلہ کو لینا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغْتَلَّ و تَغَلَّلَ. بِالغَالِيَةِ: غالیہ لگانا۔
اِسْتَغَلَّ. الاَرْضَ: زمین سے غلہ لینا۔ عَبْدَهٗ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلّ. کینہ ودھوکا فریب۔
الغُلّ. پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلَال و غلول کہا جاتا ہے "هٰذَا غُلٌّ فِيْ عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔
الغَلَّة. مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّات و غِلَال.
الغُلَّة. سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل.
الغَلَل. پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھنا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلَال.
الغِلَالَة. ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل. گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الغَالِيَة. ایک قسم کی مرکب خوشبو۔
الغَلِيْل. سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔
الغَلِيْلَة. مؤنث غلیل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل.
المِغْلَال. بہت غلہ والا۔
المُغْتَلّ. پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔
المُغَلَّات و المُسْتَغَلَّات. زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)
غَلَبَ الرَّجُلُ و غَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا و غَلَبًا و غَلَبَةً و مَغْلَبًا و مَغْلَبَةً و غُلُبّٰى

وَغِلِبّٰی وَغَلَبَّة وَغَلَابِیَة وَاغْتَلَبَہٗ غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَیْہِ الْکَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادتِ ثانیہ ہے۔
غَلِبَ (س) غَلَبًا. موٹی گردن والا ہونا۔ صفت۔ (اَغْلَب) مؤنث غَلْبَاء ج غُلْبٌ.
غَلَّبَہٗ. غالب بنانا۔
غَالَبَہٗ غِلَابًا وَمُغَالَبَةً. ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ. عَلَی الْبَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔
تَغَالَبُوْا عَلَی البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغْلَوْلَبَ الشَّعْبُ: گھنا ہونا الْقَوْمُ: بہت ہونا۔
اِسْتَغْلَبَ. عَلَیْہِ الضِحْكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔
الغَلَّاب. بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلَّابُوْن.
الغَالِب. فا ج غَالِبُوْن وغَلَبَة. کہا جاتا ہے "ھٰذَا ما یُحْدِثُ غَالِبًا و فِی الْغَالِب" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغْلَبُ. اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَی الْاَغْلَب و فِی الْاَغْلَب" یعنی عَلَی الاکثر و فِی الاکثر. الاَغْلَب: شیر۔
الغَلْبَاء. مؤنث اغلب۔ گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّة. ۔س۔مِنَ الرِجَال: جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّب. ۔ش۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغْلَبَة. ۔س۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلْتًا. البَیْع او الشِرَاءَ: فسخ کرنا۔
غَلِتَ (س) غَلَتًا. غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔

تَغَلَّتَہٗ وَاغْتَلَتَہٗ. چانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔
الغَلْتَة. رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا. القَوْمُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔
وَاِغْتَلَثَ. الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلْثًا. الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلَث. ۔س۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔
الغَلِث. مجنون۔ والمُغَالِث: سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِث والغَلِیْث والمَغْلُوْث مِنَ الْبُرِّ. وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلْجًا وغَلَجَانًا. الفرسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ. عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔
الغُلُج. عمدہ جوانی۔
الاُغْلُوْج. نرم و نازک شاخ۔ ج اَغَالِیْج.
اَلْغَلَادِیْشِیَا: بڑے کانٹوں والا ایک درخت۔
غَلَّسَ فِی العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ المَاءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
اِنْغَلَسَ. آخر رات کی تاریکی ج اَغْلَاس.
غَلَصَہٗ (ن) غَلْصًا وغَلْصَمَہٗ غَلْصَمَةً. حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلْصَمَةُ. ۔س۔ سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سردارانِ قوم۔ ج غَلَاصِم. کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ غَلْصَمَةِ مِنْ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔
غَلِطَ (س) غَلَطًا. فِی الْاَمْرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غَالِط)
اور صفت مفعولی (مَغْلُوْط فِیْہِ).
غَلَّطَہٗ. غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَہٗ غِلَاطًا ومُغَالَطَةً وَاَغْلَطَہٗ. غلطی میں ڈالنا۔
تَغَالَطَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔
المَغْلَطَة. وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو ج مَغَالِیْط.
الاُغْلُوْطَة. بمعنی مُغْلَطَة ج اُغْلُوْطَات واَغَالِیْط.
الغَلُوْطَة. بمعنی مَغْلَطَة. کہا جاتا ہے ھٰذِہٖ مَسْاَلَةٌ غَلُوْطَةٌ. یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔
المِغْلَاط. بہت غلطی کرنے والا۔
غَلَظَ (ن ض) و غَلُظَ (ک) غَلَظًا وغَلْظَةً وغِلْظَةً وغُلْظَةً وغِلَاظَةً. موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِیْظ) ج غِلَاظ و (غَالِظ) ج غَلَظَةٌ.
غَلُظَتِ السُنْبُلَةُ: خوشہ میں دانہ نکلنا الرَجُلُ: سخت و تند خو ہونا۔
غَلَّظَہٗ. گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ الیَمِیْنَ: قسم کو موکد کرنا عَلَیْہِ فِیْ الیَمِیْن: قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْہُ مِیْثَاقًا غَلِیْظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
اَغْلَظَ. المُسَافِرُ: مسافر کا سخت زمین پر اُترنا الشَّیْءَ: غلیظ پانا لَہٗ فِیْ الْقَوْلِ: درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَةً. دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ. گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا الشَّیْءَ: موٹا پانا۔
الغُلَاظ. گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔
الغَلَظ. سخت زمین۔
الغِلْظَة. ۔س۔ سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س)غَلَفًا. غیر مختون ہونا۔
غَلَّفَ. الشَّیْئَ: غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔
اَغْلَفَ. الشَّیْئَ: غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ و اِغْتَلَفَ. غلاف میں ہونا۔
تَغَلَّفَ الرَّجُلُ: داڑھی میں غالیہ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔اِغْتَلَفَ بِالغَالِیَةِ: غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلْف. س ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔
الغُلْفَة. ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَفٌ الغُلْفَتَان: مونچھوں کے دونوں کنارے۔
اَلْمُغَلَّفُ: غلاف شدہ کتاب۔
الاَغْلَف. غیر مختون۔ کہا جاتا ہے قَلْبٌ اَغْلَف یعنی ایسا دل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عَامٌ اَغْلَف" ارزانی کا سال۔
الغِلاف. وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان جز دان ج غُلُفٌ و غُلُف و غُلَفٌ.
الغَلْفَاء. اَغْلَف کا مؤنث ج غُلْف اَرْضٌ غَلْفَاء: بغیر چری ہوئی زمین۔سَنَةٌ غَلْفَاءِ: ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا. تنگ دِل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بد خلق ہونا۔ صفت (غَلِق) الرَّهْنُ فِيْ يَدِ الْمُرْتَهِن. حق مرہون ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔
اَغْلَقَ و غَلَّقَ. البَابَ: دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔
غَلَقَ (ض) غَلْقًا اور یہ اَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔
اُغْلِقَ. عَلَيْهِ الْاَمْرِ: معاملہ کا مبہم ہونا۔
اُغْلِقَ القَاتِلُ فِيْ يَدِالوَالِي: قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "اُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِيْرَتِه" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلاق) ہے۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَة. شرط لگانا۔
تَغَالَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
اِسْتَغْلَقَ. البَابُ: دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔
الكَلَامُ عَلٰى فُلَان: گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَقُ. قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ عِنْدَ البَنَّائِين: معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق جج غَالِيْق.
كَلَامٌ (غَلِقٌ و مُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بَابٌ (غُلُقٌ) بند دروازہ۔
المِغْلَق. جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.
المِغْلَقُ والمِغْلاق والمُغْلُوق. قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِيْق.
غَلِم (س) غلما و غلمة واغتلم. شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغَلِيْمٌ ومُغْتَلِم) مؤنث غلمة وغليم وغليمة ومغلمة اغتلم الشراب: جوش مارنا۔
اِغْلَمَتِ الاَمْوَاجُ: تیز ہونا۔
الغُلام. سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ واَغْلِمَةٌ.
الغُلامَة. غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔
الغُلُوْمَة والغُلَامِيَة والغُلُوْمِيَّة. نوجوانی۔
الغَيْلَم. مذکر۔ کچھوا۔ مینڈک کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے "ما في الدار غيلم" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَنَ (ض) [illegible] جوش پر ہونا۔
غُلْوَانُ. الشباب او الامر [illegible] جوانی کی نشاط اور ابتدا۔
غَلَا يَغْلُوْ غُلُوًّا. زیادہ ہونا بلند ہونا النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا بِالدِّيْن: دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلَا غَلاءً. السِعْرُ: بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت (غَالٍ و غَلِيٌّ)
غَلَا يَغْلُوْ غَلْوًا وغُلُوًّا. السَهْمَ و بِالسَهْم: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنا۔
غَالٰى غِلاءً ومُغَالاةً. السَهْم وبالسَهْم: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنافِي الاَمْر: مبالغہ کرنا بالشَّیْئ قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا وغَالٰى الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔اَغْلٰى الشَّیْئَ: گراں قیمت پر خریدنا السِعْرَ: بھاؤ گراں کرناالكَرْمَ: انگور سے پتے اُتار دینا۔
اَغْلٰى وتَغَالٰى واغْلَوْلٰى. الشَجَرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلٰى. البَعِيْرُ: اُونٹ کا تیز چلنا۔
اِسْتَغْلٰى. الشَّیْئَ: گراں پانا۔
الغَالِي. فا۔ ج غُلاة مؤنث غَالِيَة ج غَالِيَاتٌ و غَوَالٍ. الغَالِي: موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے بِعْتُ بِالغَالِيْ و بِالغَلِّي یعنی میں نے گراں بیچا۔
الغَلاء. س۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج غَلِيَة.
الغُلَوَاء والغُلْوَاء. حد سے گزرنا (والغُلْوَان) آغاز جوانی و نشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلْوَائِكَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر و "فعله فِيْ غُلْوَاء شَبَابِه" اس نے اُس کو اپنے آغاز جوانی میں کیا۔
الغَلْوَة. ایک تیر پرتاب ج غَلَوات وغِلاء.
المِغْلٰى والمِغْلاة. تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَال.
غَلٰى يَغْلِي غَلْيًا و غَلَيَانًا. جوش مارنا۔
غَلّٰى تَغْلِيَةً و اَغْلٰى اِغْلاءً. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔الرَّجُلَ: دُور سے اشارہ سے سلام کرنا۔

تَغَلّٰی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔
الغَالِیَة. مرکب خوشبو۔ ج غَوَال
اَلْغَلْبُوْن: ٹوٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔
غَمَّهٗ (ن) غَمًّا. ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔
غَمَّ الیَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا القَمَرِ النُّجُوْمَ: تاروں کی روشنی کو ماند کر دینا الشَّیُٔ الشَّیَٔ غالب ہونا۔
غُمَّ عَلَیْهِ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
غَمَّ (س) غَمَمًا. لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمّ) مؤنث غَمَّاء ج غُمٌّ.
اَغَمَّهٗ. غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الیَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اغْمَكَ لِیْ و عَلَیَّ وَالِیَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔
غَامَّهٗ مُغَامَّةً. ایک دوسرے کو غمگین کیا۔
تَغَامَّ. بتکلف غم ظاہر کرنا۔
اِنْغَمَّ. ڈھک جانا (واِغْتَمَّ) غمگین ہونا۔
اِغْتَمَّ النَبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔
الغَامُّ. فا۔ یَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغَمُّ. غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْم یَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغُمَّة. غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَم کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔
لَیْلَةٌ (غَمٌّ وغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔
اَلاَغَمُّ. مِنَ السَّحَابِ: گھرا ہوا بادل۔
لَیْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔
الغَمّٰی. سخت تاریکی۔ گرد آلودگی۔
الغَمَام. بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غمامة) کہتے ہیں ج غَمَائِم کہا جاتا ہے ھو یفتر عن مثل حب الغمام وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الغُمَام. زکام۔
المَغْمُوْم. زکام زدہ۔

الغِمَامَة. منہ پر کا چھینکا۔ اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے اِدھر اُدھر لگا دیتے ہیں تاکہ سوائے سامنے کے، نہ دیکھ سکے ج غَمَائِم.
الغَمَّاء والغُمّٰی. غم۔ حزن۔ مصیبت کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ یَكْشِفُ الغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔
الغَمِیْم. گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔
الغُمُوْم. جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔
غَیْمٌ (مُغْمِمٌ) بہت پانی والا بادل۔
اَرْضٌ (مُغْمِمَةٌ) بہت پیداوار والی زمین۔
غَمَتَهٗ (ض) غمتًا. الطعام: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا هٗ فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبانا الشَّیَٔ: ڈھانکنا۔
غَمِتَ (س) غَمَتًا. کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔
غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. الماءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔
الغَمْجَة والغُمْجَة. گھونٹ ج غُمَجٌ.
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا الشَّیَٔ: چھپانا الاَمْرَ: درست کرنا۔
غَمِدَت (س) غَمَدًا. البئر: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْمَدَ. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الاَشْیَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔
غَمَّدَهٗ وتَغَمَّدَهٗ. عیوب چھپا لینا۔
[] تَغَمَّدَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهٖ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اِغْتَمَدَ. اللَّیْلَ: رات میں داخل ہونا۔
الغِمْد. تلوار کی نیام ج غُمُوْد وَاَغْمَاد.
سَفِیْنَةٌ (غَامِدٌ و غَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِدُ.
مُغْمَدَاتُ الاَجْنِحَة: کیڑوں کی بڑی قسم جن کے جسم اوپر والے۔ حصے چار پر ہوتے

ہیں اور نیچے پردہ ہوتا ہے۔
بِئْرٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔
مِغْمَدُ. السَّیْفِ: تلوار کی میان ج مَغَامِد.
غَمَرَه (ن) غَمْرًا. المَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِهٖ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔
غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُهٗ عَلَیَّ: کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُهٗ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔
غَمُرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُوْرَةً. المَاءُ: بہت ہونا الرَّجُلُ: جاہل ہونا۔
غُمِرَ. عَلَیْهِ: بیہوشی طاری ہو جانا۔
غَمَّرَ. وجهه: منہ پر زعفران ملنا بالشَّیِٔ: چھینکنا یا دفع کرنا۔
اَغْمَرَهٗ. الحَرُّ: گرمی کم ہو جانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَهٗ مُغَامَرَة. مقاتلہ کرنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔
اِغْتَمَرَ وتَغَمَّرَ. منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ وانْغَمَرَ. پانی میں ڈوبنا۔ اِغْتَمَرَ المَاءُ الشَّیَٔ: ڈوبانا۔
الغَمْر. مص۔ بہت پانی۔ سمندر کا بڑا حصہ۔ کامل کپڑا۔ کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُوْر کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَیْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و "غَمْرُ النَّاس" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِدَاء" وہ بہت بھلائی کرنے والا سخی ہے۔
الغَمْر والغِمْر والغُمْر. نا تجربہ کار جاہل۔ ج اَغْمَار الغِمْر: کینہ۔ پیاس۔
الغُمْرُ. زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
الغَمَر. مص۔ نا تجربہ کار۔ جاہل۔ کینہ۔ گوشت کی چکناہٹ۔ ج غُمُوْر. غَمَر

النّاس. لوگوں کی جماعت۔
الغُمر. چھوٹا پیالہ ج غِمار و اَغمار.
الغِمر. بہت چربی والا۔ چکنا۔
غَمرَةُ. الشّيُ: سختی۔ ج غَمرات و غِمار و غُمَر. غَمراتُ المَوتِ: موت کی سختیاں۔
الغُمرَة. زعفران۔
الغَمارَة. جہالت و بے خبری۔
والغُمار والغَمار والغُمارَة. لوگوں کی جماعت۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔
الغامِر. فا۔ اُجاڑ زمین۔ المَال الغامِر. بہت مال۔
الغَمِير. بہت پانی۔
المُغتَمِر. مدہوش۔
المَغمُور. مف۔ گمنام غیر مشہور و مقہور۔
الغَمارِيد. سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمزًا. ٹٹولنا القَنَاةَ: نیزہ کو آزمائش کیلئے دانتوں سے چبانا۔
ہ بِالعَين او الجَفنِ او الحَاجب. آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔ غَمَزَ عَيبُهُ اَو دَاؤُهُ: عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔ غَمَزَتِ الدَابَةُ: جانور کا لنگڑا ہونا۔ غَمَزَ بِالرَجُلِ وعَلَيهِ: طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهُ مُغَامَزَةً. ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغمَزَ. فِيهِ: عیب لگانا۔ حقیر ثابت کرنا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغامَزَ. القَومُ: آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغتَمَزَ. طعنہ دینا۔ الكَلمةَ: کمزور سمجھنا۔
الغَمَز. گھٹیا مال۔ دُبلے پتلے جانور۔ کمزور مرد ج غَمَزٌ واَغماز کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِن قَومٍ غَمَزٍ او اَغمَازٍ."
الغَامِز. فا۔ نیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الغَمّاز. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَمّازَة.
الغَمِيز. کھلا ہوا عیب۔

المَغمَز. عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ ج مَغَامِز.
الغَمِيزَة. بمعنی مَغمَز. عقل یا عمل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيهِ غَمِيزَة او مَغمَز" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
المَغمُوز. مف۔ متہم الغموز: اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔ موٹائی و دُبلا پن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمسًا. الشّيَّ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔ السِنَانَ فِي صَدرِهِ بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔ گھسانا۔
غُمُوسًا. النَجمُ: ستارے کا ڈوبنا۔ غروب ہونا۔
غَمَّسَهُ. سختی سے ڈبونا۔ غَمَّسَ الشُربَ: کم پینا۔ الابِلَ: اونٹ کو پلانا پھر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً. خطرات میں کود پڑنا۔ فُلَانًا: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔ فِي الاَمرِ: جلد بازی کرنا۔
اِنغَمَسَ واغتَمَسَ. فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔ فِي الشَّيُ: داخل ہونا۔ گھسنا۔
الغَمُوس. مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔ مِنَ الرِجَالِ: بہادر۔ کہا جاتا ہے "طَعنَةٌ غَمُوسٌ" پار ہو جانے والی نیزہ کی مار "اليَمِين الغَمُوس" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُس.
الغَمِيس. تاریکی لَيلٌ غَمِيسٌ: تاریک رات۔
والغَمِيسَة. جھاڑی۔ درختوں کا جھنڈ۔ ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الغَمّاسَة. مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ ج غَمّاس. طعنة غَمّاسة: کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمَشًا. چندھا ہونا۔ کمزور نظر ہونا۔ سیلانِ اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔ صفت (اَغمَش)

غَمَصَهُ (ض) و غَمِصَهُ (س) غَمصًا. حقارت کرنا۔ غَمَصَ النِعمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔
عَلَيهِ: جھوٹ بولنا عَلَيهِ كَلَامَهُ: عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا. آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔ غَمِصَت عَينُه: کیچڑ بہنا۔ صفت (اَغمَص) اور آنکھ کو (غَمصَاء) کہتے ہیں جمع غُمص.
اِغتَمَصَهُ. حقیر جاننا۔ حقارت کرنا۔ جھوٹا سمجھنا۔
الغَمَصُ. مص۔ آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الغَمُوص. جھوٹا۔ يمين غموص: جھوٹی قسم۔
رَجُلٌ (مَغمُوصٌ) عَلَيهِ: جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔
غَمَضَ (ن) و غَمُضَ (ک) غُمُوضًا الكَلَامُ: کلام کا دقیق ہونا۔
غَمَضَ (ن ض) غَمضًا. السَيفُ فِي اللَحمِ: تلوار کا گوشت میں گھسنا الرَجُلُ فِي الاَرضِ: سفر کرنا عَنهُ فِي البَيعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمِضَ (س) غُمُوضَةً و غَمَاضَةً المَكَانُ: پست ہونا۔
غَمَّضَ واَغمَضَ. عَينَهُ: آنکھ بند کرنا۔ عَنهُ فِي البَيعِ: خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔ غَمَّضَ الكَلَامَ: مبہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَّضَ عَنِ الاِسَائَة" چشم پوشی کرنا۔ اِغمَضَتِ العَينُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔ اَغمَضَ عَنِ الشَّيُ: درگزر کرنا۔
اَغمَضَ عَلَى كَذَا: برداشت کرنا اور راضی ہونا۔ اَغمَضَ فِي السِلعَةِ: گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا حَدَّ السَيفِ: تلوار کی دھار باریک کرنا فُلَانًا: کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔

اِنْغَمَضَ. طَرْفُهُ: آنکھ کا بند ہونا۔
اِغْتَمَضَ. البَرْقُ: بجلی کی چمک بند ہونا۔
الرَّجُلُ عَنِ الاَسَائَةِ: چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِغْتَمَضَتْ عَيْنَاهُ" یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔
الغَمْضُ. س۔ پست زمین ج غموض و اغماض کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ غَمْضٍ" فلاں ذلیل وگمنام ہے۔
الغُمْض والغِمَاض والغُمَاض والتغماض. آنکھ کا بند ہونا۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "مَا اِكْتَحَلَتْ عَيْنِي غُمْضًا او غِمَاضًا او اغماضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِيْضًا" یعنی میں نہیں سویا۔
الغَامِضُ. فا۔ پست زمین ج غَوَامِض گمنام۔ ذلیل لَمْرٌ غَامِضٌ: مبہم معاملہ۔
الخَلْخَالُ الغَامِضُ: پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔ الغامِض مِنَ الكُعُوْبِ والسُوْقِ: موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔
غَوَامِضَ الِابِلِ: چھوٹے اُونٹ۔
الغَامِضَة. مؤنث غَامِض ج غَامِضَات و غَوَامِض. الدَارُ الغَامِضَة: مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔
الغَمِيْضَة. عیب۔
الغُمُوْضَة. "مَا فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ غُمُوْضَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔
المُغْمِضَات. گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔ مغمضات اللَيْلِ: رات کی تاریکیاں۔
غَمَطَهُ (ض) و غَمِطَهُ (س) غَمْطًا. حقارت کرنا۔ حقیر جاننا غَمَطَ النِعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا الحَقَّ: حق کا انکار کرنا المَاءَ: پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا الذَبِيْحَةَ: ذبح کرنا۔
اَغْمَطَ. عَلَيْهِ الشَّئُ: ہمیشہ ہونا۔
غَامَطَ مُغَامَطَةً فِيْ الشُّرْبِ: لگاتار گھونٹ لگانا۔

تَغَمَّطَ عَلَيْهِ التُرَابُ: مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔
اِغْتَمَطَ. دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا بالكَلَامِ: غالب ہونا اِغْتَمَطَ الشَّئُ: نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔
الغَمْطُ. مص۔ پست زمین۔
غَمْغَمَ غَمْغَمَةً بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا الاَبْطَالُ: بہادروں کا مقاتلہ کے وقت شور مچانا الكَلَامَ: غیر واضح کلام بولنا الصَبِيُّ: بچے کا دودھ کیلئے پستان پر رونا۔
تَغَمْغَمَ. الرَجُلُ: غیر واضح بولنا الغَرِيْقُ تَحْتَ المَاءِ: ڈوبے ہوئے کا پانی کے نیچے بولنا۔
الغَمْغَمَة. مص۔ خوف کے وقت کی آواز۔ مقاتلہ کے وقت کی آواز۔ غیر واضح کلام غَمَاغِم.
غَمِقَ (س ن) وغَمُقَ (ک) غَمَقًا المَكَانُ: نمناک ہونا۔ سیلن والا ہونا النَبَاتُ: نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت غَمِقٌ مؤنث غَمِقَةٌ
غُمِقَ. البَعِيْرُ: اُونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
الغَمْقَة. ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔
المَغْمُوْق. پیٹھ کی بیماری والا۔
غَمَلَ (ن) غَمْلًا. الشَّئَ: چھپانا فُلَانًا: پسینہ کیلئے ڈھانکنا البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا العِنَبَ فِيْ الزَنْبِيْلِ: انگور کو زنبیل میں تہ بتہ رکھنا الشَّئَ: درست کرنا۔
وتَغَمَّلَ. النَبَاتُ: ایک دوسرے پر چڑھنا الشَّئُ: وسیع ہونا۔
غَمِلَ (ض) غَمَلًا پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا الجُرْحُ: پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت غَمِلٌ
اَغْمَلَ. الاَهَابَ: کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔
اِنْغَمَلَ. الاَدِيْمُ: چمڑے کا خراب ہونا۔

صفت غَمِيْل
الغَمِيْلُ: مِنَ النَّصِيِّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اُگی ہوئی مِنَ الاَرْضِ: پست زمین ج غَمْلٰى.
المَغْمُوْلُ: مف۔ گمنام۔
الغُمُوْلُ. درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی غَمَالِيْل.
الغَمْلَج والغَمَلَّج والغِمْلَاج والغُمْلُوْج والغِمْلِيْج. غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمْلَج وغَمَلَّج غُمْلُوْجَة وغِمْلِيْجَة.
الغُمْلُج والغِمْلِيْج. موٹا لمبا المُغْلُوْج: سایہ میں اُگی ہوئی شاخ غَمَالِيْج.
غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّئَ: چھپانا البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا فُلَانًا: پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔
غَمِنَ وانْغَمَنَ فِيْ الاَرْضِ: غائب کیا جانا۔ غائب ہونا۔
الغُمَّة. ایک قسم کا اُبٹنا۔
غَمَا يَغْمُوْ غَمْوًا. البَيْتَ: لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔
الغَمَا. مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمْوَان غَمِيَة واَغْمَاء.
غَمٰى (ض) غَمْيًا وغَمْى. البَيْتَ: بمعنی غَمَا يَغْمُوْ.
غُمِيَ واَغْمَى. اليَوْمُ: تمام دن ابر رہنا۔
غُمِيَ واُغْمِيَ عَلَى المَرِيْضِ. غشی طاری ہونا۔ صفت مَغْمِيٌّ و مُغْمِيٌّ عَلَيْهِ.
الغَمِيُّ. گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَمِيٌّ، یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمِيٌّ واَغْمَاءٌ"
والغَمَاءُ: مکان کی چھت غَمَاء و اَغْمِيَة.
غَنَّ (س) غَنًّا. النَخْلُ: درخت خرما کا

پکنا۔الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔
وغَنًّا وغَنَّةً: گنگنانا۔
غَنَّنَ. الرَّوضَ: زیادہ درخت والا بنانا۔
اَغَنَّ. الشَّجرُ: درخت کا پکنا الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا الرَّوضُ: باغ کا سرسبز کرنا الذُّبابُ: مکھی کا بھنبھنانا الرَّجلُ: نرم آواز نکالنا۔
الغُنان. مکھی کی بھنبھناہٹ۔
الغُنَّة. گنگناہٹ۔
الاَغَنُّ. گنگنانے والا۔ حرف اَغَنُّ: غنہ کا حرف۔ الوَادِی الاَغَنُّ: زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غَنَّاء۔
القَرْیة الغَنَّاء. آباد گاؤں۔
غَنِثَ (س) غَنَثًا. الرَّجلُ: سانس لے کر پینا۔ غَنِثَتْ نَفْسُهُ: متلانا۔
تَغَنَّثَهُ. الشَّیُٔ: بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا۔ چمٹنا۔
الغُنثر. بیوقوف۔
غَنِجَ (س) غَنَجًا وتَغَنَّجَ. ناز کرنا۔ صفت (غَنِج ومِغْنَاج) مؤنث غَنِجة ومِغْنَاج)
الغُنْج والغُنُج والغُنَاج ناز نخرہ۔
الغَنَاج. کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔
الاُغْنُوجَة: ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔ ج اَغَانِیج۔
الغُنْدَر والغُنْدُر. مِنَ الغِلْمَان: موٹا تازہ لڑکا۔
تَغَنْدَرَتِ الْمرأةُ - لکیر سے چلنا
الغَانِد. نرخرہ۔
غَنِصَ (س) غَنَصًا. تنگ دل ہونا۔
الغَنَاقَلِیُونُ: زرد اور سفید پھول اس کو ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔
غَنَظَ (ض) غَنْظًا. قریب ہلاکت ہونا۔ الاَمْرُ فُلَانًا: دشوار ہونا۔ غَنَظَهُ واَغْنَظَهُ) غیظ و غضب سے بھر دینا۔

غَانَظَهُ. ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔
الغَنْظ والغَنَظ والغَناظ والعَناظ. لازمی رنج و غم۔
المَغْنُوظ. مث۔ غمزدہ۔
غَنِمَ (س) غُنْمًا. الشَّیَٔ: مفت حاصل کرنا۔ غُنْمًا وغَنْمًا وغنمًا وغَنِیمةً وغُنْمَانًا. غنیمت حاصل کرنا۔
غَنَّمَهُ. کَذَا: حصہ سے زائد دینا۔
اَغْنَمَهُ. الشَّیَٔ: غنیمت حاصل کرانا۔
تَغَنَّمَ واِغْتَنَمَ واسْتَغْنَمَ. الشَّیَٔ: غنیمت سمجھنا۔ تَغَنَّمَ فُلَانٌ: بکریاں جمع کرنا جیسے تَاَبَّلَ: اُونٹ جمع کرنا۔
الغَنِیمَة. مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غَنَائِم کہا جاتا ہے۔ ''الغَنِیمة بَارِدَةٌ'' یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔
الغُنْم. بمعنی غنیمت۔ غُنُوْم
الغَنِیم. بمعنی غنیمت۔
الغَنَم. س۔ بکریاں اور اس کیلئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کیلئے لفظ شاة) ہے ج اَغْنَام وغُنُوْم واغانِم. کہا جاتا ہے غَنَمٌ (مُغَنَّمَةٌ ومُغْنَمَةٌ) یعنی بہت بکریاں۔
الغَنَّام. بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔
المَغْنَم. غنیمت۔ مَغَانِم کہا جاتا ہے مَغْنَمٌ بَارِدٌ یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے (غُنَامَاكَ) اَنْ تَفْعَلَ کَذَا. تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الغُنْوَة. بے نیازی۔ کہا جاتا ہے لَهُ عَنْهُ غُنْوَةٌ) اس کو اُس سے بے نیازی ہے۔
غَنِیَ (س) غِنًی. الرَّجلُ: نکاح کرنا۔
غَنِیَتِ المَرْأةُ: حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔
غَنِیَ ومَغْنًی. بالمَکَان: اقامت کرنا۔ صفت غَانٍ) کہا جاتا ہے غَنُوا بِدِیَارِهِمْ ثُمَّ فَنُوا. اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہوگئے۔ فُلَانٌ زندہ رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔
غَنِیَ. غَنَاءً وغُنْیَانًا. مالدار ہونا۔ بِالشَّیِٔ عَنْ غَیْرِهِ: اکتفا کرنا۔
غَنَّی تَغْنِیَةً. آواز کرنا الشِّعْرَ و بالشِّعْرِ: گانا بالمَرْأَةِ. عشق بازی کرنا۔ الشَّاعِرُ بِفُلَانٍ: کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔ غَنَّاهُ اللّٰهُ: مال دار کر دینا۔
اَغْنَی اِغْنَاءً. الرَّجلَ: مالدار کر دینا۔ عَنْهُ: کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے ''اَغْنَی عَنْهُ غَنَاءَ فُلَان ومَغْنَاهُ ومُغْنَاه ومَغْنَاةَ ومُغْنَاةَ'' یعنی قائم مقام ہوا۔ اَغْنَی عَنْهُ کَذَا. دور کر دینا۔ اور کہا جاتا ہے ''مَا یُغْنِی عَنْكَ هٰذَا وَمَا اَغْنَی شَیْئًا'' یعنی نافع نہیں ہے۔
تَغَنَّی تَغَنِّیًا. مالدار ہونا بالمَرْأةِ: عورت سے عشق بازی کرنا بالشِّعْرِ: شعر گانا بالفُلَانِ: کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔ تَغَنَّتِ المَرْأةُ: عورت کا نکاح کرنا۔
اِسْتَغْنَی. بے نیاز ہونا عَنْهُ بِهِ: اکتفا کرنا اللّٰهَ: اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔
الغِنَی والغُنْیَة والغِنْیَة والغُنْیَان. اکتفا۔ توانگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے ''مَالَهُ عَنْهُ غِنًی وغُنْیَةٌ وغُنْیَانٌ'' یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔
الغِنَی والغَنَاء. اکتفا توانگری۔ کہا جاتا ہے ''لَا غِنَی عَنْه'' یعنی ضروری ہے۔
الغِنَاء. عَنِ الصَّوتِ: گیت۔ سر۔
الاُغْنِیَة والاِغْنِیَّة والاُغْنِیَة والاِغْنِیَة. گیت۔ سر۔ راگ۔ ج اَغَانِیّ واَغَانٍ۔
الغَنِیّ. اکتفا کرنے والا۔ توانگر۔ مالدار۔ کہا جاتا ہے ''هُوَ غَنِیٌّ عَنْهُ'' یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیَاء۔
الغَانِی. فا۔ غنی۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَانٍ عَن کَذَا'' یعنی فلاں چیز سے بے نیاز۔
الغَانِیَة. مؤنث غانی۔ وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز

ہو۔ نکاح کرنے والی۔ ج غانِیات وغَوان۔

المَغنٰی. منزل۔ ج مَغان کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبانِیهِم وخَلَتْ مُغانِیهِم" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے۔ "ومَالَهُ عَنْهُ مُغْنًى" یعنی اس کیلئے اس سے چارہ نہیں۔

غَهِبَ (س) غَهَبًا واَغْهَبَ. عَنْهُ. غافل ہونا۔ بھولنا۔

اِغْتَهَبَ. تاریکی میں چلنا۔

الغَهَبُ. س۔ کہا جاتا ہے "اَصابَ الصَّیْدَ غَهَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلا قصد کے پہنچ گیا۔ "فَعَلَهُ غَهَبًا" اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْهَبُ. تاریکی۔ بہت تاریک رات۔ بہت سیاہ گھوڑا۔ غافل بیوقوف اور کمزور ج غَیاهِب.

الغَیْهَبان. تاریکی۔ پیٹ۔

الغَیْهَبَةُ. مؤنث-غَیْهَبْ. لڑائی کا شور۔

غاثَه یَغُوثُهُ غَوْثًا واَغاثَهُ اِغاثَةً ومَغُوثَةً. اعانت کرنا۔ مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلُ: واغوثاہ کہنا۔

اِسْتَغاثَ الرَّجُلَ وبِهِ: مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُواث والغَواث. مدد۔

الغَوْث والغِیاث والغَوِیث. کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغاوِث. پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کیلئے مفرد نہیں۔

غاجَ یَغُوجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ فِی مِشْیَتِهِ. چال میں لچکنا۔

غارَ یَغُوْرُ غَوْرًا. پستی کی طرف آنا۔ المَاءُ: گہرائی میں جانا۔ صفت (غائِر) النَّهارُ: سخت گرمی والا ہونا الرَّجُلُ. دوپہر میں سونا الشَّیْءَ او القَوْمَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِی غَیْرِ مَغار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غارَت تَغُورُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیارًا. فِی الْاَمْرِ: معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔

غارَتْ غِیارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔

غارَلهُم اللّٰهُ غِیارًا وغارَهُمْ. رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ. پستی کی طرف آنا المَاءُ: زمین میں اُترنا الرَّجُلُ. دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا القَوْمَ: قوم کو شکست دینا غَوَّرَت الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ: غروب ہونا ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّهارُ: جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغارَ اِغارَةً. چلنے میں جلدی کرنا۔ پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

اَغارَ اِغارَةً وغارَةً ومُغارًا. عَلَیْهِمْ. لوٹ ڈالنا الفَرَسُ: تیز دوڑنا بِهِمْ واِلَیْهِمْ: مدد دینے کے لیے آنا۔

غاوَرَ مُغاوَرَةً. العَدُوَّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ. پستی کی طرف آنا ظاهِرُ الْعَیْنِ دھنس جانا۔

تَغاوَرَ. القَوْمُ. بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتارَ اِغتیارًا. نفع اُٹھانا۔ غلّہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغارَ. عَلَیْهِم لوٹ ڈالنا الرَّجُلُ: پست زمین میں اُترنے کا ارادہ کرنا۔ موٹا ہونا الجُرْحُ زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَهُ اِسْتِغْوارًا. غلّہ مانگنا۔

الغار. غار ج اَغْوار وغِیْران. ایک قسم کا درخت واحد (غارَة) غُبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔ غیرت۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔

الغاران: ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں اوپر نیچے کے تالو۔

الغارَة. س۔ لوٹ۔ اسم ہے اغارة کا ج غارَات. تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ شَدِیْدُ الغارَةِ مضبوط بٹی ہوئی رسّی و "شَنَّ الغارَةَ عَلَیْهِم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑا۔

الغَوْر. س۔ پست زمین۔ نیچے اُترا ہوا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَعِیْدُ الغَوْرِ" فلاں نہایت باریک بیں ہے۔ و "غَرَفْتُ غَوْرَ المَسْاَلَةِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغائِرَة. مؤنث غائِر. دوپہر۔ دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَة. آفتاب۔ قیلولہ۔

الغِوَر. خون بہا۔

الغَوْرَی. ہر چیز کا گڑھا۔

المَغار والمُغار والمَغارَة والمُغارَة. غار لوٹ ج مَغاوِر ومَغارات

المُغار: لوٹ کی جگہ۔

المِغْوار والمُغاوِر. مِنَ الرِّجالِ: بہت لوٹ ڈالنے والا۔ فَرَسٌ مِغْوارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

غازَهُ یَغُوْزُهُ غَوْزًا. قصد کرنا ار

الغاز. گیس۔ ج غازات

غاصَ یَغُوْصُ غَوْصًا وغِیاصًا وغِیاصَةً ومَغاصًا. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غائِص) ج غَوّاصٌ و غاصَةٌ. غاصَ عَلَی الشَّیْءِ: اچانک آ جانا-عَلَی المَعانِی: معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔

غَوَّصَهُ. غوطہ لگوانا۔

الغَوّاص بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کیلئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِیاصَة" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔

الغَوّاصَة. غواص کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔

المَغاص. س۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی

غَاطَ یَغُوطُ غَوطًا. الحفرۃ: گڑھا کھودنا۔ فِیہِ: داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے ھٰذَا رَمْلٌ تَغُوطُ فِیہِ الْاَقْدَامُ یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔ فِی الْمَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ غَوَّطَ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔ الطَّعَامَ: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

تَغَوَّطَ. پاخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ وَبَالَ. پیشاب یا پاخانہ کیا۔

تَغَاوَطَا. فِی الْمَاءِ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

اِنْغَاطَ. العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا۔

الغَائِطُ. فا۔ پاخانہ۔ پاخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔

الغُوطُ والغَاطُ والغَوْطَۃُ. پست زمین۔ ج غُوط واَغْوَاط وغِیَاط وغِیطَانٌ.

الغَاطُ. جماعت۔

الغُوْطَۃُ. شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔

بئر (غَوِیطٌ) بہت گہرا کنواں۔

الغَاغ. پودینہ۔ واحد (غَاغَۃٌ)

الغَاغَۃُ. بہت سے مختلف لوگ۔

لَلْغُوَافَۃُ: امریکی علاقے کا ایک درخت۔

الغَوْغَاءُ. ٹڈی جو اُڑنے کیلئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔

غَالَہٗ یَغُولُہٗ غَوْلًا واِغْتَالَہٗ. ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ غَالَتْہُ الْخَمْرُ: شراب کا مست کر دینا۔

غَاوَلَ مُغَاوَلَۃً. جلدی چلنا۔

تَغَاوَلَا. ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔

تَغَوَّلَ. الاَمْرُ: ابتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ الْمَرْاَۃُ: رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْھُمُ الغِیْلَانُ: بے راہ کر دینا اور بے راہ کر دینا۔ الاَرْضُ بِفُلَانٍ: ہلاک کر دینا

الغَوْلُ. مں۔ درد سر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دُوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔

الغُولُ. مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ۔ ج اغوال و غیلان سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج اَغْوَال.

الغِیْلَۃُ. اسم ہے اِغْتِیَال کا۔

الغَائِلَۃُ. مؤنث غَائِل. مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ بُرائی ج غَوَائِل.

الاَغْوَلُ. مِنَ الْعَیْشِ: آسودہ زندگی۔

المِغْوَلُ. ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ کیتی۔

المَغَالَۃُ. ہلاکت۔

غَوَی یَغْوِی غَیًّا وغَوِی یَغْوَی غَوَایَۃً. گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔

وغَوَّی واَغْوَی. الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

غَوِیَ یَغْوَی وغَوَیٰ یَغْوِی غَوًی الفَصِیْلُ. اُونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)

تَغَاوَی. تکلیف گمراہ بننا۔ بتکلف جاہل بننا۔ القَوْمُ عَلَیْہِ: قتل کرنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِنْغَوَی. الرَّجُلُ: گرنا اور جھکنا۔

اِسْتَغْوَی. الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًی وَ غَوِیًّا وَ مُغْوِیًّا وَ مَغْوِیًّا وَمَغْوِیًّا) یعنی میں نے تنہا رات بسر کی۔

الغَیَّۃُ والغِیَّۃُ. گمراہی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ وَلَدُغَیَّۃٍ" یعنی وہ ولد الزنا ہے۔

الغَاوِی. فا ج غَاوُوْنَ وغُوَاۃٌ. رَاسٌ غَاوٍ: چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔

والغَوِیُّ والغُوِیُّ والغَیَّانُ گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔

الغَاوِیَۃُ. مؤنث غَاوِی. مشک جس میں پانی ہو۔

الاَغْوِیَۃُ. مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِی اُغْوِیَۃٍ" ج اَغَاوِی.

المَغْوَاۃُ. گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ.

المُغَوَّاۃُ. گمراہی کی جگہ۔ ج مُغَوَّیَات.

غَابَ یَغِیبُ غَیْبًا وغَیْبَۃً وغِیَابًا وغُیُوبًا ومَغِیبًا. عَنْہُ: غائب ہونا۔ دُور ہونا۔ جدا ہونا۔

غَابَتِ الشَّمْسُ غِیَابًا وغَیْبُوبَۃً. آفتاب کا غروب ہونا الشَّیُ عَنْ فُلَانٍ. پوشیدہ ہونا عَنْ بِلَادِہٖ: سفر کرنا۔

غَابَ یَغِیبُ غِیَابًا وغَیَابًا وغَیْبَۃً وغِیَابَۃً وغُیُوبَۃً الشَّیُ فِی الشَّیِٔ: چھپ جانا۔

غَابَہٗ غَیْبَۃً واِغْتَابَہٗ واِغْتِیَابًا. غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔

غَیَّبَہٗ. دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَیَّبَہٗ غَیَابُہٗ یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔

اَغَابَتِ. المَرْاَۃُ: غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِیبٌ ومُغِیبَۃٌ ومُغْیِبٌ)

غَایَبَہٗ مُغَایَبَۃً. پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا مَعَکُمْ لَا اُغَایِبُکُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔

تَغَیَّبَ. عَنْہُ: غائب ہونا۔

تَغَایَبَ. القَوْمُ: غائب ہونا۔

الغَیْبُ. مں۔ شک۔ ہر وہ چیز جو تم سے غائب ہو۔ بھید۔ پست زمین۔ ج غِیَاب وغُیُوب. کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَیْبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔

الغَیْبَۃُ والغَیَابَۃُ. پست زمین۔ قبر۔

الغَیَابَۃُ مِنْ کُلِّ شَیٍٔ: پردہ مِنَ الوَادِی او الجُبِّ: وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِیْبَۃُ. پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِبُ. فا۔ ج غَیَبٌ وغُیَّبٌ وغُیَّابٌ غَائِبُونَ. غَائِبُکَ: جو چیز تم سے غائب ہو۔

الغَابَة. بانس کی جھاڑی۔ پست زمین۔ لوگوں کی جماعت، لمبا نیزہ۔ ج غَاب وغَابَات غَابَةُ البَحْرِ: سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغِیَاب. س۔ قبر۔ غِیَاب الشَّجَرِ وغَیَّابُہٗ: درخت کی جڑیں۔

الغیُوْب والغیَّاب. غائب کا اسم مبالغہ۔

الغَیْبُوْبَة. غروب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ عند غَیْبُوْبَةِ الشَّمْسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیْثُ غَیْثًا. اللّٰہُ البلادَ: برسانا۔ غَاثَ الغَیْثُ الاَرْضَ: بارش کا زمین پر برسنا۔

غِیْثَتِ. الاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔ صفت(مَغِیْثَة ومَغْیُوْثَة) غَاثَ النُّوْرُ: روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ. البَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیْث. بارش۔ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔ کہا جاتا ہے "رَعَیْنَا الغَیْثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوْث واَغْیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔ سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلا دھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغْیَدُ غَیَدًا. الغُلَامُ: لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر(اَغْیَد) صفت مؤنث (غَیْدَاءُ) ج غِیْد.

تَغَایَدَ. فِیْ مَشْیَتِہٖ: نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیْد. س۔ نزاکت۔

الاَغْیَد. نرم و نازک پودہ: مکان اغید بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَة. نرم و نازک بدن عورت۔ تروتازہ شاخ۔ ج غَادَات.

غَیْدَانُ الشَّبَاب. اوّل جوانی۔

غَیْدِ غَیْدِ. مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو، جلدی کرو۔

غَیْدَق. المَطَرُ: بارش کا بہت ہونا۔

الغَدَق. س۔ بہت پانی۔

الغَیْدَاق. سرسبز۔ فیاض۔

والغَیْدَق والغَیْدَقَان. نرم و نازک۔ غَارَ یَغَارُ غَیْرَةً وغَیْرًا وغَارًا. الرَّجُلُ عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ مِنْ فُلَان وھِیَ عَلَیْہِ مِنْ فُلَانَةٍ: غیرت کھانا۔ صفت (غَیْرَان وغَیُوْر و مِغْیَار) مؤنث(غَیُوْر وغَیْرٰی) ج غَیَارٰی وغُیَارٰی وغُیُر ومَغَایِیْر اور اسم الغِیْرة.

غَارَہٗ یَغِیْرُہٗ غِیَارًا. نفع دینا۔ کہا جاتا ہے "غَارَہٗ بِخَیْرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ و "غَارَھُمُ اللّٰہُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَہٗ یَغِیْرُہٗ غَیْرًا وغَیْرَةً. خون بہا دینا۔

غَیَّرَ الشَّیْئَ: بدل دینا۔ تغیر کر دینا۔

غَایَرَہٗ غِیَارًا ومُغَایَرَةً. تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ خرید و فروخت میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔ مغایرت برتنا۔

اَغَارَہٗ اِغَارَةً. غیرت پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّجُلُ اِمْرَاَةً: مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ. بدل جانا عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ: بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ. الزَّوْجَان: ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔ تَغَایَرَت الاَشْیَاءُ: چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا. الرَّجُلُ: غلہ مہیا کرنا۔

الغِیَر. س۔ اسم ہے تَغَیُّرٌ سے کہا جاتا ہے "مَنْ یَکْفُر بِاللّٰہِ یَلْقَی الغِیَر" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہوگا کہ صلاح سے فساد کی جانب پہنچ جائے گا۔

بَنَاتُ غِیَرٍ: جھوٹ اور باطل باتیں اور

(غَیْر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج اَغْیَار اور لا کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت کے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ" بمعنے لا باغیًا اور اِلّا کے معنی میں بھی۔ پس اسم الازم الاضافۃ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافة بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آ سکے اور اس سے پہلے لَیْسَ یا لَا ہو اور اضافت کے وقت رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے۔ کہو گے "قَبَضْتُ عِشْرَةً لَیْسَ غَیْرَھا وَلَیْسَ غَیْرُھا وَلَیْسَ غَیْرٌ وَلَیْسَ غَیْرُ وَلَیْسَ غَیْرًا وَلَیْسَ غَیْرَ" بمعنی لَیْسَ اِلَّا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ غَیْرَ مَرَّةٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الغِیْرَة. خون بہا۔ غلّہ کا ذخیرہ۔ نخوت اسم ہے غَارَ کا ج غِیَر.

غِیَرُ. الدَّھْرِ: زمانے کا حوادث۔

الغَیْرِیَّة. عینیت کے خلاف۔ ہر روش میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیْر والمَغْیُوْر. سیراب شدہ مقامات۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیْرٌ ومَغْیُوْر واَرْضٌ مَغِیْرَةٌ ومَغْیُوْرَة."

غَاضَ یَغِیْضُ غَیْضًا ومَغَاضًا وتَغَیَّضَ وانْغَاضَ. پانی کا کم ہونا۔ نیچے اُتر جانا

الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔

غَاضَ وغَیَّضَ واَغَاضَ المَاءَ او الثَّمَنَ: پانی یا قیمت کم کرنا۔ دَمْعَہٗ: آنسو روکنا۔

الغَیْض. س۔ ناتمام بچہ۔ قلیل۔

الغَیْضَة. ایک مرتبہ کم کرنا۔ جھاڑی۔ پانی کی جگہ میں بہت درخت۔ ج غِیَاض واَغْیَاض وغَیْضَات.

المَغِیْض. پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج مَغَایِض. کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَغِیْضٌ" یعنی وہ پانی جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاطَ یَغِیْطُ غَیْطًا. فِیْہِ: داخل ہونا۔

المُغَایَطَة. خصومت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ

مُغایَظَةٌ" یعنی ان کے درمیان خصومت ہے۔

الغَیط. باغ۔

غاظَهُ یَغِیظُهُ غَیظًا وغَیَّظَهُ واَغاظَهُ وغایَظَهُ غصّہ دلانا۔ غصّہ پر برانگیختہ کرنا۔

کہا جاتا ہے "غایَظَ صاحِبَهُ فِی العَمَلِ" مقابلہ کرنا۔

تَغَیَّظَ. الحَرُّ: سخت گرمی ہونا (واغتاظ) غضبناک ہونا۔

الغَیظ. س۔ غضب یا سخت غضب۔

الغِیاظ. غم۔ مشقت۔

المَغِیظ. ناراض۔ رنجیدہ۔

غافَت تغِیفُ غَیفانًا واَغیَفَت وتَغَیَّفَت. الشَجرةُ: دائیں بائیں جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ صفت (غَیفاء)

(غَیَّفَ) بھاگنا۔ بزدل ہونا (و تغَیَّفَ) عَنِ الاَمرِ. انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔

اَغافَ. الغُصنَ: ٹہنی کو جھکانا۔

الغاف. ایک درخت ہے جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے واحد غافَةٌ ہے۔

الغَیف. پرندوں کا جھنڈ۔

الاَغیَف. نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "عَیشٌ اَغیَف" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی۔ مؤنث غیفاء شجرة غیفاء: جھکی ہوئی ڈالیوں والا درخت۔

الغَیّاف. بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔

الغَیفان والغَیَّفان. متکبرانہ چال۔

غَیَّقَ المالَ. بگاڑنا، فاسد کرنا فِی رَایِهِ: غیر مستقل مزاج ہونا الطائِرُ. اپنی جگہ پر پھڑ پھڑانا بَصَرَہ. نگاہ کو پھیرنا۔

تَغَیَّقَت. العَینُ. آنکھ کا تاریک ہونا۔

غاقِ. مبنی علی الکسر۔ کوّے کی آواز کی حکایت اگر نکرہ کیا جائے تو (غاقٍ) تنوین سے کہا جاتا ہے۔

الغاقُ (والعاقةُ) کوا۔ ایک آبی پرندہ ہے جس کو غوّاص اور غُرابُ الماء بھی کہتے ہیں۔

غالَت تغِیلُ غَیلًا واَغالَت اِغالةً المَرْأةُ ولَدَها: بچّے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔ صفت (غائِلَةٌ و مُغِیل ومُغیِل)

غالَهُ یَغیلُهُ غِیالًا وغِیالَةً وغُؤُولًا. چرانا۔

اَغیَلَت اِغیالًا. المَرْأة ولدها: بچّے کو بحالت حمل دودھ پلانا الشَجرة: درخت کا بڑا اور گھنا ہونا الغَنَم: بکری کا سال میں دو مرتبہ بچّہ جننا۔

تَغَیَّلَ. القَومُ: کثیر المال ہونا۔

تَغَیَّلَت واستَغیَلَت. الشَجرةُ: درخت کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (مِغیال)

اِغتال اِغتِیالًا. الغُلامُ: موٹا تازہ ہونا۔

الغَیل. حالتِ حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا۔ مؤنث غَیلَة. زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی جس میں چشمے جاری ہوں۔ دُور کی چیز جو نزدیک دکھائی دے۔

الغِیل. جھاڑی۔ گنجان درخت۔ وادی جس میں پانی ہو۔ شیر کی مانند ج اَغیال وغُیُول.

الغِیلَة. دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔ حمل میں دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ غِیلَةً" دھوکے سے مار ڈالا۔

الغائِلَة. شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف۔ ج غوائل الغوائل: مصیبتیں۔

المَغالَة. بدی۔ بُرائی۔

الاَغیَل. پُر گوشت۔

الغَیّال. اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ غیل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔

المُغیال. گھنا سایہ دار درخت۔

غامَت تَغِیمُ غَیمًا وغَیَّمَت واَغامَت اِغامَةً واَغیَمَت اِغیامًا و تَغَیَّمَتِ السَماءُ: بادل والا ہونا۔ غامَ البَعیرُ: اُونٹ کا پیاسا ہونا۔ صفت (غَیمان) مؤنث (غَیمیٰ) اَغیَمَ القَومُ پیاسا ہونا اَغیَموا فِی المَکانِ. اقامت کرنا۔

غَیِمَ. البعیر. اُونٹ کا پیاسا ہونا۔

الغَیم. س۔ بادل ج غُیُوم: واحد (غَیمَةٌ) پیاس۔ اُونٹ کی ایک بیماری جس سے پیاس لگتی ہو۔

یَومٌ (غَیُومٌ) بدلی کا دن۔

غانَ یَغِینُ غَینًا. پیاسا ہونا۔

غانَت نَفسُهُ: متلانا۔ غانَت و غِینَتِ السَماءُ. آسمان پر بادل گھر آنا۔

غِینَ واُغیِنَ. عَلیٰ قَلبِهِ: خواہشات کا غالب ہونا۔

اَغانَ السَحابُ السَماءَ: بادل گھر آنا۔

غَیَّنَ. غَینًا: حرف غ لکھنا۔

الغَین. س۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔

الغَینَة. بلا پانی کے گھنے درخت۔

الغِینَة. پیپ مُردار سے جو بہے جھاڑی۔

الاَغیَن. مِنَ الشَجَرِ والنَباتِ: سرسبز اور لمبا۔ مؤنث غَیناءُ ج غِین.

الغَیهَم. تاریکی۔

غَیّا تَغیِیَةً واَغیا اِغیاءً. الغایَة ای الرایَة: جھنڈا گاڑنا۔ غَیّا القَومُ: جھنڈا گاڑنا الطَیرُ عَلَی الشَیءِ پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اَغیا السَحابُ. بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغیا الرَجُلُ: شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا۔

الفَرَسُ فِی سَباقِهِ. گھوڑے کا حد مقررہ پر پہنچنا۔

غایا مُغایاةً. القَومُ فِی راسِهِ بالسُیُوفِ: کسی کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔

تَغایَت. الطَیرُ عَلَی الشَیءِ: پرندہ کا منڈلانا۔ کہا جاتا ہے "تَغایَوا عَلَیهِ حَتّیٰ قَتَلُوهُ" یعنی ایک دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

الغایَة. مدت۔ جھنڈا۔ نتیجہ۔ ج غایات. وغایٌ اور نسبت کیلئے (غائِیٌّ) اور کہا جاتا ہے "غایَتُكَ اَن تَفعَلَ کَذا" یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ والغایَة: پھڑ پھڑانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے

کی لے۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بَعِيْدُ الغَايَةِ" یعنی تمہاری رائے درست ہے۔
الغَايَةُ. آفتاب کی شعاع کی روشنی کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ انداز

ہو۔ جیسے بادل۔ گرد و غبار ج غَيَايَات.
الغَيَّة. غوی کا مادہ دیکھئے۔
الغیر دیا: چوڑے پھولوں والا مالٹا رنگ کے پتے والا پودا۔

المُغَيَّا. جس کیلئے غایت مقرر کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "الغَايَةُ لَاتَدْخلُ فِيْ المُغَيَّا" یعنی حد محدود میں داخل نہیں۔

ف

ف: اَلْفَاءُ بیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ شفوی حروف (ہونٹ کے ہونٹ کے ساتھ ملنے کی وجہ سے ادا ہونے والے) سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۸۰)

اَلْفَاء. یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے۔

(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَیْدٌ فعمرٌو.

(۲) تعقیب جیسے حَبَسَ زَیْدًا فقتلَهُ.

(۳) سَبَبِیَّت جیسے ضَرَبَ زَیْدًا فَمَاتَ.

(۴) رابطہ۔ جواب شرط میں جیسے اِنْ کُنْتُمْ تحِبُّوْنِی فَاحفظُوْ وَصَایَای. شبہ جواب شرط میں جیسے اَلَّذِیْ یَاتِنِیْ فَلَهٗ دِرْهَمٌ.

(۵) ناصبہ مضارع کیلئے بتقدیر اَنْ جیسے زُرْنِیْ فَاُکْرِمَكَ.

(۶) استیناف کیلئے جیسے یَقُوْلُ کُنْ فَیَکُوْن.

(۷) زائدہ جیسے زَیْدٌ فَلَا تَضْرِبْهُ. خَرَجْتُ فَاِذَ الْاَسَدُ فِیْ الدَارِ. ولَمَّا قُمْتَ فَقُمْنَا.

اِفْتَأْت. بِرَایِهٖ: رائے میں منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا عَلٰی البَاطِلِ: گھڑ لینا۔

اُفْتِئِتَ. اچانک مر جانا۔

فَأَدَهٗ (ف) فَأْدًا. دِل پر مارنا۔ دِل پر لگنا۔

فَأَدَ الخوف فُلَانًا: بزدل بنانا اللَّحْمَ فِی النَّارِ: گوشت بھونا الخُبْزَ: روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔

فُئِدَ فَأْدًا وفَئِدَ (س) فَأَدًا. دِل کی بیماری والا ہونا۔

اِفْتَادَ الرَجُلُ: بھوننے کیلئے آگ جلانا۔

اللَّحم فِی النَارِ: گوشت بھونا۔

تَفَأَدَت. النَارُ: آگ کا جلنا۔

الفُوَاد. دِل۔ بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج اَفْئِدَةٌ.

الفَئِیْد. آگ۔ بھنا ہوا۔ بزدل۔

الاُفْئُود. بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ ج اَفَائِید.

المُفْتَاد. آگ جلنے کی جگہ۔

المِفْأَد والمِفْآد والمِفْأَدَة. آگ کریدنے کا لوہا یا لکڑی۔ سیخ۔ مَفَائِد ومَفَائِیْدُ.

المَفْئُوْد. دِل کی بیماری والا۔ بزدل۔ بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھنا ہوا۔

فَأَرَ(ف) فَأْرًا. التُرَابُ: مٹی کھودنا۔ الشَّیَٔ: دفن کرنا۔ چھپانا۔

فَئِرَ(س) فَأَرًا. المَکَانُ: بہت چوہے والا ہونا۔

الفَار. س۔ چوہا۔ ج فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ واحد (اَلْفَأَرَة) مذکر ومؤنث دونوں کیلئے۔

الفَأْرَة. مشک کا نافہ۔

مَکَانٌ (فَئِرٌ) واَرْضٌ (فَئِرَةٌ ومَفْأَرَةٌ) بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی زمین۔

فَأَسَ (ف) فَأْسًا. الخَشْبَة: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا الرَجُلَ: کلہاڑی سے مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔

الفَأْسُ. س۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَاسٌ) اور یہ مؤنث سماعی ہے ج اَفْؤُس و فُؤُوْس فَأْسُ الرَّاسِ: سر کے پچھلے حصہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔ فَأْسُ الفَمِ: منہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں۔ فَأْسُ اللجَام: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔

فَأْفَأَ فَأْفَأَةً. الرَجُلُ: حرف فا اکثر بولنا۔ صفت (فَأْفَاءٌ وفَأْفَأٌ)

فَاقَ(ف) فُؤَاقًا. ہچکی آنا۔

فَأَّلَه تَفْئِیْلًا. بِالشَّیْٔ: فال لینا۔

تَفَأَّلَ وتَفَائَلَ و اِفْتَأَلَ. بِهٖ: اچھا شگون لینا۔

الفَال. نیک شگون۔ جیسے مریض کسی کو یا سالم کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہو جائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَال عَلَیْكَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں۔ ج فُؤُلٌ واَفْؤُلٌ.

فَأَمَ (ف) فَأْمًا. مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

فَأَمَ وفَئِمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ. البَعِیْرُ: گھاس سے منہ بھرنا۔

فَأَمَ واَفْأَمَ. القَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا۔

اَفْأَمَ الدَلْوَ: ڈول بھرنا۔

الفِئَام. لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُمٌ کہا جاتا ہے قَطَّعُوْهُ (فُؤَمًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

فَأَی یَفَای فَأْوًا وفَأْیًا. رَاسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔

اَفْأَی. تنگ وادی میں پڑنا۔

تفأی. القدْحُ: پیالہ کا پھٹنا۔
اِنفأی. کھلنا الشَّیُ: پھٹنا۔
الفَأو. س۔ دو پہاڑوں کے درمیان شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چکنی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔
الفِئة. جماعت۔ گروہ ج فِئات و فِئُون.
فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ. الشَّیْ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِیْ سَاعِدِہٖ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ "فَتَّ فِیْ عُضُدِہٖ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان وانصار کو متفرق کر دیا۔
اِنفتَّ وتفتَّتَ. ٹوٹنا۔
الفَتُّ. س۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهلُ بَیْتٍ فَتٌّ وفِتٌّ وفُتٌّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔
الفَتَّةُ الفُتَّة. خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا یُسَاوِی فُتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔
الفُتات. چورا۔
الفَتِیْتَة. ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِتُ.
الفَتِیْت والفَتُوت والمَفْتُوت. چورا کیا ہوا۔
فَتأَ (ف) فَتْأً. النارَ: آگ بجھانا۔ فتأہُ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔
فَتِیَٔ (س) فَتْأً. عنہُ: رُکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مافَتَأَ (ف س) ومَافَتِئَ (س) یفعل ذٰلِکَ" یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا۔ اور یہ افعالِ ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔
فَتَحَ (ف) فَتْحًا. البابَ: دروازہ کھولنا۔ القَنَاۃَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔ البِلادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا الحَاکِمُ بَیْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا اللّٰهُ عَلَیْہِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا سِرَّہٗ عَلٰی فُلانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔
فَتْحًا وفُتاحَۃً. اللّٰهُ عَلٰی فُلانٍ: مدد کرنا۔
فَتَّحَ. بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
تَفَتَّحَ. کھلنا فی الکَلامِ. بالمَالِ عَلٰی فُلانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الاَکِمَّۃُ عن الشَّیْ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنفتحَ کھلنا۔ اِنْفَتَحَ عَنِ الشَّیْ: کھل جانا۔
فَاتَحَہٗ. فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَہٗ بالاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَیْعَ: بیع میں آسانی کرنا المَرْأَۃَ: عورت سے جماع کرنا۔
تَفَاتَحَ. القَوْمُ کَلامًا بَیْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اِفْتَتَحَ. البِلادَ: ملک فتح کرنا (واستفتح) الاَبْوَابَ: دروازے کھولنا الاَمْرَ بکَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلُ: مدد طلب کرنا۔
الفَاتِح. فا۔ ج فَتَحَۃ وفَاتِحُوْن.
الفَتْح. س۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوح. یَوْم الفَتْح: قیامت کا دن۔ الفَتْحُ: زبر۔
الاِفْتِتَاحِیَّۃُ: اداریہ اخبار
الفُتُوحَات. لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔
الفَتْحَہ. ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔
الفَتَاحَۃ. س۔ مدد۔
الفِتَاحَۃ والفُتَاحَۃ. دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا فُتَاحَات" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔
الفُتُح. کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیشی۔
الفُتْحَی. ہوا۔
الفُتْحَۃ. کشادگی۔ مال یا علم وادب پر ناز۔ ج فُتَح.
الفَاتِحَۃ. مِنَ الشَّیْ: ابتداء اور اسی سے ہے فَاتِحَۃُ الکِتَابِ ج فَوَاتِح۔
الفُتُوح. بہار کی پہلی بارش ج فُتُح.
الفَتَاح والفِتَاح والفُتُوحَۃ. حکومت۔
الفَتَّاح اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔
الاِسْتِفْتَاح. س۔ اور حرف استفتاح۔ نحویوں کے نزدیک الا ہے۔
المَفْتَح. خزانہ دفینہ۔ ج مَفَاتِح.
المِفْتَح. کنجی۔ ج مَفَاتِح. المِفْتَح: پانی کی نالی۔
المِفْتَاح. کنجی۔ ج مَفَاتِیْح.
فَتِخَ (س) فَتَخًا. ڈھیلے نرم و کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخ) فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ. اَصَابِعَہٗ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔
اَفْتَخَ. الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔
تَفَتَّخَ. چھلا پہننا۔
الفَتَخَۃ والفَتْخَۃ. چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔ ج فَتَخ (فَتَخَات وفُتُوْخ وفِتَاخ. فُتُوْخ الاَسَدِ) شیر کے پنجے۔
الاَفْتَخُ. نرم کمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث فَتْخَاء ج فتخ. اَسَدٌ اَفْتَخُ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْف: کمزور نگاہ والا مرد۔
الفَتْخ والفَتَخَۃ. گٹے سے باز تک کا باطنی حصہ۔
فَتَرَ (ن ض) فُتُوْرًا وفُتَارًا وتَفَتَّرَ. تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا المَاءُ: حرارت کم ہونا عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔
فَتْرًا وفُتُوْرًا جِسْمُہٗ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔
فَتْرَۃً وفُتُوْرًا. الحَرُّ: کم ہونا۔
فَتَرَہٗ (ن ض) فَتْرًا. انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔
فَتَّرَ. تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادۂ بارش ہونا۔ فَتَّرَہٗ: سکون و نرمی پر برانگیختہ کرنا۔ فَتَّ

الماءَ: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔
اَفْتَرَ. کمزور پلکوں والا ہونا الشَّرَابُ: شراب کا مست کر دینا ہُ الدّاءُ او السُّکْرُ: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف و کمزور کر دینا۔
اِسْتَفْتَرَ. الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیئے جانے کی وجہ سے تھکن دُور ہو کر آرام پانا۔
اَلْفَاتُوْرَةُ: سامان خرید و فروخت کا تفصیلی بل جس میں قیمت سامان اور حساب لکھا ہوتا ہے۔
الفتر. کمزوری۔ فتور۔
الفِتْر. انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔
الفَتْر. آٹا چھاننے کیلئے کھجور کی چٹائی۔
الفَتْرَة. سستی و کمزوری۔ صلح۔ بخار کے دو باری کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج فَتَرَات.
والفِتَّر. ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔
الفُتَار. مں. بیہوشی کی ابتدا (مَاءٌ. فَاتُوْرٌ) نیم گرم پانی۔
فَتْرَصَهٗ فَتْرَصَة. کاٹنا۔
فَتَشَ (ض) فَتْشًا وفَتَّشَ. الشَّیَٔ: ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ فتش و فتش عنه: سوال کرنا اور بحث کرنا۔
اَلْمُفَتِّشُ: تفتیشی (انکوائری) افسر۔
اَلْفَتُوْشُ: وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز، اجمور اور کھیرے وغیرہ سے تیار کر کے اس پر کھٹائی لگائی جاتی ہے۔
اَلْفِتِّیْشُ زاکٹ
الفَتَّاش. بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
فَتَغَ (ف) فَتْغًا الشَّیَٔ: روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَتَّغَ. ریزہ ریزہ ہونا۔
فَتْفَتَ اِلَیْهِ فَتْفَتَةً چپکے چپکے بات کہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا هٰذِهِ الفَتْفَتَةُ والدَّنْدَنَةُ"
الفَتَافِت. پوشیدہ اقوال۔
فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا وفَتَّقَ. الشَّیَٔ: پھاڑنا الثَّوْبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ اُدھیڑنا
المِسْكَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔
العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔
بَيْنَ القَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔
الكَلَامَ: واضح کہنا۔
فَتِقَ (س) فَتَقًا. المكان: سرسبز ہونا۔
اَفْتَقَ. القَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔ قَرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔
السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا الرَّجُلُ. مختلف مصائب و آفات والا ہونا۔
تَفَتَّقَ وانْفَتَقَ. پھٹنا وانْفَتَقَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فُلَانٌ بِالكَلَامِ: زبان کا رواں ہونا۔
الفَتْقُ. مں. کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ اِلَى فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے ج فُتُوْقٌ. کہا جاتا ہے "عَامٌ ذُو فُتُوْقٍ" کم بارش کا سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں اللہ الفَتْق والفَتَق. صبح۔
الفِتَاق. خمیر کا بڑا پیڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دوائیوں کا مرکب۔
الفُتُوْق. آفات جیسے مرض بھوک فقیری تھوڑی بارش۔
الفَتِيْق. موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔
الصُّبْحُ الفَتِيْق: چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِيْقُ اللِّسَان تیز زبان مرد۔
اِمْرَاَةٌ (فُتُقٌ و مُتَفَتِّقَةٌ) تیز زبان۔ جلد جواب دینے والی عورت۔
المَفْتُوْق. مں فتق کی بیماری والا۔
الفَيْتَق. دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ۔
مَفْتَقُ. القَمِيْص: قمیص کا گریبان۔
الفَتْقَاء. کشادہ شرمگاہ والی عورت۔
فَتَكَ (ن ض) فَتْكًا وفِتْكًا وفُتْكًا و فُتُوْكًا. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔
بِفُلَانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔
فِي الاَمْرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔
فَتَكَ (ن ض) فُتُوْكًا. فِي صَنَاعَةٍ: اپنے پیشہ میں ماہر ہونا فِي الخُبْثِ: خیانت میں مبالغہ کرنا۔
فَتَّكَ. القُطْنَ: روئی دھننا۔
اَفْتَكَ. الرَّجُلُ: بمعنی فَتَكَ.
فَاتَكَهٗ مُفَاتَكَةً. کھلم کھلا قتل کرنا فَاتَكَ الشَّیَٔ و الاَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا ہ: ہنر مندی سے مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔
تَفَتَّكَ. بِاَمْرِهٖ: خود رائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔
الفَاتِك. فا۔ دلیر۔ بہادر۔ ج فُتَّاك کہا جاتا ہے "هُوَ فَاتِكُ القَلْبِ" یعنی وہ کر گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْتَكَهٗ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔
فَتَلَ (ض) فَتْلًا و فَتَّلَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَلَ وَجْهَهٗ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے چہرے کو پھیر لیا "و فَتَلَ ذُؤَابَةَ فُلَانٍ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔ فَتَلَ البُلْبُلُ: چہچہانا۔ اور مثال ہے "مَا زَالَ يَفْتِلُ مِنْ فُلَانٍ فِي الذِّرْوَةِ والغَارِب" یعنی وہ فلاں کے فریب دہی کیلئے چکر لگاتا ہے۔
فَتِلَ (س) فَتَلًا. بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت (افتل) مؤنث (فَتْلَاء).
تَفَتَّلَ و انْفَتَلَ. رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔
الفَتْلَةُ. فتل کا اسم مرۃ۔ ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔ بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ ج فَتْلٌ.
الفَتَلَة۔ درخت عُرْفُط اور عضاہ کا دانہ ج فتل. کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْكَ فَتْلَةً او فَتَلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔
الفَتِيْل. بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِيْلَةٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (والفَتِيْلَه) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْكَ فَتِيْلًا" یعنی میں تم

کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔ الفَتِیْلَۃ: بتی۔ ج فَتَائِل و فُتِیْلات.
الفَتّال. بہت بٹنے والا بلبل۔
المِفتَل. بٹنے کا آلہ۔
المَفْتُوْل. مع مفتول الخلق: مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔
فَتَنَہ (ض) فَتْنًا و فُتُوْنًا و فَتَنَہ و افْتَنَہٗ. تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّان.
فَتَنَ (ض) فُتُوْنًا و فُتِنَ. اِلَی النِّسَاءِ: عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔
فَتَنَ (ض) فِتْنَۃً و مَفْتُوْنًا فُلَانًا: گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔
فَتَنًا. الشَّیْئَ: جلانا فُلَانًا عَنْ رَأیِہٖ: روک دینا۔ پھیر دینا۔
فِتْنَۃُ. الصَّائِغ الذَّھَبَ: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔
فُتِنَ و اُفْتُتِنَ. مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا فِیْ دِیْنِہٖ: اعراض کرنا۔
اِفْتَتَنَ. فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَتَنَہٗ: فتنہ میں ڈالنا۔
تَفَتَّنَہٗ. فتنہ میں ڈالنے کیلئے تکلف کرنا۔
الفَاتِن. فا۔ چور، شیطان، حق سے گمراہ کرنے والا۔
الفَتْنُ. س۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "العُمْرُ فَتْنَان" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بُری۔
الفِتْنَۃ. س۔ آزمائش۔ گمراہی و کفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال و اولاد۔ اختلاف آراء و وقوع جنگ و جدال ج فِتَن.
الفَتَّان. بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔ الفَتَّانَان: چاندی و سونا۔
الفَتَّانَۃ. مؤنث۔ فَتَّان. کسوٹی۔
الفَتِیْن. پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے جیسے ہوں ج فُتُنٌ. ذَھَبٌ فَتِیْنٌ: جلا ہوا سونا۔

الفَیْتَن. بڑھئی۔
المَفْتُوْن. س۔ مع۔ دیوانہ۔ پاگل۔
فَتَا یَفْتُوْ فَتْوًا الرَّجُلَ: سخاوت و جوانمردی میں غالب ہونا۔
فَتِیَ (س) فَتًی و تَفْتًی تَفَتِّیًا. جوان ہونا۔
فُتِّیَ تَفْتِیَۃً و تَفَتّٰی تَفَتِّیًا. فُتِیت البنت و تفتت: پردہ نشینی کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَفَتَّی الرَّجُلُ: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرَوُ مِنْ شَیْخٍ یَتَفَتّٰی."
اَفْتٰی اِفْتَاءً. فُلَانًا فِی الْمَسْأَلَۃِ: فتویٰ دینا۔
فَاتٰی. الرَّجُلَ: جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔
تَفَاتٰی. صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَفَاتَوْا اِلَی العَالِمِ: فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔
اِسْتَفْتٰی استفتاءً. العَالِمَ فِیْ مسالۃ: فتویٰ طلب کرنا۔
الفَتَاءُ و الفُتُوَّۃُ. جوانی۔ الفُتُوَّۃ: سخاوت کرم۔ مروت۔
الفُتْوٰی و الفَتْوٰی و الفُتْیَا. شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی و الفَتَاوٰی.
الفَتٰی. نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا تثنی فَتَوان و فَتَیَان اور ج فِتْیَان و فِتْیَۃٌ و فُتُوَّۃٌ و فُتُوٌّ و فُتِیٌّ و فِتِیٌّ.
الفَتَیَان. دن رات۔
الفَتَاۃ. نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتیات و فَتَوَات.
الفَتِیُّ. ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ و اَفْتَاء مؤنث فَتِیَّۃ.
اَلْفِتْیَّۃُ: سفید پھول کی ایک قسم۔
المُفْتِی. فا ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔
فَثَّ (ن) فَثًّا. القُفَّۃَ: ٹوکری سے بکھیر دینا۔ الحَارَّ بِالبَارِدِ: ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔
اِنْفَثَّ. العُوْدُ: لکڑی کا ٹوٹنا الرَّجُلُ شکستہ دل ہونا۔
تَمْرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور۔
المَفَثَّۃ. زیادتی کثرت۔
فَثَأَ (ف) فَثْأً و فُثُوْءًا. القِدْرَ: ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا الغَضَبَ: غصہ کی تیزی کم کرنا الشَّیْئَ عَنْہُ: روکنا۔
اَفْثَأَ. تھکنا، سست ہونا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا (و اِنْفَثَأَ) الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا۔
فَثَجَ (ن) فَثْجًا. الشَّیْئَ: کم کرنا المَاءَ الحَارَّ بِالبَارِدِ گرمی کم کرنا (و فَثَّجَ و اَفْثَجَ و اُفْثِجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا یُفْثَجُ" فلاں بحر ناپید اکنار ہے۔
الفَاثِج. فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج.
الفَاثُوْر. سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شہر یا کا برتن۔ جاسوس۔
فَثَغَ (ف) فَثْغًا. رَاسَہٗ: پھوڑنا۔
فَجَّ (ن) فَجًّا. القَوْسَ: کمان کو کھینچنا۔ ما بین رجلیہ: کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّتِ النَّاقَۃُ لِلْحَلْبِ: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔
فَجَّ (س) فَجَجًا. چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجّ.
اَفَجَّ. مَابَیْنَ رِجْلَیْہٖ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجٌّ) فِی المَشْیِ. جلدی چلنا۔ درہ میں چلنا اَفَجَّ الاَرْضَ بِالمِحْرَاثِ: ہل چلانا۔
تَفَاجَّ. ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔
اِنْفَجَّتِ. القَوْسُ: کمان کا کھنچ جانا۔
اِفْتَجَّ. الرَّجُلُ: درے میں چلنا۔
الفَجُّ. درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج.
الفُجَاج. درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔
الفِجُّ و الفَجَاجَۃ. مِنَ الفَوَاکِہِ و غَیْرِھَا:

کچا میوہ وغیرہ۔

الفُجَّة. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَمْشِیْ (مُفَاجًّا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے۔

الافُجِیْج. کشادہ وادی۔ تنگ وگہرا۔

الفُجْجُ. کاہل و سست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کو ناپسند کیا جائے۔

فَجَأَ (ف) وفَجِئَ (س) فَجْأً وفَجْأَةً وفَجَائَةً وفاجأ مُفَاجَاةً وافتجأ اِفْتِجَاءً. الرَجُلَ: اچانک آجانا۔ جلدی کرنا۔

الفُجَائَة. س۔ اچانک۔

حرف (المُفَاجَاة) لفظ اذا ہے جیسے خَرَجْتُ فإذا الاسَدُ بالبَابِ اور اس کو الفُجَائِیَه بھی کہا جاتا ہے۔

فَجَرَ (ن) فَجْرًا. المَاءَ: پانی بہانا۔ جاری کرنا القناۃ: نالی نکالنا۔

اللّٰهُ الفَجْرَ: فجر طلوع کرنا فُلَانًا: جھٹلانا۔ نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

فَجَرَ (ن) فُجُوْرًا. عَنِ الحَقِّ: تجاوز کرنا۔

عَنْ سَرْجِه: زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔

فَجَرَ (ن) فَجْرًا وفُجُوْرًا. جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ اَمْرُهُمْ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔

مِنْ مَرْضِه. صحیح و تندرست ہونا۔

فَجِرَ (س) فَجْرًا. فیاضی کرنا۔

فَجَّرَ. المَاءَ: پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ الرَجُلَ: بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔

فَاجَرَ فِجَارًا ومُفَاجَرَةً. المَرْأَةَ: زنا کرنا۔

أَفْجَرَ. جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مال کثیر لانا

الیَنْبُوْعَ: چشمہ جاری کرنا۔

فُلَانًا: فاجر پانا۔

اِنْفَجَرَ. عَلَیْهِمُ العَدُوُّ: دشمنوں کی طرف سے بکثرت آجانا۔

و تَفَجَّرَ. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

الصبح: صبح کا روشن ہونا بالعطاء فیاضی کرنا۔ اِنْفَجَرَ عنه اللیلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِفْتَجَرَ. فِی الکَلَامِ: گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا۔

تَفَاجَرَ. القَوْمُ: گناہوں میں منہمک ہونا۔

الفَجْر. بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرتِ مال۔ الفَجْر. س۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ فَجْرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔

الفَجْرَةُ. □ فجر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فَجْرَةَ" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الفُجْرَة. مِنَ الوَادِی: وادی کا وسیع حصّہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔ ج فُجَر.

الفُجْرَة والمَفْجَرَة والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُنْفَجَر الرمل: ریگستان میں راستہ۔

فَجَار. الفجور کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "فَحَمَلَتْ بَرَّةَ واحْتَمَلْتُ فَجَارِ" اور عورت کیلئے بھی فَجَارِ بمعنی فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔

الفِجَار. کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔

الفَاجِر. فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار۔ جادوگر ج فَاجِرُوْن وفَجَرَةٌ و فُجَّار.

الفَاجِرَة. مؤنث فاجر. کہا جاتا ہے "یَمِیْنٌ فَاجِرَةٌ" یعنی جھوٹی قسم۔

الفَجُوْر. زانیہ۔ زانی۔ گناہوں میں منہمک ج فُجُر.

الفَاجُوْر. زناکار۔ گناہوں میں منہمک۔

فَجَزَ (ن) فَجْزًا. تکبر کرنا۔

فَجَسَ (س) فَجْسًا. تکبر کرنا۔ شرارت کرنا۔ فُلَانًا: غالب آنا۔

اَفْجَسَ. باطل پر فخر کرنا۔

تَفَجَّسَ. عَلَیْهِ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔

فَجَشَ (ن) فَجْشًا. سر توڑنا۔ چوڑا بنانا۔

فَجَعَهُ (ف) فَجْعًا وفَجَعَهُ. دردمند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُجِعَ فِیْ مَالِهِ وبِمَالِهِ" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔

اَفْجَعَتْه المُصِیْبَةُ: مصیبت زدہ کرنا۔

تَفَجَّعَ. دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے۔

الفَاجِع. فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔ جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ فَاجِعٌ" دردمند عورت۔ رَجُلٌ (فَاجِعٌ و مُتَفَجِّعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت و افسوس کرنے والا مرد۔

مَوْتٌ فَاجِعٌ وفَجُوْعٌ. مصیبت لانے والی موت۔

الفَاجِعَة. مصیبت ج فَوَاجِع.

الفَجِیْعَة. مصیبت ج فَجَائِع

فَجُلَ (ن) فَجْلًا وفَجِلَ (س) فَجَلًا. الشَّیُٔ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔

فَجَّلَ الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔

اِفْتَجَلَ. الامْرَ: ایجاد کرنا۔

الفَاجِل. فا۔ جواری۔

الفُجْلُ والفُجُلُ. مولی۔ واحد فُجْلَة.

الفَجَّال. مولی بیچنے والا۔

الافْجَل. وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دوری ہو۔

فَجِمَ (س) فَجَمًا. موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت (افْجَم)

تَفَجَّمَ وانْفَجَمَ. الوَادِی: وادی کا کشادہ ہونا۔ فَجْمَةُ. الوَادِی وفُجْمَتُهُ: وادی کی کشادہ جگہ۔

اَفْجَنَ. سداب کھانے کی مداومت کرنا۔

الفَیْجَن. سداب (ایک قسم کی گھاس)

فَجَا یَفْجُو فَجْوًا. البَابَ: دروازہ کھولنا القَوْسَ: کمان کھینچنا۔

فَجِیَ یَفْجَی فَجًا. پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجَی) مؤنث فجواء فجیت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا الناقة: اُونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔

تفاجی کشادہ جگہ ہونا۔
اِنْفَجٰی۔ الْبَابُ: دروازہ کھلنا۔ القَوْمُ عَنْ فُلَانٍ علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ القَوْسُ کمان کھنچ جانا۔
الْفَجْوَۃُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ ج فجوات وفِجَاءٌ۔
الْفَجْوَاءُ مؤنث اَفْجٰی کشادہ زمین۔
فَجِیَ یَفْجٰی فَجًی بمعنی فَجِیَ الْوَادِیْ۔
فَجَّی تَفْجِیَۃً۔ الشَّیئَ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشَّیئُ عَنْہُ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
اَفْجٰی اِفْجَاءً۔ الرَّجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔
فَحَّ (ن ض) فَحًّا وفَحِیْحًا وتَفْحَاحًا النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا الافْعٰی: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحَّۃٌ۔ الْفِلْفِلِ: مرچ کی تیزی۔
الْفُحْحُ: پھنکارنے والے سانپ۔
الْفَحِیْحُ مص۔ فحیح الافعی: سانپ کے منہ کی آواز۔
فَحَجَ (ف) فَحْجًا: تکبر کرنا۔
فَحِجَ (س) فَحَجًا وفُحْجَۃً وفَحَجَ فِیْ مَشْیَتِہٖ: قدم کے اگلے حصے کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ صفت (اَفْحَجُ) فَحَجَ رِجْلَیْہِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اَفْحَجَ۔ عَنِ الْاَمْرِ: رکنا۔ ہٹ جانا۔
تَفَحَّجَ۔ الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اِنْفَحَجَتْ۔ سَاقَاہُ: کشادہ و بعید ہونا۔
فَحَسَ (ف) فَحْسًا۔ الشَّیئَ مِنَ الْمَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔ جوبن کو ہاتھ سے ملنا۔
تَفَحَّسَ۔ فِیْ مَشْیَتِہٖ: ناز سے چلنا۔
فَحُشَ (ک) فُحْشًا وفَحَاشَۃً الْاَمْرُ: برا ہونا۔ فَحُشَتِ الْمَرْاَۃُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔
فَحَّشَ بِہٖ: طعن و تشنیع کرنا۔
اَفْحَشَ و تَفَاحَشَ: بری بات کہنا۔ بری بات کرنا۔
اَفْحَشَ الرَّجُلُ بخل کرنا۔
تَفَاحَشَ الْاَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔
تَفَحَّشَ۔ عَلَیْھِمْ بِلِسَانِہٖ: بدکلامی کرنا۔ گالی سنانا۔
الْفَاحِشُ۔ قبیح۔ بد خلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غَبْنٌ فَاحِشٌ جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ رَجُلٌ فَاحِشٌ یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا مؤنث فَاحِشَۃٌ۔
الْفَاحِشَۃُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِشُ۔
الْفَحْشَاءُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الْفَحَّاشُ: فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَۃٌ۔
الْفُحْشُ مص۔ قبیح قول یا فعل۔
الْمُتَفَحِّشُ: بدزبان بے حیا۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا۔ عَنْہُ: تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا۔ الْمَطَرُ التُّرَابَ: بارش کا مٹی کو الٹ پلٹ دینا۔ التُّرَابَ: کھودنا۔ بِرِجْلِہٖ: پاؤں سے کھودنا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا تیز دوڑنا۔ لِلْخُبْزَۃِ: روٹی کے لیے آگ میں جگہ بنانا۔
فَاحَصَہٗ فِحَاصًا ومُفَاحَصَۃً: ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔
فَحَّصَہٗ واَفْحَصَہٗ۔ عَنْہُ: دور کرنا۔
تَفَحَّصَ وافْتَحَصَ۔ عَنْہُ: کھود کرید کرنا۔
الْفَحْصُ مص امتحان۔ ہر رہنے کی جگہ۔ ج فُحُوْصٌ۔
الْفَحْصَۃُ: فحص کا اسم مرۃ۔ چاہ زنخدان۔
الْفَحِیْصُ: ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔
الْفَحَّاصُ: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
الْمَفْحَصُ: گڑھا جو سنگ خوار نے انڈے دینے کیلئے بنایا ہو ج مَفَاحِصُ۔ کہا جاتا ہے لَیْسَ لَہٗ مَفْحَصُ قَطَاۃٍ۔
الْاُفْحُوْصُ: بمعنی مفحص ج اَفَاحِیْصُ۔
فَحَضَ (ف) فَحْضًا: توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال تر چیز کیلئے آتا ہے جیسے ککڑی وغیرہ۔
فَحْفَحَ: خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔
الْفَحْفَاحُ وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فَحْفَاحَۃٌ۔
اَرْضٌ (فَیْحَقٌ) کشادہ زمین۔
فَحَلَ (ف) فَحْلًا وافْتَحَلَ۔ اِبِلَہٗ فَحْلًا کَرِیْمًا: عمدہ سانڈ جفتی کیلئے ڈھونڈنا۔
تَفَحَّلَ: سانڈ کے مشابہ ہونا الشَّجَرُ: درخت کا بے پھل ہونا۔
اِسْتَفْحَلَ۔ الْاَمْرُ: بڑا ہونا۔ اِسْتَفْحَلَتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔
الْفَحْلُ: سانڈ۔ نر ہر حیوان کا ج فُحُوْلٌ واَفْحُلٌ وفِحَالٌ وفِحَالَۃٌ وفُحُوْلَۃٌ۔
فُحُوْلُ الشُّعَرَاءِ: فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔
الْفُحْلُ والْفُحَّالُ: نر کھجور ج فَحَاحِیْلُ۔
الْفَحْلَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو۔
اَلْفِحْلَۃُ والْفُحُوْلَۃُ والْفِحَالَۃُ: مردانگی۔
الْفَحِیْلُ: بمعنی فحل۔ صاحب مردمی۔ فَحْلٌ فَحِیْلٌ: شریف۔
فَحَمَ (ف) فَحْمًا: جواب سے ساکت ہونا۔
فَحَمَتْ (ن) فُحُوْمًا۔ الْبِئْرُ: پانی ٹھہر جانا۔
فَحِمَ (س) و فُحِمَ فَحْمًا وفُحَامًا۔ و فُحُوْمًا واُفْحِمَ۔ الصَّبِیُّ: بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔
فَحُمَ (ک) فُحُوْمًا و فُحُوْمَۃً: کالا ہونا۔
فَحَّمَ۔ الشَّیئَ: کالا کرنا۔
اَفْحَمَہٗ: دلیل دے کر خاموش کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ھَاجَاہُ فَاَفْحَمَہٗ" و "وَجَدَہٗ مُفْحَمًا" یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا یا خاموش پایا یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا۔
اَفْحَمَ الرَّجُلُ: عشاء کے وقت کی تاریکی میں

داخل ہونا اَلْهَمَ الشاعِرَ: غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔

الفَخم و الفَحَم و الفَحِيم. کوئلہ۔

الفَحْمَة. کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمة الليل: سخت تاریکی ج فِحَام و فُحُوم.

الفُحُومَة. سیاہی۔

الفَحَّام. کوئلہ بیچنے والا۔ ج فَحَّامَة.

الفُحُوم. جواب نہ دے سکنے والا۔

الفَاحِم. فا. مَاءٌ فَاحِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔

الفَاحِم والفَحِيم. کالا۔

المُفْحِم. فا۔ جواب مُفْحِم: خاموش کر دینے والا جواب۔

المُفْحَم. ۶۷۵ لاجواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا۔

المَفْحَمَة. کوئلہ کی جگہ۔

فَحَا يَفْحُو فَحْوًا و فَحْي. بِكَلامِهِ إِلَى كَذَا: اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔

الفَحَا والفِحَى: مسالہ یا خشک مسالہ ج اَفْحَاء.

الفَحْوَى والفَحْوَاء والفُحَوَاء. مِنَ الكَلام: مضمون کلام ج فَحَاوٍ.

فَحَّتْ (ض) فَحًّا وفَحَّةً وفَحِيحًا رِجْلاهُ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت (أَفَحّ) مؤنث فَحَّاء ج فُحّ.

فَحَّ (ن) فَحًّا وفَحِيحًا اِفْتَحَّ. النَّائِمُ خراٹے لینا۔ فحت الافعى: سانپ کا پھنکارنا۔ الرَّائِحَةُ: خوشبو کا بھڑکنا۔

الفَخّ. جال۔ ج فِخَاخ وفُخُوخ کہا جاتا ہے "وَثَبَ فُلانٌ مِنْ فَخِّ الشَّيْطَانِ" یعنی توبہ کرلیا۔

الفَخَّة. خراٹے لینے والے کی نیند۔ گندی عورت۔

فَخَتَ (ف) فَخْتًا. السَّقْفَ: چھت میں سوراخ کرنا رَأْسَهُ بِالسَّيْفِ: سر پر تلوار مارنا الشَّيْءَ: کاٹنا۔ الإِنَاءَ: برتن کھولنا۔ فَخَتَ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

فَخَّتَتِ. الفَاخِتَةُ: فاختہ کا کوکو کرنا۔

تَفَخَّتَ. فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔

اِنْفَخَتَ. السَّقْفُ: چھت کا سوراخ دار ہونا۔

الفَخْت. س۔ جال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔

الفَاخِتَة. فاختہ ج فَوَاخِت.

فَخَجَ (ن) فَخْجًا. الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فُلانًا و بِهِ: ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔

فَخِجَ (س) فَخَجًا جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت (اَفْخَج)

فَخَذَهُ (ف) فَخْذًا. ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ فُخِذَ: اس کی ران توڑ گئی۔

فَخَّذَ. قَوْمَهُ: قبیلے قبیلے کو پکارنا۔ بَيْنَهُمْ: جدا جدا کرنا القَوْمَ عَنْ فُلانٍ: مدد نہ دینا فُلانًا: قبیلہ سے بھگا دینا۔

تَفَخَّذَ. معاملہ سے ہٹ جانا۔ تَفَخَّذَهُ: کسی کی ران پر ران رکھنا۔

اِسْتَفْخَذَ. جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔

الفَخْذ والفِخْذ والفَخِذ. ران کلمہ مؤنث ہے ج اَفْخَاذ.

الفَخْذ. قبیلہ ج اَفْخَاذ. یہ کلمہ مذکر ہے۔

فَخَرَ (ف) فَخْرًا وفَخَرًا و فَخَارًا وفَخَارَةً وفِخِّيرَى وفِخِّيرَاءُ وافْتَخَرَ. فخر کرنا۔ فَخَرَهُ: فخر کرنے میں غالب ہونا۔

فَخَرَهُ (ف) وفَخَّرَهُ وأَفْخَرَهُ. عَلَى فُلانٍ فخر کرنے میں فضیلت دینا۔

فَخِرَمِنْهُ (س) فَخَرًا وتَفَخَّرَ. ننگ سمجھنا۔ ناک چڑھانا۔ تکبر کرنا۔

فَاخَرَهُ فِخَارًا ومُفَاخَرَةً. فخر کرنے میں غالب ہونا۔

تَفَاخَرَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا۔ ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا۔

اِسْتَفْخَرَ. الشَّيْءَ: قابل فخر سمجھنا۔ قابل فخر بنانا۔

الفَخْر والفَخَر. س۔ فضیلت۔ بڑائی۔

الفَخْرَة. فخر۔

الفَاخِر. ہر چیز میں کا عمدہ۔

الفِخِّير والفِخِّيرَة. بہت فخر کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔

الفَخُور والفَخِير. فخر کرنے والا الفَخِير: فخر کرنے میں مغلوب۔

الفَخَّار ٹھیکری۔ پکی ہوئی مٹی۔ واحد (فَخَّارَة)

الفَخَّارِي. ٹھیکری بیچنے والا کمہار۔

الفَاخُور. ایک قسم کا پھول ج فَيَاخِير.

المَفْخَرَة والمَفْخُرَة. افعال حمیدہ۔ وہ چیز جس پر فخر کیا جائے۔ ج مَفَاخِر.

فَخَزَ (ف) وفَخِزَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ. تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔

الفَخْز. س۔ فضیلت۔

فَخَشَ (ف) فَخْشًا. الأَمْرَ: ضائع کرنا۔

فَخْفَخَ فَخْفَخَةً. الرَّجُلُ: لغو و باطل کرنا۔

الفَخْفَخَة. س۔ کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔

تَفَخَّلَ. حلم و وقار ظاہر کرنا۔ عمدہ کپڑے پہننا۔

فَخُمَ (ک) فَخَامَةً. موٹا ہونا۔ عظیم الرتبہ ہونا۔

فَخَّمَهُ. تعظیم کرنا۔ فَخَّمَ الحُرُوفَ فِي اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا۔

الفَخْم. عظیم الرتبہ مِنَ المَنْطِقِ: درست بات۔

الفُخْمِيَّة. بڑائی۔ برتری۔ الأَفْخَم. اعظم۔ بڑے مرتبہ والا۔

فَدَّ (ض) فَدِيدًا. الرَّجُلُ: آواز بلند کرنا۔ دوڑنا الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔ فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا۔

فَدَّدَ. خرید و فروخت میں چلانا۔ تکبر و غرور سے چلنا۔

الفَدَّاد. متکبر۔ بہت چلانے والا۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُون. الفَدَّادُون چرواہے۔

اُونٹ والے۔ گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہو۔
الفَدَّادَة. مؤنث۔ فَدَّاد. مینڈک؛ بزدل۔
فَدَحه (ف) فَدْحًا. الاَمْرُ او الحمل او الدَّيْنُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا۔
اَفْدَحَ واِسْتَفْدَحَ: الاَمْرُ: بوجھل پانا۔
الفَادِح. مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِهِ اَمْرٌ فَادِحٌ ورَكِبَ دَيْنٌ فَادِحٌ" اس پر امر گرانبار آ پڑا۔ اس پر قرض گرانبار ہو گیا۔
الفَادِحَة. مصیبت ج فَوادِح.
فَوَادِحُ الدَهْرِ: مصائبِ زمانہ۔
فَدَخَ (ف) فَدْخًا. الشَّئَ: توڑنا۔
العُوْدَ: تازہ لکڑی توڑنا۔
فَدَر (ض) فَدْرًا وفُدُوْرًا. اللحْمُ المَطْبُوْخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔
فَدَّرَ. الحِجَارَةَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔
تَفَدَّرَ. الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔
الفَدْر. پہاڑی بکرا۔ ج فُدُوْر.
الفُدور. پہاڑی بکرا ج فُدُر.
الفَدِر. بیوقوف۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔
الفِدْرَة. پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا۔ پہاڑ کا ایک حصہ۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج فِدَرٌ.
الفَدَرَة. قوم سے علیحدہ رہنے والا۔ تنہا چلنے والا۔
الفُدُرٌ. چاندی۔ موٹا لڑکا۔
الفَادِر. پکا ہوا ٹھنڈا گوشت۔ پہاڑی بکرا۔ علیحدہ رہنے والی اُونٹنی ج فُدْر وفوادِرٌ وفُدُوْر.
الفَادِرَة. مؤنث فادر۔ پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔
المَفْدَرَة. بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ۔
اَفْدَس. الرَجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔
الفَدْس. مکڑی۔ ج فِدَسَةٌ.

الفَيْدَس. مٹکا۔ بڑا گھڑا۔
فَدَشَ (ن) فَدْشًا. رَاسَهٗ: سر پھوڑنا۔
فَدَشَه (ض) فدشا. دفع کرنا۔
الفَدْش. مادہ مکڑی۔
فَدِعَ (س) فدعًا. ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْدع) مؤنث (فَدْعَاء) ج فُدْع.
فَدَعَه (ف) فَدْعا. کچلنا یا تھوڑا پھاڑنا۔
فَدَّعَهٗ. ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔
الفَدَع. ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی؛ جوڑوں کی کجی۔
الفَدَعَة. جوڑوں کی کجی کی جگہ۔
فَدَغَه (ف) فَدْغا. توڑنا۔
اِنْفَدَغَ. ٹوٹنا الشَئُ اليَابِسُ: نرم ہونا۔
المِفْدَغ. توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغ.
فَدْ فَدَ فَدْ فَدَةً. آواز بلند کرنا۔ بھاگتے ہوئے دوڑنا۔
الفَدْ فَدُ. سخت آواز والا۔ بلند آواز والا۔ بہت زیادہ روندنے والا۔ الفُدْ فِدُ. جما ہوا دودھ۔
فَدَّكَ. القُطْنَ: روئی دُھنا۔ فَدَّكَهُ القُطْنَ: روئی دُھنوانا۔
فَدَمَ (ض) فدْمًا الاِبْرِيْق وعَلٰى الاِبْرِيْق: چھاگل پر سر بند لگانا۔
فَدُمَ (ک) فُدُوْمَةً وفَدَامَةً. بیوقوف ہونا۔
فَدَّمَ واَفْدَمَ. فَمَ الْاٰنِيَةِ: برتن پر سرپوش رکھنا۔
الفَدْم. کلام میں عاجز۔ بیوقوف۔ کم سمجھ۔ گاڑھے خون والا۔ ج فِدام. گہرے سرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَة.
الفِدَام والفَدَام. چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تا کہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدم.
الفَدَّام والفَدَّامَة والفَدُّوْم. بمعنی الفِدَام.
الفِدَام والفِدَامَة. چھینکا جو اُونٹ کے مُنہ پر باندھ دیں تا کہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے۔

المفدَّمات. قبضے والے لوٹے۔ مٹکے۔
فَدَّنَ. الاِبلَ: اُونٹ کو موٹا کرنا البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا الثَوْبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔
الفَدَن. سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج اَفْدَان.
الفَدَان والفَدَّان. بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن واَفْدِنة وفَدَادِيْن. الفَدَان: کھیتی۔ و فِى المَسَاحَةِ: چار سو مربع زمین۔
الفَادِن. فِى اِصْطِلَاحِ البنائیس سَاهل: ج فَوَادِن.
الفَدَوْكَس. شیر۔ مضبوط مرد۔
فَدَىٰ يَفْدِى فَدًى وفِدًى وفِدَاءً الرَجُلُ مِنَ الاَسْر ونَحْوِهٖ: مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعلی (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِىّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَرْأَةُ نَفْسَهَا مِنْ زَوْجِهَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔
فَدَّى وفَدَّى تَفْدِيَةً. فلانا بنفسہ اپنے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔
فَادَى فِدَاءً ومُفَادَاةً. الرَجُلَ: چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔
اَفْدَى اِفْدَاءً. فُلَانًا الاَسِيْرَ: کسی سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا الرَجُلُ: موٹا ہونا۔
تَفَادَى تَفَادِيًا القَوْمُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا۔
الرَجُلُ مِنْ كَذَا: پرہیز کرنا اور یکسو ہونا۔
اِنْفَدَى اِنْفِدَاءً. فدیہ دیا جانا۔
اِفْتَدَى. بِهٖ: فدیہ دینا مِنه بِكَذَا: پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراة نفسها من زوجها یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔
اَلفَادِى: عیسائی عقیدہ کے مطابق حضرت عیسٰی علیہ السلام کا لقب یعنی بقول ان کے اپنی جان کریم دے کر انسانی جرائم کا فدیہ بنے۔
اَلفَدَائِى: خطرناک مقامات ومہمات پر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والا۔

الْمُفَادَاةُ گرفتار قیدی کے بدلے قیدی کا تبادلہ کرنا۔
الفَدَاء. جمم۔ موٹاپا۔ ڈھیر۔ انبار جو گیہوں یا کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن۔ تاجر کے سامان و غلے وغیرہ کی جگہ۔ ج اَفْدِيَةٌ.
الفِدَاء والفَدَى والفِدَى. س۔ مال جو چھڑانے کے لیے دیا جائے کہا جاتا ہے "فَدَى لَكَ اَبِىْ وفِدَاكَ اَبِى" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دُعا اور اظہارِ محبّت اور تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرفِ با کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِابِىْ التِلْمِيْذ المُجْتَهِد" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
الفِدْيَة. مال جو چھڑانے کیلئے دیا جائے ج فِدًى وفِدَيَاتٌ.
فَدَّ(ن) فَدًّا. سختی سے دھتکارنا۔
اَفَذَّت. الشَاةُ: ایک بچّہ جننا۔ صفت (مُفِذٌّ و مُفِذَّةٌ) اور اگر یہی عادت ہو جائے تو اس کو (مِفْذَاذٌ) کہتے ہیں۔
تَفَذَّذَ واِسْتَفَذَّ. بِالْاَمْرِ: خودرائی کرنا۔
الفَذّ. س۔ اکیلا۔ جوئے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذ وفُذُوْذ و كَلِمَةٌ (فَذَّةٌ وفَاذَّةٌ) کلمہ شاذہ۔
الاَفَذّ. بے پر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا فَذَاذَى وفُذَاذَى وفَذَاذًا وفُذَّاذًا" یعنی۔ ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔
فَذْ فَذْ فَذْ فَذَةً. اچانک کودنے کے لیے سمٹنا۔
فَذْلَكَ فَذْلَكَةً. الحسابَ: فارغ ہونا۔
الفَذْلِكَةُ. س۔ میزانکل یا مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)
فَرَّ(ض) فَرًّا وفِرَارًا ومَفَرًّا ومَفِرًّا. بھاگنا۔ پویہ دوڑنا۔
فَرَّ (ن) فَرًّا وفَرَارًا وفِرَارًا وفُرَارًا. الدَابَةَ: جانور کی عمر معلوم کرنے کیلئے دانتوں کو دیکھنا اِلَى الشَّئُ: جانا عَنِ الْاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَّ الْاَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔
فَارَرْتُهُ. میں نے اُس کے حال کی اور اُس نے میرے حال کی تحقیق کی۔
اَفَرَّ اِفْرَارًا. رَاسَهُ بالسيْف: تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفَرَّتِ الخيْلُ او الِابلُ: اونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا۔ اَفَرَّهُ: بھگانا۔
تَفَارَّ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بھاگنا۔
تَفَرَّر. بِالشَّئِ: ہنسنا۔
اِفْتَرَّ. البَرْق: بجلی کا چمکنا آہستہ آہستہ ہنسنا الشَّئَ: سونگھنا۔
الفَرَّ. س۔ بھاگنے والا۔ (واحد جمع مذکر و مؤنث) الفر: جمع ہے (فَارٌ) کی جیسے رَكْبٌ. جمع (راکب) کی۔ کہا جاتا ہے (هو فُرُّقَوْمِهٖ وفُرَتُهُمْ) وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے۔
الفُرَّة والاَفَرَّ ةوالْاُفُرَّة. اختلاط۔ شدت مِنَ الحَرِّ و نَحْوِهٖ: گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء۔
الفِرَّة. مسکراہٹ۔
الاَفَرَّ. خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔
الفَرَّار والفَرُوْر والفُرَرة والفَرُوْرَة. تیز بھاگنے والا۔ الفَرَّار: پارہ۔
الفَرُوْر والفَرِيْر والفُرار. بھیڑ اور بکری کا بچہ۔ الفَرِيْر: مُنہ۔
الْمَفَرّ. بھاگنے کی جگہ۔
المِفَرّ. مِنَ الخَيْل: تیز گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو بھاگنے کے کام میں آئے۔
اَلْفَرْبِيُوْنَ ایک کثیر پیدائش پودا جس کے پتوں سے زہریلا دودھ نکلتا ہے اور آنکھوں کے لئے اگر لگ جائے تو خطرناک ہوتا ہے۔
الفَرَأ والفَرَاءِ. جنگلی گدھا ج اَفراء وفِراء اور عرب کا قول "كُلُّ الصَيْدِ فِىْ جَوْفِ الفَرَا" بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہو جائے اور اس مقصد کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔
اَمْرٌ (فَرِیٌّ) گھڑا ہوا۔ بڑا۔
فَرَت(ن) فَرْتًا. بدکار ہونا۔
فَرُت(ک) فُرُوْتَةً. الماءُ: پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔
فَرِت(س) فَرَتًا. ضعیف العقل ہونا۔
الفُرَات. ایک بڑا دریا ہے جو بحر فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فُرَاتٌ ومِيَاهٌ فُرَاتٌ" الفرات: سمندر۔
الفُرَاتَان. فرات و دجلہ۔
فَرْتَكَ فَرْتَكَةً. چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا الشَّئَ: ریزہ ریزہ ہونا العَمَلَ: فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔
اَلْفَرْنِيكَةُ کھانے کے لئے ایک کانٹا۔
فَرْتَنَ فَرْتَنَةً. چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
فَرَنْتَنِي: امت. القرنونة: سمندر کا جوش۔
الفَرْتَنٰى. بجو کا بچّہ۔ زانیہ۔
فَرَثَت(ن) فَرْثًا وانْفَرَثَتِ. الحُبْلٰى: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
فَرَث(ض) فَرْثًا. كَبْدَهٗ: جگر پر مارنا۔
فَرِث(س) فَرَثًا. شکم سیر ہونا۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اَفْرَثَ وفَرَّثَ. الكَرْشَ: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا الحُبُّ كِبْدَهٗ: محبّت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَفَرَّثَ. القَوْمُ: متفرق ہونا تَفَرَّثَتِ الحُبْلٰى: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
الفَرْث. گوبر جب تک اوجھ میں رہے ج فُرُوْث.
الفُرَاثَة. اوجھ کا گوبر۔
فَرْثَدَ فَرْثَدَةً. وجهه: چہرہ پر گوشت ہونا۔
فَرَجَ(ض) فَرْجًا وفَرَّجَ. الشَّئَ: کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ الله الغَمَّ عَنْهُ: غم کو دُور کرنا۔ زائل کرنا۔
اَفْرَجَ. الغُبَارُ: غبار کا دُور ہونا۔ چھٹ جانا۔ القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ

جانا۔ اَفْرَجَتِ الدَّجَاجَۃُ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِجٌ)

تَفَرَّجَ. الغَمُّ: غم کا دُور ہونا۔

اِنْفَرَجَ. کھلنا الغَمُّ: غم کا دُور ہونا۔ مَا بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: کشادہ ہونا الرَّجُلُ مِنْ ضِيقَةٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔

الفَرْجُ. س۔ دو چیزوں کے درمیان خلل سرحد مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا پھٹن۔ مِنَ الإِنْسَانِ: شرمگاہ اور قبل ودبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوْج فَرْجُ الوَادِي: وادی کا بطن۔ فرج الطريق: راستہ کا درمیانی حصہ۔

الفَرَج والفُرُج تانت سے علیحدہ کمان۔

والفِرج والفُرُجَۃُ. مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا مرد۔

الفُرَج. کشادگی۔

الفُرْجَۃ. دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ ج فُرَج.

الفُرْجَۃ والفِرْجَۃ والفَرْجَۃ. سختی اور غم سے نجات۔

الفَرُّوْج. بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑا گیا ہو۔ ج فَرَاوِيْج.

والفَرُّوْج. مرغی کے چوزے ج فَرَاوِيْج واحد الفَرُّوْجَۃ.

التِفْرِجَۃ. انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِج والتِفْرَاجَۃ: کمزور بزدل ج تفارِيْج.

الفَرِيْج. ظاہر کھلا ہوا۔ قَوْسٌ فَرِيْجٌ: تانت سے علیحدہ کمان۔

المُفْرَج. مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جس کے مال اولاد اور کنبہ نہ ہو۔

المُفَرَّج. کنگھی۔ وہ شخص جس کی کہنی بغل سے دُور ہو۔

الفِرْجَار. پرکار۔ کہا جاتا ہے خطٌّ (فِرْجَارِي) یعنی گول دائرہ۔

الفِرْجَوْن. کھریرا۔

اِفْرَنْجَمَ اِفْرِنْجَامًا. گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔

فَرِحَ (س) فَرَحًا. بالشَّيْءِ: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)

فَرَّحَہٗ. خوش کرنا۔

اَفْرَحَہٗ. خوش کرنا اَفْرَحَہُ الدين: بوجھل کرنا۔ غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو "اَفْرَحَتْنِي الدُّنْيَا ثُمَّ اَفْرَحَتْنِي" یعنی دُنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنادیا۔ ہمزہ سب کے لیے ہے۔

الفَرْح. خوشی۔

الفَرْحَۃ والفُرْحَۃ. خوشی :خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلْوَان اور بَشَارَۃٌ کہتے ہیں۔

الفَرْحَان. خوشی والا۔ مؤنث فَرْحَى وفَرْحَانَۃٌ ج فَرْحَى وفَرَاحَى.

الفُرُوْح. خوشی والا۔ ج فُرُحٌ.

المُفْرَح. س۔ فقیر محتاج۔ گمنام نسب والا۔

المِفْرَاح. بہت زیادہ خوش (مذکر ومؤنث)

المَفْرُوْح. مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے۔

فَرِخَ (س) فَرَخًا. اِلَى الاَرْضِ: چمٹنا۔ الرَّجُلُ: گھبراہٹ دُور ہونا۔

فَرَّخَ. القَوْمُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا فَرَّخَتِ الطَّائِرَۃُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخٌ) البَيْضَۃُ: انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔

فَرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا۔ الاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا۔ الرَّوْعُ: خوف دُور ہونا۔

اَفْرَخَ. الرَّوْعُ: خوف دُور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَكَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دُور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ البَيْضَۃُ والطَّائِرَۃُ: بمعنی فرخت۔ اَفْرَخَ الاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ القَوْمُ بَيْضَتَهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔

اِسْتَفْرَخَ. الحمام: کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا الحمام: کبوتری کا بچہ والی ہونا۔

الفَرْخ. پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخ واَفْرَاخٌ واَفْرُخ واَفْرِخَۃ وفِرْخَانٌ وفُرُوْخٌ. الفَرْخ: کمزور ذلیل دھتکارا ہوا آدمی۔ فَرْخُ الرَّاسِ: دماغ۔

الفَرْخَۃ. پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخ: نیزے کی چوڑی ناک۔

المَفْرَخ. بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخ.

فَرَدَ (ن) وفَرِدَ (س) وفَرُدَ (ک) فُرُوْدًا وانْفَرَدَ. اکیلا ہونا بالاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ فَرَدَ عَنِ الشَّيْءِ: علیحدہ ہونا۔

فَرَّدَ. لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیہ ہونا۔

فَرَّدَ بِرَاْيِہٖ: رائے میں اکیلا ہونا۔

اَفْرَدَ. الشَّيْءَ: جدا کرنا اِلَيْہِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا بالاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ اَفْرَدَتِ الاُنْثٰى: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفْرِدٌ)

تَفَرَّدَ وانْفَرَدَ واسْتَفْرَدَ. بالاَمْرِ: بغیر نظیر کے تنہا ہونا۔ تنہا کام کرنا۔ واسْتَفْرَدَہٗ: اکیلا پانا۔ ساتھیوں میں سے نکال لینا۔ انفرد بہ: یکتا کو لینا جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو۔

الفَارِد. فا (الفَارِد والفَرَد) بیل۔

الفَارِدَۃ. مؤنث فَارِدٌ. بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے۔ نَاقَۃٌ فَارِدَۃٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اونٹنی ج فَوَارِد.

الفَرْد. ایک طاق۔ ج فِرَاد. بے مثال ج اَفْرَاد وفُرَادَى. داڑھی کی ایک جانب۔ ایک تلوے کی جوتی ج اَفْرَاد. کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے۔

اَفْرَادُ النُّجُوْمِ وفُرُوْدُهَا. الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے۔ اَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ۔

الفَرَد والفَرِد. ایک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَيْفٌ فَرَدٌ وفَرِدٌ" یہ بے مثال تلوار ہے۔ "وشَيْءٌ فَرَدٌ وفَرِدٌ وفَرْدٌ وفُرُدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے۔

الفَرْدَۃ. فرد کا مؤنث ج فَرَدَاتٌ واَفْرَادٌ وفِرَدٌ.

الفَرْدَان. ایک۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ فَرْدَان"

یعنی منفرد ہے اور مؤنث فَرْدَی. کہا جاتا ہے لَقِیَ ... یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں تھا۔

الفُرْدد تنہا جانے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءُ وْا (فُرَادَ وفُرَ... فُرَادًا وفُرَادَی) یعنی اکیلے اکیلے آئے۔ واحد (فَرْدٌ وفَرِدٌ وفَرِیْدٌ وفَرِدٌ)

الفَرِیْد. ایک یکتا۔ چھوٹا موتی جو سونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو۔ موتی۔ نفیس جوہر ج فَرائِد

الفَرِیْدَة. مؤنث ... نفیس جوہر۔ ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دُم کی ہڈی سے ملا ہوا ہے ج فَرائِد کہا جاتا ہے "... بالفرائد" یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

الفَرَّاد. موتیوں کا بیچنے والا۔

المُفْرَد. مع۔ واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع ہے۔ جنگلی بیل۔

المُفَرَّد. مِنَ الذَّهَبِ: موتی لگا کر جدا کیا ہوا۔

المُفْرِد. فا۔ کہا جاتا ہے "رَاکِبٌ مُفْرِدٌ" سوار جس کے پاس اپنے اُونٹ یا گھوڑے کے سوا نہ ہو۔

فَرْدَسَهٗ فَرْدَسَةً. پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک دینا۔

الفِرْدَوْس. باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر ومؤنث) ج فَرَادِیْس. فِرْدَوْسُ النَّعِیْمِ: ایک جنت کا نام ہے۔

الفَرْدَسَة. س۔ گنجائش۔

المُفَرْدَس. فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ (مُفَرْدَس) کشادہ سینہ۔

کَرْمٌ مُفَرْدَسٌ اُلٹی لگی ہوئی انگور کی بیل۔

فَرَزَ (ض) فَرْزًا وافْرَزَ. الشَّیْءَ مِنْ غَیْرِہٖ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا وافْرَزَ الصَّیْدُ الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا موقعہ دینا۔ افرز فُلَانًا بِشَیْءٍ: خاص کرنا اور کسی کو شریک نہ کرنا۔

فَرَّزَ تفرِزَةً. عَلٰی برَایِہٖ: قطعی حکم لگانا۔

فَارَزَ. شَرِیکَہٗ: الگ کرنا۔

اِفْتَرَزَ. الْاَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَہٗ دُوْنَ اَهْلِ بَیْتِہٖ" اس نے اپنے معاملہ میں اپنے گھروالوں سے مشورہ کئے بغیر فیصلہ کرلیا۔

تَفَارَزَ. الشَّرِیْکَانِ الشِّرْکَةَ: شرکت کو فسخ کرنا۔

الفَرْز. س۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔

الفُرْزَة. سخت زمین میں شگاف۔

الفَرِز. ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کیلئے علیحدہ کیا ہوا حصہ۔ ج اَفْرَاز وفُرُوْز.

الفُرْزَة. جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔

الفُرْزَة. باری۔ فرصت۔ ٹیلہ کا راستہ۔

الفَارِز. فا۔ کَلَامٌ فَارِزٌ صاحب واضح کلام۔ لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔

الاِفْرِیْز. مِنَ الحَائِطِ: کارنس ج اَفَارِیْز (دخیل)

الفَرَزْدَق. روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی کے ٹکڑے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔ واحد (فَرَزْدَقَة) اور اس کی تصغیر فُرَیْزِق یا فُرَیْزِد ج فَرَازِق اور قیاس کے لحاظ سے فَرَازِدُ الفَرَزْدَق: لقب ایک مشہور شاعر کا۔

تَفَرْزَعَ. الکَلَا: گٹھا گٹھا ہونا۔

الفُرْزُع. بنولہ۔

الفُرْزُعَة. فُرْزُع کا واحد۔ گھاس کا گٹھا ج فَرَازِع.

فَرْزَلَهٗ فَرْزَلَةً. قید کرنا۔

الفِرْزِل. قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔

الفُرْزُل. موٹا آدمی۔

تَفَرْزَنَ. البَیْدَقُ: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔

الفِرْزَان. شطرنج کی ملکہ ج فَرَازِیْن (دخیل)

فَرَسَ (ض) فَرْسًا وافْتَرَسَ. الاَسَدُ فَرِیْسَتَهٗ: گردن توڑ دینا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ الذَّبِیْحَةَ رگ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا الشَّیْءَ جدا جدا کرنا۔

فَرِسَ (ض) فِرَاسَةً. بِالعَیْنِ: ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا۔

فَرُسَ (ک) فَرَاسَةً و فُرُوْسَةً و فُرُوْسِیَّةً شہسواری میں ماہر ہونا۔

فَرَّسَهٗ. الشَّیْءَ. پھاڑنے کیلئے پیش کرنا۔

اَفْرَسَ. عَنْ بَقِیَّتِہٖ مَالٌ: مال لینا اور کچھ باقی چھوڑ دینا الرَّاعِی: گلے کی حفاظت سے غافل ہونا فُلَانٌ الاَسَدَ حِمَارَهٗ: اپنی نجات کیلئے گدھے کو پھاڑنے کیلئے شیر کے سامنے کر دینا۔

تَفَرَّسَ. فِیْہِ: نظر جما کر دیکھنا۔ فِیْہِ الخَیْرَ: کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا الرَّجُلُ: بتکلف شہسوار ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَیْسَ بِفَارِسٍ و لٰکِنَّهٗ یَتَفَرَّسُ فلاں شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔

الفُرْس وفَارِس. مملکت فارس کے باشندے ان کے مُلک کو (فارس) اور اِن کی زبان کو (الفَارِسِیَّة) کہتے ہیں۔

الفَارِسِیُّ. فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ کا واحد۔

الفِرْس. ایک قسم کی گھاس۔

الفَرَس. گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حصان اور مؤنث کو حجرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث کے لیے (فرسة) بھی استعمال کرتے ہیں اور فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی سے اَفْرَاس ہے۔ تین گھوڑوں کیلئے ثَلَاثَةُ اَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کیلئے ثَلَاثُ اَفْرَاسٍ کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوْسٌ آتی ہے۔ اور عرب کا قول "هُمَا کَفَرَسَیْ رِهَانٍ" مثل ہے ان دو شخصوں کیلئے جو کسی ایک مقصد کی طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر ہوں۔ فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں اور دُم چھوٹی ہوتی ہے اور اُس کی ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ

النَّهْرِ اور جَامُوْسُ الْبَحْرِ بھی کہتے ہیں۔
الفُرَیْسَة. تصغیر فَرَس کی مؤنث کیلئے۔
الفُرَیْس. تصغیر فَرَس کی مذکر کیلئے۔
الفَرْسَة. فَرَس کا اسم مرة (والفِرْسَة) پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔
الفَارِس. فا۔ گھڑ سوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "هُوَ فَارِسٌ بِالْاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔
الاَفْرَس. شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔
اَبُوْ فِرَاس والفَرَّاس. شیر۔ الفَرَّاس: ذکی۔
الفَرِیْس. مقتول۔ کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِیْسٌ و بَقَرَةٌ فَرِیْس ج فَرْسٰی. حلقہ جو رسّی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔
الفَرِیْسَة. فریس کا مؤنث۔ جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔
الفُرَانِس والفِرْنَاس. شیر۔ موٹی گردن والا۔ الفرناس: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودہری۔ ج فَرَانِسَة.
المَفْرُوْس. گردن کے پھوڑنے والا۔
الفَرْوُس. شیر۔
فَرْسَخ فَرْسَخَة. الشَّیْئُ: کشادہ ہونا۔ (و تَفَرْسَخ وافْرَنْسَخ) البَرْدُ او المَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔
تَفَرْسَخ وافْرَنْسَخ الهم عَنْهُ: غم کا دُور ہونا۔ زائل ہونا۔
الفَرْسَخ. راحت۔ سکون۔ مدت طویل۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فَرْسَخُ الطَّرِیْقِ تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریبًا آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخ (کلمہ فارسیہ ہے) سراوِیْلُ (مُطَرْسَخَةٌ) کشادہ شلوار۔
الفِرْسِن. اُونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِن.
رَجُلٌ (مُفَرْسَنُ) الوَجْهِ: پُر گوشت چہرہ والا مرد۔
فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا. الشَّیْئَ: بچھانا فُلَانًا اَمْرًا: کشادہ کرنا الرَّجُلَ: جھوٹ بولنا الاَمْرَ: پھیلانا عَنْهُ: ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔
فَرَشَا. النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر پھیلنا۔
فَرَّشَ. فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔
فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔
اَفْرَشَهُ. بِسَاطًا: کسی کیلئے بچھونا بچھانا۔
اَفْرَشَ السَّیْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔ عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ دُور ہونا الرَّجُلُ: غیبت کرنا اور بُری بات کہنا المَکَانُ: زیادہ پڑنے والا ہونا الشَّاةَ لذبح: زمین پر ذبح کرنے کیلئے لٹانا الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔
تَفَرَّشَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔
اِفْتَرَشَ. ذِرَاعَیْهِ: بازو پھیلانا الشَّیْئَ: روندنا الطَّرِیْقَ: چلنا الرَّجُلُ: پچھاڑنا اِثْرَ فُلَانٍ: پیچھا کرنا عِرْضَهُ: بے عزتی کرنا الشَّجَّةُ الدماغ: بغیر ٹوٹنے کے پھٹنا المَالَ: غصب کرنا الشَّیْئُ: پھیلنا۔
الفَرْش. مص۔ بچھونا۔ کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ چھوٹے چھوٹے اُونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔ کھیتی۔ جبکہ اس کے تین پتے نکل آئیں۔ وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں۔ گائے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں۔
الفَرْشَة. فَرَش کا اسم مرة عِنْدَ العَامَّةِ: بچھونا۔
الفِرْشَة. بچھانے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے هُوَ حَسَنُ الفِرْشَةِ یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے۔
الفَرَاش. زمین پر خشک شدہ کیچڑ مِنَ النَّبِیْذِ: شراب کے بلبلے۔ زُبان کے نیچے دو سرخ رگیں۔ ڈولوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں الفَرَاش من الرِّجَالِ: بہت ہلکا پھلکا مرد۔
الفِرَاش. بچھونا۔ گھونسلہ۔ مُنہ کی جڑ میں زُبان کی جگہ۔ ج اَفْرِشَة وفُرُوْش.
الفَرَّاش. بہت بچھانے والا۔
الفَرَاشَة. پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی مِنَ القفل: تالے کا جھڑ۔ کندھوں کا اُٹھا ہوا حصہ اور (فَرَاشُ الدِمَاغ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِمَاغ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَة: پروانہ او چھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَةٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لیے مثل ہے ج فَرَاش.
الفَرِیْش. مِنَ النَّبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش.
المِفْرَاش. بچھونا۔
المِفْرَشَة. کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش.
المُفْرَّش. یہ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کے اُونٹ۔
فَرْشَحَ فَرْشَحَةً وفَرْشَحِی. ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا۔ قریب قریب کودنا۔
الفِرْشَاح. بے بارش کا بادل۔ بے ڈول بلند عورت۔ چوڑا کھر۔ کشادہ زمین (الفِرْشِیْح) عضو تناسل۔
فَرَصَ (ن) فَرْصًا. الشَّیْئَ: کاٹنا۔ الجِلْدَ: چیرنا۔ پھاڑنا الفُرْصَةَ: فرصت پانا۔
فَرَصَ (ض) فَرْصًا. الرَّجُلَ: رگ گلو پر مارنا۔ شانہ کے گوشت پر مارنا۔
فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا. شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔
فَرَّصَ. النَّعْلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔
فَارَصَهُ مُفَارَصَةً. فِی الشَّیْئِ: نوبت بنوبت کرنا۔
اَفْرَصَتْهُ الفُرْصَةُ. فرصت ملنا۔ اَفْرَصَ وتَفَرَّصَ الفُرْصَةَ: مہلت پانا۔
تَفَارَصَ. القَوْمُ البِئْرَ: قوم کا کنوئیں پر

باری باری آنا۔

اِفتَرص۔ الفُرصَة: موقع پانا۔ فرصت کو غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَفتَرِصُ اِحسَانَهُ وبِرَّهُ" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔

تفارص۔ الفُرصَة: باری اور یہ اسم ہے۔ القَومُ البِئرَ کا۔ کہا جاتا ہے جَاءَتْ فُرصَتُكَ مِنَ السَّقیِ: یعنی تمہاری باری آئی۔ وقت مناسب۔ اِنتَهَزَ الفُرصَة: فرصت کو غنیمت جاننا۔ ج فُرَص۔

الفُرصَة والفِرصَة والفَرصَة: اُون یا روئی کا ٹکڑا۔

الفَرِیص: پانی کا شریک کہتے ہیں "هُوَ فَرِیصِی" گلے کی رگیں۔ واحد (فَرِیصَة) ہے۔

الفَرِیصَة: باری۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اُچھلنے لگتا ہے۔ کہا جاتا ہے ارتعدت فریصته یعنی بہت گھبرایا "هُوَ ضَخمُ الفَرِیصَتِهِ" یعنی وہ جری و بہادر ہے۔ ج فَرِیص و فَرَائِص۔

المِفرَص: لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص۔

المِفرَاص: لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِیص۔

الفِرصَاد: سرخ رنگ۔ توت یا توت کا درخت۔

والفِرصِد والفِرصِید: انگور کا بیج۔ فَرَضَ (ض) فَرضًا۔ الخَشَبَةَ وفِیهَا: لکڑی کاٹنا۔ چھیدنا۔ الأمرَ: فرض کرنا۔ معین کرنا۔ لَهُ کَذَا فِی الدِّیوَانِ: عطیہ دینا۔ تنخواہ مقرر کرنا۔ لِفُلَانٍ کَذَا: فرض مقرر کرنا لَهُ: وقت معین کرنا۔ اللهُ الأَحکَامَ عَلَی عِبَادِهِ: واجب ٹھہرانا۔

فَرُضَتْ (ض) و فَرَضَتْ (ک) فُرُوضًا وفَرَاضَةً۔ البَقَرَةُ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا۔ صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَرَاضَةً: علمِ فرائض کا جاننے والا ہونا۔

فَرَّضَ۔ الخَشَبَةَ: لکڑی میں سوراخ کرنا۔ الأمرَ: واجب کرنا۔

أَفرَضَ۔ فُلَانًا شَیئًا: دینا۔ لِفُلَانٍ کَذَا: فرض قرار دینا۔ أَفرَضَتِ المَاشِیَةُ: نصاب کو پہنچنا۔ زکوٰۃ کے قابل ہونا۔

اِفتَرَضَ۔ اللهُ الأَحکَامَ عَلَی عِبَادِهِ: واجب ٹھہرانا۔ القَومُ: قوم کا ختم ہو جانا۔ الجُندُ: فوج کا تنخواہ لینا۔

الفَرض۔ س مِنَ القَوسِ: چلہ کمان کی جگہ۔ ج فِرَاض۔ الفَرض۔ اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَلَیهِ: تنخواہ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوض وفِرَاض۔

الفُرض: کاٹ۔

الاِفتِرَاضُ منطقیوں کے نزدیک۔ قضایا کے برعکس طرق میں سے ایک طریق۔

الفُرضَة۔ مِنَ النَّهرِ: دریا کا دہانہ۔ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو مِنَ البَحرِ: بندرگاہ مِنَ القَوسِ: کمان کا سرا جو تانت لگانے کیلئے کاٹا جائے مِنَ الدَّوَاةِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُرضَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ ج فُرَض و فِرَاض۔

الفِرَاض: کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔

الفَارِض۔ فا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض مؤنث فَارِضَة ج فَارِضَات وفَوَارِض۔

والفَرَضِیّ والفَرِیض والفَرَّاض: علمِ فرائض کا جاننے والا۔

الفَرِیضَة۔ فرض۔ زکوٰۃ۔ مقرر کردہ حصہ۔ ج فَرَائِض عِلمُ الفَرَائِضِ وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔ أَصحَابُ الفَرَائِضِ وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔

المِفرَاض والمِفرَض: کاٹنے کے اوزار۔

المَفرُوض۔ س اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔

الفِرض: ضم بوڑھی بکری۔

فَرَطَ (ن) فُرُوطًا: آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا فَرَطًا فِی الأَمرِ: کوتاہی کرنا۔ فرط منه القولُ: بغیر سمجھے بوجھے کہنا مِنهُ شَیءٌ: جاتا رہنا عَلَیهِ فِی القَولِ: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا فَرَطَ عَلَی فُلَانٍ: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ: غالب ہونا۔ فَرَطَ إِلَیهِ رَسُولًا: قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔

فَرَطَ (ن ض) فَرطًا وفَرَاطَةً۔ القَومَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فَارِط) جمع فَارِطُونَ وفُرَّاط۔

فَرَّطَ۔ الشَّیءَ و فِی الشَّیءِ: ضائع کرنا۔ متفرق کرنا فِی الشَّیءِ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَهُ: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا عَنهُ: مہلت دینا۔

إِلَیهِ رَسُولًا: قاصد بھیجنا اللهُ عَنهُ مَا یَکرَهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

أَفرَطَ: جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا رَسُولًا: قاصد بھیجنا الأَمرَ: بھولنا اور چھوڑنا الإِنَاءَ: برتن لبالب بھرنا بِیَدِهِ إِلَی السَّیفِ لِیَستَلَّهُ: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا عَلَی الرَّجُلِ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا فُلَانٌ وَلَدًا: نابالغ بچے کا وفات پانا۔ الشَّیءَ: بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَفرَطَ مِنهُم أَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔

فَارَطَهُ فِرَاطًا ومُفَارَطَةً: سبقت لے جانا۔ پا لینا۔

تَفَرَّطَ۔ الشَّیءُ: وقت گزر جانا الفَرَسُ الخَیلَ: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَفَارَطَ: آگے بڑھنا القَومَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا الشَّیءُ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَارَطَتِ الصَّلَاةُ عَن وَقتِهَا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہوگئی تَفَارَطَتهُ الهُمُومُ: غموں کا لاحق ہونا۔

اِنْفَرَط. کھلنا۔
اِفْترَط. وَلَدًا : چھوٹے بچّے کا مرنا۔
اِلَیْهِ فِیْ الَامْرِ : آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے ''فُلَانٌ لَا یُفْتَرط اِحْسَانُه'' یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا۔
الفَرْط. س۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔ پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفْرُط واَفْرَاط الفَرْط : وقت اور کہا جاتا ہے اَتَیْتُه فرْطًا : میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا۔ آتِیْك فَرْط یَوْمٍ اَو یوْمَیْنِ یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا'' وَلَا اَلْقَاه اِلَّا فِیْ الفَرْط'' یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔
الفُرْط. دامن کوہ۔
اَفْرَاط. الصَّباحِ : صبح کی پہلی شعاعیں۔
الفَرْط. پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَرَطٌ قَوْمٌ فَرَط اور اسی سے ہے ''اَنَا فَرَطکم عَلٰی الحَوْضِ'' الفَرْطَ : پہلا پہنچا ہوا اجر۔ جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے۔ نابالغ بچّہ۔ کہا جاتا ہے ''سَبقَهٗ فَرَطٌ کَثِیْرٌ'' نابالغ بچّے مر گئے اور مردہ بچّہ کے جنازہ کی دُعائیں۔ کہتے ہیں ((اللّٰھُمَّ اَجْعَلْهٗ لَنَا فَرَطًا)) یعنی اے اللہ اس کو ہمارے لیے اَجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ جائے۔
الفُرْط. چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا، حد سے تجاوز، ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے گھوڑوں سے بڑھ جائے۔
الفَرْطَة والفُرْطَة. نکلنا اور آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے ''هُوَ ذُوْ فَرْطَةٍ فِیْ الْبِلَاد'' یعنی بہت سفروں والا ہے۔
الفُرَاطَة والمَاءُ الفُرَاط. پانی جو چند قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ جائے اسی کا ہو جائے۔ بِئْرٌ فُرَاطَةٌ : بھی کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تکَلَّم فِرَاطًا : بے سمجھے بوجھے بولا۔
مَفَارِطُ. البِلَاد : اطرافِ بلاد۔
فَرْطَح فَرْطَحَة. الشَّیَٔ : چوڑا کرنا۔
رَاسٌ فِرْطَاح ومفرطَح : چوڑا سر۔
فَرْطَسَ. الخنزیْر : ناک لمبی کرنا۔
فُرْطُوْسَة ، فِرطِیْسَة. سور کی ناک۔
الفِرطِیْستَه : ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِیْس.
الفِرْطَاس. چوڑا۔
فَرَعَ (ف) فَرْعا وفُرُوْعًا. الجَبَل : پہاڑ پر چڑھنا الوَادِی : وادی میں اُترنا الارض : زمین میں چکر لگانا القَوْمُ : قوم سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا الفَرَسَ باللجام : گھوڑے کو لگام کھینچ کر سہرانا رَاسَهٗ بالعَصَا : سر پر لاٹھی مارنا بَیْن القَوْمِ : روک بن جانا یا اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے ''هٰذَا اَوَّلُ صَیْدٍ فَرَّعَهٗ'' پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔
فَرِعَ (س) فرعًا. کثرت سے بالوں والا ہونا۔ صفت (افرع) مؤنث فَرْعَاءُ ج فُرْعٌ.
فَرَّعَ. فِیْ الجبل : پہاڑ پر چڑھنا۔ مِنَ الجَبَل : پہاڑ سے اترنا بَیْنَهُمْ تفریق کرنا المَسَائِلَ مِنْ هٰذَا الاَصْلِ : فروع کا استنباط کرنا فِی الْاَرْضِ : زمین میں چکر لگانا۔
اَفْرَع. مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ سے اُترنا بِالقَوْمِ : قوم کے پاس نازل ہونا الشَّیٔ : طویل و بلند ہونا الاَمر : شروع کرنا اللجامُ الفَرَسِ : لگام کا گھوڑے کو لہولہان کرنا۔ اَفْرَعَتِ الضَبع الغَنَم او فِیْ الغَنَمِ : بجو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الاِبِلُ : اُونٹنی کا پہلا بچّہ جننا القَوْمُ مِنْ سَفَرِهِمْ : وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔ الاَرْضَ : زمین میں چکر لگانا الفَرْعَةَ : پہلا بچّہ ذبح کرنا اَهْلَه : کفیل ہونا۔ حَاجَتَهٗ او سَفَرَهٗ : شروع کرنا (اُفْرِعَ) بفُلَانٍ : پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔
فَارَعَهٗ. کفایت کرنا اور انگیز کرنا۔
اِفْترَعَ. البکرَ : بکارت زائل کرنا۔
تَفَرَّعَ. القَوْمُ : گالی دینا۔ فائق ہونا۔ الشَّیَٔ : بلند ہونا۔ تَفَرَّعَتِ الاَغْصَانُ : ٹہنیوں کا بہت ہونا المَسَائِل : اصول سے متفرع ہونا الشَّیٔ عَلٰی الشَّیٔ : مترتب ہونا۔ مبنی ہونا۔
اِسْتَفْرَعَ. الشَّیَٔ : شروع کرنا الرَجُلُ : پہلے بچّہ کو ذبح کرنا۔
الفَرْعُ. س۔ مِنَ کُلِّ شَیٔ : اوپر کا حصّہ جو اصل سے نکلا ہو جیسے فَرْعُ الشَجَرَةِ : منفعت بخش مال۔ الفَرْع فِیْ المَسَائِلِ العِلْمِّیةِ : مسائل مستنبط جو کسی اصل سے نکلے ہوں۔ فَرْعُ المَرْأةِ : عورت کے بال فَرْعُ القَوْمِ. سردار رئیس فَرْع الاُذُن : کان کا اوپر کا حصہ ج فُرُوْع. الفَرْع : جوئیں واحد (فَرْعَةٌ) اور کہا جاتا ہے ''ضَرَبَه عَلٰی فَرْعَیْ اَلیَتَیْه'' چوتڑ کے اس حصّے پر جو بیٹھنے میں زمین پر لگتا ہے۔ الفَرْعُ : گھاٹی کی طرف پانی بہنے کی جگہ ج فِرَاع.
الفَرَعِ. اُونٹ یا بکری کا پہلا بچّہ۔ جوئیں واحد (فَرَعَةٌ) تقسیم۔ کہا جاتا ہے تَرَاضَوْ بِالفَرَعِ یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے۔
الفَرْعَة. راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی ج فِرَاع.
الفَارِع. فا۔ خوبصورت۔ بلند۔ پست۔
الفَارِعَة. مؤنث فَارِع. فَارِعَةُ الجَبَل : پہاڑ کا بلند حصّہ۔ ج فَوَارِع (فَارِعَةُ الطَرِیْق و فرعاؤهٗ) راستہ کی بلندی۔
المِفْرَعِ. لوگوں کے درمیان صلح کرانے والا ج مَفَارِع.
المُفْرع. ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مُفْرِعُ الکتف'' یعنی فلاں چوڑے اور بلند مونڈھے کا ہے۔
فَرْعَنَ فَرْعَنَةً. الرَجُلُ : تکبر کرنا۔ چالاک ہونا۔
تفَرْعَنَ. النَبَاتُ : لمبی اور قوی ہونا۔ فُلَانٌ عَلَیْنَا : سرکشی اور ظلم کرنا۔ فراعنہ کے اخلاق

کو اختیار کرنا۔
فِرْعَوْن و فُرْعُوْن و فُرْعَوْن، مصر کے بادشاہ کا لقب۔ شریر۔ سرکش۔ ج فَرَاعِنہ۔
فَرَغَ (ف،ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا و فُرُوْغًا مِنَ العَمَلِ: کام سے خالی ہونا۔ لَهُ و اِلَیْهِ: قصد کرنا الرَّجُلُ فُرُوْغًا: مرنا۔
فَرَغَ دَمُهٗ: رائیگاں جانا، مطالبہ نہ کیا جانا مِنَ الشَّیْءِ: پورا کرنا۔ تمام کرنا الظَّرْفُ: برتن کا خالی ہونا (فَرْغًا) عَلَیْهِ الْمَاءَ: گرانا۔
فَرُغَ (ک) فَرَاغَةً: رنجیدہ ہونا۔ گھبرانا۔
فَرُغَتِ الطَّعْنَةُ: وسیع ہونا۔ صفت (فَرِیْغَة)
فَرِغَ (س) فَرَاغًا. الْمَاءُ: پانی کا گرنا۔
اَفْرَغَ و فَرَّغَ. الْمَاءَ: پانی گرانا الاِنَاءَ: برتن خالی کرنا الدِّمَاءَ: خون بہانا۔ کہا جاتا ہے "فَرَّغَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اس کو صبر دے۔ افرغ الذهبَ و نحوَه: سانچہ میں ڈھالنا۔
تَفَرَّغَ. کام سے خالی ہونا الْاَمْرَ: کوشش کرنا۔
اِفْتَرَغَ. الْمَاءَ: اپنے اوپر پانی گرانا۔
اِسْتَفْرَغَ. قے کرنا مَجْهُوْدَهٗ لِکَذَا: طاقت صرف کرنا۔
الفَرْغ. برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ طَعْنَةٌ ذَاتُ فَرْغٍ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے۔ قحط زدہ زمین۔ ج فُرُوْغ۔
الفِرْغ. فراغت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ فِرْغًا او فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔
الفَرِغ. فارغ۔
الفِرَاغ. ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے۔ برتن۔ بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور ج اَفْرِغَة. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِرَاغٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔
الفَرِیْغ. چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور ج فِرَاغ. رَجُلٌ فَرِیْغٌ: تیز زبان مرد۔

طَرِیْقٌ فَرِیْغٌ کشادہ راستہ۔ ضَرْبَةٌ فَرِیْغٌ و فَرِیْغَةٌ: تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔
الفَرِیْغَة. مؤنث فَرِیْغ. زیادہ پانی کا چھاگل۔
الاَفْرَغ. فارغ۔ مؤنث فَرْغَاء طَعْنَةٌ فَرْغَاء کشادہ زخم۔
الفَرْغَان. کشادہ برتن۔
دِرْهَمٌ (مُفْرَغ و مُفَرَّغ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔
فرس (مُسْتَفْرِغ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
اِنْفِرَاغ: بجلی والا جسم۔ نہ باتہ جسم بجلی کی لہر کا ہلکی گیس میں گزرنا۔
الفَرْفَح. نرم و چکنی زمین۔
الْفَرْفَحِیْنُ: ایک سبزی کا نام جو کھائی جاتی ہے۔
الفُرْفُخ. لمبے پروالا۔ گیہوں کا چھلکن۔
الفُرَافِص و الفُرَافِصَة. مضبوط شیر۔
فَرْفَرَ فَرْفَرَةً. تیز چلنا اور قدم قریب قریب رکھنا البَعِیْرُ: بدن کو جھاڑنا الرَّجُلُ فِیْ کَلَامِهٖ: خلط ملط کرنا اور بڑھانا الشَّیْءَ: جھاڑنا اور حرکت دینا۔ توڑنا الذِّئْبُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ بے عزت کرنا فُلَانًا: فریاد کرنا۔ فَرْفَرَ الفَرَسُ اللِّجَامَ: سر سے علیحدہ کرنے کے لیے حرکت دینا۔
الفِرْفِر و الفُرْفُر. چڑیا۔
الفِرْفِر و الفُرْفُر و الفُرَافِر و الفُرْفُوْر شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑیا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفُرَافِر: بیوقوف۔ بہت بکواس کرنے والا۔
الفَرَس: گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا۔
الفِرْفَار. ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔
الفُرْفَار. شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔
فَرَقَ (ن ض) فَرْقًا و فُرْقَانًا. بَیْنَهُمَا: جدا کرنا البَحْرَ: سمندر کو پھاڑنا (فَرْقًا)

الشَّعْرَ: بال میں مانگ نکالنا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
فَرَقَ (ن) فُرُوْقًا. لَهُ الطَّرِیْقُ: راستہ کا واضح ہونا الْاَمْرُ لِفُلَانٍ: روشن ہونا۔
فَرَقَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا درد زہ والی ہونا۔ لَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: ظاہر کرنا۔
فَرِقَ (س) فَرَقًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "فَرَقٌ خَیْرٌ مِنْ حُبٍّ" خوف محبت سے بہتر ہے۔ یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبت کرنے سے بہتر ہے۔
فَرِقَ الرَّجُلُ: موج میں داخل ہونا۔
اَفْرَقَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ الطَّائِرَ: پرندہ سے بیٹ کرانا المَرِیْضُ مِنْ مَرَضِهٖ: مریض کا صحت یاب ہونا۔ غَنَمَهٗ: بکریوں کو ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔
فَرَّقَ تَفْرِیْقًا و تَفْرِقَةً. الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا الرَّجُلَ. خوف دلانا شَعْرَهٗ بِالْمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔
فَارَقَهٗ فِرَاقًا و مُفَارَقَةً. جدا ہونا۔
فَرَّقَ تَفَرُّقًا و تِفِرَّاقًا و اِفْتَرَقَ و تَفَارَقَ. ضد ہے تَجَمَّعَ اور اِجْتَمَعَ و تَجَامَعَ کی کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ بِهِمُ الطُّرُقُ" یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہولیا۔
اِنْفَرَقَ. عَنْهُمْ: جدا ہونا لَهُ الطَّرِیْقُ: راستہ کا واضح ہونا۔
الفَرْق. س۔ مانگ۔ کتان۔
الفِرْق. لڑکوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔
الفَرَق. س۔ گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداء صبح ج اَفْرَاق و اَفْرُق. الفَرَق: دو دانتوں کا فاصلہ فِی الْخَیْلِ: گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ غیر محبوب ہے۔
الفُرْقَان. س۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صبح (یَوْمُ الفُرْقَان) جنگ بدر کا دن۔
و الفُرْق. توراۃ۔ قرآن۔ الفَرْق: ناپنے کا ایک برتن۔

الفِرْقَة. لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق.
الفُرقَة والفِرَاق. جدائی۔
الفَرَق والفِرق والفَارُوْق والفَرُوق والفُرُوْق. بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرِقَةٌ وفَرُوْقَةٌ. نَبتٌ فِرقٌ : متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو نہ ڈھکیں۔
الفَرُوْقَة والفَرُّوْقَة والفَارُوْقَة (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔
الفَرِيْق. ریوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت۔
فَرِيْقُ الخَيْل: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج اَفْرِقَاء واَفْرِقَةٌ وفُرُوْق.
الفَرِيْقَة. بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
الاَفْرَق. مانگ والا جس کے داڑھی کے بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو۔ جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِيْكٌ اَفْرَق :مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَيْسٌ اَفْرَق :مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دُوری ہو۔ مؤنث فَرْقَاء.
الفَارِق. فا۔ مؤنث۔ فَارِقَةٌ ج فَوَارِق و فارِقَاتٌ: اَبر کا ٹکڑا جو بادل سے جدا ہو۔ دردِ زہ میں مبتلا اُونٹنی ج فَوَارِق وفُرَّق وفُرُق وفُرَّاق.
الفَارِق. ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔
الفَارُوْق. وہ شخص جو اُمور میں فیصلہ کرے۔ لقب خلیفہء دوم (رض) کا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ (تَفَارِيْق) مَتَاعِهِ :یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ "واَخَذَ حَقَّهُ بالتَفَارِيْق" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
المَفرِق والمَفرَق. مِنَ الطَرِيْق: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔
مِنَ الشَعْر: مانگ ج مَفَارِق. کہا جاتا ہے وَقَّفَهُ عَلٰى مَفَارِقِ الحَدِيْث یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔
الفَرْقَد. قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدَان کہلاتے ہیں۔
مِنَ الاَرْض :سخت ہموار میدان۔
الفَرْقَد: نیل گائے کا بچہ ج فَرَاقِد.
فَرْقَع فَرْقَعَةً و فِرْقَاعًا. تیز دوڑنا۔ گوز کرنا۔ صفت (فِرْقَاعٌ) الاَصَابع: اُنگلیاں چٹخانا فُلانًا :گردن مروڑنا۔
تَفَرْقَع. اُنگلیوں کا چٹخنا۔
اِفْرَنْقَعَ. اُنگلیوں کا چٹخنا عَنْهُ :دُور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْقَعَة. دُبر۔
فَرَكَ (ن) فَرْكًا. الثَوْبَ :کپڑے کو ملنا۔ الشَيْءَ عَنِ الثَوْبِ :کھرچنا الجَوْزَ ونَحْوَهُ :اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اُتارنا۔
فَرِكَهُ (س) فَرْكًا وفِرْكًا وفُرُوْكًا و فِرِكَانًا. بغض رکھنا۔ اور کہا گیا ہے کہ زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرِكَتْ (س) فَرَكًا. الاُذُنُ :کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَةٌ وفَرْكَاءُ)
فَرَّكَهُ. ملنے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَهُ مُفَارَكَةً چھوڑنا۔
اَفْرَكَ. السُنْبُلُ :ملنے کے قابل ہونا۔
تَفَرَّكَ. چال یا گفتگو میں اَٹکنا۔
(واِنْفَرَكَ) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے "اِنْفَرَكَ مَنْكِبُ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا مونڈھا اُکھڑ گیا۔
اِسْتَفْرَكَ. الحَبُّ فِي السُنْبُلَة: دانہ کا خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔
الفِرْك. بغض۔ بغض زوجین۔
الفَرِيْك. چھلکا اُتارا ہوا۔ کہا جاتا ہے لَوْزٌ فَرِيْكٌ.
الفَارِك. فا۔ اِمْرَاَةٌ فَارِكٌ: شوہر سے بغض رکھنے والی ج فَوَارِك.
الفَرُوْك. بغض رکھنے والا۔ شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔
الفَرِيْك. ملا ہوا دانہ۔ غلہ جو ملا جائے اور گھی ملا کر پکایا جائے۔
المَفْرُوْك. مع مِنَ الابل: وہ اُونٹ جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو اور مونڈھا چھدر گیا ہو مِنَ الثِيَاب: بہت گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
الفَرِيْكِيَّة. وہ کھانا جو چھلکا اتارے ہوئے دانوں سے بنایا جائے (دلیا)
المُفَرَّك. مع. چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔
المَفْرُوْكَة. وہ حلوہ جو میدہ، گھی اور چینی سے بنایا جائے اور اس پر چلغوزے اور بادام بکھیر دیئے جائیں۔
اَفْرَمَ. الاِنَاءَ. برتن کو بھرنا۔
الاَفْرَم. گرے ہوئے دانت والا۔
فَرَمَ يَفْرِمُ :گوشت کاٹنا۔ فَرَّمَ الوَلَدُ: بچوں کے دانت تبدیل ہونا۔ الفرمة :گوشت یا تمباکو کا ٹکڑا۔
الفَرَمَان. پروانہ شاہی ج فَرَامِيْن.
الفُرْن. تنور۔ ج اَفْرَان.
الفَرَّان. تنور کا مالک۔ روٹی پکانے والا۔
الفَارِنَة. روٹی پکانے والی۔
الفُرْنِي. گول موٹی روٹی واحد (فُرْنِيَّة) سخت بدن کا آدمی۔
الفَرَنْك ج فَرَنْكَات -فرنک نامی معروف ملک فرانس کا سکہ۔
الفِرِنْد. انار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔ تلوار کا نقش ونگار۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ فِرِنْدٌ" بے مثل تلوار ج فَرَانِد. الفِرِنْد :ایک قسم کا کپڑا۔
الاِفْرِنْد. جوہر۔ تلوار۔ نقش و نگار تلوار ج اِفْرِنْدَات.
فَرِهَ (س) فَرَهًا. خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَرِهٌ)
فَرُهَ (ک) فَرَاهَةً وفُرُوْهَةً و فَرَاهِيَةً. ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا۔ صفت (فَارِهٌ) اَفْرَهَ. الرَجُلُ: چست وچالاک غلام لینا۔
اِسْتَفْرَهَ الدَوَابَّ :عمدہ جانور چھانٹنا۔
الفَارِه. چالاک۔ خوب کھانے والا۔ کہا جاتا

ہے "رَجُلٌ فَارِہٌ وَجارِیَۃٌ فَارِہَۃٌ" ج فُرَّہٌ و فُرَّھَۃٌ وفُرْھَۃٌ وفُرَھَۃٌ و فُرَہٌ۔
الفَارِھَۃ۔ مؤنث فَارِہٌ۔ خوبصورت جوان لڑکی ج فَوارِہُ وفُرَہٌ۔
الاَفرَہ۔ چالاک۔
فَرْھَدَ۔ پھولنا۔ فَرْھَدَتْ نفسُہ :تنگ ہونا۔
تَفَرْھَدَ۔ الغُلَامُ :لڑکے کا موٹا ہونا۔
الفُرْھُد والفَرْھَد والفُرْھُوْد موٹا تازہ لڑکا۔
الفُرْھُوْد۔ بکری یا پہاڑی بکری کا بچہ ج فَرَاھِیْد۔
فَرّیٰ تَفْرِیَۃَ الجُبَّۃَ :جبہ پر پوستین لگانا۔
اِفْتَریٰ۔ الفَرْوَ :پوستین پہننا۔
الفَرْوَۃ۔ مع بالوں کے سر کی کھال۔ عورت کا سربند۔ تاج۔ توانگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہ عَلیٰ اُمِّ فَرْوَتِہٖ" اس کی چندیا پر مارا۔ سائل کا تھیلہ۔ اُونٹ کا بالوں کا کمبل۔
الفَرْو۔ پوستین جو بعض حیوانات کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔ ج فِرَاءٌ۔
الفَرَّاء۔ پوستین کا بنانے والا۔
فَرْوَز فَرْوَزَۃً۔ مرنا۔
فَرَیٰ یَفْرِی فَرْیًا۔ عَلَیْہِ الکَذِبَ :کسی پر جھوٹ باندھنا۔ الاَرْضَ :زمین میں چلنا۔ المَزَادَۃَ :توشہ دان بنانا۔ البَرْقُ :بجلی چمکنا۔
فَرَیٰ و فَرَّیٰ۔ الشَّیْءَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔
فَرِیَ یَفْرَی فَرًی۔ مدہوش ہونا۔ متحیر ہونا۔
اَفْرَیٰ۔ الشَّیْءَ :کاٹنا اور پھاڑنا۔ درست کرنا فُلَانًا :ملامت کرنا۔
تَفَرَّیٰ تَفَرِّیًا وانْفَرَیٰ اِنْفِرَاءً پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّتِ الاَرْضُ بِالعُیُوْنِ" زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔
اِفْتَریٰ اِفْتِرَاءً۔ عَلَیْہِ الکَذِبَ :کسی پر تہمت لگانا یا جھوٹ باندھنا۔
الفِرْیَۃ۔ فَرَیٰ کا اسم مرۃ۔ شور۔
الفِرْیَۃ۔ جھوٹ۔ تہمت ج فِرًی۔

الفَرِیُّ۔ پھٹا ہوا۔ گھڑی ہوئی بات۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَفْرِیْ الفَرِیَّ" فلاں تعجب انگیز کام کرتا ہے اور اسی سے قرآن میں ہے (لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا) یعنی تم نے ایسا کام کیا جس سے حیرت و تعجب ہے۔ مؤنث فَرِیَّۃٌ اور کہتے ہیں "الفَرِیَّۃَ الفَرِیَّۃَ" یعنی جلدی جلدی۔
الفَرِیُّ والفَرِیَّۃ۔ کشادہ ڈول۔
الفَرَا۔ تعجب۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا (اَفْرَیٰ) الفِرَیٰ" یعنی جھوٹوں کا جھوٹ۔
فَزَّ (ن) فَزًّا۔ اکیلا ہونا عَنْہُ :جدا ہونا الظَّبْیُ :ہرن کا گھبرانا ہ :دھوکا دینا اور غالب آنا۔ ہوش اڑا دینا ہ عَنْ مَکَانِہٖ گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا۔
فَزَّ (ض) فَزِیْزًا۔ الجُرْحُ :زخم سے خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
فَزَازَۃً وفُزُوْزَۃً۔ مضطرب ہونا اور بھڑک اٹھنا۔
اَفَزَّہٗ۔ گھبرا دینا۔
اِفْتَزَّ عَلَیْہِ :غالب ہونا۔
تَفَازَّ۔ الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَفَزَّہٗ۔ ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے نکال دینا۔ قتل کرنا مِنَ الشَّیْءِ: نکالنا۔
الفَزُّ۔ س۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچہ ج اَفْزَازٌ۔
الفَزَّۃ۔ خوف و دہشت کی چھلانگ۔ کہا جاتا ہے قَعَدَ (مُسْتَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا۔
فَزَرَ (ن) فَزْرًا۔ پھاڑنا۔ نخ کرنا۔ توڑنا ہ بِالعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ: ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔
فَزَرَ (ن) فُزُوْرًا۔ پھٹنا۔
فَزِرَ (س) فَزَرًا۔ پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت (اَفْزَر)
فَزَّرَ واَفْزَرَ۔ الشَّیْءَ :ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَزَّرَ وانْفَزَرَ۔ پھٹنا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
الفِزْر۔ بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ۔ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان بکری کا بچہ۔ شیر ببر کا بچہ۔ جز۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصے میں نکلے۔
الفِزَر۔ پھٹن۔ شگاف۔ گویا کہ یہ فِزْرَۃٌ کی جمع ہے۔
الفُزُوْر۔ پھٹن۔ شگاف۔
الفُزْرَۃ۔ پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج فُزَر
الفَازِر۔ فا۔ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔
الفَازِرَۃ۔ مؤنث فَازِر۔ ریگستان کا راستہ۔
الفَزْرَاء۔ مؤنث اَفْزَر۔ پُر گوشت عورت قریب البلوغ لڑکی۔
الفَزَارَۃ۔ چیتا کی مادہ۔
المَفْزُوْر۔ مع۔ کبڑا۔ پیٹھ یا سینے میں گانٹھ والا۔
فَزَعَ (ف) فَزْعًا وفِزْعًا۔ مِنْہُ :خوف کرنا۔
فَزِعَ (س) فَزَعًا۔ دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا اِلَیْہِ :فریاد چاہنا۔ پناہ لینا الرَّجُلَ :فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
مِنْ نومہ : بیدار ہونا (فَزَعًا) لِمَجِیْءِ فُلَانٍ :کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔
اَفْزَعَہٗ۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ دور کرنا۔
اَفْزَعَ القَوْمَ :فریاد رسی کرنا ہ مِنَ النَّوْمِ بیدار کرنا افزع عنہ: گھبراہٹ زائل کرنا۔
فَزَّعَہ۔ خوف دلانا۔
فَزَّعَ عَنْہُ۔ گھبراہٹ دور کرنا۔
الفَزَع۔ س۔ گھبراہٹ۔ فریاد رسی۔
الفُزْعَۃ۔ وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔
الفُزَعَۃ۔ لوگوں سے بہت گھبرانے والا۔
الفَازِع۔ خائف۔ فریادی۔ ج فَزَعَۃٌ۔
الفَزِع والمُفَازِع۔ خائف۔ فریادی۔
الفَزَّاعَۃ۔ بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ اُچکا (کھیت کا)
المَفْزَع والمَفْزَعَۃ۔ جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَفْزَعٌ او مَفْزَعَۃٌ لِلنَّاسِ"

فلاں لوگوں کیلئے جائے پناہ ہے یعنی جب ان کو اہم معاملہ پیش آتا ہے تو اس کی پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے مستعمل ہیں۔

المُفزَّع. بزدل۔ بہادر۔

فَسَأَه(ف) فَسْأً. لاٹھی سے مارنا ہ عَن کَذَا. روکنا (و فَسَّا تَفْسِيئًا و تَفْسِئَةً) الثوب. کپڑا اپھاڑنا۔

فَسِئَ(س) فَسأً. اُبھرے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ اُبھرے ہوئے پیڑو والا ہونا۔ صفت (اَفْسَأُ) مؤنث فَسْآءُ.

تَفَسَّأَةً. لاٹھی سے مارنا۔ تَفَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا المَرَضُ فِيهِمْ: بیماری پھیل جانا۔

تَفَاسَأَ تَفَاسُؤًا. الرَّجُلُ: پیٹھ اور چوتڑ کو ظاہر کرنا۔

الفُسْتُق و الفُسْتَق. پستہ۔

الفُسْتُقِي. پستئی رنگ کا۔

الفُسْتَان. عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قباء کے ج فَسَاتِين.

فَسَّجَ. پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

اَفْسَجَ. عَنْهُ: چھوڑنا۔

فَسَحَ(ف) فَسْحًا. کشادہ قدم رکھنا۔

لَهُ فِي السفر: پروانہء راہداری دینا۔

(فَسْحًا و فُسُوْحًا) لَهُ فِي المَجْلِس کشادگی کرنا۔

فَسُحَ(ک) فَسَاحَةً: المَكَانُ وسیع ہونا۔ صفت (فَسِيْحٌ و فُسَاحٌ و فُسُحٌ و فُسْحُمٌ) مبالغہ کے لیے میم کی زیادتی کے ساتھ۔

اَفْسَحَ المَكَانُ وسیع ہونا۔

تَفَسَّحَ. کشادہ ہونا لَهُ کشادگی کرنا۔

تَفَسَّحُوْا فِي المَجَالِس و (تَفَاسَحُوْا) کشادگی کرو۔

فَسَّحَ. المَكَانَ: کشادہ کرنا لَهُ فِي المَجْلِسِ. کشادگی کرنا۔

اِنْفَسَحَ. المَكَانُ. کشادہ کرنا صَدْرُهُ: کشادہ دل ہونا۔

الفَسْح مص. پروانہء راہداری۔

الفُسْحَة. گنجائش۔ مکانوں کے درمیان کشادگی ج فُسَح.

الفَيْسَحِي. قدم کی چوڑائی۔ کہا جاتا ہے " هُوَ يَمْشِي الفَيْسَحِي "وہ کشادہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا. جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا رَأْيِ فُلَانٍ فاسد کردینا۔ بگاڑدینا الأَمْرَ او العَقْدَ: توڑدینا الشَّيْءَ جدا جدا کرنا العُوْدَ و المَفْصَل لکڑی یا جوڑ کو جگہ سے ہٹادینا الثَّوْبَ عَنْهُ: کپڑے کو اُتار دینا۔

فَسَخَ(ف) فَسْخًا و فَسِخَ(س) فَسْخًا الرَّأْيُ: خراب ہونا۔

فَسَّخَهُ. فسخ میں مبالغہ کرنا۔

فَاسَخَه. العَقْدَ او البَيْعَ و (تَفَاسَخَا) العَقْدَ او البَيْعَ عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق ہونا۔ کہا جاتا ہے " تَفَاسَخَتِ الاَقَاوِيْلُ " یعنی اقوال متناقض ہوگئے۔

اَفْسَخَ. الكِتَابَ: بھولنا۔

تَفَسَّخَ. ٹکڑے ٹکڑے ہونا الشَّعْرُ عَنِ الجِلْدِ: بال کا کھال سے جھڑ جانا (اور یہ میت کے لیے خاص ہے)

اِنْفَسَخَ العَزْمُ او العَقْدُ: ٹوٹنا۔

الفَسْخَة. فسخ کا اسم مرۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے " رَجُلٌ فَسْخَةٌ "یعنی کمزور بدن یا ضعیف العقل مرد۔

الفَسْخ و الفَسِيْخ. وہ شخص جو اپنی حاجات میں کامیاب نہ ہو اور اپنے امور کا انتظام نہ کر سکے۔ کمزور بدن یا عقل والا۔ کمزور جس کا ارادہ سختی یا مصیبت کے وقت ٹوٹ جائے۔

اَلْفَسْخُ: مت کے بعد روح جانوروں یا جمادات میں منتقل ہو جاتی ہے جس کو نظریہ آواگون بھی بولتے ہیں۔ (ہندو عقیدہ کے مطابق)

اَلْفَسِيْخُ نمک لگائی مچھلی۔

فَسَدَ(ن ض) و فَسُدَ (ک) فَسَادًا و فُسُوْدًا. خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔ صفت (فَسِيْدٌ)ج فَسْدَى و (فَاسِدٌ)

اَفْسَدَهُ و فَسَّدَهُ. خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

فَاسَدَ. القَوْمَ قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔ تَفَاسَدَ القَوْمُ: قطع رحمی کرنا۔ آپس میں مخالف ہونا۔

اِسْتَفْسَدَ. تباہی چاہنا القَوْمَ بدسلوکی کرنا۔

الفَسَاد مص. کھیل کود۔ ظلماً مال لینا۔

المَفْسَدَة. مصدر فساد یا سبب فساد ج مَفَاسِد.

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا. الأَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا المُغَطَّى: ڈھکے ہوئے کو کھول دینا۔

فَسَرَ(ن ض) فَسْرًا و تَفْسِرَةً. الطَّبِيْبُ طبیب کا قارورہ دیکھنا۔

فَسَّرَهُ. واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

تَفَسَّرَ و اِسْتَفْسَرَ. فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ و اِسْتَفْسَرَهُ الأَمْرَ: واضح کرانا۔ واضح کرنے کو کہنا۔

التَّفْسِيْر. مص. تاویل۔ کشف۔ وضاحت۔ بیان شرح۔ ج تَفَاسِيْر. و حرفا التفسير. اَیْ اور اَن ہیں اے سے مبہم کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "هٰذَا عَسْجَدٌ اَيْ ذَهَبٌ"اور اَن سے معنی قول کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "نَادَيْتُكَ اَنْ اَفْعَلْ كَذَا"

التَّفْسِرَة. مص. مریض کا پیشاب۔ ہر چیز جس سے دوسرے پر استدلال کریں۔

الفُسَّاط و الفُسْطَاط و الفِسْطَاط. خیمہ۔ اُون کا خیمہ ج فَسَاطِيْط و الفُسْطَاط بالضم: مصر قدیم کا علم ہے۔ ایک لغت اس میں فُسْتَات و فِسْتَات بھی ہے۔

الفَسِيْط. ناخن کا تراشہ واحد (فَسِيْطَة)

الفُسْطَان دیکھئے فُسْتَان.

الفَسْفَس و الفَسْفَاس. بیوقوف۔ ایک بدبودار نباتات ج فَسَافِس و فَسَافِيْس.

الفُسَافِس. مچھر۔

الفُسَيْفِسَاء. بچے کاری۔ رنگ برنگ کے

چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر مختلف اشکال وصورتیں بنانا۔

اَلْفِسْفِسَةُ : ایک قسم کا گھاس جس کو جانور کھاتے ہیں۔اس میں دوسری لغت اَلْفِصْفِصَةُ ہے۔اَلْفُسْفُوْسَةُ : پھنسی

فَسَقَ (ن ض) و فَسُقَ (ک) فِسْقًا و فُسُوْقًا. حق وصلاح کے راستہ سے ہٹ جانا۔ بدکار ہونا۔ صفت (فَاسِق) ج فَسَقَةٌ و فُسَّاقٌ و فَاسِقُوْن مؤنث فَاسِقَةٌ ج فَاسِقَاتٌ و فَوَاسِق (وانْفَسَق) الرُّطَبُ عَنْ قِشْرِهِ : چھلکے سے علیحدہ ہونا۔

فَسَّقَهٗ. فسق کی طرف نسبت کرنا۔

الفِسْقِيَّة. حوض۔ وضو کرنے کی جگہ ج فَسَاقِيٌّ (دخیل)

الفُسَق والفَسَّاق والفِسِّيْق: بڑا بدکار۔ اور کہا جاتا ہے "یا فُسَقُ " یعنی اَیُّھَا الفاسِق اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے جیسے یا خُبَثُ.

الفَاسِقِيَّة. پگڑی باندھنے کا ایک مخصوص طریقہ۔ کہا جاتا ہے " تَعَمَّمَ فُلَانٌ الفَاسِقِيَّةَ"

فَسَاق. بروزن قطام عورت کیلئے گالی ہے اور نداہی کی صورت میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "یَا فَسَاق" بمعنیٰ یَا فَاسِقَةُ"

الفُوَيْسِقَة. فاسقة کی تصغیر۔چوہیا۔

اَلْفَاسِقِيَّةُ: اندھی گمراہی۔ضَرْبُ الْمَثَل۔ تَعَمَّمَ فُلَانٌ بِالْفَاسِقِيَّةِ: فلان اندھی گمراہی میں داخل ہوا۔

رَجُلٌ فُسْكُلٌ : مرد کمینہ۔کاہل۔

فَسِلَ (س) و فَسُلَ (ک) فَسَالَةً و فُسُوْلَةً و فَسِل. فرومایہ ہونا، کمینہ ہونا، بے مروت ہونا۔

فَسَلَ (ن) فَسْلًا. الصَّبِيَّ: بچے کا دودھ چھڑانا۔

اَفْسَلَ. الفَسِيْلَةَ: کھجور کے پودے کو اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ قلم لگانا۔(اَفْسَلَ وفَسَّلَ) دَرَاهِمَهٗ ومَتَاعَهٗ. کھوٹا کر دینا۔

اِفْتَسَلَ. الفَسِيْلَة. کھجور کے پودے کو اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

الفُسَالَة. مِنَ الحَدِيْد ونَحْوِهٖ : لوہے کے ذرات جو کوٹتے وقت گریں۔

الفَسْل. س۔ انگور کا قلم۔کمینہ۔بے مورت، ہر ردی چیز ج اَفْسُل وفُسُوْل وفِسَال وفُسْل وفُسُوْلَةٌ وفُسَلَاء واَفْسَال کہا جاتا ہے"دِرْهَمٌ فَسْلٌ ودَرَاهِم فُسُوْلٌ."

الفِسْل. بیوقوف۔

الفَسِيْلَة. کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔درخت کا قلم۔ ج فَسِيْل و فَسَائِل جج فُسْلَان.

الفُسُوْلَة. س۔فتور۔

المَفْسُوْل. رذیل۔بے مروت۔

فَسَأَ يَفْسُوْ فَسْوًا وفُسَاءً. بلا آواز کے گوز کرنا۔

تَفَاسَى. گوز کرنے کے لیے چوتڑ اُٹھانا۔

الفُسَاء. س۔بلا آواز کے گوز۔ پھسکی۔

الفَسْوَة. ایک مرتبہ کی پھسکی ج فَسَوَات.

فَسَوَاتُ الضِبَاع: سانپ کی چھتری۔

الفَاسِيَة والفَاسِيَاء. گبریلا۔ج فَوَاسٍ.

الفَسُوّ والفَسَّاء. بہت گوز کرنے والا۔

المَفْسَى. دبر۔

اَلْفِيْسُولُوجِيَا اَوِ الْفِيْزُلُوجِيَا۔ اعضاء کے کاموں کا علم۔

فَشَّ (ن) فَشًّا. ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا الوَطْبَ: سربند کھول کر ہوا نکال دینا۔ مکھن نکالنا النَّاقَةَ : اُونٹنی کو جلدی سے دوھنا البَابَ : دروازہ کو حیلہ سے بغیر کنجی کے کھولنا بَيْنَ القَوْمِ: چغل خوری کرنا۔

فُشَّ. السِّقَاءُ: ہوا نکال دیا جانا۔

اِنْفَشَّ. الجُرْحُ :زخم کی سوجن ڈھل جانا اللَّبَنُ : دودھ جاری ہونا الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ: کاہل ہونا۔اِنْفَشَّتِ الرِّيْحُ: دبانے سے ہوا کا مشک وغیرہ سے نکلنا عِلَّةُ فُلَانٍ : بیماری کا زائل ہونا۔

الفَشّ. س۔(والفُشُوْش) بیوقوف۔کمزور رائے والا۔ باطل پر فخر کرنے والا۔ موٹا کمبل۔ درخت خرّوب۔ پانی رسنے کی جگہیں۔

الفَشُوش. پانی ٹپکنے والی مشک۔

الفَشَّاش. صیغہ مبالغہ۔

الفَشِيْش. آواز اور اسی سے ہے" فَشِيْشُ الاَفْعَى " سانپ کے کھال کی آواز چلنے میں۔

الفَاشُوْش. ضعیف رائے اور کمزور ارادہ والا۔

رَجُلٌ (مُنفشُّ)المَنْخَرَيْن: چھوٹے بانسہ کے ساتھ پھولے ہوئے نتھنوں والا۔

فَشَأَ (ف) فَشْأً. ناز کرنا۔

اَفْشَأَ. بزرگی جتانا۔گردن کشی کرنا۔

تَفَشَّأَ. المَرَضُ بِالقَوْمِ: قوم میں بیماری پھیل جانا۔

فَشَجَ (ض) فَشْجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ. الرَّجُلُ اوِ البَعِيْرُ: مرد یا اُونٹ کا پیشاب کرنے کیلئے ٹانگیں پھیلانا۔

فَشَخَهٗ (ف) فَشْخًا. ظلم کرنا۔بچوں کے کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَخَ فِي اللَّعِب: کھیل کود میں جھوٹ بولنا اور ظلم کرنا۔

فَشَّخَ. الرَّجُلُ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔

اِنْفَشَطَ. العُوْدُ: تر لکڑی کا ٹوٹ جانا۔

فَشَعَت (ف) فَشْعًا. الذُّرَة: چینا کے اطراف کا سوکھنا۔

اَلْفُشَاعُ وَالْفُشَّاعُ: امریکی علاقہ کا پودا جس کی ادویات بھی بنتی ہیں۔

فَشَغَه (ف) فَشْغًا. بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔ ہٗ بالسَّوْطِ :کوڑے سے مارنا۔ صفت (فَاشِغٌ) مؤنث فَاشِغَةٌ الشَّيْئُ : وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

اَفْشَغَهٗ. بِالسَّوْطِ :کوڑے سے مارنا۔

فَشَّغَ. بمعنیٰ فَشَغَ ہٗ النَّوْمُ : نیند غالب آنا۔

تَفَشَّغَ. الشَّيْبُ فِيْهِ وتَفَشَّغَهٗ : بڑھاپا ظاہر ہونا البيوتَ : گھروں میں داخل ہونا۔ الرَّجُلُ : موٹے کھردرے کپڑے پہننا۔

تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کی سفیدی کا پھیل کر

آنکھ کو گھیر لینا۔
اِنْفَشَغَ. الشَّيُ : کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَة. اسم مرۃ۔ عشق پیچاں۔ نرکل کا گودا۔ نَاصِيَةٌ (فَاشِغَةٌ وفَشْغَاءُ) پیشانی کے پھیلے ہوئے بال جو آنکھ کو ڈھانپ لیں۔
الفَشَاغ والفُشَّاغ. آکاس بیل۔
الفِشَاغ. کاہلی۔
الاَفْشَغ. مینڈھا جس کی سینگیں دائیں بائیں نکل گئی ہوں۔ رَجُلٌ اَفْشَغُ الاَسْنَانِ: مرد جس کے دانت پراگندہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاء ج فُشْغ.
المِفْشَغ. جو اپنے ساتھی کا بُرائی سے مقابلہ کرے۔
المُفْشِغ. بے خیر۔ بے فیض۔
فَشْفَش. کمزور رائے والا ہونا۔ خوب جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف نسبت کرنا۔ صفت (فَشْفَاش) بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
الفَشْفَاش. مِنَ النُوْقِ: اُونٹنی کہ جس کا دودھ دوہنے کے وقت پراگندہ نکلے۔
الفَشْفَاشَة. نرم چیز۔ کہا جاتا ہے "تَخْرُجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِقَ (س) فَشَقًا. آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ آدھی رہے نہ ساری پاناؔ۔ اچانک آنا الظَّبْيُ: ہرن کا دُور دُور سینگوں والا ہونا۔ صفت (اَفْشَق) مؤنث فَشْقَاء.
فَشَقَ (ض) فَشْقًا. الشَّيُ: توڑنا۔
فَاشَقَهٗ. اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ. بِثَوْبٍ: کپڑے کو بدھی جیسا بنانا۔
الفَشَق. س۔ دوڑ۔ بھاگ۔ چستی۔
الفَشْك. کارتوس۔ واحد (فَشْكَةٌ) دخیل۔
فَشِلَ (س) فَشَلًا. کمزور و بزدلی ہونا۔ صفت (فَشَلٌ وفَشِلٌ وفَشِيْلٌ) ج فُشْلٌ وافْشَال.
فَشَلَ (ن ض) فَشْلًا. لِحْيَتَه: داڑھی پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ وتَفَشَّلَتْ وافْتَشَلَتْ. المَرْاَةُ: عورت کا پالکی کا پردہ بنانا۔ تَفَشَّلَ المَاءُ: پانی بہنا الرَّجُلُ مِنْهُمْ اِمْرَاَةً: نکاح کرنا۔
الفِشْل. پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج فُشُوْل.
المِفْشَل. ہودہ کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز ج مفاشل. المِفْشَل: وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تاکہ اولاد لاغر نہ ہو۔
التَفْشِيْل. س۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تَفَاشِيْل.
الاَفْشِيْن ج اَفَاشِيْن: رومی لوگوں کی نماز کا ایک حصہ۔
فَشَا يَفْشُو فَشْوًا وفُشُوًّا وفُشِيًّا خَبْرُهٗ او فَضْلُهٗ او سِرُّهٗ: خبر یا فضیلت یا بھید ظاہر ہونا۔ پھیل جانا۔ فَشَتِ المَاشِيَةُ چراگاہ میں جانا اُمُوْرُهُمْ: اُمور کا متفرق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَشَتْ عَلَيْهِ ضَيْعَتُهٗ" اس کی جائیداد کا انتظام بکھر گیا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کو سنبھالے۔
اَفْشٰى اِفْشَاءً. الشَّيُ: پھیلانا۔ سِرَّهٗ لِفُلَانٍ. ظاہر کرنا الرَّجُلُ: بہت جانوروں والا ہونا۔
تَفَشّٰى تَفَشِّيًا. المَرَضُ القَوْمَ و بِهِمْ: بیماری پھیلنا۔ تَفَشَّتِ القَرْحَةُ: زخم کا چوڑا ہونا۔
الفَشَاء مویشیوں کی پیداوار اور زیادتی۔
الفَشْيَان. غشی۔
الفَشْوَة. عورت کی خوشبو کی ڈبیا۔
الفَاشِي. فا۔ مؤنث فَاشِيَةٌ ج فَوَاشٍ.
الفَوَاشِي پھیلے ہوئے مویشی۔
التَفَشِّي. س۔ عِنْدَ اَهْلِ العَرَبِيَّةِ: حرف کا پڑھنا۔
فَصَّ (ض) فَصًّا وافْتَصَّ. كَذَا مِنْ كَذَا: جدا کرنا۔
فَصَّ (ض) فَصِيْصًا. الجُرْحُ: زخم کا بہنا العَرَقُ: پسینہ ٹپکنا الوَلَدُ: بچے کا آہستہ آہستہ رونا الجُنْدُبُ: ٹڈی کا آواز نکالنا۔
فَصَّصَ. الخَاتَمَ: انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔ بِعَيْنِهٖ: گھورنا۔
اَفَصَّ. اِلَيْهِ شَيْئًا. مِنْ حَقِّهٖ: حق کا کچھ حصہ دینا۔
اِنْفَصَّ. مِنْهُ: جدا ہونا۔
الفَصّ. تثلیث الفاء: نگینہ (فتحہ فاعلیٰ ہے)
الفَصُّ آنکھ کی سیاہی۔ لہسن کا جوا۔ اصل امر و حقیقت۔ امر۔ دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ فَصُّ المَاءِ: بلبلہ ج فُصُوْص و فِصَاص واَفُصّ.
الفَصَّاص. نگینہ لگانے والا۔
الفَصِيْص. صاف گٹھلی گویا روغن ملی ہوئی۔
فَصَحَ (ف) فَصْحًا. الصُبْحُ فُلَانًا: صبح ظاہر ہونا۔
فَصُحَ (ک) فَصَاحَةً. فصیح ہونا۔ خوش بیان ہونا۔ صفت (فَصِيْحٌ) الاَعْجَمِيُّ: عربی زبان میں گفتگو کرنا اللَبَنُ: دودھ سے جھاگ اُتار لینا۔ صفت (فَصْحٌ وفَصِيْحٌ)
فَصَّحَ. اللَبَنُ: بے جھاگ ہونا۔
اَفْصَحَ. فصاحت سے بولنا۔ فص□ □ تح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا عَنْ كَذَا: خلاصہ کرنا۔ عَنِ الشَّيُ: ظاہر کرنا بیان کرنا مِنْ كَذَا: نکل جانا رہائی پانا الاَمْرُ: واضح ہونا۔ اللَبَنُ: دودھ کا بے جھاگ ہونا الصُبْحُ: صبح کی روشنی پھیلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا صاف ہنہنانا البَوْلُ: پیشاب صاف رنگ کا ہونا۔
اَفْصَحَ النَصَارٰى او اليَهُوْدُ: ایسٹر کی عید ماننا۔ ایسٹر کی عید کا زمانہ آنا۔
تَفَصَّحَ. زُبان آور ہونا۔ اچھا خوش بیان ہونا۔ و تَفَاصَحَ. بتکلف فصیح ہونا۔
الفَصَاحَة. س۔ بیان۔ کلام کا تعقید سے خالی ہونا اور یہ متکلم کلام کلمہ تینوں کی صفت واقع ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَصِيْحٌ. كَلَامٌ فَصِيْحٌ كَلِمَةٌ فَصِيْحَةٌ.
الفَصِيْح. صاحب فصاحت۔ ج فُصُحٌ و فُصَحَاء وفِصَاح. مؤنث فَصِيْحَة ج فِصَاح و فَصَائِح وفَصِيْحَات.

الفِصْح. عِنْدَ النَّصَارَى: ایسٹر۔ فِصْحُ الیَهُوْدِ: یہودیوں کے مصر سے نکلنے کی یادگار میں عید۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ فِصْحٌ" بے بادل کا دن۔

المُفْصِح: واضح۔ یَوْمٌ مُفْصِحٌ بے بادل کا دن۔

فَصَخَ(ف) فَصْخًا. عَنِ الأَمْرِ: جان بوجھ کر غفلت کرنا العُوْدَ او المَفْصِلَ: لکڑی یا جوڑ کو اُکھیڑنا۔

فُصِخَ. فُلَانٌ: خرید و فروخت میں نقصان اُٹھانا۔

الفَصِیْخ والفَصِیْخَة والفَاصِخَة: کمزور عقل۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔

فَصَدَ(ض) فَصْدًا و فِصَادًا. المَرِیْضَ: رگ کھولنا لَهُ عَطَاءً: جاگیر دینا۔

(وافْتَصَدَ) رگ کھولنا۔

فَصَّدَ. الشَّیْئَ: تھوڑے سے پانی میں بھگونا۔

اَفْصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔

تَفَصَّدَ. الدَّمُ: خون بہنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَتَفَصَّدُ عَرَقًا"، آیا اس حال میں کہ پسینہ بہ رہا تھا۔

اِنْفَصَدَتِ. الشَّجَرَةُ: درخت کے کونپل نکلنا۔ اِنْفَصَدَ الدَّمُ: خون بہنا۔

الفُصْدَة والفَصِیْدَة: کھجور خون کے ساتھ مخلوط کیا ہوا۔

الفَصِیْد: نشتر لگایا ہوا۔ آنت اور خون ملا کر بھونا ہوا۔

المِفْصَد: نشتر۔

فَصَعَ(ف) فَصْعًا. التَّمْرَةَ: دو اُنگلیوں سے دبا کر چھلکا علیحدہ کرنا عِمَامَتَهُ عَنْ رَاسِهِ: سر سے عمامہ اُتارنا الشَّیْئَ: نرم کرنے کے لیے اُنگلیوں سے ملنا (و فَصَّعَ) لَهُ بِکَذَا: دینا۔ فَصَّعَ الشَّیْئُ مِنْ کَذَا: نکالنا۔ و فَصَّعَ الرُّطَبَةَ: دو اُنگلیوں سے مل کر چھلکا علیحدہ کرنا۔

اِنْفَصَعَ. الشَّیْئُ مِنْ کَذَا: نکلنا۔

اِفْتَصَعَ. حَقَّهُ مِنْهُ: اپنا کل حق زبردستی لینا۔

الفُصْعَان: ہمیشہ سر کھلا رکھنے والا۔

الفُصْعَاء: چوہیا۔

اَلْفُصْفُوْر: فاسفورس: اس کی دو اقسام ایک سفید اور دوسری سرخ۔ یہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ہڈیاں جوڑی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ کھاد بنائی جاتی ہے۔

فَصْفَصَ فَصْفَصَةً. الکَلَامَ: جلدی بولنا الدَّابَّةَ: فصفصہ کھلانا۔

تَفَصْفَصَ. القَوْمُ عَنْ فُلَانٍ: متفرق ہونا۔

الفِصْفِصَةُ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور کھاتے ہیں اور جب تک تر ہو اس وقت تک یہ نام ہے ج فَصَافِص عوام "فِصَّہ" کہتے ہیں۔

الفُصَافِص: قوی اور مضبوط ارادہ والا۔

الفُصْعُل: بچھو یا بچھو کا بچہ۔ نالائق۔

فَصَلَ(ض) فَصْلًا. الشَّیْئَ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا اور اسی سے ہے "فَصْلَ الخُصُوْمَاتِ"، یعنی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا بَیْنَهُمَا: فاصلہ ہونا الوَلَدَ عَنِ الرِّضَاعِ: بچے کا دودھ چھڑانا۔

فَصَلَ(ن) فُصُوْلًا. الکَرْمُ: انگور کی بیل میں دانہ بیٹھنا الرَّجُلُ عَنِ البَلَدِ: شہر سے نکل جانا۔

فَصَّلَ. الکَلَامَ: تفصیل کرنا الشَّیْئَ: فصل فصل کرنا۔ متمیز۔ ٹکڑے کرنا۔

الثَّوْبَ: سینے کے لیے قطع کرنا۔

القَصَّابُ الشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

العِقْدَ: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ ڈالنا۔

فَاصَلَ. شَرِیْکَهُ: جدا کرنا۔

اَفْصَلَ. المَوْلُوْدُ: دودھ چھڑانے کے قابل ہونا۔

اِنْفَصَلَ: جدا ہونا عَنْهُ: جدا کرنا۔

تَفَصَّلَ: عضو۔ عضو کاٹنا۔

تَفَاصَلَتِ. الاَشْیَاءُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

اِفْتَصَلَ. الوَلَدَ عَنِ الرِّضَاعِ: بچے سے دودھ چھڑانا النَّخْلَةَ عَنْ مَوْضِعِهَا: کھجور کے پودہ کو اُکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

اِسْتَفْصَلَ: تفصیل طلب کرنا۔

الفَصْلُ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ زمین کے درمیان حد مِنَ الجَسَدِ: ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ جوڑ کی جگہ۔ فرع۔ کہا جاتا ہے "لِلنَّسَبِ اُصُوْلٌ و فُصُوْلٌ" یعنی فروع مِنَ الکِتَابِ: کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ سال کے چار حصوں میں سے ایک حصہ۔ اور وہ چار حصے یہ ہیں۔ بہار۔ گرمی۔ خریف۔ سردی۔ ج فُصُوْلٌ. الفَصْلُ: حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ قَوْلٌ فَصْلٌ: قول حق یَوْمُ الفَصْلِ: قیامت کا دن اور فَصْلُ الخِطَابِ سے مُراد وہ خطاب ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔ اور فصل الخطاب خطیب کا قول امابعد بھی ہے۔

الفَصْلَة: فصل کا اسم مرۃ۔ کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔

الفَصِیْل: شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار؛ اُونٹنی یا گائے کا بچہ؛ جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو ج فِصَال و فُصْلَانٌ و فِصْلَانٌ۔

الفَصِیْلَة: فصیل کا مؤنث۔ ران یا اعضاء جسم کے گوشت کا ٹکڑا۔ کنبہ۔ ج فصائل۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِفَصِیْلَتِهِمْ" یعنی تمام آئے۔

الانفصالی: وہ شخص جو کہ اپنے دین اور ملک سے الگ ہونے کی طرف میلان رکھتا ہے۔ وہ شخص جس ہدف جماعت سے اختلاف اور اس سے خارج ہو جاتا ہے۔

الانفصالیة: دین و ملک سے الگ ہونا۔ الگ ہونے کی طرف میلان رکھنا۔

الفَصَّال: انعام حاصل کرنے کے لیے مدح کرنے والا۔ سَیْفٌ فَصَّالٌ: تلوار قاطع۔

الفِصَال: دودھ چھڑانا۔

الفَاصِل: فا حُکْمٌ فَاصِلٌ: حکم نافذ۔

الفَاصِلَة: مؤنث فاصل۔ ہار کے دو مہروں

کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔
الفَاصِلَةُ الصغری فِیْ عِلْمِ العَروْضِ. عِلم عروض کی اصطلاح میں تین حروف متحرک اور چوتھا ساکن جیسے ضَرَبَتْ اور فَاصِلَہ کُبْرٰی: چار حروف متحرک اور پانچواں ساکن جیسے ضَرَبَكُمْ. اور فاصلہ سجع میں ایسا ہی ہے جیسے قافیہ شعر میں ج فَوَاصِل.
الفَیْصَل. حاکم۔ قاضی حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ جو چیز اُمور میں فیصلہ کرے۔ تلوارِ قاطع ج فَیَاصِل. حکم فیصلٌ: حکم نافذ۔ حکومة فیصلٌ: حکومت نافذہ۔ ضَرْبَةٌ فَیْصِلٌ: وہ مار جو دو ہمسر اور مقابل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔
الفَیْصَلِّی. حاکم۔ جج۔
المَفْصِل. جوڑ۔ ج مَفَاصِل. المفاصِل جمع شدہ پتھر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین جس میں سنگریزے اور ریت وغیرہ جمع ہوگئے ہوں جس کا پانی صاف اور ٹھنڈا ہوتا ہے داءُ المَفَاصِل. وَجْع مَفَاصِل. ایک بیماری جس میں جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔
المِفْصَل. زُبان۔
المِفْصَال. جس کی عادت ہی فیصلہ کی ہو۔
المَفَصَّلَة. فِیْ اِصْطِلَاحِ التجارین. دروازے وغیرہ کا قبضہ۔
اَلْفَاصَفُولِیَّةُ اَوِالْفَصُولْیَا: لوبیا' زرعی سبزی امریکہ میں زیادہ تر ہوتی ہے۔ سولہویں صدی میں اس کی ابتدائی زراعت ہوئی۔
فَصَمَ (ض) فَصْمًا. الدَمْلَج ونحوهٗ: بازو بند وغیرہ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّیْ: کاٹنا۔
فُصِمَ. البَیْتُ: مکان کا گرنا۔
اَفْصَمَ. عَنْهُ المطرُ او الحُمّٰی: بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔
تَفَصَّمَ وَانْفَصَمَ. منقطع ہونا۔ بغیر جدائی کے ٹوٹنا۔ پھٹنا۔
الفَصِیْم والاَفْصَمُ. ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔
فَصَی یَفْصِی فَصْیًا. الشَّیَٔ مِنَ الشَّیِٔ وعنه: جدا کرنا۔ زائل کرنا۔
فَصّٰی تفْصِیۃ. اللحم من العَظْمِ او عَنِ العَظْمِ: گوشت کو ہڈی سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ چھڑانا۔
فَاصَاہُ مُفَاصَاۃ. جدا ہونا۔
اِفْصَی اِفْصَاء. خیر یا شر سے نکل جانا۔
اَفْصَی عَنَّا المطرُ: منقطع ہونا الصَّائِد: شکاری کی جال میں کچھ نہ پھنسنا۔
تَفَصّٰی تَفَصِّیًا وَانْفَصَی اِنْفِصَاءً مِنْ او عَنِ الشِدَّة او غیرِهَا: رہائی پانا۔ کہا جاتا ہے "تَفَصّٰی من الدُیُوْن" قرض سے نجات پائی الرجل مِن الرجُلِ و عَنْهُ: جدا ہونا۔ تَفَصّٰی الشَّیَٔ: پورا لے لینا۔
الفَصِّی. خشک انگور کا دانہ واحد (فَصَاةٌ)
الفَصْیَة والفصیَة: خیر سے محرومی شر سے رہائی۔ الفَصِیَةُ ما بینَ الحَرِ والبَرْدِ: اعتدالِ موسم۔ کہا جاتا ہے "یَوْمُ فَصْیَة وفُصْیَة ویَوْم مُفْص ولَیْلَة فَصْیَة وفُصْیَة ولَیْلَةٌ فصیَة" معتدل دن رات نہ گرم نہ سرد۔
فَضَّ (ن) فضًّا. الشَّیَٔ: توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فَضّ خَتم الکِتَابِ والخَتْمَ عَنِ الکِتاب: مہر توڑنا اللؤلؤة: موتی باندھنا القَوْمَ: قوم کو متفرق کرنا۔ تم کہتے ہو "فَضَّ الله جمعَهُمْ" اللہ ان کی جمعیت کو متفرق کر دے۔ و فَضَضْتُ حَلْقَةَ القَوْمِ: میں نے قوم کے حلقہ کو توڑ دیا الدُمُوْعَ: آنسو بہانا۔ الشَّیَٔ عَلَی القَوْمِ: تقسیم کرنا۔ مَا بَیْنَهُمَا: کاٹ دینا اللّٰهُ فاهُ: دانتوں کو گرا دینا اور اسی سے ہے "لَا فُضَّ فُوْكَ" اس شخص کیلئے جو بہترین گفتگو کرے دُعا ہے کہ تمہارے دانت نہ گرائے جائیں۔
فَضَّضَ. الشَّیَٔ: کسی چیز پر چاندی کا ملمع کرنا۔ چاندی کا جھول چڑھانا۔
اَفَضَّ. العَطَاءَ: بہت دینا۔
اِنْفَضَّ. ٹوٹنا۔ اِنْفَضَّتِ الدُمُوْعُ: آنسو بہنا (وتَفَضَّضَ) متفرق ہونا۔
اِفْتَضَّ. المَاءُ: پانی آہستہ آہستہ گرانا۔
الفَضّ. من بکھرے ہوئے لوگ۔ کہا جاتا ہے فِیْ المَدِیْنَةِ فَضٌّ یعنی شہر میں متفرق لوگ ہیں و تَمَرٌ فَضٌّ متفرق کھجوریں۔
الفُضَاض والفِضَاض والفُضَاضَة ریزے۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "طَارُوْا فُضَاضًا" متفرق ہو کر اُڑ گئے۔
الفَضِیْض والفَضَض. نہاتے وقت پانی جو اِدھر اُدھر بکھر جائے۔ ہر متفرق و منتشر چیز۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فَضَضٌ مِنَ النَّاسِ" متفرق فرقے نکلے
الفَضِیْض: ٹوٹا ہوا خوشگوار پانی یا بہتا ہوا پانی۔
الفِضَّة. چاندی (والفَضَّة) زمین جہاں پتھر ایک دوسرے کے اوپر بکھرے ہوئے ہوں۔
الفَاضَّة. مؤنث فاض۔ مصیبت ج فَوَاضّ.
المِفْضَاض والمِفَضّ والمِفَضَّة ہنگا۔ موگری۔
الفَضْفَضَة. کشادگی۔
الفَضْفَاض. کشادہ۔
تَفَضَّجَ. الرَجُلُ عَرَقًا وبِالْعَرَق: بال کی جڑوں میں پسینہ آنا اور تر نہ ہونا الشَّیْ: وسیع ہونا جَسَدُهٗ بِالشَحْمِ: موٹاپے سے پھٹ پڑنا۔
اِنْفَضَجَ الرَجُلُ عَرَقًا وبِالعَرَقِ: بمعنی
تَفَضَّجَ الاَمْرُ: ڈھیلا اور کمزور ہونا البَدَنُ: بدن کا بہت موٹا ہونا القَرْحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا الاُفُقُ: ظاہر ہونا۔
الفَضِیْج. پسینہ۔
فَضَحَهٗ. (ف) فَضْحًا. بُرائیاں ظاہر

کرنا۔ فَضَحَ المُعَمٰی : معمہ حل کرنا القَمَرُ النُجوُمَ: چاند کا ستاروں پر غالب آنا الصُبْحُ: صبح طلوع ہونا الصُبْحُ فُلَانًا: روشنی کا غالب ہونا۔

فَضِح(س) فَضَحًا. تھوڑا سفید ہونا۔ صفت (اَفْضَح)مؤنث فَضْحَاءج فُضْحٌ.

فَضَّحَ واَفْضَحَ. الصُبْحُ: صبح طلوع ہونا۔ اَفْضَح النَخْلُ: درخت خرما کا سرخ یا زرد پھل والا ہونا۔

فَاضَحَهٗ وتَفَاضَحَا. ایک دوسرے کو رُسوا کرنا۔ ایک دوسرے کی بُرائیوں کو ظاہر کرنا۔

اِفْتَضَحَ. الاَمْرُ: مشہور ہونا الرَجُلُ: رُسوا ہونا۔ بُرائیاں ظاہر ہونا۔

الفَاضِح. فا۔ صبح۔

الفَضَّاح. صیغہ مبالغہ۔

الفُضُوْح والفَضَاحَة والفُضُوْحَة والفِضَاح. رُسوائی؛ بُرائیوں کا ظاہر ہونا۔

الفَضُوْح. رُسوا کرنے والا۔ رُسوا شدہ۔

الفَضِيْح. مال یا مویشی میں بدانتظامی۔

الفَضِيْحَة. مؤنث فَضِيْح. عیب۔ رَسوائی ج فَضَائِح.

المَفْضَحَة. سبب رَسوائی ج مَفَاضِح.

فَضَخ(ف) فَضْخًا. الشَّئَ: کھوکھلی چیز کو توڑنا الرَاس : سر کچلنا العَيْنَ : آنکھ پھوڑنا۔

اَفْضَخَ. العُنْقُوْد : انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْفَضَخَ. ٹوٹنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْفَضَخَتِ القَرْحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا اور نچڑا جانا زَيْدٌ: بہت رونا الدلو: ڈول کا چھلکنا۔

اِفْتَضَخَ. البُسْرَ: کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔

فَضْخُ. المَاءِ: پانی کی چھلک۔

الفَضُوْخ. شراب جو پینے والے کو مست بنا دے۔

الفَضِيْخ. شیرۂ انگور۔ کھجور کی شراب۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

فَضْفَضَ فَضْفَضَةً. الثوْبُ او العَيْشُ: کشادہ ہونا و فَضْفَضَهٗ: کشادہ کرنا۔

الفَضْفَاض. کشادہ کپڑا۔ خوش عیش۔ فیاض۔ اَرْضٌ فَضُفَاض: زمین جس پر بارش کا پانی بہت جمع ہو۔ دِرْعٌ (فَضْفَاضَة وفُضَافِضَة) کشادہ زرہ۔ سَحَابَةٌ فَضْفَاضَة وفُضَافِضَة: بہت پانی والی بدلی۔ جَارِيَةٌ فَضْفَاضَةٌ: پُر گوشت طویل الجسم لڑکی۔

فَضَل(ن) و فَضِل(س) فضْلًا باقی رہنا۔ زائد ہونا۔ فَضَلَهٗ: فضل میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "فضل فُلانٌ عَلٰی غَيْرِہ" جبکہ فضل میں غالب ہو جائے۔

فَضِلَ و فَضُلَ(ک) فضْلًا صاحب فضل ہونا۔ صاحب فضیلت ہونا۔

فَضَّلَهٗ. عَلٰی غَيْرِہ: فضل کا حکم لگانا۔ ترجیح دینا (فاضله فِضالا و مَفاضلة) فضل میں فخر کرنا۔ فاضل بين الشيئين: دو چیزوں کے درمیان فضل کا مقابلہ کرنا۔

اَفْضَلَ. عَلَيْهِ: بڑھنا۔ بھلائی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ اَفْضَلَ عَلَيْهِ فی الحَسبِ: حسب میں بڑھ جانا عَلَيْهِ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ صَفَّهم قَدْ اَفْضَلَ عَلٰی صَفِّنا" ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے (واِسْتَفْضَل) من الشَّئَ: بقیہ چھوڑ دینا۔

تَفَضَّلَ. عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔ فضل کا دعویٰ کرنا۔ تَفَضَّلَ الرَجُلُ: شب خوابی کا لباس پہنایا۔ کام کاج کے لیے لباس پہننا۔

الفاق۔ کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنکھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔

الفاقۃ۔ حاجت۔ فقر۔ محتاجی۔

فوق س۔ اوپر۔ اور یہ ظرف مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اقمتُ فوق شہرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العشرۃُ فوق التسعۃِ و "ھذا فوق ذاک" اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ کقولہٖ۔ واذا ذُکرت فکلُّ فوقٍ دُونٌ۔

الفوقانی۔ اُوپر والا۔ اعلیٰ۔ نقیض تحتانی۔

الفُوق۔ سوفار۔ ج فُوق وافواق۔ زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "ما ارتدّ علی فُوقہٖ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں ولہٗ من کذا سہمٌ ذُوفُوقٍ یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔

الفوق۔ سوفار میں کجی۔

الفُوقۃ۔ سوفار ج فوق وفُقًا

الفیقۃ۔ دودھ جو دو دفعہ دوھنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الفیقۃ من اللیل: رات کا اکثر حصہ۔ فیقۃُ الضحی: چاشت کی ابتداء ج فِیَق وفِیق وفِیقات و افواق وافاویق۔ تم کہتے ہو "ارضعتنی افاویق برّہٖ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کئے الافاویق: پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔

الفَواق والفُواق۔ س۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت۔ اور اسی سے ان کا قول ہے۔ "امہلنی قدر فُواق حالب" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "ولہٗ من کذا سہمٌ ذُو فواقٍ" اس کیلئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔ الفُواق: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج افوقۃٌ وآفقۃٌ وج افوقات۔ الفَواق: اسم ہے افاق واستفاق العلیلُ سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔

الفائق۔ فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فائقون و فوقۃ۔ الفائق: سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔

السہمُ الافوقُ۔ وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔ شاعرٌ مُفیقٌ۔ شاعر بلیغ۔

طعامٌ مفوّقٌ۔ کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔

الفُول۔ لوبیا۔

الفوّال لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا پکانے والا۔

فوّم۔ روٹی پکانا۔

الفُوم۔ لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فومان۔

الفُومۃ۔ فوم کا واحد۔ خوشہ؛ چٹکی جو دو انگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوم۔

الفامیُّ۔ سبزی فروش۔

الفَوفل والفُوفل: ہندوستان میں ایک انگوری کا پھل جس کو کمزوری دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی طاقت صندل کی طرح ہوتی ہے۔

الفاوانیا: اس کا دوسرا نام عود الکلیب ہے۔ ایک دوائی کا نام۔

فاہ یفوہ فوھًا وتفوّہ۔ بکذا: بولنا۔

وتفوّہ المکانُ دہانہ میں داخل ہونا۔
فَوِہَ(س) فَوَھًا فراخ دہن ہونا۔
فوّھَہٗ فراخ دہن بنانا۔
فاوہ مُفاوھۃً وفاھی مُفاھاۃً فلانًا: گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔
تفاوہ القومُ بکذا آپس میں گفتگو کرنا۔
اِستفاہ اِستِفَاھًا و اِستفاھۃً کی کے بعد بہت کھانا پینا۔
الفُوہ والفاہ والفیہ مُنہ ج افواہ فو اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِیْہٖ یعنی وہ اپنے مُنہ کے بل گرا۔ و "کَلَّمْتُہٗ فَاہُ اِلٰی فِیَّ" یعنی میں نے اس سے رودر رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہوگا۔ جیسے کَلَّمْتُہٗ فُوہُ اِلٰی فِیَّ۔
الفُوَیہ فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔
الفَوَہ مُنہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے نکلنا۔
الفُوّہ والفُوّۃُ ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔
الفَوْھۃ فاہ کا اسم مرۃ۔ مُنہ۔
الفُوْھَۃ مِنَ الوَادِی والطَّرِیق و جَبَلِ النَّارِ وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوَّھَات۔
الفَیِّہ بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَیِّھَۃٌ۔
الفُوّھَۃ اوّل شَیْئٍ مِنَ الطَّرِیق والوَادِی وجَبَلِ النَّارِ راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوَّھَات و اَفواہ و فَوَائِہ۔
الفُوَّھَۃ گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلانٌ یَخَافُ فُوّھَۃَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّہٗ لَذُو فُوّھَۃٍ وہ بڑا تیز زبان زور ہے "وانّ رد الفُوّھَۃِ لَشَدِیْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔
الاَفْوَہ چوڑے مُنہ والا۔ مؤنث فوھاءج فُوہ طَعْنَۃٌ فَوْھاءُ چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔
الاَفْوَاہ مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِیہ واحد فُوہ۔
المُفَوَّہ بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مُفَوَّہٌ شراب مفوَّہ خوشبو ملی ہوئی شراب (والمُفَوِّی) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّۃ۔
الفُوّ ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مفواۃ) زمین جس میں فوۃ بہت ہو۔ (دیکھئے الفُوَّۃ)
فِیْ حرفِ جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے (۱) ظرفیت جیسے الخمرُ فِی الزِّقِّ (۲) مصاحبت جیسے جَاءَ فِی القَوْمِ قُمْتُ فِی شُرُوقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِی ذَنْبِہٖ (۴) مقابلہ جیسے ما عِلْمِی فِی بَحْرِہٖ الاَقْطَرَۃٌ (۵) استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِی جُذُوْعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِی عَمَلِکَ بمعنی الی جیسے رَدَّیْدَہٗ فِی جَیْبِہٖ بمعنی مِنْ جیسے مَضَتْ عَلٰی ثَلَاثَۃِ اَشْھُرٍ فِی ثَلَاثِ سِنِیْنَ۔
فَاءَ یَفِیْءُ فَیْئًا لوٹنا الظِّلُّ سایہ کا ہٹ جانا الغَنِیْمَۃَ غنیمت حاصل کرنا (فَیْئًا و فُیُوْءًا) الاَمْرُ لوٹ آنا۔
فَیَّأَ تَفْیِئَۃً الشَّجَرُ درخت کا سایہ دار ہونا۔
فَیَّأَتِ الرِّیَاحُ الغُصُوْنَ ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔
اَفَاءَ اِفَائَۃً الظِّلُّ سایہ کا لوٹنا ہ الی کَذَا لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰہُ عَلَیْہِ مَالَ القَوْمِ مال غنیمت حاصل کرا دینا عَلَی القَوْمِ فَیْئًا دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا۔
تَفَیَّأَ تَفَیُّؤًا الظِّلُّ سایہ کا پلٹنا الشجرۃ و فِی الشَّجَرَۃِ درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا الاَخْبَارَ خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَیَّأَ بِفَیْئِہٖ سایہ میں پناہ لینا۔
اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَائَۃً لوٹنا المالَ مالِ غنیمت لینا الاَخْبَارَ خبر کی سن گن لینا۔
الفَیْءُ ہر سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج افیاء و فُیُوْء الفَیْءُ پرندوں کی ایک ٹکڑی۔
الفَیْئَۃُ فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔
الفِیْئَۃُ فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ حَسَنُ الفِیْئَۃِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰی (تَفِیئَۃِ) فُلَانٍ یعنی فلان کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔
المُفَاءُ اِفاء کا اسم مفعول۔
المَفْیَأَۃُ والمَفْیُوْءَۃُ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔
اَفَاجَ فِی عَدْوِہٖ دوڑنے میں دیر کرنا القَوْمُ فِی الاَرْضِ ملک میں پھیل جانا۔
الفَیْجُ پیک۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ خادم۔ لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُیُوْج۔
الفَائِجَۃ دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَائِج۔
فَاحَ یَفِیْحُ فَیْحًا و فَیَحَانًا الحَرُّ گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ ہانڈی کا جوش مارنا (فَیْحًا و فُیُوْحًا) الرَّبِیْعُ سرسبز ہونا الدَّمُ خون گرنا الشَّجَّۃُ زخم کا بہت خون بہانا۔
فَاحَ یَفِیْحُ وفَاحَ یَفَاحُ فَیَحًا کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَۃُ وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
فَیَّحَ الشَّیْئَ بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَکْتَ الدُّنْیَا یَفِحْتَھَا فِی یَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دُنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔
اَفَاحَ القِدْرَ جوش دینا الدِّمَاءَ خون بہانا۔

الفیح والفیح کشادگی۔
فیاح اسم ہے غارت کا۔ کہا جاتا ہے **"فیحی فیاح"** یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے سواروں کو کہتے ہیں۔
الفیّاح اسم مبالغہ۔ فیاض۔ **بحر فیّاح** بہت وسیع سمندر۔ **رجل فیّاح** فیاض۔ بڑا دیالو مرد۔ مؤنث **فیّاحۃ**۔
الافیح کشادہ۔ مؤنث **فیحاء** ج **فیح**۔
الفیحاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔
فاخ یفیخ فیخا، فیخانا بمعنی فاح **یفوخ** وادی۔
فاد یفید فیدا مرنا۔ **المال لہ**: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جاتا رہنا۔ **فادت لہ فائدۃ**: حاصل ہونا۔ (**وفید**) **الرجل** ناز سے چلنا۔ **فیّد**: الو کی آواز سے بدفالی لینا۔
افاد افادۃ۔ الرجل علما او مالا: فائدہ پہنچانا۔ **الرجل**: مار ڈالنا۔ **الجزور**: ذبح کرنا۔
واستفاد منہ علما او مالا حاصل کرنا۔
تفاید۔ القوم بالمال: ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔
تفیّد الرجل ناز سے چلنا۔
الفید۔ س۔ زعفران کی پتی۔
الفائدۃ: ادھار مال دے کر یا قرض دے کر اپنے مال کے عوض فیصدی کے حساب سے قرض خواہ مقروض سے کچھ مال لے۔ **الفائدۃ البسیطۃ**: حاصل شدہ نفع جو اصل مال میں ملایا جائے۔ **الفائدۃ المرکبۃ**: ہر سال یا ہر چھ ماہ یا اس سے کم و بیش مقررہ مدت کے بعد حاصل ہونے والا نفع جو اصل مال میں ملا جائے۔
الفائدۃ۔ زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔
الفیاد۔ نر الو (**والفیادۃ**) ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے **"ھو یمشی علی الارض فیّادا میّادا"** وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

الفیروز والفیروز والفیروزج والفیروزج ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
فاش یفیش فیشا فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت **فائش**۔
فیّش عن الامر بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔
فایشہ فیاشا ومفاشاۃ۔ مفاخرت کرنا۔
فایش الرجل: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول دھمکی دینا۔
تفیّش۔ الامر: لغو دعویٰ کرنا **عنہ**: عاجزی سے پلٹ جانا۔
تفایش۔ القوم: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
الفیّاش بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔
الفائش: (پانی پر تیرنے والا **ضد العمیق**)
الفیوش فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔
فاص یفیص فیصا۔ فی الارض: جانا **منہ**: ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے **"ما فصت افعل"** یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ **فاصہ** جدا ہونا۔
افاص۔ الکلام: ظاہر کرنا۔ **افاصت یدہ**: انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے **مالک عنہ (مفیص)** تمہارے لئے کوئی ہٹنے کی جگہ نہیں۔
فاض یفیض فیضا و فیضانا و فیوضا و فیوضا و فیوضۃ و فیضوضۃ۔ **السیل**: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔ **کل سائل**: جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے **"فاضت عینہ"** یعنی آنسو بہ پڑے **فاض الجرح** پھیل جانا **الشیء**: بہت ہونا (**فیضا وفیوضا**) **فاضت نفسہ**: روح نکلنا مرنا۔ (**فیضا**) **الاناء**: برتن کا بھر جانا **صدرہ بالسر**: بھید کو چھپانہ سکنا۔
افاض افاضۃ۔ الدمع: آنسو بہانا **الماء**: پانی گرانا **الاناء**: برتن کو لبریز کر دینا۔ **القوم من المکان**: متفرق و منتشر ہو جانا۔

القوم فی الحدیث: گفتگو میں مشغول ہونا۔ **القوم علی الرجل**: غالب ہونا **بالشیء**: پھینکنا، دفع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے **"ما افاض بکلمۃ"** یعنی کچھ نہیں بولا۔
تفیّض۔ الجفن: آنسو بہانا۔
استفاض استفاضۃ۔ الخبر: پھیلنا۔ **المکان**: کشادہ ہونا **الوادی شجرا**: وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا **القوم فی الحدیث**: مشغول ہونا **الرجل**: پانی بہانے کو کہنا۔ **القداح وبالقداح**: تیر سے جوا کھیلنا۔
الفیض۔ س۔ موت۔ کہا جاتا ہے **"ذھبنا فی فیض فلان"** فلاں کے جنازہ میں گئے۔
الفیض من الخیل: بہت تیز رو گھوڑا۔ ج **فیوض وافیاض**۔ کہا جاتا ہے **"ماء فیض"** بہت پانی **"واعطاہ غیضا من فیض"** اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ **رجل فیض**: فیاض و سخی آدمی۔
الفیّاض۔ بہت پانی والا۔ **رجل فیّاض**: بہت جود و بخشش کرنے والا۔
حدیث (مفاض و مستفیض و مستفاض) فیہ: پھیلی ہوئی بات۔
درع (مفاضۃ) کشادہ زرہ۔
فاظ یفیظ فیظا وفیظانا وفیوظا وفیظوظۃ۔ مرنا۔
افاظ اللہ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے **ضربتہ حتی افظت نفسہ** میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الفیظ۔ س۔ موت۔ کہا جاتا ہے **"حان فیظہ"** اس کی موت آ گئی۔
الفیف۔ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ ج **افیاف وفیوف**۔ **الفیف من الارض**: مختلف ہواؤں والی زمین۔
الفیفی والفیفاء والفیفاۃ۔ بمعنی **الفیف** ج **فیاف**۔ **الفیفاء**۔ چکنا پتھر۔
فاق یفیق فیقا۔ جان دینا۔ مرنا۔

أَفْيَقَ إِفْيَاقًا. الشاعِرُ: بمعنی أَفْلَق.
الفَيْقِ. مرغی کی آواز۔
فَالَ يَفِيْلُ فَيْلَةً وفُيُوْلَةً وفَيْلُوْلَةً رَأْيُهُ: کمزور اور غلط ہونا۔ صفت فَائِلُ الرَّاى وفَالَهُ و فِيْلُهُ وفَيِّلُهُ. و فَالَ الرَّجُلُ: ہاتھی جیسا ہونا۔
فَيَّلَ رَأيَه: غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا الرَّجُلُ فِيْ رَأيِهِ. صواب کو نہ پہنچنا۔
تَفَيَّلَ. رَأيُهُ: کمزور ہونا النَبَاتُ: نباتات کا بڑھنا الشَبَابُ: جوانی ڈھلنا۔
الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔
الفَال. شگون۔ فال کا مخفف۔
الفِيْل. ہاتھی۔ ج أَفْيَال وفِيْلَةٌ و فُيُوْل مؤنث فِيْلَةٌ۔ الفِيْل: مرد فرو مایہ۔ دَاءُ الفِيْلُ: ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
الفَيَّال. مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَةٌ.
فَائِلُ الرَّاى وفَالُهُ وفِيْلُهُ. کمزور رائے والا۔
فَيِّلُ. اللحْمِ: بہت گوشت والا۔ فَيِّلُ الرَّاى: کمزور رائے والا۔
الفَيَالَة. رائے کی کمزوری۔
المَفْيُوْلَاء. ہاتھی کے بچّے۔
الفِيْلَجَة. ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج.
الفَيْلَق. بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيالق.
الفَيْلَم. بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دستر خوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج۔ فَيالِم (والفَيْلَمَانِّى) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
اَلْفِيْلِيْرِيَّةُ: جنگلی زیتون جیسا ایک درخت جس کے پتے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس کے پھل انگوری ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
فَانَ يَفِيْنُ فَيْنًا. آنا۔
الفَيْنَة. وقت۔
الفَيْنَان. خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْنَانَةٌ.
تَفَيْهَق. فِيْ الْكَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔
فِيْ مَشْيَتِهِ: ناز سے چلنا عَلَيْهِ كَذَا: بڑا بننا۔
الفَيْهَق. ہر کشادہ جزء ج فَيَاهِق.
الفَيْهَك. بیوقوف عورت۔

ق

ق: اَلْقَافُ: بنیادی حروف میں سے اکیسواں حرف ہے لھویہ حروف میں سے ہے یعنی حلق کے کوا سے نکلنے والا حرف۔
بحساب جمل اس کا عدد (۱۰۰) ہے۔
قَأَبَ (ف) قَأْبًا اَلطَّعَامَ: کھانا اَلْمَاءَ: پانی پینا۔
قَئِبَ (س) قَأَبًا قَأْبًا. مِنَ الشَّرَابِ: زیادہ پینا۔
قَأَبَ يَقْأَبُ قَأْبًا: کھانا' پینا۔
اَلْقَوْأَب والقَوَائِبِي. مِنَ الْآنِيَةِ: بہت پانی کا برتن۔
اَلْقَؤُوب والمِقْأَب. بہت پینے والا۔
القَاقَاء. کوے کی کائیں کائیں۔
القِيْقِيُّ. انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔
قَأَى (ف) قَأْيًا. الرَّجُلُ: حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا. النَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا الشَّيْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔
القُبَّةَ: گنبد بنانا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا. يَدَ فُلَانٍ: ہاتھ کاٹنا۔
قَبَّ (ض) قُبُوْبًا. اللَّحْمُ وَنَحْوُهُ: گوشت وغیرہ خشک ہونا اَلْقَوْمُ: جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔
قَبَّ (ض) قَبًّا وَقَبِيْبًا. الاَسَدُ او الفَحْلُ: دانت پیسنا۔ قَبَّ طَيَّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔

قَبَّ و قَبِبَ (س) قَبَبًا. الخَصْرُ او البَطْنُ: کمر کا باریک یا پیٹ کا دُبلا ہونا۔
قَبَّبَ. الرَّجُلُ: گنبد بنانا البَيْتَ: گھر کو گنبد دار بنانا التَّمْرُ: کھجور کا خشک ہونا۔
الشَّيْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔
تَقَبَّبَ. القُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا۔
اِقْتَبَّ. يَدَهُ: ہاتھ کاٹنا۔
القَبُّ. مص جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔
القَبُّ والقِبُّ. سردار قوم۔ اَلقِبُّ: دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَبَّان. غلہ کا ایک پیمانہ۔
القَبَب مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔
القُبَّةَ. گنبد۔ ج قِبَاب وقُبَب. قُبَّة الاسلام بُصره. قبة الشهادة عند اليهود: ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبة الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّة الخَضْرَاء او الزَّرْقَاء: گنبد آسمان۔
القُبَّة. اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔
القَابُّ. فا۔ آئندہ تیسرا سال؛ کہا جاتا ہے انك لا تنجح العام الحاضر ولا القابلَ ولا القابَّ تو نہ تو امسال کامیاب ہوگا نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
القَابَّة. قَابٌّ کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔
القَبَّاب. اسم مبالغہ۔ شیر۔
القُبَاب. مِنَ السُّيُوْفِ وَنَحْوِهَا: شمشیر براں۔
مِنَ الاُنُوْفِ: موٹی ناک۔
الاَقَبُّ. مِنَ الخَيْلِ: باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاء ج قُبٌّ.
القُبِّي. لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دُبلے پیٹ والا۔
القَبِيْب. خشک نباتات۔
الاَقَبُّ والمُقَبَّب والمَقْبُوْب. دُبلا۔
القَبَج. چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قبجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔
اَلْقَبَاجُوْرُ اَوِالاَبَاجُوْر: روشنی روکنے کے لئے کھڑکیوں پر ارل (گھومنے والی پتری)
قَبُحَ (ک) قُبْحًا و قُبُحًا و قَبَاحَةً و قُبَاحًا و قُبُوْحًا و قُبُوْحَةً. برا ہونا۔ بدصورت ہونا۔
قَبَحَهُ (ف) قَبْحًا و قُبُوْحًا و قَبَّحَهُ. اَللّٰهُ عَنِ الخَيْرِ: افعال خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَقْبُوْحٌ اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَهُ وَجْهَه" یعنی میں نے اس کے لئے "قَبَحَه الله" کہا قَبَحَ البَيْضَةَ: انڈا

توڑنا۔ **قَبَحَ عَلَيْهِ فِعْلَه:** بُرائی ظاہر کرنا۔
قَبَحَ لَهٗ وَجْهَهٗ: کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔
قَابَحَهٗ مُقَابَحَةً: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
اَقْبَحَ الرَّجُلُ: بُرا فعل کرنا۔
اِسْتَقْبَحَ الشَّیْءَ: بُرا سمجھنا۔
اَلْقُبْحُ: مص۔ قول، فعل یا صورت کی بُرائی۔
اَلْقَبِيْحُ: بُرا۔ ج **قِبَاحٌ وَقَبْحٰی و قَبَاحٰی**
(وَالْقَبِيْحُ) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔
اَلْقَبِيْحَةُ: قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج **قِبَاحٌ وَقَبَائِحُ**
قَبَرَ (ن ض) **قَبْرًا وَمَقْبَرًا۔ الْمَيِّتَ:** میت کو دفن کرنا۔
اَقْبَرَهٗ: قبر بنانا۔ دفن کرنا۔ **الْقَوْمَ:** مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔
اَلْقَبْرُ: مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ **قُبُوْرٌ**
اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبَرَاءُ وَالْقُنْبُرَاءُ: ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ **قُبَّرٌ وَقُبَرٌ وَقَنَابِرُ**
اَلْقُبَّارُ: شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔
اَلْقَبُوْرُ: پست زمین۔
اَلْمَقْبَرُ وَالْمَقْبَرَةُ وَالْمَقْبُرَةُ وَالْمِقْبَرَةُ: قبرستان۔ **مَقَابِرُ**
اَلْمَقْبَرِیُّ وَالْمَقْبُرِیُّ: مقبرہ کی طرف نسبت۔
اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبَرَاءُ وَالْقُنْبُرَاءُ: قُبَّرٌ وَ قُبَرٌ وَ قَنَابِرُ: چکاوک۔ چنڈول۔ یعنی ہمیشہ بولنے والی مشہور چڑیا۔
اَلْقُبْرُسُ: عمدہ تانبا۔ **قُبْرُوْسٌ:** ج فارسۃ۔

اَلْقِبْزُ: ایک قسم کا باجا۔
اَلْقِبْزُ: پستہ قد۔ بخیل۔
قَبَسَ (ض) **قَبْسًا۔ مِنْهُ النَّارَ:** شعلہ لینا۔ **النَّارَ:** آگ جلانا۔ **الْعِلْمَ:** علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ **قَبَسَهُ النَّارَ:** کسی کے لئے آگ لانا۔
(وَاَقْبَسَ) فُلَانًا الْعِلْمَ: سکھلانا۔ **وَاَقْبَسَ فُلَانًا:** کسی کو آگ دینا۔
اِقْتَبَسَ۔ مِنْهُ النَّارَ اَوِ الْعِلْمَ: بمعنی قَبَسَ۔ **مِنَ الْعِلْمِ:** استفادہ کرنا۔ **وَاقْتَبَسَهٗ نَارًا:** کسی سے آگ لینا۔
اَلْقَابِسُ: فا۔ آگ طلب کرنے والا۔ ج **اَقْبَاسٌ۔**
اَلْقِبْسُ: اصل۔
اَلْقَبَسُ وَالْمِقْبَاسُ: آگ کا شعلہ۔
اَلْقَبْسَةُ: قبس کا اسم مرۃ۔ **قَبْسَةُ الْعَجْلَانِ:** جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔
اَلْقَابُوْسُ: خوب صورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔
اَلْقَوَابِسُ: اچھی بات سکھانے والے لوگ۔
اَلْمِقْبَسُ: لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو ج **مَقَابِسُ۔**
اَلْمُقْتَبَسُ: آگ کا شعلہ۔
اَلْمِقْبَاسُ وَالْمِقْبَسُ: وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ **اَلْمِقْبَاسُ:** وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔
اَلْقُبْشُوْرُ: وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔
قَبَصَ (ض) **قَبْصًا۔ الْفَرَسُ:** گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفۃ **قَبُوْصٌ۔ (قَبِصَ) الرَّجُلُ:** سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ **الْغُلَامُ:** لڑکے کا جوان ہونا۔ **(قَبَّصَ) الشَّیْءَ:** چٹکی سے لینا۔

قَبِصَ قَبَصًا: بڑے سر والا ہونا۔ دردِ جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔
(وَ تَقَبَّصَ) الْجَرَادُ عَلَى الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔
اِقْتَبَصَ۔ قَبْصَةً مِنْ كَذَا: چٹکی سے لینا۔
اَلْقِبْصُ وَالْقِبِصُ: بہت ریت کا ڈھیر۔
اَلْقِبْصُ: بہت سے آدمی۔
اَلْقَبَصُ وَالْقُبَاصُ: جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔
اَلْقَبْصَةُ وَالْقُبْصَةُ: چٹکی **مِنَ الطَّعَامِ:** لپ بھر خوراک۔ **قُبَصٌ**
اَلْقُبَيْصَةُ۔ بمعنی **قُبْصَةُ الْقُبَيْصَةِ:** مٹی کا ڈھیر۔ کنکری۔
اَلْقَبُوْصُ: ہلکا پھلکا۔ چست۔ **حَبْلٌ قَبِصٌ:** چھوٹی رسی۔ **اَلْقَبِصُ:** ہلکا پھلکا چست۔
اَلْقِبِصَّی: تیز دوڑ۔
اَلْاَقْبَصُ: بڑی کھوپڑی والا۔ **مِنَ الْخَيْلِ:** چست تیز رفتار گھوڑا۔ **اَلْاَقْبَصُ:** وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصّے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث **قَبْصَاءُ قُبْصٌ۔**
اَلْقَبْصَاءُ: بڑی کھوپڑی۔
اَلْقُبَيْصُ: مٹی کا ڈھیر۔
اَلْقَوَابِصُ: جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد **قَابِصَةٌ۔**
اَلْمِقْبَصُ: رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج **مَقَابِصُ۔**
حَبْلٌ مُتَقَبَّصٌ: چھوٹی رسی۔
قَبَضَ (ض) **قَبْضًا۔ بِيَدِهِ الشَّیْءَ وَ عَلَى الشَّیْءِ:** کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجہ سے پکڑنا۔ **يَدَهٗ عَنِ الشَّیْءِ:** پکڑنے سے باز رہنا۔ **قَبَضَهٗ عَنِ الْاَمْرِ:** ہٹانا۔ دُور کرنا۔ **قَبَضَهُ اللّٰهُ:** وفات دینا۔ **قَبَضَ الشَّیْءَ:** سمیٹنا

الحَادِی الاِبلَ: اُونٹ کو تیز ہانکنا۔الطائِرُ جَناحه: پرندہ کا بازو سمیٹنا۔الدار و نَحوِها: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه یَقبِضُنِی ما قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی و فُلانٌ الخَیرُ یَبسُطُه والشرُّ یَقبِضُه" فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔"واللّٰهُ یَقبِضُ و یَبسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔

قَبَصَ (ض)قَبصًا واِقتَبَصَ مِنهُ المالَ اپنے لئے لیا۔قَبصَةً: مٹھی بھر لینا۔

قَبَصَ (ض)قَبصًا واَنقَبَصَ فِی حاجَتِه: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا۔القَومُ چھوڑ دینا۔بَطنُهُ: قبض ہونا۔اِنقَبَضَ الشیئُ: ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔

قُبِضَ. المرِیضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔

قَبَّضَ. الشیئَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّضَ وَجهَه فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا مُنہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔"و قَبَّضَ مابینَ عَینَیه" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔قَبَّضَ المالَ فُلانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔

قَابَضَهُ مُقابَضَةً. ہاتھ میں ہاتھ دینا۔

اَقبَضَ. السیفَ: تلوار کا قبضہ بنانا۔فُلانًا المَتاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

تَقَبَّضَ. جمع ہونا۔الجِلدُ فِی النارِ: کھال سکڑ جانا۔الرَّجُلُ عَنِ الاَمرِ: نفرت کرنا۔اِلَیه: کود۔علی الاَمرِ: توقف کرنا۔

تَقابَضَ. المُتَبایِعانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔

القَبْض. مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صارَ المالُ فِی قَبضِه" مال اس کی ملکیت میں ہوگیا۔

القَبَض. قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔

القَبْضُ: علم عروض کی اصطلاح میں پانچواں حرف ساکن کو حذف کرنا جیسے فَعُولُن سے فعول - حذف شدہ کو مَقبُوضٌ بولتے ہیں۔

القَبْضَة. قبض کا اسم مرۃ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "صارَ المالُ فِی قَبضَتِه" مال اس کی ملکیت میں ہوگیا۔قَبضَةُ السَّیفِ: تلوار کا قبضہ۔

القَبْضَة والقُبْضَة. مقبوضہ شیٔ مِنَ الشیئِ: مٹھی بھر کر۔

القُبَضَة. منتظم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

القِبَاض والقِباضَة. سکڑ جانا۔ جلدی۔

القَبَّاض والقَبَّاضَة. بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

القَابِض. فا مِنَ الطعَامِ: زبان پکڑنے والی خوراک مِنَ الاَدوِیَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔قَابِضُ الاَرواحِ حضرت عزرائیلؑ۔

القَبِض. اکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متوجہ رہے۔

المِقبَض والمَقبَض والمَقبِض والمِقبَضَة والمَقبَضَة والمَقبِضَة تلوار کا قبضہ ج مَقابِض

قَبَطَ (ن)قَبطًا الشیئَ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔

قَبَّطَ وَجهَه ترش روئی کرنا۔ مُنہ بگاڑنا۔

القِبْط. مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبطِی ج اَقباط.

القُبطِیَّة والقِبطِیَّة. کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَباطِیّ والقَباطِی

القُبَّا والقُبَّیط والقُبَّیطی والقُبَّیطاء ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔

قَبَعَ (ف)قُبُوعًا القُنفُذ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا۔الرَّجُلُ فِی قَمِیصِه: گریبان میں سر ڈالنا۔الدَّابَّة: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔فِی الاَرضِ: جانا۔ قَبعًا) الجَوالِقَ. گون کے کنارے موڑنا۔(قَبعًا قُبُوعًا) عَنْ اَصحَابِه: تخلف کرنا۔النَّجمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا۔الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔المَرأةُ: عورت کا چھپنا۔(قَبعًا وقِباعًا وقُباعًا) الخِنزِیرُ: سور کا غرانا۔الفِیلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔(وِاقتَبَعَ) المَزادَةَ: مشک کے مُنہ کو مُنہ میں ڈال کر پینا۔

القُبْع. بگل۔

القُبَع والقُباع. سیہی۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔

القُبَاع. بیوقوف مرد ایک بڑا پیمانہ۔

القُبَعَة. ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "یا اِبنَ قُبَعَة و یا اِبنَ قَابِعَاء" یعنی اے بیوقوف۔ "اِمرَاۃٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔

القُبَعَة. بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔

القُبَّاع بزدل سور۔

القُبَعَة. چھوٹا پرندہ جو چوہوں کی بل کے پاس ہوتا ہے جب خوفزدہ ہو تو بل میں داخل ہو جاتا ہے۔

القُباعِی. بڑے سر کا مرد۔

القَبِیعَة. مِنَ السَّیفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

القَبِیعَة والقُنبُعَة. سور کی ناک کا سوراخ۔

القَوَابِع. گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

القَبَعثَرَی والقَبَعثَر. بڑا۔ بڑا اُونٹ ج قَباعِث.

القَبَعثَی. بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اُونٹ۔ مؤنث قَبَعثَاۃ.

قَبقَبَ قَبقَبَةً. الفحلُ: بڑبڑانا۔الرَّجُلُ:

بیوقوف ہونا۔

پیٹ۔

س۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔

دریائی سیپی۔

کھڑاؤں۔ ج قَباقِیب

والقُباقِب۔ بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی

آئندہ تیسرا سال۔ کہا جاتا ہے "لا تُفلِحُ العَام ولا القابِلَ ولا القُباقِب" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

قَبِلَ (س) قَبُوْلًا وقُبُوْلًا۔ الشئَ: لینا۔ قبول کرنا الکَلامَ: تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلًا وقُبُوْلًا۔ رِیْحُ القَبُوْل: پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلًا۔ عَلَى الشئِ: مشغول ہونا اور لازم ہونا المکَانَ: متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِیَةُ الوَادِیَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبَلَ (ف) قَبْلًا۔ الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبالَةً المَرْاَةُ: عورت کا دائی جنائی ہونا القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔

(س) وقَبَلَ (ن ض) قَبالَةً بِهٖ کفیل و ضامن ہونا۔

(ن) قَبْلًا و قَبِل (س) قَبَلًا آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قَبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهٗ بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا۔ اور ضمان کو (القَبالة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمّٰى: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

قَابَلَهٗ سامنے ہونا قَابَلَ الشئَ بالشئِ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

اَقْبَلَ۔ الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔ اَقْبَلَتِ الاَرْضُ بالنباتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ اَقبَلَ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا اِلَیْهِ: آنا علَى الشئِ: شروع کرنا اور لازم ہونا القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا فُلانًا الشئَ: آگے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَیْدًا مَرَّةً و اَدْبَرْتُهٗ اُخْرٰی" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذْهَبْ فَا قْبِلْهُ الطَّرِیْقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کر لو۔

تَقَبَّلَهٗ۔ لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔

اللّٰهُ دُعَاءَ هٗ: دعا قبول کرنا اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَّعادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ۔ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِقْتَبَلَ الکَلامَ: فی البدیہہ کہنا الاَمْرَ: کام ازسر نو کرنا الرَّجُلُ: بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

اِقْبَلَّتْ واِقْبَالَّتْ عَیْنُهٗ اِقْبِلالًا واِقْبِیْلالًا۔ نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ۔ الشئَ: سامنے ہونا الرَّجُلَ: توجہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

قَبْلُ۔ پہلے۔ آگے۔ اور یہ ظرف زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الخَلِیْفَةُ و مَاتَ الوَزِیْرُ قَبْلَهٗ و مِنْ قَبْلِهٖ۔ کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِیْفَةُ و مَاتَ الوَزِیْرُ قَبْلُ و مِنْ قَبْلُ۔ اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِیْفَةُ و مَاتَ الوَزِیْرُ قَبْلًا و مِنْ قَبْلٍ۔

قُبَیْلَ۔ قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلانٌ قُبَیْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

القُبْلُ والقُبُلُ۔ اگلا حصہ مِنَ الزَّمَانِ: ابتدائی زمانہ مِنَ الجَبَلِ: دامن کوہ ج اَقْبال کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبْلَهٗ یعنی اِس نے اُس کا قصد کیا "رَاَیْتُهٗ (قُبْلًا وقَبَلًا وقُبُلًا وقِبَلًا وقَبِیْلًا وقِبَلِیًّا)" میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

القَبَلُ۔ س۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا اللّٰهُ قَبَلَهٗ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔

القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبَلُ فِی العَیْنِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا فِی العَیْنَیْنِ: ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔

القِبَلُ۔ طاقت۔ قدرت جیسے "مالِی بِهٖ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِی قِبَلَ فُلانٍ دَیْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "واَتانِی مِنْ قِبَلِهٖ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

القِبْلَةُ۔ قَبَلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّی اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهٗ فِی هٰذَا الاَمْرِ قِبْلَةٌ ولا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "واجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

القُبْلَةُ۔ بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔

القَبَلَةُ۔ ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل۔ القَبْلَةُ۔ بسکون الباء اور القُبْلَه بضم القاف و سکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

القِبَالُ۔ مِنَ النَّعْلِ: تسمہ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَالِ مرد بد رائے۔

القبالة. س۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جلس (قُبالتہ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

القَبُول. س۔ اچھی ہیئت۔ باد صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

القَبِیل. ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل و قُبلاء۔

القَبِیل: خدا کی اطاعت دَبِیر: خدا کی نافرمانی القَبِیلُ مِنَ النِساءِ: دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعرِفُ قَبِیلًا مِنْ دَبِیر" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "ومِنْ قِبَلِ ذٰلِكَ" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَأیتُہ قَبِیلًا" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

القَبِیلَة. ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قَبائِل. قبائِلُ الرَاسِ: سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قبائل الطیر: پرندوں کی قسمیں۔ قبائل الثوب: کپڑے کے ٹکڑے۔

الاِستِقبال. س۔ مِنَ الزَمانِ: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الاَقبَل. وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اِقبَل" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قَبلاء۔ ج قُبل

القَابِل. فا۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ متاثر۔ ج قَبلَة۔

القَابِلِیَّة. قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

القَابِلَة. قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوابِل و قَابِلاتٌ. قوابِلُ الاَمرِ: اوائل امر۔

المُقَابَل. مف۔ الرَجُلُ المُقَابَل: ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقابَلٌ مُدابَر" نجیب الطرفین مرد۔

المُقَبَّل. مف۔ مقبول مِنَ الثِیابِ پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقتَبَلُ) الشَبابِ: مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

المُستَقبِل. فا۔ (المُستَقبَل والمُستَقبَل) مِنَ الزمانِ: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُونًا. الرَجُلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ. الشَیءَ: قبان سے تولنا (دیکھئے قَبّان)

اَقبَنَ. دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

القُبنَة. ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

القَبّان. بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

القَبِین. اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا یَقبُو قَبوًا. البناءَ: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا الزَعفرانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا الشَیءَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا (قَبَّا) الشَیءَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الحَرفَ: ملانا۔

قَبّی تَقبِیَةً. المَتاعَ: سامان مہیا کرنا۔ الثَوبَ: کپڑے کو قبا بنانا عَلٰی فُلانٍ: ظلم کرنا۔

تَقَبّی. الشَیءُ: گنبد جیسا ہونا القَباءَ: قبا پہننا الرَجُلَ: پیچھے سے آنا۔

اِنقَبی. عَنہُ: پوشیدہ ہونا۔

اِقتَبی. المَتاعَ: سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

القَبو. کچھی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبد دار کمرہ۔

القَبوَة. قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

القَباء. ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقبِیَة۔

القِباء. مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَینَهُما قِباءُ قَوسَینِ وقابَ قَوسَینِ" یعنی دو کمان کے مقدار۔ کنایہ قریب سے۔

القِبَة. اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔ تا واو محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقبُوّ. مف جمع کیا ہوا۔ ملا ہوا۔

المَقبِیُّ. بہت چربی والا۔

القُبی. مقدار۔

القَبایَة. بیابان۔

قَتَّ (ن) قَتًّا. جھوٹ بولنا الثَوبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا الشَیءَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کم کرنا۔ مہیا کرنا۔

قَتَّ اِلٰی فُلانٍ وقَتَّ اَثَرَ فُلانٍ. ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَتَّ وقَتَّتَ. الاحادیثَ: سخن چینی کرنا۔

وقَتَّتَ الاَفادِیَہ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَقُتُّ الحَدِیثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَتَّتَ. الحَدِیثَ: بات کے پیچھے پڑنا۔ کان لگانا۔

اِقتَتَّ. الشَیءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

القَتّ. س۔ جھوٹ۔ اسپست یا اسپست خشک۔ ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ واحد (قَتَّة)

القَتات. ایک قسم کی نباتات۔

القَتّات والقَتُوت. چغل خور۔ امرأة قَتّاتَة و قَتُوت: چغل خورن۔

القِتِّیتی. چغلی۔ رَجُلٌ قِتِّیتی: چغل خور مرد۔ قول (مَقتُوت ومُقَتَّت) جھوٹا قول۔

قَتَبَہ (ن) قَتبًا. بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقتَبَ. البَعِیرَ: اونٹ پر پالان باندھنا۔ ہ یَمِینًا: سخت قسم دینا ہ الدَینَ: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

القِتب. آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو۔ پالان۔ ج اَقتاب۔

القِتبَة. آنتیں۔ ج اَقتاب

القَتَب. کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اَقتاب. کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ یَعَضُّ بِالغارِبِ" یعنی

وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔
الفد: تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔
القتوبة: وہ اُونٹ جس پر پالان ہو۔
رجل (**مقتب**) **الکاہل:** ٹیڑھے کندھے والا مرد۔
قتد القتاد: قتاد کے کانٹے دُور کر کے اُونٹوں کو چارہ دینا۔
قتد القتاد: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔
القتاد: ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "**من دون ھذا الامر خرط القتاد**" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مُراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے۔
القتد والقتد: کجاوہ کی لکڑی۔ ج **اقتاد والقتد وقتود**۔
قتر (ن ض **قترا و قتورا**) **علی عیاله:** بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (**قاتر و قتور**) **والقتر الشیء:** بعض کو بعض سے ملانا۔
الدرع: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا۔
لازم ہونا (**قترا و قترا وقتورا**)
ـــ **الامرین:** تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
ـــ **الرزق:** روزی کا تنگ ہونا۔
قتر (ن ض **قترا و قتورا و قترا**) (س) **قترا۔ البخور و اللحم:** بدبودار ہونا
النار: دھوئیں والی ہونا۔
قتر علی عیاله: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ **اللحم:** گوشت کا بودار ہونا۔ **الصیاد للاسد:** شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا۔ **الشیء:** خاک پر پچھاڑنا۔ ایک دوسرے کے قریب کرنا۔ **الرجل:** پکی ہوئی چیز کی بو تیز کرنا۔ **للوحش:** اُونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے **ما بین الامرین:** اندازہ کرنا۔
اقتر: مال کم ہونا۔ **علی عیاله:** نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ **الشیء:** لازم ہونا۔ **الله رزقه:** روزی تنگ کرنا۔ **النار:** دھوئیں والی کرنا۔
اقترت المرأة: عود کی دھونی دینا۔
تقتر: غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔ **للصید:** شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ (دیکھیے **قترۃ**) **فلانا:** فریب دینے کا ارادہ کرنا۔ **عنه:** جدا ہونا۔ **الامر:** آمادہ ہونا۔ **للامر کذا:** نرمی برتنا۔
تقاتر القوم: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اقتتر الصائد: شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھیے **قترۃ**)
القتر: س۔ زندگی بسر کرنے کے قابل۔ اندازہ۔
القتر: تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے۔
القتر: گردوغبار۔ اندازہ۔
القتر والقتر: گوشہ و جانب ج **اقتار**۔ قطر میں ایک لغت ہے۔
القتر: متکبر۔ مغرور۔
القترۃ: **قتر** کا اسم مرۃ۔ گردوغبار۔
القترۃ: **قتر** کا اسم نوع۔ **القتر** کا واحد۔
ابو قترۃ: ابلیس کی کنیت۔ **ابن قترۃ:** ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔ ج **بنات قترۃ**۔ **قترۃ** ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔
القترۃ: شکاری کا مچان۔ زرہ کا حلقہ۔ تنگی عیش۔ روشن دان۔ **قترۃ البستان:** باغ کی نالی۔ **قترۃ الباب:** دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج **قتر**۔
القتار: پختہ چیز کی بھاپ۔ بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو۔
القتیر: زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔ بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء۔
القاتر (**القتور والاقتر**): بخیل۔ جو بال بچوں پر نان و نفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے "**سرج** (**قاتر و مقتر**)" آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ "**ولحم قاتر**" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو۔
الاقتر: خاکستری رنگ والا۔
المقتر: س۔ قوت لا یموت۔
قتع (ف **قتوعا**): ذلیل ہونا۔
قاتعه مقاتعة: مقاتلہ کرنا۔
القتع: شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القتع: ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (**قتعة**) اور کہا گیا ہے کہ قتع بمعنی دیمک۔
القتعة: ذلیل۔ کہا جاتا ہے **ھو** (**اقتع**) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث **قتعاء** ج **قتع**
قتل (ن **قتلا و تقتالا**): مار ڈالنا۔ صفت **القاتل** ج **قاتلون و قتلة و قتال**۔ کہا جاتا ہے "**قتله باخیه**" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ **قتل الخمرة:** شراب میں پانی ملانا۔ **الجوع او البرد:** بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "**قتله الله**" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح و ثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "**قتل الشیء خبرا**" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا۔ "**و قتل غلیله**" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قتل القوم: بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قاتله قتالا وقیتالا و مقاتلة: جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ **ه الله:** لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "**قاتله الله ما**

اشعرهُ مُراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددُعا۔

اَقْتَلَهُ قتل کے لئے پیش کرنا۔

تَقَتَّلَ چلنے میں لچکنا لِلاَمْرِ مہلت دینا لفلانٍ: جھکنا۔ فرمانبردار ہونا (تقتّل وتقاتل و اقتتل) القَوْمُ: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔

اِسْتَقْتَلَ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔

القَتْل مص القَتْلُ العمد قتل جو مقصود ہو

القَتْلُ الخطا قتل جو غیر مقصود ہو۔

القِتْل دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو۔ بہادر ج اَقْتَال اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔

القِتْلَة قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ قِتْلَةَ سَوْءٍ" اس نے اس کو بُرے طریقہ سے قتل کیا۔

القَتَال نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ ذَاتُ قَتَالٍ" مضبوط اُونٹنی۔

القَتُوْل بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قُتْل

القَتِيْل مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلیٰ و قُتَلَاء و قَتَالیٰ

المَقْتَل جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ ج مَقَاتِل

المُقَاتِلَة لڑنے والی جماعت۔ تا تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)

المُقْتَتَل میدانِ جنگ۔

المُقَتَّل تجربہ کار۔ باخبر۔ دِل جس کو عشق نے ہلاک کر دیا ہو۔

قَتَمَ(ن) قُتُوْمًا و قَتِمَ(س) قَتَمًا الغُبَارُ غبار کا بلند ہونا۔

قَتُمَ(ض) قَتَامَةً و قُتُوْمًا سیاہی مائل ہونا (قُتُومًا) وَجْهُهُ چہرے کا متغیر ہونا۔

اَقْتَمَ اليَوْمُ بہت غبار والا دن۔

اِقْتَامَّ اِقْتِمَامًا الشیءُ کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔

القَتَم مص۔ غبار۔

القَتَام و القَتَمَة کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔

القَاتِم فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِمٌ بہت کالا۔ ج قَوَاتِم

الاَقْتَم سیاہی مائل۔ بھورا۔

حیاضُ قُتَيْم موت کا گڑھا۔

قَتَنَ(ن) قُتُوْنًا السماکُ مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔

قَتُنَ(ک) قَتَانَةً و اقْتَنَ کم خوراک ہونا۔ دُبلا ہونا۔

القَتَان و القُتَان گرد و غبار۔

القَاتِن فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِنٌ بہت سیاہ۔

القَتِيْن کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دُبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چیچڑی۔

القَتَن ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔

قَتَا يَقْتُو قَتْوًا و قُتًا و قَتًى و قِتًى و مَقْتًى المُلُوْكَ: اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قَات)۔

اِقْتَوَى الرَّجُلُ خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ اِفْعَلَالٌ لازم ہے)

القَتْوَة قتا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔

المَقْتَى جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مَقْتَوُوْن و مَقَاتِوَة و مَقَاتِيَة۔

المَقْتَوِیّ بمعنی مَقْتَى

قَتَّ(ن) قَتًّا الشیءَ کھینچنا الابلَ اُونٹ کو پانی پلانا (واقْتَتَّ) الشجرَ درخت کو جڑ سے اُکھیڑنا۔ قَتَّ (ن) قَتًّا و قِتِّيْتَى المَالَ: بکثرت جمع کرنا۔

القَتَات سامان۔ کہا جاتا ہے جاءَ القومُ بقَتَاتِهِم (قَتَائِبِهِم) قوم مع اپنے ساز و سامان کے آگئی۔

القَتَّات چغل خور۔

القَتَّات و القَتِيْتَة و المَقَتَّة لوگوں کی جماعت۔

اَقْثَأَ المَکَانُ اَو القَوْمُ بہت ککڑی والی ہونا۔

القِثَّاء و القُثَّاء ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَّاءُ الحمار) کریلا۔

المَقْثَأَة و المَقْثُؤَة ککڑی کی جگہ۔ ج مقاثی کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَأَة و مَقْثُوْءَة" ککڑی والی سرزمین۔

اِقْتَثَرَ الشیءَ گھر کے لیے سامان بنانا۔

تَقَثَّرَ بدول ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔

القِثْرَة گھر کا سامان۔

القَثْرَد و القِثْرِد و القُثْرُد گھر کا سامان۔

القَثْرَد و القُثْرُد و القُثَار گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔

القِثْرِد انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔

القَثَارِد قمیص کے دامن۔

قَثْقَثَ قَثْقَثَةً الوَتِدَ کھونٹی کو اُکھیڑنے کے لئے حرکت دینا المِکْیَالَ ناپ پورا کرنا۔

قَثَمَ(ض) قَثْمًا الشیءُ شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا (واقْتَثَمَ) المالَ بہت لینا۔

اِقْتَثَمَ الرَّجُلَ ذلیل کرنا الشیءَ جڑ سے اُکھیڑنا۔

قَثَمَ(ن) قَثْمًا لَهُ مِنَ المَالِ یکبارگی دینا فِی مَشْیِهِ سُست چلنا۔

قَثِمَ(س) وقَثُمَ(ک) قُثْمَةً و قَثَامَةً شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔

قَثِمَ(س) قَثَمًا و قَثَامَةً گرد آلود ہونا۔

القُثَم و القَثُوْم خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔ القُثَم بہت دینے والا (قاثم سے معدول ہے)

القاثم. فا۔ دینے والا۔
القثم. سخی لوگ۔
القُثمة. خاکستری رنگ۔
قثام. مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت قثا یقثو قثوًا وقثی یقثی قثیًا واقتثی المال: جمع کرنا۔
القثا. ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قحّ (ن) قُحُوحة و قَحاحةً. خالص ہونا۔
القحّ. خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ کریمٌ قحٌّ و اعرابی قُحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج اَقْحاح. القحّ: سخت اور بدخو۔ مؤنث. قحة. کہا جاتا ہے اعرابیةٌ قحةٌ۔
القُحاح. خالص۔
قحب (ن) قَحْبًا وقُحابًا وقحَب. کھانسنا۔ قحبت المرْأةُ: عورت کا بدکار ہونا۔
القحب. سن رسیدہ کھانسی والا۔
القحبة. قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔ بڑھیا۔ ج قِحاب.
قحث(ف). قحثا. الشیَ: کل لے لینا۔
قحد(ف) قحدا واقحد. البعیرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
استقحدت. الناقةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
ناقة قحدةٌ و مقحادٌ. بڑے کوہان والی اونٹنی۔ ج مقاحید.
القحدة. کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قحادٌ واقحُد.
القحاد. وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المقحدة. کوہان کی جڑ۔
قحز (ف) قحزا. کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا (قحوزا) مردہ کی طرح گرنا (قحزا وقحوزا وقحز) بہ: پچھاڑنا۔

قحزہ قَحْزا وقحزہ بالعصا: لاٹھی سے۔ مارنا (قَحز قحْزا وقُحوزًا وقُحزانًا) الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔
قَحّز وتقحّز. لهُ الکلامَ: سخت کلامی کرنا۔
القاحزات. سختیاں۔
القُحّازة. پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التقْحِیز. س۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوْعٌ مُقْحز. سخت بھوک۔
قَحَط(ف) قحطًا. سخت مارنا۔
قَحط(ف) قحْطًا و قحِط(س) قَحَطًا المطرُ: بارش رکنا۔
قَحطَ (ف) و قحطَ (س) قَحْطًا وقَحطًا وقُحُوطًا وقُحط واُقْحط العامُ. بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا. صفت قاحِطٌ قواحط واقحط اللّٰهُ الارضَ قحط ڈالنا۔ اُقْحط الناسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
قَحِط وقُحِط وا قْحِط البلدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحّط. النخلة: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عامٌ قَحطٌ وقحِیطٌ ومقْحُوطٌ: خشک سال۔
سَنةٌ قحِیطٌ. خشک سال۔
المِقْحَطةُ: آلہ قحط
المقْحَط. نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قحفهٗ(ف) قحفًا. کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ الشیَ: بہا لے جانا ما فی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا الحبّ: دانے کو بکھیرنا۔
الرُّمّانة: انار چھلینا چھلکا اُتارنا قحافا کھانسنا۔
اقْتحف. ما فی الاناء: ڈگڈگا کے سب پی جانا السیلُ کلَّ شیٍ: بہا لے جانا۔
القِحْف. کھوپری۔ کھوپری کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقْحاف وقُحُوف وقحفةٌ. کہا جاتا ہے "رماہٗ باقحاف راسہ" اس نے اس پر

بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلانٌ مالهُ قِدٌّ ولا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القحاف. ڈگڈگا کے پینا۔
القُحاف. بہا لے جانے والا سیلاب۔
القُحافة. ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القاحِف. فا۔ ج قُحّفٌ.
عجاجةٌ قُحْفاءُ. آندھی جو سب چیز کو اُڑا لے جائے۔
المِقْحفة. وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مَقاحِف.
قَحل(ف) قُحُوْلا وقحِل(س) قحْلا وقحَلًا وقُحِل. الشیُ: خشک ہونا۔ صفت قاحلٌ و قِحْلٌ وقحِل وانْقحلٌ اور اسی سے ہے قَحلَ الشیخُ یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا "کیْف نرُدُّ شیْخکمْ وقدْ قَحل" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی۔
اقْحلَ الشیَ: خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے اَقْحلهُ الصَّوْمُ: روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قاحلهُ مُقاحلةً. لازم ہونا۔
تقحّل. الشیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تقحّل فی لُبُوْسہ و حالہٖ: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القاحِل. فا من الجُلُوْدِ: خشک کھال۔
القُحال. بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُولة. خشکی۔
المُتقحّل. من الرجال: خشک کھال والا۔ بدحال۔
قحَمَ(ن) قحْما وقُحُوْما فی الامْرِ:

کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا اِلَیْہِ: قریب ہونا۔
قَحَمَ(ف) قَحْمًا. المَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا۔
قَحَّمَہ واَقْحَمَہ. فِی الاَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ "قَحَّمَ الفَرَسُ رَاکِبَہٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فَرَسَہ النَّھْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا الکَلِمَۃَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رَجُل کا لفظ اور ید مَن کے درمیان اس قول میں قطع اللّٰہُ یَدَ و رجُل مَنْ قالھا اس لیے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔
قَطَعَ اللّٰہُ یَد مَنْ قَالَھا وَ رِجْلَہ.
اُقْحِمَ. القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا۔
تَقَحَّمَ. الفرسُ النَّھْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا الفَرَسُ رَاکِبَہٗ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ الامرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔
اِقْتَحَمَ الاَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔
.فُلانًا: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَحَمَتْہُ عَیْنِی" میری آنکھوں نے اس کو ذلیل سمجھا۔ اقحمَ المَنْزِلَ: ہجوم کرنا النَّجْمُ: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا (وانقحم) بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔
القَحِمْ. س۔ بہت بوڑھا۔ عُمر رسیدہ۔ دُبلا۔ مؤنث قحمۃ ج قِحام۔
القُحْمَۃ. دشوار کام۔ ہلاکت۔ قحط ج قُحَم۔
القُحْمَۃ. بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔
قُحَمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کی دشواریاں۔ القحم مِنَ الخُصُوْمَاتِ: وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے "لِلْخُصُوْمَۃِ قُحَمٌ" القُحَمُ مِنَ الشَّھْرِ: مہینے کی آخری تین راتیں۔
القَحَامَۃُ والقُحُوْمَۃُ. بہت بڑھاپا۔
القَحُوْم. بہت بوڑھا۔
المِقْحَام. قاحم کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ ج مَقَاحِیْم.
المَقَاحِم. ہلاکتیں۔ اور مفرد قَحْمَۃ یہ جمع خلافِ قیاس ہے جیسے مَلامح جمع لَمْحَۃ کی۔
المُقْحَم. مفع۔ کمزور۔ وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔
قَحَا یَقْحُوْ قَحْوًا. الدَّوَاءَ: دوا میں گل بابونہ ڈالنا واقتحی المَالَ: کل مال لے لینا۔
اَقْحَتِ. الارض: گل بابونہ والی ہونا۔
المِقْحَاۃ. پھاوڑا۔
القُحْوَانُ والاُقْحُوَان. گل بابونہ۔ واحد قُحْوَانَۃٌ واُقْحُوَانَۃ. ج اَقَاحِیّ و اَقَاحٍ اور اس کی تصغیر اُقَیْحِیَان ہے اور اس کا واحد اُقَیْحِیَانۃ اُقْحُوَانۃ سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ اَقَاحِیُّ الاَمْرِ: کام کے اوائل۔
قَدْ. معانی ذیل میں مستعمل ہے۔
(۱) بمعنی حسب جیسے قَدْ زَیْدٍ دِرْھَمٌ اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے قَدُ زَیْدٍ دِرْھَمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِیْ دِرْھَمٌ بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِیْ دِرْھَمٌ.
(۲) اسم فعل بمعنی کَفٰی یا یَکْفِی جیسے قَدْنِی دِرْھم بمعنی یَکْفِیْنِی دِرْھَمٌ. ان سب صورتوں میں قدْ اسم ہے۔
(۳) مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ یُقْدِمُ الغَائِبُ الیَوْمَ. توقع ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ یَصْدُقُ الکَذُوْبُ جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے۔
اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اتَّقَی اللّٰہَ جو اللہ سے ڈرا۔ اس نے یقینًا فلاح پائی۔ قرآن میں ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا. قَدْ اَفْلَحَ المُؤْمِنُوْنَ.
اور حال سے قریب کرنے کیلئے جیسے قد قام فُلانٌ جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ اَشْھَدُ الغَارَۃَ الشَعواء تحملنی. مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔
قَدَّ(ن) قَدًّا وقَدَدًا. الشَّیْءَ جڑ سے کاٹنا۔ لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو۔ قَدَدْتُ الشَّیْءَ نِصْفَیْنِ اور کبھی مفعول ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَدَدْتُ الشَّیْءَ بنِصْفَیْن. قَدَّ المُسَافِرُ الفَلاۃَ: بیابان طے کرنا۔ قَدَّ الکَلامَ بات کاٹنا۔ قَدَّدَ اللَّحْمَ: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا۔
قُدَّ. دردِ شکم والا ہونا۔
تَقَدَّدَ. پھٹنا القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا الشَّیْءُ: خشک ہونا الثَّوْبُ: کٹ جانا اور پرانا ہونا القَوْمُ: مختلف الرائے فرقے ہونا الثَّوْبُ عَلَیْہِ: کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔
اِنْقَدَّ. پھٹنا۔
اِقْتَدَّ. الشَّیْءَ: بمعنی قَدَّہُ الشَّیْءَ: پھٹنا۔
الاُمُوْرَ: تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔
اِسْتَقَدَّ. الامرُ: برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔
القَدُّ. س۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھذا عَلٰی قَدِّ ذَاکَ" یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت۔ چابک۔ بکری کے بچہ کی کھال۔ ج اَقُدٌّ وقُدُوْد وقِدَاد و اَقِدَّۃ.
القِدُّ. چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ قِدٌّ و

قعف اُس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔ ج اقْدٌ.

القُدُایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔

القِدَّةُ تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ ج قِدَد واَقِدَّة قرآنِ مجید میں ہے "کُنَّا طَرائِقَ قِدَدًا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔

القُدَادجنگلی چوہا۔ سیہی۔

القُدَادپیٹ کا درد۔

القَدِيدکاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت۔ پرانا کپڑا۔

القديد چھوٹا ٹاٹ۔

القَدِيدِيُّونفوج کے توابع۔ جیسے درزی نائی وغیرہ۔

المَقَدُّراستہ۔ ہموار جگہ۔

المِقَدّ والمِقَدَة والمُقَدّ کاٹنے کی چھری۔

المَقْدُودضعیف' کمزور

القَيْدُودلمبی پیٹھ کی اُونٹنی۔ ج قَيَادِيد.

قَدَح(ف) قَدْحًا فِي عِرْضِه طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قَدَح فِي سَاق اَخِيْه" اُس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قَدَحَ الشئُ فِيْ صَدْرِي" اُس چیز نے میرے دِل میں اثر کیا " قَدَحَ خَتَامَ الخَابِيَة" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔

الدُوْدُ فِي الْاَسْنَان او الشَجَرِ دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قدحتِ العَيْنُ آنکھ کا دھنس جانا۔

الشئَ چلو لینا الطَبِيْبُ العَيْنَ آنکھ کے اندرونی حصّہ سے پانی نکالنا۔

فِيْ الْقِدْحِ تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔

قدحَ واقْتدحَ بالزَنَدِ چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال سے ہے "اَصِبْ لِى اَقْدَحْ لَكَ" یعنی تم میرے لیے ہو جاؤ میں تمہارے لیے ہو جاؤں گا۔ قَدَحَ واقْتدحَ المَرَقَ شوربا نکالنا القِدْرَ چمچہ سے نکالنا واقْتدَحَ الامرَ معاملہ کی تدبیر کرنا۔

قَدَّحَ الفَرَسَ گھوڑے کو دُبلا کرنا۔

قَدَّحَتْ العَيْنُ آنکھ کا دھنسنا۔

قَادَحَه و تَقَادَحَا ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔

اسْتَقْدَحَ زِنَادَهٗ چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔

القَدَحُ مص۔ دانت یا لکڑی کا کیڑا۔

القِدْحُ تیر بغیر پر اور نصل کے۔ جوئے کا تیر۔ ج قِدَاح و اَقْدُح واَقْدَاح و قِدْحَان وجج اَقَادِيح. کہا جاتا ہے "صَدَقَهُم وسْمَ قِدْحِه" یعنی ان سے سچ کہا۔

القَدَح پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں۔ اور جب اُس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَجْعَلُوْنِي كقَدَحِ الرَاكِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بتاؤ۔ اس لیے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ الفَرْدُ: کنایہ ہے لے پالک سے۔ ج اَقْدَاح.

القَدَح سم ہے۔ اِقْتدَاحُ النَارِ سے۔

القِدْحَة قدح کا اسم نوع۔

القُدْحَة. مِنَ المَرق چمچہ بھر۔

القِدَاحَة پیالہ بنانے کا پیشہ۔

القَادِح.فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔

القَادِحَة.قادح کا مؤنث۔ درخت یا دانت کا کیڑا۔ ج قَوادِح.کہا جاتا ہے "حُمّى قَادِحَة" بہت تیز بخار۔

القَدَّاح.کاسہ گر۔ تروتازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (رالقَدَّاحَة)چقماق کا لوہا۔

القَدَّاحَة سگریٹ جلانے کے لئے لیٹر۔

القَدِيْح شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔

الاَقْدح والقَدُوْح مکھی۔ رکیٌ قَدُوْحٌ وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔

المِقْدَح والمِقْدَاحُ.چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔

المِقْدَح والمِقْدَحة چمچہ۔

اقْدحَرَّ اقْدِحْرَارًا. الرجلُ بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کیلئے تیار ہونا۔

قَدَر(ن ض) وقَدِر(س) قَدْرا وقُدْرَةً ومَقْدِرَةً ومَقْدَرَةً ومَقْدُرَةً ومِقْدارًا وقَدَارَةً وقُدُورَةً وقُدُورًا وقَدْرانا وقَدارًا وقِدارًا. عَلَى الشئ توانا ہونا؛ قوی ہونا۔

قَدَرَ(ض) قَدْرًا. الاَمْرَ:تدبیر کرنا۔ الشئ بالشئ :اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا (قَدَارَةً) الشئَ :تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔

قَدَر(ن ض) قَدْرًا. لامْر كَذَا:غور و فکر کرنا۔

قَدَر(ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا. اللّٰهَ:تعظیم کرنا (وقَدَّر) اللّٰهُ عَلَيْهِ الاَمْرَ و قَدَرَ لَهُ الاَمْرَ فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قدَّر الرِزْقَ: تقسیم کرنا۔ قَدَرَ وقَدَّرَ عَلى عِيَالِه اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَر عَلَى الشئُ:قادر ہونا اور جمع کرنا۔ وقَدَر الرَجُلُ:معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔ وقَدَّرَ الشَئَ بِالشئَ :اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔

قَدِّر(س) قَدَرًا چھوٹی گردن والا ہونا۔ عَلَى الشئ قدرت رکھنا۔

قَدَّر واَقْدَر اللّٰهُ فُلَانًا عَلَى كَذَا:قادر بنانا۔ واَقْدَر الِانْسانُ ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَهٗ مُقَادرَةً.توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام

کرنا۔
بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کیلئے اندازہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُقَادِرُنِيْ" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔
تَقَدَّرَ الثَّوْبُ عَلَيْهِ. کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔ لَهُ كَذَا. آمادہ ہونا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ. ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔
اِنْقَدَرَ. اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے قَدَّرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہوگیا۔
اِقْتَدَرَ. عَلَيْهِ: قوی ہونا۔ قدرت پانا الرَّجُلُ: ہانڈی میں پکانا الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ. اللّٰهُ خَيْرًا: خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا۔
اَلْقَدْرُ مص. چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا قَدْرُ ذَاكَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ توانگری۔ کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَار.
(لَيْلَةُ الْقَدْرِ) رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔
الْقِدْرُ. ہانڈی (مؤنث) ج قُدُوْر اور اس کی تصغیر قُدَيْرَة وقُدَيْر.
الْقَدَرُ. مص. چیز کی انتہا۔ طاقت و قوت۔ تقدیر الٰہی ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ ان کے اوقات میں۔ ج اَقْدَار.
الْقَادِرُ. فا. ہانڈی میں پکانے والا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا لَيْلَةٌ قَادِرَةٌ" ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔
الْقَدَرِيَّةُ. ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعالِ اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ

اس کے خلاف ہے۔
الْقُدْرَةُ. فعل یا ترک فعل کی طاقت۔
الْقَدَرَةُ. چھوٹی شیشی۔ دو درختوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الْقُدَار و الْقِدَار. قدرت۔
الْقُدَار. میانہ قد مرد۔ چست و چالاک لڑکا۔ باورچی۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ بڑا اژدہا۔
الْقُدَّار. پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے۔
الْقَدَارَة والْقُدُوْرَة. مصادر۔ اقتدار۔ قوت۔ توانگری۔
المُقَلَّلُ. مِنَ السُّیُوْفِ: جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔

المُسْتَقِلُّ. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهِ" وہ خود مختار ہے۔

قَلَبَ (ض) قَلْبًا الشَّیَّ: پلٹ دینا۔ اُوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا القَوْمَ: پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ المُعَلِّمُ الصِّبْیَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا المَجْنُوْنُ عَیْنَهُ: غضبناک ہونا۔ قَلَبَتِ البُسْرَةُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ قَلَبَ الاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔

قَلَبَهُ (ن ض) قَلْبًا. دل پر مارنا۔ قَلَبَ النَّخْلَةَ: گودا نکالنا اللّٰهُ فُلَانًا اِلَیْهِ: موت دینا۔

قَلِبَ (س) قَلَبًا. اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت اَقْلَب. قَلِبَتِ الشَّفَةُ: اُلٹا ہونا۔ صفت قَلْبَاء۔

قُلِبَ البَعِیْرُ: اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔

قَلَّبَهُ. بمعنی قَلَبَه اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ یُقَلِّبُ کَفَّیْهِ" وہ نادم ہونے لگا" و "قَلَّبَ الاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔

اَقْلَبَ الشَّیَّ: اُلٹ دینا اللّٰهُ اِلَیْهِ: موت دینا۔ اَقْلَبَ العِنَبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا الخُبْزُ: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا القَوْمُ: دل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔

تَقَلَّبَ. پلٹا عَلٰی فِرَاشِهِ: کروٹیں لینا۔ فِی الاُمُوْرِ: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِی نَعْمَائِهِ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف □ کرتا ہوں۔

اِنْقَلَبَ. اُلٹا جانا۔ اُوندھانا۔ واپس ہونا۔

القَلْبُ. م۔ دل۔ عقل قَلْبُ الجَیْشِ: فوج کا درمیانی حصہ۔ قَلْبُ کُلِّ شَیْءٍ: گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ قَلْبُ العَقْرَبِ: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج قُلُوْب اَفْعَالُ القُلُوْبِ: ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر ومؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ"

القُلْبُ والقَلْبُ والقِلْبُ مِنَ الشَّجَرِ: درخت کے اندر کا نرم گودا ج اَقْلَاب وقُلُوب وقِلَبَةٌ: القُلْبُ: کنگن۔ سفید سانپ۔

القُلْبَةُ. سرخی۔

القَلَبَةُ. وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر

تڑپے۔

القُلَاب. دِل کی بیماری۔

القَالِبُ. فا۔ سرخ رنگ کی پکی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللَّبنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (و القَالَب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج قَوَالِب.

القُلَّبُ. پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِيٌّ وقُلَّبِيٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔

القَلُوْب. بہت اُلٹنے پلٹنے والا (و القِلاب) بھیڑیا۔

القَلِیْب. کنواں۔ کنواں بغیر من کا۔ پُرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج قُلُب و قُلُب و اَقْلِبَة.

القَلُّوْب والقِلَّوْب والقِلِّیْب. بھیڑیا۔ شیر۔

المِقْلَب. کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔

المُنْقَلَب. مص۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ اِمْرِئٍ یَصِیْرُ اِلٰی مُنْقَلَبِه"

المَقْلُوْبَة. مع کان۔

قَلِتَ (س) قَلَتًا. ہلاک ہونا۔

اَقْلَتَهٗ. ہلاک کرنا اَقْلَتَتِ المَرْاَةُ و کُلُّ اُنْثٰی بے اولاد ہونا۔ اور اسم قَلِت ہے۔

القَلَت: خوف اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہوگیا۔

القَلْت. چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج قِلات۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِی قَلْتِ خَاصِرَتِهٖ" اِس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مار (و طَعَنَهٗ فِی قَلْتَی تَرْقُوَتِيه" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قلت کہتے ہیں۔

و رَجُلٌ قَلْتٌ و قَلِتٌ. کم گوشت۔ دُبلا پتلا مرد۔

القَلْتَة. دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ شَاةٌ قَلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔

المَقْلَتَة. ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔

المِقْلَات. وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِیْت.

قَلِح (س) قَلَحًا. زرد دانتوں والا ہونا۔

قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر قَلِح و اَقْلَح صفت مؤنث قَلِحَةٌ و قَلْحَاء. ج قُلْح.

قَلَّحَهٗ. دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔

تَقَلَّح. میلے کپڑے والا ہونا تَقَلَّحَ البِلَادَ: قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔

القَلَح. بڈھا گدھا۔

القَلَح و القُلَاح. زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔

القِلْح. میلا کپڑا۔

القَلْحُوْمِن: توت کی ترشاخ۔

الاَقْلَح. زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔

رَجُلٌ اَقْلَح: تجربہ کیا ہوا۔

المُقَلَّح. تجربہ کیا ہوا۔

القَلْحَزَة. پستہ قد کی چال القِلْحَزُّ: موٹا متکبر۔

القِلْحَاس. مرد بدصورت۔ بدقوارہ۔

اِقْلَحَمَّ الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔

القِلْحَمّ. متکبر۔ بوڑھا۔

شَیْخٌ قِلْحَامَة. بہت بوڑھا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِیْخًا الشَّجَرَةَ: درخت اُکھاڑنا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِیْخًا وقُلَاخًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

قَلَخَهٗ. بِالسَّوْطِ کوڑا مارنا قَلَخَ النَّبْتُ: نباتات کا سخت ہونا۔

القُلْخ. مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (و القُلَاخ) بڑے سر والا۔

قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا الحَدِیْدَةَ: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا الرَّجُلَ السَّیْفَ: تلوار کو حمائل کرنا۔ المَاءَ فِی الحَوْضِ او الشَّرَابَ فِی البَطْنِ: جمع کرنا الزَّرْعَ: کھیتی سیراب کرنا الشَّیْءَ: موڑنا الحُمّٰی فُلَانًا: بخار ہر روز آنا۔

قَلَّدَهُ السَّیْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔ القَلَادَةَ: ہار پہنانا العَمَلَ: کام سپرد کرنا الدَّیْنَ: قرض سونپ دینا قَلَّدَ البَعِیْرَ: اُونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔ فُلَانًا القَضَاءَ فِی بَلَدٍ کَذَا: قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَهٗ" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا۔ قَلَّدَهٗ فِی کَذَا" اس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔

اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَیْهِم: غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔

تَقَلَّدَتِ المَرْاَةُ القَلَادَةَ: عورت کا ہار پہننا تَقَلَّدَ الاَمْرَ: ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا السَّیْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔

تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔

اِقْتَلَدَ المَاءَ: پانی کا چلو لینا۔

اِقْلَوَّدَ النُّعَاسُ فُلَانًا: نیند کا غالب آنا۔

القَلْد. مص بچ دیا ہوا اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلَاد و قُلُوْد.

القِلْد. بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِی کُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلَاد کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُهٗ قِلْدَ اَمْرِیْ" میں نے اپنے معاملہ کو دروبست اس کے سپرد کر دیا۔

القِلْدَة. گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔

القَلْدَة. دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔

القِلَاد و الاِقْلِیْد. انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔

القِلَادَة. ہار۔ مالا۔ ج قَلَائِد و قِلَاد. چھ

ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلَائِدُ الشِعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
اَلْقَلَادَةُ: امریکی علاقوں کا ایک خوبصورت پودہ جس کو زیب و زینت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
اَلْقَلُوْد. بہت پانی والا کنواں۔
القَلِيْد والمَقْلُوْد. بٹا ہوا۔
القِلِّيْد والمِقْلاد. خزانہ۔
التَقْلِيْد. س۔ ج تَقَالِيْد و تَقْلِيْدَات
التَقَالِيْد عِنْدَ النَصَارٰى: نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے جاری ہوتا ہے۔
الِاقْلِيْد ج اَقَالِيْد. المِقْلَد ج مَقَالِد. والمِقْلاد. ج مَقَالِيْد: کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِيْدُ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہوگئے "واَلْقٰى اِلَيْهِ مَقَالِيْدَ الْاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے سونپ دیئے المِقْلَد: برتن۔ توبرہ۔ پیمانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔
المُقَلَّد. مع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
القَلَنْد. ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔
قَلَزَهٗ (ن ض) قَلْزًا. مارنا۔ قَلَزَ الاَرْضَ بِعَصَاهُ: کریدنا بِسَهْمِهٖ: تیر پھینکنا بِقَيْئِهٖ: اُلٹی کرنا الرَجُلُ: پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا ہ الماءَ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔
(قَلَّزَ واَقْلَزَ) الجَرَادُ: انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔
تَقَلَّزَ. چست ہونا الوَعِلُ: پہاڑی بکری کا دوڑنا۔
اِقْتَلَزَ الكَاسَ: گھونٹ گھونٹ لینا۔

اَلْقُلَّزُ. مِنَ الرِجَالِ: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔
القِلِزّ والقُلُزّ. سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة وقُلُزَّة.
قَلْزَم و تَقَلْزَمَ الشَّیءَ: نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔
القِلْزِم. کمینہ۔
القُلْزُم. مصر اور مکّہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔
القُلْزُمَة. س۔ کمینہ پن۔ شور۔
قَلَسَ (ض) قَلْسًا وقَلَسَانًا. کھانا یا پانی کا پیٹ سے منہ تک آنا۔ بہت شراب پینا نَفْسُهٗ: جی متلانا الكَاسُ بالشَرَابِ: چھلک پڑنا الاِنَاءُ: بہہ پڑنا النَحْلُ العَسَلَ: شہد بنانا السَحَابَةُ بِالنَدٰى: جھالا پڑنا الرَجُلُ: گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔
قَلَّسَ. دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا القَوْمُ: گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا لَهٗ: سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا الرَجُلَ: ٹوپی پہنانا۔
تَقَلَّسَ. ٹوپی پہنانا۔
القَلْس. س۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج قُلُوْس واَقْلاس. القَلْس: بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو منہ تک آئے۔ قے۔ قَلْس البَحْرِ: بادل۔
القَالِس. وہ شخص جس کے منہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آجائے۔
القَلَّاس. اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلَّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
القَلَنِّيس. شہد۔ شہد کی مکھی۔
قَلْسَى الرَجُلَ. ٹوپی پہنانا۔
تَقَلْسٰى تَقَلْسِيًا. ٹوپی پہننا۔
الاَنْقَلِيْس والاِنْقَلِيْس. ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔
القَلَاش. چھوٹا۔ سکڑا ہوا۔
القَلَاشَة. کوتاہی۔ چھوٹا پن۔
القَلَّاش والاَقْلَش. حیلہ گر (دخیل)
قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا. الرَجُلُ: کودنا

القَوْمُ: اکٹھا ہو کر چلنا القَوْمُ عَنِ الدَارِ: ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہو کر چلنے کا وقت آنا۔ الماءُ: پانی کا ختم ہونا البِئْرُ: اوپر تک چڑھنا الظِلُّ عَنْ كَذَا: سایہ کا سمٹ آنا۔ صفت قَالِص الثَوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا سکڑنا الغُلامُ: جوان ہونا الشَفَةُ: ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔
قَلَصَتْ (ض) قُلُوْصًا و قَلِصَتْ (س) قَلَصًا نَفْسُهٗ: جی متلانا۔
قَلَّصَ قَمِيْصَهٗ فَقَلَّصَ هُوَ: سمیٹنا۔ سمٹنا۔ لازم و متعدی۔ قَلَّصَتِ الدِرْعُ: زرہ کا چست ہونا النَاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اُونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔ دوڑے جانا القَوْمُ: اُونٹنیوں پر سوار ہونا۔
اَقْلَصَ البَعِيْرُ: کوہان کا کچھ ظاہر ہونا النَاقَةُ: گرمی میں موٹی ہونا۔
تَقَلَّصَ. اکٹھا ہونا۔ سکڑنا۔ قریب قریب ہونا۔
القَلْصَة. پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر ختم ہو جائے۔ ج قَلَص و قَلَصَات. اور کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي البِئْرِ اِلَّا قَلْصَةً مِنَ الماءِ" کنوئیں میں سے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔
القَلُوْص مِنَ الاِبِلِ: لمبی ٹانگوں والی اُونٹنی۔ جوان اُونٹنی یا چلتی ہوئی اُونٹنی۔ اُونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ ج قَلَائِص وقِلَاص وقُلُص وقُلْصَان.
القَلُوْص: مادہ شتر مرغ۔ شتر مرغ کا مادہ بچہ۔ شوات کا بچہ۔ جوان لڑکی۔ جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو۔
القَلِيْص. بہت مِنَ المِيَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔
القَلَّاص مِنَ المِيَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔ اُونٹنی کو دوہنے والا۔
المِقْلَاص. اُونٹنی کو دوہنے والا مِنَ النُوْقِ: گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اُونٹنی۔
فَرَسٌ مُقَلَّصٌ: لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

قَلَطَ (ن) قَلْطًا. بدصورت ہونا۔
القَلَط. جِن کے بچے۔ شیطان کے بچے۔
القَلَطِی والقِلِیْط. مرد خبیث؛ سرکش (والقُلاط) بہت پستہ قد۔ آدمی ہو یا بلی یا کتا۔
اَلْقَلِیْطُ: میل اور گندگی جمع ہونے کی جگہ۔
اَلْقِلِّیْطَة: تیتر کی ایک قسم۔
القَلِیْط. خصیہ میں سوجن۔
القَیْلَط والقِیْلِیْط. خصیہ میں سوجن والا۔
القَلْطَبَان. بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔ بھڑوا۔
قَلَعَ (ف) قَلْعًا و قَلَّعَ واقْتَلَعَ الشَّیَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔ قَلَعَ الوَالِیْ فُلانًا: معزول کرنا۔ اِقْتَلَعَ الشَّیَ: چھیننا۔
قَلِعَ (س) قَلَعًا وقَلْعَةً الرَّاكِبُ: سوار کا زین پر جم کر نہ بیٹھنا الرَّجُلُ: کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا المُصَارِعُ: کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔
قُلِعَ قَلْعًا. الرَّجُلُ: حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔
اَقْلَعَ عَنْ کَذَا: باز رہنا اور چھوڑنا المَلَّاحُ السَّفِیْنَةَ: بادبان اُٹھانا اَصْحَابُ السَّفِیْنَةِ: روانہ ہونا الشَّیُ: روشن ہونا الاَمِیْرُ: قلعہ بنانا الحُمّٰی عَنْ فُلَان: بخار کا اُتر جانا۔ قرآنِ مجید میں ہے "یَا سَمَاءُ اقلعِی" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا۔
قَالَعَا مُقَالَعَةً. ایک دوسرے کو اُکھیڑنا۔
تَقَلَّعَ وانْقَلَعَ واقْتَلَعَ. جڑ سے اُکھڑنا۔
تَقَلَّعَ فِی مَشْیِه: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔
القَلَع. س۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُع وقُلُوْع. قَلَعُ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُه فِی قَلَعٍ و قِلَعٍ وقَلَعٍ مِنْ حُمَّاہ" میں نے اس کو بخار اُتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلَعِیٌّ وقَلْعِیٌّ"
القِلْع. بادبان۔ ج قُلُوْع وقِلاع.
القِلَع. بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔
القُلْع. چلنے میں قوی مرد۔
القَلَع. س۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو مِنَ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔
القَلِع. جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ و شَیْخٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔
القَلْعَة. قلعہ. ج قِلاع و قُلُوْع.
القِلْعَة: کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔
القِلْعَة. قَلَعَ کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَع.
القُلْعَة. کھرنڈ والا؛ کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے؛ ہمیشہ نہ رہنے والا مال؛ منگنی کا مال؛ درخت سے جو اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "و مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقِلْعَةٍ وقُلَعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔
القَلَعَة. بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَع. چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلاع وَ قَلَع.
القُلَعَة. کھرنڈ والا۔
القُلاع. جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی۔ پھنسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلاعَة القُلاع: مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلاعُ الاُذن: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔ القُلاعَة: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ بِقُلاعَةٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔
القِلاعَة. کشتی و جہاز کا بادبان۔
القَلّاع. وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اُکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔
القَلُوْع. بڑی اُونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں اُلٹ جائے۔ ج قُلُع.
اِقْلاعُ الحُمّٰی ومُقْلَعُها. بخار کا اُترنا۔
المَقْلَع. پتھر اُکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِع.
المِقْلاع. گوپھن۔ ج مَقَالِیْع.
اِقْلَعَدَّ الشَّعْرُ: بال کا سخت گھنگریالے ہونا فُلانٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔
اِقْلَعَطَّ الشَّعْرُ: بال گھنگریالے اور سخت ہونا۔
اِقْلَعَفَّ الشَّیَ: سمٹنا اَنَا مِلُ فُلانٌ: سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔
قَلْعَطَ وَ تَقَلْعَطَ: زیادہ میلا کرنا اور میلا ہونا۔
اَلْمُقَلْعَطُ: میلا اور کنجوس آدمی۔
القَلْعَطَة. بالوں کا سخت گھنگریالا پن۔
قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا الشَّیَ: پلٹنا (واقْتَلَفَ) الظُّفُرَ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِیْرُ: جھاگ لانا۔
قَلَفَ (ن) قَلْفًا. القُلْفَة: کاٹنا۔
قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقِلْفَةً الدَّنَّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا (وقَلَّفَ) السَّفِیْنَةَ کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القلافة ہے وقَلَّفَ الجُزُور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَّبِیُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف.
تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔
اِنْقَلَفَتِ السُّرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔
القِلْف. درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة سخت جگہ۔

القِلْفَة. ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔
القُلْفَة والقَلَفَة. عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف.
القَلِفَة مِنَ الشفاةِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔
القُلافَة. درخت وغیرہ کی چھال۔
القَلِيف ج قُلُف والقَلِيفَة ج قَلِيف والمَقْلُوفَة ج مَقْلُوفَات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔
القَلِيف والمَقْلُوف. مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِيف۔ خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔ کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قَلِيفَة.
الاَقْلَف. بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفاء ج قُلْف. کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَف" سر سبز سال "عَيْشٌ اَقْلَف" خوش حال زندگی۔
التَقْلِيف. کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔
قَلْفَحَ الطَعامَ: سب کچھ کھالینا۔
تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَيْئُ: چھل جانا۔
القِلْفَع والقِلْفِع. خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔
القلفعة. سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اُونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔
قَلِقَ (س) قَلَقًا. مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق و مِقْلاق. صفت مؤنث قَلِقَة و مِقْلاق.
قَلَقَ (ن) قَلْقًا الشَيْئَ: حرکت دینا۔
اَقْلَقَهٗ. بے قرار کرنا۔ اَقْلَقَ الشَيْئَ مِنْ مَكانِهٖ: حرکت دینا القَوْمُ السُيُوفَ فِي الغِمْدِ: آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔
القُلْقاس. اروی۔
قَلْقَلَ قَلْقَلَةً. آواز نکالنا (قَلْقَلَةً وقَلْقالًا وقِلْقالًا) الشَيْئَ : حرکت دینا۔ الحُزْنُ وَمعَهُ: آنسو بہانا۔ فِي الاَرْضِ سفر کرنا۔
تَقَلْقَلَ. متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا فِي البِلادِ: ملک میں پھرنا۔
القِلْقِل والقُلْقُلان. ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔
حروف القَلْقَلَةِ پانچ حروف ہیں۔ ب، ج، د، ط، ق۔
القَلْقال. ہمیشہ سفر کرنے والا۔
القُلاقِل والقُلْقُل. پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل: سفر میں ہلکا پھلکا۔
قَلَمَ (ض) قَلْمًا وقَلَّمَ الشَيْئَ: کاٹنا الظُفْرَ: ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ: تھوڑا تھوڑا کاٹنا
القَلَم. قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہے بننے سے پہلے قَصَبَةٌ اور یراعہ کہتے ہیں۔
القَلَم : جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلام و قِلام.
القالِم. فا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة.
القُلامَةُ. تراشہ۔ قُلامَةُ الظُفْرِ: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔
الاِقْلِيم. ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقالِيم (دخیل)
الاِقْلِيمِي: نظریہ اقلیمیہ کو ماننے والا۔ علاقائی سطح پر لوگوں کے اجتماع کا نظریہ۔
المِقْلَمَة. قلم دان۔ ج مَقالِم.
مقالِم الرُمْح: نیزے کی گرہیں۔
المُقَلَّمَة. بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سارَتْ اَلْفٌ مُقَلَّمَةٌ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَقْلُومُ الظُفْرِ ومُقَلَّمُ الظُفْرِ" یعنی ضعیف و ذلیل ہے۔
المِقْلام. قینچی۔
قَلْمَعَ رَاسَهٗ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ مونڈنا۔ الشَيْئَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
القَلْمَعَة. س۔ کمینے لوگ۔
قَلْنَسَهٗ. ٹوپی پہنانا۔ قَلْنَسَ الشَيْئَ: چھپانا۔ الرَجُلُ: سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔
تَقَلْنَسَ. ٹوپی پہننا۔
القَلَنْسُوَة والقَلَنْسِيَة. ٹوپی ج قَلانِس وقَلانِيس وقَلاسٍ وقَلاسِّي اور تصغیر قُلَيْنِسَة وقُلَيْسِيَة اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قَلُوسَة کہتے ہیں۔
قَلا يَقْلو قَلْوًا. اللحمَ وغيرَهٗ: گوشت کڑاہی میں بھوننا۔ صفت فاعلی قَلّاء اور صفت مفعولی مَقْلُوٌّ الاِبِلَ: اُونٹوں کو ہانکنا۔
القُلَةَ وبالقُلَةِ: گلی ڈنڈا کھیلنا (قَلًا وقَلاءً) الرَجُلَ: بغض رکھنا۔
تَقَلّٰى اِلَيْهِ: نفرت کرنا۔ بغض ظاہر کرنا عَلٰى فِراشِهٖ: مضطرب ہونا۔ تلملانا۔
تَقالَى الرَجُلانِ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ تَقالٍ" ان کے درمیان بغض ہے۔
اِقْلَوْلَى اِقْلِيْلاء. کوچ کرنا۔ بے آرام ہونا۔ سکڑنا۔ جگہ سے علیحدہ ہونا فِي الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا الطائِرُ: پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اُترنا ہٗ: پیٹھ پر سوار ہونا۔
القِلْو. ہلکا پھلکا۔ جوان ہلکا گدھا۔
القُلَة ج قُلات وقِلُوْن وقُلُوْن (المِقْلَى والمِقْلاء) گلی ڈنڈا۔ القُلَة: ہرن کے پھنسانے کے لیے ایک قسم کا پھندا۔
القِلْوَة. جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔
القَلَوْلَى. بلند پرواز پرندہ۔
قَلَى يَقْلِي قَلْيًا اللحمَ وغيرَهٗ: گوشت بھوننا صفت فاعلی قَلّاء. صفت مفعولی مَقْلِيّ فُلانًا: سر پر مارنا (الرَجُلَ و قَلِيَه يَقْلاه قِلًى وقَلاءً ومَقْلِيَةً) بغض رکھنا۔ صفت فاعلی قالٍ اور صفت مفعولی مَقْلِيّ.
القِلَى والقِلِي. سجی۔
القُلَى. پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مُردوں کی

کھوپڑیاں۔ واحد قُلَّة.
القَلَّاء. کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں گوشت بھوننے والا۔
القَلَّائة وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔
القَلِيَّة. جو بھونا جائے۔ شوربا جو اُونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قَلَايَا.
المِقْلَى والمِقْلَاة. کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَالٍ.
المَقْلَاة وہ مقام جہاں کڑائی بنائی جائے۔
المَقْلِيّ جو بھونا جائے۔
قَمَّ(ن) قَمًّا خشک ہونا شَارِبَهٗ: مونچھ جڑ سے مونڈنا البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قَامٌّ و قَمَّام (وأَقَمَّ) مَا عَلَى المَائِدَة: کھانا واقْتَمَّ الشَّيْءَ: نزاولت کرنا۔ اعتماد کرنا۔ خطانہ کرنا۔
قَمَّمَهٗ: خشک کرنا۔ قَمَّمَ النَّجْمُ: ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تَقَمَّمَ مَا عَلَى المَائِدَة: دستر خوان پر سے سب کچھ کھالینا الشَّيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا الرَّجُلُ قِرْنَهٗ: ہمسر پر غالب آنا۔
القِمَّة. ہر چیز کی چوٹی۔ لوگوں کی جماعت۔ بدن۔ قدو قامت ج قِمَم.
القُمَّة. شیر کا لقمہ۔ کوڑا گھر۔
القَمِيم خشک سبزی۔ ستو۔
القُمَامَة. کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قِمَم.
المِقَمّ والمُقْتَمّ. دستر خوان پر کا سب کچھ کھالینے والا۔
المِقَمَّة. جھاڑو۔ ج مَقَامّ (والمِقَمَّة) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔
قَمَأَ(ف) وقَمُؤَ(ک) قَمَاءَةً وقُمْأَةً وقِمَاءَةً وقَمَاءَةً. ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِيءٌ ج قُمَاءٌ وقِمَاءٌ.
قَمَأَ(ف) قَمْأً المَكَانَ وَ بِهٖ: داخل ہونا اور اقامت کرنا ہٗ: اکھیڑنا۔
قَمَأَتْ(ف) قَمْأً وقَمُؤَتْ(ک) قُمُوْءًا وقُمُوْءَةً وقَمْأً وقَمَاءً وقَمَاءَةً. المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا بِالمَكَانِ: سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔
أَقْمَأَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا الشَّيْءُ او المَكَانُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا أَقْمَأَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
قَامَأَهٗ مُقَامَأَةً. موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قَامَأَهُ المَكَانُ: جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المَكَانَ: موافق ہونا اور اقامت کرنا الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔
اِقْتَمَأَ الشَّيْءَ جمع کرنا۔
القَمْءُ. وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔
القَمْأَة. ج قَمَاء والمَقْمَأَة والمَقْمُوْءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔
القَمْأَة والقُمْأَة سرسبزی۔ آرام۔
القَمِيءُ ذلیل و خوار۔
قَمَحَ(ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَحَ البَعِيْرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اُٹھانا صفت قَامِحٌ ج قِمَاحٌ و قُمَّحٌ و تَقَمَّحَ الشَّرَابَ و مِنَ الشَّرَابِ: ناپسند کرنا۔
قَمِحَ(س) قَمْحًا واقْتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا الشَّرَابَ: ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔
قَمَّحَ فُلَانًا: حق سے کم دے کر ہٹانا۔
أَقْمَحَ السُّنْبُلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا البُرُّ: تیار گیہوں ہونا الرَّجُلُ: سر اُٹھانا اور آنکھ بند کرنا بِأَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ مغرور ہونا الغُلُّ الأَسِيْرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا فُلَانٌ: شراب پینا۔
القَمْح گیہوں۔ واحد قَمْحَة.
القُمْحَة. پھکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔
(والقُمَّحَان والقُمَّجَان) زعفران۔
القِمْحَانَة. سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔
القَمِيْحَة. پھکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوْحٌ لِلنَّبِيْذِ: بہت پینے والا۔
القَمَحْدُوَة. سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ۔
أَقْمَخَ اِقْمَاخًا بِأَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ(ض) قَمْدًا وقُمُوْدًا انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ(س) قَمَدًا. لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت أَقْمَدُ مؤنث قَمْدَاء.
أَقْمَدَ الرَّجُلُ: گردن بلند کرنا۔
القُمُد والقُمُدّ والقُمَاد. مضبوط۔ موٹا۔
القُمُدّ والقُمُدَّة والقُمُدَّانِيَّة. لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القُمْدُر. لمبے قد والا۔
قَمَرَ(ض) قَمْرًا جوا کھیلنا الرَّجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔
قَمَرَ(ن ض) قَمْرًا الرَّجُلَ مَالَهٗ: مال چھین لینا۔
قَمِرَ(س) قَمَرًا الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا۔ الرَّجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا الكَلَأُ والمَاءُ وغَيْرُهُمَا: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا الإِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَهٗ مُقَامَرَةً وقِمَارًا. باہم جوا کھیلنا۔
أَقْمَرَ اللَّيْلُ: چاندنی کا کھیت کرنا الهِلَالُ: پورا چاند بنتا القَوْمُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا الثَّمَرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آ جائے پکنے سے پہلے سردی کا آ جانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا الإِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔
تَقَمَّرَ: چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا۔ الرَّجُلُ: جوے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا الطَّيْرَ والظِّبَاءَ: پرندوں یا ہرنیوں کا

چاندنی روشنی میں شکار کرنا الطَّیْرَ: پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا۔
تَقَامَرَ الْقَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔
اِقْمَارَّ اِقْمِیْرَارًا. سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔
اَلْقَمَر. چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ
الْقَمَرَان: آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ الْعِلْمِ وشُمُوْسُه: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْ عَیْنَتُهُ الشَّمْسَ والقَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔
اَلْقُمْرَة. سبزی مائل۔ سفید رنگ۔
الْمَاءُ الْقَمِرُ بہت پانی۔ لَیْلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔
الْحُرُوْفُ الْقَمَرِیَّة. چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَرَ.
الْقُمْرِیّ. فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِیَّة ج قُمْر وَ قَمَارِیّ.
اَلْقَمَرِیَّةُ: زمین پر پھیلنے والی بوٹی جس کے پھلوں کے بیج چاند کی طرح ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے لگائی جاتی ہے۔ امریکہ کے علاقہ میں پائی جاتی ہے۔
الْقِمَار. س. جوا۔
الْقَمِیْر. جواری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِیْرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار. جیسے نَصِیْر و اَنْصَار.
قَمْرَةُ الْمَرْكَبِ: (عِنْدَ الْمَلاَّحِیْن) بحری جہاز کا کمرہ
الاَقْمَر. سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید وَجْهٌ اَقْمَرُ: چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَرُ پانی سے بھرا ہوا بادل۔
الْقَمْرَاءُ. الاقمر کا مؤنث۔ چاندنی۔
لَیْلَةٌ مُقْمِرٌ و مُقْمِرَةٌ. چاندنی رات۔ عرب کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کر لیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ".
الْمَقْمُوْر. س. برائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ یَدِیْ بَیْنَ اِحْدٰی مَقْمُوْرَتَیْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔
قَمَزَ (ن ض) الشَّیْءَ: جمع کرنا الشَّیْءَ: انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔
الْقَمَز. بے کار مال۔
الْقُمْزَة کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ ج قُمَز.
قَمَسَهُ (ن ض) قَمْسًا واَقْمَسَهُ فِی الْمَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الْكَوْكَبُ: ستارے کا غروب ہونا قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِی الْمَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِهِ فِی الْبِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا۔
الْوَلَدُ فِی الْبَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا وقُمُوْسًا وانْقَمَسَ فِی الْمَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
اِنْقَمَسَ الْكَوْكَبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔
اِنْقَمَسَ فِی الرَّكِیَّة: کنوئیں میں کود پڑنا۔
قَمَّسَ الرَّجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔
قَامَسَهُ قِمَاسًا ومُقَامَسَةً. غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ کہا گیا ہے "هُوَ یُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔
تَقَامَسُوا فِی الْمَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔
الْقَمَّاس. غوطہ خور۔
الْقَامُوْس. سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِیْس.
الْقَامُوْس: علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔
الْقِمَاس. کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔
الْقِمِّیْس ج قَمَامِیْس الْقَمِیْس سمندر۔
الْقَمُوْس. کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔
الْقُمَّس. مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَة.
الْقَوْمَس. امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِس: الْقَوَامِس: مصیبتیں۔
قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وقَمَّشَ الْقُمَاشَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
تَقَمَّشَ. جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔
اِقْتَمَشَ. الْقُمَاشَ: ادھر ادھر سے کھانا۔
الْقُمَاش. ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔ قُمَاشُ الْبَیْتِ: گھر کا سامان۔ ج اَقْمِشَه.
الْقَمْش. س. ردی چیز۔
الْقَمَّاش. سامان بیچنے والا۔
قَمَصَ (ن ض) قُمَاصًا وقِمَاصًا وقَمْصًا الْفَرَسُ وغَیْرُهُ: گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا الْعَیْرُ: گدھے کا کودنا اور بھاگنا (قَمْصًا) مِنْهُ: نفرت کرنا۔ اعراض کرنا النَّاقَةُ بِالرَّدِیْفِ: اونٹنی کا اچھلتے ہوئے لے جانا (وقَمَصَ) الْبَحْرُ بِالسَّفِیْنَةِ: موج سے حرکت دینا۔
وقَمَّصَهُ: قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ: کرتا قطع کرنا۔
تَقَمَّصَ. کرتا پہننا اور استعارہ کی بناء پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الْوِلاَیَةَ والاِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ الْعِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ: ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔
الْقَمَص. انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ مکھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة.
الْقِمَاص س. قلق.
الْقَمِیْص. کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان. الْقَمِیْص لوزائیہ

بچّے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوْفُ قَمِيْصَ قَلْبِهِ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

القَمِيْص والقَمُوْص. وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔ القَمُوْص: شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَمُوْصُ الحَنْجَرةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

قَمطَهُ (ن ض) قَمْطًا وقَمَّطَهُ. گہوارہ میں چھوٹے بچّے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا۔ الابِلَ: اُونٹوں کو قطار میں کرنا۔ طَعم الشَّيْءَ: چکھنا الشَّيْءَ: لینا۔ قَمطَ الدِيْكُ: مرغ کا جفتی کرنا المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

القِمَاط: رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچّے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لیے باندھیں۔

عَامٌ قَمِيْطٌ. پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمتُ عِنْدَهُ حَوْلًا قَمِيْطًا او شَهْرًا قَمِيْطا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

القَمَّاط. چور۔ بچّوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لیے پٹی بنانے والا۔

القُمَّاط. بہت سے چور۔

قَمْطَرَ قَمْطَرةً الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ مشک کو بھرنا۔ العَدُوُّ: دشمن کا بھاگنا۔ قَمْطَرَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اِقْمَطَرَّ. منتشر ہونا۔ سکڑنا۔ لِلشَّرِّ: آمادہ ہونا اليَوْمُ: دن کا سخت ہونا۔ عَلَيْهِ الشَّيْءُ: بھیڑ ہونا۔

القِمَطْر والقِمَّطْر. بستہ۔ جزو دان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و مونث اور کبھی اِمْرَأَةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ ج قَمَاطِر القِمَطْر: شکر دانی۔

القُمَاطِر والقَمْطَرِيْر. سخت دن یا سخت بُرائی۔

القِمَطْرِيّ. پستہ قد موٹا مرد۔ اکٹھی چال۔

قَمَعَهُ (ف) قَمْعًا. آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمَعَ القِرْبَةَ: باہر کی طرف مشک کے مُنہ کو موڑنا۔ قَمَعَ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ الكُتُبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمَعَتِ المَرْأَةُ بَنَانَها بالحِنَّاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا۔ ـهُ: سر کے بالائی حصّہ پر مارنا لبَرْدُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا فِي السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا۔ الشَّرَابُ: آسانی سے حلق سے اُترنا۔ سَمْعَهُ لِفُلانٍ: خاموش ہونا۔ الوَطبَ: قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمعًا عَيْنُهُ: گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة۔ الفَرَسُ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا۔ عُرْقُوبُ الفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا۔ الظَّبْيَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا۔ فُلانٌ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

قَمَّعَ البُسْرَةَ ونَحْوَها: کھجور وغیرہ کی پینڈی کو دُور کرنا۔ قَمَّعَتِ البُسْرَةُ ونَحْوُها: کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دُور ہونا۔

اَقْمَعَهُ. ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقْمَعْتُهُ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ. متحیر ہونا۔ مدہوش ہونا۔ تنہا۔ بیٹھنا۔ ذلیل ہونا الذُّبَابَ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَكْتُهُ يَتَقَمَّعُ میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (واقْتَمَعَ) الشَّيْءَ: چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِي الاناءِ" یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنْقَمَعَ. خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا۔ الرَّجُلُ: تنہا بیٹھنا۔

القَمْع والقِمْع والقِمَع. قیف۔ ج اَقْمَاع. کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی۔ اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قِمع کہتے ہیں۔ ج قُمُوْع.

القَمَع. آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

الاَقْمَع. مؤنث قَمْعَاءُ ج قُمْعٌ والقَمُوْع: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الاَقْمَع مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

القَمَعَة. کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمَعَة الذَّنَبِ: دُم کا کنارہ۔ قَمعة الشَّيْءِ: عمدہ چیز۔ ج قَمَع. القَمعة: مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج قَمَاع.

القَمِع مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِعٌ: بڑا کوہان۔ طَرْفٌ قَمِعٌ: پھنسیوں والی آنکھ۔

القَمْعَة. توشہ دان وغیرہ کا سر بند۔ بہترین مال ج قَمْعٌ.

اَلْقُمْعُ وَالْقَمْعُ وَالْقِمْعُ: قیف (برتن کے منہ پر رکھ کر مائع چیز بھرنے کا آلہ)

اَلْقُمْعِيَّةُ: یورپ، برازیل اور ایشیاء کے ممالک میں پایا جانے والا ایک پھول جو کہ خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں زہریلا مواد ہوتا ہے۔ اس سے پیشاب آور اور مسکن دواء دجتالین حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے ہی دل کے مریضوں کو دی جاتی ہے۔

القَمِيْعَة. مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصہ۔ دُم کا سرا ج قَمَائِع.

المِقْمَعَة. آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع.

المَقْمُوْع. مغلوب۔ تخمہ زدہ مِنَ المَالِ: چنا ہوا مال۔

قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَّبْتُ: نباتات کا غلاف نکلنا یا شگوفہ نکلنا الرَّجُلُ: سردار قوم ہونا۔

القِمْعَال. سردار قوم: چرواہوں کا سردار۔

القُمْعُل. تنگ مُنہ کی ہانڈی (والقُمْعُوْل) بڑا پیالہ ج قَمَاعِل و قَمَاعِيْل.

القُمْعُوْلَة. نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔

کونپل۔ سر کے اندر گملا۔ ج قَمَاعِيل.

قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى المَائِدَةِ دستر خوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔

تَقَمْقَمَ بہت پانی میں گھسنا یہاں تک کہ ڈوب جانا الشَّيءَ چڑھنا۔

القُمْقُم حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لیے تانبے کا برتن۔ عطر فروش کا برتن۔ گلاب پاش۔

القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقُمان بڑی تعداد سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں۔ ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَة. القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم وقَمَاقِمَة. القَمْقَام امر عظیم۔ بڑا معاملہ۔ رَجُلٌ قَمْقَام کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِم ماہ ستمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔

القِمْقِم. پر خشک کچی کھجور۔

القُمْقُمَة لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔

قَمِلَ (س) قَمَلًا القَوْمُ زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا فُلَانٌ لاغری کے بعد موٹا ہونا رَاسُهُ سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِل بَطْنُهُ توند نکلنا۔

قَمِلَ واَقْمَلَ المَرْعَى چراگاہ کا اگنا اور سیاہ ہونا۔

تَقَمَّلَ الرَّجُلُ کچھ موٹائی شروع ہونا۔

القَمْلُ جو واحد قَمْلَة کہا جاتا ہے "دَبَّ قَمْلُهُ" یعنی موٹا ہوا۔ قمل قریش دانہ صنوبر۔

القَمَال جوں۔

القُمَّل چیچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَة

المِقْمَل فقیری کے بعد توانگر۔

تَقَمَّنَ الاَمْرَ قصد کرنا الشَّيءَ پکڑنے کے قریب ہونا۔

القَمَن لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا المَنزِلُ لَكَ مَوْطِنٌ قَمْنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وجِئتُ بالحَدِيثِ عَلٰى قَمَنِهِ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔

القَمِن لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِين کے ساتھ باء یا مِن یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "هُوَ قَمِنٌ و قَمِينٌ بِكَذَا وقَمِنٌ وقَمِينٌ مِنْ كَذَا ولِكَذَا" ج قُمَناء و قَمِينُونَ مؤنث قَمِينَة ج قَمِينَاتٌ و قَمَائِن کہا جاتا ہے: اَقْمَنُ بِهٰذَا الاَمْرِ یعنی وہ اس کے لیے سزاوار تر ہے۔ وهٰذَا الاَمْرُ مَقْمَنة لِذَالِكَ یعنی زیادہ مناسب ہے۔

المُقْمَئِنّ سکڑا ہوا۔

قَامَى مُقَامَاةً موافق ہونا- کہا جاتا ہے: مَا يُقَامِينِي هٰذَا یہ میرے موافق نہیں۔

قَمَا (س) قُمُوًّا العَبْرُ حوض سے سر اٹھا لینا اور پانی نہ پینا الشَّيءُ فِي المَاءِ ڈوبنا اور اچھلنا۔

تَقَمَّهَ فِي الاَرْضِ آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فُلَانٌ يتقمه" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔

القَمَه کھانے کی کم خواہش۔

القَامِه ۔ ج قُمَّه.

اِقْمَهَدَّ سر نا الرَّجُلُ او البَعِيرُ سر اٹھانا بِالمَكَانِ ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔

القَمْهَل کمینہ۔ بد اصل۔ بد صورت۔

قَامَاه مُقَامَاة (يائى) موافقت کرنا۔ تم کہو گے مَا يُقَامِينِي هٰذَا الشَّيءُ یعنی یہ چیز مجھے موافق نہیں۔

قَنَّ (ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبروں کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِي الجَبَلِ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔

اِقْتَنَّ غلام بنانا۔ خاموش ہونا (واِقْتَانَّ و اِقْتَنْنَانًا) کھڑا ہونا۔

اِسْتَقَنَّ بِالاَمْرِ مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا۔

القُنّ چھوٹی پہاڑی (والقُنَان) کرتے کی آستین۔

القِنّ غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ۔ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لیے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان و اَقِنَّة ہے۔

القِنَانَة والقُنُونَة غلامی۔ بندگی۔

القُنَّة چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّة كُلِّ شَيءٍ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَنٌ و قِنَان وقُنُوْن وقُنَّات.

القِنَّة رسی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَن.

القَنَن طریقہ۔ روش۔

القَنِّينَة شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِي وقَنَان.

القَانُوْن قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِين (دخیل)

قَنَأَ (ف) قُنُوْءًا. الشَّيءُ گہرا سرخ رنگ والا ہونا اللِّحْيَةُ مِنَ الخِضَاب داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنْأً) اللَّبَنَ دودھ میں پانی ملانا۔

قَنَأَ (ف) قَنْأً وقَنَّأَ وتَقْنِئَة و تَقْنِيْأً لِحْيَتَهُ داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَأَ الشَّيءَ گہرا سرخ رنگنا۔

(قَنَأَ (ف) قَنْأً واَقْنَأَ) الرَّجُلَ قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الاَدِيْمَ چمڑے کو خراب کرنا الشَّيءُ لَانًا: ممکن ہونا اور قریب ہونا۔

قَنِيَ (س) قُنُوًّا امر نا الاَدِيْمُ چمڑے کا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانِيٌ": بہت گہرا سرخ۔

المَقْنَأَة والمَقْنُوءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

القِنْبَل ہاتھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔

قَنَبَ (ن ض) قُنُوْبًا فِي الشَّيءِ داخل ہونا۔ الشَّمْسُ آفتاب کا غروب ہونا الكَرْمَ انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔

قَنَّبَ الزَّرْعُ خوشہ کے پتے ظاہر ہونا الزَّهْرُ کلی سے نکلنا الكَرْمُ انگور کی شاخ

تراشی کرنا الاسدُ بمَخْلبه: شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔ قنبتْ واقْتنبتْ وتقنبت الخیلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنَبُوْا وتَقَنَّبُوْا نحو العَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ و تقنَّبَ الرَّجلُ فِي بَيْتِهِ: داخل ہونا۔

اَقْنَبَ. سفر میں دُور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قَنْبُ الزهْر: پھول کا غلاف ج قُنُوب.

القانِب. فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ واد قانبٌ: وادی جس کا سیلاب دُور سے جاری ہو۔

القُنْب. بڑا بادبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ كفّ الاَسدِ: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔

القُناب والقِناب والقُنَّابة. پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِناب: شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔

القِنَّبُ والقُنَّب. جوٹ۔ سن جس سے سُتلی بناتے ہیں۔

القَنِيب. لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔

القَيْنَاب. تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چھٹی رساں۔

المِقْنَب. تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کیلئے جمع ہوں ج مَقَانِب (والمِقْناب) شیر کا چنگل۔ المِقْنَب: شیر کی ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "مِخْلبُ الاَسدِ فِيْ مِقْنَبه" شیر کا چنگل اس کی ہتیلی میں ہے۔ شکاری کا تھیلہ۔

القُنْبُرة والقُنْبَرة. چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنابر. القُنْبرة: سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔

دَجاجة قُنْبرانيّة. چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔

القُنْبض. سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضة.

القُنْبضة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔

القُنَّبِيط. گوبھی۔ اور عوام قَرْنَبِيط بھی کہتے ہیں۔

قَنْبَع فِي بَيْتِهِ: چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعت الشجرةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔

الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔

القُنْبُع. درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔

القُنْبُعة. بمعنیٰ القنبع. ایک قسم کا بچوں کیلئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعة الخنزير: سور کی خرخراہٹ۔

القَنْبَل والقَنْبَلة. لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنابل.

القُنابِل. بڑے سر والا (والقُنْبُل) موٹا قوی مرد۔

قَنْبَلَ العَدُوَّ: دشمن پر بم کے ساتھ حملہ کرنا۔

القُنْبُلَةُ: بم اس بم کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) اَلْقُنْبُلَةُ الْحارِقَة: آگ لگانے والا بم۔

(۲) اَلْقُنْبُلَةُ الْجَرْثُومِيَّة: جراثیمی بم

(۳) اَلْقُنْبُلَةُ السَّامَة: زہریلا بم

(۴) اَلْقُنْبُلَةُ الذَّرِيّة: ایٹم بم

قَنَتَ (ن) قُنُوتًا. اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللهَ وقَنَتَ لِلّٰهِ".

لَهُ: ذلیل ہونا۔

قَنُتَ (ک) قَناتة. کم خوراک ہونا۔

اَقْنَتَ. نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔

اِقْتَنَتَ. فرمانبردار ہونا۔

القانِت. فا۔ ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت.

القَنِيت. کم خوراک۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "سِقاءٌ قَنِيتٌ" پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔

اِمْرَأَةٌ قَنُوتٌ: شوہر کی تابعدار عورت۔

القُنْجُل. غلام۔

قَنَحَ (ف) قَنْحًا العود: لکڑی کا سرا موڑنا الشارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اُٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (واَقْنَح) البابَ: دروازہ کو لکڑی سے اُٹھانا۔

قَنَّحَ البابَ: دروازے کے لیے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔

تَقَنَّحَ. سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

القُنَاح. دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔

القُنّاح. لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔

القُناخِر. ج قَناخِر والقِنَّخر. بڑے جسم والا اَنْفٌ قُناخِر: موٹی ناک۔ القِنَّخر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز مُنہ والا۔

القُنْخُوْرة والقِنْخِيرة والقِنَّخْرة والقُنْخُور. بڑی چٹان۔

القَنْد. ج قُنُود والقِنْدِيد ج قَنادِيد شکر۔ القِنْدِيد: کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بالاَمْرِ على قَنادِيدِه" وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا سَوِيقٌ مُقَنَّدٌ ومَقْنُوْدٌ. شکر ملا ہوا ستو۔ کلام مُقَنَّد: شیریں گفتگو۔

اَلْقَنْدِيَّةُ الْحَمْراء: بڑے پتوں والا پودا جس کی بلندی دس میٹر ہوتی ہے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مَقْنُوْدُ الكَلامِ: شیریں کلام مرد۔

القُنْدُر والقُنْدُس. ایک آبی جانور جس کی دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔

قَنْدَس. گناہ کے بعد توبہ کرنا فِي الاَرْضِ: سیر و سفر کرنا۔

القِنْدَعْل. بیوقوف۔

قَنْدَلَ. بڑے سر والا ہونا۔ صفت قَنْدل وقُنادِل وقِنْدِيل.

رَاسٌ قُنادِل. بڑا اور مضبوط سر۔

القِنْدِيل. چراغ: فانوس۔ ج قَنادِيل

(دخیل)
القُنْدُوْل. ایک خار دار درخت۔ واحد قُنْدُوْلَة.
القُنْذُع. مرد دیوث۔
اَقْنَز. چھوٹے مٹکے سے پینا۔
القِنز والاِقْنِیز. چھوٹا مٹکا۔
القَانِز والقَنَّاز. شکاری۔
القَنَز. قنص میں ایک لغت ہے۔
القُنْزُعَة والقَنْزَعَة والقِنْزِعَة والقُنْزَعَة والقُنْزُع. بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرد اگرد بال۔ پروں کا بقیہ۔ مرغ کی کلغی۔ القُنْزُعَة: بہت پستہ قد عورت۔ ج قُنْزُعَات وقَنَازِع. القَنَازِع: بلائیں۔ سخت وتلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔
اَقْنَسَ الرَّجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔
القِنْس والقَنْس. اصل۔
القِنْس ج قُنُوْس والقَوْنَس ج قَوَانِس والقَوْنُوْس. سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَیْنَس. بیل۔ ج قَیَانِس.
قَنْسَرَتْهُ الشَّدَائِدُ والسِّنُّ: بوڑھا کرنا۔
تَقَنْسَرَ. بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔
القِنَّسْر والقِنَّسْرِیّ والقِنْسْر. بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔
القُنَاسِر. سخت۔
قَنَّشَه تَقْنِیْشًا. کم کرنا۔ اہل وعیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِّشَ فِي الشَّيْءِ: کمی کیا جانا۔
القَنْشُوْرَة. عورت جس کو حیض نہ آئے۔
قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَّیْرَ: پرندہ کا شکار کرنا۔
تَقَنَّصَ واقْتَنَصَ الطَّیْرَ او الظَّبْيَ: پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔
القِنْص. اصل۔
القَنَص. شکار۔
القَنَّاص. شکاری۔

القُنَّاص. شکاری لوگ۔
القَانِص والقَنِیْص. شکاری۔
القَنِیْص: شکار۔ مؤنث قَنِیصَة.
القَانِصَة. پرندے کا پوٹا ج قَوَانِص شکار کرنے والے۔
القِنْصَعْر. چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا۔ گٹھے بدن کا۔
القُنْصُل. پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قناصل (دخیل)
القُنْصُلِیَّة. قُنْصُل کے رہنے کی جگہ۔
قَنِطَ (س) قَنَطًا وقَنَطَ (ض ن) قُنُوْطًا وقَنُطَ (ک) قَنَاطَةً. مایوس ہونا۔ صفت قَنِط و قَانِط وقَنُوْط.
قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا. منع کرنا۔ باز رکھنا۔
قَنَّطَهُ واَقْنَطَهُ. مایوس کرنا۔
قَنْطَثَ قَنْطَثَةً. خوف سے دوڑنا۔
قَنْطَرَ قَنْطَرَةً. بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا عَلَیْنَا: دیر تک ٹھہرنا الشَّيْءَ: مضبوط باندھنا۔ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
القِنْطِر. ایک قسم کا پرندہ (والقِنْطِیْر) مصیبت۔
القَنْطَرَة. س۔ پل۔ بلند عمارت ج قَنَاطِر.
القِنْطَار. ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔ مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر
القِنْطَارِیُوْن. ایک کڑوی گھاس جو مقوی معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِیْر مُقَنْطَرَة: بہت زیادہ۔
قَنَعَتْ وقَنِعَتْ (ف س) قَنْعًا. الاِبِلُ: اُونٹوں کا تھان پر آنا۔
قَنَعَتْ (ف) قَنْعًا واَقْنَعَتْ واسْتَنْقَعَتْ الشَّاةُ: بلند تھان والی ہونا۔
قَنَّعَهُ. راضی کرنا۔ قَنَّعَ المرأةَ: عورت کو دوپٹہ اوڑھانا رَاْسَهُ بالسَّیْفِ او بالعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا د خِزْیَةً وعَارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کر دینا۔ قَنَّعَ الدِیْکُ: مرغ کا لڑنے کے وقت گردن کے پردوں کو کھڑا کرنا اور کہا جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَّیْبُ خِمَارَہ" یعنی اس پر بڑھاپا چھا گیا۔
اَقْنَعَ رَاْسَهُ او صَوْتَهُ: سر یا آواز بلند کرنا۔ بِیَدَیْهِ فِي الصَّلَاةِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنا الاِنَاءَ: برتن سے اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لیے پانی کے بہاؤ کی طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الاِنَاءَ فِي النَّهْرِ" یعنی بھر جانے کیلئے برتن کو نہر میں پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الاِبِلَ: اُونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔
تَقَنَّعَ. بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔ فِي السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ المَرْاۃُ بالقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔
اِقْتَنَعَ بالشَّيْءِ: راضی ہونا الاِبِلُ: اُونٹوں کا تھان پر واپس آنا الرَّجُلُ الاِبِلَ او الغَنَمَ لِمَأْوَاهَا. اُونٹوں کو تھان پر واپس لانا۔
القِنْع. ج اَقْنَاع والقِنَاع ج قُنُع. ہتھیار۔
القِنْع والقُنْع. کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِنْع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی ز ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنْعَة واَقْنَاع. القِنْع بگل۔
القِنْعَة. دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و جج قِنْعَان.
القُنْعَة. سوال۔ دیوار میں روشن دان۔
القُنْعَة. مِنَ الجَبَلِ و السَّنَامِ: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔
القِنَاع. دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة. دِل کا غلاف۔ کَشْفُ القِنَاعِ عَنِ الشَّيْءِ کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔
القِنْع. جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔
القَنُوع ج قُنُع والقَنِیْع ج قُنَعَاءُ: بمعنی قَنِع.

القانع فا. بمعنی قنع. عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قانِعُون وقُنَّع.

رَجلٌ قُنْعان تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔

شاھدٌ قُنْعان شاہد عادل جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)

رَجلٌ قُنْعانِی جس کی رائے پسند ہو القنعان بڑا پہاڑی بکرا۔

القُنُوع مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔

شاھدٌ مَقْنَع. شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَقانِع اور کہا جاتا ہے فُلانٌ لَنا مَقْنَع فلاں کے لیے رضامندی ہے جس پر ہم قانع ہیں۔

المِقنَع والمِقْنَعة. سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔

المُقْنَع مث۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اُٹھائے ہوئے ہو۔ فَمٌ مُقْنَعٌ: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔

المُقْنِع. فا۔ ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اُٹھانے والا۔

المُقَنَّع مث۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔

قَنِفَ (س) قَنَفًا المَکانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا الفرسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔

قَنَّفَهُ بِالسَّیف: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَقْنَفَ ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا (واسْتَنْقَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔

اِسْتَنْقَفَ المَجْلِسُ: گول ہونا۔

القَنَف. مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔

القَنَف. سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔

القَنِف. سر پر تھوڑے بال والا۔

القِناف والقُناف. بڑی ناک، لمبی داڑھی، لمبے قد والا۔

اَلْقَنْقَرُ کنگرو، یعنی اسٹریلیا کا جانور جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی اور مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت بٹھا لیتی ہے۔

القَنِیف. لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.

الاَقْنَف. چھوٹے کان والا مِنَ الخَیلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَنْفاءُ ج قُنْف. القَنْفاء: انسان کا کان جس کے لیے دائرہ نہ ہو۔

القِنْفَج. موٹی گدھی۔ القُنْفُدج قنافد والقُنْفُذ والقُنْفَذ: قَنافِذ. ج۔ سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة. القُنفُذ: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے " هُوَ قُنْفُذ لَیلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔ القَنافِذ: چھوٹے پہاڑ۔

قَنْفَشَهُ قَنْفَشَةً جلدی جمع کرنا۔

تَقَنْفَش. سکڑنا۔

القُنافِش. چھلی ہوئی ناک؛ سخت داڑھی والا۔

المُقَنْفِش. فا فی اللِّباس: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ مُقَنْفِشًا لِحْیَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔

تَقَنْفَعَت. القُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔

القُنْفُع. پستہ قد۔ کمینہ (والقِنفِع) چوہیا۔

القُنْقُن والقِنْقِن. ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیہی۔ واحد قُنْقُنَة. القِنْقِن: راہ نما۔ (والقُناقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَناقِن (دخیل)

قَنِمَ (س) قَنَما الجَوزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قانِم الفَرَسُ ونَحْوُهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا الطَّعامُ واللَّحمُ والسِّقاءُ وغَیرُھا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقْنَم اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "یَدِی قَنِمَةٌ مِنَ الزَّیْتِ".

القَنَمة. تیل وغیرہ کی بدبو۔

الاُقْنُوم. شخص۔ اصل۔ ج اَقانِیم (دخیل)

قَنا یَقْنُو قَنْوًا وقُنْوانًا وقُنُوًّا واقْتَنَی المالَ: جمع کرنا۔ اپنے لیے حاصل کرنا۔

قَنا یَقْنُو قَنْوًا اللّٰهُ الشَّیْءَ: پیدا کرنا لَوْنُ الشَّیْءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔

قَنا یَقْنِی وقَنِیَ یَقْنَی قَنْوًا وقَنْیًا وَاَقْتَنَی واسْتَقْنَی الحَیاءَ: لازم پکڑنا۔ قَنَی القَناةَ: نالی کھودنا۔ اَقْناهُ اللّٰهُ: غنی کرنا، مالدار بنانا

اَقْنَتِ السَّماءُ: بارش رُک جانا

قَنِیَ یَقْنَی قَنًا الاَنْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اُونچا ہونا۔ صفت اَقْنَی.

تَقَنَّی. نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔

القَنا والقِنَی والقُنْو والقِنْو. کھجور کا گچھا ج اَقْناء وقُنْیان وقِنْیان وقُنْوان وقِنْوان.

القَنا: نیزہ ج قَناء. مخلوق۔

القُنْوَة والقِنْوَة. کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهُ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَلْقَنا پھولوں کی ایک قسم جس سے سرخ گوند نکالی جاتی ہے۔ زیب وزینت کے لئے زراعت کی جاتی ہے۔

القِناوَة. بدلہ۔

القَناة. نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَنا وقُنِیّ وقَنَوات وقَنَیات. کہا جاتا ہے "فُلانٌ صُلْبُ القَناةِ" فلاں سخت قد والا ہے ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قُنِیّ وقَناء وقَنَوات.

القانِی. فا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قانٍ" بہت گہرا سرخ۔

القَنَوان. موٹا۔

القِنِّی والقِنْیَة. بکری یا لونڈی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔

القَنّاء والمُقْنِی. نیزہ والا۔ القَنّاء: نالی

کھودنے والا۔
الاَقْنٰی مِنَ الْاُنُوْف: نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَقْنٰی الاَنْفِ" وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔ مؤنث قَنْواء۔
القَناء والاَقْناۃ۔ مِنَ الحائطِ: دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔
القُنو۔ سیاہی۔
المَقْناۃ والمَقْنُوۃ۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
قَنٰی یَقْنِیْ قَنْیًا وقِنْیانًا وقُنْیانًا المالَ: حاصل کرنا۔ کمائی کرنا الحیاءَ: حیا کو لازم ہونا۔
قَنّٰی اللّٰہُ فُلانًا۔ خوش کرنا۔ راضی کردینا۔
قانٰی مُقاناۃً الشیُٔ فُلانًا: موافق ہونا۔
الشیَٔ: ملانا الشیُٔ بالشیِٔ: خلط ملط کرنا۔
الشیَٔ: ہمیشہ رہنا۔
اَقْنٰی اِقْناءً اللّٰہُ: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کردینا الصَّیْدُ فُلانًا و لِفُلانٍ: شکار کا زد میں آجانا۔ قریب آجانا۔
القُنْیَۃ والقِنْیَۃ۔ کمائی۔ ج قِنًی۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ غَنَمٌ قُنْیَۃٌ وقِنْیَۃٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔
اَرْضٌ مَقْناۃٌ۔ ہر شخص کے موافق آب وہوا والی زمین۔
قَہِبَ (س) قَہَبًا۔ بھورے رنگ کا ہونا۔ صفت قَہْب واَقْہَب۔
اَقْہَبَ عَنِ الطَّعامِ: ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔
القَہْب۔ بڑا اونٹ۔
القُہْبَۃ۔ بھورا رنگ۔
القُہاب والقُہابی۔ سفید۔
الاَقْہبان۔ ہاتھی اور بھینس۔
قَہَدَ (ف) قَہْدًا فِی مَشْیِہٖ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
القَہْد۔ سفید۔ تیرہ گون۔ صاف رنگ والا۔ ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔ نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ ج قِہاد۔
قَہَرَہٗ (ف) قَہْرًا۔ غالب ہونا۔
قُہِرَ اللَّحْمُ: گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔
قاہَرَہٗ۔ غالب آنا۔
اَقْہَرَہٗ۔ مغلوب پانا۔ اَقْہَرَ الرَّجُلُ: ذلت اور قہر کی طرف معاملہ والا ہونا۔ یاران مقہور کا ساتھی ہونا۔
القُہْرَۃ۔ مجبوری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قُہْرَۃ لِلنّاسِ" وہ ہر ایک کا مقہور ہے۔
القُہَرَۃ۔ مِنَ النساءِ: بہت شریر عورت ج قُہَرات۔
القاہِر۔ فا۔ بلند۔ ج قَواہِر۔
القاہِرۃ۔ القاہر کا مؤنث۔ مملکت مصر کا پایہ تخت۔ ہر چیز کا سابق۔ سینہ۔ سر سینہ۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔
القَہّار۔ اسم مبالغہ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی میں سے ہے۔
القَہْرَمان۔ وکیل۔ آمد و خرچ کا منتظم۔ ج قہارمۃ۔
القَہْرَمۃ۔ قہرمان کا فریضہ۔
القَہْرَم۔ پستہ قد۔ القَہْقَب۔ عمر رسیدہ۔ لمبے قد والا۔ بیگن۔
قَہْقَرَ قَہْقَرَۃً وتَقَہْقَرَ۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَتَقَہْقَرُ فِی مَشْیِہٖ" جبکہ پچھلے پاؤں چلے۔
القُہْقُوْر۔ عمارت جس کو بڑے پتھروں سے بناتے ہیں اور عوام اسے "قُعْقُوْر" کہتے ہیں۔
القَہْقَرٰی۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَہْقَرٰی" وہ پچھلے پاؤں لوٹا۔
القَہْقَرۃ۔ س۔ بڑی چٹان۔ گیہوں جو سبزی کے بعد سیاہ ہو جائے۔
قَہَزَ (ف) قَہْزًا۔ کودنا۔
القِہْز۔ ریشم۔
قَہَلَ (ف) قَہْلًا و قُہُوْلًا وقَہِلَ (س) قَہَلًا وتَقَہَّلَ۔ جِلْدُہٗ: کھال خشک ہونا۔
قَہَلَ الرَّجُلُ: ناشکری کرنا۔ کفرانِ نعمت کرنا فُلانًا: بُری تعریف کرنا۔ قَہِلَ (س) قَہَلًا وتَقَہَّلَ الرَّجُلُ: جسم کو آلودہ رکھنا۔ پاک صاف نہ رکھنا۔ تَقَہَّلَ: آہستہ چال چلنا۔ اپنی حاجت کا گلہ کرنا۔ بدحال ہونا۔ تَقَہَّلَ صَوْتُہٗ: آواز کا نرم وضعیف ہونا۔
اَقْہَلَ الرَّجُلُ۔ اپنے آپ کو میلا کچیلا رکھنا لایعنی اُمور میں مشغول ہونا۔
اِنْقَہَلَ۔ کمزور ہونا اور گر پڑنا۔
القَیْہَل والقَیْہَلۃ۔ چہرہ۔ پیکر۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا اللّٰہُ ھٰذِہِ القَیْہَلۃ" اللہ تعالیٰ اس چہرہ کو باقی رکھے۔
قَہِمَ (س) قَہَمًا الرَّجُلُ: قلیل الاشتہاء ہونا۔ صفت قَہِمٌ۔
اَقْہَمَ عَنِ الطَّعامِ: کھانے کی خواہش نہ رکھنا۔ عَنِ الشیِٔ: ناپسند کرنا۔ عَنِ الشَّرابِ والماءِ: چھوڑنا الاِبِلُ عَنِ الماءِ: اونٹوں کا پانی پر نہ جانا اِلَیْہِ: خواہش کرنا۔ اَقْہَمَتِ السَّماءُ: آسمان کا بادل سے صاف ہونا۔
قَہْمَزَ قَہْمَزَۃً۔ کودنا۔
القَہْمَزٰی۔ گھوڑے کا پویہ دوڑنا۔ جلد بازی۔ نشاط۔
القَہْمَز۔ پستہ قد۔
القَہْمَزۃ۔ س مِنَ النِّساءِ: بہت پستہ قد عورت۔
اَقْہٰی۔ قہوہ پینے کی مداومت کرنا۔
القَہْوۃ۔ خالص دودھ۔ پوری شکم سیری۔ شراب۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شراب کو قہوہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پینے والے کی اشتہا کم ہو جاتی ہے۔ بو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلانًا طَیِّبُ قَہْوَۃِ الفَمِ" یعنی فلاں کے منہ کی بو اچھی ہے۔ اور مولدین درخت بن کو بھی کہتے ہیں اور اس درخت سے پینے کی جو چیز بنائی جاتی ہے اس کو بھی قہوہ کہتے ہیں۔ نیز جس جگہ کثرت سے پی جائے اس کو بھی مجازاً قہوہ کہتے ہیں۔
المَقْہٰی۔ قہوہ خانہ۔ ہوٹل قہوہ۔

القَهْوَان عمر رسیدہ موٹے سینگوں والا بکرا۔
قَهْوَسَ وتَقَهْوَسَ دوڑنا قَهْوَسَ الرَّجُلُ: خوف سے دوڑنا۔ وتَقَهْوَسَ: جھک کر مضطربانہ چلنا۔ کبڑا ہونا۔
قَهِيَ(س) قَهِيَ واَقْهَى اِقْهَاءً عَنِ الطَّعَامِ اشتہا کم ہونا۔ قَهِيَ عَنِ الشَّرَابِ: چھوڑنا۔
اِقْتَهَى عَنِ الطَّعَامِ بغیر مرض کے کھانے کی خواہش نہ ہونا۔
القَاهِي تیز خاطر۔ عَيْشٌ قَاهٍ خوش عیشی۔
قَابَ يَقُوْبُ قَوْبًا الاَرْضَ زمین کو گولائی میں کھودنا الطَّائِرُ پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا الرَّجُلُ قریب ہونا۔ بھاگنا۔
قَوَّبَ الاَرْضَ زمین کو گولائی میں کھودنا۔ روند کر نشان چھوڑنا الشَّيءَ اُکھیڑنا۔
تَقَوَّبَ جڑ سے اُکھڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَوَّبَ مِنْ رَاْسِهٖ مَوَاضِعُ" یعنی اس کے سر میں چند جگہ چھل گئیں (واِنْقَابَ) المَكَانُ: درخت اور گھاس سے صاف کیا جانا۔ تَقَوَّبَتْ واِنْقَابَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا پھٹنا۔
واِنْقَابَتِ الْاَرْضُ زمین کا کھدنا۔
اِقْتَابَ الشَّيءَ پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔
القَاب مقدار۔ کمان کے قبضہ اور گوشہ کمان کے درمیان کا فاصلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَابِ قَوْسَيْنِ" کنایہ ہے بہت قریب ہونے سے۔
القُوْب چوزہ۔ ج اَقْوَاب۔ اُمُّ قُوْبٍ: مصیبت۔
القِيْب مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِيْبُ قَوْسٍ۔"
القَابَة والقَائِبَة چوزہ۔ انڈا اور مثال میں ہے "تَخَلَّصَتْ قَائِبَةٌ اَوْ قَابَةٌ مِنْ قُوْبٍ" یعنی انڈا چوزے سے جدا ہو گیا۔ اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جدا ہو جائے۔
القُوْب انڈے کے چھلکے۔
القُوْبَاءُ والقُوْبَاءُ ج قُوَب والقُوْبَة والقُوَبَة داد کی بیماری۔ عوام اسے حزاز کہتے ہیں۔ القُوَبَة گھر پر مقیم۔ خانہ نشین۔
القُوْبِيّ چوزے کھانے کا حریص۔
المُتَقَوِّب چھلا ہوا۔ داد کھجلی کی وجہ سے کھال چھلا ہوا شخص مِنَ الحَيَّاتِ کینچلی اُترا ہوا سانپ۔
قَاتَ يَقُوْتُ قَوْتًا وقِيَاتَةً الرَّجُلَ روزی دینا۔ گزارہ دینا۔ خوراک دینا۔
اَقَاتَ اِقَاتَةً فُلَانًا وعَلَى فُلَانٍ گزارہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ قابو پانا۔ قدرت رکھنا۔
اِقْتَاتَ اِقْتِيَاتًا وتَقَوَّتَ بِالشَّيءِ کھانا۔
اِقْتَاتَ الشَّيءَ خوراک بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ الكَلَامَ" فلاں کم گفتگو کرتا ہے۔
اِسْتَقَاتَ اِسْتِقَاتَةً فُلَانًا گزارہ طلب کرنا۔
القَات ایک درخت کا نام۔
القُوْت خوراک۔ گزارہ کے لائق کھانا۔ ج اَقْوَات۔
القَائِت والقِيْت والقِيْتَة والقُوَات خوراک گزارہ کے لائق۔ القَائِبُ مِنَ العَيْشِ کفایت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي قَائِتٍ مِنَ العَيْشِ" القَائِتُ کثیر۔
المُقِيْت فا۔ قدرت رکھنے والا۔ نگہبان۔ گواہ۔
قَاحَ يَقُوْحُ قَوْحًا وتَقَوَّحَ تَقَوُّحًا الجُرْحُ زخم سوجنا۔ پیپ والا ہونا۔ قَاحَ وقَوَّحَ البَيْتَ جھاڑو دینا۔
اَقَاحَ اِقَاحَةً الرَّجُلُ سوال کے بعد منع کرنے کا ارادہ۔
القَاحَة صحن۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ قَاحَةَ الدَّارِ" گھر کے صحن میں داخل ہوا۔ ج قُوْح۔
قَاخَ يَقُوْخُ قَوْخًا جَوْفُهٗ بیماری کی وجہ سے خراب ہونا۔
لَيْلَةٌ قَاخٌ کالی رات۔
قَادَ يَقُوْدُ قَوْدًا وقِيَادَةً وقِيَادًا ومَقَادَةً وقَيْدُوْدَةً وقُوْدًا وتَقْوَادًا وتَقْوَادًا الدَّابَةَ چوپائے کو آگے سے کھینچنا۔
قَادَ يَقُوْدُ قِيَادَةً الجَيْشَ سالارِ جیش ہونا۔
القَاتِلَ اِلَى مَوْضَعِ القَتْلِ قاتل کو قصاص کے لیے لے جانا۔
قِيْدَ الدَّقِيْقُ آٹے کا پیڑا بننا اور پکایا جانا۔
قَوِدَ يَقْوَدُ قَوَدًا الفَرَسُ وغَيْرُهٗ لمبی پیٹھ اور گردن والا ہونا۔ صفت اَقْوَدُ مؤنث قَوْدَاءُ ج قُوْدٌ۔
اَقَادَ آگے بڑھنا الغَيْثُ بارش کا پھیلنا ہٗ خَيْلًا آگے سے کھینچنے کے لیے دینا۔
القَاتِلَ بِالقَتِيْلِ مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
قَاوَدَهٗ مُقَاوَدَةً ساتھ ساتھ چلنا۔
اِنْقَادَ اِنْقِيَادًا لِفُلَانٍ: تابعدار ہونا۔ فروتنی کرنا الطَّرِيْقُ اِلَى كَذَا واضح ہونا۔ نمایاں ہونا (واقْتَادَ اِقْتِيَادًا) کھینچنا۔ اِقْتَادَ الدَّابَةَ کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَادَ الدَّابَةَ فَاقْتَادَتْ" اس نے جانور کو کھینچا پس وہ کھنچ گیا (لازم و متعدی)
تَقَاوَدَ المَكَانُ جگہ کا ہموار ہونا الرَّجُلَانِ: دو مردوں کا ایک ساتھ بھاگنا گویا کہ دونوں ایک دوسرے کو کھینچ رہے ہیں۔
اِسْتَقَادَ ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا لَهٗ فرماں بردار ہونا۔ تابعدار ہونا الاَمِيْرَ: مقتول کا قصاص لینے کی درخواست کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَادَ الاَمِيْرَ مِنَ القَاتِلِ فَاَقَادَهٗ مِنْهُ" اس نے امیر سے قصاص لینے کی استدعا کی اور امیر نے قصاص لیا۔
القَادُ والقِيْدُ اندازہ و مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قَادُ قَوْسٍ اَوْ قِيْدُ قَوْسٍ" ان دونوں کے درمیان ایک کمان کی مقدار فاصلہ ہے۔
القَوْدُ مص۔ کوتل گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّبِنَا قَوْدٌ"۔
القَوَدُ قود کا مصدر۔ قصاص۔ مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

القِیَاد. مں۔ جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ کہا جاتا ہے "فُلَان سَلِسُ القِیَاد" فلاں تمہاری خواہشات کا فرمانبردار ہے "وَاَعْطٰی فُلَانٌ القِیَادَ" فلاں خوشی سے فرمانبردار ہو گیا۔ اور بعضوں نے کہا کہ مجبوراً۔

فَرَسٌ قَیْد وَقَیِّدٌ وَقَوُوْدٌ وَقُوُوْدٌ. سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔

القَوَّاد. اسم مبالغہ۔

الاَقْوَد. سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔ مضبوط گردن والا۔ بخیل۔ کسی چیز کی طرف متوجہ ہونے والا اور باز نہ رہنے والا (والمُقَوَّد) لمبا پہاڑ۔

القَائِد. فا ج قَوَّاد وقُوَّد وقَادَة ج قَادَات. مستطیل زمین یا پہاڑ۔ پہاڑ کی چوٹی۔

القَائِدَة. قائد کا مؤنث۔ زمین پر پھیلا ہوا ٹیلہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاه مَقَادَتَهُ" یعنی وہ اس کا فرمانبردار ہو گیا۔

المِقْوَد. جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ ج مَقَاوِد.

المَقُوْد. مع اور مَقْوُوْد بھی اصل کے لحاظ سے کہا جاتا ہے۔

طَرِیْقٌ مُنْقَادٌ. سیدھا راستہ۔

قَارَ یَقُوْرُ قَوْرًا. پنجوں کے بل چلنا الصَّیْدَ: فریب دے کر شکار کرنا فُلَانًا: آنکھ پھوڑنا (وقَوَّرَ تَقْوِیْرًا واِقْتَارَ اِقْتِیَارًا واقْتَوَرَ اِقْتِوَارًا) الشَّیْئَ: گول کاٹنا اِقْتَارَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا اِقْتَارَ حَدِیْثَهُم: کھود کرید کرنا۔

قَوِرَ یَقْوَرُ قَوَرًا. الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

تَقَوَّرَ السَّحَابُ: بادلوں کا علیحدہ علیحدہ گول ٹکڑے ہونا اللَّیْلُ: اکثر رات گزر جانا الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْقَارَ اِنْقِیَارًا. واقع ہونا اِنْقَارَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔ ویران ہونا اِنْقَارَ بِهِ: مائل ہونا۔

اِقْوَرَّ اِقْوِرَارًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا الجِلْدُ: دُبلے پن کی وجہ سے جھری پڑنا۔ اِقْوَرَّتِ الاَرْضُ: روئیدگی کا جاتا رہنا فُلَانٌ: موٹا ہونا۔

القَار. تارکول۔ سیاہ رنگ کا ایک روغن جس کو کشتی وغیرہ پر ملتے ہیں۔ ایک کڑوا درخت۔ واحد قَارَة. اونٹوں کا بڑا گلہ۔

القُوَر. مں۔ نئی رُوئی۔ رُوئی کی رسّی۔

القَارَة. پہاڑوں سے علیحدہ چھوٹا پہاڑ۔ مادہ ریچھ ج قَارٌ وقَارَاتٌ وقُوْرٌ وقِیْرَان.

الاَقْوَر. کشادہ۔ مؤنث قَوْرَاء.

الاَقْوَرِیَّات والاَقْوَرُوْن. بڑی بڑی مصیبتیں۔

المُقَوَّر. مف۔ قار ملا ہوا۔ دُبلا گھوڑا۔

قَوَّرَ تَقْوِیْرًا النَّبْتُ: نباتات کا بکثرت ہونا۔

تَقَوَّرَ البَیْتُ: گھر کا منہدم ہونا الوَعِلُ: پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔

اِقْتَارَهُ النَّمِرُ: چیتے کا پھاڑ کھانا۔

قَاسَ یَقُوْسُ قَوْسًا القَوْمَ: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا الشَّیْئَ عَلٰی غَیْرِهٖ وبِهٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔ قَوِسَ (س) قَوَسًا وتَقَوَّسَ واسْتَقْوَسَ الرَّجُلُ: خمیدہ پشت ہونا۔ و قَوَّسَتِ السَّحَابَةُ: بارش ہونا۔

قَاوَسَنِی فَقُسْتُهٗ اَقُوْسُهٗ اس نے کمان کے عمدہ ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

تَقَوَّسَ. مڑا ہوا ہونا۔ کمان کی مانند ہونا۔

قَوْسَهٗ: کمان اُٹھانا الشَّیْبُ: بڑھاپے کا بالوں کا کھچڑی کرنا۔

اِقْتَاسَ الشَّیْئَ: اندازہ کرنا بِفُلَانٍ: اقتداء کرنا۔

القَوْس. مں۔ کمان۔ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کی تصغیر قُوَیْسَة وقُوَیْس اور ج قِسِیّ وقُسِیّ واَقْوَاس وقِیَاس واَقْوُس واَقْیَاس اور نسبت کیلئے قُسَوِیّ. اور قوس کی اضافت مخصص کی طرف ہوا کرتی ہے۔ جیسے قَوْسُ نَدَفٍ وقَوْسُ نَبْلٍ وغیرہ. القَوْس: ہر منحنی چیز جو کمان کی طرح ہو۔ قَوْسُ قُزَح: دھنک۔ ذراع۔

قَوْسُ الرَّجُلِ: جھکی ہوئی پیٹھ۔

القَوْس. راہب کا صومعہ۔ شکاری کا جھونپڑا۔

الاَقْوَس. خمیدہ پشت۔ بلند ریت کا ڈھیر۔

لَیْلٌ اَقْوَسُ: بہت تاریک رات۔ بَلَدٌ اَقْوَسُ: دُور کا شہر (والقَوْس والقَوَّسِیّ) مِنَ الاَیَّام: سخت اور لمبا دن۔

القَوَّاس. کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلانے والا۔ و القَوَّاس: پادری یا سفیر کا خادم۔ جن کی خاص وردی ہوتی ہے۔

القُوَیْسَة: ایک خوشبودار پودا جو کہ پتھروں کے قریب بڑھتا ہے سفید تنے والا ہوتا ہے اس کے پھول گلابی ہوتے ہیں اس کے کچھ طبی فوائد ہوتے ہیں۔

القَیَّاس. کمان کا درست کرنے والا۔ (والمقاوس) گھوڑوں کو چلانے والا۔

القُوَیْس والقُوَیْسَة. قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِقْوَس. کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسّی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صف بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِس.

تَقَوْصَرَ. بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

القَوْصَرة. کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔

قَاضَ یَقُوْضُ قَوْضًا وقَوَّضَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔ قَوَّضَ الصُّفُوْفَ والمَجَالِسَ: تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بَنٰی فُلَانٌ ثُمَّ قَوَّضَ" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد برائی کرے۔

تَقَوَّضَ. آنا جانا الحَلَقُ او الصُّفُوْفُ: حلقہ یا صف کا پراگندہ ہونا (وانْقَاضَ) البِنَاءُ: عمارت کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔

القَوْط. بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقْوَاط.

القَوْطَة. بڑا ٹوکرا۔

القَوَّاط. بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔

قَاعَ یَقُوْعُ قَوْعًا. پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (تَقَوَّعَ) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے

کی طرح بچتا بچاتا چلنا۔
القَاع. پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقْوَاع و اَقْوُع و قِيْع وقِيْعَان و قِيْعَة.
القَوْع. س. گیہوں، کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقْوَاع.
القَاعَة. مکان کا صحن ج قَاعَات.
القَوَّاع. بلبلانے والا بھیڑیا۔
القُوَاع. خرگوش۔ مؤنث قُوَاعَة.
قَافَ يَقُوْفُ قَوْفًا واقْتَافَ اَثَرَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔
تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلَانٍ. کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔
ہ فِي المَجْلِسِ: بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَقَوَّفُ عَلَى مَالِي" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔
القَائِف. فا. قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ یہ فلاں نسب سے ہے۔ ج قَافَة والقُوَاف والقُوَّاف کھوج لگانے والا۔
الاَقْوَف. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْوَفُ النَاسِ لِلْاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔
القُوْف. کان کا بالائی حصہ۔
القُوْفِي. ہر خوشبودار دھونی۔
القَاف والقُوْف والقُوْفَة مِنَ الرَقَبَةِ: نقرہ گردن کے بال۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِقُوْفِ رَقَبَتِهِ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑلی۔
قَاقَتْ تَقُوْقُ قَوْقًا. الدَجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔
القَاق. بیوقوف (والقُوْق والقِيْق) مِنَ الرِجَالِ: بہت زیادہ لمبا۔ القَاق والقُوْق: ایک آبی پرندہ۔
القَائِق. لمبی کشتی۔
القَاوُوْق. ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِيْق (دخیل)
قَوْقَاتْ قَوْقَاةً الدَجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔

القَوْقَة. ایک قسم کا پرندہ جو اُجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔
قَوْقَلَ قَوْقَلَةً الرجلُ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
قَوْقَى قَوْقَاةً و قِيْقَاءً. چیخنا۔ چلانا۔
قَالَ يَقُوْلُ قَوْلًا وقَالًا وقِيْلًا وقَوْلَةً ومَقَالًا ومَقَالَةً. کہنا۔ بولنا بِكَذَا: حکم کرنا، اعتقاد رکھنا بِيَدِهِ. ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ بِرَاسِهِ. اشارہ کرنا بِرِجْلِهِ: چلنا عَنْهُ: روایت کرنا عَلَيْهِ: افترا کرنا۔ تہمت لگانا الحَائِطُ: دیوار کا گرنا لَهُ: خطاب کرنا فِيْهِ و عَنْهُ: اجتہاد کرنا بِثَوْبِهِ: کپڑے کو بلند کرنا بِهِ: محبت کرنا اور اپنے لیے خاص کرنا۔
القَوْمُ بِفُلَانٍ. قتل کرنا اور مَاتَ وغَلَبَ ومَالَ واَقْبَلَ واسْتَرَاحَ" کے معانی میں بھی مستعمل ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قول سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَالَ فَاَكَلَ قَالَ فَضَرَبَ" وغیرہ۔ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَتَقُوْلُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا" بمعنی "اَتَظُنُّهُ مُنْطَلِقًا" اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو۔ صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُلْتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا بمعنی ظَنَنْتُ.
قَوَّلَ واَقَالَ اِقَالَةً واَقْوَلَ اِقْوَالًا. فُلَانًا مَالَمْ يَقُلْ: غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ وقَوَّلَهُ: بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔
قَاوَلَهُ مُقَاوَلَةً فِي الاَمْرِ: مباحثہ کرنا۔
تَقَوَّلَ عَلَيْهِ القَوْلَ: جھوٹ گھڑنا۔
تَقَاوَلُوْا فِي الاَمْرِ: گفت وشنید کرنا۔
اِقْتَالَ الشَيْئَ: پسند کرنا عَلَيْهِمْ: حکم لگانا۔ بِالثَوْبِ ثَوْبًا: کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔

القَال والقِيْل. س. گفتگو۔ القَال: ابتدا یا سوال۔ کہنے والا۔ جیسے "رَجُلٌ قَالٌ" بمعنی قَائِلٌ. القِيْلُ: جواب۔
القَيْل. رئیس۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب۔ ج اَقْوَال واَقْيَال وقُيُوْل.
القَوْل. کلام یا ہر ایک لفظ۔ ج اَقْوَال جج اَقَاوِيْل.
القَائِل. فا۔ ج قُوَّل وقُيَّل وقَالَة وقُوُوْل.
القَالَة والقَوْلَة والمَقَال والمَقَالَة. گفتگو۔ المَقَالَة. کتاب کا ایک ٹکڑا۔ والقَالَة: لوگوں کے اندر بری یا بھلی پھیلی ہوئی بات۔ دوپہر کا قَيْلُوْلَه.
القُوْلَة والقَوَّال والقَوَّالَة والقَوُوْل والقُوُوْل ج قُوُل وقُوْل والتِقْوَلَة والتِقْوَالَة: خوش بیان۔ بہت بولنے والا۔
القَوَّال. گویا۔ ج قَوَّالُوْن.
المِقْوَل والمِقْوَال. اچھی گفتگو کرنے والا۔ تیز زبان۔ المِقْوَل: زبان ج مَقَاوِل ومَقَاوِلَة اِمْرَاَةٌ مِقْوَل ومِقْوَال: اچھی گفتگو کرنے والی تیز زبان عورت۔
المَقُوْل والمَقُوُوْل. مفع.
كَلِمَةٌ مُقَوَّلَة) بار بار کہا ہوا کلمہ۔
قَامَ يَقُوْمُ قَوْمًا وقَوْمَةً وقِيَامًا وقَامَةً: کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ چلنے والے سے تم کہتے ہو "قُمْ لِي" یعنی میری وجہ سے ٹھہرو۔ المَاءُ: پانی کا منفذ نہ پانے سے ٹھہر جانا۔ قَامَتْ بِهِ دَابَّتُهُ: تھک جانا۔ قَامَ مِيْزَانُ النَهَارِ: دوپہر ہونا الاَمْرُ: اعتدال پر ہونا المَاءُ: پانی کا جم جانا قَامَتِ السُوْقُ: بازار کا رائج ہونا۔ قَامَ الكَلَا: گھاس کا ظاہر ہونا المَتَاعُ بِهِ: قیمت برابر ہونا عَلَى الاَمْرِ: مداومت کرنا بِهِ ظَهْرُه: دردمند کرنا بِالاَمْرِ: انتظام کرنا عَلَى الاَمْرِ: نگہبانی کرنا عَلَى غَرِيْمِهِ: قرض دار سے مطالبہ کرنا فِي الصَلَاةِ: شروع کرنا اَهْلَهُ: اہل و عیال کی ضروریات کو پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَامَ يَفْعَلُ

کَذَا''یعنی ایسا کرنے لگا۔ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ: نماز شروع ہوگئی۔ اور کہا جاتا ہے ''قَامَ بِی وَقَعَدَ'' یعنی میرے متعلق بُری خبریں پھیلائیں۔
قَوَّمَ الشَّیَٔ: سیدھا کرنا اور اسی سے تَقْوِیْمُ الْبُلْدَانِ ہے جس کے معنی ہیں شہروں کا طول و عرض بیان کرنا۔ قَوَّمَ دَرْأَہٗ: کجی کو دُور کرنا۔ الْمَتَاعَ قیمت لگانا۔
قَاوَمَہٗ قِوَامًا وَمُقَاوَمَۃً: ساتھ کھڑا ہونا۔ مخالفت کرنا۔ قائم مقام ہونا۔
اَقَامَہٗ اِقَامَۃً وَقَامَۃً: کھڑا کرنا۔ اَقَامَ الْمَائِلَ او الْمُعْوَجَّ: سیدھا کرنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے ''مَا اَقْوَمَہٗ'' اور یہ مزید سے آنے کی وجہ سے شاذ ہے۔ اَقَامَ الشَّیَٔ: ہمیشہ رکھنا بِالْمَکَانِ: وطن بنا لینا۔ اقامت کرنا الْحَقَّ: حق ظاہر کرنا الصَّلٰوۃَ: کامل طریقہ سے ادا کرنا لِلصَّلٰوۃِ: اقامت کہنا السُّوْقَ: رائج رکھنا۔ بازار لگانا۔
تَقَاوَمَ: سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے ''قَوَّمْتُہٗ فَتَقَوَّمَ'' میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہوگیا۔
تَقَاوَمَ الْقَوْمُ الشَّیَٔ بَیْنَھُمْ: قیمت کا اندازہ لگانا۔ تَقَاوَمُوْا فِی الْحَرْبِ: بعض کا بعض کیلئے کھڑا ہونا۔
اِقْتَامَ اِقْتِیَامًا اَنْفَہٗ: ناک کاٹنا۔
اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً: سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے ''اِسْتَقَامَ لَہٗ الْاَمْرُ'' معاملہ اس کیلئے ٹھیک و درست ہوگیا الْمَتَاعَ: سامان کی قیمت لگانا الشِّعْرُ: شعر موزوں ہونا۔
الْقَوْمُ: لوگوں کی جماعت۔ ج اَقْوَام واَقَاوِم واَقَائِم واَقَاوِیْم قَوْمُ الرَّجُلِ: قریبی رشتہ دار جو ایک دادا میں شریک ہوں۔
الْقَوَمُ: دشمن ج قِیْمَان (والقَوْم) کسی جگہ میں اقامت کرنا۔ الْقَوْمُ: ارادہ۔
الْقُوْمَانْدُس: وہ فوجی جماعت جس کو تربیت دی جائے تاکہ وہ کشتیوں کے ذریعے اندھیرے میں دشمن کے خشکی پر مرکز کو تباہ و برباد کریں۔

الْقَوْمَۃ. س. قام کا اسم مرۃ۔ قامت انسان۔ رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام۔
الْقَوَام. اعتدال۔ قَوَامُ الْاِنْسَانِ: قد و قامت۔
اَلْقَوْمِی قومیت کا نظریہ رکھنے والا۔
اَلْقَوْمِیَّۃ اَصل اجتماعی سیاسی نظریہ جس کے تحت اس نظریہ کو ماننے والا امت کے متعلق کاموں کو اس کے غیر کے کاموں پر ترجیح دیتا ہے۔
اَلْقَوَام والقِوَام. گزارہ۔ زندگی۔
قِوَامُ الْاَمْرِ وقِیَامُہٗ. مایۂ درستگی۔ جس سے کسی چیز کا قیام ہو اور کہا جاتا ہے ''ھُوَ قِیَامُ اَھْلِہٖ وقِوَامُھُم'' وہ اپنے اہل و عیال کیلئے سہارا ہے۔ القَوَام: سیدھا۔ کہا جاتا ہے ''رُمْحٌ قِوَامٌ'' سیدھا نیزہ۔
الْقُوَام. ایک بیماری جو جانوروں کی ٹانگ میں ہوتی ہے۔
الْقَامَۃ. س. لوگوں کی جماعت مِنَ الْاِنْسَانِ: قد۔ ج قَامَات وقِیَم. چرخی مع سامان کہا جاتا ہے ''اِسْتَقَوْا عَلَی الْقَامَۃِ'' انہوں نے چرخی پر پانی کھینچا۔ ج قِیَم۔
الْقِیَامَۃ. موت کے بعد اُٹھنا۔ یومِ قیامت۔ قبروں سے اُٹھنے کا دن۔
الْقِیْمَۃ. قام کا اسم نوع۔ قیمت۔ ج قِیَم قِیْمَۃُ الْاِنْسَانِ: انسانی قدر۔
الْقِیَمِی. قیمت کی طرف منسوب۔
الْاِقَامَۃ. س. اِقَامَۃُ الْجُنْدِیِّ: فوجی کی ڈیوٹی۔ ج اِقَامَات۔ اور کہا جاتا ہے ''طَوٰی بِسَاطَ الْاِقَامَۃ'' یعنی کوچ کیا۔
اَلتَّقْوِیْم کیلنڈر' جنتری اس کی بانیوں کے لحاظ سے کئی اقسام ہیں۔ (۱) الرُّوْمِی اَو الْیُوْلِیُوسی اس کو یولیوس قیصر نے ۴۶ قبل مسیح جاری کیا تھا۔ اس میں سال کبیہ (لیپ سال) چار پر تقسیم ہو کر آتا ہے۔
(۲) اَلتَّقْوِیْمُ الْھِجْرِی اس کو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے ۱۶ جولائی ۶۲۲ء ۱۷ھ میں جاری کیا تھا۔ ہجری سال ۱۲ قمری مہینوں کا ہوتا ہے۔ شمسی سال کے لحاظ سے ۳۵۴ دنوں کا ہوتا ہے۔ لیپ سالوں میں ۳۵۵ دنوں کا ہوتا ہے۔

اَلتَّقْوِیْم. س. تَقْوِیْمُ الْبُلْدَانِ: ممالک کے طول و عرض اور زمین کے خراج کا بیان۔
التَّقْوِیم: جنتری۔ ج تَقَاوِیْم
الْقَیِّمُ عَلَی الْاَمْرِ: متولی۔ منتظم۔ مؤنث قَیِّمَۃ قَیِّمُ الْمَرْاَۃِ: شوہر۔ اَمْرٌ قَیِّمٌ: سیدھا معاملہ الدِّیَانَۃُ الْقَیِّمَۃُ: راست بازی۔ کہا جاتا ہے ''ذٰلِكَ دِیْنُ الْقَیِّمَۃِ'' صفت مؤنث اس وجہ سے ہے کہ دین سے مُراد ملت حنفی ہے۔
القَائِم ج قُوَّم وقُیَّم وقُوَّام وقِیَام وقِیَّم وقِیَام. قَائِمُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِم الْمَاءِ: پانی کے لیے بلند عمارت جہاں سے پانی تقسیم ہو۔ واٹر ورکس۔
الْقَائِم مَقَام عِنْدَ اَرْبَابِ السِّیَاسَۃِ: نائب۔ ج قُوَّام الْمَقَامَات۔
الْقَائِمَۃ. قائم کا مؤنث ج قَائِمَات وقَوَائِم قَائِمَۃُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَۃ الدَّابَّۃِ: جانور کی ٹانگ اور اسی سے ہے قَائِمَۃ الْخِوَانِ او السَّرِیْرِ: دستر خوان یا تخت کا پایہ۔ ج قَوَائِم. الْقَائِمَۃ. کتاب کا ورق۔ الْعَیْنُ الْقَائِمَۃ: ایسی آنکھ جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا اپنی جگہ پر قائم ہو۔
قَوْمِیَّۃُ الْاَمْرِ: معاملہ کی درستگی۔ قَوْمِیَّۃ الْاِنْسَانِ وقُوْمِیَّتُہٗ: قامت انسان۔
القَوَّام. اچھے قد و قامت والا۔ اُمور کا منتظم۔ اچھی نگرانی کرنے والا۔ امیر۔ ج قَوَّامُوْنَ۔
القَوِیْم. معتدل۔ اچھے قد و قامت والا۔ ج قِیَام۔
الْقَیَّام والقَیُّوْم. ہر چیز کا نگہبان۔ بے مثل و بے ہمتا۔ وہ ذات جو ابدی ہو اور قائم بذاتہ ہو۔ الْقَیُّوْم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الاَقْوَم. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے ''فُلَانٌ اَقْوَمُ کَلَامًا مِنْ فُلَانٍ'' فلاں بہ نسبت فلاں کے زیادہ سیدھی سادی گفتگو کرنے والا ہے۔

المَقام. کھڑے ہونے کی جگہ۔ مرتبہ ج مقامات (والمُقام) کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ کھڑے ہونے کا زمانہ۔

المَقامة. مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی جماعت۔ خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع میں بیان کی جائے۔ ج مَقامات اور اسی سے ہے۔ مقامات بدیعی؛ مقاماتِ حریری وغیرہ۔

المِقوَم. ہل کا دستہ۔

المُقامة. کھڑا ہونا۔ لوگوں کی جماعت۔ وطن اقامت۔

المُقِیم. فا۔ اور کہا جاتا ہے "هذا امرٌ مُقیم ومُقعِدٌ" یہ معاملہ اضطراب انگیز ہے۔

تقوّن. الرجل. ظلم کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ حد سے گزرنا تقوّن الرجلُ: اچھی تعریف کرنا۔

القَونة. لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو جوڑتے ہیں۔ ج قُوَن.

القان. ایک درخت ہے جس سے کمانیں بناتے ہیں۔

القاوُون. ککڑی کی ایک قسم۔

قَوَّہ تقویھا. الرجلُ الصیدَ: چلانا۔ گھیرا ڈالنا۔

تقاوَہ. الرجلان. صرخا فتعارفا: نشانِ مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہچاننا۔

استقوهه. شکار کا گھیرا ڈالنے کیلئے کہنا۔

أیقه. اطاعت کرنا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "ایقه لھذا" یعنی اس کو سمجھو۔ ایقه واستیقه: اوقه واستوقه اطاعت کرنا۔ اور یہ دونوں کے مقلوب صیغے ہیں۔

القاه. طاعت۔ عزت۔ مرتبہ۔ خوش حال زندگی۔ اور کہا جاتا ہے "مالكَ علی قاه" تم کو میرے اوپر کوئی قدرت نہیں۔

القاهی. خوش حال زندگی والا۔

قوِی یقوَی قوۃً. توانا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ علی الامرِ: طاقت رکھنا (قَوًی) بہت بھوکا ہونا المطرُ: بارش بند ہونا۔ قَوِیت قَیًا وقَوایة. الدار: گھر کا خالی ہونا۔

قوّی الرجلَ او الشیءَ: مضبوط کرنا۔

قاوَی مُقاواۃ الرجلَ: طاقت میں غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "قاوانی فقوَیتہ" اس نے مجھ سے قوت میں مقابلہ کیا میں غالب ہو گیا وقاواہ: دینا۔

اَقوَی اِقواءً. محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اُترنا۔ مالدار ہونا۔ مضبوط و جانور والا ہونا۔

اَقوَت الدار: رہنے والوں سے خالی ہونا۔

اَقوَی القومُ: قوم کا توشہ ختم ہونا الرجلُ: بھوکا ہونا اور کھانے کو کچھ نہ ہونا۔ اقوی البُقعةَ: خالی کرنا۔ اقوی الشعرَ: اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا الحبلَ: رسّی کو جابجا موٹا بٹنا۔

تقوّی: قوی ہونا۔ مضبوط ہونا۔

تقاوی تقاویًا: بھوکے رات بسر کرنا۔ القومُ المتاعَ بینھم: قیمت بڑھانا یہاں تک کہ انتہائی قیمت پر پہنچنا القومُ الدلوَ: سب کا ڈول کے مُنہ پر مُنہ لگا کر پینا۔

اِقتوی اقتواءً. المتاعَ: قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا شیئًا بشیءٍ: تبدیل کرنا علی فلانٍ: عتاب کرنا الرجلُ: مضبوط اور قوی ہونا الشیءَ: اپنے لیے خاص کرنا۔

اِستقوی استقواءً: قوی ہونا۔

القَواء والقِواء ج اَقواء. القیّ والقَوایة والقَوی: خالی اور چٹیل میدان۔ القواء والقوایة: بے بارش کی زمین۔ منزلٌ قَواءٌ: منزل جس میں کوئی انیس نہ ہو۔

القَواء والقَوی: بھوک۔ کہا جاتا ہے "بات القواء او القوی" بھوکے رات بسر کی۔

القُوَّة. زور۔ طاقت۔ توانائی۔ ج قُوّات وقُوًی وقِوًی. رسّی کی لڑی۔ ج قُوًی.

القُوَی: عقل۔

القاوِی. فا۔ پکڑنے والا۔ لینے والا۔ بلدٌ قاوٍ: خالی شہر۔

القاوِیة. مؤنث قاوی۔ انڈا۔ کم بارش کا سال۔ ابل قاویات: بھوکے اونٹ۔

التقاوِی. مص۔ تقاوی الامطارِ: بارش کی قلت۔

القَوِیّ. مضبوط۔ زور دار ج اقویاء۔

المُقوِی. فا۔ الفرسُ المُقوِی: مضبوط گھوڑا بلدٌ مُقوٍ: شہر جو بارش سے خالی ہو۔

قاءَ یقِیء قَیئًا. ما اکلہ: قے کرنا۔ صفت قائیٌ قانت الطعنةُ الدمَ: نیزہ کا خون بہانا۔ قانت الارضُ الکمأۃَ: کہا جاتا ہے سانپ کی چھتری کو اگانا۔ وقاء الرجلُ نفسہ: مرنا۔

قَیّأ تقیئة واَقاء اِقاءۃ فلانًا ما اکلہ: قے کرانا۔

تقیّأ تقیُّؤًا واستقاء استقاءۃ: بتکلف قے کرنا۔

القُیاء. قے۔ قے آور دواء۔

القَیُوء والقَیُّوء: بہت قے کرنے والا۔

المُقیّی. قے آور دوا۔

القِیثار والقِیثارۃ. ج قیاثیر والقیثار والقیثارۃ. ج قیاثیر: سارنگی۔

قاح یقِیح قَیحًا وقَیّح واقاح وتقیّح الجرحُ: زخم کا پیپ والا ہونا یا پیپ بہنا۔

القَیح. پیپ۔ پیپ جس میں خون کی آمیزش نہ ہو۔

قِید الرجلُ: بیڑی ڈالا جانا۔

قیّدہ تقییدًا: بیڑی ڈالنا۔ روکنا ہ بالاحسان: احسان مند بنانا۔ قیّد الکتاب: اعراب لگانا الکاتب والمتکلم: کلام کو کسی قید سے مقید کرنا الحساب: حساب لکھنا الخط: نقطے اور اعراب لگانا۔

تقیّد: بیڑی میں ہونا۔ رُکنا۔

القَید. جانور کے پاؤں باندھنے کی رسّی وغیرہ۔ ج قُیود واَقیاد. وقید الاسنان: مسوڑھا۔ کہا جاتا ہے "فرس قید الاوابد" تیز رفتار گھوڑا۔ یعنی اپنی تیز رفتاری کی وجہ سے وحشی جانوروں کے لیے قید کی مانند ہے کہ وہ ان کو بھاگنے سے روک دیتا ہے۔

القَیْد والقِیْد والقَاد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا قِیْدُ رُمْحٍ او قَادُ رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

القِیَاد: رسّی۔ جس سے جانور کو کھینچا جائے۔

القَیِّد مِنَ الخَیْلِ او الاِبِلِ: سدھا ہوا۔ تابعدار گھوڑا یا اونٹ۔

المُقَیَّد: مص جانور کے پاؤں میں رسّی باندھنے کی جگہ۔ ج مَقَایِیْد: پازیب پہننے کی جگہ۔

کِتَابٌ مُقَیَّدٌ: اعراب لگی ہوئی کتاب اور کہا جاتا ہے "اِمْرَأَۃٌ مُقَیَّدُ الخِمَار" یعنی آزاد عورت۔ وبَنُو مُقَیَّد بہت سے بچھو۔ وارْضٌ مُقَیَّدَۃُ الحمار: زمین سنگلاخ۔

قَیَّر۔ الشَّیْئَ: کسی چیز پر قار ملنا۔

اِقْتَارَ الحَدِیْثَ: بحث کرنا۔ کھود کرید کرنا۔

القِیْر والقَار سیاہ رنگ کی ایک چیز جس کو کشتی پر ملتے ہیں تاکہ پانی اندر نہ آئے۔

القِیُور: گمنام۔ غیر معروف النسب۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَقْیَرُ مِنْ ذَاكَ" یہ اس سے زیادہ کڑوا ہے۔

القَیْرَبُوس امریکہ میں ایک پودا جس کا تنا سطون کی طرح سیدھا ہوتا ہے۔

القِیْرَاط۔ دیکھو مادہ ق رط۔

القَیْرَوَان: گھوڑوں کا گلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔ قافلہ۔ ج قَیْرَوَانَات (دخیل)

قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا وقِیَاسًا: ناز سے چلنا۔ بھوکا ہونا ۂ: سابق ہونا (قَیْسًا) الطَّبِیْبُ قَعْرَ الجِرَاحَۃِ: زخم کی گہرائی ناپنا۔ صفت قَائِس الشَّیْئَ بِغَیْرِہٖ او عَلٰی غَیْرِہٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

اَقَاسَ الشَّیْئَ بِغَیْرِہٖ وعَلَیْہِ واِلَیْہِ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

قَایَسَ قِیَاسًا ومُقَایَسَۃً بَیْنَ الاَمْرَیْنِ: اندازہ کرنا الشَّیْئَ بِکَذَا واِلٰی کَذَا: اندازہ کرنا الرَّجُلَ: اندازہ کرنے میں مقابلہ کرنا ۂ اِلٰی کَذَا: سابق ہونا۔

تَقَیَّسَ: قبیلہ قیس غیلان سے مشابہ ہونا۔ قبیلہ قیس کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا۔ یا قبیلہ قیس کے حلیف ہونے یا پڑوسی ہونے یا ان سے ولاء کا تعلق ظاہر کرنا۔

اِنْقَاسَ: اندازہ ہونا۔

اِقْتَاسَ۔ الشَّیْئَ: اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقْتَاسُ بِاَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کی پیروی کرتا ہے۔

القَاسُ والقِیْسُ۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا قَاسُ رُمْحٍ او قِیْسُ رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار فاصلہ ہے۔

القِیَاس۔ مص۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قِیَاسُ ذَاكَ" یہ اس کے مشابہ ہے القِیَاسُ فِی المَنْطِقِ: وہ قول ہے جو کم از کم دو قضایا سے مرکب ہو کہ جن کے تسلیم کر لینے سے ایک دوسرا قول لازم ہو۔

القِیَاسِیّ: مطابق قیاس۔

القَیَّاس: بہت قیاس کرنے والا۔

المِقْیَاس: مقدار جس سے اندازہ کیا جا سکے۔ ج مَقَایِیْس۔

القَیْسَرِیُّ: بڑا۔ ج قَیَاسِر و قَیَاسِرَۃ۔

قَیْسَارِیَۃ: قیصریہ کی تحریف ہے۔ اور یہ چند شہروں کا نام ہے۔ جو قیاصرہ روم کے ناموں پر رکھے گئے تھے۔ جیسے قیساریہ فلسطین قیساریہ فیلبس۔ قیساریہ کبادوکیا۔

قَاصَتْ تَقِیْصُ قَیْصًا۔ السِّنُّ: دانت کا جڑ سے گرنا۔ قَاصَ البَطْنُ: پیٹ کا حرکت کرنا۔

اِنْقَاصَ وتَقَیَّصَ الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا اور گرنا الضِّرْسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں پھٹ جانا۔ تَقَیَّصَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔

اِنْقَاصَتِ البِئْرُ: پانی بہت ہونا۔ یہاں تک کہ گرنے کے قریب ہونا۔

قَاضَ یَقِیْضُ قَیْضًا الشَّیْئَ: پھاڑنا۔ الشَّیْئُ: پھٹنا السِّنُّ: دانت ہلنا الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: مانند بنانا الشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ: بدلہ میں لینا۔

قِیْضَتْ۔ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔

قَیَّضَ اللّٰہُ لَہٗ کَذَا: مقدر کرنا اللّٰہُ فُلَانًا لِفُلَانٍ: لانا۔

قَایَضَ قِیَاضًا ومُقَایَضَۃً فُلَانًا بِکَذَا: مبادلہ کرنا۔

تَقَیَّضَتِ۔ البَیْضَۃُ: انڈے کا ٹوٹنا۔ تَقَیَّضَ لَہٗ کَذَا: مقدر ہونا سبب ہونا اَبَاہُ: باپ کے مشابہ ہونا (اِنْقَاضَ) الحَائِطُ: دیوار گرنا۔

اِنْقَاضَتِ الرُّکْبَۃُ او السِّنُّ: گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔

تَقَایَضَ تَقَایُضًا۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔

اِقْتَاضَ الشَّیْئَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

القَیْض مص۔ انڈے کا خشک چھلکا (والقِیَاض) برابر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قَیْضٌ او قِیَاضٌ لِکَذَا" یہ اس کے برابر ہے و "ھُمَا قَیْضَانِ" وہ دونوں ہم مثل ہیں۔

اَلْمُقَایَضَۃ: ایک مال کو دوسرے مال کے ساتھ برابر قیمت پر خرید و فروخت کرنا۔

القَیْضَۃ: ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا۔ ج قِیَض۔

القَیْض والقَیِّضَۃ۔ پتھر کہ جس کو گرم کر کے بکری وغیرہ کے نقرۂ گردن پر داغ لگائیں۔

المَقِیْض انڈے کی جگہ۔ بِئْرٌ مَقِیْضَۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔ بَیْضَۃٌ مَقِیْضَۃٌ: توڑا ہوا انڈا۔

قَاظَ یَقِیْظُ قَیْظًا۔ الیَوْمُ: سخت گرم ہونا (وقَیَّظَ وتَقَیَّظَ واقْتَاظَ) القَوْمُ بِالمَکَانِ: گرمی کا زمانہ گزارنا۔ قِیْظُوْا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔ قَیَّظَہُ الشَّیْئُ: گرمی کے زمانہ کے لیے کافی ہونا۔

قَایَظَہٗ قِیَاظًا ومُقَایَظَۃً: گرمی کا زمانہ ساتھ گزارنا۔ موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔

القَیْظ: گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ ج اَقْیَاظ وقُیُوْظ۔

القَائِظ والقَیِّظ۔ سخت گرمی والا۔ یَوْمٌ قَائِظٌ: سخت گرمی کا دن۔ قَیْظٌ قَائِظٌ: سخت گرمی۔

القَیْظِیّ: جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔

المَقَاظ والمَقِیْظ والمَقْیَظ: گرمی کا زمانہ

بسر کرنے کی جگہ۔
المَقِیْظَة. گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔
قَاعَ یَقِیْعُ قَیْعًا. الخِنْزِیْرُ: سور کا آواز نکالنا۔
قَیَّفَ وتَقَیَّفَ اَثَرَهٗ: تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔
القِیَافَة. کھوج۔ تلاش۔
قَاقَت تَقِیْق قَیْقًا الدَّجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔
القِیْق. بیوقوف۔ کبوتر کے برابر ایک پرندہ جس کے باوز مخطط اور دُم کالی ہوتی ہے اور بہت بولتا رہتا ہے اور جس کو اَبُوْ زُرَیْق بھی کہتے ہیں۔
قِیْقِیَةُ البَیْضَةِ: انڈے کے سخت چھلکے کے نیچے کا باریک چھلکا۔
القِیْقَاة والقِیْقَانَة. سخت زمین۔ جِ قَوَاق وقِیَاق وقِیْق.
القَیْقَب. ایک درخت کا نام۔ زین کا تسمہ۔ وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے (والقَیْقَبَان) زین۔ ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔
القَیْقَاب. کپڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔
قَالَ یَقِیْلُ قَیْلًا وقَائِلَةً وقَیْلُوْلَةً ومَقَالًا ومَقِیْلًا. دوپہر میں سونا (قَیْلًا) دوپہر میں دودھ دوہنا اور پینا۔
قَیَّلَهٗ. دوپہر میں پلانا۔
قَایَلَهٗ. معاوضہ میں دینا۔ تبادلہ کرنا۔
اَقَالَ اِقَالَةَ البَیْعَ: بیع توڑنا۔
اللّٰهُ عَثْرَتَكَ: گرنے سے اُٹھانا۔ درگزر کرنا۔ اَقَالَ الْاِبِلَ: دوپہر میں پلانا۔
تَقَیَّلَ. دوپہر میں سونا۔ باپ کے مشابہ ہونا۔ الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔ تَقَیَّلَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا دوپہر میں پینا۔
تَقَایَلَ الرَّجُلَانِ البَیْعَ: بیع کو فسخ کرنا۔
اِقْتَالَ شَیْئًا بِشَیْئٍ: تبدیل کرنا۔
اِسْتَقَالَهٗ اِسْتِقَالَةَ البَیْعِ: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔ اِسْتَقَالَهٗ عَثْرَتَهٗ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔
القَیْل. س۔ رئیس۔ حمیر کے بادشاہوں کا لقب۔ اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
القَیْل والقَیُوْل. دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔
القَیْلَة والقَیُوْلَة. اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
القَیْلَةُ والقِیلَة. خصیہ کا سوجن۔
القَائِل. دوپہر میں سونے والا۔ جِ قُیَّل وقُیَّل وقُیَّال.
القَائِلَة. قائل کا مؤنث۔ دوپہر۔
القَائِلَة والقَیْلُوْلَة دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں لیٹنا۔
رَجُلٌ قَیَّالٌ. ہمیشہ دوپہر میں سونے والا۔
الاِقَالَة. س۔ عقد کا فسخ کرنا۔
المَقِیْل. س۔ قیلولہ کرنے کی جگہ۔ دوپہر میں سونا یا لیٹنا۔
المِقْیَل. دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔
دَوْحَةٌ مِقْیَال. بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔
قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا الحَدِیْدَ: لوہے کو برابر کرنا الاِنَاءَ: برتن کو درست کرنا۔ الشیءَ: جمع کرنا اللّٰهُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: پیدا کرنا۔ المَرْاَةَ: بناؤ سنگار کرنا۔
قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا وقِیَانَةً. لوہار ہونا۔
قَیَّنَه. مزین کرنا۔
تَقَیَّنَ. مزین ہونا۔ النَّبْتُ: اچھا ہونا۔
اِقْتَانَ اِقْتِیَانًا النَّبْتُ: اچھا ہونا۔ الرَّوْضَةُ: باغ کا سرسبز و شاداب ہونا۔ الرَّجُلُ: مزین ہونا۔
القَان. ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ واحد قَانَة.
القَیْن. غلام۔ جِ قِیَان لوہار اور ہر کاریگر ج قُیُوْنٌ واَقْیَانٌ.
القَیْنَةُ. باندی۔ لونڈی۔ گانے والی۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔ جِ قِیَان.
المُقَیِّنَة. مُقَیِّنٌ کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

ک

ك : اَلْكَافُ بنیادی حروف میں سے بائیسواں حرف ہے۔ حروف مہموسہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۲۰) ہے۔

ك مخاطب اور مخاطبہ کیلئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے جیسے ضربكَ وكِتَابُكَ وضَربكِ وكِتَابُكِ وضَرْبُكُما وكِتَابُكُما و ضَربكُم وكِتَابُكُم وضَرْبُكُنَّ و كِتَابُكُنَّ۔

(۲) حرف جار کبھی تشبیہ کیلئے جیسے زَيْدٌ كَالْأَسَدِ اور کبھی تعلیل کیلئے جیسے اُذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا هَدَاكُمْ یعنی اللہ کو یاد کرو اس لیے کہ اس نے تمہاری ہدایت کی اور کبھی تاکید کے لیے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے ''لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ''

(۳) حرف غیر جار اور اس صورت میں □ معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے ذٰلِكَ وتِلْكَ وإِيَّاكَ وإِيَّاكُمَا ورُوَيْدَكَ۔

كَئِبَ(س) كَأْبًا و كَأْبَةً و كَآبَةً. غمگین ہونا۔ شکستہ دِل ہونا۔ صفت كَئِبٌ و كَئِيبٌ اور مجازاً کہا جاتا ہے ''أَرْضٌ كَئِيبَةُ الْوَجْهِ.''

اَكْأَبَ الرَّجُلُ. غمگین ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا۔

الرَّجُلَ. غمگین کرنا۔

اِكْتَأَبَ. غمگین ہونا۔

اَلْكَأْبَاءُ. سخت غم۔ اِمْرَأَةٌ كَأْبَاءُ: شکستہ دِل و غمگین عورت۔ کہا جاتا ہے مَا أَكْبَأَهُ: اس کا غم کس قدر شدید ہے۔

اَلْمُكْتَئِبُ. غمگین۔ کہا جاتا ہے ''رَمَادٌ مُكْتَئِبُ اللَّوْنِ'' یعنی راکھ سیاہی مائل۔

اَلْكُوْبَةُ. ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے۔

كَأَجَ(ف) كَأْجًا. الرَّجُلُ. حماقت زیادہ ہونا۔

اَلْكِنَاجُ. حماقت۔ بیوقوفی۔

كَأَدَ(ف) كَأْدًا. شکستہ دِل و غمگین ہونا۔ غم سے بدحال ہونا۔

تَكَأَّدَ وتَكَاءَدَ الأَمْرُ فُلَانًا. دشوار ہونا الأَمْرَ. مشقت اُٹھانا۔

اِكْوَادَّ الشَّيْخُ. بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

اَلْكَأْدَاءُ. غم۔ سختی۔ پرہیز۔ تاریک رات۔

عَقَبَةٌ كَأْدَاءُ وكَؤُوْدٌ. دشوار گزار گھاٹی۔

اَلْكُوَدَاءُ. غم یا تھکن کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔

اَلْكَأْسُ. پیالہ (مؤنث) ج كُؤُوْسٌ وأَكْؤُسٌ وكَأْسَاتٌ وكِنَاسٌ. كَأْسُ الزَّهْرَةِ. کلی کا غلاف۔ اَلْكَأْسُ. شراب۔

كَأْسِيَةُ النُّوْرِ. شمالی امریکہ میں پھولوں کی ایک قسم جو خوشبودار ہوتا ہے زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

كَأَصَهُ(ف) كَأْصًا. ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا الشَّيْءَ. بہت کھانا یا پینا۔ کہا جاتا ہے ''كَأَصْنَا عِنْدَهُ مِنَ الطَّعَامِ مَا شِئْنَا'' یعنی ہم نے اس کے پاس جو کچھ چاہا کھایا۔

كَأَ كَأً كَأْ كَأَةً. کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔

تَكَأْكَأَ. بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا اَلْقَوْمُ عَلَيْهِ: قوم کا کسی پر جمع ہونا فِيْ كَلَامِهِ: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔

اَلْكَأْكَاءُ. بزدلی۔ چور کی بھاگنے کے وقت کی دوڑ۔

اَلْمُتَكَأْكِي. کوتاہ۔ پستہ قد۔

كَأَلَ(ف) كَأْلًا و كَأْلَةً و كُؤُوْلًا. قرض کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا۔ مثلاً تمہارا قرض کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض سے بیچ لو۔

كَأَنَ(ف) كَأْنًا الرَّجُلُ: مضبوط ہونا۔

كَأَنَّ. حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع۔ اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) تشبیہ۔ جیسے ''كَأَنَّ زَيْدًا أَسَدٌ'' گویا زید شیر ہے اور اکثر استعمال اسی میں ہوتا ہے۔

(۲) شک و ظن جیسے ''كَأَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ'' شاید زید کھڑا ہے۔

(۳) تقریب جیسے كَأَنَّكَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ قریب ہے کہ تم جاڑے میں پہنچو۔

كَأَى يَكْأَى كَأْيًا الرَّجُلَ: گفتگو سے رنجیدہ کرنا۔

اَكْأَى عَنْهُ: ناپسند کرنا۔

كَأَيِّنْ وكَأَيٍّ. کاف تشبیہ اور اَيٍّ سے مرکب ہے۔ کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے

معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے کَأَیِّ مِنْ رُجُلٍ اور کَأَیِّ رُجُلًا رَأَیْتُ میں نے بہت سے آدمی دیکھے۔ اور قلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعودؓ کے لیے کَأَیِّ تَقْرَأُ سورة الاحزاب یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورہ احزاب کی تلاوت کی تو اُنہوں نے جواب دیا۔ تہتر مرتبہ۔

کَبَّ (ن) کَبًّا الإناءَ: برتن کو اوندھا کر دینا۔ الرَّجُلَ علٰی وَجْهِهِ ولِوَجْهِهِ: پچھاڑنا الغَزْلَ: کاتتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا۔ الشَّیُٔ: بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔

کَبَّبَ. کباب بنانا۔

اَکَبَّ. فُلَانًا: پچھاڑنا۔ الرَّجُلُ: پچھڑا جانا۔ سرنگوں ہونا۔ علَی العِلْمِ وغیرِہٖ: ہمہ تن مشغول ہونا۔ اَکَبَّ عَلَیْهِ: کسی کو بچانے کے لیے اس پر چھا جانا۔

تَکَبَّبَ. کپڑے میں لپٹنا۔ الرَّمْلُ او الشَّجَرُ: تہ بتہ ہونا۔ تَکَبَّبَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔

تَکَابَّ القَوْمُ علَی الشَّیْءِ: بھیڑ کرنا۔

اِنْکَبَّ علَی الاَمْرِ: لازم ہونا۔

الکُبُّ. ایک قسم کی کڑوی گھاس۔

الکُبَّةُ. گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت۔ بڑا اُونٹ۔ بوجھ۔ کُبَّةُ الغَزْلِ او الخُیُوطِ. کاتتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج کُبَبٌ

الکُبَّةُ والکَبَّةُ. حملہ۔ اور کہا جاتا ہے "کَانَتْ لَهُمْ کَبَّةٌ فِي الحَرْبِ" یعنی انہوں نے لڑائی میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ۔ الکُبَّةُ: لوگوں کی جماعت۔

کَبَّةُ النَّارِ: آگ کا بڑا حصہ۔ کَبَّةُ الشِّتَاءِ: سردی کا یکباری آنا۔ سردی کی شدت۔

الکَبَابُ. کباب۔

الکُبَابُ. بہت اُونٹ بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت۔

المِکَبُّ. دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مَکَابُّ ومَکَابٌ.

المُکِبُّ والمِکْبَابُ. زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔

کَبَتَهٗ (ض) کَبْتًا. پچھاڑنا۔ رُسوا کرنا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَبَتَهٗ لِوَجْهِهٖ" یعنی اس نے اس کو مُنہ کے بل پچھاڑ دیا۔ و "کَبَتَ فُلَانٌ غَیْظَهٗ فِي جَوْفِهٖ" یعنی فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ و "کَبَتَ اللّٰهُ العَدُوَّ" یعنی اللہ دشمن کو رُسوا و ذلیل کرے۔

اِنْکَبَتَ. پچھاڑا جانا۔ رُسوا ہونا۔ پھرنا۔ ٹوٹنا۔

الکُبُوْتُ: اون کی کھلی گرم چادر۔ کمبل

المُکْتَبِتُ. غم سے بھرا ہوا۔

کَبِثَ (س) کَبَثًا اللَّحْمُ: گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت کَبِیْثٌ ومَکْبُوْثٌ.

کَبَثَ السَّفِیْنَةَ: کشتی کو زمین کی طرف کھینچ کر لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

کَبَحَ (ف) کَبْحًا الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ: چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ کَبَحَهٗ عَنِ الحَاجَةِ: باز رکھنا۔ کَبَحَهٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔ کَبَحَ الحَائِطُ السَّهْمَ: دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

اَکْبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ: چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

کَابَحَهٗ مُکَابَحَةً. گالی گلوچ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

اُکْبِحَ المَکَانُ: بلند ہونا۔ صفت مُکْبَحٌ ومُکْبِحٌ.

الکَابِحُ. فا۔ بدشگونی کی چیز۔ ج کَوَابِحُ.

بَعِیْرٌ اَکْبَحُ. مضبوط اُونٹ۔

کَبَدَهٗ (ن ض) کَبْدًا. جگر پر مارنا۔

کَبَدَ الاَمْرَ: ارادہ کرنا۔ البَرْدُ القَوْمَ: سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

کَبِدَ (س) کَبَدًا وکُبَادًا. دردِ جگر والا ہونا۔ صفت مَکْبُوْدٌ.

کَابَدَ کِبَادًا ومُکَابَدَةً الاَمْرَ: مشقتیں برداشت کرنا۔ المُسَافِرُ اللَّیْلَ: رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔

کَبَّدَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَکَبَّدَ الاَمْرَ: ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا۔ المَکَانَ: وسط میں پہنچنا۔ الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الکَبْدُ والکِبْدُ والکَبِدُ مِنَ الاَمْعَاءِ: جگر۔ کلیجہ (مذکر و مؤنث) ج اَکْبَادٌ وکُبُوْدٌ.

الکَبِدُ: اندرون۔ پہلو۔ وسط شئی۔ معظم شئی۔

کَبِدُ القَوْسِ: علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ کَبِدُ الاَرْضِ: معدنی چیزیں جیسے چاندی، سونا وغیرہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ تُضْرَبُ اِلَیْهِ اَکْبَادُ الاِبِلِ" یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کر کے آتے ہیں۔

الکَبْدُ والکَبَدُ والکَبْدَاءُ والکُبَیْدَاءُ والکُبَیْدَاةُ مِنَ السَّمَاءِ: وسط آسمان۔

الکَبْدَاءُ: ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیان حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔ الکَبَدُ: پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ فضاء آسمانی۔ سختی۔ ریت کا درمیان حصہ۔

الکُبْدَةُ. کَبِدٌ کا اسم مرة۔ دوستی و محبت کا مہرہ۔

الکُبَادُ. دردِ جگر۔

الکُبَّادُ. چکوترہ۔

الاَکْبَدُ. ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث کَبْدَاءُ ج کُبْدٌ.

الکُبَیْدِیَّةُ: چھپے ہوئی پھولوں والا کائی جیسا پودا تر مقامات پر زندہ رہتا ہے سبز پتوں والا اس کے پتے سورج کے ظاہر ہونے پر جگر کے رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں۔

الکُبَّادُ: لیموں۔

الکَابِدُ. فا۔ مشقت کی برداشت۔

کَبِرَ (س) کِبَرًا ومَکْبِرًا فِي السِّنِّ:

رسیدہ ہونا۔
کَبُرَ(ن) کَبْرًا فُلَانًا بِالسِّنِّ کسی سے بڑا ہونا (عمر میں)
کَبُرَ(ک) کِبَرًا و کُبْرًا و کِبَارَۃً فِي الْقَدْرِ: مرتبہ میں بڑا ہونا۔ کَبُرَ عَلَیْهِ الاَمْرُ دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔
کُوبِرَ الرَّجُلُ فِي مَالِهٖ ظلم سے لیا جانا۔
صفت مُکَابَرٌ عَلَیْهِ.
کَبَّرَ تَکْبِیْرًا و کِبَّارًا اللہ اکبر کہنا الشَّیْءَ: بڑا بنانا۔
کَابَرَہٗ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ کرنا عَلٰی حَقِّهٖ حق کا انکار کرنا۔
اَکْبَرَ الاَمْرَ بڑا سمجھنا الرَّجُلَ بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔
تَکَبَّرَ و تَکَابَرَ. تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔
تَکَابَرَ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا۔
اِسْتَکْبَرَ. متکبر ہونا الاَمْرَ: بڑا سمجھنا۔ بڑا شمار کرنا۔
الْکِبْرُ. غرور۔ بڑا گناہ۔
الْکِبْرُ والْکُبْرُ. چیز کا بڑا حصہ۔ شرف۔ رفعت الْکِبْرُ. کفر و شرک۔
الْکِبَرُ والْکَبْرَۃ والْکِبْرَۃ. بڑھاپا۔ والکِبْرَۃُ بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کُبْرُهُمْ وکِبْرَتُهُمْ وکُبُرُهُمْ وکُبُرَّتُهُمْ واکْبَرُتُهُم واکْبَرَّتُهم:" وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے وفُلَانٌ کِبْرَۃُ وَلَدِ اَبِیْهِ. فلاں اپنے باپ کی اولاد میں سب سے بڑا ہے۔ اس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
الْکَبَرُ ڈھول۔ ج کِبَار و اَکْبَار (دخیل) ایک درخت کا نام۔
الْکِبْرِیَاءُ. بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔
الْکُبَار والْکُبَّار والکَابِرُ. بڑا۔ الکَابِرُ: بلند مرتبہ سردار۔ مورث اعلیٰ۔
الْکَبِیْرُ. بڑا۔ ج کِبَار و کُبَرَاء. معلم۔ رئیس اور کبیر اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الْکَبِیْرَۃ. کبیر کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ ج کَبِیْرَات و کَبَائِر.
الاَکْبَرُ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے الاَکْبَرُ والاَصْغَرُ بمعنی کَبِیْر و صَغِیْر ج اَکَابِر واَکْبَرُوْن. اَکَابِرُ القَوْمِ شرفاء قوم۔ کہا جاتا ہے "اَتَانِيْ فُلَانٌ اَکْبَرَ النَّهَارِ فلاں میرے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔
الاِکْبِرُ والاَکْبَرُ ایک میٹھی چیز ہے خشک حلوے کی مانند۔ جس کو شہد کی مکھی جمع کرتی ہے اور یہ شہد اور موم کے علاوہ ہے۔
الْکُبْرٰی اکبر کا مؤنث۔ ج کُبَر و کُبْرَیَات اور کہا جاتا ہے "هٰذِہِ الجَارِیَۃُ مِنْ کُبْرٰی بَنَاتِ فُلَانٍ" یہ لڑکی فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی ہے۔
المَکْبَرُ والمَکْبَرَۃ عمر کی بڑائی۔
المَکْبُوْرَاءُ اسم جمع بمعنی کُبَرَاء.
کَبْرَتَ الشَّیْءَ کسی چیز پر گندھک ملنا۔
الْکِبْرِیْت. گندھک۔ سرخ سونا۔ سرخ یاقوت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبٌ کِبْرِیْتٌ وفِضَّۃٌ کِبْرِیْتٌ" خالص سونا چاندی۔
اَلْکَبَرِیَا الاَصَفُ ایک چھوٹا درخت جس کے پھول سفید خوبصورت ہوتے ہیں ہاضمہ والے ہوتے ہیں۔
کَبَسَ(ض) کَبْسًا عَلَی الشَّیْءِ حملہ کرنا اور بھینچنا البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی سے پاٹنا رَاْسَهٗ فِي الثَّوْبِ سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔
القَوْمَ دَارَہٗ اچانک حملہ کرنا السَّنَۃَ بِیَوْمٍ: سال میں ایک دن زائد کرنا النَّاصِیَۃُ جَبْهَتَهٗ: پیشانی کو چھپالینا۔
کَبِسَ(س) کَبَسًا بڑے سر والا ہونا۔
صفت اَکْبَسُ مؤنث کَبْسَاءُ ج کُبْسٌ.
کَبَّسَ الجَسَدَ: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔
عَلَی الشَّیْءِ گھس پڑنا۔
تَکَبَّسَ وانْکَبَسَ النَّهْرُ او البِئْرُ: نہر یا کنوئیں کا مٹی سے بھر جانا۔ تَکَبَّسَ الرَّجُلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَکَبَّسَ عَلَی

الشَّیْءِ گھس پڑنا۔
الْکِبْسُ کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ۔ اصل۔ مٹی کا گھر۔
الْکِبَاسَۃ کھجوروں کا گچھا۔ ج کَبَائِس.
جِبَالٌ کُبْسٌ و کُبَّسٌ سخت پہاڑ۔
الکَابُوْس ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہے۔
الکُبَّاس. سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پر گوشت۔ هَامَۃٌ کُبَاس موٹی گول کھوپڑی۔
الکَبْسَۃ اچانک حملہ۔
الکَابِسَۃ. کابس کا مؤنث۔ اَرْنَبَۃٌ کَابِسَۃٌ اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ نَاصِیَۃٌ کَابِسَۃٌ پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔
الکَبِیْس ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے۔
السَّنَۃُ الکَبِیْسَۃ وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے جیسے 1940ء و 1944ء
المِکْبَس. ج مَکَابِس والمِکْبَاس ج مَکَابِیْس اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ۔
المَکَابِیْس: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔
المُکَبِّس. فا۔ سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک آنے والا اور دبانے والا۔
الکُبْسُوْلُ بندوق کی گولی۔ اس کی دوسری لغت کبسون ہے۔
کَبَشَ(ن) کَبْشًا الشَّيْءَ: مٹھی بھر کر لینا۔
الکَبْش. مینڈھا جب کہ دو سال کا ہو۔ اور بقول بعض چار سال کا۔ ج کِبَاش واَکْبَاش واَکْبُش و کُبُوْشَۃ. الکَبْش: سردار قوم۔ بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ کرنے کیلئے لگایا جائے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر

پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔
الکُبَاش: جواں مرد لوگ۔
الکَبَّاش: مینڈھوں والا۔
الکُبَاص والکُبَاصۃ: مضبوط و قوی اُونٹ یا گدھا۔
کَبَعَ (ف) کَبْعًا الشَّیءَ: کاٹنا ۂٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا، روکنا الدَّرَاھِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔
کَبُعَ (ف) کُبُوْعًا: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
کَبَّعَ الشَّیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکَبَعُ: ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اُونٹ) بھی کہتے ہیں۔
کَبْکَبَ کَبْکَبَۃً وکِبْکَابًا الشَّیءَ: اُلٹنا، پچھاڑنا۔ المَوَاشِي الشَّارِدَۃَ: بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا الشَّیءَ: گڑھے میں پھینکنا۔
تَکَبْکَبَ فِيْ ثِیَابِہٖ: لپٹنا القَوْمُ: جمع ہونا۔
الکَبْکَبُ والکِبْکِبُ: ایک قسم کا کھیل۔
الکُبْکُبَۃ بتثلیث الکافین والکُبْکُوْب والکُبْکُوْبَۃ: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔
الکُبْکُبُ والکُبَاکِبُ: گٹھے بدن والا۔
الکِبْکِبَۃ والکِبْکِبُ: کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔
کَبَلَہٗ (ض) کَبْلًا وکَبَّلَہٗ: بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔
کَبَلَہٗ وکَابَلَہٗ مُکَابَلَۃً الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا کَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خرید لے اور پھر شفعہ سے لے لینا۔
تَکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔
اِکْتَبَلَ الاَسِیْرَ: بیڑی ڈالنا الکِیْسَ: تھیلی کو باندھنا ۂٗ خَیْرَہٗ: روکے رکھنا۔
الکَبْلُ والکِبْلُ: بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج کُبُوْل واَکْبُل۔ الکَبْلُ: ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔
الکَبْلُ والکابُلِّي: تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْدٌ کَبْلٌ اَوْ کابُلِّي"
الکَابُوْلُ: شکاری کا جال۔
المَکْبُوْلُ: مفـ قیدی۔
الکَابُلِّي: پستہ قد۔
الکُبُوْلَاء: ایک قسم کا کھانا۔
کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا الثَّوْبَ: کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا الشَّیءَ: غائب کرنا عَنِ الشَّیءِ: بددل ہونا۔ باز رہنا عَنْہُ لِسَانَہٗ: زبان روکنا ھَدِیَّتَہٗ: روک لینا۔
کَبَنَ (ض) کَبْنًا وکُبُوْنًا الظَّبْيُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا الرَّجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔
اَکْبَنَ لِسَانَہٗ عَنْہُ: زبان روکنا۔
اِکْبَاَنَّ اِکْبِئْنَانًا: سمٹنا۔ سکڑنا۔ الظَّبْيُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔
الکُبْنُ: مفـ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔
الکُبُنُّ والکُبُنَّۃ: بخیل۔ کنجوس۔ الکُبُنَّۃ خشک روٹی۔
الکُبَانُ: اُونٹوں کی ایک بیماری۔
المَکْبُوْنُ: مفـ کبان کی بیماری والا اُونٹ۔ مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْنُ۔ رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی اُنگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَۃ۔
المَکْبُوْنَۃ: جلد باز عورت۔
کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وکُبُوًّا لِوَجْھِہٖ: منہ کے بل گرنا الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔
کَبَتِ النَّارُ: آگ کا راکھ میں چھپنا النُّوْرُ: روشنی کم ہونا۔
النَّبْتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا الغُبَارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا الجَمْرُ: بلند ہونا۔
لَوْنُ الصُّبْحِ اَوِ الشَّمْسِ: تاریک ہونا السَّھْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا مَاءً فِي الوِعَاءِ: پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا الکُوْزَ: کوزہ سے گرا دینا الشَّیءَ: صاف کرنا البَیْتَ: جھاڑو دینا۔
کَبَّی تَکْبِیَۃً النَّارَ: آگ کو راکھ میں چھپانا۔
ثَوْبَہٗ بِالکِبَاءِ: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کباء)
اَکْبٰی اِکْبَاءً۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اَکْبٰی وَجْھَہٗ: متغیر کرنا۔
کَابٰی مُکَابَاۃً السَّیْفَ: تلوار کو میان میں رکھنا۔
تَکَبّٰی عَلَی المِجْمَرَۃِ: عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔
اِکْتَبٰی بِالعُوْدِ: دھونی دینا۔
اِنْکَبٰی: منہ کے بل گرنا۔
الکُبَاءُ: بلند۔
الکِبَاءُ والکِبٰی ج اَکْبَاء والکُبَۃ: ج کُبُوْن: کوڑا کرکٹ۔
الکِبَاءُ: زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے ادھر اُدھر غلیظ جھاگ۔
الکِبَاءُ: دھونی کی لکڑی۔ ج کُبًی۔
الکَبْوَۃ: کبا کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔
الکُبْوَۃ: دھونی دینے کی ا[illegible]۔
الکَابِي: فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِي الرَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِي: بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٍ: باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ کَابٍ: بلند غبار۔
الکَابِیَۃ: کابي کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَۃ: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔
کَتَّہٗ (ن) کَتًّا: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِجَیْشٍ مَا یُکَتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور فوج لے کر آیا۔
کَتَّ واَکَتَّ واکْتَتَّ الکَلَامَ فِيْ اُذُنِہٖ: چپکے چپکے کہنا۔

کَتَّ (ن) کَتِیْتًا: آہستہ چلنا۔
کَتَّ (ض) کَتًّا الْبَعِیْرُ: اُونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ کَتَّتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ کَتَّ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ غمگین کرنا۔
اِکْتَتَّ الحدیثَ: بات سننا۔
تَکَاتَّ النَّاسُ: شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔
الکَتُّ: س دُبلا (مذکر و مؤنث)
الکَتَّۃ: کتّ کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔
الکِتَّۃ: ردی مال۔
الکَتِیْتُ: مص۔ ہانڈی ابلنے کی آواز۔ جوش شراب کی آواز۔ جوان اُونٹ کی آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رجل کتیت الیدین" یعنی بخیل مرد۔
الکُتَیْتَۃ: ایک قسم کا کھانا۔
کَتَبَ (ن) کَتْبًا و کِتَابًا و کِتْبَۃً و کِتَابَۃً الکتابَ: لکھنا۔ کَتَبَ عَلَیْہِ کَذَا: واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ اللّٰہُ عَلٰی عِبَادِہٖ الطَّاعَۃَ وَعَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ" یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔ کَتَبَ الْقِرْبَۃَ کَتْبًا: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔
کَتَّبَ الکتابَ: لکھنا۔ الوَلَدَ: لکھنا، سکھانا الجُنُودَ: فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔
کَاتَبَہٗ مُکَاتَبَۃً: خط و کتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ کَاتَبَ العَبْدَ: مال معینہ کی ادائیگی کی شرط پر آزاد کرنا۔
اَکْتَبَہٗ: لکھنا۔ سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔
اَکْتَبَہُ القَصِیْدَۃَ: لکھوانا۔ اَکْتَبَ القِرْبَۃَ: مشک کا منہ باندھنا۔
تَکَتَّبَ الرَّجُلُ: کپڑے سمیٹ کر ہوشیار ہونا۔ تَکَتَّبَتِ الکَتَائِبُ: فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔
تَکَاتَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا۔
اِکْتَتَبَ الکتابَ: لکھنا۔ املا کرانا۔ لکھوانا۔ لکھنے کو کہنا الغلامَ: لکھنا سکھانا القِرْبَۃَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا بَطْنُہٗ: بند ہونا الرَّجُلُ: رجسٹر میں اپنا نام لکھنا۔ اور اسی سے ہے "اُکْتُتِبَ بِمَالٍ او اِعَانَۃٍ"
اِسْتَکْتَبَہُ الشَّیْءَ: لکھنے کو کہنا ہ القَصِیْدَۃَ: قصیدہ املا کرانے کو کہنا الغلامَ: کاتب بنانا۔
الکِتْبَۃ: س۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔
الکُتْبَۃ: سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔
الکِتَاب: س۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔ صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُب و کُتْب والکتابُ علی الاطلاق: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ اہل الکتاب: وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ الکتاب: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔
الکُتُبِیّ: کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔
الکِتَابَۃ: س۔ لکھا ہوا۔ مالِ معین کی ادائیگی پر غلام کو آزاد کرنا۔
الکُتَیْب: بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔
الکَتِیْبَۃ: لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِب۔
الکَاتِب: فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کَاتِبُوْن و کَتَبَۃ و کُتَّاب۔
الکُتَّاب: جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج کَتَاتِیْب
المَکْتَب: تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَکَاتِب۔
المَکْتَبَۃ: لائبریری۔ کتب خانہ ج مَکَاتِب۔
المُکْتِب: فا رَجُلٌ مُکْتِبٌ: کتابیں نقل کرانے والا۔
المُکَتِّب: فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔
المَکْتُوْب: مف۔ خط۔ ج مَکَاتِیْب۔
کَتَحَ (ف) کَتْحًا الطَّعَامَ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ کَتَحَتْہُ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔ الدَّبَی الاَرْضَ: کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔
الکَتَد والکَتِد: دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج اَکْتَاد و کُتُوْد اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا وَاَکْدَادًا" وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔
الاَکْتَد: کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ والا۔
الکُتْر والکِتْر والکَتْر والکَتْرَۃ: بلند کوہان اَلکُتْر: بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا درمیان۔
الکَتْر والکَتْرَۃ: لڑکھڑاہٹ کی چال۔
الکُتْرَۃ: قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔
کَتَشَ (ن) کَتْشًا لاَِھْلِہٖ: کمائی کرنا۔
کَتِعَ (س) کَتَعًا: سکڑنا۔ لنجا ہونا فِی العَمَلِ: مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔
کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ: لے جانا (کُتُوْعًا) فِی الاَرْضِ: دور ہونا اور بھاگنا۔
کَتَّعَ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
کَاتَعَہُ اللّٰہُ: تباہ و برباد کرنا۔
تَکَاتَعَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔
الکُتَع ج کِتْعَان والکَتِیْع: لئیم و ذلیل
الکُتَع: مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ لنجا۔ راستہ کا واقف۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الکَتِیْع: اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "ما بالدار کَتِیْعٌ او کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ کَتِیْعٌ: پورا سال۔
الکُتْعَۃ ج کِتَاع والکُتَعَۃ ج کُتَع والکُتْعَہ ج کُتَع: ڈولچی۔
کُتَعُ کَتْعَاء کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ ھٰذِہِ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَاَیْتُ اَخَوَاتِکَ جُمَعَ کُتَعَ" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا۔ اور کُتَع وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کتع کو جمع پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جمع کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اسلئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الاَکْتَعُ لنجا۔ جس کی اُنگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ کے توابع میں سے ہے۔ اور بغیر اَجْمَعُ کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُھُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاءُ۔

الکَتْعَاءُ. باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کیلئے جَمْعَاءُ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خریدلیا۔

رَایٌ مُکْتَعٌ. قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُکْتَعًا و مُکْوَتِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

کَتَفَ (ض) کَتْفًا و کَتِیْفًا. آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔ فِی الاَمْرِ: نرمی برتنا کَتْفًا و کِتَافًا الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا السَّرْجُ الدَّابَّةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا الاِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا الاَمْرُ: ناپسند کرنا (کَتْفًا و کَتَفَانًا) الطَّائِرُ پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اُڑنا۔

کَتِفَ (س) کَتَفًا. چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ دردمند مونڈھے والا ہونا۔

کَتِفَ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

کَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا الاِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا اللَّحْمَ وَنَحْوَہٗ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَکَتَّفَ. سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَکَتَّفَتِ الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اُٹھانا۔

الکَتِفُ و الکِتْفُ و الکَتْفُ. شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج کِتَفَةٌ و اَکْتَافٌ اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّہٗ لَیَعْلَمُ مِنْ اَیْنَ تُؤْکَلُ الکَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الکَتَفُ. بس درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الکُتَافُ. درد شانہ۔

الکِتَافُ. مشکیں کسنے کی رسّی۔ ج اَکْتِفَةٌ و کُتْفٌ و کُتُفٌ.

الکَاتِفُ. فا: ناپسند کرنے والا۔

الاَکْتَفُ مِنَ الخَیْلِ و الجِمَالِ: درد شانہ والا۔ مؤنث کَتْفَاءُ ج کُتْفٌ. الاَکْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الکَتِیْفُ. لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج کُتُفٌ.

الکَتِیْفَةُ. دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج کَتَائِفُ.

الکُتْفَانُ و الکِتْفَانُ. ٹڈی جو پہلی مرتبہ اُڑے۔ واحد کُتْفَانَةٌ.

المِکْتَافُ. جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

کَتْکَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (و تَکَتْکَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الکُتْکَاتُ. جلدی جلدی بولنے والا۔

کَتَلَہٗ (ن) کُتْلًا. قید کرنا۔ باز رکھنا۔

کَتِلَ (س) کَتَلًا. چمٹنا۔ صفت کَتِلٌ الحِمَارُ: گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔

کَاتَلَہُ اللّٰہُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

کَتَّلَ الشَّیئَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَکَتَّلَ القَصِیْرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا الشَّیئُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِنْکَتَلَ. گزرنا۔ جانا۔

الکُتْلَةُ مِنَ الطِّیْنِ وَنَحْوِہٖ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج کُتَلٌ.

الکُتَالُ. نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (و الکَتَلُ) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیْہِ کُتَالَہٗ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

الکَتْلِیَةُ. شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الکَتِیْلَةُ. درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج کَتَائِلُ.

الاَکْتَلُ. سخت۔ مصیبت۔

المِکْتَلُ و المِکْتَلَةُ. کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَکَاتِلُ

المُکْتَلُ: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الکَاثُوْلِیْك. رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولیکی ج کَاثُوْلِیْکِیُّوْن (دخیل)

کَتَمَ (ن) کَتْمًا و کِتْمَانًا و کَتَّمَ و اکْتَتَمَ الشَّیئَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کَتَمْتُ زَیْدًا الحَدِیْثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اوّل میں من کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "کَتَمْتُ مِنْ زَیْدٍ الحَدِیْثَ کَتَّمَ الشَّیئَ:" چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ و اکْتَتَمَ الشَّیئُ: زرد ہونا۔

کَتَمَ (ن) کُتُوْمًا و کِتَامًا الاِنَاءُ: بہنے سے رو کے رکھنا۔

کَاتَمَہٗ مُکَاتَمَةً السِّرَّ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے کَاتَمَہُ العَدَاوَةَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔

تَکَاتَمَ الرَّجُلَانِ الحَدِیْثَ: ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔

اِنْکَتَمَ. چھپنا۔

اِسْتَکْتَمَ السِّرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔

الکِتْمَةُ. پوشیدگی۔

الکَتَمُ و الکِتْمَانُ. وسمہ جس سے خضاب

بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔
الکاتِم. فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ کَاتِمٌ بمعنی مَکْتُومٌ یعنی چھپا ہوا بھید وقَوْسٌ کَاتِمٌ کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔
الکَتْمَة. کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعْتُه کَتْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔
الکُتَمَة والکَتَّام والکَتَّامَة بھید کو بہت چھپانے والا۔
الکَتُوم. بھید کو چھپانے والا (و الکَتِیم) مِنَ القِسِّی: ثابت و درست کمان۔ یاوہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ کَتِیم: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الاَکْتَم. بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔
المُکْتَتِم. فا۔ سَحَابٌ مُکْتَتِم: بادل جس میں گرج نہ ہو۔
کَتِن (س) کَتَنًا. الوَسْخُ عَلَی الشَّیٔ: میل کا چسپاں ہونا الشَّیٔ: میل کچیل لگنا دھوئیں سے سیاہ ہونا النَّخْلَة: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔
کَتَّنَ و اَکْتَنَ الشَّیٔ: چپکانا۔
تَکَتَّنَتِ المَرْاَةُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔
الکَتَن. ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چس پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔
الکَتْن والکَتِن. پیالہ۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ: میلی کچیلی مشک۔
الکَتَّان. السی کا پودہ۔ الکتّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ کَتَّانَهٗ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔
اَلْکَتَّانِیَّاتُ: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سے کی طرح اکٹھے۔ زیب وزینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
الکُتُونَة. کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)
الکُتَّان. کھٹل۔
کَتَا یَکْتُو کَتْوًا. چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
اَکْتَی اِکْتَاءً. دشمن پر غالب آنا۔
اَکْتَوْتَی اِکْتِیْتَاءً. غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔
کَثَّ (ض) کَثَاثَةً و کُثُوثَةً و کَثًّ (س) کَثَثًا. گاڑھا ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا گھنا ہونا اللِّحْیَةُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔
اَکَثَّ الرَّجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔
صفت کَثٌّ. ج کِثَاث و اَکَثُّ مؤنث کَثَّاء. ج کُثٌّ.
الکَثُّ والکَثِیْث. گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَثُّ اللِّحیَةِ و کَثِیْثُها" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "و اِمْرَاَةٌ کَثَّةٌ و کَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الکُثُّ: میلا کچیلا۔
الکَثِیْث. سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔
الکَاثُّ. کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اگ آئے۔
کَثَأ (ف) کَثْأً و کَثَأً تَکْثِئَةً اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا اللِّحْیَةُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا الزَّرْعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا القِدْرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا الرَّجُلُ: بالائی کھانا اَوْ بَارُ الاِبِلِ اُونٹ کے بال کا نکلنا۔
اَکْثَاَتِ اللِّحیَةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔
الکَثْأَة والکُثْأَة مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔ مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آ جائے۔ کہا جاتا ہے "خُذْ کُثْأَةَ قِدْرِكَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
کَثَبَ (ض) کَثْبًا الشَّیٔ: جمع کرنا۔ ڈھیر کرنا الطَّعَامَ وغیرہ: جمع کرنا۔ الصَّیْدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَثَبَكَ الصَّیْدُ فَارْمِه" شکار تمہارے قریب آ چکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ یَکْثُبُهٗ وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ کَثَبَ لَبَنُ النَّاقَةِ: اُونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
کَثَّبَ الشَّیٔ: کم ہونا۔
کَاثَبَ القَوْمَ: قوم سے قریب ہونا۔
اَکْثَبَ الرَّجُلَ و اِلَیْه و مِنْهُ و لَهٗ: قریب ہونا۔
فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِنْکَثَبَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔
الکَثَب. قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ مِنْ کَثَبٍ او عَنْ کَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الکُثْبَة. تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج کُثَب.
الکَاثِبَة: کَاثِب کا مؤنث مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاثِب.
الکُثَاب. بہت۔
الکَثَاب والکُثَّاب. بے پیکان و بے پر کا تیر۔
الکَثِیْب. ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُب و کُثْبَان و اَکْثِبَة.
الکَثْبَاء. مٹی۔
کَثَجَ (ض) کَثْجًا. مِنَ الطَّعَامِ: بقدرِ کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔
کَثَحَ (ف) کَثْحًا الشَّیٔ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔ کَثَحَتِ الرِّیحُ التُّرَابَ عَلَیْهِ: غبار ڈالنا۔ کَثَّحَ مِنَ المَالِ: خواہش کے موافق لینا (و کَثَّحَ) عَنْ کَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَثَّحَتْهُ الرِّیحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔
تَکَاثَحَ القَوْمُ بِالسُّیُوفِ: تلوار بازی کرنا۔
تَکَثَّحَ بِالحَصَی: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔
الکُثْحَة مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔
رَجُلٌ کُثْحُمُ اللِّحْیَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ کُثْحُمَة مِنَ

دَرِیْن: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْیَۃٌ کُنْثَمْحَۃٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔
کَثُرَ (ک) کَثْرَۃً و کَثَارَۃً. بہت ہونا۔ صفت کَثْرٌ و کَثِیْرٌ و کُثَارٌ و کَاثِرٌ و کَیْثَرٌ۔
کَثَرَ (ن) کَثْرًا. الرَّجُلُ: کثرت میں غالب ہونا۔
کَثَّرَہٗ زیادہ کرنا۔
اَکْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ الشَّیْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَکْثَرَ اللّٰہُ فِیْنَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔
کَاثَرَہٗ. کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ کَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔
تَکَثَّرَ بِمَالِ غَیْرِہٖ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا مِنَ الشَّیْءِ: بہت لے لینا بِالْکَلَامِ: بہت گفتگو کرنا فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔
تَکَاثَرَ الْقَوْمُ. کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا الشَّیْءَ: بہت سمجھنا۔
اِسْتَکْثَرَ الشَّیْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا مِنَ الشَّیْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔
الْکِثْرُ والْکُثْرُ. بہت۔ کُثْرُ الشَّیْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی الْقُلِّ والْکُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔
الْکَثْرَۃ. بہتات۔ زیادتی۔
اَلْکِثْرۃ. کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیئہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسے کہ کہا جائے الْقِلَّۃ والْکِثْرَۃ
الْکُثْرٰی مِنَ النَّبِیْذِ ونَحْوِہٖ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔
الْکَثِیْر. بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ کَثِیْر وکَثِیْرَۃٌ وکَثِیْرُوْنَ. ونِسَاءٌ کَثِیْرٌ وکَثِیْرَۃٌ وکَثِیْرَاتٌ اور کہا جاتا ہے "کَثِیْرًا مَا یَعْمَلُوْنَ کَذَا" بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لیے ہے۔ اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کیلئے مانتے ہیں۔
الْکُثَار بہت (والْکِثَار) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِی الدَّارِ کُثَارٌ اَوْ کِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لیے مستعمل ہیں۔
الْکَیْثَر. بہت فیاض مرد۔
الْمُکْثِر. مالدار۔
الْمِکْثَار والْمِکْثِیْر. بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)
الْمَکْثُوْر. مص۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔
کَثَعَ (ف) کَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔
کَثَعَتْ (ف) کُثُوْعًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔
کَثَعَتْ (ف) کَثْعًا و کُثُوْعًا و کَثِعَتْ (س) کَثَعًا الشَّفَۃُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو کَاثِعَۃ اور ایسے ہونٹ والے کو اَکْثَع کہتے ہیں۔
کَثَّعَ اللَّبَنُ او الْغَنَمُ: بمعنی کَثَع. کَثَّعَتِ الْاَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا الْجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا لِحْیَۃُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔
الْکَثْعَۃ والْکُثْعَۃ. بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الْکُثْعَۃ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔
الْکَثَعَۃ. گارا۔ کیچڑ۔
الْمُکَثِّع. فا۔ اِمْرَاَۃٌ مُکَثِّعَۃ: ہونٹوں یا سوڑوں میں بہت خون والی عورت۔
الْکُثْعُم. چیتا۔ اور بقول بعض تیندوا۔
کَثُفَ (ک) کَثَافَۃً وتَکَاثُف. موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت کَثِیْف.
کَثَّفَہٗ. موٹا کرنا۔
اَکْثَفَ مِنْہُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔
اِسْتَکْثَفَ الشَّیْءُ: گاڑھا ہونا الشَّیْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا الْاَمْرُ: بلند ہونا۔
اَلْمُکَثِّف: بیڑی جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔
اَلْکَثْف. جماعت۔
الْکَثِیْف. گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَثِیْفٌ یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (والْکِثَاف) بہت۔
کَثَلَ (ن) کَثْلًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
الْکُثْلٌ. گروہ۔ گیہوں کا انبار۔
الْکَوْثَل والْکَوْثَل. دنبالہ کشتی۔
الْکَاثُوْلِیْك. دیکھئے کَاتُوْلِیْك.
کَثَمَ (ض) کَثْمًا الشَّیْءَ: جمع کرنا الْاَثَرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا الشَّیْءَ: مُنہ میں رکھ کر توڑنا عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔
کَثِمَ (س) کَثَمًا. شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَکْثَم.
کَاثَمَہٗ. قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَکْثَمَ الْقِرْبَۃَ: مشک بھرنا فِیْ بَیْتِہٖ: روپوش ہونا. اَکْثَمَہُ الصَّیْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَکَثَّمَ. حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْکَثَمَ. غمگین ہونا عَنْ وَجْہٍ کَذَا: پھر جانا۔
الْکَثِم والْکَاثِم مِنَ الطِّیْنِ و نَحْوِہٖ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
کَثَمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ عَنْ کَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
الْاَکْثَم. کشادہ راستہ "وَطْبٌ اَکْثَمُ" بھرا

ہوا دودھ کا برتن۔
الکُثْبَۃ. گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الکُحّ. خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
کَحَبَ الکَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الکُحْب. کچا انگور واحد۔ کَحْبَۃ: ڈبر۔
الکاحِب. بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ دَرَاهِمُ کَاحِبَۃٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الکاحِبَۃ: آگ جس کا شعلہ بلند ہو۔
کَحَثَ (ف) کَحْثًا لَهٗ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
کَحَصَ (ف) کُحُوْصًا الاَثَرُ: نشان مٹنا۔ الظَلِیْمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے الرجُلُ: پشت دے کر بھاگنا (کَحْصًا) البِلٰی فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔ برِجْلِهٖ: پاؤں سے کریدنا الاَرْضَ: زمین سے غبار اُڑانا الشَّیْئَ: کوٹنا (کَحْصًا وکَحَّصَ) الاَثَرَ: نشان مٹانا۔
الکاحِص. فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج کَاحِصَۃٌ. کَوَاحِص. اَطْلَالٌ کَوَاحِص: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
کَحَطَ (ف) کَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ۔
الکُحُوْف. جسم کے اعضاء۔
کَحْکَحَ عاجز کرنا۔
کَحَلَ (ف ن) کَحْلًا و کَحَلَ العَیْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ و کَحَّالٌ اور کہا جاتا ہے کَحَلَ السُّهَادُ عَیْنَهٗ کنایہ ہے بے خوابی سے۔
کَحَلَ (ف) کَحْلًا واَکْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَتِ السِّنُوْنُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
کَحَّلَ واَکْحَلَ وتَکَحَّلَ واِکْتَحَلَ واِکْحَالَّ المَکَانُ بِالخَضْرَۃِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
کَحِلَتْ (س) کَحَلًا واکْحَالَّتِ العَیْنُ آنکھ کا سرگیں ہونا۔ وکَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَکَحَّلَ واِکْتَحَلَ. آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِکْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِکْتَحَلَ السُّهَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا وَجْهُهٗ بِالهَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِی بِكَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الکَحْلُ. س۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
کَحْلُ و کُحَلُ و کَحْلَۃ. تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الکُحْل. سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الکَحَل. خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
الکِحَال. سنگ سرمہ و سرمہ (والکِحَلُ والکِحْلَۃ) مہرۂ تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظر بد۔
عَیْنٌ کَحِلٌ و کَحِیْلٌ و کَحِیْلَۃٌ سرگیں آنکھ ج کَحْلٰی و کحائل
اَعْیُن کَحْلَاءُ. سرگیں آنکھیں۔
الکَحِیْل. نفط۔ قطران۔
الاَکْحَل. مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الکَحْلَاء. الاَکْحَل کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْل.
الکَحْلَاء والکَحْیلَاء. گاؤزبان۔
الکُحْلِی. سرمہ بنانے والا۔
المِکْحَل والمِکْحَال. سرمہ کی سلائی۔
المُکْحُلَۃ. سرمہ دانی۔
اَلْمُکَحَّلَۃُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور ہالینڈ میں پیدا ہوتا ہے۔
الکَحْمَۃ. آنکھ۔
کَحِیَ یَکْحِی کَحْیًا الشَّیْئُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
کَخَّ (ض) کَخًّا و کَخِیْخًا فِی نَوْمِهٖ: خراٹے لینا۔
کَخَمَهٗ (ف) کَخْمًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکَیْخَم. بڑا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا. کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ اُنگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا الرَّجُلَ: تھکانا الرَّاسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا الشَّیْئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
کَدَّدَہٗ. سختی سے ہٹانا۔
تَکَدَّدَ. مشقت برداشت کرنا۔
اَکَدَّ واِکْتَدَّ. کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ واِکْتَدَّ الشَّیْئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِکْتَدَّہٗ واِسْتَکَدَّہٗ. کام میں محنت کرانا۔
الکُدُّ. س۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ هٰذَا مِنْ کَدِّكَ ولا کَدِّ اَبِیْكَ" یعنی یہ تمہاری محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الکِدَّۃ والکَدِیْد. سخت زمین۔ الکَدِیْد: موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الکُدَادَۃ والکُدَدَۃ والکَدَدَۃ ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
کُدَاوۃ السَّمَنِ: گھی کا تلچھٹ۔ کُدَاوَۃ الکَلَاِ: تھوڑی گھاس۔
الکَدُوْد. بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْرٌ دَوُوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الاَکْدَۃ. چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ اَکْدَاد واَکَادِیْد. شکست خوردہ قوم (ان کیلئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُمْ اَکْدَادًا واَکَادِیْدَ" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "واِبِلٌ اَکْدَاد" تیز چلنے والا اُونٹ۔
المِکَدُّ. کنگھی۔
المَکْدُوْد. مع مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَۃ: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
کَدَأَ و کَدِیَ (ف س) کَدْءًا و کُدُوْءًا

النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔

کَدِئَ (س) کَدَأً الغُرَابُ: کوّے کا تے کرنے جیسی آواز نکالنا البَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا الإبِلُ: اُونٹ کا کم بال والا ہونا۔

کَدَأَ وکَدَّأَ البَرْدُ النَّبَاتَ: زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔

اَرْضٌ کَادِئَةٌ. دیر سے اُگنے والی یا اگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَاؤِتَةُ الاَدْبَار: کم بال والے اُونٹ۔

الکَدْب والکُدْب والکَدَب والکَدِب جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدْبَة. دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔

کَدِجَ (س) کَدَجًا الرَّجُلُ: بقدرِ کفایت پینا۔

کَدَحَ (ف) کَدْحًا فِي العَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اُٹھانا۔ کَدَحَ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔ رَاسَهُ بالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (وکَدَّحَ) الوَجْهَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔

اِکْتَدَحَ لِعِيَالِهِ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔

تَکَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطحِ فَتَکَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔

الکَدْحُ. س۔ خراش۔ ج کُدُوح

کَدَرَ (ن) وکَدُرَ (ک) وکَدِرَ (س) کَدَرًا وکَدَارَةً وکُدُوْرًا وکُدُوْرَةً وکُدْرَةً. تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلَى فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَيْشُ: زندگی تلخ ہوئی۔

کَدَّرَ الشَّيْئَ: تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَيْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔

تَکَدَّرَ واِکْدَرَّ الشَّيْئُ: تیرہ گوں ہونا۔

اِنْکَدَرَ فِي السَّيْرِ: تیز دوڑنا عَلَيْهِ القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْکَدَرَتِ النُّجُوْمُ بکھر جانا۔

الکُدْرَة. س من الالوان: مٹیالا۔

الکُدْرَةُ مِنَ الحَوْضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج کُدَر (والکُدْرِيّ والکُدَارِيّ) بتلا بادل۔

الکَدَر والکُدر والکَدِير مِنَ العَيْشِ او الالوانِ وغيرِ ذٰلِكَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔

الکُدُرُّ. موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّة. موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّة

الکُدَارَة. ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔

الاَکْدَر. مٹیالا۔ مؤنث کَدْرَاء. ج کُدْر. سخت سیلاب۔ عَيْشٌ اَکْدَر: تلخ زندگی۔

کَدَسَهُ (ض) کَدْسًا وکُدَاسًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِهِ الاَرْضَ: پچھاڑنا۔

کَدَسَتِ الدابةُ چوپائے کا چھینکنا المُثْقَلُ فِي سَيْرِهِ: گرانبار آدمی کا دوڑنا الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (کَدْسًا) بدفالی لینا (وکَدَّسَ) الحَصِيْدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تَکَدَّسَ. ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔

تَکَدَّسَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔

الکُدْسَة والکُدَاس. جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے والکُدَاس مِنَ الثَّلجِ او الحَصِيْدِ ومَا اَشْبَهَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جو ان کی طرح ہو۔

الکُدْس ج اَکْدَاس والکُدَّاس ج کَدَادِيْس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکْدَاس الرَّمْلِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔

الکُدَاسَة. ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔

الکَادِس. فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوَادِس.

المُتَکَادِس ۔فا مِنَ الشَّجَرِ: گنجان درخت۔

کَدَشَهُ (ض) کَدْشًا. خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔

کَدَشَ لِعِيَالِهِ: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (واَکْدَشَ واِکْتَدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً: حاصل کرنا واَکْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔

تَکَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔

الکَدْش. زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدْشٌ" خراش زدہ کھال۔

الکَدَّاش. بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔

کَدَعَهُ (ف) کَدْعًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔

الکُدْعَة. ذلیل و رسوا۔

اَکْدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔

الکَدَفَة. ٹاپ یا چاپ کی آواز۔

کَدْکَدَ الرَّجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَهُ وتَکَدْکَدَهُ. سختی سے ہٹانا۔

کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا. اگلے دانتوں سے کاٹنا الصَّيْدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِي غَيْرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔

کَادَمَتِ الدَّابَّةُ الحَشِيْشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔

اُکْدِمَ الاَسِيْرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔

تَکَادَمُوْا بِالاَفْوَاهِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔

الکَدْم. س۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوْم.

الکَدَم. دانت کاٹنے کا نشان۔

الکَدِم. دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سر والی کالی ٹڈی۔ واحد کَدِمَة

الکَدْمَة. کَدَم کا اسم مرۃ داغ نشان۔

الکَدَمَة. حرکت۔

الکُدُوْم والکَدَّام. دانت کاٹنے والا۔

الکُدَام. گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔
الکُدَامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔
الکُدَامَة والکُدَام. کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔
المَکْدَم. دانت کاٹنے کی جگہ۔
المُکْدَم. مِنَ الحِبَال والاَکْسِیَة: مضبوط بٹی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ: موٹے دل کا شیشے کا پیالہ اَسِیْرٌ مُکْدَمٌ: رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔
المُکَدَّم. دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مکدَّم جنگ کا زخمی شدہ۔
کَدَنَ (ن) کَدْنًا. بالثَّوْب: پٹکا باندھنا۔
الکُدْن والکِدْن. کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن۔
کَدَنَ یَکْدُنُ اَلْفَدَّانَ: زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا۔
الکِدْنَة. کوہان۔
الکِدْنَة والکُدْنَة چربی اور گوشت کی کثرت۔
الکُدَانَة. نااہلی۔ فرومایگی۔
الکَدِن. بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَة ج کَدِنَات۔
الکُدَن. ٹیالا۔
الکَدَّان. نرم پتھر (اور یہ کذّان کی تحریف ہے)
الکَدَّانَة. نرم پتھر کا ٹکڑا۔
کَدَہَ (ف) کَدْهًا وکَدَّہ. الشَّیْءَ: توڑنا۔ بالحَجَر: پتھر سے سخت رگڑنا عَلَیْهِ: غالب ہونا ہ الهَمَّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْدُوْهٌ مِنَ الهَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔ لِاَهْلِه: مشقت سے کمائی کرنا شَعْرَہٗ بالمُشْط: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔

تَکَدَّہ. ٹوٹنا۔
الکَادِہ: فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّہ۔
الکَدْہ. س۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْہ۔
کَدَا یَکْدُو کَدْوًا وکُدُوًّا الزَّرْعُ: خراب فصل ہونا الاَرْضُ: دیر سے اُگنا (کِدَاءً) الشَّیْءَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔
کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًی بالعَظْم. ہڈی کا گلے میں اٹکنا المِسْكُ: بے خوشبو ہونا۔ صفت کَدٍ وکَدِیٌّ. کَدِیَتْ اَصَابِعُه: انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔
تَکَدَّی تَکَدِّیًا. مشقت برداشت کرنا۔
کَدَیٰ یَکْدِی کَدْیًا الرَّجُلَ: روکنا۔ مشغول کرنا الوَجْهَ: چہرے میں خراش لگانا الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔
اَکْدَی اِکْدَاءً الرَّجُلُ: حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاہُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ بنانا۔
الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَه فَاَکْدَی" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا النَّبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا العَامُ: خشک سالی ہونا المَطَرُ: بارش کم ہونا الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔
کَدَّی تَکْدِیَةً. سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔
تَکَدَّی تَکَدِّیًا. عطیہ طلب کرنا۔
الکُدْیَة. سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی. الکُدْیَة: طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی (والکَدَاة والکَدَایَة) مٹی یا غلّے کا ڈھیر۔
الکَادِیَة. زمانہ کی سختی۔
کَذَّ (ن) کَذًّا. کھردرا ہونا۔
اَکَذَّ. نرم پتھر پر چلنا۔
اَلکَذَّان. نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَة. کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذْبَةً وکِذْبَةً وکِذَابًا وکِذَّابًا. جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا. کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَّائِیُ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْكَ عَیْنُكَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ و کَذَبَ السَّیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ و کَذَبَ القَوْمُ السُّرَیٰ: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَه الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔
کُذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔
کَذَّبَهٗ. جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَہٗ: رُک جانا الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَذَّبَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی کَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (تَکْذِیْبًا و کِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَذَّبَ بِاٰیَاتِ رَبِّه" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔
اَکْذَبَهٗ. جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَکْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَکْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاِکْذَاب ہے۔
کَاذَبَهٗ کِذَابًا ومُکَاذَبَةً. کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔
تَکَذَّبَ. بتکلف جھوٹ بولنا فُلَانًا و عَلَیْهِ: جھوٹا سمجھنا۔
تَکَاذَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔
الکُذَاب. بتثلیث الکاف والکُذْبَیٰ و الکُذْبَان: جھوٹ۔
الاُکْذُوْبَة. جھوٹ۔ ج اَکَاذِیْب۔
الکَاذِب. فاج کَذَبَةٌ وکُذَّابٌ وکُذَّبٌ.
الکَاذِبَة. کاذب کا مؤنث ج کَاذِبَات و

كَوَاذِب. جھوٹ۔
الكَذُوْب ج كُذُب والكَذْبان والكَيْذَبان والكَيْذُبان : بڑا جھوٹا۔
الكَذُوْب: نفس۔
الكَذّاب والكَذَبَة والكَذُوْبَة والتِّكِذّاب والمَكْذَبان والمَكْذَبانَة بڑا جھوٹا۔ الكَذُوْبَةُ: نفس۔
المَكْذَبَة والمَكْذُبَة. ج مَكاذب والمَكْذُوْب والمَكْذُوْبَة ج مَكاذِيْب: جھوٹ۔
التَكاذِيْب. جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔
كَذَا. دو طریقہ سے مستعمل ہے۔
(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَأَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا ورَأَيْتُ عَمْرًوا كَذَا. اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھٰكَذَا.
(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا و كَذَا دِرهَمًا یا غیر عدد سے جیسے بِمَكان كَذَا و كَذَا.
الكَاذِي. کیوڑہ۔
كَرَّ (ن) كُرُوْرًا. لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَم عَنْه ثُمّ كَرَّ عَلَيْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لیے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا ۔صفت كَرَّار. اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلَحا لِلْكَرّ والفَرّ" گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
اللَيْلُ والنَهارُ: رات دن کا باری باری آنا (كَرًّا) الرَّجُلُ : لوٹانا (كَرًّا وكُرُوْرًا وتَكْرارًا) الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔
كَرَّ (ن) كَرِيْرًا. المَرِيْضُ: جان دینا۔
كَرَّ (ض ن) كَرًّا صَدْرُهُ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔
كَرَّر تَكْرارًا وتَكْرِيْرًا وتَكْرِةً. الشَّئَ: بار بار کرنا۔
تَكَرَّرَ. بار بار ہونا۔
الكَرُّ ~. س۔ کھجور کے پتوں کی رسی ۔درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُوْر (والكُرُّ) کنواں۔ ج كِرار.
الكَرُّ. نماز پڑھنے کے لیے مصلّی۔ ج اَكْرار و كُرُوْر.
الكُرُّ. ایک پیمانہ کا نام۔ چادرج اَكْرار.
الكَرَّة. لڑائی میں حملہ عند المولدين مِنَ المحاسبين: ایک لاکھ ج كَرّات. الكُرَة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو كرتّان اور قَرّتان کہتے ہیں۔
الكَرَّى. لڑائی میں حملہ۔
الكَرِيْر. س۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔
الكَرّار والمِكَرّ لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مَكَرَّة: اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔
المَكَرّ. حملہ کی جگہ۔
كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ: رسی بٹنا القَيْد عَلَى المُقَيَّد: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔ ٥ الاَمْرُ: دشوار ہونا ٥ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ كَرَبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا فُلانًا: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (كُرُوبا) قریب ہونا۔ النَارُ: آگ بجھنے لگنا۔ كَرَبتِ الشَمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا فُلانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔
كَرَبَ النَاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے (كَرْبًا وكرابًا) الاَرْضَ لِلزرْع: کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔
كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا۔
كُرِبَ. غم لاحق ہونا۔
كَرَّبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسی باندھنا الرَجُلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَكْرَبَ قریب ہونا الاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا الإِنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔ فِي السَيْرِ: دوڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
كَارَبَه مُكارَبَةً وكِرَابًا. قریب ہونا۔
تَكَرَّبَ. تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
اِكْتَرَبَ اِكْتِرابًا واكْرَابَّ اِكْرِنْبابًا سخت غمگین ہونا۔
الكَرْب. ج كُرُوْب والكُرْبَة ج كُرَب: غم اور مشقت۔
الكَرَب. ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسی؛ کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد كَرَبَة.
الكُرْبَة. گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج كَرَب.
الكَرابَة. سخت مصیبت۔ ج كَرائِب.
الكَرابَة والكُرابَة. کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَكْرِبَة
الكِرَاب. وادی میں پانی بہنے کی جگہیں ۔واحد كَرْبَة.
الكَرُوْبِيُّون والكَرُوْبِيَّة. اشراف ملائکہ ۔مقرب فرشتے ۔عبرانی زبان میں كَرُبِيم کہتے ہیں۔ ج كَرُوْب. اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد كَرُوْب.
الكَرِيْبُ. نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الكَرِيْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (والمَكْرُوْب) غمگین۔
الكَرِيْبَة. كَرِيْب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج كَرَائِب. کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَارِ

کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اَلْمِکْرُوْبُ: جرثومہ
یعنی پانی، خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دور بین کے نظر نہ آئے۔
اَلْاِکْرَاب. س جلد بازی ۔تم کہتے ہو "خُذْرِجْلَیْكَ بِاِکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔
الْمُکْرَب مِنَ الْمَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔
اَلْکَرْبُوْنُ اَوِالْفَحِیْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت ایٹمی نمبر اور کمیت نمبر درج ذیل ہیں- ۱.۱۲ کاربن -C 6-
کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے- زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے-
اَلْکَرْبُوْنَات: کاربونات
سفید باریک پیسا ہوا اکٹھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو-(سوڈا لی کاربونیٹ)
الْکُرْبَج. دُکان یا دُکان کا سامان۔ج کُرَابِج (دخیل)
کَرْبَدَ فِيْ عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔
کَرْبَسَ. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔
تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
الْکِرْبَاس. کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ج کَرَابِیْس (دخیل)
رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔
کَرْبَشَ. چھلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الشَّیْئَ: لینا اور باندھنا۔
تَکَرْبَشَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔
کَرْبَعَهٗ. پچھاڑنا الشَّیْئَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔
تَکَرْبَعَ. چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَرْبَلَ. کیچڑ میں چلنا۔پانی میں گھسنا الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا الْحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا، صاف کرنا۔
الْکِرْبَال. گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ رُوئی دُھننے کی کمان۔ج کَرَابِیْل.
الْکَرْبَلَة. س پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَمْشِيْ مُکَرْبَلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
فَرَاشَةُ الْکَرْنَبِ: اَوْ دُوْدَةُ الْمَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
اَلْکَرُوْرِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب وزینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا اسٹر یلیا ہے۔
کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا وَاَکْرَثَ الْغَمُّ فُلَانًا: سخت غمگین کرنا۔
اِنْکَرَثَ الْحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اِکْتَرَثَ لِلْاَمْرِ: پروا کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ لَایَکْتَرِثُ لِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔
الْکُرَّاث وَالْکَرَّاث. گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَةٌ.
الْکَارِث. غم انگیز معاملہ۔ج کَوَارِث.
الْکَرِیْث. غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الْاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔
کَرْثًا وَتَکَرْثَا الشَّعْرُ وَنَحْوُهٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
الْکِرْثِیُّ. تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
الْکِرْثَة وَالْکَرْثَاة. گنجان سبزی۔
الْکَرِیْثَاء. کچی کھجور۔
کَرِجَ (س) کَرَجًا وَکَرَّجَ وَاَکْرَجَ وَتَکَرَّجَ الْخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَّنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔
الْکُرْج. ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیّ (وَالْکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔

الْکُرَّجِی. مخنث
الْکُرْح. راہب کی کوٹھری۔ج اَکْرَاح
کَرَخَ (ف) کَرْخًا الْمَاءَ اِلٰی مَوَاضِعِهٖ: چلانا۔
کَرَدَ (ن) کَرْدًا. ہانکنا الْعَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا الشَّیْئَ: کاٹنا۔
کَارَدَهٗ مُکَارَدَةً. دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الْکَرْد. گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِکَرْدِهٖ اَوْ بِکَرْدَنِهٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔
الْکِرْدِیْدَة. کھجور کی بڑی ڈھیری۔
کَرْدَحَ. پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فِيْ عَدْوِهٖ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
الْکِرْدَح. بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
الْکُرَادِح. پستہ قد۔
الْکِرْدَاح. دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔
الْکَرْدَحَة. س تیز دوڑ۔
الْمُکَرْدَح. فا۔ ذلیل وخوار۔
کَرْدَسَ الْخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا الشَّیْئَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الْحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا هٗ: پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ. سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
الْکُرْدُوْس. کندھے کی ہڈی۔
الْکُرْدُوْسَة. گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ج کَرَادِس وَکَرَادِیْس. کَرَادِیْسُ الْفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
الْمُکَرْدَس. گٹھے بدن کا۔
اَلْکَرْدِیْنَال: ج کَرَادِلَةٌ: گرجا میں ایک بڑا عہدہ
کَرْدَمَ. موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ الْقَوْمَ: جمع کرنا۔

تَکَرْدَمَ. گھبرا کر دوڑنا۔
اَلْکَرْدَم وَالْکُرْدُوْم مِنَ الرِّجَالِ: موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِم و کَرَادِیْم. اَلْکَرْدَم: بہادر۔
کَرَزَ (ض) کُرُوْزًا. داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔
اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البَازِیَ: باز کو سدھانے کے لیے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کُرِّزَ. البَازِیْ: باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَةً اِلَی المکان: دوڑ کر چھپنا۔
عَنْهُ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا
القَوْمُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
اَلْکُرْز. چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْزُ الجُعْل: گبریلا کی گولی۔ ج کُراز و کِرَزَة
اَلْکَرَز. ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد۔ کَرَزَة
اَلْکُرَّز. حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزہ (وَالْمُکَرَّز وَالْکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔
اَلْکَارِز وَالْکَارُوْز. انجیل کا واعظ۔
اَلْکُرَاز. ج کِرْزَان وَالْکُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
اَلْکُرَّاز. چرواہے کا تھیلا اُٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا مِنَ المَعْزِ: گھنٹی دار بکری۔ ج کَرَارِیْز۔
اَلْکَرِیْز. پنیر۔
اَلْکِرَازَة. انجیل کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَةً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
اَلْکَرْزَم. بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
اَلْکَرْزَم وَالْکِرْزِیْم. کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم و کَرَازِیم
کَرَّسَ لِبِنَاءٍ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
الاُسْقُفُ البِیْعَةَ اَوِالاَوَانِی الکَنِیْسَةَ وَغَیْرَهَا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص کرنا۔
اَکْرَسَ المَکَانُ: بول و براز سے لتھڑنا
ہُ: بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔
تَکَرَّسَ. بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص ہونا الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا اُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا الحَبَّ وَنَحْوَهُ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ علیہ: اوندھا ہونا فِی الشَّیْئِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
اَلْکِرْس. ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جز۔ ج اَکْرَاس و ج اَکَارِیْس. کِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
اَلْکُرَّاسَة وَالْکُرَّاس. کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیْس.
اَلْکُرْسِیّ. تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ و کَرَاسٍ کُرْسِیُّ الاُسْقُفِ. پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِکِ: تخت شاہی۔
وَالْکُرْسِیّ علم: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ الکُرْسِیِّ: یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِهٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لیے پشتہ بنا دو۔
کُرْسِیُّ الجَوْزَا: چند ستاروں کا مجموعہ۔
اَلْکَرَاسِیّ علماء۔
اَلْکِرْیَاس. چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَایِیْس
اَلْکَرَوَّس. بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
اَلْمُکْرَس وَالْمُکَرَّس. مفصّل القلائد: دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔
اَلْمَکْرُس. جوان پستہ قد پُر گوشت۔
اَلْکَرْسَتَة. موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔
کَرْسَعَ کَرْسَعَةً الرَّجُلُ: دوڑ لگانا۔ گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔
اَلْکُرْسُوْع. گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔
کَرَاسِیْع. کُرْسُوْعُ القَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
اَلْکَرْسَعَة وَالْکُرْسُوْعَة. لوگوں کی جماعت۔
اَلْمُکَرْسَع. گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ والا۔ مؤنث مُکَرْسَعَة
کَرْسَفَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔
البَعِیْرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔
لدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَکَرْسَفَ. کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا الشَّیْئُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
اَلْکَرْسَافَة. آنکھ کی کدورت۔
اَلْکُرْسُف وَالْکُرْسُوْف. رُوئی۔
اَلْکُرْسُفَة وَالْکُرْسُوْفَة. رُوئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
اَلْکِرْسِنَّة وَالْکِرْسَنَّة. ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
کَرِشَ (س) کَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا۔
الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
کَرَّشَ. ترش رُوئی کرنا مُکَرَّشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَکَرَّشَ وَجْهُهُ: ترش رُو ہونا۔ تیوری چڑھنا
القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَکْرَشَ الجَدْیُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَکْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجَدْیِ: بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کا بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کرش کہتے ہیں) الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔
اَلْکِرْش وَالْکَرِش. جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوْش. الکَرِش

والکِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اکْرَاش و کُرُوْش. کِرش القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ کِرش کُلِّ شَیٍٔ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔

التَّکْرِیْش. اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔

الاَکْرَش مِنَ الرِجالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاءُ ج کُرْش. قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پُر گوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔

المُکَرَّشَة. کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔

کَرَصَ (ض) کَرْصًا الشَیَٔ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

کَرَّص. پنیر کھانا۔

اِکْتَرَص. الشَیَٔ: جمع کرنا۔

الکَرِیْص. پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔

المِکْرَص. دودھ دوہنے کا برتن۔

کَرَضَ (ن) کَرْضًا الشَیَٔ: تہ بتہ رکھنا۔

کَرَظَ (ن) کَرْظًا فِیْ عِرضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔

کَرَعَ (ف) وکَرِعَ (س) کَرْعًا وکُرُوْعًا فِیْ المَاءِ او الاِنَاءِ: پانی یا برتن میں مُنہ لگا کر پانی پینا۔

کَرَعَهُ (ف) کَرْعًا. پنڈلی پر تیر مارنا۔

کَرِعَ (س) کَرَعًا. دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا السَاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔

کَرَعَتِ السَّمَاءُ: برسانا۔

اَکْرَعَهُ الصَیْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَکْرَعَ القَوْمُ: مُنہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔

تَکَرَّعَ الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔

الکَرَع. مص۔ مُنہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ ورِجَالٌ کَرَعٌ" الکُرَاع مِنَ البَقرِ والغَنمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والکُرَاع مِنَ الاِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اَکْرُع واَکَارِع.

الکُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔

کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِیْ کُرَاعِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَکَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔

الکُرَاعِیّ. پائے کا بیچنے والا۔

الکَارِع. فا۔ پانی میں گھسنے والا پئے یا نہ پئے۔

الکَارِعَة. کارع کا مؤنث۔ ج کَارِعَات.

الکَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔

الکَرِیْع. برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔

الاَکْرَع. پتلی پنڈلیوں والا۔

الکَرَّاع. اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔

المَکْرَع. جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَکَارِع.

فَرَسٌ مُکْرَعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔

المُکْرَعَةُ مِنَ النَخِیْلِ وغَیْرِه: پانی لگائی ہوئی کھجور۔

کَرَفَ (ن ض). کَرْفًا وکِرَافًا، اَکْرَفَ الحِمَارُ وغَیْرُه: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ کَرَفَ الشَیَٔ: سونگھنا۔ اَکْرَفَتِ البَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔

اَلْکَرْشَنَة: عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ اَلْکَرْشُوْنِیّ: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)

الکِرْف. ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

کَرَفَاتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ کَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

تَکَرْفَأَ السَحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الکِرْفِیُٔ. بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَة کہتے ہیں۔ الکِرْفِیُٔ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُکَرْفَح. بدصورت چہرہ والا۔

اَلْکَرَافِیَّةُ: شیشہ کی بوتل۔

کَرْفَس کَرْفَسَةً. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا البَعِیْرَ: تنگ باندھنا۔

تَکَرْفَس. بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکُرْفُس. رُوئی۔

الکَرَفْس. اجوائن۔

الکُرْکِیّ. سارس۔ ج کَرَاکِیّ.

الکَرْکَدَّن. گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کَرکَدَنّ کہتے ہیں۔

کَرْ کَرَ کَرْ کَرَةً الشَیَٔ: بار بار اعادہ کرنا الرحی: چکی گھمانا الحَبَّ: دانہ پیسنا۔ الشَیَٔ: جمع کرنا الرَّجُلَ: قید کرنا فِی الضِحْكِ: بہت ہنسنا الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا الرِیَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا الاَمْرَ عَنْه: دفع کرنا، ہٹانا۔ رد کرنا بالدَجَاجَة: مرغی کو بلانا۔

تَکَرْکَرَ فِی الاَمْرِ: مضطرب ہونا المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا الطَائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الکَرْکَر. ایک آبی پرندہ۔

الکَرْکَرَة. مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

الکِرْکِرَة. سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج کَرَاکِر. الکَرَاکِر: گھوڑے کے جوڑ۔

الکَرْکُوْرَة. گہری وادی۔

کَرْکَسَ الشَّیْءَ: رد کرنا۔ ہٹانا الدابۃ چوپائے کو باندھنا (و تکرکس) الانسانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔

الکُرْکُم. زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔

الکُرْکُند. سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔

کَرُمَ (ک) کَرَمًا و کَرَمَۃً و کَرَامَۃً. عزیز و نفیس ہونا آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا السَّحابُ: بارش لانا۔

کَرَمَہُ (ن) کَرْمًا. کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَہُ فَکَرَمَہُ" اس نے اس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہو گیا۔

کَرَّمَہُ تکریمًا و تکرِمَۃً. تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہُ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (و کَرُّمَ) السَّحابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔

کَارَمَہُ کرم میں مفاخرت کرنا و کَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔

اَکْرَمَ. کریم اولاد والا ہونا۔ فلانًا: تعظیم کرنا نَفْسَہُ عَنِ الْمَعَاصِی: بچانا، محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَہُ لِی" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔

تَکَرَّمَ. بتکلف کرم کرنا (و تکارم) عَنِ کَذَا: بچنا۔ دور رہنا۔

اِسْتَکْرَمَ. عمدہ عمدہ چھانٹ لینا الشَّیْءَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔

الکَرَمُ. س۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الکَرَم. صفت بمعنی کریم و طیب۔ اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ و نِسَاءٌ کَرَمٌ و اَرْضٌ کَرَمٌ.

الکَرْم. انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوْم. بِنْتُ الکَرْمِ اوالکَرْمَۃِ او الکُرُوْمِ شراب۔ الکَرْم: ہار۔

الکَرْمَۃ. انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے

الکُرْمَۃ: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَۃٌ" مرد کریم۔

الکَرَامَۃ. س کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِكَ حُبًّا وَکَرَامَۃً لَكَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں "وَلَہُ عَلَیَّ کَرَامَۃٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃ: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا و کُرْمَۃً و کَرْمَۃً و کُرْمَی و کُرْمَانًا و کُرْمَۃَ عَیْنٍ لَكَ. یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔

الاُکْرُوْمَۃ. کرم کا فعل۔

التَّکْرِمَۃ. س۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔

الکَرِیْم. صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ کَرِیْمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام و کُرَمَاء. اور لفظ "کَرِیْم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ: نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب وَجْہٌ کَرِیْمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَان: حج اور جہاد۔

الکَرِیْمَۃ. کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات وکَرَائِم وکِرَام. الکَرِیْمَۃ: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الکَرِیْمَتَان: دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃُ الرَّجُلِ: بیٹی الکَرِیْمَۃ: صاحب کریم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہو۔ کَرِیْمَۃٌ میں تا مبالغہ کے لیے ہے۔ کَرَائِمُ المَالِ: عمدہ اور بہترین مال۔

الکُرَام. کریم۔ ج کُرَامُوْن.

الکَرَّام. انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔

الکُرَّام والکُرَّامۃ. بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن.

المَکْرُمَانُ. کریم بہت وسیع اخلاق والا۔ اور یہ نداہی کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرُمَانُ.

المَکْرَم والمَکْرَمَۃ. شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم. اَرْضٌ مَکْرَمَۃٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔

المَکْرُم والمَکْرُمَۃ. کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الْخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔

المِکْرَام. لوگوں کا اکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔

المُکْرَم. مف۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔

کَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا ضَیْفَہُ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔

الکُرُنْب والکَرَنْب کرم کلا۔

الکُرُنْبِیَّۃ. ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔

فَرَاشَۃُ الکُرُنْبِ: او دُوْدَۃُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔

اَلْکُرُوْرِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا اسٹریلیا ہے۔

کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَہُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ کَرْنَفَ الشَّیْءَ بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا النَّخْلَۃَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔

الکِرْنَاف والکُرْنَاف. کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ واحد کُرْنَافَۃٌ ج کَرَانِیْف.

اَنْفٌ مُکَرْنَف. موٹی ناک۔

کَرِہَ (س) کَرْھًا و کُرْھًا و کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً و مَکْرُھَۃً و مَکْرَھَۃً الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِہٌ. صفت مفعولی مَکْرُوْہٌ.

کَرِهَ (س) کَرَاهَةً و کَرَاهِیَةً الْاَمْرَ او الْمَنْظَرَ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْهٌ۔

کَرَّهَ الشَّیْءَ فُلَانًا و کَرَّهَ الشَّیْءَ اِلٰی فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔

اَکْرَهَ فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔

الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اکسانا۔

تَکَرَّهَهٗ و تَکَارَهَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّهَ و تَکَارَهَهٗ. غضبناک ہونا۔

اِسْتَکْرَهَ الشَّیْءَ: قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔

الْکَرْهُ والْکُرْهُ. مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے۔ اور بقول بعض کُرْهٌ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْهٌ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ کُرْهٌ" مکروہ چیز "و رَجُلٌ کُرْهٌ" ناراض مرد "وَجْهٌ کَرْهٌ" قبیح چہرہ "و فَعَلَهٗ کَرْهًا" یعنی اس نے اس کو مجبور آکیا۔

الکَرِهُ. قبیح۔

الکَرَاهَةُ. مص۔ سخت زمین۔

الکَرَاهِیْنَ. کراہت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُكَ کَرَاهِیْنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔

الْکَرِیْهَةُ. مؤنث کَرِیْهٌ. لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِهُ. ذُوالْکَرِیْهَةِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَهٗ کَرَائِهَ وَمَکَارِهَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔

الْمَکْرَهُ. مکروہ۔ ج مَکَارِهُ.

الْمَکْرَهَةُ والْمَکْرُوْهَةُ. ناپسندیدہ و دشوار چیز۔ ج مَکَارِهُ.

الْمَکْرُوْهُ. مذ۔ شر۔ ناپسندیدہ۔

الْمَکْرُوْهَةُ. سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْمَکْرُوْهَةٍ" وہ سختی میں ہے۔

کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا. الْاَرْضَ: کھودنا الْاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا الْبِئْرَ: کنوئیں کا منہ درخت کے تنوں سے بنانا بِالْکُرَةِ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَّابَّةُ: تیز دوڑنا۔

کَرِیَتْ تَکْرٰی کَرًا. السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا الْمَرْاَةُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔

الْکَرَا. بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کَرَوَان کا مذکر۔

الْکَرَوَان. ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کرٰی کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَةٌ. ج کِرْوَان و کَرَاوِیْنُ.

الْکُرَةُ. ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز۔ اور نسبت کے لیے کُرِیٌّ و کُرَوِیٌّ ج کُرًی و کُرِیْنَ و کِرِیْنَ و کُرَاتٌ و اُکَرٌ.

الْکُرَوِیَا والْکَرَوْیَاءُ. زیرہ۔

کَرٰی یَکْرِیْ کَرْیًا الرَّجُلُ: تیز دوڑنا النَّهْرَ: نہر کو کھودنا بِالْکُرَةِ. گیند کھیلنا۔

کَرِیَ یَکْرٰی کَرًی الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان و کَرِیٌّ.

کَارَاهُ مُکَارَاةً و کِرَاءً الدَّابَّةَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ.

اَکْرٰی اِکْرَاءً الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا (ضد) فُلَانٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الْاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا الْحَدِیْثَ: بات طویل کرنا فُلَانٌ دَابَّتَهٗ اَوْ دَارَهٗ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔

الْکِرْوُ والْکُرْوُ والْکُرْوَةُ

تَکَرّٰی تَکَرِّیًا. سونا۔

اِکْتَرٰی مِنْهُ الدَّارَ وغَیْرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

تَکَارٰی واسْتَکْرَی الدَّارَ وغَیْرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

الْکِرَاءُ والْکِرْوَةُ. کرایہ۔

الْکَرِیُّ. اونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَکْرِیَاءُ. بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کَرِیَّةٌ.

الْکَرْیَان. اونگھنے والا۔

الْمُکَارِیْ. جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْنَ. اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔

الْمُکَرّٰی مِنَ الْاِبِلِ: آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔

کَزَّ (ن) کَزًّا الشَّیْءَ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاهُ: قدم قریب قریب ہونا الْمَرْاَةُ دُمْلُجَهَا: عورت کا بازوبند کو بازو سے بھر دینا (کَزَازَةً و کُزُوْزَةً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔

کُزَّ. سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔

اَکَزَّ اللّٰهُ فُلَانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی مَکْزُوْزٌ.

اِکْتَزَّ. سکڑنا۔

الْکَزُّ. مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ "و ذَهَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط "و فُلَانٌ کَزُّ الْیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزٌّ.

الکَزَّةُ کَزٌّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّةٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں "وبَکَرَةٌ کَزَّةٌ" یعنی تنگ چرخی۔

الْکَزَّان. کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔

الْکَزَزُ. بخل۔

الکُزَازُ والکُزَّازُ. سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

کَزِبَ (س) کَزَبًا. مُشْطُ الرِّجْلِ. پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا یا سکڑنا۔

الْکَزْبَرَةُ والْکُزْبُرَةُ والْکَزْبُرَةُ. دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔

کَزَمَ (ن) کَزْمًا. منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ الْجَوْزَةَ ونَحْوَهَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا ۵ سخت دانت کاٹنا۔

کَزِمَ (س) کَزَمًا. بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَمُ. پیش قدمی سے ڈرنا۔

کَزَمَ الْبَرْدُ اَصَابِعَهٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَم. سَکِرْنا عَنِ الطَّعام: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔
تَکَزَّمَ الفاکِهَةَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔
الکَزَم. تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔
الکَزَم. بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِي يَدِهٖ كَزَمٌ" جبکہ افعالِ خیر کے لیے ہاتھ نہ کھلے۔
الکَزِم مِنَ الرِّجال: بزدل خائف مرد۔
الکَزْمان مِنَ الرِّجال: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔
المُتَکَزِّم. چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔
کَزیٰ یَکْزِیْ کَزْیًا. اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔
کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیْءَ: باریک کوٹنا۔
کَسَّ (س) کَسَسًا. چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسّ مؤنث کَسّاء ج کُسّ.
الکُسّ. اندامِ نہانی۔
الکَسِیْس. ٹوٹی ہوئی روٹی۔ شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔
المَکْسُوس. ج ٹوٹی ہوئی روٹی۔
کَسَأَهٗ (ف) کَسْأً. پیچھا کرنا۔ کَسَأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا۔ القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا۔ هٗ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔
الکَسْءُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔
الکَسْءُ والکُسْءُ مِن کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْساء. کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسْأَهٗ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "واَتَیْنا فِی اَکْساءِ الشَّهْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے "وَمَرُّوا فِی اَکْساءِ المُنْهَزِمِیْنَ او عَلٰی اَکْساءِ هِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔
کَسَبَ (ض) کَسْبًا وکِسْبًا وتَکَسَّبَ واکْتَسَبَ مالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا لِاَهْلِهٖ: کمائی کرنا۔
کَسَّبَ وکَسَبَ واَکْسَبَ فُلانًا مالًا او عِلْمًا مال یا علم حاصل کرانا۔
اِسْتَکْسَبَ وتَکَسَّبَ فُلانًا: کمائی کرانا۔
تَکَسَّبَ الرَّجُلُ کمانے کی کوشش کرنا۔
الکَسْب. مص۔ کمائی۔
الکِسْبَة والکَسِیبة. کمائی۔
الکاسِب. فا۔ ابوکاسب: بھیڑیا۔
الکاسِبَة. کاسب کا مؤنث ج کَواسِب
الکَواسِب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔
الکَسُوب والکَسّاب. بہت کمائی کرنے والا۔
المَکْسَب والمَکْسِب والمَکْسِبَة. کمائی۔
اَلْکُسْتَنا: ایک معروف درخت شاہ بلوط۔ ابوفروہ۔ اس کے پھلوں کو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ کُسْتَنَةُ الحِصانِ او قَسْطَلَةُ الحِصانِ. سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔
الکَسّاب. بھیڑیا۔
الکُسْب. کھلی۔
الکُسْبُج. کھلی۔
الکُسْبُر. ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَساسِر
الکُسْبُرَة دھنیا۔
کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنا بَنِی فُلانٍ فَکَسَحْناهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔
کَسِحَ (س) کَسَحًا. ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحان کہا جاتا ہے "ما اَکْسَحَهٗ" کس قدر بوجھل ہے۔
کاسَحَهٗ مُکاسَحَةً. بہت سخت جھگڑا کرنا۔
اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغارُوْا عَلَیْهِم فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔
الکَسْح مص۔ عاجزی۔
الکُساحَة. کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الکَسِح. وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔
الاَکْسَح. ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحان.
الکَسِیْح والکُسَیْح والکُسْحان ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔
الکُساح. اونٹوں کا ایک مرض۔
المِکْسَحَة. جھاڑو۔
المُکَسَّح. چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّحٌ
المَکْسُوْح. ج جَمَلٌ مَکْسُوْحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔
کَسْحَبَ کَسْحَبَةً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔
کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کاسِدٌ وکاسِدَةٌ واَکْسَدُ.
اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔
اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔
اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔
اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔
الکُسْد. قسط (ایک دوا کا نام)
الکَسِیْد. مندا۔ گھٹیا۔
کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ:

توڑنا۔
العَسْکَر: لشکر کو شکست دینا الوَصِیَّةَ:
صیت منسوخ کرنا الشِعْرَ: شعر کا وزن
رست نہ کرنا الطَائِرُ جُنَاحَیْهِ: پرندہ کا
ترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا الحَرْفَ:
رف کو زیر دینا الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور
بل لگانا المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے
بٹنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرفِهِ وعَلٰی طَرْفِهِ: نگاہ
ت کرنا فُلَانًا عَنْ مُرادِهِ: پھیرنا۔
کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَائِرُ: پرندہ کا
ترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔
کَسِرَ (س) کَسَرًا. کاہل ہونا۔
کَسَّرَ بمعنی کَسَرَ. تشدید مبالغہ اور تکثیر
کیلئے ہے و کَسَّرَتِ المِرْاٰةُ ونَحوُهَا النُوْرَ
عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ آئینہ نے فلاں چیز پر
روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ
الکَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ
الکِتَابَ عَلٰی عِدَةِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند
ابواب پر منقسم کیا۔
تَکَسَّرَ. ٹوٹنا الشَیْئَ: توڑنا۔
اِنْکَسَرَ. ٹوٹنا العَسْکَرُ: لشکر کا شکست کھانا
اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ
سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا الحَرُّ:
گرمی کم ہونا العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا
نرم ہونا اور خمیر ہونا عَنِ الشَیْئِ: عاجز ہونا۔
اِکْتَسَرَ الشَیْئَ. توڑنا۔
الکَسْر. مس زیر کی حرکت۔ بہت کم فِی
الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی چوتھائی
اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْر وج
کُسُوْرَات
الکِسْر والکَسْر. عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع
گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهُ وهُوَ یُطْعِمُ
النَاسَ مِنْ کُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے
پاس آیا اور وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا
تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو
زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار
و کُسُوْر. کُسُوْرُ الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ
(اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں)
"هٰذِهِ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی
نیچی ہے۔
الکَسْرَة. کَسَر کا اسم مرۃ زیر کی حرکت
۔شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمْ
الکَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے "و بِعَیْنِهٖ
کَسْرَةٌ مِنَ السَّهْرِ" یعنی اس کی آنکھ میں
نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج
کَسَرات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ
و هَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں
نقصان ہوتا ہے۔
الکِسْرَة ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَرَ
و کِسِرات و کِسَرات.
کَسْرٰی و کِسْرٰی. شاہان فارس کا نام۔ ج
اَکَاسِرَة و اَکَاسِر و کَسَاسِرَة و کُسُوْرا
اور نسبت کے لیے کَسْرَوِیّ اگر کَسْرٰی کی
طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف
ہو۔ کِسْرَوِیّ اِکْسِرِیّ.
الکُسَار والکُسَارَة مِنَ الحَطَبِ
ونَحْوِهٖ: کھورا۔ چھپٹی۔
الکَسِیْر. ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْرٰی و
کَسَارٰی.
الاِکْسِیْر. وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا
دے۔
التَکْسِیْر ~ مس. والتَکْسِیْر عِنْدَ
المُهَنْدِسِیْنَ: پیمائش۔
الکَاسِر. فا۔ ج کُسَّر. عقاب۔ کہا جاتا ہے
عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کیے
ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔
کَاسِرُ الحَجَرِ او القُلَّبِ: پہاڑی علاقے کا
پھول۔
الکَاسِرَة کاسر کا مؤنث ج کَاسِرَات
و کُسَّر و کَوَاسِر الکَوَاسِر: شکاری
پرندے۔
اَلتَکَسُّرُ (فی الطب): وہ حالت جو جسم میں
کمزوری والی ٹھنڈک اور چڑنے اور پٹھوں میں
بدحالی پیدا کر دے۔
اَلاِنْکِسَارُ (فلکیات): ایتھی شعاع کی جہت
میں تبدیلی جو شفاف مادے سے گزر کر دوسرے
مادے کے وسط تک چلی جاتی ہے۔
الکَسَّار. اسم مبالغہ۔
المَکْسِر. توڑنے کی جگہ۔ مَکْسِرُ
الشَجَرَة: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں
سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا
ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ المَکْسِرِ" فلاں آزمائش
کے وقت اچھا ہے۔
المُکَاسِر مِنَ الجِیْرَانِ: پڑوسی جس کے
مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا
ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِی مُکَاسِرِی"
وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ
میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔
المُکَسَّر. مع. المُکَسَّر مِنَ الاَوْدِیَةِ:
وادی جس کے موڑ بہہ رہے ہوں۔ الجمع
المُکَسَّر: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد
وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ.
مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد.
المَکْسُوْر. مع. صَوْتٌ مَکْسُوْرٌ: نرم و
کمزور آواز۔
المُتَکَسِّر. فا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُ
مُتَکَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔
کَسَعَهٗ (ف) کَسْعًا. دھتکارنا۔ دھتکارتے
ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔
کَسَعَ السَفِیْنَةَ فِی البَحْرِ: کشتی کو سمندر
میں اتارنا اور چلانا۔ کَسَعَهٗ بِکَذَا: تابع بنانا۔
کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَیْلُ یَکْسَعُ
بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں
کہ بعض بعض کے پیچھے تھے "واتَّبَعَ فُلَانٌ
اَدْبَارَهُمْ یَکْسَعُهُمْ بِالسَیْفِ" فلاں ان
کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا
"کَسَعْتُ الرَجُلَ بِمَا سَاءَهٗ" جبکہ گفتگو
کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ
ہو۔
کَسَعَتْ واکْتَسَعَتِ الخَیْلُ بِاذْنَابِهَا
گھوڑوں کا ٹانگوں میں دم دبانا۔

تَکَسَّع فِيْ ضَلَالِهٖ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔
الکَسَع فِيْ الخَيْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی۔
الکُسَع. روٹی کے ٹکڑے۔
الکُسْعَة. پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج کُسَع. کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔
الاَکْسَع. مِنَ الخَيْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی والا گھوڑا مِنَ الطَّيْرِ: دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔
رَجُلٌ مُکَسَّعٌ. بے بیاہا مرد۔
الکُسْعُوْم. گدھا۔
کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا اللّٰهُ الشَّمْسَ او القَمَرَ: گہن لگانا بَصَرَهٗ: نگاہ پست کرنا الشَّمْسُ النُّجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔ الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔ کَسَفَهٗ الحُزْنُ وغَيْرُهٗ: غمگین کر دینا۔
کَسَفَتِ (ض) کُسُوْفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا وَجْهُهٗ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا حَالُهٗ: بُرا ہونا۔ کَسَفَ اَمَلُهٗ: اُمید منقطع ہونا کَسَفَ بَالُهٗ: جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔
تَکَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔
اِنْکَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔
کَسَّفَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکَسْف. مص عرب کے امثال سے ہے "اَکَسْفًا وامْسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)
الکَاسِف. فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "وکَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "ويَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "ورَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔

الکِسْفَة. ٹکڑا ج کِسْف وکِسَف واَکْسَاف وکُسُوْف.
الکَسِيْفَة. ٹکڑا۔
الکَسْکَسَة. مص وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واکرُ مُتُکِس بك واکرمتك میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)
الکُسْکُس. ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔
کَسِلَ (س) کَسَلًا وتَکَاسَلَ کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِلٌ وکَسْلَانُ ج کُسَالٰی و کَسَالٰی مؤنث کَسِلَةٌ وکَسْلَانَةٌ وکَسْلٰی.
کَسِلَ (س) کَسَلًا واَکْسَلَ. بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔
اَکْسَلَ الاَمْرُ فُلَانًا: کاہلی میں ڈالنا۔
الکَسَالَة. بیکاری۔
الکَسُوْل. کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لیے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الکِسْل والمِکْسَل. دُھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور افعال خیر میں خودداری نہ ہو۔
المِکْسَال. کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لیے باعث مدح ہے۔
المَکْسَلَة. سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشِّبَعُ مَکْسَلَةٌ" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَا تَکْسِلُهٗ المَکَاسِلُ" اسباب کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔
کَسَمَ (ض) کَسْمًا اليَابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا عَلٰی عِيَالِهٖ: کمائی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا نَارَ الحَرْبِ: لڑائی بھڑکانا۔
الکُسْم. مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔

الکَسُوْم. گزرنے والا۔
الکَيْسُوْم. بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَيْسُوْمٌ واَکْسُوْمٌ ويَکْسُوْمٌ" یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَيْلٌ اَکَاسِمُ. بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
کَسَا يَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَّوْبَ فُلَانًا: کپڑے پہنانا۔ کَسَاهُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔
کَسِيَ يَکْسَی وکُسِيَ کَسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا کَسِيَ يَکْسٰی کَسَاءً: بزرگ ہونا۔
تَکَسّٰی تَکَسِّيًا بالکِسَاءِ: اوڑھنا۔ پہننا۔
کَاسٰی مُکَاسَاةً فُلَانًا: فخر کرنا۔
اِکْتَسٰی. لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَيْتُهٗ ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔
اِسْتَکْسٰی فُلَانًا: کسی سے لباس مانگنا۔
الکَاسِي. فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاة
الکَسَاء. بزرگی و شرف۔
الکِسَاء. کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِيَة
الکُسْوَة والکِسْوَة لباس۔ ج کُسًی وکِسًی.
الاَکْسٰی. بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الکُسّٰی چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاء. کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَهٗ" وہ گدی کے بل گرا۔
کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِيْشًا الزَّنْدُ: آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا الجَرَّةُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
کَشَّتْ کَشِيْشًا الحَيَّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ: اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا البَقَرَةُ: گائے کا آواز نکالنا (کَشًّا) الرَّجُلَ وغَيْرَهٗ: دھتکارنا۔ ڈانٹنا

تکاشَتِ الاَفاعی: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔
الکش. وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔
الکُشَّہ. پیشانی یا سر کے اگلے حصّہ کے بالوں کا گچھا۔
الکَشِیش. س۔ شراب کے جوش کی آواز۔
کَشَأ (ف) کَشأ الشَیْءَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا فُلانًا بالسَیْفِ تلوار سے مارنا (واکتشا) اللحم: گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْءٌ وکَشَأ الرَجلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشأ المرْاَۃَ: جماع کرنا۔
کَشِئَتَ(س) کَشأ وکَشاءً یَدُہٗ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔
کَشأ وکَشِیْءَ کَشأ وکَشاء وتکَشَّأ الرَجلُ مِنَ الطَعام: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْءٌ وکَشِیٌ. تکَشَّأ الشَیءَ: چھل جانا اللحمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
کَشَّأ تکْشِئَۃَ اللحمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
الکُشاۃ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی جَسَدِہٖ کُشاۃ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔
کَشَبَ(ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللحمَ: گوشت بہت کھانا۔
الکُشْبُان انگشتانہ ج کَشَاتِیْبِن. وزَھْرُ الکُشْبُان ایک قسم کی نباتات۔
الکَشُوْث والکُشُوْثِی والکَشُوْثَی والکَشُوْثاء. ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔
کَشَحَ(ف) کَشْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا القومَ: پراگندہ کرنا؛ دھتکارنا عَنِ الماءِ پانی پر سے واپس ہونا لَہٗ بالعَدَاوَۃ: دشمنی کرنا الدَابۃُ چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا الطَائِرُ پرندہ کا تیز واپس آنا الظَلامُ او الضَوءُ تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا (و کَشَّحَ) العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا البَعِیرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ۂ: پہلو پر داغ دینا۔
کُشِحَ الرَجلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح. کُشِحَ القَوْمُ عَنِ الماءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کَشِحَ(س) کَشَحًا: درد پہلو والا ہونا۔
کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکاشَحَۃً فُلانًا بِالعَدَاوۃ: دشمنی رکھنا۔
اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ الماءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔
تکَشَّحَ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
الکَشْح. س۔ پہلو۔ ج کُشُوح. کہا جاتا ہے "طَوٰی کَشْحَہٗ عَنْ فُلانٍ او طَوٰی کَشْحًا عَنْہُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا "وطَوٰی کَشْحَہ عَلَی الاَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔
الکُشَح. پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔
الکَاشِح. فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔
الکِشَاح. پہلو کا داغ۔
الکُشَاحَۃ باطنی عداوت۔
المِکْشَح والمِکْشَاح. تلوار کی دھار۔
المِکْشَاح. کلہاڑا۔
کَشَدَ(ض) کَشْدًا الشَیءَ دانتوں سے کاٹنا النَاقَۃَ اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔
اَکْشَدَ. خالص مکھن بنانا۔
الکُشْدَۃ مکھن۔
الکَاشِد والکَشُوْد والکَشْد اہل وعیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد.
کَشَرَ(ض) کَشْرًا عَنْ اَسْنَانِہٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَۃ السَبعُ عَنْ نَابِہٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلانٌ لَہٗ: چیتے جیسا بننا۔
کَشِرَ(س) کَشَرًا: بھاگنا۔
کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِہٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔
کَاشَرَہٗ مُکاشَرَۃً. باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔
اَکْشَرَ لَہٗ عَنْ اَنْیابِہٖ دھمکی دینا۔
تکَشَّرَ دانت نکالنا۔
الکُشْر. س۔ سوکھی روٹی۔
الکَشَر انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔
المُکاشِر. فا۔ الجَارُ المُکاشِر: قریبی پڑوسی۔
کَشَطَ (ض) کَشْطًا واِسْتَکْشَطَ الشَیءَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَیءِ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا الحَرْفَ: موقع سے ہٹا دینا۔ وکَشَطَ البَعِیرَ: اُونٹ کی کھال اُتارنا واِسْتَکْشَطَ البَعِیرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔
تکَشَّطَ السَحَابُ فِی السَمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
اِنْکَشَطَ. اُتارا جانا۔ ننگا ہونا الرَوْعُ: خوف زائل ہونا۔
الکَشَّاط. قصائی۔
الکِشَاط. انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔
الکُشَطَۃ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔
کَشَعَ(ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْل: قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہونا۔
کَشِعَ(س) کَشَعًا. بددل ہونا۔ زچ ہونا۔
کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکَاشِفَۃً الشَیءَ وعَنِ الشَیءِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰہُ غَمَّہٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے "وکَشَفَتْہُ الکَوَاشِف" یعنی رُسوا کر دیا۔

کَشَفَ(س) کَشفًا:شکست کھانا الرَّجُلُ او الفَرسُ کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔
کَشَّفَ الشَّیٔ کھولنا۔ ظاہر کرنا فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔
کَاشَفَهٗ بِکَذَا خبردار کرنا ہٗ بِالعَدَاوۃِ کھلی کھلی دشمنی کرنا۔
اَکْشَفَ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔
اِنْکَشَفَ الشَّیٔ ظاہر ہونا۔
تَکَشَّفَ الشَّیٔ ظاہر ہونا البَرْقُ بجلی کا آسمان پر پھیلنا الرَّجُلُ رُسوا ہونا۔
تَکَاشَفَ القَوْمُ ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔
اِکْتَشَفَ الشَّیٔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاِکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو اُمورِ طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔
اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَّیٔ ظاہر کرنے کو کہنا۔
الکَشْفُ مص عند العروضیین ساتویں متحرک کا گرادینا۔
اَلکَشْفُ وہ کاغذ جس میں سامان تجارت کی مقدار اور اس پر معاوضہ ادائیگی تحریر کیا جاتا ہے۔
اَلکَشْفُ الإلٰهِي: عِندَالصُوفِیِّیْن جب صوفی ولی اللہ مخصوص طرق عبادت اختیار کرے تو اس پر حقائق الٰھیۃ منکشف ہو جاتے ہیں۔ اصحاب الکشف ان ہی حضرات کو کہا جاتا ہے جن پر کشف ہوتا ہے۔
الکَشَفُ سر کے اگلے حصّہ کے بال گر جانا۔
والکَشَفُ فِي الخَیْلِ دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔
الکَشَفَةُ سر کے اگلے حصّہ میں بال گرنے کی جگہ۔
الکَاشِفُ فا۔ج کَشَفَة
الکَاشِفَةُ مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی ج کَوَاشِف.
الکَشَّافُ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَشَّافُ الغمم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الاَکْشَفُ: جس کے سر کے اگلے حصّہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔
الکَشْفَاءُ. اکشف کا مؤنث۔
الکَشِیْفُ بمعنی مَکْشُوْف. کھلا ہوا۔ ظاہر۔
الکَشْكُ جو کا پانی۔ آش جو۔
الکَشْكُ عند عامتنا ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے الکَشْكُ. گنبد دار محل (دخیل)
کَشْکَشَ کَشْکَشَةً بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ الحَیَّةُ سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الکَشْکَشَةُ مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اَکرمتُشِ وعَلَیْشِ اَکْرَمْتُكِ وعَلَیْكِ میں۔
الکَشْکُوْلُ والکَشْکُوْلَةُ. بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔
کَشَمَ(ن) کَشْمًا وکَشَّمَ واکْتَشَمَ. الاَنفَ ناک جڑ سے کاٹنا۔
کَشِمَ(س) کَشَمًا. پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اَکْشَمُ.
کَشَمَ(ض) کَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنْفٌ کَشِمٌ واَکْشَمُ. جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔
الکَشْمُ والاَکْشَمُ. تیندوا۔ کَشْمَرَ رونے کے لیے آمادہ ہونا اَنفَهٗ ناک توڑ دینا۔
الکِشْمِشُ کشمش واحد کِشْمِشَة
کَشَا ہٗ یَکْشُوْ ہٗ کَشْوًا دانتوں سے کاٹ کھانا۔
الکُشْیَةُ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دُم کی جڑ۔ ج کُشًی

کَصَّ(ض) کَصًّا القَوْمُ اکٹھا ہونا (کَصِیْصًا) المَاءُ بِالنَّاسِ پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (کَصًّا وکَصِیْصًا) الصَّوْتُ آواز باریک ہونا۔
اَکَصَّ بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَکَاصَّ واکْتَصَّ القَوْمُ اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
الکَصِیْصُ مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ وتاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔
الکَصِیْصَةُ جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج کَصَائِص.
کَصْکَصَ. تیز چلنا۔
کَصَمَ(ض) کُصُوْمًا. پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (کَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ الرَّجُلَ سختی سے ہٹانا۔
کَصَی یَکْصِی کَصْیًا. رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
کَضَلَ(ن) کَظْلًا ہٹانا۔ دُور پھینکنا۔
کَظَّ(ن) کَظًّا الطَّعَامُ فُلَانًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا الغَیْظُ صَدْرَهٗ: سخت غضبناک ہونا الحَبْلَ رسّی باندھنا۔ خَصْمَه: چاروں طرف سے گھیر دینا (کَظَاظًا وکَظَاظَةً الاَمْرُ فُلَانًا) غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا المَسِیْلُ بِالمَاءِ پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔
کَاظَّهٗ کِظَاظًا ومُکَاظَّةً. جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔
تَکَاظَّ القَوْمُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔
اِکْتَظَّ مِنَ الطَّعَامِ سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا المَسِیْلُ بِالمَاءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا المَحَلُّ: لوگوں سے بھر جانا اِکْتَظَّهُ الغَیْظُ: سینہ کا غصّہ سے بھر جانا۔
الکِظَّةُ بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی

تکلف۔
الکِظَاظ. س۔ تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔
الکَظُّ. س کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَظٌّ" سخت گیر مرد (والکَظِیْظ والمُکَظَّظ والمَکْظُوْظ) وہ شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔
الکَظِیْظ والمَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔
الکَظِیْظ. بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی بَاب فُلَانٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔
طَعَام مُکِظَّة. بد ہضمی والا کھانا۔
کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا. بہت موٹا ہونا۔
کَظَرَ (ن) کَظْرًا. القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا الزَنْدَةَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔
الکُظْر. کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (والکُظْرَة) ردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔
الکِظْر ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔
کَظَمَ (ض) کَظْمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا النَھرَ: نہر کو روکنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا اور مُنہ باندھنا البَعِیْرَ بالکِظَامَة: اُونٹ کو نکیل لگانا الشَیءَ و عَلَی الشَيءِ: روکنا کُظُوْمًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلَانٌ عَلٰی جِرَّتِهٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (کَظْمًا و کُظُوْمًا) غَیْظَه: غصہ نگل جانا۔
کُظِمَ کُظُوْمًا. خاموش رہنا۔
الکَظَم. سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام و کِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِه" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔
الکِظَام. بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔
الکِظَامَة. وادی کا دہانہ۔ اُونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُیُوْطَ فِي کِظَامَتَي المِیْزَان" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الکِظَامَة: زمین کے اندر پانی کی نالی۔ کِظَامَةُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز (والکَظِیْمَة) دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔
الکَظِیْمَة: توشہ دان۔ ج کَظَائِم.
الکَاظِم. فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم. بَعِیْرٌ کَاظِمٌ پیاسا اُونٹ۔
اِبِلٌ کُظُوْم. اُونٹ جو جگالی نہ کرے۔
الکَظِیْم والمَکْظُوْم. مصیبت زدہ۔
الکَظِیْم: دروازہ بند کرنے کی چیز۔
کَظَا یَکْظُوْ کَظْوًا لَحمُهٗ: گوشت سخت ہونا۔
تَکَظّٰی لَحمُهٗ سِمَنًا: موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔
اَرْضٌ کَاظِیَة خشک زمین۔
کَعَّ (ن ض) کَعًّا و کُعُوْعًا و کَعَاعَةً و کَیْعُوْعَةً. کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔
اَکَعَّ فُلَانًا: خوف دلانا۔ بزدل بنانا فِي کَلَامِه: کلام میں رکنا الخَوْفُ فُلَانًا: ارادہ سے باز رکھنا۔
الکُعُّ والکَاعُ. کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعُّ الوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔
کَعَبَتْ (ن ض) کُعُوْبًا و کُعُوْبَةً و کَعَابَةً الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت کَعَاب و کَاعِب.
کَعَبَ (ف) کُعُوْبَ الثَدْيُ: پستان اُبھرنا۔
(کَعْبًا) الإنَاءَ: برتن بھرنا فُلَانًا: خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔
کَعَّبَ الإنَاءَ: برتن بھرنا الشَيءَ: چوکور بنانا۔ کَعَّبَتِ الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔
اَنْکَعَبَ. دوڑنا۔
الکَعْب. دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج کُعُوْب. کہا جاتا ہے "اَعْلَی اللّٰه کَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ کَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہوگئی و "رَجُلٌ عَالِي الکَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔
الکَعْب: پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج کُعَب و کِعَاب. والکَعْبُ فِي عِلْمِ الهَنْدَسَةِ: مربع جسم۔ الکَعْب: ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج کِعَاب و کُعُوْب و اَکْعُب.
الکِعَاب. نرد کے مہرے۔ واحد کَعْبٌ و کَعْبَة.
تَکْعِیْب عَدَدٍ مَا: تین برابر اعداد کا حاصل ضرب جیسے ۶ کا کعب ۲۱۶=۶×۶×۶
الکُعْب. اُبھری ہوئی پستان۔
الکَعْبَة. نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ جھروکہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج کِعَاب و کَعبَات.
الکُعْبَة. دوشیزگی۔
جَارِیَةٌ کَعَابٌ و مُکَعِّبٌ. اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ مُکَعَّبٌ".
الکَاعِب. مِنَ الجَوَارِي والثُدِيِّ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج کَوَاعِب.
المُکَعَّب. مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِي الحِسَابِ مُکَعَّبُ العَدَدِ: چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ ثَدْيٌ مُکَعِّبٌ: اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)
مُکَعَّبَة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔
کَعْبَرَهٗ کَعْبَرَةً بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔
الکَعْبَرَة س مِنَ النِّسَاءِ: عجمی اُکھڑ عورت۔
الکُعْبُر مِنَ العَسَلِ: شہد کے چھتہ میں جو

جمع ہے۔
الکُعْبُرَۃُ سخت گرہ دار ہڈی۔ بند و ست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پاخانہ جو اُونٹ کی دُم پر خشک ہو جائے۔ کُعْبُرَۃُ الکَتِفِ مونڈھے کا گول حصّہ۔ کُعْبُرَۃُ الوَظِیْفِ پنڈلی کے نچلے حصّہ کے ملنے کی جگہ۔ ج کَعَابِر. الکَعَابِرُ: ہڈیوں کے سرے۔
الکُعْبُوْرَۃُ گرہ۔ جمع شدہ۔ غلّہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج کَعَابِیْر.
اَکْعَتَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصّہ سے پھولنا۔
الکُعْت پستہ قد مرد۔ مؤنث کُعْتَۃٌ.
الکُعْتَۃ شیشی کا سر بند۔
کَعْتَرَ تیز چلنا۔ تیز دوڑنا فِیْ مَشْیِہٖ: مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔
الکُعْتُر چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔
الکُعْد گون۔
الکُعْدَۃ شیشی کا سر بند۔
الکُعْذَب فرومایہ۔ بے مروت مرد۔
الکُعْذُبَۃ پانی کا بلبلہ۔
کَعِرَ (س) کَعَرًا الصَّبِیُّ: پُر شکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت کَعِرٌ. کَعِرَ البَطْنُ: پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ (و کَعَّرَ و اَکْعَرَ) البَعِیْرُ: اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔
کَعَرَ یَکْعَرُ کَعْرًا: ملامت کرنا۔
الکُعْر کوہان۔
الکُعْرَۃ غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔
الکُعْوَرَۃ بڑی ناک والا۔
کَعَزَ (ف) کَعْزًا انگلیوں سے چننا۔
الکُعْس ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج کِعَاس.
کَعْسَبَ کَعْسَبَۃً. الرَّجُلُ: دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔
کَعْسَمَ کَعْسَمَۃً. پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الکُعْسُم گورخر۔ ج کَعَاسِم.
کَعْطَلَ کَعْطَلَۃً تیز دوڑنا بِیَدِہٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الکُعَیْظ و المُکَعْظ پستہ قد۔ موٹا مرد۔
کَعْظَلَ کَعْظَلَۃً تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ بِیَدِہٖ انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الکَعْک کیک۔ واحد کَعْکَۃ. ج کَعْکَات (دخیل)
تَکَعَّلَ التَّمْرُ و نَحْوُہٗ: ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔
الکُعَل بخیل مالدار۔ پاخانہ گوبر (و الکُعَل) کالا پستہ قد مرد۔
المُکْعَلّ غصّہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔
کَعَمَ (ف) کَعْمًا الوِعَاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ البَعِیْرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا الخَوْفُ فُلَانًا: ہٹانا المَرْأَۃَ: عورت کا بوسہ لینا۔
الکِعْم ہتھیار کا کیس۔ نیام۔ ج کِعَام.
الکِعَام ج کُعُم و الکِعَامَۃ. تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
کُعُوْمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کے دہانے۔
بَعِیْرٌ مَکْعُوْمٌ. تھوتھنی چڑھایا ہوا اُونٹ۔
اَکْعَنَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔
تَیْسٌ مُکَعْنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔
تَکَعْنَشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ فُلَانٌ فِی الشَّیْءِ: مستغرق ہونا۔
کَعَا یَکْعُو کَعْوًا. بزدل ہونا۔
الکَاعِی. فا۔ شکست خوردہ۔
الاَکْعَاء. بزدل لوگ۔
اَلْکُعْوَۃُ. وہ جو کفایت کرے۔
الکَاغِد و الکَاغَد. کاغذ۔
الکَاغِدِیّ. کاغذ بیچنے والا۔
کَفَّ (ن) کَفًّا و کَفَافَۃً. الثَّوْبَ: لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (کَفًّا) الاِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا الشَّیْءَ: جمع کرنا رِجْلَہٗ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا القَبِیْلَۃَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا مَاءَ وَجْھِہٖ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا ہٗ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا (کُفُوْفًا) النَّاقَۃُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔
کَفَّ و کُفَّ. بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔
تَکَفَّفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا الرَّجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا۔ عَنِ الاَمْرِ: چھوڑنا دَمْعُہٗ: آنسو کا رکنا۔
تَکَافَّ عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا القَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔
اِنْکَفَّ. باز رہنا عَنِ المَکَانِ: چھوڑنا۔
اِسْتَکَفَّ الشَّیْءَ: ہاتھ میں لینا النَّاسَ: مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا ہٗ عَنِ الشَّیْءِ: رکنے کی لیے کہنا النَّاسُ حَوْلَہٗ: دیکھنے کے لیے احاطہ کرنا۔ اِسْتَکَفَّتِ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا النَّاظِرُ: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا عَیْنَہٗ: دیکھنے کے لیے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَکْفَفْتُ عَیْنَہٗ: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا فُلَانٌ بِالصَّدَقَۃِ: صدقہ مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا بِہِ النَّاسُ: احاطہ کرنا الشَّعْرُ: بال بکثرت ہونا الشَّیْءُ: گول ہونا۔
الکَفّ. س۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَکُفّ و کُفُوْف و کُفٌّ. کَفُّ السَّبُعِ و کَفُّ الکَلْبِ و کَفُّ الذِّئْبِ و کَفُّ مَرْیَمَ و کَفُّ اٰدَمَ و کَفُّ الاَسَدِ و کَفُّ الضَّبُعِ و کَفُّ القِرْدِ و کَفُّ الاَجْذَمِ و کَفُّ الجَذْمَاءِ و کَفُّ عَائِشَۃَ: گھاس کی قسمیں۔ الکَفُّ: نعمت عِنْدَ العُرُوْضِیِّیْنَ: ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا جیسے فَاعِلَاتُنْ کا نون۔
الکَفَّۃ کف کا اسم مرۃ۔ کَفَّۃُ المِیْزَانِ.

ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهٗ کَفَّةَ کَفَّةَ" مبنی بر فتحہ و کَفَّةً لِکَفَّةٍ و کَفَّةً عَنْ کَفَّةٍ یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الکِفَّة. ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو مِنَ الْمِیْزان: ترازو کا پلڑا مِنَ الدف: ڈھول کا ڈھانچہ۔ کِفَّةُ الصائِد: شکاری کا جال۔ ج کِفَف و کِفَاف. الکِفَّةُ الجُنُوْبِیَّة والکِفَّةُ الشَمَالِیَّة: دو ستاروں کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "الذھبُ بالذھب والکِفَّةُ بالکِفَّة" یعنی برابر سر برابر جِئْتُهٗ فِیْ کِفَّةِ اللیْل: میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔

الکُفَّة. چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الکُفَّة مِنَ الشَجَر: درختوں کی انتہا مِنَ الناس: لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے مِنَ الغَیْم: بادل کا کنارہ مِنَ اللیْل: دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں مِنَ الدِرْع: زرہ کا دامن مِنَ الرَمْل: ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو مِنَ الثوْب: کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو مِنَ اللِثَة: مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ کُفَّةُ القَمِیْص: دامن کے اردگرد کی گوٹ۔ ج کُفَف و کِفَاف.

الکَفَف. سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا مِنَ الرِزْق: گزارہ کے لائق روزی فِي الوَشْم: گوندنے کے حلقے۔

الکِفَف فِي الوِشْم: گوندنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الکَفاف مِنَ الرِزْق: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا ہے "قُوْتُهٗ کَفَافُ حاجته" یعنی اس کا گزارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "و فُلانٌ لَحْمُهٗ کِفافٌ لِادِیْمِه" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ کِفافُ الشئِ: چیز کے مانند۔ کہا جاتا ہے "وعَنِّیْ کَفافِ" یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و طارَ البَرْقُ فِیْ کِفافِ السحاب" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جِئْتُهٗ فِیْ کِفافِ اللیْلِ" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

الکِفَاف. مِنَ الشئِ: گھیرا مِنَ الثوب: کپڑے کی گوٹ۔ کِفافُ السیْف: تلوار کی دھار کِفافُ السحاب: بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً کِفافُ الاُذُن. ج اَکِفَّة

الکافّ. فا۔ ج کَفَفَة. و ناقةٌ کافٌّ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔ رَجُلٌ کافٌّ: اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الکافَّة. کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جاءَ الناسُ کافَّةً" یعنی سب آئے۔ (اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الکافَّةُ: بوڑھی اونٹنی۔

الکُفُوْف مِنَ النوق: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔

المُکافَّة. ایک دوسرے کو روکنا۔

المَکْفُوْف ج مَکافِیْف و الکَفِیْف: اندھا۔

المُسْتَکِفّ. گول۔

المُسْتَکِفّات. چشمے۔ اکٹھے اونٹ۔

کَفَأَ (ف) کَفْاءً پھرنا۔ شکست کھانا عَنِ القَصْد: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔ الرَجُلَ: کسی کو دھتکارنا (و کَفَأَ واکْتَفَأَ) الاِناءَ: برتن کو الٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

کافَأَ الرَجُلَ عَلیٰ مَا کانَ مِنْهُ: بدلا دینا فُلانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَیْنَ الفَرَسَیْن بِرُمحِه: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اَکْفَأَ: جھکنا الاِناءَ: برتن کو الٹ دینا۔ جھکا دینا۔ اَکْفَأَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا بہت بچے دینا۔

اَکْفَأَ البَیْتَ: گھر پر پردہ لگانا الشاعِرُ: بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کر دینا۔

تَکَفَّأَ فِیْ مِشْیَتِه: لڑکھڑانا۔

اِکْتَفَأَ الاِناءَ: برتن کو جھکانا پلٹ دینا۔ الاِبِلَ: اونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَکافَأَ القوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

اِنْکَفَأَ القوْمُ: متفرق ہونا؛ واپس ہونا۔ شکست کھانا اِلیٰ کَذا: جھکنا اللبَنُ: متغیر ہونا؛ رنگ بدلنا۔

اِسْتَکْفَأَ فُلانًا اِبِلَهٗ: ایک سال کی اونٹوں کی پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَکْفَأْتُهٗ اِبِلَهٗ فاَکْفَأَنِیْھا" یعنی میں نے اس سے اس کے اونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ اون بچے سب دیدیئے "اِسْتَکْفَأْتُ فُلانًا" برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الکَفاء و الکَفاءَة. برابری۔ مساوات۔

الکِفاء. مصدر کافَأَ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کِفاءَ الواجِب" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وھٰذَا کِفاءُهٗ" یہ اس کے مثل ہے "ولا کِفاءَ لَهٗ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ کِفاءُ البَیْتِ: خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج اَکْفِئَة.

الکُفْءُ و الکِفْءُ و الکَفْءُ مثل و نظیر۔ ج اَکْفاء و کِفاء.

الکُفُوْ و الکُفُوْء و الکَفِیُّ و الکَفِیْئَة. مماثل۔

الکَفْأَة و الکُفْأَة مِنَ النَخْل: درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار فِي الاِبِل: ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش فِي الاَرْض: سال بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو "مَنَحْتُهٗ کَفْأَةَ غَنَمِیْ" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الکَفِیُّ مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے

"هُوَ كفِي اللَّوْن" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔
كِفْ ءُ الوَادِي: اندرون وادی۔
الِاكْفَاء. مصدر اَكْفاَ عِنْدَ الشُعَرَاءِ: حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلا کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُه مُكْتَفِي اللبْنِ و مُكفَاُ اللَّوْن" میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔
كَفَتَهٗ (ض) كَفْتًا. پھیر دیناهٗ اللّٰه: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِكْفِتْه اِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَيْئُ: الٹ جانا (و كَفَّتَ) الشَيْئَ اِلٰى نَفْسِه: اپنے ساتھ ملانا الشَيْئَ: قبض کرنا فُلَانٌ ذَيْلَهٗ: دامن سمیٹنا۔
كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيْتًا و كَفْتَانًا تَكَفَّتَ الطَائِرُ وغَيْرُهٗ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِيْ مَسِيْرِهٖ: دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثوبُ: کپڑے کا سمٹنا۔
كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَجُلُ دوڑنے میں سبقت کرنا الرَجُلُ: اچانک مرنا۔
اِنْكَفَتَ. پھرنا۔ سکڑنا الْفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔
اِكْتَفَتَ المَالَ. سب لے لینا۔
اَلكَفْت. مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (و الكِفْت) چھوٹی ہانڈی۔
الكُفَت والكُفْتة مِنَ الخَيْلِ: بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔
الكِفَات. مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔
الكَفِيْت مص۔ توشہ دان مِنَ الرِجالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيْتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔
الكَفَّات. اسم مبالغہ۔ شیر۔
المُكْفِت. دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔
كَفَحَ (ف) كَفْحًا الْعدُوَّ: دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا بالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا لِجادَ الدابةَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا الشَيْئَ: سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔
كَفِحَ (س) كَفحًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔
كَافَحَ القَوْمُ اَعْدَاءَ هُمْ بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الأُمُورَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔
اَكْفَحَ الدابة: چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا فُلَانًا عَنْ نَفْسِه: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
تَكَافَحَ القَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔
تَكَافَحَتِ الامْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا الكِبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔
الكِفَاح. مص کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔
الكَفِيْح. نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔
الَاكْفَح. کالا۔
الكَفْحَة. چھوٹی سی جماعت۔
كَفَخَهٗ (ف) كَفْخًا. طمانچہ مارناهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
الكَفْخَة. جمع شدہ سفید مکھن۔
رَجُلٌ مِكْفَخٌ و عَمُوْدٌ مِكْفَخ: مضبوط۔
كَفَرَ (ن) كَفْرا و كُفْرا. الشَيْئَ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَر دِرْعَه بثوْبِه" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپانا اللَّيْلُ الشَيْئَ و عَلَى الشَيْئَ: ڈھانکنا الجَهْلُ عَلٰى عَلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا (كَفْرًا و كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) ایمان کی ضد بِالْخَالِقِ: نفی کرنا كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهُ و بِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا كَذَا: بیزار ہونا۔
كَفَّرَ الشَيْئَ: چھپانا الرَجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهٗ: تعظیما کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا اللّٰهُ لَهُ الذَنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا عَنْ يَمِيْنِه او اِثْمِه: کفارہ ادا کرنا۔
كُفِّرَ. لِلْمَلِكْ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔
كَافَرَ مُكَافَرَةً. فُلَانًا حَقَّه: انکار کرنا۔
اَكْفَرَ. طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا الرَجُلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔
اَكْفَرَ الرَجُلُ: دیہات میں رہنا۔
اِكْتَفَرَ. دیہات میں رہنا۔
الكَفْر. مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الكَفْر: دیہات۔ ج كفور (و الكِفْر و الكَفْرَة) رات کی تاریکی۔
الكُفْر و الكُفْرَان. ضد ایمان۔ الكُفْران: ناشکری۔ الكُفْر: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔
الكَفَر و الكَفَرَّى و الكُفُرَّى و الكِفِرَّى کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفَر: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفَرَةٌ.
الكَفِر مِنَ الْجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔
الكَافِر. فا۔ اللہ تعالی کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُوْنَ و كَفَرَة و كُفَّار و كِفَار (كُفَّار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور كَفَرَةٌ کا استعمال اکثر اس كَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِر: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الكَافِرُ مِنَ الْخَيْلِ: کالا گھوڑا۔
الكَافِرَة. کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات و كَوَافِر. الكَوَافِر: شراب کے مٹکے۔

الکَفُوْر. کافر۔ ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الکَافُوْر. ایک خوشبو دار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج کَوَافِیْر و کَوَافِر.

الکَفَّار. اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ کَفَّار: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الکَفَّارَة. کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُکَفِّر والمُتَکَفِّر. ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُکَفَّر. مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا طَائِرٌ مُکَفِّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَکْفَس. مؤنث کَفْسَاء. ج کُفْس.

کَفِسَتْ واِنْکَفَسَتْ رِجْلُه: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الکِفَاس. بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔

کَفْکَفَهٗ. عَنْ کَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کَفْکَفَ الدَّمْعَ: آنسو بار بار پونچھنا الرَّجُلَ: قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَکَفْکَفَ. عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔

کَفَلَ (ن) کَفْلًا و کَفَالَةً فُلَانًا: نان و نفقہ کا ذمہ دار ہونا فِیْ صِیَامِهٖ: لگاتار روزے رکھنا الشَّیْئَ اِلَیْهِ: ملانا۔

کَفَلَ (ن س) و کَفِلَ (س) و کَفُلَ (ک) کَفْلًا و کُفُوْلًا الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ والمَالَ و بِالمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَفَلَ عَنْهُ بِالمَالِ لِغَرِیْمِهٖ" اس نے قرض خواہ کی لیے مال کی ذمہ داری کی۔

کَفَّلَهٗ. نان و نفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

کَفَّلَه و اَکْفَلَهٗ اِیَّاهُ: ضامن بنانا۔ کَفَّلَ القَاضِی الخَصْمَ: ضامن لینا۔ اَکْفَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا: مال کا ضامن ہونا۔

کَافَلَهٗ مُکَافَلَةً. معاہدہ کرنا۔

تَکَفَّلَ لَهٗ بِکَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا (و اِکْتَفَلَ) البَعِیْرَ: اُونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِکْتَفَلَ بِفُلَان: اپنے پیچھے سوار کرانا الشَّیْئَ: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِکْتَفَلُوْا بِالجَبَلِ: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَکَافَلَ القَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الکِفْل. دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکل؛ وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے؛ وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے؛ وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے؛ چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اُونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے؛ وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَکْفَال.

الکِفْل مِنَ الدَّابَّة: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج اَکْفَال.

الکَافِل. فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے درپے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ کَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّلٌ.

الکَفَالَةُ. ضمانت (اسم ہے کَفَلَہ سے) ج کَفَالَات.

الکَفِیْل. ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفِیْلٌ وامْرَأَةٌ کَفِیْلَةٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ". ج کُفَلَاء.

الکُفُوْلَة. اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجمر بالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا الصُّوْفَ: اون کا تنا الخُبْزَةَ فِی المَلَّةِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔

(و کَفَّنَ) المَیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْن. مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ کَفْن" بے نمک کھانا۔

الکَفَن. کفن۔ ج اَکْفَان.

الکَفْنَة. ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَة. عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُکْفِنُوْن" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِه. فوج کا سردار۔

اِکْفَهَرَّ اِکْفِهْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا السَّحَابُ: بادل گھٹاٹوپ ہونا الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُکْفَهِرّ. فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَهِرُّ اللَّوْن" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلَانٌ مُکْفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفْو والکُفْی. مثل اور نظیر۔

کَفَی یَکْفِی کِفَایَةً الشَّیْئُ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ. کَفَی الشَّیْئُ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا و کَفَی فُلَانًا مُؤْنَتَه: کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُهٗ شَرَّ عَدُوِّهٖ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفی کے فاعل پر باکی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفَی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلا مرفوع ہے اور شہیداً تمیز ہے۔

کَافَی کِفَاءً و مُکَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔

کافی ہونا۔
تَکَفّٰی النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔
اِکْتَفٰی بِکَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔
اِسْتَکْفٰی الرَّجُلُ الشَّیْءَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَکْفَیْتُہُ الْاَمْرَ فَکَفَانِیْہِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔

الکِفَایَۃ. س۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔

الکَفْی والکِفْی والکُفْی. جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفْیُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الکِفْیُ: اندرون وادی۔ ج اَکْفَاء.

الکُفْیَۃ. گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج کُفًی.

الکَفِیّ والکَافِی. جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ کَافِیْكَ مِنْ رَجُلٍ و رَجُلَانِ کَافِیَاكَ مِنْ رَجُلَیْنِ و رِجَالٌ کَافُوْكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ کَفِیُّ الرَّجُلِ: مرد کا قائم مقام۔ الکِفّی: بارش۔

اَلْکَاکَاو: وسطی امریکا کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوڑے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔

المُکَافَاۃ. س۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُکَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔

کَلَّ (ض) کَلًّا و کِلَّۃً و کَلَالًا و کُلُوْلًا و کَلَالَۃً و کُلُوْلَۃً. تھکنا۔ صفت کَالٌّ. بے والد اور بے اولاد ہونا السَّیْفُ وغیرُہٗ. تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت کَلٌّ وَکَلِیْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

کَلَّلَ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّلَ تَکْلِیْلَۃَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا عَلَیْهِ بِالسَّیْفِ: تلوار سے حملہ کرنا ہٗ: تاج پہنانا ہٗ بِالْحِجَارَۃِ: پتھراؤ کرنا السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَکَلَّ البُکَاءُ بَصَرَہٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا البَعِیْرَ: اونٹ کو تھکا دینا الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔

تَکَلَّلَ. تاج پہننا الشَّیْءُ بِہٖ: احاطہ کرنا۔ تَکَلَّلُوْہُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (و اِکْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا و اِکْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اِنْکَلَّ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا الرَّجُلُ: مسکرانا السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الکَلُّ. س۔ کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور کَلّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع کُلُوْل کہتے ہیں۔

کُلّ. ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور ما مصدر یہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کُلَّمَا اَتَاكَ زَیْدٌ اَکْرِمْہُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "هُوَ العَالِمُ کُلُّ العَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ المَلَائِکَۃُ کُلُّهُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلًا کَامِلًا کُلَّہٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "کُلُّ شَیْءٍ فَعَلُوْہُ بِحِکْمَۃٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَکُلُّ رَفِیْقَی کُلِّ رَحْلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "و کُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَیْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "و کُلُّ مُصِیْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے کُلُّ القَوْمِ حَضَرَ یا کُلُّ القَوْمِ حَضَرُوْا. اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے کُلٌّ حَضَرَ و کُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر، مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں کُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں کُلُّهُمْ. اور اگر لفظ کُل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ کُلُّ القَوْمِ:" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے کُلُّهُمْ لَمْ یَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الکُلُّ لِاِحَاطَۃِ الْاَفْرَادِ.

کَلَّا. ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَلَّۃ. کَلّ کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔

الکِلَّۃ. تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے

كَلَة امْرَأة جیسے كُلُّ امْرِئٍ.

الكِلَّة. باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج كِلَل و كِلَّات (و الكَلَل حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكَلَلِ سُوْءٍ"، یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الكَلَالَة. تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الكَلَالَةِ و ابْنُ عَمِّ كَلَالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الكُلِّي. کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الكُلِّي: عِلمِ الٰہی.

كُلِّيَّةُ الشيئِ: بتمامه. کہا جاتا ہے "اخذه بكُلِّيَّته"، یعنی بتمامہ لے لیا۔

اَلْكُلِّيَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔

الكُلِّيَّات فِي عُرفِ المنطقيين: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔

(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔

(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔

(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضاحِكٌ.

(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے ماشِي.

الاِكْلِيْل: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے۔ كَلَّلَ الكَاهِنُ العَرُوسَيْنِ مُتَكَلَّلًا كاهن (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔

الاِكْلِيْل الدَّائِرِى اَوِ الحَلْقَةُ الدَّائِرِيَّة: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔

الاِكْلِيْل. تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَكِلَّة و اَكَالِيْل: ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔

اِكْلِيْلُ الملك: ناخنہ۔ و اِكْلِيْلُ الجبل: ایک قسم کی نباتات۔

الكَلِيْل. تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ كَلِيْلٌ" کمزور نگاہ "سَيْفٌ كَلِيْلٌ" کند تلوار۔ ج كِلَال.

كَلَأَ (ف) كَلَاءً و كِلَاءً و كِلَاءَةً اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ كَلَأَهُ بالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ كَلَأَ بَصَرَهُ فِي الشَّيئِ: بار بار دیکھنا النَّجْمَ مَتٰى يَطْلُعُ: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (كَلْأً و كُلُوْءَة) الدَّيْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت كَالِئٌ و كَالٍ عُمرهُ: عمر کا ختم ہونا۔

كَلَأَ و كَلِئَ (س) كَلَأَ المَكَانُ: سبزہ زار ہونا (و اَكْلَأَت) النَّاقَةُ اونٹنی کا سبزی کھانا۔

كَلَّأَ تَكْلِيْئًا و تَكْلِئَةً السَّفِيْنَةَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا الرَّحْلَ: باز رکھنا فِي الأَمْرِ: غور سے دیکھنا اِلٰى فُلَانٍ فِي الأَمْرِ: آگے بڑھنا (تَكْلِيْئًا) بیعانہ لینا۔ (تَكْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا فِي الطَّعَامِ و غَيْرِهِ: بیع سلم کرنا۔

كَالَأَهُ مُكَالَأَةً و كِلَاءً. انتظار کرنا۔

تَكَلَّأَ و اِسْتَكْلَأَ. الكُلَأَةَ: بیعانہ لینا۔

اِسْتَكْلَأَ المَكَانُ: سبزہ زار ہونا۔

اِكْتَلَأَ كُلْأَةً. بیعانہ لینا۔ اِكْتَلَأَتْ عَيْنُهُ بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِكْتَلَأَ مِنْ فُلَانٍ: بچنا۔

الكَلَّاء. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔

الكَالِئ و الكَالِي. بیعانہ۔ ادھار ج كَوَالِي و كَوَالٍ.

مَكَانٌ كَلِئٌ و مُكْلِئٌ. بہت سبزہ زار۔ مؤنث كَلِئَةٌ و مُكْلِئَةٌ.

رَجُلٌ كَلُوْءُ العَيْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَيْنٌ كَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔

الكُلْأَة. بیعانہ۔ ادھار۔

الاَكْلَأ. اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَ اللّٰهُ بِكَ اَكْلَأَ العُمرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔

اَرْضٌ مَكْلَأَة. بہت سبزہ زار زمین۔

المُكَلَّأ. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔

كَلَبَ (ن) كَلْبًا الفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا المزادةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔

كَلَبَ (ض) كَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔

الكَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔

كَلِبَ (س) كَلَبًا. پیاسا ہونا الكَلْبُ: دیوانہ ہونا الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا عَلَى الاَمْرِ: حریص ہونا فِي كَذَا: امید رکھنا عَلَى الرَّجُلِ: اصرار کرنا الرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فرومائگی کرنا۔ الكَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا القِدُّ عَلَى الاَسِيْرِ: خشک ہونا الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا الشِّتَاءُ و الزَّمَانُ: سخت ہونا۔

كُلِبَ كَلَابًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔

كَلَّبَ الكَلْبَ: کتے کو سدھانا۔

كَالَبَ كِلَابًا و مُكَالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ كَالَبَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔

اَكْلَبَ القَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

تَكَالَبَ القَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا عَلَى كَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَالَبَ النَّاسُ عَلَى الدُّنْيَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہوگئے۔

اِسْتَكْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔

الكَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔

الكَلْبُ. ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج

كِلَاب. وأكْلُب و ج اكالب و كِلَابَات الكَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ۔ كَلْبُ الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "استوی علی کلب فرسه" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کفّ عنه کلابه" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔ اور "فُلَانٌ بوادی الکلب" جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ الماءِ او کَلْبُ البحر: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الکلب و کلب الجبّار و الکلب الاکبر والکلب الاصغر و کلب الراعی: ستاروں کے نام۔ کفّ الکلب: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لسان الکلب: ایک نباتات۔

الکُلَاب: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الکَلَب. کلب کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دفعتُ عنك كلب فُلان" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الکَلْبة. کتیا۔ کا نام اُمّ کَلْبَة: بخار۔

الکَلْبَتان. لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو کَلَابة بھی کہتے ہیں۔

الکُلْبة. سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی؛ کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الکُلَاب والکَلُّوب. مہمیز۔ آگ نکالنے کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج کَلَالِیب: کلالیب البازی: باز کے پنجے۔

کلالیب الشجر: درخت کے کانٹے۔

الکَلّاب والکالِب. کتے والا۔ الکَلّاب کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لیے لوہے کا کنڈا۔ ج کَلَالِیب.

الکالب والکلیب. کتوں کا جھنڈ۔

الکَلِب ج کَلِبُون والکَلِیب ج کَلْبی کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عامٌ کَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دهرٌ کَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سائل کَلِب: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "هو کَلِب علی کذا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الکَلِبة. کَلِب کا مؤنث۔ خار دار درخت۔ ارض کَلِبة وارض کَلِبَةُ الشجر: خشک زمین۔

المُکلَّب: بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کِلَابٌ مُکلَّبة: سدھے ہوئے کتے۔

المُکلِّب. کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُکالِب. دلیر۔

ارض مَکْلَبة. بہت کتوں والی زمین۔

کَلَت (ض) کَلْتا الشیٔ: جمع کرنا۔ کَلَت به: پھینکنا۔ کلته فی الاناء: برتن میں انڈیلنا۔ الفرس: گھوڑے کو چلانا۔

انکلت الماء: ڈالا جانا۔ الرجلُ: منقبض ہونا۔

اِکْتَلَت الماء: پینا۔

الکُلْتَة. کھانے کا حصہ۔

الکَلِیت والکَلِّیت. لما پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

کَلْتَب کَلْتَبَة فی امره: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الکَلْتَب والکُلْتُب کاموں میں سستی کرنے والا۔

کَلْثَم کَلْثَمَة لحمُ الوجهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الکُلثُم بہادر سخی۔

الکُلَّج. قوی لوگ۔

کَلَح (ف) کُلُوحًا و کُلَاحًا وجهُه: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کالح کہا جاتا ہے "کَلَح فی وجه الصبی او المجنون" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

کَلَّح وجهَه: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اَکْلَح وجهَه: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ وجهه: تیوری چڑھانا۔

کالَح فلانا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا۔ القمر: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَکَلَّح. الوجهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ البرق: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الرجل: مسکرانا۔

اِکْلَوَّح وجهُه: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دهر کُلاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

کَلاحِ. مبنی بر کسرہ: قحط زدہ سال۔

الکَلْحة. منہ اور اس کا ارد گرد۔

الکالح. فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دهر او شتاء کالح" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الکَوْلَح. قبیح۔

کَلَد (ض) کَلْدًا و کَلَّد الشیٔ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَکَلَّدَ الرجلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

(۷) صیرورت جیسے "وُلِدَ الْاِنْسَانُ لِحَیٰوةٍ اَبَدِیَّةٍ" انسان ہمیشہ کی زندگی کیلئے پیدا کیا گیا ہے اور اس کو لام عاقبت اور لام المآل بھی کہتے ہیں۔

(۸) تعلیل جیسے "وَیَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَطِیَّتِیْ" اور اس دن کہ باکرہ چھوکریوں کیلئے میں نے اپنی اونٹنی کو ذبح کیا۔

(۹) موافقت الیٰ جیسے "بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰی لَهَا"

(۱۰) موافقت علیٰ جیسے "یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ"

(۱۱) موافقت فی جیسے "وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ"

(۱۲) بمعنی عند جیسے "كَتَبْتُهٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ" پانچویں تاریخ کے گزرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔

(۱۳) موافقت بعد جیسے "اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ"

(۱۴) موافقت مَعَ جیسے فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَاَنِّیْ وَمَالِكًا لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ مَعًا۔

(۱۵) موافقت مِنْ جیسے "سَمِعْتُ لَهٗ صُرَاخًا" میں نے اس سے چیخ سنی۔

(۱۶) موافقت عَنْ جیسے "قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَا اِلَیْهِ"۔

(۱۷) زائدہ جیسے "ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ" میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر اَنْ سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اَنْ مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللام کی تاویل میں ہوتا ہے اور یہ یا تو تعلیل کے لیے ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ لِتُعَلِّمَنِیْ" میں تیرے پاس اس لیے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے۔ اور یا تاکید نفی کے لئے۔ اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لام جحود کہتے ہیں جیسے "مَا كَانَ زَیْدٌ لِیُكْرِمَكَ" زید ہرگز تیری تعظیم کے لیے نہ تھا۔

(۲) لازم جازمہ۔ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے "لِیَحْكُمِ اللّٰهُ" اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واؤ اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے "فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ" اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے "ثُمَّ لْیَقْضُوْا"

(۳) غیر عاملہ۔ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتدا ہے جیسے "لَزَیْدٌ قَائِمٌ وَ اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ"۔

اور لام جواب بعد لَوْ وَلَوْ لَا وقسم جیسے "لَوْ عُدْتُمْ لَعُدْنَا وَ لَوْ لَا زَیْدٌ لَهَلَكْنَا" و "وَاللّٰهِ لَزَیْدٌ كَرِیْمٌ" اور لام زائدہ جیسے "اَرَاكَ لَشَاتِمِیْ"

اور منجملہ انہیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کیلئے اسمائے اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے جیسے تِلْكَ میں مگر ذٰلِكَ میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔

لا۔ تین طرح پر ہے۔

(۱) نافیہ۔ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔
(الف) نفی جنس کے لئے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے "لا رَجُلَ فِی الدّار" گھر میں کوئی مرد نہیں "وَلَا غُلامَ رَجُلٍ حاضِرٌ" مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔
(ب) بمعنی لَیْسَ اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لیے ہے جیسے "لا رَجُلٌ قائِماً" مرد قائم نہیں۔ اور لا نفی جنس اور لا بمعنی لَیْسَ میں فرق یہ ہے کہ جب تم لا رجلَ فِی الدّار کہو گے تو اب اس کے بعد بَلْ رَجُلَیْنِ اَوْ رِجالٌ کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کر دی گئی ہے بخلاف لا رَجُلٌ فِی الدّار کے کہ وہاں بَلْ رَجُلَیْنِ او رِجالٌ کہنا صحیح ہوگا اس لیے کہ لا بمعنی لَیْسَ صرف واحد کی نفی کرتا ہے ما سوا کی نہیں۔
(ج) لا نافیہ عطف کے لیے جیسے "جاءَ زَیْدٌ لا عمرٌو" زید آیا نہ کہ عمرو۔
(۱) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے "اقامَ زَیْدٌ" تو تم اس کے جواب میں کہو "لا"
(۲) طلب ترک فعل کے لیے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے "لا تَخَفْ" مت ڈر۔
(۳) زائدہ۔ اور یہ تقویت معنی کیلئے ہوتا ہے حذف کر دینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے "ما مَنَعَكَ اَنْ لا تَقُوْمَ" بمعنی "ما مَنَعَكَ اَنْ تَقُوْمَ"
لَاتَ حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے نَدِمَ الْبُغاةُ ولاتَ ساعَةَ مَنْدَمٍ بمعنی لاتَ السّاعةُ ساعَةَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔

المُلْتَئِب سیدھا۔
اللازَوَرْد لاجورد۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔
اللازَوَرْدِیُّ جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔
لَاطَ (ف) لاطًا اصرار سے کسی کام کے لیے کہنا۔ لَاطَ علی فُلانٍ سختی کرنا۔ لَاطَہٗ بِسَهْمٍ تیر مارنا۔ لَاطَ فُلانٌ فِی مُرُوْرِہٖ بغیر ادھر ادھر التفات کے تیز بھاگنا فُلانًا دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے ہٗ بالْعَصا لاٹھی سے مارنا۔
لَاظَ (ف) لاظًا غمگین کرنا۔ دھتکارنا۔ مقابلہ کرنا فلانًا فِی التَقاضِی تقاضا کرنے میں سختی واصرار کرنا۔
لَافَ (ف) لافا الطَعامَ اچھی طرح سے کھانا۔
اَلَاكَہٗ اِلاكَةً الی فُلانٍ پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلِکْنِی الی فُلانٍ" یعنی میرا پیغام اس کو پہنچادو (اصل اَلْاَكَ ہے)
اِسْتَلاكَ لہٗ پیغام لے جانا۔
المَلْاك والمَلاكَة پیغام۔ پیغامبری۔
المَلْاك والملك فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں۔ ج مَلائِکَة و مَلائِك و امْلاك اور مفرد مَلاک اور جمع مَلٰئِکَة آئی جاتی ہے۔
لَأْلَأَ لَأْلَأَةً النجمُ او البرقُ ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ لَأْلَأَتِ النّارُ آگ کا روشن ہونا۔ بھڑکنا۔ لَأْلَأَ الثَوْرُ بذَنَبِہٖ بیل کا دُم ہلانا۔
لَأْلَأَتِ النوائحُ بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو اُلٹنا پلٹنا۔ لَأْلَأَ الدمْعَ آنسو بہانا۔
تَلَأْلَأَ النجمُ او البرْقُ او النّارُ بمعنی لَأْلَأَ وَجْهُہٗ چہرہ کا دمک اُٹھنا۔
اللؤلُؤ موتی۔ واحد لُؤلُؤَة ج لَآلِی۔
اللؤلُئِی واللؤلُوانُ موتی کے رنگ کا۔

اللِّاٰلَة موتی فروشی کا پیشہ۔
اللَّلَاء بہت زیادہ خوشی۔ لَأْلَاءُ السِراجِ چراغ کی روشنی (واللّأّل واللّأّء) موتی فروش۔
لَأَمَ (ف) لَأْمًا ولَأَمَ تَلْئِیمًا الرَجُلَ کمینگی کی طرف نسبت کرنا السَهْمَ تیر پر پر لگانا۔ الجُرْحَ زخم باندھنا (لَأَمَ (ف) لَأْمًا و لَأَمَ تَلْئِیمًا والْاَمَ اِلْآمًا) الشیَٔ درست کرنا۔ جمع کرنا اور باندھنا۔ اَلْاَمَ الرَجُلُ کمینے بچوں کا باپ ہونا۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں۔
لَؤُمَ (ك) لُؤْمًا و مَلْأَمَةً و لَآمَةً دنی الاصل ہونا۔ بخیل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت لَئِیمٌ ج لِئام و لُؤَماء۔
لَاءَمَ مُلاءَمَةً الشیَٔ درست کرنا۔ جمع کرنا۔ لَاءَمَہٗ الشیُٔ موافقت کرنا۔ لَاءَمَ بَیْنَ القَوْمِ صلح کرانا۔
تَلَأَّمَ و تَلاءَمَ الشیُٔ الفاسِدُ درست ہونا۔ تَلَأَّمَ لَامَتَہٗ ای دِرْعَہٗ زرہ پہننا۔
اِلْتَأَمَ الفاسِدُ درست ہونا الشیُٔ ملنا اور چمٹ جانا الجُرْحُ انگور بننا اور اچھا ہونا القَوْمُ اکٹھا ہونا الشیئانِ متفق ہونا الفرِیْقانِ مصالحت کرنا۔
اِسْتَلْأَمَ اِسْتِلْآمًا زرہ پہننا۔ کمینوں میں شادی کرنا اَصْهارًا کمینوں کو داماد بنانا الحَجرَ الاسْوَدَ چومنا الاب کمینہ باپ والا ہونا۔
اللْأمُ س۔ جمع لَأْمة بمعنی زرہ۔ شخص۔ ہر سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "شیٌٔ لَأْمٌ" مجتمع چیز "سَهْمٌ لَأْمٌ" پر لگا ہوا تیر۔
اللِئْمُ ج اَلْآم ولِئام واللمة مثل۔ مانند اللِئْمُ لوگوں کے درمیان اتفاق۔ تلوار شَهِدَ اللَّهُ تین سے لے کر دس تک مردوں کی جماعت۔ ج لُمات کہا جاتا ہے "هُوَ لِئامُہٗ" وہ اس کی مانند ہے۔
اللُؤَام حاجت۔
اللَّمَنقَدہ۔ ج لَأْمٌ ولُؤَم

اللوَمَة اوزار کاشت کاری۔ ہر نفیس چیز جس پر بخل کیا جائے۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا۔

اللَّئِیم ۔کمینہ۔ بخیل۔ دَنِیُّ الاصل۔ بہت زیادہ حریص۔ ذلیل۔ ج لِئَام و لُؤَمَاء۔

اَللَّئِیْمُ: شہر

المَلْأَم و المِلْأَم و المِلْآم ۔کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا۔ ندا کے موقع پر یا مَلْأَم بمعنی یا لئیم کہا جاتا ہے۔

اللَّأمَان واللُّؤمَان والمَلْأمان . دنِیُّ الطبع: اور یہ ندا کے لیے مخصوص ہے۔

المُلْأم ۔زرہ پہننے والا "رَجُلٌ مُلْأَمٌ" کمینگی کی طرف منسوب مرد۔

المُلْئِم ۔کمینہ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا۔

لَأَى يَلْأَى لَأْيًا ۔ دیر کرنا۔ رکنا۔

اَلْأَى اِلْآءً ۔ سختی میں پڑنا۔

اِلْتَأَى اِلْتِئَاءً . دیر کرنا۔ تنگ گزران والا ہونا۔ مفلس ہونا۔

اللأى واللَأى واللأْوَاء ۔ سختی۔ رنج و تکلیف۔ اللَأى: ڈھال۔ جنگلی بیل۔ مؤنث لَآة. ج اَلْآء۔

لَبَّ (ن) لَبًّا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الدَّابَّةَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا اللَّوْزَةَ: بادام توڑ کر گری نکالنا الرَّجُلَ: سینہ پر مارنا۔

لَبَّ (س) لَبَبًا و لَبًّا و لُبًّا و لَبَابَةً عقلمند ہونا۔ لَبَّ يَلْبُبُ بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے۔

لَبَّ (ض س) لَبًّا و لَبَابَةً ۔ عقلمند ہونا۔ اور لَبِبْتَ و لَبُبْتَ تَلَبُّ بھی آیا ہے مگر باب فَعُلَ يَفْعَلُ سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے۔

لَبَّبَ تَلْبِيبًا الحَبُّ: دانہ کا گودے دار ہونا فُلَانًا: گریبان پکڑ کر کھینچنا فِي الأَمْرِ: تردد کرنا۔

اَلَبَّ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا عَلَى الأَمْرِ: لازم ہونا الدَّابَّةَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا السَّرْجَ: زین کا تنگ بنانا لَهُ الشَّيْءُ: پیش آنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُ فُلَانٍ تُلِبُّ دَارِي" فلاں کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔

تَلَبَّبَ لِلْقِتَالِ: مستعد ہونا۔ کمر کسنا الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا۔

اِسْتَلَبَّ .زَيْدًا: عقل کی آزمائش کرنا۔

اللَّبُّ. قریبی مہربان۔ مؤنث لَبَّةٌ. ج لِبَاب

رَجُلٌ لَبٌّ عَلَى الأَمْرِ: کام سے لازم رہنے والا مرد اُمٌّ لَبَّةٌ: مہربان ماں۔

اللُّبُّ ۔ہر چیز کا خالص۔ خالص عقل۔ جو وہم وغیرہ کی آمیزش سے پاک ہو یا تیز فہمی۔ اسلئے لُبّ پر عقل کا اطلاق ہو گا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں۔ اللُّبُّ: دل۔ زہر۔ ج اَلْبَاب و اَلُبّ و اَلْبُب (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے) اللُّبُّ مِنَ الجَوْزِ واللَّوْزِ و نَحْوِ ذٰلِكَ: بادام اخروٹ وغیرہ کی گری۔ ج لُبُوب.

اللَّبَّةُ لَبَّ کا اسم مرۃ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ شوہر کے ساتھ اچھی طرح گزر بسر کرنے والی عورت۔ ج لَبَّات.

اللَّبَبُ ۔س۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔ باریک ریت۔ گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ۔ ج اَلْبَاب ۔اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي لَبَبٍ رَخِيٍّ" فلاں آسودہ حال ہے۔ اللَّبَبُ: دل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَخِيُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے۔

اللَّبَاب ۔ تھوڑی گھاس۔ کہا جاتا ہے "لَبَابٌ لَبَابٌ" کوئی حرج نہیں۔

اللُّبَاب ۔ہر چیز کا خالص۔ برگزیدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُبَابُ قَوْمِهِ وَهُمْ لُبَابُ قَوْمِهِمْ وَهِيَ لُبَابُ قَوْمِهَا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے "حَسَبٌ لُبَابٌ و عَيْشٌ لُبَابٌ" خالص حسب۔ خالص زندگی لُبَابُ الجَوْزِ و نَحْوِهِ: اخروٹ وغیرہ کی گری۔

اللَّابَةُ لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے۔

لُبْلَابُ الْحُقُوْلِ: کھیتی کے درمیان پھیلنے والا پودا جو کھیتی کو نقصان دیتا ہے۔

اللَّبِيبُ ۔ عقلمند۔ ج اَلِبَّاء مؤنث لَبِيبَة ج لَبِيبَات و لَبَائِب. رَجُلٌ لَبِيبٌ: کام سے چمٹے رہنے والا۔ سستی نہ کرنے والا بَنَاتُ اَلْبُبٍ ۔دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی میں کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّكَ مِنْ بَنَاتِ اَلْبُبِي" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں۔ اور اَلْبُب کی جمع اَلْاَبُب اور تصغیر لُبَيْب۔

التَّلْبِيبُ ۔س۔ گریبان ج تَلَابِيب التَّلْبِيبُ: بتکلف عقل کا اظہار۔

الأُلْبُوبُ ۔بیر کی گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ" میں حاضر ہوں۔ میں موجود ہوں میں تمہاری طاعت پر قائم ہوں۔ تثنیہ تاکید کے لیے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے ہے۔ اور اس کی اصل اُلِبُّ لَكَ اِلْبَابًا بَعْدَ اِلْبَابٍ ہے۔

المَلْبُوبُ ۔جودت عقل سے متصف۔

المُتَلَبَّبُ ۔سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔

لَبِيبَة بغیر آستینوں کی قمیص۔

لَبَأَ (ف) لَبْأً الشَّاةَ: بکری کی پیوسی دوہنا۔ لَبَأَتِ الأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچے کو پیوسی پلانا لَبَأَ الزَّرْعَ: پہلی بار پانی دینا (و اَلْبَأَ) القَوْمَ: پیوسی کھلانا اللِّبَأَ: پیوسی تیار کرنا اَلْبَأَتِ الشَّاةُ: پیوسی اتارنا الجَدْيُ: بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا اَلْبَأَ القَوْمُ: بہت پیوسی والا ہونا الفَصِيلَ: پیوسی پینے کے لیے تھن سے لگا دینا۔

لَبَّأَتْ تَلْبِئَةً الشَّاةُ: بکری کے تھن میں پیوسی اترنا۔ صفت مُلَبِّئٌ. لَبَّأَ بِالْحَجِّ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کہنا (مانند لَبَّى يُلَبِّي ناقص یائی کے۔ اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

اِلْتَبَأَ الشَّاةَ: بکری سے پیوسی دوہنا اللِّبَأَ: پیوسی پینا (و اسْتَلْبَأَ) الجَدْيُ الشَّاةَ: پیوسی پینا۔

اللَّبَأ ۔ پیوسی۔ کھیس۔

اللبّاة واللبَانَة واللبُوْءَة واللبْوَة واللبُوَة واللبْوَة واللبَّة واللبَاة واللَّبُ شیرنی۔ ج لَبَآت و لُبَا و لَبُوء و لَبُوَات.

لَبَتَ (ن) لَبْتًا يَدَهُ: ہاتھ اینٹھنا۔ مروڑنا فُلانًا: کسی کے سینہ ، پیٹ ، کمر پر لاٹھی سے مارنا۔

لَبِثَ (س) لَبْثًا و لُبْثًا و لَبَثًا و لَبَاثًا و لُبَاثًا و لَبَاثَةً و لَبَثَانًا و لَبِيْثَةً ۔ بِالْمَكَان: ٹھہرنا۔ اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا لَبِثَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی۔

لَبَّثَ و اَلْبَثَ فُلَانًا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ مقیم کرانا۔

تَلَبَّثَ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا۔

اِسْتَلْبَثَ ۔ سست پانا۔ سست سمجھنا۔

اللابِثُ واللبِث بِالْمَكَانِ: اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔

اللُّبْثَة تھوڑی دیر۔

اللَّبِيْثَة مص۔ مختلف قبائل کی جماعت۔ ج لَبَائِث.

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "لُبِجَ بِالرَّجُلِ او الْبَعِيْر" یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا۔ صفت لَبِيْجٌ ۔ ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اللُّبْجَة واللبَجَة شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لُبَج و لُبَجٌ.

اللِبَاج ۔ بیوقوف۔ کمزور عقل والا۔

لَبِحَ (س) لَبَحًا و لَبَحَ والْبَحَ الرَّجُلَ: بڈھا ہونا۔

اللَّبَح ۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فُلَانًا: مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا الرَّجُلَ: پکڑنے کے لیے حیلہ کرنا الشَّيْءَ: لِيَلْبُوْخا) جَسَدُهٗ: بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِيْخٌ.

لَابَخَهٗ لِبَاخًا و مُلَابَخَةً ۔ باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مار پیٹ کرنا۔

تَلَبَّخَ ۔ مشک لگانا۔

اللَبَخ ۔ ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَة

اللبِيْخ ۔ زیادہ گوشت والا۔

اللبِيْخَة مشک کا نافہ۔

لَبَدَ (ن) لُبُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ القَوْمُ بالرَّجُلِ: لازم ہونا بِالشَّيْءِ: چمٹنا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: گتھ جانا الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

لَبِدَ (س) لَبَدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَبَدَ (ض) لَبْدًا الصُّوْفَ: اون دھنک کر پانی میں تر کر کے نمدہ بنانا لَبَّدَ ۔ الصُّوْفَ بمعنی لَبَدَهٗ الْكِسَاءَ: پیوند لگانا الشَّيْءَ: نمدہ جیسا ہونا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: تر کرنا شَعْرَهٗ: لیس دار چیز یا گوند سے چپکانا۔

اَلْبَدَ بِالْاَرْضِ: چمٹ جانا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا السَّرْجَ: زین کے لیے نمدہ بنانا الفَرَسَ: گھوڑے پر نمدہ باندھنا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا الرَّجُلُ رَاْسَهٗ: دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا الخَرْقَ: پیوند لگانا بَصَرَ الْمُصَلِّي: سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔

تَلَبَّدَ الصُّوْفُ و نَحْوُهٗ: نمدہ بننا الطَّائِرُ بِالْاَرْضِ: پرندہ کا زمین پر بیٹھنا الرَّجُلَ: دیکھ کر معلوم کرنا تَلَبَّدَتِ الْاَرْضُ بِالْمَطَرِ: بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔

اِلْتَبَدَ الوَرَقُ و نَحْوُهٗ: آپس میں چمٹنا۔ الشَّجَرَةُ: بہت پتوں والا ہونا۔

اللَّبَد ۔ مص ۔ نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

اللِبد ۔ تہ بتہ شدہ بال۔

اللَّبِد واللُّبَد ۔ جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے اَبُوْلُبَدٍ: شیر۔

اللِّبْد ۔ بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا ۔ نمدہ ج لُبُوْد و اَلْبَاد ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَجِفُّ لِبْدُهٗ" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

اللبَّادَة اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔

اللبْدَة تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے۔ ران کا اندرونی حصہ۔ ٹڈی۔

اللُّبْدَة تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔

اللِبْدَة واللُبْدَة شیر کے ایال۔ ج لِبَد و لُبَد و اَلْبَاد و لُبُوْد.

اللَّابِد ۔ فا۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال۔

اللَّبَّاد. نمدے بنانے والا۔

اللَّبُوْد ۔ چیچڑی۔

اللَبِيْد ۔ توبرہ ۔ چھوٹا بورا (واللبَادَى واللبَّادَى واللُّبَّدَى) ایک قسم کا پرندہ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی سے چمٹا رہتا ہے اللُّبَّدَى: جمع شدہ لوگ۔

المُلْبِد ۔ فا۔ زمین پر پٹک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْبِدٌ" ای فَقِيْرٌ مُدْقِعٌ یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔

المَلْبُوْد والمُلْبَد والمُلَبَّد ۔ پیوند لگا ہوا تَيْسٌ مَلْبُوْد: ٹھوس گوشت والا بکرا۔

لَبَزَهٗ (ض) لَبْزًا ۔ بہت سخت مارنا لَبَزَ الشَّيْءَ: بہت تیز کھانا۔ توڑ فُلَانًا: عیب لگانا ۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَبَسَ (ض) لَبْسًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ گڑبڑ کر دینا۔

لَبَسَهٗ (ن) لَبْسًا ۔ شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسَنِي" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔

لَبِسَ (س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا

فلانا ۔مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اُٹھانا فلانا علی مافیه۔ برداشت کرنا ۔قبول کرنا ۔اور کہا جاتا ہے "لبستُ علی ذلك اُذنی" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "ولبستُ لفلان اُذنی" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔

لَبس علیه الامر خلط ملط کرنا الشیٔ۔ عیب چھپانا۔

اَلبسهٗ چھپانا۔پوشیدہ کرنا ہ الثوب کپڑا پہنانا۔

لابسهٗ بلانا ۔اندرونی حالت معلوم کرنا لابس الامر ہمیشہ کرنا۔

تَلَبّس بالامر و بالثوب کام میں لگنا۔کپڑا پہننا الطعام بالید چپکنا ۔ تلبّس بی الامر تعلق ہونا۔۔۔ علی الامر مشتبہ ہونا۔دشوار ہونا۔کہا جاتا ہے "تلبّس حُبُّه بدمی" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہوگئی "و تلبّس لباسا حسنا" عمدہ لباس پہننا۔

اِلتبس علی الامر مشتبہ ہونا۔دشوار ہونا۔ والتبس بعمل کذا ملانا ۔ اِلتبستُ به الخیال لاحق ہونا۔

اللبس و اللبس واللُبسة والالتباس واللبوسة واللبوسه شبہ۔دشواری۔عدم وضاحت ۔ اللبس واللبس تاریکی کا ملنا۔

اللبس ایک قسم کا کپڑا۔

اللبس لباس ج لبوس ۔لُبس الهودج و نحوه ہودہ کا کپڑا۔کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللباس جو کپڑا پہنا جائے ج لُبس و اَلبسة والبسه شوہر و بیوی ۔مختلط ہونا ۔اجتماع ۔ لباس الزهر کلی کا غلاف ۔ لباس التقوی حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔

اللبسة ایک قسم کا کپڑا۔ لبس کا اسم نوع۔

اللبوس لباس۔زرہ۔بہت پہننے والا۔

اللبیس کپڑا۔ قمیص لبیس بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔

التلبیس مص۔کتمان حقیقت۔اخفاء حقیقت۔

اللبّاس بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔

الملبس والملبس لباس۔ج ملابس الملبسات۔

الملبّس عند المولدین بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔

لبّش سفر پر جانے کے لئے بے ترتیب سامان جمع کرنا۔

لبط (ض ن) لبطا بفلان الارض زمین پر پٹک دینا۔پچھاڑ دینا لبط بکر ایا جانا۔کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آجانے کی وجہ سے گر پڑنا۔زکام والا ہونا۔

لبط (ض) لبطا و تلبّط والتبط البعیر او البغل اُونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا دوڑنے میں لات پٹکنا ۔ التبط و تلبّط الرجل زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔متحیر ہونا فی الامر کوشش کرنا۔حیلہ کرنا۔

اللبطه لبط کا اسم مرۃ زکام۔

اللبطة التباط کا اسم۔لنگڑے کی دوڑ۔

الالباط کھالیں۔واحد لبط

الملبوط۔ رجل ملبوط بہ اپنے کام میں متحیر مرد۔

لبع لج کے ساتھ کھانا۔

لبق (ن) لبقا و لبق الشیٔ نرم کرنا۔

لبق (س) لبقا و لبوق لباقة حاذق ہونا۔ذہین ہونا۔نرم اخلاق والا ہونا۔ لبق لبق الثوب و نحوه بفلان چپکنا۔

اللبق واللبیق نرم اخلاق والا۔پاکیزہ اخلاق والا۔ذکی۔ذہین۔مؤنث لبقة و لبیقة۔

لبك (ن) لبکا و لبّك الامر او الشیٔ ملانا الثرید کھانے کیلئے جمع کرنا القوم کو بین الشاء بکریوں کو ملا دینا۔

لبك (س) لبکا و التبك و تلبّك الامر گڑبڑ ہونا۔مشتبہ ہونا۔

اَلبك فحش کلامی کرنا۔گفتگو میں غلطی کرنا۔

اللبك واللبكة مخلوط چیز۔ امر لبك و لبیك گڑبڑ معاملہ۔مشتبہ معاملہ۔

اللبکة ثرید کا ایک لقمہ۔ثرید کا ایک حصہ۔

اللباکة واللبیکة جماعت۔کہا جاتا ہے "وقع فی لبکة و لبیکة" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔

لَبلبت المرأة بولدها عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔مہربان ہونا الشاة بولدها بعد الوضع بکری کا بچے کو جنے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا لَبلب القوم قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔

اللبلب و اللُبلُب اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔

لبالب الغنم بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔

اللبلاب عشق پیچہ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑیوں پر پھیلتی ہے۔اس کا پتہ لوبیا کے پتہ کے مشابہ ہوتا ہے)

لبن (ن ض) لبنا الرجل دودھ پلانا۔ فلانا بالعصا سخت لاٹھی مارنا (لبن (ض) لبنا) الرجل بہت کھانا۔

لبن (س) لبنا الرجل تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا الشاة بکری کا دودھ والی ہونا۔

اَلبن القوم بہت دودھ والی ہونا۔ صفت لابنون و ملبنون الناقة تھن میں دودھ اُترنا الرجل تلبینا (دیکھئے تلبینه)

لبّن اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لیے مجلس بنانا الشیٔ چوکور بنانا۔

تَلَبّن الرجل دیر کرنا۔

اِلتبن پینا دودھ چوسنا۔

اِستلبن دودھ طلب کرنا۔

اللبن مص۔دودھ ج اَلبان تھوڑے سے کو لُبَین کہتے ہیں۔ لبن الشجر درخت کا دودھ۔

اللبن و اللبن و اللبن کچی اینٹیں۔ واحد

لبنة.
اللبن واللبون. دودھ کا خواہش مند۔ دودھ پینے والا۔ لَبنُ القمیص: کرتے کی کلی۔ مَجلسٌ لَبِنٌ: فیصلے کی مجلس۔ اللبنة واللبینةُ. دودھ والی۔
اللبان. سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کیلئے ہوتا ہے۔
اللبان. دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے هو اخوهٗ بلبان اُمّه اور بلبن اُمّه نہیں کہا جاتا۔
اللبان. صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام میں آتا ہے۔
اللبانة. حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبانات و لُبان.
لُبنان. ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔
اللابن. فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا دودھ پلانے والا۔ مؤنث لابنة ج لابنات لوابن.
اللوابن: تھن۔
اللبون واللبونة. دودھ والی۔ ج لبان و لِبن و لُبن و لُبن و لبائن. کہا جاتا ہے "کم لُبن غنمك" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔
اللبین. دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لبینة کرتے کی کلی۔
اللُبنی. ایک درخت ہے جس سے شہد کی مانند دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے عسل اللبنی: لُبنی درخت کا دودھ۔
اللبّان والمُلبّن. اینٹیں بنانے والا۔
التلبین والتلبینة. بھوسی دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔
المِلبَن. دودھ صاف کرنے کا چھنا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔
الملبُون. دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔

الملبنة. چمچہ۔
عُشب مَلبنة. زیادہ دودھ والی گھاس۔
اللبوة واللبوة. شیرنی اس کو لَبوة اور لبانة اور لباة بھی کہا جاتا ہے (لبا کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)
لبی یلبی لَبیا من الطعام. بہت کھانا۔
لبّی تلبیة الرجل. جواب دینا۔ لبّیك کہنا۔ کہا جاتا ہے "بینهم الملتبیة" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔
لَتّ (ن) لَتًا الشیٔ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا السویق. ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا الماء الثیاب وغیرها: تر کرنا۔ صفت لاتّ.
لُتّ فلانٌ بفلان: چمٹنا۔
التّ. الطائر. پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔
اللات واللاتّ. زمانہء جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللتّ. س۔ کلہاڑی۔ بڑا کلہاڑا۔
اللُتات. درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔ کہا جاتا ہے "ما ابقی منی المرض الا لُتاتا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔
لتا (ف) لتأ فلانا فی صدره: دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لتات به امّه" اس کی ماں نے اس کو جنا ہٗ بحجر. پتھر مارنا۔ لتا الیه بعینه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا الشیٔ: کم کرنا الجاریة. جماع کرنا۔ لتا: گوز کرنا۔
اللّتی. ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔
لتب (ن) لَتبا و لُتوبا به: چپکنا فیه: ثابت رہنا فی منحر الناقة: بھالا مارنا (ولتّب) السرج علی الفرس: زین کسنا۔ اور کہا جاتا ہے "لتّب علیه ثوبه" جب کہ کپڑا پہنے اور اُتارنا نہ چاہے۔
الَتب علیه الامر واجب کرنا۔
تلاتب القوم: قوم کا باہم ملنا بالرماح:

ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
التتب الثوب کپڑا پہننا۔
اللاتب. چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔
الملتب. ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔
الملاتب. پرانے کپڑے۔
لتحه (ف) لتحا. کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا ہٗ ببصره: نگاہ ڈالنا فلانا. سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا الجاریة. جماع کرنا۔
لتحه بیده: ہاتھ سے مارنا۔
لتح (س) لتحا. بھوکا ہونا۔ صفت لتحان مؤنث لتحی.
رجلٌ لتح ولاتح و لتاح و لتحة. چالاک عقل مند ج لتاح. کہا جاتا ہے "هو الَتح شعرا منه" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔
لتخه (ف) لتخا. آلودہ کرنا الشیٔ. پھاڑنا۔
تلتّخ بالشیٔ: آلودہ ہونا۔
لتد (ض ن) لتدا فلانا بیده. مکا مارنا۔
لتزه (ض ن) لتزا. مکا مار کر دفع کرنا۔
لتغ (ف) لتغا فلانا. ؤ ہٗ بیده. ہاتھ سے مارنا۔
اللتلتة. جھوٹی قسم۔
اللتلة: بے فائدہ کلام۔ کم قیمت کاموں میں مشغول ہونا۔ اس کا باپ لتلت فهو لتلات و هی لتلاتة.
لتمه (ن ض) لتما. مارنا۔ نتھنے پر نیزہ مارنا۔
لتم السهم: تیر پھینکنا ہٗ بسهم. تیر مارنا فلانٌ بشفرته فی لبة بعیره. اُونٹ کے لبھے پر چھری چلانا۔ لتمت الحجارة رجل الماشی. پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔
اللتم. زخم۔
اللاتینی ج لاتینیون و لاتین مؤنث لاتینیة ج لاتینیات. لاتیوم کی طرف نسبت یہ اٹلی کا مقام مشہور ہے۔ کہا جاتا ہے۔

شعب لا تینی و لقہ لا تینیہ۔

اَلّتِیْ و اللّتِ و اللّتْ۔ اَلّذِیْ کا مؤنث ج اللاتی واللات واللواتی واللوات واللوا واللائی واللاء واللاءات اور تثنیہ کے لیے اللتان واللتان تشدید نون کے ساتھ واللا بغیر نون کے حالت رفعی میں واللتیۃ حالت نصبی وجری میں۔

اللتیا واللتیا۔ التی کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللتیان واللتیان اور جمع کیلئے اللتیات وللتیات کہا جاتا ہے۔ "وقع فی اللتیا والتی" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وبعد اللتیا والتی صار کذا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔

لَثَّ (ن) لثا و الثّ بالمکان: اقامت کرنا علیہ: اصرار کرنا المطر: چند روز تک برسنا ولثّ الشجر: درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثّ: تری۔

لثأ (ف) لثأ الکلب: کتے کا منہ ڈالنا۔

اللثأ: وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے۔

لثد (ض) لثدا المتاع: سامان تہ بہ تہ رکھنا۔

اللثدۃ: جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے۔

لثط (ض) لثطا فلانا: آہستہ آہستہ مارنا۔ ہ: آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللثعۃ: دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔

الالثع: ہکلا۔ مؤنث لثعاء۔ ج لثع۔

لثغ (س) لثغا و ثلاثغ: ہکلا پن ہونا۔ صفت الثغ مؤنث لثغاء ج لثغ۔

اللثغۃ: سین کی جگہ میں ثاء۔ راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔

اللثغۃ: منہ۔

لثق (س) لثقا الیوم: بند ہوا والا۔ اور نمناک ہونا المسافر: کیچڑ میں پڑنا ثیابہ: کپڑوں کا تر ہونا الطائر: پروں کا تر ہونا۔ صفت: لثق۔

لثق الشیء: خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔

الثق الشیء: تر کرنا۔

التثق وتلثق: تر ہونا۔

اللثق: تری۔ کیچڑ۔ گارا۔ کہا جاتا ہے "مشینا فی لثق" ہم کیچڑ میں چلے۔

اللثق: چکنے والی مٹی "یوم لثق" بند ہوا اور نمناک دن۔

لثلث المطر: بارش کا چند دن تک برسنا۔ الرجل: کمزور ہونا علی فلان: اصرار کرنا ہ عن کذا: منع کرنا۔ روکنا ہ فی التراب: لوٹ لگوانا۔ لثلث البعیر: اونٹ کو تھکانا کلامہ: صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لثلثوا بنا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو (وتلثلث) فی الامر: تردد کرنا۔ دیر کرنا بالمکان: اقامت کرنا۔ تلثلث فی التراب: مٹی میں لوٹ لگانا الغیم والسحاب: بادلوں کا آنا جانا۔

اللثلث واللثلاث واللثلاثۃ و الملثلث: ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب کبھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کرے گا تو کاہلی کر جائے۔

لثم (ض) ولثم (س) لثما الفم او الوجہ: بوسہ لینا۔

لثم (ض) لثما انفہ: ناک پر مکا مارنا الحجارۃ خف البعیر: ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا البعیر الحجارۃ بخفہ: ٹھوکر سے توڑ دینا۔

لثم و لثم و لثّم و تلثم والتثم الرجل: ڈھاٹا باندھنا۔

لاثمہ: بوسہ لینا۔

تلاثما: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔

اللثم: س۔ ناک اور اس کا ماحول۔

اللاثم: فا۔ ج لثم۔

اللثمۃ: بوسہ لینے کی ہیئت۔

اللثمۃ: لثم کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔

اللثام: ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے ارد گرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ ج لثم۔

لثی یلثی لثی: تھوڑا پانی پینا۔ القدر: ہانڈی کو خوب چاٹنا (والثی) شجر السمر: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لثیت الید من طین و نحوہ: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لثی الثوب: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔ الثت الشجرۃ ما حولھا: نمناک کرنا۔

تلثی و التثی: گوند نکالنا۔ تلثی الشجر: گوند بہنا۔

اللثی: س۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لثی الثوب: کپڑے کا میل۔

اللثۃ: مسوڑھا۔ ج لثی و لثات و لثی۔

اللثی: نمناک۔ ثوب لث: پسینہ سے تر اور میلا۔

اللثیّ: گوند کھانے کا حریص۔

اللثاۃ: حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔

الحروف اللثویۃ: ثاء۔ ذال۔ ظاء۔

لجّ (ض س) لججا و لجاجا و لجاجۃ: سخت جھگڑا کرنا۔ دشمنی میں مداومت کرنا فی الامر: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا بہ الھم و نحوہ: لازم رہنا علی فلان فی المسألۃ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔

لجج والجّ القوم: قوم کا پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا۔ لججت السفینۃ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ الجت الابل: اونٹ کا بڑبڑانا۔

لاجّ خصمہ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔

تلجج واستلج متاع فلان: کسی کے سامان پر دعوی کرنا۔ استلج بیمینہ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔

التج البحر: سمندر کا متلاطم ہونا الارض بالسراب: موج جیسا ہونا الامر او الموج: معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا الظلام: اندھیرے کا گھٹا ٹوپ ہونا۔ التجت الارض: زیادہ اور لمبی نباتات والی ہونا الاصوات: آوازوں کا مخلوط ہونا۔

اللَّج پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَدْهَمُ لُجٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔

اللَّجة. پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُجَّةٌ وَاسِعَةٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ ج لُجٌّ و لُجَج و لِجَاجٌ اللُّجَةُ: آئینہ۔

اللُّجِّی. لُجّ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بَحرٌ لُجِّیٌّ" یعنی بحر بے پایاں۔ اتھاہ سمندر۔

اللَّجة. لَجّ کا اسم مرۃ شور۔

اللاجّ واللُّجُوج واللُّجُوْجه واللَجَجَةُ والمِلْجَاج. سخت جھگڑالو۔

المُلْتَجَّة. بہت سیاہ آنکھ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

لَجَأَ (ف) لَجأً و لُجُوْءًا و لَجِئَ (س) لَجأً وِالْتَجَاَ اِلَى الحِصْنِ وَغَيْرِهِ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔

لَجَّأَ تَلْجِئَةً. فُلَانٌ مَالَهُ: بعض ورثاء کے لیے خاص کر دینا (وَاَلْجَاَ) فُلَانٌ: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ اَلْجَاهُ: بچانا۔ اَلْجَا اَمْرَهُ اِلَى اللّٰهِ: سپرد کرنا۔

تَلَجَّأَ اِلَيْهِ: سہارا لینامِنَ القَوْمِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔

اللَّجَأ. س۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔ ج اَلْجَاء. وارث۔ بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَاةٌ ہے۔

التَلْجِئَة. س عِنْدَ الفُقَهَاءِ: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔

اَللَّجَائَةُ: ایک پہاڑی پودا جس کے پھول سبز ی ہوں۔

المَلْجَأ. جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ ج مَلَاجِی۔

لَجِبَ (س) لَجَبًا البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا القَوْمُ: شور مچانا۔

لَجُبَتْ (س) لُجُوْبَةً و لَجَبَتْ الشَّاةُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔ لَجَبَه بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اللجب. مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بہادروں کا شور۔ کہا جاتا ہے "بَحرٌ ذُوْ لَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔

اللجِب. شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جَيْشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج۔

اللَّجْبَة واللجبَة واللُجْبَة واللَجِبَةُ واللَجَبَةُ واللجبة. کم دودھ والی بکری۔ زیادہ دودھ والی بکری۔ ج لِجَاب و لَجَبَات۔

المِلْجَاب. تیر کہ جس میں پر لگا دیئے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔

لَجَذَ (ن) ولجذَ (س) لَجْذًا و لَجَذًا. الكَلْبُ الاِنَاءَ: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا (لَجْذًا) الرَجُلُ: کھانا۔ ایک دفعہ دیئے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا الحِمَارُ: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا المَاشِيَةُ الكَلَأَ: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا مِنَ الشَّيْئِ: تھوڑا سا لینا فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ تم کہتے ہو "لَجَذ نِي عَلٰى كَذَا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔

لَجَفَهُ (ن) لَجفًا. سخت مارنا۔

لَجِفَت (س) لَجفًا البِئْرُ: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لَجِفَاء۔

لَجَّفَ البِئْرَ: کنوئیں کو وسیع کرنا الشَّيْئَ: جوانب سے کشادہ کرنا۔

تَلَجَّف البِئرَ: جوانب سے کھودنا۔ تَلَجَّفَت وَالْتَجَفَتِ البِئرُ: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تَلَجَّفَ الوَحْشُ الكِنَاسَ: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے اردگرد کھودنا۔

اللجَف. مص۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔ ج اَلْجَاف

اللِجَاف. پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ ج اَلْجِفَة ولُجُف.

اللَجِيْفَة. دروازے کے پہلو۔

بِئرٌ مُلْتَجِفَة. منہدم کنواں۔

لَجْلَجَ لَجْلَجَةً و تَلَجْلَجَ. تتلانا۔ فِيْ صَدْرِهِ شَيْئٌ: کھٹکنا۔ لَجْلَجَ اللجمَةَ فِيْ فِيْهِ: بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔

تَلَجْلَجَ بِالشَّيْئِ: سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تَلَجْلَجَ دَارَهُ مِنْهُ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔

لَجَمَ (ن) لَجمًا الثَّوْبَ کپڑا سینا۔

اَلْجَمَ الدَّابَةَ: چوپایہ کو لگام لگانا۔ اَلقِدْرَ: دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا۔ النَاقَةَ: لگام سے داغ لگانا ہُ عَنْ حَاجَتِهِ روکنا۔ کہا جاتا ہے "تكَلَّم فَاَلْجَمتُهُ وَالْقَمْتُهُ الحَجَر" اس نے گفتگو کی تو میں نے اسے بند کر دیا۔

اَلْجَمَ ولَجَمَ المَاءُ فُلَانًا: پانی کا منہ تک پہنچنا۔

اِلْتَجَمَتِ الدابةُ: لگام لگنا۔

اِسْتَلْجَم فُلَانًا اَلْفَرَسَ: لگام لگانے کو کہنا۔

اللجَم. زمین نہ پست نہ بلند۔ ج اَلْجَام (واللُّجْم واللجم) گرگٹ۔ مینڈکیں۔ جانور جس سے بدفالی لیں۔ اللجْم: فضاء آسمانی۔

اللجام. لگام۔ ج لُجُم و لُجم و اَلْجِمَة. اونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَه" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَتْبَعِ الفَرَسَ لِجَامَهَا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کیلئے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اللَّجَام. لگامیں بنانے والا۔

اللُّجَام. جس سے بدشگونی لی جائے۔

اللجمَةُ والمُلجَم. لگام دینے کی جگہ۔

اللَجْمَةُ: لَجَم کا واحد۔ زمین کے لیے علم۔ لَجمَةُ الوَادِي: کنارہ وادی۔

اللحمہ: مسطح پہاڑ۔ زمین کے لیے علم

لحمۃ الوادی: وادی کا کنارہ۔

المکیال الملحم: ڈھائی صاع کا پیمانہ۔

لحن (ن) لحنا و لحن ورق الشجر و نحوہ: پتوں کو کوٹ کر آٹا یا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔

لحن (ن) لحونا و لحانا البعیر: اونٹ کا اڑیل ہونا فی المشی: آہستہ چلنا۔

لحن (س) لحنا بہ: چمٹنا۔

تلحن الشئی: لیس دار ہونا راسۃ: میلا ہونا القوم: پتے اور آٹا یا جو ملا کر چارہ بنانا۔

اللحن: میلا۔

اللحین: کٹے ہوئے پتے اور آٹا یا جو ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔

اللحنۃ: جماعت۔ پارٹی۔

اللحون من الجمال او النوق: سست رفتار اونٹ یا اونٹنی۔

اللحین: چاندی (تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے)

اللحینیۃ: دراہم۔ (لحین کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)

التحی الی غیر قومہ: غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔

لحت (س) لحا و لححا العین: کیچڑ سے پلکوں کا چپکنا۔

الح فی السؤال: سوال میں اصرار کرنا

السحاب بالمطر: بادل کا لگاتار برسنا

المطی: سواری کا تھک کر دیر کرنا القتب علی ظہر الدابۃ: پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا الجمل: اونٹ کا اڑیل ہونا۔

تلحح علیہ: مثل الح علیہ

اللح: س۔ کہا جاتا ہے "ھو ابن عمی لحا" وہ میرا اقریبی چچا زاد ہے۔ اور لحا حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "ھو ابن عم لح" جر کے ساتھ اس لیے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مؤنث اور تثنیہ اور جمع۔

اللاح: ف۔ مکان لاح و لحح: تنگ جگہ۔

الملحاح: بہت اصرار کرنے والا۔ پالان جو پیٹھ کو زخمی کر دے۔ سحاب ملحاح: لگاتار برسنے والا بادل۔

لحب (ف) لحبا الطریق: راستہ پر چلنا۔ راستہ کو واضح کرنا الشئی: اثر کرنا بفلان الارض: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ہ بالسیف: تلوار سے مارنا اللحم: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا اللحم عن العظم: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا الرجل: سیدھا چلنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مر یلحب (لحوبا) الطریق": راستہ کا واضح ہونا ظہر الفرس: گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ چکنا ہونا المرأۃ: جماع کرنا۔

لحب (س) لحبا الرجل: بڑھاپے کی وجہ سے دبلا ہونا لحم زید: لاغر ہونا۔

لحب الشئی: اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا فلانا: ذلیل کرنا ہ: بالسیف: تلوار سے مارنا۔

التحب الطریق: راستہ پر چلنا۔

اللحب: س (و اللاحب) کشادہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "طریق لحب و لاحب" کشادہ راستہ۔

اللحیب: پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔

الملحب: بہت گالی بکنے والا بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔

الملحوب مع رجل ملحوب: لاغر مرد۔ طریق ملحوب و ملحب: واضح راستہ۔

لحت (ف) لحتا العصا: لاٹھی کو چھیلنا فلانا بالعصا: لاٹھی سے مارنا الرجل: سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لحتوکم کما یلحت القضیب" انہوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔

اللحت: س۔ خالص۔

اللحاتۃ: اتاری ہوئی چھال۔

لحجہ (ف) لحجا مارنا ہ بعینہ: نظر بد لگانا۔ لحج الیہ: پناہ لینا۔

لحج (س) لحجا السیف و نحوہ: تلوار کا میان میں چمٹ کر رہ جانا بالمکان: لازم پکڑنا الشئی: تنگ ہونا اللحی: کج ہونا۔ صفت الحج۔ لحجت عینہ: کیچڑ والی آنکھ ہونا۔

لحج علیہ الخبر: غلط خبر دینا۔

الحجہ الیہ: مجبور کرنا۔

التحج الیہ: مائل ہونا الیہ: مائل کرنا۔ مجبور کرنا۔

تلحج الامر علی فلان: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

استلحج الباب: دروازہ کا بند ہونا۔

اللحج: س آنکھ کا گڑھا۔

اللحج: آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ و کنارہ۔ ج

الحاج: مکان لحج: تنگ مکان۔

اللحج: آنکھ کی کیچڑ۔

الملحج و الملتحج: جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "ان فی الناس لملتحجا" لوگوں میں جائے پناہ ہے قفل ملحج: بند تالا۔

الملاحج: تنگیاں۔

الملاحیج: پہاڑ کے تنگ راستے۔

لحوج علیہ الامر: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لحد (ف) لحدا المیت: میت کو دفن کرنا اللحد: کھودنا للمیت: بغلی قبر کھودنا السہم عن الھدف: نشانہ سے خطا کرنا الی فلان: مائل ہونا فی الدین: بے دینی اختیار کرنا علی فی شہادتہ: گنہگار ہونا۔

الحد الحادا المیت: مردہ کو دفن کرنا

اللحد: کھودنا للمیت: بغلی قبر کھودنا عن الدین: دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکام خداوندی کو چھوڑنا اور ظلم کی

طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کر فی الحرم: محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا السھم الھدف نشانہ کے ایک جانب میں لگنا بہ: عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لاحد ملاحدۃ صاحبہ: ہر ایک کا ایک دوسرے سے کجی برتنا۔

التحد عن الدین: دین سے پھرنا الی کذا: مائل ہونا الی فلان: پناہ لینا۔

اللحد واللُحد. بغلی قبر۔ قبر۔ ج لحاد و لحود.

الالحاد. الحد کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی۔

اللحود. مائل ہونے والا۔

اللحد. فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قبر لاحد و ملحود" بغلی قبر۔

الملحد. فا۔ کافر۔ بے دین۔ ج ملاحد و ملحدون الملاحدۃ: کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔

الملحد والملحود. بغلی قبر۔ قبر۔

الملحادۃ. دین میں بہت طعن کرنے والا۔

الملتحد. جائے پناہ۔

لحز (س) لحزا. بخیل ہونا۔ صفت لحز و لحز.

لحزہ (ف) لحزا اصرار کرنا۔

تلحز. بخیل ہونا۔ کھٹی چیزوں کے کھانے کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لیے کمر کسنا عنہ: پیچھے ہٹنا۔

تلاحز القوم: کلام میں مقابلہ کرنا الصبیان: اشعار کا نقل کرنا۔

الملحز. تنگ جگہ۔ ج ملاحز. کہا جاتا ہے "وقعوا فی الملاحز" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔

المتلاحز من الشجر: گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔

اللحیراء. ذخیرہ۔ خزانہ۔

لحس (ف) لحسا الدود الصوف. کیڑے کا اون کو چاٹنا الجراد الخضر ٹڈیوں کا سبزیوں کو چٹ کر جانا۔

لحس (س) لحسا و لحسۃ و لحسۃ و ملحسا القصعۃ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اسرع من لحس الکلب انفہ" کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔

لحسہ الشیٔ: چٹانا۔

الحس الماشیۃ: تھوڑا سا چرنا۔ الحست الارض: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔

التحس منہ حقہ: حق لینا۔

اللحس. س۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔

سنۃ لاحسۃ. سخت سال۔ کہا جاتا ہے "اخذتھم لواحس" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے مالک عندی لحسۃ تمہارے لیے میرے پاس کوئی چیز نہیں۔

اللحوس. مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی۔

اللحوس. بدبخت۔ منحوس (و اللحوس والملحس والملحس) لالچی جو ہر چیز کو لے لے۔ المحس: بہادر۔

اللحاس. بہت چاٹنے والا۔

اللحاسۃ. لحاس کا مؤنث۔ شیرنی۔

اللحسم. وادی کی تنگ نالی۔ ج لحاسم

لحص (ف) لحصا فی الامر: مشغول ہونا۔

خبر فلان: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔

لحص خبرہ: بمعنی لحصہ فی کذا: سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔ ہ عن کذا: روکنا۔ سست کرنا الکتاب: پختہ کرنا۔

التحص الامر: معاملہ کا سخت ہونا۔

التحصت الابرۃ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔

التحصہ الشیٔ: مشغول ہونا۔ ہ الی کذا: مجبور کرنا البیضۃ و نحوھا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا۔ عن کذا: روکنا۔ سست کرنا۔ التحصت عینہ: کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا۔

لحاص. مبنی بر کسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔

اللحص. اوپر کے پپوٹے کی شکن۔

اللحصان. دوڑ۔ تیزی۔

اللحیص. تنگ۔ سکڑا۔

الملحص. جائے پناہ۔

لحطہ (ف) لحطا. پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔

التحط الرجل: غضبناک ہونا۔

لحظ (ف) لحظا و لحظانا فلانا و الی فلان بالعین: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ (لحظا و لحظ تلحیظا) البعیر: اونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔

لاحظہ لحاظا و ملاحظۃ انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔

تلحظ الشیٔ: تنگ ہونا۔

تلاحظت الاشیاء: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "احوالھم متشاکلۃ متلاحظۃ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں۔

اللحظ. س۔ آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لحاظ والحاظ.

اللحاظ واللحاظ. کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لحظ.

اللحاظ: گھر کا صحن۔ ولحاظ السھم: تیر کے اوپر کا پر۔ لحاظ الریشۃ: پر کا سفید نچلا حصہ۔

اللحاظ. بہت سخت دیکھنے والا۔

التلحیظ. س آنکھ کے نیچے کا داغ۔

اللحظۃ. لاحظ کا مؤنث۔ آنکھ۔ ج لواحظ.

اللحظۃ. لحظ کا اسم مرۃ۔ ج لحظات. کہا جاتا ہے "جلست عندہ لحظۃ" میں اس کے پاس ایک لحہ بیٹھا۔

اللحوظ. تنگ۔

اللحیظ. شبیہ و نظیر۔

الملحظ دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ ج ملاحظ۔

لحفہٗ(ف) لحفًا لحاف اوڑھانا ہ الثوب: کپڑا پہنانا ہ بجمع کفہٖ: مکا مارنا ہ سھمًا: تیر مارنا النار الحطب: آگ میں لکڑی ڈالنا۔

لحف الشیٔ: جانا عنہ اللحم: گوشت اتارنا۔

لحف القمر: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔

لحف لحفۃً الرجل فی مالہٖ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لحفنی فضل لحافہٖ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔

لحف ازارہٗ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔

الحف السائل: اصرار سے مانگنا۔ ہ الثوب: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کیلئے لحاف بنانا الرجل: دوسرے کیلئے لحاف خریدنا ضیفہٗ: سرما میں مہمان کیلئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا شاربہٗ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا بہ: نقصان پہنچانا الظفر: جڑ سے ناخن کاٹنا الرجل: دامن کوہ میں چلنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔

لاحفہٗ: مدد کرنا۔ ایک دوسرے کیلئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یضاجع السیف ویلاحف الخوف" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔

تلحف و التحف: اپنے لیے لحاف بنانا۔ باللحاف وغیرہٖ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا۔

اللحف: دامن کوہ۔

اللحفۃ: لحف کا اسم نوع۔ لحاف اوڑھنے والے کی حالت۔

اللحاف: رضائی۔ لحاف۔ ج لحف۔

الملحف و الملحفۃ: چادر۔ اوپر کا لباس ج ملاحف۔

لحق (س) لحقًا و لحاقًا فلانًا و بفلانٍ: پالینا۔ آملنا۔ آپہنچا الی قومٍ کذا: چمٹنا۔

لحق (س) لحوقًا الفرس: گھوڑے کا دبلا ہونا الثمن فلانًا: قیمت لازم ہونا۔

لاحقہٗ: پیچھے ہونا۔

الحقہٗ: پالینا۔ آملنا ہ بفلانٍ: ملا دینا۔ لاحق کر دینا۔

تلاحق: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

تلاحقت المطایا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا۔

التحق بہٖ: ملنا یا چمٹنا۔

استلحقہٗ: اپنے خاندان میں ملانا۔

استلحق الرجل: وادی کی نکلی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔

اللحق: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے۔ پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج الحاق۔ اللحق قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اُس کے گزر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لحق الغنم: بکری کے بچے (و الملحق) شی زائد۔ تتمہء کتاب۔

اللحاق: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللحق ہے۔

اللحاق: کمان کا غلاف۔

اللاحق فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ابو لاحق: باز۔

اللحقہ: لاحق کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لواحق۔

اللویحق: باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ۔ جس کی پیٹھ مٹیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔

الملحاق: تیز تیر پھینکنے والی کمان؛ اُونٹنی جس سے اُونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔

الملحق: خاندان میں ملایا ہوا۔

لحک (ف) لحکًا و لاحک و تلاحک الشیٔ بالشیٔ: چپکنا۔ تلاحک الشیٔ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تلاحک البنیان: عمارت کا مضبوط ہونا۔ ولحک الصبیّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔

لوحکت فقار ظھرہٖ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

لحک (س) لحکًا العسل: شہد چاٹنا۔

اللحکۃ و اللحکاء: چھپکلی کی مانند ایک کیڑا جو ریت میں رہتا ہے۔

اللحک: وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔

الملاحک: تنگیاں۔

لخلح و تلخلح القومُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔

اللخلح: تنگ جگہ۔

الملخلح: قوم کا بڑا۔ سردار۔

لحم (ن) لحمًا الامر: مضبوط کرنا۔ القصاب العظم: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا ہ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ الصائغ الفضۃ: سناز کا چاندی کو درست کرنا۔

لحمہٗ (ف) گوشت کھلانا۔

لحم (س) لحمًا بالمکان: لازم ہو کے رہنا۔ الصقر و نحوہٗ: گوشت کا خواہش مند ہونا۔

لحم (س) لحمًا و لحُم (ک) لحامۃً: موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔

لُحِم لحمًا: قتل کیا جانا۔ صفت لحیم۔

لاحم الحبل: رسّی مضبوط بٹنا۔ الشیٔ بالشیٔ: ملانا۔ لاحم بین الشیئین: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

الحم الثوب: کپڑا بننا الشعر: اشعار کہنا الزرع: کھیتی میں دانہ بیٹھنا بین القوم شرًّا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا الشیٔ بالشیٔ: ملانا ہ بصرہٗ: تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔

الحم الرجل: غمگین کرنا فلانًا الارض: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا ہ عرض فلان: گالی دینے کا موقع دینا۔ الحمت الدابۃ: ٹھہر جانا۔ آگے نہ بڑھنا۔ الحم بالمکان: اقامت کرنا الرجل: گھر میں بہت گوشت والا ہونا القوم: گوشت کھلانا الشیٔ: درست کرنا۔ الحمہ القتال: گھیر لینا اور رہائی نہ

ملنا۔ اُلحِمَ الرَّجُلُ: مرنا۔
تَلاحَمَ الْقَوْمُ : باہم مقاتلہ کرنا۔
تَلاحَمَت الشَّجَّةُ : زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا و (اِلْتَحَمَ) الشَّيُ: جڑ جانا اور درست ہونا اِلْتَحَمَتِ الْحَرْبُ بَيْنَهُمْ" گھسان کی جنگ ہونا۔ "اِلْتَحَمَ الْجُرْحُ لِلْبُرْءِ" زخم بھر جانا اور درست ہو جانا۔
اِسْتَلْحَمَ الطَّرِيْقُ : راستہ کا کشادہ ہونا۔ الطَّرِيْقَ او الطَّرِيْدَةَ: پیچھے پڑنا الخَطْبُ فُلَانًا: مشغول کر دینا الزَّرْعُ: گنجان ہونا۔
اُسْتُلْحِمَ الرَّجُلُ: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔
اللَّحْم واللَّحَم مِنْ جِسْمِ الْحَيْوَانِ: گوشت۔ ج لِحَام و لُحُوْم و لُحْمَان و لِحْمَان و اَلْحُم. لَحْمُ كُلِّ شَيْئٍ: مغز لَحْمُ الْبَحْرِ: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَكَلَ لَحْمِي و رَتَعَ لَحْمِي" یعنی میری غیبت کی۔
اللُّحْمَة. گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لَحْمَةُ الثَّوْبِ کپڑے کا بانا۔
اللُّحْمَه. قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم
اللِّحَام. جس سے پھٹن کو درست کیا جائے۔
اللَّحَّام. گوشت بیچنے والا۔
اللاحِم. گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو بَازٌ لَاحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔
اللَحِم. جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند بَازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ اللَحِم: شیر۔
اللَّحِيْم. جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا لَحِيْمُ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔
المُلْحَم. مفع۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

المُلْحِم. فا۔ گوشت کھلانے والا یا جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔
المَلْحَمة. گھسان کی جنگ کا موقع۔ ج مَلاحِم۔
المُلاحِم من الحِبالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کہا جاتا ہے شَجَّةٌ مُتَلَاحِمَةٌ: زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔
المُسْتَلْحِمْ. فا۔ شیر۔
لَحَنَ (ف) لَحْنًا و لَحَنًا و لُحُوْنًا و لَحَانَةً و لَحَانِيَةً فِيْ كَلَامِهِ او فِي الْقِرَاءَةِ: اعرابی غلطی کرنا۔ صفت لَاحِن و لَحَّان و لَحَّانَةٌ (لَحْنًا) لِفُلَانٍ: کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تاکہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحن اور لَحَّان نہیں کہا جاتا اِلَيْهِ: قصد کرنا۔ مائل ہونا قَوْلَهُ: سمجھنا۔
لَحِنَ (س) لَحَنًا الرَّجُلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا الْكَلَامَ: سمجھنا۔
لَحَّنَهُ. غلطی کی طرف منسوب کرنا لَحَّنَ فِي الْقِرَاءَةِ خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔
لَاحَنَ الْقَوْمُ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔
اَلْحَنَ فُلَانًا الْقَوْلَ فَلَحِنَهُ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔
اللَّحْن. ۔ مِنَ الْاَصْوَاتِ: موزوں آواز قومہ سر۔ ج اَلْحَان و لُحُوْن. صَنَاعَةُ الْاَلْحَان. فن موسیقی لَحْنُ الْكَلَامِ : مضمون کلام اللَّحْنُ فِي الْكَلَامِ: اعراب و بناکی غلطی۔
اللَّحَن. لغت۔ سمجھ۔
اللَّحِن. زیرک۔ سمجھ دار۔
اللاحِن. فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔
اللُّحْنَة. وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں۔
اللُّحَنَة. بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔
الاَلْحَن. بہت زیادہ سمجھ دار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔

لَحَا يَلْحُو لَحْوًا و اِلْتَحَى اِلْتِحَاءً. الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاهُ: گالی دینا۔
المِلْحَى. لکڑی چھیلنے کا اوزار۔
لَحْوَجَ لَحْوَجَةً عَلَيْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
لَحَى يَلْحَى لَحْيًا الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔
صفت فاعل لاحٍ. صفت مفعول لَحِيٌّ. کہا جاتا ہے "لَحَا اللّٰهُ فُلَانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔
لَاحَى لِحَاءً و مُلَاحَاةً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاكَ فَقَدْ عَادَاكَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
اَلْحَى اِلْحَاءً. قابل ملامت کام کرنا۔ العُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔
تَلَحَّى تَلَحِّيًا. ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔
تَلَاحَى تَلَاحِيًا الْقَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔
اِلْتَحَى اِلْتِحَاءً. داڑھی اگنا۔ داڑھی رکھنا العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔
اللَّحْى ۔ جبڑا۔ داڑھی اگنے کی جگہ لَحْيَان دونوں جبڑے لَحْيَا الْغَدِيْرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ و لُحِيّ
اللِّحَاء ۔ س۔ لکڑی یا درخت کی چھال۔ اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَيْنَ الْعَصَا و لِحَائِهَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔
اللِّحْيَان ۔ لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لِحْيَانَة
اللِّحْيَة. داڑھی۔ ج لِحًى و لُحًى اور نسبت کیلئے لِحَوِيٌّ. لِحْيَةُ الْحِمَار :

پرسیاؤشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔
اَللِّخْيَان ۔ تھوڑا پانی ۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِخْيَانَة
اَلْاَلْخٰى وَاللِّخْيَانِيُّ ۔ لمبی یا بڑی داڑھی والا۔
لَخَّه (ن) لَخًّا طمانچہ مارنا لَخَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا فِي الْكَلَامِ: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا۔ بالطیب: خوشبو لگانا فِي الْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپا کرنا فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں جھکنا۔
لَخِتْ لَخًّا و لَخِيخًا و لَخْخَت (س) لَخَّا عَيْنُه: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخْخَة
اِلْتَخَّ الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا۔
العُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔
تَلَاخَّ الْوَادِيْ: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔
وَادٍ لَاخٌّ تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔
اللخه ۔ ناک۔ اِمْرَأَة لَخَّة: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوخٌ: عیب دار اصل۔
سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ ۔ بدمست ۔ ہوش و حواس زائل شدہ۔ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔
لَخَبَه (ف ن) لَخْبًا ولَاخَبَهُ مُلَاخَبَةً طمانچہ مارنا۔ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
اللَّخْب ۔ گوگل کا درخت۔ واحد لَخْبَة۔
المُلَخَّب ۔ طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔
اللَّخَج ۔ آنکھ کی بری کیچڑ۔
اللَّخَز ۔ تیز چھری۔
لَخِصَ (س) لَخَصًا ۔ اوپر کے موٹے پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ شخص کی صفت اَلْخَص:

آنکھ کی صفت ۔ لَخْصَاء ۔ ج لُخْص۔
لَخَّصَ الْكَلَامَ: مختصر کرنا ۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِيْ خَبَرَكَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔
الشَّيْءَ: خالص لینا۔
اللَّخَص ۔ مص ۔ خلقتًا ۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔
اللَّخْصَة آنکھ کے اندر کا گوشت ۔ ج لِخَاص۔
اَلْاَلْخَص ۔ ظاہر ۔ مختصر۔
ضَرْعٌ لَخِصٌ ۔ زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ وَرَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد ۔ اور کہا جاتا ہے "جَفْنٌ لَخِصٌ" موٹا پپوٹا۔
المُلَخَّص ۔ مع کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوْهُ" یہ لوگوں کے قول کا خلاصہ ہے۔
لَخَفَهٗ (ف) لَخْفًا ۔ زور سے مارنا۔
اللَّخْف ۔ مص ۔ پتلے جھاگ۔
اللَّخْفَه ۔ سفید باریک پتھر ج لِخَاف۔
لَخَمَهٗ (ن) لَخْمًا طمانچہ مارنا لَخَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔
لَخُمَ (ف) لَخْمًا الرَّجُلُ: پرگوشت چہرے والا ہونا۔
لَاخَمَهٗ لِخَامًا و مُلَاخَمَةً ۔ باہم طمانچہ بازی کرنا۔
اللَّخْمَة سستی ۔ افسردہ دلی۔
رَجُلٌ لُخْمَة ولَخَمَة افسردہ دل مرد ۔ لئیم۔
اللَّخْمَة سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔
اللَّخَام ۔ ہذیان۔
لَخِنَ (س) لَخَنًا ۔ بدبو دار ہونا الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں بدبو ہونا۔ صفت اَلْخَن ۔ مؤنث لَخْنَاء ۔ ج لُخْن۔
لَخَّنَهٗ: یا ابن اللخناء کہنا۔
اللَّخَن ۔ مص غیر مختون بچے کے قلفہ کی سپیدی۔

لَخَاه يَلْخُوْهُ لَخْوًا ۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔
لَخَاهُ يَلْخِيْهِ لَخْيًا وَالْخَاهُ ۔ مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔
لَخِيَ يَلْخَى لَخًى ۔ ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا۔
لَاخَى لِخَاءً و مُلَاخَاةً الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ اکسانا۔ بھڑکانا بِهٖ: چغل خوری کرنا۔
اِلْتَخَى اِلْتِخَاءً ۔ الصَّبِيُّ: تر کردہ روٹی کھانا اسم لَخَاء ہے۔
اللَّخَا واللَّخْى واللَّخَاء والمِلْخٰى ۔ جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔
الاَلْخٰى ۔ ہرزہ سرا ۔ بکواس کرنے والا (واللَّخْى مِنَ الْجِمَالِ) جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔
اللَّخْوَاءُ ۔ الاَلْخٰى کا مؤنث ۔ عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔
لَدَّ (ن) لَدًّا و لَادَّ لِدَادًا و مُلَادَّةً و اَلَدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا لَدَّهٗ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا لَادَّ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔
لَدَّ (ن) لَدًّا و لُدُدًا وَاَلَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے کنارے سے دوا پلانا لَدًّا اللُّخُوْدَ: منہ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار کرنا۔
اَلَدَّهٗ: سخت جھگڑالو پانا اَلَدَّ بِهٖ: ٹالنا۔ کہا جاتا ہے اَلْدَدْتُ بِهٖ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔
لَدَّ (س) لَدَدًا ۔ بہت جھگڑالو ہونا ۔ صفت اَلَدّ ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلَدُّ بَيِّنُ اللَّدَدِ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔
لَدَّدَهٗ: حیران کرنا لَدَّدَ بِهٖ: بدنام کرنا۔
تَلَدَّدَ ۔ متحیر ہونا ۔ دائیں بائیں دیکھنا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔
اِلْتَدَّ ۔ منہ کے کنارے سے دوا پینا۔ عَنِ الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔
اللَّدُّ ۔ مص ۔ بورا۔

اللَّدَد ۔مص سخت جھگڑالو۔
اللَّدُّ واللُّدُّ واللُّدُود واللَّدِيْد ۔ج
اَلِدَّة والاَلَدّ ۔مؤنث لَدَّاءُ ۔ج لِدَاد ولُدّ.
و الاَلَنْدَد واليَلَنْدَد ۔ سخت جھگڑالو۔
اللَّدِيْد و اللَّدُوْد: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے۔ اللَّدِيْدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے ہر چیز کے دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ عَنْهُ مُحْتَدٌّ ولا مُلْتَدٌّ" یعنی اس کیلئے کوئی چارہ نہیں۔
المُتَلَدَّد ۔گردن۔
لَدَحَهٗ (ف) لَدْحًا ۔پیٹھ پر آہستہ تھپکی دینا۔
لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا. هٗ بِيَدَيْهِ: مارنا. هٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
لَدَّسَ الخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔
اَلْدَسَتِ الاَرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔
اللَّدْس ۔سست و نرم۔
اللَّدِيْس ۔موٹا۔ج اَلْدَاس.
المِلْدَس ۔گٹھلی توڑنے کا پتھر ۔ج مَلَادِس.
لَدَغَهٗ (ف) لَدْغًا و تَلْدَاغًا ۔ڈسنا۔ کہا جاتا ہے "لَدَغَهٗ بِكَلِمَةٍ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔
اَلْدَغَ العَقْرَبَ فُلَانًا: ڈسنے کے لیے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔
اللَّادِغ ۔فا۔مؤنث لَادِغَة ج لُدَّغ.
اللَّدْغَة ۔لدغ کا اسم مرۃ
اللَّدَّاغ ۔کانٹا یا ایسی نوکیلا کنارہ۔
اللَّدَّاغَة مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے والا۔
اللَّدِيْغ ۔ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغَى و لُدَغَاء ۔اور کہا جاتا ہے "هُمْ قَوْمٌ لَدْغَى ولُدَغَاءُ" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔
المِلْدَغ ۔وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔

لَدِكَ (س) لَدَكًا و لَدْكًا بِهٖ: چپکنا۔
لَدَمَهٗ (ض) لَدْمًا ۔طمانچہ مارنا ۔کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔ الخُبْزَ مِنَ المَلَّةِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (ولَدَّمَ) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا درست کرنا۔
اَلْدَمَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: لگاتار بخار رہنا۔
تَلَدَّمَ ۔بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا۔ الثَّوْبُ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
اِلْتَدَمَ ۔پریشان و مضطرب ہونا ۔ اِلْتَدَمَتِ النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔
اِلْتَدَمَهٗ ۔ مارنا اور ہٹانا۔
"فِی الْمَکَانِ لَقَطٌ لِلْمَاشِیَةِ" یعنی مکان
میں جانور کے لیے تھوڑا سا چارہ ہے۔
اللَّقَطَةُ. ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے
جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط.
اللُّقْطَةُ واللُّقَطَةُ. وہ چیز جو تم کو راستہ میں
پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھا لو یا وہ شئے متروک جس
کا مالک معلوم نہ ہو۔
اللِّقَاطُ واللُّقَاطُ. خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے
والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔
پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اَلْلِّقَاط. گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور
کہا جاتا ہے "دَارُہٗ بِلِقَاطِ دَارِی" اس کا
مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِیتُهٗ
لِقَاطًا" میں اس سے رودررو ملا۔
اللُّقَاطَةُ. گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی
بے قیمت چیز۔ ج اَلْقَاط.
اللَّاقِطُ. فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے
والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اللَّاقِطَةُ. لَاقِط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل
ہے۔ "لِکُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ
جو منہ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا
ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا
جاتا ہے) اللَّاقِطَةُ رذیل مرد یا عورت۔
لَاقِطَةُ الْحَصٰی: پرندہ کا سنگدانہ۔
اللَّقَّاطُ واللَّقَّاطَةُ. بہت اٹھانے والا۔
اللَّقِیطُ. اٹھایا ہوا۔ نو مولود بچہ جو پھینک دیا
جائے۔
اللَّقِیطَةُ. لَقِیط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا
عورت ج لَقَائِط. کہا جاتا ہے: رَجُلٌ
لُقَیْطٰی خُلَیْطٰی: چغلی کھانے کے لیے
خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔
الْاَلْقَاطُ. آوارہ و اوباش لوگ۔ تھوڑے
متفرق لوگ۔
المَلْقَطُ. مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا
ہے یا مَلْقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث
مَلْقَطَانَة.

المِلْقَط. جس سے اُٹھایا جائے جیسے دستپناہ۔ موچنا۔ ج ملاقط.

المِلْقَاط. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ مکڑی۔ ج مَلَاقِيط.

المَلْقُوط. نومولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اُٹھایا جائے۔ ج مَلَاقِيط.

لَقَع (ف) لَقْعًا الشَّيْءَ: پھینکنا فُلَانًا بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

لَقَع فُلَانًا: عیب لگانا لَقَعَهُ بِالكَلَامِ: کلام میں غالب آنا۔

لَقَع (ف) لَقَعَانًا. تیز گزرنا (لَقْعًا) عیب دار ہونا۔

لَاقَع فُلَانًا بِالكَلَامِ: کلام میں غالب آنا۔

تَلَقَّع بِالكَلَامِ: بکواس کرنا۔

اُلْتُقِع لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اللُّقَاع واللُّقَّاع. سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقَاعَة و لُقَّاعَة.

اللُّقَعَة. اللُّقَّاعَة واللُّقَّاع والتِلِقَّاع و التِلِقَّاعَة. بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ھے اِمْرَأَةٌ تِلْقَاع و مِلْقَعَة بیہودہ گو عورت۔

لَقِف (س) لَقْفًا و لَقَفَانًا والتَقَف الشَّيْءَ: جلدی سے لینا۔

لَقِفَ (س) لَقَفًا الحَوْضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ الحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَّفَهُ الشَّيْءَ: اُچکنے کیلئے پھینکنا ہُ الطَّعَامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعَامَ: نگلنا الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔

تَلَقَّف الشَّيْءَ: جلدی سے لینا الطَّعَامَ نگلنا الحَائِطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِيهِ كَذَا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔

اللَّقَف. س۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج اَلْقَاف. اللقف: بمعنی اِلْتِقَاف و تَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللَّقَافَة. حذاقت۔ ہوشیاری۔

اللَّقْف واللَّقِف واللَّقِيف مِنَ الرِّجَالِ چست وزیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ و ثَقِفٌ لَقِفٌ و ثَقِيفٌ لَقِيفٌ."

لَقْلَقَ. اللَّقْلَاق: سارس کا آواز کرنا۔

لَقْلَقَت الحَيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّيْءَ: حرکت دینا۔

تَلَقْلَق الشَّيْءُ: ہلنا۔ اللَّقْلَق ج لَقَالِق واللَّقْلَاق. سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "اَبُوحُدَيْج" ہے اللَّقْلَق: زبان۔

اللَّقْلَاق. آواز۔ شور۔

اللَّقْلَقَة. سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت و اضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فِي لِسَانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقَالِق.

حُرُوفُ اللَّقْلَقَة: ب، ج، د، ط، ق۔ طَرْفٌ مُلَقْلَقٌ. تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔

لَقَم (ن) لَقْمًا الطَّرِيقَ وَغَيْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔

لَقِم (س) لَقْمًا الطَّعَامَ جلدی کھانا، ہڑپ کرنا۔

لَقَّمَهُ و اَلْقَمَهُ الطَّعَامَ لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَهُ الحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کردیا۔

تَلَقَّم الشَّيْءَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ المَاءُ فِي بَطْنِهِ پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔

اِلْتَقَم الطَّعَامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَهُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔

اللَّقَم واللُّقَم راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔

اللَّقْمَة. لَقَم کا اسم مرة۔

اللُّقْمَة. ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم.

اللَّقِيم. لقمہ۔

التِلْقَام والتِلْقَامَة والتِلِقَّام والتِلِقَّامَة بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔

رَكِيَّةٌ مُتَلَقِّمَة. بہت پانی والا کنواں۔

لَقُنَ (ک) لَقَانَةً. تیز فہم وذکی ہونا۔

لَقِن (س) لَقْنًا و لَقَنًا و لَقَانَةً و لَقَانِيَةً وتَلَقَّن الكَلَامَ مِنْ فُلَانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔

لَقَّنَهُ الكَلَامَ: بالمشافہ سمجھانا۔

اَلْقَن الكَلَامَ: جلدی سے یاد کرنا۔

اللَّقْن. ستون۔ کنارہ۔

اللَّقَانَة واللَّقَانِيَة. س۔ زود فہمی۔

اللَّقِن. زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔

اللَّقَن. لگن (دخیل)

اَللَّقَن: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔

اللَّوَاقِن. پیٹ کا نچلا حصہ۔

لَقَا يَلْقُو لَقْوًا فُلَانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔

لُقِيَ لَقْوًا. مبتلائے لقوہ ہونا۔

اللَّقْوَة. ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (واللِّقْوَة) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقَاء و اَلْقَاء.

المَلْقُوّ. لقوہ زدہ۔

لَقِيَ يَلْقَى لِقَاءً و لِقَانَةً و لِقَايَةً و لَقَانَةً و لُقْيَانًا و لِقْيَانًا و لِقْيَانَةً و لُقِيًّا و لِقِيًّا و لَقْيَةً و لُقْيَةً و لُقًى فُلَانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔

لَقَّى تَلْقِيَةً فُلَانًا الشَّيْءَ: پھینکنا۔

لَاقَى لِقَاءً و مُلَاقَاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَاقَى بَيْنَ طَرَفَي القَضِيبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوقِيَ بَيْنَهُمَا"

اَلْقَى الشَّيْءَ اِلَى الاَرْضِ: ڈال دینا اِلَيْهِ القَوْلَ و بِالقَوْلِ: پہنچانا عَلَيْهِ القَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا فِيهِ الشَّيْءَ: رکھنا عَنْهُ الشَّيْءَ: ڈال دینا اِلَيْهِ السَّمْعَ: کان لگانا اِلَيْهِ خَيْرًا: بہتر سلوک کرنا اِلَيْهِ بَالًا: پروا کرنا۔ اور کہا

جاتا ہے "اَلْقَيْتُ اِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ و بِالْمَوَدَّةِ" میں نے اُس سے مُحبّت کی۔

تَلَقَّى الشَّيْءَ ملنا۔ استقبال کرنا الشَّيْءَ مِنْهُ: سیکھنا تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ۔

اِلْتَقَى الشَّيْءَ ملنا (و تَلَاقَى) الْقَوْمُ باہم ملنا۔ و تَلَاقَوْا باہم جھگڑا کرنا۔

اِسْتَلْقَى عَلَى قَفَاهُ چت سونا۔

اللَّقَى پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقَاء۔

اللَّقْيَة و اللُّقْيَة مص۔ اللَّقْيَة لَقِيَ کا اسم مرۃ۔ ج لُقًى۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُه لُقًى كَثِيْرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔

اللُّقَى پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔

اللقيا۔ لِقَاء کا اسم ہے۔

اَلتِّلْقَاءَ۔ لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَهُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْاَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِه" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔

اللِّقَاة راستہ کا درمیان۔

اللَّقِيُّ۔ خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِيَّة

اللَّقِيُّ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لَقِيَّان و لَقِيَان" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ "وَهُوَ شَقِيٌّ لَقِيٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔

اللَّقَّاء۔ خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

اُلْاُلْقِيَّة۔ چیستان۔ پہیلی۔ ج اَلَاقِيُّ۔

اَلْاَلَاقِيُّ: سختیاں۔

الْمَلْقَى و الْمُلْتَقَى۔ ملنے کی جگہ۔

الْمَلَاقِي۔ مَلْقًى کی جمع۔ مَلَاقِيُّ الْاَجْفَانِ: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔

التَّلَاقِي: مص یَوْمُ التَّلَاقِي: قیامت کا دن۔

الْمُتَلَاقِي۔ فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

الْمُلْقَى چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْقَى الْكُنَاسَاتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ و "فِنَاءُ فُلَانٍ مُلْقَى الرِّحَالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔

الْمُلَقَّى و الْمُلْقَى و الْمَلْقِيُّ۔ خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلَقًّى" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُّجَاعُ مُوَقًّى والْجَبَانُ مُلَقًّى کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِي مُلَاقِيَّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔

لَكَّهُ (ن) لَكًّا گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔

لَكَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا الشَّيْءَ ملانا الْجِلْدَ لک سے کھال رنگنا۔

اِلْتَكَّ الْوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا الْعَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا فِي كَلَامِه: غلطی کرنا فِي حُجَّتِه دیر لگانا۔

اللِّكَاكُ۔ بھیڑ۔ اژدحام۔ سخت گوشت والی اونٹنی ج لُكُكٌ و لِكَاكٌ۔

اللَّكُّ۔ مص۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں عِنْدَ حُسَّابِ الْمُوَلَّدِيْنَ: لاکھ ج الْكَاكٌ و لُكُوْكٌ۔

اللَّكُّ و اللُّكُّ۔ نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت وپر گوشت۔

اللُّكَّة۔ شدت۔

اللَّكَّاء۔ مِنَ الْجُلُوْدِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لُكِّيٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔

اللُّكَيْكُ۔ گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت۔ ج لِكَاكٌ۔

الْمِلَكُّ۔ سخت موٹے گوشت والا۔

سَكْرَانُ مُلْتَكٌّ۔ مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔

لَكَأَ (ف) لَكْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔

لَكِئَ (س) لَكَأً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّأَ تَلَكُّؤًا عَلَيْهِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔

لَكَثَهُ (ن) لَكْثًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ لَكَثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

لَكِثَ (س) لَكَثًا الْبَعِيْرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا الْوَسْخُ عَلَيْهِ و بِهِ: میل جمنا۔

اللَّكَثُ مص۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَةٌ لَكِثَةٌ۔ موٹی اونٹنی۔

اللُّكَاثُ۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔

اللُّكَاثِيُّ۔ بہت سفید۔

اللَّكَّاثُ۔ چونہ بنانے والا۔

لَكَحَهُ (ف) لَكْحًا۔ مکا مارنا۔

لَكَدَهُ (ن) لَكْدًا۔ ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔

لَكِدَ (س) لَكَدًا الْوَسِخُ عَلَى فُلَانٍ و بِهِ: میں جمنا۔ چمٹنا۔ لَكِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔

لَاكَدَ الْغُلَّ: طوق سے لگے رہنا قَيْدَهُ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا فُلَانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّدَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ الشَّيْءُ: چمٹنا بِهِ او عَلَيْهِ الْوَسْخُ: میل کا جم جانا فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَّكِدُ۔ بد خلق۔ بخیل۔

الْاَلْكَدُ۔ کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

الْمِلْكَدُ۔ کوٹنے کا دستہ۔

لَكَزَهُ (ن) لَكْزًا۔ مکا مارنا۔

لَاكَزَهُ۔ مکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا

مارنا۔
تَلاکَزَا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اللِّکَاز۔ چیتھڑا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔
اللِّکِز۔ بخیل۔
المُلَکَّز۔ ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔
لِکِسٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِکِسٌ لِکِسٌ" یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔
لَکَشَهُ (ض) لَکْشًا۔ مکا مارنا۔
لَکَضَهُ (ن) لَکْضًا۔ مکا مارنا۔
لَکَعَتْه (ف) لَکْعًا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا
لَکَعَ الرَّجُلُ: سخت سست سنانا الوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُه یَلْکَعُ" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔
لَکِعَ (س) لَکَعًا و لَکَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ بیوقوف ہونا (لَکِعًا) عَلَیْهِ الوَسَخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ لَکَاعِ۔ مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔
رَجُلٌ لَکَاعٌ۔ لئیم و کمینہ مرد۔
اللَّکَاعَة۔ ایک قسم کا کانٹے دار پودہ۔ ج لُکَاعٌ۔
اللَّکَع۔ پستہ قد۔
اللُّکَع۔ کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے نداء کی صورت میں یا لُکَعُ اور نداء تثنیہ کی صورت میں یا ذَوَی لُکَعٍ۔ اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لیے کلمہ اَلْکَع سے معدول ہے۔ اللُّکَع: غلام۔ بیوقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
اللُّکَعَة۔ کمینی۔ گھوڑی۔
الاَلْکَع۔ مؤنث لَکْعَاءُ ج لُکْعٌ واللُّکُوع واللَّکِیْع: کمینہ۔ الاَلْکَع: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
المَلْکَعَان۔ کمینہ۔ مؤنث مَلْکَعَانَة۔

اللُّکْلُک۔ پستہ قد (واللُّکَالِك) موٹا اونٹ۔
لَکَمَهُ (ن) لَکْمًا۔ مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَکَم السَّیْلُ عَرْضَ الجَبَل" سیلاب نے دامن کوہ میں نشان چھوڑا۔
لَاکَمَهُ مُلَاکَمَةً۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اِلْتَکَم۔ بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔
تَلَاکَمَا۔ ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔
اللُّکْمَة۔ گھونسا۔ مکا۔
رَجُلٌ مِلْکَمٌ۔ بہت گھونسے مارنے والا۔
المَلْکُوْم۔ مظلوم۔
خُفٌّ لَکَامٌ و مِلْکَمٌ و مُلْکَمٌ۔ سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔
المُلَکَّم۔ پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔
لَکِنَ (س) لَکَنًا و لُکْنَةً ولُکُوْنَةً و لُکْنُوْنَةً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت اَلْکَنُ مؤنث لَکْنَاء ج لُکْنٌ۔
تَلَاکَنَ فِیْ کَلَامِه: ہنسانے کیلئے ہکلا کے بولنا۔
اللُّکْنَة۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔
لٰکِنْ۔ اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔
(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخفف ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتداء ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَامَ زَیْدٌ وَلٰکِنْ عَمْرٌو جَالِسٌ۔
(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واؤ لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واؤ نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "مَا قَامَ زَیْدٌ لکن عَمْرٌو" "و" لَا تَضْرِب زَیْدًا لٰکِنْ عَمْرًوا"
اللَّکَنُ۔ لگن۔ ج الکان (دخیل)
لٰکِنَّ۔ اس کی اصل لاکنّ ہے۔ الف کتابت

میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کیلئے آتا ہے۔ جیسے "قَامَ القَوْمُ لٰکِنَّ زَیْدًا جَالِسٌ" اور کبھی تاکید کیلئے جیسے لَوْزَارَنِی زَیْدٌ لَاَکْرَمْتُه لٰکِنَّهُ لَمْ یَجِیءْ لو سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن سے تاکید ہوگئی۔
لَکِیَ یَلْکَی لَکًی بِه: مشتاق ہونا۔ چمٹنا۔ صفت لَکِیٌّ۔ لَکِیَ بِالْمَکَان: اقامت کرنا۔
اللاکِی۔ عیب جو (لَامِكٌ کا مقلوب ہے)
لَمْ۔ حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ یَاْکُلْ اس نے نہیں کھایا۔ اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "اَلَمْ اَقُلْ لَكَ" کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واؤ اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے اَفَلَمْ اَقُلْ لَكَ او لَمْ اُوَدِّبْكَ۔
لَمَّا۔ تین صورتوں سے مستعمل ہے۔
(۱) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔
(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جائے گا۔ اور اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا جائز ہے۔
(ب) لَمَّا کے منفی میں استغراق ہے اور لَمْ کے منفی میں انقطاع جیسے لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا۔ اور اسی وجہ سے "لَمْ یَکُنْ ثُمَّ کَانَ" کہنا جائز ہے اور "لَمَّا یَکُنْ ثُمَّ کَانَ" نہیں کہہ سکتے۔
(ج) لَمَّا کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔
(د) لَمَّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔
(ہ) لَمَّا کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "فَجِئْتُ قُبُوْرَهُمْ بَدْءًا و لَمَّا"

یعنی لَمَّا اَكُنْ بَدْءًا قَبْلَ ذٰلِكَ اور "وَصَلْتُ اِلٰى بَغْدَادَ وَلَمْ" یعنی لَمْ اَدْخُلْهَا کہنا جائز نہیں۔

(۲) لَمَّا ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے جیسے لَمَّا جَاءَ نِیْ اَكْرَمْتُهٗ اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کیلئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔

(۳) لَمَّا حرف استثناء ہے اِلَّا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی قرات میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُدُكَ اللّٰهَ لَمَّا فَعَلْتَ یعنی مَا اَسْاَلُكَ اِلَّا فِعْلَكَ.

لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔

لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُوْم.

اَلَمَّ. چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا۔ الْغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ. اَلَمَّتِ النَّخْلَةُ: پختگی کے قریب ہونا بِهٖ مرضٌ: مرض لاحق ہونا بِالْقَوْمِ و عَلَى الْقَوْمِ: آ کر اتر پڑنا بِالْمَعْنٰى: سمجھ لینا بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا الشَّیْءَ: قریب ہونا بِالْاَمْرِ: غور نہ کرنا بِالطَّعَامِ: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی كَادَ کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "اَلَمَّ يَفْعَلُ كَذَا" بمعنی كَادَ يَفْعَلُ كَذَا.

اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا بِالْقَوْمِ: آ کر اترنا۔

اللَّامَّة. نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اُعِيْذُهٗ مِنْ كُلِّ هَامَّةٍ وَلَامَّةٍ" کہا جاتا ہے "هُوَ يَزُوْرُنَا لِمَامًا" وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اللَّمُّ. مِن۔ بے شمار جماعت۔

اللَّمَم. تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اللِمَّا. ایک قسم کی مچھلی۔

اللَّمَّة. لَمَّ کا اسم مرۃ۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ لَمَّةٌ مِنَ الْجِنِّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّة زمانہ۔ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّيْطَانِ لَمَّةٌ" یعنی شیطان کے لیے قربت ہے۔

اللُّمَّة. ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا تُسَافِرُوا حَتّٰى تُصِيْبُوْا لُمَّةً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)

اللِمَّة. بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ و لِمَام.

المِلَمّ. ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ "و رَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموما ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔

المُلِمَّة. دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

المَلْمُوْم. جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

كَتِيْبَةٌ مَلْمُوْمَةٌ. گنجان فوج۔ صَخْرَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: سخت گول چٹان۔

لَمَاهُ وَلَمَا عَلَيْهِ (ف) لَمْأً. ہاتھ ڈالنا الشَّیْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا بِهٖ: مشتمل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا يَلْمَأُ فَمُهٗ بِكَلِمَةٍ" یعنی کسی فتیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَاَ. اللِّصُّ عَلَى الشَّیْءِ و بِالشَّیْءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لے جانا عَلٰى حَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَاَتِ الدَّوَابُّ الْمَكَانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًى فَهَاجَتِ الدَّوَابُّ فَاَلْمَاَتْهُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل پڑے عَلَى الشَّیْءِ: مشتمل ہونا بِمَا فِی الْجَفْنَةِ: اپنے لیے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَيْنَ اَلْمَاَ مِنْ بِلَادِ اللّٰهِ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّاَتْ تَلَمُّؤًا الْاَرْضُ بِهٖ و عَلَيْهِ: گھیر لینا۔ تَلَمَّاَ وَاِلْتَمَاَ بِمَا فِی الْجَفْنَةِ و اِلْتَمَاهُ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اُلْتُمِیَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔

المَلْمُوْنَة. جگہ جو لی جائے یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔

لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّیْءَ: منہ کے اطراف سے کھانا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَمَجُوْا ضَيْفَهُمْ بِشَیْءٍ" انہوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔

تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ يَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اللَّمَاجُ واللُّمُوْجُ تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَهٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

المِلَجُ واللَّمِيْجُ. بہت کھانے والا۔

کہا جاتا ہے "سَمْجٌ لَمْجٌ و سَمِجٌ لَمِجٌ و سَمِيْجٌ لَمِيْجٌ" یعنی بہت برا۔

اللُّمْجَة. غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ.

المَلَامِج. منہ کے ارد گرد۔

رُمْحٌ مُلَمَّجٌ. نرم و چکنا نیزہ۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا الْبَصَرُ: نگاہ اٹھنا الرَّجُلُ الشَّیْءَ وَاِلَى الشَّیْءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَةُ ہے الشَّیْءَ بِالْبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا و لَمَحَانًا و تَلْمَاحًا النَّجْمُ او الْبَرْقُ ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لَامِحٌ و لَمُوْحٌ و لَمَّاحٌ.

لَامَحْتُهٗ. دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَّحَ تَلْمِيْحًا اِلَى الشَّیْءِ: اشارہ کرنا اَلْمَحَ

اِلٰی فُلَان : اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا الشَّیَٔ : چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الرَّجُلَ: دکھانا۔

اِلتَمَحَهٗ. نظرِ خفیف سے دیکھنا۔

اُلتُمِحَ بَصَرُہٗ: نگاہ جاتا رہنا۔

اللَمح. س۔ کہا جاتا ہے "لَاُرِیَنَّكَ لَمحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللمحة. جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ مَلَامح کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُه لَمحَة البَرْق" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللَامِح. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحُ عِطْفَیْهِ" یعنی وہ خودپسند ہے۔ اَبْیَضُ لَمَّاح. بہت زیادہ سفید۔

المَلَامِح. مشابہ۔ چہرے کے خط و خال۔ لمحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فُلَان لَمحَةٌ مِنْ اَبِیْهِ او مَلَامِحُ مِنْ اَبِیْهِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمَخَهٗ(ف) لَمْخًا. طمانچہ مارنا۔

لَامَخَه مُلَامَخَةً و لِمَاخًا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخ بِکَلَامٍ قَبِیحٍ: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَهٗ(ن) لَمْدًا. فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلاِلْمَد واللمْدَان. عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ(ن) لَمْذًا. منہ کے اطراف سے کھانا (لجّ میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا. کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔

لَمَزَہٗ(ن ض) لَمْزًا. عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَہُ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لَامَزَہٗ. اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَہٗ. ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِی السَّیْرِ: دوڑنا۔

اللَّمَّاز واللُّمَزَة. لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللَّمَّاز: چغل خور۔

اللَّمَّاز. سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَهٗ (ن ض) لَمْسًا چھونا۔ لَمَسَ الشَّیَٔ: طلب کرنا الشَّیَٔ: چھونے کے قابل ہونا المَرْاَةَ: جماع کرنا زَیْدًا اِمْرَاَةً: نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ شُعَاعٌ یکَادُ یَلْمُسُ البَصَرَ" اس کیلئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوند کردے۔

لَامَسَهٗ. ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلْمَسَ فُلَانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔ زَیْدًا اِمْرَاَةً: نکاح کرا دینا۔

تَلَمَّسَ الشَّیَٔ: بار بار طلب کرنا۔

اِلتَمَسَ الشَّیَٔ مِنْ فُلَان: مانگنا۔ طلب کرنا۔

اللَّمَاسَة واللمَاسَة. قریبی حاجت۔

اللمْس. س حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَّمِیْس. نازک بدن عورت۔

اللمُوْس. منہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے کَوَاہ لَمَاس او کَوَاہُ المُتَلَمِّسَة یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

المُلَامَسَة. س فِی البَیْع: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

المَلْمَس. چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

المَلْمُوْس. مف۔ کہا جاتا ہے "اِکَافٌ مَلْمُوْسُ الاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کردی گئی ہو۔

المَلْمُوْسَات. قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللمُوْسَة. راستہ۔

صَحِیْفَةُ المُتَلَمِّس. بدبختی کیلئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کردو۔

لَمَصَ(ن) لَمْصًا العَسَلَ و شِبْهَهٗ: شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا فُلَانًا چٹکی لینا: نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ منہ چڑانا۔ الصَّبِیُّ: پیشاب کردینا۔

اَلْمَصَ الشَّجَرُ: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلْمَصَ الکَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَّمْص. س۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللَاَّمِص. انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَّمُوْص. جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَمَطَهٗ (ن) لَمْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ لَمَطَ فُلَانٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلتَمَط. بِحَقِّیْ: حق مار لینا۔

لَمَظَ(ن) لَمْظًا. کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا فُلَانًا مِنْ حَقِّهٖ: حق میں سے کچھ دینا المَاءَ: زبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَمَّظَه مِنْ حَقِّهٖ: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّظَ فُلَانًا لُمَاظَةً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلْمَظَهٗ. ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْمَظَهٗ عَلٰی فُلَان: غصہ دلانا۔ اَلْمَظَ فُلَانًا: آہستہ نیزہ مارنا البَعِیْرُ بِذَنَبِهٖ: اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا الرَّجُلُ القَوْسَ: کمان پر تانت باندھنا۔

تَلَمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو منہ میں پھرانا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِکْرِهٖ" یعنی عیب لگایا۔ تَلَمَّظَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔

اِلتَمَظَ الشَّیَٔ: جلدی سے منہ میں ڈالنا الطَّعَامَ: کھانا بِحَقِّهٖ: حق مار لینا بِالشَّیِٔ: لپٹنا بِشَفَتَیْهِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلْمَظَّ الفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللمَاظ. تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے۔ کہا

جاتا ہے "مَالَہٗ سـ ... اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "و مَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وشَرِبَہٗ لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زُبان کے کنارے سے چکھا۔

اللماظة. فصاحت۔ زُبان کی روانی۔

اللُمَاظَة. مُنہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنْیا اِلَّا لُمَاظَةُ اَیَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

اللَمَظ. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

اللُمْظَة. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دِل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں۔

الاَلْمَظ مِنَ الْخَیْلِ: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔

التِلِمَّاظ. جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلِمَّاظَة. التِلِمَّاظَه : بیہودہ بکواس کرنے والی عورت۔

مَلَامِظُ. الْاِنْسَان: مُنہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔

المُتَلَمَّظ. تبسم کرنے کی جگہ۔

لَمَعَ (ف) لَمْعًا و لَمَعَانًا و لُمُوْعًا و لَمِیْعًا و تِلِمَّاعًا البَرْقُ وَغَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔

ضَرْعُ النَّاقَةِ: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا فُلَانٌ بِالشَّیْ: لے جانا بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ او بِسَیْفِہٖ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ: پرندہ کا بازو پھڑ پھڑانا فُلَانٌ البَابَ: دروازے سے نکلنا۔

اَلْمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِہا: بکری کا دُم اُٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلْمِعَةٌ و مُلْمِعٌ الْاُنْثٰی: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا فُلَانٌ بِالشَّیْ و عَلَیْہِ: اچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلْمَعَتِ البِلَادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔ اَلْمَعَ اِلٰی فُلَانٍ بِثَوْبِہٖ : کپڑے سے اشارہ کرنا الفَرَسُ و نَحْوُھَا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اُٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ: پرندہ کا بازو کو پھڑ پھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسْجَ: مختلف رنگوں کا بننا۔

تَلَمَّعَ الشَّیَ واِلْتَمَعَہٗ اچک لینا البَرْقُ و غَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلْتَمَعَ القَوْمَ: لے جانا۔

اِلْتَمَعَ واُلْتُمِعَ لَوْنُہٗ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللوامع. فا۔ ج لُمَّعٌ. کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللاَّمِعَة. لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع.

اللُمْعَة. گھاس کا خشک شدہ حصّہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَہٗ لُمْعَةٌ مِنَ الْعَیْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے مِنَ الْجَسَدِ: جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمْعَة خاص کر بدن کا سیاہ حصّہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصّہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ و لِمَاع.

اللمَّاع. لامع کا اسم مبالغہ۔

اللَمَّاعَة. عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچّے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللُمُوْع. چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

الاَلْمَعُ والاَلْمَعِیُّ. تیز ذہن۔ تیز فہم۔

الاَلْمَعِیَّة. ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَھَبَتْ نَفْسُہٗ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

التَلْمِیْع فِی الْخَیْلِ وغَیْرِھَا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِیْع. کہا جاتا ہے "فِیْہِ تَلْمِیْع و تَلَامِیْع" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلْمَعا الطَّائِر: پرندہ کے دونوں بازو۔

المُلَمَّع مِنَ الْخَیْلِ وَغَیْرِہٖ: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرْضٌ مُلْمِعَةٌ و مُلَمِّعَةٌ و مُلَمَّعَةٌ. زمین جس میں سراب چمکے۔

خَدٌّ مُلَمَّع. چمک دار رخسارہ۔

الیَلْمَع. بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَکْذَبُ مِنْ یَلْمَع" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا ھُوَ یَلْمَعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج یَلَامِع.

والیَلْمَع مِنَ السِّلَاحِ: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج یَلَامِع.

الیَلْمَعِیّ. ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔

لَمَقَہٗ (ن) لَمْقًا و لُمُوْقًا. لکھنا۔ مٹانا۔

لَمَقَ عَیْنَہٗ: آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَیْہِ: دیکھنا اِلَیْہِ بِبَصَرِہٖ: دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ. چکھنا۔

اللَمَاق. چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالْاَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِیْ لَمَقِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

الیَلْمَق. روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَکَ (ن) لَمْکًا الْعَجِیْنَ: نرم گوندھنا۔

تَلَمَّکَ الْبَعِیْرُ: اُونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اللَمَاک. چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّکَ بِلَمَاکٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اللَمَاک واللُمَاک واللُمْک. سرمہ۔

اللمِیْک. سرمہ لگایا ہوا۔

الیَلْمَک. قوی جوان۔ مردوں ہی کے لیے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِہٖ: کھانے کے بعد زُبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اللَمَال واللُمَال. سرمہ۔

لَملَمَ الحجر: پتھر کو گول گھڑنا۔الشَّیَٔ: جمع کرنا۔
تَلَملَمَ. گول ہونا۔جمع ہونا۔
اللَّملَم. بہت جمع شدہ فوج۔
اللَّملُوم. جماعت۔
رَجُلٌ مُلَملَم و جَمَلٌ مَلَملَم: گٹھے بدن کا مرد اور اُونٹ۔ شعر مُلَملَم: تیل لگے ہوئے بال۔
المُلَملَمَۃ ومُلَملَم کا مؤنث۔ہاتھی کی سونڈ۔
لَمَا یَلمُو لَموًا. الشَّیَٔ :سب لے لینا۔
اللُّمَۃ. جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لیے نمونہ۔ج لُمَات.
لَمِیَ یَلمِی لَمیًا و لَمِیَ یَلمَی لَمًی الغُلامُ: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔صفت مذکر اَلمَی. صفت مؤنث لَمیَا.
اَلمَی اِلمَاءً. اللّصُّ بِکَذَا: چور کا چپکے سے لے جانا۔اڑا لے جانا۔
تَلَمَّتِ الاَرضُ بِہ و عَلَیہِ: حاوی ہونا۔مشتمل ہونا۔
اُلتُمِیَ اِلتِمَاءً. لَونُہُ: رنگ متغیر ہونا۔بِہ: اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا۔
اللَّمیُ. بتثلیث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔
اَللَّامِیُون : گھاس کی قسم سے ایک پودا جس کے پتے گھنے پھول سفید یا گلابی ہوتے ہیں بے آباد زمین میں ہوتا ہے۔
الاَلمَی. گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ رُمحٌ اَلمَی مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ظِلٌّ اَلمَی: گنجان سایہ۔شَجَرٌ اَلمَی. گنجان سایہ دار درخت۔غُلَامٌ اَلمَی: سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمیَاء. ج لُمی. لِثَۃٌ لَمیَاء: کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔
لَن. مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے"لَن اَفعَلَ المنکر مَا بَقِیتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دُعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے"لن تزالُوا مَلجَا الفقیر" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔
لَہُ (ن)لَہًّا الشِّعرَ: نازک و مستحسن شعر کہنا۔
لَہِبَت (س)لَہَبًا و لَہَبًا و لَہِیبًا و لُہَابًا و لَہَابًا. النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔
لَہِبَ (س)لَہَبًا و لَہبَانًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔صفت لَہبَان.
لَہَّبَ النَّارَ فتَلَہَّبَت وَاَلہَبَہا فَالتَہَبَت آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اُٹھنا۔اِلتَہَبَ عَلَیہِ: غضبناک ہونا۔غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے"فُلَانٌ یَتَلَہَّبُ او یَلتَہِبُ جُوعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔
اَلہَبَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا البَرقُ: بجلی کا پیاپے کوندنا۔اَلہَبَ فِی الکَلامِ: جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے"اَلہَبَہُ لِلاَمرِ" اس نے اس کو کام کے لیے اکسایا۔
اللُّہَاب. مص۔پیاس۔
اللُّہَابَۃ. ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔
اللِّہب. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ج اَلہَاب و لُہُوب و لِہَاب و لِہَابَۃ.
اللَّہَب. مص۔بے دھوئیں کا شعلہ۔بلند غبار۔
اللَّہَبَان. مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔
اللُّہبَۃ. پیاس۔خالص سفیدی۔
اللَّہِیب. مص۔ آگ کی گرمی۔المَلہُوب. حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔
الاُلہُوب. گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اُڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔
المِلہَب. نہایت خوبصورت۔
المُلہِب. تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔
المُلَہَّب مِنَ الثِّیَابِ: کم سرخی والا کپڑا۔
اللاَّہُوت. خداوندی۔ اور اس کی اصل "لَاہٌ" بمعنی اِلٰہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔عِلمُ اللاہُوت: عقائد متعلقہ ذات وصفات باری تعالیٰ کا علم۔اللاہُوتِیُّ عقائد متعلقہ ذات و صفاتِ باری کا عالم۔
لَہِثَ و لَہَثَ لَہَثًا و لُہَاثًا الکَلبُ وَغیرہ: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زُبان نکالنا۔
لَہِثَ (س) لَہَثًا و لَہَثَانًا و لَہَاثًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَہثَان. صفت مؤنث لَہثَی.
اِلتَہَثَ الکَلبُ: کتے کا ہانپنے میں زُبان نکالنا۔
اللُّہَاث. مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو"ہُوَ یُقَاسِی لُہَاثَ المَوتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔
اللُّہثَۃ. تھکن۔پیاس۔
لَہِجَ (س)لَہَجًا بالشَّیِٔ: شیفتہ ہونا۔ صفت لَہِج ولَاہِج الفَصِیلُ بِاُمِّہٖ: چوسنا الفَصِیل بامہ: ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔صفت لَاہِج.
لَہَّجَ القَومَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔
اَلہَجَ الرَّجُلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا فُلَانًا بالشَّیِٔ: فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔
الفَصِیلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)
اُلہِجَ بالشَّیِٔ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔
اِلہَاجَّ اِلہِیجَاجًا الشَّیُٔ : گڈ مڈ ہونا۔
اِلہَاجَّت عَینُہُ: اونگھ آنا۔اِلہَاجَّ اللَّبَنُ: دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔
اللَّہجَۃ. زُبان یا نوک زُبان۔مادری زُبان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِیحُ اللَّہجَۃِ و صَادِقُ اللَّہجَۃِ"
اللُّہجَۃ. کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔
المُلَہَّج. مع۔ وہ شخص جو سو رہے اور کام

کرنے سے عاجز ہو۔
لَهْوَجَ الشَّیْءَ: ملانا الأمر. ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا الشِّوَاءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَهْوَجٌ. اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِيْثٌ مُلَهْوَجٌ ورَاْيٌ مُلَهْوَج. غیر محکم بات ورائے۔
تَلَهْوَجَ الشَّیْءَ: جلدی کرنا اللحمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔
تَلَهْجَمَ بِالشَّیْءِ: شیفتہ ہونا الطَّرِيْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔
اللَّهْجَم. کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔
لَهَدَهُ لَهْدًا الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ و لَهِيْدٌ. لَهَدَ دَابَّتَه: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا الشَّیْءَ: کھانا یا چاٹنا فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔
لَهَّدَ فُلَانًا: بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے۔
اَلْهَدَهُ. ظلم کرنا۔ اَلْهَدَ بِهِ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْهَدَ اِلَى الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا بِفُلَانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔
اللُّهَاد. ہچکی۔
اللَّهْد. مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اُونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سست و ناکارہ مرد۔
اللَّهِيْد. عاجز۔ تھکا ہوا۔
اللَّهِيْدَة. ایک نرم قسم کا حلوا۔
المُلَهَّد. مع "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکا دیا ہوا۔
اللَّهْذَب. ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔
لَهْذَمَهُ. کاٹنا۔
تَلَهْذَمَهُ. کاٹنا تَلَهْذَمَ الشَّیْءَ: کھانا۔
اللَّهْذَم. تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَهَاذِم و لَهَاذِمَة.
اللَّهَاذِمَة. چوروں کی جماعت۔
لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّیْءُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا القَوْمَ: قوم میں مل جانا۔
لَهَزَهُ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْز. لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَهَزَ فُلَانًا: مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا الفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔
لَهَّزَهُ تَلْهِيْزًا. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔
اللاّهِز. فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گزار کر دے۔ اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ پتلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لاہزان کہیں گے۔
اللِّهَاز. چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔
اللَّهِز. سخت۔
اللَّهْزَة. کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔
المِلْهَز. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔
المَلْهُوْز. مع۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔
لَهْزَمَهُ. جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِّهْزِمَة. کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم.
لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّیْءَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے) الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بے چوسے ہوئے چاٹنا عَلَى الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔
لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا القَوْمُ اِلَى الشَّیْءِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِيْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔
اللاّهِس. جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس.
اللُّهَاس و اللُّهَاسَة. تھوڑی خوراک۔
اللُّهْسَة. چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عِنْدِيْ لُهْسَةٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔
لَهْسَمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھا لینا۔
اللَّهَاسِم. وادی کی تنگ نالیاں واحد لُهْسُم.
لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا. تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهَطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهُ بِهِ: جننا۔
اللاّهِط. فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لُهْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَهِعَ (س) لَهَعًا و لَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ و لَهْعٌ و لَهِيْعٌ فِي الْكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔
اللَّهَاعَة. غفلت۔
اللَّهِيْع. کارگزاری میں تیز۔
اللَّهِيْعَة. غفلت۔ سستی۔ کاہلی۔ خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔
لُهِفَ لَهْفًا. ظلم کیا جانا۔
لَهِفَ (س) لَهَفًا. عَلَى مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ و لَهِيْفٌ.
لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهُ او اُمَّهُ: وانفساه و اُمَّيَاه والهفاه کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ اُمَّيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ: یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی ماتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَهَّفْتُ اِلَيْكَ تَلْهِيْفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔
اَلْهَفَ. حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند

ہونا۔

تَلَهَّفَ عَلَيْهِ: غمگین ہونا۔افسوس کرنا۔

اِلْتَهَفَتِ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اُٹھا۔

اللاهِف. فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔مؤنث لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ. اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دِل ہے۔

اللاهِفَة. لَاهِف کا مؤنث. ج لَاهِفَات ولَوَاهِف.

اللَّهْف. س۔ يَلْهَفُ فُلَان: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کِس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يَا لَهْفَ و يالَهْفًا و يالَهْفَ اَرْضِي و سَمَاي عَلَيْكَ و يالَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔

اللَّهْفَان. افسوس کرنے والا۔غمزدہ۔مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى و لُهُف.

اللَّهْفَة. لَهَفَ کا اسم مرۃ۔اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةُ و يَالَهْفَتَاهُ و يَالَهْفَتِيَاهُ"

اللَّهُوْف. موٹا۔لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَّهُوْفَة.

اللَّهِيْف. مضطر۔افسوس کرنے والا۔رَجُلٌ لَهِيْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دل۔ج لِهَاف.

المَلْهُوْف. غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دِل مرد۔

لَهِقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا و لَهَقًا الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا۔

تَلَهَّقَ الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا۔الرَّجُلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔

اللُّهَاق. سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لُهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّهَق واللَّهِق. سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهَقَةٌ و لَهِقَةٌ. ج لَهِقَاتٌ و لِهَاقٌ. کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهَقٌ و لَهِقٌ" بہت سفید۔

مُلَهَّقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ والا۔

لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: باریک بنا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)

تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ: باریک بنا ہوا ہونا۔الْكَلَاءُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللَّهْلَهَة مِنَ الثِّيَابِ او الْكَلَامِ او الشِّعْرِ: ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔

اللُّهْلُه. بصورت۔بَلَدٌ لُهْلُهٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (والُهْلُهَة) کشادہ زمین۔

اللَّهْلَهَة. کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَهِمَ (س) لَهْمًا و لَهَمًا الشَّيْءَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا۔الماءَ: گھونٹ لینا۔

اَلْهَمَهُ الشَّيْءَ: نگلوانا۔اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا: وحی کرنا۔سکھلانا۔توفیق دینا۔دل میں ڈالنا۔

تَلَهَّمَ والتَهَمَ الشَّيْءَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ہڑپ کرنا۔(التَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُهِمَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رُشد و ہدایت کے الہام کی دُعا کرتا ہوں۔

اللِّهَام. بڑا لشکر۔

اللِّهْم. عمررسیدہ۔ج لُهُوْم.

رَجُلٌ لِهْمٌ ولَهِمٌ. کھاؤ۔پیٹو۔

اللُّهْمَة مِنَ السَّوِيْقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللَّهِمّ. بہت بخشش والا۔بڑا دیالو۔بڑا سمندر۔کھاؤ۔سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔رَجُلٌ لَهِمٌ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔کفایت کرنے والا۔ج لَهِمُوْنَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوْمٌ. کھاؤ مرد۔

اللُّهَيْم و اُمُّ اللُّهَيْم. موت۔ بخار۔ مصیبت۔اللَّهَيْم: کشادہ دیگ۔

الإلْهَام. س۔ اللہ کا انسان کے دِل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْهَم والمُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھالینا۔

اللُّهْمُوْم. بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيْم و لَهَامِيْمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔

اللَّهْمِيْم. سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَّنَ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْهَنَهُ. مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔

اللُّهْنَة. تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے ج لُهَن.

لَهَا يَلْهُوْ لَهْوًا. الرَّجُلُ: کھیلنا۔ فریفتہ ہونا (لَهْوًا و لُهُوًّا) الْمَرْاَةُ اِلَى حَدِيْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (لُهِيًّا و لِهْيَانًا) عَنِ الشَّيْءِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهَى لَهًا بِكَذَا: محبت کرنا۔عَنْهُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهَى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَهَّاهُ تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا: غافل کر دینا۔ بِكَذَا: مشغول کرنا۔

لَاهَاهُ مُلَاهَاةً. قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔

لَاهَى الشَّيْءَ: نزدیک ہونا۔ الْغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْهاهُ اِلْهاءً. اَللَّعْبُ عَنْ كَذَا: غافل کرنا۔ فُلانُ الشَّيْءَ: عاجزی سے چھوڑ دینا الرَّحیٰ و فِي الرَّحٰی و لِلرَّحٰی: چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْهٰی الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَهّٰی تَلَهِّيًا بِكَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا۔ الشَّيْءُ: مشغول ہونا۔

تَلاهٰی تَلاهِيًا بِالْمَلاهِي: کھیل کود میں مشغول ہونا۔ القَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَهَی الرَّجُلُ بِالشَّيْءِ: کھیلنا۔ بِغَيْرِهٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْهٰی اِسْتِلْهاءً. صَاحِبَهٗ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ الشَّيْءُ: زیادہ لینا۔ نکلنا۔

اللُّهاءُ. مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ لُهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللَّهْوُ. کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللَّهَاةُ. حلق کا کوا۔ ج لَهَوَات و لَهَيَات و لُهِيٌّ و لِهِيٌّ و لَهًا و لَهَاءٌ و لِهَاءٌ.

اللَّهْوَةُ. لَهَا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّهْوَةُ و اللُّهْوَةُ. پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لُهًى.

اللُّهْيَةُ. عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَهُوٌّ عَنِ الْخَيْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّهَوِيُّ. لَهَاة کی طرف منسوب۔ والحَرْفَانِ اللَّهَوِيَّانِ: ق و ک۔

الأُلْهُوَّةُ و الأُلْهِيَّةُ و التَّلْهِيَةُ. جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْهَى. کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَلْهَى الْقَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے "وَهٰذَا مَلْهَى الأَثَافِي" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْهَى. کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاهٍ. آلات

المَلاهِي. آلاتِ موسیقی۔

لَهْوَج. مادّہ ل ه ج میں گزر چکا۔

لَهْوَقَ لَهْوَقَةً و تَلَهْوَقَ الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا۔ فِي العَمَلِ و الكَلَامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَهْوَقٌ: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ. یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے "لَوْ جَاءَنِي لَأَكْرَمْتُهٗ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ كَانَ زَيْدٌ حَجَرًا كَانَ جَمَادًا"

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِي أَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہوجاتا ہے جیسے لَوْ تَقُوْمُ اَقُوْمُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ.

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوْا لَوْ تَاْتِيْهِمْ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَاْتِيْنِيْ فَتُحَدِّثُنِيْ" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند اَلَا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کیلئے جیسے "تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ يَلُوْبُ لَوْبًا و لُوَابًا و لَوَبَانًا الرَّجُلُ و البَعِيْرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ الاسم اللَّوْبُ و اللُّوْبُ و اللُّؤُوْبُ و اللُّوَابُ.

لَوَّبَهٗ تَلْوِيْبًا. ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے ملاب)

اَلَابَ اِلَابَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّائِبُ. فا. ج لُؤُوْبٌ و لُوْبٌ. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ لُوْبٌ او نَخْلٌ لُوْبٌ و لَوَائِبُ" پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَابُ. لعاب.

اللُّوْبَاءُ و اللُّوْبِيَاءُ و اللُّوْبِيَا. لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوْبَةُ. جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ۔ ج لُوَبٌ.

اللُّوْبُ. گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللَّابَةُ. سنگلاخ سوختہ۔ ج لَابَاتٌ و لَابٌ.

اللَّابَةُ. کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلَابُ. ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّبُ. مع۔ پیچ دار لوہا۔

اللَّوْلَبُ. پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِبُ.

اللَّوْلَبِيُّ. لَوْلَب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَبُ. سرمہ کی سلائی۔

لَاتَ يَلُوْتُ لَوْتًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا۔ الخَبَرَ: خبر کو چھپانا۔ فُلانًا: حق گھٹانا۔

اللَّاتُ. زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ. حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِیْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِیْنُ حِیْنَ مَنَاص".

لَاثَ یَلُوْثُ لَوْثًا. العَمَامَةَ عَلٰی رَاسِهٖ: سر پر عمامہ لپیٹنا الضَّبَابُ بِالْجَبَلِ: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِهِ النَّاسُ: اردگرد جمع ہونا دَارَهٗ: ہمیشہ گھر میں رہنا الشَّیْئَ: منہ میں چبانا فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا الشَّیْئَ: بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْکَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوِثَ یَلْوَثُ لَوَثًا فِی الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔

لَوَّثَ تَلْوِیْثًا الشَّیْئَ: بھگونا الْمَاءَ: گدلا کرنا ثِیَابَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔

اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا۔

اَلْوَثَتْ اِلْوَاثًا. اَلْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا زَیْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی اُمید سے صحبت میں رہنا۔

اِلْتَاثَ اِلْتِیَاثًا عَلَیْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔ بِرِدَائِهٖ: لپٹنا فِی الْعَمَلِ: دیر کرنا فِی کَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا۔

اللَّائِثُ. فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

اللُّوَاثُ. تلچھٹ۔

اللُّوَاثَةُ. تلچھٹ۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْثُ. مص۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔

اللَّوَثُ. ڈھیل ڈھال۔

اللِّیْثُ. گنجان نباتات۔

اللَّوْثَةُ. لَاثَ کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔

اللُّوْثَةُ. ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَیِّثٌ. گنجان پودہ۔

اللُّوَیْثَةُ. جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَیَجْمَعُ لُوَیْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔

الْاَلْوَثُ. ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ. ج لُوثٌ۔

الْمَلَاثُ وَالْمِلْوَثُ. سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج الْمَلَاوِثُ وَالْمَلَاوِثَةُ وَالْمَلَاوِیْثُ کہا جاتا ہے "هُمْ مَلَاوِثُ" یعنی وہ اشراف ہیں۔ وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّیْفَانِ وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے۔

الْمَلَاثُ. مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔

الْمُلَیَّثُ. موٹاپے کی وجہ سے سست۔ دِیْمَةٌ لَوْثَاءُ. لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔

لَاجَ یَلُوْجُ لَوْجًا الشَّیْئَ: منہ میں پھرانا۔

لَاحَ یَلُوْحُ لَوْحًا الشَّیْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا اِلَیْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الشَّیْئَ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے الْعَطَشُ اَوِ السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (لَوْحًا و لُوُحًا و لُوَاحًا و لُوُوْحًا و لَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔

لَوَّحَ تَلْوِیْحًا دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَیْفِهٖ: تلوار چمکانا بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْکَلْبِ بِرَغِیْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا السَّفَرُ وَالْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا الشَّیْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا فُلَانًا بِالْعَصَا وَالسَّیْفِ وَالسَّوْطِ وَالنَّعْلِ: اٹھانا اور مارنا۔ الشَّیْئَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا۔

اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّیْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا بِسَیْفِهٖ اَوْ ثَوْبِهٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِحَقِّهٖ: حق مار لینا فُلَانًا: ہلاک کرنا مِنْهُ: خوف کرنا۔ پرہیز کرنا مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا عَلَی الشَّیْئِ: اعتماد کرنا۔

تَلَوَّحَ. ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔

اِلْتَاحَ اِلْتِیَاحًا. پیاسا ہونا۔

اِسْتَلَاحَ فِی الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا. غور کرنا۔

اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا۔

اللَّیَاحُ وَاللِّیَاحُ. صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْیَضُ لَیَاحٌ اَوْ لِیَاحٌ" خالص سفید۔

اللَّائِحَةُ لائح کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِحُ. کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰی لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)

اللَّوْحُ. تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاحٌ. لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاحٌ ج اَلَاوِیْحُ. اَلْوَاحُ السِّلَاحِ: چمکدار ہتھیار۔

اللُّوْحُ. پیاس۔ فضاء آسمانی۔

اِبِلٌ لُوْحٰی: پیاسے اونٹ۔

التَّلْوِیْحَاتُ. کتاب کے حواشی و نوٹ۔

الْمُلْتَاحُ. دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔

الْمِلْوَاحُ. لمبا۔ دبلا۔ جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس

کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لیے باندھ دیا جائے۔

المِلْوَاح والمِلْوَح والمِلْيَاح. جلدی پیاسا ہونے والا۔ ج مَلَاوِيح. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ مَلَاوِيح" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ۔

قِدْحٌ مُلَوَّحٌ: آگ سے متغیر شدہ تیر۔

لَاخَهٗ يَلُوْخُهٗ لَوْخًا. ملانا۔

اِلْتَاخَ اِلْتِيَاخًا. ملا العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اُٹھنا۔

اللُّوَاخَة واللَّوَاخَة. مکھن دودھ سے ملا ہوا۔

لَوِدَ يَلْوَدُ لَوَدًا. سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔

الاَلْوَد. سرکش۔ نافرمان۔ جو عدل کی طرف مائل نہ ہو۔ موٹی گردن۔ ج لُوْد.

لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا و لَوَاذًا و لِوَاذًا و لُوَاذًا و لِيَاذًا. بِالجَبَلِ: پہاڑ میں چھپنا۔ پناہ گیر ہونا بِالقَوْمِ: پناہ میں آنا الطَّرِيْقُ بِالدَّارِ: راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔

لَاوَذَ لِوَاذًا و مُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا عَنْهُ: فریب دینا فُلَانًا: مخالفت کرنا۔ القَوْمَ: مدارات کرنا القَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا بِالقَوْمِ: گرد گھومنا۔

اَلَاذَ اِلَاذَةً بِالجَبَلِ و بِالقَوْمِ: بمعنی لَاذَ. الطَّرِيْقَ بِالدَّارِ: احاطہ کرنا اور متصل ہونا۔

اَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِيْقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا۔

اللَّوْذ. س۔ پہاڑ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الجَبَلِ و بِالوَاذِهٖ اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔ وادی کا موڑ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الوَادِي" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اُترے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَطُوْفُ فِي الوَاذِ البِلَادِ" فلاں ملک کے اطراف میں پھرتا ہے "وَهُوَ لَوْذُهٗ" وہ اس سے قریب ہے۔ ج اَلْوَاذ.

لَوْذَانُ الشَّيْءِ: جانب۔

اللَّوْذَانِيَّة. فریب دہی۔

اللَاذَة. سرخ ریشمی کپڑا۔ ج لَاذ.

التَّلْوَاذ. اسم ہے بمعنی مُلَاوَذَة. کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذٌ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔

لِوَاذُ الشَّيْءِ: قریب قریب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مِاَةٌ اَوْ لِوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔

المَلَاذ. قلعہ۔ جائے پناہ۔

المَلَاوِذ. ازاریں۔ واحد مِلْوَذ.

المِلْوَذَة. جائے پناہ۔

اللُّوْر. گاڑھا دودھ۔ جو پیوسی اور پنیر کے درمیان ہو۔ جس کو اہل شام قَرِيْشَة کہتے ہیں۔

لَازَ يَلُوْزُ لَوْزًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا مِنْهُ: رہائی پانا الشَّيْءَ: کھانا۔

لَوَّزَ تَلْوِيْزًا. التَّمْرَ: چھوارے میں بادام بھرنا۔

اللَّوْز. بادام۔ واحد لَوْزَة.

اللَّوْزَة. حلق میں کوے کے قریب کا گوشت اور وہ دو ہوتے ہیں۔ اللَّوْزَتَان: سرین کے دو گڑھے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَعَوِزٌ لَوِزٌ" یعنی وہ محتاج ہے۔ لَوِز تابع ہے۔

اللَّوْزِيّ. بادام کی شکل کا۔

المَلَاز. جائے پناہ۔

اَرْضٌ مَلَازَة. بادام والی سرزمین۔

المُلَوَّز. بادام سے بھری ہوئی کھجور۔ وَجْهٌ مُلَوَّزٌ: حسین و ملیح چہرہ۔

اللَّوْزِيْنَج. ایک قسم کا حلوا۔ لوزینہ۔

لَاسَ يَلُوْسُ لَوْسًا. الحَلَاوَاتِ وغَيْرَهَا: کھانے وغیرہ کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈنا۔ صفت لَائِس و لَوُوْس و لَوَّاس و اَلْوَس الشَّيْءَ. چکھنا الشَّيْءَ فِي فَمِهٖ: منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْسُ كَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔

اللَوَاسَة. لقمہ۔

اللُّوْس. جمع لَائِس کی (جیسے بَازِل و بُزْل) کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ لُوُوْسًا او لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔

لَاصَ يَلُوْصُ لَوْصًا. دروازے کی جھری سے دیکھنا عَنْهُ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔

لَوَّصَ تَلْوِيْصًا. خالص شہد کھانا۔

لَاوَصَ مُلَاوَصَةً. دروازے کی جھری سے دیکھنا اِلَيْهِ: اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے فُلَانًا عَنْ كَذَا: فریب دینا الشَّجَرَةَ: درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا۔

اَلَاصَهٗ اِلَاصَةً عَلَى الشَّيْءِ: گھمانا۔ چکر دینا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔

اُلِيْصَ الرَّجُلُ: کپکپی زدہ ہونا۔

تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا. لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔

اللَّوَص. س۔ کان یا سینہ کا درد۔

اللَّوَاص. شہد خالص۔

اللَّوْصَة. پیٹھ کا درد۔

المُلَاوِص. چاپلوسی کرنے والا۔ فریبی۔

لَاطَ يَلُوْطُ لَوْطًا الحَوْضَ: حوض کو مٹی سے لیپنا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا الاِنْسَانَ: مارنا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّيْءُ بِقَلْبِيْ" چیز میرے دل میں جم گئی فُلَانًا بِعَيْنٍ: نظر بد لگانا فُلَانًا بِسَهْمٍ: تیر مارنا فُلَانًا بِفُلَانٍ: لاحق کرنا۔ نسبت کرنا الشَّيْءَ: چھپانا (لَاطًا) فِي الاَمْرِ: اصرار کرنا لُوْطًا و لِوَاطَةً و لَاوَطَ و تَلَوَّطَ) اغلام کرنا۔

لَوَّطَهٗ تَلْوِيْطًا بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت کرنا۔

اِلْتَاطَهٗ اِلْتِيَاطًا و اِسْتَلَاطَهٗ اِسْتِلَاطَةً منہ بولا بیٹا بنانا۔

اِلْتَاطَ حَوْضًا: اپنے لیے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِيْ" یعنی میرے دل میں جم گیا۔

اللِّيَاط. سود۔ بیاج۔

اللَّوْط. مص۔ چادر۔ پھرتیلا مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّيْ لَاَجِدُ لَهٗ فِي

قَلْبِیْ لَوْطًا" میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔

اَلْاَلْوَط. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْوَطُ بِقَلْبِیْ" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔

اَلْمُسْتَلَاط. منہ بولا بیٹا۔

لَاظَهٗ يَلُوْظُهٗ لَوْظًا. بمعنی لَاظَهٗ.

اِلْتَاظَتِ الْحَاجَةُ: دشوار ہونا۔

اَلْمِلْوَظ. چھچی یا کوڑا۔

لَاعَه يَلُوْعُه لَوْعًا. اَلْحُبُّ: بیمار کر دینا۔

لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا. رنگ بدل دینا

(لَوْعًا و لُؤُوْعًا) الرَّجُلُ: بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا۔

لَاعَ يَلُوْعُ و يَلَاعُ لَوْعَةً. گھبرانا۔ تنگدل ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔

لَوَّعَهٗ تَلْوِيْعًا. اَلْحُبُّ: بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔

اَلَاعَتْه اِلَاعَةً الشَّمْسُ: رنگ بدل دینا۔

اَلثَّدْیُ: پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا۔

اِلْتَاعَ اِلْتِيَاعًا قَلْبُهٗ: دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وهَاعٌ و لَاعٌ یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لیے "هَاعَةٌ لَاعَةٌ"

اللاع. خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُوْنَ و لَاعَةٌ و اَلْوَاعٌ.

اللاعة اللاع کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَاتٌ.

اللَّوْعَة. لَاعَ کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق و محبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِیْ قَلْبِهٖ لَوْعَةٌ" اس کے دل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔

لَافَ يَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ: کھانا یا چبانا۔

لَافَتِ الدَّابَّةُ الْكَلَأَ: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔

اللُّوْف. س مِنَ الْكَلَأِ او الطَّعَامِ: غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔

اللُّوْف. ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑیں جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوْفَةٌ.

اللُّوْفِی. ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لیے مجرب ہے۔

اللَّيِّف. خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَيْوِف ہے)

اللُّوَافة. پلیتھن۔

اللَّوَّاف. شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے كَلَأٌ مَلُوْفٌ. بارش سے تر گھاس۔

لَاقَهٗ يَلُوْقُهٗ لَوْقًا نرم کرنا۔ لَاقَ عَيْنَهٗ: آنکھ پر مارنا الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْقُ عِنْدَكَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔

لَوَّقَ تَلْوِيْقًا. الطَّعَامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔

اللَّوْق. نرم کی ہوئی چیز۔

اللُّوَق. بیوقوفی۔

اللَّوْقَة. لَاقَ کا اسم مرۃ۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةً" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَا ذَاقَ لَوَاقًا اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُّوْقَة وَالْاَلُوْقَة. مکھن۔

اَلْاَلْوَق. بیوقوف۔

اَلْمِلْوَق. دوافروش کا چمچہ۔ (مولدة)

لَاكَ يَلُوْكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا اَلْفَرَسُ اللِّجَامَ: چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوْكُ اَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِكْنِیْ اِلٰى فُلَانٍ میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔

اللَّوَاك چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ لَوَاكًا"

اللَّوْلَاءُ. سختی و تکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِی اللَّوْلَاءِ وہ سختی میں پڑا۔

لَوْلَا. حرف تحضیض و تندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔

(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ"
اور لَوْلَایَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ بہت کم سنا گیا ہے۔

(۲) اور تحضیض اور عرض کے لیے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتا ہو یا تاویلا "جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔ اور "لَوْلَا اَخَّرْتَنِیْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ"

(۳) توبیخ اور تندیم کیلئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لولاء کی لو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کیلئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بلم ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔

اللَّوْلَب. دیکھو مادہ "لوب"

لَوْلٰى لَوْلَاةً. پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلَا مُدْبِرًا".

لَامَهٗ يَلُوْمُهٗ لَوْمًا و مَلَامًا و مَلَامَةً فِیْ كَذَا و عَلٰى كَذَا: ملامت کرنا۔ صفت فاعلی۔ لَائِم وصفت مفعولی مَلُوْم و مَلِيْم.

لِيْمَ بِهٖ: کاٹا جانا۔

لَوَّمَ تَلْوِيْمًا. ملامت کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ لَوَّمَ لَامًا: حرف لام لکھنا۔

لَاوَمَهٗ مُلَاوَمَةً و لِوَامًا. ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

آلَامَهٗ اِلَامَةً. ملامت کرنا۔ صفت فاعلی مُلِيْم اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم اَلْمَلَامَة. ج مَلَاوِم. اَلَامَ الرَّجُلُ: مستحق ملامت فعل کرنا۔

تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِی الْاَمْرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا۔

تَلَاوَمُوْا. بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔
اِلْتَامَ اِلْتِیَامًا. ملامت قبول کرنا۔
اِسْتَلَام اِسْتِلَامًا. مستحق ملامت ہونا۔
اِلٰی ضَیْفِهٖ: اچھا سلوک نہ کرنا اِلَیْهِمْ: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔
اللَّائِم. فا۔ج لُوَّم و لُوَّام و لُیَّم.
اللَّائِمَة. لَائِم کا مؤنث۔ ملامت۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللَّائِمَة" مستحق ملامت ہے۔ ج لَوَائِم.
اللَّامُ. خوف۔ وجود۔ نزدیکی۔ ہر چیز کا سخت۔ حرف لام۔ ج لَامَات.
اللَّوْم. س۔ ملامت۔ خوف۔
اللُوْم. لوم کا تخفیف شدہ۔
اللَّوْم. بہت ملامت۔
اللَّوْمٰی و اللَّوْمَاء. ملامت۔
اللَامَة. خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَامَةٍ" قابل ملامت فعل کیا۔
اللَّوْمَة. لَامَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَوْمَةٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔
اللُّوْمَة. جس کو لوگ ملامت کریں۔ انتظار۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْهِ لُوْمَةٌ" مجھے اس کا انتظار ہے۔
اللُّوَمَة. جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔
اللَّوَّام و اللَّوَّامَة. بہت ملامت کرنے والا۔ "النَّفْسُ اللَّوَّامَة" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔
اللَّامِیُّ. لام کی جانب منسوب۔
لَامِیَّةُ الْعَجَم: طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔
لَامِیَّةُ الْعَرَب: شنفری کا قصیدہ لامیہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ". تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔
اَلْمُتَلَوِّم. فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔
لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیْءَ: رنگین کرنا اَلْبُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْهِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔
تَلَوَّنَ الشَّیْءُ: رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔
اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا. بمعنی تَلَوَّنَ.
اللَّوْن. جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوَان.
اللَّوْن. قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وَتَنَاوَلَ کَذَا وَکَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِیْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔
التَّلْوِیْن. س۔ تقلہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔
اَلْمُتَلَوِّن. فا۔ جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے۔
لَاهَ یَلُوْهُ لَوْهًا و لَوْهَانًا و تَلَوَّهَ السَّرَابُ: چمکنا۔
اللَّاهَة. سانپ۔
لَوْهُ السرابِ و لَوْهَتُهٗ و لُوُوْهَتُهٗ. سراب کی چمک۔
لَوَاهُ (وَاوِیَّةُ الْعَیْنِ واللهِ) یَلْوِیْهِ لَیًّا و لِیًّا و لِیَانًا ولَیَّانًا دَیْنَهٗ و بِدَیْنِهٖ: قرض میں ٹال مٹول کرنا فُلَانًا بِحَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔
لَوِیَ یَلْوٰی لَوًی القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا المِعْدَةُ او الظَّهْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ. صفت مؤنث لَوِیَةٌ. لَوِیَتْ لَوًی: الحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
لَاوَتْ مُلَاوَاةً ولِوَاءً. الحَیَّةُ الحَیَّةَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔
اَلْوَی اِلْوَاءً القَوْمُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا۔ الرَّجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا۔ دوسرے کیلئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا اَلْاَمِیْرُ لَهٗ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا بِیَدِهٖ او بِثَوْبِهٖ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِهٖ: لے جانا بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا بِمَا فِی الْاِنَاءِ: اپنے لیے خاص کرنا بِهِمِ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا بِکَلَامِهٖ: کلام میں تبدیلی کرنا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ اللِّوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّیًا الشَّیْءُ: مڑنا البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔
تَلَاوَوْا تِلَاوِیًا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وتَلَاوِیًا ایک دوسرے پر لپٹنا۔
اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا عَلَیْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا الشَّیْءُ: مڑنا لَوِیَّةً: دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِسْتَلْوٰی بِهِمُ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا۔
اللَّوُوْن واللَّاؤُوْ. الَّذِیْن کی جمع۔
اللَّاوِی. اسم فاعل۔ ج لَاوُوْن و لُوَاة.
اللَّاوِیُّ لاوی بن یعقوب بن اسحق بن ابراہیم علیہم السلام کی جانب منسوب۔
سَفَرُ اللَّاوِیِّیْن. موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اَللِّوَاءُ: فوج کا ایک عہدہ جو جنرل کے مساوی ہوتا ہے۔ جماعت کا قائد۔ شہروں میں سے ایک حصہ کا نام۔ خاص گنتی شدہ لشکر۔ اسی لئے امیر اللواء کا لفظ فوجی عہد کے لئے بولا جاتا ہے۔
اللِّوَاء. جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِیَةٌ واَلْوِیَات. کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بِالسِّوَاءِ واللِّوَاءِ.
اللَّوٰی. س۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللَّوٰی: بمعنی اللاتی جمع اَلَّتِیْ.
اللُّوٰی. باطل باتیں۔
اللِّوٰی. ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ ج اَلْوَاءٌ و اَلْوِیَةٌ.

الاَلْوَاء. وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔

اللَّوَّا ایک پرندہ۔

اللَّیَّاء مؤنث اَلْوی پانی سے دور جگہ۔

اللاوِیَاء ایک قسم کی گھاس داغ کرنے کا آلہ۔

اللَّوَّة بدصورتی۔

اللَّوَّة واللِیَّة عود جس کی دھونی دی جائے۔

اللَّیَّة قرابتیں۔

اللاتُ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اللَّوِیُّ خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔

اللُّوَیُّ ایک درخت کا نام۔

اللَوِیَّة دوسرے کیلئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا ج لَوَایَا.

الاَلْوٰی سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَیَّاء. الاَلْوٰی مِنَ الطَّرِیْقِ دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتاً مڑی ہوئی دم۔ ج لُیٌّ بالضمّ اور قیاس کے مطابق لِیٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللّٰهُ بِاَخْوٰی اَلْوٰی خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔

لَوٰی (وَاوِیَّةُ الْعَیْنِ یائیہ اللام) یَلْوِیْ لَیًّا و لَوْیًا و لُوِیًّا الْحَبْلَ رسی بٹنا۔ موڑنا الْغُلَامُ لڑکے کا بیس سال کا ہونا عَنِ الْاَمْرِ سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللَّیَالِیْ کَفَّهٗ عَلَی الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (لَیًّا و لَیَّانًا) اَمْرَهٗ عَنِّیْ پوشیدہ رکھنا سِرَّهٗ چھپانا الْحُزْنُ قَلْبَهٗ پھیر دینا عَلَیْهِ مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ لَا یَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔ رَاْسَهٗ او بِرَاْسِهٖ پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا حرکت دینا فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَلْوِیْ ظَهْرَهٗ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔

لَوَّی تَلْوِیَةً. عَلَیْهِ الْاَمْرَ دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّی اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آگیا۔

اَلْوٰی اِلْوَاءً. بِرَاْسِهٖ پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا دم ہلانا۔

تَلَوَّی تَلَوِّیًا و اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً الْحَبْلُ رسی کا بٹا جانا۔

تَلَوَّتِ الْحَیَّةُ کنڈلی مارنا۔

اِلْتَوٰی. الْاَمْرُ دشوار ہونا عَنِ الْاَمْرِ سستی کرنا۔

الْمَلَاوِیْ مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَکُوْا الْمَلَاوِیَ"

مُلْتَوٰی. الْوَادِیْ وادی کا موڑ۔

اللَّیَّة. لَوٰی کا اسم مرۃ۔ ج لَوًی.

اَلْیَاتُ اِلْیَاءً. النَّاقَةُ اونٹنی کا سست چلنا۔

لَاتَهٗ یَلِیْتُهٗ لَیْتًا. عَنْ کَذَا روکنا۔ پھیرنا۔

لَاتَ زَیْدًا حَقَّهٗ حق کا گھٹانا۔

اَلَاتَهٗ اِلَاتَةً. عَنْ کَذَا روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَهٗ مِنْ عَمَلِهٖ شَیْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔

اللِّیْتُ کنارہ گردن۔ مثنّٰی لِیْتَانِ ج اَلْیَاتٌ.

لَاتَ دیکھو۔ ل ا ت

لَیْتَ حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لَیْتَ الْعَلِیْلَ یَصِحُّ. کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَیْتَ کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زیدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل و ابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے ہے۔ اور جب لَیْتَ کے ساتھ یا متکلم متصل ہو تو لَیْتَنِیْ و لَیْتِیْ دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔

لَیَّثَ تَلْیِیْثًا و لُیِّثَ و تَلَیَّثَ تَلَیُّثًا الرَّجُلُ شیر جیسا ہونا۔

لَایَثَهٗ مُلَایَثَةً شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔

اِسْتَلْیَثَ شیر جیسا ہونا۔

اللَّائِثُ شیر۔

اللَّیْثُ شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت زبان اور بلیغ۔ ج لُیُوْث و مَلْیَثَة.

اللَّیْثَة شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَیْثَات.

الاَلْیَثُ بہادر۔ مؤنث لَیْثَاء ج لِیْثٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْیَثُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔

المِلْیَثُ مضبوط قوی۔

المُلَیَّثُ موٹا۔ خوار و ذلیل۔

اللَّیَاذ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ لَهٗ لَیَاذًا" میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَاذَ یَلِیْذُ لَیْذًا. الرَّجُلُ پناہ لینا۔

الْمَلِیْذُ جائے پناہ۔

لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرَّجُلُ دلیر و بہادر ہونا عَنْهُ غافل ہونا۔

لَیْسَ مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) نفی حال کیلئے۔ اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَیْسَ خَلَقَ اللّٰهُ مِثْلَهٗ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فعِل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفاً ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَ نِی الْقَوْمُ لَیْسَ زَیْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔

(۲) یہ کہ خبر مع الا کے ہو جیسے لَیْسَ الطِّیْبُ اِلَّا الْمِسْکُ.

(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہو گی اور جو جملہ کے بعد میں واقع

ہوگا وہ خبر ہوگا اور محلاً منصوب ہوگا۔ جیسے لَیْسَ یَقُوْمُ زَیْدٌ. لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمٌ. اور لَیْسَ کی خبر میں تاکید نفی کیلئے با داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَیْسَ اللّٰہُ بِظَالِمٍ.

تَلَیَّسَ الرَّجُلُ: صاحب قوت ہونا۔

تَلَایَسَ الرَّجُلُ تَلَایُسًا. نیک خو ہونا۔ عَنْہُ: چشم پوشی کرنا۔

اَلْاَلْیَسُ. نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اُٹھالے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو۔ مؤنث لَیْسَاءُ ج لِیْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِیْسٌ و لُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَاِبِلٌ لِیْسٌ عَلَی الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

الْمُلَایِسُ. سست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ یَلِیْصُ لَیْصًا. یکسو ہونا الشَّیْءَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

اَلَاصَ اِلَاصَۃً الشَّیْءَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ کَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ یَلِیْطُ لَیْطًا. چمٹنا الشَّیْءُ بِقَلْبِہٖ محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا اللّٰہُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْطُ بِہِ النَّعِیْمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَیَّطَ بِہٖ تَلْیِیْطًا. چپکانا۔

اَلَاطَہٗ اَلَاطَۃً. چپکانا۔

اللِّیَاطُ. گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اللِّیْطُ. مس۔ رنگ۔

اللِّیْطُ. رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ وَلِیْطُ الشَّمْسِ لَمْ یُفْسَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّیْطَۃُ. نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے، کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِیْطٌ و لِیَاطٌ و اَلْیَاطٌ.

لَاعَ یَلِیْعُ لَیَعَانًا. زچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (لَوْعَۃً ولِیْعَۃً) الْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

اَلَاعَ. زچ ہونا۔ تنگ دل ہونا۔

رِیْحٌ لِیَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّیْعَۃُ. لَاعَ کا اسم مرۃ۔ لَیْعَۃُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَہٗ یَلِیْغُہٗ لَیْغًا. الشَّیْءَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّیْءَ: لینے کے لیے پھسلانا۔

تَلَیَّغَ. بیوقوف ظاہر کرنا۔

اللِّیَاغَۃُ. بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِیَاغَۃٌ: بیوقوف مرد۔

اللَّیَغُ. کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ سَیِّغٌ لَیِّغٌ: خوشگوار کھانا۔

الْاَلْیَغُ. صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَیْغَاءُ ج لِیْغٌ اور اسی سے مثل ہے "دَرِّیْ بِمَا عِنْدَكِ یَا لَیْغَاءُ" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَافَ یَلِیْفُ لَیْفًا. الطَّعَامَ: کھانا۔

لَیَّفَتْ تَلْیِیْفًا. فَسِیْلَۃُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَیَّفَ فُلَانٌ اللِّیْفَ: لیف کو بنانا۔ الْمُلَیِّفُ فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّیْفُ. کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِیْفَۃٌ.

اللِّیْفَانِیُّ. کھجور کی چھال کے مشابہ۔

لِحْیَۃٌ لِیْفَانِیَّۃٌ. گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

الْمُلَیِّفُ. حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاۃَ یَلِیْقُھَا لَیْقًا و لَیْقَۃً. صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِیْقَۃ کہتے ہیں۔ لَاقَتِ الدَّوَاۃُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔

لَاقَ یَلِیْقُ لَیْقًا و لِیَاقَۃً و لِیَاقًا و لَیَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا بِہِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لُقْتُ بَعْدَكَ بِاَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَھٰذَا اَمْرٌ لَا یَلِیْقُ بِكَ وَلَا یَلِیْقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْقُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ و فُلَانٌ لَا یَلِیْقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔

لَیَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا الثَّرِیْدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

اَلَاقَ الدَّوَاۃَ اِلَاقَۃً. صوف ڈالنا۔ اور روشنائی درست کرنا فُلَانًا بِنَفْسِہٖ: اپنے ساتھ لگا لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاقَتْنِی الْبَصْرَۃُ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھہرا "وَ فُلَانٌ مَا یُلِیْقُہٗ بَلَدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ "و فُلَانٌ مَا تُلِیْقُ یَدُہٗ شَیْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی "وَھٰذَا سَیْفٌ لَا یَلِیْقُ شَیْئًا" یعنی یہ ایک تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے۔

اِلْتَاقَ اِلْتِیَاقًا فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا۔ لَہٗ: چمٹنا الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِیْ بِفُلَانٍ" میرا دل فلاں کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَہٗ بِہٖ. چپکانا۔

اللِّیَاقُ. چراگاہ۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔

اللِّیَاقُ. آگ کا شعلہ۔

اللِّیقُ. ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّیَقُ. چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّیْقَۃُ. اسم ہے لاق سے۔ دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی۔ ج لِیَقٌ.

لَیْقَنَ الشَّیْءَ: تیل لگانا۔ اللَّیْقُوْنَۃُ: خاص تیل۔

وَجْہٌ مُلْتَاقٌ. خوبصورت و دل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بِہٖ ہے۔

لَایَلَہٗ مُلَایَلَۃً. رات کیلئے اُجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَہٗ مُلَایَلَۃً" لیل سے جیسے "عَامَلَہٗ مُیَاوَمَۃً" یوم سے۔

اَلْاَلَ الْقَوْمُ اِلْآلًا واَلْیَلُوْا اِلْیَالًا رات میں داخل ہونا۔

لَيْلٌ لَائِلٌ لمبی کالی رات۔ مہینے کی کالی رات۔
اللَّيْل رات (مذکر ومؤنث) ج اللَّيَالِي یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس۔ اور لَيَائِل بھی کہا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ لَيْلٌ واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لیلہ ہے جیسے تَمْرٌ و تمرةٌ اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلةٌ ہے جیسے کہ عَشِيٌّ و عَشِيَّةٌ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلہ یوم کے۔
اللَّيْلِيَّ لیل کی جانب منسوب۔ وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔
لَيْلَى الْخَمْر شراب کا اُٹھنا۔ اُمُّ لَيْلَى کالی شراب۔
لَيْلَةٌ لَيْلَاء و لَيْلَى سخت کالی طویل رات جیسے لَيْلٌ لَائِلٌ.
اللَّيْلَه رات یا لیل کا واحد۔ ج لَيْلَات.
لَيْلٌ اَلْيَل و مُلَيَّلٌ سخت کالی طویل رات مانند لَيْلٌ لَائِلٌ کے۔
اللِّيم صلح۔ شکل و صورت میں مشابہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِيْمُهُ" وہ اس کے شکل و صورت میں مشابہ ہے۔
اللَّيْمُوْن لیمو (دخیل)
لَانَ يَلِيْنُ لِيْنًا و لَيَانًا و لِيْنَةً نرم ہونا۔ صفت لَيِّنٌ و لَيْنٌ اور اسم اللَّيَان بمعنی نرمی۔
لَيَّنَ الشَّئَ تَلْيِيْنًا و اِلَانَهٗ اِلَانَةً واَلْيَنَهٗ اِلْيَانًا نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے اَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَهٗ اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔
لَايَنَهٗ مُلَايَنَةً و لِيَانًا نرمی کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔ مداہنت کرنا۔
تَلَيَّنَ الشَّئُ تَلَيُّنًا نرم ہونا لِفُلَانٍ چاپلوسی کرنا۔
اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَةً. الشَّئَ نرم سمجھنا۔ نرم پانا۔
اللَّيَان بس۔ آسودہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "و فِيْ لَيَانٍ مِنَ الْعَيْشِ" وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے۔
اللَّيِّن نرم۔ ج لَيْنُوْنَ اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَيْنٌ لَيْنٌ.
اللِّيْن بس۔ عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِيْنَةٌ.
اللَّيْنَة. لَيْن کا مؤنث۔ لان کا اسم مرة۔ تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لَيْنَة کہتے ہیں۔
اللِّيْنَة بس۔ لان کا اسم نوع۔ کمزوری۔ ڈھیلا پن۔
اللَّيَانَة نرمی۔
اللَّيِّن نرم۔ ج لَيِّنُوْنَ. واَلْيِنَاء.
اَلْاَلْيَن نرم۔ ج اَلَايِن بہت نرم۔
الْمَلْيَنَة. نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَذُوْ مَلْيَنَةٍ" وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔
الْمُلَيِّن مِنَ الْاَدْوِيَة. قبض کشا دوا۔
اللَّنُوْفَر والنَّيْلُوْفَر کنول کا پھول۔
لَاهَ يَلِيْه لَيْهًا چھپنا۔ بلند ہونا۔
اللِّيْوَان ایوان۔ محل جو کشادہ ہو اور تین اطراف سے گھرا ہوا ہو۔
اللِّيَاء. يَائِيَّةُ الْعَيْنِ واللامِ ایک قسم کا سفید غلہ (واللَّيَّاءُ پانی سے دور جگہ۔

م

م : اَلْمِیْم بنیادی حروف میں سے چوبیسواں حرف- یہ حروف شفوی سے ہے-

م- حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے- جیسے "ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ" اور کبھی حرفِ قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے- جیسے "مَ لِلّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ" اور کبھی حرفِ جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ و عَلَامَ" کیوں؟ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی-

ما- دو قسمیں ہیں- حرفیہ واسمیہ-

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں-

(۱) نافیہ- جیسے "مَا هٰذَا بَشَرًا"

(۲) زائدہ- جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللهِ لِنْتَ لَهُمْ"

(۳) کافہ- جیسے "كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ."

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ."

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا."

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں-

(۱) استفہامیہ- اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَكَ" تمہارے پاس کیا ہے- اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَا زَيْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائے گا-

اور جب اس پر حرفِ جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ و عَلَامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے-

(۲) موصولہ جیسے "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَاللهِ بَاقٍ"

(۳) وہ جو جزا کے لیے ہو جیسے "مَا يَفْعَلْ اَفْعَلْ"

(۴) وہ جو تعجب کیلئے ہو جیسے "مَا اَحْسَنَ زَيْدًا."

(۵) وہ جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے جیسے "بلغنى ما صنعت"

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کیلئے صفت لازم ہے جیسے "مررت بما معجب لك"

(۷) وہ جو ابہام کیلئے ہو جیسے "اَعْطِنِیْ كِتَابًا مَا" یعنی کوئی کتاب مجھے دو- "جاء لِاَمْرٍ مَا" کسی کام کیلئے آیا- اس کا نام ابہامیہ ہے- اور "غَسَلْتُهُ غَسْلًا نِعِمَّا" کی تقدیر غَسَلْتُهُ نِعْمَ الْغَسْلُ ہے-

الْمَاهِيَةُ مِنَ الْاَمْرِ اَوِ الشَّیْءِ: حقیقت طبیعت قوام شی یا ہر وہ چیز جو ماھو کے جواب میں واقع ہو-

الماء- دیکھئے موہ-

مَؤُجَ (ک) مُؤُوْجَةً بیوقوف ہونا-

المَاءُ: پانی کا کڑوا و کھاری ہونا-

المَاْج بیوقوف- مضطرب- اضطراب- کڑوا کھاری پانی-

مَادَ (ف) مَاْدًا النَّبَاتُ اَوِ الشَّجَرُ: نباتات کا لہلہانا- ترو تازہ ہونا- جڑ میں پانی بہتا ہوا ہونا- نرم و نازک ہونا-

اَمَادَ الرِّیُّ النَّبَاتَ: نباتات کو ترو تازہ کرنا-

اِمْتَادَ الْخَيْرَ: بھلائی حاصل کرنا-

المَاْد والیَمْؤُوْد. ترو تازہ و نرم و نازک- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَو غُصْنٌ مَاْدٌ و يَمْؤُوْدٌ وَ جَارِيَةٌ مَاْدَةٌ و يَمْؤُوْد و يَمْؤُوْدَة" نرم و نازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

المَئِيْد. نازک- ناز پروردہ-

مَارَ (ف) مَاْرًا السِّقَاءَ: وسیع کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد کرا دینا- فساد پر اکسانا-

مَئِرَ (س) مَاْرًا. الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا عَلٰى فُلَانٍ: دشمنی سوچنا-

اِمْتَارَ عَلٰى فُلَانٍ: کینہ کرنا-

مَاءَرَهٗ مِئَارًا و مُمَاءَرَةً. مفاخرت کرنا- ٗ فِیْ فِعْلِهٖ: برابری کرنا- مَاءَرَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا- فساد پر اکسانا-

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا. ایک دوسرے پر فخر کرنا-

المَئِرُ مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت و دشوار (والمِئر) فساد انگیز-

المِئْرَة. عداوت- چغل خوری- ج مِئَر.

اَمْرٌ مَئِيْرٌ. سخت-

مَاَسَ (ف) مَاْسًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا- بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا الدَّبَّاغ

الْجِلْدَ: چرم ساز کا کھال کو ملنا دلنا (و مَئِسَ (س) مَأْسًا) الْجُرْحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔
الْمَأْس بس۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے۔
الْمَائِس والْمَأْآس والْمُؤْوْس والْمِمْأَس والْمِمْآس. چغل خور۔ فساد انگیز۔
مَأَشَ(ف) مَأْشًا عَنْهُ بِكَذَا: دفع کرنا۔ ہٹانا مَأَشَ الْمَطَرُ الْأَرْضَ: سیراب کرنا۔ مطر کو مَئِيْش کہتے ہیں۔
مَئِقَ(س) مَأَقًا الصَّبِيُّ: سسکی لینا۔ صفت مَئِقٌ الرَّجُلُ: شدتِ غیظ سے رو نکلنا۔
أَمْأَق. سسکی لینا۔
اِمْتَأَق. سسکی لینا غَضَبُهُ: سخت غضبناک ہونا اِلَيَّ بِالْبُكَاءِ: روانسا ہونا۔
اَلْمَأْق والْمُؤْق والْمُوْق ج آماق و اَمْآق و مَوَاق و مَآق. والْمُؤْقِي والْمَؤْقِيء والْمَأْقِي. ج مَآق: ناک کی طرف کا گوشہ چشم۔ الْمُؤْق والْمُوْق مِنَ الْأَرْضِ: زمین کے پست کنارے۔ ج آمان.
الْمَأَق. زیادتی گریہ۔
الْمَأْقَة. شرم و عار سے کراہت۔ شدت غضب۔ حمیت۔
الْمَئِق. جلدی رو پڑنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "اَنَا تَئِقٌ وَاَنْتَ مَئِقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لیے کہ تَئِق جلدی سے شرارت کرنے والے کو اور مَئِق جلدی سے رونے والے کو کہتے ہیں۔
الْمَأْقَة. سسکی۔ گریہ وزاری کرنا۔
الْمَوَاقِي. ناک کی طرف کے آنکھ کے گوشے واحد۔ مَاقِي.
مَأَلَ و مَئِلَ (ف س) و مَؤُلَ (ک) مُؤُوْلَةً و مَأَلَةً. موٹا ہونا۔ صفت مَئِلٌ و مَأْلٌ. کہا جاتا ہے "جَاءَهُ اَمْرٌ مَا مَأَلَ لَهُ مَأْلًا" اس پر ایسا معاملہ آپڑا جس کیلئے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔
الْمَأْل. جائے پناہ۔

الْمَأْلَة باغ۔ چکی۔ ج مِئَال.
الْمُمْتَئِل. لمبا سیدھا مرد۔
الْمَالِج. کرنی۔ کہگل کرنے کا آلہ ج مَآلِج (دخیل) اس کیلئے فصیح عربی الْمِسْيَعَة ہے۔
مَأْمَأَتْ مَأْمَاةً. الشَّاةُ او الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرن کا ممیانا۔
مَأَنَ(ف) مَأْنًا. الرَّجُلَ: ناف پر مارنا۔ چوکنا رہنا۔ پرہیز کرنا الْقَوْمَ: نان و نفقہ برداشت کرنا (اور مَانَ يَمُوْنُ اجوف واوی سے بھی مستعمل ہے "اَتَانِيْ هٰذَا الْاَمْرُ فَمَا مَأَنْتُ لَهُ اَوْ مَا مَأَنْتُ مَأْنَهُ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی۔ اور نہ مجھے اس کا علم ہوا۔ "وَاْمَأَنْ مَأْنَكَ وَاشَأْنُ شَأْنَكَ" یعنی جو تمہیں اچھا معلوم ہو کرو "وَاَنَا اَمْأَنُهُ"
مَأَّنَ تَمْئِنَةً. الشَّيْءَ: تیار کرنا فُلَانًا: خبردار کرنا۔ جتانا (وَمَاءَنَ) فِي الْاَمْرِ: غور کرنا؛ سوچنا۔
تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّيْءُ: پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔
الْمَأْنَة. ناف۔ ناف کے گرد اگرد۔ ج مَأْنَات و مُؤُوْن. خلاف قیاس (جیسے بَدْرَة و بُدُوْر) (والْمَأْن) کرہ۔ الْمَأْن: کدال۔
الْمُؤْنَة والْمَؤُوْنَة. خوراک۔ سختی و بوجھ ج مُؤَن.
الْمَئِنَّة. علامت۔
الْمَمْأَنَة. سزاوار۔ لائق۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَمْأَنَةٌ لِكَذَا" یعنی وہ اس کے مناسب ہے۔
مَأَ يَمْؤُوْ مُؤَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مَأَ يَمْؤُوْ مَأْوًا. الْجِلْدَ: کھال کو پھیلانے کیلئے کھینچنا بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا۔
تَمَأَّى تَمَئِّيًا الْجِلْدُ: کھال کھینچ کر چوڑی ہونا الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: فساد پھیلنا۔
الْمَأْوَة. پست زمین ج مَأْوٌ.
مَأَى يَمْأَى مَأْيًا. الْجِلْدَ: کھال کو کھینچنا۔ الْقَوْمَ: اپنے کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔ قوم کو مَمْئِيُّوْنَ کہتے ہیں بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا الشَّجَرُ: درخت کا پتوں والا ہونا۔
أَمْأَى اِمْآءً. الْقَوْمُ: سو (۱۰۰) ہونا۔ صفت مُمْؤُوْن. الْقَوْمَ: اپنے آپ کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔
تَمَأَّى تَمَئِّيًا. السِّقَاءُ: کشادہ ہونا۔ کھنچنا۔ الشَّرُّ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد پھیلنا۔
الْمِائَة. سو (۱۰۰)۔ ج مِئَات و مِئُوْن و مُئُوْن و مِأًى اور نسبت کے لیے مِئَوِيّ. لفظ ماءۃ میں الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ کہا جاتا ہے "شَارَطَهُ مُمَاءَاةً" یعنی اس نے سو (۱۰۰) کی شرط کی جیسے کہا جاتا ہے شَارَطَهُ مُوَالَفَةً یعنی ہزار کی شرط کی۔
مَتَّهُ(ن) مَتًّا. کھینچنا الْحَبْلَ: رسّی کو بغیر چرخی کے کھینچنا اِلٰى فُلَانٍ بِقَرَابَةٍ: تعلق پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَتَّ بَيْنَنَا رَحِمٌ مَاتَّةٌ" ہمارے درمیان قرابت قریبہ ہے ۵ قرابت ڈھونڈنا۔
مَاتَّ فُلَانًا: قرابت یاد دلانا۔
الْمَاتَّة. ج مَوَاتٌّ والْمَتَات وسیلہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔
مَتَاهُ(ف) مَتْأً بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
مَتَحَ(ف) مَتْحًا الْمَاءَ: پانی نکالنا الدَّلْوَ وبِهَا: ڈول کھینچنا۔ صفت مَاتِح و مَتُوْح فُلَانًا: مارنا پچھاڑنا الشَّيْءَ: اکھیڑنا الشَّجَرَةَ: کاٹنا الْخَمْسِيْنَ: پچاس کے قریب ہونا۔
مَتَحَ و مَتَّحَ وَاَمْتَحَ. الْجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین پر دم کو پٹکنا۔
اِمْتَتَحَ الشَّيْءَ: جڑ سے کھینچنا۔
تَمَتَّحَتِ الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اپنے ہاتھوں سے آرام لینا۔
الْمَتُوْح. پانی نکالنے والا۔ دُور۔ بِئْرٌ مَتُوْح قریب پانی والا کنواں۔
الْمَتَّاح. بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے يَوْمٌ مَتَّاحٌ و فَرْسَخٌ مَتَّاحٌ.

مَتَخَ(ن ض) مَتْخًا الشَّيْءَ: اُکھیڑنا۔ کاٹنا الْجَرادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے زمین پر دم مارنا بِالدَّلْوِ: کھینچنا ہٗ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا فُلَانًا: مارنا اور دور کرنا الشَّيْءُ: بلند ہونا فِي الشَّيْءِ: گڑنا بِسَلْحِه: بیٹ کرنا الشَّيْءَ: بلند کرنا الْخَمْسِيْنَ: پچاس کے قریب ہونا الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اِمْتَاخَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔

عُوْدٌ مِتِّيْخ: نازک لمبی لکڑی۔

الْمِتِّيْخَة: چھڑی۔ لاٹھی۔ کوڑا۔

مَتَدَ(ن) مُتُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

مَتَرَ(ن) مَتْرًا۔ الشَّيْءَ: کاٹنا الْحَبْلَ: رسی کھینچنا بِسَلْحِه: بیٹ کرنا الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

تَمَاتَرَ: کرنا۔ تَمَاتَرُوا الشَّيْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَرَ اِمْتِارًا۔ الْحَبْلُ: رسی کھینچنا (اس کی اصل اِمْتَتَرَ ہے پہلی تاء کو میم سے بدل دیا گیا ہے)

الْمِتْر: میٹر۔

اَلْمِتْيُوْرُوْ كِرَاف: موسمی حالات کی تبدیلی کا پتہ بتانے کا آلہ۔

مَتَزَ(ن) مَتْزًا۔ بِسَلْحِه: بیٹ کرنا۔

مَتَسَ(ض) مَتْسًا الشَّيْءَ: اکھیڑنے کیلئے جھکانا (ن) (مَتْسًا) بِالْحَبْس: پاخانہ کرنا۔

مَتِشَ(س) مَتَشًا عَيْنُهُ: آنکھ کا دھوپ یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت اَمْتَش مؤنث مَتْشَاء ج مُتْش

مَتَشَ(ض) مَتْشًا الشَّيْءَ: انگلیوں سے بکھیرنا۔ جمع کرنا اَخْلَافَ النَّاقَةِ: آہستہ آہستہ دوھنا۔ الْمَتْش و الْمَتَش: جوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

مَتَعَ(ف) مَتْعًا و مُتْعَةً بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

مَتَعَ(ف) مُتُوْعًا الشَّيْءُ: لمبا ہونا النَّهَارُ: دن کا بلند ہونا النَّبِيْذُ: نبیذ کا سخت سرخ ہونا الرَّجُلُ: زیرک ہونا السَّرَابُ: دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا الْحَبْلُ: رسی کا مضبوط ہونا (مَتْعًا و مُتْعًا) بِفُلَانٍ: جھوٹ بولنا (مَتْعًا و مُتْعَةً) بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

مَتُعَ(ک) مَتَاعَةً الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔

مَتَّعَ الشَّيْءَ: لمبا کرنا ہٗ اللّٰهُ: طویل عمر دینا۔ ہٗ اللّٰهُ بِكَذَا: مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ الْمَرْأَةَ الْمُطَلَّقَةَ: مطلقہ عورت کو متعہ دینا۔

اَمْتَعَهُ اللّٰهُ بِكَذَا: مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اَبْقَاكَ اللّٰهُ وَاَمْتَعَ بِكَ" یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔ اَمْتَعَ بِمَالِه: فائدہ اٹھانا عَنْ كَذَا: بے نیاز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْتَعَنِي بِفِرَاقِهَا" اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا۔

تَمَتَّعَ و اِسْتَمْتَعَ بِكَذَا و مِنْ كَذَا: مدت تک فائدہ اٹھانا بِمَالِه: آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔ تَمَتَّعَ: حج تمتع کرنا۔

الْمَتْع و الْمُتْع: مکر۔

الْمُتْعَة و الْمِتْعَة: اسم ہے تَمْتِيْع کا۔ تھوڑا توشہ۔ تھوڑی خوراک۔ شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِي مُتْعَةً اَعِيْشُ بِهَا" میرے لیے تھوڑی سی خوراک تلاش کرو جس سے زندگی بسر کر سکوں الْمُتْعَة: مشکیزہ، ڈول، رسی۔ مُتْعَةُ الْمَرْأَةِ: قمیص، ازار، چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو مُتْعَةُ الطَّلَاقِ بھی کہتے ہیں۔ ج مُتَع و مِتَع۔

الْمَتَاع: چاندی و سونے کے علاوہ سامانِ زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھائے۔ ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ" ج اَمْتِعَة جج اَمَاتِع و اَمَاتِيْع۔

اَلْمَاتِع: ہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب و سرکہ۔ جھکی ہوئی ترازو۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ رَجُلٌ مَاتِعٌ: افعال خیر میں کامل۔

مَتَكَ(ن) مَتْكًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔

مَاتَكَهُ مُمَاتَكَةً فِي الْبَيْعِ: بیع کی مہارت میں غالب ہونا۔

تَمَتَّكَ الشَّرَابَ: گھونٹ گھونٹ پینا۔

الْمَتْك و الْمُتْك و الْمُتُك: مکھی کی ناک۔ لیموں۔ سوسن۔ مَتْكُ الذُّبَاب: مکھی کی بیٹ۔

مَتَلَ(ن) مَتْلًا الشَّيْءَ: ہلانا۔ زور سے ہلانا۔

مَتُنَ(ک) مَتَانَةً: مضبوط و قوی ہونا۔ صفت مَتْنٌ و مَتِيْنٌ۔

مَتَنَ(ن) مُتُوْنًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ: قسم کھانا۔ سفر کرنا بِفُلَانٍ: پورے دن ساتھ چلنا الشَّيْءَ: کھینچنا الْكَبْشَ: مینڈھے کے بیضہ کو مع رگوں کے نکالنا ہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔

مَتَنَ(ن وض) مَتْنًا و اَمْتَنَ: پیٹھ پر مارنا۔

مَتَّنَ الشَّيْءَ: مضبوط بنانا الدَّلْوَ: ڈول کو مضبوط باندھنا الْخَيْمَةَ: خیمہ کو مضبوط کسنا الطَّعَامَ: مصالحہ سے عمدہ بنانا لِمَنْ سَابَقَه: آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔

مَاتَنَ فُلَانًا: ٹالنا۔ بہت دور کر دینا ہٗ فِي الشِّعْرِ: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُمَاتَنَةٌ" ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے "مَاتَنَ الرَّجُلَ" جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہے ویسا ہی کرنا۔

تَمَاتَنَ الشَّاعِرَانِ فِي الشِّعْرِ: باہم مقابلہ کرنا۔

الْمَتْن مص پیٹھ (مذکر و مؤنث) مَتْنُ الشَّيْءِ: چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتْنُ الْاَرْضِ: زمین کا بلند و ہموار حصہ الطَّرِيْقِ: راستہ کا وسط الْكِتَاب: کتاب کی اصل عبارت شرح و حاشیہ کے علاوہ اللُّغَةِ: لغت کے اصول و قواعد اور اس کے مفردات۔ کہا جاتا ہے "سَارَ مَتْنَ النَّهَارِ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔ مَتْنَا الظَّهْرِ: پیٹھ کے دونوں طرف کے پہلو ج مِتَان و مُتُوْن۔

الْمَتْنَة: سخت و بلند زمین۔ مَتْنَةُ الظَّهْرِ: پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتَان و مُتُوْن۔

الْمَتِيْن: مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ

مَتِیْنٌ" مضبوط رسّی "وَرَایٌ مَتِیْنٌ و فِیْ رَایِہٖ مَتَانَۃٌ" سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے اور متین اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی باری تعالیٰ قوی و غالب ہے اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتَان.

المِتَان. دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ ج مُتُن.

التَمْتِیْن س (و التِمْتَان) خیمہ کی رسیاں۔ ج تَمَاتِیْن.

المَاتِن. فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔

سَیْرٌ مُمَاتِن. سفر بعید۔ کہا جاتا ہے "سَارَ سَیْرًا مُمَاتِنًا" وہ تیز چلا۔

مَتِہَ (س) مَتَھًا. گمراہی میں مبتلا ہونا۔

مَتَہَ (ف) مَتْھًا الدَّلْوَ: ڈھول کھینچنا۔

تَمَتَّہَ. حیران ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا۔ مبالغہ کرنا۔ گمراہی اور بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔

تَمَاتَہَ عَنِ الشَّیْ: غفلت برتنا القَوْمُ: دور ہونا۔

مَتَا یَمْتُوْ مَتْوًا. الشَّیْ: کھینچنا۔ مَتَاہُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَمْتٰی اِمْتَاءً. بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَمَتّٰی. لغت ہے تمطّٰی میں بمعنی انگڑائی لینا۔

مَتٰی. اسم استفہام ہے زمانہ کیلئے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے مَتٰی اَضَعِ الْعِمَامَۃَ تَعْرِفُوْنِیْ.

مَتٰی یَمْتِیْ مَتْیًا. الشَّیْ: کھینچنا۔

مَثَّ (ن) مَثًّا. العَظْمُ: ہڈی سے گوداد بہہ جانا الزِقّ والسِقَاءُ: ٹپکنا الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمُثُّ" جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹائی کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَثَّ یَدَہٗ: رومال سے ہاتھ پونچھنا شَارِبَہٗ: مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا الجُرْحَ: زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا الحَدِیْثَ: بات پھیلانا۔ نبتٌ مَثَاثٌ. تر گھاس۔

مَثَجَ (ن) مَثْجًا الشَّیْ: ملانا فُلَانًا: کھلانا البِئْرَ: کنواں صاف کرنا بِالْعَطِیَّۃِ: بخشش کرنا۔

مَثَدَ (ن) مَثْدًا بَیْنَ الْحِجَارَۃِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا الرَّجُلَ: دیدبان مقرر کرنا۔

المَاثِد. فا۔ نگہبان۔ دیدبان۔

مَثَطَ (ن) مَثْطًا. ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔

مَثَعَتْ (ن س ف) مَثْعًا المَرْأۃُ: عورت کا بری چال چلنا۔

تَمَثَّعَ. بجو کا چلنا۔

المَثْعَاء. بدبودار بجو۔

مَثَلَ (ن) مُثُوْلًا فُلَانًا: مانند ہونا القَمَرُ: ظاہر ہونا۔ غائب ہونا الرَّجُلُ. زمین سے چمٹنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا التَمَاثِیْلَ: مجسمے بنانا فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہت دینا۔

مَثَلَ (ن ض) مَثْلًا و مُثْلَۃً بِالرَّجُلِ: عذاب دینا بِالْقَتِیْلِ: مثلہ کرنا۔ ناک، کان وغیرہ کاٹنا۔

مَثُلَ (ک-ن) مُثُوْلًا بَیْنَ یَدَیْ فُلَانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔

مَثُلَ (ک) مَثَالَۃً. افضل ہونا۔

مَثَّلَ تَمْثِیْلًا الشَّیْ لِفُلَانٍ: ہو بہو تصویر بنانا الحَدِیْثَ و بِالْحَدِیْثِ: بیان کرنا۔

مَثَّلَ بِفُلَانٍ عذاب دینا بِالْقَتِیْلِ: مثلہ کرنا المِثَالَ نمونہ بنانا التَمَاثِیْلَ: مجسمے بنانا (تمثیلا و تِمْثَالًا) الشَّیْ بِالشَّیْ: مشابہت دینا۔

مَاثَلَہٗ مُمَاثَلَۃً. مشابہت دینا۔ مَاثَلَہٗ بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔

اَمْثَلَہٗ. فُلَانًا و بِہٖ: مانند بنانا الحَاکِمُ فُلَانًا: قصاص میں قتل کرنا الحَاکِمُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا۔

تَمَثَّلَ الحَدِیْثَ و بِالْحَدِیْثِ: بیان کرنا الشَّیْ: مثال کا تصور کرنا لَہُ الشَّیْ: تصور ہونا بِالشَّیْ: مثال دینا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْبَیْتُ مَثَلٌ یُتَمَثَّلُ بِہٖ" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے مِنْہُ: بدلہ لینا بَیْنَ یَدَیْہِ: سامنے کھڑا ہونا۔ تَمَثَّلَ مِثَالًا: نمونہ بنانا بِہٖ: مشابہ ہونا۔

اِمْتَثَلَ الْمَثَلَ و بِالْمَثَلِ: بیان کرنا الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا الشَّیْ: نمونہ پر بنانا الطَّرِیْقَۃَ پیروی کرنا مِنَ القَاتِلِ: قصاص لینا۔

تَمَاثَلَ الشَّیْئَانِ: باہم مشابہ ہونا العَلِیْلُ مِنْ عِلَّتِہٖ: بیمار کا اچھے ہونے کے قریب ہونا۔

المِثْل. شبہ۔ نظیر۔ مشابہ۔ ج اَمْثَال (مذکر و مؤنث واحد تثنیہ جمع سبھی کیلئے آتا ہے) کہا جاتا ہے "ھُوَ و ھِیَ و ھُمَا و ھُمْ و ھُنَّ مِثْلُہٗ" اور مھم اَمْثَالُھُمْ بھی بولا جاتا ہے۔ و "فُلَانٌ مُسْتَرَادٌ لِمِثْلِہٖ" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر بخل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی ہے "ھُوَ مُسْتَرَادَۃٌ لِمِثْلِھَا"

المَثَلُ. مشابہ۔ نظیر۔ (لغت ہے مِثل میں) صفت۔ بات۔ کہاوت۔ (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت۔ دلیل۔ ج اَمْثَال.

المُثْلَۃ. آفت۔ ناک، کان کاٹنا۔ المُثْلَۃ و المَثُلَۃ: سزا۔ عذاب۔ المَثُلَۃ امم ماضیہ کی عبرتناک سزائیں۔ ج مَثُلَات.

المِثَال. مقدار۔ شبہ۔ قصاص۔ بستر۔ چیز ج اَمْثِلَۃ و مُثْل و مُثُل.

المَثَالَۃ. فضیلت۔ اچھی حالت۔

الاُمْثُوْلَۃ. شعر جو مثال میں پیش کیا جائے ج اَمَاثِیْل و اُمْثُوْلَات.

المَثَالِیَّۃ: ایک فلسفی مذہب جو چیزوں کی حقیقت کا انکار کرتے ہیں بقول ان کے یہ خیالی چیز ہے۔

اس کو العِنَادِیَّۃ بھی بولتے ہیں۔

التَمَثُّلُ و التَمْثِیْلُ فِی الْغِذَاءِ: غذا کی اصل صورت تبدیل ہوکر دوسری غذائیت والی شکل

بنا۔

التِمْثَال. تصویر۔ مجسمہ۔ ج تَمَاثِیْل.

المِثِیْل. شبیہ۔ نظیر۔ عمدہ۔ ج مُثُل.

المَاثِل. فا۔ ج مَثَلٌ جیسے خَادِم و خَدَم مِنَ الرُّسُوْمِ: مٹا ہوا نشان۔ کہا جاتا ہے مَثَلٌ مَاثِل.

المَاثِلَة. ماثل کا مؤنث۔ چراغ دان۔ ڈیوٹ۔

الاَمْثَل. افضل۔ ج اَمَاثِل و مُثُل. مؤنث مُثْلیٰ. اَمَاثِلُ القَوْمِ: قوم کے برگزیدہ لوگ۔ الطَّرِیْقَةُ: الْمُثْلیٰ: اشبہ بالحق طریقہ۔ اور کہا جاتا ہے اَلْمَرِیْضُ اَلْیَوْمَ اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج اچھی ہے۔

مَثِنَ(س) مَثَنًا. مثانہ میں پیشاب نہ رکنا۔ صفت اَمْثَنُ و مَثِنٌ. مؤنث مَثْنَاء و مَثِنَةٌ.

مَثَنَ(ن ض) مَثْنًا الرَّجُلَ: مثانہ پر مارنا۔

مُثِنَ مَثْنًا. مثانہ کی بیماری والا ہونا۔ صفت مَمْثُوْنٌ و مَثِیْنٌ.

المَثَانَة. پیشاب جمع ہونے کی جھلی۔ بچہ دانی۔ ج مَثَانَات.

مَجَّ(ن) مَجًّا الشَّرَابَ او الشَّيْءَ و بِهٖ مِنْ فَمِهٖ: کلی کرنا۔ اور بطور استعارہ کے کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ تَمُجُّهُ الْاَسْمَاعُ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔

مَجَّجَ العِنَبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔

اَمَجَّ العُوْدُ: لکڑی میں تری ہونا۔ الفَرَسُ: دوڑنے لگنا الرَّجُلُ: ملک میں پھرنا۔

انْمَجَّ. ٹپکنا۔

المَجّ. س۔ ماش کے دانے۔

المَاجّ. فا۔ جس کی بڑھاپے کی وجہ سے رال ٹپک رہی ہو۔ ج مُجَّاج و مَاجُوْج.

المَجَاج. ٹہنی۔ شاخ۔

المُجَاج. تھوک۔ ماش کے دانے۔ مُجَاجُ النَّحْلِ شہد۔ مُجَاجُ العِنَبِ: شراب۔ مُجَاجُ المزن: بارش۔ کہا جاتا ہے "خبز مُجَاجًا" اس نے چینا کی روٹی پکائی۔

المُجَاجَة. تھوک۔ مُجَاجَةُ الشَّيْءِ: نچوڑ۔

المَجَج. باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔ انگوروں کی پختگی۔

المَجَّاج. بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔

المُجّ. پتھر پر شہد کے نقطے۔

المَجَّة. مج کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الْاِنَاءِ الَّا مَجَّةٌ" برتن میں صرف کلی کے لائق پانی باقی رہا۔

المُجَج. شہد کی مکھیاں۔ مست لوگ۔

مَجَحَ(ف) مَجْحًا و مَجِحَ(س) مَجَحًا و تَمَجَّحَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ مَجَحَ الدَّلْوَ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں حرکت دینا۔

المَجَّاح. متکبر۔

مَجَدَ(ن) مَجْدًا. بزرگوار ہونا فُلَانًا: بزرگی میں غالب ہونا الرَّاعِي الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَجَدَتْ(ن) مَجْدًا و مُجُوْدًا. الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا۔ صفت مَاجِدَة. ج مواجد و مُجَّد و مُجُد.

مَجُدَ(ک) مَجَادَةً. بزرگوار ہونا۔ صفت مَاجِد و مَجِیْد. ج اَمْجَاد.

مَجَّدَ و اَمْجَدَ. فُلَانًا: تعظیم کرنا۔ تعریف کرنا۔ بزرگی کی طرف نسبت کرنا العَطَاءَ: بہت بخشش کرنا لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: زیادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمْجَدَهٗ ذَمًّا و سَبًّا" اس نے اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "و نَزَلُوْا بِهِمْ فَاَمْجَدُوْهُمْ قِرًى" وہ لوگ ان کے مہمان ہوئے اور انہوں نے خوب خاطر تواضع کی۔ اَمْجَدَتِ الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا فُلَانٌ وَلَدَهٗ و لِوَلَدِهٖ: بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ اَمْجَدَهُمْ اَبُوْهُمْ" یہ لوگ وہ قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا ہے۔ اَمْجَدَ و مَجَّدَ الرَّاعِي الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَاجَدَهٗ مِجَادًا و مُمَاجَدَةً. بزرگی میں مقابلہ کرنا۔

تَمَجَّدَ. بڑا بننا۔

تَمَاجَدَ. باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاجَدُوْا فِيْمَا بَيْنَهُمْ" انہوں نے باہم فخر کیا۔

اِسْتَمْجَدَ. بزرگی طلب کرنا۔ عمدہ صفات میں ممتاز ہونا۔

المَجْد. س۔ عزت۔ بلندی۔ بلند زمین۔ ج اَمْجَاد.

المَاجِد. فا۔ بزرگی والا۔ اچھے اخلاق والا۔ شَيْءٌ مَاجِدٌ: بہت چیز۔ مؤنث مَاجِدَة. ج مَوَاجِد.

الاَمْجَد. اسم تفضیل۔ ج اَمَاجِد.

المَجِیْدِيّ. چاندی کا ایک سکہ۔ جو سلطان عبدالمجید کی طرف منسوب ہے۔

مَجَرَ(ن) مَجْرًا. پیاسا ہونا۔

مَجِرَ(س) مَجَرًا مِنَ الْمَاءِ و نَحْوِهٖ: پیٹ بھرنا اور سیراب نہ ہونا۔

مَجِرَتْ و اَمْجَرَتِ الشَّاةُ: پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور بوجھل ہونا اور اٹھ نہ سکنا۔

مَاجَرَ مِجَارًا و مُمَاجَرَةً و اَمْجَرَ فُلَانًا فِي الْبَيْعِ: زیادہ لینا۔ سود لینا۔

المَجْر. س۔ اونٹ اور بکری کے پیٹ کا بچہ۔ پیٹ کے بچے کا خریدا جانا۔ بڑا لشکر۔ جوا۔ زیادتی اور سود۔ ہر چیز کا بہت۔ عقل۔

المجر. س۔ ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے رہنے والے سونے کے سکہ کی ایک قسم بکری کے پیٹ میں بچہ کی بڑائی۔

شَاةٌ مَجِرَةٌ. پیٹ میں بچہ کے بڑے ہونے کی وجہ سے دبلی بکری۔

الاَمْجَر. دبلے جسم بڑے پیٹ والا۔

المِجَار. اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

المُمْجِر مِنَ النِّسَاءِ: جڑواں بچے جننے والی عورت۔ ج مَمَاجِر.

مَجَّسَهٗ: مجوسی بنانا۔

تَمَجَّسَ. مجوسی ہونا۔
المَجُوْس. آتش پرست یا آفتاب پرست واحد مَجُوْسِي. اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔
المَجُوْسِيَّة. المجوسيّ کا مؤنث۔ آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔
مَجَعَ (ن) مَجْعًا و مَجْعَةً و اِمْتَجَعَ و تَمَجَّعَ. کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔
مَجِعَ (س) و مَجُعَ (ک) مَجَاعَةً. مخول کرنا۔ بے شرم ہونا۔
مَاجَعَهُ مُمَاجَعَةً. باہم مخول کرنا۔
مَجَّعَ تَمْجِيْعًا. کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔
اَمْجَعَ الْفَصِيْلَ: اُونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔
تَمَاجَعَا. باہم مخول کرنا۔
المِجْع والمَجِع والمُجْعَة. جاہل۔
بیوقوف لِلمِجْعِ: مخول کرنے والا۔
المَجِعَة والمِجْعَة والمُجْعَة والمَاجِعَة مخول کرنے والی بے حیا عورت۔
المُجْعَة والمِجْعَة. جاہل عورت۔
المَجَّاع والمَجَّاعَة والمُجَّاعَة. مخول کرنے والا۔ بے حیا۔
المَجِيْع. کھجور دودھ ملا ہوا کھانا۔
المُجَاعَة. کھجور دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔
مَجَلَتْ (ن) مَجْلًا و مُجُوْلًا و مَجِلَتْ (س) مَجَلًا و اَمْجَلَتْ يَدُهُ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا (عوام بَقْبَقَتْ يَدُهُ) کہتے ہیں اَمْجَلَ الْعَمَلُ يَدَهُ: آبلہ ڈالنا۔
تَمَجَّلَ رَاسُهُ قَيْحًا دَوْمًا: خون پیپ سے بھرنا۔
المَاجِل. فا۔ پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی۔
المَجْل. مف۔ آبلہ۔
المَجْلَة. آبلہ ج مِجَال و مَجْل (عوام بَقْرَقَة کہتے ہیں)
مَجْمَجَ الْكِتَابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا فِي حَدِيْثِهِ: صاف نہ بیان کرنا۔

المَجْمَاج. ڈھیلا ڈھالا۔ بہت اور موٹے گوشت والا۔
مَجَنَ (ن) مُجُوْنًا. الشَّيْءُ: موٹا اور سخت ہونا۔ (مُجُوْنًا و مُجْنًا و مَجَانَةً) مخول کرنا اور بے حیا ہونا۔ صفت مَاجِن ج مُجَّان.
تَمَاجَنَ. باہم مخول کرنا۔
تَمَجَّنَ. بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فِي كَلَامِهِ" اس نے اپنی گفتگو میں مخول کیا۔
المِجَّان. بہت مخول کرنے والا۔ بہت کافی کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَجَّان" کافی اور بہت پانی۔
المَجَّان: مفت۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ او فَعَلَهُ مَجَّانًا" اس نے مفت لیا یا کیا "وَهٰذَا الشَّيْءُ لَكَ مَجَّانٌ" یہ چیز تمہارے لیے مفت ہے۔
يُوَزَّعُ مَجَّانًا وَلَا يُبَاعُ: مفت تقسیم کیا جائے، بیچا نہ جائے۔
طَرِيْقٌ مُمَجَّنٌ. لمبا راستہ۔
المُمَاجِن. اُونٹنی جو باوجود بہت جفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔
المَنْجَنُوْن. رہٹ۔ بڑے ڈول کی چرخی۔ زنانہ۔ ج مَنَاجِيْن.
مَحَّ (ف ن) مَحًّا و مَحَحًا و مُحُوْحًا و مُحُوْحَةً وَاَمَحَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا الْاَثَرُ: نشان کا مٹنا الدَّارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔
المَحُّ والمَاحّ. پرانا کپڑا۔
المُحّ. خالص (والمُحَّة) انڈے کی زردی۔
المُحَاح. بھوک۔
الاَمَحّ. موٹا۔
المَحَّاح. بڑا جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔
مَحُتَ (ک) مَحَاتَةً الْيَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
مَحَتَ (ف) مَحْتًا فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
المَحْت. گرم دن۔ ہر چیز میں کا سخت۔ عقلمند۔ تیز خاطر۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ" وہ خالص عربی ہے ج مُحَتَاء و مُحُوْت.

مَحَجَ (ف) مَحْجًا. الرَّجُلُ: تیز چلنا العُوْدَ او اللَّحْمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا اللَّبَنَ: دودھ بلونا الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنے کے لیے ملنا الدَّلْوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا شَيْئًا عَنْ شَيْءٍ: پونچھنا الرِّيْحُ الْاَرْضَ: غبار اڑا لے جانا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحَجَ (ن) مَحْجًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
مَاحَجَهُ مِحَاجًا و مُمَاحَجَةً. ٹال مٹول کرنا۔
المَحَّاج. بڑا جھوٹا۔
المَحَارَة. ح ور کو دیکھو۔
مَحَزَ (ف) مَحْزًا و مَحَازًا. الرَّجُلَ: سینہ پر مکا مارنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَحَسَ (ف) مَحْسًا الجِلْدَ: نرم کرنے کیلئے کھال کو ملنا اور دباغت دینا۔
الاَمْحَس. ماہر دباغ۔
مَحَشَ (ف) مَحْشًا الجِلْدَ: گوشت سے کھال جدا کرنا الطَّعَامَ: بہت کھانا۔ السَّيْلُ مَا مَرَّ عَلَيْهِ: بہا لے جانا الجَارِيَةَ جماع کرنا (مَحْشَةً) وَجْهَهُ بِالسَّيْفِ: چہرہ پر تلوار مار کر کھال چھیل دینا (وَاَمْحَشَ) الحَرُّ او النَّارُ الجِلْدَ: کھال کو جلانا۔
اِمْتَحَشَ. جلنا فُلَانٌ غَضَبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا القَمَرُ: چاند کا غائب ہونا النَّارُ: آگ کا جلانا۔
المَحَاش. گھر کا سامان۔
المِحَاش. مختلف قبائل کے لوگ جو عہد و پیمان کرنے کے لیے آگ کے گرد جمع ہوں۔
المُحَاش. جلا ہوا۔
سَنَةٌ مَحُوْش و مُمْحِشَة. خشک سال جو ہر چیز کو جلا دے۔
مَحَصَ (ف) مَحْصًا الظَّبْيُ فِي عَدْوِهِ: ہرن کا تیز دوڑنا المَذْبُوْحُ بِرِجْلِهِ: تڑپنا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: پٹک دینا فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: بھاگنا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا اللّٰهُ مَابِكَ: زائل

کرنا الشَّیَ: ہر عیب سے پاک صاف کر دینا
الذَّھَبَ بالنَّار: پگھلا کر کھوٹ سے جدا کرنا
السِنَانَ: بھالے کو صیقل کرنا الحَبْلَ: رسّی
مضبوط بٹنا۔
مَحَّصَ الشَّیَ: گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَحَّصَ
اللّٰهُ عَنِ فُلَانٍ ذُنُوْبَه" اللہ تعالیٰ فلاں کو
گناہوں سے پاک صاف کر دے اللَّحْمَ:
گوشت کو پٹھے سے صاف کرنا۔ وَمَحَّصَهُ
عَنْهُ: دور کرنا۔ صاف کرنا۔ مَحَّصَ
الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔
اَمْحَصَ مِنَ الْمَرْضِ: تندرست ہونا۔
اَمْحَصَتِ الشَّمْسُ: گہن سے نکلنا اور
صاف ہونا۔ اَمْحَصه عَنْهُ: دور کرنا۔
تَمَحَّصَ الظَّلَامُ: تاریکی چھٹ جانا۔
اِنْمَحَصَ الْوَرَمُ: ورم کا گھٹ جانا۔
اِنْمَحَصَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا روشن ہونا
فُلَانٌ مِنْ یَدِہ :نکل بھاگنا۔
اِمْتَحَصَ الظَّبْیُ فِیْ عَدْوِہٖ: ہرن کا
چھلانگیں مارنا۔
المَحِص مِنَ الْحِبَالِ او الْاَوْتَارِ: نرم
رسّی یا تانت۔
المَحْصُ والمُمَحَّص والمَحِیْص
والمَمْحُوْص مِنَ الْخَیْلِ: مضبوط و قوی
گھوڑا۔ المحِیْص و المُمَحَّصُ مِنَ
الْاَسِنَّةِ: صیقل شدہ بھالے۔
المَحَّاص. اسم مبالغہ۔ بَرْقٌ مَحَّاصٌ:
چمکنے والی بجلی۔
الاَمْحَص. جھوٹے سچے سب کا عذر سننے
والا۔
مَحُضَ (ک) مُحُوْضَةً نَسَبُ الرَّجُلِ و
مَحُضَ الرَّجُلُ فِیْ نَسَبِه: خالص نسب
ہونا۔
مَحِضَ (س) مَحْضًا وامْتَحَضَ. خالص
دودھ پینا۔
مَحَضَ (ف) مَحْضًا فُلَانًا الْوُدَّ او
النُّصْحَ: خالص دوستی یا خیر خواہی کرنا
الرَّجُلَ: خالص دودھ پلانا۔

اَمْحَضَ فُلَانًا الوُدَّ او الْحَدِیْثَ. خالص
دوستی کرنا۔ راست گفتاری کرنا۔ لَهُ النُّصْحَ:
خالص خیر خواہی کرنا۔
مَاحَضَهُ الوُدَّ. خالص دوستی کرنا۔
اِمْتَحَضَ الرَّجُلُ: خالص دودھ پینا۔
اِسْتَمْحَضَ. خالص دودھ مانگنا۔
المَحْض. س۔ مِنَ اللَّبَنِ و نَحْوِہٖ:
خالص۔ ج مِحَاض. کہا جاتا ہے "عَرَبِیٌّ
مَحْضٌ" و "عَرَبِیٌّ مَحْضًا" یعنی خالص
نسب عربی۔ مصدر ہونے کی وجہ سے واحد
تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے آتا ہے اور
تانیث و تثنیہ و جمع بھی جائز ہے۔
المَحِض والمَاحِض. خالص دودھ کا
خواہش مند۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
مَاحِضٌ" خالص دودھ والا۔ جیسے لَبِنٌ سے
لَابِنٌ یعنی دودھ والا۔
الْاَمْحُوْضَة. خالص خیر خواہی۔
المَحُوْض. خالص۔ مؤنث مَمْحُوْضَةٌ.
کہا جاتا ہے فِضَّةٌ مَمْحُوْضَةٌ خالص
چاندی۔
مَحَطَ (ف) مَحْطًا و مَحَّطَ الْوَتَرَ:
درست و ہموار کرنے کیلئے تانت پر انگلی پھیرنا
السَّهْمَ: تیر چلانا۔
اِمْتَحَطَ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا دوڑنا السَّیْفَ:
تلوار سونتنا الرُّمْحَ: نیزہ کھینچنا۔
عَامٌ مَاحِطٌ. کم بارش کا سال۔
مَحَقَ (ف) مَحْقًا الشَّیَ: باطل کرنا۔
مٹانا۔ اللهُ الشَّیَ: گھٹانا بے برکت کرنا
فُلَانًا: ہلاک کرنا الحَرُّ الشَّیَ: جلانا۔
مُحِقَ الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا۔
مَحَّقَ الشَّیُ: باطل کرنا۔ مٹانا۔
اَمْحَقَ المَالَ: ہلاک ہونا الرَّجُلُ: مال میں
بے برکتی والا ہونا القَمَرُ: مہینہ کی آخری
رات یا آخری تین راتوں میں ہونا۔
تَمَحَّقَ و اِنْمَحَقَ و اِمَّحَقَ و اِمْتَحَقَ.
مضمحل ہونا۔ باطل ہونا۔ مٹنا۔ وامْتَحَقَ الحَرُّ
الشَّیَ: جلانا النَّبَاتُ: شدت گرمی سے خشک

ہونا اور جلنا الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا
الشَّیُ: بے برکت ہونا۔ وانْمَحَقَ الْهِلَالُ:
چاند آخری مہینہ میں دکھائی نہ دینا۔
المَحْق. س۔ کھجور کے قریب قریب لگے
ہوئے پودے۔
المَحْقَة. ہلاکت۔
المَحَاق والمُحَاق والمِحَاق. مہینہ کی
آخری رات یا آخری تین راتیں۔
سِنَانٌ مَحِیْقٌ. باریک و تیز بھالا۔
المَاحِق. فا۔ مَاحِقُ الصَّیْفِ: سخت گرمی
یَوْمٌ مَاحِقٌ: سخت گرم دن۔
الاَمْحَق. بے برکت۔
المَمْحَقَة. باعث بے برکتی۔
مَحَكَ (ف) مَحْكًا و مَحِكَ (س)
مَحَكًا واَمْحَكَ و تَمَحَّكَ الرَّجُلُ: گفتگو
میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت
مَحِكٌ و مَاحِكٌ و مَحْكَان.
اَمْحَكَ الْخُصُوْمُ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
مَاحَكَ مُمَاحَكَةً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
تَمَاحَكَ الخَصْمَان: باہم جھگڑا کرنا۔
المُمْتَحِك: بد اخلاق ; جھگڑالو۔
مَحِلَ (س) و مَحَلَ (ف) مَحْلًا و
مُحُوْلًا و مَحُلَ (ک) مَحَالَةً المَكَانُ:
قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاحِل۔
مَحَلَ (ف) و مَحِلَ (س) و مَحُلَ
(ک) مَحْلًا و مِحَالًا بِه اِلَی الْاَمِیْرِ:
چغل خوری کرنا۔ صفت مَاحِل و مَحُول ،
مَحَّال. مَحَلَ بِصَاحِبِه: بہتان رکھنا۔
مَحَّلَ فُلَانًا: ~~مضبوط کرنا الشَّیَ~~: لمبا کرنا۔
مَا حَلَه مِحَالًا و مُمَاحَلَةً. مکر کرنا۔ قوت
معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی
کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔
اَمْحَلَ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت
مُمْحِل والْاَرْضُ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ: قحط
زدہ زمین المَطَرُ: بارش رکنا القَوْمُ: قحط زدہ
ہونا۔ صفت مُمْحِلُوْنَ اللّٰهُ الْاَرْضَ: قحط
زدہ کرنا۔

تَمَحَّلَ الشَّیْءَ وَلَهُ: حیلہ کرنا لِفُلَانٍ حَقَّهُ حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا الدَّرَاهِمَ: پرکھنا۔

تَمَاحَلَ الْقَوْمُ: باہم کید و مکر کرنا۔

تَمَاحَلَتْ بِهِمُ الدَّارُ: دور ہونا۔

الْمَحْلُ. فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُحُوْلٌ و اَمْحَالٌ. کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید مرد۔

الْمَاحِلُ. فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُ مَاحِلًا" میں نے اس کو متغیر اللَّون دیکھا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَاحِلٌ و مَحْلٌ و مَحْلَةٌ و مُحُوْلٌ و مَحْوْلَةٌ" قحط زدہ زمین۔ اور جمع کے لیے اَرْضُوْنَ مَحْلٌ و مُحُوْلٌ.

الْمَحَالُ. بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔

الْمِحَالُ. کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت و قوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔

الْمَحَالَةُ. بڑی چرخی۔ اُونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ ج مَحَالٌ اور مَحَالٌ کی جمع مُحُلٌ. اور کہا جاتا ہے "لَامَحَالَةَ" یعنی ضرور و لابدی۔

الْمِحَلُ. وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "دَحِلٌ مَحِلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔
الْمَسْحَاءُ. کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ زمین۔ ج الْمِسَاحُ و الْمَسَاحِيْ: چھوٹے پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْيِ."

التِّمْسَحُ. بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (والتِّمْسَاحُ) مگرمچھ ج تَمَاسِحُ و تَمَاسِيْحُ.

الْمِمْسَحُ والْمِمْسَحَةُ جس سے پونچھا جائے۔

مَسَخَهٗ (ف) مَسْخًا. بری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا۔

صفت مفعولی مَسْخٌ و مَسِيْخٌ ج مُسُوْخٌ الْكَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا الطَّعَمَ اللحمِ: گوشت کو بے مزہ کرنا۔

اَمْسَخَ الْوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔

تَمَسَّخَ الغزلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمَّسَخَتْ و اِنْمَسَخَتِ العضدُ: کم گوشت والا ہونا۔ اسم الْمَسَخُ.

اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

الْمَاسِخِيُّ. کمان ساز۔

الْمَسِيْخُ. بدشکل مِنَ الطَّعَامِ: بے مزہ یا بے نمک۔ بیوقوف۔

الْاُمْسُوْخُ. ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے۔

الْمَمْسُوْخُ. مف فَرَسٌ مَمْسُوْخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا۔

اَلْمَسْخُ: اقسام تناسخ سے ہے۔ اس کے قائلین کا نظریہ ہے کہ حیوان ناطق (انسان) کا بدن غیر ناطق حیوان کے بدن سے مناسب اوصاف حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسے اسد لفظ سے انسان میں شجاعت آ جاتی ہیں۔ ارنب (خرگوش) کے لفظ سے بزدلی آ جاتی ہے۔

اَلْمَسْخَرُ ج مَسَاخِرُ: وہ شخص جس سے مذاق کیا جائے۔ اسی سے فعل: تُمُسْخِرَ عَلَيْهِ: اس سے مذاق کیا گیا اسی سے مساخر وہ کھیل و تماشے جو عید کے ایام میں کھیلے جاتے ہیں۔

مَسَدَ (ن) مَسْدًا الْحَبْلَ: رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا فِي السَّيْرِ: تھکانا۔

مَسدَ البَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔

مَسَّدَ الشَّيْءَ و عَلَی الشَّيْءِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا۔

الْمَسَدُ. کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دُھرا۔ ج مِسَادٌ و اَمْسَادٌ.

الْمِسَادُ. شہد کا مشکیزہ۔ درستگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درستگی تیرے بالوں سے اچھی ہے۔

الْمَمْسُوْدُ مف رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: گٹھے بدن کا مرد۔

سَاقٌ مَسْدَاءُ. اچھی ہموار پنڈلی۔

مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا الثَّوْبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا فُلَانًا بِالسِّيَاطِ: کوڑے سے مارنا السِّقَاءَ: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا۔

الْمَاسِطُ. فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔

الْمَسِيْطُ. گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الْمَسِيْطَةُ. گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی وادی۔

اَلْمِسَحُ: شمالی ہوا۔
اَلْمَسْعِیُّ: بہت سیر وسفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغَ و اِمْتَسَغَ الرَّجُلُ: علیحدہ ہونا۔
مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا: چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ بِالنَّارِ: زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُكَ (ک) مَسَاكَةً السِّقَاءُ: مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بِهٖ: چمٹنا۔ مَسَّكَهٗ: مشک سے خوشبو دار کرنا۔
اَمْسَكَهٗ: روکنا۔ اَمْسَكَ بِهٖ: چمٹنا اَلشَّیْئَ عَلٰی نَفْسِهٖ: اپنے لیے حفاظت کرنا اَللّٰهُ الْغَیْثَ: بارش روکنا عَنِ الْاَمْرِ: رکنا۔ باز رہنا عَنِ الْكَلَامِ: خاموش رہنا۔
تَمَسَّكَ و تَمَاسَكَ و اِمْتَسَكَ بِهٖ: چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا۔ "وَ غَشِیَنِیْ اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجدہ معاملہ آ پڑا اس لیے میں رک گیا۔ "وَمَابِهٖ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَكَ فِی الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہرا رہا۔
اِسْتَمْسَكَ بِهٖ: چمٹنا عَنْ كَذَا: باز رہنا بَوْلُهٗ: پیشاب بند ہونا اَلرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ: جم کر بیٹھنا۔
اَلْمَسْكُ: س۔ کھال۔ ج مُسُكٌ و مُسُوْكٌ۔ ایک ٹکڑے کو "مَسْكَةٌ" کہتے ہیں۔
اَلْمَسَكُ: پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَكَةٌ۔
اَلْمُسْكُ: بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔
اَلْمِسْكُ: مشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ الْمِسْكِ کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَةٌ کہتے ہیں۔ ج مِسَكٌ۔
مِسْكُ الْبَرِّ و مِسْكُ الْجِنِّ: دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسْكٌ فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔
اَلْمُسْكَةُ: جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام ورائے کامل۔ سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَكٌ کہا جاتا ہے "مَافِیْهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَیْسَ لِاَمْرِهٖ مُسْكَةٌ" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِیْهِ مُسْكَةٌ مِنْ خَیْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَافِیْ سِقَائِهٖ مُسْكَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں۔
اَلْمُسُكَةُ و الْمُسْكَةُ: بخل۔
اَلْمُسَكَةُ: بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَكٌ۔
اَلْمَسَاكُ: پانی روکنے کا بند۔ بخل۔
اَلْمِسَاكُ: بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَافِیْهِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔
اَلْمَسَاكَةُ و الْمِسَاكَةُ: بخل۔
اَلْمَسَاكَاتُ: وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔
اَلْمُسْكَانُ: بیعانہ۔ ج مَسَاكِیْنُ۔
اَلْمِسْكِیْنُ و الْمَسْكَنَةُ: دیکھو مادہ سکن۔
اَلْمُسْكُ و الْمَسَّاكُ و الْمُمْسِكُ: بخیل۔
اَلْمَسِیْكُ ج مُسُكٌ و الْمِسِّیْكُ: بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِیْكٌ و مِسِّیْكٌ" مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وَمَا فِیْهِ مَسِیْكٌ" اس کے اندر خیر نہیں۔
اَلْاِمْسَاكُ: س۔ بخل۔
اَلْمَسِیْكَةُ و الْاَرْضُ الْمَسِیْكَةُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔
اَلْمَسِیْكَةُ و الْمِسْكِیَّةُ: ایک قسم کی نباتات۔
مَسَلَ (ن) مَسْلًا الْمَاءُ: پانی بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
اَلْمَسَلُ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَةٌ و مُسُلٌ مُسْلَانٌ و مَسَائِلُ۔
مُسَالَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔
مُسَالَةُ الْوَجْهِ: حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔
اَلْمَسِیْلُ: بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ تر ٹہنی۔ ج مُسُلٌ و اَمْسِلَةٌ۔ مَسِیْلُ الْمَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔
مُسْمِسَ مَسْمَسَةً و مِسْمَاسًا الْاَمْرُ: مخلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمْرِهٖ فِیْ مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔
مُسْمِسَ الرَّجُلُ: جنونی کیفیت لاحق ہونا۔
اَلْمَسْمَاسُ: ہلکا۔
مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: بے باک ہونا۔ ہٗ: مارتے مارتے گرا دینا اَلشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ: کھینچنا۔
مَسَا یَمْسُوْ مَسْوًا۔ اَلْحِمَارُ: گدھے کا اڑنا (و مَسّٰی تَمْسِیَةً) اَلرَّجُلُ: کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَسَّاهُ تَمْسِیَةً: شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسّٰی بِهِ اللَّیْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔
اَمْسٰی اِمْسَاءً و مُمْسًی: شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسٰی زَیْدٌ ضَاحِكًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔
اَمْسَاهُ اِمْسَاءً: کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَاسَاهُ مُمَاسَاةً: مخول کرنا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

المَسَاءُ ج اَمْسِیَة والمُسٰی والمِسْیُ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الْاُمْسِیَّة. شام کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ اُمْسِیَّةَ اَمْسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

المُمْسٰی. مص۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْئَ: ہاتھ سے پونچھنا الحَرُّ الْمَاشِیَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسٰی و تَمَسّٰی الشَّیْئُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً. پیاسا ہونا۔

المَا[illegible] شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے [illegible] پلا مرد۔

المَسِ[illegible] جو بکری کے پیٹ سے نکالی جاتی ہے اس کو باریک کپڑے نچوڑ کر دودھ ڈال دیا جاتا ہے اس سے جبن (پنیر) بن جاتا ہے۔

التَّمَاسِیْ. مص۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا العَظْمَ: ہڈی کے اطراف [illegible]سنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ [illegible] سارا دودھ دوھنا مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا یَدَهٗ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا الشَّیْئَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ العَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ العَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّیْئُ: حاصل ہونا۔

اِمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا العَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا المُتَغَوِّطُ: پائخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

المُشَاشُ. مُشَاشَة کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ المُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے و مُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر وحضر کے خدام۔

المُشَاشَة. نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاشٌ.

مُشَاشَة القَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

المَشُّ. مص۔ کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهٗ هَشًّا مَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

المَشَش. سفیدی جو اُونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الاَمَشُّ. مِنَ الْاِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اُونٹ۔ مؤنث مَشَّاء ج مُشٌّ.

المَشُوْش. ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال، تولیہ وغیرہ۔

الْمَشَّاؤُنَ: ارسطو کے فلسفہ کو ماننے والے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ارسطو اپنی تعلیمات چل کر پیش کرتے تھے۔ المَشَّائِیَّة: فلسفہ ارسطوا۔

مَشَجَه (ن) مَشْجًا بِکَذَا: ملانا کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَیْنَهُمَا"

المَشَج والمَشِیج والمُشْج والمِشْج مخلوط ج اَمْشَاج. الاَمْشَاج: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا. اترانا۔ اکڑ باز ہونا۔

مَشِرَ و مَشَّرَ و اَمْشَرَ و تَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا مَشَّرَهٗ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّیْئَ: تقسیم کرنا و اَمْشَرَ الرَّجُلُ کھل کر دوڑنا بَدَنَهٗ: بدن کا پھولنا الْاَرْضُ: سبزی اگانا۔ و تَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِاَهْلِهٖ شَیْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لیے لباس خریدنا الشَّجَرُ: سرسبز ہونا القَوْمُ: کپڑے پہننا۔

اِمْتَشَرَ الرَّاعِیْ وَرَقَ الشَّجَرِ: چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔

المِشْرُ مِنَ الرِّجَالِ: سخت سرخ مرد۔

المَشْر. نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهٗ مَشْرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔

المَشْرَة. نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے؛ نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ مَشْرَةُ غِنًی" یعنی اس کے اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔

مَشْرَةُ الْاَرْضِ و مَشَرَتُهَا. سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔

اَرْضٌ مَاشِرَةٌ. بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔

الاَمْشَر. چست و چالاک۔

المَوْشُوْر. دیکھئے مادہ وش ر۔

مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا و مَشَّطَ الشَّعْرَ بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیْئَ: ملانا البَعِیْرَ: اُونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔

مَشِطَت (س) مَشَطًا یَدُهٗ: کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا (و مَشِطَت) النَّاقَةُ: دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔

اِمْتَشَطَ. کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَت الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

المُشْط والمَشْط والمِشْط والمُشُط والمَشِط والمُشُطّ. کنگھی ج اَمْشَاط و مِشَاط.

المُشْط. کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اُونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والمُشْط ایک دریائی مچھلی جس کو مُلْطِی بھی کہتے ہیں۔

المِشْطَة. مَشَطَ کا اسم نوع۔

المِشَاطَة. مَشَّاطه گری۔

المُشَاطَة. کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

المَشَّاط. شانہ ساز۔

المَاشِطَة و المَشَّاطَة. کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔

المَشِيْط. کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِيْطٌ وَلِمَّة مَشِيْطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔

المِمْشَط. کنگھی۔

المَمْشُوْط. مع. رَجُلٌ مَمْشُوْطٌ. پتلا و لمبا مرد۔

مَشِظَ (س) مَشْظًا ومَشَظًا. پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ يده: یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَت الدَّابَّةُ: گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔

مَشَظَ (ن) مَشْظًا. البَلَدَ: شہر کو اقامت کے لیے پسند کرنا فُلانًا: کچھ لے لینا۔

المَشْظ والمِشْظة. پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنے کا پچر۔

المَشْظَة: مشظ کا اسم مرۃ مِنَ الْاَخْبارِ مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔

قَنَاةٌ مَشِظَةٌ. نیا سخت نیزہ کہ جو لے اس کا ہاتھ چھل جائے۔

مَشَعَ (ف) مَشْعًا الشَّيْءَ: کمانا۔ اُچک لینا القُطْنَ: روئی تومنا الغَنَمَ: بکری دوہنا ببَوْلِهِ: پیشاب کرنا فُلانًا بالحَبْلِ وَغَيْرِه: رسی وغیرہ سے مارنا الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

مَشَّعَ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ پونچھنا القَصْعَةَ: پیالہ میں سے سب کھالینا۔

اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِهِ: چھین لینا۔ مَافِي الضَّرْعِ او مَا فِي يَدِ فُلانٍ: سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔ السَّيْفَ: جلدی سے سونتنا (و تَمَشَّعَ) الرَّجُلُ: اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔

المِشْعَة والمَشِيْعَة. تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

المَشُوْع. بہت کمائی کرنے والا ذِئْبٌ مَشُوْعٌ: بہت اچکنے والا بھیڑیا۔

مَشَغَه (ف) مَشْغًا. مارنا۔ عیب لگانا الرَّجُلَ: ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔

مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا عِرْضَ فُلانٍ: آبرو میں داغ لگانا۔

المِشْغ. گیرو۔

المِشْغَة. بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

مَشَقَ (ن) مَشْقًا. جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا ہٗ بالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا الكَتَّانَ و نَحْوَهٗ: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّيْءَ: دراز ہونے کیلئے کھینچنا الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا فِي الْكِتَابَةِ: بڑے بڑے حروف لکھنا، لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوْا حِيْلَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔

مُشِقَ مَشْقًا. پتلا و لمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ و مَشِيْقٌ و مَمْشُوْقٌ.

مَشِقَ (س) مَشَقًا. رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ و اَمْشَقُ اور اسم المُشْقَة.

مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً. گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مَاشَقَهٗ الشَّيْءَ: کسی سے چیز کو کھینچنا۔

اَمْشَقَهٗ بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا اَمْشَقَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

مَشَّقَ تَمْشِيْقًا الْاِبِلَ الْكَلَاَ: اونٹ کو گھاس چرانا۔

تَمَشَّقَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا الغُصْنُ: ٹہنی کا چھلنا اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِمْتَشَقَ. چھین لینا۔ اچک لینا مَا فِي الضَّرْعِ: سارا دودھ دوہنا السَّيْفَ تلوار سونتنا فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا الكَتَّانَ: رانچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا الشَّيْءَ: اپنے لیے لینا مَا فِي يَدِ الرَّجُلِ. سارا لے لینا۔

المَشْق. س. گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِيْ قَدِّهٖ مَشْقٌ" اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔

المِشْقَه و المُشَاقَة. رانچھ کا نکلا ہوا خراب وردی حصہ۔ المِشْقَة: روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق.

المُشْقَة. نئے کپڑے کی دھجی۔

المَشِيّ. پہنا ہوا کپڑا مِنَ الْخَيْلِ دبلا گھوڑا۔

المَاشِق. فا۔ ج مُشَّق.

قَلَمٌ مَشَّاق. تیز چلنے والا قلم۔

ثَوْبٌ مِشَق و مُمَشَّق و اَمْشَاق. گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَشْقَة. مَشَقَ کا اسم مرۃ۔ جانور کی ٹانگ میں رسّی کا نشان۔

المَمْشُوْق. مع. کم گوشت کا مرد۔ مِنَ الْخَيْلِ: دبلا گھوڑا مِنَ الْقُضْبَانِ: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَمْشُوْقٌ" لمبا پتلا قد۔ مؤنث مَمْشُوْقَةٌ.

التَمَاشِق. جھگڑا۔

المِمْشَقَة. رانچھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق.

مَشَلَ (ن) مُشُوْلًا لَحْمُهٗ: گوشت کم ہونا (مَشْلًا) اللَّبَنَ: دودھ کم دوہنا (و اِمْتَشَلَ) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المَاشِل والمَمْشُوْل. دبلا پتلا۔ کم گوشت۔

المَشَل. کم دوہائی۔

المِمْشَل. نرمی سے دوہنے والا۔

المِشْلَوْز. میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْزٌ سے مرکب ہے)

المِشْمِش. زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَة.

مَشَنَه (ض) مَشْنًا. خراش لگانا۔ مَشَنَهٗ بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا ہٗ بالسَّيْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا (وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا۔ صفت

مَاشِن. ج مُشَّن. و اِمْتَشَنَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا الشَّیْءَ: اُچک کر اپنے لئے لے لینا ثَوْبَهُ. کپڑا چھین لینا۔

مَشَّنَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

المِشَان والمُشَان. ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔

اِسْتَمْشَی الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشَی بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔

المَشْو والمَشُو والمَشِیُّ والمَشَاء. دست آور دوا۔

مَشَی (ض) مَشْیًا و تِمْشَاءً. چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا زَیْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْیَة (مَشَاءً) المَرْأَةُ او المَاشِیَةُ: بہت بچوں والی ہونا بِالنَّمِیمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔

مَشَّی تَمْشِیَةً. چلنا الرَّجُلَ: چلانا۔

اَمْشَی الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (وامْتَشَی) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔

مَاشَاهُ مُمَاشَاةً. ساتھ چلنا۔

تَمَشَّی. چلنا۔

تَمَاشَیَا. باہم مل کے چلنا۔

المِشْیَة. چال۔

المَشِیَّة. ارادہ۔ خواہش۔

المَاشِي: فا۔ ج مُشَاة و مَاشُون. چوپائے والا۔ المُشَاة: چغلی کھانے والے مِنَ العَسْكَرِ: پیدل دستہ۔

المَاشِیَةُ. مَاشِي کا مؤنث۔ مویشی. ج مَوَاشٍ.

المَشَّاء. بہت چلنے والا۔ چغل خور۔

المَمْشَی. چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ.

مَصَّ. (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا.

اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔

المَصّ. مص قَصَبُ المَصِّ: گنا۔

المُصَّة والمُصَاص مِنَ الشَّیْءِ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِیمُ المُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

المُصَاصَة. جو چیز چوسی جائے۔

المَصَّاص. بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔

المَصَّان. کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔

المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔

المُصَّان. گنا۔

المَصُوص. پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔

المَصِیصَة. پیالہ۔

مَصِیصُ الثَّرَی: نمناک مٹی یا ریت۔

المِمَصّ. چوسنے کا آلہ۔

مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔ النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔

مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوحًا الشَّیْءُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا بِالشَّیْءِ: لے جانا۔

مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔

مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا الكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ) (ف) و مَصِحَ (س) مَصَحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح.

مَصَّحَ و مَصَحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔

المُصَّاحَات. اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔

مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّیْءَ: کھینچنا۔

تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّیْءَ: کھینچ کر نکالنا۔ و اِمْتَصَخَ الشَّیْءُ عَنِ الشَّیْءِ: جدا ہونا۔

اِمَّصَخَ الوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔

الاُمْصُوخَة بُردی کا سفید گودا۔ ثُمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوخ و اَمَاصِیخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)

المَصُوخَة. بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔

المُصَاخ. ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔

مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهِ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا الشَّیْءَ: چوسنا۔ الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔

المَصَاد بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان.

المَصْد والمَصَد. گرمی کی شدت۔ سردی کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلند پشتہ۔

المَصْدَة. بارش۔

مَصَرَ (ن) مَصْرًا. النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

مَصَّرَ العَطِیَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا

مَصَّرُوا المَكَانَ: شہر بنانا الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا الشَّیْءُ او العَطَاءُ: کم ہونا القَوْمُ: پراگندہ ہونا الشَّیْءَ: پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا (وامْتَصَرَ) النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

المَاصِر. فا۔ دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔

المِصْر. دو چیزوں کے درمیان روک۔ دو ملکوں کے درمیان کی سرحد۔ شہر۔ گوشہ۔ ج اَمْصَار و مُصُور و مِصْر: ملک مصر۔

المِصْرَان: کوفہ و بصرہ۔

المِصْرِیّ. منسوب اِلَی مِصْر. مصر

رہنے والا۔ مؤنث مِضرَئَة ج مَصارٍ و مَصارِیّ. کہا جاتا ہے خُمُرٌ مَصارٍ و مَصارِیّ.

المَصُوْر مِنَ الإبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے۔ ج مِصار و مَصائِر و عَطاءٌ مَصُوْرٌ: تھوڑا عطیہ۔

المَصِیْر. آنت۔ ج اَمْصِرَةٌ و مُصْران. جج مَصارِیْن.

المُمَصَّر. گیرو سے رنگا ہوا۔

المُمَصَّرَة. المُمَصَّر کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔

مَصْطَكَ الدَّواءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔

المَصْطَكي والمُصْطَكي والمُصْطَكاء مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)

مَصَعَ (ف) مَصْعًا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا الدَّابَّةَ بِذَنبِها: چوپایہ کا دم ہلانا فُلانًا: کوڑا وغیرہ مارنا الفَرَسُ: آہستہ سے گزرنا الطَّائِرُ بذرقه: پرندہ کا بیٹ کرنا المَرْأَةُ بالوَلَدِ: بچہ گرا دینا فُؤادُ فُلان: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا ۃ: ملنا (مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت ماصِعٌ و ماصِعَةٌ ماءُ الحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا الرَّجُلُ فِي الأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔

اَمْصَعَ الطَّائِرِ بِذَرقه: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ العَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا المَرْأَةُ وَلَدَها: تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِهِ: بچہ گرا دینا القَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا لِفُلانٍ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا۔

مَصَّعَ القَضِيْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔

ماصَعَ مِصاعًا و مُماصَعَة. جنگ کرنا۔ مقاتلہ کرنا قِرْنَهُ: تلوار وغیرہ سے مارنا بِلِسانِهِ: تہمت لگانا۔

تَماصَعَ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: باہم جنگ کرنا۔

اِنْمَصَعَ و امْتَصَعَ فِي الأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔ اِنْمَصَعَ الحِمارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا۔

المَصْع. س۔ ہانکنا۔ پھینکا جانا۔

المُصْعَة والمُصَعَة. ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصْع و مُصَع.

الماصِع. ف۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔ پشت پھیرنے والا۔ مؤنث ماصِعَة.

المِصَع. تلوار باز۔ لڑکا جو بٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔

المَصُوْع. خوفزدہ مرد۔

مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللبنَ: پانی ٹپکنے کے لیے کپڑے میں لٹکانا مالَهُ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُوْلًا) الجُبْنَ و نَحْوَهُ ٹپکنا الجُرْحُ: زخم کا رسنا۔

اَمْصَلَ مالَهُ. مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا الغَنَمَ: سارا دودھ دوہ لینا۔

اَمْصَلَتِ المَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرا دینا۔ صف مُمْصِلٌ.

المَصْل. س۔ (والمَصالَة والمُصالَة) مِنَ اللبَنِ و نَحْوِهِ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی المُصالَة: تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔

الماصِل. ف۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔

المَصْلاء. باریک بازوؤں والی عورت۔

المِمْصَل. دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن۔ لغویات میں مال تباہ کرنے والا۔

مَصْمَصَ الماءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا۔

المُصامِص. ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُصامِصٌ فِي قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔

مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِيْضًا الجُرْحُ فُلانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا الکُحْلُ العَیْنَ بِحِدَّتِهِ: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا الخَلُّ فاهُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا الشَّيْءُ فُلانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (مَضًّا) الشَّيْءَ: چوسنا۔

مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّيْءِ: دردمند ہونا۔ (مَضَضًا و مَضاضَةً و مَضِيْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔

اَمَضَّهُ الأَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کر دینا۔ اَمَضَّهُ الجُرْحُ و نَحْوُهُ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمَضَّنِي کَلامُ فُلانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "اَمَضَّهُ جِلْدُهُ" اس کی کھال کھجلائی۔

ماضَّهُ مِضاضًا. لعنت ملامت کرنا۔

مَضَّضَ تَمْضِيْضًا. بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔

تَماضَّ القَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔

المَضّ. س۔ کُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔

المِضّ. ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔

مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ مبنی و مِضٍّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لا النفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو۔

المَضَّة اسم مرۃ۔ مؤنث المَضّ. اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کر سکے اَلْبانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔

المَضَض. س۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔

المَضاض. جلن۔

المُضاض. خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مِنْ مُضاضِ القَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔ آنکھ کی جلن۔

المَضّاض. جلانے والا۔

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَهُ: عیب لگانا۔ مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا الإبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا المزادَةُ: رسنا۔

مَضِدَ (س) مَضَدًا. کینہ رکھنا۔

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س)

مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَّبِيْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔

مَضَّرَهٗ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔

تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا۔ تَمَضَّرَتِ الْمَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔

لَبَنٌ مَضِرٌ و مَاضِرٌ و مَضِيْرٌ. کھٹا دودھ۔

و عَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ خَضِرًا مَضِرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔ "اَخَذَهٗ خِضْرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلا قیمت لیا۔

الْمَضِيْرَة. ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

الْمُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی۔

مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔

مَاضَغَهُ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا۔

اَمْضَغَه و مَضَّغَه. چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔

الْمَضَاغ. چبانا (و الْمُضَاغَة) جو چیز چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں۔

الْمُضَاغَة: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔

الْمَاضِغ. فا۔ ج مُضَّغ.

الْمُضْغَة. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغ و مُضَغُ الْاُمُوْرِ والْجَرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام۔

الْمَضِيْغَةُ. ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا۔ عضلہ۔ ج مَضِيْغ و مَضَائِغ.

الْمَضَّاغَه. بیوقوف۔ بہت چبانے والا۔

الْمَاضِغَانِ و الْمَاضِغَتَانِ. دونوں جبڑے۔

الْمَوَاضِغ. ڈاڑھیں۔

مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مَضْمَاضًا و مِضْمَاضًا الْمَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: دھونا (و تَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِه: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔

الْمِضْمَاض. جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔

الْمَضْمَضَة. مس۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی۔

مَضٰى يَمْضِيْ و مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا و مُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (مُضُوًّا) سَبِيْلَهٗ و لِسَبِيْلِه: مرنا۔

مَضٰى يَمْضِيْ و يَمْضُو مَضَاءً و مُضُوًّا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔ جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں۔ عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضٰى مَضَاءَ السَّيْفُ: کاٹنا۔

اَمْضٰى اِمْضَاءَ الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ والرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا۔

مَضّٰى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا۔

تَمَضّٰى الْاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔

الْمُضْوَاء. آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلٰى مُضْوَائِه" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا۔

الْمَاضِي. فا: گزشتہ زمانہ عِنْدَ النُّحَاةِ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر وضعاً دلالت کرے الْمَاضِي: تلوار۔ ج مَوَاضٍ.

الْمَضَّاء. پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ مَضَّاءٌ عَلٰى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو۔

مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا خَدَّه: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَه" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی۔ الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا خَطَّهٗ او خُطْوَه: دراز کرنا۔

مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا الرَّجُلَ: گالی دینا۔

تَمَطَّطَ. کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا دِبْسٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِه" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔

الْمَطَاط. اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔

الْمَطَّاط. ربڑ۔

الْمُطَيْطٰى والْمُطَيْطَاء والْمِطِيْطَاء. مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔

الْمَطِيْطَة. گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِط.

مَطَحَهٗ (ف) مَطْحًا بِيَدِه: مارنا۔

تَمَطَّحَ و اِمْتَطَحَ الْوَادِيْ: بہت اور بلند پانی والی ہونا۔

مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا الرَّجُلَ بِيَدِه: مارنا عِرْضَهٗ: آبرو کو داغدار کرنا۔

الْمَاطِخ. فا۔ سست رفتار گھوڑا۔

الْمَطَّاخ. بیوقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطْخٍ مَطْخٍ او مَطِخٍ مَطِخٍ" یعنی تیرا قول باطل ہے۔

مَطَرَتْ (ن) مَطْرًا و مَطَرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: پانی برسانا و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُ فُلَانًا فَامْطَرَ و اِسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آ گیا۔ اَمْطَرَ الْمَكَانَ بارش شدہ پانا۔

مَطَر (ن مُطُوْرًا و مَطْرًا. الفَرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا القِرْبَة مشک کو بھرنا الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ وَلَا اَدْرِیْ مَنْ مَطَرَبِهٖ" وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (مُطُوْرًا) فِی الْاَرْضِ: جاناالعَبْدُ: بھاگنا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

تَمَطَّر. بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ: جانا الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنابِهٖ فَرَسُهٗ: لے کے تیز دوڑناتَمَطَّرَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا تیزی سے آنااور سبقت کی کوشش کرنا۔

اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ: بارش طلب کرناالْمَکَانُ او الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہوناالرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہناثَوْبَةً: برساتی پہنناالسْتَمْطَرَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: عنایت و کرم کی التجا کرنالِلسِّیَاطِ: کوڑوں کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَیْلَ" گھوڑوں کے درپے مت ہو۔

المَطَر. بارش ج اَمْطَار

المُطْر. چینا کا خوشہ۔ عادت۔

المَطْرَة. بارش کی ایک بوچھاڑ (و المِطْرَة و المَطَرَة) عادت لِلْمَطْرَة: مشک۔ حوض کا وسط۔

المَطَار والمَطَارَة مِنَ الْآبَارِ: چوڑے منھ کا کنواں۔

المِطَّارُ مِنَ الْخَیْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔

الْمَطِر والمَاطِر والمَطِیْر. بارش والا۔

المَطِیْر: جس پر بارش ہو۔

سَحَابٌ مِمْطَارٌ. موسلا دھار برسنے والا بادل۔

المِمْطَر والمِمْطَرة. برساتی۔ عوام مَشَمَّع کہتے ہیں۔

المُتَمَاطِر. بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

المُتَمَطِّر. تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔

المُسْتَمْطِر. فا۔ بارش کا منتظر۔

المُسْتَمْطَر. مف۔ بارش کیلئے کھلا میدان۔

المَطْرَان والمِطْرَان. پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَة و مَطَارِیْن.

مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِی الْاَرْضِ: جانا اور گم ہوناالشَّیْءَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِع. فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "بَیَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔

تَمَطَّقَ الطَّعَامَ چکھناالرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔

تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔

المَطْقَة. مٹھاس۔ کہا جاتا ہے "تَمْرُهُمْ لَهٗ مَطْقَةٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔

مَطَلَ (ن) مَطْلًا الحَبْلَ: رسی تاننا الحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرناهٗ حَقَّهٗ و بِحَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

اِمْتَطَلَهٗ حَقَّهٗ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ: لمبا اور گنجان ہونا۔

اِمْطَلَّ الشَّیْءُ: دراز ہونا۔

المَطْلَةُ والمطلة. حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

المُطْلَة. تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔

المِطَالَة. لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔

المَطَّال. لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا(و المَطُوْل) بہت ٹالنے والا۔

المَطِیْلَة. کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔

المِمْطَل. چور۔ لوہار کا گھن۔

المَمْطُوْل. مف۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

مَطْمَطَ. گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ الماءُ: گاڑھا ہونا۔

مَطَا یَمْطُوْ مَطْوًا. چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔

مَطِیَ یَمْطَی مَطًا. پھیلنا اور لمبا ہونا۔

اَمْطَی الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانااَمْطَاهُ الدَّابَّةَ: سوار کرانا۔

اِمْتَطَی الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

تَمَطَّی. پھیلنا اور لمبا ہونا الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

المَطَا. س۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج اَمْطَاء۔

المَطْو والمطو. شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء و اَمْطَاء و مُطِیّ۔

المِطْو: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء۔

المُطَوَاء. بروزن غُلَوَاء۔ انگڑائی۔ لمبائی۔

المَطْوَة. مطا کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطْوَةٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

المَطِیَّة. سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لیے بعیر اور ناقۃ دونوں کو مَطِیَّة کہتے ہیں۔ ج مَطَایَا و مَطِیّ۔

الْاَمْطِیُّ. سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّهٗ (ن) مَظًّا. ملامت کرنا۔

مَاظَّهٗ مِظَاظًا و مُمَاظَّةً. جھگڑا کرنا۔ گالی دینامَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔

اَمَظَّهٗ. گالی دینا۔

تَمَاظُّوا. باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

المَظُّ. س۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔

المَظَاظَة. سختی و بدمزاجی۔

مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مظع الْوَتْرَ: تانت کو خشک اور چکیلا کرنا۔

تَمَظَّعَ الْمَاْکُوْلَ: سب کا سب چاٹ جانا۔

الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنافِی الرَّعْیِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔

المُظْعَة. گھاس کا بقیہ۔

المَظْعَة. باقی ماندہ گفتگو۔

مَعَ و مَعْ. اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین

معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللهُ مَعَكُمْ" اور اَفْعَلُ هٰذَا مَعَ هٰذَا۔
(۲) وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ۔
(۳) بمعنی عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ۔ اور بلا مضاف ہوتے ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وَ عَمْرٌو مَعًا وَ جِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لیے مَعِيٌّ اور اسی سے واو معیت ہے۔

مَعَّ(ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔

مَعَتَ(ف) مَعْتًا الشَّيْءَ: ملنا دلنا۔

مَعَجَ (ف) مَعْجًا الْفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوْجٌ. مَعَجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا السَّيْلُ: سیلاب کا تیز بہنا بِالْقَلَمِ فِي الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا الْفَصِيْلُ ضَرْعَ أُمِّهٖ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ اتارنے کے لیے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "الرِّيْحُ تَمْعَجُ فِي النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو ادھر ادھر کر رہی ہے الْجَارِيَةَ: جماع کرنا الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔ مَعَجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔

تَمَعَّجَ السَّيْلُ او الْحَيَّةُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

الْمَعْجُ. مع۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔

الْمَعْجَةُ. مَعْج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ مَعْجَةِ شَبَابِهٖ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔

الْمَعَّاجُ اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں ادھر ادھر ہونے والا گدھا۔

رِيْحٌ مَعُوْجٌ. تیز چلنے والی ہوا۔

فَرَسٌ مِمْعَجٌ. نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔

مَعَدَ(ف) مَعْدًا الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا الشَّيْءَ: جلدی سے کھینچنا الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا فِي الْأَرْضِ: دور تک جانا الشَّيُّ: تباہ ہونا لَحْمَهٗ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا السَّيْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا (مَعْدًا و مُعُوْدًا) بِالشَّيْءِ: لے جانا الدَّلْوَ و بِهَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔

مُعِدَ. درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْدٌ.

اِمْتَعَدَ الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔

الْمَعْدُ. مِس۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تروتازہ پھل۔ تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ تُعْدٌ وَلَا مَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

الْمَعَدُّ. پیٹ۔ پہلو۔

الْمَعِدَةُ والْمِعْدَةُ. آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِدٌ و مِعَدٌ.

الْمُتَمَعِّدَةُ. مِنَ الرُّطَبِ: تروتازہ۔

تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا الْمَرِيْضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا الْمَهْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔

مَعِرَ(س) مَعَرًا الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا النَّاصِيَةُ: پیشانی کے سب بال گر جانا الظُّفْرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔

مَعَّرَ. مفلس ہونا وَجْهَهٗ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔

اَمْعَرَ الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا الرَّجُلُ: محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا۔ الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا الْمَوَاشِيُ الْاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔

تَمَعَّرَ وَجْهُهٗ: چہرے کا رنگ بدل جانا رَاْسُهٗ: سر کے بال گر جانا۔

الْمَعَارَةُ. بد خلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔

الْمَعِرُ. کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین۔

الْاَمْعَرُ. کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چمڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاءُ. ج مُعْرٌ. نَاصِيَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی۔

الْمَمْعُوْرُ. مع۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔

مَعِزَ(س) مَعَزًا الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ و مَاعِزٌ الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا و اَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔

مَعَزَ (ف) مَعْزًا. الرَّاعِي المعزى عَنِ الضَّانِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔

تَمَعَّزَ وَجْهُهٗ: چہرہ کا سکڑنا الْبَعِيْرُ: تیز دوڑنا۔

اِسْتَمْعَزَ. کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْعَزَهٗ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا اَمْعَزَ رَايَه" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔

الْمَعْزُ والْمَعَزُ. بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِزٌ ج اَمْعُزٌ و مَعِيْزٌ. الْمَعَزُ: زمین کی سختی۔

الْاُمْعُوْزُ ج اَمَاعِزُ و اَمَاعِيْزُ والْمَعِيْزُ و الْمِعْزَى والْمَعَازُ. بکری۔ الْاُمْعُوزُ: تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔

الْمَاعِزُ. فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب و صحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَةٌ کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِزُ. الْمَاعِزُ والْمَعِزُ والْمُسْتَمْعِزُ: اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ والْمَاعِزُ: بکری۔ بکری کی کھال مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔

الْمِعْزَاةُ. بکری۔

الْاَمْعَزُ. بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاءُ ج مُعْزٌ و مَعْزَاوَاتٌ وَ اَمَاعِزُ.

الْمَعَّازُ. بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔

الْمِعْزَى. بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔

رَجُلٌ مُمَعَّزٌ. خلقتاً سخت کھال والا مرد۔

مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّيْءَ: سخت ملنا

الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس. دودھ۔ حرکت۔
المَعَّاس والمُتَمَعِّس. لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔
مَعِصَ (س)مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ و مَعِيْصٌ.
تَمَعَّصَ بَطْنُهُ: پیٹ کا دردمند ہونا الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ (س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ مِنَ الْاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ و مَاعِضٌ.
مَعَّضَهُ و اَمْعَضَهُ. غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا المَعْضُ الشَّيْءَ: جلانا۔
مَعَطَ (ف)مَعْطًا الشَّيْءَ: کھینچنا الرِّيْشَ: پر اکھیڑنا بحَقِّ فُلَانٍ: ٹالنا (وامتعط) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س)مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِئْبُ: بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ و اَمْعَط.
تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و اِنْمَعَطَ و اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمَّعَطَ و اِمْتَعَطَ النَّهَارُ: دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَهُ: نیزہ کھینچنا۔
المَعِط والاَمْعَط. جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْطٌ. ولِصٌّ اَمْعَطُ: بھیڑیے کے مشابہ چور۔ رَمْلٌ اَمْعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَهُ (ف)مَعْقًا. ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّيْلُ الْاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہا لے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا. الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک)مُعْقًا و مَعَاقَةً النَّهْرُ: گہرا ہونا۔ صفت مَعِيْقٌ مؤنث مَعِيْقَةٌ.
اَمْعَقَ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔

تَمَعَّقَ. گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا" یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی۔
المَعْق والمَعَق والمُعُق. گہرائی۔ ج اَمْعَاق و اَمَاعِق و اَمَاعِيْق. المَعْق: بدخلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَكَ (ف)مَعْكًا الشَّيْءَ: ملنا الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا فُلَانًا فِي الخُصُوْمَةِ: غالب آنا۔ مَعَكَهُ دِيْنَهُ و بِدَيْنِهِ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُكَ (ک)مَعَاكَةً بیوقوف ہونا۔
مَعَّكَهُ. زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّكَ. زمین میں لوٹنا۔
مَاعَكَهُ مُمَاعَكَةً بِدَيْنِهِ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المَعِك. بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (والمِمْعَك) قرض کو ٹالنے والا۔
اَلْمَعْكَرُوْنَةُ: مشہور کھانے کا نام۔
اِبِلٌ مَعْكَى. بہت اونٹ۔
المَعْكُوْكَاء گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف)مَعْلًا الشَّيْءَ. چھین لینا۔ اُچک لینا الخَشَبَةَ: لکڑی چیرنا اَمْرَهُ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا الرَّجُلُ: تیز چلنا الحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَهُ و اَمْعَلَهُ عَنِ الشَّيْءِ: جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلَ: پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِل مِنَ النَّاسِ: پھرتیلا، جلدباز۔
المَعْل. س۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ مَعْلٌ" تیرے لیے ضروری ہے۔
المَعَالَة. بدی۔
حِمَارٌ مَمْعُوْل. خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ. جلدی کام کرنا الشَّيْءُ المُحْتَرِقُ: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا القَوْمُ: سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَى الْاَرْضِ سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔

المَعْمَع. تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ مَعْمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَة. س۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ المَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِيُّ. جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان والمَعْمَعَانِي مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم المَعْمَعَان: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ مَعْمَعَانِ الصَّيْفِ" یعنی وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِيْ مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن)مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا بالحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)
مَعَنَ (ف)مَعْنًا و مَعُنَ (ک)مُعُوْنًا المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِيْن. مَعَنَ الفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا المَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔
مَعِنَ (س)مَعَنًا المَكَانُ او النَّبْتُ: پانی سے سیراب ہونا۔
اَمْعَنَ فِي الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا فِي الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔ الضَّبُّ فِيْ جُحْرِهِ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا النَّظَرَ فِي الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا الوَادِيُ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا لَهُ: بہت ہونا، کم ہونا بالحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا الماءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا فُلَانٌ المَاءَ: پانی بہانا اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔
تَمَعَّنَ. ذلیل و حقیر ہونا۔
المَعْن. س۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت

کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔
المَعْنَةُ. معن کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَعْنَةٌ وَلا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المَعْنِيّ. بہت مال والا۔ کم مال والا۔
المَعَان. منزل۔
المَاعُوْن. بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اُٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی چمچہ ڈول رسّی سوئی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوۃ عِنْدَ العامّة. کاغذ کا دستہ یارم۔
المَعِيْن. بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَعِيْنٌ" جاری پانی "سِقَاءٌ مَعِيْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات و مُعُن.
المُعُنَات و المُعْنَان. پانی بہنے کی جگہ زوادی میں پانی کے نالے۔
كَلأٌ مَمْعُوْنٌ. گھاس جس میں پانی جاری ہو رَوْضٌ مَمْعُوْنٌ: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔
تَمَعْنَى يَتَمَعْنَى. معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔
مَعَا يَمْعُو مُعَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمْعَى النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَعَّى السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا
الشَّرُّ بَيْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔
المَعْو. تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
المَعْيُ و المِعَى ج اَمْعَاء. و المِعَاءُ ج اَمْعِيَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مَغَثَ (ف) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الحُمّٰى" ان کو بخار آگیا۔ مَغَثَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔
مَغَثَ الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَهُ مِغَاثًا و مُمَاغَثَةً. جھگڑا کرنا۔
المَغْث. مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مغاث
المِغْث. سخت قسم کا پہلوان۔
المَغِيْث. گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔
المُغَاث. چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
المَمْغُوْث. بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔
مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّيْءَ: چوسنا۔
الفَصِيْلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا الرَّجُلُ فِي عَيْشِهِ: آسودہ زندگی گزارنا شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا العَيْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا فُلَانٌ: کامل جوان ہونا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ (ف) و مَغِدَ (س) مَغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
اَمْغَدَ. دیر تک پینا الصَّبِيَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
المَغْد. مص عَيْشٌ مَغْدٌ آسودہ زندگی۔
المَغْدُ: ببول کا گوند بیری کا گوند يبروج الضم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک زنازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِي البِلَادِ: تیز جانا بِهِ بَعِيْرُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَرَ الثَّوْبَ. کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔
اَمْغَرَهُ بِالسَّهْمِ. آر پار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَةُ او نٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.
المَغْرَة و المَغَرَة. گیرو۔
المَغْر و المُغْرَة. غیر خالص سرخی کا رنگ۔
المَغَارَة. دیکھئے مادہ غور۔
الاَمْغَر. غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔
لَبَنٌ مَغِيْرٌ. سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
المَمْغَرَة. وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِيَدِهِ: چھونا هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِس. آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغَصَ (س) مَغْصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوْص.
اَمْغَصَهُ. مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔
المَغْص. مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔
المَغْصُ. عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص. واحد مَغْصَة.
مَغَطَ (ف) مَغْطًا و مَغَطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لیے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ و اِمَّغَطَ الشَّيْءُ: کھینچنا و طویل ہونا۔
تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔ الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
اِمْتَغَطَ. کھینچنا اور طویل ہونا السَّيْفَ. تلوار سونتنا۔
المَمْغَط. انتہائی لمبا۔
مَغَلَ (ف) مَغْلًا و مَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔
مَغِلَت (س) مَغْلًا عَيْنُهُ: خراب ہونا۔ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔ مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلًا

الدَّابَّة: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ و مَمْغُوْلَةٌ اور اسم المَغْلَة۔

اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا الحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانہء حمل کا دودھ پلانا بہ عِنْدَ السُّلْطَان: چغل خوری کرنا۔

المَغْل والمُغْل: زمانہ حمل میں عورت کا دودھ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال

المُغْل: ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل

المَغْلَة: مغل کا اسم مرة فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑیا بکری۔ ج مِغَال۔

المَغَالَة: س خیانت۔ فریب۔

مَغْمَغَ اللحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔ الْكَلَامَ: مبہم کہنا الشَّیْئَ: گڈمڈ کرنا فِی عَمَلِهٖ: ناقص وردی طریقے سے کرنا الاَمْرُ: خلط ملط ہونا الْكَلْبُ فِی الْإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

مَغْنَطَ الْحَدِيْدَ۔ لوہا وغیرہ سے پلانا۔

اَلْمَغْنَطِيْس وَالْمَغْنَاطِيْس: ایک معدن جس میں لوہا و دیگر معاون جذب کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

اَلْمَغْنُولِيَة: شمالی امریکہ میں ایک درخت کی قسم جس کے بڑے بڑے خوبصورت پھول ہوتے ہیں زیب وزینت کے لئے بوئے جاتے ہیں۔

اَلْمَغْنِيْسِيَا وَالْمَنَازِيَا: بے ہوا و بے ذائقہ سفید مٹی۔ جس کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے۔

المَغْنَطِيْس والمَغْنَاطِيْس: چمک پتھر۔

مَغَا يَمْغُوْ مَغْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

المُغَاء والمُغْو: بلی کی آواز۔

مَغِيَ يَمْغَى مَغْيًا: غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

تَمَغَّى الْاَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغْيُ س فِی الْاَدِيْمِ: چمڑے کا ڈھیلا پن۔ فِی الْاِنْسَانِ: مذاقًا یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ف) مَفَجَا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ رَجُلٌ مَفَاجَةٌ بیوقوف مرد۔

مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّیْئَ: چیز کو کھولنا الله عَيْنَه: اکھیڑنا۔

مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرخَهٗ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا۔ عَلٰى عِيَالِهٖ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔

تَمَقَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا مَا فِی العَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا (و اِمْتَقَّ) الفَصِيْلُ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

المَقَقُ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔

المَقَقَة: دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔

الاَمَقُّ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقٌّ۔ بَلَدٌ اَمَقُّ وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقٌّ۔

مَقَتَ (ن) مَقْتًا ومَاقَتَ الرَّجُلُ: بہت بغض رکھنا۔

مَقُتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ اِلَیَّ: ناپسند ہونا۔

مَقَّتَهٗ: بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهٗ اِلٰى قُبْحِ فِعْلِهٖ: مبغوض کردینا۔

تَمَقَّتَ اِلَیَّ: ناپسند ہونا۔

تَمَاقَتُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔

المَقْت س زَوَاجُ الْمَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔

المَقْتِیُّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔

المَقِيْت والمَمْقُوْت: ناپسند۔

مَقَرَ (ن) مَقْرًا عُنُقَهٗ: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔

مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّیْئُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر

اَمْقَرَ السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا الشَّیْئُ: کڑوا ہونا اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔

اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔

اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔

المَقْر والمَقِر: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔

المَمْقُوْر: سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔

المُمْقِر: کم پانی والا کنواں۔

مَقَسَ (ن) مَقْسًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ الشَّیْئَ فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا الماءُ: پانی کا جاری ہونا فُلَانٌ فِی الْاَرْضِ جانا۔

مَقِسَتْ (س) مَقَسًا و تَمَقَّسَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا۔

مَاقَسَه مُمَاقَسَة: باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔

مَقَطَهٗ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّیْئَ: باندھنا۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا عُنُقَهٗ: توڑ دینا الْكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا ہ بِالْاَيْمَانِ: قسم دلانا الحَبْلَ: رسی بٹنا الشَّیْئَ گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالْقِرْنِ و مَقَطَهٗ و مَقَّطَهٗ: پچھاڑنا مَقَطَ بِالْاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔

المَاقِط: فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسی۔

المِقَاط: مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسی۔ ج مُقُط۔

المَقَط: چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

المُقْط: پرندہ پھنسانے کا دھاگہ ج اَمْقَاط

مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔ ہ بِشَرٍّ: تہمت لگانا الفَصِيْلُ اُمَّهٗ: اونٹ

کے بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اِمْتَقَعَ الْفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّہٖ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
اُمْتُقِعَ. غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔
الْمَقْعُ. س. ٹھہرا ہوا پانی۔ ج اَمْقُعٌ.
مَقَلَہٗ (ن) مَقْلًا. دیکھنا. کہا جاتا ہے "مَقَلَتْہُ عَیْنِیْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَیْنَایَ مِثْلَہٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔
ہٗ: پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِی الْمَاءِ: غوطہ لگانا۔
الْمَقْلَۃَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آ جائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔
مَاقَلَہٗ. ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
تَمَاقَلَا. باہم غوطہ زنی کرنا۔
اِمْتَقَلَ. بار بار غوطہ لگانا۔
الْمَقْلُ. س. کنوئیں کی تہ؛ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
الْمُقْلُ. گوگل کا پھل۔ گوگل۔
الْمَقْلَۃُ. مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آ جاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔
الْمُقْلَۃُ. آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَلٌ.
مَقْمَقَ الشَّیْءَ: نرم اور آسان ہونا الشَّیْءَ: ذلیل کرنا الْوَلَدُ اُمَّہٗ: زور سے چوسنا۔
الْمُقَامِقُ. حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔
مَقِہَ (س) مَقَھًا. سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَہُ.
الْمَقَہُ. سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔
الْاَمْقَہُ. دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔

خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْھَاءُ ج مُقْہٌ.
مَقَا یَمْقُوْ مَقْوًا و مَقَی یَمْقِیْ مَقْیًا السَّیْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الْفَصِیْلُ اُمَّہٗ: زور سے دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔
مَكَّ (ن) مَكًّا و تَمَكَّكَ وَامْتَكَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَكَّ الشَّیْءَ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ غَرِیْمَہٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اِمْتَكَّ و تَمَكَّكَ الْفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّہٖ: سب کچھ چوس لینا۔
مَكَّكَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔
الْمُكَاكُ و الْمُكَاكَۃُ. ہڈی کا گودا۔
الْمَكُّوْكُ. پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَكَاكِیْكُ.
مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِسْتَمْكَتَ. پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔
مَكَثَ (ن) مَكْثًا و مَكَثًا و مُكُوْثًا و مُكْثَانًا و مِكِّیْثٰی و مِكِّیْثَاءُ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاكِثٌ اور اسم الْمُكْثُ والْمِكْثُ.
مَكُثَ (ک) مَكَاثَۃً. ٹھہرنا۔
اَمْكَثَہٗ. ٹھہرانا۔
تَمَكَّثَ. انتظار کرنا اور ٹھہرنا بِالْمَكَانِ ٹھہرنا فِی الْاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔
الْمَكِیْثُ. ٹھہرنے والا۔ رنجیدہ۔ ج مُكَثَاءُ و مَكِیْثُوْنَ.
مَكَدَ (ن) مَكْدًا و مُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاكِدٌ. مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَۃٌ مَاكِدَۃٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَۃٌ مَكْدَاءُ و مَكُوْدٌ. ج مُكُدٌ و مَكَائِدُ.
الْمِكَدُ. کنگھا۔
مَكَرَ (ن) مَكْرًا. الرَّجُلَ و بِہٖ: دھوکہ دینا۔ اللّٰہُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَكَّرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ہٗ: رنگنا الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔
مَكِرَ (س) مَكَرًا. سرخ ہونا۔
مَاكَرَہٗ. فریب دینا۔
مَكَّرَ. گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔
اَمْكَرَہٗ. دھوکا دینا ہٗ اللّٰہُ: مکر کی سزا دینا۔
تَمَاكَرُوْا. بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْتَكَرَ و اِمْتُكِرَ. گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
الْمَكْرُ. س. دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
الْمَكْرَۃُ. مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْرٌ و مُكُوْرٌ.
الْمَاكِرُ. فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَۃٌ و مَاكِرُوْنَ.
الْمَكَّارُ والْمَكُوْرُ. بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا. ٹیکس جمع کرنا فِی الْبَیْعِ: قیمت گھٹانا ہٗ: ظلم کرنا۔
اَلْمَكْرُوْمَكُوْب: (یونانی لفظ): اس کی عربی اَلْمُجْھِرُ: دوربین-
مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔
مَاكَسَہٗ مِكَاسًا و مُمَاكَسَۃً. قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔
تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِی الْبَیْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔
الْمَكْسُ. س. محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْسٌ.
الْمَاكِسُ والْمَكَّاسُ. ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔
مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا الْمُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔
مَكُنَ (ک) مَكَانَۃً عِنْدَ الْاَمِیْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔

مَکِنَتْ(س) مَکِنًا الجَرادَةُ و نَحْوُھا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَکُوْن ج مِکَانٌ.

مَکَّنَهٗ و اَمْکَنَهٗ مِنَ الشَّئِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔

اَمْکَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَان: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُمْکِنُهُ النُّهُوْض" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ و اَمْکَنَنِی الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آگیا۔ اَمْکَنَتِ الجَرادَة: ٹڈی کا انڈا دینا۔

تَمَکَّنَ عِنْدَ الْاَمِیْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔

اَلْمَکَانُ و بِه: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (و اِسْتَمْکَنَ) مِنَ الْاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔

المَکِن والمَکْن: ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَکِنَةٌ و مَکْنَةٌ ج مَکِنَات و مَکْنَات.

المُکْنَة قوت۔ طاقت۔

المَکِنَة قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَکِنَات.

المَکَان موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْکِنَة و اَمْکُن. وجج اَمَاکِن. اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَکَانٍ" اس کے لیے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وهٰذَا مَکَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

اَلْمَکَانَة س۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَکَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَکَانَات.

المَکِیْن صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکِیْنٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْکَنُ مِنْ غَیْرِهٖ" بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُکَنَاءُ.

المَکِیْنَة آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی مَکِیْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔

المُتَمَکِّن فِی عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔

والمُتَمَکِّنُ الْاَمْکَن. اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔

والمُتَمَکِّن غَیْرُ الْاَمْکَن. اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔

غَیْرُ الْمُتَمَکِّن. وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے کَیْفَ و اَیْنَ.

مَکَا یَمْکُوْ مُکَاءً و مَکْوًا. منہ سے سیٹی بجانا۔

مَکِیَتْ تَمْکٰی مَکًا یَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔

تَمَکّٰی تَمَکِّیًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔

المَکِی والمَکْو. خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج اَمْکَاء.

المُکَّاء. سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَکَاکِیّ.

المَکْوَة. دبر۔

مَلَّ(ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا الشَّیْئَ فِی الْجَمْرِ: انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعلی مَلَّال صفت مفعولی مَمْلُوْلٌ و مَلِیْلٌ.

السَّهْمَ بِالنَّارِ: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا اللَّحْمَ اوِ الْخُبْزَ. گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِی الْمَشْیِ: تیز دوڑنا عَلَیْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔

مَلَّ(س ن) مَلًّا ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا الشَّیْئَ: الٹ پلٹ کرنا۔

المَحْمُوْمُ: بخار زدہ کا تلملانا۔

مَلَّ(س) مَلَلًا و مَلَالًا و مَلَّةً و مَلَالَةً الشَّیْئَ و مِنَ الشَّیْئِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔

مَلَّلَ تَمْلِیْلًا الشَّیْئَ: الٹ پلٹ کرنا۔

اَمَلَّ عَلَیْهِ السَّفَرُ: طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الْاَمْرُ وَاَمَلَّ عَلَیْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ اَمَلَّهُ الشَّیْئَ: بھوبھل میں ڈالنا۔

اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا وِ اَمْلَیْتُ اِمْلَاءً الْکِتَابَ عَلَی الْکَاتِبِ: املا کرانا۔

تَمَلْمَلَ. مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا. فِی الْمَشْیِ: تیز دوڑنا مَلَّةَ کَذَا: مذہب اختیار کرنا الْخُبْزَةَ: روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔

اِنْمَلَّ: کھینچا جانا۔ نکل آنا۔

اِسْتَمَلَّ الشَّیْئَ: زچ ہونا۔

اَلْمَلُّ س۔ رَجُلٌ مَلٌّ: اکتایا ہوا مرد۔

المَلَّة. اسم مرۃ۔ چنگاری؛ بھوبھل؛ بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ و خُبْزُ المَلَّةِ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَلَّةٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔

المِلَّة. مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَل.

المُلَّة. کچی سلائی۔ ج مُلَل.

المُلّٰی. بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔

المَلَل والمَلَال. تنگ دل۔

المُلَال. مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

المَلُوْل والمَلُوْلَة والمَلَّالَة والمَالُوْلَة تنگ دل۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لیے ہے۔

المَلِیْل والمَمْلُوْل. بھوبھل میں بھنا ہوا۔

الشَّیْئُ المَمْلُوْل: باعث ملال۔ المَلِیْل: کریلی۔ رَجُلٌ مَلِیْلٌ: آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔

اَلْمُلُوْلُ واحد مُلُوْلَةٌ بلوط درخت کی ایک قسم جو کہ رنگنے کے کام آتا ہے۔

المَلِیْل والمُمَلّ مِنَ الطُّرُقِ: بہت چلتا ہوا راستہ۔

المَلِیْلَة: اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔

مَلَأَ(ف) مَلْأً و مَلْأَةً و مِلْأَةً. بھرنا۔

الاناءَ مَاءً و بالْماءِ و مِنَ الْمَاءِ: برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعولی مَمْلُوْءٌ. اور کہا جاتا ہے مَلَاَهُ عَلَی الْاَمْرِ: اس کی اس نے مدد کی"و نَظَرْتُ اِلَيْهِ فَمَلَاَتْ مِنْهُ عَيْنِيْ" میں نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا و مَلَاَ عَلَيْهِ الْاَرْضَ: اس نے اس پر زمین تنگ کردی۔

مَلُؤَ (ک) مَلَاءً و مَلَاءَةً: توانگر ہونا۔

مَلُؤَ (ک) و مَلِئَ مَلَاءَةً: زکام والا ہونا۔

مَلِئَ (س) مَلأ و تَمَلَّاَ: پر ہونا۔ صفت مَلْآن.

مَلَّاَهُ تَمْلِئَةً: خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) مَلَّاَ فِیْ قَوْسِهٖ: کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔

اَمْلَاَهٗ: باعث زکام ہونا۔ صفت مَلْآن. اَمْلَاَ فِی الْقَوْسِ: خوب زور سے کھینچنا۔

تَمَلَّاَ: پر ہونا۔ تَمَلَّاَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا چادر اوڑھنا۔

مَالَاَهٗ مُمَالَاَةً و مِلَاءً عَلَی الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔

تَمَالَاَ الْقَوْمُ عَلَی الْاَمْرِ: اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔

اِسْتَمْلَاَ فِیْ دَيْنِهٖ: قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔

الْمِلْءُ: برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَمْلَاءٌ. اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَنَامُ مِلْءَ جَفْنِهٖ" وہ بے غم سوتا ہے و "فُلَانٌ مِلْءُ كِسَائِهٖ" فلاں موٹا ہے۔

الْمَلَأُ: قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ الْمَلَأُ الْاَعْلٰی: ملائکہ مقربین۔ الْمَلَأُ: مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا كَانَ هٰذَا الْاَمْرُ عَنْ مَلَاٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَمْلَاءٌ. اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَلَاَ بَنِيْ فُلَانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔

الْمَالِیْ: فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِیٌّ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ و شَابٌّ مَالِئُ الْعَيْنِ: آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔

الْمُلَاءُ والْمُلَاءَةُ والمُلَاءَةُ: زکام۔

الْمُلَاءَةُ: تہ بند۔ دہری چادر۔ ج مُلَاءٌ.

الْمِلْاَةُ: س۔ بھرنے کی ہیئت۔ بدہضمی۔

الْمَلْآنُ: بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلْاٰی و مَلْآنَة ج مِلَاءٌ.

الْمَلِئُ والمَلِیُّ: ... ج مِلَاءٌ واَمْلِئَاءُ و مُلَاءُ: کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْلَاُ الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلَانٌ اَمْلَاُ لِعَيْنِيْ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔

مَلَتَهٗ (ض) مَلْتًا: حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔

مَلَثَهٗ (ن) مَلْثًا: بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔ مَلَثَهٗ بِالشَّرِّ: آلودہ کرنا۔ مَلِثَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

مَالَثَهٗ مِلَاثًا و مُمَالَثَةً: کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔

مَلْثُ اللَّيْلِ و مَلْثَةٌ: رات کی ابتدائی تاریکی۔

الْمَلْثَةُ: مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔

مَلَجَ (ن) و مَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِیُّ اُمَّهٗ: بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ پینا۔

اَمْلَجَهٗ: دودھ پلانا۔

اِمْتَلَجَ: مَا فِی الثَّدْیِ: چوسنا۔

الْمُلْجُ: گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَمْلَاجٌ.

الْمُلَّجُ: دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

الْمَلِيْجُ: دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الْاَمْلَجُ: چٹیل میدان۔ آملہ۔

الْاُمْلُوْجُ: ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی۔ اور بقول بعض جز جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبا دی جائے۔ ج اَمَالِيْجُ.

الْمَالِجُ: کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَالِجُ (دخیل)

مَلَحَ (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔ الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑپھڑانا۔ الْمَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيْهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلُحَ (ف) و مَلُحَ (ک) مُلُوْحَةً و مَلَاحَةً و مُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيْحٌ اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً و مُلُوْحَةً: خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْحٌ و مُلَاحٌ و مُلَّاحٌ.

مَلِحَ (س) مَلْحًا: نیلگوں رنگ کا ہونا۔

مَلَّحَ الشَّيْئَ: نمکین کرنا۔ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا۔ السَّمَكَ و نَحْوَهٗ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا۔ الدَّابَّةَ: چوپائے کے جبڑے پر نمک ملنا۔ الْمَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔

اَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا۔ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا۔ الْاِبِلُ: کھاری پانی پر جانا۔ الرَّجُلُ: کھاری پانی پر پہنچنا۔ الرَّاعِیَ الْاِبِلَ: کھاری پانی پلانا۔ الشَّيْئُ: نیلگوں رنگ کا ہونا۔ الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔ اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَهٗ و مَا اُمَيْلِحَهٗ" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔

مَالَحَهٗ مِلَاحًا و مُمَالَحَةً: ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمَالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔ الرَّجُلُ: نمک گوشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ و يَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔

اِمْلَخ الكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔
اِمْلاحَّ النَّخلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔
اِسْتَمْلَح الشَّیَ: ملیح سمجھنا۔
المَلْح. عمدہ عمدہ باتیں۔
المِلْح. نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَیْحَة. ج مِلاح. المِلْح: چربی ؛ موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم۔ علماء۔ ماءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی ماء مالح بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَلِح و مِلَحَة و مِلاح و اِمْلاح. کہا جاتا ہے "فُلانٌ مِلْحُهٗ علٰی رُكْبَتَیْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔
المِلْح والمِلْحَة. حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَیْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والمِلْحَة: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئر مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔
المَلَح. سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔
المَلْحَة. اسم مرۃ۔ موج دریا۔
المُلْحَة. سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔ برکت۔
المُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح.
المُلْحَة. کلمہء ملیحہ۔
المَلاح. کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔
المُلاح. خوبصورت۔ ج مُلاحُوْن.
المَلاحَة. خوبصورت ہونا۔
المِلاحَة. جہازرانی۔
المَمْلَحَة والمَلاحَة. نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ المَلاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔
الاُمْلُوحَة مِنَ الكَلام: عمدہ مستحسن کلام ج اَمالِیح.
المَلاّح. نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔

المُلاّح. ایک ترش نباتات۔ واحد مُلاّحَة
رَجُلٌ مُلّاح خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلّاحُوْن.
المُلاّحِيَّة. جہازراں کا پیشہ۔
المُلُوحَة. مص. نمکینی۔
المَلِیح. خوبصورت۔ مؤنث مَلِیْحَةٌ ج مِلاح و اَمْلاح مِنَ الْمَاءِ: کھاری پانی۔
سَمَكٌ مَلِیْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔
الاَمْلَح. اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْح. الاملح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔
المَلْحاء. تانیث اَمْلَح. سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحاوات.
المُلاّحِيّ والمُلاحِيّ. سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔
المِمْلَحَة. نمک دان۔ ج مَمالِح.
المُتَمَلِّح. نمک والا یا سوداگر نمک۔
مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّیَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا الطَّعَامَ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الفرسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا فِی الْبَاطِلِ: لغو و باطل میں بہت مشغول ہونا الجاریَةَ: جماع کرنا۔
مَلُخَ (ک) مَلاخَةً الطَّعامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔
مَالَخَهٗ مِلاخًا و مُمالَخَةً. باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تَمَلَّخَ الشَّیُ: خراب و فاسد ہونا الشَّیَ: کھینچنا۔
اِمْتَلَخَ الشَّیَ اکھیڑنا۔ کھینچنا یَدَهٗ مِنَ القَابِضِ عَلَیْهِ: کھینچ لینا السَّیْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْكُوْزٍ فامتلخه" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔
المَلاّخ. بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عَبْدٌ مَلاّخٌ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوخِيَّة. ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِیخ. بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلَخُ العَقْلِ: محروم العقل۔
مَلَدَ (ن) مَلْدًا الشَّیَ: کھینچنا۔
مَلِدَ (س) مَلَدًا الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّدَ الْاَدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا الرِّیُّ الْغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَد. جوانی۔ نزاکت۔ ج اَمْلاد.
المَلَدان. ٹہنی کی نزاکت۔
المَلِد والاَمْلَد والاُمْلُد والاُمْلُوْد والاِمْلِیْد والاُمْلُدان والاُمْلُدانِیُّ. نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ اُمْلُوْدٌ و شُبّانٌ اَمالِیْد" المَلِد: بھوت۔
المَلْداء. تانیث اَمْلَد ج مُلْد. کہا جاتا ہے اِمْرَاَةٌ مَلْداءُ و اُمْلُوْد و اُمْلُوْدَةٌ و اُمْلُدانِیَّةٌ یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا فُلانًا: نیزہ مارنا الفَرَسُ: گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (مَلْذًا و مَلاذَةً) الرَّجُلَ: محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الاَمْلَذ والمَلَذان والمَلَذانِیّ و المَلاذانِیُّ والمَلاذ والمِلْوَذ. خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا. پیچھے رہنا بِالشَّیِ: لے جانا۔
مَلَزَهٗ مِنْهُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیُ عَنِّیْ: جاتا رہنا۔
اَمْلَزَهٗ و تَمَلَّزَهٗ و اِمْتَلَزَهٗ. نکال لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔ وتَمَلَّزَ مِنْهُ: چھٹکارا پانا۔
اِنْمَلَزَ و اِمَّلَزَ مِنْهُ: بچ کر نکل جانا و اِمَّلَزَ عَنْهُ پیچھے رہنا۔
المِلَز مِنَ الرِّجالِ: مضبوط پٹھوں والا۔

المِلاز. بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔
مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ الْاِبِلَ: زور سے ہانکنا الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا الرَّجُلَ بِلِسَانِهٖ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ (س) و مَلُسَ (ک) مُلُوْسَةً و مَلَاسَةً. نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت اَمْلَس.
مَلَّسَ الشَّیْءَ: نرم و چمکدار کرنا الْاَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا ۵ مِنَ الْاَمْرِ: چھڑانا۔
اَمْلَسَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
اَمْلَسَتِ الشَّاةُ: گرے ہوئے اون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ. چکنا ہونا مِنْ بَیْنِ الْقَوْمِ: خارج ہونا مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (و اِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ) مِنَ الْاَمْرِ: بچ نکلنا؛ رہائی پانا۔
اِمْتَلَسَ الشَّیْءَ: اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُهٗ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔
اِمْلَاسَّ. چکنا ہونا مِنَ الْاَمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
الْمَلَسُ. ہموار جگہ۔ ج مُلُوس و اَمْلَاس. وجج اَمَالِیْس. مَلَسُ الظَّلَامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔
الْمَلَسٰی. بہت تیز رفتار اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے بَایَعَهُ الْمَلَسٰی اس نے اس سے بلا شرط بیع کی۔
الْاَمْلَس. نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاء.
الْمَلْسَاءُ: آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاءُ خشک سال۔ ج اَمَالِس و اَمَالِیْس. الْاَلِفُ الْمَلْسَاءُ: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔
الْمَلِیْس. نرم اور چکنا۔
الْمُلَیْسَاء. دوپہر۔ مغرب اور عشاء کا درمیان۔
الْاِمْلِیْس والْاِمْلِیْسَة. خشک جنگل۔ ج اَمَالِیْس اور اَمَالِس شاذ ہے۔

المِلاته و المِملَسة. ہنگا۔ سراون۔ پٹیلا۔
مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّیْءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
الْمَالُوْش عِنْدَ الْعَامَّةِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِیْش.
مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِهٖ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَكَةُ مِنْ یَدِیْ" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔
مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔
اَمْلَصَتِ الْحَائِلُ: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص. اَمْلَصَ الشَّیْءَ: پھسلانا۔
تَمَلَّصَ وانْمَلَصَ و اِمَّلَصَ مِنْهُ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ: پھسل جانا۔
الْمُلُص. ننگا۔
الْمَلَص. س۔ پھسلن۔
الْمَلَص. مِنَ الْجِبَالِ و نَحْوِهٖ. پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَكَةٌ مَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔
الْمَلِیْص. بمعنی ملص. اسقاط شدہ بچہ۔
الْاَمْلَص. نرم وتر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
الْمِمْلَاص. وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
الْمُمْلَص. ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ (ن) مَلْطًا الْحَائِطَ: مٹی سے لیپنا الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الْحَامِلُ جَنِیْنَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِیْشُ السَّهْمِ: تیر کے پر کا گر جانا الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔
مَلَطَ (ن) و مَلُطَ (ک) مُلُوْطًا الْغُلَامُ: غیر معروف النسب ہونا۔
مَلِطَ (س) مَلَطًا و مُلْطَةً. بے بال کے جسم والا ہونا۔
مَلَّطَ الْحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
مَالَطَه مُمَالَطَةً. باہم ملنا۔ ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
تَمَلَّطَ الشَّیْءُ: چمکدار ہونا السَّهْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔
اِمْتَلَطَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
الْمِلْط. شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط و مُلُوْط.
الْمِلَاط. لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط.
الْاَمْلَط ج مُلْط والْمَلِیْط: بے بال کے جسم والا۔ سَهْمٌ اَمْلَطُ و مَلِیْطٌ: بے پر کا تیر۔ الْمَلِیْط بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔
الْمِمْلَاط مِنَ النُّوْقِ: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔
مَلَعَ (ف) مَلْعًا و اِمْتَلَعَ الشَّاةَ: بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الْفَصِیْلُ اُمَّهٗ: دودھ پینا۔
اِمْتَلَعَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
مَلَعَتْ و اَمْلَعَتْ و اِمْتَلَعَتْ و اِنْمَلَعَتْ النَّاقَةُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔
الْمَلْع. س۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَیْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔
الْمَلِیْع ج مُلُعٌ والْمَیْلَع. تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی الْمَیْلَع: لمبا۔ ادھر ادھر حرکت کرنے والا۔
جَمَلٌ مَلُوْعٌ. تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوْع عُقَابٌ مَلُوْعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔
الْمَلَاع والْمَلِیْع. بے گھاس کا بیابان۔
مَالَغَه مُمَالَغَةً بِالْكَلَامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔
تَمَلَّغَ فِیْ كَلَامِهٖ: بیوقوف بننا۔
تَمَالَغَ بِهٖ: تمسخر کرنا۔
الْمَلْغ ج اَمْلَاغ والْمَالِغ ج مُلَّاغ والْاَمْلَغ مؤنث مَلْغَاء ج مُلْغ. فحش کلامی

کرنے والا۔ بدکار۔ بیوقوف۔
المُلُوغة. بیوقوفی۔ فحش کلامی۔
مَلِقَهٗ (س) مَلَقًا و مَلِقَ لهٗ و مالَقَهٗ. چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخاتمُ مِنَ الاصبعِ: ڈھیلی ہونا۔
مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّیْءَ: مٹانا۔ نرم کرنا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا ہٗ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الْوَلَدُ اُمَّهٗ: دودھ پینا الرَّجُلُ: تیز چلنا الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
مَلَقَ الْاَرْضَ او الْحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا ہٗ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
مُلِقَ. محتاج ہو جانا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔
الدَّهْرُ مَالَهٗ: ضائع کر دینا۔
تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا و تِمِلَّاقًا. الرَّجُلَ و لِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ الْمَرْاَۃُ الْعِلْكَ بِفِیْهَا: چبانا۔
اِنْمَلَقَ و اِمَّلَقَ. نرم و چمکدار ہونا مِنْهُ: بچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الْخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔
اِمْتَلَقَ الشَّیْءَ: نکالنا۔
اِسْتَمْلَقَ الْوَلَدُ اُمَّهٗ: دودھ پینا۔
المَلَق. س۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفرسِ مَلَقٌ." اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔
المَلِق والمَلَّاق. بہت چاپلوسی کرنے والا۔
المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَةٌ.
المَلِیْق. تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِیْقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔
المَلَقَة. چکنا پتھر۔
المَالَق والمِمْلَق والمِمْلَقَة. ہینگا۔
المَالَق: کرنی۔ (دخیل)
المِمْلَاق. بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔
مَلَكَ (ض) مَلْكًا و مِلْكًا و مُلْكًا و مَلَكَةً و مَمْلَكَةً و مَمْلِكَةً و مُمْلُكَةً الشَّیْءَ: مالک ہونا عَلَی الْقَوْمِ: غالب ہونا عَلٰی فُلَانٍ اَمْرَهٗ: کسی کے کام پر حاوی ہونا نَفْسَهٗ: قابو رکھنا المَرْاَۃَ: نکاح کرنا (مُلْكًا) العَجِیْنَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔
مَلَّكَ الشَّیْءَ مالک بنانا۔ مَلَّكَ الْقَوْمُ فُلَانًا عَلَیْهِمْ: بادشاہ بنانا ہٗ اِمْرَاَۃً: نکاح کرانا۔
مَلَّكَ فُلَانًا اَمْرَهٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ مُلِّكَتِ الْمَرْاَۃُ اَمْرَهَا: طلاق کا اختیار دے دینا۔
مَلَّكَ الْعَجِیْنَ: اچھی طرح گوندھنا۔
اَمْلَكَهُ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔ اَمْلَكَ الْقَوْمُ فُلَانًا عَلَیْهِمْ بادشاہ بنانا فُلَانًا اَمْرَهٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ہٗ الْمَرْاَۃَ: نکاح کرانا۔
تَمَلَّكَ و اِمْتَلَكَ الشَّیْءَ: مالک ہونا۔
تَمَلَّكَ عَلَی الْقَوْمِ: بادشاہ بننا۔
تَمَالَكَ عَنْ كَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔
المَلِكُ. بادشاہ۔ ج مُلُوْك و اَمْلَاك.
المُلْك. ملکیت۔ ج اَمْلَاك و مُلُوْك.
قدرت کا بلی مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔
مُلْكُ الدَّابَّةِ: چارپائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔ واحد مِلَاك. کہا جاتا ہے "مَالَهٗ مُلْكٌ و مَالَه مَلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْكُ یَمِیْنِیْ" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "وَلَیْسَ لَهٗ مَلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَاَعْطَانِیْ مِنْ مُلْكِهٖ" اس نے مجھ کو اس میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وَطَالَ مُلْكُه اس کی غلامی طویل ہے "و مُلْكُ الطَّرِیْقِ" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔
المَلْك. فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ مَلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔
المَلَاك. مَلْاَك کا مخفف۔ بمعنی فرشتہ۔ ج مَلَائِكَة و مَلَائِك. المَلَاك. اقتدار۔ و مَلَاكُ الْاَمْرِ: سہارا۔ سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے اَلْقَلْبُ مَلَاكُ الْجَسَدِ: دل جسم کے لیے سرمایہ بقا ہے۔
المِلَاك. مثی۔ مِلَاكُ الْاَمْرِ: سہارا۔ سرمایہ بقا۔
المَلِك. اللہ تعالٰی۔ بادشاہ۔ صاحب قوت و اقتدار۔ ج مُلُوْك و اَمْلَاك.
المَلَكِیّ. مَلَک کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَكِیَّة.
المَلْكَة المُلْكَة. ملکیت۔
المَلَكَة. ملکیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَلَكَة یَمِیْنِی" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَكَة: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہوا سے حال کہتے ہیں۔
المَالِك. فا۔ بادشاہ۔ ج مُلَّك و مُلَّاك.
ابو مالک: بھوک یا بڑھاپا۔ مَالِكُ الْحَزِیْن: بگلا۔
المَلَاكَة والمِلَاكَة والمُلُوْكَة. ملکیت۔
المَلَكُوْت. بادشاہی۔ عزت و قدرت۔
المَلَكُوْتُ السَّمَاوِیُّ: آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔
المَمْلَكَة والمَمْلُكَة. شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِك.
المَلِیْك. بادشاہ۔ ج مُلَكَاء. مَلِیْكُ النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوْك.
المُلَیْكَة. صحیفہ۔
الاُمْلُوْك. اسم جمع ہے بمعنی مُلُوْك. ایک ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔
المَمْلُوْك. مف۔ غلام۔ ج مَمَالِیْك. اور اسی سے ہے مَمَالِیْكُ مِصْر جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آگئی تھی اور

مالک بن بیٹھی تھی۔

مَلْمَل۔ تیز دوڑنا۔ مَلْمَلَهُ المَرضُ: مضطرب کرنا۔

تَمَلْمَل۔ غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا الجالِسُ: کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔

المَلْمَلَة۔ س ہاتھی کی سونڈ۔

المُلْمُول۔ سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ

مُلْمُولُ البَعِيرِ والثَّعْلَبِ: اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔

المَلْمَلِى۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے ناقَةٌ * مُلْمَلِى۔ تیز رفتار اونٹنی۔

المَلَنْخُولِيَا۔ مالیخولیا۔

مَلا يَمْلُو مَلْوًا البَعِيرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔

مَلَّاهُ اللّٰهُ عُمْرَهٗ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلَّاهُ اللّٰهُ حَبِيبَهٗ: اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔

مُلِّيَ و تَمَلِّي عُمْرَهٗ: عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُلِّيَ و تَمَلِّي حَبِيبَهٗ: اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلٰى اِمْلاءً۔ اللّٰهُ فُلَانًا عمره: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا البَعِيرُ و لِلْبَعِيرِ: بندھن کو ڈھیلا کرنا اللّٰهُ الظَّالِمَ وَلَهٗ: مہلت دینا عَلَيْهِ الكِتَابَ: بول کر لکھوانا۔

لَهٗ فِي غَيِّهٖ: گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔

عَلَيْهِ الزَّمَنُ: لمبا ہونا۔

اِسْتَمْلَيْتُهُ الكِتَابَ: املا کرنے کی درخواست کرنا۔

المَلا۔ جنگل۔ کشادہ زمین۔ گرم راکھ۔ زمانہ دراز۔ ج اَمْلاء۔

المَلَوَان۔ رات دن۔ واحد ملا۔ المَلاوَة والمَلْوَة۔ بتثلیث المیم: زمانہ دراز۔

المَلِيُّ۔ زندگی کی مدت۔

الاِمْلاء۔ س۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِيّ۔

المَلاة۔ سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلًا۔

المَلِيُّ۔ زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرتُهٗ مَلِيًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "و مَرَّ مَلِيٌّ مِنَ اللَّيلِ" رات کا تہائی حصہ گزر گیا۔

اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین ہیں۔

الاَمَالِيّ۔ املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْلَى الكِتَابَ کے مصدر الاِمْلاء کی جمع ہے۔

المَلْيُوْن فِي العَدَدِ: دس لاکھ۔ ج مَلَامِين۔

مِمّ۔ مرکب ہے من و ما استفہامیہ سے۔

مِنْ۔ حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرِضَ مِنْ يَوْمِ الجُمْعَةِ۔

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَيْرُوْتَ۔

(۳) تبعیض۔ جیسے مِنْهُمْ مَنْ اَحْسَنَ و مِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ۔

(۴) تعلیل۔ جیسے مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ اُغْرِقُوْا۔

(۵) بدل۔ جیسے اَرَضِيْتُمْ بِالحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الاٰخِرَةِ۔

(۶) مرادف با جیسے يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ۔

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے وَاللّٰهُ يَعْلَمُ المُفْسِدَ مِنَ المُصْلِحِ۔

(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کیلئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِي مِنْ رَجُلٍ" "و بَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَا فِي الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔

مَنْ۔ اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا يُجْزَ بِهٖ اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰى۔ اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کیلئے ہوتا ہے۔ جیسے يَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الاَرْضِ: نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَكَ۔

مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنِّيْنَى عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنَّةً وامْتَنَّ و اِمْتِنَانًا۔ عَلَيْهِ بِمَا صَنَعَ: احسان جتانا۔ و اِمْتَنَّ عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔ و اِمْتَنَّ فُلَانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وامَنَّ و تَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّيْءَ: کم ہونا النَّاقَةَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا و تَمَنَّنَ عَلَيْهِ: احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔

مَنَّنَ تَمْنِيْنًا النَّاقَةَ و بِهَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّهٗ مُمَانَّةً۔ کسی کی حاجت روائی کے لیے آنا جانا۔

اِسْتَمَنَّهٗ۔ طالب احسان ہونا۔

المَنُّ۔ س۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِي اِسْرَائِيلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔

المَنُّ دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان۔

المُنَّة۔ قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن۔

المِنَّة۔ س۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيَّ مِنَّةٌ او مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ المِنَّة۔ اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے المِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيعَةَ احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن۔

المِنَنَة۔ کڑی۔ مادہ سیہی۔

المَنُوْن موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ المَنُوْنُ" موت نے ان کو تباہ و برباد کر دیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ المَنُوْنِ حوادیث زمانہ۔

المَنُوْن و المَنُوْنَة بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔

المَنُوْنَة بکری۔

المَنَّان بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَة۔

المَنِيْن کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن و اَمِنَّة۔

المَمْنُوْن مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَه"۔

مَنَأ (ف) مَنَأ الجِلْدَ کھال کو دباغت دینا فُلَانًا: فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِيْئَة کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمْنَأة کالی زمین۔

المَنْجَنِيْق و المَنْجَلِيْق جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِق و مَجَانِيْق و مَنْجَنِيْقَات۔

مَنَحَه (ف ض) مَنْحًا الشَّيءَ دینا۔ عطا کرنا ہ النَّاقَةَ و كُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کیلئے دینا۔ صفت مفعول المِنْحَة و المَنِيْحَة ج مِنَحٌ و مَنَائِح۔

مَانَحَه مَنَاحًا و مُمَانَحَةً لگاتار عطیہ دینا۔

مَانَحَتِ العَيْنُ لگاتار آنسو بہانا النَّاقَةُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ عطیہ لینا۔ اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ المَنِيْحَ عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ المَالَ دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَه عطیہ طلب کرنا۔

المِنْحَة عطیہ۔ ج مِنَح۔

المَنَّاح بہت دینے والا۔

المَنُوْح جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَنِيْح جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِح جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مطرٌ مُمَانِحٌ لگاتار بارش۔ رِيْحٌ مُمَانِحٌ ہوا جس کی بارش نہ رکے۔

اَلْمَنْدَرِيْن ایک درخت جس کا پھل مالٹے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کو لیمون یوسف آفندی بولتے ہیں۔ لذیذ پھل والا ہوتا ہے عام مالٹے کے باغوں میں پایا جاتا ہے۔

مُنْذُ و مُذْ کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنے میں جیسے "مَا رَاَيْتُه مُذْ يَوْمِ الاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنے میں جیسے "رَاَيْتُه مُذْ شَهْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں۔ اور اگر معنی معدود ہوں تو مِن اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَاَيْتُه مُذْ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَا رَاَيْتُه مُذْ يَوْمَانِ" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کر دیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے اور اصل یوں ہے مُذْ كَانَ يَوْمَانِ۔

اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلْتُ اَبْغِي المَالَ مُذْ اَنَا يَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْيَوْمِ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

اَلْمَنْغِيْزِيُوم مینگانیز
رمز (علامت) ایٹمی نمبر کمیتی نمبر
54.93 - 25 - M-N

مَنَعَه (ف) مَنْعًا و مَنَعَه الشَّيءَ و مِنْهُ و عَنْهُ: محروم کرنا۔ روکنا ہ القَاضِي عَنِ المِيْرَاثِ: روکنا۔ ہ عَنِ الدَّعْوٰى: باز رکھنا۔ منع جَارَه: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔

مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً و مَنَاعًا: قوی ہونا۔ الحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا الشَّيءُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِيْع۔

مَانَعَه حمایت کرنا ہ الشَّيءَ: جھگڑا کرنا اور منع کرنا۔

تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ عَنِ الشَّيءِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّيءُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ بِقَوْمِه: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔

تَمَانَعَا: باز رہنا عَنْ اَنْفُسِهِمَا: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔

المَنْعُ س۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔

رَجُلٌ مَنِعٌ اپنے نفس کو باز رکھنے والا مرد۔

المَنَعَة عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَات" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔

المَنْعَة و المِنْعَة قوت۔ شوکت۔

المَنَاعَة ۔۔ فِي الطِّبِّ: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔

المَانِع ج مَانِعُوْن و مَنَعَة فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع روکنے والا۔

مَنَاعِ اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔

المَنُوْع و المَنَّاع بہت زیادہ منع کرنے والا۔ المَنَّاع کنجوس۔ بخیل۔

المَنْعٰى اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔

المَنِيع. غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِيعَة. حِصْنٌ مَنِيعٌ: بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔

مَنَا يَمْنُو مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعولی مَمْنُوٌّ بِكَذَا.

المَنَا. پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ تثنی مَنَوان و مَنَيَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ و مُنِيٌّ اور اسی معنی میں المَنَاة بھی ہے۔ کہا جاتا ہے "دَارِيْ مَنَا دَارِهِ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

مَنَاة. مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔

المُنْوَة. آرزو۔

مَنٰى يَمْنِيْ مَنْيًا اللهُ الْخَيْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاهُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاهُ اللّٰهُ بِكَذَا یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔

مُنِيَ لِكَذَا: توفیق دیا جانا بِكَذَا: آزمائش کیا جانا۔

مَنّٰى تَمْنِيَةً الرَّجُلَ الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: آرزو دلانا۔

مَانٰى مُمَانَاةً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا الرَّفِيْقَ: باری باری سوار ہونا۔

اَمْنٰى اِمْنَاءً الدِّمَاءَ: خون بہانا۔ گرانا الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔ اَمْنٰى: منی گرانا۔

اِسْتَمْنٰى بِالْيَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔

اِمْتَنٰى اِمْتِنَاءً الشَّيْءَ: جھوٹ گھڑنا الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔

تَمَنّٰى الشَّيْءَ: ارادہ کرنا الْكِتَابَ: پڑھنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا الحَدِيْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔

المَنِيَّة ج مَنَايَا والمَنٰى. موت۔ المَنٰى: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَى اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّيْ بِمَنَى مِيْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔

اَلْمَنِيُّ: مذکر کا مادہ تولید۔

المُنْيَة والمِنْيَة ج مُنًى و مِنًى والاُمْنِيَّة ج اَمَانٍ و اَمَانِيّ: آرزو۔ مطلوب۔

الاُمْنِيَّةُ: جھوٹ۔

المُتَمَنِّيَات. تمنائیں۔

اَلْمَنِيْمُوك: درمیانہ قد کا پودا جو برازیل کے جنگلات میں ہوتا ہے اس کے تنے سے آٹا نکالا جاتا ہے۔

مَهْ. اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَهٍ.

مَهَّ (ن) مَهًّا الْاِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔

مَهِهَ (س) مَهَهًا الشَّيْءُ: نرم ہونا۔

المَهَاهُ. نرمی ¦ تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت (والمَهَهُ) سیر و سفر کا ساتھی۔ امید۔ المَهَه: رفق۔ نرمی۔

المَهْتَر والمِهْتَار. امیر۔ والی۔ (دخیل)

مَهَجَ (ف) مَهْجًا بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔

المَاهِج. ف۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ یا چربی۔

المُهْجَة. خون یا دل کا خون۔ روح۔ و مُهْجَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مُهَج و مُهَجَات.

الاُمْهُج والاُمْهُوج والاِمْهِجَاج: خالص دودھ۔

کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْهُوْجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔

مَهَدَ (ف) مَهْدًا الفِرَاشَ: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِهِ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

مَهَّدَ الفِرَاشَ: بستر بچھانا الْاَمْرَ: درست و ہموار کرنا لَهُ الْعُذْرَ: عذر خواہی کرنا لِفُلَانٍ عُذْرَهُ: قبول کرنا لِنَفْسِهِ خَيْرًا: اپنے لیے بھلائی مہیا کرنا۔

تَمَهَّدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا لَهُ الْاَمْرُ: آسان ہونا الرَّجُلُ: قادر ہونا۔

اِمْتَهَدَ الشَّيْءَ: بچھنا الرَّجُلُ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

اِسْتَمْهَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔

المَهْد. گہوارہ۔ پست زمین ج مُهُوْد.

المُهْد ج مِهَدَة و اَمْهَاد والمُهْدَة ج مُهَد: نرم و پست ہموار زمین۔

المِهَاد. بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُهْد و مُهُد و اَمْهِدَة.

المَهِيْد. خالص مسکہ۔

المُمَهَّد. مع مَاءٌ مُمَهَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا و مُهُوْرًا و مَهَارًا و مَهَارَةً الشَّيْءَ و فِيْهِ و بِهِ: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مَهَرَ فِي الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا۔ فِيْ صِنَاعَتِهِ: تجربہ کار و ماہر ہونا۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا و اَمْهَرَ الْمَرْاَةَ: مہر دینا یا مہر مقرر کرنا۔ و اَمْهَرَهَا. مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعولی مُمْهَرَة. واَمْهَرَتِ الفَرَسُ: بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔

مَهَّرَ. بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

مَاهَرَ مُمَاهَرَةً. ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَمَهَّرَ. ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ تیرنا۔

اَلْمَهْر. س۔ نکاح کا عوض مالی ج مُهُوْر و مُهُوْرَة اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَهْر ذٰلِكَ" اس کے بدلے میں ہے۔

المُهْر. بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مِهَار و اَمْهَار و مِهَارَة مؤنث ج مُهْرَة ج مُهَر و مُهْرَاتٌ و مُهَرَات. المُهْر: درمیان سینہ کی ایک ہڈی۔ اندراین کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مِهَرَة.

المَهِيْرَة مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت

ج مَهَائِر.
الماهِر. حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مَهَرة.
المَهرِيَّة. سرخ گیہوں۔ الإبلُ المَهرِيَة: مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مَهارِی و مَهارٍ و مَهارِیّ.
اَلْمَهْرجانُ (فارسی لفظ) فرس (اہل فارس) کے نزدیک یہ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ مہر کا معنی محبت اور جان کا معنی روح۔ یعنی روح سے محبت۔
المِهْرجان. پارسیوں کی ایک عید۔
مَهزَه (ف) مَهزًا. بیدِه: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
مَهَشَهُ (ف) مَهشًا. جلانا۔ کھرچنا۔
اِمْتَهَش. جلنا۔
مَهَص الثوبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔
تَمَهَّص فِي الماءِ: پانی میں گھسنا۔
اِمْهاصَّتِ الْاَرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مَهصاءُ.
مَهِقَ (س) مَهقًا. بہت سفید ہونا۔
مَهَقَت (ف) مَهقًا الخَيْلُ: گھوڑے کا دوڑنا۔ مَهَقَ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچّہ کو پانی پلانا۔
تَمَهَّقَ الشَّرابُ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔
المَهَق. س۔ پانی پر کی سبزی۔
الاَمْهَق. بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَهْقَاء ج مُهْق.
المُهْقَة. بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔
مَهَكَ (ف) مَهْكًا و مَهَّكَ الشَّيْءَ. خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَهَكَهُ: نرم و چمکدار کرنا۔
مَهَكَ فِي السَّيْرِ: جلدی کرنا۔
تَمَهَّكَ فِي العَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔
اِمْهَكَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا فِي العَدْوِ: کوشش کرنا۔

تَماهَكَ القَومُ. باہم جھگڑنا۔
مَهْكَةُ الشَّبابِ و مُهْكَتُهُ. جوانی کی رونق و تروتازگی۔
المَهُوْك. نرم کمان۔
المُمَهَّك والمُنمَهِك. جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شَابٌ مُمَهَّك.
المُمَهَّك. لمبا بےڈول۔
مَهَلَ (ف) مَهْلًا و مُهْلَةً و تَمَهَّلَ فِي العَمَلِ: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔
مَهِلَ (س) مَهَلًا الرَّجُلُ: بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت ماهِل.
اَمْهَلَهُ و مَهَّلَهُ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ اَمْهَلَ و مَهَّلَ الرَّجُلَ: نرمی برتنا فِي الأمرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔
اِسْتَمْهَلَهُ: مہلت مانگنا۔
المَهْل والمَهَل. مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ۔ اور کہا جاتا ہے "مَهْلًا و عَلٰى مَهْلٍ" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے المَهَل: کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ ذُوْ مهلٍ: فلاں بھلائی میں پیش قدمی کرنے والا ہے۔
المُهْل. معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی سے جو راکھ جھڑے۔
المُهْلَة. س۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی و نرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰى عَلٰى مُهْلَتِه" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ شار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ المُهْلَةَ فِي اَمْرِكَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "و اَخَذَ عَلٰى فُلانٍ المُهْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔
المَهْلَة والمِهْلَة والمُهْلَة والمهلة

پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔
المُتَمَهِّل. فا مِنَ الرِّجالِ: لمبا۔
مَهْمَا اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَهْمَا يَزُرْنِي زَيْدٌ اُكْرِمْهُ: جب زید مجھ سے ملے گا میں اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَهْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔
مَهْمَهَهُ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَهْمَهَ فُلانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔
تَمَهْمَهَ عَنِ الشَّيْءِ: باز رہنا۔ رکنا۔
المَهْمَه والمَهْمَهَة. دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَهامِه.
مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا و مَهْنَةً و مِهْنَةً الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔
مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا. اپنا پیشہ کرنا۔ الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا۔ الثَّوْبَ: کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَهُنَ (ک) مَهانَةً: حقیر و کمزور ہونا۔
ماهَنَهُ مُماهَنَةً. مشق کرنا۔
اَمْهَنَهُ. کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔
اِمْتَهَنَ الشَّيْءَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔
المِهْنَة والمَهْنَة والمَهَنَة والمِهَنَة. کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قامَتِ المَرْأةُ بِمِهْنَةِ بَيْتِها" عورت اپنے گھر کے کام کاج کیلئے مستعد ہوئی "وما مِهْنَتُكَ هٰهُنا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَهُوَ فِي مِهْنَةِ اَهْلِهِ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِي ثِيابِ مِهْنَتِهِ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِهَن و مُهَن.
المَاهِن. فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُهّان و مَهَنَة و مِهان. مؤنث ماهِنَة ج مَواهِن.
المَهِيْن. حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَناء.
مَهَا يَمْهُو مَهْوًا. الرَّجُلَ: بہت مارنا۔ مَها

مَاتَ يَمْهُو مَهَا البقرةُ الوَحْشِيَّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔

مَهُوَ يَمْهُو مَهَاوَةً اللَّبَنُ او السَّمَنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهْوٌ۔

اَمْهَى اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔ الحَدِيْدَةَ: لوہے کو تیز کرنا الفَرَسَ: رسی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اِسم المَهْي۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ البِئْرَ حَتّٰى اَمْهٰى" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اَمْهٰى فُلَانٌ: تعریف میں خوب مبالغہ کرنا الحَبْلَ: رسی کو ڈھیل دینا القِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْهَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔

المَهْوُ س: سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔

المَهَاةُ: نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا و مَهَوَات و مَهَيَات۔

مَهَى يَمْهَى و يَمْهِي مَهْيًا وَاَمْهٰى وَامْتَهٰى الشَّفْرَةَ او الحَدِيْدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ وَمَهَى الشَّيءَ: ملمع کرنا۔

اِسْتَمْهَى الفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا القَوْمَ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔

مَهْمَه: کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے۔ یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔

مَاءَ يَمُوْءُ مُوَاءً وَاَمْوَاَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ وَاَمْوَاَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔

المَائِيَةُ و المَائِنَةُ و المُمَائِيَّةُ: بلی۔

مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتًا: مرنا۔ مَاتَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا۔ مَاتَ الحَرُّ و البَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الحُمّٰى: بخار کا جوش کم ہونا۔ مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ مَاتَ يَمُوْتُ مَوَاتًا مَوَتَانًا المَكَانُ: ویران ہونا الطَّرِيْقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ" یعنی گہری نیند سو گیا۔

مَوَّتَهُ: مار ڈالنا۔ موت دینا۔

اَمَاتَهُ اِمَاتَةً: مار ڈالنا۔ مَاتَ نَفْسَهُ: مغلوب کرنا غَضَبَهُ: غصہ پی جانا الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا النَّاقَةُ او المَرْاَةُ: مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ صفت مُمِيْت و مُمِيْتَة ج مَمَاوِيْت القَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ اَمَاتَ اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَتَهُ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔

اُمِيْتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔

مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهُ: باہم صبر کرنا۔

تَمَاوَتَ: بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔

اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً و اِسْتِمَاتًا: موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا الشَّيءُ: ڈھیلا ہونا۔

المَوْتُ و المَوْتَةُ: موت۔ المَوْتُ الاَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ المَوْتُ الاَبْيَضُ: موت طبعی یا اچانک موت۔ المَوْتُ الاَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔

المُوْتَةُ: جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔

المَيْتَةُ: المَيْتُ کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَيْتَات۔

المِيْتَةُ: مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ مِيْتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِيْتَةَ سُوْءٍ" (اچھی اور بری طرح مرنا)

المَيْتُوْتَةُ: موت۔ (مولد) ۃ

المُوْتَانُ و المَوْتَانُ: جانوروں کی مری۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْتَانُ الفُؤَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مَوْتَانَةٌ۔

المَوَتَانُ: موت۔ غیر ذی روح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ وَلَا تَشْتَرِ مِنَ الحَيَوَانِ" یعنی زمین اور مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔

المَائِت: قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔

المَيِّتُ ج اَمْوَات و مَوْتٰى و مَيِّتُوْن۔ والمَيْتُ ج مَيْتُوْن: مردہ۔ مؤنث مَيْتَةٌ و مَيِّتٌ و مَيِّتَةٌ ج مَيْتَات و مَيِّتَات۔

المَوَات س: غیر ذی روح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے۔

المَمَات: موت۔ یا زمانہ موت۔

المُمَات مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔

خَطِيْئَةٌ مُمِيْتَةٌ: گناہ کبیرہ۔

المُسْتَمِيْت: فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پرواہ نہ کرے۔ بتکلف مجنوں بننے والا۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔

مَاثَ يَمُوْثُ مَوْثًا و مَوَثَانًا الشَّيءَ بالشَّيءِ: مخلوط کرنا الشَّيءَ فِي المَاءِ: پانی میں گھلانا۔

اِنْمَاثَ: مختلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔

مَاجَ يَمُوْجُ مَوْجًا و مَوَجَانًا و تَمَوَّجَ البَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔

المَوْجُ س: لہر۔ واحد مَوْجَةٌ ج اَمْوَاج۔ و مَوْجَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔

المَوَّاج: بہت موج مارنے والا۔

مَاخَ يَمُوْخُ مَوْخًا الغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔

المَاذُ: اچھی خصلتوں والا ہونا۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوْذٌ ہے)

المَاذِيُّ: سفید شہد۔ یا عمدہ شہد۔ ہر قسم کے ہتھیار (و المَاذِيَّةُ) نرم زرہ۔

المَاذِيَّة: شراب۔

مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا البَحْرُ: موج زن ہونا الدَّمُ عَلَى الاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا

الشَّیُٔ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا التُّرَابُ: غبار کا اُٹھنا۔ برانگیختہ ہونا۔ مَارَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ و بِالتُّرَابِ: ہوا کا مٹی کو اُٹھانا۔ برانگیختہ کرنا۔ مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الْجَسَدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا۔ السِّنَانُ فِی الْمَطْعُوْنِ: بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا۔

اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا۔ اَمَارَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ ہوا کا مٹی کو اُٹھانا برانگیختہ کرنا۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِی الْمَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا۔

تَمَوَّرَ. تردد کی حالت میں آنا جانا الشَّعْرُ: بالوں کا ادھر ادھر ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الْوَبَرُ وَنَحْوُهٗ عَنِ الدَّابَّةِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں الشَّیُٔ: کسی چیز کا مضطرب ہونا۔ اور جلدی جلدی حرکت کرنا۔

اِنْمَارَ الشَّعْرُ: بال اکھیڑ اجانا۔

اِمْتَارَ اِمْتِیَارًا السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

مَارَ و مَارِی. سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لیے ہوتا ہے اور مؤنث کیلئے مَرْت کہا جاتا ہے۔

الْمَوْر. س۔ نرم چیز۔ چلتا ہوا ہموار راستہ۔ تیزی۔

الْمُوْر. ہوا میں اُڑنے والا غبار۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے۔ ایک قسم کے میمنے۔

الْمُوْرَة والْمُوَارَة. گری ہوئی اون۔

الْمُوَارَة: چیز جو کسی چیز سے گرے۔ فانی چیز کا کچھ باقی حصّہ۔

الْمَائِر. فا۔ کم سجھ۔ سَهْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر۔ مؤنث مَائِرَة. ج مَائِرَاتٌ و مَوَائِر.

الْمَوَّار. اسم مبالغہ۔ رِیْحٌ مَوَّارَةٌ و اَرْیَاحٌ مُوْرٌ: مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا۔

الْمَوْرَج. کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں۔

اَلْمُوْرِكْس. ایک سیپی پاؤں والی پیٹ والی کھلے منہ والی کانٹے والی جس کو ہر سو چلاتی ہے سرخ رنگ والا سیلان بھائی ہے پرانے زمانے میں لوگ اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے تھے۔

الْمَوْز. کیلے کا درخت۔ کیلا۔ واحد مَوْزَةٌ.

الْمَوَّاز. کیلہ بیچنے والا۔

الْمَوْزَج. موزہ۔ ج مَوَازِج و مَوَازِجَة.

مَاسَ يَمُوْسُ مَوْسًا الرَّاسَ: سر مونڈنا۔

الْمَاسُ. ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔

الْمُوْسٰی. استرہ۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسِی و مُوْسِیَات.

الْمُوْسِيْقِی. گانے کا فن۔

الْمُوْسِيْقِیُّ. گانے والا۔ گویا۔

مَاشَ يَمُوْشُ مَوْشًا الْكَرْمَ: توڑنے کے بعد باقی ماندہ انگور چننا۔

الْمَاش. اڑد۔ واحد مَاشَةٌ. گھر کا معمولی سامان۔

اَلْمُوْسِلِیْن نزوئی کا باریک نرم کپڑا۔

مَاصَ يَمُوْصُ مَوْصًا و مَوَّصَ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ مَاصَ الشَّیُٔ: ہاتھ سے ملنا۔

الْمَوْص. بس۔ بھوسہ۔

الْمُوَاصَة. پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں۔

مَوْعَةُ الشَّبَابِ آغاز جوانی۔

مَاغَ يَمُوْغُ مَوْغًا و مُوَاغًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا الْمَبِيْعُ: ارزاں ہونا۔ الطَّعَامُ: غلہ مندا ہونا۔

مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا و مُوْقًا و مُوَاقَةً و مُؤُوْقًا. الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔

تَمَاوَقَ. حماقت ظاہر کرنا۔

اِنْمَاقَ اِنْمِیَاقًا: ہلاک ہونا۔

اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَةً. بیوقوف سمجھنا۔

الْمَائِق. بیوقوف۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا سخت بیوقوف ہے۔ ج مَوْقٰی.

الْمُوْق. س۔ بیوقوفی۔ غباوت۔ غبار۔ پروالی چیونٹی۔ گوشہ چشم۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے۔ ج اَمْوَاق.

مَالَ يَمُوْلُ و يَمَالُ مَوْلًا و مُؤُوْلًا: مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَهٗ" وہ کس قدر مالدار ہے۔

مَالَهٗ يَمُوْلُهٗ مَوْلًا و اَمَالَهٗ اِمَالَةً مال دینا۔

مَوَّلَهٗ. مالدار بنانا۔

تَمَوَّلَ الْمَالَ: اپنے لیے جمع کرنا (واسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مال والا ہونا۔

الْمَالُ ج اَمْوَال: مال و دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ بکری وغیرہ۔ مذکر و مؤنث ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الْمَالُ و هِیَ الْمَالُ" اور کہا جاتا ہے "خَرَجَ اِلٰى مَالِهٖ" یعنی اپنی جائیداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا۔ ج مَالَةٌ و مَالُوْن. بہت مال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالٌ" بہت مالدار مرد۔ مؤنث مَالَةٌ ج مَالَة و مَالَات.

اَلْمَال: مُرَبَّع عدد.

الْمُوْل. مکڑی۔ واحد مُوْلَةٌ.

الْمَالِيَّة. مالیت۔ دولت۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں۔

الْمُوِّل والمِيِّل. بہت مال والا۔

الْمُوَيْل. مال کی تصغیر۔ رجب کا مہینہ۔

مِيْمَ مَوْمًا الرَّجُلُ: برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے۔ صفت مفعولی مَمُوْمٌ.

مَوَّمَ مِيْمًا. حرف میم لکھنا۔

الْمُوْم. موم۔ جلاہوں کا نال۔ موچیوں کا ایک آلہ۔ الْمَوْمَاء والْمَوْمَاةِ وسیع بیابان یا بے پانی کا بیابان۔ ج الْمَوَامِی.

الْمُوْمِيَاء. ایک قسم کی دوا۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔

مَانَهٗ يَمُوْنُهٗ مَوْنًا و مُؤْنَةً و مَوُوْنَةً نان نفقہ برداشت کرنا۔ صفت مَائِن. مَانَ الْاَرْضَ: زراعت کے لیے زمین جوتنا۔

تَموَّن. نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔
المُوْنَة. گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُوَن.
بَیْتُ المُوْنَة: گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔
المَوَّان. ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔
مَاهت تَمُوْهُ و تَمَاهُ مَوْهًا و مَاهَةً و مُؤُوْهًا. البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ والسَفِیْنَةُ: کشتی میں پانی داخل ہونا۔
مَاهَ یَمُوْهُ مَوْهًا الرَّجُلَ: پانی ہلانا الشَّیَٔ بالشَّیْءِ: ملانا۔
اَمَاهُ اِمَاهَةً و اَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّیَٔ: ملانا الشَّیُٔ: ملنا الرَّجُلَ: پانی پلانا الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا الدَّوَاةَ: دوات میں پانی ڈالنا البِئْرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا السِّکِّیْنَ: چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ: بہت پانی برسانا الْاَرْضُ: بہت پانی والی ہونا۔
مَوَّهَ الْمَکَانُ: پانی والی ہونا القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھانا الشَّیَٔ بِمَاءِ الذَّهَبِ او الفِضَّةِ و نَحْوِهِمَا: سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا عَلَیْهِ الْاَمْرَ والخَبْرَ: جھوٹی بات خلاف واقعہ سنانا۔
تَمَوَّهَ. سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔ العِنَبُ: انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا الْمَکَانُ بِالْبَقْلِ: سبزہ زار ہونا۔
المَاءُ. پانی (اصل مَوَہٌ ہے) تصغیر مُوَیْه اور نسبت کے لئے مَائِیٌّ و مَاوِیٌّ و مَاهِیٌّ ج مِیَاهٌ و اَمْوَاهٌ. و مَاءُ الوَرْدِ و مَاءُ الزَّهْرِ و نَحْوِهِمَا: گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الوَجْهِ او مَاءُ الشَّبَابِ: چہرہ یا جوانی کی رونق و تروتازگی مَاءُ السَّیْفِ: تلوار کی چمک دمک بَنَاتُ المَاءِ: پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد اِبْنُ المَاءِ. المَاءُ الْاَزْرَقُ: موتیابند۔
المَاهُ. پانی اور نسبت کیلئے مَاهِیٌّ. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاهُ الْفُؤَادِ و مَاهِیُّ الفُؤَادِ" یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔

المَائَة. پانی۔ تصغیر مُوَیْهَةٌ.
المُوْهَة والمُوَاهَة مِنَ الْوَجْهِ: رونق و حسن۔
المَاهَة. س۔ چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
المَاهِیَّة. مؤنث المَاهِیِّ. ماهِیَّةُ الشَّیْءِ: حقیقت "شیٔ مَاهُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِیَّات.
المَائِیَّة والمَاوِیَّة. مِنَ الشَّجَرِ: وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔
المَاوِیَة. آئینہ۔ ج مَاوِیٌّ.
رَکِیَّةٌ مَیِّهَةٌ. بہت پانی والا کنواں۔
الاَمْوَه. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "البِئْرُ هٰذِهِ السَّنَةَ اَمْوَهُ مِمَّا کَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔
المُمَوَّهَة. مع۔ ناخنہ والی آنکھ۔
مَاتَ یَمِیْتُ مَیْتًا. مرنا۔
اَلْمَاهِیَّةُ ج مَاهِیَّاتٌ: ماہانہ اجرت (تنخواہ) یہ لفظ "ماہ" کی طرف منسوب ہے جس کا معنی مہینہ ہے۔
مَاثَ یَمِیْثُ مَیْثًا و مَیَّثَ الشَّیَٔ فِی المَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔ مَیَّثَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔
تَمَیَّثَ الشَّیُٔ فِی المَاءِ: پگھلنا۔ حل ہونا الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ تَمَیَّثَ الْاَرْضُ: بارش سے نرم ہونا الحَرَارَةُ: ٹھنڈی ہونا۔
اِنْمَاثَ اِنْمِیَاثًا الشَّیُٔ فِی المَاءِ: پانی میں حل ہونا۔
اِمْتَاثَ الرَّجُلُ: زندگی کی راحت پانا الاَقِطَ: پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا الشَّیَٔ فِی المَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔
المَیِّث. نرم۔
اَرْضٌ مَیْثَاء بغیر ریت والی نرم زمین۔
المُسْتَمِیْث. انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاجَ یَمِیْجُ مَیْجًا الشَّیُٔ: مختلط ہونا۔
مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا و مَیْحُوحَةً. چلو سے

پانی لینا اَصْحَابَهُ: لوگوں کے لیے چلو چلو پانی لانا الرَّجُلَ: نفع دینا "هُ عِنْدَ الْاَمِیْرِ": سفارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِحْنِیْ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔ مَاحَتِ الرِّیْحُ الشَّجَرَةَ: جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ مَاحَه یَمِیْحه مَیْحًا و مِیَاحَةً: دینا۔
مَیَّحَ تَمْیِیْحًا الغُصْنُ: جھکنا' ہلنا السَّکْرَانُ: چلنے میں ڈگمگانا۔
مَایَحَه مُمَایَحَةً. ملانا۔
اِمْتَاحَ المَاءَ: چلو لینا الرَّجُلَ: طلب فضل کیلئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَهُ الْحَرُّ او العَمَلُ: پسینہ میں شرابور کرنا۔
تَمَیَّحَ. ناز و انداز سے چلنا۔ دائیں بائیں جھکنا۔
تَمَایَحَ. ڈگمگانا۔
اِسْتَمَاحَهُ اِسْتِمَاحَةً. عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔
المَائِحُ ج مَاحَةٌ وَالْمَیَّاحُ. چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔
مَادَ یَمِیْدُ مَیْدًا و مَیَدَانًا. ہلنا۔ جھکنا۔ کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِهِ الْاَرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ سر چکرانا وَمَادَ الرَّجُلَ: زیارت کرنا۔ بہتر سلوک کرنا۔
تَمَایَدَ. نشاط سے جھومنا۔
تَمَیَّدَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا ناز سے چلنا۔
اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا. غلہ جمع کرنا۔ عطیہ طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوْهُ فَمَادَهُم" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔
المَائِد. جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ ج مَیْدَی. غُصْنٌ مَائِدٌ: جھکنے والی ٹہنی۔
غُصُوْنٌ مُیَّدٌ: جھکنے والی ٹہنیاں۔
المَائِدَة: المَائِد کا مؤنث۔ دستر خوان جس پر کھانا ہو۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ و مَائِدَات.

مَيْد. بید میں ایک لغت نادرہ۔

المَيْدَة. مَادَ کا اسم مرۃ۔ کھانا۔ دستر خوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔

مَيْدَىٰ بمعنی مِنْ اَجْلِ. کہا جاتا ہے "فَعلَهُ مَيْدَىٰ ذٰلِكَ" اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ و بمعنی "حِذَاء" کہا جاتا ہے "دَارِی بِمَيْدَىٰ دَارِه" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔

مَيْدَاءُ الشَّیْءِ: قیاس و انداز۔ انتہاء۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَيْدَاءُ ذٰلِكَ و بِمَيْدَائِه" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔

المَيْلَان و المِيْدَان. گھوڑ دوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَيَادِيْن.

المَيَّاد. بہت جھومنے والا۔ مؤنث مَيَّادَة.

المَيُوْد. بہت ہلنے والا۔

المُمْتَاد. عطیہ مانگنے والا۔ جس سے عطیہ مانگا جائے۔

مَارَ يَمِيْرُ مَيْرًا و اَمَارَ. عِيَالَهُ: اہل و عیال کیلئے نان و نفقہ لانا الدَّوَاءَ و نَحْوَهُ: پگھلانا مَارَ الصُّوْفَ: اون دھنکنا۔ اَمَارَ اَوْدَاجَهُ: رگیں کاٹنا۔

مَايَرَه مُمَايَرَةً. خوراک لانا۔ مقابلہ کرنا۔ نقل اتارنا۔

تَمَايَرَ تَمَايُرًا مَابَيْنَ القَوْمِ: فساد واقع ہونا۔

اِمْتَارَ لِعِيَالِهِ او لِنَفْسِهِ: خوراک جمع کرنا۔

المِيْر. س۔ خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ خَيْرٌ و لَا مِيْرٌ".

المِيْرَة. خوراک جس کو انسان ذخیرہ کر کے رکھے۔ ج مِيَر.

المَائِر. خوراک لانے والا ج مُيَّار و مَيَّارَة.

المَيَّار. خوراک لانے والا۔

المُوَارَة. اون کا ردی حصہ جو دھننے کے وقت گرے۔

مَازَ يَمِيْزُ مَيْزًا و مَيَّزَ و اَمَازَ الشَّیْءَ: علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا الشَّیْءَ: ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔

تَمَيَّزَ و اِنْمَازَ اِنْمِيَازًا و اِمْتَازَ اِمْتِيَازًا و اِسْتَمَازَ اِسْتِمَازَةً. جدا ہونا۔ و تَمَيَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَيْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ القَوْمُ بعض کا بعض سے جدا ہونا۔ و اِسْتَمَازَ: جدا ہونا۔

تَمَايَزَ القَوْمُ: متفرق ہونا۔ گروہ بندی کرنا۔

المَيْز و المَيِّز. مضبوط پٹھوں والا۔

التَّمْيِيْز. مَيَّزَ کا مصدر۔ قوت نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو۔ علم نحو کی ایک اصطلاح۔ سِنُّ التَّمْيِيْزِ: نفع ضرر پہچاننے کی عمر۔

الاِمْتِيَاز. س۔ کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔ لائسنس ج اِمْتِيَازَات (مولدة)

المِيْزَاب. پرنالہ۔

مَاسَ يَمِيْسُ مَيْسًا و مَيَسَانًا و تَمَيَّسَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔ صفت مَائِسٌ و مَيَّاسٌ و مَيْسَان و مَيُوْسٌ.

مَيَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔

المَيْس. س۔ ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد مَيْسَةٌ. المَيْس ایک قسم کی کشمکش۔ دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔ کجاوہ۔

المَيَّاس. اکڑ کے چلنے والا شیر۔ بھیڑیا۔

المَيْسَان. بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج مَيَاسِيْن.

مَاشَ يَمِيْشُ مَيْشًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا النَّاقَةَ: تھن سے آدھا دودھ دوھنا الخَبَرَ: کچھ بتلانا اور کچھ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "مَاشُوْا الاَرْضَ مَيْشَةً" وہ زمین پر گزرے۔

مَاطَ يَمِيْطُ مَيْطًا و مَيَطَانًا و اَمَاطَ اِمَاطَةً عَنْ كَذَا: جدا ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا يَا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو۔ مَاطه و اَمَاطه و مَاطَ بِهِ: جدا کرنا۔ دور کرنا۔ لے جانا۔ مَاطَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُكْمِهِ" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا۔ فُلَانًا: ڈانٹنا ہٹانا الشَّیْءَ: جانا۔

مَيَّطَ تَمْيِيْطًا بَيْنَهُمَا: مائل کرا دینا۔

تَمَايَطَ القَوْمُ: فساد واقع ہونا۔ ایک دوسرے سے بعید ہونا۔

مَايَطَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ترجیح دینا۔

المَيْط. س۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ مَيْطٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و امْتَلَأَ حَتّٰى لَا يَجِدُ مَيْطًا" بھر گیا یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں "وَ اَمْرٌ ذُوْ مَيْطٍ" سخت معاملہ۔

المِيَاط. دفع۔ ڈانٹ۔ جھکاؤ۔ ادبار و تباعد (جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "اَصْبَحُوْا فِیْ هِيَاطٍ و مِيَاطٍ" وہ لوگ اقبال و ادبار میں ہیں۔

المَيَّاط. بیہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔

مَاعَ يَمِيْعُ مَيْعًا الشَّیْءُ: زمین پر پھیل کر بہنا۔ کہا جاتا ہے "السَّرَابُ يَمِيْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے نَاصِيَةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا (و اِنْمَاعَ اِنْمِيَاعًا و تَمَيَّعَ تَمَيُّعًا) السَّمْنُ: گھی کا پگھل کر بہنا۔ صفت مَائِع مؤنث مَائِعَةٌ کہا جاتا ہے الفِضَّةُ يَتَمَيَّعُ فِی البُوْطَةِ: چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے۔

اَمَاعَ اِمَاعًا و اِمَاعَةً الشَّیْءَ: بہانا۔

مَيْعَةُ الشَّیْءِ: اول شئے۔ اصل شئے۔ کہا جاتا ہے "مَيْعَةُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "و مَيْعَةُ السُّكْرِ" ابتدائی نشہ و "مَيْعَةُ الفَرَسِ" گھوڑے کی دوڑ کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "الفَرَسُ فِیْ مَيْعَةِ جَرْيِهِ" گھوڑا اپنی دوڑ کے آغاز میں ہے۔ المَيْعَة: زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

المَائِع. بہنے والی چیز۔ بیوقوف۔

المَائِعَة. المَائِع کا مؤنث۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔ ج مَوَائِع

المَيْعَةُ السَّائِلَةُ ایک خوبصورت درخت جو

ادویات میں استعمال ہوتا ہے۔

مَالَ یَمِیْلُ مَیْلًا و تَمْیَالًا و مَیَلَانًا و مَیْلُوْلَةً و مَمَالًا و مَمِیْلًا اِلَی الْمَکَانِ: لوٹنا اِلَی الشَّیْٔ اَوِ الشَّخْصِ: رغبت کرنا۔ محبت کرنا عَنِ الطَّرِیْقِ: تجاوز کرنا۔ چھوڑ دینا الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا الْحَاکِمُ فِیْ حُکْمِهٖ: ظلم کرنا عَلَیْهِمُ الدَّهْرُ: زمانہ کا مصائب ڈالنا۔ مَالَ بِفُلَانٍ: غالب ہونا۔ مَالَ الشَّیْءَ: جھکانا؛ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَمِیْلُ عَلَیْهِ المِرْبَعَةُ" یعنی فلاں بہت قوی ہے۔

مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔ مَالَ النَّهَارُ اَوِ اللَّیْلُ: دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیْقُ" یعنی دور ہوا۔

مَیِلَ (س) مَیَلًا. خلقتاً جھکا ہوا ہونا۔ صفت اَمْیَل کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے۔

مَیَّلَ تَمْیِیْلًا الشَّیْءَ: جھکانا فِی الْاَمْرِ: شک کرنا بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: تردد اور ترجیح دینا۔ جیسے "قَرَّبَ لَهٗ طَعامًا فَمَیَّلَ فِیْهِ لِقِلَّتِه" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے۔

اَمَالَ اِمَالَةً الشَّیْءَ: جھکانا یَدَهٗ بِالْفَرَسِ: لگام ڈھیلی کرنا۔ اَمالَتِ الْمَرْأَةُ: نقاب اتارنا۔ اَمَالَ الْقارِی: پڑھنے میں امالہ کرنا۔

مَایَلَهٗ مُمَایَلَةً. موافقت کرنا۔ مدد دینا۔ لوٹ ڈالنا۔ مائل ہونا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَایَلَنَا الْمَلِكُ فَمَایَلْنَاهُ" بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔ مَایَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

تَمَیَّلَ و تَمایَلَ تمایُلًا فِیْ مِشْیِهٖ: ناز و انداز سے چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ الْقَوْمِ تَمَایُلٌ" یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال اور فتنے ہیں۔ تَمایَلَ الْحِلُ عَنِ الفَرَسِ: جھکنا۔

اِسْتَمَالَ اِسْتِمالَةً. مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَیَّلَه فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا فُلَانًا و بِقَلْبِهٖ: جھکانا۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا مَافِی الوِعَاءِ: لینا۔ اِسْتَمالَ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ: دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔

المِیْل. سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ۔ المِیْلُ: نشان راہ جو مسافر کیلئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ والمِیْلُ الهَاشِمی: ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَال واَمْیُل ومُیُول.

مَیْلُ کَوْکَبٍ وہ زاویہ جو استواء آسمانی اور اس خط کے درمیان واقع ہے جو زمین اور ستارے کے درمیان تعلق کا ذریعہ ہے۔

دَائِرَةُ الْمَیْلِ آسمانی کرہ کا بڑا دائرہ جو کرہ دو قطب کے ساتھ گذرتا ہے۔

(العناصر الکمیاویہ) (کیمیائی عناصر)

المِیْلَة. وقت۔ ج مِیَل اور کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ مِیَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے۔

الاِمَالَة. ‌ ‌فِی الْقِراءة: فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔

الاَمْیَل. اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔ مؤنث مَیْلَاءُ.

المَیْلَاء. الاَمْیَل کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ۔ شَجَرَةٌ مَیْلَاءُ: بہت ٹہنیوں والا درخت۔

المَائِل. فا۔ ج مُیَّل و مَالَة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات و مَوَائِل.

المَیَّال. بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَیَّالة.

مَانَ یَمِیْنُ مَیْنًا. جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِن و مَیَّان و مَیُوْن. مَانَ الْاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لیے جوتنا۔

تَمَایَنَ الْقَوْمُ: ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔

المَان. ہل کا پھل۔

المَیْن. جھوٹ۔ ج مُیُوْن. کہتے ہیں "اَکْثَرُ الظُّنُوْنِ مُیُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں۔ "وَمَا هُوَ اِلَّا کَذِبٌ و مَیْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے۔

المِیْنا والمِیْنَاء. بندرگاہ۔ ج مَوَانٍ و مَوَانِی. المِیْنَاء: آبگینہ۔

مُتَمایِنُ الْوُدِ: جھوٹی دوستی کرنے والا۔

مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهًا و مَیْهَةً السَّیْفَ وَغَیْرَه بِمَاءِ الذَّهَبِ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع کرنا فُلَانًا: پانی پلانا۔ مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔ مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهَةً و مَاهَةً و مَیْهًا. الرَّکِیَّة: کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا۔

الْماهَة والمِیْهَة. کنوئیں کے پانی کی کثرت۔

الْاَمْیَهُ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "الْبِئْرُ اَمْیَهُ مِمَّا کَانَتْ" کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے۔

مَیَّ و مَیَّةَ و مَیَّا. عورتوں کے نام۔

ن

ن : اَلنُّوْنُ : بنیادی حروف میں سے پچیسواں حرف ہے۔ حروف زلقیہ سے ہے۔ بحساب جمل اس کا عدد (۵۰) پچاس ہے۔

ن۔ حرف نون پانچ قسموں پر ہے۔

(۱) نون تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ خفیفہ۔ ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَيَكُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ" و" لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) نونِ تنوین۔ اور یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ.

(۳) نونِ تانیث۔ اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ و يَضْرِبْنَ و اضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلَامُكُنَّ و مِنْهُنَّ و ضَرَبَهُنَّ" اور یہ حرف ہے۔

(۴) نونِ وقایہ۔ اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِيْ و اِنَّنِيْ۔

(۵) نونِ زائدہ۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "يَضْرِبَانِ و تَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِيْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے "يَضْرِبُوْنَ و تَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے مثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور مثنی میں مکسور۔ دوسری قسم وہ ہے جو اسم مثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے "الزَّيْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے اَلزَّيْدُوْنَ.

نا۔ ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا."

نَاَتَ (ف وض) نَاْتًا و نَئِيْتًا. گریہ وزاری کرنا الرَّجُلَ: حسد کرنا۔

النَّاَّات. شیر۔

نَاَثَ (ف) نَاْثًا و مَنْاَثًا عَنْهُ: بعید ہونا۔ تاخیر کرنا الرَّجُلَ. کوشش کرنا۔

اَنْاَثَهُ اِنْاَثًا. دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَعٰى سَعْيًا نَاْثًا و مَنْاَثًا" وہ سست چال چلا۔ سَيْرٌ مِنْاَثٌ: سست چال۔

نَاَجَ (ف) نُؤُوْجًا فِي الْاَرْضِ: جانا الْاَمْرَ: کام کو مؤخر کرنا نَئِيْجًا) اِلَى اللّٰهِ فِي الدُّعَاءِ: گڑگڑانا۔ نَاَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا الرِّيْحُ الْمَوْضِعَ: ہوا کا تیز گزرنا۔

نَاَجَ (ف ض) نَاْجًا و نُؤَاجًا الثَّوْرُ: بیل کا آواز نکالنا۔

نَئِجَ (س) نَاْجًا. آہستہ کھانا۔

نَئِجَ الْقَوْمُ: تیز ہوا لگنا۔

النَّائِجَة. تیز ہوا۔ ج نَائِجَات.

النَّآج. بہت آواز نکالنے والا۔ تیز رَجُلٌ

نَآجٌ: بلند آواز والا مرد۔

النَّئِيْج. مص۔ کہا جاتا ہے "لِلرِّيْحِ نَئِيْجٌ" ہوا کے لیے تیز سرسراہٹ ہے۔

رِيْحٌ. نَؤُوْجٌ. تیز چلنے والی ہوا۔ ج نَوَائِج.

المَنْؤُوْج. مع۔ حَدِيْثٌ مَنْؤُوْجٌ: پیچیدہ بات۔

نَادَهُ (ف) نَاْدًا. حسد کرنا۔ نَادَتْهُ الدَّاهِيَةُ مصیبت نازل ہونا۔ نَادَتِ الْاَرْضُ: زمین میں سیلن ہونا۔

النَّاْد. بروزن عَقَام والنَّآدى بر وزن نصارىٰ والنُّؤُوْد. مصیبت۔

النِّئْدِل. مصیبت۔

نَارَت (ف) نَاْرًا. نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ: لوگوں میں ہیجان ہونا۔

النُّؤُوْر. کاجل۔

نَاَش. (ف) نَاْشًا و تَنَاءَ شَ الشَّيْءَ: سخت پکڑنا الْاَمْرَ: مؤخر کرنا الشَّيْءَ: دور کرنا هُ اللّٰهُ: زندہ کرنا اور بلند کرنا الرَّجُلَ مِنْ مَكَانِهٖ: اٹھنا۔

تَنَاءَ شَ. پیچھے ہونا اور دور ہونا الشَّيْءَ: دور سے لینا۔

اِنْتاش پیچھے ہونا اور دور ہونا اَلشَّیُٔ فُلانًا: جلدی میں ڈالنا بِغَنَمِہٖ بکریوں کے ساتھ کوچ کرنا فُلانًا بطی سمجھنا ہٗ اللہُ برباد کرنا۔
النَّوُوْش قوی غالب۔
النَّئِیْش دور۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ نَئِیْشًا" اس نے اس کو اخیر میں کر دیا۔ "وَجاءَ نَئِیْشًا" وہ دیر سے آیا۔ "وَاتَّبعَہٗ نَئِیْشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے۔
نَافَ(ف) نَأفًا فِی الْاَمْرِ کوشش کرنا۔
نَئِفَ(س) نَأفًا و نَأفًا مِنَ الشَّرابِ: آسودہ ہونا الرَّجُلُ نفرت کرنا الشَّیَٔ کھانا۔
نَألَ(ف) نَألًا و نَئِیْلًا و نَألانًا الْفَرسُ گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا۔ صفت نَؤُولٌ. الرَّجُلُ سر اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا فُلانًا: حسد کرنا۔
نَأمَ(ض) نَئِیْمًا آہستہ آہستہ رونا۔ نَامَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ وَالظَّبْیُ کمان شیر۔ ہرن کا آواز کرنا۔
النّامَۃُ. نَأمَ کا اسم مرۃ۔ نغمہ۔ آواز۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰہُ نَامَتَہٗ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کردے یعنی مار دے۔
نَأنَأ. نَأنَأۃً و تَنَأنَأ عَنِ الْاَمْرِ سست ہونا۔ عاجز ہونا۔ قاصر ہونا۔ صفت نَأنَأ و نَأنَاءُ و نُؤْنُؤٌ یعنی عاجز۔ بزدل۔ نَأنَأ فُلانًا جھڑکی دینا۔ ارادہ سے باز رکھنا۔
نَای یَنْای نَأیًا فُلانًا و نَای عَنْ فُلانٍ: دور ہونا۔ صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَۃٌ.
نَایٰ وانای و اِنْتَای النُّوْی لِلْخَیْمَۃِ: خیمہ کے گرد چو بچہ کھودنا۔
نَاءَیٰ مُناآۃً الرَّجُلَ دور کرنا الشَّرَّ عَنْ فُلانٍ مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔
اَنْای فُلانًا عنہ دور کرنا۔
تَناءَیٰ تَنائِیًا و اِنْتَای اِنْتِناءً دور ہونا۔
النَّأی والنُّؤْی والنِّئْی والنُّوْی چو بچہ خیمہ کے ارد گرد۔ ج آناء وانآء و نُئِیٌّ و نِئِیٌّ.
النّائِی دور۔
المُنْتَأی دور جگہ۔ خیمہ کے ارد گرد چو بچہ۔
النَّایُ بانسری۔ ج نَایات (دخیل)
نَبَّ(ض) نَبًّا و نَبِیْبًا و نُبابًا التَّیْسُ خاصۃً بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا۔
نَبَّبَ تَنْبِیْبًا النَّباتُ پورے دار ہونا۔
تَنَبَّبَ الماءُ پانی کا بہہ پڑنا۔
النَّبَّۃُ اسم مرۃ۔ بدبو۔
الْاُنْبُوْب بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا۔ ج اَنابِیْب ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوْبِ الْکُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا۔ اُنْبُوْبُ الماءِ نالی۔ اُنْبُوْبِ الْکُوْزِ: کوزہ کی ٹونٹی۔ الْاُنْبُوْبُ مِنَ الشَّجَرِ درختوں کی قطار۔ اَنابِیْبُ الرِّئَۃِ: پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔
الْاُنْبُبُ و الْاُنْبُوبَۃُ بانس یا نرکل کا پورا۔
نَبَأَ(ف) نَبْأً و نُبُوْءً الشَّیُٔ بلند ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَبَا سَمْعِیْ عَنْ کَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی عَلَی الْقَوْمِ ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا مِنْ اَرْضٍ اِلٰی اَرْضٍ ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا (نَبَأَ ف) نَبْأً آہستہ آواز نکالنا۔
نَبَّأَ تَنْبِئَۃً و تَنْبِیْئًا و اَنْبَأَ فُلانًا الْخَبَرَ و بِالْخَبَرِ خبر دینا۔ تم کہتے ہو نَبَّأْتُ زَیْدًا عَمْرًوا خارِجًا یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وَاَنْبَأَ فُلانًا دفع کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔
نَابَأَہٗ مُنابَأۃً ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَأَ الْقَوْمُ دور ہونا۔ پڑوس چھوڑ دینا۔
تَنَبَّأَ تَنَبُّؤًا دعوٰی نبوت کرنا۔
اِسْتَنْبَأَ الرَّجُلَ خبر دریافت کرنا النَّبَأَ خبر کی تفتیش کرنا۔
النَّبَأُ خبر ج اَنْباءٌ.
النَّبْأَۃُ آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔
النُّبُوْءَۃُ والنُّبُوَّۃُ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔
النَّبِیُٔ والنَّبِیُّ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کیلئے نَبَوِیٌّ ج اَنْبِیاءُ و نَبِیُّوْنَ و اَنْباءٌ و نُبَآءُ مؤنث نَبِیئَۃٌ ج نَبِیْئاتٌ. النَّبِیُّ واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا نَبِیٌّ کی تصغیر نُبَیِّئٌ اور نُبَیٌّ کی نُبَیٌّ.
النّابِیُٔ فا۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ رَجُلٌ نابِیٌٔ و سَیْلٌ نابِیٌٔ ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو۔
نَبَتَ(ن) نَبْتًا و نَباتًا الْمَکانُ سبزہ زار ہونا الْبَقْلُ سبزی کا اگنا (نُبُوْتًا) ثَدْیُ الْجارِیَۃِ پستان کا ابھرنا۔
نَبَتَ(ن) نَبْتَۃً و نَباتًا الْاِنْسانُ جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَتَ فُلانٌ فِی مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی۔
اَنْبَتَ الْمَکانُ سبزی والی ہونا الْبَقْلُ: سبزی کا اگنا الْغُلامُ لڑکے کا جوان ہونا۔
اَنْبَتَ اللّٰہُ الْبَقْلَ: سبزی اگانا۔ صفت مَنْبُوْت خلاف قیاس۔
نَبَّتَ الشَّجَرَ پودا لگانا الْحَبَّ دانہ بونا الصَّبِیَّ بچّے کی پرورش کرنا۔
تَنَبَّتَ الشَّیُٔ ظاہر ہونا۔
النَّبْتُ مص۔ سبزی۔ ج نُبُوْتٌ واحد نَبْتَۃٌ.
النَّباتُ مص۔ زمین سے جو کچھ اگے (پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَباتَۃٌ ج نَباتاتٌ و اَنْبِتَۃٌ علم النَّباتِ وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال و خواص سے بحث ہو۔
النَّباتِیُّ ماہر علم نبات۔
النّابِتُ نئی اگی ہوئی سبزی۔
النّابِتَۃُ. النّابِتُ کا مؤنث۔ اولاد۔ چوپاؤں کے بچے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ بَنِیْ فُلانٍ لَنابِتَۃٌ.

شرّ" فلاں کی اولاد شر و فساد کے باعث ہیں۔
ج نوابت. النوابت: ناتجربہ کار نوجوان۔
النَّبُوْت. درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج نَبَابِيْت.
التَّنْبِيْت. س۔ درخت۔ پودا۔ درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں۔ ج تَنَابِيْت.
المَنْبت. اگنے کی جگہ۔
المَنْبَات. بہت روئیدگی والی زمین۔
اليَنْبُوْت. خشخاش کا پودا۔ خرنوب کا درخت ج يَنَابِيْت. واحد يَنْبُوْتة.
نَبَثَ (ن) نَبْثًا البِئْرَ: کنواں کھود کر مٹی نکالنا التُّرَاب: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا عَنِ السِّرِّ او الْأَمْرِ: بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا فُلَانٌ: غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْبُثُ عَنْ عُيُوْبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے۔
اِنْتَبَثَ التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا الشَّيْئَ: لینا۔
تنابَثَ القَوْمُ: باہم بحث کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا يَزَالُوْنَ يَتَنَابَثُوْنَ عَنِ الْأَسْرَارِ وَ يَتَبَاحَثُوْنَ عَنِ الْأَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار و اخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔
اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِّ: تحقیق میں کوشش کرنا۔
النَّبْث. نشان۔ ج اَنْبَاث.
النَّبِيْث. شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبِيْثٌ نَبِيْثٌ"
النَّبِيْثَة. کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔ بھید ج نبائث. کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ نَبَائِثُهُمْ وَلَمْ تَخْفَ خَبَائِثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہوگئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔
نَبِيْثَةُ السَّبُعِ: ضرورت کے وقت کے لیے چھپایا ہوا گوشت۔
الْاُنْبُوْثَة. کوڑی چھول۔ بچوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔
نَبَجَ (ض) نَبِيْجًا. سخت آواز و درشت کلام ہونا۔ صفت نَبَّاج.
نَبَجَت (ن) نَبْجًا القَبْجَةُ: چکور کا باہر نکلنا۔
اَنْبَجَ. کلام میں گڈمڈ کرنا۔ بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔
اِنْتَبَجَ و تَنَبَّجَ العَظْمُ: سوجنا۔
النَّبْجَة. ٹیلہ ج نِبَاج.
النَّبَّاج. جھوٹا۔ كَلْبٌ نَبَّاجٌ و نُبَاجِيٌّ: بھونکنے والا کتا۔
النُّبَاج. ناکارہ آدمی۔ گوز۔ نُبَاجُ الْكَلْبِ کتے کی آواز۔
النَّبَّاجَة. نَبّاج کا مؤنث۔ چوتڑ۔ دبر۔
النَّابِجَة. مصیبت۔
النِّبَاج. بلند ٹیلے۔
النَّبَجَان. دھمکی۔ وعید۔ ج نِبَاج.
المِنْبَج. جھوٹے وعدے کرنے والا۔
النُّبُج. کالے تھیلے۔
الاَنْبَج. آم۔
النَّبِيج. کتے کی آواز۔
نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا و نُبُوْحًا و نَبِيْحًا و نُبَاحًا و نِبَاحًا و تَنْبَاحًا الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔ صفت نابح ج نوابح و نُبَّح و نُبُوْح. کہا جاتا ہے "نبحه الكَلْبُ و نبح عَلَيْه" اس پر کتا بھونکا۔ نباح کتے کی آواز کے لیے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ و نبح الشَّاعِرُ: کہا جاتا ہے "نبحتني كلابُكَ" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔
نَبَحَ (ف) نُبَاحًا الْهُدْهُدُ: زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔
نَابَحَهُ مُنَابَحَةً الْكَلْبُ: کتے کا کسی پر بھونکنا۔
اَنْبَحَهُ و اسْتَنْبَحَهُ. بھونکانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الْاَضْيَافُ كِلَابَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔ عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تاکہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے۔ اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔
النُّبُوْح. س۔ قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں۔ اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔
النَّبَّاح. تیز بھونکنے والا۔ چھوٹی سفید سیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔ واحد نَبَّاحَةٌ.
كَلْبٌ نَبَّاحِيٌّ. بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔ ظَبْيَةٌ نَبْحَاء. ممیانے والی ہرنی۔
المَنْبُوْح. جس کو گالی دی جائے۔
نَبَخَ (ن ض) نُبُوْخًا الْعَجِيْنُ: خمیر اٹھنا۔
اَنْبَخَ الْعَجَانُ: خمیر اٹھانا الرَّجُلُ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔
النَّبْخ و النَّبَخ. آبلہ۔ چھالا۔
النَّبْخَة و النَّبَخَة. بردیؔ ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔ گندھک۔
النَّبْخَة و النُّبْخَة. نکتہ۔
النَّابِخَة. دور کی زمین۔ تکبر سے بولنے والا۔ ج نَوَابِخ.
الاَنْبَخ. مرد سخت اندام۔ مٹیالے رنگ والا۔ بہت مٹی۔
الْاَرْضُ النَّبْخَاءُ. بلند زمین۔ نرم زمین۔ ج نَبَاخِي.
النَّبَّاخ و الانْبَخَان مِنَ الْعَجِيْنِ: اٹھا ہوا خمیر۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشَّيْئَ: پھینک دینا۔ الْاَمْرَ: بے کار کر دینا الْعَهْدَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "نبذ الى الْعَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔
نبذ و نَبَّذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا العِنَبُ او التمرُ: نبیذ بننا۔ و نَبَّذَ الشَّيْئَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا و نَبَذَانًا عِرْقُهُ: رگ کا حرکت کرنا (نبض میں ایک لغت ہے)
نَابَذَهُ مُنَابَذَةً و نباذًا. دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا۔ هُ الْحَرْبَ: اعلان جنگ کرنا۔

ہ فِي الْبَيْعِ: بیع منابذہ کرنا۔ اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنَابَذُوْا. باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا العِنَبُ او التَمرُ: نبیذ بنا عَنِ الْقَوْمِ: قوم سے جدا ہونا فُلَانٌ: گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ اِلٰى نَاحِيَةٍ و اِنْتَبَذَ مَكَانًا" اس نے گوشہ بعید میں اپنے لیے جگہ بنالی۔

النَّبْذ. مذ۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهٗ و بَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ" اس کا مال برباد ہو گیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذ.

اَنْبَاذُ النَّاسِ اوباش لوگ۔

النَّبْذَة و النُّبْذَة. گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ نَبْذَةً" وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ اور کبھی چیز کے ٹکڑے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذ.

النَّبِيْذ. پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيْذَة. انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ شراب۔ ج اَنْبِذَة.

النَّبَّاذ. نبیذ بیچنے والا۔

المَنْبُوْذ. مذ۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کیلئے مستعمل ہے۔

المِنْبَذَة. تکیہ۔ ج مَنَابِذ.

نَبَرَ (ض) نَبْرًا: الْغُلَامُ: بڑھنا المُغَنِّي: گویے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا الرَّجُلَ: ڈانٹنا ہٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا الْحَرْفَ: ہمزہ لگانا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔

الرُّمْحَ عَنْهُ: جلدی سے اٹھانا۔

اَنْبَرَ الْاَنْبَار. کھٹیلا بنانا۔

اِنْتَبَرَ الْجُرْحُ: زخم کا سوجنا الْخَطِيْبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا الْجَسَدُ: جسم کا سوجنا

اِنْتَبَرَتْ يَدُهٗ: ہاتھ میں آبلہ ہونا۔

النَّبْر. مذ۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا" اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔

النِّبْر. ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پستہ قد۔ ج نِبَار و اَنْبَار.

النِّبْر و الاَنْبَار. کھٹیلا۔ غلہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنَابِر و اَنَابِيْر و اَنْبَارَات.

النَّبْرَة. نَبَر کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصہ۔

النُّبْرَة. بڑا لقمہ۔ ج نُبَر.

النَّبِيْر. پنیر۔ تم کہتے ہو "اَكَلْنَا النَّبِيْرَ" ہم نے پنیر کھایا۔

النَّبِيْر. مردوانا۔

النَّبُوْر. چوتڑ۔ دبر۔

النَّبَّار. چلانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْكَلَامِ" یعنی مرد فصیح۔

المِنْبَر. بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنَابِر.

قَصَائِدُ مُنْبَرَةٌ و مَنْبُوْرَة. ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔

النَّبْرِيْج: حقہ کی نالی۔ (فارسی لفظ)

النِّبْرَاس. چراغ۔ النِّبْرَاس: نیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبَارِيْس.

النَّبَارِيْس قریب قریب کنوئیں۔

النِّبْرِيْس. ہوشیار ماہر۔

النَّجْرُشْت: آدھ بھونا ہوا۔ (فارسی لفظ)

نَبَزَهٗ (ض) نَبْزًا و نَبَزَهٗ. عیب لگانا ہٗ بِكَذَا: برا لقب دینا۔

تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَّبَز. برا لقب۔ ج اَنْبَار

النِّبْز. حسب اور عادات میں کمینہ۔

النُّبَزَة. لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نُبْسَةً و نَبَسَ بِالْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَسَ بِكَلِمَةٍ" السِّرَّ: بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اَنْبَسَ. جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔

النُّبُس. بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔

رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ: ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْسَاء ج نُبْس.

نَبَشَ (ن) نَبْشًا. الشَّيْءَ الْمَسْتُوْرَ: ظاہر کرنا الْكَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبْشُ الْقَبْرِ" الْحَدِيْثَ: نکالنا السِّرَّ: پھیلانا عَنِ الْاَسْرَارِ: بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِنْتَبَشَ الشَّيْءَ مِنَ الْاَرْضِ. کھود کر نکالنا۔

النِّبْش. ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔

النَّبِيْشَةُ. زمین یا کنواں کھدا ہوا۔

النَّبَّاش. اسم مبالغہ۔ کفن چور۔

النِّبَاشَة. کفن چور کا پیشہ۔

الْاُنْبُوْش. جو کھودا جائے۔ الْاُنْبُوْش و الْاُنْبُوْشَة: جڑ سے اکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنَابِيْش اَنَابِيْشُ الْعُنْصُلِ وَنَحْوِهٖ: جنگلی پیاز کی جڑیں۔

نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِي الْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَصَ بِكَلِمَةٍ" نبس میں ایک لغت ہے۔ اور نبس افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نَبَصَ (ض) نَبِيْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔

النَّبْص. مذ۔ سبزی کی کونپل۔

النَّبْصَة. نبص کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضَانًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْاَمْعَاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (نبضا) الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نبض (ن) نبوضا. الماءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔

نَبَّضَ فِي الْقَوْسِ و أَنْبَضَ الْقَوْسَ و عَنِ الْقَوْسِ و فِي الْقَوْسِ: آواز نکلنے کیلئے تانت کھینچنا أَنْبَضَ الْوَتْرَ و بِالْوَتْرِ: آواز نکلنے کے لیے کھینچنا۔

النبض. دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج أَنْبَاض والنبضة. ایک ضرب نبض کی۔

فُؤَادٌ نَبْضٌ و نَبَضٌ و نَبِضٌ. تیز دل۔

النابض. فا۔ تیر انداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نبض نابضہ" اس کا غصہ بھڑکا۔

المنبض. نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج منابض.

المِنْبَض. دھنیے کی کمان۔ ج مَنَابِض.

نبط (ض ن) نَبْطًا و نُبُوْطًا الماءُ: زمین یا چشمہ سے اُبلنا۔ نبط (ض ن) نَبْطًا و نَبَّطَ و انبط و تنبط و استنبط. البئرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نبط و أَنْبَطَ و اسْتَنْبَطَ الشَّيْءَ: پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ أَنْبَطَ الْحُكْمَ: اجتہاد سے نکالنا۔ أَنْبَطَ فِيْهِ: اثر کرنا۔ اسْتَنْبَطَهُ: ایجاد کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَيْرًا: نکالنا۔ اسْتَنْبَطَ الْفَقِيْهُ: فقیہ کا اپنی سمجھ سے قرآن و حدیث کے باطنی معنی کو نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ و انبط رایا حسنًا او معنی صائبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ و اسْتَنْبَطَ الْعَرَبُ: نبطی ہونا۔

تنبّط. نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔

انتبط الْكَلَامَ: اجتہاد سے نکالنا۔

النبط. کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيْبُ الثَّرَى بَعِيْدُ النَّبَطِ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج أَنْبَاط و نُبُوْط: مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لا يُدْرَكُ نَبَطُهُ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

النبط. ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کیلئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے کَلِمَةٌ نَبَطِيَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِيٌّ و نَبَاطِي و نَبَاطٍ. ج أَنْبَاط و نَبِيْط.

النُّبْطَة. کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

الأَنْبَطُ مِنَ الْخَيْلِ: بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاء ج نُبْط.

نَبَعَ (ن) و نبع (س) و نَبُعَ (ک) نَبْعًا و نُبُوْعًا و نبعانا الماءُ: چشمہ سے نکلنا۔

تَنَبَّعَ الماءُ: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔

النَّبْع. س۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوْا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وَمَا رَأَيْتُ أَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا عند المولدين: پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوْ اقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَأَوْرَى نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کیلئے بیان کی جاتی ہے اسلئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ نہیں پکڑتی۔

النَّبْعَة. النبع کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيْمَةٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔

النَّابِع. وہ قلم جس میں سیاہی موجود ہو۔

النابعة. النابع کا مؤنث۔ ج نوابع.

نوابعُ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔

النَّبِيْع. پسینہ۔

النَّبَّاعَة. دُبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہو جائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔

النَّبْعِيَّة. درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔

المَنْبَع. چشمہ۔ ج منابع.

اليَنْبُوْع. چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ ج ینابیع. کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللهُ يَنَابِيْعَ الْحِكْمَةِ عَلٰى لِسَانِهِ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کر دیئے۔

نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوْغًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا الماءُ: پانی کا چشمہ سے نکلنا الْوِعَاءُ بِالدَّقِيْقِ: چھننا الشَّرُّ: پھیلنا، ظاہر ہونا رَأْسُهُ: سر میں بھوسی ہونا الرَّجُلُ: عمدہ اشعار کہنا فِي الْعِلْمِ وَغَيْرِهِ: فائق ہونا فِي الدُّنْيَا: آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِيْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہو گیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔

أَنْبَغَ الْبَلَدَ: شہر میں بہت آنا جانا اِلْنَاخِلُ: آٹا چھاننا۔

النَّبْغ و النُّبَاغ. چکی کا غبار۔

نَبَغَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

النَّابِغَة. ج نَوَابِغ. فصیح۔ مرد عظیم الشان

النَّوَابِغ: آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب۔ اور نسبت کے لیے النابغي. النوابغ: مادہ لومڑیاں۔

النَّابِغَة. کلمہ فصیحہ۔

النَّبِيْغ. مرد عظیم الشان۔ ج نُبَغَاء.

النُّبَاغ و النُّبَّاغ و النُّبَاغَة و النُّبَّاغَه. آٹا۔ سر کی بھوسی۔ مَحَجَّةٌ نُبَاغَةٌ: گرد و غبار والا راستہ۔

نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لکھنا۔

نَبَّقَ الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا الرَّجُلُ لکھنا الْكِتَابَ: ترتیب سے لکھنا الشَّجَرَ: ترتیب سے پودے لگانا النَّخْلُ: خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔

نَبَقَ و نَبَّقَ و أَنْبَقَ. وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔

انْتَبَقَ الْكَلَامَ: نکلوانا۔

النَّبَق. س۔ میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنہ سے بنایا جاتا ہے۔

النَّبْق و النِّبْق و النَّبَق و النبق. بیری واحد۔ نبقة.

النَّبِيْقَة. انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ

جبکہ بڑی ہو جائے۔ ج نَبَائِق۔

نَبَكَ (ن) نُبُوْكًا و اِنْتَبَكَ الْمَكَانُ بلند ہونا۔

النَابِك. بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَابِكٌ و اَرْضٌ نَابِكَةٌ" ج نَوَابِك.

النَبْكَة و النَبَكَة. نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبَك و نُبُك و نِبَاك و نُبُوْك. النَبَكَة درخت کی جڑ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلًا الرَّجُلَ: تیر مارنا یا تیر دینا نَبَلَ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا ہٗ بالطَّعَامِ: تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا الرَّجُلُ: تیز چلنا الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ہٗ: نجابت و شرافت میں غالب ہونا بہٖ: نرمی برتنا عَلَى الْقَوْمِ: تیر اندازی کے لیے چن چن کے دینا۔

نَبُلَ (ک) نَبَالَةً. نجیب و شریف ہونا۔ صفت نَبْل و نَبِيْل. مؤنث نَبْلَة و نَبِيْلَةٌ ج نِبَال و نَبَائِل و نَبْلَات و نَبِيْلَات. نَبُلَ عَنْ كَذَا: بڑا ہونا۔

نَبَّلَ الرَّجُلَ: تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔

اَنْبَلَه. تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ: موٹے بدنما تیر بنانا النَخْلُ: درخت خرما میں پکی کھجوریں ہونا۔

نَابَلَهٗ مُنَابَلَةً. نجابت و شرافت میں مقابلہ کرنا۔

تَنَبَّلَ. ذکی ہونا۔ نجیب و شریف ہونا۔ اذکیاء و شرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا الْمَالَ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ: حوادث کا بڑا ہونا۔

تَنَابَلَ الْقَوْمُ: شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَبَلَ. مرنا اور بدبودار ہونا فُلَانًا: قتل کرنا الْخَطْبُ: حادثہ کا بڑا ہونا لِلْاَمْرِ: خبردار اور مستعد ہونا الشَّيْئَ: یکبارگی اور جلدی اُٹھانا۔

اِسْتَنْبَلَ الْمَالَ: عمدہ لینا الرَّجُلَ: تیر طلب کرنا۔

النَّبْل. مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَة ج نِبَال و اَنْبَال و نُبْلَان. نَبْلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔

النُبْل. ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَتَهٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَبَل و النُبَل. بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبَلَة و نُبْلَة.

رَجُلٌ نَبْلٌ. مرد شریف۔ مؤنث نَبْلَةٌ.

النُبْلَة. عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ و نُبْلَةُ كُلِّ شَيْئٍ: عمدہ چیز۔ ج نُبُلَات.

النَبَالَة. مص۔ ذکاوت۔ نجابت و شرافت و فضیلت۔

النِبَالَة. تیر سازی کا پیشہ۔

النُبَالَة. کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبَالَتَهٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَبْل و النَبِيْل. شرافت والا۔ فضیلت والا النَبِيْل: بڑے جسم والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ نَبِيْلُ الرَّاْیِ" وہ عمدہ رائے والا ہے۔ ج نِبَال.

النَبِيْلَة. نبیل کا مؤنث۔ مردار ج نَبَائِل.

النَابِل. ج نُبَّل و نبل و النَبَّال. ج نَبَّالَة: تیر والا۔ تیر انداز۔ تیر ساز۔ تیر اندازی میں ماہر کہتے ہیں "اختلط الحابل بالنابل" مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے۔ کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔

الاَنْبَل. اسم تفضیل۔ تیر اندازی کا زیادہ جاننے والا۔

التِنْبَال و التِنْبَالَة. دیکھئے۔ تنبل۔

نَبِهَ (س) نَبَهًا لِلْاَمْرِ: سمجھ جانا۔

نَبَهَ (س) نُبْهًا مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا۔

نَبُهَ (ن) و نَبِهَ (س) و نَبُهَ (ک) نَبَاهَةً شریف ہونا۔ مشہور ہونا۔ صفت نَابِهٌ و نَبَهٌ و نَبُهٌ و نَبِيْهٌ.

نَبَّهَهٗ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار کرنا ہٗ عَلٰى او اِلَى الْاَمْرِ: واقف کرنا۔ جتلانا۔ نَبَّهَ بِاسْمِهٖ مشہور کرنا۔ گمنامی سے نکالنا۔

اَنْبَهَ الْحَاجَةَ: بھولنا۔ ہٗ مِنَ النَّوْمِ: بیدار کرنا۔

تَنَبَّهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا عَلٰى او لِلْاَمْرِ: واقف ہونا۔ سمجھ جانا۔

اِسْتَنْبَهَ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار ہونا۔

النُبْه. سمجھ۔

النَبَه. مص۔ کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش و جستجو کے مل جائے۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَالَّةَ نَبَهًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پالیا۔ مشہور۔ شئے موجود۔

النَبَاهَة. شرافت۔ سمجھ۔ شہرت۔

النَابِه و النَبَه و النَبُه و النَبِيْه. شریف۔ سمجھ دار۔ شہرت والا۔ ج نُبَهَاء اَمْرٌ نَابِهٌ: بڑا کام۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَهٌ" مرد شریف و "قَوْمٌ نَبَهٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے لیے اس لیے کہ مصدر ہے)

النَبَاه. اوپر کو نکلا ہوا بلند۔

المَنْبَهَة. سبب بیداری۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَةٌ عَلٰى كَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے۔

رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الْاِسْمِ: مشہور و معروف۔

نَبَا يَنْبُو نَبْوَةً و نُبُوًّا و نُبِيًّا بَصَرُهٗ: نگاہ کا دھندلا ہونا۔ صفت نَابٍ الشَّيْئُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (نَبْوًا و نَبْوَةً) السَّيْفُ عَنِ الضَّرِيْبَةِ تلوار کا اچٹ جانا جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا الطَّبْعُ عَنِ الشَّيْئِ: نفرت کرنا عَنِ الشَّيْئِ: زائل ہونا بِيْ فُلَانٌ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِيْ تِلْكَ الْاَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی الْمَكَانُ بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا عَلَيْهِ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: کھرا نہ ہونا۔ صاف نہ ہونا۔

نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا۔ یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے۔

اَنْبَى السَّيْفَ: تلوار کو کند کرنا۔

النَبْوَة. مص۔ نَبْوَةُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی

(والنباوة) بلند زمین۔
النبی والنبوّة: پیغامبر و پیغامبری۔
(دیکھئے مادہ نبأ) والنبیَّ مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین۔
النَبائة۔ شرافت و ریاست کی طلب۔ پیش قدمی۔
النَبْوُ. بلندی وارتفاع۔
النَابِی. چوکنے والی تلوار یا تیر۔ موٹا۔ لڑائی میں پشت پھیرنے والا۔
النَابِیه. النابی کامؤنث۔ کمان۔
نَتَّتْ (ض) نَتِیْتا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَتَّ (ن) نَتًّا و نَتِیْتًا مِنْخَرُہٗ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
نَتَّتَ الْخَبَرَ: بیان کرنا۔
تَنَتَّتَ الرَّجُلُ: صفائی کے بعد گندہ ہونا۔
النُتَّةُ. چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔
نَتَاَ (ف) نَتْاً و نُتُوْءًا. الشَّیُٔ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ بلند ہونا۔ پھولنا الْقَرْحةُ: زخم کا سوجنا الثَدْیُ: پستان ابھرنا الجَارِیَةُ: بالغ ہونا عَلَی القَوْمِ: ظاہر ہونا۔
اِنْتَتَاَ الشَّیُٔ: بلند ہونا۔
النَاتِیُٔ. فا۔ ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ۔ اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے نَاتِیْ جیسے قاریٔ و قَارِی.
النُتُوْء. مص (والنَتْاَة) ٹیلہ۔
نَتَبَ (ن) نُتُوْبًا الشَّیُٔ: بمعنی نَتَا.
نَتَجَ (ض) نَتْجًا الْمَاخِضَ مِنَ الْبہائِم: بچّہ جننے میں خبر گیری کرنا۔ صفت نَاتِجٌ. بھیمة کو مَنْتُوْجَة اور بچّے کو نَتِیْجَةٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَهَا وَلَدًا" اس نے بچّہ جنوایا۔ و نَتَجَ الرَّجُلُ الْحَامِلَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچّہ دیا۔ نَتَجَ الشَّیُٔ مِنَ الشَّیُٔ: نتیجہ نکلنا۔
نَتَجَتْ و نُتِجَتْ نَتَاجًا و اُنْتِجتْ الْبَهِیْمَةُ وَلَدًا: جننا۔ و نُتِجَ الْوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحابَ" بارش برسانا۔ نُتِجَ القَوْمُ: بچّہ والی مویشی کا مالک ہونا۔
نَتَّجَ. بمعنی نَتَجَ. تشدید تکثیر کے لیے ہے۔
اَنْتَجَ الْقَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔
اَنْتَجَتِ الْبَهِیْمَةُ: جننے کے قریب ہونا۔ صفت نَتُوْج اور مُنْتِجٌ نہیں کہا جاتا۔ اَنْتَجَ الشَّیَٔ مِنَ الشَّیِٔ نتیجہ نکالنا۔
اَنْتَجَتِ الرِّیْحُ السَحَابَ: بارش برسانا۔
تَنَتَّجَتِ الْبَهِیْمَةُ: ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا۔ اِنْتَتَجَتْ و تناتجتِ الْاِبِلُ: بچّہ جننا وانْتَتَجَتِ النَّاقَةُ غیر معروف جگہ میں بچّہ دینا۔ اِسْتَنْتَجَ. بچّہ جنوانا۔ نتیجہ نکالنا۔
النِتَاج. جانوروں کے بچّہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَاقة نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل ہے۔
النَتِیْجَة. بچّہ۔ نتیجہ۔ ج نتائج. اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلَانٍ نتائج" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں۔
النَاتِج. فا۔ لِلْبَهائم: جنانے والا۔
النَتُوْج. حاملہ چوپایہ۔
المَنتِج. بچّہ جننے کا وقت۔
المِنْتَجَة. دبر۔
نَتَحَ (ن ض) نتحا و نُتُوْحًا الْعَرْقُ: پسینہ نکلنا الدَّسمُ من الْاناء: چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَهُ الحرُّ: پسینہ لانا۔
اِنْتَتَحَ الشَّیَٔ: اُکھیڑنا۔
النَتْح. مص۔ پسینہ۔
النُتُوْح. مص۔ درخت کا گوند۔
زِقٌّ نَتَّاحٌ. ٹپکنے والی مشک۔ المَنْتِح. جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَناتِح.
المِنْتَحَة. دبر۔
نَتَخَ (ض) نَتْخا الشَّیَٔ: اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَخَ الْقَلَّاعُ الضَّرْسَ" دانت اُکھیڑنے والے نے داڑھ اُکھیڑ لی و نَتَخَتْهُ الْمَنِیَّةُ مِنْ بَیْنِ قَوْمِهٖ" موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نتخ البازی اللّحم: باز کا چنگل سے جھپٹا مارنا۔ الّنه بِبَصَرِهٖ: دیکھنا الثوب بالذهب: سونے سے بننا فُلَانًا: اہانت کرنا (نَتِیخًا و نَتَخ) بِالْمَکَان: اقامت کرنا نَتَخَ عَلٰی مِلَّةِ کَذَا: ثابت قدم رہنا۔
المِنْتَاخ. موچنا۔ تم کہتے ہو "نَتَخْتُ الشَّوْکَةَ مِنْ رِجْلِی بِالْمِنْتَاخِ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔
نَتَرَ (ن) نَتْرًا الشَیَٔ: سختی سے کھینچنا۔ اچک لینا الْقَوْسَ: کمان کھینچنا الثَّوْبَ بالْاَصابع او الاَضْراس: کپڑے کو پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا الْکَلَامَ: درشت کلامی کرنا ہٗ بِالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
نَتِرَ (س) نَتَرًا الشَّیُٔ: فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔
اِنْتَتَرَ. کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَرہٗ فَانْتَتَرَ" اس نے اسے سختی سے کھینچا وہ کھنچ گیا اِنْتَتَرَ فی مَشْیَتِهٖ چلتے ہوئے ٹیک لگانا۔
النَتْرُ. مص۔ کام میں کمزوری و سستی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "قَابَلْتُهٗ بِنَتْرٍ" میں نے اس کا سختی سے مقابلہ کیا "وَاطْعَنُوْا النَتْرَ" زور سے نیزہ مارو۔
النَتْرَة. نتر کا اسم مرة۔ پار ہو جانے والی ضرب نیزہ۔ ج نَتَرات.
النَاتِرَة: تانت ٹوٹی ہوئی کمان۔ ج نواتر کہا جاتا ہے کَلَّمْتُهٗ مُنَاتَرَةً میں نے اِس سے بلند آواز سے گفتگو کی۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا الشَّوْکَةَ و نَحْوَهَا: نکالنا الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا اللحْمَ و نَحْوَهٗ: گوشت وغیرہ کو دانت سے نوچنا الْجَرَادُ الْاَرْضَ: زمین کی سبزی کھا جانا الرَّجُلُ لِعَیَالِهٖ: کمائی کرنا ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا الْحَجَرَ بِرِجْلِهٖ: پتھر کو پاؤں سے ہٹا دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَتَشْتُ مِنْ فُلَانٍ شَیْئًا" میں نے فلاں سے کچھ نہیں حاصل کیا اور کچھ نہیں لیا۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا و تَنْتَاشًا الرَّجُلَ: پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرنا۔

اَنْتَشَ النَّبَاتُ: نباتات کا زمین سے ظاہر ہونا (قبل اس کے کہ پہچانی جاسکے کہ کیا ہے)۔

النَّتْشُ. ابتدائی روئیدگی۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْتَاش. موچنا۔

تَنَاتِيشُ الدَّيْنِ: قرض کا بقایا۔

نَتَضَ (ن) نُتُوضًا الجِلْدُ: داد وغیرہ جیسے مرض سے چھلکے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے اِنْتَضَتِ السِّنُّ السِّنَّ۔

نَتَعَ (ن ض) نُتُوعًا الدَّمُ مِنَ الجُرْحِ او الماءُ مِنَ العَيْنِ: خون کا زخم سے یا پانی کا چشمہ سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔ صفت ناتِع۔

اَنْتَعَ الرَّجُلُ: سخت پسینہ آنا۔ القَيْءُ: بہت قے ہونا۔

نَتَغَ (ن ض) نَتْغًا الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔ تہمت رکھنا۔

اَنْتَغَ. ہنسی اڑانا۔ ہ: غیبت کرنا۔

المِنْتَغ. وہ شخص جس کی عادت لوگوں کی غیبت کرنے کی ہو۔

نَتَفَ (ض) نَتْفًا و نَتَّفَ و اِنْتَتَفَ الشَّعْرَ او الرِّيشَ و نَحْوَهُ: بال یا پر نوچنا۔ اُکھیڑنا

نَتَفَ فِي القَوْسِ: آہستہ کھینچنا۔

اَنْتَفَ الكَلَأُ: اُکھیڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْتَتَفَ و تَنَتَّفَ و تَنَاتَفَ الشَّعْرُ او الرِّيشُ: بال یا پر اُکھیڑ اجانا۔

النُّتْفَة. گھاس وغیرہ جو انگلیوں سے اُکھیڑی جائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ نُتْفَةً مِنَ الطَّعَامِ وغیرہ" یعنی اس نے اسے تھوڑا سا کھانا دیا۔ اور ایسا ہی "اَفَادَهُ نُتْفَةً مِنْ عِلْمٍ" اس نے اسے تھوڑا سا علم سکھلایا۔ ج نُتَف۔

النُّتَفَة. وہ شخص جو علم وغیرہ کو پوری طرح سے حاصل نہ کر سکے۔

النُّتَاف والنُّتَافَة. جو اُکھیڑتے ہوئے گرے۔

النَّتْف والنَّتِيف. اُکھیڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "غُرَابٌ نَتِفُ الجَنَاحِ" پر و بال نچا ہوا کوا۔

النَّتُوف. داڑھی کے بال اُکھیڑنے کا شائق۔

المِنْتَاف. موچنا۔ چمٹی۔

نَتَقَ (ن ض) نَتْقًا الجِرَابَ: توشہ دان کو جھاڑنا الجِلْدَ: کھال اتارنا الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ ہلانا۔ بلند کرنا۔ پھیلانا۔ نَتَقَتِ المَرْأَةُ او النَّاقَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ صفت ناتِق و مِنْتَاق۔ عوام النَّتَق والنِّتَاق کو قے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اس سے افعال بناتے ہیں۔

نَتَقَ (ن ض) نُتُوقًا. موٹا ہونا۔

نَتِقَت (ض) نَتْقًا و نُتُوقًا الدَّابَّةُ راکبها و براکبها: چوپایہ کا اپنے سوار کو تھکا دینا۔

اَنْتَقَ. توشہ دان جھاڑنا۔ بہت بچوں والی عورت سے نکاح کرنا۔ اپنا گھر غیر کے گھر کے مقابل بنانا۔

اِنْتَتَقَ الشَّيْءُ: کھنچ جانا الجِرَابُ: توشہ دان جھاڑا جانا۔

النَّاتِق. فا۔ آگ دینے والا چقماق۔ گھوڑا جو اپنے سوار کو تھکا دے۔ ماہ رمضان۔ کہا جاتا ہے "بنى دارهُ نِتاقَ داري" اس نے اپنا گھر میرے گھر کے سامنے بنایا۔

نَتَلَ (ض) نَتْلًا الشَّيْءَ: آگے کھینچنا۔ فلانًا: ڈانٹنا۔ الجِرَابَ: توشہ دان جھاڑنا یا سب کچھ نکال دینا۔ (نَتْلًا و نُتُولًا و نَتَلانًا) مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ: آگے بڑھ جانا۔

اِنْتَتَلَ. سبقت کرنا۔

تَنَاتَلَ النَّبْتُ: پیچیدہ ہونا اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا۔

اِسْتَنْتَلَ مِنْ بَيْنِ اصحابه. پیش قدمی کرنا لِلْاَمْرِ: تیاری کرنا۔ القَوْمُ عَلَى المَاءِ: پانی پر پہلے پہنچ جانا۔

النَّتْل والنِّتَل. شتر مرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑے کے زمانہ میں دور دور میدانوں میں زمین کے اندر دبا دیا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں جب پانی کی ضرورت پڑے تو کام آئے۔

رَجُلٌ نَتْلٌ: مرد پستہ قد۔

النَّتِيلَة. وسیلہ۔

نَتِنَ (ض) و نَتَنَ (س) نَتْنًا و نَتُنَ (ک) نَتَانَةً و نُتُونَةً و اَنْتَنَ. بدبودار ہونا۔ صفت نَتْنٌ و نَتِينٌ و مُنْتِنٌ و مِنْتِنٌ اور نَتِنٌ کی مؤنث نَتْنَى جیسے زمن کی زَمْنَى۔

نَتَّنَ الشَّيْءَ: بدبودار کرنا۔

النَّيْتُون. ایک بدبودار درخت۔

المِنْتِين. بدبودار۔ ج مَنَاتِين۔ کہا جاتا ہے "رِجالٌ او آباطٌ مَنَاتِين" بدبودار لوگ۔ یا بدبودار بغل۔

المَنَاتِن. بدبو کی جگہیں۔ واحد مَنْتَن۔

نَتَا يَنْتُو نُتُوًّا العُضْوُ: سوجنا۔ صفت نَاتٍ۔

اِنْتَى اِنْتِنَاءً. پیچھے ہٹنا۔ ہ: صورت و سیرت میں مشابہ ہونا۔

تَنَتَّى عليه: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔

اِسْتَنْتَى اِسْتِنْتَاءَ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔

نَثَّ (ن ض) نَثًّا الخبرَ: پھیلانا۔ الجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔

نَثَّ (ض) نَثًّا و نَثِيثًا الزِّقُّ: مشک کا ٹپکنا الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔

تَنَاثَّ القَوْمُ الاَخْبَارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔

النَّثُّ. مص۔ نمناک دیوار۔

النِّثَاث. زخم پر لگانے کا تیل۔

النَّثِيثَة. مشک سے ٹپکا ہوا۔

النَّثَّاث والمِنَثُّ. بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔

النُّثَّاث. غیبت کرنے والے۔ واحد نَاثٌّ۔

المِنَثَّة. اون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَنَاثٌّ و مِنَثَّات۔

نَثَجَ (ض) نَثْجًا بَطْنَهُ بالسِّكِّين: پیٹ پھاڑنا۔ ما فی بطنه: آنتوں کو خالی کر دینا۔

اِسْتَنْثَجَ. احد العد لين: ڈھیلا پڑ جانا۔

النَّثْج. بزدل۔ بے برکت۔

المِنْثَجَة. دبر۔

نَثَدَ (س) نُثُوْدًا الرجلُ: ٹھہرنا الکمأۃ: سانپ کی چھتری کا اُگنا۔
نَثَر (ن ض) نَثْرًا و نِثَارًا الشَّئَ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا الدِّرْعَ مِنْهُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نثرتِ المرأۃُ بطنَها" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "واخذ فُلانٌ دِرْعا فنثرها علی نفسِه" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔
نَثَرَت (ض) نثِيرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کیلئے ہے جیسے عُطاس آدمیوں کے لئے۔
اَنْثَرَ۔ناک جھاڑنا ہُ: ناک کے بل گرانا۔
نَثَّرَ الشَّئَ: بکھیرنا۔
تَنَثَّرَ و تَنَاثَرَ و اِنْتَثَرَ الشَّئُ: بکھرنا۔کہا جاتا ہے "تناثرَ القومُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔
اِنْتَثَرَ و اِسْتَنْثَرَ۔ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔
النَّثْر۔مص۔ضد نظم۔
النَّثْرَۃُ۔نثر کا اسم مرۃ کلام نثر کا ایک ٹکڑا۔ نتھنا اور اس کا ارد گرد۔چھینک۔کشادہ زرہ۔ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
النِّثْر والمِنْثر والنَّيْثُران۔بہت بولنے والا۔بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔
رَجُلٌ نَثُوْرٌ او امْرَأۃٌ نَثُوْرَۃٌ۔بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔
النَّثِيْر۔بکھیرا ہوا۔کلام نثر۔کہا جاتا ہے "كَانَّ لَفْظَهُ نثير الدُّرِّ و الدُّرُّ النَّثِيْرُ" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔
النُّثَارَۃ والنُّثَار والنَّثر۔بکھری ہوئی چیزیں۔
النِّثَار ~ مص۔شادی کے موقعہ پر جو بکھیرا جائے۔
النَّاثِر۔فا۔نثر بولنے والا یا لکھنے والا۔نخلۃٌ نَاثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المُنَثَّر۔مثع۔ہیچ و ناکارہ آدمی۔
المِنْثَار۔کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المَنْثُوْر۔مثع۔من الکلام: ضد منظوم
المَنْثُوْر: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ۔واحد مَنْثُوْرَۃ
نثطه (ن) نثطًا فُلانًا: بوجھل کرنا۔ الکمأۃ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (نثطًا و نثوطًا) ساکن ہونا؛ قرار پانا۔
نَثَّطَهُ. آرام دینا۔
اَنْثَعَ۔بہت قے کرنا القَیْئَ او الدمَ: قے یا خون نکلنا۔
نَثَلَ (ن) نَثْلًا الفرسُ و كُلُّ ذی حافرٍ: لید کرنا۔
نَثَلَ (ن ض) و انتثل البئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا الجرابَ: توشہ دان خالی کرنا الکِنَانَۃَ: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا۔ نثل الدِّرْعَ عنهُ: زرہ کو اتار پھینکنا اللَّحْمَ فِي القِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈالنا علی فُلانٍ دِرْعَهُ: زرہ پہنانا۔اور کہا جاتا ہے "نُثِلَتْ حَفْرَتُهُ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔
اَنْثَلَ البئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
تَنَاثَلَ القَوْمُ اِلَيْهِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔
اِسْتَنْثَلَ الكِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔
النَّثَل۔کھودا ہوا۔کہا جاتا ہے "بئرُكَ نَثَلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔
النَّثْلَۃ نثل کا اسم مرۃ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔کشادہ زرہ۔
النَّثِيْل۔لید۔
النُّثَالَۃ والنَّثِيْلَۃ کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔بقیہ النَّثِيلَة: موٹا گوشت۔
المِنْثَلَۃ زنبیل۔
نَثَمَ (ض) نَثْمًا و اِنْتَثَمَ۔فحش بکنا۔
نَثَا يَنْثُو نَثْوًا الحديثَ: بیان کرنا۔پھیلانا الشَّئَ: متفرق کرنا فُلانًا: غیبت کرنا علیهِ قَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔
تَنَاثَى القَوْمُ الحدِيثَ: آپس میں ایک دوسرے سے کہنا الشَّئَ: ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَّاثِي۔فا۔غیبت کرنے والا۔
النَّثْوَۃ. لوگوں کی عیب جوئی۔
النَّثَا۔کسی کے متعلق اچھی یا بری خبر۔
نَثَى يَنْثِي نَثْيًا الخبرَ: بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثَى مِنَ الشَّئِ: ناک بھوں چڑھانا۔فُلانًا: غیبت کرنا۔
نَجَّ (ض) نَجًّا و نَجِيْجًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔صفت نَجُوج القَرْحَةُ: زخم سے مواد بہانا۔
نَجَّ (ن) نَجًّا الشَّئَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے پھینکنا۔
نَجَأَهُ (ف) نَجْأً و تَنَجَّأَهُ و اِنْتَجَأَهُ نظر بد لگانا۔
رَجُلٌ نَجُوُ العينِ و نَجُوْؤُها و نَجَنُها و نَجِيْئُها۔بہت تیز نظر لگانے والا۔
نُجْأَۃُ السَّائِلِ: مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔
نَجُبَ (ک) نَجَابَةً الوَلَدُ: شریف الاصل ہونا۔قول و فعل میں لائق ستائش ہونا۔صفت نَجِيْبٌ.
نَجَبَ (ض ن) نَجْبًا و نَجَّبَ و اِنْتَجَبَ الشَّجَرَۃَ: درخت سے چھال اتارنا۔ و اِنْتَجَبَ الشَّئَ: چننا۔برگزیدہ کرنا۔
اَنْجَبَ۔شریف الاصل ہونا الرَّجُلُ: شریف بچوں کا باپ ہونا۔بزدل بیٹے کا باپ ہونا۔اور کہا جاتا ہے "انجب بِهِ ابواهُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔
اِسْتَنْجَبَ۔شرفا کو طلب کرنا۔
النَّجَب والنُّجَبَۃ. سخی۔شریف۔فیاض۔
النَّجَبُ مِنَ الشَّجَرِ: چھال یا جڑ کی چھال۔
النَّجابَۃ. شرافت۔
النَّجِيْب۔شریف۔شریف خاندان۔ج اَنْجَاب و نُجَبَاء و نُجُب مؤنث نَجِيْبٌ و نَجِيْبَۃٌ۔ج نَجَائِب. نَجَائِبُ الشَّئِ و نَوَاجِبُهُ: کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔خالص۔

المنجاب (مذکر مؤنث) ج مناجیب
والمُنجب ج مناجب ۔مؤنث مُنجبة:
شریف اولاد والا ہونا ۔ المنجاب: ست و
کمزور بغیر پروپیکان کے تیر۔ کریلنی۔
المنجوب ۔کشادہ برتن۔
نجث (ن) نجثا و تنجث عن الامر:
کھود کرید کرنا ۔ تفتیش کرنا الشیٔ: نکالنا
نجث القوم: قوم سے فریاد کرنا۔
تناجث القوم الاخبار: ایک دوسرے
کے سامنے ظاہر کرنا۔
انتجث واستنجث الشیٔ: نکالنا
استنجث للشیٔ: درپے ہونا۔
النُجث والنُجُث ۔دل کا غلاف ۔زرہ۔
مکان۔ ج انجاث
رجل نجث ۔خبروں کی تلاش و جستجو رکھنے
والا۔
النجاث ۔امور کی کھود کرید کرنے والا۔
النجیث ۔مخفی بھید۔ نشانہ۔ ست۔
النجیثة. بری خبر جو ظاہر ہو جائے۔ کنوئیں
اور جوہڑ کی مٹی۔
نجح (ف) نجحا و نُجحا و نجاحا
الامر: آسان و سہل ہونا۔ نُجحت حاجة
فلان و نجح فلان بحاجته: کامیاب و فتح
مند ہونا۔
نجّحه کامیاب کرانا۔
انجح ۔کامیاب و فتح مند ہونا اللّٰہ حاجته:
حاجت پوری ہونا۔ صفت مُنجح ج مناجح
و مناجیح وانجح فلان بالباطل: باطل
پر غالب ہونا و انجح الباطل بفلان: باطل
کا غالب ہونا۔
تنجّح الحاجة: وعدہ کرنے والے سے پورا
کرنے کو کہنا۔
تناجحت علیه احلامه او مساعیه:
پے بہ پے درست ہونا۔
استنجح فلانا حاجته: حاجت پوری
کرنے کو کہنا۔
النجاح والنُجح ۔س۔ کامیابی۔

النجاحة. صبر۔
الناجح ۔فا. سیر ناجح: سخت اور تیز
چال۔
النجیح ۔درست رائے۔ کہا جاتا ہے "رای
نجیح" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور
اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں ۔صابر
۔مؤنث نجیحة ۔کہا جاتا ہے "نفس
نجیحة. سیر نجیح" تیز چال ۔مکان
نجیح: قریب جگہ۔
نجخ (ف) نجخا ۔فخر کرنا النوء: پچھتر کا
جوش میں آنا السیل: یکبارگی زور سے آنا۔
البعیر: بدہضمی والا ہونا ۔صفت نجخ
البئر: کنواں کھودنا۔
تناجخ الموج: موج کا ایک دوسرے سے
ٹکرانا۔ تناجخا: باہم فخر کرنا۔
الناجخ ۔فا۔ کھانسنے والا۔ ناجخ البحر:
سمندر کا شور۔ الناجخ والنجوخ ۔شور
کرنے والا سمندر۔ سیل ناجخ: بہت تیز بہاؤ
کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔
ناجخة الماء و نجیخه. پانی کی آواز۔
النُجاخ ۔کھانسنے والے کی آواز۔
نجخات الماء: پانی کی بوچھاریں۔
النجیخة مکھن جو دودھ کے برتن میں
کناروں پر چپک جائے۔
امرأة نجاخة ۔وہ عورت جس کی اندام
نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول
بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔
نجدہ (ن) نجدا ۔مدد کرنا۔ غالب ہونا۔
نجد (ن) نُجودا الامر: واضح ہونا
البدن عرقا: بدن سے پسینہ بہنا الشیٔ من
الارض: نکلنا۔
نجد (س) نجدا الرجل: کام یا گھبراہٹ
سے پسینہ آنا۔ صفت نجد ۔ تھکنا۔ بلید ہونا۔
نُجد نجدا الرجل: غمگین ہونا ۔صفت
منجود و نجید.
نجد (ک) نجدة و نجادة دلیر ہونا
دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا

کرنے والا ہونا (نجودا) واضح ہونا۔ ظاہر
ہونا۔ صفت ناجد و نجد.
نجد البیت: مکان کو آراستہ کرنا النجاد
الفرش: فرش ساز کا فرش کو بنانا اور سینا
الدهر فلانا: تجربہ کار بنانا الرجل: دوڑنا۔
ناجده مناجدة ۔مدد کرنا ۔مقابلہ کرنا۔
جنگ کے لیے نکلنا۔
انجده ۔مدد کرنا۔ انجد الرجل: پسینہ والا
ہونا۔ نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔ اپنے
اہل و عیال سے قریب ہونا البناء: عمارت کا
بلند ہونا الدعوة: قبول کرنا ۔انجدت
السماء: بادل سے صاف ہونا۔
تنجد الشیٔ: بلند ہونا۔
استنجد ۔دلیر ہونا فلانا و به: مدد طلب
کرنا علیه: خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔
نجد ۔س۔ ملک نجد۔
النجد ۔بلند زمین ۔ج انجد و نُجد و
نجاد و نُجود و انجاد و انجدة. کہا جاتا
ہے "هو طلاع انجد و انجدة و نجاد
و طلاع النجاد" وہ مشکل امور پر غالب
آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طلاع
الثنایا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔
النجد: مکان کی آرائشگی کا سامان ۔ج نجاد
و نُجود. النجد: ماہر رہنما۔ درختوں سے
خالی جگہ۔ کرب و غم۔ پستان۔ بلند راستہ۔
رجل نجد و نجد و نجد ۔دلیر مرد
۔دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا
کرنے والا۔ دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے
والا۔ ج انجاد.
النجد ۔پسینہ ۔گھر کا سامان ۔بچھونا ۔پردہ
وغیرہ۔ ج انجاد.
النجدة. س۔ اسم مرة بہادری و دلیری
۔طاقت و سختی ۔کہا جاتا ہے "لاقی فلان
نجدة" فلاں سختی میں پڑ گیا ۔مقاتلہ
۔گھبراہٹ ۔ج نجدات.
النجاد ۔پرتلہ ۔کہا جاتا ہے "هو طویل
النجاد" وہ لمبے پرتلے والا ہے ۔کنایہ ہے

طویل القامت ہونے سے۔
النجادۃ. فرش سازی کا پیشہ۔
النجید ۔بہادر۔ایسے امور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کر دیں۔شیر۔غمگین۔ج نُجُد و نُجداء.
الناجد ۔فا۔مؤنث ناجدۃ ج نواجد.
النجّاد ۔فرش ساز۔
نُجُود البیت: مکان کو آراستہ کرنے کیلئے دیواروں کے پردے۔
النَجُود مِن الابلِ والاُتنِ: لمبی گردن والا ۔چلنے میں آگے رہنے والا ومِنَ النساء: عقلمند عورت۔شریف عورت۔ج نُجُد.
الناجود ۔شراب۔شراب کا برتن۔خون زعفران۔ج نواجید.
المِنْجد ۔عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے ۔چھوٹا پہاڑ ج مناجد.
المِنْجدۃ. اون وغیرہ دُھننے کا لکڑی کا اوزار؛ جانوروں کو ہانکنے کیلئے چھوٹی سی چھڑی۔ج مَناجد.
رَجُلٌ مِنْجاد ۔بہت مدد کرنے والا مرد۔
المَنْجُود ۔مغموم۔ہلاک ہونے والا۔
نَزَفَ (ض)نَزْفًا. ماءَ البِئْرِ: کنوئیں سے سارا پانی نکال ڈالنا البِئْرَ: کنوئیں کا پانی نکالا جانا دَمَ فُلانٍ: پچھنا یا فصد سے خون نکالنا عَبْرَتَهُ: آنسو ختم کرنا الدَّمُ فُلانًا: بہت خون نکل جانا۔
نُزِفَ ماءُ البِئْرِ: کنوئیں سے سارا پانی نکال جانا الرَّجُلُ: بے عقل ہونا یا بدمست ہونا فی الخُصُوْمَةِ: حجت و دلیل سے خاموش ہو جانا و نُزِفَ الرَّجُلُ دَمًا: نکسیر چل کے سارا خون نکل جانا۔
نَزِفَتْ (س)نَزَفًا عَبْرَتُهُ: آنسو خشک ہونا۔
اَنْزَفَ البِئْرَ: کنوئیں سے سارا پانی نکال لینا۔ العَبرات: آنسو ختم کر دینا۔اَنْزَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکل جانا۔ اَنْزَفَ الرَّجُلُ: نادار ہونا۔ بدمست ہونا۔ بے عقل ہونا۔ جھگڑے میں حجت منقطع ہونا۔
اِسْتَنْزَفَ. الدَّمْعَ و الماءَ: سب نکال لینا۔
النَّزْف. مص۔نَزْفُ الدَّمِ: خون کا بہنا۔
النُّزْف. کنوئیں کا پانی نکالنا۔ بہت خون نکل جانے سے کمزوری۔
النَّازِف. فا۔عِرْقٌ نَازِفٌ: رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزَّف.
النُّزْفَة. تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزَف.
النَّزُوْف. کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔
نَزَافِ. اسم فعل بمعنے امر۔ کہا جاتا ہے "نَزَافِ ماءَ البِئْرِ" یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔
النَّزِیْف والنَّزُوْف. کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان

والا۔ النَّزِيف: بدمست۔ بخار زدہ۔ بئر
زِيف: کم پانی والا کنواں۔ المَنْزُوف: بے
عقل۔
المِنْزَفَة: جس سے پانی نکالا جائے۔ ڈھیکلی۔
نَزِق (س نَزَقًا و نُزُوقًا) الرَّجُلُ: غصہ کی
وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا۔
صفت نَزِق۔ مؤنث نَزِقَة (نَزَقًا) الإِنَاءُ:
برتن کا لبالب ہونا۔
نَزَق (س و نزق (ض ن نَزْقًا و نُزُوقًا
الفرسُ: گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔
نَزَق (ض نَزْقًا) الإِنَاءَ: برتن کو لبالب
کرنا۔
نَزَّق وَأَنْزَق الفرسَ: گھوڑے کو کودانا۔
نَزَق الرَّجُلُ فِي الضَّحِكِ: بہت زیادہ
ہنسنا۔
فُلَانٌ: عقل کے بعد خفیف العقل ہونا
لنعيمُ فُلَانًا: کسی پر برانگیختہ کرنا۔
نَازَقَهُ نِزَاقًا و مُنَازَقَةً: قریب ہونا۔ گالی
دینا۔
تَنَازَقَا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
النَّزَق: س۔ کسی جہالت و حماقت کی وجہ سے
جلد بازی۔ مَكَانٌ نَزِقٌ: قریب جگہ۔
النَّزْقَة: اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اچھل کود۔
النَّيْزَق: نَيْزَك میں لغت ہے بمعنی چھوٹا نیزہ
ج نَيَازِق۔
النِّزَاق والنزقة: مِنَ النُّوق: سرکش
اونٹنی۔ النِّزَاق: تیز رفتار اونٹنی۔
المُنَازِق: بہت باتیں کرنے والا۔
نَزَكَهُ (ن نَزْكًا): نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ برا
کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔
النَّزَّاك والنُّزَك: بہت عیب لگانے والا۔
النَّزِيكَات: شریر لوگ۔
النَّيْزَك: چھوٹا نیزہ۔ ج نَيَازِك۔ النيازك
ٹوٹے ہوئے ستارے۔
نَزَلَ (ض نُزُولًا مِنْ عُلُوٍ إِلَى أَسْفَلَ:
اترنا۔ بِهِ الأَمْرُ: واقع ہونا۔ فُلَانٌ عَنِ
الحَقِّ: چھوڑ دینا (نِزَالَة) مسافرت کرنا۔ کہا

جاتا ہے "مَا زِلْتُ أَنْزِلُ" میں ہمیشہ سفر کرتا
رہا۔ (نُزُولًا و مَنْزَلًا و مَنْزِلًا) القَوْمَ و
بِالقَوْمِ و عَلَى القَوْمِ: قوم کے پاس اترنا۔
نَزِلَ (س نَزْلَةً) الرَّجُلُ: زکام میں مبتلا ہونا
نُزِلَ (نَزْلًا) الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا۔ المَكَانُ: سختی
کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ
ہونا۔
نَزَّلَهُ: اتارنا۔ نَزَّلَ الشَّيْءَ: مرتب کرنا
الشَّيْءَ مَكَانَ الشَّيْءِ: قائم مقام کرنا۔ الله
كَلَامَهُ عَلَى أَنْبِيَائِهِ: تدریجاً وحی نازل کرنا۔
القَوْمَ: منازل میں اتارنا۔ الحاسبُ الرَّقْمَ:
رقم لکھنا۔
أَنْزَلَ إِنْزَالًا و مُنْزَلًا الشَّيْءَ: اتارنا۔ نزل
الضَّيْفَ: مہمان اتارنا۔ الله الكلامَ: یکبارگی
وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "أَنْزَلَ حَاجَتَهُ
عَلَى كَرِيمٍ" اس نے اپنی حاجت کریم کے
سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست
کی۔
نَازَلَهُ نِزَالًا و مُنَازَلَةً فِي الحَرْبِ: مقابلہ
میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے "حَارَبُوا
بِالنِّزَالِ" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر
گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔
تَنَازَلَ القَوْمُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر
سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اتر کر
جنگ کرنا۔ القَوْمُ فِي السَّفَرِ: کبھی اس کے
پاس کبھی اس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے
استعمال میں تنازل الرَّجُلُ کے معنی درجے
سے اترنے کے ہیں۔
تَنَزَّلَ: آہستہ آہستہ اترنا۔ عن الحَقِّ: حق
چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلَانًا: اتارنا۔
اِسْتَنْزَلَهُ: اتارنا۔ اِسْتَنْزَلَهُ عَنْ رَأْيِهِ أَو
حَقِّهِ: رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے
لیے کہنا۔ اسْتُنْزِلَ فُلَانٌ: مرتبہ سے اتار دیا جانا۔
النُّزْل والنُّزُل: کھانا جو مہمان کے سامنے
پیش کیا جائے۔ ج أَنْزَال۔ النُّزُل: بابرکت
کھانا۔ المُنْزَلُ: اترنے والے لوگ۔
النَّزْل والنُّزْل والنَّزَال: کھیتی کی بالیدگی

اور ستھرائی۔ داد و دہش و فضل۔ النُّزُل:
بارش۔ رَجُلٌ ذُو نُزُلٍ: بہت داد و دہش والا۔
بابرکت ج أَنْزَال۔ أَنْزَالُ القَوْمِ: قوم کی
روزیاں۔
النُّزْل: جمع شدہ۔ نُزُول۔
النَّزَل: جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ
جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ
نَزِلٌ۔
النَّزْلَة: نَزَلَ کا اسم مرۃ۔ اور کہا جاتا ہے
"لَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى" اس نے اس کو یقیناً
دوسری مرتبہ دیکھا۔ زکام؛ نزلہ۔ أَرْض
نَزْلَة: عمدہ کھیتی والی زمین۔ اور کہا جاتا ہے
"تَرَكْتُهُمْ عَلَى نَزَلَاتِهِمْ و نَزِلَاتِهِمْ"
میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔
النِّزَالَة: سخت زمین ہونے کی وجہ سے
تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔
النُّزَالَة: سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِي
نُزَالَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ و
"فُلَانٌ مِنْ نُزَالَةِ سُوءٍ" فلاں لئیم باپ سے
ہے۔
النَّازِلَة: النَّازِلُ کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج
نَازِلَات و نَوَازِل۔
النَّزَّال: بہت اترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے
والا۔
المُنَزَّلَة: گوشت اور بینگن سے تیار کیا ہوا
کھانا۔
النَّزِيل: مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے
"ثَوْبٌ نَزِيلٌ" کامل کپڑا "فُلَانٌ نَزِيلِي"
فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے۔ ج
نُزَلَاء۔
التَّنْزِيل: س۔ ترتیب۔ اوپر سے نیچے اترنا۔
المَنْزِل: اترنے کی جگہ۔ مکان۔ چشمہ۔ ج
مَنَازِل۔
المَنْزُول: مہمان خانہ
المَنْزِلَة: اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا
جاتا ہے لَهُ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ الأَمِيرِ اس کو امیر
کے پاس مرتبہ حاصل ہے۔ وهو رفيع

الْمَنْزِلَةِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے۔
نَزْنَزَ الرَّجُلُ صَبِيَّهَا: سر ہلانا، ماں کا بچے کو دانا، نچانا۔
نَزَهَ (ن نَزْهًا) الْإِبِلَ: اُونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔
نَزِهَ (س) نَزَهٌ (ک نَزَاهَةً و نزاهية) برائی سے دور ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ الْمَكَانُ: صحت افزا ہونا۔
نَزَّهَهُ. بری بات سے دور کرنا۔ "نَزَّهَ نَفْسَهُ عَنِ الْقَبِيْحِ" اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا۔ نَزَّهَ اللّٰهَ عَنِ السُّوْءِ: اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا۔
تَنَزَّهَ عَنْ كَذَا: دور ہونا۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "يَتَنَزَّهُ عَنِ الْمَطَامِعِ وَ عَنْ مَلَائِمِ الْأَخْلَاقِ" وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے۔ فُلَانٌ: سیر کو نکلنا۔
اِسْتَنْزَهَ عَنْ كَذَا: دور ہونا۔ فُلَانٌ: سیر و تفریح کو جانا۔
النَّزْهُ والنَّزِهُ والنَّزِيْهُ. پاک دامن۔ برائیوں سے دور۔ نُزَهَاءُ و اَنْزَاهٌ و نِزَاهٌ. مَكَانٌ نَزْهٌ و نَزِهٌ و نَزِيْهٌ: لوگوں سے دور جگہ۔ صحت افزا مقام۔
النُّزْهَةُ. اسم ہے تَنَزَّهَ سے بمعنی سیر و تفریح نُزَهٌ. اور کہا جاتا ہے "هُوَ بِنُزْهَةٍ مِنَ الْمَاءِ اَوْ عَنِ الْمَاءِ" وہ پانی سے دور ہے۔
النَّزْهُ والنَّزَاهَةُ. برائی سے دور۔
النَّازِهُ. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَازِهُ النَّفْسِ" وہ پاک دامن ہے۔
الْمُتَنَزَّهُ. سیر و تفریح کی جگہ۔
نَزَا يَنْزُو نَزْوًا و نُزُوًّا و نَزَوَانًا. کودنا۔ عَلَيْهِ: کسی پر گرنا اور روندنا۔ الذَّكَرُ عَلَى الْاُنْثٰى: جفتی کرنا۔ اور النِّزَاءُ والنُّزَاءُ اور اس کا استعمال چوپایوں کے لئے ہے۔ نَزَا بِهِ قَلْبُهُ اِلٰى كَذَا: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ نَزَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا اچھلنا کودنا۔ نَزَا الطَّعَامُ: غلہ کا گراں ہونا۔ (نَزَوَانًا) بچ کر نکل بھاگنا۔
نُزِيَ نَزْوًا الرَّجُلُ: سارا خون نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ جُرْحٌ فَنُزِيَ مِنْهُ فَمَاتَ" اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مر گیا۔
نَزَّاهُ تَنْزِيَةً و تَنْزِيًا۔ انْزَاهُ اِنْزَاءً. کودانا جفتی کرانا۔
تَنَزّٰى تَنَزِّيًا اِلَى الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔
اِنْتَزٰى اِنْتِزَاءً. برائی کی طرف جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَزٰى عَلٰى اَرْضِ كَذَا فَاَخَذَهَا" اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا۔
النَّزْوَةُ. کودائی۔ ہر چھوٹی چیز۔
النَّازِيُّ: نازی عقیدہ والا۔
النَّازِيَّةُ: جرمنی لوگوں کا قومی عقیدہ۔
النَّازِيَه. النَّازِي کا مؤنث۔ تیزی و تیز روی۔ کم گہرا پیالہ۔ اَكَمَةٌ نَازِيَةٌ اردگرد سے بلند ٹیلہ۔
النَّزِيُّ والنَّزَّاءُ والمُتَنَزِّي. بہت اچھل کود والا۔
النَّزِيَّةُ. النَّزِيُّ کا مؤنث۔ بادل۔ کم گہرا پیالہ
النَّزِيَّةُ: اچانک شوق۔ اچانک مصیبت۔ کلہاڑی کی دھار۔
نَسَّ (ض ن نَسًّا و نَسِيْسًا) النَّاقَةَ: ہانکنا اور ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ يَنُسُّ اَصْحَابَهُمْ" یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا۔ (نَسًّا و تَنْسَاسًا) الْقَوْمُ: پانی پر پہنچنا۔
نَسِيْسًا و نُسُوْسًا) الْخُبْزُ اَوِ اللَّحْمُ. روٹی یا گوشت کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ: جلدی سے ہر کام پر گزرنے والا ہونا۔
نَسَّ (ض نُسُوْسًا) الْحَطَبُ: لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا۔ فُلَانٌ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
نَسَّسَ الْمَاشِيَةَ: جانور کو چلانا۔ الصَّبِيَّ: بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرانے کے لیے اِس اِس کہنا۔
اَنَسَّ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔
تَنَسَّسَ مِنْهُ الْاَخْبَارَ: سُن گُن لینا۔ خبردار ہونے کی کوشش کرنا۔
النَّاسُّ. فا۔ خُبْزٌ نَاسٌّ: خشک روٹی۔
النَّسِيْسُ. مص۔ ہانکا ہوا۔ سخت بھوک۔ پوری کوشش۔ لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے۔ نُسُسٌ و النَّسِيْسَةُ) طبیعت۔ النَّسِيْسُ: جسم میں بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنْهُ نَسِيْسَهُ وَ نَسِيْسَتَهُ" یعنی مرنے لگا۔ النَّسِيْسَةُ: چغل خوری۔ تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو۔ نَسَائِسُ.
النُّسُسُ. ردی جڑیں۔
التَّنْسَاسُ. مص۔ تیز چال۔
المِنَسَّةُ والمِنْسَاسُ. لاٹھی۔
نَسَاَ (ف نَسْاً) الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا۔ اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا۔ فی: لسی پلانا۔ نَسَاَتِ الْمَاشِيَةُ: موٹائی ظاہر ہونا۔ (نَسْاً و مَنْسَاةً) الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَسَاَ اللّٰهُ اَجَلَهُ وَفِي اَجَلِهِ" مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا۔ فُلَانًا: نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔ الْبَيْعَ وَ فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا (نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهُ ادائیگی قرض کے لیے مہلت دینا۔
اَنْسَاَ اِنْسَاءً الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْسَاَ اللّٰهُ اَجَلَهُ وَ فِيْ اَجَلِهِ" عمر دراز کرنا۔ الْبَيْعَ وَ فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا۔ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ دور ہونا۔
نَسَّاَ تَنْسِئَةً. ڈانٹ کر ہانکنا۔
اِنْتَسَاَ عَنْهُ. پیچھے ہونا۔ اِنْتَسَاَتِ الْاِبِلُ فِي الْمَرْعٰى: اونٹوں کا چراگاہ میں دور ہونا۔
اِسْتَنْسَاَ غَرِيْمَهُ: قرض خواہ سے ادائیگی قرض کی مہلت مانگنا۔
النَّاسِئُ. فا۔ موٹا (حیوان یا انسان) نَسَاَةٌ.
النَّسَاءُ. درازی عمر۔
النَّسْءُ. مص۔ لسی۔ بہت پانی والا دودھ۔ عقل زائل کرنے والی شراب۔ موٹاپا یا موٹاپے کی ابتدا۔

النِسْء. گھل مل کر رہنے والا آدمی۔

النُسْأة والنَسِيْئَة. تاخیر۔ کہا جاتا ہے باعَهُ بنَسِيْئَة اس نے ادھار بیچا۔

النَسِيّ. تاخیر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

المِنْسَاة والمَنْسَاة والمِنْسَأة والمَنْسَأة چرواہے کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِي عَنْكَ لَمُنْتَسَأً" میرے لیے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔

نَسَبَ (ن ض) نَسَبًا و نِسْبَةً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا۔ دریافت کرنا۔ نَسَبَهُ اِلٰى فُلَان: نسبت کرنا۔ نَسَبًا و نَسِيْبًا و نِسْبَةً) الشَّاعِرُ بِالْمَرْأَةِ: تشبیب کہنا۔ غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔

نَاسَبَهُ مُنَاسَبَةً. مشابہ ہونا۔ مناسب ہونا۔ نسب میں شریک ہونا۔

تَنَسَّبَ الرَّجُلُ اِلَيْكَ: ہم نسب ہونے کا دعویٰ کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْقَرِيْبُ مَنْ تَقَرَّبَ لَا مَنْ تَنَسَّبَ" قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعویٰ ہم نسبی کرے۔

تَنَاسَبَا. باہم مشابہ ہونا۔ تَنَاسَبَ الْقَوْمُ اِلٰى اَحْسَابِهِمْ: منسوب ہونا۔

اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا۔ نسب ذکر کرنا۔ اِلٰى اَبِيْهِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَنْسَبَ. نسب بیان کرنا

الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔

النَسَب. مص۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ ج اَنْسَاب

النِسْبَة والنُسْبَة. قرابت۔ دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق۔ اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ۔ اور کہا جاتا ہے "بِالنِّسْبَةِ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں چیز کے لحاظ سے۔

النَسِيْب. مص۔ مناسب۔ رشتہ دار۔ صاحب نسب۔ لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لئے "نَسِيْبٌ نَاسِبٌ" کہا جاتا ہے جیسا "شِعْرٌ شَاعِرٌ" اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے ج نُسَبَاء و نُسَبَاء (جیسے شریف و شرفاء)

النَسَابَة. رشتہ داری۔

النَسَّاب. جسابون والنَسَّابَة ج نَسَّابَات. نسب کا علم رکھنے والا۔

الاَنْسَب. اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الشِّعْرُ اَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ" یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔

النِّسْبِيَّةُ : فلسفی مذہب جو علم و معرفت کی طرف نسبت رکھتا ہے۔

المُنَاسِب. فا۔ رشتہ دار۔ مشابہ۔

المَنْسُوْب. مف۔ شعر منسوب: عشقیہ شعر خَطٌّ مَنْسُوْبٌ : مطابق قاعدہ۔ ج مَنَاسِيْب.

نَيْسَبَ بَيْنَهُمَا : چغل خوری کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔

النَيْسَب. چیونٹیوں کی قطار۔ چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (والنَيْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔

النَاسُوْت. طبیعت انسانی۔ ناس میں واو تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔

نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔ الكَلَامَ: خلاصہ کرنا۔ آراستہ کرنا۔ الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا۔

الغَيْثُ النَبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا۔ نَسَجَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ او المَاءَ: لہریں پیدا کرنا۔ نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔

اِنْتَسَجَ. بنا جانا۔

النَسْج. مص۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَسْجُ اليَمَنِ" کپڑا یمن کا بنا ہوا۔

النِسَاجَة. بننے کا پیشہ۔

النَسَّاج. بننے والا۔ کلام کو آراستہ کرنے والا۔ جھوٹا۔

النَسِيْج. بنا ہوا۔ ج نُسُجٌ کہا جاتا ہے "هُوَ نَسِيْجُ وَحْدَهُ" وہ صفات محمودہ میں بے نظیر و لاثانی ہے۔ النُسُج جائے نمازیں۔

النَسِيْجَة. نسیج کا مؤنث۔ ج نَسَائِج

المِنْسَج والمَنْسِج. بننے کا کرگہ۔

المِنْسَج والمَنْسِج من الدَابَّة: چوپایہ کی گردن کی جڑ سے مونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔

المِنْسَج والمِنْسَاج. کرگہ۔

نَسَحَ (س) نَسْحًا. لالچ کرنا۔

نَسَحَ (ف) نَسْحًا التُرَابَ : مٹی کا بکھیرنا۔

النَسْح والنُسَاح. کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔

المِنْسَاح. غبار اڑانے کا آلہ۔

نَسَخَ (ف) نَسْخًا الشَّيْءَ: زائل کرنا۔ باطل کرنا۔ مثلاً الكِتَابَ: نقل کرنا۔

نَاسَخَهُ مُنَاسَخَةً. ایک دوسرے کو محو کرنا۔

تَنَاسَخَا. ایک دوسرے کو محو کرنا۔

تَنَاسَخُوا الشَّيْءَ ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنا تَنَاسَخَتِ الْاَزْمِنَةُ" پے در پے آنا تَنَاسَخَ الْوَرَثَةُ : تقسیم میراث سے پہلے بعض وارثوں کا مر جانا۔

اِنْتَسَخَ الشَّيْءَ: زائل کرنا۔ الكِتَابَ: نقل کرنا۔ الشَّيْءُ الشَّيْءَ: کسی چیز کا کسی چیز کے قائم مقام ہونا۔

اِسْتَنْسَخَ الشَّيْءَ: بمعنی نسخہ۔ لکھنے کو کہنا۔

بَلْدَةٌ نَسِيْخَة و نُسَخِيَّة. دور کا شہر۔

النُسْخَة. کتاب نقل کی ہوئی۔ کتاب جس سے نقل کی جائے۔ ج نُسَخ۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ القَاضِي نُسْخَتَيْنِ بِحُكْمِهِ" قاضی نے اپنے فیصلے کی دو کاپیاں کیں۔

النَاسِخ. فا۔ کتابوں کا نقل کرنے والا۔

التَنَاسُخ. مص۔ آواگون۔ روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل اور اس کو تقمص ہونا بھی کہا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ "تناسخیہ" کہلاتے ہیں تَنَاسُخُ الْاَزْمِنَةِ والقُرُوْنِ: زمانہ کا یکے بعد دیگرے آنا۔

نَسَرَهُ (ن) نَسْرًا عَنْهُ: اتارنا۔ ادھیڑنا۔

الجُرحَ اللحم: شگاف کر دینا۔الرَّجلَ: تہمت لگانا۔ بدگوئی کرنا۔
نَسرہٗ (ض ن)نَسرًا البازی: باز کا چونچ سے نوچنا۔
نَسَر الحَبلَ: رسّی کا بل کھول دینا۔ توڑ دینا۔
تَنَسَّر: گدھوں کا شکار کرنا۔الحبلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔الجرحُ: زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ بہ جانا۔الثَّوبُ و نَحوُہٗ: کپڑے کا گھس گھس کے پھٹنا۔تَنَسَّرتِ النِّعمۃُ عن فُلانٍ: متفرق ہونا۔
اِنتَسَر طَرفُ الحَبلِ: رسّی کے کنارے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِستَنسَر الطَّائرُ: قوت میں گدھ جیسا ہونا اور اسی سے مثل ہے"اِنَّ البُغاثَ بِاَرضِنَا یَستَنسِرُ بغاث" ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام ہماری زمین میں گدھ ہو جاتا ہے یعنی کمزور قوی ہو جاتا ہے۔
النَّسرُ: بتثلیث النون والفتح اشھر وافصح۔ گدھ۔ اس کی کنیت ابو الابرد و ابو الاصبع و ابو مالک و ابو المنہال و ابو یحیٰی ہے۔ اور مادہ گدھ کی کنیت اُمّ قشعم"۔ ج نُسُورٌ و اَنسُر و نِسار۔
النَّسرُ: گھوڑے کے سم کے اندرونی حصّہ میں غدود ج نُسُور۔ النَّسرانِ: دو ستارے جن میں سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہیں۔
النَّاسُور: ناسور۔ زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا رہے۔ ج نَوَاسِیر۔
النُّسارِیَّۃ: عقاب۔
المِنسَر والمَنسِر: شکاری پرندہ کی چونچ
المِنسَر والمَنسِر: لشکر کا ایک حصّہ جو بڑے لشکر کے آگے آگے چلے۔ تیس سے چالیس تک یا چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو تک گھوڑوں کا گلہ۔ ج مَناسِر۔
النَّسرِین: گل سیوتی۔ واحد نَسرِینَۃ۔
النُّسُط: وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار ہونے کے وقت بچے کو باہر نکال لیں۔

نَسَغَت (ف)نَسغًا و نُسُوغًا و نَسَغَتِ الاَسنانُ: ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔نسغ فُلانٌ فِی الارضِ: جانا۔(نُسُوغًا) الشَّیُٔ: لمبا ہونا۔
اَنسَغَ الرجلُ: پڑوسیوں کیلئے ایذا رساں ہونا۔ بادِ شمالی میں داخل ہونا۔
اِنتَسَغَتِ الابلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔
النَّاسِغ: فا۔ لمبی گردن۔
النِّسع: ہاتھ کا جوڑ۔ کجاوہ کسنے کی چوڑی رسّی یا تسمہ۔ اس کے ایک ٹکڑے کو النِّسعَۃ کہتے ہیں۔ ج نِسَع و نِسع و نُسُوع و اَنساع۔ و اَنساعُ الطَّرِیقِ: راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں کی ٹانگوں سے پڑ جائیں۔
النِّسع و الرِّیحُ النِّسعِیَّۃ والمِنسع: بادِ شمالی۔
النُّسُوع: مص۔ لمبائی۔
المِنسَعۃ: زمین جس کی پیداوار لمبی لمبی ہو۔
نَسَغَ (ف)نَسغًا اللبنَ بالماءِ: دودھ میں پانی ملانا۔نسغہٗ بالسَّوطِ: چابک مارنا۔ فُلانًا: تہمت لگانا۔ہٗ بکلمۃٍ: طعن و تشنیع کرنا۔
الخُبزۃ: روٹی پر لوہے سے یا کسی اور چیز سے گودنا۔نسغتِ الواشمۃُ بالابرۃِ: گودنے والی عورت کا سوئی چبھونا۔فی الارضِ: جانا۔
نَسَغَت و نَسِغَتِ الاَسنانُ: دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کی جڑوں کا ڈھیلا ہو جانا۔نَسَغَتِ الشَّجرۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔ نَسغہٗ: نیزہ مارنا۔
اَنسَغَتِ الشَّجرۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔الفَسِیلَۃَ: درخت کے پودے کا نرم حصّہ کو نکالنا۔ہٗ: نیزہ مارنا۔ہٗ بالسَّوطِ: چابک مارنا۔
اِنتَسَغَتِ الابلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔الرَّجلُ: سوچ بچار کرنا۔
النَّاسِغ: فا۔ رجلٌ ناسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر ج نُسَّغ۔

النُّسغ: درخت کٹنے کے بعد جو نمی نکلے۔
النَّسِیغ: پسینہ۔
المِنسغۃ: سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے والی عورت گودتی ہے یا پرندہ کے پروں کا یا لوہے کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی پر نشان کرتا ہے۔
نَسَفَ (ض)نَسفًا البناءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا۔الجبالَ: پہاڑوں کو گرا دینا۔الشَّیَٔ: چھاننا۔الحَبَّ بالمِنسَفِ: غلّہ کو چھاج سے پھٹکنا۔ (و انتَسَفَتِ) الرِّیحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔
نَسَفَہٗ (ن)نَسفًا و نُسُوفًا: دانت سے کاٹنا۔تَسَفَ الاِناءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔
اِنتَسَفَ البناءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا۔الشَّیَٔ: اکھیڑنا۔انتسفوا الکلامَ بینھم: کم کرنا اور پوشیدہ کرنا۔الکلامَ: خوف کی وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا۔الرِّیحُ الشَّیَٔ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اڑانا۔
اُنتُسِفَ لَونُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔
تَنَسَّفَ فِی الصِّراعِ: کشتی میں پچھاڑ دینا۔
تَناسَفا الکلامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔
النُّسفَہ بتثلیث النون والنسفۃ: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔ ج نُسَف و نَسف و نُسُف و نِساف۔
النَّسِیفَۃ: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔
النُّسافَۃ: غلّہ کا پھوٹرن۔ دودھ کے جھاگ۔ زمین سے جو غبار اٹھے۔
النَّسِیف: بھید۔ گدھے کے دانت کاٹنے کا نشان۔ کلامٌ نَسِیفٌ: پوشیدہ گفتگو۔ شیٔ نَسِیفٌ: چھانی ہوئی چیز۔
النَّسُوف: اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے۔ ج مَناسِیف۔ عقبۃٌ نَسُوفٌ: لمبی دشوار گزار گھاٹی۔
النَّسّاف و النُّسّاف: ایک پرندہ ہے جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سینگ کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ج نَساسِیف۔
النُّسفان من الآنیۃ: لبالب چھلکتا ہوا

برتن۔
المِنسَف والمَنسِف۔ گدھے کی تھوتھنی۔ ج مَناسِف۔ المِنسَف: چھاج۔ سوپ۔
المِنسفة۔ چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا ایک آلہ۔
نسق (ن)نسقًا الدُّرَّ ونحوهٗ: موتی پرونا۔ الکلامَ: کلام کو ترتیب دینا۔
نسّق الشئَ: ترتیب وار رکھنا۔
ناسق بینهما: دونوں کو ترتیب سے کرنا۔
انسق الرَّجُلُ: سجع کہنا۔
انتسقت و تناسقت و تنسّقت الاشیاءُ: منظم ہونا۔ بالترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے تناسق کلامُهٗ اس کا کلام بالترتیب ہے۔ صفت متناسق
النسق۔ باترتیب۔ کہا جاتا ہے "جاء القومُ و جائت الخیلُ نسقًا" لوگ بالترتیب آئے۔ گھوڑے ترتیب کے ساتھ آئے۔" و "غرستُ النخلَ نسقًا" میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں لگایا۔" وھٰذا دُرٌّ نسقٌ و کلامٌ نسقٌ و ثغرٌ نسقٌ"
حروف النَّسَق والنسْق: حروف عطف۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا نسقٌ علٰی ھٰذا" یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔
النسیق۔ بالترتیب۔ منظم۔
نسك (ن)نسكًا و نِسكًا و نُسُكًا و نُسوكًا و نَسكةً و مَنسَكًا الرَّجُلُ: زاہد وعابد ہونا۔ للّٰه: نفلی عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا۔ (نسكًا) الثَّوبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔
البیتَ: گھر میں آنا۔ طریقةٍ جمیلةٍ: مداومت کرنا۔
نسُك (ک)نساكةً۔ زاہد وعابد ہونا۔
تنسّك۔ زاہد وعابد بننا۔
النُّسك بتثلیث النون والنُّسُك۔ عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ المَنسك۔ مانوس جگہ۔

النُّسك والنُّسُك۔ نذر جو اللہ کیلئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ والنُّسك۔ چاندی سونے کا ٹکڑا۔ جرمانے کا ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے "من فعل کذا و کذا فعلیه نُسك" جس شخص نے ایسا اور ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔
النَّسیك۔ سونا۔ چاندی۔
النَّسیكة۔ ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج نسائك۔
النّاسك۔ فا۔ عابد ۔ زاہد۔ ج نُسّاك۔
عُشبٌ ناسكٌ: بہت سبز گھاس۔ ارضٌ ناسكةٌ: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔
المَنسَك۔ مانوس جگہ۔ (و المنسِك) قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مناسك و مناسِكُ الحجِّ: افعال وارکان حج۔
المنسوك۔ مع ثوبٌ منسوكٌ۔ پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فرسٌ منسوكةٌ: چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ ارضٌ منسوكةٌ: کھاد ڈالی ہوئی زمین۔
نسل (ن)نسلًا الصوفَ او الریشَ: جھاڑنا اور گرانا۔ الولد و بالولد: جننا۔ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔
نسَل (ن)نُسولًا الریشُ او الصوفُ: پر یا اُون کا جھڑنا اور گرنا۔
نسَل (ض ن)نسلًا و نسلًا و نسلانًا فی مشیه: تیز چلنا۔
انسل الصوفَ او الریشَ: اُون یا پر گرانا۔ الصوفُ: اون گرانا۔ الولدَ: پیدا کرنا فی عدوه: تیز دوڑنا۔ القومَ: آگے بڑھ جانا۔ الدّابّةُ: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔
تناسل القومُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا۔ بنو فلان: بہت اولاد والے ہونا۔
النَّسل۔ مص۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج انسال۔
النَّسل۔ مص۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ سبز انجیر کا دودھ۔
النُّسال۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نُسالة۔
النَّسیل۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ موم سے جدا شدہ شہد۔
النسیلة۔ نسیل کا واحد۔ اولاد۔ بتی۔ موم سے جدا شدہ شہد۔
النسولة من المواشی: مویشی جو نسل بڑھانے کے لیے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔
النّاسل۔ فا۔ تیز رفتار۔ ج نُسّل۔
النسول والنسال۔ تیز دوڑنے والا۔
نسم (ض)نسمًا البعیرُ الارضَ بخفّه: اُونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔
نسَمت (ض)نسمًا و نسیمًا و نسمانًا الرّیحُ: ہوا کا آہستہ چلنا۔ نسمًا و
نسِم (س)نسمًا) الشئُ متغیر ہونا۔ نسم البعیرُ: سوراخ دار کھر والا ہونا۔
نسُم (ک)نسامةً المكانُ: پانی کا رسنا۔
نسّم فی الامر: شروع کرنا۔ النسمةَ: زندہ کرنا۔ آزاد کرنا۔ الاسیرَ: قیدی کو رہا کرنا۔
ناسمه مناسمةً و نساما۔ چپکے چپکے بات کہنا۔
تنسّم الرَّجُلُ: سانس لینا۔ تنسّمت الرّیحُ ہوا کا آہستہ چلنا۔ المجمرُ: چنگاری کا بھڑکنا۔ تنسّم المكانُ بالطّیب: خوشبو سے مہک اٹھنا۔ فلانٌ الخبرَ او العلمَ: آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تنسّمتُ منه علمًا" میں نے اس سے علم حاصل کیا۔ الرّیحَ: بو سونگھنا۔ بو محسوس کرنا۔ الولدُ جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔
النّاسم۔ فا۔ قریب الموت مریض۔
النَّسم۔ مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ ج انسام۔ النسم: ناک۔ نسمہ۔ بمعنی روح کی جمع۔ مٹا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّسَمة۔ حمام وغیرہ کے راستے۔
النَّسَمة۔ زندگی کا سانس۔ ہر جان دار انسان

ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ جسم و
نسمات النسمۃ: سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا
ہے "اصابہ نسمۃ" یعنی اس کا سانس چڑھ
گیا۔
النسیم. مس۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ نسائم
اور بھاری بھرکم آدمی کے لیے کہا جاتا ہے "ہو
ثقیل الظل بارد النسیم."
النیسم. نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔
الاناسم. لوگ (نیسم کی جمع الجمع ہے
) کہا جاتا ہے "ما فی الاناسم مثلہ" یعنی
لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔
المنسم. للابل: اونٹ کے کھر کا کنارہ۔ ج
مناسم. المنسم: علامت۔ راستہ۔
مذہب۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "الی این
منسمك" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔
نسنس الطائر: پرندہ کا تیز اڑنا۔ نسنست
الریح: ہوا کا چلنا۔ نسنس البعیر: اونٹ کو
ڈانٹنا اور ہانکنا الاجل: کمزور ہونا۔
النسناس. شکل انسانی پر ایک خیالی جانور
عند العامۃ: بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔
نسناس الانسان وغیرہ: مشقت اور
صبر۔
النسناس. سخت بھوک۔
نسا ینسو نسوۃ الرجل: کام چھوڑ دینا۔
انساہ انساء الشئ: چھوڑنے کا حکم دینا۔
النسا. ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی
ہے۔ تثنیہ نسوان و نسیان انساء.
النسوۃ. مص۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔
النسوۃ والنسوۃ والنساء والنسوان
والنسون والنسنین. عورتیں (یہ سب
المراۃ کی جمع ہیں) نسوۃ نسوۃ
کی طرف نسبت کے لیے نسوی و نسوی
اور تصغیر نسیۃ نسیات بھی کہا جاتا
ہے۔
المنسو. عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔
نسی ینسی نسی. مبتلائے عرق النساء
ہونا۔ صفت نذکیر و انسی. صفت و
مونث نسیۃ و نسیاء.
نسی ینسی نسیا الرجل. نسا نامی رگ پر
مارنا۔
نسی ینسی نسیا و نسیانا و نسایۃ و
نسوۃ الشئ: بھولنا۔
نسی و انسی الرجل الشئ: فراموش
کرانا۔
تناسی. اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔
النسی والنسی. بھولی ہوئی چیز۔ معمولی
چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل
ہونے والے چھوڑ جائیں۔
النسیان والنساء بہت بھولنے والا۔
النسی بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ
ہونے والا۔
الانسی. پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔
المنسی. مث۔ بھولی ہوئی چیز۔ مبتلاء عرق
النساء۔
المنساۃ. لاٹھی (اس کی اصل منساۃ ہمزہ
کے ساتھ ہے)
نش (ن) نشا الدابۃ چوپایہ کو ہانکنا
المسك و نحوہ: مشک باریک کرنا۔ کوٹنا۔
الشئ: ملانا۔
نش (ض) نشا و نشیشا الماء فی
الکوز الجدید: سکورے میں پانی کا آواز کرنا
اللحم: ہانڈی میں یا سیخ پر آواز کرنا الغدیر:
تالاب کا پانی اترنے لگنا النبیذ: جوش مارنا
الرطب: خشک ہونا نشت اللحمۃ:
گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔
النش. مس۔ ہر چیز کا نصف۔
النشاش. اسم مبالغہ ارض نشاشۃ:
نمناک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔
النشیش. مس۔ پانی کے جوش کی آواز۔
ارض نشیشۃ: شور زمین جس میں کچھ نہ
اگے۔
المنشۃ. مور چھل۔ چوری۔
نشا (ف و ک) نشوا (ک) نشا او نشوءا
و نشاۃ و نشاء و نشاءۃ الشئ: نوپید
ہونا۔ زندہ ہونا الطفل: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا
نشات فی بنی فلان: میری پرورش
بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا۔ اور اسم
النشء. نشات السحابۃ: گھٹا اٹھنا۔
انشاہ انشاءا. پرورش کرنا انشا اللہ
السحابۃ: گھٹا اٹھانا الشئ: نو پیدا کرنا اللہ
الشئ: پیدا کرنا اللہ الخلق: شروع کرنا۔
انشا الحدیث او الکلام: وضع کرنا۔ ابتدا
کرنا۔ اور اسی سے ہے "علم الانشاء" "زید"
عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا فلان دارا:
تعمیر شروع کرنا انشا فلان یضرب:
مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ
میں سے ہے)
من المکان: نکلنا۔ کہا جاتا ہے من این
انشات یعنی تم کہاں سے نکلے۔
نشاہ تنشئۃ. پرورش کرنا نشا اللہ
السحابۃ: گھٹا چڑھانا۔
تنشا تنشوا. الی حاجتہ: اپنی حاجت کے
لیے جانا۔
استنشا استنشاء الاخبار: خبروں کی
حقیقت دریافت کرنا العلم فی المفازۃ
بلند کرنا فلانا قصیدۃ او خطبۃ: قصیدہ یا
خطبہ کی فرمائش کرنا۔
النشء. مص۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "ہو نش
سوء او من نش سوء" وہ بری نسل سے
ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ ناشی اسم فاعل کی
جمع۔ چڑھا ہوا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر
ہو نشیء۔
النشی. بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔
النشاۃ والنشیئۃ. نباتات کی نازک
کونپلیں النشیئۃ: النشاۃ.
الناشی. فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا
لڑکی۔ ج نشء و نشا و ناشئۃ (خلاف
قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج
نواشی۔
الناشئۃ. ناشی کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی
حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے

بعد اٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نواشی۔
المَنْشَأُ۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَوْلِدِیْ و مَنْشَأِیْ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ"۔
المُنْشَأُ و المُسْتَنْشَأُ۔ بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔
نَشِبَ (س) نَشَبًا و نُشُوْبًا و نُشْبَةً الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چمٹنا العَظْمُ فِیْ حَلْقِهِ: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہا جاتا ہے "نَشِبَ فُلَانٌ مَنْشَبَ سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبْتُ اَفْعَلُ کَذَا" یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ یَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً ہی مر گیا (نُشُوْبًا) الحَرْبُ بَیْنَ القَوْمِ: گھسان کی جنگ ہونا الاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا فِیْهِ: خریدنا۔
نَشَّبَهُ و اَنْشَبَهُ فِیْ کَذَا: چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْشَبَ البَازِیْ مَخَالِیْبَهُ فِی الاُخَیْذَةِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔ اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسا لیا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔
نَاشَبَهُ مُنَاشَبَةً الحَرْبَ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔
تَنَشَّبَ فِیْهِ: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِیْ قَلْبِهِ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہو گئی۔
اِنْتَشَبَ فِیْهِ: چمٹنا الحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔
تَنَاشَبُوْا۔ بعض کا بعض کے ساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے ارد گرد بھیڑ لگائی۔
النَّشَبُ۔ مص۔ (و النَّشَبَةُ) جائیداد غیر منقولہ۔ مال و مویشی۔ النَّشَبُ۔ ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
النُّشْبَةُ مص۔ (و النُّشَبَةُ) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔
نُشْبَةُ۔ بھیڑیا کا علم جنس۔
النُّشَّابُ۔ تیر۔ وحد نُشَّابَةٌ۔ ج نَشَاشِیْبُ
النَّاشِبُ۔ فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز۔
النَّاشِبَةُ۔ ناشب کا مؤنث۔ تیر انداز لوگ۔
النَّشِبُ۔ چمٹنے والا۔
النَّشَّابُ۔ بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز و تیر انداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیر انداز مرد۔ قَوْمٌ نَشَّابَةٌ: تیر انداز لوگ۔
المَنْشَبُ۔ چمٹنے کی جگہ۔
المَنْشَبَةُ۔ مال مویشی۔ کہا جاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ۔ تیر کی مانند نقش و نگار والی چادر۔
نَشَجَ (ض) نَشْجًا و نَشِیْجًا البَاکِیْ: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا کھد کھدانا۔ نَشَجَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا۔ المُطْرِبُ: گویّے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔
النَّشْجُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج نِشَاجٌ۔
النَّشِیْجُ۔ مص۔ آواز۔
عَبْرَةٌ نَشِجٌ۔ آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔
نَشَحَ (ف) نَشْحًا و نُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔
النَّشُوْحُ۔ تھوڑا پانی۔
النُّشُحُ۔ مست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ۔
النَّشَّاحُ مِنَ الآنِیَةِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا و نِشْدَانًا و نِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا فُلَانًا: پہچاننا۔ ہ اللّٰهَ و بِاللّٰهِ: قسم دینا۔ نَشَدَ الرَّجُلُ: کسی سے اَنْشُدُكَ اللّٰهَ کہنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُكَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کرو۔ نَشَدَهُ عَهْدَهُ او وَعْدَهُ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔
اَنْشَدَ الضَّالَّةَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالْقَوْمِ: ہجو کرنا زَیْدًا و لِزَیْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُهُ فَاَنْشَدَنِیْ او اَنْشَدَنِیْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔
نَاشَدَهُ مُنَاشَدَةً و نِشَادًا۔ قسم کھلانا۔
نَاشَدَهُ الاَمْرَ و فِی الاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
تَنَشَّدَ۔ الاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔
تَنَاشَدُوْا۔ الاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔
اِسْتَنْشَدَهُ۔ الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے۔ نَشَدْتُكَ و نِشْدَكَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔
النَّاشِدُ۔ فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔ النَّاشِدُوْنَ: گم شدہ کو تلاش کر کے مالک تک پہنچانے والے۔
النِّشْدَةُ۔ مص۔ آواز۔
النَّشِیْدُ۔ آواز کی بلندی (و النَّشِیْدَةُ ج نَشَائِدُ و الاُنْشُوْدَةُ۔ ج اَنَاشِیْدُ: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِیْدُ الاَنْشَادِ بائبل کی ایک کتاب۔
النَّشَّادُ۔ گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔
النُّشَادِرُ و النُّوْشَادِرُ۔ نوسادر (دخیل)
نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا الخَبَرَ: افشا کرنا الشَّیْءَ: بکھیرنا الخَشَبَ: چیرنا عَنِ المَجْنُوْنِ او المَرِیْضِ: منتر پھونکنا۔ نَشَرَتِ الرِّیْحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔
نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا۔ الشَّجَرُ: پتے نکالنا۔ نَشَرَتْ اَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا الاَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُوْرًا اللّٰهُ المَوْتٰی: زندہ کرنا۔ نَشَرَ و نُشِرَ المَوْتٰی: زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُوْنَ۔
نَشِرَتْ (س) نَشَرًا المَوَاشِیْ: رات میں چرنے کیلئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔
نَشَّرَ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا نیز

الْمَرِيْضَ او الْمَجْنُوْنَ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔

أَنْشَرَ اللّٰهُ الْمَيِّتَ: مردہ کو زندہ کرنا الْاَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابل زراعت بنانا الرَّجُلُ: ندی نکالنا۔

تَنَشَّرَ الشَّيْءُ: پھیلنا۔

اِنْتَشَرَ الشَّيْءُ: پھیلنا النَّهَارُ: دن چڑھنا الْخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا الْإِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔

تَنَاشَرُوا الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔

اِسْتَنْشَرَ الْخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔

النَّشْرُ: ج س عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لہ نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔

النَّشْرُ والنَّشَرُ بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا نَشْرًا او نَشَرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشَرُ: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اللّٰهُمَّ اضْمُمْ نَشَرِي" اے اللہ میرے متفرق امور کو جمع کر دے۔

النَّشْرُ والنُّشُوْرُ: س يَوْمُ النَّشْرِ و يَوْمُ النُّشُوْرِ قیامت کا دن۔

النَّشْرَةُ. نشر کا اسم مرۃ۔ بادِ نسیم؛ اشتہار۔ (مولدۃ) ج نشرات۔

النُّشْرَةُ. افسوں۔ منتر۔

النُّشَارَةُ. لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔

النَّاشِرَةُ. النّاشر کا مؤنث۔ نَوَاشِر کا واحد۔ نَوَاشِر ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔

النُّشُوْرُ مِنَ الرِّيَاحِ: بادل اٹھانے والی ہوائیں۔ ج نُشُر۔

النَّشِيْرُ. ازار۔ تہ بند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔

التَّنَاشِيْرُ. بچوں کے سرمشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

الْمِنْشَارُ. آرہ۔ ج مَنَاشِيْر۔ الْمِنْشَار: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو ابُو مِنْشَار بھی کہتے ہیں۔

الْمَنْشُوْرُ. ج س کھلا ہوا شاہی فرمان۔

الْمَنْشَرُ. مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔

الْمَنْشُوْرَةُ. الْمَنْشُوْر کا مؤنث۔ سخی و شریف عورت۔

النِّشْوَارُ. جانوروں کا اصطبل۔

نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِي او عن مَكَانِهِ: بلند ہونا الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا الْقَوْمُ فِي مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لیے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔

نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔

نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوْزًا الْمَرْأَةُ بِزَوْجِهَا و مِنْهُ و عَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِزٌ و نَاشِزَةٌ ج نَوَاشِز۔ نَشَزَ بَعْلُهَا عَلَيْهَا و مِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا بِالْقَوْمِ فِي الْخُصُوْمَةِ: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کیلئے اٹھ کھڑا ہونا۔

نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔

أَنْشَزَ الشَّيْءَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔

اللّٰهُ عِظَامَ الْمَيِّتِ: مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔

النَّشْزُ. س ج نُشُوْز؛ النَّشَزُ ج نِشَاز وأَنْشَاز: بلند جگہ مِنَ الرِّجَالِ: قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔

النَّشَازُ. بلند جگہ۔

النَّاشِزُ. فا۔ جگہ سے ابھرا ہوا۔ نمایاں۔

عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔

النَّشِيْزَةُ والنَّشْزَةُ مِنَ الدَّوَابِّ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے

نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا النَّفْسُ: دھڑکنا الصُّوْفُ او الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّيْءَ: نکالنا فُلَانًا: نیزہ مارنا عَنْ بَلَدِهِ: شہر مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ الْمَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِصٌ۔

أَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ او بَيْتِهِ: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔

نَشَّصَهُ. بلند کرنا۔

تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔

اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔

اِسْتَنْشَصَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔

النَّشَاصُ والنِّشَاصُ. بلند تہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُص و نَشَائِص۔

النُّشُوْصُ والنَّشِيْصُ. کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔

نَشِطَ (س) نَشَاطًا. ہشاش بشاش ہونا فِي عَمَلِهِ او إِلَى عَمَلِهِ: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت نَاشِطٌ و نَشِيْطٌ۔ نَشِطَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہونا۔

نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ إِلَى بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِهِمُ الطَّرِيْقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔

نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا الْعُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا زَيْدًا: نیزہ مارنا۔ نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا هُ إِلَى او فِي الْعَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔

أَنْشَطَهُ. چست بنانا۔ أَنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔ أَنْشَطَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ أَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا الْعُقْدَةَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا

البعیر من عقالہ: اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا الکلأ الدابۃ: موٹا کرنا۔

تنشّط للعمل: ہشاش بشاش ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ "تنشّطت الناقۃ فی سیرھا" تیار ہونا، تیز دوڑنا۔ تنشّط المفازۃ: بیابان کو عبور کرنا۔

انتشط الحبل: رسّی کو کھلنے کیلئے کھینچنا الحبل: رسّی کا کھلنا النشیطۃ: بلا قصد وارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا السمکۃ: مچھلی کے سفنے اتارنا الشیٔ: چھیننا، مضبوط کرنا فلانًا الی کذا: کھینچنا یا بلند کرنا۔ انتشطت الحیّۃ فلانًا: سانپ کا ڈسنا۔

استنشط الجلد: کھال کا سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔

النشط: مص جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا۔

الناشط: فا۔ چست۔ پھرتیلا۔ جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔ طریق ناشط: بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ۔

الناشطۃ: الناشط کا مؤنث ج ناشطات و نواشط۔ والنواشط من المسائل: بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا ناشط ہے۔

النشیط: چست پھرتیلا۔ چست اہل وعیال والا یا چست جانوروں والا۔ ج نشاط و نشاطی

النشوط: ایک قسم کی مچھلی۔ بئر نشوط: گہرا کنواں۔

بئر انشاط و انشاط: کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔

النشیطۃ: النشیط کا مؤنث۔ مال غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔ اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔

الانشوطۃ: گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے "ما عقالک بانشوطۃ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ ج اناشیط۔

المنشط: بہت چست۔

المنشط: خوش دلی۔ کہا جاتا ہے "افعلوا ذلک علی المنشط والمکرہ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔

نشط (ن) نشوط النبات: نباتات کا نمودار ہونا۔

نشع (ف) نشعا لرجل: سکی لینا۔ الشیٔ: سختی سے کھینچنا الطیب: خوشبو سونگھنا فلانًا الدواء: دوا منہ میں ٹپکانا ہ الکلام: تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

نشع (ف) نشوعا: قریب الموت ہو کر صحت پانا۔

نشع نشعا بکذا: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت منشوع بہ۔

انشعہ الدواء: منہ میں دوا ٹپکانا ہ الکلام: تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

انتشع: ناک میں دوا ٹپکانا الشیٔ: سختی سے کھینچنا۔

النشوع: ناک میں ڈالنے کی دوا۔ دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے۔ ہر وہ چیز جو سانس کو پھلادے۔

الناشع: ابھرا ہوا۔

النشع: خراب مزے کا پانی۔

النشاعۃ: ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔

المنشع والمنشعۃ: منہ یا ناک میں ٹپکانے کی دوا کا برتن۔

نشغ (ف) نشغا الماء: پانی بہنا ہ بالرمح: نیزہ مارنا ہ الکلام: تلقین کرنا۔ سمجھانا الصبی: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا الماء: اوک سے پانی پینا الرجل: سکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے۔

نشغ الصبی: بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا بالشیٔ: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت منشوغ بہ۔

انشغ عنہ: علیحدہ ہونا ہ الکلام: تلقین کرنا۔ سجھانا۔

تنشّغ: سکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے (و ناشغ و انتشغ) الکلام: سیکھنا اور حاصل کرنا۔

الناشغ: فا۔ ج نُشّغ۔ مؤنث ناشغۃ ج نواشغ و ناشغات۔ النواشغ: وادی میں بہنے کی نالیاں۔

النشغۃ: لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ موت کے وقت کی بہت ہلکی ہچکی۔ ج نشغات۔

النشوغ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔ بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

المنشغ والمنشغۃ: منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن۔

نشف (س) و نشف (ن) نشفا الثوب العرق او الحوض الماء: کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا الماء فی الارض: جذب ہونا۔ نشفت البئر: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔

نشف (ض) نشفا الماء: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔

نشّف الماء: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نشّفت الناقۃ: زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت منشف۔ جھاگ والے دودھ والی ہونا۔

انشفہ: جھاگ والا دودھ پلانا۔

تنشّف الثوب العرق: کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا الرجل: چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔

انتشف: جھاگ والا دودھ پینا الوسخ و نحوہ: میل وغیرہ صاف کرنا۔

النشف: پانی کا جذب ہونا۔

النشفۃ و النشفۃ: تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النشفۃ: وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔

النشفۃ: بتثلیث النون و النشفۃ جھانواں۔ ج نشف و نشف و نشف و

نُشف و نشاف.

النُشفة والنَشّافة. پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔

النَشفة والنُشافة. دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُشافة: جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔

اَرضٌ نَشِفة. پانی جذب کرنے والی زمین۔

المِنشفة. رومال۔ تولیہ (مولدہ) ج مناشف.

النَشّاف. وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے ترکر کے تنہا کھائے۔

نَشِق (س) نشقًا و نَشَقًا الرِّيح: بو سونگھنا۔ في الحَبالة. پھندے میں پھنسنا۔

انشقهُ المسك ونحوهُ: مشک وغیرہ سونگھانا الظَبي في الحَبالة: ہرن کو جال میں پھنسانا۔ اور کہا جاتا ہے "انشقتهُ الحِبالة" اس کو جال نے پھنسالیا و النشوق: نسوار سونگھانا۔

تَنَشَّقَ و انتشقَ و استَنشق الماء في انفه. ناک میں پانی ڈالنا۔ تنشق و استنشق الريح او النَشوق. بو یا نسوار سونگھنا۔

النُشقةُ. بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَق.

النشِق. وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پاسکے۔

النَشق والنشق. سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رائحة مكروهة النشق"

النشوق. نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔

المَنشق. ناک۔ ج مناشق

المِنشقة. وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نشل (ن) نُشولا الرجلُ. دبلا ہونا۔ نشلت الفخذ: گوشت والی ہونا۔ صفت ناشلة.

نشل (ض ن) نشلا الشيءَ. جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا الخاتم: انگوٹھی اتارنا نَشلت الحيةُ الرجلَ: سانپ کا ڈسنا اللحم: گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

انشل و انتشل اللحم من القدر: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا ما على العظم بفيه: دانت سے چھڑا کر کھانا۔

النَشيل. مر بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

النشّال. اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کر کے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

النَشيل. کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

المَنشلة. انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

المِنشل والمنشال. کنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مناشل.

نَشِم (س) نشما الثورُ: بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِم.

نَشِمَ اللحم. گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا الارضُ. زمین سے پانی کا رسنا۔ في فلان: بدگوئی کرنا في الشر. برائی میں مشغول ہونا الله ذكر فلان. بلند کرنا۔ شہرت دینا (و تنشّم) في الامر. شروع کرنا۔ تنشّم منه علما: حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

النشم. مر۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "يدي نشمة من الجبن و نحوه" یعنی میرا ہاتھ بودار ہے۔

المَنشم والمنشم ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ منشم. ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اشأم من عطر منشم" المنشم: حب بلسان.

نَشنش نشنشة الجلد: کھال اتارنا۔ الشيءَ: زور سے ہٹانا الثور: بیل کو ہانکنا؛ دھتکارنا الثوب: کپڑے اتارنا الوعاء: برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا السلب: لینا۔ نشنشت القدرُ: ہانڈی کا ابال میں آواز نکالنا۔ نشنش الرجلُ: کام میں جلدی کرنا اللحم: گوشت کو جلدی کھانا الجارية: جماع کرنا۔

تنشنش مطاوع نشنش الشجر: درخت سے چھال اتارنا۔

النشنشة. مر۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

النشناش والنشنش والنُشنشي: عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ ارض نشناشة: زمین شور۔

نشي ينشى نشوة و نشوة ونُشوة و تنشّي وانتشي واستنشي الريح: سونگھنا نشي بالشيء: بار بار کرنا۔

نشي ينشى نشوا و نشوة ونشوة ونُشوة و نشّي و تنشّي و انتشي. مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نشي من الشراب" وہ شراب سے مست ہوا۔

نشي واستنشي الخبر. خبر دریافت کرنا۔

النشا. عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج انشاء (والنشاء) نشاستہ۔

النشاة. خشک درخت۔ ج نشا.

النشوة. اسم مرة۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔

النشوة. تازہ خبر۔

النشية. بو۔ ج نشايا.

النشوان. مست۔ مؤنث۔ نشوى ج نشاوى.

النشيان. پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ نشيانٌ للاخبار او بالاخبار"

نصّ (ن) نصًّا الشيءَ. بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا الحديثَ. حدیث کی سند بیان کرنا الرجلَ: پوری طرح سے دریافت کرنا الناقةَ: اونٹنی کو تیز دوڑانا المتاعَ: سامان

تہ بتہ رکھنا۔ الْعَرُوس دلہن کو حجلۂ عروسی میں بٹھانا فُلَانٌ عُنُقَهٗ گردن اٹھانا الشَّيْئَ ظاہر ہونا۔
نَصَّ (ض) نصیصا الشِّواءُ علی النَّار: بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّت الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَصَّصَ وناصَّ مُناصَّةً غریمَهٗ قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نَصَّصَ الْمَتَاعَ سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فلان تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
انْتَصَّ الشَّيْئُ بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ انْتَصَّ الرُّمْحُ کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ انْتَصَّت الْعَرُوْسُ دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔
تَنَاصَّ الْقَوْمُ ہجوم کرنا۔
النَّصُّ مص۔ صریح کلام۔ ج نُصُوْص۔ والنَّصُّ من کُلِّ شَيْئٍ انجام۔ انتہا۔
النَّصُّ من الْکَلام ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔
النُّصَّة اسم مرة۔ مادہ چڑیا۔
النُّصَّة ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَص و نِصَاص۔
النَّصِیْص نَصِیْصُ الْقَوْم مص۔ لوگوں کی تعداد۔
الْمِنَصَّة حجلہ عروسی۔ دلہن کیلئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
الْمِنَصَّة دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مَنَاصّ اور کہا جاتا ہے "وضع فلان علی الْمِنَصَّة" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَّصَّاص ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هو نصَّاص الانف"
الْمَنْصُوص مث۔ تصریح شدہ۔ معین۔
نَصَاهٗ (ف) نَصْواً پیشانی کے بال پکڑنا۔ الرَّجُل ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصَبَهٗ (ض ن) نَصْباً الْمَرَضُ او الْهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّيْئَ بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا الشَّجَرَة پودہ لگانا لَهٗ الْحَرْبَ کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا لَهٗ الشَّرَّ برائی ظاہر کرنا لَهٗ رایا رائے دینا لِفُلَان: دشمنی کرنا۔ الْکَلِمَة کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا الْامِیْرُ فلانا کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَباً تھکنا فی الْامْر: کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّيْئَ رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَت الْخَیْلُ آذانها گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کیے الامیر فلانا کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
انْصَبَه تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا ہٗ الْمَرَضُ: تکلیف دینا۔ انْصَبَ الْحَدِیْثَ سند بیان کرنا السِّکِّیْنَ چھری کا دستہ لگانا۔
نَاصَبَهٗ مُنَاصَبَةً دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا ہٗ الْحَرْبَ او الْعَدَاوَةَ لڑائی کا اعلان کرنا۔ دشمنی ظاہر کرنا۔
انْتَصَبَ کھڑا ہونا۔ بلند ہونا الْحَرْفُ حرف پر زبر ہونا الطَّاهِي پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا۔
تَنَصَّبَ کھڑا ہونا الْغُبَارُ و نَحْوُهٗ: بلند ہونا۔
تَنَاصَبُوْا الشَّيْئَ باہم تقسیم کرنا۔
النَّصْب مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ نتیجہ عند النُّحَاة ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْعَرَب ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔
النَّصْب حصہ (نصیب میں ایک لغت)
النُّصْب والنُّصُب کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا نُصْبُ عَیْنِي" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بت۔ ج انْصَاب۔ مرض۔ بلا و مصیبت۔ النُّصُب حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نصاب کی جمع۔
الْانْصَاب پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے کیے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔
النَّصَب مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج انْصَاب
النَّصِب بیمار۔ مبتلاء درد۔
النَّصْبَة نصب کا اسم مرة۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لیے پودہ۔
النِّصْبَة گاڑنے کی نوعیت۔
النُّصْبَة ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب۔
النِّصَاب پارلیمنٹ میں بل پاس کروانے کے لئے کورم۔
النِّصَاب اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوۃ واجب ہو۔ ج نُصُب۔
النَّصِیْب حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پھندا ج انْصِبَة وانْصِبَاء و نُصُب۔
النَّصِیْبَة حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب
النَّاصِب فا۔ تیز رفتار۔ هَمٌّ نَاصِب: تھکا دینے والا غم عِنْدَ النُّحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب۔
النَّصَّاب ہر کام میں خود گھسنے والا۔
الانَاصِیْب والتَّنَاصِیْب راستہ پر کھڑے کیے ہوئے نشانات۔
الْانْصَب سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء۔ ناقة نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔
الْمَنْصِب اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے منصب بمعنے عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب۔ کہا جاتا ہے "لفلان منصب" یعنی فلاں کے لیے علو مرتبہ ہے۔
الْمِنْصَب دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب
الْمَنْصَب رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عیش ذو مَنْصَبٍ" رنج و کلفت والی زندگی۔
الْمُنَصَّب مث۔ اسْنَانٌ مُنَصَّبَة خوبصورت ترتیب وار دانت۔

الْمَنْصُوْب. ﷺ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔
الْمَنْصُوْبَة. الْمَنْصُوْب کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوَّى لَهُ مَنْصُوْبَةً" اس نے اس کے لیے حیلہ سوچا۔
نَصَتَ (ض) نَصْتًا و اَنْصَتَ و اِنْتَصَتَ لَهُ: بات سننے کے لیے خاموش رہنا۔ اَنْصَتَهُ: خاموش کرنا۔
تَنَصَّتَ. خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَنْصَتَ. خاموش کھڑا ہونا۔ ہٗ خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔
النُّصْتَة. خاموشی۔
نَصَحَ (ف) نُصْحًا و نُصْحًا و نَصَاحَةً و نِصَاحَةً و نَصَاحِيَةً. فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ و نُصَّحٌ. کہا جاتا ہے "لَا اُرِيْدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا اِنْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔
نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصُوْحًا الشَّيْئُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا تَوْبَتَهٗ: پختہ توبہ کرنا الْعَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا الْعَسَلَ: شہد صاف کرنا الثَّوْبَ: کپڑا سینا الْغَيْثُ الْبَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔
نَاصَحَهٗ مُنَاصَحَةً. ایک دوسرے کو نصیحت کرنا نَفْسَهٗ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔
اَنْصَحَ الرَّاعِيُ الْاِبِلَ: سیراب کرنا۔
تَنَصَّحَ. بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔
اِنْتَصَحَ. نصیحت قبول کرنا فُلَانًا خیر خواہ سمجھنا۔
اِسْتَنْصَحَهٗ. خیر خواہ سمجھنا۔
النِّصَاح. دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ و نِصَاحَةٌ.
النِّصَاحَات. چمڑے اسلئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَة.
النَّاصِح. خالص شہد وغیرہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔
النَّاصِح و النَّصَّاح و النَّاصِحِيّ. درزی۔
النَّصِيْح. خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء.
النَّصُوْح. نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث)
تَوْبَةٌ نَصُوْحٌ: خالص توبہ۔
النَّصِيْحَة. اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِحُ.
غُيُوْثٌ نَوَاصِحُ. لگاتار بارشیں۔
الْمِنْصَحُ و الْمِنْصَحَة. سوئی۔
الْمُتَنَصَّح. ﷺ ثَوْبٌ مُتَنَصَّحٌ. پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِيْ ثَوْبِهٖ مُتَنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔
نَصَرَهٗ (ن) نَصْرًا. مدد کرنا ہٗ مِنْ و عَلٰى عَدُوِّهٖ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الْغَيْثُ الْاَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔
فُلَانًا: دینا۔
نُصِرَتِ الْاَرْضُ. بارش ہونا۔
نَصَّرَهٗ. نصرانی بنانا۔
نَاصَرَهٗ مُنَاصَرَةً. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَنَصَّرَ. نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَهٗ: مدد کی کوشش کرنا۔
تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْاَخْبَارُ" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔
اِنْتَصَرَ. مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا ہٗ مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بدلہ لینا عَلٰى خَصْمِهٖ. غالب ہونا۔
اِسْتَنْصَرَهٗ. مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهٖ: فریاد کرنا فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔
النَّصْر. مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ و قَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنے رَجُلٌ نَاصِرٌ و قَوْمٌ نَاصِرُوْنَ. جمع نَاصِرٌ کی جیسے رُكَّبٌ جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر: بارش۔
النَّصْرَة. نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔
النُّصْرَة. مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔
النَّصْرَانِيّ. شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ لوگ جو حضرت عیسٰی علٰی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ ج نَصَارٰی مؤنث نَصْرَانِيَّة.
النَّصْرَانِيَّة. نصاریٰ کا دین۔
النَّصْرَان. نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَة.
النَّاصِر. فا۔ ج نَاصِرُوْنَ و نُصَّار و نَصْر و اَنْصَار والْاَنْصَار عَلَى الْاِطْلَاق: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لیے اَنْصَارِيّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر. کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِيَ النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔
النَّاصِرَة النَّاصِر کا مؤنث۔ و ناصرہ ایک شہر کا نام جو حضرت عیسٰی علٰی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کیلئے نَاصِرِيّ.
النَّصُوْر و النُّصُر. مددگار۔
النَّصِيْر. مددگار۔ ج نُصَرَاء و اَنْصَار.
النَّصِيْرَة. النَّصِيْر کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر.
النُّصَيْرِيَّة. غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَيْرِيّ.
النَّاصُوْر. ناسور۔ ج نَوَاصِيْر.
النَّصَّار. بہت مدد کرنے والا۔
الْاَنْصَر. غیر مختون۔
الْمَنْصُوْر. ﷺ اَرْضٌ مَنْصُوْرَةٌ: بارش شدہ زمین۔
نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا و نَصَاعَةً الشَّيْئُ: خالص ہونا (نُصُوْعًا) الْاَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی

حق ظاہر ہو گیا اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا الشَّارِبُ. پیاسے کا پیاس بجھانا اُلاُمُّ بِه: جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُمًّا نَصَعَتْ بِه"، اللہ اس ماں کا بُرا کرے جس نے اس کو جنا ہے (و اَنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔ اَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْعُ والنِّصْعُ والنُّصْعُ. بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔

النِّصَعُ. چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِعُ والنَّصِيْعُ. خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَرُ نَاصِعٌ اَبْيَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ"، خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ یعنی خالص حسب۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَصَّاعٌ خالص سرخ۔ حُمْرَةٌ نَصَّاعَةٌ: خالص سرخی۔

المَنَاصِعُ. قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَعٌ۔

نَصَفَهُ (ن ض) نَصْفًا. آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمْرِيْ"، میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ و "نَصَفْتُ الْكِتَابَ"، میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا (نَصْفًا و نَصَافًا و نِصَافًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً الشَّيْءَ: آدھا لینا الْقَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔ الشَّيْءَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔ القَدَحَ: پیالہ سے آدھا پینا (ن) نَصَفَ نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

نَصَّفَ الشَّيْءَ. آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا۔ رَاْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا۔ الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا۔ الْجَارِيَةَ: اوڑھنی اوڑھانا۔ النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

اَنْصَفَ الشَّيْءُ: آدھے تک پہنچنا۔ الشَّيْءَ: آدھا لینا۔ الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا۔ الْمُسَافِرُ: آدھے دن چلنا۔ الْخَصْمَيْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا۔ مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔ فُلَانًا: خدمت کرنا۔ الْمَاءُ الْإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْصَفْتُ الْمَاءَ الْإِنَاءَ"، آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔

نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً. آدھا آدھا بانٹنا۔ نَاصَفَهُ الْمَالَ: آدھا مال دینا۔

تَنَصَّفَ الْاَمِيْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا۔ الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔ فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا الشَّيْءَ: آدھا لینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاكَ بَيْنَنَا"، یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا۔

اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا۔ سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا۔ الشَّيْءَ: آدھا لینا۔

تَنَصَّفَ و اِنْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتِ و اِنْتَصَفَتِ الْجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔

تَنَاصَفَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ. انصاف کرنا مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔

النِّصْفُ. بتثلیث النون: کسی چیز کا آدھا ج اَنْصَافٌ.

النَّصَفُ. درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ"، ج نَصَفُوْنَ و اَنْصَافٌ و اِمْرَاَةٌ نَصَفٌ ج نُصُفٌ و نُصَفٌ و اَنْصَافٌ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانَةَ لَعَلٰى نَصَفِهَا"، یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (والنَّصَفَةُ) انصاف و عدل۔

النِّصْفُ وَقَدْ تُثَلَّثُ النُّوْنُ: انصاف رَجُلٌ نَصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا۔ اور اسی طرح کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ نَصْفٌ و رِجَالٌ او نِسَاءٌ نِصْفٌ"، واحد ہی کا لفظ مذکر مؤنث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔

النَّصِيْفُ. آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ مِنَ الْبُرْدِ: دو رنگوں والی چادر۔

النَّاصِفُ. فا۔ خادم ج نَصَفٌ و نَصَفَةٌ و نُصَّافٌ.

النَّاصِفَةُ: النَّاصِفُ کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ الْمَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِفُ.

النَّصْفَانُ مِنَ الْاٰنِيَةِ وَنَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفٰى.

الْاَنْصَفُ. بہت انصاف کرنے والا اور یہ اَنْصَفَ سے اسم تفضیل خلافِ قیاس ہے۔

الْمَنْصَفُ والْمَنْصِفُ مِنَ الطَّرِيْقِ: راستے کا آدھا۔

الْمِنْصَفُ والْمَنْصَفُ. خادم۔ مؤنث مَنْصَفَةٌ ج مَنَاصِفُ.

الْمُنَصَّفُ. مذ۔ شراب جس کو پکا کر آدھا کر دیا گیا ہو۔

مُنْتَصَفُ الشَّيْءِ و مَنْصَفُهُ. ہر چیز کا درمیان۔

الْمُتَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔ مَكَانٌ مُتَنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا۔ السَّهْمُ: پیکان لگنا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا و نُصُوْلًا مِنْ كَذَا نکلنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنْ نَصْلِهِ"، تیر پیکان سے نکل گیا۔ "و نَصَلَتِ الْخَيْلُ مِنَ الْغُبَارِ"، گھوڑے غبار سے نکل گئے و "نَصَلَ الطَّرِيْقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا"، راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا اللَّسْعَةُ او الْحُمَةُ: ڈنک کا اثر اتر جانا۔ و نَصَلَ بِحَقِّيْ صَاغِرًا: نکالنا الْجِبَالَ: ظاہر ہونا۔ النَّاقَةُ: مِنْ بَيْنِ اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَّلَ و اَنْصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا۔

وَانْصَلَ السَّھْمَ: پیکان جدا کرنا۔ اَنْصَلَ الشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ: نکالنا۔

تَنَصَّلَ الشَّیْئَ: نکالنا۔ پسند کرنا اَلرَّجُلَ: کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ اِلٰی فُلَانٍ مِنَ الْجِنَایَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا مِنْ کَذَا: نکلنا اللِّحْیَةِ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا کَمَدُ فُلَانٍ: رنج و غم زائل ہونا۔

اِنْتَصَلَ السَّھْمُ: پیکان نکلنا۔

تَنَاصَلَ: نکلنا۔

اِسْتَنْصَلَهٗ: نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّیْحُ الْیُبْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

اَلنَّصْلُ: س۔ پیکان۔ چاقو کا پھل۔ اور بسا اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ ج نِصَال و اَنْصُل و نُصُوْل و نَصْلُ الرَّاسِ: سر کا بالائی حصہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِعْوَلٌ نَصْلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔ اَلنَّصْلَانِ: پیکان اور بھالا۔

اَلنَّصْلَةُ: ایک پیکان۔

اَلنَّصِیْلُ: کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔ ٹھڈی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔

نَصِیْلُ الْحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج نُصُل۔

اَلنَّصِیْلُ وَالْمِنْصَلُ وَ الْمِنْصَالُ: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔

اَلْمُنْصُلُ وَالْمُنْصَلُ: تلوار۔ ج مَنَاصِل۔

مُنْصِلُ الْاَسِنَّةِ وَ مُنْصِلُ الْاَلِّ: نام ماہِ رجب کا۔

نَصْنَصَ الْبَعِیْرُ: اٹھنے کے لیے دونوں زانو زمین میں لگانا الشَّیْئَ: لانا فِیْ مَشْیِهٖ: چلنے میں جھومنا۔

حَیَّةٌ نَصْنَاصٌ: بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

نَصَا یَنْصُوْ نَصْوًا وَاَنْصَی الرَّجُلَ: پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ الْمَاشِطَةُ الْمَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ: اتارنا۔ دور کرنا۔

نَاصَی نِصَاءً وَ مُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَی الشَّیْئُ الشَّیْئَ: متصل ہونا۔

تَنَصَّی الرَّجُلُ الْقَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ الْمَرْأَةُ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّی الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ: متصل ہونا۔

تَنَاصَی الْقَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑنا الْاَغْصَانُ وَ نَحْوُھَا: ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے الجھنا۔

اَلنَّصْوُ: س۔ پیٹ کا درد۔

اَلنَّاصِیَةُ: پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ وَ نَاصِیَاتٌ۔ اور کہا جاتا ہے "اَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِیَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِیُ النَّاسِ: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔

اَلْمُنْتَصَی: دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔

اَنْصَی اِنْصَاءً الْمَکَانُ (یائی): بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِیٌّ)

اِنْتَصَی اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ: بال کا طویل ہونا۔ الْحَبْلُ اَوِ الْاَرْضُ: پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا الشَّیْئَ: چننا۔

اَلنَّصِیُّ: ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِیَّةٌ ج اَنْصَاءٌ جج اَنَاصٍ۔ اَلنَّصِیُّ: گردن کی ہڈی ج اَنْصِیَةٌ۔

اَلنَّصِیَّةُ: بمعنے نَصِیٌّ مِنَ الْقَوْمِ اَوِ الْاِبِلِ وَغَیْرِھَا: برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِهٖ نَصِیَّتِیْ" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ اَلنَّصِیَّةُ: بقیہ۔ ج نَصِیٌّ و جج اَنْصَاءٌ وَ اَنَاصٍ۔

نَضَّ (ض) نَضًّا وَ نَضِیْضًا الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَضَّ مَا لَهٗ: سامان کے بعد نقدی ہونا الشَّیْئُ: ظاہر کرنا الطَّائِرُ جَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو ہلانا الْعُوْدُ: لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا الْقِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ الْمَلَاءِ: مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔

نَضَّ (ض) نَضِیْضًا الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَضَّ بِیَدِیْ مِنْهُ شَیْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَیْنٍ اَوْ ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔

نَضَّضَ الرَّجُلُ: بہت درہم و دینار والا ہونا الشَّیْئَ: ہلانا۔

اَنَضَّ وَ تَنَضَّضَ الْحَاجَةَ: پورا کرنا۔

تَنَضَّضَ وَاسْتَنَضَّ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ الْمَعْرُوْفَ اَوِ الْخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔

اَلنَّضُّ: س۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهٗ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ امر مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نَضُّ اللَّحْمِ: کم گوشت والا آدمی۔

اَلنَّاضُّ: فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔

اَلنِّضَاضُ: تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔

اَلنُّضَاضَةُ مِنَ الْمَاءِ وَغَیْرِهٖ: بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ: مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نُضَاضَةُ اَبَوَیْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔

اَلنَّضَّاضُ: اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَةٌ۔ بِئْرٌ نَضُوْضٌ: کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔

اَلنَّضِیْضُ: س۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِیْضُ اللَّحْمِ: کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ بِاَقْصٰی نَضِیْضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

اَلنَّضِیْضَةُ: تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّةٌ وَ نَضَائِضُ اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِاَقْصٰی

نَضِيْضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَابِلٌ نَضِيْضَةٌ و نَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔

النَّضَائِض: گرم پتھر پر گوشت بھونے کی آواز۔ واحد نَضِيْضَةٌ۔

نَضَبَ (ن) نَضْبًا المَاءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمْرُهُ: ختم ہونا۔

نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا المَاءُ: پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا عَنِ الشَّيْءِ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ الْبَحْرُ: یعنی پانی خشک ہو گیا الْخَيْرُ: کم ہونا عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ الْمَفَازَةُ: بیابان کا دور ہونا۔

نَضَبَ الْقَوْمُ: دُور ہونا فُلَانٌ: مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهِ" یعنی وہ بے شرم ہوا فُلَانٌ الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا۔

نَضَّبَ الْمَاءُ: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔

نَضَّبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

اَنْضَبَ الْقَوْسَ: کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔

النَّاضِب. فا۔ غَدِيْرٌ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ: دُور کی جگہ۔ ج نُضَّب.

التَّنْضُب. ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِب.

نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ: پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِجٌ و نَضِيْجٌ (و نضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا: اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔

اِسْتَنْضَجَ الْكُرَاعَ اَيْ يَدَ الشَّاةِ: بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْجُ والنَّضْجُ. پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيْجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ مضبوط معاملہ۔

المِنْضَاج. گوشت بھونے کی سیخ۔

نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا الْبَيْتَ بِالْمَاءِ: پانی چھڑکنا عَلَيْهِ الْمَاءَ چھڑکنا الْجِلْدَ: کھال تر کرنا الْعَطْشَةَ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا الْبَعِيْرُ الْمَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لیے نہر یا کنوئیں سے لانا فُلَانًا بِالنَّبْلِ تیر اندازی کرنا۔

نَضَحَ عَنْ نَفْسِهِ: مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لیے پھٹنا النَّخْلَ: پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ف) نَضْحًا و تَنْضَاحًا الْإِنَاءُ: پیش برتن کا ٹپکنا الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

نَضَحَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ: بمعنی نضح عِرْضَ فُلَانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

نَاضَحَ مُنَاضَحَةً عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔

اِنْتَضَحَ الْمَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا (و اِسْتَنْضَحَ الْمُتَوَضِّئُ) وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔

تَنَضَّحَتِ و اِنْتَضَحَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔

النَّضْح. مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النضخ: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْح وَاَنْضِحَة.

النَّضَح. حوض۔ ج نُضُوْح و اَنْضَاح.

النَّضِيْح. حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُح.

النَّاضِح. فا۔ اونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کیلئے لایا جائے۔ مؤنث۔ نَاضِحَة. ج نَوَاضِح بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

النَّضَّاح. اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَة قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّضُوْح. ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوْحٌ مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوْحٌ و نَضِيْحَةٌ اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

التَّنْضَاح. پسینہ۔

المِنْضَحَة والمِنْضَحَة. پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔

نَضَخَهُ (ف) نَضْخًا. چھڑکنا۔ تر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَخَ النَّبْلُ و بِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔

نَضَخَ (ف) نَضْخًا و نَضَخَانًا الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے ابلنا۔

نَاضَخَهُ مُنَاضَخَةً و نِضَاخًا. ایک دوسرے پر چھڑکنا۔

اِنْضَخَّ و اِنْضَاخَ عَلَيْهِ الْمَاءُ پیش پانی کا گرنا۔

اِنْتَضَخَ الْمَاءُ پیش پانی چھڑکا جانا۔

النَّضْخُ. مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔

النَّضْخَة. بوچھار۔

النَّضَّاخ. موسلا دھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ: اُبلنے والا پانی۔

المِنْضَخَة. پانی چھڑکنے کا آلہ ج مَنَاضِخ عوام اسے مِرَشَّة یا رَشَّاشَة کہتے ہیں۔

نَضَدَ (ض) نَضْدًا و نَضَّدَ. المَتَاعَ سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعول مَنْضُوْد و نَضِيْد و مُنَضَّد اور کہا جاتا ہے رَأْيٌ مُنَضَّدٌ یعنی مضبوط رائے۔

تَنَضَّدَتِ الْاَسْنَانُ وَنَحْوُهَا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔

اِنْتَضَدَ الْقَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا: جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔

النَّضَد. ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لیے شرافت ہے۔ شریف ج اَنْضَاد. اَنْضَادُ الْقَوْمِ: لوگوں کی جماعت

اور ان کی تعداد۔ اَنْضَادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ اَنْضَادُ الْجِبَالِ اَوْ السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (وَالنَّضُوْد) موٹی اُونٹنی۔ ج اَنْضَاد و نُضُد.

النَّضِيْدَة. بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد.

المِنْضَدَة. گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا میبل۔

نَضَرَ (ن) و نَضِرَ (س) و نَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً و نَضَرًا و نُضُوْرًا و نَضَارَةً الوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت نَاضِرٌ و نَضِرٌ و نَضِيْرٌ.

نَضَرَه (ن) نَضْرًا و نَضَّرَهُ. اللّٰهُ: تر و تازہ بنانا۔

اَنْضَرَ. تر و تازہ ہونا الشَّجَرُ: درخت کا سبز ہونا۔ اَنْضَرَهُ اللّٰهُ: تر و تازہ بنانا۔

اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ: تر و تازہ پانا یا سمجھنا۔

النَّضْر. ج اَنْضَار و اَنْضُر و نُضَار و النَّضِيْرُ والاَنْضَر. چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لیے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔

النُّضَار والنِّضَار. جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لیے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحُ نُضَارٍ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔

النَّاضِر. خوبصورت۔ نرم و نازک۔ کیچڑ۔ النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَاضِرٌ وَاَخْضَرُ نَاضِرٌ.

النَّضْرَة. نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔

اَلنَّضَارِيَّةُ: پتے کھانے والے کیڑے جن کے رنگ چمکیلے ہوتے ہیں۔

نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔

نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا و نَضِفَ (س) نَضَفًا وانْتَضَفَ الفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔

نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا. خدمت کرنا۔ نَضَفَ الْحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

اَنْضَفَ الْجَمَلُ: اُونٹ کا دُلکی چلنا الرَّجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا۔ الْجَمَلُ: اُونٹ کو دُلکی چلانا۔

النَّضَف. مص. جنگلی پودینہ۔

النَّضَفَان. دُلکی چال۔

النَّضِف والنَّضِيْف. ناپاک۔

النَّاضِف. و (والمِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَنَاضِف.

نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا. تیر اندازی میں سبقت کرنا۔ تیر اندازی ہی میں غالب ہونا۔

نَضِلَ (س) نَضَلًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔

نَاضَلَهُ نِضَالًا و نِيْضَالًا و مُنَاضَلَةً تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

اَنْضَلَهُ. لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تَنَضَّلَهُ. نکالنا۔

اِنْتَضَلَهُ. نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهٖ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ القَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الكِنَانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الْاِبِلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔

اِنْتَضَلَ و تَنَاضَلَ القَوْمُ: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔

النَّاضِل. فا تیر اندازی میں غالب۔ ج نُضَّال.

النِّنْضِل. مصیبت۔ بلا و سختی۔

نَضْنَضَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا لِسَانَهُ: حرکت دینا ؑ: مبتلاء رنج کرنا۔

النَّضْنَاض والنَّضْنَاضَة. مِنَ الْحَيَّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔

نَضَا يَنْضُوْ نَضْوًا. السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا الثَّوْبَ عَنْهُ: کپڑا اتارنا الرَّجُلَ مِنْ ثَوْبِهٖ: ننگا کرنا البِلَادَ: طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ: زخم کی سوجن اترنا الْمَاءُ پانی کا جذب ہونا السَّيْفُ: تلوار کا پار ہونا (نَضْوًا و نُضِيًّا) الفَرَسُ الْخَيْلَ: آگے بڑھ جانا (نَضْوًا و نُضُوًّا) الْخِضَابُ: رنگ اتر جانا۔

اَنْضَى اِنْضَاءً البَعِيْرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا فُلَانًا: دبلا جانور دینا۔

نَضَّى تَنْضِيَةً. ثَوْبَهُ عَنْهُ: کسی کا کپڑا اُتارنا۔

تَنَضَّى البَعِيْرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔

اِنْتَضَى اِنْتِضَاءً السَّيْفَ: تلوار کو میان سے سونتنا الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔

النِّضْو. دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ. بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیر اندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضَاء.

النُّضَاوَة. مِنَ الْخِضَابِ: چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِنِي نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔

النَّضِيّ. دبلا جانور۔ بغیر پیکان اوپر کے تیر مِنَ السَّهْمِ: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِيَة.

نَضَى يَنْضِيْ نَضْيًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا (وَاَنْضَى وانْتَضَى) الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔

نَطَّ (ن) نَطًّا الشَّيْءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔

نَطَّ (ض) نَطًّا. بکواس کرنا فِي الْاَرْضِ: جانا (نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔

النَّطَّاط. بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوٰی کرنے والا۔

النَّطِيْط. ص. مَكَانٌ نَطِيْطٌ: دُور کی جگہ اَرْضٌ نَطِيْطَةٌ: دُور والی زمین۔

عَقَبَةٌ نَطَّاءُ پیش دُور کی گھاٹی۔

الأنط. دُور کا سفر۔ ج نُطط.

نَطَبَهُ (ن) نَطْبًا و انْطَبَهُ. انگلی سے کان پر مارنا۔

نَاطَبَهُ مُنَاطَبَة. برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔

انْطَبَ أُذُنَهُ. انگلی سے کان پر مارنا۔

النَاطِبَة. چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب.

النِطَاب. سر۔ گردن کی رگ۔

المِنْطَب و المِنْطَبَة. چھننا۔

المَنْطَبَة. بیوقوف۔

نَطَحَهُ (ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ و نَحْوُهُ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَاطَحَهُ نِطَاحًا و مُنَاطَحَةً. سینگوں سے مارنا۔

اِنْتَطَحَ و تَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْأَمْوَاجُ او السُّيُولُ: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔

النَّاطِح. فا۔ پرندیا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ/بکری/بیل اور خَابِط سے اُونٹ النَّاطِحُ: منازل قمر میں سے دوستاروں کا نام۔

النَطْح. مص۔ منازل قمر میں سے دوستاروں کا نام۔

النَوَاطِح. سختیاں۔

النَطْحَة. نَطَحَ کا اسم مرہ۔ لڑائی۔

النَطِيْح. سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَة. ج نَطْحَى و نَطَائِح.

النَطَّاح. بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔

نَطَرَ (ن) نَطْرًا و نِطَارَةً. الكَرْمَ او الزَّرْعَ انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔

النِطَارَة. مص۔ باغبانی کا پیشہ۔

النَاطِر و النَاطُوْر. باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار و نَطَرَة و نَوَاطِيْر و نُطَرَاء.

النَّطَّار. اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے)

نَطْرُوْن. بورہ۔ ارمنی۔

النَّاطُوْر. الماس کا زیور جو عورتیں پیشانی پر سجاتی ہیں۔

نَطِسَ (س) نَطَسًا. عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔

تَنَطَّسَ. گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور وفکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْأَخْبَارَ و عَنِ الْأَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔

النَطْس و النَطِس و النَطُس. عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔

النِطِّيْس و النِطَاسِيّ و النَطَاسِيّ عالم۔ ماہر طبیب۔

النُطُس. ماہر اطباء۔

النُطَسَة. بہت احتیاط کرنے والا۔

النَاطِس. جاسوس۔

نُطِعَ نَطْعًا و انْتُطِعَ و اسْتُنْطِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

تَنَطَّعَ فِي الْكَلَامِ: غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔ فِي شَهَوَاتِهِ: مبالغہ کرنا فِي عَمَلِهِ: ماہر ہونا الرَّجُلُ: چمڑے کے دستر خوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔

النَطْع و النِطْع و النَطَع و النِطَع. چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لیے بچھایا جائے ج أَنْطَاع و نُطُوْع.

النِطْع و النِطَع. تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْع. اور اسی سے حرف نِطْعِيَّت ط د ت ہیں۔

النُطَع. گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔

النَاطِع. خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض ناطع۔

نِطَاعُ الْقَوْمِ: قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِي فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔

النَطَّاع. کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دستر خوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْن.

النَطَّاعَة. لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دستر خوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا و تَنْطَافًا و نَطَفَانًا و نِطَافَة. الْمَاءُ تھوڑا تھوڑا پانی بہنا الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا۔ الماءُ: پانی بہانا۔

نَطَفَهُ و نَطَّفَهُ و انْطَفَهُ. بدکاری کی تہمت لگانا۔ عیب لگانا۔ نَطَّفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔

نَطِفَ (س) و نَطُفَ نَطَفًا و نَطَافَةً و نُطُوْفَةً. عیب دار ہونا۔ عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا۔ نَطِفَ الشَّيْءُ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ نَطِفَ الرَّجُلُ: بدہضمی والا ہونا۔

تَنَطَّفَ الرَّجُلُ: عیب دار ہونا مِنْ كَذَا: پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَطَف مص۔ عیب۔ برائی۔ فساد۔

النُطْفَة. صاف پانی۔ تھوڑا یا زیادہ۔ سمندر۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ ج نِطَاف و نُطَف (و النُطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔ النُطَافَة: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔

النُطْفَتَان. دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)

النُطْفَة و النَطَفَة. بالی۔ آبدار موتی ج نُطَف.

النَطِف. پلید۔ شکی آدمی۔

النَطُوْف. بارش والی۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔

النَاطِف. ریوڑی۔ گٹھ۔

النَاطِفِيّ. ریوڑی بیچنے والا۔

نَطَقَ(ض) نَطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوْقًا. بولنا
الْكِتَابُ: واضح بیان کرنا۔
نَطَّقَهُ. گفتگو کرانا۔ کسی کو پٹکا باندھنا۔ کسی کی
کمر میں پٹکا باندھنا۔ نَطَّقَ الْمَاءُ الْأَكَمَةَ
وَغَيْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔
نَاطَقَهُ. گفتگو کرانا۔
اَنْطَقَه. گفتگو کرانا۔
تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔
تَنَطَّقَ وَانْتَطَقَ و تَمَنْطَقَ. کمر میں پٹکا
باندھنا الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر پر پٹکا باندھنا
الْأَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا
اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهِ: طاقتور و قوی ہونا۔
الرَّجُلُ. گفتگو کرنا۔ علم منطق حاصل کرنا
فَرَسَهُ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔
اِسْتَنْطَقَهُ. گفتگو کرنا۔ بولنے کو کہنا۔
النُّطْقُ. مص۔ اس کا استعمال نطق خارجی یا
ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی
یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔
النَّطْقَةُ. نطق کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَطَقَ
نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بالا۔
النَّطِقُ. بولنے والا۔
النِّطَاقُ. کمر بند۔ پیٹی۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ
فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے
کے لئے یا کام کرنے کے لیے مستعد ہوا۔
النِّطَاقُ. کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر
پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر
اور نچلا حصہ زمین تک لٹکا رہتا ہے۔ ج نُطُقٌ.
نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ جوزا کے درمیان کے تین
ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور سیہ
انتظام والتیام کے لیے ضرب المثل ہیں۔
النِّطَاقَةُ. پرچہ۔ پرزہ۔ اس وجہ سے کہ وہ لکھے
ہوئے کو بتلاتا ہے۔
النَّاطِقُ. فا۔ عرب کا قول "اَلْإِنْسَانُ
حَيَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔
كِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔
النَّاطِقَةُ. النَّاطِقُ کا مؤنث۔ کمر۔ النَّفْسُ
النَّاطِقَةُ: نفس انسانی۔

الْمَنْطِقُ. مص۔ گفتگو۔ اور کبھی انسان کے علاوہ
کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ سَمِعْتُ
مَنْطِقَ الطَّيْرِ: عِلْمُ الْمَنْطِقِ: ایک علم عملی
کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں۔ اور یہ وہ علم
ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔
الْمَنْطِقِيُّ. علم منطق جاننے والا۔
الْمِنْطَقُ وَالْمِنْطَقَةُ. پٹکا جو کمر پر باندھا
جائے۔ ج مَنَاطِقُ. اور مِنْطَقَةٌ سے فعل کا
اشتقاق کیا ہے۔ کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پٹکا
باندھنا جیسے مِدْرَعَةٌ سے تَمَدْرَعَ اور
مِنْدِيْلٌ سے تَمَنْدَلَ.
تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا۔ اور اسی سے
بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ"
جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔
مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ: تین ستاروں کے نام۔ اور
مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام
ہے۔
الْمِنْطِيْقُ وَالنِّطِّيْقُ. بلیغ۔
الْمُنَطَّقُ. مع پٹکا باندھنے کی جگہ۔ الْمُنَطَّقَةُ
مِنَ الْمَعْزِ: کمر میں سفیدی والی بکری۔
اَلْمُنْطَقُ (علم حساب)
الْمُنْتَطِقُ. عالی مرتبہ۔ گرامی قدر۔ اور کہا
جاتا ہے "جَاءَ مُنْتَطِقًا حِصَانَهُ" یعنی وہ بغیر
سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا۔
الْمَنْطُوْقُ عِنْدَ الْأُصُوْلِيِّيْنَ: مفہوم
مخالف کے خلاف۔
نَطَلَ(ن) نَطْلًا الْخَمْرَ: نچوڑنا (و نَطَّلَ)
رَأْسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْلِ: تریڑا کرنا۔ آہستہ
آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔
اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِّ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا
لینا۔
النَّطْلُ. مص۔ انگور کا چھلکا۔ تھوڑا دودھ۔
(والنِّطْلُ) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود
شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔ النِّطْلُ:
شراب کا بقیہ۔
النُّطْلَةُ وَالنَّاطِلُ. شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ
کا گھونٹ۔ النَّاطِلُ. فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ

جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ"
میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
النَّاطِلُ وَالنَّاطَلُ وَالنَّيْطَلُ وَالنَّأْطِلُ
شراب، دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔ النَّيْطَلُ
وَالنَّطْلَاءُ مصیبت۔ وَالنَّيْطَلُ: ہلاکت۔
موت۔ ڈول۔ ج نَيَاطِلُ.
الْأَنْطِلَةُ. مصیبتیں۔
النَّطُوْلُ. پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو
ماؤف کو اس سے دھاریں۔
الْمَنَاطِلُ. شراب کشی کے آلات۔
نَطْنَطَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔ الرَّجُلُ: لمبے سفر والا
ہونا (و اِتَنَطْنَطَ) دور ہونا۔
النَّطْنَطُ وَالنُّطْنُطُ وَالنَّطْنَاطُ. لمبے قد
والا۔ ج نَطَانِطُ و نَطَانِيْطُ.
نَطَا يَنْطُوْ نَطْوًا. الْحَبْلَ: رسی کھینچنا
الْغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا بانا کرنا الْمَنْزِلُ:
دور ہونا عَنْ فُلَانٍ: چپ ہو جانا۔
نَاطَى مُنَاطَاةً الرَّجُلَ: باہم نزاع کرنا۔
اَنْطَى دینا۔
تَنَاطَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی
کوشش کرنا۔ تَنَاطَوا الْكَلَامَ: آپس میں
گفتگو کرنا۔
النَّطْوُ دوری۔
النَّطِيُّ. دور۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ"
دور کا راستہ (وَالْمَنْطُوُّ) مِنَ الْغَزْلِ: کاتے
ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
النَّطَاةُ. کچی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج اَنْطَاءٌ.
نَظَرَ(ن) و نَظِرَ(س) نَظَرًا و مَنْظَرًا و
مَنْظَرَةً و تَنْظَارًا و نَظَرَانًا. هُ و إِلَيْهِ:
دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ (نَظَرَ(ن) نَظَرًا)
فِي الْأَمْرِ: سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا
الشَّيْءَ: انتظار کرنا بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور
فیصلہ کرنا لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا فُلَانًا:
متوجہ ہونا۔ دیر کرنا فُلَانًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔
(اَنْظَرَ میں ایک لغت ہے) الشَّيْءَ: مہلت
سے بیچنا فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے
"اُنْظُرْ لِيْ فُلَانًا" میرے لیے فلاں کو طلب

کرو۔ و دَارِیْ تَنْظُرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّهْرُ اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔

نَاظَرَهٗ مُنَاظَرَةً. مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَيْشُ الْاَلْفَيْنِ: قریب پہنچا فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِیْ تُنَاظِرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

اَنْظَرَهٗ الدَّيْنَ: ادائیگی قرض کیلئے مہلت دینا۔ اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ: مشابہ بنانا الرَّجُلَ: سوچنے کا موقعہ دینا۔ مہلت سے بیچنا۔

تَنَظَّرَهٗ. آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلَانٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔

تَنَاظَرَا فِی الْاَمْرِ: باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَهٗ. انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔

اِسْتَنْظَرَهٗ. انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔

النَظَر. مص۔ نگاہ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ وَالْاِسْتِدْلَالِ: علم کلام۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے۔ "و بَيْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے "و نَظَرًا اِلٰی كَذَا و بِالنَّظَرِ اِلٰی كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَرَ: ہمسائے۔

النِظْر. مشابہ۔ مانند۔

النَظْرَة. نَظَر کا اسم مرہ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بری ہیئت و عیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَهٗ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔

النَظِرَة. مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔

النَظَرِیّ. نظر کی جانب منسوب۔ استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔

النَظَرِيَّةُ فِی الْهَنْدَسَةِ. وہ قضیہ جو صحت ثبوت کیلئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِيَّات.

النِظَار والنِظَارَة. فراست۔ دانائی۔

النَاظِر. فا۔ آنکھ کی پتلی۔ والنَاظِر عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے نَاظِر خَارِجِيَّه و نَاظِر مالیہ. ج نُظَّار.

النَّاظِر: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لیے بھیجے۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لیے کہ آنکھ ملا کر بات کرتا ہے۔ النَاظِرَانِ: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔

نَظَارِ. اسم فعل۔ بروزن نَزَالِ و تَرَاكِ. بمعنی انظر۔

النَاظِر والنَاظُوْر. انگور یا کھیتی کا محافظ۔

النَّاظُوْر: سردار قوم۔

النَّاظِرَة. النَاظِر کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر

النَّوَاظِر: سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَظَّار. تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔

النَظَّارَة. ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی

النَظَّارَة عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: دوربین۔

النَظُوْر والنَظُوْرَة والنَظِيْرَة والنَاظُوْرَة قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع) النَظُوْر: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔

النَظِيْر. مثل و مانند۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِيْرَة ج نَظَائِر.

نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفا و افاضل۔

نَظِيْرَةُ. القوم او الجيش و نُظُوْرَتُهُمْ: دیدبان۔

المَنْظَر. دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ مَنْظَرِیْ و مُسْتَمَعِیْ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "و كُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر

الْمَنَاظِر: بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِرِ: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔

المَنْظَرَة. مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی بلند جگہ۔

المَنْظَرَة: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔

المَنْظَرِیّ والمَنْظَرَانِیّ. خوش نما۔

المُنَاظِر. فا۔ مثل۔

المِنْظَار. آئینہ۔ ج مَنَاظِيْر.

المَنْظُوْر. ش وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔

المَنْظُوْرَة. المَنْظُوْر کا مؤنث۔ مصیبت اِمْرَأَةٌ مَنْظُوْرَةٌ: عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ک) نَظَافَه الشَّیْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِيْفٌ صفت مؤنث نَظِيْفَةٌ ج نُظَفَاء. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْفُ السَّرَاوِيْلِ" فلاں پاک دامن ہے و نَظِيْفُ الْاَخْلَاقِ: مہذب۔

نَظَّفَ الشَّیْءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔

تَنَظَّفَ الشَّیْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ: بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔

اِنْتَظَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

اِسْتَنْظَفَ صاف ستھرا طلب کرنا الوَالِی الْخَرَاجَ: پورا وصول کر لینا فُلَانٌ الشَّیْءَ: سب لے لینا الفَصِيْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

نَظَمَ (ض) نَظْمًا و نِظَامًا اللُّؤْلُؤَ و نَحْوَهٗ: موتی پرونا: آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا الْاَمْرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔

نَظَمَ اللؤلؤ والشِّعْرَ: بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)
نَظَمَتْ وانْظَمَتِ السَّمكَةُ او الدَّجاجَةُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔
تَنظَّمَ و اِنْتظَمَ و تَناظَمَ اللؤلؤ ونَحْوُهُ موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنظَّمَ واِنْتَظَمَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔ واِنْتَظَمَ الصَّیْدُ: شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَناظَمَتِ الصُّخُوْرُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔
النَظْم. مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَظْم: بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِطاقُ الْجَوْزاء والدَّبَران۔
نِظامُ کُوْبرنِیك: کوبرنیک البولونی (۱۴۷۳-۱۵۴۷) کا نظریہ فلکیات جس کے تحت وہ دعویٰ کرتا ہے کہ زمین اپنے اردگرد گھومتی ہے نیز وہ اور دیگر سیارات سورج کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اس سے قبل اس کے بر خلاف بطلیموس نے نظریہ فلکیات پیش کیا تھا کہ سورج ستارے اور سیارے زمین کے اردگرد گھومتے ہیں۔
النِظام. مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُم و اَنْظِمَةٌ و اناظِیم. النِظام: طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلی نِظامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظامُ الْاَمْرِ: سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظامُ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔ النِظامُ مِنَ الجَرَّادِ و النَخْلِ ونَحْوِها ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔
النِظامانِ و الْاِنْظامانِ والْاُنْظُومَتانِ مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ: دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج نَاظِیم.
الاَنْظام. مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا۔ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔
النَظّام. بہت پرونے والا۔

النَظِیم. موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔
المَنْظُوم. مثل شعر۔ اور یہ منثور کے خلاف ہے۔
المَنْظِم. ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَناظِم.
النَع. کمزور مرد۔
النُعاع. ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعاعَةٌ.
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا و نُعابًا و نَعِیْبًا و نَعَبانًا و تَنْعابًا الْغُرابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا۔ المُؤَذِّنُ: گردن لمبی کر کے اذان دینا۔
نَعَبَت (ف) نَعْبًا الْاِبِلُ: اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی کرنا۔
النَعْب. مص۔ رِیْحٌ نَعْبٌ: تیز ہوا۔ ناقَةٌ. ناعِبَةٌ ج نَواعِب و نُعُوْبٌ. ج نُعُب و نَعّابَةٌ تیز رفتار اونٹنی۔
النَعّاب. اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔
المِنْعَب و المُنْعِب. تیز رفتار اونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا۔ بیوقوف۔
نَعَتَهُ (ف) نَعْتًا تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الكَلِمَةَ: کلمہ کیلئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعْتًا بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ك) نَعانَةً الرَّجُلُ: خِلْقَةً عمدہ صفات والا ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنْعَتَ الرَجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنْتَعَتَهُ. تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتَ الْمَرْأَةُ بِالْجَمالِ: متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَیْءَ: تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَهُ الشَیْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔
النَعْت. مص۔ تعریف ج نُعُوْت۔
النَعْت و النَعتَة والنَعِیْت و النَعِیْتَة و المُنْتَعِتُ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن و جمال میں انتہا پر ہے۔

نَعَثَ (ف) نَعْثًا و اِنْتَعَثَ الشَیْءَ: لینا۔ اَنْعَثَ فِیْ مَالِهِ: فضول خرچی کرنا۔ الرَّجُلُ: سفر کے لیے سامان لینا۔ القَوْمُ: کام میں جدوجہد کرنا۔
نَعْثَلَ الشَیْءَ: جمع کرنا۔ الفَرَسُ فِیْ جَرْیِهِ: تیز دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔
النَعْثَل. بیوقوف بڈھا۔ نر بجو۔
النَعْثَلَة. بیوقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) و نَعَجَ (ن) نَعَجًا و نُعُوجًا اللَّوْنُ: خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِیْ سَیْرِهَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ نَعِجَ (س) نَعَجًا) البَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ.
اَنْعَجَ القَوْمُ: موٹے اونٹوں والا ہونا۔
النَعْجَة. بھیڑ۔ ج نِعاج و نَعَجَاتٌ. و نِعاجُ الرَّمْلِ: گائے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُوْقِ: سفید عورت یا اونٹنی۔ ناقَةٌ ناعِجَةٌ: تیز رفتار اونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرْضٌ ناعِجَةٌ: ہموار نرم زمین۔ ج نَواعِج.
النَعَج. مص۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِیْرًا و نُعارًا الرَّجُلُ: خراٹے لینا۔ العِرْقُ بِالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلانٌ فِیْ قَفا الْاَفْلاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِی البِلادِ: جانا۔ القَوْمُ: جوش و خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا۔ اِلٰی فُلانٍ: آنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ نَعَرْتَ اِلَیْنا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِی الْاَمْرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا۔ الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔

نَعِرَ(س) نَعَرًا الْحِمَارُ او الفَرَسُ ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ.
نَعَرَ السَّهْمَ. سیدھائی معلوم کرنے کیلئے ناخن پر گھمانا۔
اَنْعَرَ الْاَرَاكُ. درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النَّعْرَة. نعر کا اسم مرۃ۔ خراٹا۔ ج نَعَرَات.
نَعْرَةُ النَّجْم. ہوا کا جھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔
النَّعرَة والنُّعرَة. تکبر۔ غرور۔ مہتم بالشان کام۔
النُّعْرَة والنَّعَرَة. ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔
النُّعَرة. ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نُعَرَاتٌ.
النَّاعِر. فا۔ کہا جاتا ہے كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اِتَّبَعُوْهُ. جب کبھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہر بونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر. وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ.
النَّعِيْر. مر۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ و پکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرُ الهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار. نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ. اِمْرَأَةٌ نَعَّارَةٌ. شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَّعَّار. ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار والنَّعُوْر والنَّاعُوْر. رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُوْر. چکی کا پہلو۔ النَّعُوْرُ مِنَ الرِّيَاحِ. گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِيَّةٌ نَعُوْرٌ. دور کی نیت۔
النَّعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ. دستے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْر والنَّاعُوْرَة. رہٹ۔ ج نَوَاعِيْر.

نَعَسَ(ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ. اونگھنا۔ صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّسٌ. صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات و نَوَاعِس. نَعَسَ جِسْمُهُ او رَأيُه. جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔
نَعَسَتِ السُّوْقُ. بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهُ. سلانا۔ فُلَانٌ. سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ. بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ البَرْقُ. بجلی کا سست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْقُ. بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاس. حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَان. اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسىٰ (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَأَةٌ نَعَّاسَةٌ و نَعُوْسٌ. اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوْسٌ. دودھار اونٹنی۔
نَعَشَ(ف) نَعْشًا اللّٰهُ. بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا۔ الرَّبِيْعُ النَّاسَ. خوش حال کرنا۔ الْمَيِّتَ: بھلائی سے یاد کرنا۔ طَرْفَهٗ. نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔ الشَّجَرَةَ. جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ. تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْشٌ. فُلَانٌ. پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهٗ و اَنْعَشَهُ اللّٰهُ. بلند کرنا اور اٹھانا۔
نَعَّشَ فُلَانًا: نَعَشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ کہنا۔
اِنْتَعَشَ. سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا مِنْ سَقْطَتِهٖ. گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ. سستی کے بعد چست ہونا۔
اَلنَّعْش. مر۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشٍ الْكُبْرىٰ. سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرىٰ کہتے ہیں۔
نَعَصَ(ف) نَعَصًا الشَّيُّ. حرکت دینا

الْجَرَادُ الْاَرْضَ. چٹ کر جانا۔
نَعِصَ(س) نَعَصًا. جھکنا۔
اِنْتَعَصَ. بلنا۔ الرَّجُلُ. گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَة. مددگار۔ اعوان و انصار۔
اَنْعَطَ الْآكِلُ. آدھا لقمہ کھا کر آدھا ڈال دینا۔
النُّعُط. کھانے اور داد و دہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ.
نَاعَفَهٗ مُنَاعَفَةً. باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔
الطَّرِيْقَ. راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ. بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ. بلند جگہ پر چڑھنا لِفُلَانٍ. در پے ہونا الشَّيَّ: غیر کے لیے چھوڑ دینا۔ الرَّاكِبُ. ظاہر ہونا۔
النَّعْف. پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ مِنَ الرَّمْلَةِ. ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف.
النَّعْفَة. پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَة. گیسو۔ شملہ۔ گوست میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ و نُعُوْفٌ و مُنْتَعِفَةٌ. لٹکتا ہوا کان۔
المَنَاعِف مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
الْمُنْتَعَف. نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ(ف ض) نَعْقًا و نَعِيْقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا الْغُرَابُ. کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
الْمُؤَذِّنُ. مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔
الرَّاعِي بِغَنَمِهٖ. چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاق. بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَان. جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ(ف) نَعْلًا الْقَوْمَ. جوتے دینا۔ (نَعَلَ و نَعَّلَ و اَنْعَلَ) الدَّابَّةَ. نعل لگانا۔ نَعِلَ (س) نَعَلًا. جوتا پہننا۔

تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ. جوتہ پہننا اَلثَّوْبَ روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔

اَلنَّعْلُ. س۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَیْلَۃ. نَعْلُ الدَّابَّۃِ: گھوڑے کا نعل ج نِعَال و اَنْعُل.

اَلنَّعْل میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج نِعَال. کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہو گئی۔

اَلنَّعْلَۃ. ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔

اَلنَّاعِل. فا۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافِرٌ نَاعِلٌ: سخت کھر

اَلنَّعَّال. نعل بند۔

اَلْمَنْعَل و الْمَنْعَلَۃ. سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَنْعَلٌ و اَرْضٌ مَنْعَلَۃٌ."

اَلْمُنْعَل. جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔

نَعَمَ(ف ن) و نَعِمَ(س) نُعْمَۃً و مَنْعَمًا الرَّجُلُ: خوش حال ہونا عَیْشُہٗ: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَنْزِلٌ یَنْعَمُھُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِھٰذَا عَیْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَکَ اللّٰہُ عَیْنًا وَنَعِمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہارے محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔

نَعِمَ(س) نَعَمًا الْعُوْدُ. لکڑی کا سرسبز و تروتازہ ہونا۔

نَعُمَ(ک) نُعُوْمَۃً. نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا۔ صفت نَاعِم.

نِعْمَ. افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ و نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا و نِعْمَتَا و نِعْمن

اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَقْتُہٗ دَقًّا نِعِمَّا" (کسر عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَقْتُہٗ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِھَا وَ نِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الْفِعْلَۃُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّیْءَ: نرم و نازک بنانا۔ الرَّجُلَ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا۔ الْقَوْمَ لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ. الشَّیْءَ: نرم و نازک بنانا فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰہُ صَبَاحَکَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے۔ اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا و عِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰہُ النِّعْمَۃَ عَلَیْہِ وَاَنْعَمَہٗ بِالنِّعْمَۃِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا الْقَوْمُ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِیْقَہٗ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا اَنْعَمَ النَّظَرَ فِی الْمَسْاَلَۃِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَہٗ: کسی سے نَعَمْ کہنا اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَنْزِلٌ یَنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَۃً الرَّجُلَ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلَ. آسودہ حال بنانا الْحَبْلَ وَغَیْرَہٗ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا قَدَمَیْہِ: مشغول کرنا فُلَانًا بِالْمَکَانِ: ڈھونڈنا الدَّابَّۃُ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ اَرْضَھُمْ فَتَنَعَّمَتْنِیْ" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لیے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ. خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ کلمہ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعَمْ و نِعِمْ و نِعَامْ و نَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَیْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنے قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد ہو گا جیسے "اِضْرِبْ زَیْدًا" کے جواب میں "نَعَمْ اَعِدُکَ بِضَرْبِہٖ" کے معنے میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہو گا جیسے اَقَامَ زَیْدٌ کے جواب میں نَعَمْ اُعَلِّمُکَ بِقِیَامِہٖ کے معنے میں ہو گا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّیْ قَادِرٌ.

اَلنُّعْم. خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمْ تم کہتے ہو "ھٰذَا یَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

اَلنَّعَم. اُونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام ج اَنَاعِیْم.

اَلنَّعْمَۃ. اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَۃُ الْعَیْشِ: زندگی کی آسودگی۔

اَلنِّعْمَۃ. احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم وَاَنْعُم و نِعْمَات و نِعَمَات و نِعِمَات. کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَۃِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

اَلنَّعْمَاء ج اَنْعُم وَالنُّعْمٰی. بابرکت ہاتھ۔ وَالنُّعْمٰی: آرام۔ خوش عیشی۔ مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُہٗ نَعْمَ عَیْنٍ و نُعْمَ عَیْنٍ و نَعْمَۃَ عَیْنٍ و نُعْمَۃَ عَیْنٍ و نُعْمٰی عَیْنٍ و نَعِیْمَ عَیْنٍ و نَعَامَ عَیْنٍ و نِعَامَ عَیْنٍ و نُعَامَ عَیْنٍ و نُعَامٰی عَیْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لیے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لیے آخری امر یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

النَّعْمَة: خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ: آنکھ کی ٹھنڈک۔

النَّعامَة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعام و نَعامات و نَعائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَناتُ الْهَيْسَقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔

النَّعامَة: نفس۔ تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان سر پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کجھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ ابنُ النَّعامَة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَرَتْ نَعامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجاءَ كَالنَّعامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَناحَي النَّعامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہوگئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيفُ النَّعامَةِ" یعنی وہ ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لیے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعامُ اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعامُ الصَّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعامُ الْوَارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعائِم: منازل قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُومَة ۔مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعْمان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب۔ خون شَقائِقُ النُّعْمانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيقَةُ النُّعْمانِ۔

الْاِنْعام ۔مص۔ انعام۔ ج انعامات۔

الْاِنْعامَة: انعام۔ عطیہ۔

النَّاعِم۔ فا مِنَ الثِّيابِ: ملائم کپڑا مِنَ الْعَيْشِ: آسودہ زندگی ۔مِن۔ النَّباتِ: سیدھا ہموار۔

النَّاعِمَة: النّاعِم کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔

النَّعِيم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ الْبالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيمُ اللهِ: اللہ کا فضل۔

الْمِنْعَم: جھاڑو۔

الْمِنْعام: بڑا فیاض۔

كَلامٌ مُنَعَّمٌ: نرم کلام۔

الْمُناعِمُ وَالْمُتَناعِمُ مِنَ النَّباتِ: سیدھی ہموار نباتات۔

الْمُنَعَّمُ وَالْمُناعَمُ وَالْمُتَنَعِّمُ وَالْمُتَناعِمُ: خوش حال۔ مالدار۔

نَعْنَعَ لِسانُ فُلانٍ: زبان میں ہکلا پن ہونا۔

تَنَعْنَعَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا عَنْهُ: دور ہونا۔

النَّعْنَعُ وَالنَّعْناعُ: پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة و نَعْناعَة۔

النُّعْنُعَة: بوٹا۔

نَعا يَنْعُو نُعاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

النَّعْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔

نَعَى يَنْعَى نَعْيًا و نَعِيًا و نُعْيانًا لَنا وَاِلَيْنا فُلانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعاهُ بِمَوْتِ فُلانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی نَعَى الْقَوْمَ: میت کے دفن کیلئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا عَلَى الْقَوْمِ شَهَواتِهِمْ: عیب گیری کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلانٍ ذُنُوبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وَفُلانٌ يَنْعَى فُلانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "فُلانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَواحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔

اَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ اَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔

تَناعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کیلئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔

اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لیے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلانٍ: پھیلنا حُبُّ الْخَمْرِ بِهِ: مدت تک رہنا۔ الرَّاعِي الْغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔

النَّعْيَة: نَعْي کا اسم مرۃ۔ ج نَعْيات۔

النَّاعِي۔ فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج ناعُوْن و نُعاة و نُعْيان۔

النَّعِيّ ۔مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔

نَعاءِ مبنی عَلَى الكسر: اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے نَعاءِ فُلانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔

الْمَنْعَى وَالْمَنْعاة: خبر مرگ۔ ج مَناعٍ۔

نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔

نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔

نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔

النَّغْبَة وَالنُّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب۔ النَّغْبَة: برا کام۔

النَّغْبَقَة وَالنُّغْبُوقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔

نَغَتَ (ف) نَغْتًا الشَّعْرَ: بال کھینچنا۔

النَّغْث: دائمی سخت مصیبت۔

نَغَرَتْ (ف ض) و نَغِرَتْ (س) نَغِيرًا و نَغَرانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔

نَغِرَ و نَغَرَ نَغْرًا و نَغَرانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر صفت مؤنث نَغِرَة النّاقَةُ: اونٹنی کو

آواز دینا۔بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ: بچّے کو گدگدانا۔بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کو آواز دینا۔بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا۔عَنْ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
اَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغَر. س۔کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر. بلبل۔چڑیا کے بچّے۔ج نِغْرَان۔
النَّغَّار. بہت غضبناک۔جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
المُنْغِر. بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
المِنْغَار. بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچّے کو گدگدانا۔بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز. فتنہ انگیز۔تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا و نَغَشَانًا. ہلنا اور بے قرار ہونا۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ اِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔"وغُشِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وَانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ و تَنَغَّشَ الْمَكَانُ بَاَهْلِهِ وَالرَّاْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوں سے بھر گیا۔
النَّغْشَةُ. نغش کا اسم مرۃ۔
النُّغَاش والنَّغَّاش و النُّغَاشِيُّ. بہت پستہ قد۔النُّغَاش: وذیل لوگ۔عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِيْرُ: سیراب نہ ہونا الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا. پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔

نَغَّصَ وانْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ و نَغَّصَ عَيْشَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ونَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّةً: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّصَ تَنْغِيْصًا. خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَة. مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا و نُغُوْضًا و نَغَضَانًا کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔نَغَضُوْا اِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لیے اٹھنا الشَّيْءَ وبالشَّيْءِ: ہلانا۔نَغَضَ نَغَضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا۔السَّحَابُ: گھٹاٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
اَنْغَضَ الشَّيْءَ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔رَاْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغْض. س۔سر ہلانے والا۔چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِض. فا۔ج نَغْض۔النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔غَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل(والنُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَّاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔
النَّغُوْض. بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَف. س۔اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔واحد نَغَفَة۔النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا و نَغِيْقًا الْغُرَابُ: کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔النَّغَّاق. بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا۔الْجُرْحُ: فاسد ہونا زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔نَغِلَتْ نِيَّتُهُ: نیت بری ہونا۔نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ: کینہ رکھنا۔بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔چغل خوری کرنا۔وَجْهُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغُلَ (ک) نُغُولة المولود: نسبت بگڑنا۔
النِّغْلَة اسم مصدر ہے۔
اَنْغَلَ الْجِلْدُ: دباغت میں خراب کرنا۔اسم النُّغْلَة۔
النَّغْل. گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَل. س۔لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔چغل خوری۔
النَّغْلَة. چغل خوری۔
النَّغْلُ والنَّغِل مؤنث نَغْلَةٌ و نَغِلَةٌ والنَّغِيْلُ بگڑا ہوا۔حرامی بچّہ۔
النُّغَيْلَة. ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) و نَغِمَ (س) نَغْمًا و نَغَّمَ و تَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً. بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم والنَّغَم. گانے میں سر۔ج اَنْغَام۔ج اَنَاغِيْم اور اسی سے اَنْغَامُ الْمُوْسِيْقِي ہے۔آہستہ گفتگو۔
النَّغَّام. بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة والنَّغَمَة. نغم کا واحد۔پڑھنے میں اچھی آواز۔ج نَغَمَات۔
النُّغْمَة. گھونٹ۔ج نُغَم۔
رَجُلٌ نَغُوْمٌ. اچھی آواز والا مرد۔

نَغَا يَنْغُو نَغْوًا و نَغَى يَنْغِى نَغْيًا وَانْغَى اِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ الْمَرْأَةَ: عشق بازی کرنا الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔

تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔

النَّاغِيَةُ: کلمہ۔

النَّغْوَةُ والنَّغْيَةُ: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو

النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔

نَفَأَ(ن) نَفْأً الْاَرْضَ: بونا۔

نَفَّ(س) نَفًّا السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا۔

النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج نَفَانِيُّ.

النَّهْكَة. نہک کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "بَدَتْ فِيهِ نَهْكَةُ الْمَرَض" اس میں مرض کا اثر دبلا پن ظاہر ہوا۔
النَّهُوك. دلیر۔
النَّهِيك. تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔ دلیر۔ مضبوط اونٹ۔ تلوار قاطع۔ کہا جاتا ہے "سيف نهيك" اچھے اخلاق والا (والنُّهيك) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو حرقوص بھی کہتے ہیں۔
المَنْهكَة. باعث پردہ دری۔ کہا جاتا ہے "هذا منهكة للاعراض" یہ آبروریزی کا سبب ہے۔
نَهلتْ(ی) نهلا و منهلا الابلُ: پہلی بار پینا۔ پیاسا ہونا۔
انْهل الابلَ: پہلی بار پلانا القرمَ: پہلی بار پئے ہوئے اونٹوں والا ہونا انهلُوا زرْعَهم: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔ انهل فُلانا: غضبناک کرنا۔
النَّاهِل. فا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهَل و نُهّل و نُهُول و نهلة و نَهْلى و نهال.
النَّاهلة. مؤنث النَّاهل. چشمہ کی طرف آنے جانے والی ج نہال و نواهل.
النَّواهل: بھوکے اونٹ۔ النَّهل. س۔ جمع ناهل. پہلی مرتبہ پینا۔ وہ خوراک جو کھائی جائے۔
النَّهْلان. پینے والا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهْلى ابلٌ نَهْلى: بھوکے اونٹ۔
المِنْهال. بہت غصہ دلانے والا۔ ریت کا بلند ٹیلہ جس سے ریت گرتی رہے۔ قہر۔ بہت فیاض۔
المَنْهل. گھاٹ۔ پینا۔ راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔ ج مناهل.
نَهم (ف ض) نهمًا و نهمة و نهيمًا الابلَ: اونٹ کو تیز دوڑنے کے لیے ڈانٹنا۔
نَهم(ض) نَهْما. بہت کھانا۔
نَهم(ض) نهما و نهيما الفِيلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔
نَهم (س) ونُهِم نهما و نهامةً في الأكْلِ: حریص ہونا فُلانٌ في الشّئِ: مشتاق ہونا۔
نَاهمهُ مُناهمة. باہم ٹھنڈی سانس بھرنا۔
انْتَهم. جھڑکی کھانا۔
النَّاهِم. فا۔ چلّانے والا۔
النَّهام. بتثلیث النون لوہار۔ بڑھئی۔
النُّهام. اُلو۔ راہب۔ ج نُهُم.
النُّهامِيّ. بتثلیث النون لوہار۔ بڑھئی۔
النهامي والنُّهامِيّ. راہب۔ آسان راستہ۔
النَّهِم. حریص۔
النَّهْمة مص۔ نہم کا اسم مرۃ۔ حاجت۔ کسی چیز کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "له في هذا الأمْر نَهْمةٌ" اس کو اس کی خواہش ہے وقضى منه نَهْمتهُ اس نے اپنی خواہش پوری کی۔
النَّهّام. اسم مبالغہ۔ شیر۔ واضح راستہ کا درمیان۔
النَّهامة. النّهام کا مؤنث۔ شیر۔
النَّهِيم. حریص۔ شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔
المِنْهام من الابلِ: ڈانٹ پر مطیع ہونے والی اونٹنی۔ ج مناهيم.
المَنْهُوم. مع۔ حریص۔ مشتاق و فریفتہ۔ کہا جاتا ہے "هُو منْهُومٌ بالمال" وہ مال کا حریص ہے سیر نہیں ہوتا۔
نَهْنهه نَهْنهة عن الشّئِ: روکنا۔ ڈانٹنا۔
تَنهْنه. رکنا۔
النَّهْنه. باریک بناوٹ کا کپڑا۔
نَهاهُ يَنْهُوْهُ نَهْوا. ایک لغت ہے نهاهُ يَنْهاهُ نَهْيا یائی میں۔
نهاهُ ينهاهُ نَهْيا عن كذا: ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ صفت مذکر ناه. صفت مؤنث ناهية اور جس سے منع کریں اس کو مَنْهِيّ عَنْهُ کہتے ہیں اور اسم النَّهْية نهى اللّهُ عن كذا: حرام کرنا اور کہا جاتا ہے "هُو رَجُلٌ نهاكَ مِنْ رَجُل" یہ ایسا شخص ہے جس نے تم کو دوسرے شخص کے طلب کرنے سے منع کر دیا ہے اور تم کہتے ہو "هِيَ امْرأة نهتك مِنْ امْرأة. و هُما رَجُلان نَهياك مِنْ رَجُلين وهُمْ رجالٌ نَهَوْكَ مِنْ رِجال."

نَهِيَ ونُهِيَ اليه الخبرُ پہنچنا۔
نُهِيَ يُنْهَى نَهْياً عن الحاجةِ چھوڑ دینا۔ (کامیاب ہو یا ناکامیاب)
نَهُوَ يَنْهُوْ نَهاوةً کامل العقل ہونا۔
نَهَّاهُ تَنْهِيَةً منع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) نَهَّى الشَّيَ انتہا کو پہنچنا اليه الخبرَ پہنچانا۔
أَنْهَى انْهاءً الشَّيَ پہنچانا الأمرَ الى الحاكم اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "طلب حاجةً حتّى انْهَى عنها" اس نے حاجت طلب کی اور بغیر کامیابی و عدم کامیابی ترک کر دی۔ انْهَى الرَّجُلُ من اللحمِ اکتفا کرنا اور آسودہ ہونا۔
تَنَاهَى تَنَاهِياً عن الشَّيِ رُکنا القومُ عن المُنْكَرِ بعض کا بعض کو منع کرنا الشَّيُ انتہا کو پہنچنا الماءُ پانی کا تالاب میں ٹھہرنا تناهى الخبرُ پہنچنا۔
اِنْتَهَى انْتِهاءً الشَّيُ انتہا کو پہنچنا عن الشَّيِ رُکنا اليكَ المَثَلُ او الخبرُ پہنچنا بفُلانٍ الى موضعِ كذا پہنچنا۔
اِسْتَنْهَاهُ اِسْتِنْهاءً کسی سے کہنا کہ رُک جاؤ۔ واسْتَنْهَيْتُ فُلاناً من فُلانٍ میں نے فلاں سے کہا کہ فلاں کو مجھ سے باز رکھو۔
النَّاهِي فا۔ ج نُهاة شکم سیر۔ سیراب اور کہا جاتا ہے "ناهِيكَ بزَيْدٍ فارساً" زید تمہارے لیے کافی شہسوار ہے اور یہ مقام تعجب و استعظام میں بولا جاتا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ وہ تمہارے مطلوب کی انتہا ہے غیر کے طلب کرنے سے مانع ہے اور عرب کا قول "هذا رَجُلٌ ناهِيكَ مِنْ رَجُلٍ" (یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے) کلمہ ہے جو مقام مدح میں بطور تعجب کے بولا جاتا ہے پھر کثرت استعمال سے ہر تعجب میں بولا جانے لگا اور چونکہ یہ اسم فاعل ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ اور جمع ساری صورتوں میں مستعمل ہے۔ تم کہو گے "هذه امرأةٌ ناهِيَتُكَ مِنْ امرأةٍ وعلى هذا القياس"

اور کہا جاتا ہے "فلانٌ مالهُ ناهيةٌ" فلاں کیلئے عقل نہیں جو اس کو قبیح سے روکے "وما تَنْهَاهُ عنّا ناهيةٌ" اس کو ہم سے کوئی چیز روکنے والی نہیں۔ ج نواہ اور کہا جاتا ہے "ما يَنْظُرُ في اوامر اللّٰه و نواهِيهِ" وہ اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی کی رعایت نہیں کرتا۔
النِّهاءُ چیز کا آخری مرتبہ من النهار والماء چڑھائی۔ النِّهاءُ ایک قسم کا سفید پتھر۔ ایک قسم کا خرمہرہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُم نِهاءُ مائةٍ" وہ لوگ بقدر سو کے ہیں۔
النُّهاءُ پانی کی چڑھائی۔ شیشہ۔ شیشہ کی صراحی۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُم نُهاءُ مائةٍ" وہ لوگ سو کے قریب ہیں۔
نَفْسٌ نَهاةٌ باز رہنے والا نفس۔
النِّهايةُ انتہا۔ آخری مرتبہ۔ ج نهايات نهاياتُ الدّارِ گھر کے حدود۔
النَّهْيُ مص عند النُّحاة کسی سے ترک فعل کو طلب کرنا اور اس کا حرف کلمہ لا ہے جس کا نام لاناہیہ کہا جاتا ہے "هُو رجلٌ نَهْيُكَ مِن رجُلٍ" بمعنی "ناهيكَ مِن رجُلٍ" اور چونکہ یہ مصدر ہے اس لیے مؤنث اور تثنیہ و جمع نہیں لاتے۔
النِّهْيُ والنَّهْيُ تالاب۔ جوہڑ۔ ج انْهٍ و انْهاءٌ و نُهِيٌّ و نِهاءٌ۔
النَّهِيُّ والنِّهِيُّ کامل العقل۔ کہا جاتا ہے هو نَهٍ و نِهٍ ج نَهُونَ و نِهُونَ۔
النِّهِيُّ شیشہ۔
النُّهَى النُّهْيَة کی جمع۔ عقل۔ اور عقل کو نُهی اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ ہر قبیح اور منافی عقل سے مانع ہوتی ہے۔
النُّهْيَةُ اسم ہے نَهْی سے۔ آخری مرتبہ چیز کی انتہا۔ میخ کے سرے کا سوراخ۔ عقل۔ ج نُهًى
ناقةٌ نَهِيَّةٌ انتہائی موٹی اونٹنی۔
النَّهُوُّ منع کرنے والا۔ ضد ہے اَمُوْرٌ کا بمعنی آمر۔ کہا جاتا ہے "هو نَهُوٌّ عنِ المُنْكَرِ اَمُوْرٌ بالمعروف" وہ برائی سے روکنے والا اور بھلائی کا حکم دینے والا ہے۔
النَّهِيُّ انتہائی موٹا۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ نَهِيُّكَ" یعنی کامل العقل مرد۔ "و فلانٌ نَهِيُّ فُلانٍ" فلاں فلاں کو منع کرتا ہے ج انْهِياءُ۔
التَّنْهاةُ و التَّنْهِيَةُ من الوادی وادی کا آخری کنارہ۔ ج تَنَاهٍ۔
التِّنْهاةُ سیلاب کیلئے روک۔ بند۔
مَنَاهِي الشَّرْعِ شریعت کے ممنوعات۔
المَنْهاةُ انتہا۔ آخری حد۔ عقل۔ ایسی حالت جو گناہ سے دور رکھے۔ رَجُلٌ مَنْهاةٌ عقلمند۔ اچھی تدبیر والا۔
المُنْتَهَى انتہا۔ آخری حد۔
ناءَ يَنُوْءُ نَوْءاً و تَنْواءً مشقت و تکلیف سے اٹھنا۔ گرنا بالحِمْلِ مشکل سے اٹھانا به الحِمْلُ بوجھل کرنا۔ جھکا دینا النجمُ مغرب میں ایک ستارہ کا غروب ہونا اور اسی وقت دوسرے ستارے کا مشرق میں طلوع ہونا۔ اور نَاءَ ایک لغت ہے نَأیٰ میں بمعنے بعید ہونا۔
ناوَأهُ مُناوأةً ونِواءً فخر کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ دشمنی کرنا۔
اناءَهُ اناءةً الحِمْلُ بوجھل کرنا۔ جھکانا۔
اِسْتَناءَ اِسْتِناءةً النَّجْمُ بمعنے ناء النجمُ فُلاناً عطیہ طلب کرنا۔
النَّوْءُ مص۔ ستارہ جو مائل بغروب ہو۔ بارش۔ عطیہ ج انْواءٌ و نُوْآنٌ و نُوْءٌ۔ کہتے ہیں صدق النَّوْءُ جب کہ بارش ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ نَوْءٌ کے معنے ایک ستارے کا مغرب میں غروب ہونا اور اسی وقت مشرق میں دوسرے ستارے کا جو اس کے مقابل ہو طلوع ہونا۔ اور یہ ہر رات میں تیرہ دن تک ہوتا ہے۔ سوائے جبہہ نامی ستارہ کے کہ اس کیلئے چودہ دن ہیں۔ اور نَوْءٌ کو نَوْءٌ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ جب ایک غروب ہوتا ہے تو دوسرا اُٹھتا ہے اور طلوع ہوتا ہے اور یہی طلوع نَوْءٌ ہے۔
اور انْواءُ منجمین کے نزدیک اٹھائیس ہیں۔ جن کے مطالع مشہور ہیں۔ ہر تیرہ دن میں

ایک ستارہ مغرب میں غروب ہوتا ہے اور اس کے مقابلے میں اسی وقت دوسرا ستارہ مشرق میں طلوع ہوتا ہے اور ان اٹھائیس ستاروں کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ سال کا اختتام ہو جاتا ہے اور پھر از سر نو شروع ہوتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں عرب کا خیال تھا کہ ایک ستارے کے طلوع اور دوسرے کے غروب کے وقت بارش یا ہوا کا ہونا ضروری ہے اسی وجہ سے وہ بارش کو اسی ستارے کی طرف منسوب کرتے تھے جس کے طلوع کے وقت ہوتی تھی اور کہتے تھے مثلاً مُطِرْنَا بِنَوْءِ الثُّرَيَّا او بِنَوْءِ الدَّبَرَان.

النَّوْء. نباتات۔ ساگ۔ کہا جاتا ہے "ما بِالْبَادِيَةِ اَنْوَأُ مِنْ فُلَانٍ" دیہات میں فلاں سے زیادہ اَنْوَاء کا جاننے والا کوئی نہیں۔

الْمُسْتَنَاء. وہ شخص جس سے عطیہ مانگا جائے۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا و مَنَابًا و نِيَابًا فِي الْاَمْرِ عَنْ زَيْدٍ: قائم مقام ہونا۔ صفت نائب اور جس کی قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ عَنْهُ اور جس میں قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ فِيْهِ کہتے ہیں اِلَيْهِ: بار بار واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "النَّحل تَنُوْب اِلَى الْخَلَايَا" شہد کی مکھی بار بار چھتے کی طرف واپس آتی ہے اِلَى اللّٰهِ: توبہ کرنا فُلَانٌ: خدا کی اطاعت کرنا۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا و نَوْبَةً فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔

نَاوَبَهٗ مُنَاوَبَةً. سزا دینا۔

نُوِّبَ. فُلَانٌ: باری مقرر کیا جانا۔

اَنَابَ زَيْدٌ عَنْهُ و كِيْلًا فِي كَذَا: قائم مقام کرنا۔ زید کو مُنِيْبٌ وکیل کو مناب اور امر کو مُنَابٌ فِيْهِ کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَبْتُه مُنَابِي" میں نے اس کو اپنا قائم مقام کیا اِلَيْهِ: باری باری واپس ہونا اِلَى اللّٰهِ: متوجہ ہونا اور توبہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانِيْ فُلَانٌ فَمَا اَنَبْتُ لَهٗ وَاِلَيْهِ" میرے پاس فلاں آیا میں نے اس کی پروا نہیں کی۔

تَنَاوَبُوْا تَنَاوُبًا عَلَى الْمَاء: تقسیم کی کنکری سے بانٹنا الْاَمْرَ: باری باری کرنا تَنَاوَبَتْهُ الْخُطُوْبُ: حوادث و مصائب کا پیش آنا۔ اور کہا جاتا ہے "الْمَنَايَا تَتَنَاوَبُنَا" موت ہر ایک کی باری سے آتی ہے "تَنَاوَبُوْا الْخُطَبَ اَوِ الْاَمْرَ" باری باری سے وہ کام کرنے کے لئے مستعد ہوئے۔

اِنْتَابَهُمْ اِنْتِيَابًا. پیا پے آنا فُلَانًا اَمْرٌ: لاحق ہونا۔ پیش آنا زَيْدٌ عَمْرًوا: قصد کرنا۔

اِسْتَنَابَهٗ اِسْتِنَابَةً. اپنا نائب بنانا۔

النَّائِب. فا۔ قائم مقام۔ ج نُوْبٌ و نُوَّابٌ اور کہا جاتا ہے "خَيْرٌ نَائِبٌ" یعنی خیر کثیر۔

النَّائِبَة. النَّائِب کا مؤنث۔ حادثہ۔ مصیبت۔ ج نَائِبَات و نَوَائِب. النَّوَائِب: عام اس سے کہ خیر ہوں یا شر۔ نَوَائِبُ الرَّعِيَّة: پل اور سڑک وغیرہ کی درستی کیلئے شاہی ٹیکس۔

الْحُمّٰى النَّائِبَة: روزانہ کا بخار۔

النِّيَابَة. مص۔ قائم مقامی۔ باری۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نِيَابَتُكَ" تمہاری باری آئی۔

النَّوْب. مص۔ نائب کی جمع۔ ایک دن رات کا سفر۔ نزدیکی۔ قوت۔

النُّوْب. حبشیوں کا ایک گروہ۔ نُوْبَه کا رہنے والا۔ واحد نُوْبِيٌّ. شہد کی مکھی۔ واحد النَّائِب.

النَّوْبَة. مص۔ فرصت۔ باری۔ دولت۔ لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نَوْبَتُكَ" تمہاری باری آئی۔ ج نُوَبٌ. النَّوْبَةُ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: بخار شروع ہونے کا وقت۔

النُّوْبَة. حادثہ۔ مصیبت۔ ج نُوَب. نَابَهٗ اَمْرٌ او اِنْتَابَهٗ کا اسم۔ نوبہ کے رہنے والے صعید (مصر) کے جنوب میں ایک صوبہ۔

الْمَنَاب. مص۔ کہا جاتا ہے "نَابَ مَنَابَ الْقَاضِي" وہ قاضی کے قائم مقام ہوا۔ پانی کی طرف راستہ۔

الْمُنِيْب. فا۔ بکثرت بارش۔ عمدہ بہار۔

نَاتَ يَنُوْتُ نَوْتًا. کمزوری کی وجہ سے جھک پڑنا۔

نُوتروْن: ایٹم کے مرکزہ کے گرد منفی چارج والے ذرات جن کو الیکٹران کہتے ہیں۔ مختلف مداروں میں گردش کرتے ہیں۔ ایک الیکٹران برقی چارج کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے۔

النُّوتِي. کشتی بان۔ جہاز راں۔ ج نَوَاتِي اور بقول بعض معرب ہے۔

نَاجَ يَنُوْجُ نَوْجًا. ریاکاری کرنا۔ فریب دینا۔

النَّوْجَة. ناج کا اسم مرۃ۔ بگولا۔ ج نُوَج.

نَاحَتْ تَنُوْحُ نَوْحًا و نُوَاحًا و نِيَاحًا و نِيَاحَةً و مَنَاحًا الْمَرْأَةُ الْمَيِّتَ و عَلَى الْمَيِّتِ مردہ پر واویلا کرنا۔ اسم النِّيَاحَة الْحَمَامَةُ: کوکو کرنا۔ صفت نَائِحَةٌ و نَوَّاحَةٌ.

نَاوَحَهٗ مُنَاوَحَةً. مقابلہ کرنا۔

تَنَوَّحَ تَنَوُّحًا الشَّيْءُ: جھولنا۔

تَنَاوَحَ تَنَاوُحًا الْجَبَلَانِ: دو پہاڑوں کا باہم مقابل ہونا۔ تَنَاوَحَتِ الرِّيَاحُ: ہواؤں کا تیز چلنا۔ کبھی پروائی کبھی شمالی کبھی جنوبی ہوا کا چلنا۔

اِسْتَنَاحَتْ اِسْتِنَاحَةً الْمَرْأَةُ: نوحہ کرنا۔ واویلا کرنا۔ اِسْتَنَاحَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا الرَّجُلُ: رو کر دوسرے کو رلانا۔ فُلَانًا: رُلانا۔

النَّائِحَة. اسم فاعل مؤنث۔ ج نُوْحٌ و اَنْوَاحٌ و نُوَّحٌ و نَوَائِحُ و نَائِحَاتٌ.

النَّوْح. مص۔ اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔ کہا جاتا ہے "نِسَاءٌ نَوْحٌ" بمعنے نَوَائِحُ.

النَّوْحَة. اسم مرۃ۔ میت پر بین۔ قوت۔

النَّوَّاح. اسم مبالغہ۔ مؤنث نَوَّاحَةٌ: قمری کی مانند ایک پرندہ۔

الْمَنَاحَة. نوحہ کی مجلس۔ نوح کا اسم۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِي مَنَاحَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے اوپر بین کرنے میں تھے۔ ج مَنَاحَات و مَنَاوِح.

الْمَنَاحَةُ: اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔

نَوَّخَ تَنْوِيْخا اللّٰهُ الْأَرْضَ طُرُوْقَةً لِلْمَاءِ: ہموار کرنا اور برداشت کرنے کی طاقت دینا۔

اَنَاخَ اِنَاخَةً الْجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "اَنَخْتُ الْبَعِيْرَ فَبَرَكَ وَ تَنَوَّخَ وَاسْتَنَاخَ" میں نے اونٹ کو بٹھایا وہ بیٹھ گیا۔ اور نَاخَ اور اَنَاخَ نہیں بولا جاتا فُلَانٌ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الْبَلَاءُ او الذُّلُّ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔ اَنَاخَ بِهِ الْحَاجَةَ: نازل کرنا۔

اِسْتَنَاخَ اِسْتِنَاخَةً. الجَمَلُ: اونٹ کا بیٹھنا۔

النَّائِخَة. دُور کی زمین۔

الْمُنَاخ. اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ اقامت گاہ۔ غیر پسندیدہ جگہ کیلئے کہا جاتا ہے "هٰذَا مُنَاخُ سُوْءٍ"

الْمُنِيْخ. فا۔ شیر۔

نَادَ يَنُوْدُ نَوْدًا و نُوَادًا و نَوَدَانًا. نیند سے جھومنا۔

تَنَوَّدَ تَنَوُّدًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا۔

نَوْدَلَ نَوْدَلَةً الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

النَّوْدَل. پستان۔

الْمُنَوْدِل. بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا بڈھا۔ کہا جاتا ہے "مَشَى الرَّجُلُ مُنَوْدِلًا" مرد بدن چھوڑ کر چلا۔

نَارَ يَنُوْرُ نَوْرًا وَنِيَارًا. روشن ہونا الْبَعِيْرَ: اونٹ پر داغ لگانا الْقَوْمُ: شکست کھانا النَّارَ مِنْ بَعِيْدٍ: آگ دور سے دیکھنا۔ (نَارَتِ الْمَرْأَةُ نَوْرًا و نِوَارًا و نَوَارًا" تہمت سے بچنا۔ شک و شبہ سے دور ہونا الْفِتْنَةُ: فتنہ کا واقع ہونا۔ پھیلنا۔ صفت نَائِرَةٌ.

نَوَّرَ تَنْوِيْرًا. الشَّيُّ: روشن ہونا الْمِصْبَاحَ: چراغ روشن کرنا عَلٰى فُلَانٍ: مشتبہ کرنا التَّمْرُ: گٹھلی بیٹھنا الصُّبْحُ: روشنی چمکنا الشَّجَرُ: کلی نکالنا الْفُلَانَ: روشنی دکھانا الزَّرْعُ: پکنا الْمَرْأَةَ: تہمت سے بچانا۔ شک و شبہ سے دور رکھنا۔

نَاوَرَهُ مُنَاوَرَةً. باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَنَارَ اِنَارَةً الشَّيُّ: روشن ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ ظاہر ہونا الْبَيْتَ: روشن کرنا الْمَسْأَلَةَ: واضح کرنا اللّٰهُ بُرْهَانَهُ: حجت کی تلقین کرنا الشَّجَرُ: کلی نکالنا۔

اَنْوَرَ اِنْوَارًا. الشَّيُّ: ظاہر ہونا۔

تَنَوَّرَ تَنَوُّرًا. الْمَكَانُ: روشن ہونا الرَّجُلُ: بال دور کرنے کیلئے پاؤڈر استعمال کرنا۔ الْقَوْمُ: شکست کھانا النَّا[ر] مِنْ بَعِيْدٍ: دور سے دیکھنا الرَّجُلَ: کسی شخص کو آگ کے پاس ایسی جگہ سے دیکھنا کہ وہ اس کو نہ دیکھ رہا ہو۔

اِنْتَارَ اِنْتِيَارًا و اِنْتَوَرَ اِنْتِوَارًا. بال اڑانے کا پاؤڈر استعمال کرنا۔

اِسْتَنَارَ اِسْتِنَارَةً. الْبَيْتُ: روشن ہونا بِهٖ: کسی سے روشنی کی مدد مانگنا عَلَيْهِ: فتح مند ہونا۔ غالب ہونا الْمَرْأَةُ: تہمت سے بچانا۔ شک و شبہ سے دور رکھنا۔

النَّائِرَة. اسم فاعل مؤنث۔ عداوت۔ بغض کینہ۔ ج نَوَائِرُ.

النُّوْوْر والنَّوُوْر. کاجل۔ اثمد (سرمہ کا پتھر) کی مانند کنکری جس کو باریک پیس کر مسوڑھے پر لگاتے ہیں۔ شک و شبہ سے دور رہنے والی عورت۔ گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے۔ ج نُوْرٌ.

النَّوَار. مص۔ شک و شبہ سے دور رہنے والی عورت۔ گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے۔ ج نُوْر.

النِّوَار. شک و شبہ سے دُوری۔ یا دوری خواہ کسی چیز سے ہو۔

النَّار. آگ۔ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ تصغیر نُوَيْرَةٌ ج اَنْوُرٌ و نِيْرَانٌ ونِيْرَةٌ. النَّار: داغ۔ رائے۔ اور نار سے جہنم کا کنایہ کیا جاتا ہے جَبَلُ النَّارِ: کوہ آتش فشاں بَنُو النَّارِ: تعقاع وضنان وثوب تین شاعر جو عمرو بن ثعلبہ کے لڑکے تھے اور جودت اشعار کی بنا پر بنو النار کہلاتے تھے۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْقَدَ نَارَ الْحَرْبِ" اس نے لڑائی کی آگ بھڑکائی "وَلَا تَسْتَضِئْ بِنَارِ فُلَانٍ" فلاں سے مشورہ مت لو۔ "لَا تَتَرَاءَى نَارُهُمَا" وہ دونوں اکٹھے نہیں ہوتے۔ اس حیثیت سے کہ ایک کی آگ دوسرے کی آگ کے مقابل ہو۔ "نَارُ التَّهْوِيْلِ" زمانہ جاہلیت میں عرب کا طریقہ تھا کہ تحالف کے وقت آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک ڈالتے تھے جب وہ چٹختا تھا تو اس سے حلف کی تاکید سمجھتے تھے۔ "نَارُ الْقِرَى" مہمانی کی آگ۔ عادت تھی کہ بلند جگہ پر رات میں آگ روشن کر دیا کرتے تھے تاکہ بھولا بھٹکا مسافر اس کو دیکھ کر آ جائے اور جتنی ہی بلندی پر یہ آگ ہوتی تھی اتنی ہی باعث فخر تھی "نَارُ الْاِنْذَارِ" اعلان جنگ یا مدافعت کی آگ اس طرح پر کہ جب کسی قوم سے لڑنے کا ارادہ یا کسی قوم کے حملہ کا خوف کرتے تھے تو آگ روشن کر دیا کرتے تھے اور لوگ اسے دیکھ کر جمع ہو جایا کرتے تھے۔ "نَارُ الْاِسْتِكْثَارِ" اظہار زیادتی کی آگ۔ عرب جب کسی قوم سے مقابلہ کیلئے جاتے تھے اور کسی مقام پر پڑاؤ ڈالتے تھے تو بہت آگ جلاتے تھے اور بہت سے جانور ذبح کرتے تھے تاکہ کوئی آگ اور ذبح کی کمی سے قلت تعداد پر استدلال نہ کرے۔

النَّوْر. مص۔ کلی یا سفید کلی۔ واحد نَوْرَة. ج اَنْوَارٌ.

النُّوْر. روشنی۔ اور بقول بعض نور اس کیفیت کا نام ہے جس کو قوت باصرہ اولاً ادراک کرتی ہے۔ اور اسی کے واسطہ سے مبصرات کا ادراک کرتی ہے ج اَنْوَارٌ و نِيْرَانٌ.

النُّور. وہ جو چیزوں کو ظاہر کر دے۔ نباتات کی خوشنمائی اور لمبائی۔ ج نُوَرَةٌ. داغ۔

النَّوَر والنَّوْرَة. ایک خانہ بدوش قوم جو ایشیا یورپ افریقہ اور امریکہ میں پائی جاتی ہے واحد نُوْرِيٌّ. النُّوْرِيُّ: اُچکا۔

النُّوْرَة. داغ۔ چونہ کا پتھر۔ بال دور کرنے کا پاؤڈر۔ جادوگرنی۔

النّوار بہت روشن۔
النّوار کلی۔ واحد نوّارۃ ج نواویر.
النیّر روشن کرنے والا۔
النیّرۃ النیّر کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بغاہ اللّٰہ نیّرۃ" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔
الانور اسم تفضیل۔ ظاہر خوشنما۔ کہا جاتا ہے "ھذا انور من ذالک" یہ اس سے واضح تر ہے۔
المنار روشنی کی جگہ۔ علامت جو راستے کی راہنمائی کیلئے لگائی جائے۔ دو چیزوں کے درمیان کے حدود۔ ذو المنار ابرہ تبع بن الرائش کالقب کہ اس نے منارہ نصب کرنے کی ابتدا کی تھی۔
المنیر فا۔ خوش رنگ۔ چمکدار۔ کہا جاتا ہے "بغاہ اللّٰہ ذات منور" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو روشن ہو اور کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔
المنارۃ روشنی کی جگہ۔ روشنی کا منارہ۔ آذان دینے کا منارہ۔ ج مناور و منائر
نورج نورجۃ آنے جانے میں مختلف۔ چغل خوری کے لیے چلنا پھرنا۔
النّورج ہل کی پھالی۔ غلّہ گاہنے کا ایک آلہ۔ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا۔
النّوروز والنیروز عند الفرس شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن۔
النّورس کبوتر کے برابر یا اس سے کچھ بڑا ایک آبی پرندہ جو فضا میں اڑتا رہتا ہے پھر یکبارگی پانی میں غوطہ لگاتا ہے اور سوائے مچھلی کے کچھ نہیں کھاتا اور اس کو زمج الماء بھی کہتے ہیں۔
نوّزہ تنویزا کم کرنا۔
ناس ینوس نوسا الابل اونٹوں کو ہانکنا (نوسا و نوسانا) الشّی جھولنا۔ کہا جاتا ہے "لہ ضفیرتان تنوسان علی عاتقہ" اس کے دو گیسو ہیں جو اس کے کندھوں پر لٹک رہے ہیں۔
نوّس بالمکان تنویسا اقامت کرنا۔

اناس اناسۃ الشّی ہلانا۔
تنوّس الغصن ٹہنی کا ہوا کے چلنے سے ہلنا۔
النّاؤوس والنّاؤوس نصرانیوں کا قبرستان (دخیل) ج نواویس۔ اس سنگی تابوت کو بھی کہتے ہیں جس میں لاش رکھی جائے۔
نواس العنکبوت مکڑی کا جالا۔ نواس الدّخان دھوئیں کا جالا۔
النّاس اسم ہے جو رہط و قوم کی مانند جمع کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ واحد انسان ہے اور تصغیر نویس.
النّوّاس لٹکنے والا۔
النّوسات چوٹیاں۔
المنوس کھجور جس کا کنارہ کالا ہو گیا ہو۔
ناش ینوش نوشا الشّی پکڑنا۔ ڈھونڈنا فلانٌ چلنا البعیر اٹھنے میں جلدی کرنا۔ فلانا سر اور داڑھی پکڑنا زیدا خیرا بھلائی پہنچانا۔ ناش الشّی بالشّی چمٹنا۔ نشت من الطّعام حاصل کرنا۔
ناوشھم مناوشۃ فی القتال باہم حملہ کرنا۔ ناوش فلان الشّی ملانا۔
تناوش الشّی پکڑنا۔ تناوشوا بالرّماح نیزہ بازی کرنا۔
انتاشہ انتیاشا پکڑنا۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "انتاشہ من الھلکۃ" اس نے اس کو ہلاکت سے بچا لیا۔
النّؤوش قوی۔ رجل نؤوش سخت پکڑنے والا امرد۔
ناص ینوص نوصا و مناصا و منیصا عن قرنہ مقابل سے بھاگنا۔ جدا ہونا فلانا سبقت لے جانا الیہ اٹھنا الشّی کھینچنا للحرکۃ تیار ہونا عنہ پیچھے ہٹنا (مناصا و نویصا و نیاصا و نیاصۃ و نوصا و نوصانا) الرّجل حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما یقدر علی ان ینوص" وہ حرکت کرنے پر قادر نہیں۔
ناوصہ مناوصۃ باہم حملہ کرنا۔

اناصہ اناصۃ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "انصت ان آخذ منہ شیئا" میں نے ارادہ کیا کہ اس سے کچھ لوں۔
انتاصت انتیاصا الشّمس آفتاب کا غروب ہونا۔
استناصہ استناصۃ حرکت دینا اور ہلکا سمجھنا اور اپنی ضرورت کیلئے لے جانا۔
استناص الفرس چلنے کے لیے حرکت کرنا الرّجل سر بلند کرنا۔ پیچھے رہنا۔
النّوص س۔ گورخر۔ سخاوت (والنّوص) گریز۔
النّوصۃ ناص کا اسم مرۃ۔ پانی وغیرہ سے دھلائی۔ کہا جاتا ہے "ما بہ نویص" اس میں قوت یا حرکت نہیں۔
المناص س۔ جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "مالک من مناص" تمہارے لیے نجات کی جگہ نہیں۔ سخاوت۔
ناض ینوض نوضا ملکوں میں جانا۔ پیچھے ہٹنا الشّی اکھیڑنے کی کوشش کرنا الماء پانی نکالنا البرق بجلی کا چمکنا الشّی ہلنا الرّجل بھاگ کر نجات پانا۔
نوّض تنویضا الثّوب بالصّبغ کپڑے کو رنگنا۔
اناض اناضۃ مشقت کا اثر آنکھوں میں ظاہر ہونا النّخل درخت خرما کا تیار ہونا، پکنا۔
النّوض پانی نکلنے کی جگہ۔ وادی۔ سرینوں کے درمیان کی ہڈی من البعیر اونٹ کی پشت اور چوتڑ کا درمیانی حصہ۔ ج انواض و اناویض۔ الانواض والاناویض بلند جگہیں۔
المناض جائے پناہ۔
ناطہ ینوطہ نوطا و نیاطا لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "نیط علیہ الشّی" اس پر فلاں چیز لٹکائی گئی۔ ناطت الدّار گھر کا دور ہونا۔
ناط الشّی بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔
نیط بہ الشّی ملایا جانا۔

نوّطه. لٹکانا۔ نوّط القربة: مشک میں تیل لگانے کیلئے بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ابطا حتّٰی نوّط الرّوح" اس نے تاخیر کی یہاں تک کہ تنگ دِل وملول کردیا۔

اناطه اناطة بکذا: لٹکانا۔ اناط البعیر: نوطہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھئے لفظ نوطة)

انتاط انتیاطا به: لٹکنا الشیٔ: دور ہونا الشیٔ: بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

استناط استناطة فلانا بعیرہ: خوراک لادنے کیلئے اپنا اُونٹ ہمراہ کرنا۔

النّائط. فا۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ۔ (والنّائطة) پوٹا۔

النّیاط. س۔ دِل من المفازة: بیابان کے راستہ کی دوری اور کہا جاتا ہے "مفازة بعیدُ النّیاط" دُور حد والا بیابان۔ کہا جاتا ہے "قطعتُ نیاط البلد" یعنی میں نے شہر کو طے کیا۔ النّیاط چیز لٹکانے کی جگہ۔ دِل کے متصل موٹی رگ کہ جب اس کو کاٹ دیتے ہیں تو موت واقع ہوجاتی ہے۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ ج انوطة و نوط.

النّوط. س۔ جانور کے دونوں طرف کے بوجھ کے درمیان زائد بوجھ۔ کہا جاتا ہے "اثقل النّوطُ الدّابّة" جانور کو درمیان کے زائد بوجھ نے گرانبار کردیا۔ جو چیز لٹکائی جائے۔ ج انواط و نیاط. محمل سے لٹکی ہوئی چھوٹی ٹوکری جس میں کھجور وغیرہ ہو۔

النّوطة. ناط کا اسم مرة۔ پوٹا۔ اُونٹ کے سینے اور ران کی جڑ میں ورم۔ اُونٹ کے پیٹ میں غدود جو مہلک ہوتے ہیں۔ کینہ۔ جگہ جس کے وسط میں درخت ہو اور اس کے دونوں طرف درخت نہ ہوں اور وہ جگہ سیلاب سے بلند ہو۔ پانی سے بلند جگہ۔ پشت اور سرین کے درمیان کی جگہ۔

النّیط. کنواں جس کے صرف اطراف سے پانی نکلتا ہو۔ وسط۔ درمیان۔ تم کہتے ہو "لا کثیر ولا قلیل ولکن نیط بین الامرین" یعنی وسط ہے درمیان قلیل و کثیر کے گویا کہ دونوں سے تعلق ہے۔

النّیطة. اُونٹ جس کو تم غلہ لانے والے کے ساتھ بھیجو تاکہ تمہارے لیے غلہ لائیں۔

الانواط. نوط کی جمع۔ لٹکی ہوئی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "عنده انواط من التّمر والعنب" اس کے پاس کھجور اور انگور کے لٹکے ہوئے گچھے ہیں۔

التّنواط. ہودج پر جو چیز زینت کے لیے لٹکائی جائے۔

التّنوّط والتّنوَط. ایک قسم کا پرندہ۔ بیا۔ واحد تنوّطة و تنوطة.

المناط. لٹکانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هو منّی مناط الثّریّا" وہ مجھ سے اتنا ہی بعید ہے جتنا ثریا (مناط ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے۔)

"وبنو فلان مناط الثّریّا" فلاں کے بیٹے شریف اور عالی مرتبہ ہیں۔

غایة منتاطة. دور کی غایت۔

المنوط. اسم مفعول۔ کہا جاتا ہے "هذا منوط به" وہ اس کے ساتھ معلق ہے۔ "و هو منوط بالقوم" وہ قوم میں اجنبی ہے اور کہا جاتا ہے "بعیر منوط" جبکہ اس کے سینے یا رانوں کی جڑوں میں ورم ہو۔

ناع ینوع نوعا الغصن: ٹہنی کا جھکنا۔ الشیٔ: راجح ہونا الرّجل: پیاسا ہونا العقاب: کسی چیز پر ٹوٹ پڑنے کے لیے جھکنا۔ فلانٌ لشیٔ: ڈھونڈھنا الرّجل: بھوکا ہونا۔ صفت نائع ج نیاع.

نوّع تنویعا الشیٔ: قسمیں کرنا۔ نوّعت الرّیح الشیٔ ہلانا۔ نوّع زید الشیٔ: لٹکا کر جھولتے ہوئے چھوڑنا۔

تنوّع الشیٔ: قسمیں ہونا۔ جھولنا الغصن: ٹہنی کا ہلنا فی السّیر: آگے بڑھنا۔

استناع استناعة الغصن: ٹہنی کا ہلنا الرّجل فی السّیر: آگے بڑھنا الشیٔ مدت تک رہنا۔

النّائع. فا۔ پیاسا۔ اور کہا جاتا ہے بطور تابع کے "جائع نائع" یعنی بھوک کی وجہ سے جھکا ہوا۔ وعلی هذا القیاس قومٌ جیاعٌ نیاعٌ"

النّوع. س۔ قسم اور یہ جنس سے خاص ہے۔ ج انواع.

النّوع. پیاس۔ کہتے ہیں "رماہ اللّٰه بالجوع و النّوع" اللہ اس کو بھوک پیاس میں مبتلا کرے اور جب بددعا کرتے ہیں تو کہتے ہیں "جوعا نوعا."

النّوعان. شاخ کا ہلنا۔

النّوعة. ناع کا اسم مرة۔ تازہ میوہ۔

مکانٌ متنوّعٌ. دُور کی جگہ۔

المنواع. طرز۔ طریقہ۔

ناف ینوف نوفا. الشیٔ: بلند ہونا علی الشیٔ: نمایاں ہونا البعیر: اُونٹ کا لمبا اور بلند ہونا الصّبیّ من الثّدی: بچّے کا پستان سے چوسنا۔

نیّف تنییفا علی کذا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "نیّف العددُ علی ما تقول" جو تم کہہ رہے ہو اس سے عدد زائد ہے۔

اناف انافةً علی الشیٔ: نمایاں ہونا۔ طویل ہونا۔ بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اناف الجبلُ واناف البناءُ" پہاڑ بلند ہے۔ عمارت بلند ہے۔ علی کذا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "انافت الدّراهمُ علی المائة" دراہم سو سے زائد ہیں۔

النّیاف من الجمال او النّوق: بلند اُونٹ یا اُونٹنیاں۔ کہا جاتا ہے "جملٌ نیافٌ و ناقةٌ نیافٌ" "امراةٌ نیافٌ" پورے قد کی خوبصورت عورت۔ فلاةٌ نیافٌ: طویل عریض بیابان۔

النّوف. س۔ بلند کوہان۔ آواز۔ دامن کا نچلا حصہ۔ ج انواف.

النّیّف والنّیف. زیادتی۔ کہا جاتا ہے "عشرة و نیّف او ونیف" دس اور دس سے زائد دس بیس تیس جیسی دہائیوں سے جتنی زیادتی ہو

اس کو نَیِّف کہتے ہیں یہاں تک کہ دوسری دہائی آئے اور لفظ نیف کا استعمال انہیں جیسی دہائیوں سے زیادتی کیلئے ہوتا ہے۔ اسی لیے عَشَرَۃٌ و نَیِّفٌ و مِائَۃٌ و نَیِّفٌ و اَلْفٌ و نَیِّفٌ تو بولا جاتا ہے مگر خَمْسَۃَ عَشَرَ و نَیِّفٌ نہیں کہا جاتا۔

النَّیِّف. فضل و احسان اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَیِّفٌ عَلَیْهِ" وہ اس سے زائد ہے۔ کہا جاتا ہے "جَبَلٌ عَالِی الْمَنَافِ" پہاڑ جس کے چڑھنے کی جگہ بلند ہو۔

المُنِیْف. فا. جَبَلٌ مُنِیْفٌ: بلند پہاڑ۔ اور بطور مجاز کے کہا جاتا ہے "لَهٗ عِزٌّ مُنِیْفٌ" اس کی عزت بلند ہے۔ اِمْرَأَۃٌ مُنِیْفَۃٌ: پورے قد کی خوبصورت عورت۔

نَاقَ یَنُوْقُ نَوْقًا. گوشت سے چربی اتارنا۔

نَوَّقَ تَنْوِیْقًا الجَمَلَ: اُونٹ کو سدھانا النَّخْلَ: مادہ کھجور میں نر کھجور کے پھول ڈالنا الشَّیْءَ: ترتیب سے رکھنا۔

اَنِقَ اِنْیَاقًا و نِیْقًا الشَّیْءُ فُلَانًا: پسند آنا (آنق اَنَاقَ کا مقلوب ہے اور نِیْقًا مصدر غیر قیاسی ہے)

تَنَوَّقَ تَنَوُّقًا و تَنَیَّقَ تَنَیُّقًا و انْتَاقَ اِنْتِیَاقًا فِی مَلْبَسِهٖ و مَطْعَمِهٖ و اُمُوْرِهٖ: کھانے پہننے اور دوسرے امور میں عمدگی اختیار کرنا (مانند تَاَنَّقَ کے) تَنَوَّقَ بِهٖ: مہربانی برتنا۔

اِنْتَاقَ الشَّیْءَ: چننا۔

اِسْتَنْوَقَ اِسْتِنْوَاقًا الجَمَلُ: اُونٹنی کے مشابہ ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِسْتَنْوَقَ الجَمَلُ" اس موقع پر بولا جاتا ہے جبکہ کوئی شخص بات کرتا کرتا ایک بات میں بغیر کسی جوڑ کے دوسری بات ملادے۔

النُّوق. تھوڑی سرخی کے ساتھ ملی ہوئی سپیدی۔

النِّیْق. پہاڑ کی بلند جگہ۔ ج نِیَاق و اَنْیَاق و نُیُوْق.

النَّاقَۃ. اُونٹنی ج نَاقٌ و نُوْقٌ و اَنْوُقٌ و اَنْؤُقٌ و اَوْنُقٌ و اَیْنُقٌ و نِیَاقٌ و نَاقَاتٌ و اَنْوَاقٌ و جج اَیَانِق و نِیَاقَات.

النَّاقَۃ. ایک قسم کی پھنسی جو ہاتھ میں نکلتی ہے۔ ستارے جو اُونٹنی کے شکل کے ہوتے ہیں۔

النَّوْقَه. حذاقت۔ مہارت۔ ہوشیاری۔

النِّیْقَۃ. اسم ہے تَنَوُّقٌ کا۔

النَّاوُق. لکڑی کا پرنالہ۔ ج نَاوُقَات (دخیل)

النَّوَّاق. وہ شخص جو امور کو ہوشیاری سے انجام دے۔

النَّیِّق. کھانے، پہننے اور دیگر امور میں عمدگی اختیار کرنے والا۔

المُنَوَّق. سدھا ہوا اُونٹ جو اُونٹنی کی مانند بنا دیا گیا ہو مِنَ النَّخْلِ: نر کھجور کا پھول ڈالا ہوا۔

نَاقَۃٌ مُنَوَّقَۃٌ. سدھائی ہوئی اُونٹنی۔

نَوِكَ یَنْوَكُ نَوَكًا و نُوَاکًا و نَوَاکًا و نَوَاکَۃً بیوقوف ہونا۔

اَنْوَکَه اِنْوَاکًا. بیوقوف پانا یا بیوقوف سمجھنا۔

اِسْتَنْوَكَ اِسْتِنْوَاکًا. بیوقوف ہونا۔ فُلَانًا: بیوقوف سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَکَهٗ" وہ کیسا بیوقوف ہے (اور اَنْوِكْ بِهٖ نہیں کہا جاتا حالانکہ یہ قیاس کے مطابق ہے)

الاَنْوَك. بیوقوف۔ بہت زیادہ بیوقوف عاجز و جاہل۔ بول چال میں عاجز ج نَوْکَی و نُوْك مؤنث نَوْکَاءُ ج نُوْكٌ.

المُسْتَنْوِك. بیوقوف۔

نَالَ یَنُوْلُ نَوَالًا و نَوْلًا. فُلَانًا العَطِیَّۃَ و بِالعَطِیَّۃِ و نَالَ لَهُ العَطِیَّۃَ و بِالعَطِیَّۃِ: دینا۔ جیسے "نَالَنِی بِالخَیْرِ" اس نے مجھ کو خیر پہنچائی "وَنَالَ لَهٗ بِشَیْءٍ" بخشش کی۔ اور کہا جاتا ہے "نَالَ لَهٗ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کے لیے ایسا کرنے کا وقت آ گیا۔

نَوَّلَهٗ تَنْوِیْلًا. عطیہ دینا۔ نَوَّلَهٗ مَعْرُوْفَهٗ: بھلائی پہنچانا۔ نَوَّلَ عَلَیْهِ بِشَیْءٍ: دینا۔

نَاوَلَهٗ مُنَاوَلَۃً الشَّیْءَ: دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا۔

اَنَالَهٗ اِنَالَۃً الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ: دینا۔ کہا جاتا ہے "اَنَالَنِی بِخَیْرٍ" اس نے مجھے بھلائی پہنچائی۔ اَنَالَ فُلَانٌ بِاللّٰهِ: قسم کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا اَنْوَلَهٗ، وہ کس قدر فیاض ہے۔

تَنَوَّلَ الشَّیْءَ: لینا عَلَیْنَا فُلَانٌ بِشَیْءٍ یَسِیْرٍ: تھوڑا سا دینا۔

تَنَاوَلَ الشَّیْءَ: لینا مِنْ یَدِهٖ شَیْئًا: لینا۔ پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاوَلَتْ بِنَا الرِّکَابُ مَکَانَ کَذَا" سواریوں نے ہم کو فلاں پہنچادیا۔

النَّائِل. فا. مصدر۔ عطیہ۔ بھلائی۔

النَّائِلَۃ. النَّائِل کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔

النَّوَال. داد و دہش۔ حصہ۔ درستی۔ اور کہا جاتا ہے "نَوَالُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔

النَّال. داد و دہش۔ رَجُلٌ نَالٌ: سخی مرد یا بہت بخشش والا۔ اور کہا جاتا ہے: رَجُلَانِ نَالَانِ و رِجَالٌ اَنْوَالٌ.

النَّوْل. مص۔ بننے والی وادی۔ بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔ اور کہا جاتا ہے "نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔ "وَمَا نَوْلُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لیے مناسب نہیں کہ اس کو حاصل کرو یا ایسا کرو۔

النَّوْلَۃ. نَالَ کا اسم مرۃ۔ داد و دہش۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نَوْلَۃً" میں نے اس کا عطیہ نہیں پایا۔ بوسہ۔

المُنَاوَلَۃ: قربان مقدس میں حاضر ہونا یعنی عیسائی مذہب کے نزدیک۔

النُّوْلَۃ. داد و دہش۔ عطیہ۔

المِنْوَل و المِنْوَال. بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی یا کرگہ۔ ج مَنَاوِیْل. المِنْوَال: کپڑا بننے والا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مِنْوَالٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی قسم کی عادت کے ہیں "وَلَا اَدْرِیْ عَلٰی اَیِّ مِنْوَالٍ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کس طریقہ پر ہے۔ "اِفْعَلْ عَلٰی هٰذَا المِنْوَالِ" اس طریقہ پر کرو۔

"وَمِنْوَالِكَ اَلّا تَفعَلَ كَذَا" تمہارے لیے مناسب ہے کہ ایسا نہ کرو۔

نَامَهُ يَنُوْمُهُ نَوْمًا. سونے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاوَمَنِی فَنُمتُهُ" اس نے سونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

اَلنَّاوِلُون: گاڑی یا کشتی کی اجرت-(یونانی لفظ)

نَامَ يَنَامُ نَوْمًا و نِيَامًا. اونگھنا یا سونا۔ مرنا۔ اور اسم النِيمَة. نَامَتِ السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑنا الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا النَّارُ: آگ کا بجھنا۔ نَامَ الْبَحْرُ: سمندر کا ٹھہر جانا العِرْقُ: رگ کا حرکت نہ کرنا الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا الرَّجُلُ: اللہ کے لیے تواضع و خاکساری کرنا اِلَيْهِ: اطمینان کرنا عَنْ حَاجَتِهِ: غافل ہونا؛ بے پرواہ ہونا اور کہا جاتا ہے "نَامَ هَمُّهُ" وہ بے ہمت ہے "وفُلَانٌ لَا يَنَامُ وَلَا يُنِيمُ" فلاں نہ سوتا ہے نہ سونے دیتا ہے۔

نَوَّمَهُ تَنْوِيمًا. سلانا۔ نَوَّمَ الرَّجُلُ: خوب اچھی طرح سونا الإبِلُ: اونٹوں کا مرنا۔

نَاوَمَهُ مُنَاوَمَةً. سونے میں غالب ہونا۔

اَنَامَهُ اِنَامَةً. سلانا۔ قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنْتُ قِرْنِيْ فَانَمْتُهُ" میں نے اپنے ہمسر کو نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ اَنَامَ زَيْدًا: سوتا ہوا پانا۔

تَنَاوَمَ تَنَاوُمًا. اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ نیند چاہنا اِلَيْهِ: مطمئن ہونا۔ سکون اختیار کرنا۔

اِسْتَنَامَ اِسْتِنَامَةً. الرَّجُلُ: سونا۔ نیند چاہنا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا اِلَيْهِ: سونے والے کی طرح مطمئن ہونا اِلَى الشَّيْءِ: مانوس ہونا۔

النَّائِمُ. فا۔ سونے والا۔ لیٹنے والا۔ ج نِيَام و نُوَّمٌ و نُيَّمٌ و نِيَّمٌ و نُوَّامٌ و نُيَّام و نَوْمٌ اور کہا گیا ہے کہ نَوْم اسم جمع ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَيْلٌ نَائِمٌ" گہری نیند والی رات۔

النَّائِمَة. النَّائِم کا مؤنث۔ ج نُوَّم. موت۔ سانپ۔

النُّوُوْم. بہت سونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نُوُوْمٌ و امْرَأَةٌ نُوُوْمٌ".

النُّوَام. نیند۔ نیند کی بیماری۔

النُّوَم. نیند۔ نائم کی جمع۔ یا اسم جمع جیسا کہ گزر چکا رَجُلٌ نُوَمٌ و نُوَّامٌ. بہت سونے والا مرد۔

النِّيم. لباس شب خوابی۔ پوستین اور بعض کے نزدیک سینہ تک کی چھوٹی پوستین۔ کامل نعمت۔ وہ شخص جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ ایک نرم کانٹے والا درخت جس کے پتے چھوٹے ہوتے ہیں اور چنے کے برابر اس کے دانے ہوتے ہیں اور کھٹے ہوتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو کالے پڑ جاتے ہیں اور میٹھے ہو جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے یانَوْمَانُ: یعنی اے بہت سونے والے۔ اور یہ نداہی کے لئے خاص ہے۔

النَّوْمَة. نَامَ کا اسم مرة۔ ج نَوْمَات.

النِّيمَة. اسم ہے نام کا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نِيمَةُ لَيْلَةٍ" اس کے پاس ایک رات کا گزارہ نہیں ہے۔

النُّوْمَة. وہ شخص جس کی پروانہ کی جائے۔

النُّوَمَة. بہت سونے والا۔ غافل۔ گمنام۔

النُّوَيْم. غافل۔ گمنام۔

المَنَام. نیند۔ سونے کی جگہ۔ خواب ج مَنَامَات.

المَنَامَة. سونے کی جگہ۔ لباس شب خوابی۔ قبر۔

المَنَام و المُسْتَنَام. پست جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے۔

طَعَامٌ مَنْوَمَةٌ. خواب آور کھانا۔

نَوَّنَ نُوْنًا: حرف نون لکھنا الْكَلِمَةَ: کلمہ پر تنوین لگانا۔

النُّوْن. حروف مبانی میں سے ایک حرف جس کے عدد ۵۰ ہیں اور حروف زوائد میں سے ہے ج نُوْنَات و اَنْوَان

النُّوْن. دوات۔ مچھلی۔ ج نِينَان و اَنْوَان. تلوار کی دھار۔ تلوار۔ ذُوالنُّوْن لقب یونس علٰی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کا۔ عرب کی ایک تلوار کا نام۔ ذُوالنُّوْنَيْنِ معقل بن خویلد کی تلوار کا نام۔

النُّوْنَة. مچھلی۔ عمدہ بات۔ چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کا گڑھا۔ ج نُوْنَات.

نَاهَ يَنُوْهُ نَوْهًا النَّبَاتُ وَغَيْرُهُ: بلند ہونا۔ نَاهَتِ الْهَامَةُ: اُلو کا سر اٹھا کے چیخنا۔ نُهِتَ بِالشَّيْءِ: اونچا کرنا۔

نَاهَتْ تَنُوْهُ و تَنَاهُ نَوْهًا نَفْسُه عن الشَّيْءِ: رک جانا۔ انکار کر کے چھوڑ دینا۔

نَوَّهَ تَنْوِيْهًا الشَّيْءَ: بلند کرنا بِفُلَانٍ: بلند آواز سے پکارنا۔ کسی کا نام بلند کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَوَّهْتُ بِالْحَدِيْثِ" میں نے بلند آواز سے بات کی۔

نَوَّهَ بِاسْمِهِ: نام لے کر بلانا۔ پکارنا۔

تَنَوَّهَ تَنَوُّهًا. بلند ہونا۔

النَّوْه و النُّوْه. کسی چیز سے رکنا۔

النَّوْهَة. نَاهَ کا اسم مرة۔ خوراک دن رات میں صرف ایک مرتبہ۔

النُّوْهَة. بدن کی طاقت۔

النَّوَّاهَة. نوحہ کرنے والی عورت۔ بین کرنے والی عورت۔

النُّوَّه. بین کرنے والی عورتیں؛ کہا جاتا ہے "هُوَ اَنْوَهُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے زیادہ شریف ہے۔

نَوَى الشَّيْءَ يَنْوِيْهِ نَوَاةً و نِيَّةً و نِيَةً. ارادہ کرنا۔ نَوَى الْقَوْمُ مَنْزِلًا بِكَذَا: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ مسافر سے کہا جاتا ہے "نَوَاكَ اللّٰهُ" یعنی اللہ تمہاری حفاظت کرے اور تمہارا سفر میں ساتھی ہو۔ ونَوَاكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ: اللہ تم کو بھلائی پہنچائے (نَوَى) فُلَانٌ مِنْ مَكَانٍ اِلَى آخر: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا النَّوَاةَ: گٹھلی پھینکنا (نِيَّةً ونَوًى) المُسَافِرُ: دور ہونا۔ (نَيًّا و نَوَايَةً و نِوَايَةً) النَّاقَةُ: موٹی ہونا۔ صفت نَاوِيَةٌ و نَاوٍ.

نَوَّى تَنْوِيَةً حَاجَتَهُ: حاجت پوری کرنا۔

نَوَّتِ الْبُسْرَةُ: گٹھلی والی ہونا۔ نَوَّى فُلَانٌ:

گٹھلی پھینکنا فُلَانا: کسی کی نیت پر چھوڑ دینا۔
نَاوَاهُ مُنَاوَاة۔ دشمنی کرنا (اس کی اصل ہمزہ سے ہے)
اَنْوى اَنْوَاءَ الرَّجُلُ: دور ہونا یا زیادہ سفروں والا ہونا حاجتہ حاجت پوری کرنا۔ انوت البُسْرة: گٹھلی بیٹھنا۔ انوی فُلانٌ: گٹھلی پھینکنا۔
تَنَوّى تَنوّيًا الشَّىءَ: قصد کرنا۔
اِنْتَوَاهُ اِنْتِوَاء۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "انتواہ نَواتہ" اس نے اس کی حاجت پوری کر دی
اِنْتَوى القَوْمُ: ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہونا القَوْمُ بموضع کذا: اقامت کرنا القَوْمُ مَنْزِلا بمکان کذا: قصد کرنا۔
اِسْتَنْوَى اسْتِنْوَاءَ الرَّجُلُ: گٹھلی پھینکنا۔
النَّاوِى۔ فا۔ وہ شخص جو منتقل ہونے کا پختہ ارادہ کرے۔ اُونٹنی کا کوہان۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ناوِی القومِ و مُنْتَواھُمْ" فلاں قوم کا ذی رائے اور ان کے امور کا مالک ہے۔
النَّوَّاء۔ کھجور کی گٹھلیوں کا بیچنے والا۔
النوى۔ س۔ دوری۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے (اس معنی میں مؤنث ہے) گھر۔ گٹھلیاں (اس معنی میں مذکر و مؤنث دونوں ہے) کہا جاتا ہے "اِسْتَقَرَّتْ نوی القَوْمِ بموضعِ کذا و کذا" (یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی)۔
النّی۔ س۔ چربی۔
النِّیّ۔ موٹاپا۔
النواة۔ گٹھلی ج نوى و نویات و ج انْواء و نِوِیٌّ و نُوِیٌّ۔
النِیَّة۔ قصد۔ ارادہ۔ دِل کا عزم۔ جس کو انسان موافق سمجھے اس کی طرف اٹھنا۔ امر۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ بیْت فُلان نِیَّةٌ" فلاں کے گھر میں میری ایک ضرورت ہے۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے۔ کہا جاتا ہے "شَطَّتْ بِهِمْ نِيَّةٌ قُذُفٌ" رحلتِ بعیدہ نے ان کو دور پھینک دیا "وَنَوَوْا نِيَّةً قُذُفًا" انہوں نے دور کی جگہ کا ارادہ کیا اور کبھی یاء میں تخفیف کی جاتی ہے کہا جاتا ہے نِيَةٌ ج نِيَات۔
النَوِىُّ۔ ہم ارادہ ساتھی۔
نَاءَ يَنِيُّ نَيًّا و نُيُوءًا و نُيُوْنَة اللحْمُ وغَيْرُهُ: گوشت وغیرہ کا کچا رہنا۔
نَيّأ تَنْيِيًا الاَمْرَ: ناقص طور سے کرنا۔
اَنْيَأ اللحْمَ اِنْيَاءً: گوشت کو کچا رکھنا۔
النِّيْءُ من اللحْمِ: کچا یا نیم پختہ گوشت۔ اور نِیٌّ ابدال و ادغام سے بھی جائز ہے۔ النِّیْءُ: خالص دودھ۔
نَابَهُ يَنِيْبُهُ نَيْبًا دانت پر مارنا۔
نَيَّبَتْ تَنْيِيْبًا النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بوڑھی ہونا۔
نَيَّبَ النَّبْتُ: نباتات کی جڑیں پھوٹنا فلانٌ السَّهْمَ: تیر پر دانت مار کر سختی معلوم کرنا اور دانتوں کا نشان ڈالنا زیدٌ: دانت کاٹنا۔ دانت پیسنا فلانا: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ظَفَرَ فِيْهِ السَّبُعُ و نَيَّبَ" درندہ نے اس کے اندر ناخن اور دانت گھسا دیا۔
تَنَيَّبَ تَنَيُّبًا النَّبْتُ: جڑیں نکلنا الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
النَّاب۔ کچلی کا دانت (مؤنث) ج اَنْيُبٌ و نُيُوْبٌ و انابیب۔ النَّاب: بوڑھی اُونٹنی۔ اور اس کی تصغیر نُيَيْب ج اَنْيَاب و نُيُوْب و نِيْبٌ نَابُ القَوْمِ: سردارِ قوم ج اَنْيَاب۔
النَيُوْب۔ بوڑھی اُونٹنی۔
الاَنْيَبُ۔ موٹے موٹے دانتوں والا۔ مؤنث نَيْبَاءُ ج نِيْبٌ۔
نَاتَ يَنِيْتُ نَيْتًا: کمزوری سے ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔
نَاحَ يَنِيْحُ نَيْحًا و نَيَحَانًا الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا (نَيْحًا) العظمُ: ہڈی کا سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔
نَيَّحَ تَنْيِيْحًا اللهُ عظمَهُ: ہڈی مضبوط کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (اضداد میں سے ہے) کہا جاتا ہے ما نَيَّحْتُهُ بِخَيْرٍ میں نے اس کو کچھ نہیں دیا۔ ولا نَيَّحَ اللهُ عِظَامَهُ اللہ اس کی ہڈیوں کو نہ سخت کرے اور نہ مضبوط۔
النَيِّح۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "عَظْمٌ نَيِّحٌ" سخت ہڈی۔
نَارَ الثَّوْبَ يَنِيْرُهُ نَيْرًا و نَيَّرَهُ تَنْيِيْرًا و اَنَارَهُ اِنَارَةً۔ کپڑا بننا۔ منقش کرنا۔
النَّائِر۔ فا۔ لوگوں کے درمیان فساد ڈالنے والا۔
النَّيَّار۔ کپڑے میں نقش و نگار کرنے والا۔ کپڑے میں گوٹ لگانے والا۔
النِّيْر۔ بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا۔ ج اَنْيَار و نِيْرَان۔ النِّيْرُ: نے۔ اکٹھے دھاگے۔ کپڑے کے نقش و نگار۔ کپڑے کا چھور۔ راستہ کا کنارہ۔ راستہ کی نمایاں کھائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُو نِيْرَيْنِ" اپنے ساتھی سے دگنی قوت والا۔ و "حَرْبٌ ذَاتُ نِيْرَيْنِ" سخت جنگ "وناقَةٌ ذَاتُ نِيْرَيْنِ و اَنْيَارٍ" بوڑھی اُونٹنی جس میں ابھی جوانی کچھ باقی ہو اور کبھی اس کا استعمال عورت کے لیے بھی ہوتا ہے۔
النِّيْر و النِّيْرَة۔ اسم ہے نَيْرِ الثَّوْبِ کا۔
النِّيْرَة: بنائی کے آلات میں سے ایک آلہ کا نام کہتے ہیں "ما اَنْتَ بِسَتَاةٍ ولا لُحْمَةٍ ولا نِيْرَةٍ" اس شخص کے لیے جو نہ نافع ہو نہ نقصان دہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَنْيَرُ مِنْ ذَاكَ" یہ اس سے واضح تر ہے۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَايَرَةٌ" ان کے درمیان فساد ہے۔
المُنَيَّر۔ موٹی کھال۔ ثَوْبٌ مُنَيَّرٌ: دوسوتی کپڑا۔
نَيْرَبَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔ کلام میں گڑبڑ کرنا۔ گھڑنا الرِّيْحُ التُّرَابَ فَوْقَ الشَّيْءِ: ہوا کا کسی چیز کے اوپر خاک چڑھا دینا اور دھاری دھاری جیسی بنا دینا۔
النَّيْرَب۔ برائی۔ چغل خوری۔ چست و چابک مرد۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَيْرَبٌ و ذُو نَيْرَبٍ" یعنی بدکار مرد۔
نَيْرَجَ نَيْرَجَةً الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔
النَّيْرَج۔ چغل خور۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ ہل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا رِيْحٌ نَيْرَجٌ: تیز ہوا۔ اِمْرَأَةٌ نَيْرَجٌ

چالاک و مکار عورت۔ اور کہا جاتا ہے "عدا عدْوا نیرجا" متردد ہو کر جلدی جلدی دوڑا۔ اور ہر جلدی کو نیرج کہتے ہیں۔
النیرُوز. عند الفرس: شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن عموماً۔
النیزك. چھوٹا نیزہ۔ نیزے کی مانند شعلہ اور یہ ٹوٹے ہوئے ستارے کی ایک قسم ہے۔ ج نیازك (دخیل)
نیسب والنیسب والنیسبان دیکھئے مادہ ن۔س۔ب۔
نیسان. ماہ اپریل۔
النبص. کمزور حرکت۔ موٹی سیپی۔
ناص ینیص نیصا العرق: رگ کا حرکت کرنا۔
ناط ینیط نیطا و انتاط انتیاطا دور ہونا۔
النیط. س۔ جنازہ۔ موت۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "اتاہ نیطہ" یعنی اس کی مدت آگئی "ورماہ اللہ بالنیط" اللہ نے اسے موت دی۔ "وطعن فلانٌ فی نیطہ" فلاں نے اس کے جنازہ میں نیزہ مارا یعنی وہ مر گیا۔
ناع ینیع نیعا الغصن: ٹہنی کا جھکنا صفت نائع
نُنوانع. جھکی ہوئی شاخیں۔

نال ینیل و ینال نیلا و نالا و نالة المطلوب: پانا۔ حاصل کرنا۔ صفت فاعلی نائل و صفت مفعولی منیل اور امر حاضر کا صیغہ نل و نال ہوگا۔ نال من فلان گالی دینا، عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "نال من عدوہ مطلوبہ" اس نے اپنے دشمن سے اپنا مطلوب حاصل کر لیا اور کبھی دو مفعول کی طرف تعدیہ ہوتا ہے جیسے "نالہ مطلوبہ" اس نے اس کا مطلوب حاصل کرا دیا۔ کہا جاتا ہے "نالنی من فلان" معروف فلاں سے مجھے بھلائی پہنچی۔ "و نال من عرض فلان" یعنی اس نے اس کی بے عزتی کی۔ "و نال الرحیل" کوچ کا وقت قریب ہونا۔ "واما نال لھم ان یفھموا" کیا ان کے لیے سمجھ کا وقت نہیں آیا۔
انال انالة فلانا الشیٔ ولفلان الشیٔ: حاصل کرانا۔
النائل. فا۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "اصبت منه نائلا" مجھے اُس سے انعام ملا۔
النیل. س۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ اصبت منه نیلا
النیل. مصر کے ایک دریا کا نام۔ ایک قسم کی گھاس جس سے نیلا رنگتے ہیں۔ ایک دوسری

قسم کی گھاس جس کے پتے چھوٹے چھوٹے اور تنہ سخت ہوتا ہے۔ النیل: بادل۔
النالة. س۔ گھر کا صحن۔
النولة والنیلة. جو حاصل کیا جائے۔
النیلج والنیلنج. چربی کا کاجل جس کو گوندنے میں استعمال کیا جائے۔ اور یہ معرب ہے اور عربی اس کی "لوذر" ہے۔
النیلج. نیل کا رنگ۔
النیلوفر والنینوفر والنیلوفر. گل نیلوفر (جدید)
النیلون: نیلون جس سے کپڑے وغیرہ تیار ہوتے ہیں۔
النمبرشت. ادھ بھنا۔ کہا جاتا ہے "بیض نمبرشت" اور عوام کہتے ہیں "بیض برشت"
ناہ یناہ نیہا الشیٔ. بلند ہونا۔ پسند آنا۔
النائہ. بلند۔ نمایاں۔ کہا جاتا ہے "نفس ناھة" رکنے والا نفس۔
النیم. ن وم میں ذکر کیا گیا۔
النیون. ایک کمیاب گیس جس کی بو اور رنگ نہیں بجلی کے ایندھن میں استعمال ہوتا ہے۔
النائی. بانسری۔ نجایات (فارسی)

و

الواؤ یہ حرف حروف تہجی میں سے ستائیسواں حرف ہے۔ یہ حروف جوف سے ہے۔واؤ بحساب جمل اس کا عدد چھ (۶) ہے۔

الواو. چند معانی کے لیے مستعمل ہے۔

(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَيْدٌ و عَمْرٌو.

(۲) واو حالیہ۔ جملہ اسمیہ پر جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ" جملہ فعلیہ پر جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ."

(۳) واو استئناف جیسے "لَا تَأْكُلِ السَّمَكَ و تَشْرَبُ اللَّبَنَ"

(۴) واو معیہ جیسے "سِرْتُ وَالْجَبَلَ."

(۵) واو جو اس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے "لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ و تَاتِيَ مِثْلَهُ"

(۶) واو قسم جیسے وَاللّٰهِ الْعَظِيْمِ.

(۷) واو رُبَّ جیسے وَلَيْلٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخٰى سُدُوْلَهٗ.

(۸) واو ضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوْا.

(۹) واو علامت جمع مذکر جیسے "يَلُوْمُوْنَنِيْ قَوْمِيْ."

(۱۰) واو فصل جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفعی و جری میں تاکہ عمر سے فرق ہو جائے۔

(۱۱) واو زائدہ بعد الا جیسے مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَهٗ طَمَعٌ او حَسَدٌ.

وا۔ ندبہ کیلئے مخصوص ہے جیسے "وَا زَيْدَاهُ" یا "وَا ظَهْرَاهُ" اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے۔

الوَاح والوَاحة. ریگستانی علاقہ میں سبزہ زار زمین۔ ج وَاحَات.

وَأَبَ يَئِبُ وَأْبًا وابَةً مِنْ فُلَان: شرم کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھجکنا۔ وَأَبَ يَأَبُ وأَبَةً: کھر کے کناروں کا سمٹنا۔

وَئِبَ يوْأَبُ وَأَبًا. غضبناک ہونا۔

اَوْأَبَهُ وَأَتْأَبَهُ. غضبناک کرنا۔ کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کے ساتھ حاجت سے پھیر دینا۔

اِتَّأَبَ اِتِّأَبًا مِنْهُ: شرم کرنا۔

الإِبَةُ والتُّؤَبَة والمَوْئبة والمُوْئِبَة: رسوائی۔ عار۔ شرم۔

الوَأْبُ مِنَ الْقِدَاحِ بڑا پیالہ مِنَ الحَوَافِرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا مضبوط کھر۔ چوڑا۔ بڑا اُونٹ۔ ج اَوْآب.

الوَأْبَة. پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (والوَئِبَة) بہت گہرا کنواں۔ قِدْرٌ وَأْبَةٌ کشادہ ہانڈی۔

المُوْئِبَات. رسوا کرنے والی باتیں۔

الوَأْج. سخت بھوک۔

وَأَدَيَئِدُ وَأْدًا. البِنْتَ: لڑکی کو زندہ در گور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِيْدٌ ، وَئِيْدَةٌ و مَوْءُوْدَةٌ فُلَانًا: بوجھل کرنا۔

تَوَأَّدَ و اِتَّأَدَ فِي الْاَمْرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وَتَوَأَّدَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا المَرْأَةُ فِيْ قِيَامِهَا بوجھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔

الوَأْد. س۔ سخت آواز۔ دھماکہ۔ اُونٹ کی بلبلاہٹ۔

الوَئِيْد. سخت۔ اُونٹ کی بلبلاہٹ۔ پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے۔ اور کہا جاتا ہے "مَشٰى مَشْأً وَئِيْدًا" وہ متانت و سنجیدگی سے چلا (وَالتُؤَدَة والتَوْآد) سنجیدگی۔ متانت۔

المَوَائد. مصیبتیں (اس کی اصل المَاوِد ہے)

وَأَرَ يَئِرُ وَأْرًا وَارَةً الرَّجُلَ: گھبراہٹ میں ڈالنا النَّارَ ولِلنَّارِ: آگ روشن کرنے کے لیے گڑھا بنانا (ووَأَّرَ تَوْئِيْرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔

اَوْأَرَهُ اِيْئَارًا. نفرت دلانا۔ خبردار کرنا۔

اِسْتَوْأَرَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا رُک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الوَائِر. فا۔ خوفزدہ۔

الإِرَة. ج اِرَاتٌ وإِرُوْن والوُؤْرَة ج وُأَرٌ و اُوَرٌ: آگ سلگانے کی جگہ۔ الإِرَة: آگ۔ اوجھ میں پکا ہوا گوشت۔ دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی۔

الوِئَار. لیپنے کی مٹی نکالنے کے گڑھے۔

اَرْضٌ وَئِرَةٌ. بہت گرمی والی زمین۔

وَأَصَ يَئِصُ وَأْصًا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔

تَوَاصَّ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ پانی پر بھیڑ کرنا۔

الوَنِيْصَة. جماعت؛ مخلوق؛ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْوَنِيصَةِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون ہے۔

وَأَطَ يَئِيطُ وَأْطًا القَوْمَ: زیارت کرنا۔ الشَّيءُ: جوش میں آنا۔

الوَأْطَةُ. مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین مِنَ المَاءِ: پانی کی بڑی جگہ۔

وَأَلَ يَئِلُ وَأْلًا و وَئِيْلًا و وُؤُوْلًا ووائَلَ وِئَالًا و مُواءَ لَةً مِنْ كَذَا: نجات ڈھونڈنا۔ اِلَيْهِ: پناہ لینا اِلَى المَكَانِ: سبقت کرنا۔ وَأَلَ فُلَانًا: جائے پناہ بنانا اِلَى اللهِ: رجوع کرنا۔ توبہ کرنا (و اَوْأَلَ) المَكَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی ہونا۔ واَوْأَلَ المَكَانَ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی بنانا۔ اَوَ اَلَتِ الْمَاشِيَةُ: فِي المَكَانِ اَوِ الْكَلَأ: گوبر مینگنی سے خراب کرنا۔

الوَأْلُ والمَوْئِلِ والمَوْأَلَة. جائے پناہ۔

اِسْتَوْأَلَتْ اِسْتِيْئَالًا الإِبِلُ: اُونٹوں کا اکٹھا ہونا۔

الوَأْلَة. اُونٹ یا بکریوں کی تہ بتہ مینگنیاں۔

وَأَمَهُ يُوْئِمُهُ تَوْئِيْمًا. بدشکل کر دینا۔

وَاءَمَهُ وِئَامًا و مُوَائَمَةً. موافقت کرنا۔

تَوَاءَمَ. موافق ہونا۔ مناسب ہونا۔

اَتْاَمَتْ اِتْآمًا المَرْأَةُ: جڑواں جننا۔ صفت مُتْئِمٌ. اس میں واؤ کی تبدیلی تا سے ہوئی ہے۔

الوَأْم. گرم کمرہ۔

الوَأْمَة. دوسرے کی صنعت کا نقال۔

المُوَأَم. بدشکل۔ بڑے سر والا۔

المُتَوَائِم. فا. غِنَاءٌ مُتَوائِمٌ: متناسب۔

وَأْوأَ وَأْوَأَةً الكَلْبُ: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ اِلَّا وَغوَعَةَ الذِّئَاب و وَأْوَأَةَ الكِلَابِ." میں نے بھیڑیوں کے چیخنے اور کتوں کے بھونکنے کے علاوہ کچھ نہیں سنا۔

وَأَى يَئِى وَأْيًا. وعدہ کرنا الشَّيءَ: ذمہ دار ہونا۔

تَوَاءَى ثَوَائِيًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

اِتَّأَى اِتِّئَاءً. وعدہ قبول کرنا۔

اِسْتَوْأَى اسْتِيْئَاءً الرَّجُلَ: وعدہ لینا۔

اَلوَأْى. مص. وعدہ۔ وہم و گمان۔ لوگوں کی تعداد۔

الوَأْى مِنَ الدَوابِ: تیز رفتار۔ مؤنث وَآةٌ (جیسے کہ فَتَاةٌ)

الوَئِيَّة. بڑے بورے۔ بڑے پیٹ والی اُونٹنی (والوَأْيَةُ) بڑا پیالہ۔ بڑی ہانڈی الوَئِيَّةُ: موتی۔ اپنے گھر کی محافظ عورت۔

وَبَّ يَؤُبُّ وَبًّا. لڑائی میں حملہ کیلئے تیار ہونا۔

وَبَأَ يَوْبَأُ وَبْأً ووَبَّأَ الْمتاعَ: ترتیب سے رکھنا۔

وَبَأَ و اَوْبَأَ اِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔

وَبِیءَ يَوْبَأُ و يِيْبَأُ وَبْأً و وَبُؤَيَؤُ بُوبَاءً وِبَائَةً وِاِبَاءً واِبَائَةً و وُبِیءَ يُوْبَأُ وَبْأً و اَوْبَأَ المَكَانُ: بہت وبازدہ ہونا۔ اسم البِئَة عِدَة کی مانند۔

تَوَبَّأَ البَلَدَ: شہر کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔

اِسْتَوْبَأَ اسْتِيْبَاءً الْمَدِيْنَةَ: وبازدہ پانا۔

الوَبَأ. ج اَوْبَاء والوَبَاء. ج اَوْبِئَةٌ. عام بیماری۔

الوَبِیءُ والوَبِیءُ والمَوْبُوْء. بہت وبازدہ جگہ اور ہر ایک کی مؤنث تا کے ساتھ۔

اَلمُوْبِیءُ. فا. تھوڑا پانی۔

وَبَتَ يَبِتُ وَبْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

وَبَّخَهُ. جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ عار دلانا۔ دھمکانا۔

الوَبْخَة. سرزنش۔ تکلیف دہ ملامت۔

وَبِدَ يَوْبَدُ وَبَدًا. بدحال اور کم مال والا ہونا۔ صفت وَبِدٌ الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا النَّهارُ: دن سخت گرم ہونا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

اَوْبَدَهُ اِيبَادًا. جدا کرنا۔

تَوَبَّدَ اَموَالَهُمْ: نظر لگانے کیلئے معین کرنا۔

الوَبْد. پہاڑ کا گڑھا۔

الوَبَد. مص. بدحالی و سختی زندگانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ وَبَد" فلاں بدحالی میں ہے اور کبھی اس مصدر کو بطورِ وصف کے بھی استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "رَجُلٌ وَبَدٌ" یعنی بدحال مرد۔ واحد اور جمع دونوں کے لیے اور کبھی اَوْبَاد جمع لاتے ہیں۔ الوَبَد: گرمی۔ عیب۔ پہاڑ کا گڑھا۔

الوَبَد. بھوکا (والمُتَوَبِّد) سخت نظر لگنے کا سبب بننے والا۔

قَوْمٌ اَوْبَادٌ. مفلس لوگ۔

المُسْتَوْبِد. قلت مال اور کثرتِ عیال سے بدحال مرد۔

وَبِرَ يَوْبَرُ وَبَرًا و اَوْبَرَ اِيْبَارًا. بہت پشم والا ہونا۔ صفت وَبِرٌ و اَوْبَرُ. مؤنث وَبِرَةٌ وَبْرَاءُ.

وَبَرَ يَبِرُ وَبْرًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

وَبَّرَ. چھوٹے چھوٹے بال نکلنا الثَّعْلَبُ: لومڑی کا نشان چھپانے کیلئے سخت زمین پر چلنا الرَّجُلُ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا فُلَانٌ: بھاگنا اور وحشت زدہ ہونا یا تنہا زندگی بسر کرنا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: پوشیدہ رکھنا۔

وُبِّرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا دینا۔

الوَبْر. سخت سردی کے سات دنوں میں سے ایک دن۔ بلی سے چھوٹا ایک جانور جس کی دُم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ ج وُبُوْر و وِبَارٌ و وِبَارَة. مؤنث الوَبْرَة.

الوَبَر. مص. اُونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال ج اَوْبَار. اَهْلُ الوَبَرِ: دیہاتی لوگ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیءَ بِوَبَرِه" یعنی اس نے سارا لے لیا۔

الوَبَرَة. وَبَر کا واحد۔

الوَابِر. فا. کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِرٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

بَنَاتُ الاَوْبَر و بَنَاتُ اَوْبَر: چھوٹی اور ردی قسم کی سانپ کی چھتری۔ اور کہا جاتا ہے لَقِيْتُ مِنْهُ بَنَاتِ اَوْبَرَ مجھے اس سے مصیبت حاصل ہوئی۔

اَلْوَابُوْرُ ج بَوَابِيْرُ: اسٹیمر۔ (فرانسیسی لفظ).

وَبِشَ يَوْبَشُ وَبَشًا الظُّفْرُ: ناخن پر سفید

داغ ہونا جلدَ البَعِیرِ: خارش کی وجہ سے اُونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔صفت وَبِشٌ۔

وَبَّشَ تَوْبِیْشًا الجَمْرُ: چنگاری کا ہوا چلنے سے سلگنا القَوْمُ فِيْ اَمْرٍ: کسی کام میں ہر جگہ سے مشغول ہونا لِلْحَرْبِ: مختلف قبائل سے جنگ کیلئے اکٹھا ہونا۔ وَبَّشَتِ الْاَظْفَارُ: ناخنوں میں سفید داغ ہونا۔

اَوْبَشَ. تیز چلنا۔اَوْبَشَتِ الْاَرْضُ: مخلوط پودوں والی ہونا۔

الوَبَش والوَبْش. کھجلی کے داغ۔ ناخن کے سفید داغ۔ اَوْبَاش کا واحد بمعنی سفلہ و کمینے لوگ وَبْشُ الْكَلَامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے"مَا بِهٰذِهِ الْاَرْضِ اِلَّا اَوْبَاشٌ مِنْ شَجَرٍ اَوْ نَبَاتٍ" یعنی اس زمین میں صرف تھوڑے سے بکھرے ہوئے درخت یا نباتات ہیں۔

وَبَصَ يَبِصُ وَ وَبْصًا وَبِيْصًا وبِصَةً چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِصٌ الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الْاَرْضُ: بہت نباتات والی ہونا۔

وَبِصَ يَوْبَصُ وَبَصًا. چست ہونا۔صفت وَبِصٌ۔

وَبَّصَ الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا لَهٗ بِيَسِيْرٍ: تھوڑا دینا۔

اَوْبَصَتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔

اَوْبَصَتِ الْاَرْضُ: نباتات ظاہر ہونا۔یا بہت نباتات والی ہونا۔

اَبْيَضُ وَابِصٌ. چمکدار سفید۔

الوَابِصَة والوَبِيْصَة. آگ۔الوَابِصَة. دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے"مَافِي النَّارِ وَابِصَةٌ" آگ میں چنگاری نہیں۔"اِنَّهٗ لَوَابِصَةُ سَمْعٍ" یعنی ہر سنی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔الوَبَّاص. چاند۔ چمکیلا۔ عَارِضٌ وَبَّاصٌ. بہت چمکنے والا بادل۔

وَبَطَ يَبِطُ وَبْطًا الجُرْحَ: زخم کھولنا۔ الرَّجُلَ: مرتبہ گھٹانا۔ذلیل کرنا فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ: روک دینا۔ باز رکھنا و وَبِطَ يَوْبَطُ و وَبُطَ يَوْبُطُ وَبْطًا و وُبُوْطًا و وَبَاطَةً) کمزور ہونا۔ خسیس یا بزدل ہونا۔

اَوْبَطَهٗ. اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل وغارت کرنا۔

الوَابِط. خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔

الوُبَاط. کمزوری۔

وَبَقَ يَبِقُ و وَبِقَ يَبَقُ وَبَقًا و وَبِقَ يَوْبَقُ وَبَقًا و وُبُوْقًا و مَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ. ہلاکت ہونا۔ صفت وَبِقٌ۔

اَوْبَقَهٗ اِيْبَاقًا. ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔

المَوْبِق. ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ يَرْكَبُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَيَفْعَلُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ يَبِلُ وَبْلًا فُلَانٌ بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا الصَّيْدَ: شکار کو تیز ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ يَوْبُلُ وَبْلًا و وَبَالًا و وُبُوْلًا و وَبَالَةً المَكَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا الشَّيْئُ: سخت ہونا۔

وَابَلَهٗ مُوَابَلَةً. ہیشگی کرنا۔

اِسْتَوْبَلَ اسْتِيْبَالًا المَكَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔اِسْتَوْبَلَتِ الإِبِلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الوَبْل والوَابِل. تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الوَابِلَة. وابل کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الوَبَال. س۔ سختی۔ بدہضمی۔ برا انجام۔

الوَبَلَة والاَبَلَة. گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے"اَخَذَتْهُ وَبَلَةُ الطَّعَامِ او اَبَلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔

الوَبِيْل. سخت۔مَرْعًى وَبِيْلٌ: مضر صحت چراگاہ۔طَعَامٌ وَبِيْلٌ: مضر صحت کھانا۔الوبیل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری۔ اور کہا جاتا ہے"اَبِيْلٌ عَلٰى وَبِيْلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا(والوَبِيْلَة والمَوْبِل والمِيْبَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

المِيْبَل والمِيْبَلَة. کوڑا۔اُونٹوں کے ہانکنے کے لیے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل۔

وَبْنٌ. کہا جاتا ہے"مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الوَبْنَة. تکلیف۔ بھوک۔

وَبَهَ و وَبِهَ يَوْبَهُ وَبْهًا و وَبَهًا و وُبُوْهًا و اَوْبَهَ اِيْبَاهًا لِفُلَانٍ و بِهٖ: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ لَا يُوْبَهُ بِهٖ اَوْ لَهٗ" فلاں کی پروا نہیں کی جاتی۔

وَتَأَ يَتَأُ وَتْأً فِيْ مِشْيَتِهٖ: ست رفتار چلنا۔

وَاتَأَهٗ مُوَاتَأَةً و وِتَاءً عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔

الوَتُّ والوَتَّة. قمری کی آواز۔

وَتُحَ يَوْتُحُ و تَاحَةً و وَتُحَةً و وُتُوْحَةً العَطَاءُ: داد و دہش کم ہونا۔

وَتِحَ يَتِحُ وَتْحًا وِتْحَةً العَطَاءَ: داد و دہش کم کرنا۔

اَوْتَحَ اِيْتَاحًا وَوَتَّحَ تَوْتِيْحًا العَطَاءَ: کم کرنا اَوْتَحَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا فُلَانًا: رنج ومشقت میں ڈالنا اللّٰهُ الشَّيْئَ: کم کرنا۔

تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا۔

الوَتْح والوَتَح والوَتِيْح. تھوڑا۔ ناچیز۔

رَجُلٌ وَتِحٌ. خسیس مرد۔طَعَامٌ وَتْحٌ: بے برکت کھانا۔ کہا جاتا ہے"مَا اَغْنٰى عَنْهُ وَتْحَةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَتَحَ يَتِحُ وَتْحًا الرَّجُلَ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَوْتَحَ اِيْتَاحًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچنا۔

الوَتخة. کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغنٰی عَنْهُ وَتخةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
المِیتخة. چھڑی۔
هَیْلَلَ هَیْلَلَةً. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

هَامَ یَهِیْمُ هَیْمًا و هُیُوْمًا و هِیَامًا و هَیَمَانًا و تَهْیَامًا بِكَذَا: محبت کرنا عَلٰی وَجْهِهِ: آوارہ پھرنا (هُیَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هِمْ لِنَفْسِكَ" یعنی اپنی ذات کے لیے طلب کرو اور اسی کے لیے اہتمام کرو۔

هَیَّمَهُ الْحُبُّ: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

تَهَیَّمَ تَهَیُّمًا الْهَوٰی فُلَانًا پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا فُلَانٌ: اچھی چال چلنا۔

اهْتام اهْتياما لنفسه: حیلہ کرنا۔
اَسْتُهِيْم فُؤاده: محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُستهام الفواد۔
الهائم. فا۔ حیران۔ ج هُيَّم و هَيَام۔
الهُيَام: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔
الهيام. ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت ج هُيَم۔
الهُيام. جنون عشق۔ سخت پیاس۔ الهُيام: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔
الهيْم. مع۔ کہا جاتا ہے "هيْمُ الله" بمعنے "ايْمُ اللهِ" یعنی خدا کی قسم۔
الهيْماء بے پانی کا بیابان۔
الاَهْيم. هُيام کی بیماری والا۔ مؤنث هَيْماء ج هِيْم۔ لَيْلٌ اهْيَمُ و لَيْلَةٌ هيْماءُ: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔
الهيْمان. پیاسا هُيام کی بیماری والا۔ مؤنث هيْمى ج هِيام و هيْمى. رجُلٌ هيْمان: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔
الهيُوْم. حیران۔
رجُلٌ اهْيم سخت پیاس والا مرد۔

قلب مُستهام. عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔
المهْيُوْم. سخت پیاس والا۔ هُيام کی بیماری والا۔
هيْمن هيمنة. آمین کہنا۔
الطّائرُ على فراخه: پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔
فلانٌ على كذا نگہبان ہونا۔
المُهيْمِنُ والمهيمِس. اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنے خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت وحیات وغیرہ کا کفیل۔
الهيْنم. روئی۔
الهيْنمة. پست آواز۔
الهيْنُوْم غیر مفہوم کلام۔
هِيْهِ هيْهِ. کسی چیز کو دفع کرنے کیلئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)
هيْهات. بتثليث الاخر: اسم فعل ہے بمعنے دور ہوا۔ اور اس میں چند لغات اور ہیں اَيْهَاتَ واَيْهان وهيْهان، وهايهات و هايهان حرفِ آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔

معرب بھی ہیں اور مبنی بھی۔ اور ایک لغت ايها ہے۔
الْهيُوفاريْقون. زرد پھولوں والا پودا بعض طبی فوائد رکھتا ہے۔
هيا. بعید کے لیے حروفِ نداء میں سے ہے اور اس کی اصل اَیا ہے۔
هيّ بن بيّ وهيَانُ بْنُ بيَان غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔
هيّ. اسم فعل بمعنے امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے ويْدكَ اور هاك میں، کہا جاتا ہے هيَكَ اور کبھی تثنیہ کے لیے "هيّا" اور جمع کے لیے "هيُوْ" کہا جاتا ہے۔
هيّا هيّا اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔
الهيّاة. شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "ما هيّاتُه" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

ی

ی: الیاءُ حروف تہجی میں سے اٹھائیسواں حرف ہے- یہ حروف جوف سے ہے- بحساب جمل اس کا عدد (۱۰) ہے-

الیاءُ. ضمیر مؤنث کے لیے آتی ہے جیسے تقُوْمِیْن و قُوْمِی. اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے جیسے ضربنی و کتابیْ.

یا. حرفِ ندا ہے۔ بعید و قریب دونوں کے لیے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یا "لَیْتَنِیْ کُنْتُ معهُمْ" و یا "رُبَّ کاسیةٍ فی الدُّنْیا عارِیةٌ یوْم الْقیامة" اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لیے ہے-

اور "اتانی رجُلٌ ویالهٗ رجُلا اوْ منْ رجُلٍ" و "یا لك منْ فارِسٍ" جیسی ترکیبوں میں یا حرِف ندا اور لام تعجب کے لیے ہے-

یئس ییاسُ و ییْئسُ یأْسا و یئاسة منه: ناامید ہونا۔ صفت فاعلی یائسٌ و یؤُسٌ و یؤُوْسٌ جمع یُؤُوْسٌ اور صفت مفعولی میْؤُوْسٌ منْهُ. اور کبھی یئِس جاننے کے معنے میں آتا ہے۔ جیسے "اَلَمْ تیْاَسُوْا انِّیْ ابنُ فارِس زهْدمِ" کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں۔

یئست الْمرْاَةُ تیْاس. بانجھ ہونا۔ صفت یائس

اٰیاسهٗ اِیْئاسا وایْسهٗ ایاسا و مُؤایسة. ناامید کرنا۔ أیاس اللّٰهُ الْمرْاَةَ بانجھ کرنا۔

اتّاس اتّئاسا واستیاس استیْأسا منهٗ: مایوس ہونا۔

الیاسْ والیاسة. ناامیدی۔

یأیایأیأة ویأیاء القوم. پکارنا۔ بالْابل: ایْ کہہ کے ٹھہرانا (ایْ ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو ڈانٹتے ہیں)

یأیأ لوگوں کے جمع ہونے کے لیے پکارنے کا اسم صوت۔

الیأیاء. مص یؤیؤ نامی شکاری پرندہ کی چیخ۔

الیُؤْیُؤ. ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جلم بھی کہتے ہیں ج یآیی.

ییّب المنزلْ. ویران کرنا۔ کہا جاتا ہے "خرّبوْهُ و ییّبوْهُ" انہوں نے اسے تباہ و ویران کیا۔

الیباب ویران۔ کہا جاتا ہے "منزلٌ خرابٌ یبابٌ" ویران منزل۔

الایْبد. ایک قسم کی نباتات۔

یبس ییْبسُ و ییبسُ یبْسا و یُبْسا واتَّبس خشک ہونا۔ صفت یبْس و یبس ویابس ویبوس و یبیس وایْبس کہا جاتا ہے "یبس ما بیْنهُما" ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے۔

یبّس وایبس الشّیْ. خشک کرنا۔ ایبس المکانُ. خشک نباتات والی ہونا۔ ایبس القوْمُ: خشک زمین میں چلنا۔ ایبس الْعُوْدُ خشک ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "ایْبس یا رجُلُ" یعنی چپ رہو۔

استیْبس الرّیْقُ. تھوک خشک ہونا۔

الیابس. فا۔ ج یبّس رجلٌ یابسٌ. بے برکت آدمی۔ حجرٌ یابسٌ. سخت پتھر۔

الیبس خشک جس میں کبھی تری نہ رہی ہو۔ خشک جگہ جو پہلے تر رہی ہو شاةٌ یبسٌ بے دودھ کی بکری۔

الیبْس. مص. خشک۔ یابس کی جمع۔ جیسے راکبٌ کی جمع رکبٌ. کہا جاتا ہے "رجلٌ یبْسٌ" بے برکت شخص۔

شیٌ یباسٌ. خشک چیز۔

الیُبُوْسة خشکی۔

یبیْس الْماءِ: پسینہ۔

الایْبسان کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا۔

الایابس سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے ایبس کی جمع۔

المیْباس پودوں کو خشک کرنے والی ہوا۔

الیتْوع والیتُّوع دودھ والے پودے ج ینْتوعات.

یتم ییْتمُ ویتم ییْتمُ ویتِم ییْتمُ یُتْما و یتْما الصّبیُّ منْ ابیْه: یتیم ہونا۔

یتم (ض) یتْما. کوتاہی کرنا۔ سستی کرنا۔ تھکنا۔ دیر کرنا منْ هذا الامر رہائی پانا۔

تیتّم الصّبیُّ. یتیم ہونا۔

یتّمه وایْتمهٗ. یتیم کرنا۔ ایْتمت المرْاَةُ یتیم بچوں والی ہونا۔ صفت موتمٌ ج

مَیاتِیمُ۔

اَلْیَتِیْمُ نابالغ بچہ جس کا باپ مر گیا ہو من الْبھائم: جس کی ماں مر گئی ہو ج اَیْتام وَیَتامی و یَتمۃ و یَتَمَۃٌ و یَتائم. اَلْیَتِیْمُ اکیلا۔ کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیْمٌ وَبَلَد یَتِیْمٌ. علیحدہ ریگستان۔ بے نظیر۔ بے مثل۔

الیَتِیمۃ یتیم کا مؤنث۔ ج یَتامی علیحدہ ریگستان۔ دُرَّۃٌ یَتِیمَۃٌ: بیش قیمت بے نظیر موتی۔

الیُتْم مص۔ غم۔

الیُتْم مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔

الیَتَم مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔ حاجت۔ اور کہا جاتا ہے "فِی سَیْرِہ یَتَمٌ"، اس کی چال میں ضعف وفتور ہے۔

صبیٌ یَتْمانٌ یتیم بچہ۔ کہا جاتا ہے اَلْحَرْبُ مَیْتَمَۃٌ یعنی لڑائی بچوں کو یتیم بنانے والی ہوتی ہے۔

یَتَّنَتْ تَیْتِیْنًا وَ اِیْتَنَتْ اِیتانًا اَلْمَرْاَۃُ او النَّاقۃُ الْوَلَدَ پاؤں کی جانب سے پیدا ہونے والے بچہ کو جننا۔ صفت مُوْتِنٌ و مُوْتِنَۃٌ. صفت مفعولی مُوْتُونٌ اور قیاس مُؤْتَنٌ ہے۔

الیَتْن وہ بچہ جس کے پیر پیدائش میں پہلے ظاہر ہوں۔

المِیْجار کھیلنے کا ڈنڈا۔ چوگان۔

الیَحْمُور سرخ۔ چھوٹی دم والا بارہ سنگھا۔

الیَحْمُوم بہت کالا۔

الیَخْتُ وہ بڑی کشتی جو سیر کرنے اور جلسے منعقد کرنے کے لئے ہو اور اس میں آرام وعیش کا تمام سامان ہوتا ہے۔

یَدَّعَ الثَّوبَ: اَیْدَع سے رنگنا (دیکھئے لفظ اَیْدع)

اَیْدَعَ الْحجَّ علی نفسہ: احرام کے وقت خوشبو لگا کر حج واجب کرنا۔

الاَیْدَع. زعفران۔ اور بقول بعض بقم کی لکڑی۔

یَدَی یَدْیًا الرَّجُلَ: ہاتھ پر مارنا۔ صفت فاعلی یادٍ صفت مفعولی مَیْدِیٌّ.

یُدِی وَیَدِی یَیْدی یَدیًا فُلانٌ مِن فُلان: فائدہ حاصل کرنا۔ یَدِی فُلانٌ مِنْ یَدِہِ: ہاتھ جاتا رہنا۔ خشک ہونا۔ یَدِی الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلانٍ مَالًا یَیْدی بِہ وَیَبُوْعُ"، اس کے پاس مال ہے جس کی وجہ سے وہ ہاتھ اور باع کو کشادہ رکھتا ہے (باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کا نام ہے)

یادَی مُیاداۃً الرَّجُلَ: بدلہ دینا یا دست بدست دینا۔

اَیْدَی اِیْداءً عِنْدَ فُلانٍ و الیہ: انعام کرنا۔ صفت فاعلی مُوْدٍ و صفت مفعولی مُوْدَی اِلَیْہِ.

الیَدُ ہاتھ۔ ہتھیلی۔ کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے۔ اصل یَدْیٌ ہے تثنیہ یَدانِ ج الاَیْدِی والیُدِیّ جج الایادی. اور ایادی کا اکثر استعمال نعمت کے معنے میں ہوتا ہے اور الاَیْدِی کی جمع الاَیْدِیْن بھی آتی ہے۔ الیَد: نعمت واحسان ج یُدِیٌّ و یَدِیٌّ و یِدِیٌّ وایْد. الیَد: جاہ و مرتبہ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "مالَكَ عَلَیْہِ یَدٌ"، تم کو اس پر طاقت حاصل نہیں۔ ندامت۔ ذلت۔ جماعت۔ کھانا۔ ظلم سے روک۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِھِمْ یَدَ الْبَحْرِ"، وہ ان لوگوں کو سمندر کے راستہ سے لے گیا۔ فریاد رسی۔ اور کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذاتِ یَدَیْنِ"، میں اس سے سب سے پہلے ملا۔ "وَسُقِطَ فِی یَدَیْہِ"، وہ پشیمان ہوا "وَلَہٗ یَدٌ بَیْضَاءُ فِی ھٰذَا الْاَمْرِ"، وہ اس کام میں ماہر کامل ہے "وَضَرَبَ الْقَاضِی عَلٰی یَدِہٖ"، قاضی نے اس کو تصرف سے منع کر دیا "وَاَعْطٰی بِیَدِہٖ" وہ مطیع وفرمانبردار ہوا۔ یَدُ الطَّائِرِ پرندہ کے بازو۔ یَدُ الدَّھْرِ: مدت زمانہ۔ یَدُ الْفَاسِ: کلہاڑے کا دستہ۔ یَدُ الْقَوْسِ: کمان کے دونوں جانب جو جھکائے جاتیں۔ الیَدُ الْعُلْیَا: دینے والا ہاتھ۔ الیَدُ السُّفْلٰی: مانگنے والا ہاتھ یا روکنے والا ہاتھ۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَوْمُ عَلَیْہِ یَدٌ وَاحِدَۃٌ"، قوم اس کے اوپر ظلم کرنے میں یا دشمنی کرنے میں متفق ہے "وھٰذَا فِی یَدِی" یہ میری ملکیت میں ہے۔ "وَالْاَمْرُ بِیَدِ فُلانٍ"، معاملہ فلاں کے قبضہ میں ہے۔ "وَیَدِیْ رَھِیْنَۃٌ بِکَذَا"، میں اس کا ضامن ہوں "وَلَا یَدَیْنِ لَکَ بِھٰذَا"، تم کو اس کی طاقت نہیں۔ اور امثال عرب سے ہے۔ "یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ"، جماعت پر اللہ کی حفاظت ہے "وَالْیَدُ لِفُلانٍ عَلٰی فُلانٍ"، فلاں کو فلاں پر طاقت وغلبہ ہے۔ "وَبِعْتُہٗ یَدًا بِیَدٍ" میں نے دست بدست بیع کی "وَذَھَبُوْا اَیَادِی سَبَا او اَیْدِیْ سَبَا"، وہ سب پراگندہ ہو گئے "یَدُ الْجَوْزاءِ"، چند ستارے۔

الیَدُّ. بالتشدید والیَدَیٰ والیدۃ ہاتھ۔ ید میں لغات ہیں۔

الیَدِیُّ ماہر۔ حاذق۔ ثَوْبٌ یَدِیٌّ: وسیع کپڑا۔ عَیْشٌ یَدِیٌّ: آسودہ زندگی (والیَدَوِیّ) ید کی جانب منسوب۔

الیُدَیَّۃ ید کی تصغیر۔

الیَدْیاء ماہر عورت۔

المُوْدِی احسان کرنے والا۔ انعام کرنے والا۔

المُوْدی الیہ جس پر انعام کیا جائے۔

المَیْدِی جڑ سے ہاتھ کٹا ہوا۔ ظَبْیٌ مَیْدِیٌّ جال میں اگلی ٹانگ پھنسی ہوئی ہرنی۔

الیَرَۃ آگ۔

الیَرْبُوع چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی اور دُم لمبی ہوتی ہے۔ ج یَرابِیع.

الیَارَج (دخیل)

الیَارُوْج. تلوار۔

الاِیَارَجۃ. دست آور معجون۔ ج ایارِج. (دخیل)

یَرِعَ یَرَعًا بزدل ہونا۔

الیَرَعُ گائے کا بچہ۔

الیَراع جگنو۔ نرکل۔ قلم۔ بانسری جس کو چرواہا بجاتا ہے۔ بزدل۔ کمزور۔ بے عقل۔ چھوٹے چھوٹے بھیڑ بکری۔

الیَرَاع والیَرع بھنگا۔
الیَرَاعۃ جگنو۔ نرکل۔ ج یراع چرواہے کی بانسری۔ قلم۔ بیوقوف۔ بزدل۔ جھاڑی۔ شتر مرغ۔
الیَرُوْع. خوف۔ ڈر۔
یُرِقَ. یرقان کی بیماری والا ہونا۔
الیَرَقَان والأَرَقَان. کھیتی کے لیے ایک آفت جس میں کھیتی پیلی پڑ جاتی ہے۔ یا کیڑے جو کھیت کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس سے بدن پیلا ہو جاتا ہے۔
المَیْرُوْق والمَأْرُوْق. من الزَّرْع والنَّاس. یرقان زدہ۔
الْیَرْقَانَۃُ. ولادت کے قوت جانوروں کا اپنی صورت کو غضبناک اور خطرناک حالت میں کرنا۔
الیَرْمَع. پھرکی۔ سفید چمکنے والی کنکریاں ج یَرَامِع.
الیَرُوْن. ہاتھی کا دماغ۔ جانور کا پسینہ۔ نر جانور کی منی۔
یَرْنَا یَرْنَاۃَ الشَّیْئَ: مہندی سے رنگنا۔
الیُرَنَّأ والیَرَنَّأ والیُرَنَّاء. مہندی۔
یَسَر یَیْسِرُ یَسْرًا و یَسَرًا. نرم ہونا۔ مطیع ہونا۔ یَسَرَتِ الْمَرْأَۃُ: آسانی سے جننا۔
(یَسْرًا) الرَّجُلَ: بائیں جانب سے آنا جوا کھیلنا
القَوْمُ النَّاقَۃَ: حصے کر کے گوشت کو تقسیم کر لینا۔
یَسُر یَیْسُرُ یَسْرًا. کم ہونا۔ صفت یَسِیْر.
یُسِر یُیْسَرُ یُسْرًا و یَسِر یَیْسَرُ یَسَرًا الْأَمْرُ: آسان ہونا۔ صفت یَسِیْر.
یَسَّرَ الشَّیْئَ لِفُلَانٍ. آسان کرنا۔ توفیق دینا (خیر و شر دونوں کے لیے مستعمل ہے)
یَسَّرَتِ الغَنَمُ. زیادہ دودھ و بچے والی ہونا۔
یَسَّرَ الرَّجُلُ. آسانی سے بچے جننے والی بکری اور اونٹ والا ہونا۔
أَیْسَرَ إِیْسَارًا. دولت مند ہونا۔ صفت مُوْسِرٌ ج مَیَاسِیْر. أَیْسَرَ الرَّجُلَ: مطالبہ میں سختی نہ کرنا۔ أَیْسَرَتِ الْمَرْأَۃُ: آسانی سے جننا۔
یَاسَرَہٗ مُیَاسَرَۃً. نرمی برتنا۔ بائیں جانب سے آنا۔ یَاسَرَ الشَّیْئَ: بائیں جانب لینا۔ بالقَوْمِ باہم آسانی و نرمی کرنا۔
تَیَسَّرَ لِلْقِتَالِ. مقاتلہ کیلئے تیار ہونا البِلَادُ: سرسبز ہونا النَّہَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (واسْتَیْسَرَ) الْأَمْرُ: آسان ہونا۔
واسْتَیْسَرَ لَہٗ الْأَمْرُ تیار ہونا۔
تَیَاسَرَ. باہم آسانی کرنا الرَّجُلُ: بائیں جانب سے کرنا القَوْمُ: بائیں جانب لینا (واتَّسَرَ واتْتَسَرَ) القَوْمُ. جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو باہم تقسیم کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَیَاسَرَتِ الْأَھْوَاءُ قَلْبَہٗ" خواہشات نے اس کے دل کو تقسیم کر لیا۔
الیُسْر والیُسُر والیَسَارَۃ. آسانی، نرمی، تونگری۔ الیَسَر. ایک درخت کا نام جس کا دانہ بہت کالے رنگ کا ہوتا ہے اور خوشبو اچھی ہوتی ہے اس کو کھیلنے کے لئے دھاگے میں پرو لیتے ہیں۔
الیَسَار. آسانی۔ تونگری (والیِسَار) بایاں۔ ج یُسُر و یُسْر.
الیَسَر. آسان۔ تیار کیا ہوا۔ جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج أَیْسَار. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَعْسَرُ یَسَرٌ" دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا مرد۔ اور مؤنث کے لیے عَسْرَاءُ یَسْرَاءُ.
الیَاسِر. آسان۔ بایاں۔ جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم۔ قصائی ج أَیْسَار.
الیَسَرَۃ. ہاتھ کی غیر متصل لکیریں۔ دونوں ران کے داغ ج یَسَر. ہلکی ٹانگیں۔ أَیْسَار و یَسَرَات.
الیسرات. ج
الیُسْرٰی. ج یُسْرَیَات والیَسْرَۃ. بایاں۔ بائیں جانب والا۔ نرم و آسان۔
الأَیْسَر. کم۔ نرم آسان (والیُسُور)
الیَسِیْر. غالب۔ جوئے باز۔ ج یُسَر.
المَیْسِر. جوا۔ تیروں کا جوا۔ ذبح شدہ جانور جن پر جوا کھیلا جائے۔ زمانہ جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے اور اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے اور تیروں میں حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے تھے جس شخص کے نام حصہ والا تیر آتا تھا وہ اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر بے حصہ کا تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا۔
المَیْسَرَۃ. بائیں جانب۔ بائیں جانب کا دستہ فوج ج مَیَاسِر (والمَیْسِرَۃ والمَیْسُرَۃ) آسانی۔ تونگری۔
المَیْسُوْر. آسان کیا ہوا۔ آسان ج مَیَاسِیْر.
الیَاسَمِیْن والیَاسَمُوْن. چنبیلی۔
یَسِنَ یَیْسَنُ یَسَنًا الْمَاءُ: متغیر ہونا۔
الیَصْب والیَصَف. یشب۔
الأَیْصَر. سوکھی گھاس ج أَیَاصِر.
یَعَرَتْ تَیْعِرُ و تَیْعَرُ یُعَارًا الشَّاۃُ او المَعْزٰی: بکری کا ممیانا۔
الیَعْر والیَعْرَۃ. بکری کا بچہ جس کو شیر اور بھیڑیے کے شکار کے لیے گڑھے کے پاس باندھ دیتے ہیں ج یِعَار.
الیَعْسُوْب. شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ ج یَعَاسِیْب.
الیَعْفُوْر. ہرن۔
الیَغْمُر. ایک جانور جو کتے سے چھوٹا اور بلی سے بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو غُرَیْر بھی کہتے ہیں۔
یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا الْوَلَدَ: لڑکے کی چندیا پر مارنا۔
الیَافُوْخ والیَأْفُوْخ. نو مولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے ج یَوَافِیْخ. اور کہا جاتا ہے "صَدَعَ الْقَوْمُ یَافُوْخَ اللَّیْلِ" جب کہ رات میں چلیں "ومَسَّ بِیَافُوْخِہِ السَّمَاءَ" جبکہ تکبر کرے "ووَطِئَ فُلَانٌ یَوَافِیْخَ الْقُرُوْمِ" جبکہ سب لوگ سرداری کو

تسلیم کرلیں۔

یفع یَیْفَعُ یفعًا وَایْفع الغلامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ یفع الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔

تیفع الْغُلامُ. لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ ٹیلہ پر آگ روشن کرنا۔

الیفع والیفاع. بلند ٹیلہ۔ بلند زمین۔ ج یُفُوْعٌ. غلامٌ یفعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج یفاع.

الیافع. فا۔ غلامٌ یافِعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج یفعةٌ و یُفْعان. مجْدٌ یافِعٌ: بڑی بزرگی۔

الیفعة. لڑکا جو نوجوان ہو اور بلوغ کے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے غلامٌ یفعةٌ و غُلامان یفعةٌ و غِلْمانٌ یفعةٌ.

الیافعة. یافع کا مؤنث ج یافعات الیافعاتُ من الْاُمُوْرِ. طاقت سے باہر کام من الْجبال: بلند پہاڑ۔

المیفعة. بلند زمین ج میافع.

الیفن. بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ بوڑھا بیل۔ صاحب فنون ج یُفْن.

یق ییقُّ یقُوْقة. سفید ہونا۔

الیقق. روئی۔ کھجور کے اندر کا سفید گودا۔ ایک ٹکڑے کو یققة کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ابیض یقق و یقِقٌ" بہت سفید ج یقائق۔

الیاقُوْت. ایک بیش قیمت پتھر واحد یاقُوْتةٌ ج یواقیت.

الیقْطِیْن. بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لیے ہوتا ہے واحد یقْطِیْنة.

یقظ یَیْقَظُ یقظا ویقُظ یَیْقُظ یقاظةً. بیدار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ صفت مذکر یقظٌ و یقُظٌ و یقْظان ج اَیْقاظ. صفت مؤنث یقْظی ج یقاظی.

اَیْقَظ اِیْقاظًا ویقظ تیْقِیْظًا الغُبار غبار اُڑانا۔ فلانًا: بیدار کرنا۔ جگانا۔

تیقَّظ تیقُّظًا واستیقظ اسْتِیْقاظا بیدار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تیقَّظْ لِلْاَمْرِ" وہ معاملہ پر متنبہ ہوگیا۔ اسْتیْقظه: بیدار کرنا۔

الیقظة. بیداری۔

ابو الیقْظان. مرغ۔

یقن ییْقَنُ یقْنًا و یقنا الْامر واضح ہونا۔ صفت یقِیْنٌ (وایقن وتیقن و استیقن) الامر و به: جاننا۔ یقین کرنا۔

الیقن والیقن والیقَن والیقنة والمیقان. ہر سنی ہوئی چیز پر یقین کرنے والا مؤنث میقانة. الیقن: زوال شک۔ رجُلٌ یقِنٌ بالشَّیْءِ: کسی چیز پر فریفتہ مرد۔

الیقِیْن. زوال شک۔ یقینی امر۔ نظر و استدلال سے حاصل ہونے والا علم۔ حق الیقین۔ واضح اور خالص بے شبہ۔ امْرٌ یقِیْنٌ: سچا واضح معاملہ۔

الْیکة: زمین پر پھیلی ہوئی بیل جس کے اردگرد تلوار کی صورت میں پتے ہوتے ہیں۔ اس پر پھولوں کا خوشہ سفید پھول ہوتے ہیں۔

یلَّ و یلِل ییْلَلُ یلا و یللا چھوٹے اور ناہموار اور اندر کو گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت مذکر ایلّ صفت مؤنث یلاء ج یُلٌّ.

الیلب. کھال۔ چمڑے کی ڈھال یا چمڑے کی یمنی زرہیں۔ اور بقول بعض وہ کھالیں جن کو ایک دوسرے کے ساتھ سی کر سر پر اوڑھتے ہیں واحد یلبة. الیلبُ: فولاد۔ خالص لوہا۔ ہر چیز میں سے بڑی چیز۔

الیلق. سفید۔ کہا جاتا ہے ابیض یلقٌ وابیض لهق وابیض یقق بمعنے بہت زیادہ سفید۔

الیلقة والیلْقق. سفید بکری۔

الیلْمق. قبا۔ ج یلامق.

الیلنجج والالنجج والیلنْجُوْج والالنْجُوْج. خوشبودار لکڑی۔

یُمَّ یُیمُّ یمًا. سمندر میں پھینکا جانا۔ الساحلُ: سمندر کے نیچے آنا۔

یمَّمه. قصد کرنا۔ یمَّم المریض للصَّلاة: تیمم کرانا۔ فلانا برُمْحه: خاص طور سے نیزہ کا نشانہ بنانا۔

تیمَّم. الامر. قصد کرنا۔ للصَّلاة: مٹی سے ہاتھ، منہ پر مسح کرنا۔

الیمّ س۔ سمندر۔ سانپ (والیمم) جنگلی کبوتر۔

الیمام. جنگلی کبوتر۔

الیمامة. جنگلی کبوتری۔ ارادہ۔ اور کہا جاتا ہے اِمْضِ یمامتی میرے آگے چلو۔

المُیمَّم. اپنے مطالب و مقاصد پر فتح مند۔

یمن و یمِن ییْمَنُ یمْنا الرَّجُلَ: داہنی جانب سے آنا۔

یمن یَیْمُنُ یمْنًا و یُمْنا اللّٰه فُلانًا: بابرکت بنانا۔ صفت مفعولی میمُوْن. صفت فاعلی یامن و یمِیْن. جیسے قادِرٌ و قدیْرٌ.

یمن یَیْمَنُ و یامِنُ یمْنًا و یمَن و یامن یُیامِنُ مُیامنةً به: دائیں طرف لے جانا۔

یمن ییْمُنُ و یمن ییْمن و یامُنُ و یمُن ییْمُنُ یُمْنا و میْمنةً لقوْمه و علی قوْمه بابرکت ہونا۔ صفت یامن و یمین وایْمن و میْموْن.

یمَّن علیه: برکت دینا (ویامن) بفلان: دائیں جانب لے جانا (ویامن و تیامن وایْمن) دائیں جانب جانا۔ ملک یمن کی طرف جانا۔ ملک یمن میں جانا۔

تیمَّن بکذا: برکت حاصل کرنا۔ ملک یمن کی جانب منسوب ہونا۔ المیِّت: قبر میں دائیں پہلو پر رکھنا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔ داہنے ہاتھ یا پیر پر داہنی جانب سے شروع کرنا۔

اسْتیْمن اسْتِیْمانا بکذا: برکت حاصل کرنا۔ الرَّجُل: قسم کھلانا۔

الیامن. برکت والا۔ مؤنث یامنةٌ.

الیُمْن. برکت۔

الیمن والیمنة. داہنی جانب۔

الیمن. ملک یمن جو بلادِ عرب سے ہے نسبت کے لیے الیمنیّ والیمانیّ والیمانیُ ج یمْنیُّوْن و یمانُوْن و یمانیُّوْن

الیمیْن. داہنا ہاتھ۔ داہنی جانب۔ ج اَیْمُن

و ایْمان و ایامن و ایامین تصغیر یُمین بغیرہاء کے ج یمائن۔

الیمِیْن ج ایْمن و ایْمان قسم (مؤنث) ایْمُنُ اللہ: اسم ہے جو قسم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور اس کی تقدیر ایْمُنُ اللہ قسمیْ ہے اور اس میں اور بھی لغات ہیں۔ ایْمَنُ اللہ وایْمُنَ اللہ وایْمُنُ اللہ وایمِنُ اللہ اور اسی کے معنی میں ہے ایْمُ اللہ وایْمِ اللہ وامُ اللہ میم کی تثلیث سے ومن اللّٰہ میم اور نون کی تثلیث سے ومااللہ میم کی تثلیث سے اور کہا جاتا ہے "یمیْنُ اللہ لا افعَلُ" قسم اللہ کی میں نہیں کروں گا۔

الیمیْن. برکت وقوت۔ ج ایْمان. کہا جاتا ہے "فُلانٌ عنْدنا بالْیمیْن" فلاں ہمارے نزدیک اچھے رتبہ پر ہے۔ وقدمِ علی ایْمن الْیمیْن وہ برکت کے ساتھ آیا۔

الیُمْنی. دایاں ہاتھ یا داہنی جانب۔ ثنی یُمْنیان. ج یُمْنیات

الیُمْنۃ والیمْنۃ. یمنی چادر۔

الایْمن داہنی جانب۔ مؤنث یمناء ج یُمْن وایامن کہا جاتا ہے "ذھب الی ایْمنِ الْابل" وہ اونٹوں کی داہنی جانب گیا "ونظر ایْمن منْہ" اس نے داہنی جانب دیکھا۔

المیْمنۃ. برکت۔ داہنی جانب کا دستہ فوج ج میامن

المیْمن. برکت لانے والا۔

المیْمُوْن. مبارک۔ ج میامین کہا جاتا ہے "ھو میْمُوْنُ الطَّائر" وہ مبارک چہرہ والا ہے "وسرْ علی الطَّائرِ المیْمُوْن" مسافر کے لیے دُعا ہے یعنی توفیق کے ساتھ سفر کرو۔

الینْبُوْت ایک قسم کی نباتات۔

ینْبُوْع دیکھئے مادہ نبغ۔

الیانْسُوْن ایک قسم کی خوشبودار نباتات۔

ینع ییْنع ویینِعُ ینْعا و یَنْعًا و یُنُوْعًا وایْنعِ الثمرُ پھل کا پختہ ہونا۔ صفت یانِع. ج ینْعِ. ویسعِ. الیانع ہر چیز کا سُرخ وینع الشَّیُ تیز سُرخ ہونا۔

الیُنُوع خون کی سُرخی۔

الینع. سُرخ مہرہ۔ واحد ینعۃٌ. عقیق کی ایک قسم۔

الَینم ایک قسم کی نباتات واحد ینمۃٌ.

ایْھت ایھاتا اللَحْمُ. گوشت بدبودار ہونا۔

اسْتیْھر. بے عقل ہونا فی الْامْر: کسی کام میں مدت گزارنا بالْامْر. یقین کرنا۔

الیھْر والیھر کشادہ جگہ۔ کسی کام میں مدت گزاری۔

الیھْیرُ سراب۔ سخت پتھر۔ لجاجت جھوٹ، اندرائن۔ زہر۔

الیھْیرَی بہت پانی۔ باطل۔

المُسْتیْھر فا۔ بہت لجاجت کرنے والا۔

الیھْفوْف بزدل۔ بیوقوف۔ چٹیل زمین۔ تیز قلب۔

الیھم دیوانگی۔ جنون۔

الایْھم. دیوانہ۔ مجنون۔ خشکی۔ بلند پہاڑ۔ بہرا۔ دلیر، چکنا پتھر، بے نشان شہر لیْلٌ ایھم. بے تاروں والی رات۔ مؤنث یھماء ج یُھْم

الیھْماءُ. ایھم کا مؤنث۔ بے پانی، اور بے نشان بیابان۔ سخت سال۔ مضبوط او نٹنی ارْضٌ یھْماءُ: بے نام و نشان و بے چراگاہ زمین۔ سِنُوْن یُھْمٌ: بے گھاس و پانی اور بے درخت والے سال۔

یھُوْد دیکھئے مادہ ہود۔

یُوْح و یُوْحی. آفتاب کے ناموں میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "جعلك اللّٰہُ اعْمرَ من نُوْحٍ وانْور منْ یُوْحٍ" اللہ تعالیٰ تیری عمر نوحؑ کی عمر سے بھی زیادہ دراز کرے اور آفتاب سے زیادہ روشن کرے۔

الیُوْد. سیاہ خاکستری بلوری رنگ کا جسم جس کا دھواں تیزی سے پھیل جاتا ہے۔

الیوْمُ الشَّمسی الحقیقی وہ وقت جب سورج خط ہاجرہ سے دو دفعہ گزرتا ہے۔

یاوَمہٗ یواما و مُیاومۃ دنوں کے لحاظ سے معاملہ کرنا۔

الیَوْم. دن۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذخرْتك لھذا الیوْم" تم کو میں نے اسی دن کے لیے ذخیرہ بنایا تھا ج ایّام وج اياويم، ایّامُ اللہ: خدا کے دن یعنی خدا کے انعامات یا سزائیں ایّام العرب. جنگ ہائے عرب: ابْنُ الایّام: زمانہ شناس۔ "ابنُ الیوْم" زمانہ ساز۔ کہا جاتا ہے "یوْمٌ ایوْمٌ" مہینے کا آخری دن۔ ویوْمٌ ایوْمٌ ویومٌ ووَوِمٌ و ذُو ایّام و ذُو ایاویم و ذُو ایاییم سخت طویل دن۔

الیُوْنان. یونانی لوگ۔ ایک ملک کا نام۔

یُوْنانیَ. یونان کا رہنے والا ج یونانیُوْن

الیاویُّ. یا کی جانب منسوب۔

الیَنْمیَۃ. خود۔

یَاتینیۃ. الیاء: لکھنا۔

ملحق

جدید عربی الفاظ

جو اہل عرب کے ہاں دورِ حاضر میں بولے جاتے ہیں

ابد- المؤبَّد: ہمیشہ جس کی انتہا نہ ہو- کہا جاتا ہے سجن مؤبّد: عمر بھر کا قیدی-

ابو-الأبوّة: باپ ہونے کی صفت-أبوّة شرعيّة شرعی (قانونی) باپ ہونا-أبوّة طبعيّة:

طبعی باپ ہونا- خاص اجتماعی نظام جس میں خاندان یا قبیلے پر باپ کی مطلق العنان حکومت ہو- اس کو نظام یا دور بطر یر کی کہا جاتا ہے- سر براہ کی حکومت رعایا پر یا کام کرانے والے کی مزدوروں پر اجتماعی نظام حکومت روحانی طور پر کاہن کو (باپ) بولتے ہیں-

اثر-الایثار ترجیح و تفضیل- دوست کو قریبیوں پر ترجیح دینا- عزت کو منفعت پر ترجیح دینا- ذاتی بہتری پر دوسروں کی بہتری کو ترجیح دینا- مہمان کی عزت کرنا-ایثار کذا و کذا- کسی کی کسی بات میں اتباع کرنا-

اخر-المؤخرة: سب سے آخر میں چیز- مؤخرة سفينة: کشتی کا پچھلا حصہ- فوج کا آخری دستہ جو نگرانی و حفاظت سامان کی ڈیوٹی انجام دیتا ہے-اس کا ضد مقدمة

ادب-الادبی: المعنوی روحانی ادب جو کہ مادی ادب کے مخالف ہے-

ادب اور سزا دینے کا مرکز جن کا تعلق اخلاق سے ہے- معنوی کو لاھوتِ ادبی بھی بولا جاتا ہے-وہ جسکو ادب کے وسیع ترمعنی کی طرف منسوب کیا گیا-یعنی انسان کے اندر فنی ادب کو

پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا- اسی کو ادبی بحث و تنقید بھی کہا جائے گا-

اِلتزام ادبیّ جو قواعد سلوک کے مطابق اور معاشرے کی نگاہ میں بھلا معلوم ہو-

ذوق ادبیّ: ادبی ذوق

أسلوب ادبیّ: ادبی اسلوب-

وہ ادب جس کا تعلق کلام کو خوبصورت انداز میں پیش کرنے سے ہو-

التأديب: نوجوانوں کو مہذب بنانا-

جانوروں کو سدھانا- اولاد کو برے کام پر سزا دینا- شاگردوں کو فنون و اداب کی تعلیم دینا- اصلاح اور حسن اخلاق کی تربیت دینا-

حدیث((أدبني ربّي فأحسن تأديبي)) میرے رب نے میری اچھی تربیت کی-

فقه میں تادیب: معمولی ملامت کرنا جس کا مقصد اصلاح ہوتا ہے-

اَلْمَجلس التأديبي وہ حکومتی تنظیم جو خلاف قانون امور پر کڑی نگاہ رکھے-

اذن-المؤذّن اعلان عام کرنے والا-

اسلامیًا: نماز پڑھنے کی طرف ماثور الفاظ کے ساتھ دعوت دینے والا-

ازو-الأزوت نائٹروجن (بے رنگ و بے ذائقہ و بے ہوا عنصر) علامت، ایٹمی نمبر کمیتی

140 008 7 N

الاستراتیجی الاستراجیة کی طرف منسوب-

ست-الاستراجيّة: فوجی قیادت میں لشکر کو چلانے کا ایک خاص فن-

موقع استراتيجيّ: مخصوص فن قیادت کا مقصود-

اسو-التأسّي: صبر و حوصلہ کرنا-

اصل-الأصلة: بڑا اژدہا جو کہ زہر سے عاری ہوتا ہے جس کی لمبائی (17) میٹر سے زیادہ ہوتی ہے شکار کو اپنے جسم میں لپیٹ کر پکڑتا ہے پھر اس کو نگل جاتا ہے-

افس-الأفست: اشیاء کو طبع کرنے کا ایک طریقہ جس میں معدنی پلیٹ سیاہی سے بھری ہوتی ہے اس پر حروف و نصوص ہوتے ہیں ان کو کاغذ پر منتقل کرتی ہے- آلہ طباعت (پریس)

اکل-التآكّل و التأكّل: مواد یا جسموں کو رگڑنے یا کیمیائی تاثیر سے تراشنا، ہموار کرنا-

مأكّل حديد لوہے کو رگڑنا-تآكل صخور: پتھروں کو تراشنا-

الف-الائتلاف: اجتماع اور موافقت

ائتلاف اشخاص: ایک ہی آواز سے سب کا مل کر بولنا یا پڑھنا-

الائتلاف في البلاغة: الفاظ کی الفاظ کے ساتھ یا ان کے معنی کے ساتھ مطابعت-

الائتلاف في السّياسة: مخالف دھڑوں کا سیاسی میدان میں اتحاد-حکومة ائتلاف انتخابی اتحاد-

الك-الالکترون: الكهرب و الكهيرب

چھوٹا عنصر جو بجلی پیدا کرے-

امامیۃ: امام کی طرف نسبت یا امامت کی طرف- شیعوں کا ایک فرقہ جو دعویٰ کرتے ہیں کہ امامت دین کے اصولوں میں سے اصل ہے- اور وہ حضرت علی اور ان کی اولاد کے حق میں نبی کی طرف سے واضح نص ہے-

امر- لاستمارۃ درخواست فارم- داخلہ فارم- خارجہ فارم-

التامر: ایک فرد یا ادارہ کے دو یا دو سے زیادہ افراد کا خفیہ سازش کرنا-

موامرۃ بقلب النظام: ملکی امن و امان کو خراب کرنے کے لئے دو یا دو سے زیادہ افراد کا خفیہ تدابیر کرنا-

امن- الامن مصدر امن کا - بے خوف سکون- جیسے کہا جاتا ہے: نام فی امن بے خوفی میں سونا- شہروں کی حالت حفاظت نظام اور احترام قانون کے لحاظ سے- اسی سے ہے- قوی الامن یعنی امن وامان کی حفاظت کے لئے فورس و ساز و سامان-

الائتمان: کسی شخص کو کسی چیز پر امین بنانا- کسی کو امین شمار کرنا-

فی القانون کسی شخص کے سپرد کرنا مال منقول یا غیر منقول' قرض یا امانت' وکالت نامہ' اجرت نامہ' عاریہ چیز' رہن' کسی سے کام کروانا اجرت پر یا بلا اجرت-

سوء الائتمان: جان بوجھ کر ائتمان متعدہ چیز میں خرابی کرنا-

الائتمان فی الاقتصاد: ائتمان تجاری- مال کو بطور قرض دینا تاکہ برآمد و درآمد میں اضافہ ہو- اس میں دو بنیادی چیزیں ضروری ہیں- (۱) اعتماد (۲) وقت مقرر-

التامین: کسی کو امن و اطمینان میں کرنا- کسی کو مال منتظم و امین بنانا- خوراک میں تحقیق و ایجاد کرنا- آمین کہنا-

انشورنس (بیمہ) کسی شے کی حفاظت کا ذمہ دار ہونا اور ضمانت لینا اور بصورت نقصان تاوان ادا کرنا- اس کو عقد تامین اور قسط تامین بھی کہا جاتا ہے-

فی الادارۃ: (تامین العداد' تامین جہاز الھاتف) بجلی و ٹیلی فون وغیرہ کے اداروں میں بیمہ پالیسی اختیار کرنا-

انز- الانزیم جلدی پگھل جانے والا مادہ جو کیمیائی اثرات کو قبول کرنے پر مدد کرتا ہے-

انس- الانسانی انسان کی طرف منسوب- طبیعت انسانیۃ انسانی طبیعت- علاقات انسانیۃ انسانی تعلقات-

رجل انسانی انسان سے محبت اور خیر خواہی کرنے والا مرد- عمل انسانی یتیم خانہ قائم کرنا انسانی کام ہے- الحسد حقیقۃ انسانیۃ کسی پر حسد (جلن) انسان کے ساتھ ہمیشہ سے قائم ہے- الانسانیات یہ لفظ لاطینی اور یونانی پرانے آداب کی تحقیق پر بولا جاتا ہے تاکہ اس کو الھیات (معبود والے اوصاف) سے تمیز کیا جا سکے-

یہ لفظ آداب' فلسفہ' فنون' ادیان اور تاریخ وغیرہ کی تحقیق پر بولا جاتا ہے تاکہ علوم مضبوطہ سے تمیز ہو سکے-

التانیس: مانوس کرنا- انسانی صفات و اعمال و دیگر کائنات کی طرف لگانا-

فی التصوف مرید کو گرویدہ کرنے کے لئے محسوس تجلی کرنا-

المانوس: جس کو انست دی گئی اور وحشت دور کی گئی- مکان مانوس وہ جگہ جہاں انسان کو دل لگی ہو- صوت مانوس پسند کی گئی آواز-

عام لوگوں کے نزدیک: مانوس قبول کی گئی کلام اور مالوف سے مراد غیر مانوس کلام-

اھل- الاھلیج مختلف انواع کے درختوں کی جنس جو لکڑی' پھل اور رنگنے کے کام بھی آتے ہیں- (علم ہندسہ) میں شکل بیضوی جس کو قطع ناقص بولتے ہیں-

اوز- الاوزون آکسیجن کی ایک طاقتور عنصر جو کہ پانیوں کی صفائی کے لئے استعمال کی جاتی ہے-

اول- التاویل کلام اللہ کی تفسیر کرنا-

تاویل نص: نص کی تقدیر- تاویل الرویا: خواب کی تعبیر و حقیقت بیان کرنا-

تاویل القرآن والحدیث: نصوص دینیہ کی وضاحت اس کے ظاہری معنی سے علاوہ کے ساتھ کرنا-

الایلولۃ: آل کا مصدر ہے جس کا معنی رجوع کرنا- الایلولۃ الی الجبل پہاڑ کی طرف واپسی- ایلولۃ میراث: ایک سے دوسرے کی طرف حق یا مال منتقل ہونا-

اون- الآنی الآن کی طرف منسوب- حدث آنی: فوری واقعہ- موضوع آنی وہ حال جس میں اب ہو یا وہ موضوع جس میں اب ہو-

الاونسکو اقوام متحدہ کا تنظیمی ادارہ جو ۱۹۴۶ء میں قائم ہوا- اس کے اہداف میں سے اقوام متحدہ کے ماتحت ممالک کے درمیان تعلیم و تربیت کا تعاون کرنا' نشر و اشاعت کی آزادی اور تعلقات کا کسی حد تک استحکام اس کا ہیڈ کوارٹر پیرس ہے- مشرق وسطیٰ کے لئے بیروت ہے-

ایو- الایون ایک یا مجموعہ ذرات جن میں منفی اور مثبت بجلی بھری ہو-

بار- البار مشروبات کی دکان جس میں خریداروں کو کھڑے ہو کر یا بٹھا کر مشروبات دیئے جائیں-

باص- الباص بس- بڑی گاڑی-

بث- البث ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے ذریعے نشریات-

بحر- البحریۃ سمندری لشکر جن میں افراد' کشتیاں' آبدوز کشتیاں اور بحری بیڑے شامل ہیں-

بحریۃ تجاریۃ وہ تمام کشتیاں جو کہ سامان تجارت اور مسافروں کو اور لے جائیں-

بخر- التبخیر تبخیر الماء بھاپ نکالنا- دھونی دینا- دھونی دے کر خوشبودار بنانا- جوش دے کر عرق نکالنا- البخر دھونی

لینا- دھونی سے خوشبودار ہونا- عرق حاصل ہونا-
بدأ- اَلْبَدَائِي: اَلْبَدَائِيَّة کی طرف منسوب- عَادَاتٌ بَدائِيَّةٌ: فطری عادات-
مُجْتَمَعٌ بدائِيٌّ: فطری معاشرہ-
اَلْبَدَائِيَّةُ: انسان اور معاشرہ کا ابتدائی فطری حال- انسان اور معاشرے کی فطرتی حالت-
بدع- اَلْبدِيْعَاتُ: وہ قصائد جو علم بدیع میں لکھے گئے- ان میں سے زیادہ مشہور صفی الدین الحلی، ابن حجہ الحموی اور عائشہ الباعونیہ دمشقیہ کے قصائد بدیعات ہیں-
بدو- اَلْبَدَائِيَّة فِي عِلْمِ الْكَلاَم: شیعوں کا ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کے لئے "البداء" کا لفظ درست تصور کرتے ہیں- "اَلْبداء" کا معنی اس چیز کا انکشاف جس کا پہلے معلوم نہ ہو-
بذر- اَلْبَذِيْرَةُ: درختوں کی مادہ جب اس میں پیوند لگایا جائے تو پھل یا پھول دار ہو جاتی ہے-
برت- اَلْبُرْتَقَالِي: مالٹا رنگ والا مالٹے رنگ کی بنائی مالٹا رنگ، جیسے کہا جاتا ہے: "لا يُحِبُّ البُرْتقالي الفاقِعَ" وہ گہرے مالٹے رنگ کو پسند نہیں کرتا-
برج- اَلْبُرْجل: پرکار
برد- اَلتَّبرِيْدُ: کسی چیز کو ٹھنڈا کرنا- مطعومات اور غذائی مواد کو محفوظ رکھنے اور مواد کو ٹھنڈی کرنے کے لئے فن کے ذریعے ٹھنڈک پیدا کرنا- جیسے- "جِهازُ التَّبرِيْدِ": ٹھنڈا کرنے کی مشین-
غُرْفَةُ التَّبرِيْدِ: ٹھنڈا کمرہ-
تَبْرِيْدُ الاَلَم: درد کو ہلکا کرنا اور سکون دینا-
برط- اَلْبرطَمان اَوِالْمَرْطَبان: مرطبان (شیشے یا پکی ہوئی مٹی کا برتن) جس میں مرکب غذائیں محفوظ کی جاتی ہیں- فارسی لفظ-
بری- اَلْبرُوةُ: چھوٹا صابن جو استعمال کے بعد رہ گیا ہو-
اَلْمُبَارَاةُ ج المباريات: میچ- میچ کھیلنا- زندگی کے کسی میدان میں مقابلہ اصطلاحی قواعد کے مطابق- مُرشَحُوْن لِمُبارَاةٍ: میچ کے امیدوار- مُبارَاةٌ في الكُرَةِ الطائرة: والی بال میچ-
بست- بَسْتَرَ: عمل بسترہ کرنا- اَبَسْتَرَةُ: دودھ وغیرہ فرانسیسی طریقہ کے مطابق ۷۵ تا ۸۰ درجہ حرارت پر پکانا کہ اس کے جراثیم ختم ہو جائیں اور غذائیت و قوت محفوظ رہے-
اَلْبُسْتَةُ: زراعت باغات کا علم-
بسط- اَلْبَسْطُ فِي عِلْمِ الْحِسَابِ قَدِيْمًا: پرانے علم حساب میں کسر میں سب سے بڑا عدد- آج اس کو "اَلصُّوْرَة" بولتے ہیں- علم تصوف میں: اس کا حال جو اشیاء کو گھیر لے اور اس کو کچھ سنائی نہ دے-
بشر- اَلْبَشْرِيَاتُ: سرداریوں کا مرتبہ جس کا اطلاق صرف انسانیت پر ہوتا ہے-
اَلْبَشَرِيَّةُ: بشری صفت-
ضُعْفُ الْبَشَرِيَةِ: بشری کمزوری-
تَارِيْخ الْبَشَرِی: تمام انسانیت کی تاریخ-
مُحْسِنُ الْبَشَرِيَة: انسانیت پر احسان کرنے والے-
اَلتَّبْشِيْرُ: کامیابی کی خبر دینا- ثواب کا وعدہ دینا- ہوا کا بارش کو لانا-
بشك- اَلْبَشْكِيْرُ: غسل خانہ میں بڑا تولیا-
بصر- اَلْبَصِيْرُ ج بُصَراءُ: دانا بینا-
بطح- اَلْاِنْبِطَاحُ: لشکری (فوجی) انداز میں منہ کے بل لیٹنا-
بطن- اَلْبَاطِني: اندرونی- "اَلطِّبُّ البَاطِني" اندرونی علاج- باطن کی طرف منسوب- باطنیہ فرقہ کو ماننے والا-
اَلْبَطَّانِيَّةُ: لپیٹنے کے لیے چادر-
بعم- اَلبعَام: افریقی بندروں کی قسم جو انسانوں کے ساتھ بہت مانوس ہوتے ہیں-
بقع- اَلتَّبَقُّعُ: تَبَقَّعَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بھیگ کر جگہ جگہ سے گیلا ہونا- سیب اور امرود کے پھل پھٹ جانے کی بیماری-
بقي- اَلْبَاقِيَة: الحياة البَاقِيَة: آخرت کی زندگی- اس کی ضد "الفانِية" ہے-
اَلْبقَاءُ: فنا نہ ہونا- دوام اور ہمیشگی-
دارُالْبَقَاءِ: آخرت- اَلْاِبْلاَلُ: بیماری سے تندرست ہونا- اَلتَّبَلُّدُ: ایسے شہر میں جانا جہاں اس کا تعلق دار نہ ہو- کہا جاتا ہے: تبلَّد الحَاكِم: حاکم کا مسلط ہو کر دوسرے کی زمین پر قابض ہو جانا- جانور یا نباتات کا اپنے وطن کے علاوہ وطن کے ساتھ موافق ہونا- اجنبی اور دخل انداز کی کیفیت بدلنے کی وجہ سے اس علاقہ کے اخلاق میں ہونا جہاں جائیں- بیوقوف ہونا- کند ذہن ہونا- بیوقوفی ظاہر کرنا-
بلد- اَلتَّبْلِيْدُ: کم زور رائے والا اور کم ہمت ہونا- گھوڑے کا دوڑ سے پیچھے رہ جانا-
کسی مقام سکونت کی آب و ہوا کا جانوروں اور نباتات کو عادی بنانا-
بلر- اَلْبُلُورِيَّاتُ: شیشہ کے برتن یا دیگر شیشہ سے بنائی گئی چیزیں- وہ علم جس میں بلور بنانے اور اس کی جزئیات کو ہندسی اشکال میں پرونے کی بحث ہو- اسی کو علم البلور کہا جاتا ہے-
بلغ- اَلْبلاَغَةُ: وہ کلام جو مقتضی حال، حسن و بیان اور قوت تاثیر کے مطابق ہو اسی سے "بلاغة القرآن" لیا گیا ہے-
بَلاَغَةُ الخَطِيْبِ: خطیب کا حسن بیان و تاثیر پر قدرت رکھنا- علم البَلاَغة او اَلبلاغة: وہ علم جو بلاغة کے مکمل معنی کی تحقیق کی طرف رہنمائی کرے- اس علم میں معانی، بیان اور بدیع کے علوم شامل ہیں-
بلي- اَلْبَلْيُوْنَ: ملین بمعنی دس لاکھ- اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں اس کا معنی ہزار ملین بمعنی ایک ارب-
الامبالاة: لاپرواہی-
بني- اَلبَنَاؤن الْاَحرار: خفیہ تنظیم جو اپنے ارکان کے درمیان اخوت کے قائل ہیں- اور اشاروں و رموز سے آپس میں متعارف ہوتے ہیں- ان کو اَلْمَاسُونِيُّون بھی کہا جاتا ہے-
اَلتَّبَنِّيْ: کسی کو اپنا بیٹا بنانا کسی کو بیٹے کی طرح

شرعی فوائد دینا-اس کو "التبني بالوصية" کہا جاتا ہے- تَبنّي الرَّأيِ: رائے قبول کرنا-
الاباحية: اباحی کی حالت بے حیاء ہونا- "اَبَاحِيَّة مشهَدٍ سينمائيّ" سینما کے مناظر کا بے حیائی والا ہونا-
وہ اخلاقی نظریہ جو آداب، دین اور قانون کی پابندیوں سے آزاد کرائے-
صوفیوں کی وہ جماعت جو اس کا انکار کرتی ہے کہ انسان نافرمانیوں سے بچنے اور احکام کو ماننے کی طاقت رکھتا ہے جیسا کہ وہ جائیداد کی ملک کا انکار کرتے ہیں اور سب لوگوں کو دوسروں کے مال اور بیویوں میں شریک سمجھتے ہیں-
بوص-اَلْبُوصلَةُ: قطب نما-
بیز- ابیزنطي: بیز نطِيَّة کی طرف نسبت- جیسے فَنّ بَيْزنطي: جَدَل بيزنطي: بے فائدہ بحث-
تبع- اَلتَّابِعِيَّة: جنسیت- قومیت-
اَلتَّبعِيَّةُ: کسی شخص یا چیز کا دوسرے کے تابع ہونا- تَبعية خادم المتبوع: خادم کا تابع ہونا- جنسیت، قومیت- فلسفہ میں تابع کا متبوع کے تابع ہونا- تابع (نعت، بدل، تاکید اور عطف) کا متبوع کے تابع ہونا (اعراب وغیرہ میں) ایک ملک کا کسی طاقت ور ملک کی پالیسی کے مطابق چلنا-
التوابع (نحو میں) وہ کلام جو اعراب میں اپنے ما قبل کے تابع ہو اور توابع چار ہیں- نعت، عطف، تاکید اور بدل)
اَلْاتّباعي: اتباعیہ کی طرف منسوب ہے-
تحف- اَلْمُتحَف: عجائب گھر جس میں تاریخی، فنی اور علمی آثار قدیمہ کی چیزیں جمع ہوں-
اَلْمُتحَف الوطني: ملکی عجائب گھر-
اَلْمُتحَفُ العَسْكرِيْ: فوجی عجائب گھر-
اَلْمُتحَفُ الزرعي: زرعی عجائب گھر-
ترب-اَلتَّرابَةُ: سیمنٹ-
تربس-اَلتَّرْبَاسُ ج ترابيس- چٹخنی-
ترك- تَرَكَ: ترکوں کی زبان بولنا، ان کی عادات اور اخلاق اپنانا-
ثني-اَلثَّانوي: الثاني کی طرف منسوب ہے-
سبب ثانويٌّ: وہ سبب جو پہلے کے بعد ہوا ہو-
اَمْرٌ ثانوي: وہ حکم جس کو پہلے والی اہمیت نہ ہو-
التعليم الثانوي: مڈل کے بعد درجہ تعلیم جس کو میٹرک کہا جاتا ہے- اَلثَانوِيَّة: الثانوی کی مؤنث: وہ مدرسہ جس میں درجہ ثانویہ تک تعلیم دی جاتی ہو-
اَلثَّنوي: زردشت کے ماننے والوں کا مسلک جن کے نظریہ میں یہ بات شامل ہے کہ نظام کو چلانے والے دو خدا ہیں- (۱) نور (۲) ظلمت- نور کے ذریعے خیر اور ظلمت کے ذریعے برائی حاصل ہوتی ہے-
جاز- اَلْجاز: انگریزی امریکی موسیقی جس میں مسلسل نغمہ بازی اور انقطاعی نغمہ سازی کی جاتی ہے-
جبل- اَلْجَبَّالَة: وہ آلہ جو مختلف اجزاء کو ملا دے- سیمنٹ بجری ریت اور پانی کو ملا کر بلڈنگ تیار کرنے کی مشین-
جثل- اَلْجثليق ج جثاليق: (یونانی لفظ) جس کا معنی سال ہے- مسیحیت کے ابتدائی دور میں ان چار کرسیوں پر یہ لفظ بولا جاتا تھا جو انطاکی کرسی کے تابع تھیں-
یہ لفظ آج تک نسطری، کلدانی اور ارمنی زبانوں میں پایا جاتا ہے-
جرب-اَلْجِرْبَنْدِيَّة: چمڑے کا بیگ جس میں شکاری اپنی شکار کی ہوئی چیز رکھتا ہے-
جرد- اَلْجَارُوْدِيَة: زيدية: شیعہ فرقہ ان کی نسبت ابی الجارود زیاد بن ابی زیاد کی طرف ہے-
ان کا دعویٰ ہے کہ حضرت علی کو امامت نبی علیہ السلام کے فرمان کے ساتھ حضرت علی کے وصف کی وجہ سے ملی نہ کہ ان کے نام کو متعین کرنے کے ساتھ-
اَلتَّجْرِيْدِي: تَجْرِيْدِيَّة اور تجرید کی طرف منسوب ہے- فَنّ تَجْرِيْدِي: وہ فنی نظریہ جس میں دعویٰ ہے کہ مختلف احساسات اور معانی کی تعبیر کے ذریعے خطوط اور رنگوں پر قدرت ہوتی ہے-
فلسفی نظریہ جن میں ان کا رجحان ہے کہ مجردات اور محسوسات کے درمیان شان کے لحاظ سے مساوات (برابری) ہے-
جرف- اَلْجَرَّافَةُ: ایک طاقتور گاڑی جو سیمنٹ برف وغیرہ کو توڑنے اور صاف کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے-
جري-اَلْاِجْراءُ: اجراء الماء پانی بہانا- اِجْرَاءُ الْمطِيَّة: سواری چلانا- اجراءُ القِصاصِ: قصاص لینا- اجراءُ الْحِساب: کسی کے ذمہ کچھ بقایا نکالنا- یا اس کے حق میں بقایا لکھنا-
اِجْرَاءُ الْاَمْرِ: کام کو جاری اور نافذ کرنا-
اِجْرَاءُ الرزق: کسی کو رزق دینا- اِجراءُ الْكلِمة: کلمہ کو منصرف بنانا- اجراءُ: کاروائی ج اِجراءَ اتٌ: اِجراءٌ كَقَسْفِيٌّ: ظالمانہ کاروائی-
اُتخِذتْ اجْراء اتٌ مُشددةٌ: سخت کاروائیاں کی گئیں- و في القانون: قانون میں: عدالتی فیصلے جاری کرنے کا طریقہ-
اِجْرا ء اتٌ جنَائِيَّةٌ: جرائم پر کارروائیاں-
اَجْراء ات اِدَارِيَّةٌ: دفتری کارروائیاں-
اَجراء ات التَّنفِيْذ: احکام جاری کرنے کی کارروائیاں-
جزأ- اَلتَجزِئَة: تقسيم و تفريق: تجزئة المادَةِ الى اَجْسَام مُنعزِلَة: مادہ کو الگ الگ اجسام کی طرف تقسیم کرنا- تِجارةُ التَّجزِئَة: جسے بکھیر کر سامان تجارت فروخت کرنا-
اَثْمانُ التَّجْزِئَة: کھپت کرنے والوں کی قیمتیں-
اَلتَّجزِئَةُ فِي العُرُوض: شعروں کی تقطیع کرنا- جیسے شعر
فَنحْنُ في جَدْلٍ والرُّوْمِ فِي وجلٍ
و البرِّفي شُغُلٍ والبحر في خجلٍ
التَجزئة في البَلاغَة: معنی کو لے کر زیر حکم

آنے والی اقسام کو شمار کرنا۔
جزر - اَلْمَجْزَرَةُ مَجْزَرَةُ فِي مَعْسكرِ اِعْتِقَال:قتل گاہ۔
اجتماعی قتل جس میں وحشی قاتل بے دردی سے قتل کریں اور اپنے دفاع کے لئے مقتولین عاجز ہوں۔
جسم - اَلتَّجْسِيْمُ:کسی چیز کو موٹا کرنا۔ مضبوط کرنا۔ بڑا سمجھنا۔ وَ فِي الْوَصفِ: وصف میں۔
معانی مجردہ کو اجسام کی صورت میں پیش کر کے ان کو محسوس بنانا۔ جیسے حَدَّثَتْنِي نَفْسِيْ: میرے نفس نے مجھ سے بات کی۔
و في علم الكلام علم کلام میں: اللہ تعالیٰ کے لئے جسم ہونے کی بات کرنا۔
کسی جسم کو تین اطراف لمبائی چوڑائی دینا۔
التَّجْلِيْد:پانی کو ٹھنڈک کے ساتھ جمانا۔ کسی چیز پر پردہ ڈالنا۔ کتاب کی جلد باندھنا۔
جلد - تجلط:جم جانا۔
جلو - اَلتَّجلّي:ظہور ہونا۔ وہ مبارک حالت جس میں حضرت عیسیٰ اپنے تین شاگردوں کے سامنے کوہ طور پر ظاہر ہوئے۔ عیسائیوں کے نزدیک اسی سے عید تَجلّی ہے۔
في التصوف(تصوف میں) دلوں کو اسرار غیب معلوم ہوتے ہیں۔
جمبز - اَلْجُمْبَاز:جسمانی ورزش۔
جمش - اَلْجَمَشْت:ایک قیمتی پتھر۔
جمع - اَلْجمعِيَّةُ:تنظیم، کمیٹی، سوسائٹی۔ "جَمْعِيَّة خَيْرِيَّة" رفاہی کمیٹی۔ جَمعِيَّة مُسَاهِمِين:اپنے حقوق کے لئے دفاع والی کمیٹی۔ اِجْتماعٌ:لوگوں کا جمع ہونا۔ اِجْتماعُ اَصْدِقَاء:دوستوں کی ملاقات۔ اِجْتماعُ علماءَ، اُجْتماعٌ حَزْبِيٌّ:علماء یا جماعت کا باہمی مشورہ اور حل مسائل کے لئے جمع ہونا۔
اِجْتماعُ سفِيْرٍ بِوَزِيْر:سفیر کی وزیر سے ملاقات۔
اِجْتِماعُ الطُّرُق:چوراہا۔ کونہ۔
عِلْمُ الْاِجْتماع:انسانی علوم میں سے ایک علم جو انسانی معاشرہ کے معاملات، ترقی اور ترقی پر بحث کرتا ہے۔ هيئَة اِجْتماعِيَّة، طَبَقَاتٌ اِجْتمَاعِيَّةٌ:انسانی جماعت یا معاشرہ کی اجتماعی حالت، معاشرتی طبقات۔
قَضَايا اِجْتِمَاعِيَّةٌ: معاشرتی مسائل۔
اِصْلاَحَاتٌ - اِجْتِمَاعِيَّةٌ:معاشرتی اصلاحات۔
اِعَانَةٌ اِجْتِمَاعِيَّةٌ:معاشرتی مدد(مزدوروں کو ریلیف دینا)۔ ضَمَانٌ اجتماعِيٌّ:سوشل سیکوریٹی۔
دِرَاسَةُ اِجْتِمَاعِيَّة:معاشرتی تحقیق۔
اَلْاِنْسَانُ كَائِنٌ اِجْتِمَاعِيٌّ انسان اجتماعی نظام میں رہ کر زندگی گذارنے میں رغبت اور انست رکھتا ہے۔
اَلتَّجْمِيعُ:ملانا۔ تالیف۔ فِي الصَّنَاعةِ (صنعت کاری میں) مختلف چیزوں کو جوڑ کر آلہ یا مشین بنانا۔ تَجْمِيعُ السيارة:کار جوڑائی: (فٹنگ) تَجْمِيع البَرَاد:کولر فٹنگ۔
مَجْمُوعَة:ٹیم، بلاک، پینل گروپ۔ سیٹ۔
مَجْمُوعَة طَوَابِع:ٹکٹوں کا سیٹ۔
مَجْمُوعة بَنَايَات:پلازہ۔ "مَجْمُوعَة دُوَلٌ اَفْرِيقِيَّة"
اَلشَّرْقِيَّةُ:افریقی مشرقی ممالک کا بلاک۔
اَلْمَجْمُوعَةُ الصَّنَاعِيَّةُ:صنعتی کارخانوں کا بلاک۔
جند - اَلْجُنْدِيَّة:لشکر۔ دخلَ الْجُنْدِيَّة: فوج میں شامل ہونا۔ فوجی کا پیشہ۔
جنف - اَلْجُنْفَص اوِ الْجُنفِيْصُ:کتان کا بنا ہوا کھردرا کپڑا۔
جهد - اَلْاِجْتِهَادُ:محنت کرنا۔ کوشش کرنا۔
اِزْدَادَ اِجْتِهَادًا:محنت میں زیادہ ہونا۔
اَلْاِجْتِهَادُ فِي الْعِلْم:شوق وذوق سے پڑھائی پر توجہ دینا۔ اَلْاِجْتهادُ في الفقه:فقہ کی اصطلاح میں: عام احکام شرعی دلائل کے ساتھ نکالنا یا پوری کوشش کرنا رائے کو حاصل کرنے کے لئے شرعی حکم کے ساتھ۔
في القَضَاءِ:عدالتی فیصلوں کا مجموعہ۔ جن سے قواعد حاصل کیے جائیں تاکہ ان جیسے مسائل کو حل کیا جائے۔
جهر - اَلْجَهْوَرُ:جرأت مند آگے بڑھنے (بہادری) والا۔
جهز - اَلتَّجْهِيْز:تیار کرنا، سامان سے لیس کرنا۔ سامان تیار کرنا۔ فٹنگ۔
تَجْهِيْزُ سَفِيْنَةٍ:کشتی فٹنگ۔ تَجْهِيْزُ بَيْت: گھر کو سامان سے بھرنا۔ تَجْهِيْزُ عَرُوس: دلہن کو تیار۔ تَجْهِيْزُ الْمَيِّت:میت کا کفن دفن کرنا۔ لشکر کو سامان سے تیار کرنا۔
جهل - اَلتَّجاهُلُ:بناوٹی جاہل بننا۔
في البديع:علم بدیع میں: متکلم ایسی چیز پوچھے جس کو جانتا ہو تاکید اور مبالغہ کے لئے۔
جود - اَلْجُوْدُو:جوڈو کراٹے۔ ایسی ورزش جس کے ساتھ بلا ہتھیار جان کا دفاع ہو۔
جوز - اَلتَّجاوُز:حدود سے باہر ہونا۔ احترام میں افراط کرنا کرنا۔ معاف کرنا۔ درگذر کرنا۔
في القانون:"تَجاوز الصَّلاَحيَّات" عطاء کردہ رعایت سے گذر جانا۔
في السَّيْر(ٹریفک قانون میں) گاڑی کا دیگر گاڑیوں کو غلط کراس کرنا۔
جوي - اَلتَّجزِيئ:اجزاء جسم کا ریزہ ریزہ ہونا۔
حتم - اَلتحتْمِيَّةُ:ابتدائی فلسفی نظریہ کہ ہر ایک مظہر کے لئے سبب ہے اور مظاہر کے لئے پختہ قوانین ہیں۔
حذر - اَلتَّحذِيْرُ:ڈرانا، خبردار کرنا۔ في النحو:(علم نحو میں) مخاطب کو ناپسند سے بچانے کے لئے لفظ اياك فعل کی جگہ ذکر کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد "و" کے ساتھ مفعول بہ منصوب کو ذکر کیا جاتا ہے۔ جیسے اِيَاكَ وَالظُّلم:ظلم سے بچو۔
حر - اَلْحرِيْرَةُ:ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو درجہ گرمی کی مقدار۔
اَلْمُحرِّرُ:آزاد کرنے والا۔ مَحْرِّرُ وطن: وطن کو نو آبادی نظام سے بچانے والا۔
مُحْرِّرُ شَعْب:عوام کو غیر کی غلامی سے نکالنے والا۔

مُحَرِّرُ رِسَالَةٍ: کاتب - اڈیٹر - رائٹر - مُحَرَّرُ الْوَلَدِ: اولاد کو دین پر نذر کرنے والا -

حرج - اَلتَحْرِيْجُ: درختوں کے پودوں کو لائن پر لگانا تاکہ اُن کا مرتب جھنڈ بن جائے -

حرم - اَلْحِرَامُ ج حَرَامَات وَاَحْرِمَةٌ: گرم چادر - کمبل -

حس - اَلْحَسَّاسِيَةُ: زندہ جسم کی خاصیت کہ اندرونی اور بیرونی چیزوں کو محسوس کرے - مثلاً حَسَاسِيَةِ الْبَرْدِ: ٹھنڈک کا احساس - مَرض الحَسَّاسِيَةِ: جسم کا عوامل اور بے نقصان ادویات سے متاثر ہونا -

حسم - اَلْحَسْمُ: حَسْمُ الخلاف واشر: اختلاف اور شرارت کو جڑ سے اکھیڑنا - حَسْمُ الدَّوَاءِ: بیماری کو دوائی کے ساتھ ختم کرنا -

حَسْمُ العِرقِ: رگ کا داغ کر خون بند کرنا - حساب اور مطلوبہ قیمت سے کچھ کم کرنا - ملازم کی تنخواہ بطور سزا کاٹ لینا -

حش - اَلْحَشَّاشُوْنَ: خفیہ اسماعیلی فرقہ حس کی بنیاد حسن بن الصباح نے رکھی تھی - یہ فرقہ منظم تنظیم اور مخالفوں کو ورغلا کر قتل کرنے میں مشہور تھا -

حصد - اَلْحَاصِدَةُ ، اَلْحَصَّادَةُ: گندم کاٹنے کا آلہ - درانتی -

حصر - اَلْحَصْرُ: گھیراؤ اور تنگی ڈالنا - پورا لینا - شمار کرنا -

"لا حَصْرَلَهُ": اس کا کوئی شمار نہیں - يَنُوْقُ الحَصْرَ: شمار سے زیادہ ہے - حَصْرُ البَوْلِ: پیشاب بند ہونا -

فی البلاغة: علم بلاغة میں: اس کا نام القصر ہے - ایک شے کو دوسری کے ساتھ خاص کرنا ذہن میں معنیٰ کو ثابت کرنے کے لئے - ادوات قصر درج ذیل ہیں: ما ، لا (نفی) غیرُ الا (استثنائية) لا ، بل (حروف عطف) اور اِنَّ مثال: لاَ اله الاَّ اللّٰهُ -

القصر فی المنطق: کسی چیز کو عدد معین پر وارد کرنا - حصر کی چند اقسام ہیں: (۱) الحصر العقلی: وہ نفی اور اثبات کے درمیان ہوتی ہے - عدد یا تو فرد طاق، ہو گا یا زوج (جفت)

(۲) الحصر الوقوعی: وہ جس کا وقوع کلام کے تتبع اور استقراء کے ساتھ ہو جیسے اَلْکَلِمَةُ اِسْمٌ وَ فِعْلٌ وَ حَرْفٌ -

(۳) اَلْحَصْرِ الجعلی: بنانے والے کے بنانے کے ساتھ ہوتا ہے - جیسے المَرْحِيَةُ خَمْسَةٌ -

اَلْحَصْرُ عِندالعامه (عوام الناس کے ہاں) بمعنی غم -

حضر - اَلْمُحَضّرُ: لیبارٹری میں پروفیسر ٹیچر کے لئے سامان سائنس حاضر کرنے والا (L-A)

حفر - اَلْحَفَّارَةُ: گڑھا کھودنے کا آلہ

حفظ - اَلْمُحَافَظَة: کسی کام پر ہمیشگی کرنا -

اَلْمُحَافَظَة علَى الصَّلاة: ہمیشہ نماز پڑھنا -

المحافظه عَلى القَانُونِ: قانون کا خیال کرنا -

اَلْمُحَافَظَة على النَظَافة: صفائی کا اہتمام کرنا -

اَلْمُحَافَظَة عَلَى النَّفْسِ: جان کو تکلیف اور ہلاک ہونے سے بچانا - اَلْمُحافظة فِی تقسیم البِلاد (الاداری) - (دفتری تقسیم میں) ضلع جس کی نگرانی ڈپٹی کمشنر کرتا ہے - اس کے نیچے کئی تحصیل ہوتی ہیں -

حق - اَلْحُقُوق: حق کی جمع: تمام اقسام وانواع کے قوانین -

مَعْهد الحُقُوق: حقوق سکھلانے کا ادارہ -

طَالِبُ حُقُوق: قوانین سیکھنے والا -

اَلْاِستِحْقَاق: سزاوار ہونا -

اِستِحقَاق العقاب: سزا کا مستحق ہونا -

الاستهال وَالاَهْلِية: انعام اور تمغہ کا حق دار ہونا - کہا جاتا ہے - عَنْ اِستِحقَاق: یعنی لیاقت اور حق داری سے - اِستِحقَاق الدَّين: قرض ادائیگی کا وقت ہونا - اِستِحقَاق السَّنَد: سند ملنے کا وقت ہونا -

اَلتَّحْقِيْقُ: تاکید - تَحقِيْقُ مَشْرُوْع منصوبہ جاری کرنا - تَحْقِيْقُ اُمْنِيَة: آرزو پوری کرنا -

تحقيق اَرْبَاحِ: منافع جمع کرنا - قام بتحقِيقٍ دَقِيقٍ: باریک چھان بین کرنا - تَحْقِيق صُحُفِیٌّ: صحافت اور ٹی وی کے ذریعے زندہ معلومات -

تَحْقِيْقُ اِحْصِائِیٌّ: سیاسی، معاشرتی اور مالی مسائل پر ریسرچ دلائل اور آراء کے ساتھ -

تحقيق القَوْلِ اَوِالظَّنِّ: بات یا خیال کی تصدیق کرنا - فِی الاصطلاح: مسائل دلائل سے ثابت کرنا - فِی الفلسفة: کسی چیز کی ذاتیت ثابت کرنا -

فی القراءة: ہر حرف کو ادائیگی میں حق دینا -

فِی الاِدَارَةِ وَالْقَضَاءِ: جواب طلب کرنا - گواہی اور دلیل پوچھنا اس کے علاوہ جرم اور تہمت (الزام) کے بارے میں معلوم کرنا -

قَاضِیُ التحقيق: اثبات جرائم کا فیصلہ کرنے والا -

اَلْمُحَقِّق: تحقیق کرنے والا -

حکم - اَلْحَاكِمِيَّةُ: حاکم کی صفت - حاکم ہونا - منصب حاکم -

حل - اَلْاِحْتِلَالُ: کسی جگہ جانا اور مصروف کرنا -

کسی ملک پر قبضہ کرنا - فِی القَانُوْن الدُّوَلِی: کسی دوسرے ملک کی زمین پر ناجائز قبضہ کرنا -

اَلْاِحْتلال العَسْكَری: قابض فوج -

حمض - اَلتَّحْمِيْضُ: کسی چیز کو کھٹا بنانا -

حمل - اَلْحَمَّالَةُ: مریض یا زخمی کو منتقل کرنے کے لئے چارپائی - اس کو النَقالَة بھی بولتے ہیں -

اَلْاِحتِمالُ: اٹھانا - کسی امر کو صبر سے برداشت کرنا - معاف کرنا - درگذر کرنا - چشم پوشی کرنا - ترجیح دینا -

فِی المنطق: غیر لازمة اور غیر ممتعة دو قضیوں کے درمیان تعلق - فِی الفلسفة: یونانی نظریہ جس میں یقین اور معرفت کا انکار ہوتا ہے اور احتمال پر معرفت کی بنیاد ہوتی ہے -

اَلِاحْتِمال فی اللَّاهُوت: وہ نظریہ جس میں کام کو اخلاقی طور پر محتمل امر کی جھت دی جاتی ہے-**اَلْمَحمل ج مَحامِل:** کعبہ کی طرف جانے والے وہ تحائف جن کو ایسے اونٹ پر رکھا جاتا ہے جس پر کوئی سواری نہ کرے اور پیدل چل کر اونٹ چلائے-

حمي-اَلْحِمایَة: لوگوں سے کوئی چیز روکنا-بچانا-نگرانی کرنا-

فی السِّیاسَة: شہروں کو دوسرے ملک کے قبضہ میں دینا-**قانون الحمایة: (فی الاقتصاد)** بیرونی سامان کو فروخت کرنے سے مختلف تدابیر کے ساتھ روکنا تاکہ ملکی سامان کو ملک کے اندر کھپایا جاسکے-

اَلْمَحْمِیَّةُ: کچھ ممالک غیر ممالک تسلط کے تحت ہوں تاکہ اندرونی اور بیرونی تحفظ مل سکے-

حوز-اَلِانحِیَاز: کسی سے پھر جانا-ہٹ جانا-مائل ہونا-

فی السِّیاسَة: دو مخالف فریقوں میں سے ایک کی طرف جھکاؤ رکھنا- **سِیاسة عَدْمِ الانحیاز:** مخالف دھڑوں سے الگ (غیر جانبدار) ہونا-

اَلِاحْتِیاط: مرض سے بچاؤ کرنا-ہوش وحواس سے کام لینا- بچاؤ کرنا- کسی چیز کی محافظت کرنا-گہری تیز نگاہ سے دیکھنا-وہ قوت جس کے ساتھ غیر متوقع حادثات سے مقابلہ کیا جا سکے- کہا جاتا ہے**فی الاحتیاط:** وہ احتیاط میں ہے- سپاہی کی حالت جس میں اس نے ٹریننگ حاصل کر لی ہو یا اجباری خدمت جس کے لئے ضرورت کے وقت بلایا جاسکے **مَالُ الاحتیاط:** وہ مال جو بجٹ میں زائد بر آمدات کی وجہ سے اضافہ کا سبب بنے' اور کمزوری بجٹ کو کم کرنے میں استعمال ہو یا اضافی قرضوں کو کم کرائے-

حوط- اَلِاحَالَة: قرض دوسرے کے حوالے کرنا-

ملازم کو خدمت سے ہٹا کر فارغ بٹھانا- فیصلہ کرنے کی درخواست کرنا-

قاضِیُ الِاحَالَة: وہ جج جس کی طرف الزام شدہ لوگ بھیج دیئے جائیں تاکہ وہ ان کے کیس کو سن کر یا تو جیل بھیج دے یا ان کی ضمانت لی جائے یا ان کو چھوڑ دیا جائے- (بری کر دیا جائے)

قانونی کمیٹی کے سامنے قانون کا مواد پیش کرنا تاکہ اس کی ریسرچ کریں-**فی الادارة:** ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ کی طرف معاملہ منتقل کرنا-

فِی الطَّبعیة: کسی چیز کی کیفیت بدل جانا جیسے گرم کرنا-ٹھنڈا کرنا-

اَلِاسْتِحَالَةُ: ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلنا- جیسے شراب سے سرکہ بننا- کام سے رکنا اور معذور ہونا**فی عِلْم الطبعیة:** کیفیت بدلنا نوع کے باقی ہونے کے ساتھ جیسے اجسام میں گرمی' سردی-

حوي- المحتوی: مضمون- **مُحتَوی**

اَلخَزانَة: سٹور میں جمع شدہ اشیاء-

مُحْتَوِیَات کتَاب' وَ عَدد مَجلّة: کتاب یا صحیفہ کے موضوعات-

حیث- اَلْحَیْثِیَّاتُ: فی القرارات والاحکام: قوانین واحکام میں وہ اسباب جن کی وجہ سے فرد جرم لگی ہو-

وہ اسباب جو بحیثیت کذا کے الفاظ سے شروع کیے جاتے ہیں-

حید- اَلْحِیادُ: کسی سے پھر جانا- دو مخالف دھڑوں میں سے کسی کی طرف جھکاؤ نہ کرنا (غیر جانبدار ہونا)

اَلْحِیادُ الِایْجَابِیُّ: غیر جانبدار تحریک جس کے تحت بڑے مخالف ممالک سے الگ ہونا-

حیي- اَلْحَیوی: صحت بخش' زندگی بخش-

اَلْوَظَائِفُ الحَیَوِیة صحت بخش کام **اَلْقُوَّة**

اَلْحَیَوِیَّةُ: توانائی' طاقت' تازگی **مُوْرِدٌ**

حَیَوِیٌّ: زندگی گذارنے کے لئے ضروری چیز-اہمیت والے کام-میدان زندگی-

فی الجغرافِیَةِ الطَّبعِیَّة وَ السِّیَاسِیَّة: زمین اور سمندری راستے جن کے ذریعے انسانی ترقی ہو سکتی ہے-

اَلْحَیَوِیَّة: مستعدی' الحیوی کی صفت-

خبر- اَلِاسْتِخْبَار: چیزوں کی معلومات لینا اور سوال کرنا-

اَلِاسْتِخْبَارات: گورنمنٹ کے معلوماتی ذرائع جن کے ساتھ داخلی و خارجی امن کے متعلق کنٹرول کر سکے-

خثر- اَلتَّخَثُّرُ: دودھ کا جم جانا- خون کا جم جانا-

خدر- اَلتَّخْدِیْرُ: سن کرنا' بے ہوش کرنا- **مجازًا:** غفلت اور لا پرواہی کرنا-

اَلْمُخَدِّرَاتُ: نشہ آور چیزیں جن کے ساتھ جسم میں کمزوری' عقل میں لاشعوری اور ذہن میں خمول ہوتا ہے-

خرج- اَلِاخْرَاج: نکالنا **(فی القضاء)** دو فریقوں میں سے ایک کو فیصلہ میں جھگڑا سے لاتعلق قرار دینا-

الاخراج فی علم الاحیاء: جسم کو نقصان دینے والے مادوں کو نکالنا- جیسے پسینہ' کاربن گیس وغیرہ-

فِی الْمَسْرح والسینما: قصہ یا ڈرامہ کو سکرین یا ڈرامہ روم میں پیش کرنا-

فِی الْاَدب والطباعة: ادبی اور فنی جوہر ظاہر کرنا-

خرس- اَلْخَرْسَانَةُ: سیمنٹ' بجری اور ریت کو ملانے والی مشین- اس کو **الباطون** بھی کہتے ہیں-

خرط- اَلْخَرْطُوشَةُ: کارتوس- اس کو **القشکه** بھی بولتے ہیں-

خص- اَلِاخْتِصَاص: کسی ایک میں مہارت حاصل کرنا- کسی ایک کام کے لئے فارغ ہونا-

(فی القضاء) اِخْتِصَاص محکمة: فیصلہ کرنے کی مکمل صلاحیت ہونا-

فی النحو: نحو میں' ضمیر متکلم یا مخاطب کے بعد اسم ظاہر **معرفة** ذکر کیا جاتا ہے وہ فعل **اخص** کے ساتھ منصوب ہوتا ہے جس کو

وجوبا محذوف کہا جاتا ہے- اسم ظاہر کو المخصوص کا نام دیا جاتا ہے-

اَلتَّخَصُّصُ کسی علمی شعبہ کا ماہر ہونا- منفرد ہونا-

البحث العلمي يَتَطَلَّبُ التَّخَصُّصَ: کسی خاص موضوع پر علمی مقالہ جس کے ذریعے اس موضوع پر مہارت حاصل کی جاتی ہے-

خصب- الاخصاب: کسی جگہ کا سر سبز ہونا- سر سبز کرنا في علم الاحياء: نر خلیہ کا مادہ مؤنث خلیہ میں مل جانا-

خضر- الـخُضور: نباتات کا سر سبز مادہ-

اَلتُّخطِيطُ: لکیریں کھینچنا- نقش کرنا-

خطّ- تخطيط مَلْعَب كُرَة قَدَم: فٹ بال میدان کی حدود پر نشان لگانا في الْمَسَّاحَة: مخصوص ہیئت میں نشانات لگانا جگہ کو تقسیم کرنے کے لئے-

عِلْم التَّخطِيط: وہ علم جو معاشیات کے لئے اہداف متعین کرتا' پروگرام دیتا ہے اور مال لگانے اور اس میں احکام نافذ کرنے کا طریقہ بتاتا ہے اَلْمَخطُوط: ہاتھ سے لکھا ہوا-

كِتَابٌ مَخطُوطٌ: ہاتھ سے لکھی گئی کتاب- غیر مطبوعہ تالیف مَخطُوطٌ صَحِيحٌ: مؤلف کا لکھا ہوا اصلی نسخہ جو طباعت کے لئے تیار ہو-

رِسَالَةٌ مَخطُوطَةٌ: ہاتھ سے لکھا گیا خط-

مَخطُوطَة مِصرِيَةٌ: مصری ہاتھ سے لکھی گئی غیر مطبوع کتاب- مؤلف کا نسخہ جو ہاتھ سے لکھا گیا نشر کرنے کے لئے تیار کیا گیا-

خطب- اَلْخِطَابَةُ: پر اثر تقریر کرنے کا فن-

خفض- اَلتَّخفِيضُ: کمیشن' قیمت میں خاص کمی' رعایت' کم کرنا-

تَخفِيضُ الْاَسْعَار: نرخوں میں کمی کرنا-

تخفيض الاجور: مزدوری میں کمی کرنا-

تخفيض الحرارة: گرمی میں کمی کرنا-

تحفيض الاَعْبَاء: بوجھ (مشقت) میں کمی کرنا-

خلل- اَلْمُخَلَّلُ: اچار-

خلص- اَلتَّخلِيصُ: نجات دینا- چیز کو صاف کرنا- آمیزش سے پاک کرنا- سامان اور نرخ نکالنے کی بات کرنا-

اَلْمُخَالَصَةُ: معاملہ میں صفائی برتنا- خالص دوستی کرنا- مقروض کو قرض ادائیگی سے بری قرار دینا-

خلو- اَلْاِخلاءَ: مکان کو خالی کرنا- جیسے ہال کو لوگوں سے خالی کرانا- برتن کو خالی کرنا-

في القانون: زمین کو چھوٹا کر مالک کو واپس کرنا-

خمر- اَلْخَمْرِيَّاتُ: وہ قصائد جن میں شراب کے اوصاف' برتن' شرابی مجالس اور شراب پینے والوں کے احوال وغیرہ کا تذکرہ ہوتا ہے- گذشتہ ادوار میں ادب عربی میں اس کو اشعارغنائیہ میں تشکیل دی گئی- ان میں سے سب سے زیادہ مشہور خمریات ابی نواس ہیں-

خير- اَلتَّخْيِيْر: کسی کام کو فضیلت دینا- دو کاموں میں سے ایک کے انتخاب کا اختیار دینا-

دب- دَبَّب: ہتھیار تیز کرنا- مسلح کرنا-

دبج- اَلتَّدْبِيج: نقش کرنا- مزین کرنا- ریشمی کپڑا لگا کر زینت دینا- توبیج مقال: خوبصورت گفتگو- خوبصورت لکھائی کرنا اَلتَّدْبِيج في اَلْبَدِيع: کلام میں کنایۃ یا توریۃ کی صورت میں خوبصورت انداز اختیار کرنا- جیسے قول:

لَمْ يَلْقَ ادْنى مُعَارَضَة: وہ معمولی مقابلہ نہ کر سکا-

و في الْمُنَاظَرَة: مخالف کی دلیل کے خلاف دلیل قائم کرنا-

و في الشِّعْر: (اشعار میں) ایک قصیدہ کے وزن موضوع اور قافیہ کے مطابق دوسرے قصیدہ کو بنانا- جیسے احمد شوقی کا قصیدہ' قصیدہ بردہ للبوصیری کے وزن پر- و في الْقَضَاء: ملزم کی غیر حاضری میں فیصلہ کو عدلیہ میں چیلنج کرنا اور فیصلہ کالعدم کرنے یا درست کرنے کا مطالبہ-

عرف- اَلْعُرْفي: عرف کی طرف نسبت-

القانون العُرْفي: وہ خاص قانون جس کو

عادات نے مقرر کیا ہو۔
العقد العرفی: غیر حکومتی معاہدہ۔ وہ معاہدہ جو عادل کاتب کے پاس رجسٹر نہ ہو۔
الحکم العرفی: وہ حکم جو امن کے تقاضوں کی وجہ سے عام قانون کے قواعد پر جاری نہ ہو۔
المحکمة العرفیة: وہ فوجی محکمہ جو ایمرجنسی حالات میں فوجی نوجوانوں' رضا کار بھرتی کرے۔
التعریفة: محصول یا ٹیکس کا چارٹ۔ نرخ نامہ۔
التعریفة الجمرکیة: کسٹم محصول کا چارٹ۔
زاد تعریفة البرید: ڈاک نرخ زیادہ کرنا۔
عرقل- العرقلة: رکاوٹ۔ اڑنگا۔ عرقلة ممر ٹریفک میں رکاوٹ۔ الجھانا۔ پیچیدہ بنانا۔
عرقلة الامور: کاموں کا الجھانا۔
عرقلة المساعی: کوششیں پیچیدہ بنانا۔
عرقلة السیارات: گاڑیوں کے روکاوٹ۔
العرقلة ج عراقیل: نالج گھاٹی۔
عزب- العزبة ج عزب: بعض ممالک میں وہ کھیت جس میں مالک کا گھر اور بعض مزارع حضرات کے گھر ہوتے ہیں۔
عزل- الاعتزال: زندگی کے راستہ سے' عمل سے اور پیشہ سے الگ الگ ہونا۔
اعتزال العالم: جہاں سے الگ ہونا۔
اعتزال الخدمة: خدمت سے الگ ہونا۔
عزم- التعزیم: دم کرنا۔ بڑی ارواح (جنات) کو دور کرنا۔
التعسکر: چھاؤنی یا میدان ٹریننگ میں فوج کا جمع ہونا۔
عصب- العصاب: نفسی یا عقلی اضطراب۔
العصابی: عصاب کی طرف منسوب۔ زود رنج انسان۔ عقل زدہ انسان۔
عصر- العصارة: دستی یا بجلی والی جوسر۔
عطو- المعطیات: نتائج۔ حقائق۔ معلومات۔
عقب- التعاقب: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
تعاقب الفصول: موسموں کا ایک دوسرے کے بعد آنا۔
تعاقب الملوك: بادشاہوں کا ایک دوسرے کے بعد حاکم بننا۔ کسی کا نائب بننا۔
الیعاقبة: عیسائیوں کا ایک جو یعقوب البردعی کے تابعدار ہیں۔ یعقوب البردعی انطاکیہ شہر میں چھٹی صدی عیسوی میں پادری تھا۔ یہ لوگ ایک طبیعت میں مستقل ہونے کی وجہ سے معروف تھے۔
عقل- عقلن: عقل اور منطق کے تابع کرنا۔
عقلن معتقدات: معتقدات کو عقل کے تابع کرنا۔
العقلانی: عقلانی نظریہ۔ عقلانی نظریہ کے مددگاروں میں سے۔
العقلانیة: وہ فلسفی مذہب جو عقل کو ہر معرفت کا مصدر خیال کرتے ہیں اور اس میں تجربہ کے انکاری ہیں۔ وہ مذہب جو عقلی حکومت کے علاوہ ہر حکومت کو مسترد کر دے۔
الاعتقال: کسی شخص کو گرفتار کرنا اور جیل میں ڈالنا۔ اعتقال متهم: الزام میں گرفتاری۔
معسکر الاعتقال: لڑائی کے وقت جمع ہونے کی جگہ۔ کسی ملک میں غیر قانونی داخل ہونے والے۔ نظر بند سیاسی لیڈر۔ المعتقل جیل۔ حوالات نظر بند ہونے کی جگہ۔
عقم- التعقیم: انسان یا جانور کو بانجھ بنانا۔ خصی کرنا۔
تعقیم الحلیب: دودھ سے بیمار جراثیم ختم کرنا۔
المعقم: وہ چیز جس کے اندر سے گندے جراثیم ختم کر دیئے جائیں۔ المعاکس مکڑی کی بنائی کیس یا رپک بلیٹ۔
علب- التعلیب: ڈبے بھر کر پیک کرنا۔ سبزیاں اور پھل وغیرہ کو ڈبوں میں بھر کر پیک کرنے کی صفت۔
المعلبات: پکے ہوئے کھانے جو ڈبوں میں محفوظ کیے گئے ہوں۔
علق- التعلیق: کسی چیز کو باندھ کر لٹکانا۔ جیسے "تعلیق المصباح" چراغ لٹکانا۔ ایک چیز کو دوسری پر رکھنا۔
تعلیق الوسام علی صدر فلان" تمغہ کو سینہ پر لٹکانا۔ عارضی طور پر روکنا۔
تعلیق الاضراب: ہڑتال موقوف کرنا۔ عارضی طور پر عمل کرنے سے روکنا۔ معطل کرنا۔
تعلیق الدستور: آئین کو عارضی طور پر معطل کرنا۔
کسی چیز کو مؤخر کرنا۔ **تعلیق الحکم:** حکم مؤخر کرنا۔ کسی چیز کی تعریف کرنا۔ اہمیت والی قرار دینا۔ کسی واقعہ پر نوٹ دینا۔
التعلیق: عربی خط کی قسم۔ **التعلیق فی النحو:** علم نحو میں تعلیق کا مطلب۔
افعال قلوب کو لفظی عمل سے وجوبا روکنا۔ جیسے علمت ازید قائم ام عمرو۔
التعلیق ج تعلیقات: کسی کتاب کی اصل عبارت پر حاشیہ یا نوٹ۔ کسی معین موضوع پر مقالہ یا مباحثہ۔ **تعلیق علی الانباء:** خبروں پر تبصرہ۔
علم- العلمانیة: سیاسی اور معاشرتی نظریہ جس کا مطالبہ یہ ہے کہ دین کو ملک سے الگ کیا جائے اور اس کی تعلیمات مدارس (درس گاہوں) میں نہ دی جائیں۔
الاستعلامات: کسی کمپنی یا ایجنسی کا دفتر جو مطلوبہ معلومات کے متعلق آگاہ کرے۔
التعلیم: سبق سکھانا۔ معرفت دینا۔
تعلیم الناشئة: ترقی کی تعلیم۔ استاد کا پیشہ۔ طلبہ کو علوم و فنون اور معلومات سے آگاہ کرنا۔
التعلیم الابتدائی: ابتدائی تعلیم۔ **التعلیم الثانوی:** سیکنڈری تعلیم۔ **تعلیم أخلاقی:** اعلیٰ سلوک و کردار کی تعلیم۔ **التعلیمات:** ہدایات' ارشادات۔ احکامات۔ **المعلمة:** انسائیکلو پیڈیا۔ دائرة المعارف **المعلمی:** معلّم کی طرف نسبت۔ **المعلّم:** مستقل استاد۔ **فی الصناعات:** کسی ایک فن میں مستقل کام کرنے والا۔

اَلْمَعْلُوْمَاتُ: معارف- اطلاع- وَاسِعُ الْمَعْلُوْمَاتِ: زیادہ اطلاع والا- کسی قصہ یا مسئلہ کے متعلق تمام متعلقہ چیزیں-

اَدْلٰی بمالَدَیْهِ مِنْ مَعْلُوْمَاتٍ: اپنے پاس معلومات کو بکھیر دینا-

عم- اَلْعَامِیَة: عام لوگوں کی لغت غیر فصیح زبان-

فِی بَعْضِ الْبُلْدَانِ الْعَرَبِیَّةِ (بعض عرب ممالک میں) عوامی تحریک جو بعض نمائندوں کے خلاف تھی-

اَلتَّعْمِیْمُ: کسی چیز کو عام کرنا- تَعْمِیْمُ التَّعْلِیْم: تعلیم عام کرنا- کسی حکم کو تمام افراد یا اشیاء پر نافذ کرنا-

تَعْمِیْمُ تَدْبِیْرٍ: تجویز عام کرنا- کسی چیز کو معروف و مشہور کرنا- مخصوص حالات کے پیش نظر کسی حکم کو عام کرنا- فی الادارة: وہ خط جس کو حاکم اپنے محکموں کی طرف لکھے اور ان کو سمجھا جائے-

عمد- اَلْاِعْتِمَاد: اعتماد' ساتھ' بھروسہ' کریڈٹ' قرض- اَلْاِعْتِمَاد علی النَّفْسِ: خوداعتمادی-

الاعتماد ج اعتمادات: کسی منصوبہ کے لئے مختص رقم (فنڈ)

اِعْتِمَادٌ وارِدٌ فی المیزانیة- بجٹ میں منظور شدہ فنڈ- اِعْتِمَادَاتٌ اِضَافِیَّةٌ: اضافی فنڈ- فَتْحُ الْاِعْتِمَادِ: بنک کی نگرانی میں رقم لگانے کی منظوری- (بنک قرضہ)- اَوْرَاقُ الْاِعْتِمَاد: ملکی نمائندہ (سفارت کار) کے کاغذات جو سر براہ مملکت کو بطور اسناد پیش کرے-

اَلْمُعْتَمَدُ: جس پر اعتماد کیا جائے- "مِنْ مَصْدرٍ مُعْتمد" بااعتماد ذریعہ سے- جس کو استعمال کیا جائے اور نافذ کیا جائے- اَلتَّوْقِیْتُ الصَّیفِی مُعْتَمَدٌ فی بُلْدانٍ کَثِیْرة: موسم گرما میں متعین اوقات اکثر ممالک میں مستعمل ہیں- جس کو قبول کیا جائے اور اس کی موافقت ہو-

خَبِیْرٌ مُعْتَمِدٌ لَدَی المحاکم: عدلیہ میں باخبر پر اعتماد ہوتا ہے- المُعْتَمَدُ التِجاری: تجارتی کاموں میں وکیل-

عمر- اَلْمَعْمُوْرَةُ: جہاں- فی کُلِّ الْمَعْمُورة: جہان کے اطراف میں-

عمص- اَلْعُمَاص: آنکھ کا کیچڑ- اس کو عربی میں الرمص اورالغمص بھی کہا جاتا ہے-

عمل- اَلْعَمَلِیَّةُ: مکمل کام جو نتیجہ آور ہو- عَمَلِیَّةٌ مَالِیَّةٌ: مالی کاروائی- عَمَلِیَّةٌ عَسْکرِیَّةٌ: فوجی کاروائی- اَلْعملیّة الجَراحِیَّة: اپریشن والا کام- جراحی کاروائی-

عملق- اَلْعِمْلاَق ج عمالِقَة: دیو قامت- مَجَازًا: غیر معمولی قابلیت والا شخص- اِنَّهُ عَمْلاَقٌ فی السیاسه: وہ سیاست میں بہت قابلیت والا-

عنی- اَلْمَعْنَوِیَّةُ: مورل- حوصلہ- مَعْنَوِیَّاتُ الْجُنُوْد: فوجوں کا مورل-

عهد- اَلتَّعَهُّدُ: نگرانی کرنا- ذمہ داری لینا- وعدہ لینا- اَلتَّعَهُّدُ بِرَدِّ الْمَالِ: مال واپسی کا عہد کرنا- ٹھیکہ لینا- تَعَهُّدَاتُ الطُّرُقِ: شوارع کا ٹھیکہ لینا- اَلْمُعَاهَدَةُ: دو یا دو سے زیادہ افراد کا کسی ذاتی' تجارتی یا سیاسی کاموں پر اتفاق کرنا-

اَلْمُتَعَهِّدُ: ٹھیکیدار- ذمہ دار-

عهل- اَلْعَاهِلِیّه قابلیت-

عود- اَلْعَادِیَّاتُ آثار قدیمہ: تَاجِرُ عَادِیَّاتٍ: آثار قدیمہ کا تاجر- اَلْعِیَادَة: ملاقات- بیماری کی بیمار پرسی- ڈاکٹر کا کلینک-

عوض- اَلتَّعْوِیْضُ: نقصان کا معاوضہ دینا- التعویض ج تعویضات: ملازم کو کام چھوڑنے یا ریٹائر ہونے پر الاونس- یا پنشن یا گریجویٹی-

تعویضات الصَّرْفِ: اضافی کام یا اضافی اخراجات پر اضافی خرچہ یا اضافی تنخواہ- جیسے تفویض اِنْتِقَالٍ: تبادلہ پر سفر خرچ- اَلتَّعْوِیضُ الْعَائِلِی: خاندانی الاونس-

عوق- اَلْمُعاق: جسمانی یا عقلی آفت کی وجہ سے ناکارہ شخص-

عوم- اَلْعَوَّامَة: بنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی ہے جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنس گئی ہے- ایسے ہی اس کے ساتھ سمندر میں پتھر والا مقام یا ساحل کا اندازہ ہوتا ہے-

عَوَّامَةُ الْاِنْقَاذِ: پانی پر تیرنے والا طوق جو غرق ہونے سے بچاتا ہے-

اَلْعَوَّامَاتُ: جلیبی کی ایک قسم-

عون- اَلْاِعَانَةُ: مدد کرنا- اِعَانَةُ الفَقِیْرِ: فقیر کی مدد کرنا-

اَلْاِعَانَةُ ج اِعَانَاتٌ: وہ گرانٹ جو افراد' ایجنسیوں اور صنعتی یا زرعی اداروں کو دی جاتی ہے-

اِعَانَةٌ مَرْضِیَّةٌ: اچھی مدد- تَوْزِیْعُ الْاِعَانَاتِ: مدد کی تقسیم- اَلْاِعَانَاتُ: مالی یا غیر مالی امداد جو ضرورت مندوں اور مصیبت زدہ لوگوں کو پیش کی جاتی ہیں- اَلْمُعَاوِنُ: جو دوسرے سے ہاتھ بٹائے اور اس کے ماتحت کام کرے- اسٹنٹ "مُعَاوِنُ جَرَّاحٍ" اپریشن کرنے والے کا اسٹنٹ- وہ ملازم جو سر براہ سے اس کے کام میں شریک کار ہو-

"مُعَاوِن نائِبِ الرَّئِیس" نائب سر براہ سے ہاتھ بٹانے والا-

عیش- اَلْاِعَاشَةُ: حالات جنگ اور آفت زدہ علاقوں میں آبادی کو ایسے طریقہ پر غذائی مواد پہنچانا جس سے لوگوں کو آسانی سے غذا مل جائے- مُصْلَحة الْاِعاشَةِ: غذائی مواد پہنچنے کا مناسب طریقہ- فرد اور خاندان کے لئے غذائیت کا ایک مقرر حصہ-

اَلتَّعَایُش: پیار و محبت کے ساتھ زندگی گذارنا- فی الاصطلاح السیاسی: مختلف دین' مذہب اور ممالک کے لوگوں کو باہم مل کر مناسب زندگی گذارنا-

غرب- المغرِبِیَّة اوالمغرِبِیَّة: آٹا گھی' گوشت چنے اور پیاز سے بنایا گیا کھانا-

غرو - اَلْإِغْرَاءُ: کسی کو خوبصورتی اور خواہشات کے اظہار کے ساتھ چیز پر ابھارنا۔ اِنْقَادُ الإِغراءِ اللّذَّةِ: خواہشات کا لذت کے تابع ہونا۔ وہ رغبت جس کا مقابلہ نہ ہو سکے۔ واجب کی ادائیگی میں کوتاہی پر اس واسطے ابھارنا کہ مادی نفع دیا جاسکے۔ جیسے: اِغْراءُ الشُّهُودِ: گواہوں کو گمراہی پر لانا۔

و فی النحو: کسی کو اچھے کام کرنے پر رغبت دینا۔ جیسے اخاك اَخاك:

غلب - اَلْأَغلبِيَّةُ: اکثریت۔

غلي - اَلْغِلَابَة: تیر جو بہت دور فاصلے پر مارا جائے۔

غمر - اَلْمُغامَرةُ: چستی سے حرکت کرنا۔ یحب المُغامَراتِ: وہ حرکت کرنے کو پسند کرتا ہے۔ ہر نئی چیز کے پیچھے کوشش کرنا۔ غیر مانوس اور نہ حاصل ہونے والی چیز۔ رُوحُ المُغامَرةِ: غیر مانوس روح۔ اچانک پیش آنے والا معاملہ۔ دہشت میں ڈالنے والا غیر معمولی شخص۔ مُغامِراتُ بَطَلٍ: پہلوان کا غیر معمولی کام۔ فِلْمُ مُغامَراتٍ: خوف وہراس پیدا کرنے والی فلم۔

غنص - اَلْغُنُوصِيّة اَوِالْأَدْرِيَّةُ: وہ مذہبی دینی فلسفی جماعت جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور اسماء کو خوب اور صحیح جانتے ہیں۔

غني - اَلْغَنَائِيَّةُ: گانے گانا۔ ادبی اور فنی نظریہ جو وجدانی حالات کی تعبیر پر قائم ہوتا ہے۔ جیسے غَنَائِية الشِّعرِ العربی: عربی شعروں کو وجدانی کیفیت پر پڑھنا۔

غوث - اَلْإِسْتِغَاثَةُ: مدد و نصرت طلب کرنا۔ اِشَارَةُ الْإِستِغَاثةِ: فریادرسی کا اشارہ۔ و فی النحو: کسی دوسرے کی مدد کے لئے فریاد رسی اور مدد طلبی کرنا۔ جیسے یالَزَیْدٍ لِلْمَظْلُومِ:

غور - الْمُغَاوِیرُ: وہ لوگ جن کو لڑائی کرنے، سپاہی ہونے اور خطرناک کاموں پر تربیت دی جاتی ہے۔

غوغ - اَلْغَوْغَائِيَّةُ: عوام الناس کو ورغلا کر ان کے جذبات اپنے حق میں کر کے سیاسی فائدہ اٹھانا۔ اَلْمُرَشَّحُوْن للانتخاب یجأُون اِلَی الغوغائِیّة: انتخابات کے امیدوار عوام کو بھڑکانے کی طرف پناہ لیتے ہیں۔ وہ سیاسی حالت جس میں حکومت عوام کے قبضہ میں ہوتی ہے۔ اَلْغَوْغَائِيّة اسوء عدو لِلدِّیمقراطِیّة: عوامی اضطراب جمہوریت کا بڑا دشمن ہے۔

غیب - الغیب: غیب کو جاننے والا۔ غیب مفسرین کی اصطلاح میں وہ ہے جس کو حواس اور عقل براہ راست معلوم نہ کر سکیں بلکہ انبیاء کی وساطت سے معلوم کیا جاتا ہے۔ اس کا ضد: "عَالِمُ الشَّهادَة" ہے۔

غیر - اَلْغِیَارُ: ایک چیز کو دوسرے کی جگہ پر رکھنا۔ وہ چیز جو دوسری چیز کو بدلنے کے لیے تیار کی جائے۔ قِطَعُ الغیارِ لِلآلاتِ: الگ الگ ٹکڑے جن کو جوڑ کر ناکارہ ٹکڑوں کی جگہ لگایا جائے۔ ان کو قِطَعُ التَّبدِیل کہا جاتا ہے۔

فاش - اَلفاشِیَةُ او الفاشستِیَّةُ: وہ تحریک جو جمہوریت کی جگہ یک جماعتی ظالمانہ نظام کی طرف دعوت دیتی ہے۔ اس نظام کی بنیاد موسولین نے ۱۹۲۲ تا ۱۹۴۵ء کے درمیان رکھی۔ وہ ایک جماعت کا ڈکٹیٹر قومی ہوس والی تنظیم کا سربراہ تھا۔

فتح - اَلْفَتَّاحَةُ: ٹین ڈبہ کھولنے کا آلہ۔

فتش - اَلتَّفتِیش: کسی چیز یا شخص کے لئے کوشش کرنا۔ اس کو تلاش کرنا۔ گم شدہ چیز کو تلاش کرنا۔ قاموس میں کسی کلمہ کو تلاش کرنا۔ نگرانی اور تحقیق کے قصد سے اہتمام کے ساتھ چیک کرنا۔ تفتیش مَدْرَسَةٍ: سکول کی تلاشی کرنا۔ تفتیش امتعۃ: سامان کی تلاشی کرنا۔ حکومت کے لوگوں (پولیس) کا کسی مکان میں تلاشی کرنا۔ عدالتی تحقیق کے دوران حقیقت حال معلوم کرنا۔ تفتیش الشُّرطَةِ فی مَنْزِلٍ مُتَّهَمٍ: مشکوک جگہ پولیس کی تلاشی۔ وَ فِی الْإِدَارَةِ: دفتری کاموں کی نگرانی کرنے، قوانین اور نظاموں کو نافذ کرنے کے لئے رات کی بیداری کرنے والی اتھارٹی۔ اَلتَّفْتِیشُ المالی: مالی چیکنگ (آڈٹ کرنا) تحقیق کرنے والا عملہ۔

فتن - اَلْفُتْنَةُ: سنط درخت کی ایک قسم جس کے پھول زرد خوشبودار ہوتے ہیں۔

فتو - اَلْإِسْتِفْتَاءُ: فقہی فتویٰ یا قانونی سوال کرنا، اِسْتِفْتَاءٌ دَسْتُورِیٌّ: ریفرنڈم کرانا۔ عوام سے پرائیویٹ انداز میں رائے معلوم کرنا۔ اِسْتِفْتَاء قُرآءِ صَحِیفَةٍ: اخبار کو پڑھنے والے حضرات سے رائے معلوم کرنا۔

فجر - اَلْمُتَفَجِّرَاتُ: حادثہ یا گرمی کی وجہ سے پھٹ جانے والی چیزیں۔

فخم - اَلْفَخَّامَة: بڑے جسم اور بڑے نرخ والی چیز۔ تکبر۔ بڑائی۔ فَخَّامَةُ الأبنة الرُّوْمَانِیَةِ: رومی عمارت کی شان۔ فَخَّامَةُ قَصْرٍ: محل کی شان۔ جمہوری ملک کے سربراہ کا لقب۔

فرج - المُنْفَرِجَة: یہ زاویہ زاویہ قائمہ سے بڑا ہوتا ہے۔

فرز - اَلْمِفْرَزُ: ج مَفارِز: چند افراد جن سے خاص مشن میں کام کرنے کا عہد لیا جاتا ہے۔ مِفْرَزَةُ تَنْظِیم المرور: ٹریفک جماعت مشن۔ لمفرزة الصِّحِّیَة: ہیلتھ مشن۔

فرس - اَلْفِرَاسَة: آدمی کی صفات واخلاق اس کی شکل و شباہت سے سمجھنا۔ اَلْفُرُوْسِیَّة: گھوڑ سواری کا فن۔ تَعَلَّمِ الفُرُوْسِیَّةَ: فن گھوڑ سواری سیکھو۔ سوار کی صفات اور اس کا رتبہ۔ شاہ سوار کی صفات، شجاعت، [illegible] اور مضبوطی۔ هٰذا عَمَلٌ مِنْ اعمالِ الفُرُوْسِیَّةِ: یہ شاہ سواروں کے کارناموں سے

ہے- ایک فوجی ادارہ جس پر دینی چھاپ- قرون وسطیٰ میں پیدا ہوئے خاص کر فرانس اور ہسپانیہ میں تھے- یہ بڑے عزت دار لوگوں پر مشتمل تھے- اس کے ارکان فوجی دینی جلسہ میں قبول کیے جاتے تھے-

الفریسیُّون اس کا واحد فرِّسِی ہے- یہودیوں کی ایک جماعت جو ایمان خالص اور شریعت کے دفاع کے لئے منظم ہوئے تھے- لیکن وہ اس دور میں مادیت کے ساتھ منسلک ہوئے اور روحانیت کو ترک کر دیا جس کی وجہ سے حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام نے ان کو ریا کاری اور تکبر پر ملامت کیا وہ حضرت عیسیٰ کے اولین مخالفین میں سے ہوئے-

فرش- اَلْفِراشَةُ: بستر لگانے' گھروں اور ہوٹلوں میں کام کرنے کا پیشہ-

فرغ- اَلْفَراغُ: خالی ہونا- کھلی جگہ جہاں کچھ نہ ہو **سَدَّ فراغًا:** سراخ بند کرنا- فارغ وقت جب کوئی کام نہ ہو-

ساعاتُ الفراغ: خالی اوقات- کسی حالت میں نقص واقع ہوتا ہے-

كانوا يَحتاجون الى عربات و اسلحة فُملّى هٰذا الفراغ: ان کو گاڑیوں اور اسلحہ کی ضرورت تھی یہ کمی پوری کر دی گئی- غیر حاضری- نقص- محروی-

ترك مَوْتُهُ فراغًا كبيرًا: اس کی موت سے بڑا نقصان ہوا- جسموں سے خالی مقام-

فرق- اَلتَّفرِيقُ: متحد لوگوں کے درمیان جدائی ڈالنا- کسی ترتیب کے مطابق تقسیم کرنا- بھگانا اور بکھیرنا

تَفرِيقُ المتظاهرين: مظاہرہ کرنے والوں کو بکھیرنا-

اَلْمُفتَرق : چورستة:

فرقع- اَلْمُفرْقَعات: پھٹ جانے والے مواد-

فرم- اَلْفَرامَةُ: قیمہ کرنے والا آلہ- اس کو **المفرمة ج مفارم** کہا جاتا ہے-

فرمل- فَرمَلَ: گاڑی کو چلانے کے لئے ریس دبانا-

فشل- اَلفَشَلُ: ناکامی و نامرادی-

فصل- اَلْمُفَصَّليات: بے ہڈی لمبے پاؤں والے جانور جیسے مکڑی وغیرہ-

فض- اَلفضية: چاندی کے برتن و اوزار-

فضح- انفضح: کسی کی خبر نشر ہونا-

فطر- اَلفِطرِيَّة: فلسفی مذہب جس کا نظریہ ہے کہ افکار فطرتی ہیں- امتحان اور تجربہ سے پہلے انسانی عقل کو لازم ہیں-

فعل- اَلفاعِلِيَّةُ: کسی چیز کا نتائج تک پہنچانا- تاثیر اس چیز کی صفت جو متوقع اثر پیدا کرے جیسے نفع وغیرہ **فاعِليَّة دواء:** دوائی کا فائدہ-

و في النحو: (نحو میں) اسم کا فاعل ہونا-

اِسم مرفوع عَلَى الفاعِلِيَّة: فاعل ہونے کی وجہ سے اسم کا مرفوع ہونا **اَلْفعَّالُ:** نافذ' موثر' جو نتیجہ تک پہنچائے-

سُلْطَة فَعَّالَة: حکم نافذ کرنے والی اتھارٹی- فائدہ مند- جو متوقع اثر ڈالے-

دَواءٌ فَعَّالٌ: فائدہ مند دوائی-

افاعيل وافعولات: ناپسندیدہ کام اور امور- میزان صرفی کی ایک صورت جس کے ساتھ اصلی حروف زائد حروف سے پہچانے جاتے ہیں-

اَلْاِنفِعَالُ: متاثر ہونا- **رجل سريع الانفعال:** جلدی متاثر ہونے والا آدمی-

اَلْاِنفعالِيَّة: جلدی متاثر ہونے کی صفت تاثرات کو قبول کرنے والا اور اس کی طرف مائل ہونے والا-

هذا دَلِيلٌ عَلىٰ اِنفعالِيَته: یہ جلدی متاثر ہونے کی دلیل ہے-

اَلْاِنْفِعَالِيَّة: جوش و جذبہ میں آنے کی صفت-

اِنفِعَالِيةُ الْاَنسَجةِ الحَيَّة: زندہ طبائع کا پُر جوش ہونا-

الانفعالي: انفعال کی طرف منسوب- جلدی غصے والا- جلدی متاثر ہونے والا- سخت احساس والا آدمی-

اَلْفَاعِلِ النَّوَوِي اَوِالذَّرى: ایٹمی ری ایکٹر-

فلك- المفك پیچ کش: پیچ کھولنے کی چابی-

فكر- اَلتَّفكِيرُ: خیالات میں سوچ و بچار کرنا- رائے قائم کرنا- **تفكِيرٌ صحيحٌ:** صحیح رائے قائم کرنا- عقل کو کسی مسئلہ کے حل کے لئے لگانا-

اَلتَّفكِيرُ في الخروج مِن مأزقٍ: تنگی سے نکلنے کا سوچنا-

اَلْمُفكِرَة: روزنامچہ: ڈائری-

فلج- فَلِجَ: فالج زدہ ہونا-

فلذ- فَوْلَذ الحديْدَ: فولاد بنانا-

اَلْالومينيوم: المونیم پر لوہا کی پرت چڑھانا-

فلس- اَلْاِفلاسُ: تنگ دست ہونا- **وفي القانون:** مفلس ہونا- دیوالیہ ہونا-

اِشْتِهَارُ الْاِفلاس: مفلسی کا اشتہار-

مجازًا: مکمل ناکام ہونا **افلاس السِّيَاسَةِ والاقتصادِيَّة:** سیاسی اور معاشی ناکامی-

اَلتَفليسة: مفلس ہونا- وہ قانونی کاروائیاں جو مفلس تاجر اور اس کے اموال کے متعلق ہوں-

فَلْيَسف اشيء: فلسفی وضاحت کرنا- فلسفی تفسیر کرنا-

فهم- اَلْاِستفهامُ: کسی چیز کے متعلق معلومات حاصل کرنا- خبر معلوم کرنا- غیر حاضری کے متعلق پوچھنا-

في القواعد: قواعد میں انشائی سوال کرنا- جیسے **ماذا تفعل** تم کیا کرتے ہو-

في البديع (علم بدیع میں): مخاطب کو معلوم کرانے کے لئے سوال کرنا- جیسے **اين الآباء والاجدادُ؟"**

فود- اَلْفُوْدكا: مکی یا گندم کی شراب-

فيت- اَلْفيتامين: وہ بنیادی مادہ جس کو انگوریاں پیدا کرتی ہیں- یہ غذائیت کو پورا کرنے اور زندگی کو چست کرنے پر مدد دیتا ہے-

اَلْفِيتو اوالنَقض: اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل کے پانچ مستقل ارکان (امریکہ روس برطانیہ اور فرانس) کا کسی قانون کو پاس ہونے

سے روکنے اس کو مسترد کرنا (ویٹو کرنا)

اَلْفَيْرُوس: چھوٹے باریک جراثیم جو عام دنوں میں دوربین سے نظر نہیں آتے- بعض بیماریوں (چیچک اور باؤلا پن) کو پیدا کرتے ہیں-

فيض-اَلْفائِضُ: زائد چیز-خَيْرٌ وَافِرٌ: وافر مال' کافی مقدار سے زائد- مَحْصُولٌ فائِضٌ: فائض: زائد محصول-معيَّنه: کمیت سے زائد- ضرورت سے زائد- مبلغ سے زائد-

باعَ الفائض من الانِتَاج: زائد آمدن فروخت کرنا- فائض الميزانية: زائد-بجٹ-

اَلْفائِض: ج فَوائِض: وہ فائدہ جو سود کھانے والے اپنے اصل مال پر لیتے ہیں-

اَلْفَيْضانُ: نہر کا پانی بھر کر سیلاب بننا-

فَيْضانُ النِّيل: نیل سے سیلاب آنے سے دریا بھرنا- پانی' بارشیں اور سیلاب جو کسی علاقہ کو ڈبودے-اَلْفَيْضاناتُ: سیلابی نقصانات-

مَجازًا: پیداوار یا نرخ کا کم ہونا-

قب-اَلْقُبَّةُ: گریبان: (قمیص کا گریبان)

قبط-اَلْقُبْطانُ: کپتان-جہاز کا کپتان-

قبل-اَلْقُبالَةُ: دایہ کا پیشہ اور اس کا کام-

اَلْمُقَبِّلُ: (طب) کھانے کی چاہت پیدا کرنے والی چیز-

اَلْمُقَبِّلاتُ: کھانے سے پہلے پیش کردہ چیزیں-مرغوبات اشیاء جیسے زیتون-مولی--

اَلْمُسْتَقْبَلِيَّة: اٹلی میں ادبی اور فنی مدرسہ جو کہ ۱۹۰۹ء تا ۱۹۱۵ء میں جاری ہوا- اس میں سرمایہ داری کو ابھارا گیا-اور زندگی کی ہر قسم کی ترقی کو پیش کیا گیا جو مستقبل میں دنیا کو ترقی یافتہ بنائے-

قدم-اَلتَّقادُمُ: کسی چیز پر زیادہ وقت گزرنا- پرانی ہونا-

وفي القانون: وہ مدت معینہ جس کے گذرنے کے بعد حق کا مطالبہ یا حکم کا جاری کرنا ختم ہو جاتا ہے-

اَلتَّقَدُّمي: فارورڈ- ترقی پسند- عصر تَقَدُّمِيٌّ: ترقی پسند دور-

سَيْرُ العِلم التقدمي: علم کی تیز ترقی-

التَّقَدُّمِيَّةُ: ترقی پسند ہونا- فارورڈ ہونا- وہ سیاسی' معاشرتی اور معاشی نظریہ جو فرد اور نظم میں آزادی کی اصلاحات ڈال کر معاشرہ کو ترقی دینے کا ہدف رکھتا ہے-

قر-اَلْقارِّي: قارہ کی طرف منسوب ہے-

حِزْبٌ قَارِّي: علاقائی جماعت-

اَلْمَناخُ القارِّي. قارات میں سے سب سے درمیانی فضا گرمی اور سردی میں درجہ حرارت کے بڑے فرق اور موسم گرما میں کثرت باراں کے ساتھ ممتاز ہوتا ہے-

اَلتَّقْرِيرُ: اقرار لینا- اعتراف کرانا- قرارداد پاس کرانا- کام کرنے کا قطعی فیصلہ کرنا-

اَلتَّقرِيرُ مِنْ حَقِ الرَّئيس: کسی کام کے کرنے کا فیصلہ کرنا سربراہ کا حق ہے-

تَقْرِيرُ المصير: کسی ملک یا عوام کو نظام نظام چلانے کا حق بغیر بیرونی مداخلت کے دینا-

تقرير ج تقارير: کسی واقعہ یا مسئلہ کے متعلق رپورٹ "تَقْرِيرٌ طِبيٌّ"، طبی رپورٹ

تَقْرِيرُ لُجْنَةٍ بَيانِيَّة: مقرر کردہ کمیٹی کی رپورٹ-

تَقْرِيرُ الخَبِير: ماہر انسان کی رپورٹ-

قرح-اَلْاِقْتِراحُ: تجویز- اِقْتِراحُ حَلٍّ: حل کی تجویز-

في الادارة: رائے یا تدبیر پیش کرنا انتظامیہ انتظامیہ کو تاکہ اس کو لے کر عمل کیا جائے-

في التَّشْرِيع: (قانون سازی میں) قانون ساز ادارے میں رائے پیش کرنا جس کو قبول یا مسترد کیا جاتا ہے-

طَرْحُ الاقتراحِ عَلى التصويت فسقط: ووٹنگ کے ذریعے رائے پیش کرنا اور نا قبول ہونا-

قرطس-اَلْقُرْطاسِيَّةُ: لکھائی کے لوازمات-

قرع-اَلْقُرَاعُ: جلد کی متعدی مرض جو بالوں کو گراتی ہے-

الْاِقْتِراعُ: قرعہ اندازی کرنا- قسمت معلوم کرنا- ووٹ دینا-الاِقْتِراعُ السِّرِّي: پوشیدہ ووٹنگ کرنا- کسی تنظیم یا سیاسی جماعت سے کسی قرارداد پر یا کسی مسئلہ پر رائے لینا- انتخابات کے تمام کام جس میں پرچی ڈالنا اور نتائج کا اعلان کرنا-

جَرْيُ الاقتراع الاول: پہلے انتخابات کا اجراء-

قز-اَلْقَزِيَّات: ریشمی کپڑوں کی قسمیں- اَلْقَزِيَّةُ: لوت کا ریشمی کپڑا-

قزب-القاذب: پانی اور خشکی دونوں جگہوں میں رہنے والا جانور-

قسط-اَلتَّقْسِيطُ: قسطوں پر چیزیں فروخت کرنا-في الزِّرَاعَة: برابر لائنوں پر پودے لگانا-

قشر-اَلْمِقْشَرَةُ ج مَقَاشِرُ: پھل اور سبزی چھیلنے کی چھری یا آلہ-

قشف-اَلتَّقَشُّفُ: نعمتوں سے دور زندگی- خشک زندگی گذارنا- دنیا کی لذتوں سے ہٹ کر زاہدانہ زندگی گزارنا-تَقَشُّفُ الصوفي: صوفی کا زاہدانہ زندگی گذارنا- اقتصاديًا: ضروریات زندگی ہی کفایت کرنا-

سِياسةُ التَقَشُّفِ: وہ سیاسی گروپ جو نفقات کو کم کرنے اور طریقہ زندگی کو مقید کرنے کا نظریہ رکھتے ہیں-

قص-اَلْمُقاصَة في القانون: وہ طریقہ جس میں باہمی لازم متبادل قوانین کو درست کیا جائے-

وفي التجارة: تجارت میں: دو ملکوں کا آپس میں قرض پر تجارت کرنا- قرض دہندہ برآمد کرتا ہے اور قرض خواہ درآمد کرتا ہے اور دونوں ملک ملکی سکوں کو برابری میں فروخت کرتے ہیں-

قصد-اَلْاِقْتِصادُ: درمیانہ خرچ کرنا-

رُوحُ الاقتصاد عندهُ احيانًا البُخل: معتدل خرچ اس کے ہاں بخل کے قریب کر دیتا ہے-بچت کرنا-

وہ تمام کوششیں جن کا تعلق پیداوار' دولت کی تقسیم اور ان کا معاشرے کی کمیت سے تعلق ہو۔
اَلْاِقْتِصَادُ الْوَطنی: وطنی معیشت۔ اَلْاِقْتِصَادُ الحر: آزاد معیشت۔ اَلْاِقْتِصَادُ السیاسی: وہ علم جو افراد کی ضروریات' پیداوار کے وسائل' ان کو منظم کرنے' دولت حاصل کرنے اور تقسیم' چیزوں کے نرخ' نقد و قرض پر دینے اور ملکی لین دین پر بحث کرے۔ مَجَازاً: وقت کو معتدل استعمال کرنا۔ وقت بچانا۔ اَلْاِقْتِصَادِی: اقتصاد کی طرف منسوب۔ نشاط اقتصادی: معاشی سرگرمی۔ عَالِمٌ اقتصادی: ماہر معاشیات۔ الاقتصادی سستا۔ کم خرچ والا۔ مالی بوجھ والا۔ وَسِیْلَۃ نَقْلٍ اِقْتِصَادِیَّۃ: منتقلی کے ذرائع مالی بوجھ والے ہیں۔ اَلْاِقْتِصَادِی: علم معاشیات میں اسپشلسٹ (ماہر معاشیات) اَلْاِقْتِصَادِی: بچت پسند کرنے والا۔ بچت وصول کرنے والا۔ درمیانے خرچ والا۔
قصدر۔ قَصْدَرَ: برتن پر قلعی ملنا۔ قلعی کے ساتھ سفید کرنا۔ قَصْدَرَ آنِیَۃ نَحاسِیَّۃً: تانبا کے برتن قلعی کرنا۔
قصف۔ اَلْقَاصِفَۃُ: بمبار طیارہ۔ جنگی طیارہ۔ اَلْقَصَّاۃُ: ولادت کے وقت بچے کے چہرہ پر باریک جھلی۔ (باریک چمڑہ)
قصي۔ اَلْاِسْتِعْطَاب: جس پر روشنی شعاعیں جمع ہوتیں ہیں منعکس اور منکسر ہونے کے بعد تقسیم شدہ حرکتوں کی نقل میں نمایاں تبدیلی کی وجہ سے۔
قطر۔ اَلْقَطَّارَۃُ: دوائی قطرہ قطرہ ٹپکانے کی چھوٹی بوتل۔ اَلتَّقْطِیْرُ: پانی وغیرہ قطرہ قطرہ بہانا۔
تنقیہ۔ صفائی' عرق کشی۔ اَلْاِسْتِعْطَارُ: عرق کشی کے ذریعے پھلوں اور پھولوں کا مشروب حاصل کرنا۔
قطع۔ اَلْقَوَاطِعُ: مہاجر پرندے جو ایک جگہ گرمی یا سردی قیام نہ کریں۔ منہ میں سامنے کے تیز دانت جو عام طور پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ وہ چار اوپر والے جبڑے اور چار ہی نیچے جبڑے پر ہوتے ہیں۔
اَلْاِقطاع: سیاسی اور معاشرتی نظام جو مختلف ممالک میں مختلف ادوار میں مختلف شکلوں میں پایا جاتا ہے۔ اس میں فیصلہ کیا جاتا ہے کہ پہلے لوگ بعد والے لوگوں کو ان کے لئے اور ان کی اولاد کے لئے زمینی ایکڑ تقسیم کریں جو ان کی حق ملکیت ہوں گے۔ الاقطاعی: جاگیر دارانہ نظام والا۔ قَصْرُ اقطاعی: جاگیر داری محل۔ العهد الاقطاعی: جاگیرداری دور۔
اَلتَّقَاطُعُ: باہمی تعلقات خراب ہونا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔ دو حصوں کا ملنا۔ یا ان کے ملنے کی جگہ۔
تَقَاطُعُ طَرِیْقَیْن: موڑ۔ نقطۃ التقاطع فی سِکَّۃ الحدید: ریلوے لائن کا جوڑ۔ لائنوں کے ملنے اور تقسیم ہونے کا مرکز۔
اَلْمَقْطُوْعِیَّۃ: غذائی اور صنعتی مادہ کی مقدار جو مقررہ وقت میں صرف ہوتی ہے۔
مَقْطُوْعِیَّۃ الکَهْرَبَاء: بجلی کی صرف شدہ مقدار۔
قفز۔ اَلْقَفْزُ: کودنا۔ القفز فی الهَوَاءِ: ہوا میں کودنا۔ اترنا۔ اَلْقَفْزُ بِالْمِظَلَّۃِ: پیراشوٹ کے ذریعے اترنا۔
فِی الْاَلْعَاب الریاضیۃ: ورزش کے کھیلوں میں: بلند جگہ سے گزرنے یا دو جگہ تک پہنچنے کے لئے جسم کو حرکت دے کر بلندی کی طرف جانا۔
اَلْقَفْزُ بِالْعَصَا: لاٹھی کے ذریعے کودنا۔
اَلْقَفْزُ الطَّوِیل: لمبی چھلانگ۔
قفص۔ اَلْقَفَّاصُ: پنجرے بنانے والا۔
قفط۔ اَلْقُفْطَانُ: ریشم یا روئی کا لمبا کھلا کپڑا جو سامنے کھولا گیا ہو اور تسمہ کے ساتھ بند کیا جائے۔
قل۔ اَلْاَقَلِّیَّۃُ: لوگوں کی تھوڑی جماعت۔
اَلْاَقَلِّیَّۃ البرلمانیۃ: کم ووٹ پانے والی پارلیمانی پارٹی۔ وہ جماعت جو اپنا دین' نسل اور رنگ الگ رکھتی ہو وہ ایسے معاشرے میں رہتی ہو۔ جن کی تعداد اکثریت میں ہو اور ان سے خوبیوں اور خصلتوں میں جدا ہو۔
حُقُوقُ الاَقَلِّیات: اقلیتوں کے حقوق۔
قلب۔ اَلْاِنْقِلَابُ: کسی چیز کا بدل جانا۔ الٹ ہو جانا۔
اِنْقِلَابُ الشِّتَاءِ انقلاب الصَّیْفِ: گرمی اور سردی کا آنا جانا۔
فِی السِّیَاسَۃِ: ظالم غیر قانونی قابض حکومت کو قوت کے ذریعے مٹانا۔
اِنْقِلَابٌ عسکری: فوجی انقلاب
مجازاً: جرأت مند کام جو پروگراموں میں درست تبدیلی لائے۔ هٰذا انقلابٌ فی سِیَاسَۃِ الدَّوْلَۃِ: یہ ملک کی سیاست میں تبدیلی ہے۔
قلبق۔ اِنْقَلَبَق ج قَلَابِقُ: کیپ کی مانند خیمہ جو چمڑے کا بنا ہوتا ہے۔
قلم۔ اَقْلَمَ الحَیْوَانَ اَوِ النَّبَاتَ: جانور یا پودہ کا نئی فضا کا عادی ہونا۔ یا عادی بنانا۔
تَاَقْلَم: جانور یا پودے کا نئی فضا کے مطابق ہونا۔ کسی علاقہ کا عادی ہونا۔
قلي۔ اَلْقَلْوِی: قلویات کے ساتھ خاص ہے۔
قلوی نمك: قلوی کا نمک۔ اَلْقِلِی: پوٹاس اور سوڈا جیسے وہ مواد جو پانی میں جلدی پگھل جاتا ہے اس کی معدن اور آکسیجن میں۔
اَلْقِمْحِی: گندمی رنگ والا۔
قن۔ قَنَّنَ: قانون وضع کرنا۔ الشیءَ: کسی چیز کو مخصوص مقدار میں خاص قانون کے مطابق خرچ کرنا۔
قَنَّنَ الخبز: روٹی کی کھپت کرنا۔
اَلتَّقْنِیْنُ: قوانین بنانا۔ وہ کارروائیاں جو حکومت نافذ کرتی ہے تاکہ سامان اور پیداوار کی کھپت ملک میں محدود مقدار میں ہو۔
قور۔ اَلْمِقْوَرَۃُ ج مَقَاوِرُ: بینگن وغیرہ کو وسط میں گول کاٹنے کا آلہ۔
قول۔ قَاوَلَ فُلَانًا عَلَی العَمَلِ: کسی سے

کام کرنے کا معاہدہ لینا-
اَلْمُقَاوِلُ: جو کام کرنے کا معاہدہ دے-
قوم-اَلْقَائِمَقَامِيَّةُ: قائم مقام کے طور پر ایک عہد جو عام دفتروں میں ہوتا ہے- یعنی سربراہ کی غیر موجودگی میں نائب-مَقَرُّ الْقَائِمَقَام: قائم مقام (نائب) کا مرکز-
اَلْمُقَاوَمَةُ: طاقت کا مقابلہ طاقت سے کرنا- حملہ آور کے سامنے ڈٹ جانا- کسی شخص کے ارادہ پر اعتراض کرنا- کسی کے مقاصد تسلیم نہ کرنا-
مُقَاوَمَةُ الرئيس: سربراہ سے مخالفت کرنا- عدل کے خلاف اور آزادی پامال کرنے والی چیزوں پر اعتراض کرنا-
حکومت کے ظالمانہ کاموں کی مخالفت کرنا-
اَلْمُقَاوَمة: کسی چیز پر صبر کرنا- برداشت کی قوت-
مُقَاوَمَةُ التَّعب: تھکاوٹ برداشت کرنا- کسی کی طاقت کو ختم کرنے یا کم کرنے پر قدرت رکھنا-
مُقَاوَمَةُ الانضغاط: دباؤ کا مقابلہ کرنا-
مُقَاوَمَةُ الْبَحْرِ: کھچاؤ کا مقابلہ کرنا-
اَلْمُقَاوَمة: کسی خطرناک یا بد خلق کی اشتعال انگریزی کے تابع نہ ہونا-
عوام الناس کا قابض دشمن کے خلاف مسلح تحریک چلانا-
اِتَّسَعَ نطاق الْقَاوَمَةِ: مسلح تحریک کا دائرہ وسیع ہونا- اپنے آپ تحریک چلانے والے-
اَلْمُقَاوَمَة الْكَهْرَبائية: بجلی کی لہروں کے وقت مشکلات- معدنی پلیٹ یا تار جو قوت بجلی کو حرارت میں تبدیل کرتی ہے-
قيصر- قَيصر ج قَيَاصر: رومی' جرمنی اور روسی سربراہان مملکت کے القاب-
اَلْقَيْصَرِيَّة: بچہ کی طبعی پیدائش نہ ہونے کے وقت اس کو آپریشن کے ذریعے سے نکالنا-
كبح-اَلْكَابحَةُ: ایکسیلیٹر-
كبر-اَلتَّكْبِيرُ: کسی چیز کو بڑا بنانا- کسی چیز کو وسیع کرنا-

تَكْبِيرُ بَيْتٍ: گھر کو بڑا بنانا- کسی چیز کی طاقت و قوت زیادہ ہونا کسی چیز کو ضخیم کرنا-تَكْبِيرُ الصوت: آواز بلند کرنا- اللہ اکبر کا لفظ بولنا- کسی چیز کو عظیم قرار دینا اور مبالغہ کرنا-
تَكْبِيرُ الْمصِيبَةِ: مصیبت کو بڑا سمجھنا- چیزوں کا حجم بڑا بنانا-
اَلتَّكْبِيرُ بواسطة الْمجْهَرِ: دوربین کے ذریعہ بڑا بنانا-
كبس- اَلْكَبَّاسُ: روئی اور کاغذ دبانے کا آلہ- چیزوں کو دبانے یا منتقل کرنے کے لیے کرین- ہر چیز یا اس کا جز جس کو دبانے کے لیے استعمال کیا جاسکے-
كتب-تَكَاتَفَ القَوْمُ: مدد اور تعاون کرنا-
كثر- اَلْاَكْثَرِيَّةُ: لوگوں کی بڑی تعداد- انتخاب یا قرعہ اندازی میں زیادہ لوگوں کے ووٹ-"نَالَ الْاَكْثَرِيَّةَ": زیادہ ووٹ حاصل کرنا- وہ جماعت یا گروپ جو زیادہ ووٹ حاصل کرے یا ارکان زیادہ لے لے-
نوَّابُ الْاَكْثَرِيَةِ: اکثریت میں ممبران پارلیمنٹ-
اَلْاَكثَرِيَّة الْمطلَقَة فِي اِنْتِخَاب اَوِاقْتِرَاعٍ: آدھے حاضرین پر ایک زائد ووٹ-
اَلْاَكْثَرِية النِسبية: ووٹ میں منتخب افراد میں سے ایک زائد منتخب فرد لیکن اکثریت مطلقہ کو نہ پہنچے-
كثف- اَلْكَثَافَةُ: گھنا پن- شدت- کثرت کیسی چیز کے جسم اور نفس چیز کے درمیان حجم-
كَثَافَةُ السُّكَّان: کثرت آبادی- آبادی میں اضافہ-كَثَافَةُ الحشو: توپ کے اندر بھرا بارود اور بیرل توپ کے درمیان نسبت-
اَلْمِكْثَاف: مائع چیزوں کا وزن معلوم کرنے کا آلہ پیمائش-
كثلك- كَاثولِيكُوس: ارمنی گرجا گھر کے تین بڑے پادریوں کے القاب-
كحل- اَلْكَحَّالُ: سرمہ ساتھ علاج کرنے والا-

كرّ- اَلتَّكْرِيرُ: ایک سے زیادہ دھرانا-
تكريرا سوال: سوال کو دھرانا-اَلتَّكْرِيرُ فِي الْبَلَاغَةِ: سامع کے ذہن میں معنی کو مضبوط کرنے کے لئے عبارت کو بار بار بولنا یا لکھنا- جیسے فان مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا اِنَّ مع العسر يُسرا: کسی چیز کا تصفیہ یا تنقیہ عجیب یا نقصان دہ مواد کو الگ کرنے کے ساتھ- جیسے
تَكْرِيرُ السنكر: چینی کو صاف کرنا-تَكْرِيرُ النَّفطِ: خام پٹرول کو روی مواد سے صاف کرنا-
كردن- اَلْكرْدَانُ: ہار- عربی موسیقی میں آٹھواں مقام-
كرم-اَلْاِكْرَامِيَّةُ: نیک بدلہ دینا- بخشش (جرم پر تحفہ)
اَلتَّكْرِيمُ: عزت و احترام سے پیش آنا-تَكْرِيمُ العلماء: علماء کی عزت کرنا-
حَفْلَةُ التَّكْرِيمُ: اعزازی جلسہ (کسی شخصیت کی علمی' مالی خدمات پر اعتراف کے لئے جلسہ)
كرو-اَلْكُرَيَّةُ: چھوٹا گیند- خون کا خلیہ جو کہ سرخ و سفید ہوتا ہے-
كسر-كَاسِرُ الامواج: موجوں کو روکنے کا بند-اَلْكَسَّارَةُ: پھلوں کے سخت چھلکوں کو توڑنے کا آلہ- پتھروں کو توڑنے کا آلہ جو مختلف شکلوں اور قسموں میں پایا جاتا ہے-
اَلْمُكَسَّرَاتُ: اخروٹ' بادام اور بندق (پھل) وغیرہ ہے-
كشف- اَلْاِسْتِكْشَافُ: نامعلوم چیز کی معرفت طلب کرنا- زمین کی ریسرچ کے لئے اس کا سروے کرنا- دشمن کی حرکات و پروگراموں کے متعلق معلومات اکٹھی کرکے جاسوسی کرنا-
كعب- اَلتَّكْعِيبِيَّةُ: آرٹ جدید کی طرف متوجہ ہونا جس کے ذریعہ سے اشکال کے ساتھ دوسروں کو پیغام پہنچانا ہوتا ہے-
كفح- اَلْمُكَافَحَةُ: جدوجہد کرنا- مقابلہ کرنا- لڑائی کرنا-

كفي -الاِكتِفَاءُ: تھوڑے پر صبر کرنا اور اس کے ساتھ بے نیاز ہو جانا- زیادہ یا اچھے کا مطالبہ نہ کرنا- فی البلاغه: کلام کا کچھ حصہ اس واسطے حذف کرنا کہ اس سے پہلے لفظ اس پر دلالت کرتے ہیں- سَرَابِيلَ تَقِيكُم الحر: ای یعنی وَالْبَرد: نِظَامُ الاِكْتِفَاء الذاتي: کسی ملک کا نظام خود کفالت-

الاِستِكفاءُ الاِقتِصَادِي: کسی ملک کی اقتصادی حالت جو خود کفالت حاصل کر چکا ہو-

كلب- الكَلْبِيَّةُ: وہ فلسفی مذہب جو طبعیت کو جاری رکھنے اور عرف کی پرواہ نہ کرنے پر قائم ہے-

الكَلْبِيَّاتُ: کتوں جیسے جانوروں کی قسمیں جیسے کتا' بھیڑیا' لومڑ اور گیدڑ-

الكَلْبِيُّوْنَ: اس کا واحد الكَلْبِيّ: فلاسفہ یونان کی جماعت جس کی بنیاد انٹیس شاگرد سقراط نے رکھی- اس کے مشہور لیڈروں میں سے دیو جینس ہے- ان کا لقب کلبیں اس واسطے پڑا کیوں کہ وہ لوگوں کے معاشرتی رسم و رواج حقیر جانتے اور لوگوں کی اس بارے میں مذمت کرتے تھے-

كلس- التَّكْلِيسُ: چونا لگانا- آگ کے ذریعہ سے چونا سے بدلنا-

كلف- التَّكَلُّفُ: کسی کام میں صعوبت اٹھانا- تکلف کرنا- کسی آدمی کا غیر حقیقت والا قول و فعل کا اظہار کرنا- التَّكْلِيفُ: کسی کو مامور کرنا- پابند بنانا- التَّكْلِيفُ بتَأْلِيفُ الوزارة: وزارت بنانے کا حکم دینا- ٹیکس اور فیس فرض کرنا-

وَ عِنْدَ العَامَّة: خوش معاملہ سے پیش آنا اور رسومات کا خیال رکھنا-

التَّكَالِيفُ: مال پر آنے والے خرچے- جیسے ((تَكَالِيفُ الْمَعِيشت)) معیشت پر خرچہ جات-

كليش- الكَلِيشَية فی فَنّ الطِّبَاعَةِ: معدن وغیرہ کی پلیٹ جس پر وہ کندہ کیا جاتا ہے جو طبع کرنا ہو- اس کو الروسم بھی کہا جاتا ہے-

كمل- الكَمَالِيات: زیب و زینت کا سامان- اس کا الٹ "الضروریات" ہے-

الاِكْمال: کسی چیز کو مکمل کرنا- بنانا- تالیف کرنا-

اِكْمَالُ الْمَبْلَغ: رقم مکمل کرنا- اِكمال المجموعة: مجموعہ کو مکمل کرنا- الاِكْمالُ: ایک یا ایک سے زیادہ موضوعات میں طالب علم کی کامیابی کے لئے امتحان لینا-

التَّكمِيلي: پورا کیا گیا- جس کے ساتھ چیز مکمل ہو-

اِنْتِخَابٌ تكميلي: مکمل ووٹنگ- التَّعْلِيمُ التَّكْمِيلي فی بعض البلدان العربيَّة: بعض عرب ممالک میں مڈل تعلیم جو ثانوی اور ابتدائی کے درمیان ہوتی ہے-

كنب- الكَنَبة: لوگوں کے بیٹھنے کے لئے بنچ-

كنس- الكَانِسَة: كانسة الألغام: سمندری بارودی سرنگ کو صاف کرنے والی کشتی- اس کو كاسحة الالغام بھی کہا جاتا ہے-

كنف- الكَنفاني: جھاڑو بنانے والا اور فروخت کرنے والا-

كولخ- الكولخوز: اشتراکی (کمیونسٹ) ممالک میں زرعی تعاون جس میں زمین کی ملکیت حکومت کے پاس اور وسائل پیداوار قوم میں مشترکہ-

كولس- الكُوْلِيس: ج كواليس: تھیٹر کا پچھلا مقام- پردہ کے پیچھے پوشیدہ جگہ میں-

كير- الكِيْرُوْسِين: پٹرول سے حاصل کردہ تیل جو ہوائی جہازوں کا ایندھن بنتا ہے-

كيف- الكَيْفِي: کیفیت والا- ایک ہی ارادہ پر قائم رہنے والا شخص جب کہ وہ قواعد و اصول کے لحاظ سے مسلک نہ ہوتا ہو-

الكَيْفِي: میلان اور خواہش کی پیداوار-

التَّكَيُّفُ: حالات کے ساتھ موافق و فٹ ہونا-

التَّكَيُّفُ و فی البِيئَةِ الاِجْتِمَاعِيَّة: معاشرتی حالات کے مطابق فٹ ہونا- انسان کے میلان' سلوک اور طبیعت کی ماڈل کے مطابق ڈھلنا-

تَكْيِيفُ التَّعْلِيم: تعلیم کا طلباء کی حیثیت کے مطابق ہونا-

التَّكْيِيفُ: ایک چیز میں تبدیلی کر کے دوسری کے موافق بنانا- تَكْيِيف الحياة لِلْبِيئَةِ: زندگی کو ماحول کے مطابق بنانا-

تَكْيِيفُ قِصَّةٍ لِلسِّينَما: سٹوری کو سینما میں فٹ کرنا- میلان' طبیعت اور سلوک کو دوسرے کے مطابق ڈھالنا- تَكْيِيفُ شَخْصٍ ذَوْقه وَ فَقَ صَدِيقِهِ: دوست کے مطابق اپنے ذوق کو بنا لینا-

تكييف التعلم: تعلیم میں تبدیلیاں کر کے بچوں کے معیار کے مطابق بنانا-

تكييف بالهواء: ائیر کنڈیشن بنانا- مُكَيِّفُ الهَوَاءِ: ائیر کنڈیشن- الكِمْيَائي: کیمیا والا- عُنْصُرٌ كِيميائي: کیمیا والا عنصر- طَاقَةٌ كِيمِيائِيَّةٌ: کیمیاوالی طاقت-

كيم- الكِيمبائِي: علم کیمیا کا ماہر-

لبك- التَّلَبُّكُ: خلط ملط ہونا- التَّلَبُّكُ المعنوي: بدہضمی ہونا-

لبن- لَبْنَنَ لبننة: کسی کو لبنانی بنانا یا اس کی صفات لبنانی کسی پر ڈالنا-

لثم- المُلَثَّمُوْنَ او الطَّوَارِق: شمالی افریقا میں بربری قوم جن کے مرد منہ پر گھونگٹ ڈالتے تھے اور خواتین بغیر گھونگٹ برہنہ منہ چلتی تھیں-

لحظ- الملاحظه: نگرانی کرنا- مُلاحَظَةُ سَيْرِ المُلُوك: ستاروں کی رفتار کی نگرانی کرنا- زیر حراست کرنا-

وُضِعَ تَحْتَ المُلاحَظَة: زیر حراست رکھا گیا- کسی کتاب پر نوٹ یا حاشیہ لکھنا-

الْمُلاحظه: خوبیاں و خامیاں سامنے رکھ کر ریمارکس دینا- لِي على ذلك بعض المُلاحظات: مجھے اس پر کچھ وضاحت کرنا

ہے-

رُوْحُ المُلاَحَظةِ: علمی گرفت ومہارت-

اَلْمَلْحُوْظة: کتاب سے خارج حاشیہ یاشرح-

لحق- اَلِاسْتِلْحاقُ فِي الامتحانات: پاس ہونے کے لئے اوسط نمبر کے حصول کے لئے ایک یاایک سے زیادہ علامات- یہ یا تو کچھ طلباء کے لئے ہوتا ہے یاسب کے لئے جنہوں نے مطلوب اوسط نمبر حاصل نہ کیے ہوں-

اَلْمُلاَحَقَة: پیچھا کرنا- تلاش کرنا- کسی شخص سے رابطہ کرنے کے لئے اس کے پیچھے جانا-

مُلاَحَقَة نَجْمة سينمائية: سینما ہیرو عورت کی تلاش کرنا-

في القانون: کسی شخص کو عدالت میں طلب کرنا- کسی کے خلاف عدالت میں دعویٰ دائر کرنا- ملاحقة مَدِيْن اَمَامَ القَضاءِ: مقروض کو عدالت میں طلب کرنا- کسی شخص کے خلاف عدالتی کارروائی کرنا-

بَاشَرَ الْمُلاَحِقاتِ: براہ راست عدالتی کاروائی کرنا- اَلْاِلْتِحَامُ: جڑنا- اِلْتحامُ اَجْزَاءِ: اجزاء کو جڑنا- اَلْاِلْتِحَامُ: چپکنا- التحام مَعْدَنَيِيْنِ: دو معدن کا چپکنا- اِلْتَحَامُ عَظْمَيْنِ: دو ہڈیوں کا چپکنا- اِلْتِحَامُ الجَرْحِ: زخم بھرنا-

لحم- اَلْاِلْتِحامُ: لڑائی ٹھن جانا- اِلْتحام جَيْشَيْنِ: دو لشکروں کا لڑنا-

في علم الاحياء: مختلف قسموں کے اعضاء کا متحد ہونا خاص کر پھولوں میں-

اَلْمُلْتحمةُ: آنکھ کی پلک کا پردہ-

لزم لَزَّمَ: ٹھیکہ دینا-

لَزّم طَرِيقا: روڈ کا ٹھیکہ دینا-

اَللاَّزِمةُ فِي المنطق: ایک قضیہ جو دوسرے قضیہ سے نکلے- تھوڑی اہمیت والا یا کم شمولیت والا قضیہ جو بڑے قضیہ سے حاصل کیا جائے- نظریہ جس پر دلیل پیش کی گئی ہو اس سے حاصل ہونے والا نتیجہ ہر دفعہ کے بعد حاصل ہونے والا آواز یا کلام- اَللَّوَازِمُ: صفت، مشین اور کام کے لئے اوزار اور ضروری اجزاء- جیسے

لوَازِمُ البناء: تعمیر کے اوزار-

لوازم السَيارات: گاڑیوں کے ضروری پارٹس-

اللَّوَازِمُ المَدْرَسِيَّة: طالب علم کی پڑھائی کا ضروری سامان جیسے کاغذ، کاپی، قلم پیمانہ وغیرہ-

الْالتزَامُ: اپنے آپ پر کام کو فرض کرنا- کسی چیز کا عہد کرنا- هٰذَا الِتزَامٌ عَلَيَّ: یہ مجھ پر فرض ہے- معین ہدف بنانا اور اس تک پہنچنے کے لیے کام کرنا- اِلْتِزَامٌ سِيَاسِيٌّ: سیاسی وابستگی-

الِاْلتِزَامَ فِي الْحُقُوق: وہ قانونی رابطہ جس کی رو سے کسی شخص کو مجبور کرنا تاکہ فلاں چیز دے یا معین کام کرے یا فلاں کام سے رک جائے- ہر ذمہ داری جس کو قانون لازم کرے یا عہد وغیرہ- اِلْتِزَامْ بالنفقة: خرچہ دینے کا پابند کرنا-

وَفِيَ بِالْتزامَاتِهِ: اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا-

وفي عَالَمَ الاعمال: سڑک بنانے، مکانات تعمیر کرنے اور کارخانہ جات لگانے کا معاہدہ (ٹھیکہ) خاص شرطوں مخصوص وقت میں خاص مال کے ساتھ في الادب وَالْفَنِّ: خط توجیہی یا خط عقائدی کی اتباع کرنا-

اَلْمُلْتَزِم: ٹھیکہ دینے والا- معاہدہ کرنے والا-

لغو- الالِغَاءِ: منسوخ کرنا- کینسل کرنا-

اِلْغَاءُ عقُوْبةِ الإعْدَامِ: سزائے موت ختم کرنا- اِلْغَاءُ وظيفه: ملازمت ختم کرنا-

في النحو: عامل کے عمل کو لفظاً اور محلاً منسوخ کرنا جیسے زَيْدٌ ظَنَنْتُ قَائِمٌ. مَا كَانَ اَحْسَنَ زَيْدًا: ان مثالوں میں ظن اور کان کا عمل لغو ہو گیا-

لفت- اَلِاْلتِفَافُ جمع ہونا اور اکٹھا ہونا-

الالِتفَاف حَوْلَ شخصية سياسِيَّةٍ: سیاسی شخصیت کے ارد گرد جمع ہونا-

الِاْلتِفَافُ: گھراؤ کرنے کا ایک طریقہ-

الالتفاف الزهرى في علم الاحياء: پتوں کے نکلنے سے پہلے جمع ہونے کی ایک حالت-

تفت- اَللاَّفِتَةُ: اشتہار یا اعلان کے لئے بورڈ یا اشتہار جو شارع عام پر لٹکایا جائے-

لقط- اَللَّقْطَةُ: فلم کے مناظر میں سے ایک منظر-

لقن- اَلْمُلَقِّنُ: تھیٹر میں خفیہ جگہ میں بیٹھ کر اداکار کو ہدایت دینے والا-

لكم- اَلْمُلاَكِمُ: باکسر یا مکہ باز- اَلْمُلاَكَمَةُ: باکسنگ- مکہ بازی-

لمح- اَلتَّلْمِيْحُ: کسی لفظ یا جملہ یا بیان کے ساتھ کسی چیز کی طرف اشارہ کرنا واضح طور پر کلام نہ کرنا-

كَانَ ذلك تَلْمِيْحًا اِلَى اِضْرَاب اَلْعُمَالِ: یہ ملازمین کی ہڑتال کی طرف اشارہ ہے- کسی چیز کو سنانے یا سمجھانے کا بلند طریقہ جس میں صراحت تعبیر نہ ہو- في البديع: فحوی الکلام میں کسی قصہ یا شعر یا مشہور مثال کی طرف اشارہ کرنا ایسے لفظ کے ساتھ جس میں اس کا معمولی ذکر ہو- جیسے اُحْكُمُ كَحُكْمِ فَتَاةِ الحي اذا نظَرَتْ: اس عبارت میں رز قا یمامہ کی طرف اشارہ ہے-

لمس- اَلْاِلْتِمَاسُ: درخواست- فرمائش- اپیل-

اَلْتِمَاسُ اِعَادَةِ النَّظْرِ فِي قانون المُرافَعاتِ: عدالتی فیصلہ پر نظر ثانی کرنے کی درخواست-

لهب- اَلَلَهُوْبُ: شعلہ پکڑنے والا- جلدی جلنے والا-

اَلْبترِيْنُ لَهُوبٌ: پٹرول جلدی آگ پکڑنے والا ہے-

اللَّهُوْبِيَةُ: آگ پکڑنے کی صلاحیت-

لَهُوْبِيَّة الفَسْفُوْر: فاسفور کا جلدی آگ پکڑنا-

لهو- المَلْهاةُ ج ملاه: نثر یا نظم کی صورت میں مزاحیہ جگہ (تھیٹر)

لوط- اللّواطُ: مذکر سے بد فعلی کرنا-

اللُّوْطِيَّةُ: بمعنی اللواط-

لون- اَلْمُلَوَّنُوْن: کئی قوموں کے لوگ جیسے

سیاہ وسفید ہندو وغیرہ-
اَللِّیَاقَة: مناسب بات یا کام متعین حالات میں- اچھا ذوق- اچھا تصرف- مِن اللِّیاقَةِ ان تُوجّه الیه رِسالة شکرٍ: کسی کی طرف شکریہ کا خط لکھنا اچھے ذوق سے ہے- اَللِّیَاقَةُ: ادب واحترام سے بھرا سلوک-
هٰذا مُخِلٌّ بِاللِّیَاقَةِ: یہ احترام والے سلوک کو خراب کرتا ہے-
مارك- اَلْمارکسِیتِیَة: کارل مارکس اور اس کے پیروکاروں کا فلسفہ اور معاشرہ میں نظریہ- یہ نظریہ مثالی اصول کی مخالفت کرتا ہے اور مادی بحث پر قائم ہے- اس نظریہ میں مادہ فکر سے نکلا ہے اور فکر ہی ترقی یافتہ محفوظ مادہ ہے- یہ نظریہ کیمونسٹ ازم کے طریقہ پر اپنے فرضی اصول وضع کرتا ہے-
ماس- اَلْماسُونِیُّ: ماسونی مذہب والا- اِجْتِماع ماسُونِیّ: ماسونی معاشرہ- اَلْماسُونِیَّةُ: تمام دنیا میں پھیلی ہوئی خفیہ تنظیم جو ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہیں اور رموز سے تعارف کرتے ہیں- ان کو اَلْبَنَّاؤن الاحرار بھی کہا جاتا ہے-
مثل- اَلتَّمْثِیلِیَّةُ: ڈراما- اَلْمُمَثِّلُ: کسی کی طرف سے نمائندہ- جماعت یا تَنْظِیمَ کی طرف سے بااختیار نمائندہ- مُمَثِّل دبلُوماسی: حکومت کی طرف سے سفیر- ڈپلومیسی نمائندہ: مُمَثِّلوا الْاُمَّةِ: پارلیمنٹ کا ممبر- ممثل تجاری: تجارتی نمائندہ- مُمَثِّل هَزْلِیٌّ: اداکار- ہیرو- و فی المعنی التهکمی: جو شخص اپنے باطن کا الٹ ظاہر کرے- یعنی اخلاقی ڈرامہ باز- یَالَهٗ مِن مُمَثِّلٍ: کس قدر دھوکہ دہی کرنے والا ہے-
مجد- اَلْمجْدلَةُ: اَلْمَجْدُلِلّٰه کا لفظ بولنا-
مد- اَلْاِمْتِدَادَاتُ: میدان جنگ میں فوجیوں کی مالی، جانی اور خرچہ کی امداد-
اَلتَّمَدُّدُ: جسم کا بڑھنا- مائع جسم کا حجم یا مسافت میں پھیلنا جیسے دھواں یا گیسوں کا پھیلنا- کسی جسم کا حجم زیادہ ہونا گرمی کی تاثیر سے جیسے مَعْدِن کا زیادہ ہونا-
مدح- اَلْمَدْح: تعریف کرنا- لا یُؤثِرُفِیهِ الْمَدْحُ: اس پر تعریف اثر نہیں کرتی- مدح غنائی اشعار کی غرض ہے اس کے ذریعہ سے ممدوح کی ثنا کرنا- شکریہ ادا کرنا- اس کے احترام میں اور تعجب خیز باتیں بیان کرنا-
مدن- اَلْمَدَنی: اَلْمَدِینة کی طرف منسوب بمعنی شہری- اَلنَّقْلُ والمدَنِیُّ: شہر کی طرف منتقلی-
اَلْمَرْکَزُ الْمَدَنی: شہری مرکز- المدنی- ہم وطن آدمی- ہم وطن کے ساتھ-
المدنی: سول غیر فوجی- اللباس المدنی: سول لباس
اَلطَّیَران المدنی: سول ہوابازی-
اَلْمَدَنی: لادینی- اِلزَّواج المدنی: لادینی شادی- المدنی: عوامی
اَلْقانون المدنی: عوامی قانون- مَحْکَمَةٌ مَدَنِیَّةٌ: سول عدالت-
اَلْمَدَنِیَّةُ: ترقی یافتہ معاشرہ میں تہذیب و تمدن کے مناظر-
مر- اَلْمُرُوْرُ: گذرنا اور عبور کرنا- حَقُّ الْمُرُور: ٹریفک کا قانون-
مُرُوْرُ قِطارٍ: ریل گاڑی کا گذرنا-
الْمُرُور: آہستہ آہستہ زائل ہونا- ختم ہونا-
تِجارَةُ الْمُرُوْرِ: سامان تجارت کا ایک ملک سے دوسرے ملک بغیر محصول ادا کرنے کے جانا-
مُرُوْرُ الزَّمَنِ فِی الْقانُونِ: قانونی طور پر مدت معینہ کے ختم ہونے کے بعد کسی کا حق یا معاش ختم کرنا-
اَلْاَمَرَّان: غربت و بڑھاپا-
مرض- اَلتَّمْرِیْض: تیمارداری کرنا- نرسنگ
اَلْمُرُوْنَةُ: آسانی، نرمی، لچک-
مرن- مُرُوْنَةُ شُعْرَةِ فولاذ: فولاد کی چھری کا نرم ہونا- اس کا اطلاق اس شخص پر بھی ہوتا ہے جس کے اعضاء آسانی سے بے حد حرکت (لچک) پیدا کر سکتے ہیں- اس جسم کی صفت تبدیل ہونے کے دوبارہ پہلی حالت پر آ جاتی ہے- جیسے مُرُوْنة المطاط ربڑ کی لچک-
اَلْمُرُوْنَةُ: حالات کے مطابق ڈھلنا- مُرُوْنَة لِطَبعِ: طبعیت کا ڈھل جانا- اَلْمُرُوْنَة: نرمی ہونا-
اَلتَّمَرُّنُ: تربیت حاصل کرنے والا- اَلْمُتَمَرِّن عَلَی الرَّمْیِ: تیر اندازی کی تربیت حاصل کرنے والا-
وہ شخص جو کسی فن میں مہارت تامہ حاصل کرنے کے لئے تربیت میں عرصہ گزارے-
مُحام مُتَمَرِّنٌ: ناہر وکیل-
مسك- اَلْاِمْساکِیَّةُ: ماہ رمضان میں روزہ، افطار کرنے اور نمازوں کے اوقات-
مشی- اَلْمَشَّایَةُ: گھر میں عام طور پر پہننے کی سلیپر (جوتی)
مص- اَلْمَصَّاصَةُ: مشروبات (بوتل وغیرہ میں) پینے کے لئے موم کی نالی-
مصر- مَصَّرَ: کسی کو مصری بنانا- کسی پر مصری چھاپ لگانا-
مَصَّرَ شَرِکَةً: کسی کمپنی کو مصری ادارہ کے حوالہ کر کے غیر ملکی اثر و رسوخ ختم کرنا-
مَصَّرَ الْاَمْصَارَ: شہروں یا جگہوں کو تعمیر کرنا-
مکن- مَکْنَنَ الشَّیْءَ: مشین بنانا- والْاَعمالَ: مشینوں کو انسان کی جگہ استعمال کرنا-
اَلْاَماکِنُ الْمُقَدَّسَةُ عند المسیحیین: عیسائیوں کے نزدیک مقدس مقامات- ان میں سے دو زیادہ مشہور ہیں اور شلم اور قدس شریف ہیں- ان کے علاوہ لحم اور ناصرہ ہیں-
اَلْاِمْکانُ: کسی کام کے کرنے کی طاقت، وسعت، قدرت- کسی چیز کے واقع ہونے کا تصور- احتمال فی الفلسفه: کسی امر کے وجود یا عدم وجود کا جائز ہونا- الامکانیات: اِمکانیة کی جمع: امکان صلاحیت- استطاعت- وہ وسائل جو کسی کے تصرف میں ہوں یا وہ

طاقتیں جن سے استفادہ کرنا ممکن ہو۔ جس چیز کا حصول ہو سکتا ہو۔ اَلْمُمْکِنُ: جس کا حصول ہو سکتا ہے احتمالی چیز۔ المکن: جس کا حصول ہو سکتا ہے دور یا قریب والی حد۔ استطاعت والی چیز۔ فی الفلسفہ: وجود یا عدم وجود کا جائز ہونا۔

ملك۔ اَلْمَلِکِیَۃُ: مالک ہونا یا مالک بنانا۔ کسی شخص کا کسی چیز کو استعمال کرنے اور تصرف کرنے کا اختیار ہونا۔

اِلتَّمَلُّكُ: ناحق کسی چیز قبضہ کرنا۔ شرعی طور پر کسی چیز کی ملکیت حاصل کرنا۔

ملي۔ اَلْمِلِیْشِیَا: فوج یا پولیس کی مدد کے لیے باقاعدہ تربیت یافتہ فورس۔

مهن۔ المهني پیشہ والی۔ **اِلتعلیم المِهنی:** پیشہ ور تعلیم جو طالب علم کو دستکاری، تجارت اور صنعت کاری کی صلاحیت دیتی ہے۔ **الضمیر المهنی:** پیشہ کے متعلق واجبات کو ادا کرنے کا لالچ، محنت، اہتمام و انتظام۔

موج۔ مَوَّجَ النیج: روشنی کی لہریں بنانا۔

موصل۔ اَلْمُوصِلِیْنِ: موصل (عراق) کا بنا ہوا اشفاف کپڑا۔

مول۔ اَلْمُمَوِّل: سرمایہ لگانے والا۔ **مُمَوِّلُ مَشْرُوْع:** منصوبہ پر سرمایہ لگانے والا۔ **اَلتَّمْوِیْنُ:** ضروری سامان کی سپلائی خاص کر غذاء کی۔

مون۔ تَمْوِیْنُ السوق: مارکیٹ سپلائی۔ **مَخْزِن تموین:** سپلائی سٹور

اَلتَّمْوِیْنُ: لشکر، بحری بیڑے، شہر یا جگہ میں مدد پہنچانا۔

مَرْکَزُ التَّمْوِیْن: سپلائی مرکز۔

اَلتَّمْوِیْنُ: بعض حالات میں عوام کے لئے ضروریات زندگی کی حفاظت کرنا۔

وزارۃ التموین: وزارت سپلائی وزارت خزانہ۔

تَمْوِیْنُ طَائِرَۃِ بِالْوُقُوْدِ: ہوائی جہاز میں اینڈھن زائد ڈالنا۔

موہ۔ اَلتَّمْوِیْهُ: ملمع سازی کرنا۔ کسی چیز پر سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا۔ گمراہ کرنا اور حقیقت پر پردہ ڈالنا۔

تَمْوِیْهُ الاخبار: خبریں چھپانا۔ سامان لڑائی یا فوج کو دشمن سے مختلف طریقوں سے چھپانا تاکہ اس سے اپنے کام کو مخفی رکھا جائے یا اس پر اچانک حملہ کیا جائے۔

تَمْوِیه مُدَرَّعَاتٍ: جنگی جہازوں کو چھپانا۔

میك۔ اَلْمِیکادو: جاپانی شہنشاہ کا لقب۔ جاپانی شہنشاہ کا محل۔

نبذ۔ اَلْمَنْبُوْذُوْن: ہندوستان میں یہ لفظ ان لوگوں پر بولا جاتا ہے جو چار طبقات معاشرہ میں سے نہ ہوں اور معاشرہ سے الگ زندگی گذاریں۔

نبه۔ اَلتَّنْبِیه: نیند یا غفلت سے بیدار کرنا۔ ڈرانا۔

و فِی الادارۃ: ادب و احترام سکھانے والی سزا۔

والتنبیه فی قَانُون السَّیر: بلند آواز ہارن بجا کر راستہ دینے کے متعلق آگاہ کرنا۔ نحویوں کے نزدیک حروف تنبیہ یہ ہیں۔

اما، الا اورها۔ اَمَا اور الا جملہ پر داخل ہوتے ہیں۔

اورها: اسم اشارہ پر داخل ہوتا ہے جیسے هذا اور ضمیر مرفوع منفصل پر جیسے هَا اَنْتُم اور ایّ پر منادی میں جیسے "اَیُّهَا الرجل اَلْمُنَبِّهُ" ڈرانے اور خوفزدہ کرنے والا۔ خطرہ کی طرف توجہ دلانے والا۔

اَلْمُنَبِّهَۃ: جسم کو چست و چالاک کرنے والا کھانا پینا جیسے قہوہ یا کولا۔ الارن گھڑی۔

نتج۔ اَلْاِنْتَاجُ: غلہ دینا۔ معاشی دولت کی پیداوار پیدا کرنا۔ پیداوار کی ہوئی۔ محصول صنعت کاری سے پیداوار۔ و فی الاقتصاد: صنعت، زراعت اور تجارت وغیرہ سے آمدن حاصل کرنا۔ وَ فِی السینما: سینما کے اندر کاموں پر سرمایہ لگانا۔ اور اس کی نگرانی کے لئے کام کرنا۔ بذات خود قلم۔

مَجَازًا: تالیف۔

الاِنْتَاجُ الْاَدَبِی: ادبی تالیف۔ **اَلْمُنْتِجُ:** پیداوار دینے والا۔ منافع دینے والا۔

فی السینما: فلم میں سرمایہ لگانے والا اور اس کی تحقیق پر نگرانی کرنے والا (پروڈیوسر)

نجل۔ اَلْمِنْجَلَۃُ ج مَنَاجِلُ: کمپاس۔ سر وطا: (ایک آلہ جس کے دو جبڑے ہوتے ہیں ایک متحرک دوسرا غیر متحرک شکل اور کٹنگ کے کام آتا ہے اس کو بانک بھی کہا جاتا ہے۔

نحت۔ اَلْمِنْحَتُ ج مَنَاحِتُ: سنگ تراشی کرنے والا۔ آرٹسٹ۔

نحس۔ اَلتَّنْحِیْسُ: معدنی چادر چڑھانا۔ تانبے کو قلعی کرنا۔

نحل۔ اَلنَحَّالَۃُ: شہد کی مکھیاں پالنا۔ **اَلنَّحَالُ:** مکھیاں پالنے والا۔

نخب۔ اَلْاِنْتِخَابُ: پسند کرنا۔ انتخاب تلانذہ۔ **لِمُبَارَاۃٍ:** گیم کے لئے طلباء کو چننا۔ ووٹنگ کے ذریعے سے کسی جماعت کا اپنے نمائندے چننا۔ **فِی السِیَاسَۃ:** عوامی نمائندوں اور سربراہوں کو ووٹنگ کے ذریعے منتخب کرنا۔ بذات خود ووٹنگ۔

الانتخاب الطبعی فی علم الاحیاء: جانوروں کے متعلق ڈارون کا نظریہ کہ جانوروں اور نباتات کی اقسام نہ ختم ہونے والی ہیں۔ اس واسطے کہ ان میں ماحول کے مطابق فٹ ہونے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ جانوروں اور نباتات میں اعلیٰ مذکر و مونث کا انتخاب کر کے اعلیٰ قسم کی نسل تیار کریں۔

ندب۔ اَلنَّادِبَۃُ: میت پر نوحہ کرنے والی پیشہ کے طور پر۔ **اَلْاِنْتِدَابُ:** عارضی طور پر حکومت قائم کرنے کا اختیار۔ وہ نظام جس کو اقوام متحدہ نے ان ممالک پر جاری کیا جو ترکی خلافت اور جرمنی سے چھین لئے گئے۔ اول عالمی جنگ کے بعد اس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ ترقی یافتہ ممالک ان ممالک کی ترقی میں مدد کریں گے۔ اور آزادی کے لئے باہم مدد ملے گی۔ ان ممالک کو عارضی طور پر اقوام متحدہ کے

زیر نگرانی ان ممالک کو عارضی طور پر رکھا جائے گا۔
المَندُوب: اہم کام کرنے کے لئے نمائندہ جیسے خط لانے والا یا نمائندہ اخبار۔
نذر- الِانذار: ڈرانا- کسی شخص یا جماعت کو طاقت کے استعمال سے پہلے احکام کو ماننے کی دعوت- عوام کو بکھیرنے کے لئے ڈرانا-
وفی القانون: احکام کو نہ ماننے کی صورت میں عدالتی کارروائیوں کے واقع ہونے سے آگاہ کرنا-
جیسے اجر کا مزدور کو وارننگ دینا-
الانذار التهائي في السِّيَاسَةِ: کسی ملک کو جنگ سے آخری وارننگ دینا-
نرجس- النَّرجَسِيَّة: اپنے آپ کو اچھا سمجھنا اور اس میں مبتلا ہونا- جنسی شذوذ جس میں اپنے آپ سے ہی محبت کرنا-
نرف- النَّرفانا في البُوذِيَة: (گوتم بدھ نظریہ میں): انسان کا دنیا کے کاموں سے عقلی و شعوری طور پر آزاد ہونا اور روحانی کاموں میں لگے رہنا-
نزع- التَّنَازُع: باہم ▯ تانی- آپس میں جھگڑا اور اختلاف- فِي القانون: دو عدالتوں کا کسی معاملہ میں حق داری پر اختلاف کرنا- دو ملکوں کا حقوق و فوائد-
مجازاً: آراء' مصالح اور جذبات میں جھگڑا کرنا-
في النحو: دو یا زیادہ عاملوں کا ایک معمول میں مشترک ہونا- تنازع البقاء: مختلف جانوروں نباتات میں وجود یا بقاء کا جھگڑا- لیکن داروِن کے نظریہ میں غلبہ افضل کو ہوتا ہے-
نسب- عِلمُ الانساب: خاندانوں اور قبائل کا علم جس کے ساتھ فروغ نسل کو اصول کے ساتھ ملایا جاتا ہے-
نسب کے مشہور علماء ابن الکلبی' ابن قتیبہ' ابوحمزہ الاصفہانی اور ابوالفتح الشہرستانی ہیں-
المُنَاسَبة: موافقت' تعلق' موقع' تقریب-
حرکۃُ المُنَاسَبةِ في النحو: ایک حرکت دوسری حرکت کی جگہ بعد والے حرف کی موافقت کے لئے جیسے کِتابٌ سے کتابی یاء کی مناسبت کی خاطر (ب) پر ضمہ کے بجائے کسرہ دینا- المُنَاسَبات: اجتماعات' عرس' ماتم اور جیسے- ادبُ المُنَاسَبات: جو خطبات و قصائد مناسبات پر مبارکباد کے لئے' مدح کے لیے اور تعزیت کے لئے پیش کیے جاتے ہیں-
نسق- التَّنسِيق: ترتیب کاموں کو منظم کرنا کسی ادارے یا کارخانے میں ایسے طریقے پر جس سے کام اچھا ہو اور کام کرنے والوں میں اتفاق ہو-
التَّنسِيقُ في البَدِيعِ: مدح یا ذم میں ایک سیاق میں پے در پے بغیر حرف عطف کے صفات ذکر کرنا-
جیسے وَ هُو الغفور الوَدُوْدُ ذوالعرشِ المجيد فعال لما يريد: هوالفاجر الفاسق اللعين السارق
نشأ- النَّشُوْء: ابتدا ہونا' وجود میں آنا- ابتدا و ارتقاء کا نظریہ-
الِانْشَاء: پیدا کرنا- تاسیس - ایجاد- انشا نگاری-
فن کتابت- مقالہ نویسی- وہ علم جس کے ساتھ معانی استنباط کرنے اور ان کو جمع کرنے کے ساتھ ساتھ زمانہ حال کے مطابق بولنے کی کیفیت معلوم ہوتی ہے-
فِي عِلمِ الادب: وہ کلام جو سچا یا جھوٹا ہونے کا احتمال نہ رکھتی ہو- جیسے رحمهُ اللّه: اس کا الٹ خبر ہے- المُنشِئ: وہ کاتب جو اچھے معانی کا انتخاب کر کے فصیح و بلیغ کلام تحریر کرے-
المُنشَأةُ: فرم' سٹور- النَّاشِرُ: کتابیں نشر کرنے والا اور فروخت کرنے والا-
نشف- النَّشاف: سیاہی چوس-
نصب- التَّنصِيب: پائنٹ منٹ: تَنصِيبُ المَلِكِ: بادشاہ مقرر ہونا-
نصر- الانصار: مددگار اس کا مفرد نصیر ہے- غیر مقرر لشکر جو کہ جماعتوں کی مدد کریں- وہ یثرب کے باشندے جنھوں نے حضرت نبی محمد ﷺ کی ہجرت کے بعد مدد کی- اس کا الٹ مہاجرین ہے-
نضد- المُنضَد: کمپوزیڑ-
نطح- نَاطِحَة السَّحَابُ: بلند و بالا عمارت جس کی عام طور پر دس منزلیں ہوتی ہیں-
المستنطِق: وہ قاضی جو ملزم حضرات کو طلب کرے اور گواہوں سے گواہی طلب کرے اور دلائل شہادت مرتب کرے-
نظر- المُنَاظَرَة: انشاء پردازی کا ایک فن جس میں دو مخالف ایک دوسرے پر فخر کرتے ہیں- جیسے جاحظ کا "مُنَاظَرَةُ الرَّبِيع والخَرِيف" عوام الناس کے سامنے ادبی' سیاسی اور علمی وغیرہ موضوع پر دو شخصوں کا باہمی مباحثہ-
نظف- التَّنظِيف: آراستگی کپڑوں کو صاف کرنا اور ڈرائی کرنا- مَصلِحَةُ التَّنظِيفَات: کارپوریشن کی طرف صفائی کا اہتمام-
نفث- النَّفَّاث- مُحرِّك نفَّاث: گاڑی کی ریس تیز کر کے دھواں نکالنے والا تاکہ گاڑی آگے چلے-
طائرۃ نفّازۃ: دھواں چھوڑنے والا طیارہ-
نفذ- النُّفُوذ: کسی دوسری چیز میں داخل ہونا- دوسرے پر اثر ڈالنا اور حکومت کرنا- دوسروں سے اپنی رائے منوانا- کسی بڑے ملک کا چھوٹے ممالک پر غلبہ یا اثر ہونا-
مناطِقُ النُّفُوذ: بڑی طاقت کے زیر اثر ممالک- الِانتِفَاضَة: کپکپی-
نفض- انتِفَاضَةُ بَرْد: ٹھنڈک سے کپکپی- انتفاضۃُ حمی: بخار کی کپکپی- سیاسی یا اجتماعی تحریک جس میں تیزی سے قوت اور بے چینی ہوتی ہے-
انتِفاضَةُ الشَّعب: عوامی تحریک یا عوامی بے چینی-
نفق- الِانفَاق: خرچ کرنا- وہ کام جس پر ملک کا سرمایہ خرچ ہو-
طُرق الانفاق: خرچ کرنے کے راستے-

نقب- التَّنقِيب: تلاش، جستجو، کھوج، معدنیات آثار اور مائع چیزوں کے متعلق زمین کے اندر سروے کرنا- اَلتَّنقِيب عَنِ النَّفط: پٹرول کی تلاش یا سروے-

نقل- النقالة: سٹیچر (مریضوں اور زخمیوں کو منتقل کرنے کی چارپائی)

الانتقالي: انتقال کی طرف منسوب- انتقال والا- ہمیشہ نہ جاری ہونے والا- آئندہ مرحلہ کی طرف لے جانے والا- جیسے انتقالي عهد: انتقالی وقت-

حكومة انتقالية: نگران حکومت جو کہ نئی مستقل حکومت تک قانون جاری کرے-

احكام انتقالية: وہ قوانین جو عارضی وقت تک نافذ کیے جائیں جب تک مستقل قوانین نہ بنائے جائیں-

نقه- النَّقاهة: بیماری سے تندرست ہونے کے بعد کمزوری، نقاہت- کمزوری کا دورانیہ-

نكر- النُّكران: نفی اور انکار- نكران الحق: حق کا انکار- نكران الجميل: فضل کا اعتراف و اقرار نہ کرنا-

لا نكران: مسلم بات یہ ہے-

اَلإنكار: کسی کام یا واقعہ یا نظریہ کو نہ ماننا- انکار کرنا- و في القانون: اقرار نہ ہونا-

انكار الجميل: کسی فضل کا اعتراف یا اقرار نہ کرنا-

انكار الذّات: کسی پر اپنے آپ کو قربان کرنا اور خود کو ترجیح نہ دینا-

نمل- النَّملية: چیونٹیوں اور کیڑوں سے بچاؤ کے لیے ہوادار جالی دار- لکڑی یا معدن کی الماری جس میں کھانا پینا رکھا جاتا ہے- المنحل: چیونٹیوں کی بل یا بستی-

نمو- النَّموزجي: نموزج کی طرف منسوب- اسٹینڈرڈ کے مطابق یا اس کے مطابق- ہر چیز جس کو نمونہ (ماڈل) بنایا جاسکے-

قرية نموزجية: مثالی گاؤں- صناعة نموزجية: مثالی صنعت کاری-

نهز- الانتهازي: انتہاز کی طرف منسوب بمعنی موقع پرست-

اَلْمُمارِس الانتهازيّة: موقع پرستی کی پریکٹس کرنے والا-

سياسي انتهازي: موقع پرست سیاسی لیڈر-

اَلانتهازيّة: موقع پرستی-

نوب- الاستنابة في القضاء: عدلیہ کو کسی دوسرے کام کی تحقیق یا [illegible] کے لیے نیابت دینا-

نوم- التّنويم المغناطيسي: (مقناطیسی نیند): کسی شخص پر اشاری کلمات کے ساتھ اثر ڈالنا- جس کے ساتھ وہ لاشعوری طور پر اثر ڈالنے والے کے تابع ہوتا ہے اور اس پر نیند جیسی کیفیت ہوتی ہے- نیند آور دوائی دینا-

مَنوّم ج منوّمات: مادہ یا دوائی جو نیند آور ہو-

نون- التّنوين عند النُّحاة: وہ زائد نون ساکنہ جو کسی کلمہ کے آخر میں معرب (منصرف ہونے) کی صورت میں دو حرکت کے ساتھ لگائی جاتی ہے-

نوي- النّووي: ایٹمی- طاقة نوويّة: ایٹمی طاقت- اس کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے جس میں ایٹم بم استعمال کیا جائے-

هبل- المَهْبِل ج مَهابِل: عورت میں ٹیوب فرج سے رحم تک-

هجر- المُهاجر: اپنا وطن چھوڑ کر دوسرے وطن میں آباد ہونے والا-

المُهَاجرون: وہ لوگ جو مسلمان ہونے کے بعد مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے والے-

هجع- المَهجع: سونے کی جگہ-

هجن- الهَجّان ج هجّانة: خراب نسل کے گھوڑے پر سوار- بعض عرب ممالک میں ایک فوجی جماعت-

هرمن- الهرمون ج هرمونات: ہارمون ایک مادہ جسم جس کو بعض غدود جمع کرتے ہیں اور ان کو خون دیگر اعضاء کی طرف منتقل کر دیتا ہے اور اس سے انسان کو قوت اور چستی میں اضافہ ہوتا ہے-

هزل- المَهزلة ج مهازل: جو مذاق پر ابھارنے یا مذاق کے ساتھ موصوف ہو- تھیٹر جس میں مذاق و کھیل کا پروگرام ہو- سنجیدہ جو کسی وجہ سے مذاق بن جائے اس موضوع پر بات حقارت کا مفہوم دیتی ہے-

هزم- الانهزاميّة: شکست خوردہ ہونا- ان لوگوں کا نظریہ جو لڑائی سے الگ ہونا چاہتے ہیں-

هلك- الاستهلاك: کھپت- خرچ کرنا- فنا کرنا- پیداوار والی چیزیں خریدنے پر توجہ دینا ان کو استعمال میں لاکر نفع حاصل کرنا- اس کے مقابلہ میں الانتاج ہے-

اَموال الاستهلاك: کھپت کے مال- کھپت شدہ چیزوں کی مقدار یا قیمت- استهلاك الطّحين: آٹا کی صرف شدہ مقدار-

هلم- الهُلام او الجلاتين: صاف چمکیلا جلیبی کی مانند ایک مادہ جو بے ذائقہ اور بے ہوا ہوتا ہے- ٹھنڈے پانی میں پھولتا ہے اور گرم پانی میں پگھلتا ہے لیکن ٹھنڈا ہونے کے بعد جم جاتا ہے- جانوروں کی ہڈیوں سے جوش دینے کے بعد نکالا جاتا ہے-

همج- الهمجيّة: ترقی نہ پانا- عوام کی حالت جس کی وجہ سے وہ ترقی نہ پا سکیں-

همش- همّش الكتاب: کتاب پر حاشیہ لکھنا-

هور- الانهيار: گرنا- انسانی پٹھوں میں کمزوری جس کی وجہ سے جسم میں تھکاوٹ، نیند میں بے چینی، ناامیدی، فکر اور غم ہوتا ہے-

هوي- الهاوي ج هواة: شوقین- الهواية و المهواية: رغبت سے کام کرنا بے پیشہ ہونے کے- شوق پسندی-

التّهوية: مکان یا رہائش گاہ میں نئی ہوا ڈالنا- بدبو ختم کرنے کے لئے نئی ہوا ڈالنا-

هير- الهيرو عليفية: یونانی کلمہ جس کا معنی- تصویروں والی مصری کتاب- اس کے اشارات فرانسیسی عالم شملون نے تیار کیا-

وتر- التّوتّر: تناؤ- دانت کی طرح سخت ہونا-

پٹھوں کا سخت ہونا- ٹینشن- تَوَتُّر الذِّهْن: ذہن کا کھچاؤ- ایک چیز یا موضوع کے متعلق سوچ- تَوَتُّر العلاقاتِ تعلقات کشیدہ ہونا- فِي المِيكانِيك: دو طرفوں سے باندھے ہوئے جسم کی بدحالی والی تاثیر-

وثن-اَلْوَثَنِيَّةُ: بتوں کی پوجا کرنا-

وجب-اَلْإِيْجَابُ: فرض کرنا- لازم کرنا- تاکید اور اثبات-

اَلْإِيْجَابِي: لازم کام- تاکیدی کام- اَلْحِيَادُ الْإِيْجَابِي: مثبت ناوابستگی-

وجز-اَلْإِيْجَازُ: مختصر کلام کرنا- کم الفاظ زیادہ معانی والی کلام بولنا- اس کے مقابلہ میں الاطناب ہے-

وجه-اَلتَّوْجِيْهِيَّة: بعض عرب ممالک میں ثانوی تعلیم مکمل کرنے کے بعد سند-

وحد-اَلْوَاحِدِيَّةُ: وہ فلسفی مذہب جو جہاں کی پیدائش کا ذریعہ ایک ہی چیز کو قرار دیتے ہیں- جیسے مادہ یا روح یا عقل-

اَلْمُوَحَّدَة: شام میں ثانوی تعلیم کی سند-

ودع-اَلْإِيْدَاعُ: رقم جمع کرنا- امانت رکھنا- فِي التِّجَارَة: درآمد شدہ- سامان محکمہ کے سٹور میں جمع کرانا- کسی شخص یا کمپنی کی طرف سے سامان فروخت کرنے کے لئے نمائش لگانا-

فِي القانون المدني: جب قرض خواہ قرض قبول کرنے سے کسی وجہ سے انکار ہو تو مقروض کی طرف سے محکمہ یا ادارہ کے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانا-

فِي قانون الايجارات: اجر محکمہ یا ادارہ ڈاک میں رقم مزدور کے واسطے جمع کرادے جب وہ وصول کرنے سے انکاری ہو-

فِي الْإِدَارَة: افراد کی طرف سے بطور ضمانت ادارہ میں رقم جمع کرانا تاکہ ان کے ذمہ کام جاری کیا جاسکے-

اِيْدَاعُ الْمُعَامَلة: دائرة كذا: معاملہ کو فلاں حلقہ میں پہچانا- اور اس کو رجسٹر کرانا-

اَلْإِسْتِيْدَاع: سامان کو عارضی طور پر سٹور میں رکھنا- کسی ادارہ کی طرف سے اپنے ملازم کی ملازمت کو وقت کے اندر کمی کرنا- افسر کی ملازمت کو وقت سے پہلے واپس لینا-

ورد-اَلتَّوَارُدُ: ایک دوسرے کے بعد حاضر ہونا-

تَوَارُدُ الْأَفْكَارِ وَ تَدَاعِيهَا: افکار و تصورات کا ایک دوسرے سے ملنا اور ایک دوسرے کو دعوت دینا-

ورن-الورنيش: ورنش تیل کی ایک قسم جو چیزوں کو ہوا کی تاثیر سے محفوظ رکھتی ہے-

وزع-اَلتَّوْزِيْعُ: تقسیم کرنا- ہر شخص کو اس کا حصہ دینا- مختلف منافع مختلف مقامات پر دینا- پیداوار کنندہ کی طرف سے بالواسطہ صارف کو یا تاجر کو پہچانا- جیسے فلموں کی تقسیم-

تَوْزِيْعُ الْبَرِيْد: محکمہ ڈاک کی طرف سے بذریعہ ڈاکیا ڈاک تقسیم کرنا- توزیع الجوائز: مستحق حضرات کو انعامات دینا-

توزيع الْمَنْشُوْرات: طبع شدہ کتابیں تقسیم کرنا-

اَلْمُوَزِّعُ: تقسیم کنندہ جیسے اخبار تقسیم کرنے والا- ڈاک تقسیم کرنے والا-

وزن-اَلتَّوازُنُ: جسم کا سیدھا ستون کی طرح کھڑا ہونا- طاقتور جسم کی تاثیر میں آکر کسی جسم کا پرسکون حالت میں ہونا- جیسے کتب کے ڈھیر کا توازن-

مَجَازًا: مخالف فریقوں کا موافق ہو کر ملکی ماحول کو پر امن بنانا- مختلف محکموں اور اداروں میں ان کے حقوق و فرائض مقرر کرنا جن کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کی حدود سے باہر نہ ہوں- جیسے مقننہ' عدلیہ اور انتظامیہ کے درمیان توازن-

تَوَازن الْمِيْزَانِيَة: بجٹ میں توازن - یعنی آمدن و خرچ میں مساوات ہو-

التوازن الْإِقْتِصَادِيَة: چیزوں کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لئے ان کی کمی بیشی کے اسباب کو درست رکھنا اور ان پر کنٹرول کرنا-

اَلْإِتِّزَانُ: جسم میں توازن ہونا- طاقتور جسم کی تاثیر میں آکر پرسکون ہونا- مجازاً: خرچہ میں درمیانہ چلنا- عقلی ملکات میں موافقت ہونا-

اَلْمُوَازَنَةُ: وزن میں برابری- و فی النقد الادبی: دو ادیبوں کے درمیان تنقیدی مقابلہ- جیسے ابی تمام اور البحتری کے درمیان موازنہ-

موازنة سِعْرِالصَّرْفِ فی الاقتصاد: بینکوں کا غیر ملکی کرنسی خرید و فروخت کرنا-

اَلْمِيْزَانِيَّةُ: سالانہ آمدن و خرچ کا رجسٹر- سالانہ بجٹ-

وسع- اَلْمَوْسُوْعَة: دائرہ المعارف - (انسائیکلوپیڈیا)

اَلْمَوْسُوْعِي: موسوعہ کے متعلق- تمام معارف کو شامل- قَامُوْس مَوْسُوْعِي: موسوعہ کے متعلق- تمام معارف والی کو شامل لغت-

اَلْمَوْسُوْعِيُون: موسوعہ کے مؤلف- وہ شخص جس کی معلومات انسائیکلوپیڈیا جیسی ہوں جیسے جاحظ-

وسق- اَلْإِتِّسَاقُ: یکجہتی- یکسانیت- فی البلاغة: الفاظ و معانی کا مناسب ہونا-

وصف-اَلْوَصْفُ: کسی شخص یا چیز کی صفات کا ذکر کرنا- کسی چیز کی تصویر و منظر کشی مختصر طور پر تحریری یا تقریری انداز میں بیان کرنا-

اَلْوَصْفُ فِي الادب: ادبی' شعری اور نثری فن جو طبیعت کو نقل کرے اور اس کی منظر کشی کرے جیسا کہ ادیب اپنے حواس کے اندر آنے والی چیزوں کو اپنی قلم و زبان سے تعبیر کرتا ہے-

اَلْوَصْفَة: ڈاکٹر یا طبیب کا تجویز کردہ نسخہ - وہ کاغذ جس پر نسخہ جات لکھے جاتے ہیں-

وصل- اَلْإِيْصَالُ: وصولی رسید- لَدَىَّ اِيْصَالٌ مِنْكَ: میرے پاس تیری طرف سے وصولی رسید ہے-

اَلْمُوَاصَلَاتُ: بری بحری فضائی' بجلی اور ٹیلی فون کے ساتھ ذرائع رابطہ-

اَلْمُوَصِّل ج مُوَصِّلَات: بجلی لہر یا حرارت کو منتقل کرنے والا جسم-

وضع-اَلْوَضِيعِيَّة اوالمذهب الوَضعِي: وہ مذہب جو داعی کو اس بات کی طرف لگاتا ہے کہ معرفت کو واقعیت اور تجربہ علمیہ پر قائم کیا جائے نہ کہ اشیاء کے جوہر پر-
اَلْمَوْضُوعِيَّةُ: اصول پسندی
اَلْمَوْضُوعِيَّةُ فِي الفَلْسَفَة: وہ مذہب فلسفی جو کہ حقیقت موضوعِيّة کے متعلق بات کرتا ہے-
وطأ-اَلتَّوْطِئَة فِي الشِّعْرِ: قافیہ کو لفظاً اور معنی دھرانا فِي الاَكْشاءِوالتاَلِيف: مقالہ یا کتاب لکھنے میں مشغول ہونا-
وطن- الوطني: وطن والا- اَلنَّشِيدُ الوَطَنِي: وطن کا ترانہ وطن کی محبت کی بات کرنے والا- جو پورے وطن کی بات کرے مخصوص علاقہ کی بات نہ کرے-
اَلتَّرْبِيَّة الوَطَنِيَّة: وطن والی تربیت-
اَلْوَطَنِيَّة: وطن کی محبت اور اس کے متعلق جان نثاری-
اَلْمُوَاطِنِيَّة: مواطن کی صفت-
وظف-تَوَظَّفَ: کسی حکومتی یا ذاتی ادارے مین ملازمت کرنا- الموظف: کسی ادارے یا کمپنی وغیرہ میں ملازم-
وفق-اَلْاِتِّفَاقُ: افکار و نظریات و رغبات میں یکجہتی کسی امر پر افراد کی مفاہمت ہونا- آراء اور مقاصد تک پہنچنا-
اَلْاِتِّفَاقُ عَلىٰ برنَامَج اوخُطَّةٍ: کسی ایجنڈا یا سکیم پر اتفاق اَلْاِتِّفَاق: کسی چیز کا اچانک پیش آنا- دو یا دو سے زیادہ ممالک کا کسی مسئلہ پر معاہدہ-
اَلْاِتِّفَاقِيَة: دو یا دو سے زیادہ ملکوں کا بعض کاموں (تجارت ڈاک وغیرہ)
اِتِّفَاقِيَّة العمل: ایک دوسرے کے افراد کو کام کرنے کی تربیت کرنا-
التوافق: افکار، رغبات، طبائع اور میلان کا موافق ہونا- و في الموسيقى: موسیقی کا نغموں کے مطابق ہونا-
في علم النفس: وہ حالت جو شخص سے تقاضی کرتی ہے کہ وہ اپنی عادات و خیالات کو بدل دے-
وقت- التوقيت: وقت متعین کرنا- اوقات کی تعین کرنا- سورج کے گرد زمین کو گردش کا لحاظ کرتے ہوئے اوقات متعین کرنا جو کہ مختلف علاقوں میں مختلف ہوتے ہیں-
و في النحو: وہ تابع جو متبوع کے ثبوت کو پختہ کرنے کے لئے لایا جاتا ہے جیسے صَرَفَ المال كُلَّهُ:
ولي-المولاة: کسی کا ساتھ دینا- مدد کرنا-
فِي السياسة: حکومت کی تائید کرنا-
وهم-اَلتَّوَهُّم: کسی کام کا خیال- غلط عقیدہ- بلا دلیل- عجیب و غریب سوچ جس کا خارج میں وجود نہ ہو-
ويس-اَلْوِيْسِكِيْ: گندم بنائی گئی مشروب-
باق-اَلْبَاقِةَ: تِیہ خوشہ گچھا-
يبس-اَلْيَابِسَةَ: بر زمین اس کے مقابلہ میں پانی اور بحر (سمندر) ہیں-
يسر-اليساري: جانب- بائیں طرف- في السِّيَاسَة: بایاں گروپ جو لوگ ترقی یافتہ افکار کا پرچار کریں حقیقت حال کا خیال کیے بغیر معاشرہ میں تبدیلی کی دعوت دیتے ہیں-
ينا-يِنَايِر: جنوری کانون ثانی کا نام بعض عرب ممالک میں-
يوب-اَلْيُوبِيلُ: ہر پچاس سال بعد یہودیوں کا بڑا مذہبی اجتماع اس وقت میں قرضوں سے بری ہونا ضروری ہے- جیسا کہ غلام حضرات کو آزاد کرنا ہوتا تھا-
عندالكاتوليك: پوپ کی طرف سے لوگوں کو معافی و بخشش جو کہ بڑے جلسوں میں ہوتی تھی- کسی واقعہ کا ذکر واقعات میں سے جیسے شادی اور پیشہ کا تجربہ- اس کی کئی اقسام الفضى (چاند والی) (۲۵ سال) الذهبى: سونے والا ۵۰ سال-
اَلْاَلْماسى: (کانسی)
يوس-اليوسفي اليوسف الهندي: مالٹا کی قسم سے ایک پھل دار درخت- یوسف آفندی کے نام سے مشہور ہے-
يول-يوليو: جولائی-

عربی کی ضرب الامثال

- اِبِلِیْ لَمْ اَبِعْ وَ لَمْ اَهَبْ:
میں نے اپنا اونٹ نہ فروخت کیا' نہ تحفہ میں دیا-
نہ حق جھگڑا کرنے والے ظالم سے یہ مثل بنائی گئی ہے-

- یا اِبِلِیْ عُوْدِی الی مُبَارَكٍ:
اے میرے اونٹ اپنے جگہ واپس لوٹ جا-
یہ مثل اس شخص کے لئے ہے جو نفع مند کام چھوڑ کر جانا چاہے-

- اَتی عَلَیْهِمْ ذُوْاَتی:
ان پر اسی طرح مصیبت آئی جیسا کہ آیا کرتی ہے-
یعنی انسانوں پر ملی جلی تکالیف آتی رہتی ہیں-

- اَتَاكَ رَیَّانَ بِلَبَنِهِ:
دودھ سے سیراب ہو کر تیرے پاس لایا-
یعنی بچا کھچا کھانا پینا تحفہ نہیں ہوا کرتا-

- اَتتكَ بِخَائِنٍ رِجْلاَه:
خائن کے قدموں نے اس کو تیرے پاس حاضر کر دیا-
یعنی انسان کی غلطی اس کو برا انجام دکھا دیتی ہے-

- اَتتْكُمْ فَالِیَةُ الْاَفَاعِی:
تمہارے پاس سانپوں کا کیڑا آچکا ہے-
یعنی بڑی مصیبت کی انتظار کے لئے چھوٹی مصیب آنا-

- یأتیكَ كُلُّ غَدٍ بِمَا فِیهِ:
کل آئندہ تیرے پاس اپنے اندر والا لائے گی-
یعنی وقت کے ساتھ ساتھ نفع یا نقصان آتا ہی ہے-

- و یأْتِیكَ بالاَخْبار مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ:
اور تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جس کو تو نے راہ خرچ نہیں دیا-
یعنی توقع کے بغیر معلومات آجاتی ہیں-

- لا اٰتِیكَ حَتّٰی یَئُوبَ القَارِضَان:
پتوں کو توڑنے والا دو آدمیوں کے آنے تک میں تیرے پاس نہیں آؤں گا-
یہ مثل ہر صورت میں قطع تعلق والوں کے لئے ہے-

- لا اٰتیكَ سِنَّ الحِسْلِ:
گوہ کے دانت ٹوٹنے تک تیرے پاس نہ آؤں گا-
یعنی میرے آنے کی توقع نہ رکھنا-

- كُلُّ اٰتٍ قَرِیْبٌ:
ہر آنے والی چیز قریب ہی ہوتی ہے-
یعنی کسی آنے والی چیز کو دور نہ سمجھا جائے-

- ذاكَ اَحَدُ الاَحَدَیْنِ:
یہ دو منفرد میں سے ایک ہے-
یعنی بے نظیر شخص ہے-

- اَخَذَه بِرُمَّتِهِ:
اس کو اس نے رسّی سمیت لے لیا-
یعنی اصل کے ساتھ متعلقہ چیزیں بھی مفت مل جانا-

- قَدْ یُؤَخذُ الجَارُ بِذَنْبِ الجَارِ:
کبھی پڑوسی کے جرم میں پڑوسی گرفتار ہو جاتا ہے-

- خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَیْهَا:
پتھر پر جو لگا ہے لے لو- یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت سمجھو-

- خُذ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِه:
معاملہ کو اس کی پیش آمدہ چیزوں میں لو-
یعنی کسی چیز کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کرو-

- خُذْ مِنَ الدَّهْرِ ماصفَی وَ مِنَ العَیْشِ ما كَفٰی:
زمانہ سے صاف ستھری چیز لو اور روزی کفایت والی لو-

- خُذْ مَا طَفَّ لَكَ:
قریب والی چیز کو پکڑو-

- لا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْیَوْمِ لِغَدٍ:
آج کے کام کل تک مت لیٹ کرو-

- آخر الدَّاءِ اَلكَیُّ:

مرض کا آخری علاج داغ دینا ہے۔
یعنی اگر کسی کو داغ دینے سے فائدہ نہ ہوا تو موت آچکی ہے۔

• آخ الاکفاءَ و داھِنِ الاعداءَ:
ساتھیوں کا بھائی بنو اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق پیش کرو۔

• اَخوكَ اَم الذِّئبُ:
وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا۔
یعنی تیرا خیر خواہ ہے یا بھوکے بھیڑیئے کی طرح ظلم کرتا ہے۔

• اَخوكَ مَن صَدَقَكَ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے۔

• اَخُوكَ مَن وَاسكَ بنَشبِ لاَمَن وَاسكَ بنَسَبِ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے اور قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرے۔ یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے سود مند نہیں۔

• اِنَّ اَخَا الهَيجاءِ مَن يَسعٰى مَعَكَ:
بیشک لڑائی والا وہ ہے جو تیرے ساتھ مل کر دوڑے۔

• اِنَّ اَخاكَ مَن اَساكَ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے۔

• لِاَخِيكَ عَلَيكَ مثلِ الذى لَكَ عَلَيهِ:
تیرے بھائی کا تجھ پر اسی طرح حق ہے جس طرح تیرا اس پر۔

• رُبَّ اَخٍ لَم تلدہ والدۃ:
کئی بھائی ایسے جو ماں جنے نہیں۔
سچے دوست کے لئے مثل ہے جو حقیقی بھائی سے زیادہ وفادار ہوتا ہے۔

• اَدَبُ المَرءِ خَيرٌ من ذَهَبِه:
آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سود مند ہوتا ہے۔

• اَلاَدَبُ مَالٌ وَاستِعمَالُهُ كَمالٌ:
علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے۔

• نِعمَ المُؤَدِّبُ الدَّهرُ:
زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا ہے۔

• مَاْرَبَةٌ لاَحَفاوَةٌ:
کام کی وجہ سے عزت ہے نہ کہ پیار کی وجہ سے۔

• لِلاَرضِ الوَاطِئَةُ تَشرَبُ مَاءَ ها وَ مَاءَ غَيرِها:
نرم کی گئی زمین اپنے حصہ کا پانی اور غیر کے حصہ کا پانی جذب کر جاتی ہے۔

• بِالاَرضِ وَلَدَتكَ اُمُّكَ:
زمین پر ہی تجھ کو تیری ماں نے جنا ہے۔
یہ مثل غرور سے روکنے اور درمیان روی اختیار کرنے کے لئے ہے۔

• لِلاَرضِ مِن كَاسِ الكِرَامِ نَصِيبٌ:
سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین حصہ لیتی

ہے۔

• وَ فِى الاَرضِ لِلحُرِّ الكَرِيمِ مَنَادِحٌ:
زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بہت ہیں۔

• لاَاَصلَ لَهُ وَلاَ فَصلَ:
اس کے پاس نہ تو خاندانی عزت ہے اور نہ حسن کلام۔
اصل کا اطلاق حسب و نسبت پر ہوتا ہے۔ اور فصل کا قوتِ زبان پر۔

• اَلاَصِيلُ يَجُودُ:
حضرت عبداللہ بن زبیر نے فرمایا: باعزت انسان ہی اپنی جان و مال قربان کرتا ہے۔

• اَلاَصِيلُ يَعمَلُ بِاَصلِه:
شریف النفس انسان اپنی شرافت کے مطابق کام کرتا ہے۔

• آفَةُ العِلمِ النِّسيَانُ:
بھول جانا علم پر آفت ہے۔

• اَكَلَ عَلَيهِ الدَّهرُ وَ شَرِبَ:
زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے۔
یعنی لمبی عمر پا کر عمر رسیدہ نے دنیا میں سب کچھ دیکھ لیا۔

• اَكَلتُم تَمرِى وَ عَصَيتُم اَمرِى:
تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری ہی نافرمانی کی۔
یہ مثل بے قدرے انسان کے لئے ہے۔

• آكُلُ لَحمِى وَلاَ اَدَعُه لِآكِلٍ:
میں اپنا گوشت خود کھاؤں اور دوسرے کھانے والے کے لئے نہ چھوڑوں گا۔ یہ مثل اپنا فائدہ سوچنے والے کے لئے ہے۔

• يَاْكُلُ التَّمرَ وَ يُرجَم بِالتَّمرِ:
کھجوریں وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں، یہ مثل اس پر ہے جو نفع خود لے اور بوجھ دوسرے پر ڈالے۔

• يَاْكُلُنِى سَبُعٌ وَلاَ يَاْكُلُنِى كَلبٌ:
مجھے ایک درندہ کھاتا ہے کتا نہیں کھاتا۔

• يَاْكُلُهُم بِضِرسٍ وَ يَطَؤُه بِظِلفٍ:
ان کو داڑھوں سے کھاتا ہے اور سم سے روندتا ہے۔
محسن کے ساتھ برائی سے پیش آنے پر مثل ہے۔

• يَاْكُلُ بِالضِّرسِ الَّذِى لَم يُخلَق:
وہ اس ڈاڑھ کے ساتھ کھاتا ہے جو ابھی پیدا ہی نہیں ہوئی۔
بغیر نیکی تعریف سننے والے پر مثل ہے۔

• غَيرِى يَاْكُلُ الدَّجَاجَ وَ اَنَا اَقَعُ فِى السِّيَاجِ:
دوسرے مرغیاں کھاتے رہیں اور میں جھاڑی میں پڑا رہوں۔

• اَكلٌ وَحَمدٌ خَيرٌ مِن اَكلٍ وَصَمتٍ:
کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے۔ محسن کی

تعریف پر رغبت دینا مقصود ہے۔
- اَکْلاً وَ ذَمًّا:
کھانا اور مذمت کرنا۔ یہ اس پر مثل ہے جو نفع اٹھائے اور اس کو برا بولے۔
- رُبَّ اُکْلَۃٍ تَمْنَعُ مِنْ اَکْلاَتٍ:
کبھی ایک لقمہ کئی لقموں سے روک دیتا ہے۔ یعنی غلط لقمہ سے بیمار ہو کر کھانے سے پرہیز کرنا پڑتا ہے۔
- آکَلُ مِنْ حُوْتٍ:
مچھلی سے زیادہ خوراک والا۔
- آکَلُ مِنَ الرَّحٰی:
چکی سے زیادہ کھانے والا۔
- آکَلُ مِنَ السُّوْسِ:
گھن سے زیادہ کھانے والا۔
- آکَلُ مِنْ ضِرْسٍ:
داڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔
- آکَلُ مِنَ النَّارِ:
آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔
- حَتّٰی یُؤَلَّفَ بَیْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ:
یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی اکٹھی ہو جائیں۔
دونوں متضاد الطبع ہیں ایک پانی سے گریز کرے اور دوسری (مچھلی) پانی میں زندہ رہے۔
- آلَفُ مِنْ حِمَامِ مَکَّۃَ:
مکہ کے کبوتر سے زیادہ مانوس۔ مکہ میں پرندوں کا شکار حرام ہونے کی وجہ سے وہ انسانوں کے قریب ہے۔
- آلَفُ من الْحُمّٰی:
بخار سے زیادہ مانوس۔
کچھ وقفہ کے بعد بھی بخار لوٹ آتا ہے۔
- آلَفُ مِنْ کَلْبٍ:
کتے سے زیادہ مانوس۔
کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔
- اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ:
ماں نے بستر بچھا اور سلادیا۔
ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں مثل ہے۔
- اُمّ الاخرس تَعرِفُ بِلُغَاتِ الْخُرْسَانِ:
گونگے کی ماں گونگے کی رمز جانتی ہے۔
- اُمٌّ سَقَتْكَ الغَیْلَ مِنْ غیر حَبَلٍ:
ماں نے تجھے حمل کا دودھ بغیر حمل کے پلایا۔
اس پر مثل ہے جو پہلے کسی کو مقرب بنالے پھر بغیر وجہ کے نکال دے۔

- اِلٰی اُمِّہٖ یَلْھَفُ اللَّھْفَانُ:
مصیبت زدہ اپنی ماں سے التجاء کرتا ہے۔
یعنی تکلیف کے وقت اپنے یاد آتے ہیں۔
- اَلْاَمْرُ یَعْرِضُ دُوْنَہٗ الْاَمْرُ:
ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن جاتا ہے۔
یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے ہیں۔
- اَمْرَ مُبْکِیَاتِكَ لاَ اَمْرَ مُضْحِکَاتِكَ:
رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔
یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس کی سنو اور جو بے خوف کرے اس کی نہ سنو۔
- لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قَصِیْرٌ اَنْفَہٗ:
کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔ اس شخص کے لئے جو اپنے کام کو پورا کرنے کے لئے حیلہ سوچے۔
- لِاَمْرٍ مَایُسَوَّدُ مَنْ یَسُوْدُ:
جو سردار بنتا ہے تو اپنے حق کی بناء پر بنتا ہے۔
- لَیْسَ لِلاَمورِ بِصَاحِبٍ مَنْ لَّمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ:
جو شخص انجام پر نگاہ نہ رکھے وہ معاملات کو نہیں سنبھال سکتا۔
- اَلْاَمِیْرُ مَنْ لاَ یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ:
امیر وہ ہے جو دوسرے کو امیر نہ سمجھے۔
- یَاحَبَّذَا الْاِمَارَۃُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَۃِ:
حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر۔
- تَاَمُّلُ العَیْبِ عَیْبٌ:
عیب تلاش کرنا بھی ایک عیب ہے۔
- مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَہٗ:
جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔
یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔
- آمَنُ مِنْ حَمَامِ مَلَّۃَ:
مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ بے خوف۔
کبوتر کو مکہ میں نہ شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان کیا جاتا ہے۔
- اٰمَنُ مِنَ الْاَرْضِ:
زمین سے زیادہ امین۔ کیونکہ زمین میں جو بیج ڈالا جاتا ہے وہی اگتا ہے۔
- اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُہٗ فِیْ وَجْھِہٖ وَ حُزْنُہٗ فی قَلْبِہٖ:
مؤمن کی خوشی چہرے پر عیاں ہوتی ہیں اور غم دل میں مخفی ہوتا ہے۔
- اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ:
مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔
- لَیْسَ عَلَی الْاِنْسَانِ اِلاَّ مَا مَلَكَ:

انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے۔

• اَلْإِنْسَانُ عَبْدُالْإِحْسَانِ:
انسان احسان کا غلام ہے۔

• اَلْإِنْسَانُ ابْنُ يَوْمِهٖ:
انسان وقت کا بندہ ہے۔

• اَلْإِنْسَانُ بِالتَّفْكِيْرِ وَ اللّٰهُ بِالتَّدْبِيْرِ:
انسان سوچ میں مشغول ہوتا ہے اور اللہ فیصلہ کرنے والا ہے۔

• كُلُّ اِنْسَانٍ وَهَمَّهٗ:
ہر انسان اپنے غم میں ہے۔

• اَنْفٌ فِي الْمَاءِ وَاسْتٌ فِي السَّمَاءِ:
ناک پانی میں اور دبر آسمان میں ہے۔
یعنی کم مرتبہ انسان بلند دعوی کرتا ہے۔

• اَنْفُكَ مِنْكَ وَ اِنْ كَانَ اَذَنَّ:
تیری تیری ہی ہے اگرچہ وہ پانی بہاتی ہو۔
یعنی تیری قوم کے کمزور لوگ تیری مدد کے مستحق ہیں۔

• اَنْفُكَ مِنْكَ وَ اِنْ كَانَ اَجْدَعَ:
تیری تیری ہی ہے اگرچہ کٹی ہوئی ہو۔
یعنی تیرا تعلق دار اگرچہ تجھ سے ناراض ہو مگر تجھ سے وابستہ ہے۔

• اَلْاَنَامُ فَرَائِسُ الْاَيَّامِ:
مخلوق حوادث کا شکار ہے۔
یعنی سب نے فنا ہونا ہے۔

• مَنْ تَاَنّٰى اَدْرَكَ مَا تَمَنّٰى:
جس نے تسلی سے کام کیا اس نے اپنی آرزو پالی۔

• كُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِيْ فِيْهِ يَرْشَحُ:
ہر برتن اپنے اندر کی چیز سے ٹپکتا ہے۔

• عَلٰى اَهْلِهَا تَجْنِى الْبَرَاقِشُ:
براقش (کتیا) اپنے ہی مالکوں کو تباہ کروالی ہے۔
یعنی آدمی کا عمل اس کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔

• آفَةُ الْمُرُوْءَةِ خُلْفُ الْوَعْدِ:
مروءت پر مصیبت وعدہ خلافی ہے۔

• آفَةُ الْجُوْدِ الْإِسْرَافُ:
سخاوت پہ آفت فضول خرچی ہے۔

• آفَةُ الْحَدِيْثِ الْكِذْبُ:
بات پر مصیبت جھوٹ بولنا ہے۔

• آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ:
علم کی آفت بھول جانا ہے۔

• اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَ آخِرُهٗ نَدَمٌ:
غصہ کی ابتدا جنون اور انتہا پشیمانی ہے۔

• اَوَّلُ الْغَيْثِ قَطْرٌ:
بارش ایک قطرہ سے شروع ہوتی ہے۔

• اَوَّلُ الشَّجَرَةِ النَّوَاةُ:
درخت کی ابتداء گٹھلی سے ہوتی ہے۔

• لَسْتَ اَوَّلَ مَنْ غَرَّهُ السَّرَابُ:
تو پہلا شخص نہیں جس کو سراب (میدان میں چمکتی ریت پانی دکھائی دے) نے دھوکہ دیا ہے۔

• اِيْوَانُ كِسْرٰى:
نو شیروان محل:
یہ مثل عجیب وغریب قیمتی عمارت پر بولی جاتی ہے۔
یہ محل بیس سال میں تعمیر ہوا تھا۔

ب

• اَلْبِئْرُ اَبْقٰى مِنَ الرِّشَاءِ:
کنواں رسی سے زیادہ باقی رہتا ہے۔

• كَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ:
اپنی کھر کے ساتھ اپنی موت کریدنے والے کی طرح۔ یعنی اپنا نقصان خود کرنے والا۔

• كَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْيَةِ:
چھری کھودنے والے کی طرح۔
پنی ہلاکت خود تلاش کرنے والے کی مثال۔

• اَبْخَرُ مِنْ اَسَدٍ:
شیر سے منہ کی بدبو والا۔

• اَبْخَرُ مِنْ صَقْرٍ:
شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

• اَبْخَرُ مِنْ فَهْدٍ:
چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

• بَخَرُ الْفَمِ:
منہ سے بدبو کا ہونا۔

• اَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ:
فلاں مادر سے بھی زیادہ کنجوس ہے۔

• هٰذِهٖ بِتِلْكَ وَالْبَادِئُ اَظْلَمُ:
یہ (سزا) اس (عمل) کے بدلے ہے اور برائی کی ابتداء کرنے والا زیادہ ظالم ہے۔

• اَبْدَى الصَّرِيْحُ عَنِ الرَّغْوَةِ:
خالص دودھ جھاگ سے الگ ہو گیا۔

- كل مَبْذُوْل مَمْلُوْلٌ:
زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ ہو جاتی ہے۔

- بالْبِرِّ يُسْتَعْبَد الْحُرُّ:
اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو غلام بنایا جا سکتا ہے۔

- برئتْ قَائِبَةٌ مِنْ قُوْبٍ:
انڈہ چوزہ سے لاتعلق ہو گیا۔
یعنی بات بہت دور چلی گئی۔

- بَرْدُ غَدَاةٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمأٍ:
صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے متعلق دھوکہ دیا۔

- اَبْرَدُ مِنْ غِبِّ الْمَطَرِ:
بارش کے آئندہ دن سے زیادہ ٹھنڈا دن۔

- اَبْرَدُ مِنْ عَضْرَسٍ:
اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔

- اَبْرَدُ مِنْ فَلْحسٍ:
فلحس سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔

- بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ:
بڑے خزانے سے تھوڑا۔

- إنَّما هو كَبَرْقِ الخُلَّبِ:
وہ تو دھوکہ دینے والی بجلی کی طرح ہے۔
یعنی بادل آتا ہے مگر برستا نہیں۔

- مَا كُلَّ بَارِقَةٍ تَجُوْدُ بمائِها:
ہر چمکتا بادل اپنا پانی نہیں برساتا۔

- عَسَى البَارِقَةُ لا تُخْلِفُ:
امید ہے کہ چمکتا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔
احسان کی امید پر یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

- اَلَّذِیْ لاَ يُبْصِرُ مِنَ الصِّرْبَالِ يَكُوْنُ اَعْمٰى:
جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔

- اَبْصِرْ وَ سَمِّ قَلْعَكَ:
دیکھو اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف توجہ دلانا۔

- اَبْصَرُ مِنْ عِقَابٍ:
عقاب سے زیادہ تیز نظر۔

- اَبْصَرُ مِنْ نَسْرٍ:
گدھ سے زیادہ تیز نظر۔

- اَبْصَرُ مِنَ الْوَطْوَاطِ فِي اللَّيْلِ:
رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔

- اَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ الْيَمَامَةِ:
یمامہ کی زرقاء سے زیادہ تیز نظر۔
زَرْقاء تین یوم کی مسافت سے دیکھ سکتی تھی۔

- لاَيُبِضُّ حَجَرُه:
اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (اثر) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔

- اَبْطَأُمِنْ غُرابِ نُوْحٍ:
نوح کی کوے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔

- اَبْطَشُ مِنْ دَوْسَرٍ:
نعمان بن منذر کے لشکر دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔

- بَطْنِي عَطِّرِي و سَائِرِي ذَرِيْ:
میرے پیٹ کو خشبو لگاؤ اور باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو۔
اہم کو کرنے اور غیر اہم چھوڑنے کے لیے یہ ضرب مثل ہے۔

- اَلبِطْنَةُ تَأْمِنُ القطنه:
زیادہ کھانا سمجھ کو ختم کرتا ہے۔

- مَا اَبْعَدَ مَافَاتَ وَ مَا اَقْرَبَ مَا يَأْتِي:
جو فوت ہو گیا وہ دور گیا اور جو آئے گا بہت قریب ہے۔

- اَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ:
ثریا ستارے سے زیادہ دور۔

- اَبْعَدُ من بيضِ الاَنُوْقِ:
عقاب کے انڈوں سے بھی زیادہ دور
یعنی ناحاصل ہونے والی چیز۔

- اَبْعَدُ مِنْ بَناطِ الثُرَيَّا:
ثریا پر لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دور۔

- اَبْعَدُ مِنْ مَنَاطِ الْعَيُوْقِ:
عیوق ستارے کے ساتھ لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دور۔

- اَلْبُعْدُ جَفَاءٌ:
دوری ایک ظلم ہے۔ دور رہنے سے محبت میں کمی ہوتی ہے۔

- رُبَّ بَعِيْدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِيْبٍ:
کئی دفعہ دور والا نزدیک والے سے زیادہ فائدہ میں ہوتا ہے۔

- اِنَّ الْبُغاثَ بِاَرْضِنا يَسْتَنْسِرُ:
ہمارے علاقہ میں بغاث (سبزی مائل سفید رنگ پرندہ) گدھ بن جاتا ہے
یعنی ہماری حمایت کے ساتھ ذلیل عزیز بن جاتا ہے۔

- اِنْ تَبْغِ عَلَيْكَ قَوْمُكَ لا يَبْغِ عَلَيْكَ القَمَرُ:
اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرتی ہے تو چاند تجھ پر ظلم نہ کرے گا۔
یہ مثل ایک بات سمجھانے سے پہلے دوسری پیش کرنے پر دی گئی ہے۔

• مِن اِبْتِغَاءِ الْخَيرِ اِتِّقَاءُ الشَّرِّ:
برائی سے بچنا بھی بھلائی تلاش کرنا ہے۔

• عَلَى البَاغِي تَدُوْرُ الدَّوَائِرُ:
ظالم پر ہی مصائب (آفات) گرتی ہیں۔

• كَمُبْتَغِي الصَّيْدِ فِي عَرِيْسَةِ الاَسَدِ:
شیر کی رہائش میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح۔
غیر محل میں یا محال چیز کو تلاش کرنے والے کے لئے مثل ہے۔

• بَقْبَقَةٌ فِي زَقْزَقَةٍ:
ہنسی میں شور و غل۔ یعنی لایعنی اور فضول گپ سے بولنا۔

• بَقْلُ شَهْرٍ وَ شَوْكُ دَهْرٍ:
ایک ماہ کا ساگ اور کانٹا ہمیشہ کا۔
یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔

• مَا اَسْتَبْقَاكَ مَنْ عَرَّضَكَ لِلْاَسَدِ:
جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھ کو زندہ نہ چھوڑا۔ اس کے لئے مثل ہے جو تم کو برے انجام والے کام پر ابھارے۔

• لاَ يَبْقَى شَيْئٌ عَلَى حَالِهِ:
کسی چیز کی ایک حالت نہیں ہوتی۔

• بَقِّ نَعْلَيْكَ وَ ابْذُلْ قَدَمَيْكَ:
اپنے جوتے محفوظ رکھو اور اپنے قدم مصروف رکھو۔
یعنی محنت کرو اور مال بچاؤ تاکہ حالات درست ہوں۔

• اَبْقَى مِنْ وَحْيٍ فِي حَجَرٍ:
پتھر پر لکھی ہوئی دانائی سے بھی زیادہ باقی رہنے والا۔

• اَبْقَى مِن العَصْرين:
صبح و شام سے زیادہ باقی رہنے والا۔
یعنی صبح اور شام میں تبدیلی نہیں آتی۔

• اَبْقَى مِنَ النَّسْرَيْنِ:
نسر طائر اور نسر واقع دو ستاروں سے زیادہ باقی رہنے والا۔

• اَبْقَى مِنَ الدَّهْرِ:
زمانہ سے زیادہ دیر پا باقی رہنے والا۔

• اَبْقَى مِنَ الْحَجرِ:
پتھر سے زیادہ باقی رہنے والا۔

• بَاكِرْ تَسْعَدْ:
جلدی صبح اٹھا کرو نیک نصیب ہو جاؤ گے۔

• اَبْكَرُ مِنَ الغُرابِ:
کوے سے بھی زیادہ جلدی صبح اٹھنے والا۔
کو اسب پرندوں سے پہلے بیدار ہوتا ہے۔

• مَا تَبُلُّ اِحْدَى يَدَيْهِ الْاُخْرَى:
اس کا ایک ہاتھ دوسرے کو تر نہیں کرتا۔
یعنی کنجوس اپنے آپ کو بھی نفع نہیں دیتا۔

• بَلَغ مِنْهُ الْمُخَنَّقُ:
وانتہائی سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔
مراد اس سے موت کو پہنچ چکا ہے۔

• بَلَغَ الْحِزَامُ الطِّبْيَيْنِ:
تنگ پستان تک پہنچ گیا۔
مراد معاملہ انتہاء کو پہنچ چکا۔

• بَلَغ السَّيْلُ الزُّبى:
سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا۔
مراد: لوگ حد سے گذر چکے۔

• بَلَغ السِّكِّينُ العَظْم:
چھری ہڈی تک پہنچ گئی۔
مراد معاملہ خرابی تک چلا۔

• بَلَغَ الدِّمَاءُ الثُّنَنَ:
خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔
شر کے پھیل جانے کے لئے مثل ہے۔

• لَوْ بَلَغ الرِّزْقُ فَاهُ لَوَلاَّهُ قَفَاهُ:
اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ تو پھر بھی منہ پھیر لے گا۔ محروم کے لیے مثل ہے۔

• مَا عَسَى اَنْ يَبْلُغَ عَضُّ النَّمْلِ:
امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا۔
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو۔

• اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ:
قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے۔ قس دنیا عرب میں سب سے اول اَمَّا بَعْد اور اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِي واليمين على من انكر بولنے والا ہے۔

• اَبْلَهُ مِنَ الحُبارى:
حباری سے بھی زیادہ بے سمجھ۔ یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے۔

• اِنَّ البلاء مُوَكَّلٌ بالمَنْطَقِ:
مصیبت بولنے پر لگائی گئی ہے۔

• اَلبَلاَ يا عَلَى الحَوَايا:
آفات حوایا (اونٹ کی کوہان پر نمدہ) پر بھی آتی ہیں۔
یعنی تقدیر کے سامنے کسی کا زور نہیں۔

• بَنَانُ كَفٍّ لَيْس فيها ساعِدٌ:
ہاتھ پر انگلیاں موجود ہیں اس میں کلائی نہیں۔ یعنی طاقت موجود مگر ہمت

مفقود۔

• اَنَا اِبْنُ جَلا:

میں مشہور و معروف ہوں۔

• اَنَا اِبْنُ جَلا وَطَلاَّعِ الثَّنايا. متی اَضَعُ العَمَامَةَ تعرفونی

میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا۔ جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لو گے۔

• رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَیْسَ بِابنِ عَمٍّ:

کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے۔ یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی ہے۔

• بِنْتُ صَفَا تَقُوْلُ عَنْ سَماعٍ:

بنت صفا (بازگشت) ہر آواز کا جواب دیتی ہے۔

ہر دعوت قبول کرنے والے کے لئے مثل ہے۔

• یَبْنِی قَصْراً وَ یَهْدِمُ مِصْرًا:

محل بناتا ہے اور شہر گراتا ہے۔

یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔

• اَبْهٰی مِنَ الْقَمَرَیْنِ:

چاند سورج سے زیادہ خوبصورت۔

• بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَةً:

ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروا دیا۔

اس قوم کے لئے مثال جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں۔

• بالَتْ بَیْنَهُم الثَّعالِبُ

ان کے درمیان لومڑی نے پیشاب کر دیا۔

اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد و اختلاف ہو جائے۔

• لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَةِ خَیْرٌ مَا تَرَکَها الصَّیَّادُ:

الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا۔

• بَیْتِی یَبْخَلُ لاَ اَنَا

میرا گھر کنجوسی کرتا ہے میں نہیں۔

یعنی گھر خالی ہے۔

• اَبادَ اللّٰه خَضْراءَ هُم:

اللہ تعالیٰ ان کی سر سبزی برباد کرے۔

بددعاء ہے۔

• کَانَتْ بَیْضَةُ الدِّیْكِ:

وہ مرغ کا انڈہ تھی۔ یعنی عرب عقیدہ کے مطابق مرغ ایک دفعہ انڈہ دیتا ہے۔ اب وہ چیز نایاب ہو گی۔

• بَیْضَةُ الیَوْمِ خَیْرٌ مِنْ دَجَاجَةِ الغَدِ:

آج کا انڈا کل آئندہ کی مرغی سے زیادہ قیمتی ہے۔

بَیْضَةُ البَلَدِ: شہر کا بڑا آدمی

• دُوْنَهُ بَیْضُ الْاَنُوْقِ:

اس کے آگے عقاب کا انڈہ ہے۔ نایاب چیز کے لئے یہ مثل ہے۔

• ما کل بیضاء شَحْمَةٌ و لاَ کلُّ سَوداءَ تَمْرَةٌ:

ہر سفید چیز چربی نہیں ہوتی اور نہ ہر سیاہ چیز کھجور ہوتی ہے۔

• مَنْ بَاعَ لِعِرْضه اَنْفَقَ:

جو شخص اپنی عزت فروخت کرے گا وہ اس کی قیمت پالے گا یعنی کسی کو برا کہنے سے خود برا سنے گا۔

• بِعْتُ جاری وَ لَمْ اَبِعْ دَارِیْ:

میں نے اپنا پڑوسی فروخت کیا ہے گھر نہیں فروخت کیا۔

• لا تَبِعْ نَقْدًا بِدَیْنٍ:

نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ فروخت کر۔

• قد بَیَّنَ الصُّبْحُ لذی عَیْنَیْنِ:

آنکھوں والوں کے صبح روشن ہو گئی۔

• اَبْیَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبح او فَرَقِ الصُّبْحِ:

صبح کی روشنی سے زیادہ روشن۔

• اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرا:

بعض بیان جادو اثر والے ہیں۔

ت

• اَنَا تَئِقٌ وَ اَنْتَ مَئِقٌ فَکَیْفَ نَتَّفِقُ:

میں غصے والا ہوں اور تم گھبرانے والے ہو ہم میں کیسے اتفاق ہو گا۔ دو مختلف عادات لوگوں کے لئے ہے۔

• اِتْبِعِ الفَرَسَ لِجَامَها وَالنَّاقَةَ زِمَامَها

گھوڑے کے ساتھ لگام اور اونٹنی کے ساتھ نکیل بھی دو۔ یعنی مکمل احسان کے لئے اصل کے ساتھ متعلق اصل بھی دو۔

• اِتْبِعْ الدَّلْوَ بِالرِّشَاءِ:

ڈول کے ساتھ رسی بھی دو۔

• اَتْبَعُ مِنَ الظِّلِّ:

سایہ سے بھی زیادہ پیچھا کرنے والا۔

• لَوَ اتَّجَرْتَ بِالْاَکْفَانِ ماماتَ اَحَدٌ:

اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا۔

• لاَ تِجارَةَ کَالْعَمَلِ الصَّالِحِ:

نیک کام جیسی تجارت نہیں ہو سکتی۔

• تَرَكَ ظَبْیٌ ظِلَّهُ:

ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا۔

وہ شخص جو آرام چھوڑ کر تنگی میں چلا جائے۔

• تَرَکْتُه عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَّاحَةِ:

میں نے اس کو صاف ہتھیلی پر چھوڑا۔
یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا۔

- تَرَكْتُه عَلٰى مثل مِشْعَرِ مِنَ الاسَدِ:
میں نے اس کو شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑا۔

- تَرَكْتُهُمْ فِي حَيْصَ بَيْصَ او حَيْصٍ بَيْصٍ:
میں نے ان کو بھاگنے والا افراد میں پایا۔
کسی خطرناک کام میں پھنسے افراد کے لئے یہ مثل ہے۔

- مَاتَرَكَ الاَوَّلُ لِلاٰخِرِ شَيْئًا:
پہلے نے دوسرے کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔

- مَنْ تَرَكَ الشهوات عاش حُرًّا:
جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے آزاد زندگی گذاری۔

- لو ترك القطا لَيلاً لَنَام:
اگر رات میں چھوڑا جائے تو سو جائے۔
یہ اس شخص کے لئے مثل جو مصیبت پر مجبور کیا جائے یا ظلم پر ابھارا وہ ظلم کرنے لگے۔

- لا يَتْرُكُ السَّاقَ اِلاَّ مُمْسِكًا سَاقًا:
وہ ایک تنا چھوڑدے تو دوسرے کو پکڑ تا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

- لا يَتْرُكُ الظَّبْيُ ظِلَّهٗ:
ہرن اپنا سایہ نہیں چھوڑتا۔ مراد: مانوس چیز کو لازم رکھنا چاہئے۔

- اُتْرُكِ الشَّرَّيَتْرُكُكَ:
تم شر (برائی) کو چھوڑدو وہ (برائی) تجھے چھوڑدے گی۔

- تَرْكُ الجواب عَلَى الْجَاهِلِ جوابٌ:
جاھل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

- تَرْكُ مالاَ يَصْلُحُ اَصْلَحُ:
خود درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

- اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلاَمُ:
جب عقل مکمل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتی ہے۔

- تَمَامُ الرَّبِيعِ الصَّيْفُ:
موسم بہار کے پورے ہونے پر گرم شروع ہوتی ہے۔

- اَتَمُّ مِنْ قمر التَّمِّ:
پورے چاند (بدر) سے بھی زیادہ پورا۔

- اَلتمره والجمرة
(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان

- اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لاَ ذَنْبَ لَهٗ:
گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

- تَاجُ الْمُرُوَّةِ التَّوَاضُعُ:
عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

- اَتْيَهُ مِنْ قوم موسى:
قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

- ثَاطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ:
سڑی بدبودار کیچڑ پانی کے ساتھ ملادی گئی۔

- اَثْبَتُ فِي الدَّارِ مِنَ الجوار:
گھر میں دیوار سے بھی حمار کہنے والا۔

- اَثْبَتُ مِنَ الوَشْمِ:
گودنے کے نشان سے بھی زیادہ پائیدار

- مَالَهٗ ثَاغِيَةٌ وَلاَرَاغِيَةٌ:
اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

- اَثْقَلُ مِنْ رَضْوٰى:
رضوی (مدینہ کے پہاڑ) سے بھاری۔

- اَثْقَلُ مِنْ تَوْدٍ:
بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

- ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ اَيَّ جَرْدٍ تَرْقَعُ:
تیری تجھ کو رودے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے یعنی بے نفع آد

- الثَّكْلٰى تُحِبُّ الثَّكْلٰى:
گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو پسند کرتی ہے۔

- لاَيُثْمِرُ الشَّوْكُ العِنَبَ:
کانٹا انگور کو پھل نہیں دیتا۔

- ثَمْرهُ الجُبنِ لاَرِبْحٌ ولاَخُسر:
بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

- لِكُلِّ ثَوْبٍ لاَبِسٌ:
ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

- ثَار حابلهم علٰى نابلهم:
ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

- اَلثور يَحْمِي اَنفه بِروقه
بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

- اَجْبَنُ مِنْ نَعَامَة:
شتر مرغ سے زیادہ بزدل۔

- اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ:
صافر سے زیادہ بزدل۔
ساری رات سیٹی بجانے والا بزدل پرندہ۔

• اِنَّ الجَبان حَتفُ مِنْ فَوْقِه:
بزدل کی موت اوپر سے آتی ہے-
یعنی نامرد انسان بھی موت کا شکار ہوتا ہے-
• بجبهَةِ الصِير يُفْدٰى حَافِرُ الفَرسِ:
گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے-
• اَنحجش لَمَّا فَاتَكَ الاَعْيارُ:
جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو-
• قد جدَّ اشياعُكم فَجدُّو
تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے تم بھی کوشش کرو-
• مَنْ جَدَّ وَجَدَ:
جس نے کوشش کی اس نے پالی-
• جدَّ لِامْرِئٍ يَجدُّلَكَ:
تم کسی آدمی کے لئے کوشش کرو وہ تمہارے لیے کوشش کرے گا-
• جدُّكَ يَرْعٰى نَعْمَكَ:
تیری کوشش تیرے چوپایوں کو چراتی ہے-
• جدُّكَ لا كَدُّكَ:
تیری کوشش فائدہ مند ہے لیکن اصرار طلب فائدہ مند نہیں-
• كُلُّ جدَّةٍ سَتُبْلِيهَا عِدَّةٌ:
ہر نئی چیز عن قریب اس کو مرور ایام بوسیدہ کردیں گے-
• نعم الجُدُوْدُ وَ لكِن بِئس مَا خَلَفُوْا:
آباء واجداد اچھے تھے مگر ان کی بعد والی نسل بری ثابت ہوئی-
• لا جديد لِمَنْ لاخَلَق لَهٗ:
جس کے پاس پرانہ نہ ہو وہ بنا کہاں سے لائے گا-
• جُدَيْدَةٌ فى لُعَيْبَةٍ:
سنجیدگی والی بات کھیل کے انداز میں-
• مَنْ اَجْدَبَ اِنْتَجعَ:
جو قحط زدہ ہو جائے گھاس تلاش کرتا ہے-
• وَ بعضُ الجَدْب اَمْرَأُ لِلْهُزيْلِ:
بعض قحط سالی لاغر کے بڑی موافق ہوتی ہے- یعنی بعض لوگوں کو مالداری کے بجائے غریبی صحیح رہتی ہے-
• جَدَحَ جُوَيْنٌ مِنْ سويق غَيرِه:
جوین نے اپنے غیر کا ستون گھولا ہے-
• اَجْدٰى مِنَ الغَيْثِ فِي اَوَانِهٖ:
بروقت بارش سے زیادہ نفع مند-
• جذْبُ الزمامِ يَرِيْضُ الصِّعَابَ:
لگام کھینچنا بے سدھے کو سدھا دیتا ہے-
• جذَلُ حِكَاكٍ:
خارش کرنے کی لکڑی: اس سے مراد عقلمند آدمی کی درست رائے-
• اَنَا بُذَيْلُها المُحَلَّك و عُذَيقها المُرَجَّبُ:
میں ان کی خارش دور کرنے والی لکڑی اور چبوترے والا کھجور کا درخت ہوں-
• كَلٌّ يَجُرُّ النَّارَ اِلىٰ قُرْصِه:
ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے-
• اَجْرَأُ مِنْ اُسَامَةَ:
اسامہ (شیر کا نام) سے زیادہ بہادر ہے-
• اَجْرَأُ مِنْ لَيْثٍ بِخفَّانَ:
خفان (جھاڑی برائے شیر) کے شیروں سے زیادہ بہادر-
• اَجْرَأُ مِنْ ذُبَابٍ:
مکھی سے زیادہ جرأت والا نہ مکھی ہر چھوٹے بڑے کے جسم پر بیٹھتی ہے-
• اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَة:
گنجے کے خالی بال سر سے بھی زیادہ ننگا-
• اَجْرَدُ صَخْرَةٍ:
پتھر سے زیادہ صاف- اس واسطے کہ اس پر کوئی زراعت نہیں ہوتی-
• كَجَرادٍ لا يُبْقِي وَلاَيَذَرُ:
ٹڈی کی طرح جو نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے-
• جَزْعٌ وَ اَوْشَالٌ:
سیراب ہونا اور تھوڑا پانی-
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے-
• الجرع اروى وَالْوَشِيْفُ اَنْقَعُ:
زیادہ پینا سیراب تو کردیتا ہے اور لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے-
• لاجُرْمَ بَعْدَ النَّدَامَةِ:
پشیمانی کے بعد کوئی جرم نہیں-
• اذا جَرَى المُذَكِّى حَسَرَتْ عَنْهُ الْحُمُرُ:
جب طاقتور گھوڑا چلتا ہے تو گدھے پیچھے رہ جاتے ہیں اصحاب خوبیوں کے لئے مثل ہے-
• يَجْرِى بُلَيْقٌ وَ يُذَمُّ:
بلیق نامی گھوڑا دوڑتا ہے پھر بھی مذمت کیا جاتا ہے-
• تَجْرِى الرِّيَاحُ بِمَالا تَشْتَهِي السُّفُنُ:
ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے-
• اَجْرِالاُمُوْر عَلٰى اذْلاَلِها:
کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا-
• جَرْىُ المُذَكِّيَات غِلاءٌ:
اچھے گھڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے-
• اَلْجَزَعُ عندالمُصِيبَةِ مُصِيبَةٌ اُخرىٰ:

مصیبت کے وقت گھبراہٹ دوسری مصیبت ہے۔

• جزاءُ جزاء سِنمّار:
اس کو سنمار جیسی سزا دی' نعمان بن امرائی القیس نے اپنے معمار سنمار اس کے بنائے محل سے گرادیا تاکہ دوسرا محل نہ بنائے۔

• جَزَیْتُہٗ کَیْلَ الصَّاعِ بالصَّاعِ:
میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا۔

• هذا جَزاءُ مُجِیرِ اُمِّ عَامِرٍ:
یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔

• اَلجزاءُ مِنْ جِنْسِ العَمَلِ:
عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

• تَجَشَّأَ لُقْمَانُ مِنْ غَیْرِ شِبَعٍ:
لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکاری۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔

• جَعْجَعَةٌ وَلاَ اَرٰی لَهَاطِحْنًا:
چکی کا شور مگر آٹا نظر نہیں آتا۔

• مَنْ جَعَلَ نَفْسَه عَظْمًا اَکَلَتْهُ الکِلاَبُ:
جو اپنے آپ کو ہڈی بنالے اس کو کتے کھاتے ہیں۔

• لاتَجْعَلْها بَیْضَةَ الدِّیْكِ:
اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔
مشہور ہے کہ زندگی میں مرغا ایک دفعہ انڈا دیتا ہے۔

• زُرْتَنا مَرَّةً فی الدهر واحدة ثَنِّ ولا تجعلیها بَیْضَةَ الدِّیْكِ:
اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔

• جِلْدُ الخِنْزِیْرِ لاَ یَنْدَبِغُ:
خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جا سکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

• اَجْفٰی مِنَ الدَّهْرِ:
زمانہ سے زیادہ بے وفا۔

• تَحْتَ جِلْدِ الضَّأنِ قَلْبُ الاَذْوبِ:
بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیئے کا دل۔

• جَلِیْسُ المَرْءُ مِثْلُه:
آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے۔

• جَلّٰی مُحِمًّا نَظْرُهٗ:
دوست اس کی نظر نے ظاہر کر دیا۔

• لایُجْمَعُ سَیْفَانِ فِی غَمْدٍ:
ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔

• مَا یَجْمَع بین الاَرْوٰی وَالنَّعَامِ:
پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے۔
یعنی دو مخالف الطبائع اکٹھے نہیں ہوتے۔

• اجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ:
چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا۔

• مَنْ اَجْمَلَ قِیْلاً سمِعَ جَمِیْلاً:
جو اچھی بات کرے گا اچھی سنے گا۔

• اَلْجَمَلُ مِنْ جَوْفِه یَجْتَرُّ:
اونٹ اپنے منہ سے جگالی کرتا ہے۔ یعنی انسان اپنے کسب سے روزی کھاتا ہے۔

• اَلْجُنُونُ فُنُوْنٌ:
جنون کی کئی اقسام ہیں۔

• لِکُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ:
ہر پہلو کے لئے سونے کی جگہ ہے۔

• لِکُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ:
ہر پہلو کے لئے گرنے کی جگہ یعنی موت ہے۔

• جَنَتْ عَلٰی اَهْلِها بَراقِش:
براقش کتیا نے اپنے مالکوں پر ہی ظلم کیا۔

• اِنَّكَ لاَ تَجْنِی مِنَ الشَّوْكِ العِنَبَ:
تم کانٹوں سے انگور نہ چنوں گے۔

• اَجْناءُ هُا اَبْنَاؤُها:
جرم کرنے والے اسی کے معمار ہیں۔
بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے پر یہ مثل دی جاتی ہے۔

• هَلْ یَجْهَلُ فُلاَنًا الامَنْ یجهلُ القَمَرَ:
فلاں سے ناواقف وہی ہو گا جو چاند سے ناواقف ہو۔

• اَلْجَهْلُ مَطِیَّةٌ مَنْ رَکِبَها ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَها ضَلَّ:
جہالت ایک سواری ہے جو اس پر سوار ہو گا ذلیل ہو گا اور جو اس کے ساتھ رہے گا گمراہ ہو گا۔

• اَلْجَهْلُ شَرُّ الاَصْحَابِ:
جہالت بدترین ساتھی ہے۔

• اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ:
بچھو سے بھی زیادہ جاہل۔ پتھر پر ڈنگ مار کر اپنے جسم کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔

• اَجْهَلُ مِنْ فِرَاشَةٍ:
پروانہ سے زیادہ جاہل وہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیتا ہے۔

• عند جُهَیْنَةَ الْخَبَرُ الْیَقِیْنُ:

جھینہ کے پاس یقینی خبر ہے- حصین نامی شخص نے اپنے میزبان کو قتل کر دو تو اس کے ساتھی نے اس کو قتل کر دیا تو بیوی نے حصین کے متعلق تو قاتل ساتھی یہ فقرہ بولا- معاملہ کی حقیقت معلوم ہونے پر بولا جاتا ہے-

• اَجْوَدُ مِن حَاتِمٍ:
حاتم سے زیادہ سخی-

• اِنَّ الجَوادَ قد یَعْثُرُ:
اصیل گھوڑا بھی غلطی کر لیتا ہے-
یعنی تجربہ کار آدمی بھی کبھی لغزش کر لیتا ہے-

• اِنَّ الجواد عَیْنُہ فرارُہٗ:
اصیل کی آنکھ دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے-

• لِکُلِّ جَوَادٍ کَبْوَۃٌ:
ہر اصل گھوڑے کو کبھی کبھی ٹھوکر لگتی ہے-

• جَاوِرْ مَلِکًا اَوْ بَحْرًا:
بادشاہ کا پڑوسی بن یا سمندر کا-
دولت اہل ثروت سے حاصل ہوتی ہے-

• کَمُجِیْرِ اُمِّ عَامِرٍ:
بجو کو پناہ دینے والے کی طرح-
ایک اعرابی نے بجو کو پناہ دی اور دودھ پلایا' بجو نے اعرابی کو قتل کر دیا-

• مَنْ یَصنعِ المَعْرُوْف مع غیر اَھْلِہٖ:
یلاقی الذی لاقی مُجِیْرُ اُمِّ عامر:
جو نااہل سے حسن سلوک کرتا ہے اس کے ساتھ وہی ہوگا جو بجو کو پناہ دینے والے کے ساتھ ہوئی-

• اَلْمُستجیر بعمرو عند کُربَتِہٖ. کَالْمُسْتَجِیْرِ من الرَّمْضاءِ بالنَّارِ:
مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا-

• اَلْجَارَ ثم الدَّارَ:
پہلے پڑوس کو دیکھے پھر گھر کو-

• اَلرَّفِیْقَ قَبْلَ الطَّرِیق:
راستہ سے پہلے ساتھی کو دیکھو-

• جَارُكَ الْاَدْنی لایَغْلَكَ الاَقْصٰی:
اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا-

• جاوزَ الحِزامُ الطُّبْیَیْنِ:
تنگ پستان سے گذر گیا معاملہ بڑھ گیا-

• تجُوْعُ الحُرَّۃُ وَلا تأکُلُ بثدیھا:
آزاد عورت بھوک مرتی ہے لیکن اپنے پستان کی کمائی نہیں کھاتی یعنی دایہ نہیں بنتی-

• اَجِعْ کَلْبَكَ یَتَّبِعْكَ:
اپنے کتے کو بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا-

• اَجْوَعُ مِنْ ذُوالۃ (الذئب)
بھیڑیئے سے بھیڑیئے زیادہ بھوک والا-

• اَجْوَعُ مِنْ کَلْبَۃِ حَوْمِلَ:
حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا-

• اَجْوَعُ مِنْ قُرادٍ:
چیچڑی سے زیادہ بھوکا-

• مَنْ جَالَ نَالَ:
جو کوشش کرتا ہے پالیتا ہے-

• اَجْول مِنْ قَطْرَب:
قطرب جانور سے زیادہ چکر لگانے والا-

• جَوْلَہ بَاطِلٍ سَاعَۃٌ وَجَوْلَہ الحق الی قیام الساعۃ:
باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے-

• جَاءَ بِمُطْفِئَۃِ الرَّضْفِ:
وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا لایا-

• جَاءَ بالطِّمِّ وَالرِّمِّ:
وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا-

• جَاءَ الصِیَانُ فالوی بالاسانید:
مشاہدہ آیا او اسانید کو لے گیا-

• جَاءَ بماصأی وَ صَمَتَ:
وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا-

• جَاءَ بِقَرْنَی حِمَارٍ:
وہ گدھے کے دو سینگ لایا-
یعنی جھوٹ اور ناممکن-

• جاء بذَاتِ الرعَكِ والصَّلِیْلَ:
وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا-

• جَاءَ نَاثِرًا اُذُنَیْہِ:
اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا-

• جَاءَ نافشًا عِفْرِیتَہ:
اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا-

• جَاءُوْ عَلٰی بَکْرَۃِ اَبِیھم:
وہ سارے کے سارے آگئے-

• اذا جَاءَ الحِیْنَ حَارتِ العُیُونُ:
جب موت آئی تو آنکھیں حیران ہوں گی-

• اذا جاءَ القَدَرُ. غَشِی البَصر:

جب تقدیر آجائے تو آنکھ اندھی ہو جاتی ہے۔

- جاءُ و اقضًا قَضیضا:

وہ سارے کے سارے آگئے۔

- جاء القَوْمُ قضهم و قضیضهم:

قوم اور ساری کی ساری آگئی۔

- جیفة لا تُعکر بحراً:

ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

ح

- مَنْ احبّ شیأ اکْثَرَ ذِکْرہ:

جو کسی چیز سے پیار کرے اس کو زیادہ یاد کرتا ہے۔

- لا اُحِبُّ دَمِیْ فِیْ طَسْتِ ذَهَب:

میں اپنا خون سونے کے طشت میں پسند نہیں کرتا۔

- حُبُّكَ الشیء یُعْمِیْ وَ یُصِمُّ:

تمہاری کسی چیز سے محبت اندھا اور بہرہ بنا دیتی ہے۔

اس کا مفہوم درج ذیل شعر میں ہے۔

- وَ عینُ الرّضی عَنْ کُلِّ عَیب کُلیْلَةٌ:

ولکن عَیْنُ السَّخَطِ تُبدي المَسَاوِیَا:

پسند کی نگاہ ہر عیب سے بند ہوتی لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو ظاہر کرتی ہے۔

- اَلْحُبُّ اعْمی:

محبت اندھی ہوتی ہے۔

- لَیس فِي الْحُبِّ مَشْوَرَةٌ:

محبت میں مشورہ کی ضرورت نہیں۔

- احبُّ شَیْءٍ اِلَی الاِنسان ما مُنِعَا:

سب سے محبوب چیز انسان کو وہ ہے جس سے روکا جائے۔

- رَئَیْتُ النَّفْسَ تَکْرَہ مالدیها. وَ تَطْلُبُ کُلَّ مُمْتَنِعٍ عَلَیْهَا:

میں نے نفس کو دیکھا کہ اپنے پاس موجود چیز پر راضی نہیں ہوتا اور ممنوع چیز کو طلب کرتا ہے۔

- مِنَ الحبَّة تَنْشأُ الشَجرَةُ:

دانہ ہی سے درخت پیدا ہوتا ہے۔

- کُلُّ حبَةٍ لها کَیّالٌ:

ہر دانہ کو پیمانہ میں بھرنے والا ہے۔

- حبلُك علی غاربك:

تیری رسی تیرے کندھے پر ہے۔

یعنی تو اپنے کام میں آزاد ہے۔

- رُبَّ حَثِیْثٍ مَکِیْثٌ:

بہت سے جلد باز لیٹ ہونے والے ہیں۔

- مافِی الحَجَرِ مَبْغًی:

پتھر میں کوئی مطلوب چیز نہیں۔

قلت خیر کے لئے بولا جاتا ہے۔

- الْمُحاجَزةُ قَبْلَ الْمُنَاجَزَةِ:

لڑائی سے بچاؤ لڑائی سے پہلے ہے۔

- انَّ الحدِیْدَ بالحَدِیْدِ یُفْلَحُ

لوہا لوہے سے کاٹا جاتا ہے۔

- وَ یُحْدثُ مِنْ بَعْض الاُمُور اُمُوْرٌ:

باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں۔

- حدِّث عَنْ مَعْنٍ ولاَ حَرَجَ:

معن سے روایت کر کوئی حرج نہیں۔

وسعت ظرفی والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

- حدِّث عَنِ الْبَحْرِ وَلاَ حَرَج:

سمندر کی بات کر کوئی حرج نہیں۔

- حدِیْثُ خرَافَةَ: خرافہ کی بات

خرافہ نامی آدمی پر جن ایک دن مسلط رہے۔لوگوں نے اس کی بات تسلیم نہ کی۔ہر نا قابل تسلیم بات کو خرافہ کی بات کہا جاتا ہے۔

- اَلْحدِیْثُ ذُوْشُجُو:

بات کی مختلف شاخیں ہیں۔

- اَلْحَادِیْ وَلَیْس لَهٗ بَعِیْرٌ:

ہانکنے والا اور اس کے لئے اونٹ نہیں۔

یعنی ناحق کی طرف منسوب کے لئے ہے۔

- اَلْحذَرُ اَشَدُّ مِنَ الوقِیْعَة:

ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔

- انَّ الحذر لاَ یَدْفَعُ الْمَقْدُوْرَ:

احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتا۔

- احْذَر مِنْ قِرلَی:

قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔

یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا۔

- احْذَرُ مِن غُراب:

کوے سے زیادہ محتاط۔

- حْذَرُ مِنْ ذِئب:

بھیڑیے سے زیادہ چالاک۔

- کُلُّ الحِذاء یَحْتَوِی الحافِی الوَقِعُ:

ننگے پاؤں دریاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔

• اَلْحُرُّ حُرٌّ وَ اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ:
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگرچہ اس کو تنگی ہو۔

• حَرَّةٌ تَحْتَ قِرَّةٍ:
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔

• اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْغَضَى:
غضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔

• اَحَرُّ مِنَ النَّارِ:
آگ سے زیادہ گرم۔

• اَحَرُّ مِنْ مِرْجَلٍ:
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔

• اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ الْمِقْلَاتِ:
سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔

• اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ:
لڑائی دھوکہ ہے۔

• اَلْحَرْبُ سِجَالٌ:
لڑائی میں رد عمل ہے۔

• اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ:
لڑائی ظالم ہے۔

• اَحْرَزَ امْرَأً اَجَلُهُ:
موت نے آدمی کو ذخیرہ کر لیا۔

• اَحْرَسُ مِنْ كَلْبٍ:
کتے سے زیادہ نگہبان۔

• اَلْحِرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ:
لالچ محرومی کی قائد ہے۔

• اَلْحَرِيْصُ مَحْرُوْمٌ:
لالچی محروم رہتا ہے۔

• اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَةٍ:
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔

• لَيْسَ الْحَرِيْصُ بِزَائِدٍ فِي رِزْقِهِ:
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔

• اَنَّهُ لَيُحَرِّقُ عَلَيَّ الْاُرَّمَ:
وہ مجھ پر دانت پیستا ہے۔ یعنی غصہ کرتا ہے۔

• حَرِّكْ لَهَا حُوَارَهَا تَحِنَّ:
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے وہ بولے گی۔

• اَلْحَرَكَةُ بَرَكَةٌ:
حرکت میں برکت ہے۔

• اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَا وُلِّيْتَ وَ تَرْكُ مَا كُفِيْتَ:
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔

• اَلْحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاسِ:
احتیاط لوگوں کے ساتھ بد گمانی کرنا ہے۔

• اَحْزَمُ مِنَ الْحِرْبَاءِ:
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

• لَا يَحْزُنْكَ دَمٌ هَرَاقَهُ اَهْلُهُ:
تجھے وہ خون غم میں نہ ڈالے جس کو اس کے اہل نے بہایا ہو۔

• يَحْسِبُ الْمَمْطُوْرُ اَنَّ كُلًّا مُطِرَ:
بارش زدہ خیال کرتا ہے کہ ہر ایک پر بارش ہوئی ہے۔

• لَا حَسَبَ كَالتَّوَاضُعِ:
تواضع جیسی شرافت نہیں۔

• حَسْبُكَ مِنْ غِنًى شِبَعٌ وَرِيٌّ:
سیر اب ہونا اور پیٹ بھرنا کافی مالداری ہے۔
یعنی قناعت کرو اور سخاوت کرو۔

• حَسْبُكَ مِنْ شَرٍّ سَمَاعُهُ:
تجھے شر کو سن لینا ہی ہے۔

• اَلْحَسَدُ مَطِيَّةُ التَّعَبِ:
حسد تھکاوٹ کی سواری ہے۔

• مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ حَسُنَ عَيْشُهُ:
جس کا گمان اچھا ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہو گئی۔

• حَسَنٌ فِي كُلِّ عَيْنٍ مَا تَوَدُّ:
ہر آنکھ میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ پسند کرے۔

• حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ:
اچھا گمان ایک بھنور ہے۔ یعنی حسن ظن کی بناء پر دھوکہ ہوتا ہے۔

• لِكُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ:
ہر نیک میں عیب والی چیز بھی ہوتی ہے۔

• اَلْحَسَنَةُ بَيْنَ السَّيِّئَتَيْنِ:
نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔
یعنی درمیانی راہ نیکی ہے۔

• اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْيَا الْمُقْبِلَةِ:
آنے والی دنیا سے زیادہ اچھا۔

• اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ:
آگ سے زیادہ خوبصورت۔

• اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤُسِ:
مور سے زیادہ خوبصورت۔

• اَحْسَنُ مِنَ الْبَرَامِكَةِ:
برمکی وزراء کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔

- اَحْسَنُ مِنَ الشَّمسِ وَالْقَمرِ:
سورج اور چاند سے زیادہ خوبصورت۔

- اَلْاِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ:
احسان زبان کو بند کرتا ہے۔

- اَحْشُكَ وَ تَرُوْثُنِي:
میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر گراتا ہے۔

- اَحَشْفًا و سُوءَ كَيْلَةٍ:
ایک تو ردی کھجور اور دوسرا کم پیمانہ۔
یعنی دوطرفہ ظلم۔

- اَلْحَصَاةُ مِنَ الْجَبَلِ:
کنکری پہاڑ کا ایک جز ہے۔

- كُلٌّ يَحْتَطِبُ فِي حَبْلِهِ:
ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسی باندھتا ہے۔

- كَحَاطِبِ لَيْلٍ:
رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح۔

- حَظٌّ فِي السَّحَابِ وَ عَقْلٌ فِي التُّرَابِ:
نصیبہ آسمان پر اور عقل مٹی میں۔

- حَظٌّ جَزِيْلٌ بَيْنَ شَدْقَي ضَيْغَمٍ:
بڑا حصہ شیر کی دو جبڑوں کے درمیان۔
بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان۔

- اِلَّا حَظِيَّةً فَلَا اَلِيَّةً:
صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن۔
اس مثل کی پوری عبارت یوں ہے۔

- اِنْ لَمْ تَكُونُوا خَظِيَةً ولا تكونيْ اَلِيَّةً (مُقَصِّرَةً)
اس کا ترجمہ بالا نمبر میں تحریر ہو چکا۔

- مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِيْهَا:
جس نے کسی کے لئے گڑھا کھودے گا اس میں گرے گا۔

- مَنْ حفر حَفِيْرًا لِاَخِيْهِ كَانَ حَتْفُه فيه:
جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی۔

- يَحْفَظُ اَخَاكَ اِلَّا مِنْ نَفْسِه:
اپنے بھائی کی حفاظت کر سکتا ہے مگر اس کی جان سے۔
یعنی لوگوں کے شر سے بچا سکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچا سکتا۔

- حَفِظْتَ شَيْئًا وَ غَابَتْ عَنْكَ اَشْيَاءُ:
ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہو گئیں۔

- حَافِظْ عَلَى الصَّدِيقِ وَلَو فِي الحريق:
دوست کی حفاظت کر اگرچہ آگ میں۔

- اِحْفَظْ ما في الوِعَاءِ لِشَدِّ الوِكَاءِ:
جو برتن میں ہے اس کی حفاظت کر تسمہ باندھنے سے۔

